حسبنا الله ونعم الوکیل

الافاضات

شرح اردو

شارح مولانا محمد افتخار علی سابق مدرس دار العلوم دیوبند

کتب خانہ مجیدیہ ملتان فون 543841

حسبنا الله ونعم الوكيل
الافاضات
شرح اردو
المقامات
شارح مولانا محمد افتخار علی سابق مدرس دار العلوم دیوبند
کتب خانہ مجیدیہ ملتان
فون 543841

1/1

نام کتاب	افاضات شرح مقامات
شرح	مولانا محمد افتخار علی سابق مدرس دار العلوم دیوبند
کتابت	محمد نذیر خوشنویس
تصحیح	مولانا عبد الرشید
باہتمام	حافظ بلال احمد شاہد
ناشر	کتب خانہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان
پریس	حسینیہ پریس ملتان
طبع اول	2004ء
ہدیہ	

ملنے کے پتے

☆ اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ قاسمیہ بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ زکریا بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ عمر فاروق بالمقابل جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی

☆ کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی

☆ کتب خانہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ

☆ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور

مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللهم انی احمدک حمداً کما حمدت واثنی علیک ثناء کما اثنیت واصلی واسلم علی سید العالم من نبی عدنان الذی رتل القرآن بافصح بیان واصدق تبیان وعلی الہ واصحابہ وذریاتہ ذوی الجود والاحسان اما بعد فان علوم العربیۃ من اجل العلوم قدراً وارفعها شرفاً لان الانسان بہا یقتدر علی استنباط الاحکام من کتاب اللہ عزوجل ومن احادیث رسولہ الکریم فمن شاء ان یقتدر علیهما فعلیہ ان یتعلمها بقلب صمیم صدعلم الادب یحترز بہ عن جمیع انواع الخطأ فی کلام العرب لفظاً وکتابۃً وذلک ان فائدۃ التخاطب والمحاورات فی افادۃ العلوم واستفادتها لم تتبین للطالبین الا بالالفاظ والکتابۃ واحوالهما کان ضبط احوالهما مما اعتنی بہ العلما فاستخرجوا من احوالهما علوماً سموها بالعلوم الادبیۃ یتعرف منها النفاهم عما فی الضمائر (تقسیم الادب وانواع العلوم الادبیۃ)

الادب نوعان نفسی وکسبی. فالنفسی بتوفیق اللہ تعالیٰ یهبہ لمن یرید وهو ما کان من محاسن الافعال الدالۃ علی کرام الطباع والکسبی ما استفادتہ الانفس من المحاسن الاقوال الآخذۃ باعنۃ القلوب والاسماع واما سماع واما تقسیم الادب الکسبی فانهم اختلفوا فی اقسامہ فذکر ابن الانباری انها ثمانیۃ وقسمہ العلامۃ الجرجانی الی اثنی عشر قسماً **فصل** فی تحقیق موضوع علم الادب وارکانہ اعلم ان طریق تحصیل علم الادب موجود فی کتاب تسمیٰ بحسن التوسل صنفہ بعض الادباء فقال یحفظ القرآن العزیز اولاً وبتظن ان الدماغ تضعف بحفظ القرآن اقول انہ غلط محض بل یزید بہ القوۃ فی الاعضاء والجوارح وغیرها ثم اجدہ کثرۃ حفظ الاحادیث ثم حفظ قصائد واشعار المختلفۃ فهذہ الشرائط تحصیل المناسبۃ لعلم الادب ولیس لعلم الادب موضوع ولیس موضوعہ الحکایات وغیرها فقال البعض موضوعہ الشعر قیل انہ النثر وقال استادی عمی المکرم (حضرت مولانا الحاج الحافظ المولوی محمد اعزاز علی شیخ الادب والفقہ) نور اللہ مرقدہ) شان الموضوع لا یکون نفس الذات فالشعر وان کان موضوعاً باعتبار الوزن فلا یصح لانہ یکون موضوع العروض تعلمہ وقال ابن خلدونؒ فی کتابہ الموضوع العلم الادب واعترض المعترضون علی علم الادب من انہ لا موضوع لہ فاقول باللہ التوفیق ان علم الادب کما هو اسم العلوم شتی وکذا الادب اسم لاثنی عشرۃ علماء (علم لغت صرف واشتقاق ونحو معانی وبیان وعروض وقافیہ وعلم رسم الخط وقرض الشعر ای تقطیعہ انشاء نثر من الخطب والرسائل. ومحاضرات ای علم التاریخ، لانہ لیس منها امر مشترک کما قال ابن الحاجب فی المستثنیٰ واما ضرورۃ علم الادب فظاهرۃ فقال سیدنا وشیخنا وادیبنا واستاذ الاساتذۃ وامام المحدثین مولانا شیخ الہند محمود حسن صدر المدرسین فی دار العلوم الدیوبند قدس اللہ سرہ ان فی اقلیم الادب لانبیاء القرآن العزیز داخل تحت نصابهم فلسان العربیۃ لا یحصل الکمال فیہ بغیر علم الادب ورجح البعض المعقول علی الادب اقول انهما متساویان لان فی المعقول قد یبقی شبهات الخصم کذلک فی علم الادب کما فی تفسیر الاتقان اتدعون بعلا وتذرون احسن الخالقین الخ فقیل لم لم یقل وتدعون احسن الخالقین من ودع یدع یحصل صنعۃ التعریف فجوابہ تعهد الاعلی الادیب، فقیل، ان الاهم هو المعنی لا الصنعۃ اللفظیۃ کما هو الظاهر وکذا ههنا والفرق ان وذر یجیٔ بمعنے ترک الشیٔ عمداً واما ودع یجیٔ ترک الشیٔ بغیر عمد وقیل انہ اعلم عمداً اکان او خطأً فالزجر انما هو کما فی قولہ تعالیٰ لان الزجر انما یکون فی العمد لیشتد الملامۃ والناس علی ثلثۃ اقسام واصناف للبعض کمال فی الادب وبعضهم متوسطین لبعضهم لا تعلق ولا تعلق ولا ممارسۃ لهم بالادب وکذلک اهل المعقول فالناقصون یذمون غیرهم ولنعم ما قیل ؎ اذا اتتک مذمتی من ناقص. فهی الشهادۃ لی بانی کامل وتحدی القرآن لیس بالدلائل العقلیۃ قیل لهم فاتوا بسورۃ امتحاناً لعقولهم

وکان یقول استادی عمی المکرم متعنا اللہ لطول حیاتہ وبقاءانہ اعترض علی قولہ تعالیٰ أتتخذنا ہزوا المجیٔ رجل کامل بغیر اطلاع المنازعۃ امتحانا فجعل موسیٰ یقول اجلس علی یمینی فاذا یجیٔ بیمینہ یجلس بنفسہ فی ذلک الموضع ویقول لا اجلس فی یساری فاذا بلغ الیہ یقول مثل الاول علم جرّا فقال الرجل غضبا أتتخذنا ہزوا واقتضٰی المنازعۃ ولا یحصل الادب بمطالعۃ الکتب کما قیل سے ولنا نان لہا اظفار ذئب + فقال بعض الرجال ان اسنانہا کاظفار ذئب عن السبع فتحیر السائل وذہب الی الادیب فقال انہ تشبیہ بالثریا العلم الادب۔

شرف الادب ومنافعہ اول اللغات لغۃ العرب وکل لغۃ سواہا حدثت بعدہا اما توفیقاً او استدلالاً قال تعالیٰ لسان الذی یلحدون الیہ اعجمی وہذا لسان عربی مبین انا انزلنٰہ قرآنا عربیا وغیر ذلک من الآیات وردی ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احبّوا العرب لثلاث لانی عربی والقرآن عربی وکلام اہل الجنۃ عربی وفی روایۃ عن عمرؓ انہ قال تعلموا العربیۃ فانہا من دینکم وقال اکثم بن صیفی الرجل بلا ادب شخص بغیر آلۃ وجسد بلا روح وقیل الادب اکرم الجواہر طبیعۃً وانفسہا قیمۃً فاطلبوہ فانہ زیادۃٌ فی الفضل والنباہۃ ومادۃ للعقل ودلیل علی المرؤۃ ومبنۃ للرأی والصواب وصاحب فی الغربۃ وانیس فی الوحدۃ وجمال فی المحافل واذا اکرمک الناس بمال اوسلطان فلا یعجبک ذلک فان الکرامۃ تزول اولہما ویعجبک اذا اکرموک لدین او ادب وقال الشاعر سے لیس الجمال باثواب تزیننا۔ ان الجمال جمال العلم والادب۔ لیس الیتیم الذی قد مات والدہ۔ بل الیتیم یتیم العلم والحسب ❖ ❖

ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین آمنوا ربنا انک رؤف الرحیم آمین یارب العالمین۔ وانا العبد المفتقر الی ربہ الولی محمد افتخار علی بن منشی محمد امتزاج علی غفرلہ ولوالدیہ آمین۔

بیان حالات صاحب مقامات حریری ابو محمد قاسم بن علی محمد بن عثمان البصری الامام ابو محمد الحریری۔ یہ شہر بصرہ کے قریب قصبہ مشان (بفتح المیم والشین بعد الالف نون) کے اندر ۴۴۶ھ میں پیدا ہوئے اور یہ نہایت ذکی ہوشیار۔ نازک خیال اور فصاحت و بلاغت میں یکتا اور ماہر فن تھے اور علم لغت امثال اور نحو۔ معانی۔ بیان۔ بدیع میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور خود ان کی مقامات حریری ان کی قابلیت کی مکمل اور روشن دلیل ہے جس کی آج تک کوئی نظیر پیدا نہ کر سکا اور خود علامہ زمخشریؒ نے ان کی تعریف میں یہ اشعار کہے ہیں سے اقسم باللہ وایاتہ + ومشعر الحج ومیقاتہ ان الحریریؒ بان نکتب بالتبر مقاماتہ معجزۃ تعجز کل الوریٰ، ولو سریٰ فی ضوء مشکاتہ۔ مقامات کا طرز اگرچہ علامہ بدیع کا ایجاد کردہ ہے اور حریری اس فن ادب میں ان کے متبع کیے جاتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ علامہ حریری نے جو کام کیا ہے وہ بے مثال ہے اور بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ مقامات بدیع کا مرتبہ علاوہ سبقت زمانہ کے بھی مقامات حریری سے بہت بلند ہے۔ اور اس کو فصاحت اور سلاست روانی میں جو فخر حاصل ہے وہ اس کو ہرگز نہیں ہو سکتا تھا یہاں تک کہ ایک شخص سے دریافت کیا گیا کہ علامہ بدیع اور حریری میں کونسا بڑھا ہوا ہے تو اس نے یہ جواب دیا کہ بھائی بدیع تو بدیع الزمان تھا اور بیچارے حریری کو بدیع الیوم بننا ہی نصیب نہ ہوا چہ جائیکہ وہ بدیع الزمان ہوتا خود حریری نے اپنے مقامات کے خطبہ میں بدیع کو سباق الغایات کہا ہے اور اپنے آپ کو ضالع (لنگڑا ٹٹو) قرار دیا ہے یہ حقیقت میں حریری کی منکسر المزاجی ہے۔ اور یہ منجانب اللہ بات ہے کہ آئینہ سکندری کی طرح مقامات حریری کی شہرت ہو گئی اور علوم درسیہ میں یہ کتاب خصوصیت سے مع شرح حل لغات و توضیح

مطالب پڑھائی جاتی ہے اور ہر شخص کا کام اس کے پڑھانے کا نہیں ہے. تاوقتیکہ وہ علم ادب سے بخوبی ماہر نہ ہو. اور قابلیت وملکہ لیاقت کی وجہ سے مقامات بدیعی کو فضیلت ہے اور صاحب مقامات بدیع کا یہ اصول تھا کہ وہ اپنے شاگردوں سے مضمون کو دریافت فرما کر اس پر عبارت اور جملہ بولنا شروع کر دیتے تو ان کے تلامذہ لکھنے لگتے اور بعض مقامات صاحب بدیع کے بہت ہی مشکل ہیں جن کو ادیب ہی سمجھ سکتا ہے. اور مقامات حریری کا جو درجہ بڑھا ہے وہ محض اس وجہ سے کہ گھر جا کر دیں. مقامے بنا کر بھیجتے تھے اور اب متبنی پر ان کو فوقیت ہے اس کتاب کے لکھنے کا واقعہ یہ ہے. کہ ان کے بیٹے ابوالقاسم عبداللہ یہ بیان کرتے ہیں کہ میرے باپ بنی حرام (یہ ایک عرب کا قبیلہ ہے) کی مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے ایک شیخ چادر اوڑھے ہوئے جس کے ساتھ سفر کا سامان تھا اور وہ بہت بری اور شکستہ حالت میں تھا مسجد میں آیا تو لوگوں نے اس سے یہ دریافت کیا کہ آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں تو اس نے یہ جواب دیا کہ سروج سے ہے. اس سے لوگوں نے اس کی کُنیت دریافت کی تو اس نے ابوزید بتائی تو میرے باپ نے اڑتالیسواں مقامہ (المعروفتہ بالحرامیتہ) لکھا اور اس کو ابوزید کی طرف منسوب کیا اس کی بہت شہرت ہوئی تو وزیر شرف الدین خاں ابونصر نوشیروان ابن خالد بن محمد قاشانی کو جو مسترشد باللہ کا وزیر تھا اس مقامہ کی خبر ہوئی تو اس کو بہت تعجب ہوا تو اس نے میرے والد کے پاس یہ خبر بھیجی کہ اس کے بعد کہ آپ ایک اور دو مقامے اضافہ کر دیں تو بہت ہی مناسب ہے میرے باپ نے وزیر کی بات اور اس کے حکم کو نہ ٹالتے ہوئے پچاس مقامے پورے کر دیئے اسی کی طرف صاحب مقامات نے اپنے خطبہ میں اشارہ کیا ہے. فاشارمن اشارتہ حکم وطاعتہ غنم + الی ان الشیٔ مقامات اتلو فیہا تلو البدیع + وان لم یدرک الظالع شاؤ الضلیع + اور بھی مختلف روایتیں ہیں جو جو بسبب خوف طوالت کے ان کو چھوڑ دیا ہے. غرضیکہ اس وزیر موصوف کا انتقال رجب ۵۲۲ھ میں ہوا اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ حریری نے جب اپنے چالیس مقامے بنا لئے اور وہ بصرہ سے بغداد پہونچے تو کسی ادیب نے ان کی یہ تصنیف پسند نہ کی اور یہ کہا کہ یہ تصنیف کسی مغربی ادیب فصیح بلیغ کی ہے اور اس کو اس کے یہ اوراق مل گئے ہیں تو اس نے اپنی طرف اس کو منسوب کر لیا ہے. اس کو وہاں کے وزیر نے اپنے محل میں بلایا اور اس سے یہ پوچھا کہ تم کیا کام کرتے ہو. تو اس نے جواب میں کہا کہ میں ادیب اور صاحب قلم ہوں. اور میں آپ کے سامنے رسالہ تصنیف کر سکتا ہوں تو وزیر نے کہا بہت خوب دوات قلم حاضر ہے یہ دوات قلم حاضر ہے یہ دوات اور کاغذ کو لے کر محل کے کونے میں لکھنے کے لیے بیٹھ گئے اور بہت دیر تک بیٹھے سوچتے رہے مگر ایک لفظ بھی نہ لکھ سکے تو بہت ہی شرمندہ ہو کر کھڑے ہو گئے اور وزیر کے پاس پہونچے وہاں خاموش رہے تو وزیر موصوف نے دو شعر پڑھے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ شعر ابومحمد بن احمد کے ہیں. جو ابن جکینا الحریمی البغدادی شاعر کے نام سے مشہور تھے. وہ شعر یہ ہیں ؎ شیخ الناس ربیعۃ الفرس بنتف عشنوتہ من الھوس ÷ انطقہ اللہ بالمشان کما + رماہ الدیوان بالخرس درحقیقت بات یہ ہے کہ حریری کو یہ خیال تھا کہ میں ربیعۃ الفرس سے ہوں اور اس کی عادت یہ تھی کہ مضمون کو سوچتے جاتے تھے اور اپنی ڈاڑھی کے بال نوچا کرتے جب صاحب مقامات اپنے شہر مطان بصرہ میں پہونچے تو انہوں نے دس مقامے اور بنائے اور وزیر موصوف کے پاس بھیجے اور عذر یہ لکھا کہ میں وہاں آپ کے جاہ وجلال کے رعب سے کچھ نہ لکھ سکا اور میں مرعوب ہو گیا تھا. صاحب مقامات حریری کی اور عمدہ تصنیفات بھی ہیں منجملہ اس کے ایک کتاب درۃ الغواص فی اوہام الخواص ہے اور منحتہ العرب ہے جو نحو میں ہے اور وہ منظوم ہے اور اس کے علاوہ اور مختلف شروح آپ نے بسط اور تفصیل سے لکھی ہیں اور عربی دیوان ورسائل بھی آپ کے

ہیں۔ آپ کی وفات ۵۱۶ھ ہجری بصرہ میں بنی طرفہ کے محلہ میں ہوئی اور آپ نے دو دا دلاو چھوڑی غرضیکہ تبحر علمیہ کیساتھ آپ نہایت ظریف الطبع اور ہنس مکھ اور خوش مزاج بھی تھے چنانچہ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے ایک شخص ان کی شہرت سن کر ان سے ملنے آیا چونکہ حریری بدقسمتی سے نہایت کریہ المنظر اور بدصورت تھے اس لیے وہ بیچارہ ان کو نہ پہچان سکا۔ اور اس نے خود حریری سے حریری کو دریافت کیا اس نے یہ قطعہ فی البدیہہ پڑھا ؎

ما انت اول حیکو غرہ القمر، ورائد لمجبیہ خضرۃ الدمن دفاختر لنصرا نی غیراخی رجل ممنل المعیدی فما سمع بی دلا ترنی نخوالله اعلم بحقیقۃ الحال۔ توضیح صنائع وبدائع۔

(۱) طباق ۔تطبیق ۔مطابقت ۔تضاد ۔تکافو ایک ہی صنعت کے کئی نام ہیں اہل معانی کی اصطلاح میں وہ ایسے معنے کا کسی شعر یا فقرہ میں جمع کر لینا طباق کہلاتا ہے جن میں آپس میں فی الجملہ تقابل ہو خواہ وہ تقابل حقیقی ہو یا اعتباری اور خواہ وہ تقابل تضاد ہو یا تقابل ایجاب وسلب یا تقابل علوم ملکہ یا تقابل تضایف یا اس کے مشابہ ہو جیسے شاعر حماسی کہتا ہے ؎

لَئِنْ سَاءَنِی اَنْ نِلْتَنِي بِمُسَاءَةٍ لَقَدْ سَرَّنِي اِنِّي خَطَرْتُ بِبَالِكَ

اس شعر میں سارنی اور سرنی میں طباق ہے۔

(۲) مناسبت کی دو قسمیں ہیں معنوی۔ لفظی۔ مناسبت معنوی تو یہ ہے کہ متکلم کسی معنی کو شروع کرے پھر اپنے اس کلام کو پورا کرے ایسے مضمون سے جو معنی اس کے مناسب ہو نہ کہ لفظاً جیسے کہ قاضی فاضل کا شعر ہے ؎

لئن بت فی بحر من الفکر سابحًا فانسان عینی فی الدموع غریق

اس مثالی شعر میں مناسبت معنویہ سابح اور غریق میں ہے مگر اس مناسبت معنویہ اور مراعاۃ نظیر میں فرق غیر ہے مناسبت لفظیہ کی دو قسمیں ہیں تامہ اور غیر تامہ یہ ہے کہ دو یا چند کلمہ باوجود ہموزن ہونے کے مقفیٰ بھی ہوں جیسے کہ ابن ہانی اُندلسی کا شعر ہے۔

دھوالبس وقوانس وفوارس وکوانس واوانس وعقائل

اور غیر تامہ یہ ہے کہ کلمات ہموزن تو ہوں مگر مُقفّٰی نہ ہوں جیسے کہ ابوتمام کا شعر ہے ؎

مھَا الوَحْشِ اِلاَّ اَنَّ ھَاتَا اَوَانِسٌ قَنَا الخَطِّ اِلاَّ اَنَّ تِلْكَ ذَوَابِلُ

اس شعر میں مہا اور قنا میں مناسبت تامہ ہے اور وحش خط اور اوانس اور ذوابل میں مناسبت غیر تامہ ہے۔

(۳) تصریع کے لغوی معنی دروازہ میں چوکھٹ لگانے کے ہیں اصطلاحًا نام ہے اول اور ثانی مصرع کے آخری دو جزوں کے برابر ہونے کا وزن میں روی میں اعراب میں اور اس صنعت کے لیے شعراء عرب نے قصیدہ کے مطلع ہی کو مستحسن سمجھا ہے۔

تصریع کی چھ قسمیں ہیں (۱) قسم اول کو تصریع کامل بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں یہ شرط ہے کہ دونوں مصرعوں میں سے ہر ایک مصرع سمجھے جانے میں مستقل ہو امرأ القیس کہتا ہے ؎

افاطم مھلاً بعض ھذا التدلل فان کنت قد ازمعت صرمی فاجملی

(۲) قسم ثانی یہ ہے کہ پہلے مصرع کو دوسرے مصرع کی حاجت تو نہ ہو لیکن جب دوسرا مصرع اس کے ساتھ لگا دیا جائے تو بے تعلق بھی نہ ہو بلکہ دونوں میں مناسبت معلوم ہو جیسے کہ سعد الدین بن العربی کا شعر ہے ؎

یاقوت خدك فلقلوب مفرح اى الجوانح نحوه لا تجمح

(۳) قسم ثالث یہ ہے کہ دونوں مصرع اس طرح پر مستقل ہوں کہ ان میں سے جس کو چاہیں پہلا مصرع بنا دیں اور جس کو چاہیں دوسرا جیسے کہ ابو تمام کا شعر ہے ؎

لا انت انت ولا الديار ديار خفت الهوى وتقضت الاوطار

(۴) قسم رابع یہ ہے کہ پہلے مصرع کے معنے اوس وقت تک سمجھ میں نہ آویں جب تک کہ دوسرے مصرع کو اس کے ساتھ نہ ملا لیا جاوے اس کو تصریع ناقص بھی کہا جاتا ہے جیسے کہ ابن نبیہ کا شعر ہے ؎

اما نا ايها القمر المطل خفى جفنك اسياف تسيل ـ

(۵) قسم خامس یہ ہے کہ دونوں مصرعوں کے آخر میں ایک ہی لفظ ہو اور اس کو تصریع مکرر کہا جاتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں اول یہ کہ دونوں مصرعوں میں اگرچہ لفظ ایک ہو لیکن معنے دونوں جگہ مختلف ہوں ابن نبیہ کہتا ہے ؎

من كان قوس بناله من حاجب ما للقلوب اذا رنا من حاجب

اس شعر میں حاجت اول بمعنی حاجب چشم (ابرو) سے حاجب ثانی اما مانع ہے دوسری قسم یہ ہے کہ دونوں مصرعوں میں دونوں لفظوں کے ایک ہی معنے ہوں عبید بن الابرص کہتا ہے ؎

وكل ذى غيبة يؤب وغائب الموت لا يئوب

(۶) قسم سادس یہ ہے کہ مصرع اول کسی ایسی صفت پر معلق ہو جس کا ذکر مصرع ثانی میں کیا گیا ہے یہ بھی واضح رہے کہ صفت سے مراد نعت نحوی نہیں ہے عبد العزیز کا شعر ہے ؎

اقسمت ماخذه القانى من الخجل ارق من ومعى الجارى ومن غزلى

(۴) اجناس لاحق وہ ہے کہ دو لفظ ایسے جمع ہو جاویں کہ جن میں ایک حرف اوسط کلمہ میں سے یا اول میں سے یا آخر میں سے بدل لیا گیا ہو مگر مبدل اور مبدل منہ دونوں کے مخارج علیحدہ ہوں ورنہ اگر مبدل اور مبدل منہ ایک ہی مخرج کے ہوں گے تو وہ تجنیس لاحق نہ ہو گی بلکہ اس کو تجنیس مضارع کہیں گے کسی کا شعر ہے ؎

سل طائرا صدع الفواد بسحرة اتراه غرد صادعا ام صادحا

صادعا صادحا میں عین اور حا کا فرق ہے مگر دونوں حرف حلقی ہونے میں برابر ہیں اس کو اجناس مضارع کہیں گے اجناس لاحق کی مثال؎

شوقى لذلك المحيا الزاهر الزاهى شوقى شديد وجسمى الواهن الواهى

اسهرت طرفى وولهت الفواد هوى فالطرف والقلب بين الساهر الساهى

سنهيب قلبى وسهنى ان يبوح بما يلقى فوا اسفا للناهب الناهى

(۵) اجناس مصحف وہ ہے کہ کسی شعر یا کسی فقرہ میں دو لفظ باعتبار وضع کے تو متماثل ہوں لیکن ان کے نقطوں میں اختلاف ہو اور وہ اختلاف اس طرح ہو کہ اگر ان کو لکھا جاوے تو وہ دو صورتوں کے لفظ نظر آویں اس طرح پر کہ ان میں سے ہر ایک حرف نقطوں میں دوسرے کا مخالف ہو جیسے ؎

فان حلوا فليس لهم مفز　　　وان رحلوا فليس لهم مفز

(۶) مراعاۃ النظیر اسی کو تناسب توافق۔ ائتلاف موافاۃ۔ تلفیق بھی کہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ ناظم یا ناثر ایک چیز کو مع اس کے مناسبات کے ذکر کرے لیکن مناسبت تضاد کی نہ ہو یہ قید اس وجہ سے لگا دی گئی ہے تاکہ مطابقت خارج ہو جاوے) خواہ مناسبت لفظی اور اور معنوی دونوں طرح ہو یا لفظ لفظ اور معنی معنی کے لیے اس واسطے کہ مقصد یہ ہے کہ کسی ایک چیز کو اس کے ایسے مناسب کے ساتھ جمع کیا جاوے جو اس کی نوع کا ہو جیسے محمد بن الفیاض کا شعر ہے ؎

قم فاسقني بين خفق الناي والعود　　　ولا تنبع طيب موجود بمفقود

نحن الشهود وخفق العود خاطبنا　　　تزوج ابن غمام بنت عنقود

(۷) تشبیہ اہل معانی کی اصطلاح میں حرف کاف (یا کسی ایسے کلمہ سے جو اس کا ہم معنے ہو) کے ذریعے سے اس بات کے ظاہر کرنے کو کہتے ہیں کہ فلاں چیز فلاں چیز کے فلاں معنی میں شریک ہے۔ کاف وغیرہ کا لفظوں میں ہونا ضروری نہیں ہے لفظاً ہو یا تقدیراً جس چیز کو دوسری چیز کے شریک ظاہر کیا جاتا ہے اوس کو مشبہ کہتے ہیں اور جس کے ساتھ شریک بتایا جاتا ہے اوس کو مشبہ بہ کہا جاتا ہے اور جس معنے میں شریک کہا جاتا ہے اس کو وجہ شبہ کہا جاتا ہے۔

(۸) تعدیل اہل معانی کی اصطلاح میں چند اسمائے مفردہ کو ایک سیاق پر بیان کرنے کا نام ہے جیسے کہ متنبی کا شعر ہے ؎

فالخيل والليل والبيداء تعرفني　　　والسيف والرمح والقرطاس والقلم

(۹) اقتباس یہ ہے کہ متکلم اپنے کلام منظوم یا غیر منظوم میں حدیث یا قرآن کے الفاظ بغیر تغیر کثیر کے لادے مگر اس طرح پر کہ اس میں اشارہ اس بات کی طرف نہ ہو کہ یہ الفاظ قرآن یا حدیث کے ہیں اقتباس کی تین قسمیں ہیں (۱) مقبول۔ اقتباس مقبول وہ ہے جو کہ خطبوں اور مواعظ عہود نبی علیہ السلام کی مدح وغیرہ میں ہو چونکہ اس کے جواز اور عدم جواز میں کلام ہوا ہے بعض کی رائے ہے۔ کہ اقتباس ناجائز ہے اس لیے ہم اس کی مثال میں امام ابو منصور عبد القاہر بن طاہر تمیمی بغدادی کے شعر پیش کرتے ہیں تاکہ ایک طرف اقتباس کو توضیح ہو تو دوسرے طرف اس کے جواز پر روشنی پڑے امام ابو منصور کبار ائمہ شافعیہ میں سے ہیں ان کا ذکر شیخ تاج الدین سبکی نے طبقات شافعیہ میں کیا ہے ؎

يا من عدا ثم اعتدى ثم اقترف　　　ثم انتهى ثم ارعوى ثم اعترف

ابشر بقول الله في اياته　　　ان ينتهوا يغفر لهم ما قد سلف

(۲) مباح۔ اقتباس مباح وہ ہے کہ غزلوں رسائل قصص میں ہو جیسے کہ کسی شاعر کا قول ہے ؎

تجرد للحمام عن قشر لؤلؤ　　　والبس من ثوب الملاحة ملبوسا

وقد جرد الموسى لتزيين رأسه　　　فقلت لقد اوتيت سؤلك يا موسى

(۳) مردود۔ اقتباس مردود وہ ہے کہ جس میں تشبیہ باللہ تعالیٰ یا اس کے کلام پاک یا نبی علیہ السلام اور ان کے اقوال مقدسہ کے ساتھ استخفاف واستغصار لازم آتا ہو جیسے کہ ایک صاحب نے آخرت کے نتیجہ کو پس پشت ڈال کر فرمایا ہے ؎

اوحى الى عشاقه طرفه　　　هيهات هيهات لما توعدون

وسادقہ ینطق من خلفہ　　　لمثل ذا فلیعمل العاملون

(۱۰) التہذیب والتادیب. یہ قسم سنتیحنات بدیع میں سے ہے اور یہ نام ہے ہر کلام منقح اور محرر کا یعنی متکلم کا اپنے کلام میں خوب اچھی طرح سے غور و خوض کر لینا اور وہ نظم ہو یا نثر مگر اس میں تہذیب اور تنقیح اعلیٰ درجہ کی کر لی گئی ہو اور جس لفظ کا رد و بدل کرنا ضروری ہو اس کا رد و بدل کر دینا اور نیز اس کے معانی غریبہ نہ ہوں اور اعراب میں اشکال پسند نہ کیا گیا ہو بلکہ سلاست کا لحاظ رکھا گیا اور جو ثقیل الفاظ اس میں موجود ہوں ان کو نکال دیا گیا ہو اور یہ ضروری نہیں کہ ان کے معانی میں جدت ہو اور اگر کوئی کلام ایسا ہو کہ اس میں کسی لفظ کے بجائے دوسرا لفظ رکھنا یا الفاظ کا تقدم و تاخر یا کسی معنی کی زیادتی یا کسی لفظ کی کمی یا مقصود شاعر میں اغلاق (جس کی توضیح مناسب تھی) کا دور کرنا کلام کے حسن کو بڑھاتا ہو تو ایسا کلام اس صنعت میں داخل ہونے کے قابل نہیں جیسے ؎

ذات علی الخلق رب الخلق شرفہا　　　قدرًا والبسہا ثوبًا من العصم

(۱۱) کلام جامع وہ ایسے شعر میں ہوتا ہے کہ جس کے تمام الفاظ حکمت. نصیحت تنبیہ وغیرہ سے پر ہوں مگر وہ ان حقائق میں سے ہوں جو قائم مقام امثال کے ہیں جیسے کہ ابو فراس ہمدانی کا قول ہے ؎

اذا کان غیر اللہ فی عدۃ الفتیٰ　　　اتتہ الرزایا من وجوہ الفوائد

(۱۲) استعارہ معنے موضوع لہ کو چھوڑ کر معنی مجازی لینے کا نام ہے پھر جو علاقہ مصحح موجود ہے اگر وہ غیر تشبیہ ہے مثلاً سبب حاجیت وغیرہ تو اس کو مجاز مرسل کہتے ہیں اور نہیں تو استعارہ ہے. استعارہ کی تعریف یہ ہے کہ کسی چیز کو کسی چیز سے نفس میں تشبیہ دی اور مشبہ و مشبہ بہ ان دونوں میں سے کسی ایک کو ذکر کیا جاوے اور دوسرے کو حذف کیا جاوے اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں (۱) استعارہ تحقیقیہ اس کو استعارہ مصرحہ بھی کہتے ہیں. استعارہ مصرحہ یہ ہے کہ مشبہ بہ مذکور ہو اور مشبہ متروک ہو لیکن مشبہ حساً یا عقلاً متحقق ضرور ہو جیسے زہیر بن ابی سلمٰے کا قول ہے ؎

لدی اسد شاکی السلاح مقذف　　　لہ لبد اظفارہ لم تقلم

تو یہاں اسد مشبہ بہ ہے اور رجل شجاع مشبہ. مشبہ کو متروک کیا گیا اور ظاہر ہے کہ رجل حساً امر متحقق ہے اور متحقق عقلاً کی مثال خداوند تعالیٰ کا فرمان ہے فاذاقہا اللہ لباس الجوع والخوف. یہاں لباس مشبہ بہ ہے اور وہ ضرر جو کہ بھوک کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے مشبہ بہ ہے بھوک مشبہ بہ نہیں ہے اور وہ ظاہر ہے کہ عقلی ہے (۲ و ۳) استعارہ بالکنایۃ اور استعارہ تخییلیہ ان کی صورت یہ ہے کہ کسی چیز کو کسی چیز سے تشبیہ ذہن میں دی جاوے اور ارکان تشبیہ میں سے سوا مشبہ کے کسی کو بھی ذکر نہ کیا جاوے لیکن اس تشبیہ کا جو ذہن میں ہے استعارہ بالکنایہ نام ہوگا یا استعارہ مکنیہ اور مشبہ بہ کے خاصہ کو مشبہ کے لیے ثابت کرنا استعارہ تخییلیہ ہوگا (۴) استعارہ ترشیحیہ وہ یہ ہے کہ مشبہ کے لیے ایسی چیز کا اثبات کیا جاوے کہ جو مناسبات و ملائمات مشبہ بہ میں سے ہو ان تینوں کی مثال ابی ذویب ہذلی کا مشہور قول ہے ؎

واذا المنیۃ انشبت اظفارہا　　　الفیت کل تمیمۃ لا تنفع

شاعر نے اپنے ذہن میں موت کو کسی پھاڑ کھانے والے جانور سے تشبیہ دے رکھی ہے اس واسطے کہ جس طرح درندہ جانور ہلاک کر دیتا ہے ایسی ہی موت بھی اس ذہنی تشبیہ کو ظاہر کرنے کے لیے اس نے اظفارہ (ناخن) جو کہ سبع کے لوازم میں سے ہیں مشبہ یعنی موت

کے پیسے ثابت کئے چونکہ مشبہ کا ذکر نہیں ہے اس لئے موت کی تشبیہ سبع سے استعارہ بالکنایہ ہوا اور اظفار کا اثبات منیۃ کے لیے استعارہ تخیلیہ اور انشاب کا ثبوت منیۃ کے لیے ہے کہ ملائمات مشبہ بہ میں سے ہے استعارہ ترشیحیہ ہے (۱۳) تقسیم اس کا اطلاق تین امور پر ہوتا ہے (۱) متکلم ان تمام معنے کو احاطہ کرے کہ جن کو اس نے شروع کیا بعض اہل بدیع کا یہ ہی مذہب ہے مثال یہ ہے۔ ؎

والراح فی راح الحبیب یدیرھا — فی فتیۃ جعلوا المسرۃ مغنما

فسقاتنا تحکی البدور وراحنا — یحکی الشموس ونحن نحکی الانجما

(۲) اولاً متعدد کو ذکر کرنا اوس کے بعد تمام ان چیزوں کو ذکر کرنا جو ان کے مناسب ہوں علےٰ سبیل التعیین جیسے صلاح صفدی کا قول یہ ہے ؎

وثلاثۃ کلفوا بحب ثلاثۃ — فاعجب لایھم اشدوا کلفا

کلفی بحبك اذ کلفت بجفوتی — وبعد انا کلفت العذاقال واسوفا

لاعاذلی یدع الملام ولا انا — ادع الغرام وانت لاتدع الجفا

(۳) کسی چیز کی حالتوں کو ذکر کر کے اس کے مناسب احکام کو بیان کرنا اس میں اقسام کے استیفار کی شرط نہیں ہے متنبی کا شعر ہے

ساطلب حقی بالقنا و شمائخ — کانھم من طول مالثموا مُرْدُ

ثقال اذا لاقوا خفاف اذا دعوا — کثیرا ذا اشدوا قلیل اذا عُدّوا

(۱۴) تفریق یہ ہے کہ متکلم ایک قسم کی دو چیزوں کو بیان کرے اور پھر ان میں یوں بعد ظاہر کرے کہ اس کے مقصود میں مدح یا مذمت تشبیب ہو یا کچھ اور افائدہ حاصل ہو جیسے ابو نصر بن بنانۃ کا قول ہے ؎

حاشاك ان تدعیك العرب احدھا — یامن ثری قدمیہ طینۃ العرب

فان یکن لك وجه مثل اوجھھم — عند العیان فلیس الصفر کالذھب

وان یکن لك نطق مثل نطقھم — فلیس مثل کلام اللہ فی الکتب

(۱۵) حسن تخلص ایک صفت ہے جس کا شمار محاسن ادب میں سے کیا جاتا ہے اور اسی سے شاعر کی جودت طبع کا حال معلوم ہو سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ صفت سے متکلم اپنی نظم کے شروع میں عورتوں سے حسن وعشق کا ذکر یا زمانہ پر اپنا اظہار فخر یا زمانہ کی شکایت شروع کرے یا اسی قسم کا کوئی ایسا مضمون جو کہ نہایت لطافت کے ساتھ مادح کی مدح یا مقصود شاعر تک پہنچا دے اور اس تمہیدی مضمون سے اپنے اصلی مقصود کی طرف ایسا منتقل ہو کہ سننے والے کو اس کا احساس بھی نہ ہو کہ شاعر کہاں سے کہاں پہنچ گیا۔ اب جب کہ مضمون منقول عنہ اور منقول الیہ میں مناسبت تام ہوتی ہے تو وہ نشاط سامع کا سبب زیادہ ہو جاتی ہے اور اس کی وجہ سے سامع مابعد کے مضمون کو خوب توجہ سے سنتا ہے۔

(۱۶) اشارہ اہل معانی کی اصطلاح میں اس کو کہتے ہیں کہ متکلم تھوڑے کلام سے معانی کثیرہ کی طرف اشارہ کرے کہ جیسے ہاتھ سے اشارہ کرنا ہے اس واسطے کہ متکلم جس بات کو اشارہ سے بتا رہا ہے اس میں اگر زبان سے کام لے تو بہت سے الفاظ زبان سے نکالنے کا محتاج ہو جیسے ابو العلاء المعری کا قول ہے ؎

منك الصدود ومنی بالصدود رضا — من ذا علی بھذا فی ھواك قضی

بی منك مالو بعیت الشمس ما طلعت   من الکابة او بالبرق ما ومضا

(۱۷) التفات سکاکی رحمہ کے نزدیک تکلم یا خطاب یا غیبت میں سے کسی ایک سے دوسرے کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے بشرطیکہ مقتضائے ظاہر کسی ایک سے کام لینا ہو با وجود اس کے اُس کو چھوڑ کر دوسرے کو کام میں لایا گیا ہو۔ جیسے امرؤ القیس کا قول ہے ؎ تطاول لیلك بالا ثمد۔ اس واسطے کہ یہاں ظاہر کا مقتضے یہ تھا کہ تطاول لیلی کہا جاتا مگر اولی یہ ہے کہ یوں کہا جاوے کہ تکلم خطاب غیبت ان تینوں میں سے کسی ایک ذریعہ سے مافی الضمیر کو ادا کیا جاوے، اور اس سے قبل دوسرے کے ذریعہ مافی الضمیر کو ادا کیا جا چکا ہو یہ دوسرا طرز خلاف ظاہر ہو ظاہر کا مقتضا یہ ہی ہو کہ اُس دوسرے طرز کے خلاف کسی اور طرز سے مضمون کو ادا کیا جاتا اس واسطے کہ التفات اسالیب ثلاثہ (تکلم، خطاب غیبت) میں سے کسی ایک اسلوب پر کلام کر لینے کے بعد دوسرے اسلوب کی طرف منتقل ہو جانے کا نام ہے مگر وہ اسلوب ایسا ہو کہ مخاطب کی توجہ اس طرف نہ ہو اس سے غرض صرف یہ ہوتی ہے کہ مخاطب سننے میں زیادہ توجہ اور غور سے کام لے جب یہ معلوم ہو چکا تو اگر اس قید کا اعتبار نہ کیا جاوے تو تغیر میں ایسی صورت بھی داخل ہو جائے گی جو فی الواقع التفات میں داخل نہیں ہے جیسے انا زید وانت عمرو وانتم رجال وانت الذی فعل کما ونحن الذین صبحوا الصباحا۔

(۱۸) طاعت وعصیان۔ اصطلاح میں طاعت وعصیان اوس کو کہتے ہیں کہ شاعر کوئی شعر تصنیف کرے اور اس شعر میں بدیع کی کسی نوع لانے کا خیال ہو مگر اس کے ارکان میں سے بعض رکن آسکتے ہوں یا کوئی مانع اس کو شعر میں لانے سے مانع ہو اس لیے شاعر بجائے اس صفت کے کہ جس کے لانے کا اس نے ارادہ کر لیا تھا بدیع کی کوئی دوسری صنعت شعر میں لے آوے جیسے کہ متنبی کا شعر ہے ؎

یردید اعن ثوبہا وھو قادر   ویعصی الھوی فی طیفہا وھو راقد

متنبی کا ارادہ تھا کہ یردید اعن ثوبہا وھو مستیقظ کہے کہ شعر میں صنعت طباق حاصل ہو جاوے اس واسطے کہ دوسرے مصرعہ میں راقد موجود ہے مگر درن کی وجہ سے یہ ارادہ پورا نہ کر سکا لہذا اس نے لفظ قادر کو اختیار کیا اور اس کو مستیقظ کا قائم مقام کر لیا اس واسطے کہ اس میں یقظتہ (بیداری) کے معنے مع شئی زائد ہیں اور اس کے ساتھ ہی قلب البعض بھی ہے تو مطابقت تو نہ ہو سکی مگر قلب البعض ہو سکا۔

(۱۹) ارادف یہ ہے کہ متکلم کسی معنی کا ارادہ کرے اور اس معنے کو اس کے لفظ موضوع لہ سے تعبیر نہ کرے بلکہ کسی ایسے لفظ سے تعبیر کرے کہ وہ اس کا ردیف ہو اور اس کے معنے کو ادا کر سکے مثال بحتری کا قول ہے ؎

فاوجرتہ اخری فاجللت نصلہا   بحیث یکون اللب والرعب والحقد   مکان لب ورعب سے مراد قلب ہے۔

(۲۰) تلمیح یہ ہے کہ متکلم کسی شعر میں یا کسی نقرہ میں قصہ معلوم یا نکتہ مشہورہ یا کسی ایسے شعر مشہور کی طرف اشارہ کرے جو متواتراً منقول ہو مثلاً عمر بن الوردی کے اشعار کہ جو اس نے فی البدیہہ اس وقت پڑھے کہ جب اس کے پاس سے ایک خوبصورت امرد لڑکا ہو کر گزرا اور اتفاق سے اس کے کان میں ایک بالی پڑی ہوئی تھی ؎

قد قلت لما مر بی + مقرطق یحکی القمر + ھذا ابو لولؤۃ + منہ خذوا ثار عمر

اس میں تلمیح ہے ابو لولوۃ زنجی کے واقعہ کی طرف کہ اس نے امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا تھا۔ تمت با لخیر بعون اللہ وکرمہ وانا العبد المفتقر الی ربہ الولی محمد افتخار علی غفرلہ ولوالدیہ والمشائخ اجمعین پروفیسر فیض عام انٹر کالج میرٹھ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الترجمۃ والمطالب حامداً باسمہ تعالیٰ ومُصلیاً۔ بسم ۔ بسم میں باء حرف جر ہے اور یہ چند معنے میں مستعمل ہوتی ہے باء الصاق کے لئے آتی ہے اور استعانت کے لیے بھی اور یہاں یہی مراد ہے اور مصاحبت کے لیے جیسے قولہ تعالےٰ قیل

تشریح لغات یا نوح اھبط بسلام منا و برکات ای وا ذہب بسلام اور باء سببیت کے لیے جیسے قولہ تعالیٰ وکلاً اخذنا بذنبہ اور باء ول کے لیے جیسے باع الکفر بالایمان اور باء مقابلہ کے لیے جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے جیسے قد زوجتکہا بما معک من القرآن اور باء مجاوزت کے لیے جیسے قولہ تعالیٰ فاسئل بہ خبیراً اور باء تبعیض کے لیے جیسے قولہ تعالیٰ وامسحوا برؤسکم اور باء قسم کے لیے جیسے باللہ اور باء غایت کے لیے جیسے قد احسن بی ای الی اور باء تاکید کے لیے جیسے قولہ تعالیٰ کفی باللہ شہیداً اور باء تعدیہ کے لیے جیسے قولہ تعالےٰ ذہب اللہ بنورہم اور یہاں اس کے متعلق اختلاف ہے بعض یہ فرماتے ہیں کہ اس کا متعلق ابتداء فعل عام محذوف ہے اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ عموم کے لیے کوئی قرینہ ہونا چاہیئے اور یہاں اس کے لیے کوئی قرینہ نہیں ہے تو علامہ بیضاویؒ یہ فرماتے ہیں کہ قرینہ حالیہ سے جیسا قرینہ ہو فعل مقدر مانا جا سکتا ہے پھر اس میں اختلاف ہے کہ محذوف یا تو اول میں ہوتا ہے یا آخر میں قال استاذی عمی المکرم متعنا اللہ بطول حیاتہ وبقائہ احسن اور عمدہ یہی ہے کہ آخر میں مقدر مانا جائے اس لیے کہ تبرک اوّل کلام لفظ اللہ سے حاصل ہو جاتا ہے اور اس سے معانی کے انحصار کا فائدہ ہوگا۔ پھر باء کے معنے میں اختلاف ہے۔ قال استاذی عمی المکرم مدظلہ العالی یہاں باء استعانت کے لیے ہے ای اصنف مستعیناً باللہ اور کبھی باء برکت کے لیے بھی ہوتی ہے۔ تو اس کے معنے متبرک ہونے کے ہوں گے اور بعض اصحاب یہاں باء کو مصاحبت کے معنے میں لیتے ہیں واللہ اعلم، واعلم ان الباء متعلقۃ بما جعل التسمیۃ مبتدأ لہ فیقدر الابتداء والقراءۃ کقولہ تعالےٰ بسم اللہ مجریہا ومُرسٰہا وقولہ صلے اللہ علیہ وسلم بسم اللہ ولجنا وبسم اللہ خرجنا وعلی ربنا توکلنا وانما قدر العامل مؤخراً افادۃ للحصر ورداً علے المشرکین حیث کانوا یقولون باسم اللات والعزےٰ نفعل کذا اسم اس میں اختلاف ہے۔ یہ ناقص ہے یا مثال اور بصریوں کے مذہب کو ترجیح ہے وقال استاذی عمی المکرم مدظلہ عندی مذہب الفریقین متساویان کوفیون کے نزدیک یہ اسم ہے مشتق ہے بمعنے علامت یا وسیم سے بمعنے جمیل وخوب صورت اور اس کی تصغیر وسیم آتی ہے اور جمع اوسام اور بصریوں کے نزدیک یہ سموٌ سے مشتق ہے بمعنے بلندی یقال سما سُمُوّاً ای علا دار نفع اور یہ نصر سے آتا ہے ومنہ السماء جوارض کا مقابل ہے یہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے اور یہ اسم جنس ہے واحد اور جمع سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے والجمع سموات کما فی قولہ تعالیٰ والسماء منفطر بہ واذا السماء انشقت، وقال استاذی عمی المکرم مدظلہ تعالےٰ ان اخراج المناسبۃ بینہما لان الحروف الاصلی یظہر اثرہ اینما کانت مادہ کما قیل فی شعور معناہ العسل وکذلک المشورۃ لان فیہا الشفاء کما فی العسل یکون الشفاء وایضاً کما یکون التکلیف فی اخذ العسل من ایذاء النحل وکذلک یکون فی المشورۃ دفی اخراج المناسبۃ لدیہ من کثرۃ اللغۃ فالحروف الاصلیہ کالنہر کما فی معنے ضرب وبمعنی ضرب المثل وعشی علی وجہ الارض وکذلک المضراب ای الۃ

المزامیر وستار بجانے کا آلہ فمن قال ان اصلہ سمو فاستدل بجمعہ اسامی واسماء وسمی والکوفیون قائلون بانہ فیہا القلب واستشہدوا الوسم یسم بمعنی سمی یسم وکذلک میسام ای من کان واتفقا اسماء کل شئ اللہ اسم علم للباری جل جلالہ وہو المختار واللہ ہو الذات المستجمع لجمیع صفات الکمال پھر اس میں اختلاف ہے کہ یہ اجوف وادی ہے یا مہموز الفا یا مثال وادی ہے بعض یہ فرماتے ہیں آلہ یا لہ الالہۃ سے مشتق ہے آلہ یا لہ بمعنی عبد یعبد عبادۃ از فتح کما قرأ ابن عباسؓ ویذرک والٰہتک ای عبادتک اور الٰہ فعال کے وزن پر ہے ہے جو مفعول (ای مالوہ) کے معنے ہیں جیسے کہ امام معنے میں مفعول کے

یعنے مؤتم کے بعض یہ فرماتے ہیں کہ آلہ یا الہ سے مشتق ہے بمعنی تحیر اور یہ سمع سے آتا ہے لان العقول تتحیر فی عظمۃ اللہ تعالیٰ اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ الہ کذا سے مشتق ہے بمعنے لجار ہٗ اضطر الیہ لان سبحانہ تعالیٰ المصرع الذی یجار الیہ فی کل امر اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ ولہ سے مشتق ہے اس کے معنے حیرت اور خوف کے آتے ہیں اور یہ ولہان سے ماخود ہے۔
پھر اس کلمہ کی حقیقت میں اختلاف ہے پھر اس میں اختلاف ہے کہ یہ عبرانی ہے یا عربی ہونے کی صورت میں مضمر ہے یا مظہر اور مظہر آنے کی صورت میں یہ مشتق ہے یا اسم جامد علم اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ علم غیر مشتق ہے الرحمٰن یہ مبالغہ کے لیے ہے اور رحیم یہ بھی مبالغہ کے لیے ہے تو رحمٰن کو رحیم پر مقدم کرنے کی کیا وجہ ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ رحمٰن علم کی طرح ہے اور رحیم یہ صفت ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ علم صفت پر مقدم ہوتا ہے اور دوسرے یہ کہ رحمٰن رحیم سے کم اور کیف کے لحاظ سے زیادہ بلیغ ہے اس لیے کہ رحمٰن الدنیا والآخرۃ کہا جاتا ہے اور کیف کے لحاظ سے اس لیے کہ رحمٰن کی کیفیت رحیم سے بڑی ہے اور تیسرے یہ کہ رحیم رحمٰن کے لیے متمم (پورا کرنے والا ہے) اس سے مراد بزرگی اور احسان ہے اور رحمٰن یہ اللہ ہی کے لیے مختص ہے کما فی قولہ تعالیٰ ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن یا یہ وجہ کہ رحمٰن عام ہے مومن اور کافر اور دنیا اور آخرت سب کے لیے ہے اور رحیم خاص مومنین کے لیے کقولہ تعالیٰ وکان بالمومنین رحیما یا یہ محض آخرت کے لیے اس لیے کہ وہاں کفار پر وہ رحم نہیں کرے گا۔ رحمٰن یہ رحمت سے مشتق ہے (بفتح الراء وسکون المہملۃ ومحرکۃ بمعنے رقت ومہربانی ونرمی وبخشش) از سمع یقال رَحِمَ رَحْمَۃً ومرحمۃ ورُحْمًا جب کہ وہ اوس پر مہربانی اور نرمی کرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَحْمَدُكَ عَلٰى مَا عَلَّمْتَ مِنَ الْبَيَانِ ۔ وَاَلْهَمْتَ مِنَ التِّبْيَانِ ۔

الترجمۃ والمطالب	اے اللہ ہم تیری حمد کرتے ہیں اس بات پر کہ تو نے ہم کو فصاحت کلام سکھلائی اور تو نے ہمارے دلوں میں بات کے ظاہر کرنے کی کیفیت کا القا کیا
تشریح لغات	لہ اللھم اس کی اصل میں دو قول ہیں بصریوں کے نزدیک اس کی اصل یا اللہ ہے حرف ندا کو حذف کر کے میم مشدد عوض میں زائد کر دیا گیا اور کوفیوں کے نزدیک مشدد جملہ ہے اس کی اصل یا اللہ آمنا

بالخیر ہے جملہ۔ آمنا بالخیر میں سے میم مشدد باقی رکھ کر باقی سارے جملہ کو حذف کر دیا لیکن یہ قول دو وجہ سے ضعیف ہے اول یہ کہ اس طرح پر تخفیف لغت عرب میں نہیں پائی جاتی دوسری بات یہ کہ دعا میں انحصار لازم آتا ہے حالانکہ اس کے بعد اور بھی

دعائیں کی جاتی ہیں اور بعض نے اس اختلاف سے گھبرا کر منجملہ اسماء باری تعالیٰ شمار کیا ہے۔ اور یہ بھی ظاہر کے خلاف ہے اور بصریوں کا قول زیادہ صحیح ہے اور اللہم میں دو لغت ہیں اَللّٰھُمَّ اور لَاھُمَّ ای بالہمزۃ و بغیر الہمزۃ) کما فی قول الشاعر لَاھُمَّ لا ادری انت الدار۔ کذا فی الصراح ۳ نحمدک حمد بہ شکر سے عام ہے اور یہ ذم کی نقیض ہے اس لیے کہ خواہ حمد صفات پر ہو یا احسان پر اور شکر یہ احسان کے ساتھ مخصوص ہے لیکن عام ہے خواہ زبان سے ہو یا قلب سے اور ثنا صرف زبان سے ہوتی ہے۔ حمد کی یہ تعریف ہے ھو الوصف بالجمیل الاختیاری وقال استاذی عمی المکرم ان ھذا المعنی لایعلق بالقلب وفی الاصل ھو الوصف بالجمیل ولا انکرا طلاقہ علی الاختیاری وانما البحث فی المعنی اللغوی وانما زید قید الاختیاری بالاستعانۃ ای باستعانۃ العقل لان المدح یکون علی الاختیاری اور بعض نے اس طرح پر فرق کیا ہے کہ ثناء اپنے مثل کی کی جاتی ہے اور حمد اعلیٰ اور افضل کی لیکن حمد محض اُن چیزوں کی جاتی ہے جن کو زندہ کہہ سکتے ہیں اور مدح عام ہے زندہ کی ہو یا مردہ کی یقال مدحت اللؤلؤ علی صفاتہ از سمع یقال حمد حمدًا و محمدۃً تحمدًا و محمدًا جب کہ وہ تعریف کرے اور حمد کا صلہ جب علیٰ ہوتا ہے تو اس کے معنے مدح کے ہوتے ہیں، یقال حمدت علی الف درہم وقال استاذی عمی المکرم وانما وجہ اتیان صیغۃ الجمع فقال البہائی فی کشکولہ تحت قولہ ایاک نعبد و ایاک نستعین و ہو نکتۃ لطیفۃ تبتنی علی مسئلۃ الفقہ ان من باع شیئا واشتراہ المشتری وعلم المشتری ان فی المبیع عیبا فلا یجوز لہ ان ینتخب شیئا محمدۃ وتیرک الردی بل یرد الجمیع اوان یاخذ المعیب لتنجوا البائع والمشتری من النقصان وہذہ استحالۃ بین العباد وبین اللہ عزوجل کما فی قولہ تعالیٰ ان اللہ اشتری الخ فلماء ھن المشتری ہو اللہ تعالیٰ سہ رحمت حق بہانہ می جوید۔ فکان فی نحمدک جمیع الحامدین داخلین فحمدنا قابل للرد لان اعمالنا کلہا ناقصۃ الا انہا لایرد لان حمد العابدین المقربین ایضًا فی المجموع فاختار الحریری ہذا الطریق ۵ ما علمت یہ ما موصول اور مصدریہ اور موصوفہ تینوں ہو سکتا ہے اور علمت اس کا مصدر تعلیم ہے از باب تفعیل بمعنے سکھلانا اور تعلیم دینا بتلانا یہ عِلم سے ماخوذ ہے۔ جو جہل کی ضد ہے اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے اور علم کے معنے کسی چیز کی حقیقت کے جاننے کے آتے ہیں واعلم ان العلم ادراکٌ بالقلب والشعور ادراک بالحواس والمعرفۃ مسبوقۃ بنسیان حاصل بعد العلم ولذا لایقال للہ تعالیٰ انہ عالمٌ دون عارف ۲ من البیان یہ ما علمت کا بیان ہے بیان کے معنے ظاہر کرنے کے ہیں اور یہ نطق سے عام ہے اور بیان انسان کے ساتھ خاص ہے اور کلام کو بھی بیان کہہ دیتے ہیں اس لیے کہ وہ اپنے مقصود کو اس کلام کے ذریعہ سے ظاہر کر دیتا ہے اور مجمل کلام اور مبہم کلام کی شرح بھی بیان کی جاتی ہے کما فی قولہ تعالیٰ ثم اِنَّ علینا بیانہ، بیان اور تبیان میں یہ فرق ہے کہ بیان مافی الضمیر کے ظاہر کرنے کو کہتے ہیں اور تبیان اظہار ما فی الضمیر مع الدلیل کو کہتے ہیں یقال بان یبین بیانا وبَیَانًا وتبیانًا ای انکشع از ضرب اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے اس کے مزید چار ہیں ابان یبین از باب افعال و بَیَّنَ یُبَیِّنُ از باب تفعیل وتَبَیَّنَ یَتَبَیَّنُ از باب تفعل واستبان یستبین از باب استفعال ۷ والہمت واو چند معنے کے لیے آتا ہے عطف کے لیے اس کا کام محض جمع کر دینا ہے اور حالیہ کے لیے یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور فعلیہ پر بھی اور استینافیہ کے لیے اور معیت کے لیے اور قسمیہ کے لیے اور رُبّ کے معنیٰ میں اور یہ الاّ کے بعد زائد آتا ہے ۸ الہمت اس کا مصدر الہام ہے اور الہام کے

یہ معنی آتے ہیں الالہامُ القاءُ شئ وا لقاء الخیر فی القلب ماالقاہ اللہ فی القلب کے ہیں یقال اَلہمہ اللہ یہ لازم بھی آتا ہے اور اس کا مجرد لہم فہیم از فہم از سمع قاعدہ یہ ہے جتنے مزید ہوتے ہیں ان میں ان کے مجردوں کا ضرور اثر باقی رہتا ہے جیسے کھلونے مختلف سانچوں میں ڈھالے جاتے ہیں لیکن وہی اثر یعنی شیرینی سب میں موجود اور باقی رہتی ہے ایسا ہی یہاں پر ہے اور اسی سے الہام بنایا گیا ہے اور یہ لہَمَ سے ماخوذ ہے بمعنے نگلنا اور یہ الہام میں موجود ہے اور الہام اور لہوم میں بھی اثر پایا جاتا ہے اس لیے کہ لہوم کے معنے بہت کھانے کے آتے ہیں اور کبھی الہام شر کے لیے بھی مستعمل ہوتا ہے کما فی قولہ تعالیٰ فالہمہا فجورہا الخ ۵ التبیان بیان اور تبیان یہ دونوں مصدر بان یَبِیْنُ کے ہیں اور بعض یہ فرق بیان کرتے ہیں کہ بیان کے معنے خود سمجھنے اور غیر کو سمجھانے کے ہیں اور تبیان کے معنے خود اپنے آپ سمجھنے کے ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ تبیان بیان سے زیادہ بلیغ ہے۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے ایک کو دوسری کی جگہ پر استعمال کر لیتے ہیں کما فی قولہ تعالیٰ وانزلنا علیک الکتاب تبیاناً لکل شئ۔

كَمَا نَحْمَدُكَ عَلٰى مَا اَسْبَغْتَ مِنَ الْعَطَاءِ ۔ وَاَسْبَلْتَ مِنَ الْغِطَاءِ

الترجمة والمطالب	اسی طرح ہم تیری تعریف کرتے ہیں جس طرح کہ تو نے ہم پر بخشش کی تکمیل کی اور تو نے ہمارے عیبوں پر پردہ ڈال دیا۔

تشریح لغات ۱ اسبغت یہ اسباغ سے ماخوذ ہے از باب افعال اس کا مجرد نصر سے آتا ہے بمعنے تمام کرنا و کامل کرنا یقال اسبغ اللہ علیہ النعمۃ یعنی اوس پر تمام نعمت تمام کی ویقال سبغ الشئ سبوغاً ای تم فہو سابغ" ویقال سبغت الدرع جب کہ زرہ پوری ہو جائے وسبغ الثوب ای طال الی الارض ۲ العطاء یہ اسم مصدر ہے بمعنے عطاء و بخشش کرنا بالمد ویقصر والجمع اعطیۃ اور یہ وادی ہے وجمع الجمع اعطیاتٌ از نصر یقال عطاہ عطواً ای ناولہ ۳ اسبلت اس کا مصدر اسبال ہے بمعنی لٹکا دینا اور یہ سبل سے ماخوذ ہے بمعنے چھوڑ دینا یقال سبلت العین الدموع جب کہ وہ آنسو بہانے لگے ویقال سبلت السماء الماء جبکہ بارش ہو ویقال اسبل الستر جبکہ پردہ چھوڑ دے ۴ الغطاء بکسر الغین المعجمہ یہ فعال کے وزن پر ہے اور فعال اکثر مفعول کے معنے میں آتا ہے جیسے کتاب مکتوب کے معنے میں اور امام ماموم کے معنے میں اور کبھی فاعل کے معنے میں بھی آتا ہے اور غطا غاطی (ڈھانپنے والا) کے معنے میں بھی ہو سکتا ہے اور مُغطی کے معنی میں بھی ڈھانپا ہوا لیکن یہاں مراد مایُغطیٰ یہ یعنی پردہ ہے اور غطیۃ خاص عورت کے پردہ کو بھی کہتے ہیں ولقولہ تعالیٰ فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید اور یہ نصر سے آتا ہے یقال غطا یغطو اً وغطواً بمعنے ڈھکنا و چھپانا۔

وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شِرَّةِ اللَّسَنِ ۔ وَفُضُوْلِ الْهَذَرِ ۔ كَمَا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَعَرَّةِ اللَّكَنِ ۔ وَفُضُوْحِ الْحَصَرِ ۔

الترجمة والمطالب	اور ہم تجھ سے گفتگو کی تیزی اور ناقابل التفات کلام (بیہودہ گوئی) کی زیادتی سے (ایسی ہی) پناہ مانگتے ہیں جیسے لکنت کے عیب سے اور محل گفتگو میں زبان بند ہو جانے کی رسوائی سے۔

تشریح لغات ۱ نعوذ یقال عاذ یعوذ اعیاذاً ومعاذۃ از نصر بمعنی پناہ مانگنا ومنہ المعاذ یہ مصدر ہے بمعنی عوذ (پناہ)، اور

طرف بھی بمعنی جائے پناہ ومنہ التعویذ یقال عاذ فلان ای الجأ الیہ واعتصم وتعلق بہ وفی التنزیل اعوذ باللہ ان اکون من الجاہلین وانی عذت بربی وربکم ان ترجمون وقل اعوذ برب الناس ومعاذ اللہ ان ناخذ ۲ شرۃ بالکسر بمعنی تیزی چنگاری کا اڑنا وغصہ ولالچ اور اصل میں شرۃ وہ شعلہ جو آگ سے نکلے ومنہ شرۃ گنتف یعنی حریص یقال شرۃ شرا وشررا وشرورا وشرارۃ ای اتصف بالشر والتی منہ الشر فہو شرٌ وھی شرۃ والجمع اشرار وشرار واشراء از نصر وضرب والشر بالفتح ضد الخیر ایضاً ۳ لَسَن بفتحتین بمعنے زبان آوری وفصاحت زبان یقال لَسِنَ لَسَنًا ای فصح وجاء بلسانہ از سمع والجمع اَلسِنَۃٌ وَالسُنٌ ولُسُنٌ ولسانات وفی التنزیل واختلاف السنتکم ویقال فلان لسان القوم ای افصحہم واعلمہم تقریرًا ولَسْن بزبان گرفتن آمدہ از نصر تقول لَسَنْتُہٗ اذا اخذتہ بلسانک والمعنے انی اعوذ بک من کثرۃ حرص الفصاحۃ الذی یلہینی عن جائز الکلام وغیر جائزہ ویشغلنی عن تمیز الکفر فی الایمان کما ہو عادۃ الحریصین فی الفصاحۃ کما قال بعض شعراء الہندیۃ ؎ زندگی اپنی تو اس حال میں گزری غالب ÷ ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے وقال الآخر ؎ دیا تیرے مریضوں کو خدا نے بھی جواب ÷ واعلم ان لحدۃ اللسان وفصاحتہ مراتب ولکل منہا اسمٌ فاذا کان الرجل حاد اللسان قادر الکلام فہو ذرب اللسان وفتیق اللسان فاذا کان جید اللسان فہو لسن فاذا کان یضع لسانہ حیث اراد فہو ذلیق فاذا کان فصیحا بین اللہجۃ فہو مذاق فاذا کان مع حدۃ لسانہ بلیغا فہو مسلاقٌ فاذا کان لا تعترض لسانہ عقدۃ فہو مصقعٌ وغیر ذلک ۴ فضول یہ فضل سے مشتق ہے اور فضل کے معنی زیادتی کے جو اعتدال سے زیادہ ہو اور اس کی دو قسمیں ہیں ایک محمود جیسے علم کی زیادتی اور دوسرے مذموم جیسے جہالت کی وجہ سے غصہ کی زیادتی اور فضل کا زیادہ تر اطلاق اچھی بات پر ہوتا ہے۔ اور فضول کا زیادہ تر استعمال بری بات پر ہوتا ہے یقال فضل فضلًا ای زاد از نصر وسمع ۵ الھذر بفتحتین بمعنے بیہودہ اور لغو کلام اور بکسر الذال بمعنی بیہودہ کہنا یقال ہذر الرجل فی کلامہ ہذرًا ای ہذی ہذیانًا از نصر وضرب وہذر کلامہ ای کثر فی الخطار والباطل از سمع کما میں کاف جارہ ہے اور ما مصدریہ ہے۔ ۶ معرۃ اس کے اصلی معنی وہ اونٹ جس کو خارش ہو جائے اور یہ عیب ہے اس لیے اس کے معنے عیب کے ہو گئے اور کبھی اس کے معنی گناہ کے بھی آجاتے ہیں وفی التنزیل فتصیبکم منہم معرۃ بغیر علم ای فتصیبکم مَعَرَّۃٌ یقال عَرَّ الجمل عَرًّا ای جرب از نصر وضرب یقال اعترہ واعتراہ ای اعترض للمعروف من غیر ان تسأل وفی التنزیل واطعموا القانع والمعتر ای الذی یسال والذی لا یسأل ۷ اللکن یہ مصدر ہے یقال لکن یلکن لکنا ولکنۃ ولکونا ولکونۃ ولکنا ای عیّ وثقل لسانہ بمعنی اٹک اٹک کر بات کرنا از سمع ومنہ الکونۃ ۸ فضوح ای نعوذ بک من عیب العجز فی النطق واحتباس اللسان عند الکلام بحیث تبق ساکتًا۔ فضوح یہ مصدر ہے بمعنی عیب کا ظاہر ہونا یقال فضحہ فضحا ای کشف علیہ از فتح منہ الفضیحۃ بمعنے رسوائی وفی التنزیل ان ہؤلاء ضیفی فلا تفضحون ۹ الحصر وہو العجز عن الکلام بالرعب اوغیرہ من الحزن والسرور یعنی جو بات کرتے ہوئے رک جائے۔ یقال حصر حصرًا ای عجز فی النطق از سمع وحصر صدرہ ای ضاق وفی التنزیل حصرت صدورہم ای ضاقت بالبخل والجبن ومنہ الحصیر بمعنے السجن کقولہ تعالیٰ وجعلنا جہنم للکافرین حصیرا اور فضوح الحصر میں صنعت تقابلہ ہے

وَنَسْتَكْفِي بِكَ الْإِفْتِتَانَ بِإِطْرَاءِ الْمَادِحِ ۔ وَإِغْضَاءِ الْمُسَامِحِ ۔ كَمَا نَسْتَكْفِي بِكَ الْإِنْتِصَابَ لِإِزْرَاءِ الْقَادِحِ ۔ وَهَتْكِ الْفَاضِحِ

التَرجمۃ والمطالب	ہم تجھ سے (اس) فتنہ میں پڑنے سے جو بسبب تعریف کرنے والے کے مبالغہ اور چشم پوشی کرنے والے

کے نظر نیچی کرنے سے (پیدا ہوتا ہے) ایسے ہی ہم کفایت چاہتے ہیں جیسے عیب گیر کی عیب گیری اور رسوا کرنے والے کی پردہ دری کا نشانہ بننے سے۔

تشریح لغات

لہ نستکفی اس کا مصدر استکفاء آتا ہے اور اس میں س ت طلب کے لیے ہے یقال کفی الشئی کفایۃ ای حصل بہ الاستغناء عما سواہ وکفی الشئ فلانا ای قنع فلان بذلک الشئی واستغنی بہ عن غیرہ وفی التنزیل کفی باللہ شہیدا ای شہادۃ اللہ تغنی عن غیرہا وکفی اللہ المومنین القتال وکفی بنا حاسبین وفسیکفیکہم اللہ از ضرب ؎۲ الافتنان اس میں دو لکھتے ہیں ایک تو افتنان بالناء اور دوسرا افتنان بالنون افتنان بالناء صحیح ہے بمعنے ہیں پڑنا اور افتنان یہ فتن محرکۃ سے ماخوذ ہوگا جس کے معنی شاخ کے ہیں۔ ہے والجمع افتان ومنہ یقال افننت الشجر اذا صارت ذات اغصان کثیرۃ اور افتنان بالناء کا ثلاثی مجرد ضرب سے آتا ہے یقال فتن الرجل فتنا وفتونا جب وہ فتنہ میں پڑے اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے وفی التنزیل وفتناک فتونا ومنہم من یقول ائذن لی ولا تفتنی واصل الفتن ادخال الذہب النار لتظہر جودتہ من روائتہ ؎۳ اطراء یہ تشدید سے نہیں ہے جیسا کہ نسخہ میں موجود ہے بلکہ یہ اطراء باب افعال سے ہے یقال اطراہ ای بالغ المدح ومنہ محاورۃ اہل الحرب یقال ای اثبنتہ ما بالغ فی المدح یقال طری طرادۃ وطراۃ وطرائۃ وطراءۃ ای صار بینا از کرم وسمع ومنہ لحما طریا طر یطر سے از فتح ؎۵ مادح یہ مدح سے مشتق ہے۔ از فتح مدح اور حمد میں یہ فرق ہے کہ مدح غیر حی کی بھی ہوتی ہے۔ اور حمد خاص حی کی ہوتی ہے اس کے لیے مجازا اس کا استعمال اوس معنی میں بھی ہوجاتا ہے ؎۶ اغضاء یہ مصدر ہے از افعال بمعنی چشم پوشی کرنا اور اصلی ان کے معنے تجاوز عن سیئات احد منہ کے ہیں یقال اغضی علی الامر ای سکت وصبر ؎۷ المسامح یہ سمح سے مشتق ہے از فتح بمعنے تساہل و درگذر کرنے والا واصلہ سمح یکذا سماحۃ وسموحۃ سماحا ای اجاد واعطی وسہل ویقال سامحہ فی الامر بالامر ای ساہلہ فیہ ذکرہ لہ ؎۸ الانتصاب مصدر ہے بمعنی کھڑا ہونا و نشانہ بننا و نصب ہونا و بلند ہونا و قائم ہونا و سامنے ہوجانا اور یہاں اس کے معنے لوگوں کے کلام کا نشانہ بننا ہے یقال نصبہ نصبا ای اقامہ از ضرب ویقال انتصب فلان جب کہ وہ نشانہ بنے اور سمع سے جو آتا ہے۔ اوس کے معنے تھکنے اور مشقت میں پڑنے کے آتے ہیں وفی التنزیل لا یمسنا فیہا نصب ولقد لقینا من سفرنا ہذا نصبا فاذا فرغت فانصب ؎۹ لازرا، یہ ناقص یائی ہے از ضرب اور یہ زری سے ماخوذ ہے بمعنی حقیر کرنا یقال زری بہ وزراہ ای احتقرہ، اور یہ کبھی متعدی بنفسہ بھی ہوتا ہے اور کبھی با سے بھی متعدی ہوجاتا ہے، یقال زری علیہ زریا وزرایۃ جب کہ اس کو حقیر کرے ویقال ازری علیہ ای عابہ وازدراہ　ای احتقرہ واستخف وفی التنزیل تزدری اعینکم ؎۱۰ القادح از فتح یہ قدح سے مشتق ہے بمعنے عیب وطعنہ یقال قدح فیہ ای عابہ ویقال قدح فی عرضہ یعنی اس کی آبرو کو بٹہ لگا دیا اور اوس کو طعنہ دیا منہ قدح فی نسبہ یعنی اوس کے نسب میں عیب لگایا ؎۱۱ ہتک یہ مصدر ہے از ضرب بمعنے پردہ دری اور یہ ستر کی ضد ہے یقال ہتک الستر جبکہ وہ پردہ پھاڑ دے وہتک اللہ ستر الفاجر جب کہ اوس کو رسوا کرے۔ ؎۱۲ الفاضح یہ فضح سے ماخوذ ہے از فتح بمعنے رسوا کرنا الفاضح وہو الذی شہر عیوبک (یعنی وہ شخص جو تمہارے عیب کی شہرت دے)

وَنَسْتَغْفِرُكَ مِنْ سُوْقِ الشَّهَوَاتِ. اِلٰى سُوْقِ الشُّبُهَاتِ. كَمَا نَسْتَغْفِرُكَ مِنْ نَقْلِ الْخُطُوَاتِ اِلٰى خِطَطِ الْخَطِيْئَاتِ، وَنَسْتَوْهِبُ مِنْكَ تَوْفِيْقًا قَائِدًا اِلَى الرُّشْدِ.

الترجمة والمطالب اور تجھ سے (اپنی) خواہشات نفسانی کے شبہات کے بازار کی طرف لے جانے سے ہم ایسے ہی پناہ اور معافی چاہتے ہیں جیسے کہ گناہوں کی زمین میں قدم بڑھانے سے اور ہم تجھ سے راہ ہدایت کی طرف لے جانے والی توفیق چاہتے ہیں۔

تشریح لغات لہ نستغفرک اس کا مصدر استغفار ہے۔ از استفعال اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور یہ ماخوذ غفر سے ہے معنے چھپانے کے ہیں از ضرب یقال غفر الشی غفراً ای سترہ وغفرلہ ذنبہ وغُفُراناً ومغفرۃ وغفوراً ای عفاعنہ ۲ہ سوق یہ مصدر ہے اس کے معنے ہنکانے کے آتے ہیں سوق اور قود میں فرق ہے سوق کے معنے پیچھے سے ہانکنے ہیں اور قود کے معنی گلے میں رسی ڈال کر آگے سے کھینچنا ومنہ القائد والسائق یقال ساقہ سوقاً وسیاقاً ومساقاً اذا حثہا علے السیر من خلف فہو سائق وا لجمع ساقۃٌ وسُوّاقٌ وسائقون از نصر وفی التنزیل کل نفس معہا سائق وشہید۔ الشہوات یہ شہوۃ کی جمع ہے اور شہوت کے اصلی معنے حرکۃ النفس طلباً للملائم کے ہیں یعنی نفس کا خواہشات کی طرف متوجہ ہونا اور یہ نصر سے آتا ہے یقال شہا یشہو واز سمع یقال شہی یشہی شہوۃ واشتہی الشی یعنی محبت کی اور شہوت کے معنے کبھی بری خواہش کے بھی آجاتے ہیں۔ من سوق الشہوات میں فاعل کی طرف اضافت ہے اس سے حرام شہوت مراد ہیں ای نستغفرک عن ان تسوق شہواتنا الی سوق الحرام وفی التنزیل ولکم فیہا ماتشتہی انفسکم ۳ہ سوق بمعنی بازار اور اس کی اصل تعریف یہ ہے ہو موضع فی المدن وغیرہا یُباعُ فیہ الامتعۃ وایضاً محلُّ البیع والشراء والجمع اسواق وفی التنزیل مال ہذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق ۴ہ الشبہات بحرکۃ وبالسکون یہ شبہۃ کی جمع ہے اور اصل میں شبہ کی یہ تعریف ہے ما یلتبس حِلُّہ بحرمتہ وَحقّہ بباطلہ وصحتہ بفسادہ ۵ہ نقل یہ مصدر ہے اس کے معنی منتقل کر دینے کے ہیں از نصر ۶ہ الخطوات قال استاذی مدظلہ العالی یہ خطوۃ کی جمع ہے بمعنے ایک قدم چلنا تو اس وقت یہ مَرَّۃٌ کے لیے ہوگا یا اس کے معنی محض قدم کے ہیں کما فی اساس المحکمات وقال الشارح معنے الخطوات بضم الخاء المعجمۃ مسافۃ ما بین القدمین والجمع خُطًی وخطُوات از نصر وفی التنزیل ولا تتبعوا خطوات الشیطان ۷ہ خطط یہ خِطَّۃٌ کی جمع ہے فِعلَۃٌ کے وزن پر اور فِعلَۃٌ کا وزن عموم کے لیے ہوتا ہے جیسے ہجۃٌ ومضغۃٌ وقال عمی المکرم مدظلہ اس کے دو معنے آتے ہیں اس کے اوّل معنی یہ ہیں الارض الذی نزلہا ولم ینزلہا احدٌ اور دوسرے اس کے معنی ہیں الارض التی یخطط الرجل لنفسہ (یعنی بادشاہ کسی کو خط کھینچ کر زمین دے) وعند استاذی المعنی الاول احسن وفی التنزیل ولا تخطّہ بیمینک یقال خط الشی خطاً ای کتبہ ورسم علیہ خطاً او علامۃ ۸ہ الخطیات یہ خطیئۃٌ کی جمع ہے ایک خطا ہے اور دوسرے اثم اور تیسرے ذنب اثم تو گناہ کبیرہ کو کہتے ہیں اور خطا گناہ صغیرہ کو اور ذنب عام ہے وفی التنزیل احاطت بہ خطیئۃ ومن یکسب خطیئۃ او اثما الخ اور خطیئۃ کی جمع خطایا بھی آتی ہے واصلہ خطی خطاءً ای ضد اصاب وخطی خطاءً وخطاءۃً ای اتی بذنب وضلّ از سمع ۹ہ نستوہب اس کا مصدر استیہاب ہے اس کے معنی ہبہ طلب کرنے کے ہیں۔ یقال وہب الرجل مالا دوہب لہ مالاً وہبا دہبۃً دھو ہبۃ ای عطاہ بلاعوض وفی التنزیل ووہبنا لہ اسحاق ویعقوب والحمد للہ الذی وہب لی علی الکبر اسماعیل واسحاق۔ ایک توفیق ہے۔ اور دوسرا رشد تیسرا رشاد ان میں فرق ہے رشد کہتے ہیں۔ الاستقامۃ علی طریق الحق مع استقامۃ تام کو اور رشاد کہتے ہیں ہو العمل بموجب العقل اور توفیق کہا کرتے ہیں کسی خیر کام کے لیے اسباب کا مہیا کر دینا رشد عام ہے اور توفیق خاص لان اللہ تعالیٰ ارشد الکفار بالرسل ولم یوفقہم اللہ توفیقا از حسب یحسب یقال وفق الامر ونفّاً ای صار صواباً موافقاً للمراد ووفق الامر ای صادفہ موافقا ووفقہ اللہ للخیر ای ہداہ والہمہ وفی التنزیل وما توفیقی الا باللہ ۱۰ہ قائداً ای جالباً الی الہدایۃ والقودُ نقیض السوق از نصر یقال قاد یقود قوداً وقیاداً وقیاداۃً وقیادۃً ومقادۃً وقیدودۃً یعنی اوس کی

تکیل یا رسی پکڑ کر وہ آگے چلا۔ الرشد یہ مصدر ہے بمعنی ہدایت یہ غیٌ کی نقیض ہے یقال رَشَدَ رُشداً ای اہتدیٰ و استقام از نصر و سمع وفی التنزیل قد تبین الرشد من الغی وَتعلمُ وَیرَشدون وفان آنستم منہم رُشداً ولقد آتینا ابراہیم رشدہ من قبل اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ رشد بالفتح یہ رشد سے خاص ہے اس لیے کہ رُشد کا اطلاق امور دینوی اور اُخروی پر ہوتا ہے اور رَشَد (بالفتح) کا اطلاق نفقط امور اخروی پر ہوتا ہے ومنہ الراشد والرشید وفی التنزیل اولئک ہم الراشدون وما امر فرعون برشید۔

وَقَلْبًا مُتَقَلِّبًا مَعَ الْحَقِّ۔ وَلِسَانًا مُتَحَلِّيًا بِالصِّدْقِ وَنُطْقًا مُؤَيَّدًا بِالْحُجَّةِ۔ وَاِصَابَةً ذَائِدَةً عَنِ الزَّيْغِ۔ وَعَزِيمَةً قَاهِرَةً عَنْ هَوَى النَّفْسِ۔ وَبَصِيرَةً نُدْرِكُ بِهَا عِرْفَانَ الْقَدْرِ ۔

الترجمۃ والمطالب اور حق کے ساتھ (طرف) پھر جانے والا دل ہو اور سچائی سے آراستہ زبان ہو اور دلیلوں سے مضبوط گفتگو ہو اور امر حق جو کجروی سے بچانے والا ہو اور خواہشات نفسانی پر غالب آ جانے والا ارادہ اور نورانی بصیرت (یعنی قلب کی روشنی) عطا فرما جس کے ذریعہ سے ہم مرتبہ کو پہچانیں۔

تشریح لغات لہ قلبا قلب کے معنی دل کے ہیں اور چونکہ دل میں خیالات پلٹتے رہتے ہیں اس لیے اس کے معنے پلٹنے کے آجاتے ہیں اور حدیث میں ہے قلب الانسان بین اصبعی الرحمٰن یقلب کیف یشاء اور اسی سے شاعر کا شعر ہے۔

وما سمی الانسانُ الا لانسہٖ ۞ وما القلبُ الا انہ یتقلبُ، قلب کی جمع اقلبُ قلوب آتی ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ قلب اور فؤاد ایک ہے اور قلب کے معنے علم اور روح اور شجاعت کے بھی آجاتے ہیں وفی التنزیل وبلغت القلوب الحناجر ای الارواح وان فی ذلک لذکریٰ لمن کان لہ قلبٌ ای علم وفہم وتطمئن بہ قلوبہم ای لتثبت بہ شجاعتکم ویزول خوفکم واصلہ قلب الشئ قلباً ای حَوَّلہٗ عن حالتہ از ضرب منہ انقلب بمعنی انصرف ؎ مع، یہ کلمہ ہے جو مصاحبت اور اجتماع پر دلالت کرتا ہے اور یہ اسم ہے کبھی ساکن اور کبھی منون پڑھا جاتا ہے کقولہم جاؤا معاً وقال الزجاج فی قولہ انا معکم یہاں یہ ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے ؎ الحق مصدر ہے یہ باطل کی ضد ہے بمعنے یقین، انصاف موجود ثابت والجمع حقائق وحقوقٌ وفی التنزیل ولا تلبسوا الحق بالباطل اور حق اور صدق میں فرق اس کے ضد کے اعتبار سے ہے یعنی صدق کی ضد کذب ہے اور حق کی ضد باطل ہے اور بعضوں نے یہ فرق بیان کیا ہے کہ حق خارج کا مطابق ہوتا ہے اس چیز سے جو ذہن میں ہے اور صدق اس کا عکس ہے واصلہ حق یحقٌ بمعنے ثبت از ضرب وفی التنزیل الحاقۃُ ما الحاقۃ ای القیامۃ اس لیے کہ قیامت یقین سے ثابت ہے اور ثواب کی یہ تعریف ہے ہو الامر الثابت الذی لا یسوغ انکارہ اور بعضوں نے حق اور صدق میں یہ فرق کیا ہے کہ حق کا اطلاق اعتقادیات پر ہوتا ہے اور صدق کا قول پر واللہ اعلم ؎ لسانا قدمر تحقیقہ لسان آلہ نطق یعنی بات کو کہتے ہیں والجمع الُسنٌ والسنۃ ولُسُنٌ ولسانات اور اس کے معنی زبان کے بھی آتے ہیں ؎ متحلیاً یہ حلاوت سے ماخوذ ہوتا ہے تو اس کے معنی شیرینی کے ہوتے ہیں یقال تحلی ای صار ذا حلاوۃ اور کبھی یہ حلیہ سے مشتق ہوتا ہے بمعنی ہیبت ومنہ تحلی بمعنے زینت یقال حُلیتِ المرأۃ حَلیاً۔ وفی التنزیل من حلیہم عجلاً الخ ویحلون فیہا من اساور من ذہب ؎ بالصدق یہ کذب کی نقیض ہے یقال صَدَق یصدق صدقاً وصِدقاً ای نقیض کذب از نصر ویقال صدق فی وعدہ ای انفذہٗ وصدقہ النصیحۃ او المحبۃ ای اخلصہا وصدقہ الحدیث ای انباہٗ بالصدق وصدق فی الحملۃ یعنی اس نے بہادری کا اظہار کیا ؎ نطقا نطق کا اطلاق کلام اور سمجھ اور کلمات کے معلوم کرنے پر کیا جاتا ہے اور عرف میں بولنے کو کہتے ہیں

وفی التنزیل مالکم لاتنطقون یقال نطق نطقاً ومنطقاً ونطوقاً جب کہ وہ آواز اور حروف کے ساتھ زبان سے کلام کرے از ضرب ومنہ الناطق بولنے والا ومنہ المنطق ۸؎ مؤیّداً یہ اید سے مشتق ہے اس کے معنی قوی اور سخت قوت کے ہیں اس کا مصدر تایید ہے وفی التنزیل واذ ایدتک بروح القدس یقال آدیئید ایداً وآداً ای اذا اشتد وصلب از ضرب وفی التنزیل والسماء بنیناها بایدٍ ای بقوۃٍ واذکر عبدنا داؤد ذا الاید ای ذاالقوۃ ولا یؤدہ حفظهما ای لا یثقلہ اور یہ لایؤدُ اَودٌ سے مشتق ہے اس کے معنے بھاری ہونے کے آتے ہیں از نصر ۹؎ بالحجۃ بمعنے برہان دلیل وغلبہ اور دلیل کو حجت اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے مقابل پر غالب آجاتا ہے اور اس کی جمع حجج وحجاج آتی ہے از نصر ویقال حاجّہ۔ فحجّہ ای نازعہ فغلب علی وفی التنزیل فللہ الحجۃ البالغۃ وتلک حجتنا ۱۰؎ واصابۃ اس کے اصلی معنی الوصول الی الثواب کے ہیں اور مجرد صاب یصوب صوباً وصیبوبۃ از نصر بمعنی صواب کے پہنچنے کے ہیں اور یہ خطا کی ضد ہے یقال صاب السہم نحو الرمیۃ واصابہ ای اتجہ ولم یخطی ۱۱؎ ذائدۃ بالذال بمعنی دافعۃ دفع کرنے والا و روکنے والا از نصر یقال زدتہ عن کذا ای دفعتہ ومنعتہ اور ایک ذو دقعۃ میں ہے جو خاص معنی کے لیے مستعمل ہے اور ضرب سے آتا ہے اوس کے معنی بڑھ جانے اور زیادہ ہونے کے آتے ہیں ۱۲؎ الزیغ بمعنے حق سے باطل کی طرف پھر جانا اور کج ہونا یقال زاغ یزیغ (از ضرب) زیغا وزیغانا وزیغونۃ ای مال وفی التنزیل مازاغ البصر وما طغی ۱۳؎ عزیمۃ بمعنے موکد ارادہ اور اس کے اصلی معنی حق اور واجب کے بھی آجاتے ہیں والجمع عزمات ۱۴؎ قاہرۃ کے معنے غالب ہو جانے کے آتے ہیں جب کہ اس کے صلہ میں علے آئے یا متعدی بنفسہ ہو اس لیے یہاں عن غلط ہے ے یقال قہرہ قہراً ای غلبہ اور یہ فتح سے آتا ہے وفی التنزیل فاما الیتیم فلا تقہر۔ ہوی بمعنے عشق، محبت، خواہش و مائل ہونا از سمع والجمع اہواءٌ اور امام راغب یہ فرماتے ہیں۔ ہوی کے معنے نفس کا خواہش کی طرف مائل ہونا اور ہوی یہوی ہویاً بالضم کے معنے چھیڑنے کے آتے ہیں اور ہویاً بالفتح کے معنے اترنے کے آتے ہیں۔ اور بعضوں نے اس کا عکس کر دیا ہے اور ہُوِیّاً کے معنے تیز رفتاری کے بھی آتے ہیں وفی التنزیل فاجعل افئدۃ من الناس تہوی الیہم نفس بمعنی روح۔ خون۔ جسم وعظمت وارادہ اور جب اس کے معنے روح کے ہوں گے تو یہ مونث ہوگا اور جب جسم مراد ہوگا۔ تو مذکر ہوگا والجمع انفسٌ ونفوسٌ ۱۵؎ بصیرۃ بصیرت اور بصر میں بعضوں نے فرق کیا ہے بصیرت تو قلب کا فعل ہے اور بصر حاسہ کا فعل ہے والجمع بصائر از کرم وفی التنزیل بصرت بمالم یبصروا بہ ویقال ابصرت بالعین وبَصُرتُ بَصَراً اور بَصارۃً جب کہ اس کو قلب سے دیکھے ۱۶؎ ندرک از افعال اور ادراک مصدر بمعنی پالینا یقال ادرک المسئلۃ جب کہ وہ اس کو جان لے وادرک الشئ ببصرہ جب کہ اوس کو دیکھے اس کے معنے پیچھے سے پکڑ لینے اور میوہ پک جانے کے بھی معنی آتے ہیں ۱۷؎ عرفان علم اور معرفت کے معنے میں آتا ہے بعضوں نے فرق بیان کیا ہے علم کہا کرتے ہیں کلیات کے جاننے کو اور معرفت جزئیات کے جاننے کو از ضرب وقال بعضہم انّ العرفان والمعرفۃ ادراک الشئ بتفکر وتدبر یا ثرہ اور یہ علم سے خاص ہے اور اس کی ضد انکار ہے یقال فلان یعرف اللہ ولا یقال یعلم اللہ لانہ تعالیٰ یدرک باثارہ لا بذاتہ وفی التنزیل فلما جاءہم ماعرفوا فعرفہم وہم لہ منکرون اور علم کی ضد جہل بھی ہے ومنہ المعروف والمعارف ۱۸؎ القدر بمعنے مبلغ شئ وطاقت وعزت وبزرگی ووقار ومرتبہ اور کسی چیز کا دوسری چیز کے بغیر کمی زیادتی کے بالکل برابر ہونا از ضرب یقال قدر قدراً جب کہ وہ مرتبہ کو پہچانے وفی التنزیل قد جعل اللہ لکل شئ قدراً۔

وَاَنْ تُسْعِدَنَا بِالْهِدَايَةِ إِلَى الدِّرَايَةِ۔ وَتَعْضُدَنَا بِالْإِعَانَةِ عَلَى الْإِبَانَةِ وَتَعْصِمَنَا مِنَ

الْغَوَايَةِ فِي الرِّوَايَةِ۔ وَتَصْرِفَنَا عَنِ السَّفَاهَةِ فِي الْفُكَاهَةِ۔

الترجمۃ والمطالب اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ علم اور سمجھ کا راستہ دکھا کر ہماری (امداد) اور مشکلات دور کرنے میں سہارا دے کر تو ہماری مدد کر اور ہمیں روایت (پچھلی باتیں دھراتے) میں گمراہ ہونے سے بچا اور ہم کو مزاح میں جہالت پر اتر آنے سے تو روک۔

تشریح لغات لہ تسعدنا از باب افعال اسعاد اس کا مصدر بمعنی موافقت کرنا و مدد کرنا اور اس کے معنی سعید بنانے کے بھی آتے ہیں یقال اسعدتہ ای وافقتہٗ و اعنتہٗ وجعلتہ سعیدًا والمساعدۃ المعاونۃ فیمایظن بہ سعادۃ والسعادۃ معاونۃ الامور الآلہیۃ للانسان علے نیل الخیر اور سعادت کی ضد شقاوت ہے از سمع وفی التنزیل فمنہم شقی وسعید اور فتح سے اس کے معنی بابرکت ہونے کے آتے ہیں۔ یقال سعد سعدًا وسعودًا جب کہ وہ بابرکت ہو ؂ بالہدایۃ بمعنے ہدایت کرنا اور کسی کو وہ چیز بتلا دینا جو مطلوب تک پہنچا دے اور یہ ضلالت کی ضد ہے اور یہ متعدی بنفسہ ہوتا ہے۔ جیسے اہدنا الصراط المستقیم و ہدیناہ النجدین اور یہ کبھی لام کے ذریعہ سے متعدی ہوتا ہے جیسے الحمد للہ الذی ہدانا لہذا وقل اللہ یہدی للحق اور کبھی الیٰ کے ذریعہ سے متعدی ہوتا ہے جیسے اہدنا الی سواء الصراط از ضرب ؂ الدرایۃ بمعنے جاننا اور تکلف ومشقت سے جاننا درایت اور فہم میں تھوڑا سا فرق ہے درایت خاص ہے اور فہم عام درایت ملکہ سمجھ کو کہتے ہیں اور فہم ایک بات کے سمجھنے کو اور درایت کا اطلاق اللہ کے علم پر جائز نہیں ہے یقال دری الشئ وبالشئ دریًا ودرایۃً ودریۃً دور یانًا جب کہ وہ جانے از ضرب وفی التنزیل وان ادری لعلہٗ فتنۃ لکم وماکنت تدری ماالکتاب وماادراک ماالیلۃ القدر ؂ تعضدنا یہ عضد سے مشتق ہے بمعنی بازو از نصر بمعنی اعانت و مدد کرنا یقال عضدہ عضدًا ای اعانہ ؂ بالاعانۃ یہ مصدر ہے بمعنی مدد کرنا یقال اعانہ علی الشئ یعنی اوس نے مدد کی از نصر وفی التنزیل فاعینونی بقوۃ واعانہ علیہ قوم آخرون اور استعانت کے معنے مدد چاہنے کے آتے ہیں واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ ؂ ابانۃ یہ مصدر ہے بمعنے بیان کرنا و وضاحت کرنا یقال ابان الشئ ای اوضحہ از افعال ؂ تعصمنا یہ عصمت سے ماخوذ ہے بمعنے بچانا و محفوظ رکھنا یقال عصمہٗ عصمًا ای منعہ وحفظہ از ضرب وفی التنزیل سآوی الی جبل یعصمنی من الماء ؂ غوایۃ یہ مصدر ہے بمعنی گمراہی غوایت اور غباوت میں فرق ہے غوایت کہتے ہیں سمجھ ہو مگر ٹیڑھی ہوا اور غباوت کہا کرتے ہیں جس میں سرے سے سمجھ ہی نہ ہو از ضرب وسمع وفی التنزیل وعصٰی آدم ربہ فغوٰی ای جہل وقیل خاب وقیل فسد عنہ یقال غوی غیًا غوایۃ ای ضل وہلک وخاب واغواہ ای اضلہ ؂ الروایۃ روایت کے یہ معنی ہیں نقل الکلام عن المروی عنہ الی المروی علیہ اور کبھی اس کے معنی کلام کے بھی آجاتے ہیں از ضرب یقال روی یروی روایۃً بمعنے کلام نقل کرنا ورد ے الحدیث یعنی حدیث نقل کی ؂ تصرفنا صرف اس کا مصدر ہے از ضرب بمعنی رد کرنا ودفع کرنا اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا وفی التنزیل ثم انصرفوا صرف اللہ قلوبہم ؂ السفاہۃ بمعنے جہالت کے ساتھ بیوقوفی و بمعنے بداخلاقی و جہالت از سمع یقال سفہ یسفہ سفہًا بمعنے جہالت کے ساتھ اس نے بیوقوفی کی وفی التنزیل ولا تؤتوا السفہاء اموالکم اور سفیہ کے معنے بداخلاق اور بیوقوف کے ہیں والجمع سفاہ وسفہاءٗ اور نصر سے اس کے معنے ذلیل اور حقیر کرنے کے بھی آتے ہیں یقال سفہ سفہا جب کہ اوس کو ذلیل اور حقیر کرے اور کرم سے اس کے معنی جاہل اور سفیہ ہونے کے آتے ہیں یقال سفہ سفاہۃً وسفاہًا جب کہ وہ جاہل اور سفیہ ہو ؂ الفکاہۃ بمعنی مذاق، ہنسی، دل لگی، خوش طبعی

فکاہت اورظرافت میں کچھ تھوڑا سا فرق ہے فکاہت کہا کرتے ہیں مزے کی باتیں کرنا خواہ اوس سے نفع ہو یا نہ ہو بخلاف ظرافت کے اس میں نفع ہو اور علم کی بات ہو وفی التنزیل فظلتم تفکھون ای تعاطون ای تعاطون الفکاہتہ وقیل تتناولون الفاکہتہ یقال نکہ الرجل فکہا دفکاہتہ ای کان طیب النفس مزاحاً ضحوکاً مضحکاً از سمع ویقال فلان من افکہ الناس۔ یعنی بہت زیادہ مزاح کرنیوالا

حَتّٰی نَأمَنَ حَصَائِدَ الْاَلْسِنَةِ۔ وَنُكْفٰی غَوَائِلَ الزَّخْرَفَةِ۔ فَلَا نَرِدَ مَوْرِدَ مَأْثَمَةٍ۔ وَلَا نَقِفَ مَوْقِفَ مَنْدَمَةٍ۔ وَلَا نُرْهَقَ بِتَبِعَةٍ وَلَا مَعْتَبَةٍ۔ وَلَا نُلْجَأَ اِلٰی مَعْذِرَةٍ عَنْ بَادِرَةٍ۔

الترجمۃ والمطالب یہاں تک کہ ہم زبان کی تراشی ہوئی (بیہودہ گوئی) اور چکنی چپڑی باتوں کے شر سے ہم محفوظ رکھے جائیں پس نہ تو ہم گناہ کی جگہ اتریں اور نہ ہم پشیمانی کی جگہ کھڑے ہوں نہ ہم بدانجامی اور خفگی کے ساتھ ماخوذ ہوں اور نہ ہم کو بے سوچے سمجھے کوئی بات کہہ کر اوس کے عذر کرنے کی ضرورت واقع ہو۔

تشریح لغات ۱؎ نامن یہ امن سے ماخوذ ہے بمعنی مطمئن و بے خوف ہونا یقال امن اَمْناً واَمْناً واماناً وامانۃً بمعنے مطمئن و بے خوف ہوا از سمع اور ایک امانت ہے جو خیانت کی ضد ہے وہ کرم سے آتا ہے اور ایک ایمان ہے جو کفر کی ضد ہے ۲؎ حصائد یہ حصیدۃ کی جمع ہے وہ کھیتی جو کاٹی جائے

اور حصائد السنۃ سے مراد وہ برا کلام ہے جو غیر شخص کے بارے میں کہا جائے از ضرب ونصر ویقال احتصد الزرع جب کہ درانتی وغیرہ سے اوس کو کاٹے ۳؎ نکفے اس کا مصدر کفایت آتا ہے از ضرب بمعنی کافی ہونا ۴؎ غوائل یہ غائلۃٌ کی جمع ہے بمعنی حادثہ اور ہلاک کرنے والی مصیبت واصلہ، غالہٗ غولاً ای اہلکہ من حیث لا یدری از نصر یعنی اچانک اور غفلت سے جبکہ کسی کو قتل کر دے ۵؎ الزخرفۃ بمعنے کلام کو جھوٹ سے مزین کرنا اور خوف سے ماخوذ ہے جس کے معنے سونے کے ہیں اور چونکہ سونے میں زینت ہوتی ہے اس لیے اب اس کے معنی کلام کو جھوٹ سے مزین کرنے کے ہو گئے ہیں وفی التنزیل حتیٰ اذا اخذت الارض زخرفہا ای زینتہا بالانوار ۶؎ فلا نرد یہ ورود سے مشتق ہے ورود کے معنی وارد ہونا اترنا اور پانی پینے کے لیے گھاٹ پر پہنچنا اور ورود کا مقابل صدور ہے جس کے معنے گھاٹ پر سے لوٹنے کے ہیں از ضرب یقال ورد یرِدُ وروداً بمعنی پانی پر آنا ۷؎ مورد بمعنے جائے ورود اور پانی کا گھاٹ اور پانی کا راستہ والجمع موارد وفی التنزیل فلما ورد ماء مدین۔ وفی الحدیث اتقوا لبراز فی الموارد ای الطرق ۸؎ ماثم بمعنے گناہ وخطا جس کا کرنا درست نہ ہو اور اثم بمعنے گناہ والجمع آثام اور ماثم کی جمع ماثِم آتی ہے واصلہٗ اِثْمَ اِثْماً واثاماً ماثماً ای فعل مالایحل فعلہ از سمع۔ اثم اور عقاب میں تھوڑا سا فرق ہے اثم وہ ہے۔ جو برا کام انسان کرے اور عقاب وہ ہے جو برا کام انسان کرے اور اس میں گناہ بھی ہو اور یہ گناہ اوس سے کبھی قصداً ہو جاتا ہے اور کبھی سہواً ۹؎ ولا نقف وقوف اس کا مصدر ہے بمعنی ٹھہرنا رکنا اور یہ جلوس کی ضد ہے از ضرب اور یہ لازم اور

متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے اور اس کے معنی سکون حاصل کرنے کے بھی آتے ہیں اور فقہاء کے نزدیک اس کے معنی اور آتے ہیں اور اسی طرح عروض والوں کی اصطلاح میں وقف کے اور معنے آتے ہیں یقال وقف وقفاً و وقوفاً بمعنے وہ ٹھیرا ومنہ الموقف بمعنے ٹھیرنے کی جگہ و فی التنزیل وقفوھم انھم مسئولون ۹ مندمۃ ندامت کے معنے پشیمان ہونا افسوس کرنا توبہ کرنا اور اس کے معنے رائے کے بدلنے کی وجہ سے افسوس کرنے کے بھی آتے ہیں یقال ندم علی الشئی ندماً و ندامۃً جب کہ وہ پشیمان ہوا اور افسوس کرے از سمع ۱۰ مندمۃ کے معنے وہ چیز جو پشیمانی میں مبتلا کرے و فی التنزیل فاصبح من النادمین ۱۱ ولا ترھق یہ ارہاق سے مشتق ہے بمعنے تکلیف مالا یطاق کے ہیں اور اس کے معنی بیوقوف ہونے اور برا فعل کرنے اور ظلم کرنے کے آتے ہیں۔ و فی التنزیل فلا یخاف بخسا ولا رھقا ای ظلماً یقال رھقہ رھقا ای غشیہ از سمع و فی التنزیل لا یرھق وجوھھم قتر ولا ذلۃ و فی التنزیل فزادوھم رھقاً ای سفھاً و طغیاناً ۱۲ بتبعۃ بمعنے برے انجام والجمع تبعات از سمع یقال تبعتہ تبعاً و تباعاً و تباعۃً ای تفوت اثرہ یعنی کسی کے ساتھ چلنا اور تابعدار ہونا و فی التنزیل فمن تبع ھدای ۱۳ معتبۃ بمعنے غصہ و عتاب یقال عتب عتباً و عتاباً و معتبۃ یعنی اوس نے اوس پر غصہ کیا از ضرب و نصر ۱۴ ولا تلجا اس کا مصدر الجاء ہے بمعنے مجبور کرنا مضطر کرنا یقال الجاء الیہ لجاء از فتح ای لاذ الیہ واعتصم بہ واعتضد بہ والجاء ہ الی کذا ای اضطرہ الیہ معذرۃ یہ عذر سے مشتق ہے بمعنے ہی الحجۃ التی یعتذر بہا بمعنے عذر کرنا والجمع معاذیر و فی التنزیل ولو القیٰ معاذیرہ عذر وہ ہے جو انسان اپنے قصور کا اقرار کرے جس سے اس کی غلطی معاف ہو جائے اس عذر کی تین قسمیں ہیں یا تو وہ یہ کہے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا یا اس کے کرنے کی وجہ بتلائے یا یہ کہے کہ میں نے کیا اب میں نہیں کروں گا یہ تیسری صورت توبہ کی ہے پس ہر توبہ عذر ہو سکتا ہے اور اس کا عکس نہیں۔ یقال اعتذرت ای اتیت بعذرۃ و عذرتہ عذراً او معذرۃ ای قبلت عذرہ از ضرب و فی التنزیل یعتذرون الیکم یہ بادرۃ یہ اصل میں صفت ہے اس میں اسمیت کی تغلیب و صفیت پر ہو گئی وہ کلام جو انسان غصہ کی حالت میں زبان سے بے اختیاری میں کہے یقال بدرت الیہ و بادرت ای اسرعت از نصر و فی التنزیل لا تا کلوا اسرافاً و بداراً ای مسارعۃ اور بادرۃ کی جمع بوادر آتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ حَقِّقْ لَنَا ھٰذِہِ الْمُنْیَۃَ۔ وَاَنِلْنَا ھٰذِہِ الْبُغْیَۃَ۔ وَلَا تُضْحِنَا عَنْ ظِلِّکَ السَّابِغِ وَلَا تَجْعَلْنَا مُضْغَۃً لِلْمَاضِغِ۔ فَقَدْ مَدَدْنَا اِلَیْکَ یَدَ الْمَسْئَلَۃِ۔ وَبَخَعْنَا بِالْاِسْتِکَانَۃِ لَکَ وَالْمَسْکَنَۃِ۔

الترجمۃ والمطالب اے خدا تعالیٰ تو ہماری یہ آرزو پوری کر اور ہمارا یہ مطلب پورا کر اور اپنے ہر چیز پر اپنے چھائے ہوئے سائے سے تو ہمیں جدا نہ کر۔ اور چبانے والے (حاسد) کے واسطے ہم کو گوشت کا ٹکڑا (باعث حسد) نہ بنا ہم تیری طرف سوال کا ہاتھ بڑھائے ہوئے ہیں اور ہم تیرے سامنے اپنی عاجزی اور بیچارگی کا اقرار کر چکے ہیں۔

تشریح لغات

۱ے اللہم اس کی تحقیق کی جا چکی ہے پھر اللہم کی تکرار کی گئی ہے یہ ندا پر بھی مستعمل ہوتا ہے اور تمکین الجواب فی نفس السامع کے موقع کے لیے بھی آتا ہے اور استثنا وامر عجیب کے لیے بھی ای اللہم ان یکون ہذا ۲ے فحقق ہیں فا فصیحتہ ہے اور یہاں شرط محذوف ہے ای اللہم ان کان ہذا ہو الحق الخ ۳ے البنیۃ بمعنے آرزو وہی ما تمنیٰ الرجل والجمع مُنیٰ والامنیۃ الصورۃ الحاصلۃ فی النفس من الشیٔ والجمع امانی از ضرب اور بعضوں نے مُنیۃ اور اُمنیۃ میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ مُنیۃ چھوٹی باتوں کو اور امنیۃ بڑی باتوں کو کہتے ہیں واللہ اعلم ۴ے انلنا انالۃ اس کا مصدر ہے اور یہ نَالَ ینال سے ماخوذ ہے اس کا مصدر نیل ہے یہ یائی ہے از ضرب بمعنے دینا و پانا یا یہ نَوَلۃ سے ماخوذ ہے بمعنے عطاء جید بنا۔ یقال نلت الشیٔ نیلا و نالاً و نالۃ فانلتہ ایاہ و انلت لہ وفی التنزیل وہموا بما لم ینالوا ولن ینال اللہ لحومہا ولا دِمائُہا۔ ولا ینالون من عدو نیلاً ۵ے البغیۃ بمعنے حاجت، مقصود۔ مطلوب از ضرب یقال بغے یبغی بغاء بغیاً و بُغیٰ و بغیۃ و بغیۃ یعنی اس کو طلب کیا۔ بغی کی دو قسمیں ہیں ایک بغی محمود ہے عدل کا احسان کی طرف تجاوز کرنا اور فرض کا نفل کی طرف تجاوز کرنا اور دوسری قسم بغی مذموم ہے حق کا باطل کی طرف تجاوز کرنا وفی التنزیل یبغون فی الارض بغیر الحق تو یہاں بغی کو بغیر الحق کے ساتھ خاص کیا گیا ہے اور بغی کبھی بغیر صلہ کے بھی آتا ہے اور کبھی صلہ سے اور کبھی علے بھی اس کے صلہ میں آتا ہے ۶ے ولا تفضحنا یہ افضح یفضح سے جو فضح سے مشتق ہے بمعنے زائل کرنا اس کے بعد کبھی عن نہیں آتا ہے اور اگر آتا ہے تو اس کے اندر تضمین ہو جاتی ہے یقال ضحے ضحواً و ضحوّاً و ضحیّاً ای ابرز الشمس واصابتہ الشمس یعنی ظاہر ہونا اور دھوپ میں آنا و ضحا الامر ای بدا و ظہر و ضحی ضحےً و ضحاءً ای اصابہ الشمس و برز للشمس از سمع وفی التنزیل انک لا تظمأ فیہا و لا تضحےٰ۔ والشمس و ضحاہا۔ والاعشیّۃ او ضحاہا ومنہ الضحے اس وقت کہ سورج نکلے ومنہ الضحاء چاشت کا وقت ۷ے ظلک ظل۔ بمعنے سایہ۔ والجمع اظلالٌ و ظلالٌ و ظللٌ و ظلولٌ وفی التنزیل یتفیّؤ ظلالہ و ظللٌ من النار و ظلالہم بالغدو والاصال ظل اور فیٔ میں فرق ہے ظل وہ سایہ جو گھٹتا اور بڑھتا ہو اور فیٔ اصل سایہ کو کہتے ہیں وقال بعضہم الظل ما کان قبل الشمس ضد الضحے والفیٔ بعد الزوال۔ یقال ظلُّ الجنۃ ولا یقال فیہا لان الشمس لا تعاقب ظلہا۔ وظلّ یظلّ از سمع ظلالہ جبکہ سایہ کرے ۸ے السابغ والجمع سوابغ از نصر یقال اسبغ اللہ علیہ النعمۃ یعنی تمام کی سابغ بمعنے کامل اور پورا ۹ے ولا تجعلنا از فتح جعل بمعنے کام کرنا اور جعل کے معنے خلق کے بھی آتے ہیں جیسے الحمد للہ الذی جعل کل شیٔ ای خلق کل شیٔ اور اس کے معنے اعتقاد کے بھی آتے ہیں تو یہ اس وقت متعدی بدو مفعول ہوتا ہے جیسے وجعلوا الملٰئکۃ الذین ہم عباد الرحمٰن الخ اور وضع اور اعطے کی معنی میں بھی آتا ہے جیسے واجعل لی لسان صدق مُضغۃٌ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا جو دانت سے چبایا جائے وفی التنزیل فخلقنا العلقۃ مضغۃً والجمع مضغ از فتح و نصر ۱۰ے مدد کرنا اس کا مصدر مدٌّ ہے۔ از نصر یقال مدّ یمدّ مدّاً جب کہ وہ ہاتھ بڑھائے یقال مدّ یدہ و مدّ اللہ عمرہ اللہ اس کی عمر دراز کرے اور مدّ کا استعمال زیادہ تر مکروہ میں ہوتا ہے۔ جیسے قرآن شریف میں ہے نمدّ لہ من العذاب مدّاً و یمدہم فی طغیانہم یعمہون ۱۱ے ید بمعنے ہاتھ وقال ابو اسحاق الید من اطراف الاصابع الی الکف اور یہ مؤنث ہے اس کا لام کلمہ محذوف ہے اور یہ اصل میں یدیٌ تھا اس کی جمع ایدٍ و یدیٌّ آتی ہے اور اس کے معنے احسان کے بھی آتے ہیں تو اس کی جمع اَیادی آتی ہے اور ایادی یہ جمع کی جمع ہے ۱۲ے المسئلۃ یہ سوال سے مشتق ہے از فتح یقال سال یسال سؤالاً و مسئلۃً جب کہ وہ سوال کرے اور مانگے اور مسئلہ کی جمع مسائل آتی ہے اور یہ متعدی بنفسہ ہوتا ہے اور دو مفعولوں کی طرف بھی متعدی ہوتا ہے جیسے سالتُ اللہ نعمۃً اور یہ جب استخبار کے معنے میں مستعمل ہوتا ہے تو مفعول اول کی طرف بنفسہ

اور ثانی کی طرف عن کے ذریعہ سے متعدی ہوتا ہے جیسے سالتہ عن حالہ اور کبھی اس میں ہمزہ حذف ہوجاتا ہے جیسے سال یسال خاف یخاف کی طرح ومنہ السائل بمعنے بھکاری فقیر، مانگنے والا و بخشش طلب کرنے والا اور سائل کی جمع سائلون آتی ہے فی التنزیل سأل سائل الخ ؎ نجعنا۔ نجع یبخع فتح بمعنے ذلیل ہونا اور سمع سے آتا ہے تو اس کے معنے عاجزی سے اقرار کرنے کے ہوتے ہیں یقال نجع نجعتہ ای اقر، ونجع نفسہ ای قتل نفسہ وفی التنزیل فلعلک باخع نفسک علی آثارہم ؎ بالاستکانۃ اس کے معنے عاجزی اور ذلت کے ہیں۔ اور یہ استفعال کے وزن پر ہے اس کی اصل کو ن ہے یعنی کان یکون کونا معنے وجداز نصر یقال استکان ای ذلّ وخضع اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اس کی اصل کین ہے اور کین کے معنے لحم الفرج کے ہیں ای صار مثلاً فی الحقارۃ والتذلل اور بعض یہ فرماتے ہیں اس کی اصل سکون ہے اور استکان افتعال کے وزن پر ہے وفی التنزیل فما ضعفوا وما استکانوا۔ والمسکنۃ بمعنے فقر، و ذلت وضعف و بیچارگی یقال سکن وسکن سکونۃ ای صار مسکیناً از نصر و کرم وفی التنزیل ضربت علیہم الذلۃ والمسکنۃ۔

وَاسْتَنْزِلْنَا كَرَمَكَ الْجَمَّ. وَفَضْلَكَ الَّذِيْ عَمَّ. بِضَرَاعَةِ الطَّلَبِ وَبِضَاعَةِ الْاَمَلِ ثُمَّ بِالتَّوَسُّلِ بِمُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْبَشَرِ. وَالشَّفِيْعِ الْمُشَفَّعِ فِي الْمَحْشَرِ. الَّذِيْ خَتَمْتَ بِهِ النَّبِيِّيْنَ وَاَعْلَيْتَ دَرَجَتَهٗ فِيْ عِلِّيِّيْنَ۔

الترجمۃ والمطالب اور ہم تیری بے انتہا بخشش اور تیری عام بزرگی کے نزول سے پہلے تو ہم اپنی عاجزی طلب اور امید کی پونجی (کا اظہار کرتے ہیں) پھر ہم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے ہم خواستگار ہیں جو آپ سب انسانوں کے سردار ہیں اور میدان حشر میں ایسی شفاعت کرنے والے ہیں کہ جن کی شفاعت مقبول ہوچکی ہے جن کی ذات گرامی پر حضرت انبیاء علیہم السلام کا سلسلہ تو نے ختم کر دیا ہے اور جن کا تو مرتبہ اور درجہ علیین میں بلند کر چکا ہے۔

تشریح لغات ؎ استنزلنا استنزال اس کا مصدر ہے اس میں س ت طلب کے لیے ہے اوپر سے نیچے آنا اور اس کے معنے مطلق آنے کے بھی آتے ہیں اس کا مجرد نزول ہے از ضرب بمعنے اترنا یقال نزل بہ الحق یعنی نازل ہوا۔ ونزل فلان عن الحق یعنی اس نے چھوڑ دیا وانزل اللہ کلامہ علی انبیائہ یعنی اللہ نے وحی بھیجی اور اس کی معنے زکام کے بھی آتے ہیں یقال نزل الرجل نزلۃ ای اصابہ زکام از سمع ؎ کرم بمعنے سخاوت از کرم یقال کرم کرماً وکرامۃً یعنی اس نے سخاوت کی اور یہ لوم کی ضد ہے ومنہ الکریم یہ خدا کا نام ہے ای صاحب کرم ویقال رجل کریم یعنی سخی آدمی اور صاحب تبریزی نے کرم کے لیے یہ معنے بیان کئے ہیں کہ کرم ایسا وصف ہے جیسے پانی کے لیے عذوبۃ (میٹھا پن) ہونا کریم اس کو کہتے ہیں جس میں سب اوصاف موجود ہوں وہ باخلق ہو۔۔۔ اور خوش طبع ہو وغیرہ ؎ جم بمعنے کثیر یہ صفت کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے اور مصدر بھی والجمع جمام وجموم۔ فی التنزیل وتحبون المال حباً جماً۔ یقال جم المار جموماً ای جمع بکثرۃ از نصر وضرب ؎ فضل یہ مصدر ہے از نصر وسمع بمعنے بزرگی۔ واحسان وبڑائی۔ والجمع افضال ؎ عم از نصر یہ خصوص کی ضد ہے عموم اس کا مصدر ہے)

بمعنے عام ہونا یقال عمّ المطرُ الارض یعنی بارش عام ہوگئی وجاء القوم عامۃً یعنی تمام قوم آئی وعمّ الشیٔ عموماً ای شمل الجماعۃ اور اس کے معنے بہت ہونے کے اور دستار باندھنے کے بھی آتے ہیں ۵؎ بضراعۃ یہ مصدر ہے۔ بمعنے عاجزی کرنا دگڑ گڑانا یقال ضرع لہ والیہ ضراعۃً اذا اذلّ وخضع وسالہ ان یعطیہ وفی التنزیل فلولا اذ جاءہم بأسنا تضرّعوا۔ وادعوا ربّکم تضرّعًا و خفیۃ از فتح۔ ۶؎ الطلب ایک چیز کو تلاش کرنا اور ڈھونڈنا از نصر۔ یقال طلب الشیٔ طلباً اس نے ڈھونڈا اور اس کے حاصل کرنے کا ارادہ کیا وطلب الیہ اس کی طرف رغبت کی منہ الطالب والمطلوب اور طلبٌ کے معنے بہت تلاش کرنے کے ہیں ۸؎ بضاعۃ مال کا وہ حصہ جو تجارت کے واسطے ہو۔ سرمایہ۔ پونجی وفی التنزیل وجئنا ببضاعۃٍ مزجاۃٍ والجمع بضائع یقال استبضع ای اتخذ البضاعۃ اور بضع کے اصلی معنے قطع کرنے کے ہیں یقال بضع الشیٔ فابضعُ ای قطعہ فانقطع از فتح۔ ۹؎ الامل بمعنے امید والجمع آمالٌ یقال آملہٗ وَاَمَلہٗ ای جاہٗ وتمناہ والمصدر الامل از نصر ثم یہ حرف عطف ہے اور یہ ترتیب مع التراخی کے لیے ہے اور کبھی ثُمّ بھی کر لیتے ہیں اور کبھی اس کے آخر میں تا لاحق کر دیتے ہیں اور صاحب تبریزی نے فرق کیا ہے جب تا نہیں ہوتی تو یہ بین المفردین پر داخل ہوتا ہے ورنہ نہیں ۱۰؎ بالتوسل یہ مصدر ہے بمعنے وسیلہ پکڑنا۔ یقال وَسَلَ وسیلۃً وتُوَسّلَ وَ وسّلَ الی اللہ بعمَلٍ یعنی اس نے ایسا عمل کیا جس سے اُس نے خدا کا تقرب حاصل کیا والوسیلۃ ما یتقرب بہ الی الغیر والجمع وُسُلٌ ووسائل ووسل بمحمدٌ یہ حمد سے ماخوذ ہے اور یہ مبالغہ کے لیے ہے محمدٌ بمعنے ستودہ شد لیکن محمدؐ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سب اسمائے مشتقہ پر الف لام داخل ہوتا ہے۔ محمدؐ کے یہ معنے ہیں جس میں اچھی خصلتیں زیادہ ہوں آپ کا نام نام محمدؐ ہے اور حامد اور احمد اور حمید اور حماد اور حمد ہے ۱۱؎ سیّد بمعنے سردار والجمع سادۃ یقال سادہم سوْدًا وسُوْدُدًا و سِیَادۃً وسیدودۃً ای صار سیدہم از نصر وفی التنزیل والفیا سیدہا لدے الباب وانا اطعنا سادتنا و یقال سادقومہ جبکہ وہ قوم کا سردار اور حاکم ہو جائے ۱۲؎ البشر بمعنے مخلوق (یعنی انسان) اس کا اطلاق مذکر اور مؤنث اور واحد جمع سب پر ہوتا ہے اور یہ لبشرۃ سے مشتق ہے جس کے معنے ظاہر جلد کے ہیں از نصر والجمع البشارُ وفی التنزیل انؤمن لبشرین مثلنا۔ ۱۳؎ الشفیع بمعنے شفاعت کرنے والا وسفارش کرنے والا یقال شفع لہ شفاعۃً یعنی اس کی شفاعت کی والجمع شُفَعَاءُ وفی التنزیل من یشفع شفاعۃ حسنۃً اور مشفع اسم مفعول کا صیغہ جس کی شفاعت قبول کی جائے۔ از فتح یقال شفع بفلان اور شفع فیہ الی زید ای طلب من زید ان یعاونہ وشفع علیہ بالعداوۃ ای اعان علیہ والمصدر الشفاعۃ از باب فتح۔ اور حدیث میں ہے اشفع یا محمدؐ تشفع یعنی اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم تم شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی یہ میدانِ حشر کا واقعہ ہے ۱۴؎ المحشر بفتح الشین وکسر الشین اکٹھا ہونے کی جگہ۔ میدانِ قیامت۔ از ضرب ونصر یقال حشر الناس لوگوں کو جمع کیا۔ وفی التنزیل وحشر لسلیمان جنودہ اور حاشر ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا نام گرامی ہے ۱۵؎ ختمت ختم مصدر از ضرب بمعنے آخر کو پہونچا دینا و بمعنے مہر لگانا و بمعنے فارغ ہونا یقال ختم الشیٔ ای بلغ آخرہ وفی التنزیل خاتم النبیینؐ ای آخرہم وختم علے الشئے ای طبع۔ وختم الکتاب یعنی کتاب سب پڑھ لی وفی التنزیل ختم اللہ علے قلوبہم ۱۶؎ النبیین۔ نبی بمعنے خبر دینے والا اور الہام آلٰہی کے ذریعہ پوشیدہ اور آئندہ امور کی خبر دینے والا۔ اس میں دوؔ قول ہیں بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ مہموز ہے نباء سے ماخوذ ہے بمعنے خبر اور ہمزہ کو حذف کر دیا گیا جیسے بریۃ اور ذریۃ میں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ ناقص وادی ہے اور یہ نبوۃ یا بنادۃ سے ماخوذ ہے بمعنے بلندی۔ یقال بنا والشیٔ ای ارتفع

اور نبی کی۔ جمع انبیاءؑ اور نباء (فقہار کے وزن پر) آتی ہے ؎۱۸ اعلیت اس کا مصدر اعلاءٌ ہے بمعنے بلند کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال علا یعلو علواً فی المکان اور سمع سیمع سے یقال عَلِی یعلی علا۔۔۔۔ یہ سفل کی ضد ہے اور بعضوں نے یہ بیان کیا ہے کہ علا عام ہے اسس کا استعمال محمود اور مذموم دونوں میں ہوتا ہے اور علی کا استعمال فقط محمود میں ہوتا ہے وفی التنزیل ان فرعون عَلا فی الارض وتعالٰی فی الارض فاستکبر وا وکانوا قوماً عالین اور علیٌ علاءٌ سے یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے انہ ہو العلی الکبیر اور عَلِیؓ کی جمع عِلیَۃٌ مثل صبیۃٌ آتی ہے ؎۱۸ درجۃ بمعنے مرتبہ والجمع درجاتٌ ودرجٌ اور اس کے معنے سیڑھی اور طبقہ کے بھی آتے ہیں اور سمع سے آتا ہے یقال درج یدرج درجاً یعنی وہ بلند مرتبہ ہوا۔ داز نصر وضرب یقال دَرج درجاناً یعنی وہ درجوں پر چڑھا وفی التنزیل وللرجال علیھن درجۃٌ ؎۱۹ علیین یہ جنت میں ایک اچھے مقام کا نام ہے۔ جیسے کہ دوزخ میں سجین برے مقام کا نام ہے یا وہ دفتر ہے جہاں نیکوں کے اعمال لکھے جاتے ہیں یا وہ طبقہ جس میں اچھے لوگ ہیں اور یہ عِلّیَۃٌ کی۔ جمع علیین ہے۔

وَوَصَفْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ الْمُبِيْنِ. فَقُلْتَ وَاَنْتَ اَصْدَقُ الْقَائِلِيْنَ. وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ الْهَادِيْنَ. وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ شَادُوا الدِّيْنَ.

الترجمۃ والمطالب

اور جس کی تو نے تعریف اپنی کتاب مُبین (قرآن شریف) میں کی ہے اور اے خدا تو سب سے زیادہ سچ کہنے والا ہے کہ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہم نے تم کو سارے عالم (جہان) کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے اے اللہ آنحضرتؐ پر اور آپ کی رہنما آل اور ان اصحاب پر جنہوں نے دین کو محکم اور مضبوط کیا ہے۔ تو اپنی رحمت نازل فرما۔

تشریح لغات

؎۱ وصفتہ وصف یصف از ضرب اس کا مصدر وصف اور صفت آتا ہے بمعنے صفت بیان کرنا اور بیان کرنا وصف اور صفت میں فرق ہے وصف ما قام بالواصف کو کہتے ہیں اور صفت مَا قام بالموصوف کو وفی التنزیل سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون۔ وربنا الرحمٰن المستعان علی ما تصفون ؎۲ کتابٌ یہ فعال کے وزن پر ہے اور فعالٌ اکثر مفعول کے معنے میں آتا ہے جیسے امام بمعنے ما یقتدیٰ یہ اسی طرح کتاب معنے میں مکتوب کے ہے والجمع کتبٌ وکُتُبٌ وفی التنزیل والطور وکتاب مسطور یقال کتب کتابۃً ای صَوّرَ فیہ اللفظ وفی التنزیل فویل للذین یکتبون الکتاب بایدیہم ویقال کتب بمعنے اوجب کما فی التنزیل کتب علیکم الصیام از نصر ؎۳ المبین ابانت مصدر بمعنے بیان کرنا وظاہر کرنا از افعال یقال ابان الشئ ای اظہرہ واوضحہ وقطعہ وفصلہ وابان الشئُ ای اتضح اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے ؎۴ فقلت اسس کا مصدر قول ہے بمعنے کہنا از نصر یقال قال یقول قولاً وقالاً وقیلاً ومقالۃً اذا تکلم وتلفظ۔ قول عام ہے اس کا استعمال خیر اور شر دونوں میں ہوتا ہے۔ اور قیل اور قال کا استعمال خاص کر شر میں ہوتا ہے۔ اور قال روایت کے معنے میں آتا ہے جیسے قال عنہ ای رویٰ اور اعتقاد کے معنے میں آتا ہے جیسے وقالوا انا للہ ای اعتقدوا اور افتراء کے معنے میں آتا ہے جیسے و یقولون علی اللہ الکذبَ ای یفترون اور قال اَلْہَمَ کے معنے میں بھی آتا ہے جیسے قرآن شریف میں ہے قلنا یاذا القرنین ای الہمنا اور قالَ سَخّرَ کے معنے میں بھی آتا ہے جیسے قلنا یانار کُونی برداً وسلاما

علےٰ ابراہیم اور تصور کے معنے بھی آتا ہے جیسے قال لنفسہ ای تصوّر۔ اور اس کا مصدر قیلولت بھی آتا ہے تو اس وقت یہ یائی ہوگا بمعنے قیلولہ کرنا ۵ القائلین یہ قائل کی جمع ہے اور اس کی جمع قُولٌ اور قُیَّلٌ بھی آتی ہے ۶ وما ارسلنا اس کا مصدر ارسال آتا ہے از افعال بمعنے بھیجنا اور چھوڑنا یقال ارسل القول ای مطلق چھوڑا اور کوئی قید نہیں لگائی وارسل بہ والیہ یعنی اس کو متوجہ کیا۔ ۷ رحمۃ اس کے معنے رقت قلب اور احسان اور مغفرت کے آتے ہیں از سمع ۸ العالمین یہ عالم کی جمع ہے والعالَمْ بالفتح بمعنے الخلق کلہ اور عالم کی جمع عوالم اور عالمون علالم بھی آتی ہے اور بعض عالم کے معنے یہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد انس اور جان ہیں جیسا کہ قرآن شریف میں ہے لیکون للعالمین نذیرا اس سے مراد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہیں آپ انسان اور جنات کے لیے نذیر بنا کر بھیجے گئے۔ ۹ فصل تصلیۃً اس کا مصدر ہے اور یہ ماخوذ صلاء سے ہے جس کے معنے سرین کے ہیں اور چونکہ صلوٰۃ میں تحریک سرین ہوتی ہے اور بعض اس کو صلاء بالمد سے ماخوذ مانتے ہیں جس کے معنے گرم پتھر کے ہیں اور بعض صلوٰۃ سے اس کو ماخوذ مانتے ہیں صلوٰۃ کے معنے دعا بالخیر اور تسبیح کے ہیں اور بعض اس کے معنے تعظیم اور تکریم کے فرماتے ہیں اور بعض اس کے معنے پوری تعریف کے کہتے ہیں جیسے قرآن شریف میں ہے اُولٰئک علیہم صلوٰتٌ من ربہم ورحمۃ ۱۰ آلہ اس کے استعمال اور لفظ میں اختلاف ہے بعض یہ فرماتے ہیں کہ آل اور اہل ایک لفظ ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اصل میں اوَلٌ تھا اس میں آل کا استعمال اشراف میں ہوتا ہے اور اہل عام ہے از نصر وضرب ۱۱ واصحابہ یہ صحب کی جمع ہے اور صحب یہ صاحب کی جمع ہے اور صاحب کی جمع صُحبانٌ وصحابٌ آتی ہے اور اصحاب کی جمع اصاحیب آتی ہے وفی التنزیل وما صاحبکم بمجنونٍ ولا یستوی اصحاب النار واصحاب الجنۃ یقال صحبہ صحبۃً ای عاشرہ از سمع ۱۲ شادوا یہ اجوف یائی ہے از ضرب یہ شید سے مشتق ہے بمعنے گچ وچونہ سے عمارت کو مضبوط کرنا وفی التنزیل وقصر مشید۔ ویقال شاد البناءَ وشیدًا البناء جب کہ وہ اوسکی تعمیر کو بلند کرے اٹھائے۔ ۱۳ الدین بمعنے شریعت۔ وبدلہ۔ وجزا۔ وعادتٌ وحساب، دین کی جمع ادیان آتی ہے یقال دانہ دینا ای جازاہ وفی التنزیل مالک یوم الدین از ضرب ومنہ کما تدین تدان اور یہاں دین سے مراد شریعت اور مذہب دین اسلام ہے۔

وَاجْعَلْنَا لِهَدْيِهٖ وَهَدْيِهِمْ مُتَّبِعِيْنَ. وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖ وَمَحَبَّتِهِمْ اَجْمَعِيْنَ. اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ. وَبَعْدُ فَاِنَّهٗ قَدْ جَرٰى بِبَعْضِ اَنْدِيَةِ الْاَدَبِ الَّذِيْ رَكَدَتْ فِيْ هٰذَا الْعَصْرِ رِيْحُهٗ. وَخَبَتْ مَصَابِيْحُهٗ

الترجمۃ والمطالب اور ہمکو ان کی اور ان کے آل واصحاب کے طریقے کے اتباع (پیروی) کی توفیق دے اور ہم کو اُن کی اور اُن کے تمام آل واصحاب کی محبت سے نفع بخش بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے اور دعاء کو قبول کرنا تجھے لائق اور سزاوار ہے۔ اور اس کے بعد یہ عرض حال ہے کہ بعض ادبی مجلسوں میں وہ ادب جس کی ہوا آج کل ٹھیری ہوئی ہے اور جس کی شمعیں گل ہو چکی ہیں۔

تشریح لغات ۱ ہدیہ مصدر ہے بمعنے ہدایت والجمع اہدیۃٌ ۲ متبعین اتباع مصدر ہے از باب افتعال بمعنے پیروی کرنا

وفی الحدیث امرنا اتباع الجنائز۔ ۳ؔ وانفعنا نفع مصدر ہے اور یہ ضرر کی ضد ہے بمعنے بہتری نفع وفائدہ از فتح یقال نفع ینفع نفعاً
جب کہ نفع اور فائدہ ہو۔ ونفعہ بکذا جبکہ وہ نفع پہونچائے وانتفع بہ وعنہ یعنی اس نے نفع حاصل کیا اور نافع خداوند تعالیٰ کا نام ہے
یعنی وہ ذات جو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہے نفع پہونچائے ومنہ المنفعۃ والجمع منافع ۴ؔ بحبۃ محبت یہ بغض کی نقیض ہے یقال
حبّہٗ حُبّاً وحِبّاً بالضم والکسر یعنی اس نے محبت کی از ضرب ۵ؔ شئی بمعنے وہ چیز جو جانی جاسکے خبر دی جاسکے والجمع اشیاوات واشاوات
واشایا واشارے اور بعض اس کی جمع اشیایا اور اشادہ فرماتے ہیں از فتح وفی التنزیل لا تسأ لوا عن اشیاء وفی الحدیث ماشاء اللہ کان
مالم یشأ لم یکن ۶ؔ بالاجابۃ یہ مصدر ہے بمعنے قبول کرنا از نصر اس کے مصدر یہ بھی آتے ہیں اجاباً اور اجابۃً اور جوبۃً اور جیبۃً وجیابۃً
بمعنے قطع کرنا اور اسی سے جواب ہے چونکہ سوال ختم اور قطع ہو جاتا ہے۔ وفی التنزیل اجیب دعوۃ الداع اذا دعان ۷ؔ جدیر بمعنے
لائق والجمع جدیرون وجُدراء مثل فقہاء یقال جدُر جدارۃ بمعنے لائق ہوا اور اس کا وہ اہل ہوا از کرم۔ ویقالُ جدیر بکذا اولکذا یعنی وہ اس کے
لائق اور اس کے اہل ہے ۸ؔ وبعد اس کے بعد فا ہے یا تو ہم اما کے لیے فالاتے ہیں یا اما مقدر ہے۔ اور یہاں یہ دونوں صورتیں مفقود
ہیں لامحالہ اس کی توجیہ کی جائے گی۔ ای فانہ فی آخر الکتاب، اور بعد یہ قبل کی ضد ہے وفی التنزیل وللہ الامر من قبل ومن بعد ۹ؔ جرے فعل
ماضی از ضرب یقال جری جریاً وجریۃً وجریاناً بمعنے جاری ہونا رواں ہونا۔ وچلنا یقال جرے المیزاب وجرے النہر وجری الفرس
وجرے الی الشئی یعنی اس کی طرف قصد کیا۔ وفی التنزیل ہذہ الانہار تجری من تحتی ۱۰ؔ ببعض بمعنے شی کا جز ویقال بعض اللیالی بمعنے راتوں
کے ایک رات والجمع ابعاض وقیل بعض الشئی ای کلہ وفی التنزیل وان یک صادقاً یصبکم بعض الذی یعدکم ای کلّ الذی یعدکم ۱۱ؔ
اَندِیَۃٌ یہ ندیٌّ کی جمع ہے اور اس کے مثل نادی ہے والجمع اندیۃٌ واندائٌ وفی التنزیل وتاتون فی نادیکم المنکر۔ ولیدع نادیہٗ۔ ای
عشیرتہ اور یہ اصل میں ندوت القوم ندوًا سے مشتق ہے بمعنے جمعتہم فی المجلس کے ہیں یقال ندوت فی المجلس ای حضرت فیہ اور
متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ از نصر۔ والنادی والندوۃ مکان اجتماع الناس للحدیث والسمر ۱۲ؔ الادب ہو علم یحترز بہ
من الخلل فی کلام العرب لفظاً وکتابۃً۔ ادب کے اصلی معنے دعا کے ہیں۔ یقال ادبہم ادباً ای دعاہم الیٰ طعامہ اور ادب کو ادب اس لیے
کہا جاتا ہے کہ اچھی چیز کی طرف بلایا جاتا ہے اور اس سے بُری باتوں سے روکا جاتا ہے از ضرب اور بہ کرم سے آتا ہے تو اس کے
معنے ادیب عالم ہوتے کے آتے ہیں یقال ادُبَ ادباً ای صار ادیباً عالماً ۱۳ؔ رکدت اس کا مصدر رکود آتا ہے بمعنے ٹھیرنا و
ساکن ہونا یقال رکدت ای سکنت از نصر وفی التنزیل فیظللن رواکد علی ظہرہ ۱۴ؔ العصر مصدر دن رات، دن کا آخری حصّہ سورج
کے سُرخ رہنے تک اور صبح۔ گروہ کنبہ یقال فوتی عصرہ ای رہط والجمع اَعصُرٌ وعصور اور عصران کے معنے صبح اور شام اور دن رات
کے آتے ہیں ویقال جاء فی عصرٍ ایعنی وہ دیر سے آیا تو اس کی جمع عُصُوْر اور عُصُرٌ اور اعصَارٌ آتی ہے اور اعصار جمع کی جمع اعاصر
آتی ہے ۱۵ؔ ریح بمعنے ہوا۔ اور خوشگوار ہوا۔ والجمع ریاحٌ و رواح اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ چلنے والی ہوا کو ریح کہتے ہیں
کلام پاک میں تو اس سے ریح (ہوا کے بھیجنے) کا ذکر آیا ہے۔ ارسال مراد عذاب ہے جیسے انا ارسلنا علیہم ریحاً صرصراً
اور جہاں جمع کے لفظ سے ریح کا کلام پاک میں ذکر آیا ہے تو اُس سے مراد رحمت ہے جیسے وارسلنا الریاح لواقح
ویرسل الریاح الخ۔ اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ ریح بری ہوا کو کہتے ہیں اور ریاح اچھی ہوا کو واللہ اعلم ۱۶ؔ خبت ای
طفئت وسکنت یقال خبا یخبو خبوًا وخبوۃ بمعنے آگ کا بجھنا وفی التنزیل کلما خبت زدناہم سعیرا از نصر ۱۷ؔ مصابیحہ یہ مصباح

کی جمع ہے بمعنے لمپ وچراغ از سمع یقال صَبِحَ صبحًا وصُبحۃً یعنی چمک دار اور روشن ہوا واز کرم یقال صبح صباحۃً بمعنے چمک دار اور صاحب جمال ہوا سراج اور مصباح میں تھوڑا سا فرق ہے سراج تو وہ جو مائل بسرخی ہوا اور مصباح روشن چراغ جو مائل بسفیدی ہو وقال بعضہم ان المصباح بمعنے القراط الذی تراہ فی القندیل والسراج التی فیہا الفتیلۃ والدہن۔ وفی التنزیل فیہا مصباح۔ ولقد زیّنّا السماء الدنیا بمصابیح۔

ذِكْرُ الْمَقَامَاتِ الَّتِيْ ابْتَدَعَهَا بَدِيْعُ الزَّمَانِ. وَعَلَّامَةُ هَمَذَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى. وَعَزٰى إِلٰى أَبِي الْفَتْحِ الْإِسْكَنْدَرِيِّ نَشْأَتَهَا وَإِلٰى عِيْسَى بْنِ هِشَامٍ رِوَايَتَهَا. وَكِلَاهُمَا مَجْهُوْلٌ لَا يُعْرَفُ. وَنَكِرَةٌ لَا تَتَعَرَّفُ. فَأَشَارَ مَنْ إِشَارَتُهُ حُكْمٌ. وَطَاعَتُهُ غُنْمٌ.

الترجمۃ والمطالب

اس مقامات کا ذکر چھیڑ جن کو سب سے پہلے علامہ بدیع الزمان ہمدانی نے ایجاد کیا ہے اور ابو الفتح اسکندری کی طرف اس کی انشاء منسوب ہے اور عیسےٰ بن ہشام کی طرف اس کی روایت ہے جو دونوں گمنام اور نامعلوم غیر مشہور ہستیاں ہیں اور ایسا نکرہ ہے کہ معرفہ کیا ہی نہیں جاسکتا اس پر مجھے ایک ایسے شخص نے اشارہ کیا جس کا اشارہ حکم اور جس کی اطاعت (حکم کا ماننا) میرے لیے غنیمت ہے۔

تشریح لغات

لہ ذکر از نصر اس کا مصدر ذکر بالکسر ہے بمعنے زبان سے یاد کرنا اور ذکر بضم الذال کے معنے دل سے یاد کرنے کے ہیں۔ ۲ المقامات یہ مقامہ کی جمع ہے مجلس اور مجتمع قوم کے معنے آتے ہیں والحدیث الذی یجتمع الناس لسمعہ۔ اور مقامات بالفتح والضم دونوں طرح مستعمل ہے اگر اس کا مضاف الیہ اپنے اصلی موقع پر ہے تو اس کو بالفتح پڑھیں گے۔ ورنہ بالضم پڑھیں گے۔ ۳ ابتداع از انتعال بمعنے بے مادہ اور بے مثل پیدا کرنا یقال بدع الشیٔ بدعاً وابتدعہ ای اخترعہ از فتح ۴ بدیع یقال بدع الشیٔ بداعۃً وبُدوعًا ای صار بدیعا از کرم ۵ الزمان وہو اسم لقلیل الوقت وکثیرہ والجمع ازمنۃ وازمانٌ وازمنۃٌ وقیل الزمان یکون شہرین الی ستۃ اشہر والدہر لا ینقطع ۶ علامۃ یہ عالم کا مبالغہ ہے اور یہ تا اور بغیر تا دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے بمعنے بہت علم والا والجمع علّامون وعلّام۔ ۷ ہمدان بفتح الہاء والمیم یہ خراسان میں ایک شہر ہے یہ دال مہملہ اور ذال معجمہ دونوں طرح پر ہے مگر ذال صحیح ہے۔ ۸ رحمہ اللہ یہ جملہ دعائیہ ہے۔ ۹ عزاے بمعنے نسبت کیا ومنسوب کیا از نصر یقال عزاے یعزو واز ضرب عزاے یعزی عزیا بمعنے منسوب کیا۔ یقال عزاے نفسہ الے بنی فلاں ای نسبہ الیہم ۱۰ ابو الفتح مقامات بدیع میں بمنزلہ ابو زید کے ہے اور عیسےٰ بمنزلہ حارث کے ہے ۱۱ نشاتہا بمعنے صنعت وکاریگری یقال نشاء نشاءً ونشوءً ونشاۃً ای یحیی وانشاء الخلق وفی التنزیل ان علیہ النشاۃ الاخرے از فتح۔ ومنہ علم الانشاء یقال انشاء زید ای قال شعراً وخطب خطبۃً فاجاد فیہما ۱۲ کلاہما کلا لفظ میں مفرد ہے اور معنے میں تثنیہ ہے ای عیسےٰ وابو الفتح ۱۳ مجہول اس کا مصدر جہل ہے یہ علم کی ضد ہے از سمع یقال جہل جہلاً وجہالۃً یعنی وہ بیوقوف اور احمق ہوا وتجاہل

یعنی بے تکلف اس نے جہل کا اظہار کیا۔ ۱۳ لا یعرف از ضرب اس کا مصدر عرفان آتا ہے اس کے معنے جزئیات اور کلیات کے جاننے کے ہیں یا اس کے معنے مطلق جاننے کے ہیں علامہ بدیع الزمان کا یہ رویہ اور طرز تھا کہ وہ ابو الفتح کے قصائص بیان کرتا ہے اور عیسیٰ بن ہشام کو راوی بناتا تھا تو حریری نے اُس پر چوٹ کی کہ وہ دونوں یعنی عیسیٰ اور ابو الفتح مجہول اور نکرہ ہیں اور وہ ایسے نکرہ ہیں کہ کبھی وہ معرفہ نہیں بن سکتے اور یہ اعتراض تو حریری پر بھی ہو سکتا ہے کہ تمہارے یہاں مقامات کے مقامہ میں ابو زید اور حارث کا ذکر ہے وہ دونوں مجہول ہیں تو اس کا یہ جواب ہے کہ حارث کے معنے کھیتی کرنے والے یا غم کرنے والے کے ہیں۔ اور ہر ایک شخص کسی نہ کسی غم میں مبتلا ضرور ہے اور کوئی نہ کوئی ارادہ کرتا ہی ہے تو یہ ہر ایک میں پایا جاتا ہے تو وہ نکرۃ لاتتعرف کیسے ہوا اور ابو زید یہ حریری کے زمانہ میں ایک فقیر کا نام تھا۔ جو جواب اور باتوں میں بے مثل تھا۔ ۱۵ نکرۃ یہ معرفۃ کی ضد ہے بمعنے عام چیز اور جاہل ہوتا اور نہ پہچاننا یقال نکرا الامر نکرًا ونکورًا ونکیرًا بمعنے جاہل ہوا اور اس نے نہ پہچانا وفی التنزیل نکرہم واوجس منہم خیفۃ از سمع ۱۶ فاشار اشارہ یہ تصریح کی ضد ہے اور اس کا مجرد شور ہے جس کے معنے شہد کے ہیں اور اسی سے مشتق مشورہ ہے اس لیے کہ اس میں مکھی جمع ہو کر شہد پیدا کرتی ہیں اس طرح لوگ جمع ہو کر مشورہ میں ایک بات طے کر لیتے ہیں اور مشوار وہ آلہ ہے جس سے شہد اتارا جائے۔ یقال اشار بہ یعنی بتلایا۔ واشار الیہ وبیدہ اشارہ کیا۔ واشار علیہ حکم کیا۔ من سے اشارہ شرف الدین نوشیرواں بن خالد وزیر خلیفہ کی طرف ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ بصرہ کا حاکم بادشاہ تھا۔ ۱۷ حکم یہ مصدر ہے بمعنے فرمان وحکم والجمع احکام یقال حکم حکما وحکومۃ یعنی حکم دیا وحکم بالرجل وللرجل وحکم علیہ یعنی حکم دیا اور فیصلہ دیا از نصر ۱۸ طاعۃ طاعت کے معنے خوشی سے مان لینا۔ طاعت یہ طلوع سے مشتق ہے اور یہ کرہ کی نقیض ہے، والجمع طاعات وفی التنزیل ولہ اسلم من فی السموات والارض طوعا وکرہا۔ یقال طاع لہ طوعًا ای انقاد لہ از نصر وسمع اور طاعت کے معنے بھلائی کے بھی آتے ہیں وفی التنزیل ویقولون طاعۃ ۱۹ غنم یہ غنیمت کا نام ہے یقال غنم الشئ غنمًا ای فاز بہ ونالہ بلا بدل از سمع وفی التنزیل فکلوا مما غنمتم حلالًا طیبًا واعلموا انما غنمتم من شئ اور مغنم کے معنے غنیمت کے ہیں وفی التنزیل فعند اللہ مغانم کثیرۃ۔

إِلَى أَنْ أُنْشِئَ مَقَامَاتٍ أَتْلُو فِيهَا تِلْوَ الْبَدِيعِ. وَإِنْ لَمْ يُدْرِكِ الظَّالِعُ شَأْوَ الضَّلِيعِ. فَذَاكَرْتُهُ بِمَا قِيلَ فِيمَنْ أَلَّفَ بَيْنَ كَلِمَتَيْنِ. وَنَظَمَ بَيْتًا أَوْ بَيْتَيْنِ. وَاسْتَقَلْتُ مِنْ هٰذَا الْمَقَامِ الَّذِي يَحَارُ فِيهِ الْفَهْمُ. وَيَفْرُطُ الْوَهْمُ. وَيُسْبَرُ بِهِ غَوْرُ الْعَقْلِ. وَتَتَبَيَّنُ قِيمَةُ الْمَرْءِ فِي الْفَضْلِ.

الترجمۃ والمطالب کہ میں بھی بدیع کے نقش قدم پر چلتے ہوئے چند مقامے لکھوں اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ لنگڑا ٹٹو تیز رو گھوڑے کی دوڑ (چال) کو نہیں پہونچ سکتا چنانچہ میں نے اس کو وہ مقولہ یاد دلایا جو کلموں کو جوڑنے والوں اور ایک یا دو بیت نظم کرنے والوں کے بارے میں کہا گیا ہے (من صنف فقد استہدف)، اور میں نے اس مقام سے درگزر کرنا چاہا جہاں عقل حیران رہ جاتی ہے اور وہم پیش قدمی کرتا ہے۔ اور انسان کی عقل کی انتہا معلوم ہوتی ہے جس میں مرد

فضیلت کی قیمت ظاہر ہو جاتی ہے۔

تشریح لغات

[۱] الشئ انشاء مصدر ہے بمعنے پیدا کرنا اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے بمعنے کاریگری اور کرم بکرم سے آتا ہے بمعنے پیدا ہونا در نیا ہونا انشا راور تالیف اور تصنیف میں فرق ہے تالیف کہتے ہیں کسی غیر کے کلام کو جمع کرنا اور تصنیف وہ ہے جو اپنے دماغ سے نکالے اور مضامین مختلف ہوں اور انشاء یہ ہے جو اپنے دماغ سے نکالے اور مضمون ایک ہی ہو اور انشاء کبھی انشاد کے مقابلہ میں بھی آتا ہے۔ تو انشاء کے معنے یہ ہوں گے وہ شعر جو پڑھے خود اس کے بنائے ہوئے. (تصنیف کئے ہوئے) ہوں اور انشاد کے معنے مطلق شعر پڑھنے کے بھی آتے ہیں خواہ اپنے ہوں یا کسی اور کے [۲] اتلو اس کا مصدر تلو آتا ہے بمعنے پیچھے چلنا یقال تلاہ تلوًا ای تبعہ وتلاہ تلاوۃ ای قرأ از نصر وفی التنزیل واتبعوا ما تتلو الشیاطین اور تلو کے اصلی معنے بکری کے بچہ کے آتے ہیں۔ جب کہ اس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اور وہ اس کے پیچھے پیچھے چلے والجمع اتلاء [۳] الظالع بمعنے لنگڑا بیل والجمع ظلّع یقال ظلع البعیر ظلعًا جب کہ اونٹ لنگڑا چلے از فتح [۴] شاد بمعنے قدم وچال وانتہا. ومدت۔ یقال شادی القوم شأوًا ای سبقھم از نصر [۵] الضلیع بمعنے تندرست وقوی ومضبوط دپسلی والا گھوڑا۔ یقال ضلع ضلاعۃ ای صار قویا از کرم والجمع ضلع مثل قفل [۶] بما قیل ای ومن صنف فقد استہدف [۷] الف ماضی معروف کا صیغہ اس کا مصدر تالیف ہے بمعنی جمع کرنا۔ واصلہ الف فلانا الفا والفہ ایلافا ای انس بہ واحبّہ، از سمع وفی التنزیل لایلاف قریش [۸] بین ظرف ہے اور اس کے معنے وسط اور درمیان کے آتے ہیں [۹] کلمتین یہ کلمۃ کا تثنیہ ہے الکلمۃ لفظ تدل علی المعنی (وہ لفظ خواہ مفرد ہو یا مرکب) اور کلمۃ کی جمع کلم اور کلمات آتی ہے [۱۰] نظم از ضرب یقال نظم نظمًا ونظامًا بمعنے لڑی میں پرو یا [۱۱] ونظم الشعر یعنی اس نے کلام موزوں ومقفیٰ نظم کیا یا شعر پڑھے ونظم اللؤلؤ یعنی ترتیب وار موتی کو لڑی میں اس نے پرو دیا ونظم الشی الی الشی یعنی ملا یا [۱۲] بیتًا بیت. شعر۔ اور دو مصرعوں کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ یقال بیت القصیدہ یعنی قصیدہ کا سب سے زیادہ نفیس شعر والجمع بیوت وابیات [۱۳] استقلت اس میں ہمزہ سلب کے لیے ہے اور اس کے معنے بات کو واپس لینے کے ہیں اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجرد اس کا قول ہوگا جو دادی ہے لیکن حقیقت میں یہ یائی ہے اور اصحاب لغت اس کا مجرد قیل بتاتے ہیں اور صاحب صحاح نے اس کا مادہ ق ی لام لکھا ہے یقال قالہ البیع قیلًا واقالہ اقالۃ ای فسخہ از ضرب [۱۴] بحار حار یحار از سمع۔ اس کے مصدر حیرًا اور حیرۃ اور حیرانًا اور حیرًا آتے ہیں بمعنے متردد وحیران ہونا اور کسی چیز کو دیکھ کر آنکھوں پر پردہ سا پڑ جانا۔ یقال حار حیرۃ ای تحیّر وفی التنزیل فی الارض حیران [۱۵] الفہم بمعنے سمجھ و دانائی، وعقل اور کسی چیز کا تصور وخیال کرنا والجمع فہوم۔ از سمع یقال فہم فہمًا وفہامۃ وفہامیۃ جب کہ وہ سمجھے منہ الفہم بمعنے صاحب فہم والجمع فہماء [۱۶] یفرط از نصر بمعنے زیادہ ہونا یقال فرط منہ قول فرطًا ای صدر منہ بغیر رویۃ فہم اور فرط کے معنے سبق کے بھی آتے ہیں جیسے قرآن شریف میں ہے، ان یفرط علینا ویقال فرّط فی الامر تفریطًا ای تقصّر وفی التنزیل ما فرطنا فی الکتاب ویقال فرط، جب کہ وہ اس پر غالب ہو جائے [۱۷] الوھم یہ مصدر ہے بمعنے وہم اور خدشہ جو دل میں گزرے اور قوت وہمیہ کو بھی کو وہم کہتے ہیں والجمع اوہام اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال وہم الشئ وہما یعنی اس کا تصور اور خیال کیا اور سمع سے بھی آتا ہے جیسے کہا جاتا ہے وہم فی الحساب وہمًا جب کہ وہ بھول جائے [۱۸] ولیسبر سبر ایہ مصدر بمعنے امتحان لینا اور آزمانا۔ از نصر وضرب اور اس کے اصلی معنے زخم کی گہرائی کے اور پانی کی گہرائی کے معلوم کرنے کے ہیں اور اسبار اور استنبار کے یہ بھی

معنے آتے ہیں یقال سبر الامر ای جربہ اور اسبار اور سبر اور سبار کے معنے وہ آلہ جس سے زخم کی گہرائی معلوم کریں شاہ غور بمعنے گہرائی یقال غار الماء غوراً از نصر ای ذہب فی الارض وغارت عینہ ای دخلت فی الراس وغار فی الامر ای دقق النظر فیہ و فی التنزیل قل ارایتم ان اصبح ماء کم غوراً و یقال عرفت غور المسئلۃ یعنی میں مسئلہ کی حقیقت سمجھ گیا ۱۵ العقل یہ حمق کی ضد ہے بمعنے منع اور عقل کو عقل اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ لغویات سے روکنے والی ہے اور علم اور سمجھ کے بھی اسی کے معنے آتے ہیں والجمع عقول از ضرب و فی التنزیل وما یعقلہا الا العالمون ۔ ویقال عقلت الشئ عقلاً ای فہمتہ وتدبرت فیہ ۱۶ تبیین از باب تفعل اس کا مصدر تبین آتا ہے بمعنے ظاہر ہونا و فی التنزیل قد تبین الرشد من الغی ۱۷ قیمتہ قیمت اور ثمن میں فرق ہے ثمن وہ ہے جو متعاقدان مقرر کر دیں اور اس پر وہ راضی ہو جائیں اور قیمت وہ ہے جو واقع میں اس کا مول ہو ۔ اور قیمت کی جمع قیم آتی ہے اور ثمن کی جمع اثمان آتی ہے ۱۸ المرء بتثلیث المیم یعنی امرءٌ بمعنے مرد اور امرءٌ میں ما قبل اخیر حرکت میں آخر کا تابع ہوگا ۔ اگر مفتوح ہوا تو ما قبل آخر بھی مفتوح ہوگا اور اگر مکسور ہوا تو مکسور اور مضموم ہوا تو مضموم اور اس کی جمع رجالٌ من غیر لفظہ آتی ہے ۔

وَيَضْطَرُّ صَاحِبُهُ إِلَى أَنْ يَكُونَ كَحَاطِبِ لَيْلٍ. أَوْ جَالِبِ رَجْلٍ وَخَيْلٍ. وَقَلَّمَا سَلِمَ مِكْثَارٌ. أَوْ أُقِيلَ لَهُ عِثَارٌ. فَلَمَّا لَمْ يُسْعِفْ بِالْإِقَالَةِ. وَلَا أَعْفَى مِنَ الْمَقَالَةِ. لَبَّيْتُ دَعْوَتَهُ تَلْبِيَةَ الْمُطِيعِ. وَبَذَلْتُ فِي مُطَاوَعَتِهِ جُهْدَ الْمُسْتَطِيعِ. وَأَنْشَأْتُ عَلَى مَا أُعَانِيهِ مِنْ قَرِيحَةٍ جَامِدَةٍ.

الترجمۃ والمطالب اور اس کام کا کرنے والا (یعنی مصنف) ایسا پریشان و بیقرار ہوتا ہے جیسے رات میں لکڑیاں چننے والا یا پیادوں وسواروں کا کھینچنے والا اور بہت بولنے والا (کو اس کرنے والا) شخص غلطیوں سے بہت کم سلامت رہتا ہے اور اس کی لغزشوں سے بہت ہی کم اعراض کیا جاتا ہے مگر جب مجھ کو معافی نہ دی گئی اور اس سے درگزر نہ کی گئی تو میں فرمانبردار کی طرح (مجبوراً) لبیک کہکر ایک صاحب استطاعت کی طرح اپنی کوشش کو اس کی خدمت میں صرف کرنے لگا ، اور اپنی پستہ طبیعت کے باوجود جس کو میں برداشت کر رہا ہوں میں نے (یہ مقامے) لکھ دیئے ۔

تشریح لغات ۱ یضطر اس کا مصدر اضطرار ہے بمعنے مجبور ہونا اور مجبور کرنا یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے اور اس کا مجرد ضر ہے جس کے معنے نقصان کے ہیں جو نفع کی ضد ہے یقال ضرّہ ضرّاً یعنی اس کو نقصان پہونچایا و فی التنزیل فمن اضطر غیر باغ ولا عاد ۔ ویتعلمون ما یضرہم ولا ینفعہم ولن ضرہ اقرب من نفعہ و یقال ضرّہ الی کذا یعنی اس کو مجبور اور مضطر کیا از نصر ۲ حاطب از نصر بمعنے لکڑیاں آگ جلانے کیلئے جمع کرنا اور حاطب کی اضافت لیل کی طرف فی کے معنے میں ہے اور حاطب لیل کے ساتھ اوس شخص کو تشبیہ دیتے ہیں جو نافع بھی ہو اور ضار بھی وجہ شبہ موجود ہے جیسے کوئی شخص لکڑیاں جمع کرے اچھی بھی اور بری کا بھی یہاں یہ مراد ہے جیسا رات میں لکڑیاں جمع کرنے والا نہ تو وہ سانپ کے ڈسنے اور بچھو کے ڈنگ مارنے سے محفوظ رہ سکتا ہے اسی طرح مصنف بھی اپنے

تصنیف میں اچھا اور بُرا لکھنے سے احتیاط نہیں کرسکتا ہے۔ یقال حطب فلانٌ اذا اجتمع الحطب وفی التنزیل حمالۃ الحطب و کانوا لجہنم حطباً ۳ؐ لیل بمعنے رات اور غروبِ آفتاب سے طلوع فجر یا طلوع آفتاب تک کو لیل کہتے ہیں یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح سے مستعمل ہے والجمع لیالی ولیائل۔ لیلۃٌ کے معنے ایک رات کے ہیں والجمع لیلات ۴ؐ جالب از ضرب ونصر بمعنے کھینچنے والا اور تاجر کو جالب اس لیے کہتے ہیں کہ وہ اِدھر اور اُدھر سے مال جمع کر کے کھینچ لاتا ہے اور جلب کے اصلی معنے سوق الشی من موضع الی موضع کے ہیں وفی الحدیث لاجلب ولا جنب ۵ؐ رجل۔ یہ راجل کی جمع ہے بمعنے پیادہ چلنے والا اور یہ فارس کی ضد ہے اور اس کی جمع رجال بھی آتی ہے وفی التنزیل فرجالاً او رکباناً اور رجالۃٌ علے وزن علامہ اور رُجّال مثل خُدام وارجلۃ وارجل اراجیل بھی جمع آتی ہیں یقال رجل رجلاای سار راجلاً راکباً از سمع خیل بمعنے گھوڑا و گھوڑے کا سوار (لا واحد من لفظ) اور ابو عبیدہ یہ فرماتے ہیں کہ اس کا واحد خال ہے وفی التنزیل واجلب علیہم بخیلک ورجلک والخیل والبغال۔ ویقال اتتے بخیلہ ورجلہ یعنی وہ سواروں اور پیادوں سمیت آیا جالب رجل وخیل سے وہی مطلب ہے جو حاطب لیل کا ہے ۶ؐ قلما اس کے متعلق مشہور ہے کہ یہ ما کافہ اور اس نے قُل کو جو کہ فعل ہے عمل سے روک رکھا ہے اب وہ عمل نہیں کرتا (قال استاذی مدظلہ العالی) لیکن فعل کا عمل سے روکنا اور حرف کی وجہ سے روکنا اور فاعل کرنہ چاہنا یہ تینوں باتیں خلاف عقل ہیں بلکہ حق یہ ہے کہ یہ ما مصدریہ ہے اور اس کے بعد کا جو فعل سلم ہے اس کو مصدر بنا دیا ہے اور وہ مصدر قل کا فاعل ہے اور قل بمعنے اندک اور عدم کے معنی میں آتا ہے ہکذا ذکرہ التبریزی فی شرح الحماسۃ قل صیغہ فعل ماضی یہ کثرت کی ضد ہے اس کے معنے کم ہونے کے ہیں یقال قل الرجل اس کا مال کم ہوگیا وقل الجسم اس کا جسم گھٹ گیا از ضرب وفی التنزیل کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ واذکروا اذ کنتم قلیلاً فکثرکم ۸ؐ سلم از سمع یقال سلم سلامۃ وسلاماً اذا اسلم من عیب او آفۃ ویقال سلمہ وسلم علیہ یعنی السلامُ علیکم کہا وسلّم بالامر یعنی وہ راضی ہوا وفی الحدیث منْ سلِمَ المسلمون من لسانہ ویدہ ۸ؐ مکثار بمعنے زیادہ گوئی بہ کثرت سے مشتق ہے اس میں مذکر اور مؤنث دونوں برابر ہیں از کرم یقال کثر کثرۃً بمعنے بہت ہوا وفی التنزیل الہکم التکاثر ۹ؐ اقیل یقال اقال اللہ یعنی اللہ درگزر کرے ویقال اقیل لہ عثارای صفح عن عیبہ ۱۰ؐ عثار بمعنے لغزش وزلت یقال عثر عثارٌ وعثراً اذا سقط از ضرب ونصر وسمع وکرم ویقال عثر عثوراً ای اطلع علیہ من غیر طلب وفی التنزیل بمعنی الاطلاع فان عثر علے انہما استحقا اثما وکذلک اعثرنا علیہم ۱۱ؐ لم یسعف از افعال اس کا مصدر اسعاف ہے بمعنے موافقت کرنا وحاجت کو پورا کرنا۔ یقال اسعافہ لحاجتہ یعنی حاجت کو پورا کیا۔ واسعفہ علے الامر یعنی اس کی مدد کی واسعف الیہ یعنی اس کی طرف توجہ کی ۱۲ؐ ولا اعفے اعفاء اس کا مصدر آتا ہے افعال سے بمعنے معاف درگذر کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال عفے یعفو عفواً یعنی معاف کیا ویقال عفے عنہ ولہ ذنبہ یعنی اس کا قصور معاف کیا وعفا اللہ عنہ یعنی گناہوں کو خدا نے مٹا دیا وعفے عن الشئ اس سے وہ رُکا رہا وعفے عن الحق یعنی اس نے حق کو ساقط کیا وفی التنزیل عفا اللہ عنک ۱۳ؐ المقالہ از نصر اجوف واوی اور یہ قول سے مشتق ہے بمعنے کہنا ۱۴ؐ لبیت اس کا مصدر تلبیۃ ہے ای قلت لہ لبیک مثل ہلل ای قولہ لا الہ الا اللہ یعنی جواب دینا اور لبیک کہنا یقال لبّ بالمکان والبّ بہ اذا اقام وفی الحدیث لبیک اللہم لبیک لاشریک لک لبیک ۱۵ؐ دعوتہ بالفتح بمعنے پکارنا از نصر اور . . . . دعوے بفتح الدال بمعنے مال طلب کرنا اور بکسر الدال بمعنے نسب ثابت کرنا اور بضم الدال بمعنے میدان جنگ میں بلانا وفی التنزیل اجیب دعوۃ الداع اذا دعان واصبر نفسک مع الذین یدعون ربہم بالغداۃ والعشی ۱۶ؐ المطیع اسم فاعل کا صیغہ از افعال بمعنے تابعدار اور یہ کرہ کی ضد ہے وفی التنزیل ولہ اسلم من فی السموات والارض طوعاً وکرہاً ۱۷ؐ بذلت

از نصر اس کا بذل مصدر ہے بمعنے خوشی سے خرچ کرنا اور یہ منع کی ضد ہے ۔ شہ فی مطاوعتہ یہ مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے موافقت کرنا اور کسی کے حکم کو ماننا ۔ ولہ جہد بالضم بمعنے مشقت اور بعض یہ فرماتے ہیں بالفتح کے معنے طاقت کے ہیں اور بالضم بمعنے مشقت یقال جھد فی الامر کام کی کوشش میں اس نے مشقت اٹھائی ومنہ الجہاد وہو استفراغ الجہد والطاقۃ فی فعۃ العدو ۔ از فتح ۔ وفی التنزیل والذین لایجدون الا جُہدہم ۔ ہے المستطیع اسم فاعل کا صیغہ از استفعال اس کا مصدر استطاعت ہے بمعنے طاقت وقدرت رکھنا وفی التنزیل فما اسطاعوا ان یظہروہ وما استطاعوا لہ نقبا ۔ لہ انشارت قدر تحقیقہ علے یہاں مع کے معنے ہیں ہے ۔ ۱۲ اعانیہ از مفاعلت اس کا مصدر معاناۃ ہے بمعنے مشقت اٹھانا اور اس کا مجرد عنا ہے از سمع یہ ناقص یائی ہے بمعنے مشقت میں پڑنا اور جو نصر سے آتا ہے یعنی عنا یعنو ناقص واوی اس کے معنے تابعدار ہونے کے آتے ہیں وفی التنزیل وعنت الوجوہ للحی القیوم ای خضعت ۔ ۱۳ من قریحہ من بہ ما کا بیان ہے یا یہ اعانیہ کا صلہ ہے قریحہ یہ سمع سے آتا ہے اس کا مصدر قرح آتا ہے جس کے معنے زخم کے ہیں اور طبیعت کو قریحہ اس لیے کہتے ہیں کہ اس کی بھی مختلف حالت ہوتی ہے کبھی وہ غمزدہ ہوتی ہے اور کبھی خوش وقال استاذی مدظلہ یہ معنے لینا ٹھیک نہیں اس لیے کہ قریحہ تو اچھی اور خوش طبیعت کو کہتے ہیں اسی لیے اس کے معنے خیار کل شئ وادل ما یستخرج من البیر کے آتے ہیں ۔ والجمع قرائح ۔ ۱۴ جامدۃ از نصر یہ سیلان کی ضد ہے بمعنے جمی ہوئی چیز یقال جمد جمودا وجمدا یعنی چیز کا ٹھیرنا وجمنا وخشک ہونا ویقال جمدت یدہ یعنی وہ بخیل ہوا اور جمد کے معنے ٹھیرے ہوئے پانی اور برف کے آتے ہیں ۔

وَفِطْنَةٍ خَامِدَةٍ ۔ وَرَوِيَّةٍ نَاضِبَةٍ ۔ وَهُمُوْمٍ نَاصِبَةٍ ۔ خَمْسِيْنَ مَقَامَةً تَحْتَوِيْ عَلٰى جِدِّ الْقَوْلِ وَهَزْلِهٖ ۔ وَرَقِيْقِ اللَّفْظِ وَجَزْلِهٖ ۔ وَغُرَرِ الْبَيَانِ وَدُرَرِهٖ وَمُلَحِ الْاَدَبِ وَنَوَادِرِهٖ

الترجمۃ والمطالب اور میری بجھی ہوئی ذکاوت اور گئی ہوئی فکر اور رنجیدہ کرنے والے غموں کے باوجود میں نے پچاس مقالے جن میں عمدہ اور دلخوش کن باتیں مذاق کی ہیں جو شیریں اور فصاحت کے الفاظ ہیں اور فصاحت بیان ہیں اور اس کے گوہر ہائے نایاب اور ادبی لطیفے اور ان کے نوادر وعجائبات سب کچھ اس میں موجود ہیں ۔

تشریح لغات لہ فطنۃ بمعنے تیز فہمی اور یہ غباوت کی ضد ہے از نصر فطنۃ اور قریحۃ میں یہ فرق ہے فطنۃ تیز فہمی کو کہتے ہیں اور قریحۃ اچھا سمجھنے کو کہتے ہیں خواہ طبیعت تیز ہو یا نہ ہو ۔ ۲ہ خامدۃ از نصر وسمع یقال خمدت النار ای سکن لہیبہا ولم یطفأ جمرہا وخمدت الحمی بخار کا جوش کم ہو گیا وخمد المریض یعنی مریض بے ہوش ہو گیا (مر گیا) اس کا مصدر خمود آتا ہے اس کے معنے آگ کے بجھنے کے ہیں مگر آگ باقی ہو اور حمود بالحاء المہملہ آگ کا بجھنا اسی طرح کہ کچھ بھی آگ باقی نہ رہے وفی التنزیل فاذا ہم خامدون رُویۃ بمعنے فکر کرنا اور قوت متفکرہ اور ردی کا مؤنث ہے والجمع روایا ۔ ۳ہ ناضبۃ از نصر نضب اس کا مصدر ہے بمعنے خشک ہونا اور پانی کا کم ہو کر گہرائی میں جانا یقال نضب الماء نضوبا ای غار فی الارض ۔ ۴ہ ہموم یہ ہم کی جمع ہے بمعنے ارادہ وغم یقال ہمۃ الامر ہما

ای الفرقۃ از نصر وفی التنزیل اذ ہَمّ قوم ان یبسطوا ولقد ہمت بہ وہمّ بہا ویقال ہمّ بالشئی اذا ارادہ وعزم علیہ ولم یفعل ناصبۃ اسم فاعل کا صیغہ نصیب مصدر بمعنے غم از سمع ۳ے خمیس مقامۃ خمیس بہ انشات کا مفعول ہے مقامہ بمعنی مجلس والجمع مقامات وقد مرّ تحقیقہ۔ ۴ے تحتوی اس کا مصدر احتواء ہے از افتعال بمعنے شامل ہونا اور جمع کرنا یقال حوی الشئی یحو یہ حوایۃً واحتوٰے علے الشئی ای جمعہ واحرزہ ازضرب ۵ے جد بالکسر مصدر کوشش کرنا اور یہ ہزل کی ضد ہے جو اصل میں اس قول کو کہتے ہیں کہ جس کا حکم اور معنے ہر دو متکلم کی مراد ہوں۔ یقال جَدَّ فی الامر جِدًّا ای حقق واہتم ازضرب ۶ے ہزل بمعنے مذاق اور یہ جد کی ضد ہے ازضرب ونصر یقال ہزل ہزلاً وہزل فی کلامہ یعنی اس نے مذاق کیا اور بیہودہ بکا۔ وفی التنزیل انہ لقول فصل وما ہو بالہزل ۷ے رقیق یہ غلیظ اور رقین کی نقیض ہے بمعنے باریک لکڑی اور جزل کے معنے موٹی لکڑی کے ہیں، اور کتاب والے رقیق سے مراد باریک لفظ لیتے ہیں اور جزل سے مراد موٹا لفظ اور اضافت رقیق کی لفظ کی طرف اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے۔ ازضرب یقال رَقَّ یرِقّ رقۃً ورَقَّ لہ یعنی اس پر رحم کیا ۸ے اللفظ مصدرہ وہ کلمہ جو بولا جائے۔ کلام والجمع الفاظ اور لفظۃً ایک مرتبہ لفظ بولنا۔ اور وہ کلمہ جس کا تلفظ کیا جائے والجمع لفظات ازضرب وسمع یقال لفظ ولفظ بالشئی من فمہ یعنی اس کو پھینکا اور ڈالا فالشئی لفیظ وملفوظٌ وتلفظ بالکلام یعنی اس نے لفظ بولا ۹ے جزلہ رکیک کے خلاف کو جزل کہتے ہیں والجمع اجزالٌ وجزالٌ ویقال جزل الشئی جزالۃً ای عظم ازکرم ویقال جزل منطقہ ای فصح کلامہ ۱۰ے غُرر یہ غُرّۃ بتشدید الراء کی جمع ہے وہ سفیدی جو گھوڑے کے ماتھے پیشانی پر ہوتی ہے ویقال غُرّۃ الشئی ای خیارہ ویقال فلاں غُرّۃ قومہ ای شریف قومہ ویقال غرّ غرارۃً ای صار شریفا از سمع ویقال غرّۃ بمعنے خدع والجمع بالباطل از نصر وفی التنزیل ماغرک بربک الخ ولا یغرنکم باللہ الغرور۔ ویقال غَرّ وجہہ غررًا وغرارۃً ای صار ذاغُرّۃ وحسن از سمع اور غُرّۃً مہینہ کے پہلے تین روز کے معنے میں بھی آتا ہے۔ ۱۱ے درر یہ دُرّۃ کی جمع ہے بمعنے بڑا موتی اور اس میں تاء وحدت کی ہے اور دُرّ اسم جنس ہے اس کا اطلاق قلیل اور کثیر دونوں پر ہوتا ہے دُرّۃ بڑے موتی کو کہتے ہیں خواہ وہ چمک دار ہو یا نہ ہو اور لولو چمکدار کو کہتے ہیں خواہ وہ موتی بڑا ہو یا نہ ہو اور لولوۃ میں تاء وحدت کی ہے والجمع لآلی ۱۵ے ملح یہ ملحۃ کی جمع ہے بمعنے نمکین مزیدار اور ستھری بات والکلام الملیح ای مایستحسن ویستظرف وفی التنزیل ملح اجاج ازضرب وفتح یقال ملح الطعام یعنی کھانے میں اس نے نمک ڈالا واز کرم یقال ملح ملاحۃً وملوحۃً بمعنے خوش منظر ہوا ۱۶ے الاداب ملکۃ تعصم من کانت فیہ عما یُشینہ وبمعنے دانائی والجمع آداب۔ اور آداب کا اطلاق عام طور سے علوم اور معارف بالخصوص طریقہ پر بہترین اور اعلے دانائی کے علوم ومعارف پر بھی آتا ہے۔ ازکرم بمعنے عقلمند ہونا یقال ادب الرجل ادبا بمعنے وہ عقلمند اور صاحب ادب ہوا منہ الادیب ذتادّب عن فلاں یعنی اس نے اخلاق سیکھے وتادّب بہ یعنی اس نے اس کی اقتدا کی۔ ۱۸ے نوادر یہ نادرۃ کی جمع ہے بمعنے غرائب۔ کمیاب نہایت فصیح۔ ازنصر یقال ندر ندرًا وندورًا ویقال ندر الشئی یعنی وہ قلیل الوجود ہے وندر الکلام یہ فصیح کلام ہے اور خوب ہے اور غریب ہے۔ واندر یعنی وہ کلام نادر لایا۔

الیٰ ما وَشَّحْتُہَا بِہٖ مِنَ الْاٰیَاتِ۔ وَمَحَاسِنِ الْکِنَایَاتِ۔ وَرَصَّعْتُہٗ فِیْہَا مِنَ الْاَمْثَالِ الْعَرَبِیَّۃِ۔ وَاللَّطَائِفِ الْاَدَبِیَّۃِ۔ وَالْاَحَاجِیْ النَّحْوِیَّۃِ وَالْفَتَاوَی اللُّغَوِیَّۃِ۔

الترجمہ والمطالب یہاں تک کہ آیاتِ قرآنی اور کنایات نفیسہ سے میں نے اس کو مزین کیا ہے اور عربی امثالوں ادبی لطیفوں اور نحوی چیستانوں اور لغوی مسئلوں سے ہم نے اس کو مرصع (جڑاؤ) کیا ہے۔

تشریح لغات لو الٰی ما و شحتہا یہاں الٰی مع کے معنی میں ہے وشحتہا اس کا مصدر توشیح ہے اور یہ وشاح سے ماخوذ ہے جس کے معنے مزین کرنے کے ہیں اور اس کے معنے عورت کے ہار کے بھی آتے ہیں اس لیے کہ وہ عورت کے لیے زینت دار ہوتا ہے اور تلوار کے پرتلے کو بھی کہتے ہیں اس لیے کہ وہ مرد کی زینت ہے یقال وشحتہا ای زینتہا ۲ہ الایات یہ آیۃ کی جمع ہے بمعنے نشانی وسمیت آلایۃ آیۃً لانہا علامۃٌ لانقطاع من کلام وآیات اللہ عجائبہ وفی التنزیل لقد کان فی یوسف واخوتہ آیات للسائلین ویقال آیۃ من الکتاب کلام منفصل جس میں لفظی فصل ہو اور آیت کی اصل میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک یہ اویۃ سے ماخوذ ہے ۳ہ محاسن یہ حسن کی جمع ہے علی خلاف القیاس ہے بمعنے جمال وخوب صورتی از نصر وکرم یقال حسن حسنًا فہو حَسَنٌ والجمع حسانٌ وحُسانٌ ۴ہ الکنایات یہ کنایۃ بکسر الکاف کی جمع ہے اور کنایہ اصطلاح میں شئی معین کے اس طریقہ پر ادا کرنے کو کہتے ہیں کہ لفظ اس پر صراحۃً دلالت نہ کرے بلکہ ایسی طرز سے کوئی خاص طریقہ قائل کا ہوتا ہے جس کو وہ سمجھے اور کوئی دوسرا نہ سمجھے از نصر یقال کنا یکنو دکنا یکنی کنایۃ از ضرب یقال کنٰی بالشئی عن کذا یعنی اس نے اس طرح سے ذکر کیا اس کی کچھ اور مراد ہے ۵ہ رصّعتہ، از باب تفعیل یقال رصّع الشئی یعنی اس نے اندازہ سے لگایا۔ اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے بمعنے موتیوں کو جڑنا اور بعض کو بعض سے ملانا یقال رصّعہ ای نظمہ والصقت بعضہ ببعض ویقال تاجٌ مُرصّعٌ ای مزیّنٌ بجواہر از سمع بمعنے چمٹنا یقال رصع بہ الشئی رصعًا درصوعًا ای لزق بہ ۶ہ الامثال یہ مثل کی جمع ہے قول مشہور اور ضرب المثل کو کہتے ہیں ۷ہ العربیۃ یہ عرب کی طرف منسوب ہے اس میں یا اور تا نسبت کی ہے اصلی لفظ عَرَبٌ بفتح الراء وکسرہا ہے اور عرب کے لوگ دیگر اقوام کو خسیس جانا کرتے تھے اس لیے وہ ان کے ملک کو عجم سے تعبیر کیا کرتے ہیں یقال عرب عربًا وعروبۃً ای تکلّمَ بالعربیۃ ولم یلحن از کرم وفی التنزیل بلسان عربی مبین ۸ہ اللطائف یہ لطیفۃ کی جمع ہے بمعنے عجیب اور عمدہ بات اور وہ نکتہ جس کے بیان سے نفس میں خوشی ہو از نصر یقال لطف لطفًا ولطف بفلان یعنی اس نے نرمی کی واللطیفۃ وہی الکلام الذی یکون فی غایۃ الحسن ۹ہ الاحاجی یہ احجیّۃٌ کی جمع ہے مخفف اور مشدد بمعنے مغلق کلام جس کو چیستان اور پہیلی کہتے ہیں اور یہ حجار سے مشتق ہے جس کے معنے عقل کے ہیں اور احجیۃ میں بھی عقل آزمائی جاتی ہے معمہ اور لغز اور احجیۃ میں فرق ہے معمہ اس شعر یا مصرع کو کہتے ہیں جس میں کسی کا نام بھر دیا جائے اور سوال اس میں نہ ہو جیسے خذا لیمین من ہیم ولا تنقط علی امرئ فادرجہ نصارا اسما لمن کان بہ فخری اس سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نکلتا ہے اور لغز میں یہ بات بھی آتی ہے اور اس میں سوال بھی ہوتا ہے جیسے ما الشئی اذا افسد انحوّل غیرہ رشدا یعنی جب شراب فاسد ہو جاتی ہے تو وہ سرکہ بن جاتی ہے، اور احجیۃ یہ کہ لفظ بول کر اس سے اس کے مدلول کو مراد نہ لیا جائے بلکہ مناسبات سے جیسے ہمانہیں ذا ۱۰ہ والنحویۃ اس کی نسبت نحو کی طرف ہے علم النحو ہو اعراب الکلام العربی والمتکلم ینحو بہ منہاج کلا مہم افرادًا وترکیبًا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال نحا ینحو نحوًا ای قصد۔ ومنہ النحوی یعنی علم نحو کا عالم والجمع نحویون۔ ناحی علم نحو والے کو کہتے ہیں والجمع نحاۃٌ ۱۱ہ الفتاوی یہ فتویٰ کی جمع ہے اور فتویٰ شریعت کے حکم کو کہتے ہیں اور مفتی وہ جو مسائل شرعیہ کے متعلق جوابات دے اور یہ اصل میں فتٰی سے مشتق ہے جس کے معنے قوی جوان کے ہیں اس لیے کہ مفتی اپنے قوی دلائل سے اس کے

شبہ کو دور کرتا ہے وفی التنزیل ویستفتونک قل اللہ یفتیکم ا لخ ؁ اللغویۃ اس کی نسبت لغت کی طرف ہے اس میں یا اور تا نسبت کی ہے اور اصل کلمہ لغت ہے اور لغت کے یہ معنے ہیں الاصوات التی یعبّر بہا الناس عن اغراضہم اور اس کی اصل میں اختلاف ہے بعض لغو فرماتے ہیں اور بعض لغیٌ لیکن صحیح اول ہے اس لیے کہ جب اس کے ساتھ یا اور تا نسبت لگاتے ہیں تو لغویۃ بالواو پڑھتے ہیں۔

وَالرَّسَائِلِ الْمُبْتَكَرَةِ. وَالْخُطَبِ الْمُحَبَّرَةِ. وَالْمَوَاعِظِ الْمُبْكِيَةِ. وَالْأَضَاحِيكِ الْمُلْهِيَةِ. مِمَّا أَمْلَيْتُ جَمِيعَهُ عَلَى لِسَانِ أَبِي زَيْدٍ السَّرُوجِيِّ. وَأَسْنَدْتُ رِوَايَتَهُ إِلَى الْحَارِثِ بْنِ هَمَّامٍ الْبَصْرِيِّ. وَمَا قَصَدْتُ بِالْإِحْمَاضِ فِيهِ إِلَّا تَنْشِيطَ قَارِئِيهِ.

الترجمۃ والمطالب اور جدید رسالوں اور مزین خطبوں اور رلانے والے وعظوں اور لہو ولعب میں ڈالنے والی ہنسی کی باتوں سے (میں نے اس کو مرصع کیا ہے) اور یہ تمام و کمال ابو زید سروجی کی زبان سے لکھا ہے اور اس کی روایت حارث بن ہمام بصری کی طرف منسوب ہے اور اس میں انتقال سے میرا مقصد محض پڑھنے والے کو خوش کرنا ہے۔

تشریح لغات ؎ الرسائل یہ رسالۃ کی جمع ہے بمعنے صحیفہ (ای ماصغر حجمہ، وکبر نفعہ) اور اس کی جمع رسالات اور رسائل بھی آتی ہے وفی التنزیل لقد ابلغتکم رسالات ربی ؁ المبتکرۃ اس کا مصدر ابتکار ہے بمعنے نئی ایجاد اور اس کا مجرد بکر ہے (جہاں) یہ تین حرف ب۔ک۔ر۔ ہوں گے تو جدید کے معنے ہوں گے جیسے باکورۃ بمعنے درخت کا نیا پھل اور نیا چھوٹا بچہ ومنہ البکرۃ صبح کی نئی روشنی اس کے معنے جدید۔ اور باکرہ اور دوشیزہ کے بھی آتے ہیں یقال ابتکر الفاکہۃ یعنی اس نے پہلا پھل کھایا از نصر اس کا مصدر بکور آتا ہے بمعنے متقدم ہونا اور بکرٌ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے ؁ الخطب یہ خطبۃٌ کی جمع ہے بمعنے مایقرء علی المنبر والجمع خطبات بضم الطاء وفتحہا اور خطبۃ بالکسر کے معنے عورت کے پاس نکاح کا پیغام پہونچانا والجمع خِطَبٌ بکسر الخاء المعجمۃ ومنہ الخطیب، والجمع خطباء مثل فقہاء از نصر اور خطاب کسی سے کلام کرنا .... یقال رجل خطیب یعنی یہ مرد بہت خطبہ پڑھتا ہے وخطب القوم، وفی القوم یعنی اس نے حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھا ؁ المحبرۃ یہ تحبیر سے مشتق ہے بمعنی تزیین اور پاکیزہ اس کا مجرد حبر بکسر الحاء المہملۃ بمعنے زینت منقش چادر اور کسی چیز میں روشنی ڈالنا۔ یقال حبر الشیٔ ای زینۃ، دوشاہ از نصر ومنہ الحبیر ای الثوب الناعم الجدید ؁ المواعظ یہ موعظۃٌ کی جمع ہے بمعنے نصیحت وفی التنزیل فمن جاءہ موعظۃٌ من ربہ از ضرب یقال وعظ یعظ وعظاً وعظۃً یعنی اس نے نصیحت کی اور بھلی بات کہی اور اس کی سیرت کی اصلاح کی واتعظ یعنی اس نے نصیحت قبول کی منہ الواعظ والجمع واعظون وَوُعّاظٌ۔ وعظ کے اصلی معنے یہ ہیں وہ نصیحت جس میں خدا کا خوف شامل ہو وقال الخلیل، ہو التذکیر بالخیر فیما یرق لہ القلب وفی التنزیل یعظکم لعلکم تذکرون ؁ المبکیۃ اس کا مصدر ابکاء ہے از افعال بمعنے رولا دینا اور اس کا مجرد بکیٰ و بکاءٌ بالمد والقصر آتا ہے از ضرب یقال بکیٰ یبکی بکیً وبکاءً اذا سال الدمع عن حزن

یقال اذا کان الصوت اغلب و بالقصر یقال اذا کان الحزن اغلب وفی التنزیل فما بکت علیہم السماء والارض۔ فلیضحکوا قلیلاً ولیبکوا کثیراً ؎ الاضاحیک۔ یہ اضحوکۃ کی جمع ہے۔ جس کے معنے بہت ہنسانے والے کے ہیں اور یہ سمع سے آتا ہے یقال ضحک ضحکاً وضِحکاً وضحکا یہ بکاء کی ضد ہے۔ یعنی جب کہ وہ ہنسے وفی التنزیل وامراٗتہ قائمۃ فضحکت ؎ الملہیۃ اس کا مصدر الہاءٌ ہے۔ از افعال خوشی میں ڈالنا اور بخشش کرنا اور اس کا مجرد لہو ہے از نصر بمعنے لہو ولعب یقال لہوتُ بالشیٔ الہو بہ لہواً اذا لعبت بہ وتشاغلت وغفلت بہ عن غیرہ ولہیت عن الشیٔ بلہے ولُہیّاً ولحیاناً اذا لہوت وترکت ذکرہ وغفلت عنہ واشتغلت از سمع وفی التنزیل الہاکم التکاثر ویا یہا الذین آمنوا لاتلہکم اموالکم ولا اولادکم عن ذکر اللہ ؎ مما املیت ما یہ سائل اور اس کے بعد کے لیے بیان ہے املیت اس کا مصدر املاءٌ ہے۔ جس کے معنے لکھانے کے ہیں۔ املا اور املال مضاعف دونوں کے معنے ایک ہیں یقال املیت علیہ الکتاب یعنی میں نے اس سے کتاب لکھوائی اور املا وہ اقوال جو لکھائے جائیں ؎ جمیعہ اس کے معنے تمام واجتماع آدمیوں کی جماعت کے ہیں اور یہ تفریق کی ضد ہے اور یہ محض تاکید کے لیے بھی مستعمل ہوتا ہے یقال جاؤ جمیعہم ومنہ یوم الجمع یعنی قیامت کا دن۔ ؎ السروجی سروج میں یاء نسبتی لگا دی ہے یعنی سروج کا رہنے والا اور سروج ایک شہر ہے جو حرّان کے قریب واقع ہے ؎ واسندت اس کا مصدر اسناد ہے از افعال اس کے معنے نسبت کرنے اور تکیہ لگانے کے ہیں۔ یقال اسند الحدیث ای اذا رفعہ الی قائلہ۔ یعنی حدیث اس کی طرف نسبت کی۔ ؎ الحارث حارث سے مراد خود اپنی ذات کو مراد لیا ہے اس لیے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کلکم حارث وکلکم ہمام۔ ؎ ما قصدت اس کا مصدر قصد ہے اس کے معنے ارادہ کرنے کے ہیں اور قصد افراط کی ضد کے معنے میں بھی آتا ہے یعنی میانہ روی وفی التنزیل واقصد فی مشیک یقال قصد الرجل وقصد الیہ وقصد لہٗ یعنی وہ اس کی طرف متوجہ ہوا ؎ بالاحماض اس کے معنے انتقال من اسلوب الی اسلوب آخر کے آتے ہیں اور اس کے معنی چار پایہ کا میٹھی گھاس کی چراگاہ سے کڑوے گھاس کی چراگاہ کی طرف انتقال کرنے کے بھی آتے ہیں احماض یہ مصدر ہے از افعال اور مانوس بات کا تذکرہ ہونا اور واقعی باتوں سے ہنر لبات کی طرف منتقل ہونا۔ یقال تحمّض الرجل یعنی وہ شخص ایک شیٔ سے دوسری شیٔ کی طرف منتقل ہوا ؎ تنشیط مصدر از تفعیل بمعنے خوش کرنا اور اس کا مجرد نشاط آتا ہے از سمع جس کے معنے اونٹ کی باگ نکال دینے اور چھوڑ دینے کے آتے ہیں اور یہ کسل کی ضد ہے بمعنے خوشی اور ضرب سے اس کے معنے نکل جانے کے آتے ہیں یقال نشط ینشط ای خرج من بلد الی بلد او من ارض الی ارض الناشط الثور الوحشی الذی یخرج من بلد الی بلد او من ارض الی ارض وفی التنزیل والناشطات نشطاً ای النجوم تنشط من برج الی برج کالثور الناشط ؎ قارئیہ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کی جمع قارئون آتی ہے قرءٔ یقرءُ از فتح ویقرأ قراءۃ وقرآناً بمعنے پڑھنا۔ یقال قرأ علیہ السلام یعنی اس تک سلام پہونچایا وقرأ الشیٔ قرأناً بمعنے جمع کرنا اور بعض کو بعض کے ساتھ ملانے کے آتے ہیں وفی التنزیل ان علینا جمعہ وقرآنہ۔ ای جمعہ وقرائتہ اور قاری کی جمع قرآءٌ آتی ہے جیسے کافر کفرۃٌ اور قرّاءٌ مثل کفار اور قرءٌ بالضم اسی سے آتا ہے جس کے معنے حیض وطہر کے آتے ہیں اور یہ اضداد میں سے ہے والجمع اَقراءٌ

واقرءٌ کافلسٍ وقرءٌ وفی التنزیل وثلثۃ قروءٍ۔

وَتَكْثِيرَ سَوَادِ طَالِبِيهِ۔ وَلَمْ أُودِعْهُ مِنَ الْأَشْعَارِ الْأَجْنَبِيَّةِ إِلَّا بَيْتَيْنِ فَذَّيْنِ. أَسَّسْتُ عَلَيْهِمَا بِنْيَةَ الْمَقَامَةِ الْحُلْوَانِيَّةِ وَآخَرَيْنِ تَوْأَمَيْنِ. ضَمَّنْتُهُمَا خَوَاتِمَ الْمَقَامَةِ الْكَرَجِيَّةِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور اس کے طالبوں کی جماعت میں اضافہ کرنے کے لیے کیا ہے اور میں نے اس میں کسی دوسرے شخص کا (ایک شعر بھی تحریر نہیں کیا ہے) بجز ان دو مفرد شعروں کے جن پر میں نے مقامہ حلوانیہ کی بنیاد رکھی ہے اور ان دو متصل شعروں (قطعہ) کے جن کو میں مقامہ کرجیہ کے ختم پر لایا ہوں۔

تشریح لغات

لہ تکثیر مصدر از تفعیل بمعنے زیادہ ہونا اور اس کا مجرد کرم سے آتا ہے وفی التنزیل الہاکم التکاثر (وقد مر تحقیقہ) تکثیر کم اور عدد کے اعتبار سے ہوتا ہے اور تعظیم کیفیت اور وصف کے اعتبار سے ہوتا ہے اور تعظیم کا مقابل تحقیر ہے اور تکثیر کا مقابل تقلیل ہے سے سواد بمعنے سیاہی وجسم وشخص اور بمعنی عوام آدمی اور جماعت کثیر یقال سواد الناس یعنی عوام اور یہاں یہ جماعت کے معنے میں ہے سے طالبیہ اسم فاعل کا صیغہ از نصر طالب کی جمع طَلَبَۃٌ اور طُلَّابٌ اور طَلَبٌ اور طَالِبٌ اور طلباء آتی ہے اور اس کے معنے طلب کرنے والے کے ہیں سے لم اودعہ اس کا مصدر ایداع ہے یہ ودیعت سے ماخوذ ہے یقال اودعہ مالاً ای دفعہ الیہ لیکون ودیعۃً عندہ، واودعہ ایضاً قبلہ منہ اور ودیعت اضداد میں سے ہے۔ اس کے معنے قبول کرنے اور ودیعت کسی کے پاس رکھنے کے آتے ہیں اور اسی سے تودیع ہے جس کے معنے رخصت کرنے کے آتے ہیں وفی التنزیل ما ودعک ربک اور اس کا مجرد ودع یدع ضرب سے آتا ہے جس کے معنے چھوڑنے کے ہیں ۵ الاشعار یہ شعر کی جمع ہے اور شعر کہنے والا شاعر ہوتا ہے۔ شعر وہ کلام جس میں وزن اور قافیہ کا لحاظ ہو والجمع شعراء وفی التنزیل والشعراء یتبعہم الغاوٗن، اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے اور اشعار کے معنے خبر اور بتلانے کے بھی آتے ہیں ۶ الاجنبیہ اجنبی میں یا مبالغہ کی ہے یعنی بہت نیا جیسا احمر سرخ اور احمری بہت سرخ اور یہ جنب یجنب نصر سے آتا ہے یقال جنب الرجل ای نحاہ (یعنی اُس کو دور کیا) ومنہ الاجتناب، اور اجنب کے معنے بیگانہ ہونے کے آتے ہیں والجمع اجانب۔ ۷ الابیتین سے مراد یہ ابیات ہیں۔ فکنت یہ انام ہموی واجتلی الخ اور اس کا قائل ایک ہے۔ یعنی ابن سکرہ ۸ فذ بن فذ بالذال المہملۃ صحیح ہے بمعنے منفرد و تنہا اس کے قائل دو ہیں ایک زیادی اور دوسرے بحتری ہے ۹ اسست کے معنے بنیاد رکھنے کے ہیں اس کا مجرد اساس ہے جس کے معنے بنیاد کے ہیں اور اساس اور بنیہ میں یہ فرق ہے کہ بنیہ تو مطلق نیچے کے عمارت کو کہتے ہیں اور اساس وہ بنیاد جو زمین میں مدفون ہو۔ یقال اسّس اذا بنی داراً اور ورفع حدود ہا من قواعدہا اور مجرد اس کا نصر سے آتا ہے والاسّ البناء اور اس کی جمع اساس احال کے وزن پر آتی ہے نلہ بنیۃ وہ چیز جو بنائی جائے والجمع بُنیٰ وبِنیٰ یقال فلان صحیح البنیۃ ای الفطرۃ

وبنیۃ الکلمۃ یعنی صیغہ اور مادہ جس پر بنا کی جائے از ضرب یقال بنے بنیا و بنا و بناءً و بنیانا و بنیۃ جب کہ وہ تعمیر کرے اسے اور بناء یہ ہدم کی ضد ہے ئلہ الحلوانیہ حلوان کی طرف اس کی نسبت ہے اور یہ ایک شہر نام ہے ۱۲ آخرین یہ آخر کا تثنیہ ہے جو اول اور متقدم کی ضد ہے والجمع آخرون۔ اس کا مؤنث آخری ہے والجمع آخر و اخریات اور آخر دو چیزوں میں سے کسی ایک چیز کو کہتے ہیں اور یہ افعل کے وزن پر ہے اور یہ تاخر سے ہے وفی التنزیل فآخران یقومان مقامہما۔ ۱۳ توامین جڑواں بچے۔ اور وہ دو بچے جو ایک پیٹ سے ہوں۔ والجمع توائم و توام یقال اتامت المرأۃ جب کہ عورت اپنے پیٹ سے دو بچے جنے ۱۴ ضمنتہما باب تفعیل سے ہے ای جعلتہما تضمنا یقال ضمن الشئ کالوعاء۔ یعنی اس کو برتن میں رکھا از سمع یقال ضمن الشئ ضمنا وضمانا یعنی وہ اس کا کفیل ہوا و یقال ضمن الشئ و بہ یعنی وہ اس کا کفیل ہوا۔ و یقال ضمنہ یعنی شامل ہوا۔ ۱۵ خواتم۔ یہ خاتمہ کی جمع ہے از ضرب بمعنے آخر۔ ۱۶ الکرجیۃ اس کی نسبت کرج کی طرف ہے اور کرج یہ ایک شہر کا نام ہے۔

وَمَا عَدَا ذٰلِكَ نَخَاطِرِيْ اَبُوْعُذْرِهٖ۔ وَمُقْتَضَبُ حُلْوِهٖ وَمُرِّهٖ۔ وَهٰذَا مَعَ اعْتِرَافِيْ بِاَنَّ الْبَدِيْعَ رَحِمَهُ اللّٰهُ سَبَّاقُ غَايَاتٍ۔ وَصَاحِبُ اٰيَاتٍ۔ وَاَنَّ الْمُتَصَدِّيَ بَعْدَهٗ لِاِنْشَاءِ مَقَامَةٍ۔ وَلَوْ اُوْتِيَ بَلَاغَةَ قُدَامَةَ۔

الترجمۃ والمطالب

علاوہ ازیں باقی اور اشعار کا موجد میرا ذہن ہے اور اس کے رطب و یابس (کھٹے میٹھے) کی بدیہہ گو خود میری زبان ہے یہ سب کچھ اس بات کا اقرار کرتے ہوئے کہ بدیع (علمی گھوڑ دوڑ کی مقرر کردہ) انتہا پر سب سے پہلے پہونچنے والا اور تمغہ یافتہ ہے اور میں اس بات کا بھی اقرار کرنے والا ہوں کہ بدیع کے بعد مقامات لکھنے کے درپے ہونے والا خواہ وہ قدامہ کی سی بلاغت ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔

تشریح لغات

ا ۔ وما عدای ماسوائے ۲ ۔ خاطری خاطر وہ چیز جو دل میں کسی امر یا تدبیر کے لیے خطرہ پیدا ہو۔ والجمع خواطر از ضرب و نصر و یقال خطرہ اللہ ببالہ و علی بالہ و فی بالہ یعنی اس کو بھول جانے کے بعد یاد آیا ۳ ۔ ابوعذرہ پہلا کاری گر۔ موجد یقال ہوا ابو عذر ہذا الکلام یعنی اس کلام کا سہرا اسی کے سر ہے و یقال فلاں ابوعذرہا یعنی سب سے پہلا خاوند ہے ۴ ۔ مقتضب انتضاب اس کا مصدر ہے از افتعال یقال اقتضب الکلام یعنی اس نے فی البدیہہ کلام کہا و منہ القضیب بمعنے کٹی ہوئی ٹہنی۔ والجمع قضبان و قضبان۔ حلوہ یہ مُر کی نقیض ہے۔ بمعنی میٹھا۔ پاکیزہ خوشنما حلا یحلو از نصر و حلو یحلو از کرم و حلی یحلی از سمع حلاوۃ و حلوا و حلوانا۔ اس کا مصدر بمعنے میٹھا ہونا یا پاکیزہ ہونا و یقال حلی فی عینی و بعینی یعنی میری آنکھ میں بھلا معلوم ہوا ۵ ۔ مرہ یہ حلو کی ضد ہے بمعنے کڑوا تلخ از نصر و سمع مرارت کے معنے کڑوا ہونے کے ہیں ۶ ۔ اعتراف یہ افتعال کا مصدر ہے بمعنے اقرار کرنا یقال اعترف زید یعنی زید نے اقرار کیا۔ ۷ ۔ سباق بمعنے بہت آگے سبقت کرنیوالا از ضرب یقال سبق سبقا یعنی وہ آگے

نکل گیا۔ وسبق الی کذا یعنی وہ خود آگے نکل گیا وسبق علے کذا یعنی وہ اس پر غالب آیا منہ السابق والجمع سابقون وسُبّاق۔ ؎۸ غایات یہ غَایَۃٌ کی جمع ہے بمعنے انتہا۔ ونشان وجھنڈا۔ وغرض ومطلب اور تیر جو دوڑنے کے میدان میں گاڑ دیا جائے۔ اور یہ آخر معنے یہاں مناسب ہیں۔ ؎۹ آیات یہ آیۃٌ کی جمع ہے۔ بمعنے نشانی وفی التنزیل ان فی ذلک لآیات ؎۱۰ المتصدی اس کا مصدر تصدی ہے از تفعل بمعنے درپے ہونا اور تصدد مضاعف کے معنے بھی پے درپے ہونے کے آتے ہیں۔ یقال تصدّ لَہٗ یعنی وہ اس کے درپے ہوا اور اس نے تعرض کیا ؎۱۱ اوتی اس کا مصدر ایتیان آتا ہے ازضرب بمعنے چھوٹے کو دینا اور اعطاء کے معنے مطلق دینے کے آتے ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اتیان آنے اور جانے میں عام ہے اور راغب میں اس کے معنے یہ تحریر کئے ہیں۔ کہ اتیان کے معنے آسانی سے آنے کے ہیں ؎۱۲ بلاغۃ کے معنے فصاحت کے ہیں یقال رجلٌ بلیغٌ ای فصیح والجمع بلغاء اور بلیغ کو بلیغ اس لیے کہتے ہیں کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوجاتا ہے اور یہ کرم سے آتا ہے۔ یقال بلغ بلاغۃً ای صار بلیغًا اور نصر سے اس کے معنے پہونچنے کے آتے ہیں یقال بلغ بلوغا وبلاغا جب کہ وہ پہونچے وفی التنزیل ہذا ابلاغ مبین ؎۱۳ قدامۃ اس کا نام ابو الولید جعفر ہے اور یہ غایت درجہ بلیغ وفصیح تھا۔ اور اس کی ایک کتاب بھی ہے جس کا نام سر البلاغت ہے اور بلاغت کی وجہ سے ضرب المثل میں یہ مشہور ہوگئے ہیں۔

لَا یَغْتَرِفُ[1] اِلَّا مِنْ نُضَالَتِہٖ[2]۔ وَلَا یَسْرِیْ[3] ذٰلِكَ الْمَسْرٰی اِلَّا بِدَلَالَتِہٖ۔ وَلِلّٰہِ[4] دَرُّ الْقَائِلِ

فَلَوْ قَبْلَ مَبْكَاهَا بَكَيْتُ صَبَابَةً بِسُعْدٰى شَفَيْتُ النَّفْسَ قَبْلَ التَّنَدُّمِ

وَلٰكِنْ بَكَتْ قَبْلِیْ فَهَيَّجَ لِیَ الْبُكَا بُكَاهَا فَقُلْتُ الْفَضْلُ لِلْمُتَقَدِّمِ

الترجمۃ والمطالب اُسی کے جھوٹے پانی سے چلو بھرے گا اور اُسی کی رہبری سے رہ رو بن سکے گا کسی نے کیا ہی خوب کہا ہے ؎ اگر میں کبوتری سے پہلے سعدیٰ کے عشق میں رونا تو ندامت سے قبل میں اپنے نفس کو شفا بخشتا لیکن وہ مجھ سے پہلے روئی اور اس کے رونے سے اس نے میرے رونے کو برانگیختہ کیا اس لیے مجھے کہنا پڑا کہ فضیلت سابق سبقت کرنے والے ہی کے لیے ہے۔

تشریح لغات ؎۱ لایغترف اغتراف اس کا مصدر ہے بمعنے چلو لینا اور ہاتھ میں پانی لینا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال غرف الماء بیدہ ای فاغترف منہ وفی التنزیل من اغترف غرفۃ بیدہ۔ ؎۲ من فضالتہ بالضم بچا ہوا پانی از نصر وسمع واما فَضِلَ یَفْضُلُ وھو شاذٌ لا یستعمل ؎۳ ولا یسری ازضرب یقال سریٰ یسری سُریً وسریانا ومسریً بمعنے رات کو چلنا فہو سارٍ والجمع سُرَاۃٌ وابن السُّراء رات کا مسافر ساریۃ وہ جماعت جو رات کے وقت سفر کرے تو مسراۓ کے معنے عام طور سے رات کے چلنے کے آتے ہیں اور سیر اللیل یہ کلمہ ہے جس کو عرب والے مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال کرتے ہیں وفی التنزیل

سبحان الذی اسرای بعبدہ در القائل اصل میں دودھ کو کہتے ہیں اور دودھ چونکہ عربوں میں ہر ایک کو عزیز ہوتا ہے اب اس کے معنے میں کثیر کے استعمال کرنے لگے ہیں اور اس سے اوصاف حسنہ مراد لیتے ہیں اس موقع پر چار لفظ بولے جاتے ہیں للہ ہو۔ للہ دُرّان کل للہ دُرّہ ۳ لافض فوہ اور لافض فوہ یہ لفظ حسن اقوال پر دلالت کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ اس کا منہ نہ کیا جائے اور للہ در القائل اگر مضاف الیہ کی طرف دیکھا جائے تو فقط قول ہی پر دلالت کرنے والا ہوگا اور اگر اس سے قطع نظر کی جائے تو یہ جمیع اوصاف کے حسن پر دلالت کرنے والا ہوگا۔ اور للہ درّہ یہ جمیع اوصاف کے حسن پر دلالت کرنے والا ہوتا ہے اور للہ ہو یہ اوصاف اور ذات دونوں کے حسن پر دلالت کرنے والا ہوتا ہے ۳ فلو قبل یہ لوبکت پر داخل ہے جو کہ بعد میں مذکور ہے اور قبل ظرف مقدم ہے یہ بکت کے متعلق ہے ضرورت شعر کی وجہ سے نہ حصر کی وجہ سے قبل کے معنے پہلے کے ہیں اور بعد کی نقیض ہے اور یہ ظرف زمان ہے معرب ہے اور قبل کی تصغیر قبیل آتی ہے اور اس کا مضاف کبھی حذف کر دیا جاتا ہے اس حالت میں بنا رعلے الضم اور اعراب دونوں صورتیں جائز ہیں خواہ تنوین لائیں یا بغیر تنوین کے جیسے مات الخلیفۃ و مات الوزیر قبل ومن قبل وقبلاً ومن قبل۔ وفی التنزیل للہ الامر من قبل ومن بعد ۵ مبکا یا یہ مصدر میمی ہے از بکی یبکی بکاءً از ضرب بمعنے رونے کی جگہ ۵ صبابۃ عشق۔ ورقۃ القلب من الہواء وشوق۔ ومجرت از سمع یقال صبّ یصبّ صبابۃ ویقال صبّ الیہ یعنی وہ اس پر عاشق ہوا یقال ورجل صبٌّ ورجلان صبان ورجال صبون وامراتان صبتا ن ونساء صبات ۷ ولسُعدیٰ یہ معشوقہ کا نام ہے ۸ شفیف از ضرب اس کا مصدر شفا، ہے۔ بمعنے شفا دینا اور استشفا از افتعال بمعنے شفا پانا۔ یقال شفی اللہ فلاناً من مرضہ یعنی خدا نے اس کو اچھا کر دیا اور اس کے مرض کو زائل کر دیا۔ ومنہ الشافی (یعنی شفا دینے والا یہ خدا کا نام ہے) والجواب الشافی یعنی قاطع اور مسکت جواب ۹ النفس اس میں الف لام عوض میں مضاف الیہ کے ہے یعنی نفسی۔ اور نفس کی جمع انفسٌ اور نفوسٌ آتی ہے وفی التنزیل اللہ یتوفی الانفس۔ ۱۰ التندم یہ ندامت سے مشتق ہے بمعنے پشیمان ہونا۔ اور اس میں الف ولام عوض میں مضاف الیہ کے ہے یعنی تندمی ۱۱ قبلی یہاں قبل کا مضاف الیہ اور یا کا مضاف محذوف ہے ای قبل بکائی ۱۲ فہیج از باب تفعل یقال فہیج تہییجاً بمعنی بھڑکایا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے بمعنے ہلنا و برانگیختہ ہونا یقال ہاج یہیج ہیاجاً بالکسر وہیجاناً بمعنے اس نے بھڑکایا غرضیکہ مجرد اور مزید دونوں کے معنے بھڑکانے کے ہیں لیکن مزید میں مبالغہ ہے یعنی زیادہ بھڑکانا۔ البکا مصدر رونا اول مفعول ہے اور ثانی فاعل ہے ۱۳ الفضل میں الف ولام استغراق کا ہے۔ ای کل الفضل فضل بمعنے فضیلت اور بزرگی ۱۴ للمتقدم اس کا خلاف متاخر ہے یقال تقدم القوم یعنی وہ آگے بڑھا۔ اور اس نے سبقت کی وقدم یقدم قدوماً یعنی وہ آگے بڑھا وقدم من سفرہ یعنی وہ سفر سے لوٹا از نصر واز سمع بمعنے بہادری کرنا۔ یقال قدم قدماً وقدوماً واز کرم یقال قدم قدماً وقدامۃً یعنی وہ اپنے وجود پر زمانہ دراز تک قائم رہا۔ ومنہ القدیم خلاف الحدیث یعنی پرانا۔ والجمع قدماء وقدامیٰ اور یہاں متے متقدم کے آگے ہونے والے کے ہیں۔ اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ از باب تفعل۔

وَاَرْجُوْ اَنْ لَّا اَكُوْنَ فِيْ هٰذَا الْهَذْرِ الَّذِيْ اَوْرَدْتُهٗ. وَالْمَوْرِدِ الَّذِيْ تَوَرَّدْتُهٗ. كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ. وَالْجَادِعِ مَارِنَ اَنْفِهٖ بِكَفِّهٖ. فَاُلْحَقَ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا. اَلَّذِيْنَ ضَلَّ

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا۔

الترجمۃ والمطالب

اور میں امید کرتا ہوں کہ اس بے ہودہ گوئی میں جس میں پڑ چکا ہوں اور جس گھاٹ پر کہ میں اتر چکا ہوں (یعنی آچکا ہوں) میں اس شخص کی طرح نہ ہوں گا جو خود اپنے پیر میں کلہاڑی مارتا ہے۔ (یعنی جیسے اپنی موت کھر سے تلاش کرے) اور اپنی ناک اپنے ہاتھ سے کاٹتا ہے تاکہ میں بھی ان لوگوں میں شامل نہ کیا جاؤں۔ جو اپنے افعال اور اعمال کے لحاظ سے نقصان والے ہیں یعنی محنت لوٹتے ہیں ہیں اور جن کی دنیوی زندگی میں کوشش بیکار ہوگئی ہے مگر ان کا گمان ہے کہ وہ اچھے کام کرتے ہیں۔

تشریح لغات

لہ ارجو از نصر اجوف واوی یقال رجا یرجو رجاءً و رجواً و رجاۃً و مرجاۃً ضد یئس یعنی اس نے امید کی۔ اور کبھی رجو اور رجاء کے معنے خوف کے بھی آتے ہیں جیسے قرآن شریف میں ہے مالکم لا ترجون للہ وقارا ای لا تخافون للہ عظمۃً اور لیکن رجاء مقصور کے معنے طرف کے آتے ہیں والجمع ارجاءٌ جیسے قرآن شریف میں ہے والملک علی ارجائہا۔ سے الہذر بمعنے بیہودہ گوئی دقد مر تحقیقہ از نصر وضرب سے اور دتہ اس کا ابراد مصدر ہے بہ وردسے ماخوذ ہے یقال ورد یرد وروداً ای حضر یقال اور دہ غیرہ ای احضرہ وفی التنزیل وان منکم الا واردہا ومنہ مورد والجمع موارد سے تورد تہ از باب تفعل تورد اس کا مصدر ہے بمعنے زور سے بتکلف گھسجانا۔ سے الباحث از فتح اس کا مصدر بحث ہے بمعنے تحقیق کرنا وجستجو کرنا اور معدن جس میں سے سونا چاندی وغیرہ تلاش کیا جائے اور کھودا جائے اور بحث کی جمع ابحاث آتی ہے یقال بحث فی الارض یعنی اس نے گڑھا کھودا ومنہ المباحثۃ ایک دوسرے کو بحث میں آزمانا شہ عن حتفہ بظلفہ حتف کے معنے موت کے آتے ہیں والجمع حتوف۔ سے اور ظلف بالکسر بکری وہرن وغیرہ کے کھر کو کہتے ہیں والجمع اظلاف قال ابن السکیت یقال رجلُ الانسانِ قدمہ وحافر الفرس وخف البغل وخف البعیر والنعامۃ وظلف البقرۃ والشاۃ والظبی کالباحث عن حتفہ بظلفہ اب ضرب المثل ہے اس کا واقعہ یہ ہے ایک شخص جارہا تھا اس کو بھوک لگی اور اس کے ساتھ بکری تھی۔ مگر اس کے پاس چھری یا چاقو نہ تھا وہ جو اس کو ذبح کرتا بکری کی عادت اپنے کھر سے کھودنے کی ہوا کرتی ہے اس نے جو کھودا تو اتفاق سے چھری نکل آئی کوئی شخص بھول گیا تھا یا کسی کی گرگئی تھی وہ زمین میں دب گئی تھی تو اس شخص نے اس چھری سے اپنی بکری کو ذبح کردیا جب سے یہ مثل مشہور ہوگئی۔ شہ والجادع اسم فاعل کا صیغہ ہے از فتح یقال جدع جدعاً یعنی اس نے کاٹا وجدع فلاناً اس نے قید کیا واز سمع یقال جدع جدعاً وجدع الرجال اس نے اس کے ناک کان ہاتھ اور ہونٹ کاٹے فہو اجدع۔ ۹ مارن الانف نرمہ یعنی ناک کا بانسہ والجمع موارن سلہ انف بمعنے ناک۔ والجمع آنفٌ وآنافٌ وانوفٌ یقال انف الجبل جو حصہ نکلا ہوا ہو۔ وانف کل شیٔ ای اوّلہ ویقال مات حتف انفہ یعنی طبعی موت مرا۔ ورغم انفہ یعنی وہ ذلیل ہوا۔ والجادع الخ یہ ضرب المثل ہے اس شخص کے لیے جو خود کو اپنے ہاتھ سے ہلاک کرے اس کا قصہ یہ ہے کہ جذیمہ بن الابرش ایک بادشاہ تھا۔ اس نے اپنے ملک کے لینے کے خاطر مسماۃ زبا کے باپ کو قتل کروادیا ایک عرصہ کے بعد زبا نے اپنا یہ پیغام اس کے پاس بھیجا کہ میں نے اپنے باپ کا خون معاف کیا اس شرط پر کہ تو مجھ سے نکاح کرے جذیمہ نے اس بات کو قبول کرلیا اس جذیمہ کا وزیر جس کا نام

قیصر تھا۔ اس نے جذیمہ کو بات سے روکا۔ مگر جذیمہ نے نہ مانا۔ جذیمہ نے نکاح کے ارادہ سے زبا کی طرف ارادہ کیا تو قیصر نے کہا کہ تم نے میری بات نہیں مانی تم کو کچھ علامات اور نشانیاں بتاتا ہوں اگر تم اس پر عمل کروگے تو اس میں تمہاری بھلائی ہے وہ علامات یہ ہیں جب اس کے ملک میں تم پہونچو اگر اس کی کثیر جماعت مع ہتیار بند تمہارے استقبال کو آئے تو تم سمجھنا کہ اس نے تمہارے ساتھ دھوکہ کیا ہے اگر فقط چند آدمی لینے کو آئیں تو سمجھنا کوئی ڈر نہیں ہے جذیمہ نے اس کی اس علامتوں کو مان لیا اور قیصر کو عمدہ تیز رفتار گھوڑے پر سوار کیا اور اس سے یہ کہا کہ اگر لشکر کثیر مل جائے۔ تو تم اپنا گھوڑا مجھے دے دینا تاکہ میں وہاں سے فرار ہو جاؤں جذیمہ وہاں پہونچا تو جماعت کثیر نے اس کا استقبال نہ کیا جب وہ زبا کے قلعہ تک پہونچا تو جماعت کثیر اس کو ملی جذیمہ وہاں سے نہ بھاگ سکا زبا نے اس کو پکڑ کر قتل کر دیا۔ قیصر اپنے اسی گھوڑے پر سوار ہو کر جذیمہ کے بھائی عمرو بن عدی کے پاس پہونچا اور اس نے یہ تدبیر کی کہ اس نے اپنی ناک کاٹی اور زبا کے پاس وہ قیصر یہ استغاثہ لے کر حاضر ہوا کہ جذیمہ کے بھائی نے میری ناک کاٹی ہے اس لیے کہ تو نے اس کے بھائی کو بعوض اپنے والد کے قصاص میں مروا دیا ہے اور تو اس کے پکڑوانے میں اور مارنے میں شریک ہے زبا نے اس کی عزت کی اور اس کو اپنا معتمد بنالیا اور اس نے خوب مزے اڑائے یہاں تک کہ زبا نے اس کو چند بار عراق کی طرف ساز و سامان لیکر تجارت کے لیے بھیجا آخری مرتبہ کچھ اشخاص کو وہ صندوق میں بندکر کے لایا اور زبا کو قتل کرتے میں کامیاب ہو گیا اس طرح زبا سے اپنے بادشاہ جذیمہ کا قصاص لیا۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم

ؔلہ بکفہ کف کے معنے ہاتھ کی ہتھیلی ہے والجمع اکفٌ وکفوفٌ وکفٌ۔ اور اہل عروض کے یہاں ساتویں حرف کو گرانے کا نام ہے جب کہ وہ ساکن ہو جیسے فاعلاتن کے نون کو از نصر یقال کف کفا وکفافۃً بمعنے جمع کرنا ولانا ؔلہ فَاُلحق اس کا مصدر الحاق ہے از افعال بمعنے ملا دینا واصلہ لحق یلحق لحاقًا از سمع وفی القنوت ان عذابک بالکفار ملحق ای لاحق ؔلہ بالاخسرین اگر الف ولام بمعنے الذی بغیر اسم مفعول اور فاعل کے صیغہ صفت پر بھی آتا ہے تو یہ الف ولام بمعنے الذین کے موصوف بن جائے گا۔ اخسرین اس کی صفت ہوگی اور جن کے نزدیک بغیر اسم فاعل اور اسم مفعول کے الف ولام الذی کے معنے میں نہیں آتا ہے تو اس وقت الذین کا موصوف محذوف مانیں گے ؔلہ الاخسرین یہ اخسر کی جمع ہے از سمع یقال خَسِرًا وخُسْرًا وخسارًا وخسارۃً وخسرانًا یہ ربح کی ضد ہے بمعنے ٹوٹا اٹھانا اور گمراہ ہونا اور ہلاک ہونا یقال خسر الرجلُ یعنی مرد لوٹے میں پڑا وفی التنزیل خسر الدنیا والاخرۃ وذلک ہو الخسران المبین۔ وان الانسان لفی خسر۔ ؔلہ اعمالا یہ عمل کی جمع ہے یہ اخسرین سے تمیز ہے عمل کے معنے کام کاج کرنے کے ہیں اور عملۃٌ کے معنے ایک مرتبہ کام کرنے کے ہیں از سمع یقال عمل عملاً یعنی اس نے کام کیا ویقال عمل الامیر علے البلاد یعنی وہ حاکم اور گورنر ہوا۔ منہ العامل کام کرنے والا گورنر اور حاکم۔ والجمع عُمّالٌ وعاملون۔ ؔلہ ضَلَّ از ضرب ضلال اور ضلالت اس کا مصدر آتا ہے یہ ہدایت کی ضد ہے بمعنے گمراہی اہل الحجاز کہتے ہیں کہ یہ سمع سے آتا ہے اور اہل نجد کہتے ہیں کہ یہ ضرب سے آتا ہے وفی التنزیل قل ان ضللت فانما اضل علے نفسی جوہری یہ فرماتے ہیں کہ اہل نجد کا لغت فصیح ہے منہ الضالُّ بمعنے گمراہ والجمع ضُلّالٌ وضالونَ ویقال ضَلَّ الشیُٔ عنہ یعنی گم ہو گئی وضَلَّ سعیُہ یعنی کامیاب نہیں ہوا ضَلَّ الشیُٔ تلف ہو گئی وضل الرجلُ یعنی مر گیا اور مٹی ہڈی رہ گئی۔ ؔلہ ضال اور ضَلَّ میں فرق ہے ضال وہ ہے جس کی راہ پانے کی امید نہ ہو اور ضل مطلق راہ گم کنندہ خواہ یہ راہ پائے یا نہ پائے ؔلہ سعیہم از فتح بمعنے کام کرنا وچلنا ودوڑنا یقال سعٰے الیہ یعنی اس نے ارادہ کیا واسعی المشی السریع وہو دون العدو والمشی اعم من ان یکون سریعًا اولا وفی التنزیل وسعٰے فی خرابہا ویسعون فی الارض فسادا۔ وقال الزجاج اصل السعی فی کلام العرب التصرف فی کل عمل ؔلہ الجبوۃ یہ

موت کی نقیض ہے۔ یقال حَیِیَ حیاۃ از سمع وحَیّ۔ یحیٰی وحَیَّ۔ یحیٰی بمعنے زندہ کیا ویقال حَیّاہُ اللہ بمعنے اس کو خدا سلامت رکھے منہ المُحَیّا بمعنے چہرہ ۳ الدنیا یہ آخرت کی نقیض ہے اس کا مصدر دنو غیر مہموز ہے دنا یدنو فہو دانٍ از نصر بمعنے نزدیک ہوا اور دنیا کو دنیا اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ آخرت کے قریب ہے اور دنیا کی جمع دُنےٰ آتی ہے۔ ومنہ الا دنےٰ۔ اور جب اس کی نسبت دنیا کی طرف کریں گے تو دنیوی یا دنیاوی کہیں گے واز سمع دَنِیَ یَدنےٰ۔ دَنا ودَنایۃً بمعنے ضعیف ہونا وحقیر ہونا ۱۲۔ یحسبون از سمع وحسب یقال حسب حِسبانًا وحُسبانًا وحِسبۃً بمعنے گمان کرنا ای یظنون واز نصر یقال حسب حَسبًا وحسبانًا وحِسبۃً وحسابۃً بمعنے شمار کرنا ۱۲ صُنعًا بمعنے کام رزق۔ احسان۔ از فتح یقال صنع صَنعًا وصُنعًا جب کہ وہ کام کرے یقال صنع الشیٔ جب کہ وہ بنائے۔ واما الصنع فانہ یکون من الانسان باجادۃ۔

عَلٰى اَنِّىْ وَاِنْ اُغْمِضْ لِىَ الْفَطِنُ الْمُتَغَابِىْ. وَنَضَحَ عَنِّى الْمُحِبُّ الْمُحَابِىْ لَا اَكَادُ اَخْلُصُ مِنْ غُمْرٍ جَاهِلٍ. اَوْذِىْ غِمْرٍ مُتَجَاهِلٍ. يَضَعُ مِنِّىْ لِهٰذَا الْوَضْعِ. وَيَنْدُبُ اَنَّهٗ مِنْ مَنَاهِى الشَّرْعِ.

الترجمۃ والمطالب علاوہ ازیں اگرچہ بتکلف اپنے کو غبی ظاہر کرنیوالا ذکی میری خاطر عیوب سے نظر بچا بھی لے یا میرا شریف دوست میری طرف (حملۂ دشمن) کو دفع بھی کر دے تاہم ناتجربہ کار جاہل اور بے تکلف نادان بن جانے والے کینہ ور سے میں (کسی طرح) چھٹکارہ نہیں پا سکتا وہ تو ان مقامات کی وجہ سے میرا مرتبہ گھٹائے گا اور پکار پکار کر یہ کہے گا کہ یہ منہیات شرع میں سے (جھوٹ) ہے۔

تشریح لغات ۱ اغمض اغماض اس کا مصدر ہے بمعنے آنکھ بند کرنا خواہ اس لیے کہ وہ کسی کو نہ دیکھے یا ویسے ہی بند رکھے اور اصطلاح میں اغماض کے معنے عیب سے درگذر کرنے کے معنے آتے ہیں یقال اغمض عن الشیٔ یعنی اس سے درگذر کی اور چشم پوشی کی واغمض علے کذا یعنی اس نے برداشت کیا اور اس سے راضی ہوا از نصر وفی التنزیل الا ان تغمضوا فیہ ۲ الفطن یہ صفت مشبہ ہے بمعنے صاحب فطنت رچالاک، ہوشیار۔ وصاحب فہم۔ وقد مر تحقیقہ ۳ المتغابی اس کا مصدر تغابی ہے بمعنے جان بوجھ کر غبی بننا اس کا مجرد غباوت آتا ہے بمعنے کم فہمی از سمع یقال غبی۔ یغبی غباوۃً بمعنے کند ذہن ہونا وجاہل ہونا ومنہ الغبی بمعنے کند ذہن جاہل والجمع اغبیاءُ واغباءُ ۵ نضح از فتح یقال نَضَحَ ینضح نَضحًا بمعنے دور کیا و دفع کیا۔ ۶ المحب یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال یقال احبّہ ای ودّہٗ وحبّہ یعنی اس سے محبت کی وحبّ الشیٔ ای رغبہ وقد مر تحقیقہ ۷ المحابی اس کا مصدر محاباۃ ہے بمعنے دوستی کرنا اور کسی کو اپنا حق معاف کرنا اس کا مجرد حبا آتا ہے جس کے معنے مطلق عطا یا قلیل عطا کے ہیں یقال حابی الرجل محاباۃ وحبًا۔ یعنی اس کی مدد کی اور اس کو خاص بنا لیا اور حبا یحبو نصر سے آتا ہے جس کے معنے بغیر بدلے کے عطا کرنے کے ہیں یقال حباہ عن کذا یعنی اس کو روکا وحباہ اس کی طرف داری کی۔ اور اس کو روکا۔ ۸ لا اکاد کا دیکا دکودًا ومکادًا ومکادۃً از فتح بمعنے

قریب ہونا۔ اور کام نہ کرنا یقال کا د یضرب یعنی وہ مارنا چاہتا ہے لیکن اس نے مارا نہیں اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اس کی خبر پر ان شاذونادر داخل ہوتا ہے اور کر نیکے معنے میں بھی آتا ہے جیسے قرآن شریف میں اکاد اخفیہا ای ارید اخفیہا۔ ۹ خلص از نصر یقال خلص خلوصًا وخلاصًا بمعنے خالص ہونا ونجات پانا وسالم رہنا۔ ۱۰ غمر بالضم وسکون المیم بمعنے ناتجربہ کار والجمع اغمار از کرم۔ ۱۱ جاہل بمعنے ابلہ وناتجربہ کار یہ علم کی ضد ہے اور جہل سے ماخوذ ہے از سمع اور جاہل کی جمع جُہَّل مثل عنق اور جُہَّل مثل رکع اور جُہّال مثل کفار اور جہلاء آتی ہے اور اسی سے متجاہل ہے جو بتکلف اپنے آپ جاہل بنے۔ ۱۲ غمر بالکسر بمعنے کینہ وپیاس والجمع اغمار اور پہلے غمر کو بالکسر اور بالضم دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں اور ثانی کو فقط بالکسر ہی پڑھیں گے اگر پہلے غمر کو بالکسر پڑھا تو اس میں تجنیس مماثل ہوگی اور اگر پہلے کو بالضم پڑھیں گے تو اس میں تجنیس تحریف ہوگی۔ ۱۳ یضع از فتح بمعنے روک دینا اور اس کے معنے اختراع کرنے کے بھی آتے ہیں یقال ہذا حدیث موضوع ای مخترع اور وضع خط سے عام ہے وفی التنزیل وضعہا للانام یعنی زمین کو مخلوق کے لیے بنایا یقال وضعت الدابۃ ای اسرعت واوضعہا متعدمنہ اور اس کے معنے ذلیل کرنے کے بھی آتے ہیں۔ یقال وضع الرجلُ وضعًا یعنی اس کو ذلیل کیا۔ ویقال وضع نفسہ یعنی اپنے آپ کو ذلیل کیا اور یہ وضع رفع کی ضد ہے بمعنے کم کرنا گرانا۔ ۱۴ لہذا الوضع وضع کے معنے موضوع کے ہیں اس صورت میں لہذا پر جو لام ہے وہ زائد ہوگا۔ اگر اس کے معنے مصدری لیے جائیں تو یہ لام صلہ ہوگا تو اس وقت وضع کے معنے تصنیف کرنے کے ہوں گے۔ ۱۵ یند داس کا مصدر تندید ہے بمعنے مشہور کرنا اور صاحب اساس الحکمات نے اس کے معنے عیب کے مشہور کرنے کے بیان کئے ہیں اور تندید یہ ند سے بھی ماخوذ ہوسکتا ہے جس کے معنے شریک بنانے کے ہیں۔ یقال نَدَّدَ بالشئی یعنی اس کی اشاعت کی یعنی لوگوں میں شہرت دی۔ ونَدَّد بفلان یعنی اس کے عیوب کی صراحت کی اور اس کو گالیاں دیں۔ واصلہ من نَدَّا البعیر وبتَندوُّا اذا شرد (جب کہ وہ نافرمانی کرے) از ضرب ۱۶ مناہی یہ مَنہیٌّ کی جمع ہے بمعنے امر ممنوع اور یہ نہی امر کی ضد ہے نہی ینہی از فتح اس کا مصدر نہی آتا ہے اور وادی بھی مستعمل ہے یقال نہاہ ینہوہ نہوًا بمعنے روکنا ومنع کرنا وجھڑکنا خواہ قول سے ہو یا فعل سے ویقال نہی ینہٰی از سمع جیسے یقال ونہی عن الحاجۃ جب کہ وہ حاجت سے رو کے۔ وفی التنزیل وینہٰی عن الفحشاء والمنکر۔ ای یحث علٰی فعل الخیر ویزجر عن الشر۔ ۱۷ الشرع مصدر بمعنے شریعت ودین۔ ومنہ الشریعۃ بمعنے سنت واحکام باری تعالٰی والجمع شرائع یقال شرع شرعًا وشروعًا بمعنے شروع کرنا۔ وابتدا کرنا۔ سید ھا کرنا وقریب ہونا وجھانکنا۔ وفی التنزیل شرع لکم من الدین الخ ای اظہر۔

وَمَنْ نَقَدَ الْاَشْيَاءَ بِعَيْنِ الْمَعْقُوْلِ۔ وَاَنْعَمَ النَّظَرَ فِيْ مَبَانِي الْاُصُوْلِ. نَظَمَ هٰذِهِ الْمَقَامَاتِ فِيْ سِلْكِ الْاِفَادَاتِ۔ وَسَلَكَهَا مَسْلَكَ الْمَوْضُوْعَاتِ. عَنِ الْعَجْمَاوَاتِ وَالْجَمَادَاتِ ۔

الترجمۃ المطالب مگر جو شخص اشیاء کو عقل کی آنکھ سے دیکھتا ہے اور اصل کلام میں وہ وقت نظر سے کام لیتا ہے وہ ضرور ان مقامات کو رشتہ فوائد میں پروئے گا۔ اور ان حکایات (کہانیوں) میں شمار کرے گا جو چار پایوں اور جمادات کی زبان میں لکھی گئی ہیں (مثل کلیلہ ودمنہ وغیرہ۔

تشریح لغات

لہ نقد از نصر اس کا مصدر نقد ہے بمعنے پرکھنا اور خود نقد کے معنے پرکھی ہوئی چیز کے بھی آتے ہیں قال اللیث
النقد تمییز الدراہم واعطاء ہا انسانا واخذ ہا لانتقا داور نقد خلاف نسیئۃ کے معنے میں بھی آتا ہے یقال نقد الرجل نقداً یعنی اس
نے کلام کے محاسن اور اس کے عیوب ظاہر کئے ونقد فلاناً نفلاں یعنی اسی وقت اس نے قیمت ادا کر دی ونقد درہماً یعنی اس کو درہم دیئے
ےہ الاشیاء یہ شئی کی جمع ہے اس کو غیر منصرف پڑھتے ہیں وجہ یہ ہے یہ اصل میں شیاءٌ تھا اور اس میں الف ممدودہ یہ غیر منصرف کا سبب
ہے۔ وقال البعض یہ شئی کی جمع ہے اس کو غیر منصرف پڑھتے ہیں وجہ یہ ہے یہ اصل میں قلب مکانی ہے وقال البعض یہ اشیاء افعال کے وزن
پر ہے اور ہر صورت میں فعلاء کی مشابہت اس میں ضرور ہے اور شافیہ میں اس کی وضاحت موجود ہے بوجہ خوف طوالت اس کو چھوڑا جاتا ہے ۳ہ بعین
بمعنے آنکھ۔ تپلی اور پلک وغیرہ کے مجموعہ کو بھی کہتے ہیں۔ زانو وچشمہ گھٹنہ وسونا۔ اور اس کے معنے خیارُ کل شئی کے بھی آتے ہیں۔
یہ مؤنث ہے والجمع اعیانٌ واعین اور اعینات یہ جمع کی جمع ہے وفی التنزیل لہم اعینٌ یبصرون بہا اور عین کی تصغیر عُیَینۃ آتی ہے اور اسی
وجہ سے ذوالعیینتین جاسوس کو کہتے ہیں ۴ہ المعقول یہ عقل سے مشتق ہے از ضرب یقال مالہ معقولٌ ای عقل اور یہ مصدر ہے۔ جو مفعول
کے وزن پر ہے جیسے میسور اور معسور وفی التنزیل وما یعقلہا الا العالمون۔ ۵ہ انعم از باب افعال انعام مصدر بمعنے باریک نظر سے وغور
سے تحقیق سے دیکھنا اور امعان بہت دیر تک فکر اور غور کرنا۔ یقال انعم النظر فی الشئی اذا اطال الفکرۃ فیہ اور اس کا مجرد سمع سے آتا
ہے۔ ۶ہ النظر مصدر بمعنے آنکھ سے دیکھنا وبصر وبصیرت یقال نظر ینظر نظراً ونظراناً ومنظراً ومنظرۃً ای اذا نظر الیہ وفی التنزیل واغرقنا
آل فرعون وانتم تنظرون۔ رؤیت اور نظر میں فرق ہے رؤیت تو مرئی کے ادراک کو کہتے ہیں اور نظر آنکھ سے متوجہ ہو کر دیکھنے کو کہتے
ہیں ۷ہ مبانی یہ مبنے کی جمع ہے بامبنی کی جمع بمعنے ماینتہی الیہ غیرہ اور مبانی بمعنے اصول مجموعہ وقواعد معلوم والمبانی ای فیما بنیت علیہ
اصول الکلام ۸ہ الاصول یہ اصل کی جمع ہے یقال اصل الشئی ای صار ذا اصل اور یہ کرم سے آتا ہے ۹ہ نظم وقد مر تحقیقہ فی قولہ نظم بیتاً
۱۰ہ سلک وہ دھاگہ جس میں موتی وغیرہ پروئے جائیں اور کلیات میں ہے کہ سلک خیط سے خاص اور سمط سے عام ہے اس لیے کہ خیط
کا اطلاق دھاگہ پر بھی کیا جاتا ہے جس میں موتی وغیرہ پروئے جائیں اسی طرح دھاگہ پر ہوتا ہے جس سے کپڑا سیا جاتا ہے اور سلک کا
اطلاق خاص موتی وغیرہ کے دھاگہ پرونے پر ہوتا ہے اور سمط وہ دھاگہ ہے جس میں جواہرات پروئے جائیں۔ اور اسی سے سلک ہے
جس کے معنے وہ دھاگہ جس سے سیا جائے۔ ۱۱ہ الافادات استفادہ اور افادہ میں فرق ہے۔ افادہ۔ فائدہ دینا، اور استفادہ فائدہ
حاصل کرنا۔ اور افادہ کا اطلاق معلم کے لیے اور استفادہ کا متعلم کے لیے اور یہ فاد یفید سے مشتق ہے بمعنے فائدہ دینا از ضرب یقال
فادت لہ فائدۃ یعنی اس کو فائدہ حاصل ہوا ۱۲ہ سلکہا یہ فعل ماضی ہے یقال سلک الطریق ای اذا ذہب فیہ از نصر وسلک الشئی فی الشئی
ای ادخلہ فیہ وفی التنزیل کذلک سلکناہ فی قلوب المجرمین ۱۳ہ مسالک بمعنے راستہ والجمع مسالک ۱۴ہ الموضوعات یہ موضوع کی جمع
ہے بمعنے مخترعات الف ولام جو اس پر داخل ہے وہ الذین کے معنے میں ہے ۱۵ہ العجماوات یہ عجماء کی جمع ہے بمعنے گونگا اس
سے مراد بہائم ہیں ۱۶ہ جمادات یہ جمادی کی جمع ہے اور یہ جمود سے مشتق ہے جس کے معنے جمنے کے ہیں۔ جمادات وہ اشیاء
جس میں نہ حیات ہو اور نہ نشو ونما تو یہاں الموضوعات الخ سے وہ تصانیف ہیں جو چوپاؤں۔ پتھروں وغیرہ کی زبانیں ہیں جو الی
حقیقت کچھ نہیں ہوا کرتی اس سے مصنف رحمہ اللہ کا مقصد یہ ہے کہ یہ واقعات جن کو مقامہ میں ظاہر کیا گیا ہے اگرچہ وہ ظاہری
صورت میں ہیں مگر طالب علموں کو اس سے سکھلانا اور ان کی استعداد قابلیت میں اضافہ کرنا مقصود ہے اور یہ بھی ظاہر کرنا ہے

کہ نثر میں ان کی کتاب جیسی قابلیت ہوجائے تاکہ وہ اپنے مضمون کو نثر میں مقفی بنا سکیں۔ اور مطالب کی باتیں ان کے مضمون میں ہوں۔

وَلَمْ يُسْمَعْ بِمَنْ نَبَا سَمْعُهٗ عَنْ تِلْكَ الْحِكَايَاتِ۔ اَوْ اَثَّمَ رُوَاتَهَا فِيْ وَقْتٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ۔ ثُمَّ اِذَا كَانَتِ الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ۔ وَبِهَا انْعِقَادُ الْعُقُوْدِ الدِّيْنِيَّاتِ فَاَيُّ حَرَجٍ عَلٰى مَنْ اَنْشَاَ مُلَحًا لِلتَّنْبِيْهِ۔ لَا لِلتَّمْوِيْهِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور ایسا کوئی شخص سننے میں نہیں آیا جس کے سننے سے اس نے بیزاری ظاہر کی ہو یا اس کی روایت کرنے والوں کو اس نے کسی وقت میں گنہگار ٹھیرایا ہو جب کہ عمل کا دارومدار نیت پر ہے اور نیتوں سے اعمال منعقد ہوا کرتے ہیں تو پھر اس شخص پر کیا الزام ہے جو ظرافت آمیز کلام کو ملمع کاری کے لیے نہیں بلکہ لوگوں کو متنبہ کرنے کے لیے تحریر کرے

تشریح لغات

لہ ولم یسمع از سمع یقال سمع سمعًا وسماعًا وسماعۃً اس نے سنا اور اصل میں سمع وہ قوت سامعہ ہے جو کان میں ہے اس کے ذریعہ سے معلوم کرے اور سنے۔ منہ السامعُ اور یہ متعدی بنفسہ بھی آتا ہے اور متعدی بیا، بھی آتا ہے جیسا کہ یہاں ہے۔ نبا بہ نبوۃ سے ماخوذ ہے بمعنے ارتفع من الارض اور اس کے معنے اچٹ جانے کے بھی آتے ہیں اور نبوۃٌ کے معنے نفرت کرنے کے بھی آتے ہیں یقال بناعنہ بصرہ ینبوای تجافٰی ولم ینظر الیہ کانہ حقرہم ولم یرفع بہم از فتح یقال بنا بنوءً بمعنے دور ہوا وجدا ہوا یقال نبا سمعی عن کذا یعنی اس نے مکروہ سمجھا۔ ویقال نبا طبعہ عن الشئ ای نفر عنہ ولم یقبلہ ؁ سمعہ سمع کے معنے کان کے ہیں۔ والجمع اسماعٌ اور یہ اصل میں مصدر ہے اس کا اطلاق واحد اور جمع پر بھی ہوتا ہے وفی التنزیل ختم اللہ علٰی قلوبہم وعلٰی سمعہم اور اسماع کی جمع اسامع اور اسامیع بھی آتی ہے وفی التنزیل قد سمع اللہ قول التی تجادلک۔ ؁ الحکایات بہ حکایۃٌ کی جمع ہے بمعنے نقل کرنا اور اس کے معنے محکی اسم مفعول کے بھی آتے ہیں ؁ ثَمَّ اس کا مصدر اثیم ہے۔ از تفعیل اس کے معنے گناہ کی طرف نسبت کرنے کے ہیں جیسے تکفیر کے معنے کفر کے طرف نسبت کرنے کے ہیں اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے ؁ رواتہا بہ راوی کی جمع ہے جیسے دعاۃٌ داعی کی جمع ہے بمعنے نقل کرنے والا ؁ وقت مصدر زمانہ کی مقدار والجمع اوقات اور یہ وعد سے آتا ہے یقال وقتہٗ فہو موقوتٌ اذا بیّن لہ وقتا وفی التنزیل کتابًا موقوتًا ای مؤقتًا ومقدار ومنہ التوقیت ای تحدیدُ الاوقات وقت اور اوان اور حین میں فرق ہے وقت زمانہ کی مقدار کو کہتے ہیں جو کسی کام کے لیے اس وقت کا مقرر کر لیا جائے۔ اور اوان اور حین وہ زمانہ ہے جو تھوڑا ہو یا بہت خواہ وہ کسی وقت کے لیے مقرر کیا جائے ؁ الاعمال بہ عمل کی جمع ہے بمعنے کام از سمع ؁ بالنیات بہ نیۃٌ کی جمع ہے بمعنے ارادہ و قصد وبجنتہ ارادہ۔ اور کبھی یا کو مخفف بھی کر لیتے ہیں۔ یعنی نیۃٌ از ضرب وفی الحدیث انما الاعمال بالنیات ؁ وبہا انعقاد بہا یہ انعقاد کے متعلق ہے اور اس کی تقدیم تحصر کے لیے ہے انعقاد یہ مصدر ہے از انفعال اور یہ عقد کا مطاوع ہے بمعنے خالص ہونا اور کسی امر کو کوشش سے حاصل کرنے کو عقد کہتے ہیں اور اس کے حاصل ہو جانے کو انعقاد کہتے ہیں۔ ؁ العقود۔ یہ عقد کی جمع ہے اس کے معنے عہد کے آتے ہیں وفی التنزیل یا ایہا الذین آمنوا اوفوا بالعقود واصلہ العقد وہو نقیضُ الحلّ از ضرب

۱۲؎ حرج بمعنے گناہ۔ اعتراض۔ تنگی از سمع وقال ابن الاثیر الحرج فی الاصل الضیق و یقع علے الاثم والحرام یقال حرج علیہ الشئی یعنی وہ چیز اس پر حرام ہوگئی وفی التنزیل لیس علے الاعمے حرج ۱۳؎ ملحًایہ ملحۃ کی جمع ہے حدیث کی نمکینی اور مزیدار بات کو کہتے ہیں ۱۴؎ للتنبیہ اس کے معنے سوئے ہوئے کو جگانے اور خبر دار کرنے کے آتے ہیں اور اس کے معنے غافل کے بھی آتے ہیں از سمع یقال للامر نبہت ای فطنت وہوالامر تنسا ہ ونبّہ من الغفلۃ یعنی وہ اپنی غفلت سے بیدار ہوا ۱۵؎ للتمویہ اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے کسی چیز پر ملمع کرنا اور وہ بات جو بظاہر اچھی معلوم ہو اور وہ واقع میں بری ہو اور یہ اخیر معنے یہاں مراد ہیں یقال المتیہُ طلا السیف ای بما الذہب۔

ویقال موہ الشئ بماء الذہب والفضۃ ونحوہما یعنی اس نے سونے چاندی وغیرہ کا اس پر پانی چڑھایا وموّہ علیہ الامر اوالخبر یعنی اس نے جھوٹ بولا اور خلاف واقعہ پہنچایا اور یہ ماہ یموہ جو نصر سے آتا ہے اس سے ماخوذ ہے یقال ماہ میوہ موھًا یعنی اس نے پانی ملایا۔

وَنَحَا بِهَا مَنْحَى التَّهْذِيبِ لَا الْأَكَاذِيبِ. وَهَلْ هُوَ فِي ذٰلِكَ إِلَّا بِمَنْزِلَةِ مَنِ انْتَدَبَ لِتَعْلِيمٍ. أَوْ هَدَى إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ: شعر

عَلٰى أَنَّنِي رَاضٍ بِأَنْ أَحْمِلَ الْهَوٰى ... وَأَخْلُصَ مِنْهُ لَا عَلَيَّ وَلَا لِيَا

الترجمۃ والمطالب

اور اس سے مقصد جھوٹی باتیں ہی نہیں بلکہ اخلاق کو سنوارنا مقصود ہو۔ وہ انشا پرداز تو اس طریقہ میں اس شخص کا ہم مرتبہ ہے جو علم سکھائے یا وہ سیدھے راستہ پر پہنچائے۔ شعر۔ علاوہ ازیں میں اس بات پر خوش ہوں کہ میں خواہشات نفسانی کو برداشت کروں اور اس کے شر سے اس طرح چھوٹ جاؤں کہ مجھے نہ تو کوئی فائدہ پہونچے اور نہ نقصان۔

تشریح لغات

۱؎ نحا ای قصد مقصد التہذیب نحا نحوا از نصر منہ النحو ۲؎ التہذیب از تفعیل اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال ہذّب الشجر یعنی کاٹ چھانٹ کر درست کر دیا وہذّب الرجل اس کے اخلاق کو عیبوں سے پاک کیا۔ ۳؎ اکاذیب یہ اکذوبۃ کی جمع ہے بمعنے بڑا جھوٹ اور یہ کذب کا مبالغہ ہے۔ از ضرب یقال کذب کذبًا وکذبۃ وکذابًا وکذابًا یہ صدق کی ضد ہے کسی چیز کے متعلق دیدہ ودانستہ غلط خبر دینا وکذب الرائی یعنی اس نے خلاف واقعہ حکم دیا وکذبہ اس کو جھٹلایا منہ الکاذب وفی التنزیل ماکذب الفواد ۴؎ انتدب از افتعال یقال انتدب للامر فانتدب اس کو بلایا چنانچہ اس نے قبول کیا۔ از نصر یقال ندب ندبًا وندب فلانا للامر والی الامر یعنی اس کو بلایا اور ابھارا۔ ویقال ندبہ للامر فانتدب لہ ای دعاہ لہ فاجاب ۵؎ صراط سراط اور زراط کے معنے راستہ کے ہیں۔ والجمع صُرُطٌ۔ وفی التنزیل اہدنا الصراط المستقیم العلو ذفر یعقوب بالسین ۶؎ راض از سمع والجمع رضاۃ یقال رضی رضی ورضی ورضوانا ومرضاۃ یقال رضی عنہ وعلیہ یعنی وہ راضی ہوا اور خوش ہوا یہ سخط کی ضد ہے جیسے محبت کی ضد بغض ہے۔ فہو رضیّ والجمع ارضا ورضی الشئی وبہ یعنی اس کو اختیار کیا اور قناعت کی ورضی اللہ عن فلاں ورضی عنہ یعنی اس کو قبول کیا اور ثواب کا ارادہ کیا۔ والرضا۔ بمعنے دل کی خوشی۔ علی اننی میں علے مع کے معنے میں ہے

اور راقِیٌ یہ اَنَّ کی خبر ہے۔ ؎ احمل ازضرب یقال حمل حملاً و حملانا بمعنے اٹھانا۔ و یقال حمل الغضب یعنی اُس نے ظاہر کیا اور تحمل کیا اور بردباری کی و حمل الشئ علے الآخر یعنی اس نے اس کے حکم میں لاحق کیا۔ و حمل بہ یعنی وہ اس کا کفیل ہوا و حملہ و احملہ یعنی اس نے اس کی مدد کی۔ ؎ الھواے بمعنے خواہشات نفسانی وقد مر تحقیقہ۔ الھوائے میں الف و لام عوض ہیں مضاف الیہ کے ہے ؎ اخلص بمعنے چھٹکارا پاؤں۔ یقال خلص الشئ وخلص خلاصًا، اذا کان قد نشب ثم نجا وسلم از سمع وخلص ای صار خالصًا وخلص الیہ بمعنی اس کی طرف خالص ہوا از نصر ؎ لاعلیَّ و لا لیا علیَّ کا کلمہ ضرر کے لیے اور لام نفع کے لیے واصلہ لا ہُوَ علیَّ و لا ہُوَ لِی ہے، اور ان میں ایک صنعت ہے جس کو طباق تطبیق تضاد اور تطابق و توافق اور مطابقت کہا جاتا ہے۔ اور لیا میں الف اشباع کا ہے۔ اور یہ اصل میں لی تھا۔

وَبِاللهِ اَعْتَضِدُ۔ فِيْمَا اَعْتَمِدُ۔ وَاَعْتَصِمُ مِمَّا يَصِمُ وَاَسْتَرْشِدُ۔ اِلٰى مَا يُرْشِدُ۔ فَمَا الْمَفْزَعُ اِلَّا اِلَيْهِ۔ وَلَا الْاِسْتِعَانَةُ اِلَّا بِهٖ۔ وَلَا التَّوْفِيْقُ اِلَّا مِنْهُ۔

الترجمۃ والمطالب اور میں اپنے مقصود میں خدا ہی سے مدد چاہتا ہوں اور ہر اس چیز سے جو عیب دار بناتی ہے میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں۔ اور میں اس سے رشد و ہدایت کا خواستگار ہوں کیونکہ اس کی ہی طرف پناہ کی جگہ ہے اور اسی سے استعانۃ (مدد چاہی جاتی ہے) کی امید اور اُسی کی طرف سے توفیق ہے۔

تشریح لغات ؎ اعتضد اس کا مصدر اعتضاد ہے از افتعال بمعنے امداد چاہنا اور یہ عضد سے مشتق ہے از نصر بمعنے اعانت کرنا و مدد کرنا ؎ اعتمد اس کا مصدر اعتماد ہے از افتعال بمعنے قصد کرنا بھروسہ کرنا تکیہ لگانا۔ اور یہ عمد سے مشتق ہے از ضرب یقال عمد السقف یعنی اس نے ستون پر قائم کیا ٹیک لگائی۔ و اعمد الشئ۔ الی الشئ یعنی اس نے اس کے کرنے کا ارادہ کیا یقال عمد یعمد عمدًا و عمدہ و عمد الیہ عمدًا جب کہ وہ ارادہ کرے اور یہ خطا کی ضد ہے و فی التنزیل و من یقتل مؤمنًا متعمدًا ؎ اعتصم اعتصام مصدر از افتعال۔ یقال اعتصم فلاں باللہ اذا امتنع ومنہ العصمۃ۔ عصمت کے معنے حفاظت کے آتے ہیں یقال عصمۃ اذا نعصم و اعتصمت باللہ اذا امتنعت بلطفہ من المعصیۃ از ضرب ؎ یصم اور یہ وصم سے مشتق ہے۔ وصم کے معنے عیب حسب پر لگانے کے آتے ہیں۔ اور مطلق عیب کے معنے بھی آتے ہیں۔ از ضرب یقال وصم یصم وصمًا اذا عابہ۔ و یقال رجل موصوم الحسب یعنی اس کے حسب میں عیب اور کھوٹ ہو۔ ؎ استرشد از استفعال اس کا مصدر راسترشاد ہے۔ اس میں س ت طلب کے لیے ہے بمعنے ہدایت طلب کرنا اور یہ رشد سے مشتق ہے۔ ؎ یُرشِدُ از افعال اس کا مصدر ارشاد آتا ہے جس کے معنے بھلائی بتلانے اور ہدایت کرنے کے آتے ہیں ؎ فما المفزع اس میں ما نافیہ ہے۔ المفزع بمعنے جائے پناہ اور یہ فزع سے مشتق ہے۔ جس کے معنے گھبرانے کے ہیں۔ یقال فزع فزعًا از سمع بمعنے اس نے دہشت کھائی اور اس نے خوف کیا و یقال فزع الیہ اس نے فریاد کی اور ٹھکانا پکڑا اور فریاد رسی کی۔ ؎ الاستعانۃ یہ استفعال کا مصدر ہے بمعنے مدد چاہنا اور اصل اس کی عون ہے جس کے معنے مدد کے آتے ہیں اس میں جمع اور مؤنث برابر ہیں۔ و فی التنزیل

واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ۔ ؂ التوفیق یہ مصدر ہے اس کا مجرد حسب سے آتا ہے یقال وفق یفق وفقاً بمعنے ٹھیک ہونا اور منشاد کے مطابق ہونا۔ ویقال کسبہٗ وفق عیالہ یعنی وہ عیال کے لیے کافی ہے ومنہ الموفقُ بمعنے توفیق دیا گیا۔ اور راستہ بتایا گیا۔

وَلَا الْمَوْئِلُ اِلَّا هُوَ۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ۔ وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ۔ وَهُوَ نِعْمَ الْمُعِيْنُ۔

الترجمۃ والمطالب اور وہی ملجا و ماویٰ ہے اور بس اُسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور میں اسی کی طرف لوٹتا ہوں۔ ہم سب اُسی سے امداد کے طالب ہیں (حق تو یہ ہے) کہ وہ ہی بہتر معاون اور مددگار ہے۔

تشریح لغات الموئل بمعنے جائے پناہ اور جائے نجات اور یہ وال یئل سے ہے۔ از ضرب یقال وَاَلَ من کذا ای طلبَ النجاۃَ یعنی اس نے نجات طلب کی دوائل الیہ یعنی اس نے پناہ لی ؂ توکلت اس کا مصدر توکل ہے، از باب تفعل توکل کے یہ معنے ہیں اپنے کام کو کسی پر امید کر کے چھوڑ دینا (یعنی کوئی غیر پر بھروسہ کرنا) وفی التنزیل ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہٗ یقال اتکل علے فلان فی امرہ ای اعتمدہ ووکلہ الی نفسہ من ایفاء العھد اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے۔ بمعنے سونپنا سپرد کرنا۔ اور اس پر چھوڑنا۔ ؂ انیب از افعال اس کا مصدر انابت آتا ہے جس کے معنے رجوع کرنے کے ہیں۔ یقال ناب فلانٌ الی اللہ تعالےٰ واناب الیہ انابۃً ای تاب ولزم الطاعۃ واناب ای ناب وَرَجَعَ۔ فی التنزیل وانیبوا الی ربکم واسلموا ومنہ النوائب جمع نائبۃ بمعنے مصیبت وحوادثات زمانہ نستعین از باب استفعال اس کا استعانت مصدر ہے بمعنے مدد چاہنا وقدم تحقیقہ، یقال استعان فلانًا بفلان یعنی اس نے مدد طلب کی۔ نعم یہ انشاء مدح کے لیے آتا ہے جیسے نعم الرجل زید ونعم رجلاً زیدٌ اور کبھی کبھی تثنیہ اور جمع بھی ہے آتے ہیں اور کبھی نعم کے آخر میں ما لاحق کر دیا جاتا ہے۔ واللہ اعلم المعین از افعال بمعنے مدد کرنا اس کا مصدر اعانت ہے یقال اعانہ علے الشئی جبکہ وہ مدد کرے۔

اَلْمَقَامَةُ الْاُوْلَى الصَّنْعَانِيَّةُ :. حَدَّثَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ قَالَ لَمَّا اقْتَعَدْتُ غَارِبَ الْاِغْتِرَابِ۔ وَاَنْاَتْنِي الْمَتْرَبَةُ عَنِ الْاَتْرَابِ۔ طَوَّحَتْ بِيْ طَوَائِحُ الزَّمَنِ۔ اِلٰى صَنْعَاءِ الْيَمَنِ۔

الترجمۃ والمطالب پہلی مجلس صنعانیہ ہے جو منسوب الی الصنعاء ہے۔ حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں جب سفر کے اونٹ کی گردن پر سوار ہوا (میں اونٹ پر سفر کے ارادہ سے سوار ہوا) اور میری نقیری و مفلسی نے مجھ کو اپنے ہم عصروں اور ہم عمروں سے دور کیا تو مجھ کو زمانہ کے حوادثات نے صنعاء یمن کی طرف پھینک دیا (تو میں صنعاء یمن میں جا پہنچا۔)

تشریح لغات المقامۃ بالفتح بمعنی مجلس اور سرداری اور آدمیوں کے گروہ اور خطبہ اور نصیحت کے معنے میں بھی آتا ہے، اور اس کلام فصیح کو بھی کہتے ہیں جس کو اہل مجلس بذوق وشوق قاعدًا وقائمًا سنیں والجمع مقامات الاُولیٰ یہ اول کا مؤنث ہے

اور اُخریٰ کی نقیض ہے۔ واالجمع اُوَلُ واولیات ۲؎ الصّنعانیتہ صنعا، ایک موضع کا نام ہے۔ اس میں یا ر نسبت کی ہے۔ اور نون اس میں خلاف قیاس زائد ہے چونکہ اس مقامے میں ابو زید کے حالات اس موضع کے متعلق بیان کئے جائیں گے۔ اس لیے مقامے کو اس موضع کی طرف منسوب کر دیا ہے۔

(فائدہ) جو مقامہ ہر دہائی کا اول ہوگا۔ مثلاً پہلا گیارواں واکیسواں واکتالیسواں ان مقاموں میں مواعظ وپند کی باتیں ہوں گی۔ اور ہر مقامہ جو دہائی کے درجہ میں پانچواں ہوگا۔ جیسے دسواں اور پندرہواں وبیسواں وپچیسواں وتیسواں اس میں تمسخر آمیز باتیں ہوں گی، اور جو مقامہ دہائی کے چھٹے درجہ میں ہوگا۔ جیسے چھٹا وبارہواں واٹھارواں وغیرہ اس میں ادب کی باتیں ہوں گی۔ اور دوسرے حریری نے یہ اختیار کیا ہے کہ جس مقامے میں جس جگہ یا جس شخص کا قصہ بیان کیا ہے۔ اس مقامے کو اسکی طرف منسوب کر دیا ہے۔

صنعاء دو جگہ ہیں ایک یمن میں دوسری شام میں جو دمشق کے قریب ہے۔ جب اول مراد ہو تو اس کو صنعا ریمن کہتے ہیں اور جب ثانی مراد ہو تو اس کو صنعا، دمشق یا شام کہتے ہیں۔ یہاں اول مراد ہے اسی کی طرف نسبت کی گئی ہے۔ قیاس تو یہ تھا کہ صنعائیہ یا ہمزہ آتا لیکن خلاف قیاس صنعانیہ کر لیا ہے۔

۳؎ حدث اس کا مصدر تحدیث ہے از باب تفعیل اس کے معنے مطلق باتیں کرنا ہیں خواہ وہ اچھی ہوں یا بری یقال حدث کذا یعنی بیان کیا۔ اور محدثین اس کو افعال واقوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں استعمال کرتے ہیں۔ ہر وہ کلام جو انسان کو پہونچے خواہ کانوں کے کے ذریعہ سے ہو یا وحی کے طریقے پر سوتے میں ہو خواہ جاگتے میں اسں کو حدیث کہتے ہیں ۴؎ الحارث یہ فاعل ہے واالجمع حراثٌ وحوارث اس کے اصلی معنے زمین میں بیج ڈالنے کے ہیں کما قال تعالے افرأیتم ما تحرثون از نصر حریری نے حارث اور ہمام اور ابو زید کو جو اختیار کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا ہے، واحبُّ الاسماؐ الی اللہ عبید اللہ وعبدالرحمٰن اصدقہا الحارث وہمام واقبحہا الحرب ومرۃ اور آپ نے سچے ہونے کی وجہ بھی بتلائی ہے کہ کلکم حارث وکلکم ہمام یعنی ہر شخص کسب کرنے والا ہے۔ اور بہت اہتمام کرتا ہے مصنف نے اپنی ذات کو کاسب یعنی حارث بن ہمام کہا ہے اور پھر ہمام بمعنے کثیر الاہتمام ہو سکتا ہے اور اسی وجہ سے اس نے بصرہ جو حریری کا شہر ہے اس کی طرف منسوب کیا ہے ہاں ابو زید کو زمانہ کی رکنیت قرار دی ہے اور یہ ابو القاسم کا قول ہے ابو زید ایک مرد مشہور کا نام بھی ہے ۵؎ ابنؔ بیٹا واالجمع بنون وابنا اور اس کی تصغیر بُنَیّ آتی ہے ہمامؔ ہم سے ماخوذ بمعنے ارادہ کما جاء فی القرآن ولقد ہمّت بہ وَہَمّ بہاؔ وہمّوا بما لم ینالوا۔ ہمام وہ شخص جو ارادہ کرے وہ اس کو پورا کر کے ہی چھوڑے از نصر ۱۲ قال صیغہ ماضی قول مصدر بمعنے کہنا از نصر ۶؎ لما علامہ مختصر المعانی نے لما کو ظرفیت اذ کے معنے میں کہا ہے۔ کیونکہ یہ دونوں زمانہ ماضی پر دلالت کرتے ہیں اور لمّا کا استعمال ادوات شرط کی طرح ہوتا ہے جیسے ادوات شرط میں تعلیق ہوتی ہے ایسے ہی لما میں صرف لو اور لما کے اندر فرق صرف یہ ہے کہ لو دلالت کرتا ہے۔ انتفاء ثانی پر بہ سبب انتفاء اول کے لما ثبوت ثانی پر بہ سبب ثبوت اول کے اور لما کے مابعد فعل ماضی ضرور ہوگا خواہ وہ لفظاً ہو یا معنےً اور سیبویہ نے لما کو اعجب الماب کہا ہے کیونکہ جب یہ ماضی پر داخل ہوتا ہے تو اس کے معنے شرط کے ہوتے ہیں۔ اور جب یہ مضارع پر داخل ہوتا ہے تو اس کے معنے نفی کے ہوتے ہیں اور جب اسم یا حرف پر داخل ہوتا ہے تو استثناء کے معنے ہوتے ہیں ۱۲ ۷؎ اقتعدت اقتعاد مصدر از افتعال مجرد از نصر بمعنے بیٹھ جانا اصل اس کی قعود ہے۔ جو قیام کی ضد ہے اور ابو زید نے یہ کہا ہے کہ قعدَ

الانسان ای قام وجلس یعنی قعود اور قیام دونوں معنے میں مستعمل ہوتا ہے اور یہ اضداد سے ہے ۱۲ غارب یہ جامد ہے مشتق نہیں ہے اس کے معنے مقدم سنام الابل کے ہیں یعنی کوہان کا اگلا حصہ اور صحاح جوہری نے یہ کہا ہے کہ گردن اور درمیان کا جو حصہ ہے یعنی مابین سنام البعیر والعنق اور دونوں کا مقصود متحد ہے اگرچہ الفاظ مختلف ہوگئے اور اس کی جمع غوارب آتی ہے ۱۲ الاغتراب وطن سے دور ہونا اور بے وطن ہونا مجرد از نصر۔ انانتنی صیغہ واحد مؤنث غائب از افعال مصدر اناء بمعنے دور کرنا اور اس کا مجرد دو باب سے آتا ہے از نصر ناقص وادی واز فتح ناقص یائی وکما جاء فی القرآن واذا انعمنا علی الانسان اعرض ونا بجانبہ بمعنے دور کرنا۔ ۱۲ المتربۃ بہ فقر وفاقہ کے معنے میں آتا ہے اور محتاجی اور فقیری کے بھی معنی آتے ہیں اور یہ مکرمۃ کے وزن پر ہے۔ کما جاء فی القرآن مسکیناً ذا متربۃ۔ اور یہ ترب سے ماخوذ ہے از سمع یقال ترب الشئ اذا اصابہ تراب ویقال قرب المکان اذا کثر ترابہ اور حدیث میں آیا ہے تربت یداک یہ دعا کے موقع پر مستعمل ہے اور معنے یہ ہیں کہ تمہارے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں۔ ومنہ التراب ۱۲ الاتراب ترب بالکسر کی جمع بمعنے من ولد معک یعنی ہم عصر وہم عمر جس کو لنگوٹیا یار کہتے ہیں۔ توأم اور ترب میں فرق ہے توأم تو اس کو کہتے ہیں جو ایک شکم سے یکے بعد دیگرے پیدا ہوں اور ترب وہ ہے خواہ بطن واحد سے پیدا ہوں یا بطنین سے لیکن ہم عمر یا قریب العمر ہوں۔ قرآن شریف میں ہے۔ وکواعب اتراباً۔ وطوحت تطویح مصدر از تفعیل بمعنے پریشان ہونا اور ہوا میں پھینک دینے کے معنے میں بھی آتا ہے۔ ۱۲ اطوائح یہ جمع طائح کی ہے اسم فاعل ہے باب تفعیل اور یہ قاعدہ ہے کہ کبھی ایسا کرتے ہیں کہ مزید سے حروف زوائد دور کرکے مجرد سے اسم فاعل کا صیغہ لاتے ہیں۔ جیسے کہ یہاں پر ہے اور مطوحات مطوحۃ کی جمع معنے حوادثات زمانہ ومنہ قیل الشاعر قبتبانا۔ تطیح الطوائح الزمن زمانہ کی جمع ہے۔ اس کی جمع ازمن وازمان ازمنۃ وازمن وزمن آتی ہے اور سمع سے آتا ہے اس کے معنے اپاہج کے ہوتے ہیں۔ ۱۲ صنعاء صنعاء دو ہیں۔ ایک تو دمشق میں اور دوسرا یمن میں یمن کی طرف جب منسوب کرتے ہیں تو یمانی کہتے ہیں۔ ومنہ السیف الیمانی یعنی تلوار ۱۲ الیمن جب اس میں نسبت کی جاتی ہے تو یمان ویمن ویمنی کہا جاتا ہے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے ایک صنعاء مشق میں ہے۔ اس واسطے یمن کی طرف اضافت کردی ہے۔ ۱۲ محمد افتخار علی غفرلہ۔

فَمُذْ خَلَتْهَا خَاوِيَ الْوِفَاضِ. بَادِيَ الْإِنْفَاضِ. لَا أَمْلِكُ بُلْغَةً. وَلَا أَجِدُ فِي جِرَابِي مُضْغَةً. طَفِقْتُ أَجُوْبُ طُرُقَاتِهَا مِثْلَ الْهَائِمِ. وَأَجُوْلُ فِي حَوْمَاتِهَا جَوَلَانَ الْحَائِمِ۔

الترجمۃ والمطالب

چنانچہ میں وہاں اس حال میں داخل ہوا کہ میرا زاد راہ توشہ دان ختم ہوچکا تھا اور اس کے جھاڑنے کا وقت ظاہر ہونے والا تھا (یعنی بالکل خالی ہوگیا تھا) اور میں قوت مایہ الکفاف کا بھی مالک نہ تھا اور میں اپنے توشہ دان (جھولی) میں ایک نوالہ بھی نہ پاتا تھا تو میں نے سرگردان عاشق کی طرح اس کے راستوں کو طے کرنا اور پیاسے جانور کی طرح اس کے میدانوں میں گشت کرنا شروع کیا۔

تشریح لغات

لہ فدخلتہا دخول مصدر از نصر بمعنے داخل ہونا وفی التنزیل قولہ تعالے من دخلہ کان آمنا وقولہ تعالے

یدخلون فی دین اللہ افواجا اور دخول یہ خروج کی ضد ہے۔ داور دخل کے معنے عیب اور مکر کے بھی آتے ہیں کقولہ تعالیٰ ولا تتخذوا ایمانکم دخلا بینکم اور اسی میں مدخل ہے۔ کقولہ تعالیٰ رب ادخلنی مدخل صدق بمعنے داخل ہونا عام ہے۔ خواہ دخول فی المکان ہو یا فی الزمان یا فی الاعمال ۲؎ خاوی۔ یہ صیغہ اسم فاعل کا ہے بمعنے خالی سے ماخوذ ہے۔ ازضرب خوی یخوی خواءً بمعنے خلا و سقط کقولہ تعالیٰ فہی خاویۃ علی عروشہا ای خالیۃ وقیل ساقطۃ علی سقوفہا و یقال خوی اذا سقط دخلا دفی التنزیل قولہ تعالیٰ فی قصۃ عاد کانہم اعجاز نخل خاویۃ خاوی۔ جو چیز جس کی وجہ سے آباد تھی اس کے چلے جانے کے بعد حیران اور پریشان ہو جائے جیسے کہ خوت الدار عن اہلہا۔ یہاں پر دار اہل دار کی وجہ سے آباد تھا۔ لیکن اہل دار دار کو چھوڑ کر چلے گئے تو دار ویران ہو جائے گا۔ بخلاف خالی کے جو چیز آباد جس وجہ سے تھی اگر وہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جائیں تو اس کو خالی نہ کہا جائے جیسے خلا المفازۃ عن الاسد تو اگر شیر جنگل چھوڑ کر دوسری جگہ بود و باش اختیار کرے تو یہ نہ کہا جائے گا کہ وہ جنگل اس کے جانے کی وجہ سے ویران ہو گیا۔ یہ خاوی اور خالی میں تھوڑا سا فرق ہے۔ اور ضرب سے معنے پیٹ خالی ہونے اور بھوکا ہونے کے آتے ہیں۔ اور از سمع یقال خَوِیَ خَیًّا و خَوْیًا و خوایۃً ای فرغ دخلا ۳؎ الوفاض یہ وفضۃ کی جمع بمعنے چمڑے کا تیر دان اور چمڑے کا تھیلہ جس کا اسفل حصہ مستوی ہو اور وہ تھیلہ جس میں چرواہے اپنا سامان اور کھانا رکھتے ہیں (توشہ دان) اور وفاض مصدر بھی مفاعلۃ کا ہے۔ یقال وافض یوافض موافضۃً وفاضًا اس کے معنے جھاڑ دینے اور بستر کے برابر کرنے کے ہیں جس پر بیٹھا جائے اور وفاض اس جگہ کو بھی کہتے ہیں جہاں پانی ٹھہرا ہو اور اس کھال کو بھی جو چکی کے نیچے بچھاتے ہیں اور ضرب سے اس کے معنے جلدی کرنے اور دوڑنے کے آتے ہیں۔ کقولہ تعالیٰ کانہم الی نصب یوفضون یہاں توشہ دان کے معنے ہیں۔ ۴؎ بادی ناقص واوی از نصر بمعنے ظاہر ہونا مصدر بدوًا و بدوًّا و بداءۃً یقال بدا الشئ یبدو ای ظہر ظہورًا بینًا و ابدیتہ ای اظہرتہ و فی القرآن بادی الرائ ای فی ظاہر الرائ ۱۲۔ ۵؎ الانفاض بمعنے جھاڑ دینا یقال انفض الرجل اذا فنی زادہ ومالہ اس کا مجرد نصر سے آتا ہے اور یہ لازمی متعدی دونوں طرح سے آتا ہے یقال انفض جرابہ توشہ دان جھاڑنے کا وقت قریب آگیا ۶؎ لا املک ازضرب بمعنے مالک شدن یقال ملک الشئ ملکا و مُلکا و مملکۃ و ملکۃ اوس پر اس کا ایسا قبضہ ہو جائے جس کی وجہ سے وہ تن تنہا اس کے تصرف پر قدرت رکھے وفی التنزیل قولہ تعالیٰ۔ الا ما ملکت ایمانکم وقولہ تعالیٰ یوم لا تملک نفس لنفس شیئا ۷؎ بلغۃ و ہو مقدار ما یبلغ بہ من العیش الی المنزل یعنی ایسا تھوڑا توشہ کہ جس سے آدمی اپنی زندگی بسر کر سکے ذرا و قلیل ما بہ الکفاف ولا یفضل واصلہ بلغ یبلغ بلوغا و بلاغا فی التنزیل قولہ تعالیٰ فاذا بلغن اجلہن از نصر ۸؎ لا اجد ازضرب وحسب مصدر وجدًا و وُجدًا و وجودًا و وِجدانًا بمعنے مطلوب کو پا لینا اور نبی عامر کے لغت میں از نصر جب اس کے معنے پا لینے کے ہوتے ہیں تو یہ متعدی بنفسہ ہوتا ہے اور جب اس کے معنے غصہ کے ہوں گے۔ تو متعدی بعلی ہوگا اور جب اس کے معنے غمگین پانے کے ہوں گے تو یہ متعدی با سے ہوگا۔ اور وجد علم کے معنے میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔ اس صورت میں یہ افعال قلوب سے ہوگا۔ اور اس کا مصدر وجد ہوگا اور اس کے دو مفعول ہوں گے جیسے وجدتک کلاما صادقا اور ضرب سے مالدار ہونے کے معنے بھی آتے ہیں۔ ومنہ الحدیث لم یجد الصائم علی المفطر والوجد بالحرکات الثلث والسعۃ وفی التنزیل اسکنوہن من حیث سکنتم من وجدکم وقرئ بالثلث ۹؎ جرابی توشہ دان خواہ لکڑی کا ہو یا چمڑے کا والجمع اجربۃ و جُرُب و جرب علی وزن قفل وعنق۔ وفاض اور جراب میں عام خاص کا فرق ہے وفاض خاص ہے یعنی وہ توشہ دان جو خاص چمڑے کا ہو اور جراب عام ہے خواہ چمڑے کا ہو یا لکڑی کا۔ اور سفط بمعنے چھوٹا صندوقچہ ڈبیہ۔ سنگھار دان۔ عطر دان اور ڈبی

تھیلا اور سفطٌ بمعنے زنبیل چمڑے کا تھیلا۔ پٹارہ اور جراب کے معنے تلوار کے میان کے اور چمڑے کے برتن اور کنویں کے جوف کے بھی آتے ہیں۔ [10] مُضغۃ۔ وہ گوشت کا ٹکڑا جو چبایا ہوا والجمع مُضَغٌ ومُضُغَات وہی قطعہ لحم وقیل تکون المضغۃ غیر اللحم وفی التنزیل فخلقنا العلقۃ مضغۃ فخلقنا المضغۃ عظاما وفی الحدیث ان فی ابن آدم مضغۃ اذا اصلحت صلح الجسد کلہ یعنی القلب۔
[11] طفقتُ از سمع وضرب یقال طفق طفقا ای جعل ویفعل وشرع وہو من افعال المقاربہ بمعنے شروع کرنا اور کام کرنے لگنا وفی التنزیل وطفقا یخصفان علیہما من ورق الجنۃ وقال تعالیٰ فطفق مسحًا بالسوق والاعناق ویقال طفق بمرادہ یعنی وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوا [12] جوّب اجوف واوی از نصر مصدر جوبًا یقال جاب البلاد جوبًا ای قطعہا سیرًا شہروں کے کو قطع کیا۔ اور شہروں کا سفر کیا۔ وفی التنزیل وثمود الذین جابوا الصخر بالواد اور جب اس کو باب افعال میں استعمال کریں گے۔ تو اس کے معنے جواب دینے کے ہوں گے۔ اس کی وجہ مناسبت ظاہر ہے۔ چونکہ جواب بھی سوال کو قطع کر دیتا ہے اس لیے جواب میں قطعتُ کے معنے موجود ہیں۔
[13] طرقاتہا یہ طریق کی جمع ہے بمعنے راستہ اور مذکر مونث میں یکساں ہے یقال الطریق الاعظم والطریق العظمیٰ اسی طرح سبیل ہے والجمع اطرقۃٌ واطرفاء وطرقٌ اور جمع الجمع الطرقات۔ اور یہ نصر سے آتا ہے اس کے تین معنے آتے ہیں۔ بمعنے کھٹکھٹانا یقال طرقت الباب اور رات میں آنا۔ اور جفتی کرنا اور مہمان کے معنے میں بھی آتے ہیں۔ ومنہ الطارق اور اس کے معنے مکدر ہونے کے بھی آتے ہیں یقال طرق الماء اذا انکدر۔ [14] مثلَ اس کی جمع امثال آتی ہے مثل اور مثال میں فرق ہے مثل کہتے ہیں جو تمام خفیفت میں شریک ہو جیسے لیس کمثلہ شئ اور مثال اس کو کہتے ہیں جو بعض اغراض میں شریک ہو جیسے انسان نے دیوار پر نقش کئے تو یہ نقوش اصل کی مثال ہیں۔ اس کا مثل نہیں ہے [15] الہائم المتحیر از ضرب یقال ہام فی الامر یہیم اذا تحیّر ہائم بمعنے حیران ومتحیر والمصدر ہیم وہومًا وہیمان وتہیانا قال تعالےٰ فی کل واد یہیمون درجل ہائم والجمع ہُیَّمٌ وہیامٌ کقولہ تعالیٰ فشاربون شرب الہیم ورجل ہیمان ای عطشان والجمع ہیامٌ مثل عطشان وعطاش وظمآن وظماء [16] اجول اجوف واوی از نصر یقال جال جولًا وجولًا وجولانًا وجلانًا اذا طاف فی المکان یعنی طواف کیا اور گھومنا ویقال تجوّل فی الارض بمعنے بہت زیادہ گھومنا ویقال جال واجتال اذا ذہب وجاء [17] فی حوماتہا حومتہ لکل شئ معظمہ حومتہ زمین کے معظم حصہ کو کہتے ہیں یہ عام ہے جیسے وسط بھی کہتے ہیں۔ ومنہ حومتہ البحر معظمہ ومنہ حومتہ القتال ومنہ حومتہ الجندل اور اس کے معنے گھومنے کے بھی آتے ہیں یقال ہام علی الشئ وحولہ حومًا وحومانًا بمعنے گھومنا ویقال حام حول غرضہ وعلیہ اذا طلب وحوّم فی الامر جب وہ ہمیشہ گھومتا رہے اور حُوَمٌ وہ شراب جو سر میں چکر لگاتی اور گھومتی ہو ویقال حومتہ البحر جب کہ پانی زور وشور سے چلتا ہو [18] الحائم اجوف واوی از نصر مصدر حائم والجمع حُوَّمٌ وہ شخص جسے بہت زیادہ پیاس ہو اندرونی سوزش ہو جس کی وجہ سے وہ چکر لگا کر گھومے یا جانور کا چکر لگانا پانی پینے کے لیے مونث حائمۃ جمع حوائم وحومًا وحیامًا وحیومًا فلہذا قال المحشی فی حاشیتہ طائر اذا اشتد بہ العطش درد الماء فحام علیہ حتے یفرق وہو یشربہ فان نالہ الماء تساقط ریشہ ۱۲

دَاَرُوْدُ [1] فِیْ مَسَارِحِ [2] لَمَحَاتِیْ [3] وَمَسَایِحِ [4] غَدَوَاتِیْ [5] وَرَوْحَاتِیْ [6]. کَرِیْمًا اُخْلِقُ [7] لَهٗ دِیْبَاجَتِیْ [8] وَاَبُوْحُ [9] اِلَیْهِ بِحَاجَتِیْ اَوْ اَدِیْبًا تُفَرِّجُ [10] رُؤْیَتُهٗ غُمَّتِیْ [11] - وَتُرْوِیْ [12] رِوَایَتُهٗ غُلَّتِیْ [13].

الترجمۃ المطالب

اور اپنے پیش نظر (سوالوں)، کی چراگاہوں اور اپنے صبح شام چلنے پھرنے کی جگہوں میں کسی ایسے سخی داتا کو تلاش کرنے لگا جس کے سامنے میں اپنی آبرو کو پرانہ کردوں اور میں اس کی طرف اپنی حاجت سے جاؤں (دستِ سوال دراز کروں)، یا کسی ایسے ادیب کی تلاش میں جس کا دیدار میرا غم دور کردے اور جس کا بیان اور بات چیت میری پیاس بجھائے۔

تشریح لغات

لہ ارود از نصر رود سے ماخوذ ہے اور یہ اجوف وادی ہے اس کے اصلی معنے پانی اور گھاس کے طلب کرنے کے ہیں ای طلب الما والکلاء یہاں پر معنے طلب اور تلاش کے ہیں ومنہ الارادۃ والمراودۃ وہی ان تنازع غیرک فی الارادۃ فترید غیر ما برید اذ تردد غیر ما برد وقال تعالیٰ ہی راودتنی عن نفسی تراود فتاہا عن نفسہ ومنہ الارتیاد کسی بڑے مکان کا تلاش کرنا
ومنہ قول الشاعر قال اور آئد ہم ارسوئد اولبا ومنہ راد الارض یعنی ایسی زمین تلاش کی جہاں پانی گھاس وغیرہ ہو اور فروکش ہونے کے قابل ہو ومنہ رادت الابل مختلف طریقے پر چرا رہے ہیں۔ یعنی کوئی آ رہا ہے اور کوئی جا رہا ہے ومنہ الرائد والجمع رادۃٌ ورُوّادٌ اور رائدون بمعنے جاسوس اور وہ قاصد جو قوم سے پہلے جاکر جائے قیام تلاش کرے۔ ۲ہ مسارح۔ یہ مسرح کی جمع ہے بمعنے چراگاہ اور مصدر میمی چراگاہ پر چرنے کے لیے چھوڑ دینے کے معنے میں آتا ہے از باب فتح مصدر سرحًا وسروحًا بمعنے چرنا اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے قال فی قولہ تعالیٰ حین تریحون وحین تسرحون ومنہ یقال سرحت الماشیۃ ای اخرجتہا بالغداۃ الی المرعے ومنہ سرح السیل یعنی آہستہ آہستہ بہ رہا ہے ۱۲۰۔
۳ہ لمحاتی لمحۃ کی جمع ہے اصلی معنے گوشۂ چشم سے دیکھنے کے ہیں یقال لمح الیہ یلمح لمحًا ای اختلاس النظر واللمحۃ النظرۃ بالعجلۃ قال الفراء فی قولہ تعالیٰ کلمح بالبصر قال الخطفۃ بالبصر وقیل لا یکون اللمح الامن بعید اور یہ فتح سے آتا ہے بمعنے جھپا کے سے دیکھنا اور فقہ اللغۃ میں یہ ہے جب انسان کسی شئی کو پوری آنکھ سے دیکھے اس کو عنہ کہتے ہیں۔ اور اگر گوشہ چشم سے دیکھے اس کو لخطفۃ کہتے ہیں اور اگر جلدی سے دیکھے اس کو لمحۃ کہتے ہیں ۴ہ مسارح مسیح کی جمع دجال کو بھی مسیح اس لیے کہتے ہیں کہ وہ بھی زمین پر بہت پھرے گا۔ اور حضرت عیسےٰ کو مسیح اس واسطے کہتے ہیں کہ آپ بہت سیر کرتے تھے۔ آپ کا کوئی مکان نہ تھا۔ از ضرب مصدر سیاحۃ وسبوح وسیحان وسیح بمعنے چلنا پھرنا کما جاء فی القرآن المجید فسیحوا فی الارض ای سیروا اور بعض نے یہ کہا ہے کہ یہ فعائل کے وزن پر ہے مسیحۃ کی جمع بروزن فعلۃ بمعنے مسح کیا گیا اب یہ چرنے چرانے یا چراگاہ کے معنے میں مستعمل ہوتا ہے اور بعض کے نزدیک یہ مفاعل کے وزن پر ہے مسیحۃ کی جمع بر وزن مفعلۃ سیاحت سے بمعنے سیر کرنا یقال ساح فی الارض اذا سار فی الارض لعبادۃ والترہیب وفی الحدیث لاسیاحۃ فی الاسلام ارادہ مفارقۃ الامصار ترک شہود الجمعۃ والجماعات وقیل اراد الذین یسعون فی الارض بالشر والنمیمۃ والافساد بین الناس وسیاحۃ ہذہ الامۃ الصیام ولزوم المساجد وقولہ تعالیٰ الحامدون السائحون وقال سائحات ثیبات وابکارا قال الزجاج ای الصائمون باجماع اہل التفسیر قیل انما قیل للصائم سائح لان الذی یسیح متعبد یسیح ولازاد معہ انما یطعم اذا وجد الزاد والصائم لا یطعم ایضاً فلشبہہ سمی سائحًا والسیح الماء الظاہر الجاری علی الارض وفی حدیث الزکاۃ ماسقی بالسیح ففیہ العشر ای الماء الجاری وجمعہ سیوحٌ واسیاحٌ ۵ہ غدوات غداۃ کی جمع ہے وہی ما بین صلاۃ الصبح وطلوع الشمس اذا البکرۃ بمعنے سویرا تڑکا والغد نقیض الرواح والغدوۃ من اول النہار وقوبل الغد بآخر الشئ کما قال تعالےٰ بالغداۃ والعشی وقوبل الغدو بالرواح کما قال تعالےٰ غدوہا شہر ورواحہا شہر ۱۲ اور قرآن شریف میں ہے۔ بالغدو والآصال وفی الحدیث لغدوۃٌ او روحۃٌ

فی سبیل اللہ خیر من الدنیا وما فیہا اور غدو کے معنے صبح کے وقت چلنے کے ہیں، اور یہ رواح کی نقیض ہے اور غدوۃ کی جمع غدیٰ آتی ہے اور غدیۃ کی جمع غدایا آتی ہے جیسے عشیۃ وعشایا اور اسی سے غداء ہے وہ کھانا جو صبح کو اول دن میں کھایا جائے، اور یہ عشا کی نقیض ہے اور اس کی جمع اغدیۃ آتی ہے اور مجرد نصر سے آتا ہے۔ ــه ورواحاتی روحۃ کی جمع بمعنے ایک مرتبہ جانا اور شام کے وقت جانا اور یہ ضد صباح کی ہے، ومنہ لیلۃ روحۃ ای طیبۃ اس کا مجرد نصر سے آتا ہے بمعنے آنا جانا وآخر دن میں آنا وآخر دن میں جانا اس کا اطلاق سورج ڈھلنے سے رات تک ہوتا ہے اور شام کے وقت کام کرنا اس کا مصدر رواحًا اور روحًا آتا ہے۔ جو غدا لبغدد کی ضد ہے ومنہ یقال المال غاد ورائح واعلم ان الصبح یکون بعد الفجر وہو اول النہار فیل سمی بذلک لحمرتہ ثم الصباح ہو اول ساعات النہار والبکور یکون بعد الصباح وقبل طلوع الشمس ثم الغدو بعد طلوعہا ثم الضحیٰ ــه کریما کریم اور جواد میں فرق ہے کریم تو وہ شخص جو بغیر سوال کے کسی کو دے اور جواد وہ شخص جو سوال کرنے پر دے، نفس اعطاء میں یہ دونوں شریک ہیں وایضاً الکریم الذی یفعل الفعل لنفع غیرہ بلا نفع یعود الیہ والسخی الذی یجمع ولا یمنع وینفع ولہٰذا لا یقال للہ تعالیٰ سخی بل یقال کریم جواد کریم بمعنے خلیق وسخی مگر تبریزی نے کہا ہے کریم وہ شخص ہے جو جمیع صفات حمیدہ کا جامع ہو اور یہ لئیم کی ضد ہے والجمع کرام وکرماء اور کریم سے آتا ہے واعلم ان الکریم اذا اسند الی اللہ تعالیٰ فہو اسم لاحسانہ وانعامہ کقولہ تعالیٰ ان ربی غنی کریم واذا وصف بہ الانسان فہو اسم للاخلاق والافعال الحمیدۃ التی تظہر منہ ولا یقال ہو کریم حتے یظہر ذلک منہ قال بعض العلماء لا یقال الکرم الا فی المحاسن الکبیرۃ بخلاف الحریۃ فانہا اعم لکل شئ شرف فی ذاتہ فانہ یوصف بالکرم کما جاء فی القرآن العظیم وقل لہما قولا کریما۔ ۱۲

ــه اعلم ان تقسیم اللیل والنہار علی اربع وعشرین ساعات لیست من احداثات　　فساعات النہار اسماءھا۔ الشروق[۱] ثم البکور[۲] ثم الغدوۃ[۳] ثم الضحیٰ[۴] ثم الہاجرۃ[۵] ثم الظہیرۃ[۶] ثم الرواح[۷] ثم العصر[۸] ثم القصر[۹] ثم الاصیل[۱۰] ثم العشی[۱۱] ثم الغروب[۱۲] وساعات اللیل اسماءہا۔ الشفق[۱] ثم الغسق[۲] ثم العتمۃ[۳] ثم السدفۃ[۴] ثم الفحمۃ[۵] ثم الزلۃ[۶] ثم الزلفۃ[۷] ثم البہرۃ[۸] ثم السحر[۹] ثم الفجر[۱۰] ثم الصبح[۱۱] ثم الصباح[۱۲]۔ ہکذا فی فقہ اللغۃ۔

ــه اخلق واحد متکلم کا صیغہ ہے۔ اس کا مصدر اخلاق ہے بمعنے پرانا ہونا و پرانا کرنا اور یہاں اول معنے مراد ہیں اور یہ لازم متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ یقال خلق الشئ خلاقۃ از باب کرم واخلق الثوب یعنی کپڑا پرانا ہوگیا واخلق الشباب یعنی جوانی ڈھل گئی۔ اور اس کے معنے چکنا کر دینے کے بھی آتے ہیں یقال اخلقتہ ای املسۃ اور نصر سے جو اس کا مجرد آتا ہے اس کے معنی پیدا کرنے کے ہیں۔

ــه دیباجتی یہ دیباجہ کا معرب ہے جس کے معنے اوّل کل شئ وخیار کل شئ کے ہیں لیکن یہاں اس سے مراد چہرہ ہے یا رخسار ہے اور اس کی وجہ مناسبت ظاہر ہے۔ دیباج اصل میں اس کپڑے کو کہتے ہیں جس کا تانا بانا خالص ریشم کا ہو چونکہ اس سے مقصد عمدہ ہے اس لیے اب اس کے معنے اول کل شئ وخیار کل شئ کے ہو گئے اور اسی لیے رخسارہ کو بھی کہتے ہیں چونکہ اول ملاقات میں اس کی نظر رخ پر پڑتی ہے اس میں من وجہ اولیت موجود ہے۔ اسی وجہ سے کتاب کے دیباچہ کو دیباچہ کہتے ہیں، کہ اس میں بھی اولیت موجود ہے کیونکہ وہ بھی چہرہ کی طرح دیکھا جاتا ہے والجمع دبابیج ودیابیج اور صاحب اقرب الموارد نے یہ کہا ہے کہ اخلق استعمال اس وقت ہو سکتا ہے کہ جب کوئی اپنا حالِ زار کسی کو سنائے یہاں کنایہ سوال اور ذات سے ہے۔ ــه البوح واحد متکلم کا صیغہ ہے۔ اور یہ اجوف وادی ہے از نصر اور یہ باء کے ذریعہ سے متعدی ہو جاتا ہے یقال باح الشئ یعنی چیز ظاہر ہوئی۔ اور اس کا مصدر بوحًا اور بؤوحًا اور بوحۃ آتا ہے ومنہ قول الشاعر ۔ کم باح باسمی بعد ما کتم الہوٰے۔

بحاجتی حاجت کے معنے غرض اور ضرورت کے ہیں والجمع حاج بحذف التاء وحاجات وحوائج وحوجٌ از نصر اس کے معنے محتاج ہونے کے ہیں۔ یقال حاج یحوجُ حوجاً ادآدیب بمعنے ظریف وعقل مند وصاحب ادب والجمع ادباء مثل فقہا از کرم تفرج از باب تفعیل بمعنی کھولدینا اور کسی کا غم دور کرنا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے منہ فرجۃ الوستہ بین الجبلین اور فَرَجٌ اور فَرَجٌ دونوں کے معنے ایک ہیں اور گھوڑوں کے درمیان میں جو کشادگی کی ہوتی ہے اس کے معنے میں بھی آتا ہے ومنہ یقال فرَّجَ اللہ الغم ای ازالہ رُویتہ آنکھ سے دیکھنا یہ ایک مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے اور علم کے معنے میں دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے از باب فتح ۳ غمتی بمعنے اندوہ وغم ومشتبہ امر یقال غمۃٌ ای احریۃٌ از نصر والجمع غُمَمٌ ۴ تری یہ اراواءٌ سے مشتق ہے۔ از باب افعال بمعنے سیراب کرنا۔ واصلہ ردی من الماء واللبن یروی رَیًّا وریًّا درِدیً وتروّی دار توی ان سب کے معنے ایک ہیں اور یہ سمع سے آتا ہے۔ ومنہ یوم الترویۃ اور ضرب سے اس کے معنے روایت کرنے اور نقل کرنے کے معنے آتے ہیں ۵ غلتی غلتہ اور غُلٌ اور غلٌ ان سب کے معنے سخت پیاس وشدت تشنگی کے آتے ہیں اور یہ سمع سے آتا ہے یقال غلَّ یغلُّ غلتہٌ اذا اشتد عطشہ اوّل جو پیاس کی انسان کو ضرورت ہوتی ہے۔ اس کو عطش کہتے ہیں اس کے بعد ظمأ اس کے بعد صدی۔ اس کے بعد غُلہ اس کے بعد لھبتہ اس کے بعد صیام۔ اس کے بعد اُدام۔ اس کے بعد جوآد (یہ آخر درجہ ہے جو انسان کے لیے قاتل ہے) اور غلّہ بالفتح کے معنے ماحصل اور پیداوار کو کہتے ہیں۔ والجمع غلّات وغللٌ اور بالکسر بمعنے طوق جو قیدیوں کے گردن میں ڈالا جائے۔ والجمع غلل واغلالٌ کما جاء فی القرآن المجید انا جعلنا فی اعناقہم اغلالاً۔

حَتّٰی۱ اَدَّتْنِیْ خَاتِمَةُ۲ الْمَطَافِ۳. وَهَدَتْنِیْ فَاتِحَةُ۴ الْاَلْطَافِ۵ اِلٰی نَادٍ۶ رَحِیْبٍ۷ مُحْتَوٍ۸ عَلٰی زِحَامٍ۹ وَنَحِیْبٍ۱۰. فَوَلَجْتُ۱۱ غَابَةَ۱۲ الْجَمْعِ۱۳ لِاَسْبُرَ۱۴ مَجْلَبَةَ۱۵ الدَّمْعِ۱۶ فَرَاَیْتُ۱۷ فِیْ بُهْرَةِ۱۸ الْحَلْقَةِ۱۹ شَخْصًا۲۰ شَخْتَ۲۱ الْخِلْقَةِ.

الترجمۃ المطالب

یہاں تک کہ میرے آخری پھیرنے (یا انتہائی گھومنے) اور خدا کی شروع مہربانیوں نے مجھے ایک وسیع (کشادہ) مجلس کی طرف پہونچا دیا۔ (راستہ دکھلایا) جس میں بہت سے آدمی تھے اور اس میں رونے کی آواز تھی۔ میں اس رونے کا سبب معلوم کرنے کے لیے بدقت تمام اس بھیڑ میں گھس گیا میں نے دیکھا کہ آدمیوں کے بیچ میں ایک لاغر سرشت (کمزور خلقت) شخص ہے۔

تشریح لغات

۱ حتیٰ ادتنی حتےٰ یہ اجول کے لیے غایت ہے اور ہدتنی کا عطف جملہ ادتنی پر ہے ادتنی اس کا مصدر تادیۃ ہے بمعنے اوصلتنی یقال فلان ادّے ای ادا اوصل بمعنے پہنچا دینا و پورا کرنا و یقال وناد لہ من حقہ جب کہ اس کا پورا پورا حق ادا کر دیا جائے۔ اور اس کا ثلاثی ضرب سے آتا ہے ۲ خاتمہ بمعنے شئی کے آخیر کو کہتے ہیں یقال خاتمۃُ الشئ اے انقضے الشئ وآخرہ والجمع خواتیم وخاتمات ویقال خاتم القوم بالفتح والکسر ای آخرہم ومنہ قولہ تعالےٰ خاتم النبیین

ای ختم النبیین یعنی نبوت کو ختم کیا ۔ ؎ المطاف یہ مصدر میمی ہے اور طواف سے ماخوذ ہے بمعنے شئے کے گرد اگرد پھرتے کے ہیں از باب نصر بمعنے گھومنا و چکر کھانا و پھرنا ومنہ قولہ تعالٰے یطاف علیہم بآنیۃ فطاف علیہم طائف والطائف لایکون الا باللیل ویقال طاف بالقوم وعلیہم یطوف طوفاً وطوافاً ومطافاً اذا دار حولہم ۔ فاتحۃ ہر چیز کے اول کو کہتے ہیں والجمع فواتح اور اس کا مجرد فتح سے آیا ہے کقولہ تعالٰے انا فتحنا لک فتحا و ما یفتح اللہ للناس من رحمۃ وربنا افتح بیننا وبین قومنا الخ یہ اغلاق کی ضد ہے ومنہ یوم الفتح قیامت کا دن ؎ الطاف بفتح ہمزہ وکسرہا یہ لطف کی جمع ہے بمعنے مہربانی اور بکسر الالف یہ باب افعال کا مصدر ہے ۔ بمعنے کسی کے سامنے تضرع اور عاجزی سے سوال کرنا ۔ یقال لطف فلان نفلان او بفلان یلطف اذا رفق یہ لطفا از نصر اور لطُفَ بالضم یہ کرم سے آتا ہے یقال لطف یلطف لطافۃً فمعناہ صغر ورق ۔ اللَطَفُ بفتح اللام اور طاء یہ لطف میں ایک لغت ہے ۔ اور لطیف کے ساتھ جب جسم وصف کیا جائے ۔ تو اس سے ثقیل کی ضد مراد ہوتی ہے وقد یعبر باللطیف عما لا تدرکہ الحاسۃ ؎ ارجۃ نادٍ اس کی اصل ندیٌ بندو ہے جس کے معنی مجلس یقال ؎ رحب الشئ رُحباً ورحابۃً فہو رحبٌ ورحیبٌ ورُحاب دار رحبٌ اذا اتسع ویقال ارحبۃ ای وسّعۃ از کرم ومنہ قولہم مرحبا واہلا ای رَبدت مکاناً رحباً ومنہ قولہ تعالٰے ضاقت علیہم الارض بما رحبت ومنہ یقال رحیب المصدر ای وسیعہ ومنہ مکان رحبٌ ای کشادہ مکان ومنہ رحب الباع اور الذراع یعنی سخی ومنہ رحب الفہم ای وسیع العقل ؎ محتو اسم فاعل کا صیغہ از باب افتعال بمعنے شامل ہونے والا یقال حوی الشئ یحویہ حیّاً وحَوایۃً ازضرب ویقال احتواہ واحتوا علیہ اذا جمعہ واحرزہ ومنہ الحوایا یہ حویۃ کی جمع ہے بمعنے آنت وفی التنزیل قال تعالٰے او الحوایا او ما اختلط بعظم ؎ زحام بمعنے مجمع بھیڑ وازدحام اور یہ مصدر ہے از باب فتح ومنہ یوم الزحام قیامت کا دن ؎ نحیب النحیب وہو صوت البکاء یعنی خوب زور سے رونا اور النحبُ اور نحیبٌ یہ دونوں مصدر ہیں ۔ از فتح وضرب ۔ یقال نحب الرجل یعنی وہ زور سے رو دیا اور نحب کے معنے مدت اور وقت اور موت کے بھی آتے ہیں ۔ یقال قضے فلان نحبہ یعنی وہ مرگیا ومنہ قولہ تعالٰے ومنہم من قضے نحبہ ومنہم من ینتظر ؎ تولجت یہ مشتق ولوج سے ہے ۔ یہ مثال وادی ہے اور اس کا مصدر ولجاً بھی آتا ہے بمعنے تنگی میں داخل ہونا قال تعالٰی حتی یلج الجمل فی سم الخیاط از ضرب ومنہ مولج بمعنے مدخل ومنہ ایلاج از باب افعال بمعنے داخل کرنا ولوج اور دخول میں تھوڑا سا فرق ہے ۔ ولوج اعیان اور معانی دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے اور دخول محض اعیان کے لیے تو ولوج عام ہے اور دخول خاص ومنہ ولاّجٌ ای کثیر الدخول ؎ غابۃ اصل میں گنجان درختوں کے دشوار گذار جنگل کو کہتے ہیں (بن) کیونکہ بن کے اندر کی چیز غائب ہو جاتی ہے ۔ والجمع غابات ومنہ قولہ تعالٰی فی غیابۃ الجب اور یہاں اس سے مراد وسط اور درمیان کا حصہ ہے اس کا مادہ (غ ی ب) ہے ۔ ؎ الجمع ۔ اس کے معنے آدمیوں کی جماعت کے ہیں اور اس کی جمع جموع آتی ہے اور یہ مصدر بھی ہے بوت سے آتا ہے ۔ ؎ لاَسْبُرَ یہ واحد متکلم کا صیغہ ہے ۔ اور لام بمعنے لاَنْ ہے اور یہ سبر سے ماخوذ ہے بمعنے تجربہ اور خبر اور حقیقت امر کے نکالنے کے ہیں اور سبر مصدر ہے یقال سبر الجرح یسبرہ سبراً ای نظر مقدارہ بعرف غَوْرَہٗ اور یہاں اس کے معنے آزمانے کے ہیں از باب نصر وضرب ؎ مجلبۃ اس میں دو نسخے ہیں ایک تو بالجیم المعجمۃ اور دوسرے بالحاء المہملۃ اول تو جلب سے ماخوذ ہے جس کے معنے کھینچنے اور ابھارنے کے ہیں ۔ یقال جلب الشئ یجلب جَلْباً وجَلَباً واجتلب ای ساقہ من موضع الی موضع آخر مجلب واجتلب از نصر وضرب اور دوسرا حلب سے ماخوذ ہوگا جس کے معنے دودھ کے دوہنے کے ہیں ۔ کیونکہ محلب اس برتن کو کہتے ہیں جس میں دودھ دوہا جاتا ہے ۔ اور جتنے مصدر مفعلۃ کے وزن پر آتے ہیں ۔ ان میں سبب کے معنے ہوتے ہیں جیسے مجنبۃ

یعنی سبب ضرب وغیرہ ۲۱؎ الدمع آنسو از باب فتح وسمع یقال دمعت العین دمعًا ودمعانا اذا اسال ومعہل والجمع دُمُوعٌ واَدْمُعٌ ۲۲؎ فرأیت واحد متکلم کا صیغہ از باب فتح رؤیۃ مصدر بمعنے دیکھنا اور اس کا استعمال رویت قلبی اور رویت بصری دونوں میں ہوتا ہے اور ایک رُوَیْبَۃ آتا ہے جس کے معنے کبد و تلی کے ہیں اور اسی سے یہ چیستان ہے رأیتہ لما رآیت اس میں اول ماخوذ رئینۃ سے ہے اور دوسرا رویت سے ہے۔

۲۳؎ بُہرۃٌ بمعنے وسط و درمیان یقال بہرۃ کل شیئ ای وسطہ وابہار اللیلُ ابہیرارًا اذا انتصف اور امام اصمعیؒ فرماتے ہیں۔ یہ بہرۃ الشئ سے ماخوذ ہے اور اسی طرح ابہار النہار اور یہ اس وقت جب کہ سورج بلند ہو جائے اور بہرۃ کی جمع اَبْہرٌ اور بُہَرٌ بروزن ظُلَمٌ اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے جس کے معنے غلبہ کے آتے ہیں یقال بہر بہرًا ای قہرہ وغلبہ۔ اور بہرہ کا مدخول بہ چیزیں ہوتی ہیں۔ جیسے لیل وادی فرس وحلقہ یقال بہرۃ الوادی وبہرۃ الفرس وبہرۃ اللیل وبہرۃ الحلقۃ ۲۴؎ الحلقۃ حلقۃ ہر گول چیز کو کہتے ہیں اور اس کی جمع حِلَقٌ وحَلَقٌ وحلاقٌ وحلقاتٌ ومنہ یقال حلق الطائر جب کہ طائر حلقہ اور دائرہ بناتا ہو ویقال تحلق القوم جب کہ قوم حلقہ باندھ کر بیٹھے اور حلقہ مصدر بھی ہے جس کے معنے بال مونڈنے کے ہیں ۲۵؎ شخصیا لغت کے اعتبار سے اس کا اطلاق تمام اجسام پر آتا ہے لیکن استعمال میں اس کی تخصیص ہوگئی ہے خاص انسان کے ہی جسم کو کہتے ہیں والجمع اشخصٌ واشخاصٌ وشخوصٌ وشخاصٌ پس شخص کے معنے جسم کے ہیں جس سے اس کی ذات مراد ہوا کرتی ہے اور یہ فتح سے آتا ہے اور جسم عام ہے ۲۶؎ شختٌ وہ پید الشی دُبلا پتلا ہو نہ کہ جو کسی مرض سے دبلا ہو جائے وقیل ہو الدقیق من کل شئی حتے یقال لدقیق العنق والقوائم شختٌ شختۃٌ والجمع شخاتٌ اور اس کا مجرد کرم سے آتا ہے۔ یقال شخُت شخوتۃ فہو شخیتٌ وشخیت ۲۷؎ الخلقۃ بالکسر بمعنے پید الشی والجمع خِلَقٌ۔ اور کبھی خلق کے معنے نئی چیز کے پیدا کرنے کے آتے ہیں۔ جیسے قولہ تعالیٰ خلق السموات والارض ای ابدعہا بدلیل قولہ تعالیٰ بدیع السموات والارض اور کبھی اس کے معنے ایک چیز کو ایک چیز سے ایجاد کرنے کے آتے ہیں۔ جیسے قولہ تعالیٰ خلقکم من نفس واحدۃ وخلق الانسان من نطفۃ وخلق الانسان من سلالۃ اور کبھی اس کے معنے کذب اور جھوٹ کے آتے ہیں جیسے قولہ تعالیٰ وتخلقون افکا اور یہ نصر سے آتا ہے۔

عَلَيْهِ اُهْبَةُ السِّيَاحَةِ. وَلَهٗ رَنَّةُ النِّيَاحَةِ. وَهُوَ يَطْبَعُ الْاَسْجَاعَ بِجَوَاهِرِ لَفْظِهٖ وَيَقْرَعُ الْاَسْمَاعَ بِزَوَاجِرِ وَعْظِهٖ. وَقَدْ اَحَاطَتْ بِهٖ اَخْلَاطُ الزُّمَرِ. اِحَاطَةَ الْهَالَةِ بِالْقَمَرِ. وَالْاَكْمَامِ بِالثَّمَرِ.

الترجمۃ المطالب

اسباب سفر (عصا اور اپنے کپڑے) لیے ہوئے وہ زار وقطار رو رہا ہے اور اپنے الفاظ کے جواہروں سے مقفے کلام کو مزین اور اپنے مدلل وعظ سے کانوں کو زجر و توبیخ نے کھٹکھٹا رہا ہے (متوجہ کر رہا ہے)، مختلف لوگ اس کو اس طرح گھیرے ہوئے ہیں جیسے ہالہ (کنڈل) چاند کو یا چھلکی شگوفہ کو گھیری ہوتی ہے۔

تشریح لغات

۱؎ اھبنۃ یہ "فُعلۃٌ" کے وزن پر ہے اس کے معنے مانیاھب یہ یعنی سامان کے ہیں اور والجمع اُھَبٌ بعض ادباء یہ فرماتے ہیں کہ سامان سفر کو کہتے ہیں اور یہ اہاب سے ماخوذ ہے بمعنے جلد غیر مدبوغ (یعنی کچا چمڑہ جو دباغت نہ دیا گیا ہو) یقال اھَبَ وتاھَبَ للامر یعنی وہ اپنی تیاری کے لیے تیار ہوا ۲؎ السیاحۃ مصدر ہے بمعنے چلنا وسفر کرنا اور بعض ادبا اس کے معنے عبادت کے بھی لیتے ہیں۔ یقال ساح فی الارض ای عبد دقد مر تحقیقۃ فی تحت قولہ سایح الخ ۳؎ رَنَّۃٌ اور رنین کے معنے آواز اور آواز کرنے کے ہیں۔ ازضرب ابن اعرابی فرماتے ہیں۔ رنّۃ آواز کو کہتے ہیں، خواہ وہ خوشی کی ہو یا غم کی۔ والجمع رنات اور رنین مصدر ہے اور منجد میں ہے کہ رنّۃ عام آواز کو کہتے ہیں۔ یا خاص کمان وغیرہ کی آواز کو اور رنین مطلق آواز کو یا غمگین آواز کو کہتے ہیں وقال العلامۃ الثعالبی اذا خرج المکروب اوالمریض صوتا دقیقا فہوالرنین فاذا اخفاہ فہوالھنین فاذا اظھرہ فخرج خافیا فہوالحنین فاذا زاد فیہ فہوالانین فان زاد فی رفعہ فہوالحتین فاذا زفربہ وفتح الانین فہوالزفیر فاذا امدالنفس ثم رمی بہ فہوالشہیق فاذا تردد نفسہ فی المصدر عند خروج الروح فہوالحشرجۃ۔

۴؎ النیاحۃ میت کے اوصاف بیان کر کے اس کو رونا۔ (ھوالبکا علی المیت) یقال ناحت المرأۃ تنوح نوحًا ونواحا ونیاحًا ونیاحۃً ومناحًا اذابکے علی المیت از نصر منہ النائحۃ وہ عورت جو خوب چیخ کر روئے والجمع نُوَّحٌ وانواحٌ ونُوَّحٌ ونوائح۔ ونائحات ۵؎ یطبع از باب فتح بمعنے ڈھالنا۔ دمہر لگانا۔ پیدا کرنا۔ طبع کے اصل معنے پگھلانے کے ہیں یقال طبع الشیٔ کسی صورت سے ڈھالا۔ وطبع علیہ یعنی اس پر مہر لگائی کما جاء فی القرآن طبع اللہ علی قلوبہم وطبع الدرہم یعنی نقش کئے وطبع السیف یعنی تلوار کو بنایا۔ و ڈھالا۔ وطبع اللہ الخلق یعنی خدا نے مخلوق کو پیدا کیا۔ اس کا مصدر طبع آتا ہے ومنہ الطبیعۃ بمعنے سرشت وعادت والجمع طبائع ۶؎ الاسجاع یہ سَجْعٌ کی جمع ہے اصل میں کبوتر کے آواز کے معنے آتے ہیں۔ اب اس کا استعمال خود اصل کلمات اور مقفےٰ کلام پر ہونے لگا ہے۔ (یعنی قافیہ والی عبارت) اور یہ فتح سے آتا ہے ومنہ الساجعۃ والسجوع کبوتر کو کہتے ہیں والجمع سُجّعٌ وسواجع ۷؎ بزواجر زجر سے مشتق ہے۔ بمعنے جھڑکنا ورد کنا یقال زجرہ یزجرہ زجراً از نصر وازدجرہ فانزجر اور دجا ریہ متعدی ہے اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے یقال زجر عن کذا وکذا یعنی ان امور کے واقع ہونے سے اس کو ڈرایا۔ یہاں پر اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے ای واعظ زاجرۃ۔ ۸؎ وعظ یہ مصدر ہے۔ ازضرب بمعنی نصیحت اور عمدہ نصیحت جس سے خدا کی طرف لگاؤ ہو اور جس سے دل نرم ہو منہ الواعظ بمعنے نصیحت کرنے والا۔ والجمع واعظون ووعاظ۔ ومنہ الموعظۃ وہ نصیحت جس سے سخت دل نرم ہو جائے۔ اور آنسو بہنے لگے اور یہ وہ اچھے اعمال کرنے لگے۔ ۹؎ احاطت یہ ماضی معروف کا صیغہ ہے بمعنے احاطہ (گھیرنا) از باب نصر اور حفاظت کرنے کے معنے بھی آتے ہیں۔ یقال حاطہ یحوطہ حوطًا وحِیطۃً وحیاطۃً اذا حفظ لعہدہ ومنہ الحائط بمعنے دیوار و باغ کیونکہ وہ دیوار مکان کی حفاظت کرتی ہے والجمع حوائط اور حائط کے معنے محاط کے بھی آتے ہیں اور جواجوف وادی آتا ہے۔ اس کے معنے گھومنے کے ہیں۔ ۱۰؎ اخلاط یہ خَلِطٌ بالکسر کی جمع ہے وہوالجمع بین اجزاء الشیئ یعنی شئ کے اجزاء کو اکٹھا کرنا اور ملانا از باب ضرب اور ایک خلط اطباء کی اصطلاح میں ہے وہ یہاں مراد نہیں ہے ۱۱؎ الزمر اس کا واحد زُمْرَۃٌ ہے بمعنے گروہ و فوج اور آدمیوں کی جماعت کو بھی کہتے ہیں۔ وقیل الجماعۃ فی تفرقۃ ۱۲؎ الہالۃ یہ وادی ہے۔ وہ دائرہ جو چاند کے پاس ہوتا ہے والجمع ھالاتٌ اور طفاوۃ یہ اس کی ضد ہے طفاوۃ دائرہ شمس کو کہتے ہیں۔

۱۳ القمر بمعنے چاند۔ ہلال پہلی دوسری تیسری تاریخ کے چاند کو کہتے ہیں، اور بدر چودھویں رات کے چاند کو کہتے ہیں۔ اور قمر اس کے علاوہ یعنی تیسری تاریخ کے بعد اور پندرھویں سے آخر تک کو قمر کہتے ہیں۔ ومنہ القمران بمعنے چاند اور سورج ومنہ یقال قمر الشیء اذا اشتد بیاضہ والمصدر قمرٌ بفتح اللام از باب سمع۔

۱۴ والاکمام کم بکسر الکاف کی جمع بمعنے پھل کا چھلکا اور اس کی جمع۔ اکمّۃ وکمامٌ واکامٌ واکامیم آتی ہے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ بمعنے چھپانا و ڈھکنا۔ اور کمٌ بالضم بمعنے آستین اور بمعنے مخرج الیدین من القمیص کے ہیں۔ اور کم بالفتح بمعنے مقدار وتعداد کے لیے آتا ہے۔ ۱۵ بالثمر ثمر کی جمع ثمار آتی ہے۔ بمعنے پھل اور اس جمع کی جمع اثمار آتی ہے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال ثمر واثمر الشجر یعنی پکنے سے پہلے پھل نکلے یقال وقد ثمر الثمر وثمر ثموراً فھو ثامرٌ۔

فَدَلَفْتُ[۱] اِلَیْہِ لِاَقْتَبِسَ[۲] مِنْ فَوَائِدِہٖ[۳]۔ وَاَلْتَقِطَ[۴] بَعْضَ[۵] فَرَائِدِہٖ[۶]۔ فَسَمِعْتُہٗ۔ یَقُوْلُ حِیْنَ خَبَّ فِیْ مَجَالِہٖ۔ وَھَدَرَتْ شَقَاشِقُ ارْتِجَالِہٖ۔

الترجمۃ والمطالب

پس میں بھی کھسکتا ہوا اس کے پاس چلا گیا تاکہ میں اس کے فوائد سے مستفید ہوں اور اس کے یکتا موتیوں (فوائد علمیہ) میں سے بعض کچھ باتیں جمع کروں میں نے سنا کہ وہ اپنی جگہ گشت کرتے ہوئے فی البدیہہ یہ فصیح کلام گفتگو کر رہا ہے۔

تشریح لغات

۱ فدلفت واحد متکلم کا صیغہ ہے دلف اس کا مصدر بمعنے آہستہ چلنا اور چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر چلنا۔ یقال دلف الشیخ بمشیتہ از باب ضرب ویقال لقہ یدلف دلفًا ودلفانًا ودلیفًا ودلوفًا اذا مشے وقارب الخطو وقیل الدلیف فوق الدبیب ہذا تقسیم المشی اما ترتیبہ فھکذا الدبیب ثم المشی ثم السعی ثم الایفاض ثم الہرولۃ ثم العدو ثم الشد وہذا الترتیب مخصوص بمشی الانسان۔ اور دلف اضداد میں سے ہے، اس کے معنے آہستہ چلنے اور زور سے چلنے کے بھی آتے ہیں ۲ لاقتبس اقتباس مصدر از باب افتعال بمعنے روشنی سے فائدہ اٹھانا اور روشنی حاصل کرنا اس کا مجرد قبس ہے۔ قبس بالتحریک بمعنی پارہ آتش والقبس۔ بالسکون بمعنے آتش گرفتن۔ از باب ضرب اس کے دو معنے آتے ہیں، ایک تو آگ میں سے کچھ آگ لینا اور دوسرے آگ کو بھڑکا دینا۔ یقال قبس منہ النار یعنی اس سے چنگاری لی اور از باب سمع بمعنے اونٹنی کا زیادہ حاملہ ہونا یقال قبست الناقۃ ای حملت الناقۃ۔

۳ من فوائدہ یہ فائدہ کی جمع ہے۔ اور یہ وادی ہے۔ از نصر بمعنے ثابت رہنا و چلا جانا تو اس وقت یہ اضداد میں سے ہوگا۔ اور لغت میں تصریح ہے کہ فائدہ جو مشہور ہے وہ یائی ہے جو فید سے مشتق ہے از ضرب اس کے دو معنے آتے ہیں۔ ایک یہ کہ کسی کو کوئی چیز بغیر عوض کے دیدینا اور دوسرے اس کے یہ معنے ہیں کہ کسی کو کوئی چیز حاصل ہو بعض نے یہ فرمایا کہ مال یا علم حاصل ہو ۴ والتقط اس کا مصدر التقاط ہے بمعنے راستہ میں سے کوئی چیز زمین سے اٹھا لینا اور یہ لقط سے مشتق ہے اس کا ثلاثی مجرد نصر سے آتا ہے لغت کے اعتبار سے لقط اور لقیط میں کوئی فرق نہیں بلکہ دونوں کے معنے کل ما یوجد دہر وہ چیز جو اٹھالی جائے)

کے ہیں اور فقہاء رحہم اللہ کے یہاں فرق ہے کہ اگر غیر جاندار چیز کو اٹھالے جائے تو وہ لقطہ ہے۔ اور اگر جاندار کو اٹھائے تو
تو وہ لقیط ہے اور لکل ساقطۃ لاقطۃٌ اس وقت استعمال ہوتا ہے جب کہ منہ سے کوئی بات نکلے اس بات کا کوئی نہ کوئی سننے
والا ضرور ہوتا ہے۔ لہذا سوچ سمجھ کر بات کہنا چاہیئے ؀۵ بعض اس کی جمع ابعاض آتی ہے یقال بعض طائفۃ یعنی گروہ کے تھوڑے
آدمی۔ وفی التنزیل یلتقطہ بعض السیارۃ ؀۶ فرائدہ یہ فریدۃ کی جمع ہے بمعنے یکتا موتی اور یہ بہت ہی قیمتی ہوتا ہے ای لؤلؤ
عظمتہ من فرد یفرد فرداۃً بفتح الفاء بمعنے انفراد اور فریدۃ کے معنے یہ بھی آتے ہیں وہ عورت جو حسن میں یکتا (بے نظیر) ہو اور فرائد
کے بعض ادباء دو معنے بیان کرتے ہیں ایک معنے یہ کہ دو موتیوں کے درمیان جو ایک چیز فاصل ہے ان دونوں کے مثل بیچ میں کوئی بہتر
وعمدہ چیز لگا دی جائے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ جن موتیوں میں فصل کر دیا جائے۔ ومنہ یقال اُتے بالفرائد وہ ایسے الفاظ لایا ہے
جو انتہا ئے فصاحت پر دلالت کرتے ہیں۔

؀۷ خبّ۔ اس کا مصدر خبٌ اور خببٌ آتا ہے۔ از نصر۔ یقال خب فی مجالہ ای اخذ فی کلامہ والخبب العَدْوُ السہل یعنی لپک کر چلنا
اور دوڑنا اور اس کے معنے بلند ہونے کے بھی آتے ہیں۔ یقال خبّ واختب الفرس فی عدوہ یعنی گھوڑا اپنے دونوں پاؤں پا اور
کبھی دونوں ہاتھوں پر کھڑا ہو گیا اور اس کے معنے یوں یا دیہ ایک چال کا نام ہے) دوڑنے کے بھی آتے ہیں وملخص الترتیب الخبب
ثم التقریب ثم الجاح ثم الاحضار ثم الارخاء ثم الاہذاب ثم الاہاج اور سمع سے اس کے معنے مکاری کے آتے ہیں۔

؀۸ مجالہ یہ اسم ظرف ہے بمعنے پھرنے کی جگہ یہ جولان سے مشتق ہے ای موضع الجولان ؀۹ ہدرت از ضرب یقال ہدر ہدرًا العتی
کبوتر کا آواز نکالنا اور غٹر غوں کرنا۔ اور اونٹ کی آواز کو بھی کہتے ہیں منہ یقال ہدیر حمام دہدیر بعیر واصل الہدیر ان یُرَدِّدَ البعیر صوتہ فی
حنجرتہ وہدر البعیر ہدیر اذا صوت واعلم ان الناقۃ اذا صبخت قیل رغت فاذا طربت فی اثر ولدہا قیل حنّتْ فاذا امدت حنینًا قیل
سجرت فاذا امدت الحنین علے جہۃ واحدۃ قیل سجعت فاذا بلغ الذکر من الابل الہدیر ای بلغ ان یردد الصوت فی حنجرتہ اوّل مرتبۃ
فیقال کش فاذا ازاد علیہ قیل کشکش وقشقش فاذا افصح بالہدیر قیل ہدر ؀۱۰ شقاشق۔ یہ شِقْشِقَۃٌ بالکسر کی جمع ہے۔ فی الاصل مایخرجہ
البعیر من فیہ اذا ہاج یعنی اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت جو جھاگ نکلتے ہیں۔ اس کو کہتے ہیں۔ اور اسی طرح جب آدمی بات کرتا
ہے تو اس کے منہ سے لعاب وجھاگ نکلا کرتے ہیں۔ اس سے مراد غایت درجہ کی فصاحت ہوا کرتی ہے یقال فلاں شقشقۃ قومہ ای
فصیحہم وبلیغہم اور شریف اور فصیح کے یہاں معنے مراد ہیں، اور اس کے معنے قوم کے سردار اور قوم کے شریف کے بھی آتے ہیں۔ یقال
فلاں شقشقۃ قومہ ای سید قومہ اور بالفتح کے معنے نر شتر کے آواز کرنے کے ہیں۔

ارتجالہ ارتجال کلام فی البدیہہ کو کہتے ہیں۔ یعنی بغیر سوچے سمجھے کوئی بات کہنا۔ بشرطیکہ وہ اچھا بھی ہو اس کا ثلاثی مجرد رجل بفتحتین
آتا ہے از نصر بمعنے پاپیادہ چلنا اور بکری وغیرہ کے پیر باندھنا۔

اَیُّھَا[۱] السَّادِرُ[۲] فِیْ غُلَوَائِہٖ[۳]۔ السَّادِلُ[۴] ثَوْبَ[۵] خُیَلَائِہٖ[۶]۔ اَلْجَامِحُ[۷] فِیْ جَہَالَاتِہٖ۔ اَلْجَانِحُ[۸] اِلٰی
خُزَعْبُلَاتِہٖ[۹]۔ اِلَامَ[۱۰] تَسْتَمِرُّ[۱۱] عَلٰی غَیِّکَ[۱۲]۔ وَتَسْتَمْرِئُ[۱۳] مَرْعٰی بَغْیِکَ۔

5/1

الترجمة المطالب

اے حد سے تجاوز (بڑھنے) کرنے میں بیباک۔ اے تکبر کے دراز دامن کو لٹکانے والے اے اپنی جہالت میں سرکشی کرنے والے یعنے امور باطلہ (بیہودہ باتوں) کی طرف مائل ہونیوالے تو اپنی گمراہی پر کب تک ثابت قدم رہے گا۔ (جما رہے گا) اور اپنی بغاوت کی چراگاہ کو تو کب تک پسند کرتا رہے گا۔ (اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے) کب تک تو اپنے ظلم کی چراگاہ کو ہضم کرتا رہے گا۔

تشریح لغات

لہ ایہا جب منادے معرف باللام ہو تو اس کے فاصلہ کے لیے یا آتی ہے مشہور تو یہ ہے۔ کہ ایہا مذکر کے لیے اور ایتہا مؤنث کے لیے۔ لہ السادر الذی ولا یہتم لشیٔ وَ لَا یُبَالِی بما صنع یقال سدر سدراً سدارۃً اذا تحیر وکان لا یُبالی بما یصنع یعنی جو عواقب امور کی پروانہ کرے یعنی بیباک اور وہ بے شرم جس کو کسی سے شرم نہ ہو اور جو چاہے وہ کرے یہ سدر سے ماخوذ ہے جس کے معنے بیباک کے ہیں از سمع اور نصر سے اس کے معنے لٹکا دینے کے آتے ہیں یقال سدرت الثوب او الشعر یعنی میں نے کپڑے کو لٹکا دیئے اور ضرب سے اس کے معنے پھاڑ دینے کے آتے ہیں یقال سدرت الثوب یعنی میں نے کپڑے کو پھاڑ دیا۔ لہ غلوائہ یہ غلو سے مشتق ہے یعنے حد سے زیادہ تجاوز کرنا اور بڑھ جانا از نصر اس کا اکثر استعمال شر میں ہوتا ہے۔ واز سمع یعنے جوش مارنا اور حد سے زیادہ تجاوز کرنا عام ہے۔ کہ تجاوز فی الشر ہو یا بالخیر منہ یقال غلا بالدین یعنی وہ نہایت سخت اور متشدد ہو گیا۔ یہاں تک کہ وہ حد سے بڑھ گیا لہ السادل یہ سدل سے ماخوذ ہے جس کے معنے لٹکانے کے ہیں۔ از باب نصر واز ضرب یعنے پھاڑ دینا یقال سدلت الثوب ای شققتہ ومنہ فی الحدیث نہی عن السدل فی الصلوٰۃ اور اسی سے سَدل ثوب فقہ میں ہے جس کی ممانعت حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے۔ منہ ارخی اللیل سدولہ یعنی تاریکی نے اپنے پردے چھوڑ دیئے لہ ثوب یعنے کپڑا و لباس والجمع اثوابٌ وثیابٌ وثُوبٌ ومنہ الثواب کپڑا بیچنے والا لہ خیلاء یہ ماخوذ خیال سے ہے۔ یا خال سے اس کے دو معنے آتے ہیں۔ عجب (تکبر) وخود پسندی (غرور) واصلہ خال الشیٔ یخال وخیلۃ وخِیلاً وخالاً وخَیلاً ناً ومخیلۃً ومخالۃً وخیلولۃً ای ظعنہ از سمع منہ رجل اخائل یعنی متکبر آدمی لہ الجامح۔ یہ جمح سے ماخوذ ہے یعنے سرکشی کرنا از فتح الجامح ای الذی یرکب ہواہ فلا یمکن ردّہ کالفرس الجامح یقال جمح الفرس بصاحبہ وجمح الیہ ای اسرع کقولہ تعالیٰ لَوَلَّوا الیہ وہم یجمحون۔ اور جمحت المرأۃ اذا نشزت جب کہ عورت بغیر اجازت خاوند کے کہیں چلی جائے۔ اور جموح سرکش گھوڑے کو کہتے ہیں۔ اور جمح کے معنے کشیدن عنان بزور کے بھی آتے ہیں از ضرب اور بعضوں نے اس کے معنے گھوڑے کی گردن کھینچنے کے بھی بیان کئے ہیں۔ یقال جمح الفرس جب کہ گھوڑا سوار کے خلاف چلا جائے اور اس کے قابو سے باہر ہو جائے۔ واعلم ان الفرس الجموح لہ معنیان احدہما عیب ہو اذا کان یرکب راسہ لا ینثنیہ شیٔ فہذا من الجماح العیوب والثانی النشیط السریع وہو ممدوح لہ الجانح یہ جنح سے ماخوذ ہے۔ یعنے مائل ہونا و جھکنا از فتح و نصر اور جب اس کے صلہ میں عن اور الے آتا ہے تو اس کے معنے میلان کرنے کے ہوتے ہیں۔ یقال جنحت الیہ اذا مالت وجنحت ما ای اعرضت وفی التنزیل وان جنحوا للسلم فاجنح لہا لہ خزعبلات یہ خزعبلۃ کی جمع ہے۔ بضم الخا المعجمۃ وکسر الباء المعجمۃ یعنے الاحادیث المستظرفۃ ویعنے قول باطل و قول مزخرف۔ اور خزعبلۃ اور خزعبلۃ کے معنے جھوٹ بات کے آتے ہیں۔ والجمع خزعبلات وخزعبیلات۔ الام یہ قاعدہ ہے کہ جب ما استفہامیہ پر کوئی حرف جار داخل ہو تو الف قرأت اور کتابت دونوں میں حذف کر دیتے ہیں

لشرطیکہ اس کے بعد لفظ ذانہ ہو۔ جیسے عم یتساءلون وم خلق ولم تقولون ولم تفعلون الاثم یہ الٹے اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے
د رصراح است کہ گاہے الف راازما حذف کنند وقتیکہ بروحرفے داخل نمایند کحو لم وم وحتام وعم واز اں ست عم یتساءلون وکذا قال
ابن الاثیر۔ تستمر از باب استفعال اس کا مصدر استمرار آتا ہے۔ اس میں س ت طلب کے لیے ہے بمعنے تستدیم وتمقی ؎ غیک غی اور
غوایت مصدر ہیں دونوں کے معنے گمراہی اور ہلاکت کے ہیں۔ از ضرب وسمع ۔

لتستمرءُ اس کا مصدر استمراء ہے اور یہ ماخوذ مَرِیٌ سے ہے اس کے اصلی معنے یہ ہیں کہ جو کھانا آسانی سے ہضم ہوجائے یہاں
پر اس کے معنے ہضم ہونے کے ہیں، اور اس کے معنے خوشگوار کے بھی آتے ہیں اور یہ تین بابوں سے آتا ہے۔ ایک تو سمع سے جس
کے معنے عورت کے مانند ہوجانے کے ہیں۔ کمایقال مرأ الرجل اذا صار کالمرأۃ اور فتح سے اس کے معنے کھانا کھانے کے ہیں یقال مرأ الرجل
اذا اکل اور کرم سے اس کے معنے صاحب مروت ہونے کے ہیں کمایقال مرء الرجل مرأۃ اذا صار ذا مروۃ ومنہ قولہ تعالیٰ کلوہ ھنیئا مریئا
؎ مرعےٰ یہ مشتق ہے۔ رَعیٌ سے جس کے معنی چراگاہ کے ہیں۔ اس کا مصدر رعایت آتا ہے۔ ومنہ رعیت الابل جبکہ اونٹ کو چراگاہ
میں چرنے کے لیے چھوڑا جائے۔ اور یہ اسم ظرف اور مصدر میمی بھی ہوسکتا ہے ومنہ الراعی والجمع رعاۃ ورُعاءٌ ورعیانٌ بمعنے چرانے
کے لیے چھوڑا جائے رعے یرعے الکلاء رعیًا ورعایۃ مرعے جب کہ چراگاہ میں چرنے کے لیے چھوڑا جائے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ مرعے
سے مراد گھاس ہو کقولہ تعالےٰ والذی اخرج المرعےٰ والرعی فی الاصل حفظ الحیوان بالغذاء ؎ بغیک بغی کے معنے بغاوت اور سرکشی
اور تجاوز کرنے کے اور نافرمانی اور فساد کے آتے ہیں اور نصر سے اس کے معنے ظلم کرنے کے آتے ہیں۔ یقال یبغے علیہ یعنی اس
پر ظلم کیا اور ضرب سے اس کے معنے طلب کرنے کے اور حق سے عدول کرنے کے آتے ہیں۔ منہ قولہ تعالےٰ غیر باغ ولا عاد وفی التنزیل
قولہ تعالےٰ یبغون فی الارض بغیر الحق۔ وانما بغیکم علےٰ انفسکم فان بغت احدھما علے الاخرے فقاتلوا التی تبغی الخ ۔

وَحَتَّامَ تَتَنَاهٰى فِيْ زَهْوِكَ۔ وَلَا تَنْتَهِيْ عَنْ لَهْوِكَ۔ تُبَارِزُ بِمَعْصِيَتِكَ مَالِكَ نَاصِيَتِكَ۔ وَتَجْتَرِئُ بِقُبْحِ سِيْرَتِكَ عَلٰى عَالِمِ سَرِيْرَتِكَ۔

الترجمۃ المطالب اور تو اپنی کبر اور نخوت کی انتہا کب تک پہنچے گا اور تو کب تک اپنے کھیل کود سے باز نہ آئے گا۔ تو اپنے گناہ کے باعث مالک تقدیر (خدا تعالیٰ) سے لڑائی (مقابلہ) کرتا ہے۔ اور تو اپنی بُری عادتوں کی وجہ سے اپنے بھید جاننے والے (خدا) پر دلیر ہوتا ہے۔

تشریح لغات ؎ حتام، قدمر تحقیقہ فی الام اور یہ حتی اور ما سے مرکب ہے ؎ تتناھی ہے اس کا مصدر تناہی ہے بمعنے انتہا کو پہنچنا ای۔ تبلغ النہایہ والنہایۃ غایۃ الشی وآخرہ لان آخرہ ینہا وعن التمادی فیرتدع والنہی بابہٗ فتح
وفی التنزیل قولہ تعالےٰ ونہی النفس عن الھوے وارایت الذی ینہٰے عبدا الخ ؎ فی زھوک زھو تکبر اور فخر اور باطل اور غرور اور خود
پسندی کے اس کے معنے آتے ہیں اور زہو (واوی) کا مجرد ہمیشہ مجہول تکبر کے معنے میں مستعمل ہوتا ہے۔ یقال زہی فلان اذا تکبر

5/2

والباب از نصر اس کا مصدر زہُوًّا اور زُہوًّا اور زُہاءً آتا ہے اور زہا کے معنے مقدار کے بھی آتے ہیں یقال عندی زہا خمسین ٹے ولاتنتہی یہ نہی سے مشتق ہے بمعنے روکنا منع کرنا یا یہ ماخوذ نہوۃ سے ہے اور اس کو نہیتہ کر لیا ہے، کما یقال اولی النہی ای ذاعقل وفی التنزیل وان لم تنتہوا عما یقولون الخ ۵ تبارز اس کا مصدر مبارزت ہے از باب مفاعلت اور براز اور بروز سے ماخوذ ہے جس کے معنے ظاہر ہونے کے ہیں از نصر مگر اب غالب استعمال لڑائی کے معنے میں آتا ہے مناسبت ظاہر ہے اور براز کے معنے وسیع اور کھلے ہوئے میدان کے بھی ہیں ومنہ البراز بمعنے پاخانہ (بیت الخلاء) کما فی الحدیث کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم اذا ارادالبراز انطلق حتی لایراہ احدٌ ٹہ بمعنیک اس میں با یا تو استعانت کے لیے ہے۔ یا مصاحبت کے لیے والجمع معاصی بمعنے گناہ ولغزش اور معصیت کے معنے اطاعت سے نکلنے اور حکم کی مخالفت کرنے اور نافرمانی کے آتے ہیں اور معاصی یہ عصیان سے مشتق ہے اور یہ یائی ہے۔ از نصر بمعنے نافرمانی کے اور ایک واوی آتا ہے از نصر عصو اس کا مصدر ہے بمعنے لکڑی یا تلوار سے مارنا یقال عصوتہ یعنی میں نے اس کو عصا سے مارا دکما یقال عصوت السیف یعنی میں نے اس کو تلوار سے مارا۔ والفرق بین الزلۃ والمعصیۃ ان المعصیۃ فعل محرّم مع العلم بحرمتہ بخلاف الزلۃ فانہا فعل الحرام عن قصد الحلال وفی الزلۃ یوجد قصد الفعل لاقصد العصیان وقیل الزلۃ فعل الصغائر۔ والکبیرۃ ماکان حراماً محضا شرع علیہا عقوبۃ محضۃ بنص قاطع فی الدنیا والاخرۃ ٹہ مالک ناصیتک یہ کمال قدرت سے کنایہ ہے۔ یقال فلاں مالک ناصیتہ یعنی وہ قادر ہے اور اس کے ہاتھ سے چھڑانے پر کوئی قدرت نہیں رکھتا ہے اور جس شخص کے ناصیہ کو پکڑ لیتے ہیں تو وہ حرکت جُنبش پر قدرت نہیں رکھتا ہکذا فی حاشیۃ المقامات اور مالک اور ملک کا فرق سورہ بقرہ کی تفسیر میں حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی قدس سرہ نے بہت بسط اور تفصیل سے بیان کیا ہے، فلیراجع ثمہ لغت میں یوں فرق کیا ہے۔ کہ ملک کے اندر زیادہ مبالغہ ہے اس لیے کہ ملک الروم کہہ سکتے ہیں نہ مالک الروم تو مبالغہ کی زیادتی اس میں زیادہ ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ مالک اندر زیادہ مبالغہ ہے اس لیے کہ جو شخص دراہم ودنانیر کا مالک ہو اس کو تو مالک الدراہم والدنانیر کہہ سکتے ہیں نہ ملک الدراہم والدنانیر مالک سے مراد اللہ تبارک وتعالےٰ ہیں۔ اور ناصیۃ یہ فاعلۃ کے وزن پر ہے۔ جو مفعولۃ کے معنے میں ہے۔ والجمع نواصی بمعنے مقدم شعر الرأس سر کا اگلا حصہ یقال نصاہ نصواً اذا قبض علے ناصیتہ وقیل ازنصر الملک ہو الذی لہ الامر والنہی والمالک ہو القادر علے التصرف دون ان یمنعہ احد اور علامہ محقق طوسی کی یہ رائے ہے کہ مالک ابلغ ہے اس واسطے کہ مالک ملکوں میں تصرف کر سکتا ہے۔ جو چاہے وہ کرے۔ بخلاف پادشاہ کے کہ وہ کسی کو قتل نہیں کر سکتا اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ ملک ابلغ ہے اس واسطے کہ وہ احتواء علے الکثیر ہوتا ہے۔ بخلاف مالک کے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ ملک ذوی العقول ہوتا ہے اس واسطے کہ عقلاء کو غیر عقلاء پر فضیلت ہے ہکذا افادنا العلامۃ شیخ الادب عمی المحترم مدظلہ العالی۔

۵ تجتری اس کا مصدر اجتراءٌ آتا ہے از باب افتعال بمعنے جرأت ودلیری کرنا وبے باک ہونا اور یہ جرأت سے ماخوذ ہے۔ از کرم اس کے مصدر جسراءۃً وجراءۃً وجُرأۃً آتے ہیں یقال جرء علیہ یعنی اس پر بڑھا اور جھپٹا اور اس پر جرأت کی ۵ بقبح اس میں با مصاحبت یا استعانت کے لیے ہے۔ اور یہ حُسن کی ضد ہے بمعنے برائی۔ القبح ضد الحسن یکون فی الصورۃ والافعال والکذب یکون فی الاقوال والخبث از کرم یقال قبح قبحا وقبوحاً وقباحۃ وقباحاً بمعنے برا ہونا ومنہ یقال قبحہ اللہ عن الخیر یعنی دور کیا وصد اکیا منہ القبیح بمعنے عمل قبیح۔ ٹہ سیر تک سیرت۔ اس کی جمع سیر آتی ہے بمعنے عادت وطریقہ وہیئت از ضرب وفی التنزیل۔ سیرتہا الاولی ومنہ سیرۃ

الرجل یعنی اس کے اعمال کی حالت۔ [۱۱] عالم فاعل کے وزن پر بہت جاننے والا اور بہت بڑا عالم والجمع علماء وعَلّامٌ از سمع وفی التنزیل عالم الغیب والشہادۃ وانما یخشے اللہ من عبادہ العلماء [۱۲] سر برنگ یہ فعیلۃٌ کے وزن پر ہے سر وہ بھید جس کے اظہار سے نقصان ہو والجمع اسرارٌ اور سریرۃ وہ بھید جس کے اظہار سے نقصان نہ ہو والجمع سرائر وسرائرُ الشیٔ ای کتمہ واظہرہ من الاضداد اور سر بر کے معنے تخت کے بھی آتے ہیں۔ والجمع سُررٌ۔

وَتَتَوَارٰی عَنْ قَرِیْبِكَ. وَاَنْتَ بِمَرْاٰی رَقِیْبِكَ. وَتَسْتَخْفِیْ مِنْ مَمْلُوْكِكَ. وَمَا تَخْفٰی خَافِیَةٌ عَلٰی مَلِیْكِكَ. اَتَظُنُّ اَنْ سَتَنْفَعُكَ حَالُكَ. اِذَا اٰنَ ارْتِحَالُكَ. اَوْ یُنْقِذُكَ مَالُكَ. حِیْنَ تُوْبِقُكَ اَعْمَالُكَ.

الترجمۃ والمطالب

اور تو اپنے عزیز وقریب سے چھپنا چاہتا ہے۔ حالانکہ تو اپنے محافظ (خدا تعالیٰ) کا دیکھا بھالا ہے۔ تو اپنے غلام سے اپنے کو پوشیدہ رکھنا چاہتا ہے (اشارۃ الیٰ قولہ تعالیٰ ویستخفون من الناس ولا یستخفون من اللہ وہو معہم الاٰیۃ) یعنی گناہ کا تو ارادہ رکھتا ہے حالانکہ تیری کوئی پوشیدہ چیز بھی تیرے مالک (خدا) سے چھپی ہوئی نہیں ہے کیا تو نے یہ خیال کر لیا ہے کہ جب تیری موت آئے گی تو یہ تیری حالت (مال وعزت) تجھ کو کچھ نفع پہنچائے گی؟ یا جب تیرے اعمال وافعال تجھ کو ہلاک کریں گے تو تیرا مال تجھ کو رہائی دلائے گا۔ یعنی چھڑائے گا۔ یا خلاصی دلائے گا۔

تشریح لغات

[۱] تواریٰ۔ اس کا مصدر تواریٰ ہے بمعنے چھپ جانا یقال توارےٰ عنہ یعنی چھپ گیا یعنی آڑ میں ہو گیا۔ ویقال واریتُ الشیٔ ای سترت ومنہ قولہ تعالیٰ یواری سوآتکم وریشا وحتّٰی توارت بالحجاب اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے وقال الخلیل الوریٰ الانام الذین علی وجہ الارض فی ہذا الوقت فکانہم یسترون الارض باشخاصہم یا یہ ماخوذ وراء سے ہے۔ جو اضداد میں سے ہے یا یہ ماخوذ وری سے ہے بمعنے مخلوق [۲] قریبک بمعنے نزدیک وقریب قریب یہ بعید کی ضد ہے۔ والجمع اقرباءُ وقرباً وباہ کرم وفی التنزیل منہ قولہ تعالیٰ ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین والقریب یستوی فیہ الذکر والانثیٰ والفرد والجمع [۳] ومرائی اسم ظرف ہے رویت سے از فتح بمعنے دیکھنا مرائے بمعنے دیکھنے کی جگہ یہاں مراد سامنے ہے [۴] رقیبک رقیب بمعنے محافظ ونگہبان ونگران ومنتظر اور اس کے معنے چچازاد بھائی کے بھی آتے ہیں اور ایک معشوق کے جو دو دوست ہوں ہر ایک کو رقیب کہتے ہیں۔ والجمع رقباء اس سے مراد اللہ تعالیٰ ہے اور یہ نصر سے آتا ہے یقال رقب رقوباً رقابۃ رقباناً [۵] وتستخفی اس کا مصدر استخفاءٌ ہے اس میں س ت طلب کے لیے ہے۔ اور یہ ماخوذ خفیہ یا خفاء سے ہے از باب سمع اس میں دا د حالیہ ہے خفا اور استخفا کے معنے چھپ جانے کے آتے ہیں۔ یقال خفے خفاءً وخُفیۃً وخِفیۃً اذا خفے [۶] مملوکَ غلام اور باندی کو کہتے ہیں۔ والجمع ممالیک ما تخفی مانافیہ تخفی یہ خفا سے مشتق ہے بمعنے پوشیدہ رہنا از سمع [۸] خافیۃ بمعنے پوشیدہ شیٔ اور علانیۃ کی ضد ہے وفی التنزیل قولہ تعالیٰ وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم [۹] ملیکک ملیک یہ خداوند تعالیٰ کا نام ہے کما قال تعالیٰ ملیک مقتدر ابو العلاء معری نے بیان کیا ہے کہ

ملیک کے اندر مبالغہ زیادہ ہے بمعنے شاہنشاہ بخلاف ملک کے کہ اس میں مبالغہ زیادہ نہیں ہے ؎ ۃ أتظن میں ہمزہ استفہام انکاری کے لیے ہے۔ تظن اس کا مصدر ظن از نصر ہے یہ افعال قلوب میں سے ہے۔ بمعنے گمان کرنا وفی التنزیل وتظنون باللہ الظنونا اور اس کے معنے علم کے بھی آتے ہیں۔ کقولہ تعالٰی انی ظننت انی ملاق حسابیہ ای علمت وظنوا انہم قد کذبوا ای علموا ؎ سنفعک اس میں س تطلب کے لیے ہے۔ تنفع اس کا مصدر نفع ہے۔ از فتح بمعنے نفع دینا اور یہ ضر کی نقیض ہے۔ وفی التنزیل قولہ تعالٰی لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا ولا یملکون لانفسہم ضرا ولا نفعا ؎ حالک حال بمعنے کیفیت وحالت۔ وکسی چیز کی صفت والجمع احوال واحولۃ اور حالت کی جمع حالات آتی ہے۔ اور حال یہ حول سے مشتق ہے جس کے معنے پلٹنے اور بدلنے کے ہیں اور اسی سے حول سال کو کہتے ہیں کیونکہ وہ ہمیشہ ختم ہو کر لوٹ آتا ہے۔ اور اس میں تغیر ہوتا ہے۔ ومنہ التحول بمعنی بھیرنا ؎ آن حروف اصلی (ا ی ن) ماخذ ہے۔ اور یہ این سے ہے بمعنے وقت کا آنا از ضرب وفی التنزیل قولہ تعالٰی الم یان للذین آمنوا اب اس کے حروف کی ترتیب اس طرح ہوگی۔ (ا ن ی) تو اس وقت یہ ناقص یائی ہوگا۔ یقال آن یئین اینا بمعنی حان وقرب یا بہ ضرب حان اور شان ایک ہیں۔ مگر شان کا استعمال بڑے امور کے لیے ہوتا ہے۔ کقولہ تعالٰی کل یوم ہو فی شان ؎ ارتحالک ارتحال کے معنے کوچ کرنے کے ہیں اور منتقل ہونے کے ہیں اور یہاں اس سے مراد مرنا ہے۔ از فتح اور یہ رحل سے ماخوذ ہے۔ یقال رحل عن المکان اس کو چھوڑا ورحل الی المکان وہ اس مکان کی طرف منتقل ہوا ومنہ الراحل بمعنے کوچ کرنے والا۔ والجمع راحلون ورُحّل ورُحّال ؎ ینقذک انقاذ اس کا مصدر ہے۔ از باب افعال بمعنے رہائی وچھٹکارا پانا وچھڑا دینا اور اس کا ثلاثی مجرد نصر سے آتا ہے بمعنے جانور یا درندہ سے کوئی چیز چھڑا لینا۔ یقال انقذ ینقذ نقذا بمعنے نجا۔ (یعنی نجات دلائی) ؎ مالک مال اس کی جمع اموال آتی ہے۔ مال وہ شئے جو ملکیت میں ہو یقال مال الرجل یمول ویمال مولا ومؤولا ای صار ذا مال بابہ نصر وسمع اور یہ اصل میں میل سے مشتق ہے لانہ یمیل الیہ القلب۔ وفی التنزیل قولہ تعالٰی انما اموالکم واولادکم الخ ؎ حین حین اجل روح اور آن اور وقت میں یہ فرق ہے ان المیقات ما قدر لیعمل فیہ عمل من الاعمال بخلاف الوقت فانہ اعم قدر اولا واکثر استعمالہ فی الماضی والحین ہو الدہر او وقت مبہم یصلح لجمیع الازمان طال او قصر والآن الوقت الذی انت فیہ والاجل الوقت المعین والروح من الدہر الوقت الطویل والا بارۃ المدۃ الطویلۃ الغیر الموقتۃ واعلم ان الحین الدہر وقیل وقت مبہم وقیل اربعین سنۃ او سبع سنین او سنتین او ستۃ اشہر او شہرین والجمع احیان وجمع الجمع احایین وفی التنزیل ہل اتی علی الانسان حین من الدہر۔ ؎ تبقیک اس کا مصدر ابقاء ہے اور یہ وبق وبقاء سے مشتق ہے۔ بمعنے ہلاک ہونا اور یہ ضرب اور حسب سے آتا ہے وفی التنزیل جعلنا بینہم موبقا ؎ اعمالک یہ عمل کی جمع ہے بمعنے کام یہ چند الفاظ ہیں۔ بظاہر دو مرادف معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن آپس میں ان میں فرق ہے۔ فعل سب سے عام ہے ہر چیز کے کام کو کہتے ہیں۔ وہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری ذی روح ہو یا غیر ذی روح اور عمل اس سے خاص ہے۔ یہ خاص جاندار کے لیے بولا جاتا ہے اور صنع یہ سب سے خاص ہے جو خاص انسان کے لیے اطلاق کیا جاتا ہے۔

اَوْ یُغْنِیْ عَنْکَ نَدَمُکَ۔ اِذَا زَلَّتْ قَدَمُکَ۔ اَوْ یَعْطِفُ عَلَیْکَ مَعْشَرُکَ۔ یَوْمَ یَضُمُّکَ مَحْشَرُکَ۔ ھَلَّا انْتَھَجْتَ مَحَجَّۃَ اھْتِدَائِکَ وَعَجَّلْتَ مُعَالَجَۃَ دَائِکَ۔ وَفَلَلْتَ شَبَاۃَ اِعْتِدَائِکَ۔ وَقَدَعْتَ نَفْسَکَ فَھِیَ اَکْبَرُ اَعْدَائِکَ۔

الترجمۃ والمطالب

یا جب تیرے قدم لڑکھڑاتے دپھسلتے . لگیں تو تیری پشیمانی تجھ کو نفع دے گی یا جس روز تجھے محشر جمع کرے گا تو کیا تیری قوم تیرے ساتھ مہربانی سے پیش آئے گی تو اپنے ہدایت کے رستہ کو کیوں نہیں اختیار کرتا اور تو اپنے مرض کے علاج میں کس لیے جلدی نہیں کرتا اور تو اپنے ظلم کی تیز (دھار) کو کس لیے کند نہیں کرتا اور تو اپنے نفس سے کیوں نہیں بچتا (رُکتا) کیونکہ وہ تیرا بڑا دشمن ہے ۔

تشریح لغات

[۱] یغنی اغناء سے ہے بمعنی بے نیاز و بے پرواہ کرنا ۔ وفی التنزیل لن یغنوا عنک من اللہ شیئًا ای لم ینفع ولم یجزی یقال اغنے الرجل عنہ یعنی کافی ہوا و اغنے الرجل عنہ کذا یعنی دور کیا وجدا کیا از سمع بمعنے مالدار ہونا . یقال غنی غناءً وغنۃ بمعنے مالدار ہوا و دولت مند ہوا ومنہ الغنی بمعنے دولت مند والجمع اغنیاء [۲] نَدَمُکَ ندم مصدر بمعنے ندامت از سمع [۳] زَلَّتْ ازباب ضرب وسمع اصلہ زللت مصدر زلل وزَلّۃٌ بمعنے پھسلنا وفی التنزیل فازلہما الشیطان والزلۃ فی الاصل استرسال الرِّجل من غیر قصد و قیل للذنب من غیر قصد زَلّۃٌ تشبیہا بزلۃ الرجل ومنہ زلّ عن الحق والصواب یعنی وہ منحرف ہوا ۔ پھر ازلّۃ ایک مرتبہ پھسلنا گرنا ۔ خطا والجمع زلاتٌ قدمکَ یہ زیادہ تر نا نیثًا استعمال ہوتا ہے ۔ اور مذکر ہیں کم والجمع اقدام وقیل قدامٌ وفی التنزیل قولہ تعالے بالنواصی والاقدام وربنا افرغ علینا صبرًا وثبت اقدامنا الخ [۴] یعطف ازضرب یقال عطف عطفًا وعطوفًا جب کہ وہ مہربانی کرے ویقال عطف علیہ اس کی صلہ میں اکثر آتا ہے ۔ اور عن بھی آتا ہے ۔ جب کہ وہ اس کی طرف مائل ہوا اور جھکے وعطف عنہ جب کہ وہ پھیرے وعطف العنان جب کہ وہ موڑے اور لوٹائے اور کبھی اس کے صلہ میں علے بھی آجاتا ہے ۔ لیکن یہ نقصان اور نفع دونوں کے لیے آتا ہے ۔ یقال عطفت علیہ یعنی میں نے اس پر مہربانی یا اس کے صلہ نے نقصان پہنچایا اور یہ متعدی بنفسہ بھی ہوتا ہے ۔ والعطف حُبٌّ معہ شفقۃ والشفقۃ صرف الہمۃ الی ازالۃ المکروہ من الناس وقیل الشفقۃ عطفٌ مع خوفٍ ولہذا لایوصف اللہ تعالے بالشفقۃ [۵] معشرکَ معشر بمعنے گروہ گھر والے اور اس کا اطلاق جن اور انس دونوں پر ہوتا ہے ۔ کما قال اللہ تعالے یامعشر الجن والانس والجمع معاشر ۔ معشر اور عشیرۃ میں بعضوں نے فرق کیا ہے معشر کے معنے اقربا اور حمایت کرنے والے کے ہیں ۔ اور عشیرۃ کے معنے ساتھ رہنے والے اور پہنچاننے والے کے ہیں ۔ اور عشیرۃ یہ سب سے عام ہے ۔ جو بھی اس کے ساتھ رہنے والے ہوں خواہ وہ کنبہ ہو یا قبیلہ یا باپ کے قریبی اولاد ہو والعشیر الجماعۃ العظیمۃ سمیت بہا لبلوغہا غایۃ الکثرۃ فان العشر ہو العدد الکامل الکثیر والمرکب الجماعۃ رکبانًا او مشاۃً اور کاب الابل والفوج الجماعۃ المارّۃ بسرعۃ واللفیف الجماعات من قبائل شتّے [۶] یضمک ضم یضم از نصر بمعنے ملنا ومنہ الحدیث لاتضامون فی رؤیتہ یقال ضم الشیٔ الیہ یعنی پہنچا ضم علے الشیٔ اس پر قبضہ کیا وضم فلانا الیہ یعنی اس نے ساتھی بنایا ۔

[۸] محشرکَ بمعنے اٹھانا وجمع کرنا والجمع محاشر ۔ محشر آن جائے گرد آمدن اور روز قیامت [۹] ہَلاَّ یہ کلمہ تحضیض ہے ۔ اور یہ ابھارنے اور برانگیختہ کرنے کے لیے آتا ہے ۔ یہ ہل اور لا سے مرکب ہے جب یہ ماضی پر داخل ہوتا ہے تو اس سے ترک فعل پر ملامت مقصود ہوتی ہے جیسے ہلا آمنت تو کیوں ایمان نہیں لایا اور جب یہ مضارع پر داخل ہوتا ہے تو یہ ابھارنے کے لیے ہوتا ہے جیسے ہلا تؤمن تو کیوں ایمان نہیں لاتا اور بعض یہ فرماتے ہیں ۔ کہ یہ اسم برائے ہے [۱۰] اَنْتَہِجُ یہ انتہاج سے ماخوذ ہے بمعنے چلنا و قصد کرنا اور ثلاثی مجرد نہج یہ فتح سے آتا ہے ۔ والنہج والمنہاج الطریق الواضح ومنہ قولہ تعالے لکل جعلنا منکم

شرعۃ ومنہاجا یقال نہج الامر نہجا ونہوجًا ای وضح ومنہ نہج وا نہج الطریق والامر یعنی واضح اور آشکارا ہوا۔

لہ محجّۃ یہ حجت سے ماخوذ ہے۔ بمعنے مقصد وقصد طریق اور یہ مفعلۃ کے وزن پر ہے۔ اور اس کے معنے ہدایت کے راستہ کے بھی آتے ہیں۔ ومنہ الحجۃ بمعنے مقصد کما قال اللہ تعالیٰ فللہ الحجۃ البالغۃ۔ اور ثلاثی مجرد نصر سے آتا ہے۔ یقال حجّہ اذا قصدہ ۱۲ اہتدائک باب افتعال کا مصدر بمعنے راستہ پانا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے بمعنے راستہ دکھلانا وفی التنزیل قولہ تعالیٰ من اہتدیٰ فانما یہتدی لنفسہ ۱۳ عجلت از باب تفعیل اس کا مصدر تعجیل بمعنے جلدی کرنا اور عجلت سے ماخوذ ہے بمعنی جلدی یہ بطوء کی ضد ہے اور یہ سمع سے آتا ہے وفی التنزیل اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّکُمْ ولا تعجل بالقرآن وما اعجلک عن قومک اور عاجلۃ بمعنے دنیا میں جلدی یہ آجلۃ (دیر) کی نقیض ہے کما جاء فی التنزیل من کان یرید العاجلۃ عجلنا لہ فیہا مانشاء لمن نرید ومنہ عاجلٌ وعجلٌ بمعنے جلدی کرنے والا اور سرعت اور عجلت میں یہ فرق بیان کیا ہے۔ العجلۃ تقدیم بالعمل قبل وقتہ وہو مذموم والسرعۃ تقدیم الشئ فی اقرب اوقاتہ وہو محمود ۱۴ معالجۃ یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے اور اس کا مصدر علاجا بھی آتا ہے اس کے معنے علاج کے ہیں اور افعال جوارح سے کام کرنے کے بھی آتے ہیں۔ یقال عالج المریض یعنی دوا کی اور اس کا علاج کیا۔ یقال عالجہ علجًا ای غلبہ فی المعالجۃ اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ ۱۵ دائک یہ اجوف دادی ہے بمعنے مرض و بیماری و دکھ وتکلیف والجمع ادولۃ والداء اسم جامع لکل مرض اوعیب ظاہرًا او باطنا والوباء المرض العام قال فی الکلیات الداء مایکون فی الجوف والکبد والریۃ والمرض مایکون فی سائر البدن والاطباء جعلوا الالم من الاعراض دون الامراض ثم ان احوال العلیل جعلوا لہا ترتیبًا فاول مایکون المریض ہو علیل ثم سقیم ومریض ثم وتنبہٗ ثم وتف ثم حرضٌ ومحرَضٌ وہکذا الزمانۃ لہا ترتیبًا فاذا کان الانسان مبتلی بالزمانۃ فہو زمن فاذا زادت زمانتہ فہو ضمن فاذا تعدتہ فہو مقعد فاذا لم یکن لہ تراک فہو معصوب اور یہ فتح سے آتا ہے۔ یقال داء یداء داءً بمعنے بیمار ہونا۔ فللت ۱۶ یہ فلول سے مشتق ہے بمعنے کند کر دینا وتوڑنا از نصر یقال فلَّ یُفلُّ فلًّا وفلَّ السیفَ یعنی تلوار کو کند کیا۔ اور فلٌّ وفلل کے معنے تلوار کی دھار کے کند ہونے کے ہیں۔

وَاسْتَسَرَ عَنِّي حِيْنًا۔ لَا اَعْرِفُ لَهٗ عَرِيْنًا۔ وَلَا اَجِدُ عَنْهُ مُبِيْنًا۔ فَلَمَّا اُبْتُ مِنْ غُرْبَتِيْ۔ اِلٰى مَنْبِتِ شُعْبَتِيْ۔ حَضَرْتُ دَارَ كُتُبِهَا الَّتِيْ هِيَ مُنْتَدَى الْمُتَاَدِّبِيْنَ۔ وَمُلْتَقَى الْقَاطِنِيْنَ مِنْهُمْ وَالْمُتَغَرِّبِيْنَ۔ فَدَخَلَ ذُوْ لِحْيَةٍ كَثَّةٍ۔ وَهَيْئَةٍ رَثَّةٍ۔

الترجمة والمطالب

اور وہ ایک عرصہ دراز تک مجھ سے ایسا پوشیدہ رہا کہ نہ تو مجھے اس کا مکان معلوم ہوا اور نہ کوئی اس کی کوئی خبر دینے والا پس جب کہ میں اپنے سفر سے وطن کو لوٹا تو میں ایک کتب خانہ میں گیا جو ادب والوں کی انجمن اور مقیموں اور مسافروں کی ملاقات کی جگہ تھی (تو میں نے دیکھا) ایک گھنی ڈاڑھی والا شخص ایک کہنہ اور بوسیدہ (خراب) حالت میں آیا۔

تشریح لغات

[۱] اِسْتَسَرَّ از استفعال اس میں س ت مبالغہ کے لیے ہے بمعنے مبالغہ سے چھپنا اور یہ سر سے مشتق ہے۔ یقال استسر ای غاب واختفی [۲] حِيْنًا۔ اس کے اندر تنوین تعظیم کے لیے ہے بمعنے مطلق زمانہ وقت بلوغ الشی وحصولہ وفی التنزیل ہل اتی علی الانسان حین من الدھر والجمع احیان وجمع الجمع احایین یقال حان حین کذا ای قرب اوانہ ازضرب [۳] لا اعرف ازضرب علم اور معرفت دونوں ایک چیز ہیں۔ ان میں کوئی فرق نہیں [۴] عرینا عرین اور عرینۃ شیر کی جھاڑی کو کہتے ہیں بشرطیکہ اس میں شیر بھی موجود ہوں۔ عرین کی جمع عُرُنٌ مثل عنق آتی ہے اور عرینۃ کی جمع عرائن آتی ہے غابۃ وہ جھاڑی جس میں شیر چھپ سکے اور معلوم نہ ہو۔ مُبِيْنًا اسم فاعل کا صیغہ از افعال اس کا مصدر ابانت ہے۔ بمعنے ظاہر کرنے والا فلما ابت۔ اس کا مصدر اَوْبٌ ہے بمعنے مطلق رجوع کرنا اور عود کے یہ معنے ہیں۔ حالت اولیٰ کی طرف رجوع کرنا از نصر ایب وہ لومڑی جو شکاری کو دیکھ کر پیچھے کو بھاگ گئی ہو یقال آبَ اِلَی الشیٔ ای رجع یؤب اوبًا وایابًا و اوبۃً فھو آئبٌ والجمع آئبون واوّابٌ وایّابٌ منہ وآباب بمعنی مرجع اور فلمّا۔ اس کے بارے میں سیبویہ نے یہ کہا ہے کہ تمام کلموں میں عجیب تر فلمّا ہے یہ اسم پر داخل ہونے سے متشنے ہوتا ہے غرضیکہ اس کی حالت بدلتی رہتی ہے [۵] غربت بالضم غربت اور غربٌ کے معنے سفر کے ہیں۔ اور اغتراب کے بھی یہ ہی معنے آتے ہیں اور تغریب کے معنے جلا وطن کے آتے ہیں۔ ازنصر [۶] مبنت بفتح المیم اور بکسر المیم یہ دونوں طرح مستعمل ہے۔ بمعنے اوگنے کی جگہ از نصر یقال بنت نبتًا ونباتًا۔ یعنی وہ چیز اُگی اور زمین سے نکلی [۷] شعبتی شعبۃ یہ واحد ہے۔ بمعنے قبیلہ وشاخ اور یہاں اس سے مراد وطن ہے۔ ازفتح یقال شعب الشیٔ یعنی چیز کو جمع کیا۔ پراگندہ کیا۔ درست کیا۔ فاسد کیا۔ من الاضداد [۸] حضرت اس کا مصدر حضور ہے اور یہ غیب اور غیبۃ کی نقیض ہے بمعنے حاضر ہونا یقال حضر بمعنے حضورًا وحضارۃ یعنی وہ حاضر ہوا اور یہ متعدی بھی ہوتا ہے۔ فیقال حضرہ۔ ازنصر اور سمع سے جو آتا ہے۔ وہ غیر فصیح ہے [۹] دار کتبھا یہ مذکر اور مؤنث دونوں طریقوں پر مستعمل ہے۔ اور لیکن یہ مذکر کم مستعمل ہوتا ہے۔ بمعنے گھر ومسکن۔ والجمع اُدْوُرٌ وادؤرٌ وآدُرٌ ودِيَارٌ ودِيَارَةٌ ودِيَارَاتٌ ودِيْرَانٌ ودُوْرٌ ودَارَاتٌ والدارۃ اخص معناہا المحل یجمع البناء والعرصۃ وکل ارض واسعۃ بین الجبال والحلقۃ وھالۃ القمر والجمع دارات ودُوَرٌ دار کتبھا سے بعضوں نے اس سے مدرسۃ العلم مراد لیا ہے اور بعضوں نے کتبخانہ [۱۰] منتدیٰ یہ ظرف ہے بمعنے ادباء کی مجلس اور ادباء کا اجتماع واصلہ ندا القوم ندوًا ای اجتمع وتندوت القوم ای جمعتہم

فی النادی اور یہ متعدی و لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ از نصر ۱۳ ملتقی اس کا اسم ظرف اور مصدر میمی سب ایک طرح پر ہے بمعنے ملاقات واصلہ لقی فلانٌ فلاناً از سمع اللقاء مقابلۃ الشئ ومصادفتہ ۱۴ القاطنین۔ ای المقیمین از نصر مقیم ہونا یقال قطن بالمکان اذا اقام فیہ ومنہ القاطن بمعنی مقیم ویقال اقطن المکان ویہ یعنی وہ اس میں ٹھہرا اور اس کو وطن بنا لیا لمتغربین۔ یہ غربت سے مشتق ہے یہ مسافر بن کے معنے میں ہے۔ لحیتہ ۱۵ بالکسر بمعنے ڈاڑھی والجمع لحیٰ ولُحیٰ بضم اللام وکسرہا۔ اور نسبت کے وقت لحویٌّ کہتے ہیں۔ وفی الحدیث اعفوا اللحیٰ الخ اور لحیتہ کے یہ بھی معنے آتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں بال جمتے ہوں (ٹھوڑی) کثۃ بمعنے گھنی و گنجان یقال کث اللحیۃ وکثیثہا جب کہ اس کی ڈاڑھی گھنی ہو از ضرب یقال کثّ یکثّ کثاثۃً وکثوثۃً بمعنے غلیظ و گھنا ہونا۔ ۱۶ ہیئتہ کسی چیز کی حالت وکیفیت وصورت وشکل اور علم الہیئت وہ علم جس سے اجرام سماوی کے احوال سے بحث کی جاتی ہے۔ اور اس کی جمع ہیئات آتی ہے۔ واصلہ ہا الرجلُ یہیٔ وَہَیَاءً وہُوَ یہیؤ ہیأۃً ای صار حسن الہیئۃ از ضرب وفتح وکرم ۱۸ رثتہ۔ بمعنے پرانا ہونا والبھا السقط من متاع البیت والجمع رثثٌ ورثاثٌ اور یہ رثاثۃ اور رثوثۃ سے مشتق یقال رثّ یرثّ رثاثۃ وارثّ وارثہ بمعنے بلی از ضرب۔

فَسَلَّمَ عَلَى الْجُلَّاسِ۔ وَجَلَسَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ۔ ثُمَّ أَخَذَ يُبْدِي مَا فِي وِطَابِهِ۔ وَيُعْجِبُ الْحَاضِرِينَ بِفَصْلِ خِطَابِهِ۔ فَقَالَ لِمَنْ يَلِيهِ مَا الْكِتَابُ الَّذِي تَنْظُرُ فِيهِ۔ فَقَالَ دِيوَانُ أَبِي عُبَادَةَ۔ الْمَشْهُودُ لَهُ بِالْإِجَادَةِ۔ فَقَالَ هَلْ عَثَرْتَ لَهُ فِيمَا لَمَحْتَهُ۔ عَلَى بَدِيعٍ اسْتَمْلَحْتَهُ فَقَالَ نَعَمْ قَوْلُهُ ؎

الترجمۃ والمطالب اور بیٹھنے والوں کو سلام کر کے آخری صف میں بیٹھ گیا اور وہ اپنے ما فی الضمیر کو ظاہر کرنے لگا۔ اور لوگوں کو اپنے خطاب سے متعجب کرنے لگا پھر اس نے اپنے برابر والے شخص سے پوچھا کہ آپ کیا کتاب دیکھ رہے ہیں تو اس نے جواب دیا کہ ابی عبادہ کا دیوان ہے جس کی پاکیزگی (مسلّم) (مانی ہوئی) ہے وہ بولا۔۔۔ کہ کیا آپ نے جس قدر دیکھا ہے۔ اس میں کوئی ملیح کلام (ندرت) کی جدت پائی ہے تو اس نے جواب دیا جی ہاں اس کا یہ شعر ؎

تشریح لغات الجلّاس یہ جالس کی جمع ہے اور اس کی جمع جلوس بھی آتی ہے اور یہ جلوس سے مشتق ہے اور جلیس بمعنے ہمنشین کی جمع جلساء اور جلّاس آتی ہے اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال جلس جلوساً اور یہ قیام کی ضد ہے یعنی وہ بیٹھا۔ اُخریات۔ یہ اُخریٰ کی جمع ہے بمعنے اطراف یا یہاں موصوف محذوف ہے ای جماعات اخریات ۳ الناس بعضوں نے اس کی جمع الاناس کہی ہے کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ کسی وقت عوض اور معوض ایک جگہ جمع نہیں ہوتے ہیں۔ ۴ اخذ یہ افعال قلوب سے ہے جو یہ شرع کے معنے میں ہے۔ ۵ یُبدی ای یظہر یقال بدا الشئ یبدو بدوًا و بدوّاً وبداً بمعنے ظہر ویقال ابدیتہ ای اظہرتہ وبادی الرائ ای ظاہرہ ویقال بدا لہ فی الامر بدوًا وبداءً ای انشاء فیہ رائ وفی التنزیل ثم بدا لہم من بعد ما رأوا

الاٰیات الخ وبدا القوم ای خرجوا الی البادیۃ از نصر ؎۵ وطا بہ وطَبٌ کی جمع ہے بمعنے مطلق مشک اور بعض کے نزدیک وطب چھوٹی مشک کو کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک وہ مشک جو بکری کی کھال کی ہو اور اس میں دودھ رکھا جائے اور اس کی جمع اَوطُبٌ اور اوطابٌ بھی آتی ہے واعلم ان السقاء واللقربۃ للماء والزق والزکوۃ للمود الخل والوطب والوطاب والمنخفق للبن والعکۃ والنحی للسمن والحمیت والمساب للزیت والبدیع للعسل ہذہ کلہا اسماء الاوعیۃ ؎۶ الحاضرین حاضر کے معنے موجود کے ہیں اور یہ غائب کی ضد ہے اور حاضر کے بمعنے شہر کے رہنے والے کے بھی آتے ہیں اور قرائے یہ بادی کی ضد ہے اور حاضر کی جمع حُضَرٌ وحضارٌ وحضورٌ وحضَرۃٌ از نصر۔ بفصل یہاں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے ای الموصوف بخطابہ الفصل ای القول الفاصل بین الحق والباطل او المفصول اور فیصَل کے معنے فیصلہ کے آتے ہیں۔ جو حاکم کسی مقدمے کا فیصلہ کرتا ہے۔ از ضرب ؎۹ یلیہ۔ اس کا مصدر ولی اور ولایت آتا ہے جس کے معنے قریب ہونے اور والی ہونے کے آتے ہیں۔ از ضرب یقال ولے فلانا ولیہ ولیًا بمعنے دَنَا وَقَرُبَ۔ اور حسب سے اس کے معنے قائم اور والی ہونے کے آتے ہیں اور باب تفعل سے جو تولی آتا ہے۔ اس کے معنے منہ پھیرنے کے آتے ہیں ؎۱۰ دیوان اس کے اصلی معنے کچہری وعدالت کے ہیں اس کے حروف اصلی (د دون) ہیں اور اس کی جمع دواوین آتی ہے اور بعض کے نزدیک یہ دون سے ماخوذ ہے۔ بمعنے جمع کرنا یقال دوّنتُ الکتاب اور بعض کے نزدیک یہ یائی ہے والجمع دیَابِیْنَ از نصر بمعنے ذلیل ہونا۔ یقال دان الرجلُ اذا صار خسیسًا اور ضرب سے اس کے معنے جزاء کے آتے ہیں۔ اور اصل میں یہ لفظ عجمی ہے بعد میں یہ عربی ہوا جب نوشیروان کا زمانہ آیا تو اس نے کارکنوں کو دیکھ کر کہا دیوانیاں نشستہ اند جب سے عدالت کو دیوان کہنے لگے۔ ؎۱۱ ابی عبادۃ ہو الولید بن عبادۃ البحتری من افصح الشعراء ؎۱۲ المشہود لہ، اس میں دو احتمال ہیں یا ضمیر کا مرجع ابو عبادۃ ہے تو اجادت فاعل کے معنے میں ہوگا اور اگر اس کا مرجع دیوان ہے تو اجادت مفعول کے معنے میں ہے۔ المشہود از سمع یقال شہد شہودًا بمعنے حاضر ہونا یقال شہد الشیءَ یعنی اس نے معائنہ اور مطالعہ کیا منہ الشاہد والجمع شہودٌ وشُہّدٌ واشہد بکذا یعنی اس نے قسم کھائی از سمع وکرم یقال شہد عند الحاکم لفلان وعلٰے فلان یعنی اس نے گواہی دی۔ ومنہ الشہید من اسماء اللہ تعالٰی۔ وہو الذی لا یغیب عن علمہ شیءٌ فاذا اعتبر العلم مطلقًا فہو العلیم واذا اضیف الی الامور الظاہرۃ فہو شہید ومنہ الشہادۃ بمعنے گواہی دینا ؎۱۳ بالاجادۃ یہ ماخوذ جودت سے ہے اور یہ وادی ہے از نصر بمعنے سخاوت کرنا اور جید کھرا ہونا یہ ردیٌ کی ضد ہے یقال اجاد ولے اتنے بالجید من القول او الفعل ویقال اجاد فلان فی عملہ وجاد عملہ یجود جودۃً ای حسن ؎۱۴ عثرت از نصر بمعنے جھوٹ بولنا اور اس کے صلہ میں لام آتا ہے تو اس کے معنے مطلع ہونے کے آتے ہیں۔ یقال عثر عثرًا وعثورًا یعنی اس نے اطلاع پائی اور وہ واقف ہوا والعثر الاطلاع علٰے سر الرجل وفی التنزیل وکذلک اعثرنا علیہم ؎۱۵ لمحۃ از فتح اس کے معنے نظر خفیف سے دیکھنا یعنی اشارہ سے یقال لمح الیہ ولمحہ یلمح لمحا والمح ای اختلس النظر واللمحۃ النظرۃ بالعجلۃ وفی التنزیل کلمح بالبصر ای لحظۃ بالبصر ؎۱۶ استملحتہ از استفعال اس میں س ت ظن کے لیے ہے اور یہ ماخوذ ملحٌ سے ہے بمعنے نمکین یقال ملح الطعام ای جعل فیہ ملحًا از فتح وملح الماءُ ملحًا وملوحۃً وملاحۃً ای صار مالحًا از نصر وکرم ؎۱۷ نعم یہ ماسبق کی تقریر کے لیے آتا ہے اور بل ایجاب نفی کے لیے آتا ہے۔

کَاَنَّمَا تَبَسَّمَ عَنْ لُؤْلُؤٍ مُنَضَّدٍ اَوْ بَرَدٍ اَوْ اَقَاحٍ

فَإِنَّهُ أَبْدَعَ فِي التَّشْبِيهِ الْمُودَعِ فِيهِ فَقَالَ لَهُ يَا لَلْعَجَبِ۔ وَلِضَيْعَةِ الْأَدَبِ۔ لَقَدِ اسْتَسْمَنْتَ يَا هٰذَا ذَا وَرَمٍ۔ وَنَفَخْتَ فِي غَيْرِ ضَرَمٍ۔ أَيْنَ أَنْتَ عَنِ الْبَيْتِ النَّادِرِ الْجَامِعِ مُشْتَبِهَاتِ الثَّغْرِ وَأَنْشَدَ۔

الترجمۃ والمطالب گویا کہ وہ (محبوبہ) مسلسل موتیوں یا اولہ یا گل بابونہ سے ہنستی ہے (دیکھو) اس میں ابوعبادۃ نے بالکل نئی تشبیہات ودیعت رکھی ہیں وہ بولا علم ادب کے ضائع ہو جانے پر افسوس ہے آپ نے تو ورم والے کو موٹا تصور کر لیا اور بغیر لکڑیوں کے پھونکنا ہی شروع کر دیا۔ معلوم ہوتا ہے تم نے اب تک دانتوں کے تشبیہوں کے جامع اور نادر (غریب) شعر سنے ہی نہیں۔ یہ کہہ کر اس نے یہ شعر پڑھے۔

تشریح لغات کانما[1] مشہور تو یہ ہے کہ کانَّ تشبیہ کے لیے ہوتا ہے اس میں تحقیق یہ ہے کہ اگر اس کی خبر جامد ہوگی۔ تب تو یہ تشبیہ کے لیے ہوگا جیسے کان زیدا اسدٌ اور اگر خبر مشتق ہو تو یہ شک کے لیے ہوگا جیسے کانّ زیداً قائم اور یہ کبھی تحقیق کے لیے ہوتا ہے جیسے کان الارض لیس بہا ہشام۔ اور کبھی یہ تقریب کے لیے ہوتا ہے۔ جیسے کانّ الشتاء مقبل[2] تبسم از ضرب یہ لبسم سے مشتق ہے۔ لبسم کے معنے اس طرح سے ہنسنا کہ تھوڑے سے دانت کھلیں اس کے اصلی معنے مطلقاً دانت نکالنے کے آتے ہیں یقال لبسمت البیہ باکیا او ضاحکاً منہ مُبْسَم ہونٹ یا آگے کے دانت۔ بَسّام بالتشدید اور بَسَام بالتخفیف بہت ہنسنے والا۔ وفی التنزیل فتبسم ضاحکا[3] لولؤ اس کا واحد لولؤۃٌ بمعنے موتی اور اس کے جمع لآلی بھی آتی ہے۔ لَآلٌ اور لَا لَاءٌ موتی بیچنے والے کو کہتے ہیں۔[4] منضَد۔ اس کا مصدر تنضید ہے۔ بمعنے تہ بتہ لپٹا ہوا اور تہ بتہ رکھنا یقال نضدت الشیٔ ای وضعتہ بالترتیب و یقال رائیٌ منضّدٌ یعنی محکم اور مضبوط رائی[5] او یا تو اس کو کثرت کے لیے مانا جائے تب اس سے غرض یہ ہوگی کہ ان میں سے ایک پر اکتفا نہیں کی جاسکتی۔ (اوُ کا ترجمہ) فارسی یا ہے۔ اور یہ بکثرت فارسی میں ہے) تو یہاں یہ مطلب ہوگا فقط لولو یا برد تشبیہ کے لیے کافی نہیں اور اَو بل کے معنے میں بھی آتا ہے تو یہ بھی یہاں معنے بن سکتے ہیں یعنی پہلے دانتوں کو موتی ساتھ تشبیہ دی لیکن وہ ٹھنڈے نہیں ہوتے تو اوبل کے معنے لے کر اس میں ترقی کر کے اولے کے ساتھ تشبیہ دی لیکن اُولا بالکل سفید ہوتا ہے اور خالص سفید دانت (برے) مذموم ہوتے ہیں تو اس کو تشبیہ بابونہ سے دی جو گندم گوں ہوتا ہے۔ تشبیہ دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک تشبیہ ادنیٰ درجہ کی ہوتی ہے جس میں مخاطب کو یہ معلوم ہو جائے کہ یہ مشبہ ہے اور یہ مشبہ بہ جیسے زیدٌ کالاسد اور دوسرے اعلےٰ درجہ کی تشبیہ جس میں مخاطب کو مشبہ اور مشبہ بہ میں تمیز نہیں ہوتی جیسے زیدٌ اسد[6] برَد بالفتح اس کا واحد برُدۃٌ ہے جس کے معنے اُولے کے ہیں اور برد کے معنے سردی کے بھی آتے ہیں یہ نصر سے آتا ہے۔ جیسے قرآن شریف میں ہے لایذوقون فیہا بردًا ولا شرابًا۔ اور بُرد بالضم کے معنے چادر کے آتے ہیں[7] اقاحِ اس کے معنے گل بابونہ جو سرخی کی طرف مائل ہو اس کی جمع اقحوان یا قحوان آتی ہے اور اس کی جمع کی جمع اقاحی آتی ہے[8] المودَع یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از افعال بمعنے الموضوع یعنی رکھی گئے کے ہیں۔ یقال اودعہ مالًا ای دفعہ لیکون ودیعۃً وایضاً قبلہ منہ ودیعۃً اور یہ اضداد میں سے ہے۔ اور اس کا مجرد ضرب سے

آتا ہے ۵۰ للعجب اگر بفتح لام پڑھیں تو یہ مستغاث ہو جائے گا۔ ای احضر فہذا وقتک اور اگر بکسر لام پڑھیں تو مستغاث لہ ہو جائے گا۔ ای یا قوم احضروا لاجل العجیب۔ لضیعۃ ضیعۃ اور ضیاع یہ دونوں مصدر ہیں بمعنی ضائع ہونا۔ ہلاک ہونا اور یہ لازم ہے یقال ضاع الشیٔ ای ہلک از ضرب اور تضییع اور اضاعت یہ متعدی ہیں اور یہ ضیعۃ کے معنے زمین کے بھی آتے ہیں ۵۱ استسمنت یہ سمن سے مشتق ہے از سمع بمعنے چربی کا خوب ہونا اور موٹا ہونا اور یہ ہزال کی ضد ہے اور نصر سے جو آتا ہے اس کے معنے گھی ملانے کے آتے ہیں قد استسمنت ذا ورم یہ ایسے وقت پر بولا جاتا ہے۔ جب کہ بڑی چیز کو انسان اچھا سمجھے وفی التنزیل اننا فی سبع بقرات سمان ولا یسمن ولا یغنی من جوع ۵۲ ورم۔ از حسب یحسب بیماری سے جسم کا پھول اور سوج جانا۔ یقال ورم الجلد وتورم اور بعض لغت ہیں اس کو ضرب سے لکھا ہے۔ نفخت ۵۳۔ از نصر یقال نفخ یعنی اس نے منہ سے ہوا نکالی اور پھونک ماری۔ ویقال نفخ فی النار ونفخ النار بفمہ جب وہ آگ میں پھونکے۔ اس کے صلہ میں فی زیادہ آتا ہے ضرم۔ ۵۴ ایندھن اور وہ لکڑیاں یا چھپٹیاں جن سے آگ جلائی جائے اور اس کا واحد ضرمۃ ہے اور یہ اصل میں ضرمتُ النار ضرمًا سے مشتق ہے ای اشتعلت والتہبت از سمع ویقال نفخت فی غیر ضرم اذا عالج مالا فائدۃ فی علاجہ۔ این۔ اس پر اگر لفظ من داخل ہو تو مکان مدخل سے سوال ہوتا ہے۔ اور داخل ہونے کی صورت میں مکان مخرج سے سوال ہوتا ہے جیسے من این تو کہاں سے نکلا ہے اور کبھی یہ تفاوت کے لیے ہوتا ہے جیسے این زید من عمرو یعنی زید اور عمرو میں تفاوت ہے۔ ۵۵ الندر بسکون الدال یہ مصدر ہے بمعنے نادر وعجیب اور یہ نصر سے آتا ہے۔ یقال ندر الشیٔ ای قل وجودہ والمصادر ندرًا وندورًا ویقال ندر الکلام یعنی وہ فصیح اور غریب ہوا اور یہ کرم سے آتا ہے۔ اس کا مصدر ندارت آتا ہے۔ الجامع ۵۶ آہ شارح کہتا ہے کہ حریری نے تمام دانتوں کی تشبیہوں کو یہاں نہیں جمع کیا ہے بلکہ بعض تشبیہوں کو بتلایا ہے اس لیے کہ دانتوں کو آگ اور بجلی اور روشنی سے بھی تشبیہ دیتے ہیں ۵۷ ثغر۔ بمعنے دانت۔ اور صاحب صحاح نے اس کے معنے آگے کے دانت کے بیان کئے ہیں۔ اور صاحب قاموس نے مطلق دانت کے معنے بیان کئے ہیں۔ وقیل ہو اسم الاسنان کلہا ما دامت فی منابتہا قبل ان تسقط۔ وقیل ہی الاسنان کلہا کن فی منابتہا او لا والجمع ثغور یقال ثغرہ ای کسر اسنانہ فہو مثغور از فتح۔ یہاں یہ دو شعر ہیں اور جس کے ساتھ مقابلہ کیا گیا ہے۔ وہ ایک شعر ہے اور دو کا میدان بہ نسبت ایک کے وسیع ہوتا ہے اس لیے یہ آپس میں کوئی اولیت نہیں ہے وحقیقت میں مقصود شعر ثانی ہے اول کو بالتبع ذکر کیا گیا ہے۔ اور ثانی شعر پہلے شاعر کے شعر سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ اس میں انواع تشبیہ مذکور ہیں۔

---

۵ نَفْسِي الْفِدَاءُ لِثَغْرٍ رَاقَ مَبْسِمُهُ ۔ وَزَانَهُ شَنَبٌ نَاهِيكَ مِنْ شَنَبِ
يَفْتَرُّ عَنْ لُؤْلُؤٍ رَطْبٍ وَعَنْ بَرَدٍ ۔ وَعَنْ أَقَاحٍ وَعَنْ طَلْعٍ وَعَنْ حَبَبِ

فَاسْتَجَادَهُ مَنْ حَضَرَ وَاسْتَحْلَاهُ. وَاسْتَعَادَهُ مِنْهُ وَاسْتَمْلَاهُ. وَسُئِلَ لِمَنْ هٰذَا الْبَيْتُ وَهَلْ حَيٌّ قَائِلُهُ أَوْ مَيِّتٌ

الترجمة والمطالب میری جان اُن دانتوں پر قربان ہو جنہوں نے منہ (کے حسن دلفروز میں) چار چاند لگا دیئے ہیں اور اس کو

ان کی اُس آبداری نے (جس کے ہوتے ہوئے کسی آب کی ضرورت نہیں) زینت دی رکھی ہے۔ وہ محبوب تازہ آبدار موتیوں اور اُولوں۔ گل یا بوتہ اور شگوفہ (کلی) اور حبابون (بلبلوں) سے ہنستا ہے حاضرین نے اس کو پسند کیا اور شیریں جانا اور مکرر پڑھوایا اور لکھ لینا چاہا پھر پوچھا کہ یہ کس کے شعر ہیں اور اس کا کہنے والا زندہ ہے یا مرگیا۔

تشریح لغات

الفِدَاء۔ بمعنے فدیہ یقال فداہ یفدیہ فداءً وفدًی ازضرب [2] راقَ۔ ازنصر اجوف وادی بمعنے اچھا اور صاف معلوم ہونا اور جب یہ اجوف یائی ہوتا ہے تو اس کے معنے بہانے کے آتے ہیں اس کا مصدر رافت آتا ہے ومنہ اراقۃ الدم [3] مبسمہ۔ یہ مصدر میمی ہے یا ظرف بمعنے ہنسنے کی جگہ (یعنی منہ) [4] شنب اس کے معنے دانتوں کی لطافت اور اس کی خوب صورتی اور تازگی اور خوشبو کے آتے ہیں۔ واعلم ان اسماء تذکر فی محاسن الاسنان منہا الشنب رقۃ الاسنان واستواؤھا وحسنہا الزنل حسن تنضید ہا وانساقہا۔ التفلیج تفرج مابینہا الشتت تفرقہا فی غیر تبا عدبل فی استواء وحسن ویقال منہ ثغر شتیت اذا کان مفلجًا ابیض حسنًا وغیر ذلک ازسمع یقال شَنِبَ الرجلُ یعنی اس کے دانت خوبصورت اور سفید ہیں [5] ناہیک بمعنے حسبک یعنی تجھ کو کافی ہے اور یہ مشتق ہے۔ قدنہی الرجلُ من اللحم وانہلے اذا اکتفے امنہ وشبع لانہ ینہاک ان تطلب غیرہ۔ اور اگر اس کو اپنی حالت پر رکھا جائے تو نہیٰ سے مشتق ہوگا یا اس کو نامی سے مشتق مانئے تو اس وقت یہ اسم فعل ہوگا۔ انتہٰہ کے معنے ہیں۔ [6] یفتر اس کا مصدر افتراء ہے بمعنے مسکرانا وبھاگنا واصلہ فرّ الدابۃ یفرُّ (بالضم) فراً جبکہ وہ دانت کھولے دفترّ عن اسنانہا ای کشف عن اسنانہا للنظر باسنانہا ازنصر [7] لولورطب وہ موتی جو سیپی سے تازہ نکالا گیا ہو نہ یہ کہ جو پانی میں موتی کو بھگو لیا ہو اور رطبَ یہ سمع اور کرم سے آتا ہے اور یہ یابس کی ضد ہے تری وتراوٹ۔ [8] طلّ۔ نئی کلی کو کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک کھجور کی نئی کوپل وکلی کو کہتے ہیں۔ جو سفید ہوتی ہے اس کا واحد طلعۃٌ ہے وفی التنزیل لہا طلع نضید۔ یقال طلع النخل طلوعًا ای بدا طلعہ ازنصر [9] حبَب۔ مراد وہ خطوط جو سرائی میں پانی ملانے سے پیدا ہوجائیں اور اس کے معنے بلبلہ کے آتے ہیں۔ اور حُباب جھاگ کو کہتے ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ حبب اور حباب ایک ہے۔ [10] فاستجادہ یہ جود سے ماخوذ ہے بمعنے بارش کا خوب برسنا۔ یقال جادت المطر یعنی پانی خوب برسا۔ ازنصر ومنہ الدرہم۔ الجید۔ یعنی کھرا اور صاف درہم اور یہاں یہ استفعال سے ہے اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور یہ معنے میں اچھا سمجھنے کے ہیں۔ [11] استحلاہ۔ یہ حلوہ سے مشتق ہے۔ ای وجدہٗ حُلوۃً، اور یہ باب استفعال سے ہے بمعنے شیریں اور اچھا سمجھنا اور اس کا مجرد نصر اور کرم اور سمع سے آتا ہے [12] استعادہ یہ استفعال سے ہے اس میں س ت طلب کے لیے ہے اس کے معنے طلب اعادہ کے ہیں۔ اور یہ عَود سے مشتق ہے۔ جس کے معنے لوٹنے کے ہیں ازنصر [13] استملاہ یہ استفعال سے ہے۔ اس کا مصدر استملا ہے بمعنے طلب املا کرنا (یعنی لکھوانا) [14] سئل اس کے صلہ میں عن نہیں آتا ورنہ اگر آجائے تو اس کے معنے کسی کی جانب سے سوال کرنے کے ہوتے ہیں یقال سال یسئل سُوالًا جب کہ وہ دریافت کرے [15] حیّ یہ میّت کی ضد ہے بمعنے زندہ اور اس کی جمع احیاءٌ آتی ہے [16] میتَ۔ بالتخفیف بمعنے مردہ اور مائت کے یہ معنے آتے ہیں۔ جو اب تک نہ مرا ہو اور میّت بالتشدید کے معنے یہ ہیں جو اب تک نہ مرے اور آئندہ مرے اور میّت بالتشدید کی جمع میّتون آتی ہے اور میت بالتخفیف کی جمع اموات اور موتیٰ اور مَیّتون بالتشدید والتخفیف آتی ہیں۔ ازنصر وسمع۔

فَقَالَ اَيْمُ اللهِ لَلْحَقُّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ وَلَلصِّدْقُ حَقِيْقٌ بِاَنْ يُّسْتَمَعَ اِنَّهٗ يَا قَوْمُ - لَنَجِيُّكُمْ مُذُ الْيَوْمِ - قَالَ فَكَانَ الْجَمَاعَةُ ارْتَابَتْ بِعَزْوَتِهٖ - وَاَبَتْ تَصْدِيْقَ دَعْوَتِهٖ - فَتَوَجَّسَ مَا هَجَسَ فِيْ اَفْكَارِهِمْ - وَفَطِنَ لِمَا بَطَنَ مِنْ اِسْتِنْكَارِهِمْ - وَحَاذَرَ اَنْ يَّفْرُطَ اِلَيْهِ ذَمٌّ اَوْ يَلْحَقَهٗ وَصْمٌ - فَقَرَأَ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ -

الترجمۃ والمطالب وہ بولا کہ خدا کی قسم حق بات پیروی کے لائق ہے اور البتہ سچ بات کا سننا ہی زیادہ مناسب ہے۔ حضرات ان کا کہنے والا آج تم سے سرگوشیاں کر رہا ہے راوی کہتا ہے کہ جماعت اس کے اپنے شعر بنانے میں شک کرنے لگی اور اس کے دعوے کے یقین کرنے سے انکار کرنے لگی۔ وہ ان کے مافی الضمیر کو سمجھ گیا اور وہ ان کی چھپی ہوئی ناخوشی کو تاڑ گیا اس نے یہ خیال کیا کہ کہیں اس کی طرف مذمت (برائی) پیش قدمی نہ کر بیٹھے یا کوئی عیب اس کو نہ لاحق ہو جائے۔ پس اس نے یہ آیت پڑھی بے شک بعض ظن (گمان) گناہ ہوتا ہے۔

تشریح لغات لہ ایم اللہِ بفتح الہمزہ وکسرہا اس کی اصل ایمُ اللہ لازمُنۃٌ لی ہے اور یمین اللہ اور یہ یمین سے ماخوذ ہے جس کے معنے برکت یا قوت کے ہیں اور ایم اللہ کو ہیمُ اللہ بھی کہا جاتا ہے اور یہ اصل میں ایمن اللہ تھا ہمزہ کو ہا سے بدل لیا تو ہم اللہ ہو گیا اور بعض دفعہ محض میم پر اکتفا کرتے ہیں اور تمام حروف کو حذف کر دیتے ہیں پس اُمُ اللہ لیفعلن کذا بولتے ہیں۔ اور یہ اصل میں ایمُ اللہ ہے اور اس میں اور لغات ہیں اَیمُنُ اللہ ایمُنُ اللہِ (بفتح الہمزۃ وکسرہا وضم المیم) وَایمَنُ اللہ وایمُ اللہ (بفتح الہمزۃ وفتح المیم وکسرہا) وکذلک یقال مُن اللہ مثلثۃ المیم وَالنون دم اللہ مثلثۃ۔ ویقال ایضاً یمین اللہ لا افعل اور اگر یہاں اس کے معنے دست راست کے لیں تو پھر قسم محذوف نکالیں گے۔ ای اقسم ایم اللہ ؎ للحق میں حق مفعلہ ہے۔ اور اس میں لام تاکید کا ہے حق یہ باطل کی نقیض ہے۔ حق حقیقت کے موجود ہونے کے معنے میں آتا ہے۔ اور یہ صادق کے معنے میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔ للصدق۔ صدق تو اقوال میں ہوتا ہے اور وفا اقوال اور افعال دونوں میں ہوتا ہے۔ قد مرّ تحقیقہ ؎ حقیق ای جدیرٌ وحَرِیٌ یقال حَقَّ الاِمرُ ای اثبتہ وا وجبہ وحَقّ ای غلب علے الحق اور اس کا مصدر حقٌ آتا ہے۔ از نصر ویقال حق علیہ ان یفعل کذا ای وجب اس کا مصدر حقٌ اور حقۃٌ آتا ہے از ضرب ؎ یستمع اس کا مصدر الاستماعُ ہے از استفعال بمعنے غور و فکر سے سننا وفی التنزیل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ ؎ یا قوم یہ اصل میں یا قومی تھا اس میں یا کو بسبب کثرت استعمال کے حذف کر دیا۔ قوم کا اطلاق انسانوں پر ہوتا ہے خواہ وہ مردوں کی جماعت ہو یا عورتوں کی (لوگوں کی جماعت) والجمع اقوامٌ اور اس کی جمع کی جمع آقاوم اور آقاویم اور اقائم آتی ہے وفی التنزیل کذبت قوم نوح ن المرسلین ؎ لنجیکم یا تو یہ نجوٰے سے ماخوذ ہے یا نجوۃٌ سے بمعنے سرگوشی کرنا اور وہ بات جس سے خوشی حاصل ہو والجمع انجیۃٌ وفی التنزیل خلصوا نجیا یقال نجا ینجو (از نصر) نجویٰ و نجوٰے و ناجیٰ یناجی مناجاۃً و نجاءً بمعنے سرگوشی کرنا و اپنا بھید ظاہر کرنا ؎ مذ الیوم اس کے اندر اختلاف ہے بعضوں نے یہ کہا ہے کہ دونوں مستقل لفظ ہیں اور بعضوں نے یہ کہا کہ یہ مستقل لفظ نہیں ہیں۔ بلکہ مذ الگ ہے، اور یوم

الگ اسی سے منذ اور مذ ابتداء زمانے کے لیے آتے ہیں۔ یوم کی جمع ایام آتی ہے۔ اور اس کی جمع کی جمع ایادیم آتی ہے۔ وفی التنزیل
فعدۃ من ایام اُخر یوم اس کے معنے دن کے آتے ہیں اور کبھی اس سے مطلق وقت مراد لیا جاتا ہے جیسے یوم الدین ۹ ارتابت
افتعال سے اگر اس کا مشتق رِیبَۃٌ ہو تو اس کے معنے تہمت لگانے کے آتے ہیں اور اگر ریب ہو تو اس کے معنے شک کرتے کے
آتے ہیں یقال ارتاب من الشئ یعنی اس نے اس میں شک کیا وارتاب بفلان۔ یعنی اس کو تہمت لگائی (یعنی اس سے ایسی شی دیکھی
جو شک میں ڈالتی تھی) اور یہ ضرب سے آتا ہے بمعنے شک میں ڈالنا وامر مکروہ دیکھنا۔ بغیر ذنبہ ازضرب بمعنے منسوب کرنا واز نصر و سمع
بمعنے انکار و ناپسند کرنا۔ یقال ابی الشئ وتابتے بمعنے ناپسند کیا اس کا مصدر اباءٌ واباءۃٌ ہے۔ دعوۃ اگر بضم الدار پڑھیں تو اس کے
صبر کرنا ضمیر کا مرجع۔ اگر رجل ہے تو اس وقت اضافت اسے الفاعل ہوگی اور اگر شعر ہو تو اضافت الی المفعول ہوگی ۱۱ ابت۔ ازفتح
تو اس کے معنے مقابل کو لڑائی میں بلانے کے ہوں گے اور اگر بالفتح پڑھیں تو اس کے معنے بلانے کے ہوں گے خواہ دعوت میں ہو یا مطلق
بلانا۔ اور اگر بالکسر پڑھیں تو اس کے معنے نسب ثابت کرنے کے ہوں گے یہاں اگر شعر کو لڑکی سے تشبیہہ دیں تو اس وقت استعارہ بالکنایہ
ہوگا۔ اور اگر اپنے آپ کو مراد لیں تو استعارہ تخییلیہ ہوگا۔ تَنَوْجَّسَ از تفعل اور یہ وجس سے ماخوذ ہے اس کے معنے نرم آواز سے بات
کرنے اور کان لگا کر سُننے اور پوشیدہ بات سمجھنے کے آتے ہیں۔ اور اس کے بعد لام اس کے صلہ میں آتا ہے۔ اور یہاں یہ متعدی بنفسہ
ہے۔ تو یہاں سب کو مسبب کے قائم کر لیا ہے توجس اور تفرس اور الہام میں کچھ تھوڑا سا فرق ہے توجس تو کسی ظاہر قرینہ کو دیکھ
کر معلوم کرنا اور تفرس کسی خفی قرینہ کو دیکھ کر معلوم کرنا اور الہام بغیر کسی قرینہ کے کسی بات کا معلوم کرنا۔ اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے
یقال وجس یجِسُ وجسًا یعنی وہ پوشیدہ ہوا ۱۴ ہجس۔ از نصر وضرب ہجس مصدر بمعنے کسی بات کا خطرہ دل میں گزرنا۔ یقال ہجس الشئ
فی صدرہ یعنی اس کے دل میں خطرہ پیدا ہوا۔ اور ہاجس کے معنے دل کے آتے ہیں۔ ۱۵ افکار۔ ہم۔ یہ فکر کی جمع ہے یقال فکر من الشئ
وافکر فیہ وتفکر یہ بمعنے تامل اور اس کا مصدر فکر بالفتح آتا ہے، از نصر ۱۶ فطن از سمع بمعنے عقل مند ہونا اس کے مصدر فطن اور
فطانتہ اور فطون اور فطن آتے ہیں۔ اور یہ نصر سے بھی آتا ہے ۱۷ بطن از سمع بمعنے پوشیدہ ہونا۔ از نصر بمعنے بڑا پیٹ ہو جانا منہ
بطن بمعنے بڑے پیٹ والا۔ یقال بطن یبطن بطونا وبطنا یعنی اس نے چھپایا منہ الباطن جو ظاہر کی ضد ہے ۱۸ استنکار یہ استفعال کا
مصدر ہے بمعنے برا سمجھنا اور اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور یہ نکرٌ سے ماخوذ ہے یقال نکرہ نکرا اور یہ متعدی سمع سے مستعمل
ہوتا ہے۔ اور لازم یہ کرم سے آتا ہے۔ یقال نکرہ نکرا اور یہ متعدی سمع سے مستعمل ہوتا ہے۔ اور لازم یہ کرم سے آتا ہے۔ یقال نکر
نکارۃ واعلم ان الانکار یکون باللسان والقلب والجحود باللسان دون القلب ۱۹ حاذر از مفاعلت اس کا مصدر محاذرت ہے۔
بمعنے احتیاط کرنا اور شب کو بیدار رہنا اور ڈرنا یقال حاذر وحذر۔ (از سمع) حذرًا وحِذرًا بمعنے وہ اس سے ڈرا ویقال حذر الرجل
ومن الرجل یعنی وہ اس سے بچا وفی التنزیل یحذرکم اللہ ۲۰ ان یفرط یہاں پر من محذوف ہے اور یہ فرط سے مشتق ہے یقال فرطت
القوم فرطًا ای سبقتہم الی الماء وفرط علیہ ای عجل وعدا از نصر بمعنے زیادہ ہوتا ۲۱ ذم یہ مصدر ہے اور ذم مدح کی نقیض ہے یقال
ہے یقال ذمہ یذمہ ذمًا وذمۃً ومذمۃً بمعنے اس نے برائی کی۔ از نصر بمعنے برائی ومذمت وصم ۲۲ مصدر بمعنے عیب وعار والجمع وصوم
یقال وصم ازضرب وصمًا۔ ووصم الشئ یعنی اس نے عیب لگایا اور اس کو جلدی سے باندھ لیا۔ بمعنی فقراء از قرات بمعنے پڑھنا یقال
قراہ قرءًا وقراءۃً وقرانًا یعنی اس نے پڑھا۔ از فتح وفی التنزیل فاذا قراناہ فاتبع قرانہ اور قراءت تلاوت سے عام ہے

۶ اس لیے کہ تلاوت قرآن کے ساتھ مخصوص ہے ۷ ان بعض الظن اثم الخ یہ کلام مجید کی آیت سے اقتباس ہے محشی صاحب فرماتے ہیں کہ بعض یہاں پر کل کے معنے میں ہے لیکن یہ غلط ہے اس لیے کہ اگر ہر ظن اثم ہو تو معاذ اللہ نبی علیہ السلام کا قول ظن المؤمنین خیرا یہ کیسے صادق ہو۔

ثُمَّ قَالَ يَا رُوَاةَ الْقَرِيضِ۔ وَأُسَاةَ الْقَوْلِ الْمَرِيضِ۔ إِنَّ خُلَاصَةَ الْجَوْهَرِ تَظْهَرُ بِالسَّبْكِ وَيَدَ الْحَقِّ تَصْدَعُ رِدَاءَ الشَّكِّ۔ وَقَدْ قِيلَ فِيمَا غَبَرَ مِنَ الزَّمَانِ۔ عِنْدَ الِامْتِحَانِ يُكْرَمُ الرَّجُلُ أَوْ يُهَانُ۔ وَهَا أَنَا قَدْ عَرَضْتُ خَبِيئَتِي لِلِاخْتِبَارِ۔ وَعَرَضْتُ حَقِيبَتِي عَلَى الِاعْتِبَارِ۔

الترجمة والمطالب

پھر وہ یہ کہنے لگا اے شعر کے نقل کرنے والو اے قول مریض کے طبیبو بے شک سونے کی پختگی پگھلانے سے ضرور ظاہر ہوجاتی ہے اور حق بات شک کی چادر کو یقیناً پھاڑ ڈالتی ہے ایک پرانہ مقولہ ہے کہ آزمائش کے وقت انسان یا تو سُرخ رو ہوتا ہے اور یا ذلیل اب تم ہوشیار ہوجاؤ میں اپنی پوشیدہ قابلیت کو امتحان کے لیے پیش کرتا ہوں اور اپنی گٹھڑی (کھول کر) آزمائش کے لیے سامنے ڈال دیتا ہوں۔

تشریح لغات

رواۃ بالضم یہ راوی کی جمع ہے اس کا مصدر روایت ہے اس کے معنے کلام کے نقل کرنے اور سیراب کرنے کے آتے ہیں اور اس کے معنے تازگی کے بھی آتے ہیں ۲ القریض۔ یہ فعیل کے وزن پر ہے جو مفعول کے معنے میں ہے از ضرب بمعنے کاٹنا اور یہاں اس کے معنے شعر کے ہیں اور یہ قراضۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنے یہ ہیں وہ سونے کے ٹکڑے جو زیور بنانے کے بعد بچ جاتے ہیں اور شعر کو قریض اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ وہ بھی آخر سے بہ سبب اس کی ہمواری کے کٹا ہوا ہوتا ہے۔ گویا قینچی سے اس کی زبان کاٹ لی ہے قال الجوہری القریض قول الشعر خاصۃ یقال قرضت الشعر اذا قلتہ ۳ اُساۃ اور اسا یہ آسی کی جمع ہے بمعنے طبیب واصلہ اسا الجرح اسًا واسوًا اذا داواہ یعنی اس کا علاج کیا اور اس کی غمخواری کی از نصر اس کے حروف اصلی (ہمزہ سین واو) ہیں المریض سریشی نے کہا ہے کہ اس سے مراد وہ قول ہے جس کا راوی ضعیف ہو لیکن تحقیق یہ ہے کہ قول المریض اس قول کو کہتے ہیں جس میں کسی قسم کی خرابی اور نقصان ہو اور مریض کی جمع مرضٰے اور مراضٰے اور مراض آتی ہے واصلہ الخروج عند الاعتدال از سمع و فی التنزیل ومن کان مریضا وان کنتم مرضٰے ۵ خلاصۃ بضم الخاء المعجمۃ وکسرہا بمعنے خالص چیز واصلہ خلص الشیٔ خلوصًا ای صار خالصًا خلاصًا قیمعتے وصل وخلص نجا وسلم از نصر۔ ۶ جوہر وہ پتھر جو نافع اور قیمتی ہو یہاں مراد سونا اور چاندی ہے اور جوہر یہ گوہر کا معرب ہے اور اس کی جمع جواہر آتی ہے۔ ۷ بالسبک یہ مصدر ہے بمعنے سونے اور چاندی کا گلانا وڈھالنا۔ سبکۃ پگھلائی ہوئی چاندی یقال سبک الذہب والفضۃ سبکًا ای ذوّبہ وافرغہ فی قالب فانسبک از نصر وضرب۔ ۸ تصدع۔ اس کا مصدر صدع ہے بمعنے پھاڑ دینا از فتح یقال صدع الشیٔ یعنی اس نے پھاڑا اور بعض کے نزدیک اس کے معنے درد میں مبتلا ہونے کے آتے ہیں منہ صُداع بمعنے درد سر واعلم ان اسماء

تستعمل للشق فی اشیاء مختلفۃ وہی اللحق فی الارض والہزم فی الصخر والصدع فی الزجاج والشق فی الثوب والقدح فی العود والفرج فی وسط الثغر واللحد فی جانبہ ۹ ردآ، وہ کپڑا جو عبا اور جبہ وغیرہ کے اوپر پہنا جائے چادر۔ والجمع اردیہ یقال تردّی بہ وارتدی ای لبس الرداء والفرق بین الرداء والازار۔ الرداء وہو مایکسو النصف الاعلیٰ والازار مایکسو النصف الاسفل وکلاہما جمیعاً یسمی حلّۃ۔ ۱۰ غبر از نصر بمعنے باقی رہنا اور گزر جانا اور ختم ہونا ومنہ غابر جو باقی اور ماضی کے معنے میں مستعمل ہوتا ہے۔ اور یہ اضداد میں سے ہے یقال غبر الشئ یغبر غبوراً ای مکث وذہب ومضیٰ وغبر الشئ یغبر ای بقی۔ اور سمع سے جو آتا ہے اس کے معنے زخم کا اچھا ہونا۔ اور اندرونی فساد کا ظاہر ہونا اور کرم سے آتا ہے اس کے معنے غبار آلودہ ہونے کے آتے ہیں اور اسی سے غبر ہے غبر وہ پانی جو پینے سے کس قدر برتن میں بچ جائے۔ اور غبیرۃ کے معنے زمین کے آتے ہیں۔ اس لیے کہ لوگ اس سے گزر جاتے ہیں اور یہاں غبر کے معنے (گذرے ہوئے) کے ہیں ۱۱ من الزمان یہ ما کا بیان ہے۔ ۱۲ الامتحان یہ افتعال کا مصدر ہے اور یہ محنت سے مشتق ہے۔ از فتح بمعنے مشقت میں ڈالنا اور یہ لازمی اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے یقال محنتہ وامتحنتہ بمنزلۃ خبرتہ واختبرتہ ای بلوتہ وابتلیتہ وفی التنزیل اولٰئک الذین امتحن اللہ اور محنت کے اصلی معنے کوڑا مارنے کے ہیں۔ یقال محنۃ عشرین سوطاً یعنی میں نے اس کے بیس کوڑے مارے۔ ۱۳ یہاں یہ مجہول کا صیغہ ہے اہانت اس کا مصدر ہے اور یہ اکرام کی ضد ہے یا تو یہ ہون سے ماخوذ ہے جس کے معنے آسان ہونے کے آتے ہیں یا یہ ہوان سے جس کے معنے ذلیل ہونے کے ہیں اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یہاں اس کے معنے ذلت کے ہیں۔ یقال ہان یہون ہواناً وہوناً ہونۃ وتہاون ای استخف ویقال رجل فیہ ہانیۃ ای ذلّ وضعف۔ ہا یہ حرف تنبیہ ہے اور یا یہ مرفوع ضمیر ہے جیسے ہا انتم ہا اولاء اور یہاں یہ حرف تنبیہ ہے ۱۴ عرضت۔ یہ باب تفعیل سے ہے اس کا مصدر تعریض ہے۔ بمعنے پیش کرنا۔ ومنبسط کرنا ونشانہ بنانا۔ اس کا مجرد عرض آتا ہے۔ از ضرب جس کے معنے لاحق ہونا وپیش آنے کے آتے ہیں۔ مجرد اور مزید دونوں کے صلہ میں لام آتا ہے تو اس کے معنے بیع وشرا کرنے کے آتے ہیں اور جب اس کے صلہ میں علےٰ آتا ہے۔ تو کہا جاتا ہے۔ عرضت الشئ علے البیع وعرضتہ للبیع اور مخفف را کے معنے ظاہر کرنے ہوتے ہیں۔ اور بتشدید الراء کے معنے نصبتہ کے ہوتے ہیں۔ ومنہ العرض بمعنے متاع واسباب۔ وعُرضۃ بالضم بمعنے نشانہ وفی التنزیل ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم اور عرض بالفتح بمعنے چوڑائی اور عرض بالکسر بمعنے آبرو ۱۵ خبیئتی یہ فعیلۃ کے وزن پر ہے جو مفعول کے معنے میں ہے اور یہ خباءٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنے پوشیدہ کرنے کے ہیں اس سے مراد باطن ہے اس کا مجرد فتح سے آتا ہے۔ یقال خبأت الشئ خباءً ای سترتہ خبیئۃ کی جمع خبایا آتی ہے۔ ۱۶ لاختبار۔ یہ افتعال کا مصدر ہے اور یہ خبرت سے ماخوذ ہے جس کے معنے آزمانے اور تجربہ کرنے کے ہیں ۱۷ حقیبتی۔ وہ چمڑے کی گٹھری یا تھیلی جو اونٹ والا کجاوہ کے پیچھے اس کو باندھے اور جس میں مسافر لوگ اپنا توشہ رکھتے ہیں۔ والجمع حقائب واصلہ حقب الشئ حقباً بمعنے احتبس از سمع۔ ۱۸ الاعتبار۔ یہ باب افتعال کا مصدر ہے بمعنے آزمانا واصل العبارۃ ہکذا ای عرضت ماعندی علے اغنیا رکم فاعتبروا اور یہ عبرت سے ماخوذ ہے۔ بمعنے آزمائش۔

فَابْتَدَرَ اَحَدُ مَنْ حَضَرَ وَقَالَ اَعْرِفُ بَيْتًا لَمْ يُنْسَجْ عَلٰى مِنْوَالِهٖ. وَلَا سَمَحَتْ قَرِيْحَةٌ بِمِثَالِهٖ

فَاِنْ اٰثَرْتَ اِخْتِلَابَ الْقُلُوْبِ. فَانْظِمْ عَلٰی هٰذَا الْاُسْلُوْبِ. وَاَنْشَدَ ؎

فَاَمْطَرَتْ لُؤْلُؤًا مِنْ نَرْجِسٍ وَسَقَتْ　　وَرْدًا وَعَضَّتْ عَلَی الْعُنَّابِ بِالْبَرَدِ

فَلَمْ یَکُنْ اِلَّا کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْهُوَ اَقْرَبُ. حَتّٰی اَنْشَدَ فَاَغْرَبَ ؎

الترجمۃ والمطالب یہ سُن کر فوراً ایک شخص حاضرینِ جلسہ میں سے اُٹھا اور کہنے لگا مجھے ایک ایسا شعر یاد ہے کہ (آج تک) اس جیسا شعر نہیں کہا گیا اور اس وقت تک کسی طبیعت نے اس کے مانند کہنے پر دلیری (جرأت) نہیں کی ہے اگر آپ لوگوں کے دلوں کو فریفتہ کرنا چاہتے ہیں تو اس طرح پر شعر لکھے پھر اُس نے یہ شعر پڑھا۔ اس معشوقہ نے نرگس (آنکھ) سے موتی (اشک) برسا کر گلاب (رخسار) کو سیراب کیا۔ اور اس نے اولوں سے (دانتوں) سے عناب (سرانگشت) کو کاٹا (یہ افسوس کی حالت میں ہوتا ہے) اس کے بعد ایک سیکنڈ بھی نہ گذرا تھا کہ اس نے یہ نادر اشعار پڑھے۔

تشریح لغات ۱؎ فابتدر از افتعال اس کا مصدر ابتداء ہے بمعنے جلدی کرنا اور سبقت کرنا اس کا مجرد نصر سے آتا ہے وبَدَرٌ تحقیقہ۔ ۲؎ احَد بمعنے واحد، ایک، یکتا۔ اکیلا یقال فلانٌ اَحَدُ الاَحدین یعنی وہ عدیم المثال ہے اور اس میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں وفی التنزیل قل ہو اللہ احد۔ احد کی جمع اُحادٌ اور اُحدانٌ آتی ہے۔ احد اور واحد میں پانچ فرق ہیں تین تو معنوی اور دو لفظی معنوی تو یہ ہے کہ احد باری تعالےٰ کے لیے خاص ہے اور واحد یہ عام ہے اور دوسرا فرق بعضوں کے نزدیک یہ ہے کہ احد خاص ذوی العقول کے ساتھ ہے اور واحد عام ہے اور تیسرا فرق یہ ہے کہ واحد کے مقابلہ میں تاء آتی ہے اور احد کے مقابلہ میں نہیں آتی اور فرق لفظی یہ ہے کہ واحد کی مؤنث واحدۃ آتی ہے۔ اور احد کی کوئی مونث نہیں۔ اور دوسرا فرق یہ ہے کہ احد کی جمع آتی ہے اور واحد کی جمع نہیں آتی ہکذا قال استادنا شیخ الادب مدظلہ العالی۔ ۳؎ لم ینسج یہ نسج سے ماخوذ ہے، جس کے معنے کپڑا بُننے کے آتے ہیں یقال نسج الحائک الثوب ینسجہ نسجاً از نصر وضرب ومنہ النساج کپڑا بُننے والا یعنی جولاہا۔ ۴؎ منوالا منوال اس میں تین لغت ہیں۔ منوالٌ منولٌ نولٌ منوال وہ لکڑی جس سے جولاہے کپڑا ٹھوکتے ہیں جیسے ہندی بین ہاتا کہتے ہیں اور نول جبشیوں میں ایک ذلیل قوم ہوتی اور جولاہے بھی ہندوستان میں ایک قوم ذلیل سمجھی جاتی ہے۔ منوال اور منول کی جمع مناول اور مناویل آتی ہے اور نول کی جمع انوال آتی ہے۔ ۵؎ سمحت۔ یہ سماح اور سماحت سے ماخوذ بمعنی بخشش یقال سمح بہ ای جاد وسمح لہ ای اعطاہ از فتح اور کرم سے سمح صار کے معنے ہیں آتا ہے ومنہ المسامحۃ والتسامح ۶؎ بمثالہ مثال اور مثل میں فرق ہے مثال تو وہ ہے جو بعض صفات ممثل لہ کے مشابہ ہو اور مثل میں من کل الوجہ مشابہ ہونا ضروری ہے جیسے گھوڑے کی تصویر دیوار پر ہو تو اس کو مثال کہہ سکتے ہیں نہ مثل ۷؎ اثرت۔ ایثار۔ اس کا مصدر ہے از افعال بمعنے ترجیح دینا واختیار کر لینا وفی التنزیل لقد اثرک اللہ علینا واصلہ اثر فلاناً ای اکرمہ والمصدر اثرٌ واثارۃٌ از نصر ۸؎ اختلاب۔ یہ افتعال کا مصدر ہے اور اس کا مجرد خلب اور خلابت ہے از نصر واصلہ خلبہ یخلبہ خلباً وخلابۃً ای خدعہ وخالبہ واختلبہ وختلبہ ای خادعہ تو خلابت کے معنے دھوکا دینے اور اچھے اقوال سے فریفتہ کرنے کے آتے ہیں ومنہ البرق الخُلّبُ اور خِلبُ بکسر الخاء وسکون اللام وہ جھلی جو دل میں ہوتی ہے۔

۹ الاسلوب بسلوب اصل میں طریق فی الجبل کو کہتے ہیں۔ اب مطلق طرز اور روش کو کہتے ہیں والجمع اسالیب۔ ۱۰ اَمطرَتْ برسایا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ بمعنے بارش ہونا مطارا در مطارۃ وہ کنواں جس میں پانی بہت ہو یقال مطرتِ یعنی مینہ برسا ومنہ سحاب ممطار بہت زیادہ برسنے والا ابر۔ ۱۱ لؤلؤ۔ یہاں پر آنسو کو موتی سے تشبیہ دی ہے والجمع لآلیٔ۔ ۱۲ نرجس یہ نرگس کا معرب ہے نرگس سفیدی مائل بزردی یا مطلق زردی اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ نرگس تو زرد ہوتی ہے، اور زرد آنکھ مذموم ہوتی ہے تو یہ تشبیہ درست نہ ہوئی تو اس کا جواب یہ ہے کہ تشبیہ میں یہ ضروری نہیں کہ مشبہ اور مشبہ بہ من کل الوجوہ تمام اوصاف میں برابر ہوں جیسے زید کا لاسد۔ یہاں آنکھوں کو مستی کے ساتھ تشبیہ دی ہے نرجس نون کے زیر کے ساتھ بھی مستعمل ہے، اس کا واحد نرجسۃ ہے۔ ۱۳ سقت۔ اس کا مصدر سقی ہے بمعنے سیراب کرنا از ضرب۔ سقا کا استعمال اہل جنت کے شراب کے لیے ہے۔ جیسے وسقاہم ربہم شرابا طہوراً اور اسقاء کا دنیا کے پانی کے لیے جیسے واسقیناہ ماءً غدقاً اور ابن سیدہ یہ فرماتے ہیں کہ اسقاہُ اور اسقاہ کے ایک ہی معنے ہیں ۱۴ ورد کے متعلق یہ مشہور ہے کہ گلاب کے خاص پھول کو کہتے ہیں لیکن بعض نے یہ تصریح کی ہے کہ ورد مطلق پھول کو کہتے ہیں یہاں رخسارہ کو گلاب سے تشبیہ دی ہے والجمع وُرُدٌ۔ وَرادٌ اور اَوْرادٌ۔ یقال وردت الشجرۃ اذا خرج نورہا ۱۵ عضت۔ از سمع وقیل از نصر و فتح من الشاذ دانت سے کاٹنا اور دانتوں سے پکڑنا یہ افسوس سے کنایہ ہے اور اس کے بعد علے آتا ہے یقال عض الحیۃ ولا یقال للعقرب اس لیے کہ وہ سانپ دانت سے کاٹتا ہے بخلاف بچھو کے وہ ڈنک مارتا ہے یقال عضضتہ وعضۃ وعضضت علیہ عضاً وعضاضاً جبکہ وہ دانت سے کاٹے واعلم انہ یقال کدمہ اذا عضہ بادنے فمہ کما یکدم الحمار وقیل ہو مختص بذی الخف والحافر وضغمہ ای عضہ وہو دون النہش والنہش اخذہ باضراسہ وعض بفیہا وایضاً العض من کل حیوان والکدم والزر من ذی الخف والحافر والنقر من الطیر واللسب من العقرب واللسع والنہش والنکز من الحیۃ الا ان النکز من الانف وسائر ما تقدم من بالناب۔ ۱۶ العناب یہ دوا کا نام ہے اس کا واحد عنابۃ ہے، اور عناب عنب کے بائع کو بھی کہتے ہیں۔ اور عناب بضم العین المہملۃ وتخفیف النون مرد طویل الانف کو کہتے ہیں اور اس کے معنے اونچے و نیچے پہاڑ کے بھی آتے ہیں وہذا من الاضداد اس شعر میں پانچ تشبیہیں ہیں۔ آنسوؤں کو موتی سے تشبیہ دی ہے۔ اور آنکھوں کو نرگس سے اور رخساروں کو گلاب کے پھول سے اور مہندی لگی ہوئی انگلیوں کے سروں کو عناب سے اور دانتوں کو اولے سے۔ ۱۷ البرد محرکۃ بمعنے اولہ یہ دانتوں سے کنایہ ہے ۱۸ لمح بمعنے آنکھوں کا جھپکنا اور اقتباس کہتے ہیں کسی کے کلام کو بعینہ یا تغییر یسیر کے ساتھ اپنے کلام میں لانا۔ ۱۹ البصر محرکۃ اس کی جمع ابصار آتی ہے۔ بمعنے آنکھ وفی التنزیل لا تدرکہ الابصار وہو یدرک الابصار ۲۰ اقرب یہ قرب سے مشتق ہے اور یہ بعد کی نقیض ہے یقال قرب الشیٔ یقرب فہو قریبٌ از کرم وسمع بمعنے نزدیک ہونا۔ اقرب اور اغرب میں مناسبت تامہ لفظیہ ہے مناسبت کی یہ تعریف ہے۔ کہ ہم وزن لے آئیں گے اگر دونوں ہم قافیہ بھی ہوں تو تامہ ہے ورنہ ناقصہ ہے۔ ۲۱ فاغرب یہ غرب سے ماخوذ ہے جس کے معنے نادر اور گھوڑے کی تیز چال کرنے کے (یعنی دوڑانے کے) آتے ہیں اور عجیب کلام کے بھی اور خود اس کے معنے غریب الوطن کے بھی آتے ہیں اور جب اس کو باب افعال میں لے جاتے ہیں تو اس کے معنے شئی عجیب وغریب لانے کے ہوتے ہیں یہاں یہ ہی معنے مراد ہیں۔ ویقال غرب الکلام غرابۃً بمعنے غمض وخفی از کرم۔

سَأَلْتُهَا حِيْنَ زَارَتْ نَضْوَ بُرْقُعِهَا　　　　اَلْقَانِي وَاِيْدَاعَ سَمْعِي اَطْيَبَ الْخَبَرِ
فَزَحْزَحَتْ شَفَقًا غَشّٰى سَنَا قَمَرٍ　　　　وَسَاقَطَتْ لُؤْلُؤًا مِنْ خَاتَمٍ عَطِرٍ

فَحَارَ الْحَاضِرُوْنَ لِبَدَاهَتِهٖ - وَاعْتَرَفُوْا بِنَزَاهَتِهٖ - فَلَمَّا اٰنَسَ اِسْتِيْنَاسَهُمْ بِكَلَامِهٖ - وَانْصِبَابَهُمْ اِلٰى شِعْبِ اِكْرَامِهٖ - اَطْرَقَ كَطَرْفَةِ الْعَيْنِ ثُمَّ قَالَ دُوْنَكُمْ بَيْتَيْنِ اٰخَرَيْنِ وَاَنْشَدَ ؎

الترجمۃ والمطالب

مجھے جس وقت محبوبہ ملی تو میں نے اس سے اس کے سرخ نقاب اٹھانے اور اچھی خبر سُننے کی خواہش کی اُس نے اس شفق (نقاب) کو جو آفتاب کی روشنی کو (حسن صورت کو) چھپائے ہوئے تھا دور کر دیا اور خوشبودار تنگ منہ سے اس نے موتی بکھیرے۔ حاضرین اس کی بدیہہ گوئی سے حیران ہو گئے اور اس کی پاکیزگی کلام کا اقرار کیا اس نے جب اپنے کلام کی طرف ان کی محبت اور اپنے احترام کی طرف ان کا شوق دیکھا تو اس نے ایک پل کے واسطے گردن جھکائی پھر کہنے لگا لیجئے دو شعر اور بھی حاضر ہیں اور اس نے یہ شعر پڑھے۔

تشریح لغات

لہ سالتہا۔ اس کا مابعد اگر مدخول عن ہوگا تو میٔول عنہ منہ ہوگا۔ اور مسٔول کوئی اور ہوگا جیسے سالت عنک ای عن احوالک اور اگر مابعد اس کا مدخول عن نہ ہو تو یہ مسٔول ہوگا۔ جیسے سالتک تو یہاں مسئول مخاطب ہے۔ سہ زرآت۔ از نصر یقال زارہ یزورہ زورًا وزیارۃً جب کہ وہ ملاقات کا ارادہ کرے۔ لوجہ التعظیم فہو زائر یعنی زیارت کرنے والا سہ نضوا از نصر بمعنے لاغر ہونا و دور کرنا و کھولنا یقال نضا ثوبہ نضوًا ای خلعہ والقاہ کہ برقعہا بکسر الباء و فتح القاف اس کے معنے آسمان کے آتے ہیں۔ اس میں تین لغت ہیں بُرقوع بُرقَع بُرقُع بضم الباء والقاف اور یہ آخری فصیح ہے اصل میں اس کے معنے برقع پہن لینے کے آتے ہیں۔ والجمع براقع۔ ۵ القانی۔ اس کے حروف اصلی (ق ون) ہیں وہ شاخ جس میں اپنے زیادہ ہوں اور خود اس کے معنے شدید الحمرۃ کے آتے ہیں۔ قانی تاکید الاحمر از فتح ہموز اللام زیادہ سرخ ہونا و از نصر ناقص وادی بمعنے جمع کرنا و از سمع بمعنے لازم ہونا اور یہ ناقص یائی۔ اس باب سے آتا ہے۔ یقال قنا لونہا یقنو قنوا ای احمر لونہا فہو قانی ای احمر۔ واعلم ان من عادۃ العرب انہم یستعملون للالوان اتباعا یؤکدون بہا معنے ہذہ الالوان فیقولون۔ اصفر فاقع و اخضر ناضر و احمر قانی ہذا ہو الاصل ولقد شاع استعمال ہذہ الاتباع مجردہ کما تری ہناک وفی التنزیل فاقع لونہا لہ ایداع یہ باب افعال کا مصدر ہے بمعنے ودیعت یعنی امانت رکھنا۔ کہ اطیب از ضرب یقال طاب یطیب طیبًا و طیبۃً و تطیابًا بمعنے لذیذ ہونا و شیریں ہونا۔ پاکیزہ ہونا۔ خوشنما ہونا۔ عمدہ ہونا۔ منہ الطیب بمعنے خوشبو۔ والجمع الطیاب و طیوب اور اطیب الجد من قبیل جرد قطیفۃ ہے۔ فزحزحت اس کا مصدر زحزحۃ ہے۔ از بعثر یبعثر بمعنے دور ہونا۹ شفق بمعنے حمرۃ یا بیاض علے اختلاف الاقوال۔ از سمع بمعنے خبر خواہی اور افعال سے بمعنے ڈرانا اور یہاں حمرت سے وہ سرخی مراد ہے جو شام کے وقت آسمان کے کناروں پر نظر آتی ہے نہ غشی ای غطی از سمع یقال غشیہ الامر غشادۃ و تغشاہ و اغشیۃ وغشیتہ ای تغطیتہ و منہ الغاشیۃ بمعنے القیامۃ لانہا تغشی الخلق

بافراغبا. ۱۱ سنا ممدوداً ومقصوداً یہ دونوں طرح پر مستعمل ہوتا ہے ممدوداً کے معنے بجلی کی روشنی کے ہیں اور مقصور کے معنے بلندی اور رفعت کے ہیں واختلف عند البعض ہل ہی وادی او یائی فمن قائل یقول الاول ومن قائل یقول الثانی واللہ اعلم وفی التنزیل یکاد سنا برقہ یذہب بالابصار۔ یقال سنا البرق ای اضاء از نصر ۱۲ قمر از سمع اس کے معنے حیرت کے آتے ہیں اور اس کے لغوی معنے غلبہ کے آتے ہیں والجمع اقمار یہاں پر چہرہ کو قمر (چاند) سے تشبیہ دی ہے وفی التنزیل وانشق القمر ۱۳ ساقطت یہ اسقطت کے معنے میں ہے اس میں مشارکت نہیں ہے۔ اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ یقال سقط الشیٔ ای وقع سقوطاً۔ ۱۴ خاتم۔ بمعنے انگوٹھی والجمع خواتم وخواتیم چونکہ معشوق بہت کم باتیں کرتے ہیں۔ اس لیے ان کے منہ کو انگوٹھی سے تشبیہ دی ہے۔ گویا ان کا منہ چھوٹا ہوتا ہے۔ اس لیے وہ کم بولتے ہیں۔ ۱۵ عطر۔ از سمع بمعنے خوشبو دار ہونا اس کا مصدر عطرۃٌ ہے یقال عطر عطرٌ یعنی وہ عطر میں بسا ہے۔ اس شعر میں برقع کو شفق سے تشبیہ دی اور چہرہ کو قمر سے اور باتوں کو موتیوں سے اور منہ کو انگوٹھی سے اوّل شعر میں تو پانچ تشبیہیں ہیں اور ثانی میں چار ہیں تو ظاہراً یہ شعر اس سے کم درجہ کا ہوا لیکن ثانی شعر میں پانچویں تشبیہ کو چھوڑ دیا ہے اس میں اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ جو اس میں پانچویں تشبیہ ہے۔ وہ یہاں لانا مناسب نہیں اس لیے کہ یہ موقع فراق (جُدائی) کا ہے اور فراق کے وقت خوشی نہیں ہوا کرتی اور مہندی تو خوشی کے وقت لگائی جاتی ہے تو ایسے وقت میں عناب سے تشبیہ دینا ہرگز درست نہیں بلکہ بجائے اس تشبیہ کے وہ تشبیہ ہونی چاہیئے جو آئندہ شعر میں ہے ۱۶ فحار ای تحیر یقال حار بصرہ یحار حیرۃً وحیراناً ای تحیّر از سمع ۱۷ بنزاہتہ بمعنے پاکیزگی از سمع وکرم یقال نزُہ نزاہتہً یعنی وہ برائی اور ملامت سے دور ہے ۱۸ آنس یہ معنے میں علم کے ہے۔ اور اس کے معنے مانوس ہوتے اور دیکھنے کے بھی آتے ہیں۔ یقال آنست منہ شیئاً ای علمتہ وآنست الصوت ای سمعتہ اور اس کی اصل اُنس ہے جو وحشت کی ضد ہے یقال انست بفلان او لبہ بمعنے فرحت والمصدر اُنسٌ مثل قفل وانَسَۃٌ وانَسٌ بفتح النون فیہما از سمع۔ انصباب[۱۹] انفعال کے وزن پر یہ مصدر ہے اس کے معنے مائل ہونے کے ہیں۔ اور یہ صبابتہ سے ماخوذ ہے از سمع وقد مرّ تحقیقہ ۲۰ شعب بالکسر اس کے معنے پہاڑی راستہ کے ہیں اور بعضوں نے اس کے معنے زمین میں پانی بہنے کے بیان کئے ہیں۔ والجمع شعابٌ اور اصل اس کی شعبٌ ہے جس کے معنے جمع اور تفریق اور اصلاح اور فساد کے ہیں۔ اور یہ اضداد میں سے ہے یقال شعبتہ تشعبہ شعباً فانشعب وشعبتہٗ فتشعّبَ اور میر فتح سے آتا ہے۔ اور شَعَبٌ بالفتح بمعنے قبیلہ بزرگ ۲۱ اطرق از افعال اطراق سے ہے جس کے معنے سکوت کے اور بعضوں نے یہ معنے یہاں کئے ہیں کہ خاموشی ڈر کی وجہ سے ہو یقال اطرق راسہ ای امالہ واسکنہ۔ یعنی اس نے سر جھکا لیا ۲۲ کطرفۃ العین یہ ضرب سے آتا ہے جس کے معنے آنکھ و پلک کے جھپکنے کے ہیں یقال طرف بصرہ یطرف طرفاً اذا اطبق احدٌ جفنیہ علی الاٰخر اور طرف کے معنے نظر کے آتے ہیں جو یہ تثنیہ اور جمع مستعمل نہیں ہوتا ہے وفی التنزیل لا یرتد الیہم طرفہم اور کبھی اس کی جمع اطراف بھی آجاتی ہے ۲۳ دونک یہ اسم فعل ہے جس کے معنے خذ کے ہیں یقال دونک الشیٔ ودونک بہ ای خذہ۔ اور دون یہ فوق کی بھی نقیض ہے اور دون کے معنے حقیر اور خسیس کے بھی آتے ہیں ۲۴ آخرین بکسر الخاء وفتحہا میں فرق ہے بفتح الخاء کو مطلق مغائر پر بولتے ہیں۔ وہ خواہ ماقبل کے جنس ہو یا نہ ہو اور بکسر الخاء مغائر جنس پر بولتے ہیں۔ جیسے جاء نی رجل وآخر بالکسر کا یہ مطلب ہے کہ دوسرا بھی آدمی ہے۔ اور بالفتح کے معنی مطلق دوسرے کے ہیں خواہ آدمی ہو یا نہ ہو اور اس میں دوسرا

فرق یہ ہے۔ کہ آخِر" بالکسر کا مؤنث آخِرَۃٌ ہے اور آخَر بالفتح کا اُخریٰ ہے۔

وَاَقْبَلَتْ یَوْمَ جُدَّ الْبَیْنُ فِیْ حُلَلٍ سُوْدٍ تَعَضُّ بَنَانَ النَّادِمِ الْحَصِرِ
فَلَاحَ لَیْلٌ عَلٰی صُبْحٍ اَقَلَّهُمَا غُصْنٌ وَضَرَّسَتِ الْبِلَّوْرَ بِالدُّرَرِ

فَحِیْنَئِذٍ اِسْتَسْنَی الْقَوْمُ قِیْمَتَهٗ۔ وَاسْتَغْزَرُوْا دِیْمَتَهٗ۔ وَاَجْمَلُوْا عِشْرَتَهٗ۔ وَجَمَّلُوْا قِشْرَتَهٗ۔ (قَالَ الْمُخْبِرُ بِهٰذِهِ الْحِکَایَۃِ۔)

الترجمۃ والمطالب

جب فراق (جدائی) کا دن سیاہ لباس میں ظاہر ہوا تو وہ محبوبہ خاموش پشیمان کی طرح (دانتوں سے) انگلیاں کاٹتی ہوئی آئی۔ پس رات (زلف) دن پر (چہرہ) ظاہر ہوگئی جن کو اس کے شاخ (قد) نے بلند کیا تھا اور اس نے بلور کو (انگلیوں کو) مروارید (دانتوں) سے کاٹا۔ اب تو لوگ اس کو بیش قیمت اور اس کی بارش کو بہت زیادہ خیال کرنے لگے اور اس کے لیے مال جمع کرنے اور خلعت نوازی میں مصروف ہوئے۔ راوی کہتا ہے۔

تشریح لغات

۱ اَقْبَلَتْ۔ از افعال اس کا مصدر اقبال ہے بمعنے سامنے آنا اور یہ ادبار کی ضد ہے یقال اقبل علی الشئ قبلاً واقبل جبکہ وہ سامنے آئے اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ ۲ جُدَّ۔ یہ جد سے مشتق ہے بمعنے ثابت ومحقق ہونے کے ہیں اور یہ ہزل کی ضد ہے ۳ البین جدائی۔ ملاپ۔ اور یہ اضداد میں سے ہے یقال بان الرجل بینًا وبینونۃ ای فارق ووصل از ضرب ۴ حلل یہ حُلَّۃٌ کی جمع ہے بمعنے مطلق چادر یا یمنی چادر یا ازار یا اس کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔ ۵ سود۔ یہ اسود کی جمع ہے بمعنے سیاہ اس کا مؤنث سوداء ہے اور اس کی جمع سُودان بھی آتی ہے اور یہ بیاض کی ضد ہے۔ ۶ تعض۔ اس کا مصدر عَضٌّ ہے جس کے معنے دانت سے کاٹنے کے ہیں از نصر ۷ بنان صاحب قاموس فرماتے ہیں۔ اس کے معنے اصابع کے ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اطراف اصابع کو بنان کہتے ہیں (یعنی انگلیوں کے پورے) اس کا واحد بنانۃ ہے۔ ۸ الحصر یہ صفت کا صیغہ ہے حصر وہ شخص جو بولنا چاہے اور بول نہ سکے ۹ لاح از نصر اور یہ وادی ہے بمعنے ظاہر ہونا۔ ۱۰ لیل بمعنے رات والجمع لیالی یہاں بالوں کو لیل سے تشبیہ دی ہے ۱۱ علے صبح صبح اول دن کو کہتے ہیں اور یہ مساء کی ضد ہے والجمع اصباح اور یہ فتح سے آتا ہے والصباح ہو اول ساعات النہار والبکور یکون بعد الصباح وقیل طلوع الشمس ثم الغدوۃ بعد طلوعہا ثم ضحی اور یہاں چہرہ کو صبح سے تشبیہ دی ہے ۱۲ اقلہما یہ یا ماخوذ قُلَّۃٌ بالضم سے جس کے معنے بلندی کے ہیں۔ یا یہ ماخوذ قلت سے جس کے معنے قلیل ہونے کے ہیں یقال اقلہا ای رفعہا ویقال اقل الشئ ای حملہ از ضرب ۱۳ غصن۔ بالضم درخت کی ترشاخ والجمع غصون واغصان وغصنۃ اور یہاں قد کو غصن سے تشبیہ دی ہے ۱۴ ضرست از باب تفعیل بمعنے ڈاڑھوں سے خوب زور سے کاٹنا اور یہ ضرس سے مشتق ہے جس کے معنے ڈاڑھ اور دانت کے آتے ہیں یقال ضرست الرجل ضرسا وضرسۃ تضریبًا ای عضضتہ بالاضراس ازضرب اور ضرس کی جمع ضراس وضروس آتی ہے۔ ۱۵ البلور اس کے معنے شیشہ کے آتے ہیں

اور یہ کئی طرح مستعمل ہوتا ہے بلور کسنور. بلور کتنور، اور بلورۃ کسیطر یہ ایک قسم کا پتھر ہے ۱۵؎ بالدر یہاں دانت کو موتی سے تشبیہ دی ہے اور دُر کی جمع دُرر آتی ہے ۱۶؎ استسنی بمعنے بڑا اور بلند مرتبہ سمجھنا اور یہ سناء سے ماخوذ ہے جس کے معنے بلندی اور بیش قیمت سمجھنے کے ہیں اور یہ سمع سے آتا ہے یقال سنی لیسنی سناءً ای ارتفع وصار وارفعتہ یعنی بلند مرتبہ اور صاحب مرتبہ وہ ہوا ۱۸؎ استنزرہا یہ استفعال سے ہے اور یہ ماخوذ غزر یا غزارت سے ہے جس کے معنے زیادہ ہونے کے ہیں اور استغزر کے معنے زیادہ سمجھنے کے ہیں اس میں س ت طلب کے لیے ہے یا مبالغہ کے لیے اور اس کا مجرد کرم سے آتا ہے یقال غزر الشیء غزارۃ بمعنے کثر ۱۹؎ دیمتہ وہ بارش جو ہلکی اور لگاتار ہو یہ واوی اور یائی دونوں طرح مستعمل ہے۔ وقال خالدین جنیتہ ہو المطرالذی لارعد فیہ ولابرق تدوم یومہا والجمع دیم وقیل مطر یکون مع سکون وقیل یکون خمستہ او ستتہ وقیل یوماً ولیلۃً اواکثر واصلہ دام الشیء یدوم دوماً.

ودیمومتہ ازنصر ۲۰؎ اجملوا فعال یقال اجمل الشیء زیادہ کیا اور خوشنما کیا ازکرم منہ الجمال بمعنی خوبصورتی وخوب سیرت فہو جمیل ۲۱؎ عشرتہ بمعنے صحبت ومیل جول۔ والجمع عشر، ہو اسم للعاشرۃ بمعنے المخالطۃ ۲۲؎ جملوا ازباب تفعیل یقال جمل ای زین اور یہ جمال سے مشتق ہے جس کے معنے زینت اور خوبصورتی کے ہیں اور اس کا مجرد کرم سے آتا ہے ۲۳؎ قشرتہ بالکسر بمعنے کھال وچھلکا ولباس وپوشاک اس کا واحد قشر ہے قشور اور قشرۃ یہ اس سے خاص ہے یقال قشر الشیء یقشرہ ویقشرہ قشراً ای نزع قشرہ فالقشر ازضرب ونصر اور قشرۃ بالکسر وہ کپڑا جو پہنا جائے ولباس الرجل قشرۃ وکل ملبوس قشر۔

فَلَمَّا رَأَيْتُ تَلَهُّبَ[۱] جَذْوَتِهِ[۲]۔ وَتَأَلُّقَ[۳] جَلْوَتِهِ[۴]۔ أَمْعَنْتُ[۵] النَّظَرَ فِي تَوَسُّمِهِ[۶] وَسَرَّحْتُ[۷] الطَّرْفَ فِي مِيسَمِهِ۔ فَإِذَا هُوَ شَيْخُنَا السَّرُوجِيُّ۔ وَقَدْ أَقْمَرَ لَيْلَةُ الدَّجُوجِيِّ۔ فَهَنَّأْتُ نَفْسِي بِمَوْرِدِهِ۔ وَابْتَدَرْتُ اسْتِلَامَ يَدِهِ۔

الترجمۃ والمطالب کہ جب میں نے اس کے علم کے شعلے کو دہکتے اور اس کے چہرے کو چمکتے ہوئے دیکھا تو میں نے اس کے پہچاننے میں غور کیا اور اس کی علامتوں پر میں نے نظر دوڑائی پس وہ تو ہمارا شیخ سروجی نکلا۔ اس وقت تک تاریک رات سفید ہو چلی تھی (یعنی ڈاڑھی کے بال سفید ہو گئے تھے) میں نے اس کی آمد پر اپنے نفس کو مبارکباد دی۔ اور میں نے بڑھ کر اس کے ہاتھ چومے۔

تشریح لغات ۱؎ تلہب۔ یہ تفعل کا مصدر ہے اور یہ لہب سے ماخوذ ہے بمعنے بھڑکتا ہوا شعلہ اور یہ سمع سے آتا ہے یقال لہبت النار لہباً ولہیباً ولہباناً ولہاباً جب کہ آگ بھڑکے اور روشن ہو ۲؎ جذوتہ، آگ کی دہکتی ہوئی چنگاری والجمع جذیً وجذیً۔ وجذاءٌ اور اس میں یہ جمع جذاءٌ قیاس کے موافق ہے اور جذیً یہ جمع خلاف قیاس ہے واصلہ جذا یجذو جذواً وجذوّاً واجذلے بمعنے ثبت قائماً ازنصر ۳؎ تألق یہ تفعل کا مصدر ہے۔ بمعنے چمکنا وروشن ہونا اور یہ الق سے ماخوذ ہے یقال الق البرق یالق القاً وابتقاً وتألق وائتلق جب کہ آگ روشن ہو اور چمکے۔ ازضرب ۴؎ جلوتہ۔ اس کے اصلی معنے یہ ہیں کسی عورت کا اپنے منہ سے نقاب اٹھا دینا یقال جلوت العروس اذا ازالت نقابہا واظہرت وجہہا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے بمعنے زنگ

دور کرنا اور عورتوں کا مزین اور خوب صورت کرنا اور خاوند کا اپنی عورت کی طرف اول اول دیکھنا اور اس کے معنے روشنی کے بھی آتے ہیں۔ ۵ امعنت۔ از افعال بمعنے غور سے دیکھنا۔ واصلہ معن الفرس اذا بالغ وادام النظر از فتح۔ النظر اور الجمع انظارٌ ۶ توسمہ اس کے معنے علامت سے پہچاننے کے ہیں اور یہ وسم سے ماخوذ ہے از ضرب جس کے معنے علامت کے ہیں اور جو کرم سے آتا ہے تو اس کا مصدر وسام اور وسامۃ آتا ہے جس کے معنے خوب صورت چہرے کے آتے ہیں ومنہ وسیم بمعنے خوبصورت سرحت۔ اس کا مصدر تسریح ہے یا یہ سرح سے ماخوذ ہے جس کے معنے جانوروں کے چرانے کے آتے ہیں یا یہ تسریح سے ماخوذ ہے جس کے معنے چھوڑنے کے ہیں یقال سرحت الطرف ای ارسلت النظر وفی التنزیل وتسریح باحسان ۸ الطرف بکسر الطاء بمعنے تیز گھوڑا اور بفتح الطاء بمعنے آنکھ وگوشۂ چشم ۹ میسم یہ اسم آلہ ہے وہ لوہا یا اور کوئی چیز جس سے داغا جائے اور اس کے معنے نشان اور حسن اور جمال کے بھی آتے ہیں والجمع میاسم۔ اور یہ دادی اور یائی بھی آتا ہے میسم یا تو یہ وسم سے ماخوذ ہے جس کے معنے علامت کے ہیں از ضرب اور یا یہ وسامۃ سے ماخوذ جس کے معنے خوبصورتی کے ہیں از کرم ۱۰ شیخا بمعنے بوڑھا۔ استاد، بزرگ۔ والجمع اشیاخٌ وشیخانٌ وشیوخٌ وشیخۃٌ ومشیخۃٌ ومشائخ واصلہ شاخ الرجل وشیخاً بالتحریک وشیخوخۃً اذا صار شیخا از ضرب ۱۱ قمر از افعال بمعنے قمر کے مانند ہونا یعنی روشن اور ماہتاب ہونا اور یہاں اس سے مراد سفید ہونا ہے ۱۲ الدجوجی یہ ماخوذ دجّ اور دجۃ سے ہے بمعنے تاریکی و اندھیری اس ہیں یا مبالغہ کی ہے اور دجوج تاریک رات کو کہتے ہیں اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے۔ یقال دجّ یدجّ دجیجاً ودجاناً منہ دجی اللیلُ و اَدجی اللیلُ یعنی رات تاریک ہوئی ۱۳ فھناک۔ اس کا مصدر تہنیت ہے، بمعنے مبارک باد دینا واصلہ ہنا الشیُٔ ہناای صار ھنیأ ای تیسر من غیر مشقۃ ولاعناء از کرم وفی التنزیل کلوا واشربوا ھنیئاً مریئاً بما کنتم تعملون وکلوہ ھنیئاً مریئاً اور ضرب سے اس کے معنے آسانی سے کھانا ہضم ہو جانے اور خوشگوار ہونے کے آتے ہیں اور فتح سے اس کے معنی معلوم کرنے کے آتے ہیں۔
۱۴ یہ مصدر ہے بمعنے آنا یقال درد علینا من بلد ای قدم ابتدرتُ۔ از افتعال اس کا مصدر ابتدار۔ ہے جلدی کرنے کے معنے آتے ہیں۔
۱۵ استلام، یہ استفعال کا مصدر ہے، اس کے معنے چومنے کے ہیں اور یہ سلمہ سے مشتق ہے، جس کے معنے پتھر کے ہیں ومنہ استلام الحجر اور اس کے معنے مطلق چومنے کے آتے ہیں۔ اور سمع سے اس کے معنے سلامت رہنے کے آتے ہیں۔ اور استلام کے اصلی معنے چھونے کے ہیں کیونکہ ہاتھ چومنے میں چھونا ہوتا ہے۔

وَقُلْتُ لَهُ مَا الَّذِي اَحَالَ صِفَتَكَ حَتَّى جَهِلْتُ مَعْرِفَتَكَ . وَاَيُّ شَيْءٍ شَيَّبَ لِحْيَتَكَ حَتَّى اَنْكَرْتُ حِلْيَتَكَ فَاَنْشَاءَ يَقُوْلُ

وَقْعُ الشَّوَائِبِ شَيَّبْ　　وَالدَّهْرُ بِالنَّاسِ قُلَّبْ
اِنْ دَانَ يَوْمًا لِشَخْصٍ　　فَفِيْ غَدٍ يَتَغَلَّبْ

الترجمۃ والمطالب اور میں نے اس سے یہ دریافت کیا کہ کیوں صاحب کس چیز نے آپ کی حالت اس قدر متغیر کر دی کہ میں آپ کو پہچان بھی نہ سکا اور کونسی چیز نے آپ کی ڈاڑھی سفید کر دی یہاں تک کہ میں آپ کی صورت پہچانتے

سے معذور رہا تو وہ یہ سن کر کہنے لگا سے بھائی انسان کو مصائب بوڑھا کر دیتے ہیں اور زمانہ لوگوں کے ساتھ حیلہ گری کرتا ہے۔ زمانہ اگر آج کسی شخص کا تابعدار ہو تو کل کو اس پر غالب آجائے گا۔

از تفعیل بمعنے ننگا کرنا اور لاغر کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ واصلہ جرد وَ جَرَدَ الجلدَ یعنی اس نے بال اکھیڑے وَجَرَدَ وَ جَرَدَ السیف یعنی اس نے تلوار نکالی اور سونتی وجَرَّدَہٗ من ثوبہٖ وجَرَّدَہٗ ثوبَہٗ یعنی اس کو ننگا کردیا و فی الحدیث اہل الجنۃ جرد مرد۔ تذممہ از نصر ذم اور ندمت مصدر بمعنے برائی کرنا۔ تضمہ ۔ اس کا مصدر ضم ہے۔ بمعنے لینا قبضہ کرنا یقال ضمہ الی نفسہ ضمًا ای قبضہ الیہ از نصر ۔ مرتجلا از افتعال بمعنے جلدی اور فی البدیہہ شعر پڑھنا یقال ارتجل الکلام ای تکلم بہ من غیر ان یہیئہ ای ترنم وغنی مسرعا شدا از نصر بمعنے زور سے گانا یقال شد بصوتہ شدًا ای مدّہٗ بغنا، او غیرہ والشادی المغنی والجمع شداہ وشادون از نصر عجل بمعنے جلدی اور یہ بطئ کی ضد ہے از سمع و فی التنزیل اعجلتم امر ربکم ولا تعجل بالقرآن ۔ اور یہ شدا کی ضمیر سے حال واقع ہے۔

تَبًّا لَهُ مِنْ خَادِعٍ مُمَاذِقِ	❖	أَصْفَرَ ذِي وَجْهَيْنِ كَالْمُنَافِقِ
يَبْدُو بِوَصْفَيْنِ لِعَيْنِ الرَّامِقِ	❖	زِينَةَ مَعْشُوقٍ وَلَوْنِ عَاشِقِ
وَحُبُّهُ عِنْدَ ذَوِي الْحَقَائِقِ	❖	يَدْعُو إِلَى ارْتِكَابِ سُخْطِ الْخَالِقِ
لَوْلَاهُ لَمْ تُقْطَعْ يَمِينُ سَارِقِ	❖	وَلَا بَدَتْ مَظْلَمَةٌ مِنْ فَاسِقِ
وَلَا اشْمَأَزَّ بَاخِلٌ مِنْ طَارِقِ	❖	وَلَا شَكَا الْمَمْطُولُ مَطْلَ الْعَائِقِ

الترجمة والمطالب وہ مکار منافق زرد دورخی اشرفی ہلاک ہو جو دیکھنے والے کی نظر میں دو وصفوں کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے کبھی زینت معشوق اور کبھی عاشق کے رنگ میں اور جس کی محبت اولیاءکرام کے نزدیک خدا کی نافرمانی کی طرف بلاتی ہے اگر وہ اشرفی نہ ہوتی تو چور کا ہاتھ نہ کاٹا جاتا اور گناہ گار سے گناہ سرزد نہ ہوتے اور بخیل رات کے مہمان کے آنے سے رنجیدہ ترشرو نہ ہوتا اور قرض دار کے دیر کرنے کی شکایت نہ کرتا۔

تشریح لغات ۱ تبا۔ مصدر ہے بمعنے ہلاکت ونقصان ۲ خادع۔ اسم فاعل ہے اور یہ خدع سے مشتق ہے بمعنے دھوکہ دینا خادع۔ بمعنے دھوکہ دینے والا اور دھوکہ میں آنے والا از نصر یقال خدعہ خدعًا وخِدعًا بکسر الخاء وفتحہا ای ختلہ وارادبہ المکروہ من حیث لا یعلمہ ۳ مماذق وہ شخص جس کی دوستی صاف نہ ہو واصلہ مذق اللبن مذقًا ای خلطہ ومزجہ بالماء ومذق الود ای شابہ بکدر ولم یخلصہ یقال ماذق فلانا فی الود ای لم یخلص لہ الود والمصدر مذاق۔ اس کا مجرد نصر سے آتا ہے اور مذیق۔ وہ دودھ جس میں پانی ملا ہوا ہو اور وہ شراب جس میں پانی ملا ہوا ہو ۴ اصفر از ضرب بمعنے سیٹی بجانا۔ اور چڑیا کی آواز کے معنے بھی آتے ہیں اس لیے کہ وہ بھی سیٹی کے مثل ہوتی ہے اور سمع سے اس کے معنی خالی ہونے کے آتے ہیں اور زرد ہونے کے اور یہاں اس کے معنے زرد ہونے کے ہیں ۵ وجہین یہ وجہ کا تثنیہ ہے بمعنے چہرہ یقال رجل ذو وجہین یعنی وہ شخص جس کے دل میں کچھ ہو اور زبان پر کچھ یعنی منافق، ذی وجہین سے یا تو درہم اور دینار دونوں طرف کے نقش ونگار مراد ہیں۔ یا یہ کہ کبھی اس کے پاس ہے اور کبھی اس کے پاس۔ اور وجہ کی جمع اوجہ اور وجوہ اور اجوہ آتی ہیں۔ ویقال وجہ فلانا ای ضرب علی وجہہ وجہًا از ضرب ۶ المنافق

یہ نفق سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنے ہلاک ہونے کے ہیں۔ از نصر اور منافق سے زیادہ کون ہلاک ہونے والا ہے اور نفق کے معنے رواج پکڑنے اور مشہور ہونے کے بھی آتے ہیں اور چونکہ منافق کی بات دونوں طرف (فریقین) میں مشہور ہوئی ہے۔ اور مشہور ہونے اور رائج ہونے کے معنے سمع سے آتا ہے ٨ العین۔ آنکھ۔ والجمع اعینٌ وعیونٌ ٩ الوامق۔ اس کے معنے عاشق کے ہیں اور بعض نسخوں میں رامق ہے یہ رمق سے ماخوذ ہے از نصر اپنی پوری آنکھوں سے محبوب کو دیکھنا، اور لمحۃ کے معنے گوشۂ چشم سے دیکھنے کے آتے ہیں۔ لمح کے اصلی معنے بجلی کے ہیں۔ اور پھر استعمال میں اس کے معنے جلدی سے دیکھنے کے ہوگئے ہیں۔ یقال وَمَقہ، ومقاً ومِقۃً ای احبّہ، از ضرب، معشوق۔ اسم مفعول کا صیغہ ہے عشق سے بمعنے عاشق ہونا یقال عشقہ عشقاً از سمع ویقال رجل عاشق والجمع عشاقٌ وعاشقون، زینۃ معشوق الخ یہ وصفین سے بدل ہے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ معشوق کی زینت تو اچھی ہوتی ہے پھر معشوق کی زینت کے ظاہر ہونے سے دینار کی مذمت کس طرح ہوئی تو اس کا جواب یہ ہے دینار کی تشبیہ مجموعہ لون عاشق اور زینت معشوق سے ہے اور اس مجموعہ کا ایک جز یعنی لون عاشق خراب ہے۔ اور ایک جز کے خراب ہونے سے کل خراب ہوجاتا ہے۔ ارتکاب۔ یہ افتعال کا مصدر ہے جس کے معنے کسی ناشائستہ فعل کے اختیار کرنے کے ہیں ١١ سخط۔ علما اور امیروں کے غصہ کو کہتے ہیں اور غضب عام ہے۔ خواہ غریب کا غصہ ہو یا امیر کا۔ اور سخط یہ رضا کی ضد ہے یقال سخط علے فلان سخطاً ای غضب علیہ وسخط الشئ ای کرہہ از سمع۔ ١٢ الخالق۔ یہ خلق سے ہے جس کے معنے پیدا کرنے والے کے ہیں۔ وفی التنزیل ہو اللہ الخالق الباری۔ از نصر ١٣ لم تقطع اس کا مصدر قطع ہے۔ از فتح بمعنے کاٹنا اور جدا کرنا و الگ کرنا یقال قطع یدہ یعنی اس نے اس کا ہاتھ کاٹا ١٤ یمین بمعنے داہنا ہاتھ یہ یسار کی ضد ہے۔ داہنی جانب والجمع ایمُنٌ وایمانٌ وایامِنُ وایامینُ یقال یمن الرجلُ وہ اس کی داہنی جانب سے آیا اور یمین کے معنے قسم کے بھی آتے ہیں تو اس کی جمع اَیمُنٌ وایمانٌ آتی ہے وفی التنزیل تاتوننا عن الیمین ١٥ سارق بمعنے چور یقال سَرَقَ سَرَقاً وسَرِقاً وسَرِقۃً وسرقاناً یعنی اس نے چرایا از ضرب واعلم ان الرجل اذا کان یسرق من الاحرار فاذا کان یقطع علے القوافل فہو لِصٌّ وقرضوبٌ فاذا کان یسرق الابل فہو خارب فاذا کان یسرق الغنم فہو احمص والجبیفۃ الشاۃ المسروقۃ فاذا کان یسرق الدراہم بین اصابعہ فہو قفّافٌ فاذا کان یشق الجیوب وغیرہا من الدراہم والدنانیر فہو طَرّارٌ فاذا کان یشق الجیوب وغیرہا من الدراہم والدنانیر فہو طَرّارٌ فاذا کان یدل اللصوص ویندس لہم فہو شصٌّ فاذا کان یاکل ویشرب معہم ویحفظ متاعہم ولا یسرق معہم فہو لغیفٌ ١٦ مظلمۃ۔ جو مظلوم کا حق کسی ظالم سے چھین لیا جائے۔ اس سے مراد گناہ ہے اور یہاں یہ مصدر میمی ہے۔ ظلم سے مشتق ہے جس کے معنے یہاں ظلم کے ہیں۔ از ضرب علم سے دراہم اور دنانیر مراد ہیں۔ جس سے فاسق زنا کاری اور شراب کے پینے میں گناہ میں ان کی وجہ سے مبتلا ہوتا ہے از سمع سے اس کا مصدر ظلم آتا ہے بمعنے اندھیرا ہونا اور روشنی کا جانا ١٧ فاسق بمعنے بدکار گنہگار۔ از نصر وکرم وضرب وجمع الفاسق فَسَقَۃٌ وفسّاقٌ ١٨ اشمأز فعل ماضی کا صیغہ افعیلال اس کے معنے بال کھڑا نے اور دل کے منقبض ہوجانے کے آتے ہیں جب کہ اس کو رباعی مزید میں سے مانا جائے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ ثلاثی مزید سے ہے اس کا مجرد شمر ہے۔ جو نصر سے آتا ہے۔ اس کے معنے نفرت کرنے اور مکروہ بُرا سمجھنے کے آتے ہیں ١٩ باخل از سمع بمعنے بخل کرنا وحسد کرنا۔ اور اس کی جمع بُخّال آتی ہے۔ یقال بخل بہ بخلاً ای ضد الکرم از سمع اور بخیل کی جمع بخلاء آتی ہے اور بخل کی کوئی جمع نہیں آتی ہے۔ واللہ اعلم ان لاوصاف البخل ترتیباً فالرجل بخیلٌ ثم مُسکٌ ثم لحزٌ اذا کان ضیق النفس شدید البخل ثم شحیحٌ اذا کان مع شدۃ بخلہ حریصاً ثم فاحشٌ

ثم حلزٌ اذا کان فی نہایۃ البخل ۲۰ طارق ۔اسم فاعل بمعنے رات کو آنے والا۔ اور دروازہ کو کھٹکھٹانے والا اور طارق کے معنے مہمان کے بھی آتے ہیں۔ اس لیے کہ وہ رات کو دروازہ کھٹکھٹاتا ہے یا وہ رات کے وقت آجاتا ہے۔ والجمع طُرقٌ و طراقٌ از نصر یقال طرق طرقًا وطروقًا جب کہ وہ رات میں آئے ۲۱ شکا۔ از نصر یقال شکاہ شکوًا وشکوے وشکاۃً وشکایۃً جب کہ وہ شکایت کرے ۲۲ الممطول۔ اسم مفعول کا صیغہ مطل سے کسی کے حق ادا کرنے میں تاخیر کرنا اور ممطول وہ شخص جس کے حق دینے میں دیر کی گئی ہو از نصر ۲۳ العالق۔ از نصر بہ وادی ہے بمعنے روکنا اور یائی ضرب سے آتا ہے۔ عاقق وہ شخص ہے جو کسی کا حق روکے رکھے والجمع عوائق وعُوّق۔ یقال عاقہٗ عن کذا یعنی اس کو روکا اور ہٹایا۔

وَلَا اُسْتَعِیْذُ مِنْ حَسُوْدٍ رَاشِقٍ ❊ وَشَرُّ مَا فِیْهِ مِنَ الْخَلَائِقِ ❊ اَنْ لَیْسَ یُغْنِیْ عَنْكَ فِی الْمَضَائِقِ
اِلَّا اِذَا فَرَّ فِرَارَ الْاٰبِقِ ❊ وَاهًا لِمَنْ یَقْذِفُهٗ مِنْ حَالِقٍ ❊ وَمَنْ اِذَا نَاجَاهُ نَجْوَی الْوَامِقِ
قَالَ لَهٗ قَوْلَ الْمُحِقِّ الصَّادِقِ ❊ لَا رَاْیَ فِیْ وَصْلِكَ لِیْ نَفَارِقِ ❊
فَقُلْتُ لَهٗ مَا اَغْزَرَ وَبْلَكَ فَقَالَ وَالشَّرْطُ اَمْلَكُ فَنَفَحْتُهٗ بِالدِّیْنَارِ الثَّانِیْ۔ وَقُلْتُ لَهٗ عَوِّذْهُمَا بِالْمَثَانِیْ۔

الترجمۃ والمطالب اور طعنہ مارنے والے حاسد سے کوئی شخص پناہ نہ مانگتا اس کی خراب عادتوں میں سے ایک بری عادت ہے کہ تنگی حال دیا تھیلی میں بند) تیرے کام نہیں آتی مگر جب کہ بھگوڑے غلام کی طرح بھاگے (یعنی جب کہ ہاتھ سے انسان خرچ کرے۔ جب کسی کو فائدہ ہو سکا ہے) کیا اچھا ہے وہ شخص جس نے اس کو بلندی سے پھینکا۔ اور جب اس نے ایک سچے دوست کی طرح اس سے اپنا راز کہا تو اس نے سچے حق گو کی طرح یہ جواب دیا کہ چل دور ہو میں تجھ سے ملنا نہیں چاہتا۔ یہ سن کر میں نے اس سے کہا سبحان اللہ تیرا باران علم دعلم کی زیادتی) کس قدر کثیر ہے تو وہ بولا کہ شرط پوری کرنا لازم ہے۔ میں نے اس کو دوسری اشرفی بھی دے دی اور کہا کہ دونوں کو سورہ فاتحہ کے ساتھ تعویذ بنالے۔

تشریح لغات ۱ استعیذ۔ اس کا مصدر استعاذۃ از استفعال بمعنے پناہ طلب کرنا اس میں س ت طلب کے لیے ہے۔ اور یہ عوذ سے ماخوذ ہے ۲ حسود۔ یہ حسد کا مبالغہ ہے بمعنے بہت حسد کرنے والا ۳ راشق۔ اسم فاعل کا صیغہ یہ رشق سے ماخوذ ہے جس کے معنے دیکھنے کے ہیں۔ اور اس کے اصلی معنے سیدھے نشانہ پر تیر مارنے کے ہیں یقال رشقہ بالسہم والنبل رشقا ای رماہم از نصر۔ اور جو کرم سے آتا ہے۔ اس کا مصدر رَشاقۃ آتا ہے جس کے معنے لطیف اور خوب صورت ہونے کے آتے ہیں۔ اور ضرب سے اس کے معنے سیدھے قد والے ہونے کے آتے ہیں۔ اس کا مصدر بھی رَشاقۃ آتا ہے ۴ شر۔ مصدر بمعنے برائی والجمع شرور یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ یقال ہو شرُّ الناس واشرار واشراء وہی شرۃ شرٌ یہاں مبتداء ہے اور اس کی خبر ان لیس ہے ۵ الخلائق۔ یہ خلیقۃ کی جمع ہے یعنی ایسی عادت انسانیہ جس کی وجہ سے انسان افعال سہولت کے ساتھ کر سکے۔ اور

اس کے معنے کنویں کے بھی آتے ہیں۔ جو کھودا جارہا ہو از نصر ۵۸ یُغْنِي از افعال بمعنے بے پرواہ کر دینا اور نفع دینا یقال ما یغنی عنک ہذا وما اغنی شیئاً یعنی وہ نافع نہیں ہے ۵۹ المَضَايِق۔ یہ مضیق کی جمع ہے بمعنے تنگ جگہ، و تنگی و مشکل کام دکھاٹی اور یہ سعۃ کی ضد ہے یقال ضاق الشیٔ یضیق ضیقاً وضیقاً جب کہ وہ تنگ ہو از ضرب اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ ظرف ہے اس سے مراد تنگ ہتھیلی ہے اس لیے کہ وہ بھی درہموں کے لیے تنگ جگہ ہے۔ اول صورت میں معنے یہ ہوں گے کہ یہ تکالیف میں نفع نہیں دیتا اور دوسری صورت میں معنے ہوں گے نفع نہیں دیتا حالانکہ وہ ہتھیلی میں ہے ۶۰ فَرَّ۔ از ضرب یقال فرّ فرّاً وفراراً ومفراً ومفرّاً جب کہ وہ بھاگے ۶۱ اٰبِق بھاگنے والا اور یہ اباق سے ماخوذ ہے بمعنے بھاگنا از ضرب و سمع پھر اٰبق کے معنے ———— خاص ہو گئے مولیٰ سے بھاگنے والا غلام۔ والجمع اُبّاق و اُبَّقٌ یقال ابق العبد یعنی مولے کے پاس سے غلام بھاگ گیا ۶۲ وَاٰہًا۔ یہ تعجب اور پسندیدگی کے موقع پر عمل خیر کے لیے مستعمل ہوتا ہے اور آہاً افسوس ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے ۶۳ یقذفہ۔ از ضرب بمعنے تہمت لگانا اور بغیر سوچے سمجھے پھینک دینا۔ یقال قذفہ بکذا یعنی اس پر تہمت لگائی۔ وفی التنزیل۔ قل ان ربی یقذف بالحق ویقذفون بالغیب ۶۴ حالق نہایت بلند پہاڑ جس پر گھاس وغیرہ کچھ نہ ہو گویا وہ منڈا ہوا ہے۔ والجمع حَلَقَۃٌ یقال جاء من حالق یعنی وہ بلند جگہ سے آیا و منہ التحلیق بمعنے مونڈنا کما فی التنزیل محلقین رؤسکم ومقصرین الخ یہاں جو مِنْ داخل ہے وہ یقذف کا صلہ ہے، وقال استاذی مدظلہ، یہاں مونڈنے والے کے معنے مراد لیں اور اس کو حال بنائیں یقذفہ کی ضمیر منصوب سے اس لیے کہ اس میں مبالغہ بہت ہے ۶۵ ناجاہ۔ اس کا مصدر مناجات ہے از مفاعلت بمعنے آہستہ سے کلام کرنا ۶۶ الوامق بمعنے دوست و عاشق از ومق یمق مقۃً دو مقاً یعنی محبت کرنا منہ الومیق الموموق یعنی محبوب ۶۷ قول محقق صادق سے یا تو مراد کوئی مطلق محقق ہے یا اس سے مراد حضرت عمرؓ ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں۔ کہ اس سے مراد حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ ہیں جیسا کہ مقامات حریری کی عربی شرح حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلوی میں موجود ہے واللہ اعلم۔ لا اری فی وصلک لی الخ بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ مقولہ حضرت عمرؓ کا اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ مقولہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کا ہے ۶۸ ما اغزر۔ یہ فعل تعجب ہے بمعنے کس قدر کثیر ہے واصلہ غزر الماء غزارۃً وغزراً جب کہ پانی وغیرہ بہت ہوا از کرم وغزرت الناقۃ اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا ۶۹ وبلک وبل کے معنے تیز بارش اور بڑی بوندوں کی بارش کے معنے آتے ہیں۔ اس سے یہ کنایہ زیادتی بلاغت اور معرفت علم ہے۔ از ضرب یقال وبلت السماء الارض جب کہ بہت بارش ہو ۷۰ والشرط یہ مصدر ہے بمعنے کسی چیز کو لازم کر دینا اور لازم پکڑنا والجمع شروط اور اس کی معنے کمینہ اور ذلیل کے بھی آتے ہیں۔ یقال ہو من شرط الناس واشرالمہم وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔ اور یہاں یہ عبارت محذوف ہے والشرط املک لنفسک منک یا بہ املک علیک منک محذوف ہے اور والشرط الخ یہ جملہ سب سے پہلے افعی جرہمی حکیم عرب نے کہا تھا ان کے پاس دو شخص جھگڑتے ہوئے آئے ان میں سے ایک نے کوئی شرط کی تھی وہ اس کے پورا کرنے سے گریز کر رہا تھا تو افعی نے کہا والشرط املک لنفسک منک الخ ۷۱ نفحۃ۔ از فتح اس کا مصدر نفح نفوح نفاح اور نفحان ہے بمعنے خوشبو پھیلنا اور ہوا کا چلنا اور دینا یقال نفحہ بکذا ای اعطاہ ۷۲ عوذ۔ از باب تفعیل اس کا مصدر تعویذ ہے بمعنے پناہ دینا و پناہ مانگنا ۷۳ المثانی۔ یہ مثنیٰ بالقصر کی جمع ہے بمعنے بریط۔ باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار اور وادی کے موڑ کے بھی معنے آتے ہیں۔ اور مثانی قرآن کی آیتیں۔ یا مطلق کوئی سورت قرآن یا خاص سورہ فاتحہ اس لیے کہ وہ دو دفعہ نازل ہوئی ایک مرتبہ مکہ معظمہ میں اور دوسرے مدینہ میں یا اس لیے کہ وہ دو دفعہ نماز میں پڑھی جاتی ہے بلکہ کئی مرتبہ

یا الحمد للہ ربّ العالمین پڑھیں ۔ واللہ اعلم۔

فَاَلْقَاهُ[1] فِیْ فَمِهٖ وَقَرَنَهٗ[2] بِتَوْاَمِهٖ ۔ وَانْكَفَاَ[3] يَحْمَدُ مَغْدَاهُ[4] وَيَمْدَحُ النَّادِيْ[5] وَنَدَاهُ[6] ۔ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ فَنَاجَانِیْ[7] قَلْبِیْ بِاَنَّهٗ اَبُوْزَيْدٍ ۔ وَاَنَّ تَعَارُجَهٗ[8] لَكَيْدٌ[9] ۔ فَاسْتَعَدْتُّهٗ[10] وَقُلْتُ لَهٗ قَدْ عُرِفْتَ بِوَشْيِكَ[11] فَاسْتَقِمْ فِیْ مَشْيِكَ[12] فَقَالَ اِنْ كُنْتَ ابْنَ هَمَّامٍ فَحُيِّيْتَ بِالْكِرَامِ وَحَيِيْتَ بَيْنَ كِرَامٍ[13] فَقُلْتُ اَنَا الْحٰرِثُ فَكَيْفَ حَالُكَ وَالْحَوَادِثُ[14] ۔

الترجمة والمطالب اس نے اس کو بھی دوسرے کے ساتھ منہ میں رکھ لیا اور اپنی صبح اور اس مجلس و بخشش کی تعریف کرتا ہوا چل دیا (حارث بن ہمام نے بیان کیا) اور میرے دل نے یہ کہا کہ ہو نہ ہو یہ ابوزید ہے اور اس کا لنگڑا پن ہونا ضرور کسی مکر سے ہے لہٰذا میں نے اس کو لوٹایا اور میں نے اس سے کہا کہ حضرت آپ اپنی رنگینی کلام سے پہچانے گئے اب آپ سیدھے سیدھے چلئے وہ بولا اگر تو ابن ہمام ہے تو خدا تجھے بزرگوں میں عزت کے ساتھ زندہ رکھے میں نے کہا میں حارث ہی ہوں۔ مگر یہ تو فرمایئے کہ آپ پر یہ کیا مصیبت ہے ۔

تشریح لغات [1] فالقاہ ۔ لقے از افعال بمعنے طرح یقال القے الیہ القول و بالقول ای ابلغہ ایاہ والقے علیہ القول ای املاہ والقے الیہ السمع ای اصغے الیہ واصلہ لقی فلانا لقاءً از سمع اور یہ لقے متعدی بنفسہ ہے اور کبھی با کے ذریعہ سے بھی متعدی ہوتا ہے بمعنے ڈالنا [2] فمہ اور فم " بمعنے منہ اور یہ اصل میں فُوہٌ تھا۔ والجمع اَفواہٌ اور افعل کے اعتبار سے اس کی جمع اَفمامٌ آتی ہے۔ اور نسبت کی وجہ سے فمیٌّ اور فمویٌّ کہتے ہیں [3] قرنہ قرن مصدر بمعنے ملانا اور جمع کرنا یقال قَرَنَ الشیَٔ بالشی قرناً ای وصلہ الیہ از ضرب [4] بتوامہ وہ دو بچے جو ایک پیٹ سے ایک ساتھ پیدا ہوں والجمع تَوَائِمُ وتوامٌ [5] انکفاء از انفعال اس کا مصدر انکفاء آتا ہے بمعنے واپس ہونا ولوٹنا یقال انکفاء القوم ای رجعوا وانکفاء فلان الے الشیٔ ای مال الیہ واصلہ کفاء کفاء ای انہزم وانصرف وکفاء عن القصد ای عدل وکفا الرجلَ ای طردہ از فتح [6] مغداہ ۔ یہ مصدر میمی ہے ۔ بمعنے صبح کا وقت از نصر [7] النادی ۔ اسم فاعل بمعنے مجلس اور جب تک لوگ اس میں موجود رہیں والجمع اندیۃٌ وَنوادٍ وجمع الجمع اندیات [8] ندی مصدر بمعنے بخشش وعطا وفضل وخیر والجمع انداءٌ واندیۃ [9] فناجانی ۔ از مفاعلت مناجات مصدر بمعنے آہستہ سے کان میں بات کہنا [10] تعارجہ یہ باب تفاعل کا مصدر ہے بمعنے بتکلف لنگڑا بننا واصلہ عَرِجَ الرجلُ وعَرَجَ عَرَجاً فہو اعرجٌ والجمع عُرجٌ وعرجانٌ از فتح [11] وسمع کید یہ مصدر ہے اس کے معنے مکر اور حیلہ کے آتے ہیں وفی التنزیل ان کیدکن عظیم والجمع کیادٌ ۔ از ضرب اور کید یہ حیلہ کی ایک قسم ہے کبھی یہ مذموم ہوتا ہے ۔ اور کبھی ممدوح اور اس کا اکثر استعمال ذم میں کیا جاتا ہے [12] فاستعدتہ از استفعال بمعنے دوبارہ لوٹوانا یقال استعدتہ ای طلبت رجوعہ وعودہ الٰی از نصر اور عود یہ بدءٌ کی ضد ہے [13] بوشیک یہ مصدر ہے بمعنے کپڑے کے نقش ونگار و منقش کپڑا از ضرب یقال وَشَی الثوبَ یعنی کپڑے کو منقش کیا ووشی الکلام یعنی وہ جھوٹ بولا اور اس کے معنے چغل خوری کے بھی آتے ہیں ۔ ویقال وشاہ ثوباً یعنی اس کو کپڑا پہنایا [14] مشیک بالفتح بمعنے چال ۔ رفتار ۔ از ضرب یقال مشی مشیاً وتمشیاً

جبکہ وہ چلے خواہ وہ تیزی سے ہو یا آہستہ [۵] اَسْتَقِمْ، امر حاضر کا صیغہ از استفعال بمعنے پختہ ہونا اور ٹھہرنا [۶] فَحَيِّيتَ از سمع اور اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے یقال لہ حیاک اللہ واصلہ حَيِیَ حیاۃ ضدمات تحیّۃً ای قال لہ حیاک اللہ ای اطال عمرک اور سلام کرنے کے معنے میں بھی آتا ہے اور باقی رکھنے کے معنے میں بھی [۷] کرام یہ کریم کی جمع ہے بمعنے شریف جو لئیم کی ضد ہے اور اس کی جمع کرماء بھی آتی ہے [۸] والحوادث میں واؤ مع کے معنے میں ہے اور حوادث یہ حادثٌ کی جمع ہے جو چیزیں تم پر آئیں خواہ وہ خیر ہوں یا شر۔ یقال حوادث الدہر یعنی زمانہ کے مصائب۔

فَقَالَ اَتَقَلَّبُ فِی الْحَالَیْنِ بُؤْسٍ[۱] وَرَخَاءٍ[۲]۔ وَاَنْقَلِبُ مَعَ[۳] الرِّیْحَیْنِ زَعْزَعٍ[۴] وَرُخَاءٍ[۵]۔ فَقُلْتُ کَیْفَ اَدَّعَیْتَ[۶] الْقَزَلَ۔ وَمَا مِثْلُکَ مَنْ هَزَلَ[۷]۔ فَاسْتَسَرَّ[۸] بِشْرُهُ الَّذِیْ کَانَ تَجَلّٰی[۹]۔ ثُمَّ اَنْشَدَ حِیْنَ وَلّٰی[۱۰]۔

تَعَارَجْتُ لَا رَغْبَةً فِی الْعَرَجِ[۱۱]	وَلٰکِنْ لِاَقْرَعَ بَابَ[۱۲] الْفَرَجِ[۱۳]
وَاُلْقِیَ حَبْلِیْ عَلٰی غَارِبِیْ[۱۴]	وَاَسْلُکَ[۱۵] مَسْلَکَ مَنْ قَدْ مَرَجَ[۱۶]
فَاِنْ لَامَنِی[۱۷] الْقَوْمُ قُلْتُ اعْذِرُوْا	فَلَیْسَ[۱۸] عَلٰی اَعْرَجٍ مِنْ حَرَجٍ[۱۹]

الترجمۃ والمطالب پس اس نے کہا میں دو حالتوں میں رہتا ہوں کبھی سختی میں اور کبھی فراخی میں اور میں دو قسم کی ہواؤں میں پھرتا ہوں سخت تیز اور نرم و سرد میں میں نے کہا یہ تم بتاؤ کہ تم لنگڑے کیوں بنے ہو اور تو بھی بڑا ہی مسخرہ ہے یہ سُن کر اس کا کھلا ہوا چہرہ کملا گیا پھر اس نے جاتے وقت یہ شعر پڑھے سے میں لنگڑے پن کو اچھا سمجھ کر لنگڑا نہیں بنا ہوں بلکہ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ میں خوشحالی اور کشائش رزق کے دروازہ کو کھٹ کھٹاؤں میں اپنی رسی کو کاندھے پر ڈال کر ایسے چلتے بیل کی طرح (جدھر سینگ سماتے ہیں) چل دیتا ہوں تاکہ اگر قوم مجھ کو بُرا بھلا کہے تو میں یہ کہدوں (مجھے آپ معاف فرمایئے) لنگڑے کے لیے اس میں کوئی مضائقہ و حرج نہیں ہے۔

تشریح لغات [۱] بُؤس شدت و دکھ و رنج و فقر و فاقہ یقال بئس الرجل بأسًا و بُؤسًا و بئیسًا ای افتقر و اشتدت حاجتہ فہو بائس از سمع و فی التنزیل اخذناہم بالبأساء والضراء و قال الزجاج البأساء الجوع والضراء فی الاموال والبدن والبأساء ضد النعمۃ [۲] رخاء بمعنے وسعت عیش۔ و تن آسانی واصلہ رخا یرخا رخوًا ورخاءً ای اتسع وصار ہنیًا از نصر و فتح و سمع و کرم ومنہ الاسترخاء بؤس اور رخا، یہ دونوں بدل تفصیل ہیں بدل تفصیل وہ کہلاتا ہے جو مبدل منہ کی تفصیل کرے اور بُؤس اور رخاء میں صنعت طباق ہے [۳] مَعَ۔ اس کے اندر اختلاف ہے بعض نے یہ کہا کہ یہ حرف ہے اور حقیقت میں یہ اسم ہے قاعدہ یہ ہے جس اسم کے آخر میں حرف ہو اور ماقبل متحرک ہو وہ اسم ہوا کرتا ہے اور مع کا مضاف الیہ اصل اور منتوع ہوا کرتا ہے [۴] زعزع۔ وہ سخت ہوا جو درختوں کو ہلا دے اور ان کو گرا دے۔ یقال زعزعہ ای حرکہ شدیدًا اور اس کا ثلاثی مجرد مستعمل نہیں ہوتا۔ [۵] رخاء بالضم نرم ہوا کو کہتے ہیں اور یہ زعزع کی ضد ہے۔ اور رَخاء اور رُخاء میں تجنیس محرف ہے و فی التنزیل فسخرنا لہ الریح تجری بامرہ رخاءً۔ واعلم ان الریح اذا وقعت بین الریحین فہی النکباء فاذا وقعت بین الجنوب والصبا فہی الجربیاء فاذا ہبت من جہات مختلفۃ فہی المتناوحۃ فاذا کانت

1 لینۃ فہی الریدانۃ فاذا جاءت بنفس ضعیف وروح فہی النسیم فاذا کانت شدیدۃ فہی العاصف والسیہوج فاذا کانت شدیدۃ ولہا زفزفۃ وہی الصوت فی الزفزافۃ فاذا حرکت الاغصان تحریکاً شدیداً وقلعت الاشجار فہی الزعزعان والزعزع والزعزاع فاذا جاءت بالحصباء فہی الحاصبۃ فاذا ہبت من الارض نحو السماء کالعمود فہی الاعصار یقال لہا زوبعۃ دا- زد لیۃ والوزو بعۃ ایضاً فاذا کانت باردۃ فہی الحرجف والصرصر والعریۃ فاذا کان مع برد ہا ندیا فہی البلیل فاذا کانت حارۃ وہی احر درد السموم فاذا لم تقلع شجرا ولم تحمل مسطرا فہی العقیم

[6] ادعیت ۔ اس کا مصدر ادعاء ہے بمعنے دعوے کرنا اور ناحق کسی چیز کو اپنے لیے ثابت کرنا واصلہ دعاہ دعاء ودعوٰے ای ناداہ واما دعاہ دعوۃً ومدعاۃً ای طلبہ بیاکل از نصر و یقال ادعیت الشئی یعنی میں نے کسی چیز کا دعوے کیا خواہ وہ سچ ہو یا جھوٹ [7] القزل بمعنے لنگڑا ہونا اس کے اصلی معنے وہ پنڈلی جو پتلی ہوگئی ہو یا لنگڑا پن مع پتلی پنڈلی کے از سمع [8] ہزل ۔ از ضرب ونصر اور یہ فعل ماضی کا صیغہ ہے، اس کا مصدر ہزل ہے ۔ اور یہ جد کی ضد ہے ۔ وفی التنزیل انہ لقول فصل وما ہو بالہزل یقال ہزل فی کلامہ ہزلاً یعنی جب کوئی مذاق کرے [9] استنسر از استفعال استنسار مصدر بہت آہستہ سے بات کہنا اور اس میں س اور ت مبالغہ کے لیے ہے [10] لبشر بالکسر بمعنے چہرے کی کشادگی واصلہ بَشَرَ وَبَشَّرَ والبشر واستبشر بہ ولہ ای سُرّ از ضرب وسمع ۔ [11] تجلّے یہ وادی اور یائی دونوں طرح آتا ہے ۔ از باب تفعیل بمعنے ظاہر ہوا [12] ولّی اس کا مصدر تولیت ہے از تفعیل بمعنے پیٹھ پھیر لینا اور یہ لازمی اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے وفی التنزیل یولوکم الادبار ۔ اور کبھی یہ اقبال کے معنے میں بھی آتا ہے ۔ جیسے اللہ تعالےٰ کا فرمان فَوَلِّ وجہک شطر المسجد الحرام اور اسی طرح ولکل وجہۃ ہو مولیہا [13] عرج از نصر عروج مصدر بمعنے اوپر کو چڑھنا از فتح وسمع بمعنے بید الشئی لنگڑا ہونا یہاں یہ مصدر ہے جس کے معنے لنگڑا بننے کے ہیں ۔ [14] باب بمعنے دروازہ ومنہ باب الکتاب ای ابتداء الکتاب والجمع ابوابٌ وبیبان ومنہ بوّابٌ بمعنے دربان ہونا دروازہ کو لازم پکڑنا یقال باب الرجل بوْباً ای صارلہ بوّاباً ای لازماً از باب نصر [15] الفرج محرکۃ بفتح الراء بمعنے کشادگی یقال فرج اللہ عنہ الغم ای کشفہ واذ ہبہ وبسکون الراء بمعنے شرم گاہ عورتٌ والمصدر منہ فرج از باب ضرب [16] حبلی بمعنے رسی اور باندھنے کی چیز والجمع حبالٌ والحُبلٌ وحُبُولٌ واحبالٌ وفیہ تلمیح الےٰ ما فی کتب الفقہ حبلک علےٰ غاربک معناہ امرک الیک اعمل ما شئت ۔ [17] غارب کندھا ۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ اور ہر چیز کا اعلےٰ حصہ والجمع غوارب [18] واسلک　از نصر یقال سلک الطریق یعنی راستہ کی اتباع کرتے ہوئے چلنا واسلک الشئی فی الشئی کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا وسلکہ المکان واسلکہ المکان وفیہ وعلیہ یعنی کسی جگہ میں داخل کرنا ۔ [19] مسلک راستہ والجمع مَسالک [20] مرج از نصر اس کا مصدر مَرْجٌ آتا ہے یقال مرج الشئی بالشئی ای خلطہ وفی التنزیل مرج البحرین اور مَرْجٌ کے معنے جانوروں کے چراگاہ میں چھوڑ دینے کے بھی آتے ہیں ۔ یقال مرجت الدابۃ یعنی چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کے لیے چھوڑا ویقال مرج الکذب یعنی وہ جھوٹ میں ملوث ہوا [21] ۔ لامنی از نصر اس کا مصدر لوْمٌ ہے بمعنے ملامت کرنا یقال لامنی کذا وعلےٰ کذا یعنی اس کو جھڑکا اور ملامت کی [22] اعذروا از ضرب بمعنے عذر قبول کرنا اور اعتذار کے معنے عذر بیان کرنے کے ہیں ویقال اعتذر عن فلان یعنی کسی سے عذر قبول کرنے کو کہا [23] فلیس علےٰ عرج من حرج یہ قرآن شریف کی آیت کا اقتباس ہے لیس علےٰ الاعمےٰ حرج ولا علےٰ الاعرج حرج ولا علےٰ المریض حرج [24] حَرَج کے معنے گناہ اور تنگی، اور تنگ مکان جس میں درخت زیادہ ہوں ۔ یقال حرج الشئی یعنی چیز تنگ ہے وحرج علیہ الشئی یعنی وہ حرام ہوئی وحرج العین یعنی متاخذ بصر تنگ ہو گئے ۔ اور سب کا مصدر حَرَجٌ بفتح الراء آتا ہے اور سب معنوں میں یہ

سمع سے آتا ہے۔

اَلْمَقَامَةُ الرَّابِعَةُ الدِّمْيَاطِيَّةُ

أَخْبَرَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ ظَعَنْتُ إِلَى دِمْيَاطٍ. عَامَ هَيَاطٍ وَمَيَاطٍ. وَأَنَا يَوْمَئِذٍ مَرْمُوقُ الرَّخَاءِ مَوْمُوقُ الْإِخَاءِ. أَسْحَبُ مَطَارِفَ الثَّرَاءِ. وَأَجْتَلِي مَعَارِفَ السَّرَّاءِ. فَرَافَقْتُ صَحْبًا قَدْ شَقُّوا عَصَا الشِّقَاقِ. وَارْتَضَعُوا أَفَاوِيقَ الْوِفَاقِ. حَتّٰى لَاحُوا كَأَسْنَانِ الْمُشْطِ فِي الْاِسْتِوَاءِ وَكَالنَّفْسِ الْوَاحِدَةِ فِي الْتِئَامِ الْأَهْوَاءِ.

الترجمۃ والمطالب

(چوتھا مقامہ دمیاطیہ کی طرف منسوب ہے)

بیان کیا (خبر دی) حارث بن ہمام نے کہا کہ ہم نے ایک مرتبہ سختی اور اضطراب کے سال میں شہر دمیاط سے کوچ کیا میں اس وقت دولت مند تھا اور میری بھائی بندی (لوگوں کو) پسند تھی میں مالداری کی چادریں اوڑھتا اور خوشی کے چہرے دیکھتا تھا۔ لہذا میں نے چند ایسے دوستوں کو اپنا شریک سفر بنا لیا جنہوں نے مخالفت کی بیخ کنی کر دی تھی۔ اور اتفاق کا دودھ پیا تھا یہاں تک کہ وہ سب ہم پن میں کنگھی کے دندانوں کی طرح اور آرزوئیں پوری کرنے میں ہم ایک جان کی طرح ہو گئے تھے۔

تشریح لغات

[1] الدمیاطیہ کی نسبت دمیاط کی طرف ہے یہ شہر دریائے شور کے ساحل پر مصر سے تیس[3] فرسخ پر واقع ہے۔ [2] ظعنت ۔ از فتح ظعن مصدر ہے اور یہ اقامت کی ضد ہے یقال ظعنت ای رحلت اس کے معنے کوچ کرنے کے آتے ہیں [3] عام کے معنے سال کے ہیں والجمع عوام واصلہ عام یعوم عوما فی الماء ای سبح فیہ وعامت السفینۃ فی الماء ای سارت فیہ از نصر عام کا استعمال اس سال پر زیادہ ہوتا ہے جس میں سختی اور قحط ہو [4] ہیاط اصلہ ہاط یہیط ہیطا ای صح واجلب یعنی چیخنا اور فریاد کرنا اور شور کرنا۔ [5] میاط اصلہ ماط یمیط میطا ومیطانا واماط اماطۃ عن کذا ای ابتعد وتنحی یہ لازم اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہوتا ہے اور میاط کے معنے دفع کرنا اور جھڑکنا اور دور چلے جانے کے آتے ہیں یقال اصبحوا فی ہیاط ومیاط ای فی مجیٔ واضطراب از ضرب [6] رمقا مرموق۔ از نصر یقال رمقہ ای اذا اتبع بصرہ دادام الیہ یعنی دیکھا گیا [7] الرخاء مصدر بمعنے فراخی زندگی و زندگی کا آسودہ ہونا [8] مومق از ومق یمق اسم مفعول کا صیغہ بمعنے محبت کیا گیا [9] اخاء وادی بمعنے بھائی یا دوست بننا از نصر یقال اخا واخے اخاءً من الافعال واخے مواخاۃً من المفاعلۃ سب کے معنے بھائی یا دوست بننے کے ہیں۔ [10] اسحب از فتح یقال سحبہ سحبًا ای جرہ علی وجہ الارض والاسحاب مطاوع لہ سحب کے معنے زمین پر کھینچنے کے آتے ہیں [11] مطارف۔ یہ مُطرف یا مُطرَف کی جمع ہے بمعنے ریشمی منقش چادر واصلہ طرف الشی طرافۃ کان اوصار طریفا ای جدیدا از کرم [12] الثراء بمعنے مالداری وتوانگری واصلہ ثری المال ثراءً وثری

ای کثر وثرے الرجل ای کثر مالہ از نصر و سمع ؎۱۱ اجتلی از افتعال اس کا مصدر اجتلاء ہے بمعنے دیکھنا یقال اجتلے الشئی اس نے چیز کو دیکھا ؎۱۲ معارف۔ یہ معرف بفتح المیم وفتح الراء وکسرہا کی جمع ہے بمعنے چہرہ۔ ؎۱۵ السترا یہ سرور سے مشتق ہے بمعنے خوشی اور عیش کی فراخی اور یہ فراہ کی نقیض ؎۱۶ فرافقت۔ از مفاعلت اس کا مصدر مرافقت ہے بمعنے ایک دوسرے کا سفر میں دوست بن جانا ؎۱۷ صحبا۔ یہ صاحب کی جمع ہے بمعنی ساتھی اور صاحب کی جمع اصحاب وصحبہ وصحابٌ وصُحبان وصحابۃٌ وصحابَۃٌ بھی آتی ہیں ؎۱۸ شقوا از نصر اس کا مصدر شق آتا ہے بمعنے پھاڑنا پھیرنا یقال شقّ امرہ فانشق ای فرقہ فافترق وفی التنزیل ثم شققنا الارض شقًا واذا السماء انشقت وانشق القمر ؎۱۹ عصا یہ وادی ہے بمعنے لاٹھی والجمع عُصِیٌّ وعِصِیٌّ واصلہ عصا الرجل عصوًا ای ضربہ بالعصا وعصا الجرح ای شدہ از نصر وعَصِیَ الرجل عصًا ای اخذ العصا از سمع اور شق عصا یہ سرکشی سے کنایہ ہے ؎۲۰ الشقاق یہ مفاعلت کا مصدر ہے۔ بمعنے ایک دوسرے کو پھاڑ دینا مخالفت وعداوت اس سے مراد نااتفاقی ہے یقال شاقہ مشاقۃ وشقاقًا ای خالفہ ؎۲۱ ارتضعوا از افتعال بمعنے دودھ پینا رضاعت یہ لازم ہے اور ارضاع یہ متعدی ہے وفی التنزیل ویرضعن اولادھن حولین کاملین الخ واصلہ رضع الولد امہ رضعًا ورضاعًا ورضاعۃً ای مص ثدیہا از سمع وفتح ؎۲۲ افاویق یہ افواق کی جمع ہے اس میں سب کا اتفاق ہے پھر اس میں اختلاف ہوا ہے، یہ افواق کس کی جمع ہے بعض یہ فرماتے ہیں یہ فواق کی جمع ہے فواق وہ وقت جو پہلے اور دوسرے دودھ دینے کے درمیان رہتا ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں یہ فیقۃ" کی جمع ہے بمعنے دودھ قلیل ہکذا قال استادی عمی الکرم مدظلہ العالی۔ یقال ارضعنی افاویق برہ ای اخیار احسانہ ؎۲۳ الوفاق یہ خلاف اور نفاق کی ضد ہے۔ بمعنے موافق ہونا واتفاق کرنا یقال وافقہ موافقۃً ووفاقًا ای صادفہ موافقًا واصلہ وفق الامر وفقًا ای صار صوابا موافقا للمراد ووفق الامر ای صادفہ موافقا وفی التنزیل الا حمیمًا وغساقًا جزاءً وفاقًا اور ان سب معنے میں یہ حسب سے آیا ہے ومنہ التوفیق وفی التنزیل وما توفیقی الا باللہ ؎۲۴ لاحوا از نصر کا مصدر لوح ہے۔ بمعنے ظاہر ہونا یقال لاح الشئی یعنی چیز ظاہر ہوئی ولاح البرق یعنی بجلی چمکی ولاح النجم یعنی ستارہ نکلا ؎۲۵ کاسنان سن کی جمع ہے بمعنے دانت وعمر وسال والجمع اسنان واسنۃ" واسنٌ اور اس کے معنے درانتی یا کنگھی وغیرہ کے دندانے اور لہسن کے جوا اور قلم میں تراشنے کی جگہ اور ریڑھ کی ہڈیوں کے کنارے کے بھی آتے ہیں از نصر ؎۲۶ المشط بمعنے کنگھی اس میں پانچ لغت ہیں بحرکات ثلثۃ فی المیم وسکون شین ومشط بروزن کتف ومُشُطٌ ومِشطٌ والجمع مشاطٌ وامشاطٌ یقال مشط الشعر مشطًا ای سرّحہ وخلّص بعضہ من بعض از ضرب ؎۲۷ الاستوا یہ استفعال کا مصدر ہے برابری اور مستقیم رہنے کے معنے میں آتا ہے واصلہ سوی الامر الاصوااای استقام از سمع ؎۲۸ الواحدۃ۔ اصلہ وَحَدَ یَحِدُ وحدًا از ضرب ووحدۃً ووحودًا وحدًا بحدُ وحادۃً وحودۃ از کرم ای انفرد وصار وحیدا اوحدہ ای جعلہ واحدًا ووحّد اللہ تعالیٰ ای آمن بہ تعالیٰ وحدہ اوقال لا الہ الا اللہ ؎۲۹ التئام یہ افتعال کا مصدر ہے اس کے اصلی معنے زخم کے بھر جانے کے آتے ہیں اب اس کے معنے بھر جانے اور مل جانے کے ہوگئے یقال لام الشئی لامًا ای جمعہ از فتح ؎۳۰ الاہوا، یہ ہوے کی جمع ہے بمعنے خواہش عشق چاہے خیر ہو یا شر محبوب ومعشوق، محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے یقال فلاں اتبع ہواہ یعنی فلاں آدمی نے اپنے خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے وہکذا یقال فلانٌ من اہل الاہواء فلاں شخص ان لوگوں میں سے ہے جو سیدھے راستہ سے ہٹ گیا ہے۔

وَكُنَّا مَعَ ذٰلِكَ نَسِيْرُ النَّجَاءَ۔ وَلَا نَرْحَلُ اِلَّا كُلَّ هَوْجَاءَ۔ وَاِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا۔ اَوْ وَرَدْنَا مَنْهَلًا۔ اِخْتَلَسْنَا اللُّبْثَ۔ وَلَمْ نُطِلِ الْمُكْثَ۔ فَعَنَّ لَنَا اِعْمَالُ الرِّكَابِ۔ فِي لَيْلَةٍ فَتِيَّةِ الشَّبَابِ۔ غُدَافِيَّةِ الْاِهَابِ۔ فَاَسْرَيْنَا اِلٰى اَنْ نَضَا اللَّيْلُ شَبَابَهٗ وَسَلَتَ الصُّبْحُ خِضَابَهٗ۔

الترجمۃ والمطالب

ہم لوگ اسی اتحاد واتفاق کے ساتھ تیز روی سے سیر کرتے تھے اور ہمیشہ) تیز رو اونٹنی پر پالان اور کجاوے کستے تھے جب ہم کسی جگہ پر پہونچ کر قیام کرتے یا کسی پانی پر ٹھہرتے تھے تو بہت تھوڑی دیر اور ہم زیادہ نہ رُکتے تھے ایک مرتبہ اندھیری رات میں جو کوتے کے پروں کی طرح سیاہ تھی ہم کو سفر کرنے کا اتفاق ہوا پس ہم راتوں رات چلتے رہے یہاں تک کہ رات کی جوانی (تاریکی) ختم ہوئی، اور صبح نے اپنا خضاب دھو ڈالا (یعنی صبح کی روشنی پھیل گئی)

تشریح لغات

لہ نسیر یہ سیر سے مشتق ہے از ضرب جس کے معنے رات اور دن میں جانے کے ہیں اور سُرا کے معنے خاص رات میں جانے کے ہیں ومن السیر السیارۃ بمعنے القافلۃ وفی التنزیل وجاءت سیارۃ الخ ۲ النجاء یہ مصدر بھی ہے جس کے معنے نجات دینے کے ہیں اور اس کے دوسرے معنے تیز رو اونٹنی کے بھی آتے ہیں اگر مصدر کے معنے یہاں مراد لیے جائیں تو اس وقت یہ مضاف الیہ ہوگا مفعول مطلق فعل محذوف کا ای نسیر سیر النجاۃ یعنی ہم سیر کرتے تھے، نجات دینے کا سیر اور دوسرے معنی کی صورت میں مقدر ماننے کی کوئی ضرورت نہیں یعنی ہم سیر کرتے تھے تیز اونٹنی کا ۳ ہوجاء، یہ اہوج کا مؤنث ہے بمعنے تیز رفتار اونٹنی ای ناقۃ سریعۃ والجمع ہُوج یقال ہَوِجَ یَہْوَجُ ہَوَجًا اذا کان طویلا فی حمق وطیش از سمع منزل از ضرب بمعنے اترنا۔ منزل اترنے کی جگہ پھر منزل اس جگہ کو کہنے لگے ہیں جس میں کوٹھا اور مطبخ اور صحن مسقف ہو اور بیت فقط کوٹھری کو کہتے ہیں۔ اور دار وہ مکان جن میں بہت سے کوٹھے اور مطبخ اور صحن مسقف اور غیر مسقف ہوں اور حجرہ جس میں فقط صحن ہو اور کوٹھری (یعنی ہو چھوٹا کمرہ) ۵ منہلا منہل کے معنے پہلی دفعہ پانی پینے کے ہیں والجمع مناہل یقال نہلت الابل نہلًا ای شربت اول الشرب ویستعمل بمعنے العطش اور یہ اضداد میں سے ہے۔ از سمع۔ اور صاحب اقرب الموارد نے یہ بیان کیا ہے اس کے معنے اصل میں پہلی مرتبہ پانی پی لینے کے ہیں۔ اور جب پہلی مرتبہ پی لیتا ہے تو کبھی پیاس باقی رہ جاتی ہے، اس لیے اس کے معنے پیاس کے آنے لگے منزل اور منہل میں بعضوں نے یہ فرق بیان کیا ہے۔ منزل وہ جگہ جہاں انسان اُترے وہاں پانی ہو اور منہل وہ جگہ جہاں پانی نہ ہو لیکن تحقیق یہ ہے کہ دونوں وہاں بولے جاتے ہیں جہاں پانی ہو منزل کی جمع منازل آتی ہے ۶ اختلسنا از افتعال اختلاس مصدر بمعنے اُچک لینا یقال خلس الشی خلسًا واختلسہ ای سلبہ بمخاتلۃ وعاجلًا از ضرب ۷ لُبثًا، مصدر از سمع یقال لبث لَبْثًا ولُبْثًا ولَباثًا ولُباثًا ولباثۃ ولبثانًا ولبیثۃ بالمکان جبکہ وہ ٹھہرے۔ اور اقامت کرے۔ ویقال ما لبث ان فعل کذا یعنی اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی ۸ المکث، یہ مصدر ہے۔ بفتح المیم بمعنے مطلق ٹھہرنا وبضم المیم کسی کے انتظار میں ٹھہرنا از نصر ۹ فعنّ بتشدید النون یہ فعل ماضی کا صیغہ ہے از نصر وضرب یقال عن لہ الشیٔ عنًّا وعنوانًا وعننًا واعتنّ ای ظہر امامہ واعترض ویقال عن عن الشیٔ ای اعرض عنہ ومنہ العنین اس لیے کہ اس کا عیب بھی ظاہر ہو جاتا ہے ۱۰ اعمال یہ عمل کی جمع ہے بمعنے عمل میں لانا، اور یہ سمع سے آتا ہے بمعنے

کام کرنا و محنت کرنا۔ الرکاب یا تو اس کا مفرد ہی نہیں یا اس کا واحد راحلہ ہے۔ اور یہ جمع من غیر لفظہ ہے اور پھر رکاب کی جمع الجمع رُکُبٌ مثل عُنُقٌ (بضم الکاف والراء) اور رکائب در کابات آتی ہے ۳؎ فتیۃ یہ فتی سے مشتق ہے بمعنے جوانی یقال فتی فَتِیَ ای کان فتیًا از سمع وہو فتیٌّ والجمع فِتیۃٌ وفتیان الشباب بمعنے جوانی یقال شبَّ فلانٌ شبابًا وشبیبۃً ای صار فتیًا از ضرب اور شبیب اور ہرم کی ضد ہے یقال الشباب شعبۃٌ من الجنون ۴؎ غدافیۃ یہ غداف کی طرف منسوب ہے بمعنے کالا کوا اور اس کے معنے لمبے کالے بال اور سیاہ بازو کے بھی آتے ہیں۔ اور بعض یہ فرماتے ہیں وہ کوا جو موسم گرما میں باہر نکلتا ہے اور وہ بہت کالا ہوتا ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں وہ پرندہ جس کو گدھ کہتے ہیں۔ والجمع غدفانٌ اور بعض یہ فرماتے ہیں یہ غُدَیفۃ بضم الغین سے ماخوذ ہے۔ غدف یغدف سے از نصر بمعنے بہت ہونا ان سب میں کثیر ہونے کی وجہ مناسبت ظاہر ہے اس لیے بڑے کوے میں بڑا ہونا اور دوسرے میں سیاہ ہونا اور تیسرے میں زیادہ عمر کا ظاہر ہے اس لیے کہ گدھ کی عمر بہت ہوتی ہے۔ ۵؎ الاہاب۔ بالکسر چمڑا یا کھال بغیر پکی ہوئی اور بعض اس کے معنے مطلق چمڑے کے فرماتے ہیں۔ والجمع اُہُبٌ واَہَبٌ وآہبۃٌ ۶؎ فاسر بنا۔ اس کا مصدر اسراءٌ ہے از افعال بمعنے رات کو چلنا اور یہ لازمی اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہوتا ہے اور قرآن شریف میں متعدی با سے ہے جیسے سبحان الذی اسرٰی بعبدہ الخ ۷؎ نضا از نصر بمعنے کھینچنا یقال نضا ثوبہ ای جرّدہ از نصر ومنہ النضو دبلا اونٹ اس لیے کہ اس کا گوشت بھی کھنچا ہوتا ہے والجمع انضاءٌ ۸؎ شباب بمعنے جوانی یقال رجل شابٌّ والجمع شباب وشبّانٌ وشَبَبۃٌ ویقال امرأۃٌ شابّۃٌ والجمع وشبابٌ وشابّاتٌ وشوابٌّ وشابّ از نصر ۹؎ سلت از ضرب ونصر اس کا مصدر سَلْتٌ ہے جس کے معنے نکال پھینکنے اور دور کرنے کے آتے ہیں یقال سلت المرأۃ الخضاب عن یدہا جبکہ وہ خضاب کو اپنے ہاتھ سے چھٹا ڈالے اور صاف کر دے۔ ۱۰؎ خضاب یہ مطلق رنگ کو کہتے ہیں۔ بلکہ خاص مہندی کے رنگ کو کہتے ہیں۔ اس کو اگر مرد کی طرف مضاف کریں اور کوئی قرینہ خارجیہ نہ ہو تو اس سے یہ مراد ہوتا ہے کہ اس نے اپنی ڈاڑھی پر مہندی لگائی اور اگر اس کو عورت کی طرف مضاف کریں اور وہاں بھی کوئی قرینہ خارجیہ نہ ہو تو اس سے یہ مراد ہوتا ہے۔ کہ عورت نے اپنے ہاتھوں کو مہندی لگائی ہے۔ یقال خضب الشیٔ خضبًا وخضّبَ ای لوّنہ از ضرب،،

فَحِیْنَ مَلِلْنَا السُّرٰی۔ وَمِلْنَا اِلَی الْکَرٰی۔ صَادَفْنَا اَرْضًا مُّخْضَلَّۃَ الرُّبٰی۔ مُعْتَلَّۃَ الصَّبَا۔ فَتَخَیَّرْنَاہَا مُنَاخًا لِلْعِیْسِ۔ وَمَحَطًّا لِلتَّعْرِیْسِ۔ فَلَمَّا حَلَّہَا الْخَلِیْطُ۔ وَہَدَاَ بِہَا الْاَطِیْطُ وَالْغَطِیْطُ۔

الترجمۃ والمطالب جب رات کے سفر اور چلنے نے ہم کو پریشان کر دیا اور ہم سونے کی طرف مائل ہوئے تو ہم نے ایک سرسبز ٹیلہ پایا جس میں ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا آ رہی تھی۔ اس کو ہم نے رات گذارنے اور سواریوں کو چھوڑنے کے لیے اختیار کیا پس جبکہ ہمراہی اسی جگہ پر اُترے پڑے اور اونٹوں اور سونے والے آدمیوں کی آوازیں (اور خراٹے) رک گئے۔

تشریح لغات ۱؎ مللنا یہ مَلَّ یَمَلُّ سے ہے از سمع یقال مَلَّ الرجلُ مَلَلاً ومَلالاً ومَلّۃً وملالۃً جب کہ وہ تھک جائے اور طبیعت کو تنگی ہو یقال مَلَّ الشیٔ ومن الشیٔ جب کہ وہ اس سے ملول ہو اور اس کا دل تنگ ہو اور اداس اور غمگین

ہو۔ ۳؎ السُّری رات کو چلنا یقال سرائے یسری سُرئے وسُریۃً وسرایۃً وسُرَیانًا ومَسرًے ای سار لیلاً از ضرب ۳؎ ملنا یہ مال یمیلُ سے ہے از ضرب بمعنے رجوع کرنا ورغبت کرنا یقال مال الے الشیٔ یعنی اس نے رغبت کی ویقال مال عنہ یعنی اس نے اعراض کیا۔ ۴؎ الکرآئے بمعنے اونگھ ۔ ونبند یقال کری الرجلُ کرًے ۔ ای نعس از سمع ۵؎ صادفنا از مفاعلت بمعنے پانا یقال صادفہ یعنی وہ اس کے مقابل ہوا خواہ بہ ارادہ یا بغیر ارادہ ۔ اور اس کا مجرد ضرب اور نصر سے آتا ہے یقال صدفًا وصدوفا بمعنے لوٹنا وپھرا دا ز ضرب صدفًا یقال صدف عنہ یعنی اس نے اعراض کیا۔ اور وہ رُکا وصدف فلانًا یعنی پھیر دیا اور لوٹا دیا ۶؎ ارضًا بمعنے زمین والجمع ارضون وأرُوضٌ وارضٌ وآراض یقال اتانا ابن ارضٍ یعنی ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا ۷؎ مخضلۃ از افعلال بمعنے تر وتازہ وسبز ہونا اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے یقال خضل خضلاً واخضل واخضلَ واخضوضلَ بمعنے تر ہونا وغمناک یقال عیش خضلٌ بمعنے شاداب زندگی ۔ ۸؎ الرُّبا یہ ربوۃ بالحرت الثلث کی جمع ہے بمعنے ٹیلہ اور اس کی جمع رُبیّ مثل حُلیّ آتی ہے واصلہ ربا ءالمال ربا ءً ورُبُوًّا ای زاد رنما از نصر ۹؎ معتلۃ از افتعال اس کا مصدر اعتلال ہے ۔ آہستہ سے ہوا کا چلنا اور بیمار ہونا اول معنے لینے کی صورت میں کوئی استعارہ نہ ہوگا اور دوسرے معنے کی صورت میں صبا کو بیمار سے تشبیہ دی تو یہ استعارہ بالکنایہ ہوا یا یہ ماخوذ علل ہے جس کے معنے سیراب کرنے کے ہیں تو معتلۃ کے معنے سیراب کیا ہوا ٹیلہ ۔ یقال اعتلت الریح ای کانت لینۃ یعنی ہوا خوشگوار اور بھینی بھینی ہے ۱۰؎ الصّبا بکسر الصاد بمعنے جوشِ جوانی ۔ بفتح الصاد بمعنے پروا ہوا اور اس کا مقابل دیور ہے ۔ پچھوا ہوا) والجمع صبواتٌ واصباءٌ ۱۱؎ فتخیرنا ایک اختیار باب افتعال سے ہے جس کے معنے پسندیدہ جاننے کے ہیں اور کسی چیز کو پسند کر لینا اور یہاں یہ باب تفعل سے ہے جس کے معنے بے تکلف اچھا سمجھ لینے کے ہیں ۔ خواہ وہ نفس الامر میں اچھی ہو یا نہ ہو اس پر اعتراض ہوتا ہے ۔ جب وہ سرو سبز تھی ۔ تو وہ نفس الامر میں اچھی ہوئی تو اس لیے مناسب یہ تھا کہ اختر نا کہتا تو اس کا جواب یہ ہے ۔ جب ان کی وہ منزل ہی نہ تھی تو وہ گویا واقع میں اچھی نہ ہوئی ۔ اس لیے کہ انھیں اس کی تر وتازگی سے کیا فائدہ ہوا بلکہ اور حسرت رہ گئی ۔ مناخا ۱۲؎ یہ ظرف ہے باب افعال کا بمعنے جائے اقامت اور اونٹ بیٹھ جانے کی جگہ اور غیر پسندیدہ جگہ کے لیے کہا جاتا ہے ۔ ہذا مناخ سوء ومنہ اناخ الجمل یعنی اونٹ کو بٹھایا اور اس کا ثلاثی مجرد مستعمل نہیں ہوتا ۱۳؎ للعیس سفید اونٹ جس میں خفیف سی سیاہی ہو اور بھورے رنگ کا اونٹ اور خاکی رنگ کے اونٹ کو کہتے ہیں ۔ اس کا واحد مذکر اعیسُ ہے ۔ اور اس کا واحد مؤنث عیساء آتا ہے ۔ یہ یائی ہے ۔ اور العیسُ عمدہ قسم کے اونٹ کو کہتے ہیں ۔ اور وادی نصر سے آتا ہے ۔ جس کے معنے حال بیان کرتے آتے ہیں اور عیس اسی سے ہے ۔ اور یہ اعوس تھا واو کو خلاف قیاس یا ر سے بدل لیا اور اعیس چونکہ ای رفتار میں اچھا ہوگا اس لیے اس کا اچھا حال بیان کریں گے ۱۴؎ محطلات از نصر مَحُطٌّ اور مَحُطَّۃٌ کے معنے اترنے کی جگہ اور قیام کی جگہ کے آتے ہیں یقال حطّہ حطًّا ای نزل وفی التنزیل وقولوا حِطَّۃٌ ۔ اور محط کی جمع محاطٌّ اور حالات آتی ہیں ۱۵؎ للتعریس کے مطلق اترنے یا رات کے آخیر حصہ میں سفر آرام کے لیے اترنا یا ماخوذ عرس سے ہے جس کے معنے دلہن کے ہیں واصلہ عَرِسَ عُرسًا وعَرَسَ عَرُسًا از نصر وسمع بمعنی خوشی ہونا ۱۶؎ حلّ از نصر وضرب اس کا مصدر حلول ہے جس کے معنی اترنے کے ہیں یقال حَلَّ حلاً وحَلَلاً المکان جب کہ وہ اترے ۱۷؎ الخلیط بمعنے شریک ساجھی و پڑوسی وشوہر وساتھی دوست وچچا زاد بھائی اور چیز جو کسی غیر سے مل جائے اور وہ قوم جو کسی امر پر جمع ہو جائیں اور اتفاق کر لیں اور اس کے معنے شریک فی الملک کے بھی آتے ہیں ۔ یعنی کسی مملوک چیز میں شریک ہوں ۔ والجمع خُلُطٌ وخلطاً اور اس کے معنے بھوسہ ملی ہوئی مٹی کے بھی آتے

ہیں دفی التنزیل و ان کتبیر اً مّن الخلطاء و بداء از فتح بمعنے آرام کرنا اور بچہ کا تھپکا کر سلانا یقال ہَدَأَ یَہدُأ ہدا و ہُدُوؤ یعنی سکون ہونا حرکت و آواز وغیرہ میں یقال ہدأ بالمکان جب کہ وہ اقامت کرے اور کبھی ہدا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں یقال ہدا الصبی جب کہ بچہ کو سلانے کے لیے تھپکی دیں ۷ لہ طیط وہ آواز جو دو جسم غیر ذی روح کے ملنے سے نکلے جیسے پتھر کو پتھر پر مارنے سے آواز پیدا ہوا ب اس کے معنے اونٹنی کے اوپر جو کجاوہ ہو اس کی آواز چڑ چڑ انے کو کہتے ہیں از ضرب۔ آلا طیط صوت الناقۃ والجمل والرحل اذا ثقلہ ما علیہ والصر یر صوت القلم والطست والسریر دالنعل والصرصرۃ صوت البازی والبط والخشخشۃ صوت حرکۃ القرطاس والثوب الجدید والدرع والصہصلق الصوت الشدید لمرأۃ والرعد والفرس۔ الجلجلۃ صوت البعر والرعد وحرکۃ الجلاجل والخفیف صوت حرکۃ الاغصان وجناح الطائر وحرکۃ الجۃ والصلیل والصلصلۃ صوت الحدید واللجام والسیف والدراہم والمسامیر والطنین صوت الذباب والبعوض والطنبور۔ والقعقعۃ والجلد الیابس والقرطاس ۸ لہ الغطیط وہو الصوت الذی یخرج مع نفس النائم یعنی سوتے خراٹے لینا اور خرخر کرنا یقال غَطَّ الرجلُ فی نومہ غَطًّا وغطیطاً فہو غاطٌّ جب کہ وہ خراٹے لے سونے کی حالت میں و یقال خطّ البعیر جب کہ اونٹ بلبلائے از ضرب۔

سَمِعْتُ صَيِّتًا مِنَ الرِّجَالِ. يَقُوْلُ بِسَمِيْرِهٖ فِي الرِّحَالِ. كَيْفَ حُكْمُ سِيْرَتِكَ مَعَ جِيْلِكَ وَجِيْرَتِكَ فَقَالَ اَرْعَى الْجَارَ. وَلَوْ جَارَ. وَاَبْذُلُ الْوِصَالَ. لِمَنْ صَالَ. وَاَحْتَمِلُ الْخَلِيْطَ. وَلَوْ اَبْدَى التَّخْلِيْطَ وَاَوَدُّ الْحَمِيْمَ. وَلَوْ جَرَّعَنِي الْحَمِيْمَ.

الترجمۃ والمطالب تو میں نے ایک آدمی کی آواز سنی جو اپنے افسانہ گو (ساتھی) سے کہہ رہا تھا تیرا اپنے رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے ساتھ کیا برتاؤ ہے؛ وہ بولا کہ میں اپنے پڑوسی کی ہمیشہ رعائت کرتا ہوں خواہ وہ مجھ پر ظلم ہی کیوں نہ کرے اور جو شخص مجھ پر حملہ کرے اس پر میں اپنی دوستی برتتا ہوں اور میں اپنے دوست سے چشم پوشی کرتا ہوں اگرچہ وہ عداوت اور دشمنی کرے اور میں اپنے قریب عزیز کو دوست رکھتا ہوں اگرچہ وہ مجھے گرم پانی ہی کیوں نہ پلائے۔ (تکلیف ہی کیوں نہ پہنچائے۔)

تشریح لغات لہ صیتاً سخت آواز کو کہتے ہیں یقال صَیِّتٌ وصائتٌ کمیّتٍ ومائتٍ واصل صات یصوت صوتاً بمعنے صائح وناولے از (نصر) اور یہ صیت سے مشتق ہے جس کے معنے آواز کے ہیں اور یہ اصل میں صیوت تھا اس میں واو کو یاء کو یا میں ادغام کر دیا سمیرہ وہ شخص جو رات میں باتیں کرے۔ یقال سمرہ سمراً وسموراً ای حدثہ لیلاً از نصر۔ اور اس کے معنے رات کو باتیں سنانے والے اور رات کو قصہ گو کے بھی آتے ہیں۔ اور ابنا سمیر کے معنے رات اور دن کے آتے ہیں اور جو سمع سے آتا ہے اس کے معنے گندم گون ہونے کے آتے ہیں تو یہ سمرۃ سے ماخوذ ہوگا اس لیے کہ رات کی روشنی گندم گون ہوتی ہے جب چاند چڑھا ہوا ہو سہ الرحال یہ رحل کی جمع ہے بمعنے کجاوے وسواری اور اس کی تصغیر رُحَیل آتی ہے جس کے معنے

یہ ہو تے ہیں کہ رحل پر کلام مجید رکھا جائے یقال عاد المسافر الی رحلہ یعنی مسافر اپنے قیام گاہ پر واپس آیا۔ ویقال حطّ رحلہٗ والقی رحلہ اسس نے اپنا کجاوہ آتارا اور سامان ڈالدیا یعنی اس نے اقامت کرلی ۵ سیرت۔ بمعنے عادت۔ طریقہ وطرز زندگی وہیئت یقال سیرۃ الرجل یعنی سوانح عمری۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت یقال ہو حسن السیرۃ وہ اچھی عادت والا ہے۔ والجمع سیرٌ ۵ جیلک بالکسر۔ ایک قسم کے لوگوں کے گروہ کو کہتے ہیں۔ جیسے عربی، ترکی، چینی، ہندی اور زمانہ کے لوگ والجمع اجیالٌ اور بعض اس کے معنے یہ فرماتے ہیں ہو کل قوم یختصون بلغۃ جیرتک یہ جار کی جمع ہے بمعنے پڑوسی وہمسایہ یقال جاور ہ مجاورۃً وجوارًا وجِوارًا والکسر افصح یعنی اس کے پڑوس میں وہ تنہا رہتا ویقال جا ور المسجد یعنی اس نے اعتکاف کیا۔ اور جار کی جمع جیرانٌ اور جیرۃٌ اور جوارٌ اور اجوارٌ آتی ہے ۵ ارعے از فتح رعایت مصدر بمعنے حفاظت کرنا یقال رعے الامر رعایۃً اذا حفظ وفی التنزیل فما رعوہا حق رعایتہا ۵ جار بمعنے پڑوسی وہمسایۃ قدم تحقیقہ، ۹ جار یہ جور سے مشتق ہے جس کے معنے ظلم کے ہیں اور یہ عدل کی نقیض ہے یقال جار یجور جورًا جبکہ وہ اس پر ظلم کرے از نصر ۱۰ ابذل از نصر وضرب بمعنے خرچ کرنا اور یہ منع کی ضد ہے یقال بذل الشئ بذلاً جبکہ وہ دے۔ اور سخاوت کرے۔ ویقال بذل جہدہ جبکہ وہ پوری کوشش کرے ۱۱ الوصال یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے ملاقات وملنا یقال واصلہ وصالاً ومواصلۃً بمعنے تعلق رکھنا۔ ۱۲ صال از نصر اس کا مصدر صولٌ اور صولۃٌ آتا ہے بمعنے حملہ کرنا یقال صال علیہ بمعنے کود پڑا۔ وصال وصولاً وصیالاً وصالاً وصو ولا وصَیَلانًا ومصالۃً علیہ جب کہ اس پر حملہ کرے۔ اور زبردستی کرے ۱۳ احتمل از افتعال اس کا مصدر احتمال ہے۔ بمعنے برداشت کرنا۔ یقال احتمل الشئ جبکہ وہ اٹھائے واحتمل الامرُ جبکہ وہ کسی امر کی طاقت رکھے اور اس پر صبر کرے۔ ۱۴ الخلیط از ضرب یہاں اس کا مضاف محذوف ہے۔ ای ایذاء الخلیط اور خلیط کے معنے آمیزش کے آتے ہیں۔ والجمع خُلُطٌ وخلطاء اصل میں وہ شخص جو سفر میں ساتھ ہو ۱۵ ابدے۔ از افعال بمعنے ظاہر کرنا یقال ابدے الام یعنی اس نے ظاہر کیا وابدے فی کلامہ اس نے جرأت دکھلائی اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ یقال بدا بدوًا وبداءً وبدوًا وبداءۃ بمعنے ظاہر ہوا ۱۶ التخلیط۔ اصل میں وہ شخص جو یہ ظاہر کرے کہ ہم دوست ہیں اور وہ اس کو تکلیف دے اور اس کے معنے فساد کے اور اچھی اور بری چیز کو ملا دینے کے بھی آتے ہیں۔ ۱۷ اودّ بتشدید الدال بمعنے دوست رکھنا یقال وددت فلانا ودًّا وودًّا وودًّا وودادۃً ومودّۃً وموددۃً ای احببتہ از سمع ۱۸ الحمیم۔ بمعنے قریب وعزیز ومخلص دوست والجمع احماء اور اس کے معنے گرم پانی اور ٹھنڈا پانی کے بھی آتے ہیں اور یہ اضداد میں سے ہے۔ والجمع حمائم ۱۹ تجرّع۔ از باب تفعیل اس کا مصدر تجریع ہے۔ بمعنے پانی گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔ یقال جرع جرعًا وتجرّعہ واجترعہ ابتلعہ وقیل اذا تابع الجرع مرۃ بعد اخرٰی کالمتکارہ از سمع وفتح۔

وَاُنْصِلُ الشَّفِيْقَ عَلَى الشَّقِيْقِ . وَاَفِيْ لِلْعَشِيْرِ . وَاِنْ لَمْ يُكَافِيْ بِالْعَشِيْرِ . وَاَسْتَقِلُّ الْجَزِيْلَ لِلنَّزِيْلِ وَاَغْمُرُ الزَّمِيْلَ بِالْجَمِيْلِ . وَاُنْزِلُ سَمِيْرِيْ مَنْزِلَةَ اَمِيْرِيْ . وَاُحِلُّ اَنِيْسِيْ مَحَلَّ رَئِيْسِيْ . وَاُوْدِعُ مَعَارِفِيْ عَوَارِفِيْ . وَاُوْلِيْ مُرَافِقِيْ مَرَافِقِيْ ۔

الترجمة والمطالب

اور میں دوست کو حقیقی بھائی پر فضیلت دیتا ہوں اور میں اپنے ساتھی کا حق ادا کرتا ہوں۔ اگرچہ وہ دسواں حصہ بھی بدلہ نہ کرے۔ اور میں بڑی سے بڑی شئے کو اپنے مہمان کے لیے کم سمجھتا ہوں۔ اور اپنے ردیف یا دوست کو احسانات سے چھپا دیتا ہوں میں اپنے قصہ گو رفیق کو اپنے حاکم کی جگہ اتارتا ہوں اور اپنے دوست کو اپنے سردار کی جگہ رکھتا ہوں اور میں اپنے جاننے والوں پر بخشش کرتا ہوں اور میں اپنے ساتھی کی مدد کرتا ہوں۔

تشریح لغات

[۱] افضل۔ از باب تفعیل بمعنے بڑھانا و ترجیح دینا یقال فضّلہٗ علےٰ غیرہ یعنی میں نے اس پر فضل کا حکم لگایا اور اس کو بڑھایا [۲] الشفیق۔ بمعنے دوست اور یہ مشتق ہے شفق علیہ شفقاً سے ای حرص علے خیرہ از سمع وشفیقٌ وشفِقٌ وشفوق۔ ومنہ الشفقۃ۔ بمعنے مہربانی [۳] الشقیق بمعنے آدھا۔ وسگا بھائی۔ از نصر اس کا مصدر "شق" آتا ہے جس کے معنے پھاڑنے کے ہیں گویا وہ بھائی بھی ایک چرا ہوا ٹکڑا ہوتا ہے اپنے دوسرے بھائی سے یقال شقّ الشیٔ یعنی اس نے چیز کو الگ کیا اور اس نے پھاڑا اور چیرا اور شق العصا یہ جدائی سے کنایہ ہوتا ہے [۴] اَفِی۔ اس کا مصدر وفاءٌ ہے بمعنے پورا کرنا یقال وفی بالوعد والعہد یعنی اس نے وعدہ یا عہد کو پورا کیا از ضرب اور ایفار کے معنے بھی پورا کرنے کے آتے ہیں۔ وفی التنزیل فمن اوفےٰ بما عاہد علیہ اللہ [۵] العشیر بغیر تاء کے اس کے معنے قریب کے آتے ہیں۔ خواہ وہ اولاد ہو یا غیر ہو اور اس کے معنے بیوی اور خاوند کے بھی آتے ہیں۔ اور میل جول کرنے کے بھی معنی آتے ہیں۔ یقال عاشرہ ای خالطہٗ وصاحبہٗ والجمع عشراء [۶] لم یکافی از مفاعلت مکافاۃ مصدر بمعنے پورا کرنا یقال کافاہ علے الشیٔ مکافاۃ وکفاءً ای جازاہ وہذا کفاءہ ای مثلہ [۷] بالعشیر۔ بمعنے دسواں حصہ والجمع اعشار [۸] استقل استقلال مصدر از استفعال اور یہ قلت سے ماخوذ ہے۔ جو کثرت کی ضد ہے۔ یقال قلّ یقلّ قِلّۃً ہو قلیلٌ از ضرب [۹] الجزیل اس کے معنے بڑی عطا و بخشش کے آتے ہیں یقال جزل الشیٔ جزالۃً ای عظم از کرم والجمع اجزالٌ وجزالٌ [۱۰] للنزیل اترنے والا مہمان اور وہ کھانا جس میں برکت ہو والجمع نزلاء والنزلُ ما یعدُّ للنازل وفی التنزیل ھذا نزلہم یوم الدین فنزلٌ من حمیم [۱۱] اغمر۔ اس کا مصدر غمر ہے بمعنے ڈھانپنا و ڈھانکنا اور پانی کا بلند ہونا یقال غمرہ الماء غمراً ای اعلاہ از نصر و یقال غمر فلانا بفضلہ اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا [۱۲] الزمیل وہ دوسرا شخص جو اپنے ہمراہ ہوا ہو۔ ردیف جوڑی دار اور خاص پیچھے سوار ہونے والا واصلہ زملہ یزملہ زملاً ای اردفہ وعادلہ وتزمل بثوبہ ای تلفف وفی التنزیل یا ایہا المزمل [۱۳] بالجمیل یہ جمال سے مشتق ہے بمعنے خوبصورتی اور رونق اور جو صورت اور سیرت میں خوب ہو یقال جمل الرجل جمالاً فہو جمیل از کرم اور یہاں مضاف محذوف ہے۔ ای بالعطاء الجمیل [۱۴] سمیری وہ شخص جو رات میں رفیق کے ساتھ باتیں کرے۔ اور اس کو قصہ سنائے۔ وفی التنزیل قال فما خطبک۔ بسامری۔ [۱۵] امیر والجمع امراء بمعنے امیر و سردار و شریف واصلہ امر الرجل امراً وآمراً وامرۃً وامارۃً ای صار امیراً از سمع وکرم [۱۶] اُحِلّ اس کا مصدر احلال ہے بمعنے حلال کرنا اور احرام سے نکل جانا اور اُتارنا اور واجب کرنا اور گرہ کھولنا اور رحل پر پہنچ جانا اس کے یہ سب معنے آتے ہیں اور یہاں اس کے معنے اُتارنے کے ہیں [۱۷] انیس یہ اُنس سے مشتق ہے بمعنے میل جول اور انیس یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے آنیس اب اس معنی میں مستعمل ہونے لگا ہے جس سے محبت ہو جائے اور دل لگ جائے از سمع وضرب وکرم یقال اَنِسَ وَاَنُسَ وانساً وانسۃً وَانَسَ اَنَسًا۔ جب کہ وہ مانوس ہو وانس بہ والیہ جب کہ وہ اس سے محبت کرے اور اس کے دل کو

سکون ہو شہ محل بفتح الحاء بمعنے اترنے کی جگہ واترنا والجمع محالّ ؁ رئیس بمعنے سردار قوم وچودھری والجمع رُؤسار یقال روس ریاسۃً ای کان رئیساً وربئس القوم ورءاستہ ای کان رئیسہم ازکرم وسمع ؁ اودع ازافعال اس کا مصدر ایداع ہے۔ بمعنے ودیعت کرنا۔ امانت اور ودیعت میں فرق ہے امانت کا اطلاق شئی مہتم بالشان اور غیر مہتم بالشان پر کیا جاتا ہے۔ اور ودیعت کا اطلاق خاص مہتم بالشان پر کیا جاتا ہے ؁۔ معارفی یہ معرف کی جمع ہے چہرہ اور چہرے کے محاسن بفتح الراء وکسرہا، وہو وجہ الانسان بما یشتمل علیہ کانہ ظرف من عرف والمعارف محاسن الوجہ یقال ہم عزالمعارف وہم شم المعارف ومعارف الرجل اصحابہ وایضا یقال ہومن المعارف یعنی وہ مشہور لوگوں میں سے ہے ؁ عوارفی۔ یہ عارفتہ کی جمع ہے بمعنے عطیہ اور پہچاننے والا رزق اور احسان کے معنے بھی آتے ہیں یہاں عطیہ کے معنے ہیں۔ اور یہ فاعلۃ کے وزن پر ہے جو مفعول کے معنے میں ہے ؁ اولی ایلاء اس کا مصدر ہے ازافعال بمعنے بخشش کرنا و بارش برسانا وقسم کھانا اور وہ بارش جو دوبارہ ہو ؁ مرافقی ازباب مفاعلت بمعنے دوستی کرنا اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے۔ اور ازکرم ونصر بمعنے نرمی کرنا اور اس کے صلہ میں با اور لازم اور علے آتا ہے۔ یقال رفق بہ ولہ وعلیہ۔ ؁ مرافقی بفتح المیم بمعنے نفع اور یہ مرفق کی جمع ہے وفی التنزیل ویہیی لکم من امرکم مرفقا بمعنے النفع واصلہ رفق رفقاً ای نفعہ واعانہ ازنصر وارفق بہ ولہ وعلیہ رُفقاً ومَرفقاً ومرفقاً ای عاملہ بلطف ضد العنف ازنصر وکرم وسمع رُفقَ رفاقۃً ای صار الرجل رفیقاً ازکرم۔

وَاَلِیْنُ مَقَالِیْ لِلْقَالِیْ۔ وَاُدِیْمُ تَسَآلِیْ عَنِ السَّالِیْ۔ وَاَرْضٰی مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ۔ وَاَقْنَعُ مِنَ الْجَزَاءِ بِاَقَلِّ الْاَجْزَاءِ۔ وَلَا اَتَظَلَّمُ حِیْنَ اُظْلَمُ۔ وَلَا اَنْقِمُ وَلَوْ لَدَغَنِیَ الْاَرْقَمُ۔ فَقَالَ لَہٗ صَاحِبُہٗ وَیْکَ یَا بُنَیَّ اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ۔ وَیُنَافَسُ فِی الثَّمِیْنِ۔

الترجمۃ والمطالب اور اپنے دشمن سے میٹھی میٹھی باتیں کرتا ہوں اور جو شخص میری طرف سے بے غم ہو میں اس کی اکثر جو خبر گیری کرتا رہتا ہوں۔ اور میں ذرا سی وفا پر خوش ہوجاتا ہوں اور تھوڑے سے بدلے پر قناعت کرلیتا ہوں۔ اور جب مجھ پر ظلم کیا جائے تو میں اس کی کوئی شکایت نہیں کرتا اور میں کبھی بدلہ نہیں لیتا اگرچہ مجھ کو کوڑیالا سانپ ہی کیوں نہ کاٹے یہ سُن کر اس کا ساتھی بولا تعجب ہے اے میرے پیارے بیٹے بخیل (کنجوس) کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے اور بیش بہا چیز کی طرف رغبت (خواہش) کی جاتی ہے۔

تشریح لغات ؁ اَلِینُ یہ لین سے مشتق ہے جس کے معنے نرمی کے ہیں ازضرب یقال لان الشئی لیناً ولیاناً ضد خشن اوصلب جب کہ چیز نرم ہوجائے وفی التنزیل فبما رحمۃ من اللّٰہ لنت لہم ؁ مقالی یہ مصدر میمی ہے۔ قول سے بمعنے بات کرنا ؁ للقالی۔ ازضرب دشمن بغض رکھنے والا یقال قلاہ قِلےً وقلاءً ای ابغضہ۔ وفی التنزیل ما ودعک ربک وما قلے۔ ؁ اُدیمُ اس کا مصدر ادامت ہے۔ یقال اوام الامر یعنی اس نے ہمیشہ وہ کام کیا اور یہ دوام سے ماخوذ ہے بمعنی مداومت کرنا ہمیشہ

کرنا۔ یقال دام الشیٔ یدوم ویدام دوماً ودواماً ای ثبت واستمر از نصر وسمع وفی التنزیل ما دامت السموات والارض ۵ تسآلی اس کے معنے مبالغۃ فی السوال یعنی بہت مانگنے کے ہیں۔ اور اس میں ت زائد ہے اور ت مبالغہ کے لیے بھی آتی ہے ۶ سالی بمعنی بے غم اور دوستی کو چھوڑنے والا۔ یقال سلاہ وسلاعنہ وسلیہ سلواً وسلُوّاً وسلیاً وسلواناً ای نسیہ واسلاہ واسلےعنہ فتسلے از نصر وسمع ۷ باللفاء بالفتح قلیل شیٔ اور حقیر شیٔ اور حق سے کم کے بھی معنے آتے ہیں۔ وقال ابن الاثیر الوفاء التمام واللفاء النقصان وفی التہذیب لفا حقہ اذا اعطے اقل من حقہ والمصدر لفاء از فتح یہ مہموز لام ہے ۸ اقنع ۔ بمعنے راضی اور خوشی ہوتا ہوں۔ ہیں یقال قَنِعَ یَقنَعُ قَنَعاً وقناعۃً ای رضی فہو قانع از سمع واما قَنَعَ بالفتح یقنع قنوعاً بمعنے ذلّ للسوال ۹ الجزاء کسی چیز کا بدلہ دینا یقال جزاہ بہ وعلیہ جزاءً ای کافاہ از ضرب واز فتح یقال جزءالشیٔ جزءاً یعنی اجزاء ہیں اس نے تقسیم کی اور اس کا ایک جز لیا ۱۰ الاجزاء یہ جز کی جمع ہے جس کے معنے بعض الشیٔ کے ہیں۔ اور یہ فتح سے آتا ہے۔ یقال لک فی ہذا عنا، وجز ۱۱ لا انظلم از تفعل اس کا مصدر تظلم ہے بمعنے ظلم کرنا اور ظلم کی شکایت کرنا یقال تظلم منہ یعنی اس نے ظلم کی شکایت کی ۱۲ اظلم۔ اس کا مصدر ظلم ہے از ضرب۔ والظلم فی الاصطلاح وضع الشیٔ فی غیر محلہ۔ یقال ظلماً ومظلمۃً جب کہ وہ اس پر ظلم کرے ۱۳ لا انقم از ضرب وسمع ای لااکرہ ولا اعتب یقال نقمت علیہ والنقم نقماً فانا ناقم علیہ وفی التنزیل وما نقموا منہم الا ان یؤمنوا ونقمۃ بالکسر ونقم من فلان الاحسان اذا جعلہ مما یؤدیہ الی کفر النعمۃ اور جب یہ من اور علیٰ سے متعدی ہوتا ہے تو اس کے معنی اور بُرا سمجھنے کے آتے ہیں ۱۴ لدغنی از فتح لدغ اور تلداغ آتے ہیں جس کے معنی زہریلے جانور کے کاٹنے کے آتے ہیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ لدغ سانپ کے کاٹنے کو اور لسع بچھو کے ڈسنے کو کہتے ہیں ۱۵ الارقم بہت زہریلا سانپ اور جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں، جس کو چتکوریا یا چیتل یا چتی دار سانپ کہتے ہیں والجمع اراقم اور اس کے مادہ کو رقشاء بالشین والمد کہتے ہیں اور رقماء نہیں کہتے واعلم ان للعض اسماء فالعض والضغم من کل حیوان والکدم والرزم من ذی الخف والحافر والنقر والنسر من الطیر واللسب من العقرب واللسع والنہش واللدغ والنکز من الحیۃ الا ان النکز بالانف وسائرما تقدم بالناب فقہ اللغۃ ۱۶ ویک میں کاف ضمیر خطاب کا ہے اور وی زجر کے لئے اور یہ تعجب کے لئے بھی آتا ہے اور بصریوں کے نزدیک یہ کلمہ وے مستقل زجر کے لیئے ہے اور اس میں کاف خطاب کا ہے اور کوفی اس کو اصل ویل کہتے ہیں اس میں سے لام حذف کر دیا گیا ہے اس کے بعد یہ کاف کی طرف مضاف کیا گیا اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ وے کلمہ زجر ہے اور کاف اس میں حرف جارہ ہے ۱۷ یا بُنَیَّ یہ ابن کی تصغیر ہے اصل میں یہ بُنَیوٌ تھا یہ بنی کی تصغیر ہے واؤ یا ایک کلمہ میں جمع ہوئے واؤ کو یا کیا اور اس کی یا متکلم کی طرف اضافت کر دی تو تین یا جمع ہو گئیں اس میں سے ایک یا کو تخفیفاً گرا دیا اور پھر ایک یا کو دوسری یا میں ادغام کر دیا۔ بُنَیَّ ہو گیا ۱۸ یضنن۔ اس کا مصدر ضنٌّ ہے جس کے معنے بخل اور کنجوس کے ہیں یقال ضَنَّ بالشیٔ ضَنّاً وضِناً وضِنَّۃً ومَضَنَّۃً ای بخل از سمع وفی التنزیل وما ہو علی الغیب بضنین ۱۹ بالضنین کے معنے بخیل کے ہیں اور بالزاء کے معنے تہمت رکھنے کے آتے ہیں اور بالظاء کے معنے گمان اور یقین کرنے کے آتے ہیں۔ اور بالذال کے معنے ریشم کے پھسنے کے آتے ہیں۔ یقال ضُنَّ بہ ای بخل بہ وضُنَّ علیہ اس کو نقصان پہنچایا۔ ینافس از مفاعلت بمعنے رغبت کرنا واصلہ نفس الشیٔ نفاسۃً فہو نفیس ای صار مرغوباً والجمع لہ نفاس از کرم ۲۰ ثمین بالثاء المعجمۃ بمعنے بیش قیمتی اور ثمن کی جمع اثمانٌ اور اثمنۃٌ اور اثمن آتی ہے۔ یقال ثامنت الرجل فی المبیع ای ساومتہ اور بالسین المہملۃ اس کے معنے موٹے کے آتے ہیں۔

لٰکِنْ لَّااٰتِیْ غَیْرَ الْمُوَاتِیْ۔ وَلَا اَسِمُ الْعَاتِیْ بِمُرَاعَاتِیْ۔ وَلَا اُصَافِیْ مَنْ یَابٰی اِنْصَافِیْ۔ وَلَا اُوَاخِیْ مَنْ یُّلْغِیْ

اِلَّا وَاخِي[٩]. وَلَا اُمَالِي[١٠] مَنْ يُخَيِّبُ[١١] اٰمَالِي. وَلَا اُبَالِي[١٣] مَنْ صَرَمَ حِبَالِي[١٤]. وَلَا اُدَارِي[١٦] مَنْ جَهِلَ مِقْدَارِي[١٥] وَلَا اُعْطِي زِمَامِي[١٧] مَنْ يَخْفِرُ ذِمَامِي[١٨]. وَلَا اَبْذُلُ[١٩] وِدَادِي[٢٠] لِاَضْدَادِي[٢١]. وَلَا اَدَعُ[٢٢] اِيعَادِي[٢٣] لِلْمُعَادِي[٢٤].

الترجمة والمطالب

لیکن میں اپنے موافق کے علاوہ کسی شخص کے ساتھ احسان سے پیش نہیں آتا اور اپنے رعایت کا داغ اور مہر اور مہربانی کبھی اپنے دشمن پر صرف نہیں کرتا اور جو شخص میرے دینے سے انکار کرے میں بھی اس سے خالص محبت نہیں رکھتا اور جو شخص اسباب ذرائع محبت کو چھوڑ دے تو میں اس سے کبھی بھائی چارہ نہیں کرتا۔ اور جو شخص میری امیدیں پوری نہ کرے تو میں کبھی اس کی مدد نہیں کرتا جس نے میرا رشتہ محبت توڑ دیا میں اُس کی کبھی پرواہ نہیں کرتا۔ اور جو شخص میری قدر و منزلت نہ پہچانتا ہو تو میں اس سے کبھی نرمی نہیں کرتا اور جو آدمی میرا عہد و پیمان توڑ دے تو میں اس کو کبھی اپنی مہار نہیں بخشتا اور میں اپنے دشمنوں پر اپنی محبت کبھی صرف نہیں کرتا اور میں اپنے دشمنوں کو ہمیشہ دھمکاتا رہتا ہوں۔

تشریح لغات

[١] المؤاتی از باب مفاعلت اس کا مصدر مواتات ہے۔ بمعنی مطیع ہونا اور موافق ہونا اور اس کی ماضی واتی بالواو دواتی بالہمزۃ اور اس کا مضارع یواتی بالواو آتا ہے یقال آتیتہ علی ذلک الاموا تاۃ اذا طاعتہ ووافقتہ۔ [٢] لا اسم یہ وسم سے ماخوذ ہے از ضرب بمعنے علامت اور داغ لگانا اور یہاں خیر اور کرم کا ظاہر کرنا مراد ہے یقال وسمہ لیسمہ وسماً وسمۃً جب کہ اس پر داغ لگائے [٣] العاتی از نصر اس کا مصدر عُتُوّ ہے۔ وفی التنزیل وعتوا عتواً کبیراً والمراد ہمنا الجبارُ والمتمردُ الذی لا یقبل موعظۃً والجمع عتاۃ واصلہ عتا یعتو عُتوًّا وعتیًّا ای استکبر وجاوز الحد۔ [٤] یراعاتی باب مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے محافظت و رعایت کرنا یقال راع الامر جب کہ وہ حفاظت کرے [٥] لا اصافی از مفاعلت اس کا مصدر مصافات ہے بمعنے خالص دوستی کرنا۔ [٦] یابے اباءٌ اس کا مصدر ہے بمعنے انکار اور بے قدری کرنا اور ذلت کے کام سے بچنا یقال ابے الشئ یاباہ اباءً واباءۃً ای کرہہ۔ وفی التنزیل اَبیٰ واستکبر از فتح وضرب [٧] انصافی بمعنے عدل کرنا اور یہ نصف سے ماخوذ ہے چونکہ مدعی اور مدعا علیہ انصاف میں برابر رکھے جاتے ہیں۔ اور اس میں رعایت نہیں کی جاتی یقال انصف بین الرجلین ای عدل بینہما واصلہ نصف الشئ نصفاً ونصفاً ونصافاً ونِصافۃً ونَصافۃً ای قسمہ نصفین از نصر [٨] ولا آواخی از مفاعلہ اس کا مصدر مواخاۃ ہے اور یہ اخوت سے ماخوذ ہے جس کے معنے بھائی بنانے کے ہیں۔ یقال آخی الرجلُ مواخاۃً واخاءً دو خاجب کہ وہ بھائی بنائے اور بھائی چارہ کرے۔ [٨] یلغی از افعال اس کا مصدر الغاءٌ ہے۔ بمعنے لغو کرنا اور باطل کرنا یقال الغے الشئ ای ابطلہ ولغا الشئ لغواً بطل از نصر [٩] الاواخی یہ اخیۃ کی جمع ہے بمعنے اسباب۔ محبت [١٠] ولا اُمالِی از مفاعلہ اس کا مصدر ممالات ہے بمعنے مدد کرنا واصلہ الہمزۃ یقال مالانہ ای عاونتہ والمجرد ملاءۃ از فتح بمعنے پر کردن والمصادر ملاءٌ وملاءۃ وملاءۃ ویقال ملاءٌ علی الامری ساعدہ وشایعہ وعاونہ۔ [١١] یُخَیِّبُ از تفعیل بمعنے محروم کرنا یقال خیبہ اللہ جب کہ اللہ اس کو محروم کرے وفی التنزیل وخابَ کل جبارٍ عنید وقد خابَ من افتریٰ ۔ وتقدم تحقیقہ تحت قولہ یخب [١٢] آمالی۔ یہ امل کی جمع ہے بمعنے امید۔ [١٣] لا اُبالی از مفاعلہ اس کا مصدر مبالات ہے بمعنے پرواہ کرنا اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ نفی میں مستعمل ہوتا ہے وقال علی المکرم

مدظلہ یہ مثبت بھی مستعمل ہوتا ہے [۱] صَرَم ازضرب بمعنے کاٹنا یقال صرمت الشئی صَرمًا ای قطعتہ۔ اور صرم کے معنے دوست سے قطع تعلق کرنے کے آتے ہیں اور ہجر کے معنے معشوق سے قطع تعلق کرنے کے ہوتے ہیں اور قطع کے معنے کسی کام پر پختہ ارادہ کرنے کے آتے ہیں اور جوب قطع زبین یعنی سفر کرنے کو کہتے ہیں [۸] حبالی یہ حبل کی جمع ہے۔ بمعنے رسی۔ لا اداری اس کا مصدر مدارات ہے ازمفاعلہ بمعنے نرمی کرنا یقال داریت فلانًا ای لاینتہٗ ورفقت بہ اومن درای یدری دریا جس کے معنے حیلہ سے جاننے کے ہیں۔ ازضرب والمداراۃ المخالطۃ والملاطفۃ ایضًا [۱] جہل۔ ازسمع بمعنے نہ جاننا اور ان پڑھ ہونا وجہل علیہ یعنی وہ بیوقوف بنا اور بے وقوف ہوا اور اجڈپن کرنا اور اس کی صفت جاہل آتی ہے [۸] مقدار بمعنے توانائی واندازہ و پیمانہ والجمع مقادیر اور یہاں مراد اس سے قدر اور مرتبہ اور عزت ہے [۹] بالکسر جس سے کوئی چیز باندھی جائے مہار۔ باگ۔ نکیل لگام والجمع ازمنۃ" اور زمامُ النعل کے معنے جوتے کے تسمہ کے آتے ہیں اور زمام قومہ کے معنے سردار کے تے ہیں اور ذال سے اس کے معنے وعدہ کے آتے ہیں اور بالضاد المعجمۃ وہ چیز جو دو چیزوں کو آپس میں ملا دے [۱۰] بخفر و اخفار" صدرازافعال بمعنے وعدہ کو توڑنا یقال خفر العہد وخفر فلانًا جب کہ وہ عہد کو توڑے اور اس کے ساتھ بے وفائی کرے ز نصر وضرب والمصدر خَفرٌ و خفورٌ [۱۱] ذمامی بمعنے عہد اور امان اور تاوان اور حق اور مرتبہ والجمع اَذمّتہ" والذمۃ مثلہ والجمع ذمم" [۲۲] لاابذل اس کا مصدر بذل ہے جو منع کی ضد ہے بمعنے خرچ کرنا۔ یقال بذلہ بذلہ ای اعطاہ وجاد بہ ازنصر وضرب [۲۳] ودادی ں کے معنے محبت اور دوستی کے آتے ہیں۔ اور یہ مصدر ہے جو سمع سے آتا ہے۔ یقال ودّہٗ یودّہ وَدّا وِدادًا وِداوًا وَ ادۃ ومودّۃ وموددۃٌ وموددۃ بمعنے خواہش کرنا۔ اور محبت کرنا [۲۴] لاضدادی یہ ضد کی جمع ہے۔ بمعنے مخالف، دشمن فی التنزیل ویکون علیہم ضدًا ویقال ضادّہٗ ای خالفہ وضدّ فلانًا فی الخصومۃ ضدًا ای غلبہ۔ وضدّہٗ عن کذا ای دفعہ صرفہ ازنصر [۲۵] لا ادع۔ اس کا مصدر ودع ہے بمعنے چھوڑنا از فتح یقال ودع الشئی جب کہ وہ اس چیز کو چھوڑے ور اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں۔ [۲۶] ایعاد کے معنے ڈرانے اور دہمکانے کے آتے ہیں اور یہ افعال مصدر ہے۔ یقال اَوعدہٗ ایعادًا جب کہ وہ دھمکی کرے۔ اور وعدہ کرے وقال ابن سیدۃ وعدہ اورعدۃ یہ خیر میں ستعمل ہوتا ہے۔ اور ایعاد اور وعید یہ شر میں مستعمل ہوتا ہے اور جوہری یہ فرماتے ہیں کہ وعدہ کا استعمال خیر اور شر دونوں میں ہوتا ہے المعادی۔ ازمفاعلہ اس کا مصدر معاداۃ آتا ہے جس کے معنے ظاہرا اور باطن دونوں طرح سے دشمنی کرنے کے آتے ہیں، یقال عادیٰ فلانًا جبکہ وہ جھگڑا کرے اور وہ اس کا دشمن بھی ہو۔

وَلَا اَغْرِسُ [۱] الْاَیَادِیَ [۲] فِیْ اَرْضِ الْاَعَادِیْ [۳]۔ وَلَا اَسْمَحُ [۴] بِمُوَاسَاتِیْ [۵] لِمَنْ یَفْرَحُ [۶] بِمَسَائِتِیْ [۷]۔ وَلَا اَرٰی

اِلْتِفَاتِیْ۔ اِلٰی مَنْ یَّشْمَتُ بِوَفَاتِیْ۔ وَلَا اَخُصُّ بِحِبَائِیْ اِلَّا اَحِبَّائِیْ۔ وَلَا اَسْتَطِبُّ لِدَائِیْ۔
غَیْرَ اَوِدَّائِیْ وَلَا اُمَلِّکُ خُلَّتِیْ۔ مَنْ لَا یَسُدُّ خَلَّتِیْ۔

الترجمة والمطالب اور میں اعداد (دشمنوں) کی زمین میں کبھی نعمتوں کا درخت نہیں لگاتا اور جو شخص میری برائی سے خوش ہو میں اس کی کبھی غمخواری نہیں کرتا اور جو آدمی میری موت سے خوش ہو میں اس کی کبھی نظرِ عنایت سے نہیں دیکھتا میں سوائے اپنے احباب کے کسی کے ساتھ اپنی بخشش کو مخصوص نہیں کرتا اور میں اپنے دوستوں کے سوا کسی کو اپنے درد کا درمان (معالج) نہیں بناتا اور جو شخص میری محتاجی دور نہ کرے تو میں ہرگز اس سے خلوص سے نہیں ملتا۔

تشریح لغات [۱] لا اغرس غرس مصدر از ضرب بمعنے درخت لگانا یقال غرس الشجر غرسًا جب کہ وہ درخت لگائے اور غرس کی جمع اغراس آتی ہے [۲] الایادی یہ ایدی کی جمع الجمع ہے اور ایدی ید کی جمع ہے اور ایادی کا اکثر استعمال نعمت کے معنے میں ہوتا ہے ارض زمین والجمع ارضون وَ اُرُوضٌ واراض آراض الاعادی یہ مفرد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے عدد کی جمع اعداء آتی ہے اور اس کی جمع کی جمع اعادِ آتی ہے بمعنے دشمن [۳] لا اسحے از کرم و فتح اس کا مصدر سمح ہے بمعنی جوانمردی اور بہادری اور سخاوت کرنا [۵] مواساتی یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنے ہمدردی کرنا یقال آسے الرجل فی مالہ یعنی اُس نے اس کے ساتھ مالی ہمدردی کی [۶] بفرح یہ فرح سے مشتق ہے جو حُزْن کی ضد ہے بمعنے خوشی یقال فرح الرجل فرحًا از سمع [۷] بمسا آتی یہ مساءۃ کی جمع ہے جو اسم مصدر ہے جس کے معنے بُرائی کے ہیں۔ یقال ساء الاُمر فلانا سوءًا وسُوداً وسوائًا وسواءۃً وسوایۃ ومسائً ومساءۃ ای احزنہ اوفعل بہ مایکرہہ وساء بہ ظنًا ظن بہ السوء از نصر [۸] التفاتی یہ باب افتعال کا مصدر ہے بمعنے جھکنا یقال التفت الیہ جب وہ اس کی طرف چہرہ پھیرے والتفت بوجہہ یمنۃً او یسرۃً جبکہ وہ اس کی طرف جھکے واصلہ لفتہ عن الشئی ای صرفہ والمصدر لفتٌ از ضرب وفی القرآن المجید لتلفتنا عما وجدنا علیہ آباءنا [۹] یشمت، اس کا مصدر شماتت ہے۔ جس کے معنے دشمن یا کسی کی مصیبت پر خوش ہونے کے ہیں از سمع ومنہ التشمیت وہو دعا للعاطس کانہ ازالہ الشماتہ عنہ بالدعاء لہ [۱۰] وفات جس کے معنے موت کے ہیں والجمع وَفیاتٌ وہو اسم من الوفاء وقد مرّ سابقًا [۱۱] ولا اَخُصُّ از نصر یقال خصّ شیئًا بالشئی خصًّا وخصوصًا وخصوصیۃً والفتح افصح ای افردہ بہ دون غیرہ [۱۲] بحبائی بالکسر۔ یہ مصدر ہے جس کے معنے عطا کے ہیں۔ یقال حباہ حبوًا وحبوۃً بکذا ای اعطاہ وحباہ عن کذا ای منعہ از نصر [۱۳] احبائی۔ یہ حبیب کی جمع ہے۔ بمعنے دوست اور عاشق معشوق اور حبیب کی جمع اَحِبَّۃٌ اور اَحباب بھی آتی ہیں [۱۴] لا استطب۔ از استفعال اس کا مصدر استطاب ہے بمعنے بہت مبالغہ سے علاج کرنا یقال استطبہ یعنی اس نے دوا تجویز کرائی۔ ومنہ الطبیب [۱۵] لدائی یہ مہموز لازم اور اجوف وادی ہے بمعنے بیماری والجمع ادواءٌ اوّدائی یہ ودید کی جمع ہے بمعنے محبت اور دوست رکھنے والے کے ہیں۔ اور اس کی جمع اودّۃٌ بھی آتی ہے اور ودید اسم جمع جو محبین کے معنے میں بھی آتا ہے۔ [۱۶] خلتی بالضم بمعنے دوستی و عادت و بیوی و محبوبہ

و دوست یہ واحد اور تثنیہ جمع مذکر اور مؤنث سب کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ ؎۱ یسُدُّ از نصر اس کا مصدر سَدٌّ ہے جس کے معنے روکنے کے آتے ہیں یقال سَدَّ الشیٔ ای منعہ وفی التنزیل وجعلنا من بین ایدیھم سَدًا ومن خلفھم سَدًّا ای حاجزًا ومانعا ؎۲ خلتی بالفتح بمعنے حاجت ومحتاجی والجمع خلالٌ وخَلَلٌ۔

وَلَا اُصَفِّیْ نِیَّتِیْ۔ لِمَنْ یَتَمَنّٰی مَنِیَّتِیْ۔ وَلَا اُخْلِصُ دُعَائِیْ لِمَنْ لَا یُفْعِمُ وِعَائِیْ۔ وَلَا اُفْرِغُ ثَنَائِیْ۔ عَلٰی مَنْ یُفَرِّغُ اِنَائِیْ۔ وَمَنْ حَکَمَ بِاَنْ اَبْذُلَ وَتَخْزُنَ۔ وَاَلِیْنَ وَتَخْشُنَ۔ وَاَذُوْبَ وَتَجْمُدَ۔ وَاَذْکُوَ وَتَخْمُدَ

استفہام انکاری ای لم یحکم احد بذلک لان ذلک لیس العدل ۱۲

الترجمۃ والمطالب

اور جو آدمی میری موت کا متمنی (خواہش مند) ہو میں ہرگز اس سے نیک نیتی نہیں کرتا اور جو شخص میرا برتن (زنبیل) نہ بھرے تو میں ہرگز اس کے لیے دعا نہیں کرتا اور جو آدمی میرا برتن خالی کر دے (میرے دل میں اس کی طرف سے جگہ نہ رہے) تو میں اس کی کبھی تعریف نہیں کرتا (تم یہ بتاؤ) کس نے کہا ہے کہ میں اپنا مال خرچ کرتا رہوں اور تو اپنا مال جمع کر کے رکھے اور میں نرمی سے پیش آتا رہوں اور تو سختی میرے ساتھ کئے جا اور میں پگھلتا رہوں اور تو جما رہے اور میں جلتا رہوں (پگھلتا رہوں) اور تو ٹھنڈا رہے۔

تشریح لغات

؎۱ لا اصفی از تفعیل اس کا مصدر تصفیۃ ہے بمعنے صاف اور خالص کرنا یقال صفّی الشیٔ تصفیۃً جبکہ وہ صاف اور ستھرا کرے ؎۲ نیتی۔ بمعنے ارادہ وقصد اور دل کا عزم والجمع نیات ؎۳ لا اخلص از افعال اس کا مصدر اخلاص ہے یقال اخلص الشیٔ بمعنے خلاصہ لینا وچن لینا ؎۴ دعا بمعنے دعا کرنا والجمع ادعیۃ ؎۵ لا یفعم از افعال اس کا مصدر افعام ہے۔ یقال افعم الانا جبکہ وہ پانی کو بھرے ویقال افعم المسک والبیت جبکہ خوشبو سے بھر دے ویقال افعم الرجل جبکہ خوشی سے بھر دے (یعنی خوش کر دے) ؎۶ دعائی برتن والجمع اوعیۃٌ وجمع الجمع اداع اور یہ ضرب سے آتا ہے جس کے معنے جمع کرنے حفاظت کرنے کے آتے ہیں۔ اس لیے کہ برتن بھی چیز کی حفاظت کرتا ہے ؎۷ لا افرغ از افعال اس کا مصدر افراغ ہے۔ یقال افرغ الماء ای صبّہ (یعنی پانی کو گرائے) واز سمع یقال فرغ الماءُ فراغًا جبکہ پانی گرے ؎۸ ثناء بمعنے تعریف والجمع اثنیۃٌ یہاں ثنا کو پانی سے تشبیہ دی ہے جس سے مراد تعریف ہے۔ ؎۹ یفرّغ از تفعیل اس کا مصدر تفریغ ہے بمعنے پانی کا گرانا یقال فرّغ الماء جبکہ وہ پانی کو گرائے۔ ویقال فرّغ الانا، جبکہ وہ برتن خالی کرے۔ ؎۱۰ انائی بمعنے برتن والجمع آنیۃٌ اور اس کی جمع الجمع اوانی آتی ہے ؎۱۱ ابذل از ضرب ونصر اس کا مصدر بذل آتا ہے یقال بذل الشی بذلاً جب کہ وہ دے اور سخاوت کرے ویقال بذل جھدہ جب کہ وہ پوری کوشش کرے ؎۱۲ تخزن۔ از نصر یقال خزن الشیٔ خزنًا ای احرزہ وجعلہ فی خزانۃ ویقال خزن المالُ جب کہ وہ مال کو جمع کرے والخزانۃ الموضع الذی یجمع فیہ المال والجمع خزائن ؎۱۳ الین۔ یہ لین سے مشتق ہے جو خشونت کی ضد ہے۔ یقال لان الشیٔ ولیانا فھو لین والجمع الینا از ضرب یہ یائی ہے ؎۱۴ تخشن از کرُم اس کا مصدر خشونت ہے۔ جس کے معنے سخت ہونے کے ہیں یقال خشُن خُشنَۃً وخشانۃً وخشونۃً ومخشنۃً جب کہ سخت اور کھردار

ہو وے ۵؎ اذوب از نصر اس کا مصدر ذوب ہے جس کے معنے پگھلنے کے ہیں اور یہ جمود کی ضد ہے یقال ذاب دمعہ ذوباً وذوباً جبکہ وہ آنسو پگھلے اور بہے ۶؎ تجمد۔ اس کا مصدر جمود ہے اور یہ ذوب کی ضد ہے یقال جمد الماء والدم جمداً وجموداً ای قام از نصر ۷؎ اذکر از نصر بمعنے بھڑکنا اور مستعمل ہونا ۸؎ تخمد از نصر یقال خمدت النار خموداً ای اسکن لہبہا ولم یطفأ جمرہا وہمدت ہموداً اذا اطفئ جمرہا وفی التنزیل فاذاہم خامدون ای ساکتون قد ماتوا وصاروا بمنزلۃ الرماد والخامد الہامد۔

لَا وَاللّٰہِ بَلْ نَتَوَازَنُ فِی الْمَقَالِ۔ وَزْنَ الْمِثْقَالِ۔ وَنَتَحَاذٰی فِی الْفِعَالِ۔ حَذْوَ النِّعَالِ۔ حَتّٰی نَامَنَ التَّغَابُنَ۔ وَنُکْفَی التَّضَاغُنَ۔ وَاِلَّا فَلِمَ اُعِلُّکَ وَتُعِلُّنِیْ۔ وَاُقِلُّکَ وَتَسْتَقِلُّنِیْ۔ وَاَجْتَرِحُ لَکَ وَتَجْرَحُنِیْ۔ وَاَسْرَحُ اِلَیْکَ وَتُسَرِّحُنِیْ۔

الترجمۃ والمطالب نہیں بخدا کسی نے نہیں کہا بلکہ ہم لوگ تو باتوں باتوں میں ایک ایک رتی کا وزن کر لیتے ہیں اور ہم اچھے کاموں میں اس طرح برابر رہتے ہیں جیسے دو جوتیاں آپس میں برابر ہوں یہاں تک کہ ہم نقصان سے مامون (محفوظ) اور کینہ سے بچ جاتے ہیں۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ میں تجھے سیراب کروں اور تو مجھے بیمار ڈالے اور میں تجھے بلند مرتبہ کرتا رہوں اس حال میں کہ تو مجھے حقیر خیال کرتا ہو۔ اور میں تیرے واسطے (یعنی تیرے نفع کے لیے) کمائی کروں اور تو میرے جگر کے (زخم) لگاتا رہے۔ میں تیرے پاس آؤں اور تو مجھے چھوڑ کر چلتا بنے۔

تشریح لغات ۱؎ نتوازن از باب تفاعل یقال وازنہ وزاناً وموازنۃً مقابل ہونا اور وزن میں برابر کرنا اور عمل کا بدلہ دینا اور دو چیزوں کے درمیان وزن معلوم کرنے کے لیے مقابلہ کرنا ۲؎ المقال یہ مصدر میمی ہے قول سے بمعنے گفتگو ۳؎ المثقال بوجھ خواہ کم ہو یا زیادہ۔ تولنا اور تول لیکن اصطلاح میں جو درہم کے برابر ہو (ساڑھے چار ماشہ) ہوتا ہے۔ ۴؎ نتحاذی از تفاعل یقال تحاذیا یعنی ایک دوسرے کے مقابل ہونا ۵؎ الفعال یہ فعل کی جمع ہے بمعنے کام کرنا ۶؎ حذو یہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے اس کے معنے برابر اور مقابل کے آتے ہیں۔ یقال داری حذاء دارہ میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے ویقال جلس حذاءہ وبحذائہ یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ منہ حذو النعل بالنعل ۷؎ النعال یہ نعل کی جمع ہے بمعنے جوتہ اور اس کی جمع انعل بھی آتی ہے واصلہ نعل فلانٌ نعلاً ای لبس النعل ویقال انتعل الارض ای سافر راجلاً حافیاً از سمع ۸؎ نامن از سمع یقال امن اَمناً واَمَناً واماناً واَمانۃً ای اطمأن وامن منہ سلم منہ ۹؎ التغابن یہ تفاعل کا مصدر ہے۔ بمعنے دھوکا دینا اور ایک دوسرے کو گھٹا دینا اور کسی دوسرے کی چیز چھین لینا یقال غبن فلاناً فی البیع والشراء غبناً وغَبَناً ای خدعہ، وغبن فلاناً ای نقصہ فی الثمن وغیرہ فہو غابن وذاک مغبون وتغابن القوم ای غبن بعضہم بعضاً از نصر وغبن الشیئ غبناً (از سمع) ای نسیہ وغلط فیہ وغبن رأیہ غبناً وغبانۃً ای قل ذکاءہ وضعف ۱۰؎ التضاغن یہ باب تفاعل کا مصدر ہے۔ بمعنے حسد کرنا اور کینہ دل میں رکھنا یقال تضاغن القوم ای تحاسدوا واصلہ ضغن علیہ ضغناً ای حقد وضغن الیہ ای مال از سمع ۱۱؎ الا یہ مرکب ہے ان شرطیہ اور لا نافیہ سے ۱۲؎ اعلک یہ

11/2

عل سے مشتق ہے بمعنے بار بار بلانا از نصر یقال علّہ بالشراب علاً وعلالاً وتعلّۃ ای سقاہ ثانیۃ وعلّ بنفسہ ای شرب ثانیۃ ۱۱؎ تعلّق از افعال اور یہ عَلّ یَعِلّ سے مشتق ہے یقال علّ من المرض یعنی وہ بیمار ہوا، از ضرب اور یہ اعلال متعدی ہے، بمعنے بیمار کرنا ۱۲؎ أقلک از افعال یقال أقلّ الشئ ای رفعہ وحملہ وفی التنزیل حتے اذا اقلت سحابا ۱۳؎ تستقلنی از استفعال اس کا مصدر استقلال ہے۔ بمعنے برداشت کرنا حقیر سمجھنا اور یہاں اس کے معنے حقیر سمجھنے کے ہیں۔ ۱۴؎ اجترح۔ از افتعال اجتراح مصدر بمعنے کمانا یقال جرح الشی واجترحہ ای کسبہ والجارح الکاسب ومنہ مال جارحۃ ای مال کاسب ۱۵؎ تجرحنی از فتح اس کا مصدر جرحاً آتا ہے بمعنے زخمی کرنا یقال جرحہ جرحاً یعنی اس کو زخمی کیا واز سمع بمعنے زخمی ہونا۔ اسرح۔ از فتح یہ مشتق ہے سرح یسرح سرحاً وسروحاً سے یقال سرح المواشی ای ذھبت ترعے وایضاً معناہ ارسلہا والتسرح الارسال اور یہ لازمی اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے ۱۶؎ تسرحنی از باب تفعیل یقال سرّح الزوجۃ ای طلقہا۔ یعنی آزاد کر دینا اور چھوڑ دینا اور طلاق دینا۔

وَكَيْفَ يُجْتَلَبُ[۱] اِنْصَافُ بِضَيْمٍ[۲]۔ وَاَنَّى تُشْرِقُ[۳] شَمْسٌ[۴] مَعَ غَيْمٍ[۵]۔ وَمَتٰى اَصْحَبَ[۶] وُدٌّ بِعَسْفٍ[۷]۔ وَاَيُّ حُرٍّ رَضِيَ بِخُطَّةِ خَسْفٍ[۸]۔ وَلِلّٰهِ اَبُوكَ حَيْثُ يَقُولُ ؎

جَزَيْتُ[۹] مَنْ اَعْلَقَ بِیْ وُدَّهٗ	جَزَآءَ مَنْ يَبْنِیْ عَلٰٓی اُسِّهٖ
وَكِلْتُ[۱۰] لِلْخِلِّ كَمَا كَالَ لِیْ	عَلٰی وَفَاءِ الْكَيْلِ اَوْ بَخْسِهٖ

الترجمۃ والمطالب بھلا انصاف ظلم کے ساتھ کیونکر جمع ہو سکتا ہے اور آفتاب بادل میں کیسے چمک سکتا ہے، اور دوستی بے داد (ظلم) کے ساتھ کب قائم رہ سکتی ہے اور کونسا شریف آدمی ذلت پر راضی ہو سکتا ہے کیا کہنا، سبحان اللہ کیا خوب کسی نے کہا ہے ؎

جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے پس اُس کی محبت کو دل میں بجائے بنیاد کے رکھ کر اس پر اپنی محبت کی بنا (بنیاد) ڈالتا ہوں اور اپنے دوست کے پیلے وفا کے پیمانہ کو ایسے ناپتا ہوں جتنی اس نے میرے پیلے کی ہے، بلکہ اس سے بھی کچھ کم۔

تشریح لغات ۱؎ یجتذب از افتعال اس کا مصدر اجتلاب ہے بمعنے کھینچنا اس کا مجرد نصر وضرب سے آتا ہے، یقال جلبہ جلباً وجلباً جب کہ وہ اس کو ہانک کر لائے ۲؎ بضیم کے معنے ظلم کے آتے ہیں والجمع ضیوم یقال ضامہ ضیماً ای قہرہ وظلمہ وضامہ حقہ ای انتقصہ ایاہ از ضرب واستضامہ ۳؎ ضیم اور ظلم میں فرق یہ ہے کہ ضیم متعدی بنفسہ نہیں ہوتا بخلاف ظلم کے جیسے وما ظلمناہم اور ضیم فقط مال کے چھیننے میں مستعمل ہوتا ہے بخلاف ظلم کے یہ عام ہے ۴؎ تشرق۔ از افعال یقال اشرقت الشمس وشرقت شرقاً وشروقاً ای طلعت از نصر اشراق کے دو معنے آتے ہیں ایک چمکنے اور نکلنے کے اور دوسرے اس کے معنے مشرق میں جانے کے ہیں ۵؎ شمس اس کی جمع شموس آتی ہے یقال الشمس الیوم شمساً ای ظہر فیہ الشمس از نصر وشح غیم۔ بمعنے بادل والجمع غیوم

وغیام بقال غامت السماء غیماً ای کانت ذات غیم ازضرب اور عین بالنون المعجمۃ کے معنے بھی بادل کے آتے ہیں، جیسا کہ کنز میں ہے وما فیہا عین بوم غین ۵ اصحب از افعال بمعنے مدد کرنا اور تابعدار ہونا یقال اصحب الرجل ای انقاد بعد صعوبتہ وانتاع واصحبتہ حفظہ واصحبہ عن کذا ای منعہ عنہ واصحبہ الشئ ای جعلہ معہ ۶ وَدّ بضم الواو فتح الواد بمعنے دوستی والجمع اوداء واوُدٌ واودٌ، یعسّف ہو فی الاصل ان یاخذ المسافر علی غیر طریق ولا جادۃ ولا علم فنقل الی الظلم والجور ای اس کے معنے ظلم کے آتے ہیں اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال عسف السلطان عسفاً جبکہ وہ ظلم کرے ۹ خُطّۃ بالضم بمعنے کام یقال تلک خطۃ لیست من بی یہ کام میری شان کا نہیں ہے وفی راسہ خطۃ اس کے سر میں کوئی خیال ہے بمعنے خصلت وجہالت ومشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ہو والجمع خطط یقال فلان بنی خطط المکارم یعنی فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے اور خطہ بالکسرہ وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا اور زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لیے خاص کرے والجمع خِطط۔ خسف بمعنے ذلت اور زمین پر گر جانا اور چاند میں گرہن پڑنا اور نقصان اور نیچے اترنا اور کم ہونا چاند کی روشنی کا دھنسا یہ سب اس کے معنے آتے ہیں ازضرب ۱۱ واللہ ابوک۔ یہ کلمہ تعجب ہے اس کی تقدیر اللہ ابوک ہے اور یہ مدح کے وقت استعمال کرتے ہیں۔ اور ابوک سے مراد اس کا نفس ہے ۱۲ جزیت ازضرب بمعنے بدلہ دینا یقال جزی الرجل بکذا علی کذا جزاءً یعنی اس کو بدلہ دیا۔ وفی التنزیل واتقوا یوما لا تجزی نفس الخ ۱۳ اعلق از افعال بمعنے لٹکانا یقال اعلق الرجل جونک لگائی واعلق القوس یعنی کمان کو لٹکانے کے لیے علاقہ بنایا واعلق الصائد یعنی شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا واعلق الشئ بالشئ یعنی اس کو لٹکا دیا ۱۴ وُدّہ بالضم مصدر بمعنے دوستی ۱۵ اُسّہ بالحرکات الثلث بمعنے اصل البناء، والجمع اساس وفی التنزیل اسس بنیانہ الخ ازنصر اساس اور بناء اور بنیۃ میں فرق ہے بناء اور بنیۃ کا اطلاق ہر سافل پر عالی کے نسبت سے کیا جاتا ہے، اور اساس کا اطلاق اس بنیاد جو زمین میں مدفون کر دی جائے اور بنیان اور بناء میں فرق ہے بنیان کا اطلاق اصل اور پوری دیوار پر ہوتا ہے اور بناء کا اطلاق خاص دیوار پر کیا جاتا ہے ۱۶ کلت ازضرب یقال کال الطعام کیلاً ومکالاً ومکیلاً بمعنے کھانے کا اس نے اندازہ کیا یقال کال المعطی واکتال الآخذ وفی التنزیل ویل للمطففین الذین اذا اکتالوا علی الناس یستوفون ای لانفسہم واذا کالوہم ای لہم او وزنوہم یخسرون والکیل الشئ الذی یکال منہ اور اس کا ماضی مجہول کُوْل بالواو اور کِیْلَ بالیاء آتا ہے کیل اور اکتیال کے معنے ایک ہیں وقال استادی عمی الکرم مدظلہ کیل اور اکتیال میں فرق ہے کیل غیر کو ناپ کر دینا اور اکتیال غیر سے ناپ کر لینا ۱۷ للمَلّ بکسر الخاء وضمہا والجمع اخلال بمعنے دوست سواءٌ فیہ المذکر والمؤنث ۱۸ بخسہ از فتح اصل قیمت سے کم کرنا اور دراہم ناقصہ کے معنے بھی آتے ہیں وفی التنزیل وشروہ بثمن بخس ای الناقص یقال بخسہ حقہ بخساً ای نقصہ وظلمہ۔

وَكَمْ أَخٍ خَبَرْتُهُ وَشَرُّ الوَرَى | مَنْ يَوْمُهُ أَخْسَرُ مِنْ أَمْسِهِ | وَكُلُّ مَنْ يَطْلُبُ عِنْدِي جَنَى
فَمَالَهُ إِلَّا جَنَى غَرْسِهِ | لَا أَبْتَغِي الغَبْنَ وَلَا أَنْثَنِي | بِصَفْقَةِ المَغْبُونِ فِي حِسِّهِ
وَلَسْتُ بِالمُوجِبِ حَقًّا لِمَنْ | لَا يُوجِبُ الحَقَّ عَلَى نَفْسِهِ | وَرُبَّ مَذَّاقِ الهَوَى خَالَنِي
أَصْدُقُهُ الوُدَّ عَلَى لَبْسِهِ

الترجمۃ والمطالب

میں اُس کو نقصان نہیں پہنچاتا ہوں اور بدترین مخلوقات میں وہ شخص ہے جس کا آج کل سے برا ہوا اور جو شخص میرے پاس میوے کا طالب ہو کر آئے تو وہ شخص اپنے ہی لگائے ہوئے درخت کا میوہ پاسکتا ہے اور میں کسی شخص کو دھوکہ دینا نہیں چاہتا (دھوکہ دینے سے راضی نہیں ہوتا) اور نقصان والی بیع سے میں رجوع بھی نہیں کرتا۔ اور جو شخص میرا حق اپنے اوپر واجب نہ کرے میں کبھی اس کا حق (اپنے اوپر) واجب نہیں کرتا اکثر ذاتی اغراض کو شامل کرنے والے (دوست) یہ خیال کرتے ہیں کہ باوجود ان کے مکر اور دھوکہ کے پھر بھی میں ان سے سچی محبت رکھتا ہوں۔

تشریح لغات

[1] ولم اخسرہ از باب تفعیل بمعنے نقصان میں ڈالنا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال خسر المیزان خسراً وخسراناً ای نقصہ وخسر المال ای ضیعہ ولا اخسر ضد ربح وضل وہلک از سمع۔ [2] شر یہ مصدر بھی اور صیغہ صفت بھی اور اسم تفضیل یہ تینوں طرح مستعمل ہوتا ہے شر خیر کی ضد ہے والجمع شرور وجمع علی اشرار وشرار واشراء وفی الحدیث نعوذ باللہ من شرور انفسنا۔ [3] الورٰی یہ اسم وری کا ہے بمعنے ماسوئے اللہ۔ وموجود ومخلوق اور الوراے زمانہ کی کنیت کے معنے میں آتا ہے [4] یوم بمعنے دن وقت والجمع ایام اور اس کی جمع کی جمع ایادیم آتی ہے یقال ایام اللہ یعنی خدا کے دن (خدا کے انعامات یا سزائیں) [5] اخسر اسم تفضیل کا صیغہ از ضرب اس کا مصدر خسران ہے بمعنے ٹوٹے اور نقصان میں پڑنا۔ [6] امسِ مبنی علی الکسر ہے بمعنے گذرا ہوا دن اور مطلق زمانہ ماضی کے معنے میں بھی آتا ہے والجمع آمُسٌ وآموسٌ اور نسبت کے وقت اِمسِیٌّ کہیں گے۔ (خلاف قیاس) [7] اجتنا یہ مصدر ہے۔ بمعنے تازہ پھل اور توڑے ہوئے پھل کے معنے میں آتا ہے جنی الثمر جنیاً وجنیً ای تناولہ من الشجر فہو جان والجمع جناۃ وجناء والجنیٰ الرطب والعسل وفی التنزیل تساقط علیک رطبا جنیا وجمع الجنی اجناء اور اجنیۃ بھی منقول ہے از ضرب وجنے جنایۃ ای ارتکب ذنباً اور ان معنے میں بھی یہ ضرب سے آتا ہے اور فقہاء کی اصطلاح میں جنایت کے یہ معنے آتے ہیں ہاتھ پاؤں میں نقصان پہنچانا اور وہ چیز جس کے کرنے سے حالت احرام میں دم وغیرہ واجب ہو [8] غرسہ بالفتح بمعنے درخت لگانا والشجر الذی یُغرس والجمع اغراس واغراس۔ اور یہ مشتق ہے غرس الشجر غرساً واغراساً سے ای اثبتہ فی الارض از ضرب [9] الغبن بفتحتین وفتح الاول وسکون الثانی بمعنے مطلق نقصان اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ غَبَنٌ کے معنے نقصان عقل کے آتے ہیں اور غبن کے معنے نقصان فی المال کے آتے ہیں اور غبن مصدر بھی ہے۔ از نصر یقال غبنہ غبنا وغبنا فی البیع او الشراء یعنی اس کو اس نے دھوکہ دیا وغبنہ فلاناً یعنی قیمت وغیرہ میں اس کو نقصان پہنچایا [10] لا انثنی از انفعال بمعنے پھرنا واصلہ ثنی الشئ ثنیاً ای رد بعضہ علی بعض از ضرب۔ [11] بصفقۃ اصل میں اس کے معنے ہاتھ پر ہاتھ مارنے کے آتے ہیں جیسا کہ زمانہ جاہلیت میں استحکام بیع کے لیے اہل عرب کا دستور تھا اب اس کے معنے بیع کے معاملہ کے آنے لگے ہیں۔ از نصر وضرب یقال صفق صفقاً اس نے اس طرح تالی بجائی کہ آواز سنی جائے یقال صفق الباب جبکہ وہ دروازہ کو کھولے اور بند کرے ہذا من الاضداد وصفق بیدیہ جبکہ وہ تالی بجائے۔ [12] المغبون میں الف ولام مضاف الیہ کے عوض میں ہے وہ شخص جو نقصان اٹھایا جائے از نصر [13] حسنہ جس کے معنے

ادراک کرنے اور پاؤں کی آہٹ اور قوت مدرکہ کے آتے ہیں یقال حسَّ بالشی حسًّا وحِسًّا حسیسًا واحسّ بہ واحسّہ ای شعر بہ از نصر وفی التنزیل فلما احسّ عیسیٰ منہم الکفر[۱۱] بالموجب از افتعال یہ متعدی ہے اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال وجب الشیٔ یجبُ وجوبًا ای لزم یعنی واجب ہوا اور ثابت ہوا اور ضروری ہوا[۵] حقًّا مصدر بمعنے سچائی۔ دراستی یقین وانصاف ثابت شدہ وہبہ مال اور ملک وہوشیاری وفیصل شدہ معاملہ والجمع حقوق[۱۳] الحق میں الف ولام مضاف الیہ کے عوض میں ہے ای حقی یا حق الناس اجیر یعنی حق الناس بہ زیادہ اچھا ہے[۷] مذاق ملانے والا اور غیر خالص دوستی کرنے والا از نصر یقال مذق اللبن مذقًا جبکہ دودھ میں پانی ملائے۔ اور مذق اور مذیق اور مذوق وہ دودھ جس میں پانی ملا ہو لیکن دودھ زیادہ ہو اور مزق بالزاء کے معنے توڑتے کے آتے ہیں اور مظق یا نظار المعجمۃ کے معنے مکار اور فریب دینے کے آتے ہیں[۸] الہوٰی، ہوی کا مصدر بمعنے خواہش عشق چاہے خیر ہو یا شر اور محبوب اور معشوق اور محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ یقال فلان اتبع ہواہ یعنی فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔[۹] خالنی از نصر یقال خال المواشی جب کہ وہ نگہبانی کرے وخال فلانٌ علی اہلہ جب کہ وہ امور کی تدبیر کرے۔ اور انتظام کے لیے کافی ہو از ضرب بمعنے خیال کرنا اس میں نون وقایہ ہے۔ اور اس میں یاء متکلم کی ضد ہے[۱۰] اصدقہ، از نصر یقال صَدَقَ صَدَقَ صدقًا وصِدقًا ومصدوقۃ وتصداقًا جب کہ وہ سچ بولے وصدق فی وعدہ ووعیدہ جبکہ وہ پورا کرے وصدق فی الحملۃ جب کہ وہ بہادری ظاہر کرے۔ وصدق النصیحۃ اوالمحبۃ جبکہ خالص نصیحت یا محبت کرے وصدق الحدیث جب کہ وہ سچی بات بیان کرے اور سچی خبر دے[۱۱] تثلیث الود بتثلیث الحرکات بمعنے محبت ودوستی والجمع اوداوٌ واُدٌّ واِدٌّ واُدٌّ۔ لبسہ[۱۲] یہ مصدر ہے بمعنے التباس وشبہ ودشواری وعدم وضاحت اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال لبسہ لبسًا جب کہ وہ شبہ میں ڈال دے۔ اور لُبس بالضم ایک قسم کا کپڑا اور لِبس بالکسر بمعنے لباس اور لبسہ کی ضمیر مذاق الہوٰ ہے کی طرف راجع ہے یا متکلم کی طرف ای علیٰ لبسی ایاہٗ۔

وَمَا دَرٰى مِنْ جَهْلِهٖ اَنَّنِيْ ｜ اَقْضِيْ غَرِيْمِيَ الدَّيْنَ مِنْ جِنْسِهٖ ｜ فَاهْجُرْ مَنِ اسْتَغْبَالَ هَجْرًا لِقِلَى

وَهَبْهُ كَالْمَلْحُوْدِ فِيْ رَمْسِهٖ ｜ وَالْبَسْ لِمَنْ فِيْ وَصْلِهٖ لُبْسَةٌ ｜ لِبَاسَ مَنْ يَّرْغَبُ عَنْ اُنْسِهٖ

وَلَا تُرَجِّ الْوُدَّ مِمَّنْ يَرٰى ｜ اَنَّكَ مُحْتَاجٌ اِلٰى فَلْسِهٖ

(قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، فَلَمَّا وَعَيْتُ مَادَارَ بَيْنَهُمَا تُقْتُ اِلٰى اَنْ اَعْرِفَ عَيْنَهُمَا.

الترجمۃ والمطالب

حالانکہ وہ منافق اپنی نادانی کی وجہ سے یہ نہیں جانتے کہ میں اپنے قرض خواہ کا قرضہ اسی کے مال سے جھڑاتا ہوں لہذا جو شخص تجھے بیوقوف بنائے تو اس سے دشمن کی طرح علیحدہ رہ اور اس کو مرا ہوا خاک گور میں خیال کر۔ اور جس شخص کی ملاقات میں شبہ ہو تو اس سے اس شخص کی طرح جس کی محبت سے اعراض کیا جاتا ہے، بچ اور جو آدمی تجھے اپنی دولت کا محتاج خیال کرے تو تو اس سے ہرگز محبت کا طمع (لالچ) مت رکھ۔ حارث بن ہمام کہتا ہے کہ جب مجھے ان کی آپس کی بات چیت یاد آئی تو میں ان کے دیکھنے کا مشتاق (خواہش مند) ہوا)

تشریح لغات

۱؎ وما دراے۔ ای لم یدرا ور یہ ضرب سے آتا ہے یقال درے الشئی لبشئی دریاً ودِریاً دَریۃً و دِرْیۃً ودر یاناً و دریاناً ودُرایۃً جب کہ وہ حیلہ سے جانے ۲؎ من جملہ میں مِنْ سببیہ ہے جو اجل کے معنے میں ہے اور جہل مصدر ہے۔ از سمع یقال جہل جہلاً وجہالۃً جبکہ وہ اس کو نہ جانے وجہل علیہ یعنی وہ بے وقوف ہے۔ ۳؎ اقضٰی از ضرب یقال قضے الشئی یقضی قضاءً جبکہ مضبوطی سے اس کو بنائے ویقال قضے حاجتہ جبکہ وہ پورا کرے اور فارغ ہو وے وقضے وطرہ جبکہ وہ مراد کو پہنچے۔ وقضے الدین جبکہ وہ قرض ادا کرے ۴؎ غریم بمعنے دائن اور مدیون اور یہ اضداد میں سے ہے والجمع غرماء یقال غرم الرجل الدیۃ غُرماً وغرامۃ جب کہ وہ قرض ادا کرے وغرم فی التجارۃ جبکہ وہ تجارت میں نقصان اٹھائے از سمع الدین۵؎ بمعنے قرض والجمع دیون یقال دانہ ای اقرضہ ودان ہو استقرض فہو مشترک بین الاقراض والاستقراض یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے از ضرب وقال استاذی عمی المکرم مدظلہ: دین اور قرض میں فرق ہے۔ دین میں تو مدت متعین ہوتی ہے اور قرض میں مدت متعین نہیں ہوتی ہے ۶؎ من جنس عام ماہیت جو انواع متعددہ کو حادی ہو جیسے حیوانیت جو انسان اور گھوڑے میں مشترک ہے۔ ایک صفت جیسے اونٹ بھائم کی جنس ہے۔ والجمع اجناس اور یہ نصر سے آتا ہے یقال جنس الثمر جنساً یعنی پھل سب پک گئے گویا وہ ایک جیسے ہو گئے اور مجانست کے معنے ہم شکل اور ہم جنس اور اتحاد فی الجنس کے آتے ہیں ۷؎ فاہجر از نصر یقال ہجر ہجراً وہجراناً دریہ وصل کی ضد ہے) جبکہ جدا کرے اور چھوڑے ویقال ہجر الشئی جبکہ اس چیز کو چھوڑ دے اور اس سے منہ موڑے۔ وہجر زوجتہ اس نے اس سے کنارہ کشی اختیار کر لی لیکن اس نے طلاق نہیں دی والہجر والہجران مفارقۃ الانسان غیرہ اما بالبدن او باللسان او با لقلب ۸؎ استغباک از استفعال اس میں س ت ظن کے لیے ہے یعنی اس سے کم فہم سمجھا یا س ت اس میں معاملہ کے لیے ہے یعنی اس نے اس کے ساتھ غبی کا سا معاملہ کیا از سمع یقال استغباک غبیَ یغبیٰ وہ ناسمجھ ہو اور کند ذہن ہو اس کا مصدر غباوت ہے ۹؎ اقلٰے بہت سخت دشمنی وقال ابن سیدۃ ابن قلیتہ قلٰے وقلاءً ومقلیۃً ای البغضۃ وکرہتہ غایۃ الکراہتہ وترکتہ وفی التنزیل ما ودعک ربک وما قلٰے از ضرب ۱۰؎ وصبہ ای تسلم واجعلہ احسبہ ۱۱؎ الملحود وہ شخص جو قبر میں دفن کیا جائے یقال لحدہ ای دفنہ ولحد لہ والحد لہ ای عمل لہ لحداً واللحد البقر والحد الحاد ولحوداً از فتح وفی الحدیث الحدلنا والشق لغیرنا ۱۲؎ رمس اس کے اصلی معنے پوشیدہ کرنے کے ہیں پھر اس کا استعمال پرانی قبر اور نئی میں ہونے لگا ہے والجمع ارماس ورموس یقال رمسہ رمساً ای دفنہ واصلہ انہ طمس اثرہ از نصر وضرب ۱۳؎ والبس از سمع بمعنے لباس پہننا یقال لبس الثوب لبسا جبکہ وہ کپڑا پہنے اور یہاں اس سے مراد اختیار کرتا ہے۔ لبسۃ بالضم بمعنے شبہ و دشواری وعدم وضاحت ۱۴؎ انسۃ بالضم بمعنے محبت اور یہ وحشت کی ضد ہے از سمع وقدیر تحقیقہ ۱۵؎ ولا ترج از تفعیل بمعنے امید کرنا اور یہ لازمی اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ وبمعنے امید دلانا ای لا تتوقع اور یہ رجاء سے مشتق ہے۔ اور یہ یاس کی نقیض ہے یقال رجاہ یرجوہ رجوًا ورجاءً ورجاۃً ومرجاۃً وقال ابن سیدۃ الرجاء الخوف وفی التنزیل مالکم لا ترجون للہ وقارا ای لا تخافون عظمتہ وقال الفراء الرجاء فی معنے الخوف لا یکون الا مع لفظ ما تقول مارجوتک ای ما خفتک ولا تقول رجوتک فی معنے خفتک از نصر۔ والارجاء التاخیر ومنہ المرجیۃ اسم طائفۃ لا یرون العذاب علے ذنوب المومن ویقولون لا یضیر علے مومن بذنوبہ واللہ اعلم ۱۶؎ یرے یہاں یہ معنے میں ظن اور اعتقاد کے ہیں ۱۷؎ محتاج از افعال یقال حاج الیہ حوجاً واحوج احتاج بمعنے افتقر الیہ از نصر ومنہ الحاجۃ والجمع حاج وحوج وحاجات وحوائج ۱۸؎ فلس بمعنے پیسہ اور وہ چھلکا جو مچھلی کے پیٹ

ہیں یا پیٹ پر ہوتا ہے۔ والجمع افلسٌ و فلوسٌ۔ ؂ وَعَیْتُ بمعنے حفظت اور یہ وعی یعی سے ہے جو ضرب سے آتا ہے یقال وعے الشیٔ وعیاً جبکہ وہ جمع کرے و وعے الحدیث جب کہ وہ قبول کرے اور غور کرے اور یاد کرے ؂ دَار از نصر اس کا مصدر دور ہے بمعنے پھرنا یقال دار دوراً و دوراناً بمعنے گھوما اور چکر کھایا ؂ تفت از نصر بمعنے مشتاق ہونا یقال تاقت نفسی الی الشیٔ توقاً ای اشتاقت یقال تاق الیہ جبکہ وہ مشتاق ہو۔ وفی الفقہ النکاح عند التوقان واجب یعنی جب کہ عورت کی طرف میلان اور اشتیاق ہو اس کے ساتھ ہی غلبہ شہوت ہو تو نکاح واجب ہے ؂ عینھا بمعنے شخص و ذات والجمع اعینٌ و عیونٌ و اعیانٌ و جمع اعینات۔

فَلَمَّا لَاحَ ابْنُ ذُكَاءَ - وَالْحَفَ الْجَوُّ الضِّيَاءَ - غَدَوْتُ قَبْلَ اسْتِقْلَالِ الرِّكَابِ - وَلَا اغْتِدَاءِ الْغُرَابِ وَجَعَلْتُ أَسْتَقْرِي صَوْبَ الصَّوْتِ اللَّيْلِيِّ - وَأَتَوَسَّمُ الْوُجُوهَ بِالنَّظَرِ الْجَلِيِّ . إِلَى أَنْ لَمَحْتُ أَبَا زَيْدٍ وَابْنَهُ يَتَحَادَثَانِ - وَعَلَيْهِمَا بُرْدَانِ رَثَّانِ - فَعَلِمْتُ أَنَّهُمَا نَجِيَّا لَيْلَتِي . وَصَاحِبَا رِوَايَتِي -

معرفته

الترجمۃ والمطالب

لہذا جب صبح ہوگئی اور ہر طرف روشنی پھیل گئی تو میں روانہ ہونے اور کوؤں کے جاگنے سے پہلے اٹھا اور میں رات کی آواز کو تلاش کرنے لگا اور میں (ہر طرف) غور غور سے ان کو دیکھنے لگا یہاں تک کہ میں نے ابوزید اور اس کے لڑکے کو دو پھٹی ہوئی چادریں اوڑھے آپس میں بات کرتے ہوئے دیکھا میں نے خیال کیا کہ یہی نہ ہوں میرے ہمراز شب اور صاحب روایت یہی ہیں۔

تشریح لغات

؂ لاح بمعنے ظاہر ہوا یقال لاح الشیٔ ای بدا و ظہر و لاح البرق ای اومض و لاح الیہ ای لمح الیہ اور اس کا مصدر لوحٌ آتا ہے۔ از نصر۔ ابن ذکار بالمد والقصر یہ سورج کا نام ہے غیر منصرف ہے اور اس پر الف ولام داخل نہیں ہوتا اور اس سے مراد صبح کا وقت ہے یقال ہذہ ذکا مطالعۃ اور یہ ذکت النار تذکو سے مشتق ہے۔ ویقال للصبح ابن ذکار لانہ من ضوئہا۔ ؂ از افعال بمعنے چمٹ جانا اور پیچھے پڑ جانا اور لحاف پہنا دینا اور یہ لحاف سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنے مطلق کپڑے پہننے کے ہیں یقال الحفہ الثوب ای البسہ وطفہ الثوب لحفاً ای البسہ ایاہ از فتح اور یہ متعدی بیک مفعول بھی آتا ہے بمعنی لحاف پہننا اور متعدی بدو مفعول بھی ہوتا ہے جس کے معنے کپڑے پہنانے کے ہیں۔ اور لحاف کے معنے رضائی کے بھی آتے ہیں۔ والجمع لُحُفٌ" ؂ الجو ما بین السماء والارض یعنی آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ۔ وکشادہ میدان منہ جو البیت یعنی گھر کا اندرونی حصہ اور جو الماء زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لیے کھودا جائے والجمع جواءٌ و اجواءٌ ؂ الضیاء بمعنے روشنی از نصر یقال ضاء القمر یضوء ضوءاً و ضوءاً و ضیاءً جبکہ چاند روشن ہو اور چمکے ویقال اضاءہ ای انارہ اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے ؂ غدوت صبح کے وقت چلنا اور صبح کرنا یقال غدا الیہ غدواً و غدوّاً و اغتدی ای بکر والغدوّ نقیض الرواح ومعناہ سیر اول النہار از نصر ؂ الرکاب زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے والجمع رُکُبٌ الرکاب سواری کے اونٹ کے معنے بھی ہیں

آتا ہے اس کا واحد راحلۃ ہے والجمع رُکبٌ ور کاب در کاباتٌ ۸ ولا اغتدا، الغراب ای لم یکن اغتدائی کاغتدار الغراب، غراب کے معنے کوتے کے ہیں والجمع اغربۃٌ وغربانٌ واغرُبٌ وغرُبٌ اور غرابین یہ جمع کی جمع ہے ۹ استقری از استفعال استقرا، مصدر بمعنے تلاش کرنا اور یہ ماخوذ ہے قرے البلاد قرْیاً اور قرئے سے جبکہ شہر کو تلاش کرے از ضرب ۱۰ وصوب بمعنے جہت وسمت وجانب یقال فلاں مستقیم الصوب جبکہ وہ اپنے ارادے سے دائیں بائیں جانب مائل نہ ہو ۱۱ الصوت بمعنے آواز اور ہر قسم کا راگ والجمع اصواتٌ اور نحویون کے نزدیک اسمار اصوات وہ ہیں کہ جس سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے پتھر پر پتھر کی آواز کے لیے طوق اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لیے ہلا اور خچر کے لیے عدس ۱۲ لیلی　　لیل بمعنے رات (مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔) اور اس کی جمع لیالی آتی ہے اور یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس اس کی جمع لیائل بھی آتی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ لیل واحد ہے اور جمع کے معنے میں ہے، اور اس کا واحد لیلۃ ہے جیسے تمر تمرۃ اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃ ہے جیسے کہ عشی اور عشیۃ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے، اور لیلۃ یوم کے مقابل، لیلی لیل کی جانب منسوب وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے ۱۳ اتوسم از باب تفعل یقال توسم الشی جبکہ وہ فراست سے معلوم کرے، اور علامت طلب کرے اور پہچانے ویقال توسم فیہ الخیر۔ جبکہ کہ وہ بھلائی معلوم کرے وتوسم الرجل جبکہ وہ موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرے اور توسم بالوسمۃ کے یہ معنے ہیں جبکہ وہ وسمہ لگائے ۱۴ الوجوہ یہ وجہ کی جمع ہے بمعنے چہرہ والجمع اَوجہٌ ووجوہٌ واجُوہٌ ۱۵ بالنظر الجلی یعنی ظاہر نظر، نظر یہ مصدر ہے۔ بمعنے نگاہ ودانائی وعلم النظر والاستدلال اور علم کلام ویقال فی ہذا الامر نظر یعنی عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے وبیننا نظرٌ، یعنی ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے۔ ۱۶ الجلی بمعنے واضح۔ ورروشن وصیقل کیا ہوا اور یہ جلیۃ کا مؤنث ہے یقال عین جلیۃٌ یعنی دیدہ بینا ۱۷ لمحت اس کا مصدر لمحٌ ہے از فتح یعنی دیکھنا یقال لمح البصرُ لمحاً جب کہ وہ نگاہ اٹھا کر دیکھے ولمح الرجلُ الشیٔ والی الشی جب کہ وہ دز دیدہ نظر سے دیکھے ولمح الشیٔ یا لبصر جب کہ وہ نگاہ ڈالے ۱۸ یتحادثان از باب تفاعل بمعنے پس میں باتیں کرنا واصلہ حدث الشیٔ حدوثا ای وقع۔ اور اس کا مجرد حدیث ہے بمعنے مطلق بات یا خاص بڑی بات یا حِدث بکسر الحاء بمعنے نئی بات یا حُدث بضم الحاء المہملۃ وہ بات جس کے سننے کے لیے لوگ جمع ہوں ۱۹ بردان یہ برد کا تثنیہ ہے اور اس کا واحد بردہ ہے۔ بمعنے دھاری دار چادر والجمع ابرادٌ وابرُدٌ وبُرودٌ یہاں اگر اس سے یہ مراد لیا جائے کہ دونوں کے پاس دو چادریں تھیں تو یہاں یہ مناسب نہیں اس لیے کہ غربت اور مفلسی اور ناداری یہ بتلاتی ہے کہ ایک چادر کا ہونا بھی وقت سے خالی نہیں بظاہر اس سے ایک چادر کا ہونا معلوم ہوتا ہے اور یہ اس طرح ہے جیسا خدا نے فرمایا ہے۔ فقد صغت قلوبکما ۲۰ رثان یہ رث کا تثنیہ ہے اور رث صیغہ صفت کا ہے جس کے معنے پرانے کپڑے کے ہیں۔ یقال رثَّ الثوب رثاثۃً ورثوثۃً ای بلی فہو رثٌ ورثیثٌ والجمع رثاثٌ از نصر ۲۱ نجیا بمعنے سرگوشی کرنے والا اور اس کے معنے بھید اور جس سے راز داری کی بات کی جائے اور حدی پڑھنے والے کی آواز اور بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا (نیز) ۲۲ صاحبا یہ صاحب کا تثنیہ ہے بمعنے ساتھی ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا اور اس کے معنے مالک وزیر اور گورنر کے بھی آتے ہیں۔ والجمع اصحُبٌ واصحابٌ وصحبۃٌ وصحابٌ وصُحبان وصحابۃٌ اور اصحاب کی جمع اصاحیب آتی ہے۔ ۲۳ روایتی۔ یہ مصدر ہے اور یہ ضرب سے آتا ہے۔ یقال روی　　الحدیث روایۃً جبکہ وہ نقل کرے اور　　بیان کرے۔

فَقَصَدْتُهُمَا قَصْدَ كَلِفٍ بِدَمَاثَتِهِمَا. رَاثٍ لِرَثَاثَتِهِمَا. وَاجْتَحْتُهُمَا التَّحَوُّلَ إِلَى رَحْلِي. وَالتَّحَكُّمَ فِي كُثْرِي وَقُلِّي. وَطَفِقْتُ أُسَيِّرُ بَيْنَ السَّيَّارَةِ فَضْلَهُمَا. وَأَهُزُّ الْأَعْوَادَ الْمُثْمِرَةَ لَهُمَا إِلَى أَنْ عُرِفَا بِالتَّخَالِّ. وَاتُّخِذَا مِنَ الْخُلَّانِ. وَكُنَّا بِمُعَرَّسٍ. نَتَبَيَّنُ مِنْهُ بُنْيَانَ الْقُرَى. وَنَتَنَوَّرُ نِيرَانَ الْقِرَى.

الترجمۃ والمطالب

میں ان کے حسن خلق پر فریفتہ ہوکر ان کی پھٹی پرانی چادر دن پر رحم کھاتا ہوا ان کے پاس گیا اور ان کو اپنے قافلہ میں لاکر تھوڑے اور بہت مال میں تصرف کا مختار بنا دیا اور میں نے قافلہ کے سامنے لاکر ان کی بزرگی مشہور (بیان) کی اور ان کے واسطے پھل دار شاخوں کو میں نے ہلایا یہاں تک کہ وہ بخشش میں چھپ گئے اور دوست بنا لئے گئے ہم اس جگہ سے گاؤں کے مکانات اور مہمانی کی آگ دیکھ رہے تھے ۔

تشریح لغات

لہ قصدتہما قصد مصدر از ضرب یقال قصد الرجل ولہ والیہ قصداً جب کہ اس کی طرف توجہ کرے ۔ وقصد الیہ جب کہ وہ اعتماد کرے وقصد قصدہٗ جبکہ وہ اس کی طرف جاوے ۲ کلف ۔ بمعنے عاشق ہونا اور چہرہ کا جھائیں والا ہونا ۔ یقال کلف بالشئی کلفاً وکلفۃً فہو کلفٌ ای لہج بہ والکلف الولوع بالشئی مع شغل قلب ومشقۃ از سمع ۳ دماثتہما بمعنے خلق وحسن والا ہونا ۔ یقال دمث دماثۃ ای سہل خلقہ از کرم ودمث المکان دمثاً ای لان وسہل از سمع ۴ راثٍ از ضرب بمعنے رحم کرنے والا اور مہربانی کرنے والا ۵ رثاثتہما مصدر بمعنے کہنگی وبوسیدگی یہاں اس سے مراد بدحالی ہے ۶ اجتحتا اباحت مصدر از افعال بمعنے مباح کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے ۔ وادی بمعنے ظاہر کرنا وظاہر ہونا اجتہما ای احللت لہما یقال ابحتک الشئی ای احللتہ لک واحلہ باح الشئی بوحاً وبُووحاً ای ظہر کما قال الشاعر ۔ کم باح بامی بعد ما کتم الہوے ۔ ۷ التحول یقال حال الشئی حُوُلاً وحُوُولاً ای تحول من حال الٰی حال از نصر ۸ رحلی مصدر بمعنے کجاوہ ومنزل وقیام گاہ یقال عاد المسافر الی رحلہ یعنی مسافر اپنے قیام گاہ پر واپس آیا وانقضا رحلہ جبکہ وہ اپنا کجاوہ اتارے اور سامان ڈال دے یعنی اقامت کرے ۔ والجمع رحالٌ وارحُلٌ ۹ التحکم ۔ مصدر از باب تفعل بمعنے مختار وحاکم بنانا یقال تحکم فی الامر یعنی بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کیا ۔ اور حکم جاری کیا اور اپنی خواہش کے مطابق تصرف کیا ۱۰ الکثری بضم الکاف وسکون الثار بمعنے بہت کثیر اور بہتات ۔ یقال الحمد للہ علی القل والکثر یعنی قلت وکثرت پر اللہ کا شکر ہے ۱۱ قُلی بضم القاف بمعنے قلیل وکمتر ۱۲ طفقت از سمع وضرب یقال طفق طفقاً وطفوقاً ای یفعل کذا جبکہ وہ شروع کرے ۔ ۱۳ اُسَیِّرُ از تفعیل مصدر تسییر بمعنے چلانا ومشہور کرنا ۔ یقال سیر الرجل جبکہ وہ چلائے ۔ ۱۴ السَّیَّارَۃ ۔ بمعنے بہت سیر کرنے والا اور یہ السیار کا مؤنث ہے جس کے معنے قافلہ کے ہیں والجمع سیارات ۱۵ ہزاز نصر بمعنے ہلانا یقال ہز الشئی وبالشئی جب کہ وہ حرکت دے اور ہلائے ۔ وفی التنزیل وہزی الیک بجذع النخلۃ تساقط علیک رطبا جنیا ۱۶ الاعواد یہ عود کی جمع ہے بمعنے لکڑی وٹہنی اور ایک قسم کی خوشبو جس کو سلگایا جاتا ہے ۔ والجمع اعوادٌ وعیدانٌ ایضاً اور عود کے معنے لوٹنے کی آتے ہیں چونکہ شاخ بھی ایک دفعہ کاٹنے کے بعد دوبارہ آجاتی ہے ولہذا یقال للعید عید اس لیے کہ یہ دوبارہ ہر سال

میں لوٹ کر آتی ہے اور عید یہ بھی عَوْدٌ سے مشتق ہے اور یہ وادی ہے اگرچہ واو کو یا سے بدلنے کا کوئی قانون و قاعدہ نہیں اس لیے کہ عید اور عود میں فرق ہو جائے۔ ۱۸؎ التمرۃ از افعال اس کا مصدر اِثمار ہے بمعنے پھل دینا۔ غمرا از نصر بمعنے ڈھانپنا یقال غمر فلانا بفضلہ اس نے فلاں کو اپنے فضل اور احسان سے ڈھانپ لیا۔ ۱۹؎ بالنحلان بالضم بمعنے عطیہ وہبہ یقال نحلہ نُحلًا ای وہبہ از فتح ومنہ النِّحلۃ والنُّحلۃ بمعنے عطیہ والجمع نِحَلٌ ونُحَلٌ ۲۰؎ الخلان بالضم یہ خلیل کی جمع ہے بمعنے دوست اور اس کی جمع اخلاء آتی ہے وفی التنزیل الا خلاء یومئذ بعضہم ا ۲۱؎ بمعرس اسم ظرف بمعنے اخیر رات میں آرام لینے کے لیے اترنے کی جگہ ۲۲؎ بُنیان مصدر بالضم بمعنے دیوار وفی التنزیل کانہم بنیان مرصوص ۲۳؎ القرٰی۔ بالضم یہ قریۃ کی جمع بمعنے گاؤں۔ وجا ئبداد لوگوں کی جماعت ۲۴؎ تنوّرا از تفعیل اس کا مصدر تنور ہے۔ یقال تنور النار من بعید ای تبصرہا۔ یعنی دور سے دیکھنا وتنور الرجل کسی شخص کو آگ کے پاس ایسی جگہ سے دیکھنا کہ وہ اس کو نہ دیکھ رہا ہو۔ ۲۵؎ نیران۔ یہ نار کی جمع ہے بمعنے آگ اور یہ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی تصغیر نُوَیْرَۃٌ آتی ہے والجمع انور ونیران ونیرۃ۔ القرٰی بالکسر بمعنے مہمانی کا کھانا اور وہ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے۔

فَلَمَّا رَأَى أَبُو زَيْدٍ اِمْتِلَاءَ كِيْسِهٖ. وَانْجِلَاءَ بُؤْسِهٖ. قَالَ لِيْ إِنَّ بَدَنِيْ قَدِ اتَّسَخَ. وَدَرَنِيْ قَدْ رَسَخَ. أَفَتَأْذَنُ لِيْ فِيْ قَصْدِ قَرْيَةٍ لِأَسْتَحِمَّ. وَأَقْضِيَ هٰذَا الْمُهِمَّ. فَقُلْتُ إِذَا شِئْتَ فَالسُّرْعَةَ السُّرْعَةَ. وَالرَّجْعَةَ الرَّجْعَةَ. فَقَالَ سَتَجِدُ مَطْلَعِيْ عَلَيْكَ. أَسْرَعَ مِنِ ارْتِدَادِ طَرْفِكَ إِلَيْكَ.

الترجمۃ والمطالب

پس جبکہ ابوزید نے اپنے جھولی بھرتے اور اپنی محتاجگی زائل ہوتے دیکھی تو وہ مجھ سے کہنے لگا کہ میرا بدن گرد آلود ہو رہا ہے اور میل بہت جم گیا ہے کیا آپ مجھے گاؤں میں جانے کی اجازت دے سکتے ہیں؟ تاکہ میں حمام میں جا کر غسل کر آؤں اور میں اپنی اس ضرورت سے فارغ ہو جاؤں میں بولا اگر تو چاہتا ہے جا اور جلد واپس آ وہ کہنے لگا ابھی تم مجھے ایک سیکنڈ میں اپنے پاس موجود پاؤ گے (یعنی آنکھ کے جھپکنے سے بھی پہلے میں واپس آجاؤں گا)

تشریح لغات

۱؎ اِمْتِلَاءَ مصدر از باب افتعال بمعنے بھر جانا اور ملاء بمعنے بھر دینے کے آتے ہیں یقال ملأ الشئ ملاءً فامتلاء از فتح ۲؎ کیسہ تھیلی۔ بٹوہ والجمع اکیاسٌ واصلہ کاس الغلام کیسًا وکیاسۃً ای صار فطنا از ضرب ۳؎ الانجلاء مصدر از انفعال بمعنے ظاہر ہونا ۴؎ بوس اور بائسٌ بمعنے سختی وتنگی ومحتاجی والجمع الابؤسُ ۵؎ بدنی انسان کا جسم والجمع ابدانٌ یقال بدن الرجل بدونًا وبَدْنًا وبُدْنًا از نصر وبَدُنَ بدانۃً وبُدانًا بمعنے عظم بدنہ لکثرۃ لحمہ باب از کرم ۶؎ اتسخ از افتعال اس کا مصدر اتساخ ہے بمعنے میلا ہونا یقال وسخ الجلد وسخًا وتوسخ والسخ ای صار ذا دنح وہو ما یعلو الثوب والجلد من الدرن وقلۃ التعہد بالمساء بابہ از سمع ووسخ وہ میل جو پسینہ کی وجہ سے جسم پر جم جائے والجمع اوساخٌ اور درن

عارضی میل اور بعض یہ فرماتے ہیں درن وہ میل جو نہ نہانے کی وجہ سے ہو اور وسخ وہ میل جو بوجہ گرد غبار کے ہو)[۸] دَرَنِی، محرکۃ میل کچیل والجمع اوران۔ دہا انتا نبہک باسماء ما یتولد فی بدن الانسان من الفضول دالا وساخ فاحفظ۔ اذا کان فی العین فہو رمص فاذا جف فہو غمص۔ فاذا کان فی الانف فہو مخاط فاذا جف فہو نعف فاذا کان فی الاسنان فہو حفر فاذا کان فی الشدقین عند الغضب وکثرۃ الکلام کالزبد فہو زبد فاذا کان فی الاذن فہو اُف فاذا کان فی الاظفار فہو تف فاذا کان فی الراس فہو خراز وصیریۃ وابریۃ فاذا کان فی سائر البدن فہو درن۔[۸] رسخ ازنصر یقال رسخ الشیٔ رسوخاً ای ثبت فی موضعہ یعنی پختہ ہونا[۹] افتاذن الہمزۃ للاستفہام تاذن از سمع یقال اذن بالشیٔ اذناً ای اباحہ (یعنی اجازت دی)، وَاَذِنَ بالشیٔ اَذَناً وَاَذَاناً وَاَذَانۃً ای علم کما فی قولہ تعالے فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ۔ واذنہ ای اعلمہ واذن لہ اَذْناً ای استمع[۱۰] قرینۃ بمعنے گاؤں والجمع قُرٰی وقریٰ۔[۱۱] لاستحم استحمام مصدر از استفعال۔ استحمام کے معنے بعض اصحاب لغت یہ فرماتے ہیں کہ اس کے معنے گرم پانی سے غسل کرنے کے ہیں لیکن پھر استعمال مطلق کسی پانی سے غسل کرنے کے ہو گئے وقال استاذی عمی المکرم رحمۃ اللہ علیہ کہ یہ ماخوذ حمیم سے ہے۔ اور حمیم گرم پانی کو بھی کہتے ہیں اور سرد پانی کو بھی تو مناسب ہے کہ استحمام کے دونوں معنے ہونا چاہیئے ایک اصلی اور دوسرا عارضی۔ اور یہ دونوں معنے اس کے لیے جا سکتے ہیں۔[۱۲] الہم اسم فاعل، شدید معاملہ اور مشغول کرنے والا معاملہ والجمع ہُہام[۱۳] السرعۃ یہ بطوء کی نقیض ہے۔ یقال سَرُعَ سُرْعۃً وسِرعاً وسرعاً وسراعۃً وسَارَعَ الیہ ای بادر الیہ از کرم وفی التنزیل وسارعوا الی مغفرۃ یا تو یہ مفعول ہیں فعل محذوف کے تقدیرہ ای اطلب الرجعۃ واطلب السرعۃ یا یہ دونوں مفعول مطلق فعل محذوف کے ہیں تقدیرہ اسرع السرعۃ وارجع الرجعۃ اور یہ فعل محذوف پر دلالت کرنے کے لیے مکرر لایا گیا جیسے سیر اسیراً[۱۴] میں الرجعۃ اصلہ رجع یرجع رجعاً ورجوعاً ورجعے ورجعاناً ومرجعاً ومرجعۃً جب کہ وہ لوٹے اور واپس ہو ازضرب[۱۵] مطلعی یہ ظرف بھی ہو سکتا ہے، اور مصدر میمی بھی بمعنے طلوع کرنا و آنا یقال طلع الرجل ای اتی[۱۶] بمعنی نظر کا پھرنا از افتعال یہ مصدر ہے یقال رد الشیٔ ردّاً ومردّاً ای صرفہ فارتد ای انصرف والاسم منہا الردۃ والردۃ ازنصر[۱۷] طرف بفتح الطاء والراء وسکون الراء قال صاحب الصراح بفتح الطاء والراء کے معنے کنارہ کے ہیں اور سکون الراء کے معنے آنکھ کی نگاہ کے ہیں وقال استاذی رحمۃ اللہ علیہ لیکن تحقیق یہ ہے کہ ہر دو لغت کے ہر دو معنے آتے ہیں اس جگہ صنعت توریہ ہے کہ ایک لفظ کے دو معنے ہوں ایک قریب دوسرے بعید اور مخاطب قریب کے معنے مراد لے اور متکلم بعید کے معنے مراد لے ایسا ہی یہاں پر طرف کے معنے قریب تو آنکھ جھپکنے کے ہیں اور اس کے بعید معنے آن (وقت) من الزمان کے ہیں یعنی میں اتنا جلدی آؤں گا جتنا کہ آن (وقت) زمانہ کی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ان زمانہ واپس نہیں آتی بقول شاعر ؎ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔ پس یہ معنے ہوئے کہ میں واپس نہ آؤں گا۔ اور حارث یہ سمجھا کہ آنکھ جھپکنے سے پہلے آئے گا پس حارث نے دھوکہ کھایا۔

ثُمَّ اسْتَنَّ[۱] اسْتِنَانَ الْجَوَادِ[۲] فِی الْمِضْمَارِ[۳]۔ وَقَالَ لِابْنِہٖ بَدَارِ[۴] بَدَارِ۔ وَلَمْ نَخَلْ اَنَّہٗ غَرَّ[۵]۔ وَطَلَبَ الْمَفَرَّ[۶]۔ فَلَبِثْنَا[۷] نَرْتُبُہٗ[۸] رِقْبَۃَ[۹] الْاَعْیَادِ[۱۰]۔ وَنَسْتَطْلِعُہٗ[۱۱] بِالطَّلَائِعِ وَالرُّوَّادِ[۱۲]۔ اِلٰی اَنْ هَرِمَ[۱۳] النَّهَارُ[۱۴]۔ وَكَادَ جُرْفُ[۱۵] الْيَوْمِ يَنْهَارُ[۱۶]۔ فَلَمَّا طَالَ[۱۷] اَمَدُ الْاِنْتِظَارِ۔ وَلَاحَتِ[۱۸] الشَّمْسُ فِی الْاَطْمَارِ۔

الترجمة والمطالب

یہ کہہ کر اس نے میدان گھوڑے کی سی چوکڑیاں بھریں اور اپنے لڑکے سے بولا آجلد آ ہم یہ نہ سمجھے کہ وہ دھوکہ دے کر بھاگنا چاہتا ہے ہم عید کے چاند کی طرح بہت دیر اس کے منتظر رہے اور دشمن کو تلاش کرنے والی اور آب وگیاہ ڈھونڈھنے والی نظروں سے اس کو تلاش کرتے رہے یہاں تک کہ دن بوڑھا ہوا اور قریب تھا کہ وہ غائب ہو جائے پس جب مدت انتظار بہت طویل ہوگئی اور آفتاب پھٹے کپڑوں میں ظاہر ہوا (غروب ہونے لگا)

تشریح لغات

ؔلہ اسْتَنّ از افتعال اس کا مصدر استنان ہے بمعنے گھوڑے کا آگے پیچھے دوڑنا کودنا واصلہ سَنّ السکین سَنًّا ای شحذہ واحدّہٗ وسَنّ الرمح ای رکّب فیہ السنان وسَنّ الاسنان ای سَوّکھا (اس نے مسواک کی) وسَنّ الامر ای سَہّلہ وبَیّنہ واجراہ وسَنّ الطریقۃ ای سار فیہا وسَنّ السُّنّۃ ای وضعہا وسَنّ الطین ای عملہ (مٹی کا برتن اس نے بنایا) وسَنّ الشئ یعنی اس نے تصویر بنائی وسَنّ الماءَ او التراب یعنی اس نے پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرائی وسَنّ العینُ الدمع یعنی اس نے آنکھ کے آنسو بہائے وسَنّ الامیر رعیتہ یعنی امیر نے اپنی رعیت کا بہتر انتظام کیا وسَنّ فلانا طریقًا من الخیر یعنی فلاں شخص نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی اور یہ سب ان معنوں میں نصر سے آتا ہے ؔلہ الجَوَاد عمدہ تیز رفتار گھوڑا والجمع اَجْوَادٌ واجاد وجمع الجمع اجاوِیدُ واصلہ جاد الشئ جَوْدَۃً وجُوْدَۃً ای صار جیّدًا والجمع جیاد از نصر ؔلہ المِضْمَار گھوڑ دوڑ کا میدان اور وسیع میدان اور مزمار بالزاء المعجمۃ بمعنے باجہ اور یہ تضمیر سے مشتق ہے، گھوڑے کو خوب کھلا کر موٹا کرنا اور بعد میں دوائیں کھلا کر دوڑانا تاکہ قوی اور مضبوط ہو جائے اور موٹاپا چلا جائے اس گھوڑے کو مضمر کہتے ہیں اور اس میدان کو مضمار کہتے ہیں واصلہ ضمر ضمورًا بمعنے ہزل وَدَقّ وقلّ لحمہ فہو ضامرٌ وفی التنزیل وعلی کل ضامر والجمع ضُمّرٌ، وہی ضامرۃ والجمع ضوامر از نصر وکرم ؔلہ بدارِ۔ یہ اسم فعل ہے۔ بمعنے ابدر التنزیل کہ جلدی کرو بمعنے اسرع من المبادرۃ ہذا الوزن قیاسی من الثلاثی لاسماء الافعال وقال سیبویہ ہو مطرد فی الثلاثی المجرد ای کثیر فکانہ قیاس لکثرتہ۔ وفی التنزیل ولا تاکلوہا اسرافًا وبدارًا ان یکبروا ؔلہ غَرّ۔ از نصر بمعنے دھوکا دینا یقال غَرّہٗ غرًّا وغرورًا وغِرّۃً ای خدعہ واطمعہ بالباطل ؔلہ المَفَرّ مصدر میمی بمعنے بھاگنا وفی التنزیل این المفر۔ یقال فرّ الرجلُ وفرارًا بمعنے ہرب از ضرب ؔلہ فلبثنا۔ اس کا مصدر لبث ہے۔ بمعنے ٹھہرنا از سمع یقال لبث بالمکان لبثا ولبثًا ولبثًا ولَبَاثًا ولباثا ولباثۃً ولبثانًا ولَبِیْثَۃً جب کہ وہ ٹھہرے۔ ویقال ما لبث ان فعل کذا یعنی اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی ؔلہ نرقبہ بمعنے انتظار کرنا یقال رَقَبہ رَقَبَۃً ورِقْبَۃً ورُقْبَانًا ورقوبًا ورُقوبًا ورِقابۃ ای انتظرہ از نصر وفی التنزیل ولم ترقب قولی ولا یرقبون فی مومن الًّا ولا ذمّۃ ؔلہ رِقبۃ مصدر بکسر الراء المہملۃ بمعنے انتظار کرنا ؔلہ الاعیاد یہ عید کی جمع ہے۔ اور عید کو اس وجہ سے عید کہتے ہیں، کہ وہ ہر سال میں لوٹ کر آتی ہے۔ ؔلہ نستطلعہ واستطلاع مصدر اگر اس کا مجرد طلع ہو تو اس کے معنے شگوفہ والا ہونے کے ہوں گے۔ یا یہ طلوعٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنے چمکنے والی شئی کے ہوں گے اور اگر اس کا مجرد طَلَعۃٌ ہو تو اس کے معنے اطلاع پانے کے ہوں گے۔ تو یہاں اس کے معنے اس کے آنے کی خبر پوچھنے کے ہیں۔ یقال طلع علی الامر طلوعًا واطلع علیہ ای علمہ از نصر ؔلہ بالطلائع یہ طَلِیْعَۃٌ کی جمع ہے وہ چھوٹا طائفہ جو باقی لشکر سے آگے بڑھ

گیا ہو انتظام کے لیے اور اس لیے تاکہ دشمن کے حالات معلوم ہو جائیں اور اس کو مقدمۃ الجیش بھی کہتے ہیں۔ اور ہراول بھی اور بعض نے تین چار آدمی کی تحدید کی ہے اور یہ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ؁۳ کالرُّواد یہ رائد کی جمع ہے۔ وہ طائفہ جو لشکر کے لیے گھاس اور پانی طلب کرنے کے لیے گیا ہو۔ اب مطلق آگے بڑھنے کے آتے ہیں ؁۴ ہَرِمَ یہ ہرم سے ماخوذ ہے از سمع جس کے معنے بوڑھا ہونے اور کمزور ہونے کے ہیں۔ یقال ہَرِمَ ہَرَمًا　　داہرمہ اللہ فہو ہرم یہ صفت کا صیغہ ہے والجمع ہرمون وہرمے اور اس کا مؤنث ہرمۃ آتا ہے۔ والجمع ہرمات وہرمے ؁۵ النہار یہ لیل کی ضد ہے یعنے دن شرعی یعنی صبح سے لے کر مغرب تک اور روز والجمع أنہُر ؁۶ جرف بضم الجیم والراء وسکون الراء دریا کا وہ کنارہ جسے پانی نے کاٹ دیا ہو اور گرنے کے قریب ہو ومنہ فلاں یبنی علے جرف ہار لا یدری ما لیل من نہار۔ یعنی فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل ونہار کی تمیز نہیں والجمع اَجراف وجُرُوفٌ وجِرَفۃٌ یقال جَرَفَ الشئَ یجرفہ جَرْفًا ای اکلہ کلّہ اومعظمہ از نصر و فی التنزیل علے شفا جرف ہار ؁۷ یہار از انفعال بمعنے منہدم ہو اور گرے یقال ہار الجُرُفُ والبناءُ ہیرًا وتہیّر ای انہدم وقیل اذا انصدع الجرفُ وہو ثابت بعد فی مکانہ فقد ہار فاذا اسقط فقد انہار وفی التنزیل فانہار بہ فی نار جہنم از ضرب یقال ہار البناء ای ہدمہ وانہدم۔ یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے والمصدر ہور از نصر والصفۃ منہ ہائرٌ وہارٍ وہار فلانا بالامر ای اتہمہ دہارہ بکذا ای ظنہ ؁۸ طال یہ طول سے مشتق ہے جو قصر کی نقیض ہے یقال طالَ طولاً فی الناس وغیرہم من الحیوان والموات وقال النحویون اصل طال فعل مثل کرم بدلیل اشتقاق الاسم منہ علے فعیل مثل طویل حملاً علے شرف فہو شریف وکرم فہو کریم ؁۹ الاَمَدُ بمعنے غایت آخری حد۔ والجمع آماد وفی التنزیل طال علیہم الامد یعنی ان کے اوپر مدت طویل ہو گئی۔ والفرق المعنوی بین الامد والابد ان الابد الزمان الذی لا نہایۃ لہ ولا یتغیر ولا ینحصر اور امد اگر مطلق ہو گا تو واقع میں اس کی کوئی نہایت ہو گی لیکن وہ معین نہ ہو گا۔ اور اگر یہ مقید ہو تو اس کی تعیین ہو گی ؁۱۰ لاحت از نصر یقال لاح الشئُ یلوح لوحًا جب کہ وہ ظاہر ہو ولاح البرقُ جبکہ بجلی چمکے ولاح النجم جبکہ ستارہ نکلے از نصر ؁۱۱ الاطمار اس کا واحد طمر ہے یعنے پرانا کپڑا یا پرانی چادر یقال لاحت الشمس فی الاطمار یعنی آفتاب زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی اور یہ ضرب المثل ہے اور اطمار شمس سے حال واقع ہے۔

قُلْتُ لِاَصْحَابِیْ قَدْ تَنَاهَیْنَا فِی الْمُهْلَةِ . وَتَمَادَیْنَا فِی الرِّحْلَةِ . اِلٰی اَنْ اَضَعْنَا الزَّمَانَ . وَبَانَ اَنَّ الرَّجُلَ قَدْ مَانَ . فَتَاَهَّبُوْا لِلظَّعَنِ . وَلَا تَلْوُوْا عَلٰی خَضْرَاءِ الدِّمَنِ . وَنَهَضْتُ لِاُحْدِجَ رَاحِلَتِیْ . وَاَتَحَمَّلَ بِرِحْلَتِیْ . فَوَجَدْتُ اَبَا زَیْدٍ قَدْ کَتَبَ عَلَی الْقَتَبِ . حِیْنَ شَمَّرَ لِلْهَرَبِ ؎

الترجمۃ والمطالب تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اب تو انتظار کی حد ہو گئی اور کوچ کرنے میں بڑی تاخیر ہو چلی ہم نے (اتنا وقت بیکار ضائع کیا اور اب یہ ظاہر ہے کہ وہ جھوٹ بول گیا لہذا تم چلنے کی تیاری کرو اور روڑی کے سبزے پر تم مائل مت ہو (یعنی اس کے باطن کے برے ہونے پر تم گرویدہ نہ ہو) یہ کہکر میں اٹھا تاکہ میں اپنی اونٹنی پر کجاوہ کسوں اور سامان لادوں تو میں نے دیکھا کہ ابوزید جاتے وقت کجاوہ کی لکڑی پر یہ شعر لکھ گیا ہے۔

تشریح لغات

[۱] تناهینا از تفاعل اس کا مصدر تناہی ہے یقال تناھینا الشئ یعنی ہم انتہا کو پہنچے وتناہی الماءُ جبکہ پانی تالاب میں ٹھہرے وتناہی الخبر جبکہ خبر پہنچے [۲] المهلة مصدر بمعنے تاخیر کرنا، ودیر وآہستگی یقال مهل الرجلُ فی عمله مُهلاً ومَهَلةً ای عمله برفق ولم یعجل از فتح ومَهلَهُ وامهله ای رفق [۳] تمادینا از تفاعل مدی سے مشتق ہے بمعنے مدت اور غایت کے ہیں یقال مادّئے فلاناً ممادّاة جب کہ اس کو مہلت دی جائے وامد لے فلانا جبکہ اس کو مہلت دے وتمادیٰ فی غیه یعنی بہت دیر تک رہنا اور اصرار کرنا وتمادیٰ فی الامر جبکہ وہ انتہا کو پہونچے وتمادیٰ ای بلغ المدیٰ ای الغایة [۴] الرحلة یہ اسم مصدر ہے بمعنے کوچ کرنا اور چلے جانا یقال غدًا رحلتنا، یعنی کل ہمارا کوچ ہے (سفر ہے)، [۵] اضعنا از افعال یقال اضاعه اس کو ضائع کیا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال ضاع یضیع ضیعًا وضَیْعةً وضیاعًا یعنی وہ ضائع اور تلف ہوئی یعنی بیکار ہوئی [۶] بان یہ یائی ہے۔ از ضرب یقال بان یبین بیانًا وتبیانا بمعنے ظاہر ہونا وواضح ہونا۔ واز ضرب بمعنے جدا ہونا اس کے مصدر بین وبیون وبینونة آتے ہیں [۷] مانَ اس کا مصدر مین ہے از ضرب یقال مان الرجلُ مینًا جب کہ جھوٹ بولے وجمع المَینِ مُیونٌ [۸] فتاهبوا اس کا مصدر تاہب ہے۔ اور تاہب یہ اُھبة سے ماخوذ ہے بمعنے سامان یقال تاھّبَ للامر جبکہ وہ تیار اور آمادہ ہو۔ اور اسی طرح تاھیب ہے۔ اس کا مجرد نہیں آتا ہے۔ [۹] للظعن یہ مصدر ہے بمعنے کوچ کرنا یقال ظعن ظعنًا وظَعَنًا وظعونا ای سار وارتحل از فتح [۱۰] دلاتلو والوے (وادیہ العین یائیہ اللام) یائی از ضرب لیًّا ولوًیًّا یقال لویتهٗ لیًّا ولویًا ای اماله وفی التنزیل لوّداروٴسهم۔ ویقال لوی الحبل جبکہ وہ رسی کو بٹے اور مروڑے [۱۱] خضرا اس کا موصوف محذوف ہے تقدیرہ علے نباتٍ خضراء الدمن۔ خضراء کے معنے زرد کے ہیں اور یہ اخضر کا مونث ہے یقال خضِر خضرًا ای صار اخضر از سمع وخضر الزرع جب کہ سرسبز شاداب ہو۔ الدِمَن یہ دِمنَة کی جمع ہے بمعنے روڑی گوبر، کہاد اور یہ ضرب المثل ہے جب کہ کسی شخص کا ظاہر ہو تو اچھا ہو اور اس کا باطن خراب ہو ویقال ہو دمن مال جبکہ وہ مال کا منتظم ہو اور دُمنة کے معنے گھر کے نشانات اور حوض کے بقیہ پانی اور کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ کے آتے ہیں [۱۲] نهضت۔ اس کا مصدر نہوض ہے۔ از فتح یقال نهض عن مکانه نهضًا ونهوضًا جبکہ وہ کھڑا ہو اور اٹھے ونهض الے عدوه جبکہ وہ دشمن پر جلدی سے حملہ کرے ونهض للامر جبکہ وہ مستعد ہو [۱۳] لاحدج از ضرب یقال حدج البعیرُ والناقة حدجًا وحداجًا جب کہ وہ اونٹ پر کجاوہ باندھے وحدج الاحمال جب کہ اونٹ پر باندھے وحدجه بالسهم جب کہ وہ تیر اندازی کرے۔ وحدجه بالذنب جب کہ وہ تہمت لگائے [۱۴] التحمل از تفعل یقال تحمّلَہ، تحملاً وتحمالاً جب کہ وہ اٹھائے وتحمل الامرَ جبکہ وہ برداشت کرے وتحمل القومُ جب کہ کوچ کرے۔ وتحمل الرجل جب کہ وہ بہادر بنے [۱۵] القتب۔ محرکة کجاوہ وا لجمع اقتابٌ اور اس کے معنے آنت کے بھی آتے ہیں یقال قتبه قتبًا ای اطعمه الامعاء المشویة واقتب البعیرَ ای شدّه علیه القتب از نصر [۱۶] شمّر از باب تفعیل یقال شمّر تشمیرًا جب کہ وہ تیز گذرے اور تیز چلے وشمر الثوبَ عن ساقیه جب کہ وہ کپڑا اٹھائے وشمّرَ للامر جبکہ وہ ارادہ کرے اور آمادہ ہو وشمّرَ فی الامر جب کہ وہ چستی کرے وشمّرَ الے المکان جب کہ وہ قصد کرے وشمّرت الحربُ جب کہ لڑائی سخت ہو [۱۷] للهرب یہ مصدر ہے بمعنے بھاگنا از نصر یقال هرَبَ هرَبًا وهرْبًا وهَرَبًا وهربانا جب کہ وہ بھاگے ویقال هرب فی مشیه، جب کہ وہ تیز چلے وهرب فی الارض جب کہ وہ دور تک جائے وهرب فی الامر جبکہ وہ مبالغہ کرے اور سمع سے اس کے معنے بوڑھا ہونے کے آتے ہیں۔

يَا مَنْ غَدَا اِلَى سَاعِدًا | وَمُسَاعِدًا دُوْنَ الْبَشَرْ
لَا تَحْسَبَنْ اَنِّي نَأَيْتُكَ عَنْ مَلَالٍ اَوْ اَشَرْ
لٰكِنَّنِي مُذْ لَمْ اَزَلْ | مِمَّنْ اِذَا طَعِمَ انْتَشَرْ

قَالَ فَاَقْرَأْتُ الْجَمَاعَةَ الْقَتَبَ. لِيَعْذِرَهُ مَنْ كَانَ عَتَبَ. فَاُعْجِبُوْا بِخُرَافَتِهٖ. وَتَعَوَّذُوْا مِنْ اٰفَتِهٖ. ثُمَّ اِنَّا ظَعَنَّا. وَلَمْ نَدْرِ مَنِ اعْتَاضَ مِنَّا۔

الترجمۃ والمطالب

اے لوگوں کے پاس میرے معین و مددگار بن کر جانے والے تم ہرگز یہ خیال نہ کرنا کہ میں تم سے کسی رنج یا تکبر کی وجہ سے دور ہوا ہوں بلکہ میں تو ہمیشہ ان لوگوں میں سے ہوں کہ کھایا پیا اور چلتے بنے حارث بن ہمام نے کہا تو میں نے پالان کی لکڑیوں کو لوگوں سے پڑھوایا تاکہ جو لوگ مجھ پر خفا ہو رہے تھے وہ مجھے معذور سمجھیں سب لوگ اس کی اس واہیات بات سے متعجب ہوئے۔ اور اس کی شرارت اور آفت سے پناہ مانگنے لگے پھر ہم لوگ چل دیئے اور خدا معلوم کس نے ہماری طرف سے ابوزید سے بدلہ لیا۔

تشریح لغات

لہ غدا یہاں بہ صار کے معنے میں ہے اور اس کے معنے صبح کے وقت جانے کے بھی آتے ہیں۔ ٢ہ ساعدا اس کے اصلی معنے کلائی کے ہیں چونکہ کلائی سے انسان کو قوت حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے اس کے معنے معین اور مددگار کے آجاتے ہیں۔ اور اس کی جمع سواعد آتی ہے ومنہ یقال طائر شدید السواعد یعنی پرندہ مضبوط بازو والا۔ ٣ہ مساعد اس معنے مدد کرنے کے ہیں از باب مفاعلت یقال ساعدہ علے الامر جبکہ وہ کسی کی کام پر مدد کرے ومنہ لبیک وسعدیک ٤ہ دُوْنَ یا تو۔ یہ نزدیکی کے معنے میں ہے یا بہ غیر کے معنے میں ٥ہ نایتکَ از فتح بمعنے جدا ہونا یقال نأے عنہ نأ نا بمعنے بَعُدَ وفی التنزیل واذا انعمنا علے الانسان اعرض ونا بجانبہ اى تکبر واعرض ٦ہ عن ملال عن بہ تجاوز کے لیے بھی آتا ہے اور بدل اور تعلیل استعلاء کے لیے بھی ملال کے معنے تکلیف اور رنج کے ہیں از سمع یقال مللتُ الشئَ مَلَلاً وملالاً وملّۃً وملالۃً جبکہ وہ تنگ دل رنجیدہ ہو وَمَلَّ الرجلُ جب کہ اس کو رنج پہنچے ٧ہ اَشَرَ از سمع بمعنے تکبر کرنا واکڑنا واز ضرب بمعنے غصہ کی وجہ سے دانت پیسنا اور اس کے صفت کے صیغے یہ آتے ہیں۔ اُشُرٌ واشِرٌ واشرانٌ والجمع اشرون واُشرون واشارٰے ٨ہ طَعِمَ از سمع بمعنے کھانا کھانا یقال طَعِمَ الشئَ طُعْماً وطَعْماً اى ذاقہ وَطَعِمَ الشئَ طَعْمًا وطعاءً ما اذا اکلہ وشبعہ اور ممن اذا طعم یہ لکنّ کی خبر ہے اور مُذلم ازل مبتداء ہے اور اس کی خبر محذوف ہے اى مخلوق فیہ اور یہ تلمیع ہے۔ خداوند تعالٰے کے اس فرمان کی طرف فاذا طعمتم فانتشروا فی الارض ٩ہ انتشر از افتعال اى خرج وذہب یقال نشر الثوب نشراً اى بسطہ عند طواہ ونشر الخبر اى اذاعہ ونشر الشئَ اى فرّقہ ونشرت الریح اى ہبت از نصر وضرب ونشر اللہ الموتٰے نشراً ونشوراً اى احیاہم از نصر وانتشر الرجلُ ابتداء سفرہ وارتحل وانتشر الخبر اى اذاشاع وافشاء انتشر النہار اى طال وامتد وانتشر الابل اى تفرقت وانتشر الشئُ اى انبسط ١٠ہ اقرأت بمعنے پڑھنا پڑھانا یہاں اس کے معنے پڑھانے کے مجاز با لحذف ہیں۔ اى نقریٔ المکتوب علی القتب۔ خرافتہ خرافتہ اصل میں اس شخص کا نام ہے جس کو جن اٹھا کر لے گئے تھے۔ ان سے وہاں جاکر

عجیب عجیب باتیں دیکھیں جب وہ آیا اس نے لوگوں سے باتیں بیان کیں تو لوگوں نے اس کو نہ مانا تو پھر یہ لفظ بے ہودہ اور خراب بات میں مستعمل ہو گیا والجمع خرافات ومنہ قولہ علیہ السلام خرافۃ حق وہو اسم رجل من عذرۃ اور یہ سمع سے بھی آتا ہے یقال خرف الرجل خرفاً وخرف (کرم) خرافۃ ای فسد عقلہ من الکبر [۱۱] تعوذ والتعوذ اس کا مصدر ہے از باب تفعل بمعنے پناہ مانگنا اور حفاظت کی دعا کرنا واصلہ عاذ بالشئ عوذاً وعیاذاً ومعاذاً ای لاذ بہ ولجاء الیہ واعتصم [۱۲] آفۃ بمعنے مصیبت و دکھ والجمع آفات یقال آفہ او فامعنے افدہ از نصر [۱۳] اعتاض از افتعال بمعنے بدلہ لیا اور استعاض کے معنے بدلہ چاہنے کے ہیں یقال عاضہ بہ ومنہ عوضاً وعیاضاً ای اعطاہ بدلاً منہ اور یہ نصر سے آتا ہے۔ ومنہ العوض والجمع اعواض بمعنے بدلہ۔

اَلْمَقَامَةُ الْخَامِسَةُ الْكُوفِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ قَالَ سَمَرْتُ بِالْكُوفَةِ فِي لَيْلَةٍ اَدِيْمُهَا ذُوْلَوْنَيْنِ. وَقَمَرُهَا كَتَعْوِيْذٍ مِنْ لُجَيْنٍ. مَعَ رُفْقَةٍ غُذُوْا بِلِبَانِ الْبَيَانِ. وَسَحَبُوْا عَلٰى سَحْبَانَ ذَيْلَ النِّسْيَانِ. مَا فِيْهِمْ اِلَّا مَنْ يُحْفَظُ عَنْهُ. وَلَا يُتَحَفَّظُ مِنْهُ.

الترجمۃ والمطالب

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں ایک مرتبہ رات میں (جو نصف اندھیری اور نصف چاندنی تھی اور جس کا چاند چاندی کے پتر کی طرح تھا) شہر کوفہ میں چند ایسے دوستوں کے ساتھ جنہوں نے فصاحت اور بلاغت کا دودھ پیا اور سحبان جیسے شاعر پر دامن فراموشی ڈال رکھا تھا میں افسانہ گوئی میں مشغول تھا اس وقت ان میں سے ہر ایک شخص یا داور ناقابل اجتناب تھا۔

تشریح لغات

[۱] سمرت۔ یہ سمر سے مشتق ہے یقال سمر یسمر سمراً وسموراً از نصر ای لم ینم وتحدث لیلاً والسمر فی الاصل اللیل وسوادہ وظل القمر ای ظل ما یجز منوا القمر عن المکان کما لظاثم سمی الحال باسم المحل اور کہا جاتا ہے لا افعلہ ما سمر السمیر او ابن سمیر وابنا سمیر یعنی میں اس کو جب تک لوگ قصہ بیان کرتے رہیں گے، نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا، وقال الشارح السریشی اس کے معنے جاگنے کے ہیں۔ اور خود اس کے چاندنی میں بیٹھ کر باتیں کرنے کے بھی آتے ہیں۔ اور سمع سے اس کے معنے سفیدی اور سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونے گندم گوں ہونے کے آتے ہیں اور ضرب اور نصر سے اس کے معنے دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنے کے اور شراب پینے کے آتے ہیں [۲] بالکوفۃ یہ شہر کا نام ہے جو عراق میں ہے بمعنے الرملۃ المستدیرۃ الحمراء یعنی ریت کے سرخ ٹیلہ کو کہتے ہیں اور اس کے معنے جمع ہونے کے بھی آتے ہیں اور یہ شہر کوفہ مشہور ہے۔ اس کو مسلمانوں نے اول سجایا ہے یقال تکوف الرمل اذا رکب بعضہا الی بعض سے یا یہ ماخوذ تکوف الرمل سے جبکہ ریت کے اونچے اور نیچے ڈھیر لگ جائیں جو گرنے کے قریب ہو جائیں۔ جہاں یہ کوفہ ہے وہاں پہلے بہت ٹیلے تھے منہ الکوفان والکوفان والکوفان بمعنے گول تو وہ ریت

وگول چیز۔ وعزت وشوکت وبلندی ومشقت وزرکل وبانس ولکڑی کا جھنڈا ویقال ظلوا فی کوفان من امرہم یعنی ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا۔ وہم فی کوفان من ذلک ویقال الناس فی کُرُفَۃٍ من امرہم ۳؎ ادیمہا بمعنے گندم گون ہونا وپکاہوا چمڑا۔ اور ادیم النہار کے معنے دن کی روشنی کے ہیں یقال ظل ادیم النہار صائمًا یعنی وہ پورے دن روزے سے رہا اور ادیم الضحیٰ کے معنے چاشت کی ابتداء کے ہیں اور ادیم اللیل کے معنے رات کی تاریکی کے ہیں والادیم من السماء والارض یعنی آسمان اور زمین کا ظاہری حصہ والجمع اَدَمٌ واُدُمٌ وآدِمَۃٌ وآوام اور ادیم یہ اہاب کا مقابل ہے اہاب کے معنے کچی کھال کے ہیں اور اس کے معنے اوّلُ کل شیئٍ کے بھی آتے ہیں ۴؎ لونین یہ لون کا تثنیہ ہے بمعنے رنگ والجمع الوان دو رنگ کی رات ہونے کا یہ مطلب ہے۔ بعض تو یہ فرماتے ہیں کہ اوّل رات تھی اور اس کی چاندنی مستدیر نہ تھی بلکہ کسی پر سیاہی اور کسی پر سفیدی تھی اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اول رات تو سفید تھی اور آخر رات سیاہی ہے۔ یعنی چاندنی موجود تھی تو رات سفید تھی اور جب چاند غروب ہوگیا تو رات تاریک ہوگئی ۵؎ قَمَرَا بمعنی چاند تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال والجمع اقمارٌ منہ القمران بمعنے آفتاب وماہتاب واقمار العلم وشموسہ سے علماء مراد ہیں ۶؎ تعوَیذ بمعنے متعوذ (پناہ دینے والا) اس لیے کہ اس میں کلام الٰہی لکھا ہوا ہے یا اسم مفعول کے معنے ہیں والجمع تعاوید ۷؎ لجین بمعنے چاندی یہ تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے اور مجرد مستعمل نہیں ہوتا ہے اور یہ تصغیر تحقیر کے لیے نہیں ہے بلکہ پیار کے لیے یا تعظیم کے لیے جیسے کہ یا بُنَیَّ اور اس کے معنے بند کرنے کے بھی آتے ہیں از نصر وجہ مناسبت ظاہر ہے اس لیے کہ چاندی کو صندوق یا بکس میں بند کرکے رکھا جاتا ہے جیسے دینار کی حفاظت کی جاتی ہے ۸؎ رفقتہ۔ بفتح الراء وضم الراء المہملۃ بمعنے ساتھیوں کی جماعت والجمع رِفاقٌ ورفق وارفاقٌ ۹؎ غذوا۔ یہ غذا سے مشتق ہے بمعنے غذا دینا وپالنا یقال غذوت الصبی باللبن ای ربیتہٗ بہ وغذوت الرجل غذوا ای اعطیتہ غذاءً وجمع الغذاء اغذیۃٌ از نصر ۱۰؎ بلبان بکسر اللام ہو اللبن ای ہو المشروب وقیل انہٗ مختص بانسان بنی آدم وقیل ہو عام اور بفتح اللام بمعنے سینہ کے اور وسط الصدر ما بین الثدیین اور اعلے صدر کے معنے میں آتا ہے اور بضم اللام بمعنے کھیس وبیوسی وگوند خوشبودار۔ یقال ہو اخوہٗ بلبان امہ اور بلبن امہ نہیں کہا جاتا ہے۔ واصلہ لبنت القوم لبنًا ای سقیتہم اللبن فالبتنوا ای ارتضعُوا از نصر وضرب۔ وجمع اللبن البان

اور حلیب وہ دودھ جو ابھی دودھ دوہ کر رکھا ہو اور بعضوں نے یہ کہا ہے کہ اس کا ذائقہ بھی نہ بدلا ہو

اور خمیم بالخا المعجمۃ وہ دودھ جو تازہ دوہا گیا ہوا اور یہ حلیب سے بھی خاص ہے ۱۱؎ البیان یہ ضرب کا مصدر ہے یقال بان بیانًا وتبیانًا وتبیانًا جبکہ وہ ظاہر اور واضح ہو اور بیان اس فصیح گفتگو کو کہتے ہیں۔ جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔

۱۲؎ سحبًا۔ از فتح بمعنے زمین پر گھسیٹنا کھینچنا ومنہ السحاب لانہ یسحب الماء وفی التنزیل یوم یسحبون فی النار علے وجوہہم ۱۳؎ سحبان اس سے مراد سحبان بن وائل ہے اس میں سے ابن کو ضرورت کی وجہ سے حذف کر دیا ہے۔ اور اس کی عمر زیادہ ہوئی ہے اور یہ تقریر کرنے میں بہت ماہر تھا اور مکرر الفاظ زبان پر نہیں لاتا تھا اگر ضرورت پڑی تو دوسرے الفاظ سے اس کے معنے ادا کر دئے اب یہ فصاحت بلاغت میں ضرب المثل ہوگئی ہے۔ ۱۴؎ ذیل بمعنے دامن وآخر کل شیٔ الجمع اَذْیَالٌ وذُیُولٌ یقال ذال الثوب ذیلًا ای طُوّلہ از ضرب ۱۵؎ النسیان یہ مصدر ہے، سمع سے آتا ہے بمعنے بھولنا۔ یقال نَسِیَ الشیَٔ نَسْیًا ونسیانًا ونسایۃً ونِسْوَۃً جبکہ وہ بھولے۔ ذیل النسیان عرب میں یہ قاعدہ تھا کہ زانی لوگ اس طرح سے عورتوں سے زنا کرتے تھے کہ زانیہ عورتیں اندھیرے مکان میں جاکر بیٹھ جاتی تھیں اور زانی زنا کرنے کے لیے آتے اور چلے جاتے نہ زانی کو معلوم ہوتا تھا کہ مزنیہ کون ہے اور نہ مزنیہ کو معلوم ہوتا

تھا کہ زانی کون ہے۔ لیکن زانی کے پیروں کے نشان جو راستہ میں پڑ جاتے تھے اس سے قیافہ شناس زانی کے پیروں کو دیکھ کر پہچان لیتے تھے تو زانیوں نے یہ کیا کہ جب وہ زنا کے لیے جاتے تو بہت بڑی لنگی باندھتے تھے وہ پیروں سے نیچے پڑی رہتی تھی اور اس سے قدموں کے نشان محو ہو جاتے تھے یہ ذیل النسیان کے لغوی معنے ہیں اور ہر جگہ یہ اسی معنے میں مستعمل ہوتا ہے ہکذا قال الستاذی محی الکرم مدظلہ العالی۔ یحفظ اس کا مصدر حفظ ہے از سمع اور نسیان کی نقیض ہے بمعنے یاد کرنا و حفظ کرنا یقال حفظ الشئ حفظاً ای تعاہدہ ولم یغفل عنہ۔ و تحفظ عنہ ومنہ جبکہ وہ پرہیز کرے و تحفظ بہ تحفظ الکتاب جبکہ وہ تھوڑا تھوڑا یاد کرے۔ (از تفعل) و قال استاذی مدظلہ اگر یہاں عنہ ہوتا تو زیادہ مناسب تھا۔

وَيَمِيْلُ الرَّفِيْقُ اِلَيْهِ وَلَا يَمِيْلُ عَنْهُ۔ فَاسْتَهْوَانَا السَّمَرُ۔ اِلٰى اِنْ غَرَبَ الْقَمَرُ۔ وَغَلَبَ السَّهَرُ۔ فَلَمَّا رَوَّقَ اللَّيْلُ الْبَهِيْمُ۔ وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا التَّهْوِيْمُ۔ سَمِعْنَا مِنَ الْبَابِ نَبْأَةَ مُسْتَنْبِحٍ۔ ثُمَّ تَلَتْهَا صَكَّةُ مُسْتَفْتِحٍ۔ فَقُلْنَا مَنِ الْمُلِمُّ فِي اللَّيْلِ الْمُدْلَهِمِّ۔ فَقَالَ ؎

الترجمۃ والمطالب

دوست اس کی طرف مائل ہوتے تھے اور اس سے وہ کبھی اعراض نہ کرتے تھے (اس کی) کہانیوں نے ہم کو فریفتہ اور گرویدہ بنا لیا یہاں تک کہ چاند غروب ہو گیا۔ اور ہم پر بیداری غالب رہی پس جب کہ رات نے اپنی تاریکی (افق عالم پر ہر چہار طرف) پھیلا دی۔ اور سونا (سونے کا وقت) بہت تھوڑا باقی رہ گیا تو ہیں نے دروازے پر کسی بھٹکے ہوئے مسافر کی آواز (کتے کے بھونکنے کی آواز کی طرح) اور اس کے بعد دروازہ کھلوانے کی دستک سنی تو ہم بولے کہ اس قدر اندھیری رات میں آنے والا کون شخص ہے تو اس نے جواب دیا۔

تشریح لغات

[۱] یمیل از ضرب یقال مال الی الشخص والی الشئ میلاً و میلاناً جبکہ وہ رغبت کرے اور اس کو دوست رکھے یقال مال عن الطریق جبکہ وہ اس کو چھوڑے [۲] فاستہوانا از استفعال اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور یہ ہوی یہوی سے مشتق ہے از ضرب جس کے اوپر سے نیچے گرنے اور بلند ہونے اور چڑھنے کے معنے آتے ہیں اور استہواء کے معنے سرگشتہ و حیران بنا دینے و مدہوش کرنے اور عشق کو مزین کر کے دکھلانے کے آتے ہیں۔ وفی التنزیل کالذی استہوتہ الشیاطین ای حملتہ علے اتباع الہواء اور اس کا مجرد سمع سے بھی آتا ہے جس کے معنے عاشق ہونے کے آتے ہیں غرضیکہ استہواء دونوں سے مشتق ہو سکتا ہے۔ [۳] السمر یہ مصدر ہے بمعنے رات کے وقت گپ شپ کرنے والے لوگ یا باتیں کرنے والے لوگ [۴] غرب از نصر و سمع و کرم بمعنے غروب ہونا یقال غرب النجم جب کہ ستارہ غائب ہو جائے [۵] القمر بمعنے چاند۔ تین رات کے بعد اخیر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال والجمع اقمار [۶] غلب یہ غلبۃ سے مشتق ہے از ضرب یقال غلب الرجلُ وغلبہ علیہ غلبًا وَغلَبًا وَغلبۃً و مغلبًا ، مغلبۃ و غلبے و غلبّۃ و غلابیۃ بمعنے اس پر مرد غالب آگیا یقال غلب علیہ الکرم یعنی کرم کا اس پر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے [۷] السہر بمعنے بیداری

وجاگنا۔ قال اللیث السہر امتناع النوم باللیل یقال سَہِرَ سَہَراً فہو ساہِرٌ ای لم ینم لیلاً واسہرہ الخ والمہ متعدمنہ از سمع ۵ رَوْقٌ یہ رواق سے ماخوذ ہے یا رُواق سے بمعنے برآمد وسائبان جہت سے لے کر نیچے تک کا پردہ تھا۔ اللیلُ اذا ظلم ومنہ روَّق الثوب اذا اصفاہ ومنہ رَوَّق فلان فی سلوس سے کسی چیز پر قیمت بڑھادی۔ رَوَّق بضاعتہ یعنی اس نے سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدا۔ ۹ بہیم یہ بہمتہ سے ماخوذ ہے بمعنے سیاہ البہم ہو الذی لا ضوء فیہ اے الصباح یعنی تمام رات اندھیرا رہا اور صبح سے پہلے روشن نہیں ہوئی والجمع بُہُمٌ بروزن قفل وعنق ۸ لم یبق از سمع یقال بقی بقاءً واز ضرب بقے البقیا بمعنے ہمیشہ رہنا وثابت رہنا۔ اور بقاء یہ فناءٌ کی ضد ہے ۱۱ التہویم نیند یا اونگھ میں سر کو ہلانا اور اونگھنے میں جھونٹے لینا کم سونا۔ یقال ہَوَّم الرجلُ اذا ہز راسہ من النعاس ولا مجرد لہ یستعمل ۱۲ الباب بمعنے دروازہ والجمع ابوابٌ وبِیبانٌ یقال باب لہ یبُوبُ اًی صار بوّاباً لہ وملازماً لبابہ از نصر ۱۳ نباۃ آہستہ آواز یا کتوں کی آواز کو نباۃ کہتے ہیں از فتح یقال نبا نبأً ای صات صوتاً خفیفاً یا یہ نبوۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنے تلوار کے اچٹنے کے آتے ہیں ۱۴ استنباح مستنبح الاستنباح مصدر مستنبح وہ مہمان جو کتے کی سی آواز نکالے جب کہ وہ راستہ بھول جائے یا یہ نباح سے ماخوذ ہے جس کے معنے کتے کے بھونکنے کے آتے ہیں اور اس کے معنے مطلق چیخنے کے بھی آتے ہیں اور اس کے معنے خود بھونکانے والے کے بھی آتے ہیں۔ اس میں اہمیت کی تغلیب وصفیت پر ہوگئی ہے۔ از فتح اصل میں بات یہ ہے کہ جب سفر میں مسافر راستہ بھول جاتے تھے تو رات کے وقت کتے کی آواز سے بھونکنے لگتے تھے تو مسافر کا لوگوں کو پتہ چل جاتا تھا واصلہ نبح الکلب نبحاً ونبیحاً ونباحاً بالضم ونباحاً بالکسر ونبوحاً جبکہ کتا بھونکنے۔ ۱۵ تلتہا از نصر بمعنے پیچھے چلنا اس کا مصدر تلُوٌّ ہے ومنہ تلاوۃ القرآن یا یہ تلوٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنے پیچھے ہونے کے آتے ہیں۔ منہ المقدم والتالی ومنہ تلو العبید لع۔ اور تِلْوٌ کے معنے اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے پیچھے چلے والجمع اتلاءٌ اور اس کا مؤنث تِلوۃٌ آتا ہے ۱۶ صکۃ از نصر بمعنے زور سے مارنا اور طمانچہ مارنا اور دروازہ پر ہاتھ مارنا وفی التنزیل فصکت وجہہا اور صک جو چک کا معرب ہے اس کے معنے دستاویز اور اقرار نامہ کے آتے ہیں اور سمع سے جو آتا ہے اس کے معنے گھوڑے یا اونٹنی کے چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کے ٹکرانے کے آتے ہیں۔ ۱۷ مستفتح۔ استفتاح مصدر از استفعال اس میں س ت طلب کے لیے ہے اس کا مجرد فتح آتا ہے بمعنے کھولنا اور استفتاح کے کھلوانے کے ہیں ۱۸ الملم الالمام مصدر از افعال بمعنے اترنے والا یقال لم بفلانٍ لماً الم بہ ای نزل وزارہ غباً از نصر ۱۹ المدلہم یہ ادلہام سے ہے جس کے معنے تاریکی کے ہیں یقال اِدْلَہَمَّ اللیلُ والظلامُ ای کثف واسود جب رات میں بہت اندھیرا ہو۔ اور شارح نے جو اس کو ماخوذ دہمتہ سے کیا ہے وہ صحیح نہیں ہے ہکذا قال استاذی عمی المکرم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

يَا اَهْلَ ذَا الْمَغْنٰى وُقِيْتُمْ شَرًّا | وَلَا لَقِيْتُمْ مَا بَقِيْتُمْ ضُرًّا
اِلٰى ذَرَاكُمْ شَعِثًا مُغْبَرًّا | اَخَا سِفَارٍ طَالَ وَاسْبَطَرَّا
قَدْ دَفَعَ اللَّيْلُ الَّذِيْ اكْفَهَرَّا | حَتّٰى انْثَنٰى مُحْقَوْقِفًا مُصْفَرًّا
مِثْلَ هِلَالِ الْاُفُقِ حِيْنَ افْتَرَّا | وَقَدْ عَرَاقِنَاءَكُمْ مُعْتَرًّا

الترجمۃ والمطالب | اے اس مکان کے رہنے والو خدا تمہیں شر سے بچائے (محفوظ رکھے) اور جب تک تم زندہ رہو تم

کوئی تکلیف نہ اٹھاؤ۔ اندھیری رات نے تمہارے مکان پر ایک غبار آلود اور پراگندہ بال مسافر کو بھیجا ہے۔ اس کا سفر اس قدر طویل تھا کہ وہ پہلی رات کے چاند کی طرح زرد اور کوزہ پشت (ٹیڑھی پیٹھ) ہو کر لوٹا ہے۔ اور تمہارے صحن مکان میں وہ سائل بن کر آیا ہے۔

تشریح لغات

لہ اہل کنبہ و رشتہ دار، و الجمع اہلون و آہال و اہلات و اہلات یقال اہل الرجل یعنی بیوی و اہل الامر یعنی حکام و اہل المذہب یعنی متبعین مذہب و اہل الوبر بدّو و اہل المدر و الحضر یعنی عرب کے شہری و اہل المکرمات ای ذو المکرمات و اہل البادیۃ ای سکانہا۔ ٹہ ذا المغنی ذا اسم اشارہ ہے المغنی بمعنے مکان و منزل یہ ماخوذ ہے غنی المکان سے جبکہ مقیم ہو اور مغنے کی جمع معانی آتی ہے یقال غنی بالدار و فی الدار جبکہ گھر میں مقیم ہو و فی التنزیل کان لم یغنوا فیہا ای لم یقیموا فیہا از سمع۔ سہ وقیتم از ضرب بمعنے بچانا و محفوظ کرنا یقال وقاہ اللہ وقیا و وقایۃً و واقیۃً ای صانہ۔ ٹہ شراً مصدر بمعنے برائی و الجمع شرور اور یہ ہر قسم کی برائی اور خطاء کے لیے اسم جامع ہے یقال ہو شر الناس و ہم شرار و اشرار و اشراً یعنی وہ لوگوں میں بہت بُرا ہے اور اس کی اصل اشر ہے، یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اس میں ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا ہے جیسے خیر میں۔ ٹہ لقیتم از سمع بمعنے ملاقات کرنا یقال لقی فلانا یلقاہ لقاءً و لقاءۃً و لقایۃً و لقاءۃً و لقیاناً و لقیاناً و لقیانۃً و لقیاً و لقیۃً و لقیۃً و لقی جبکہ وہ کسی سے ملاقات کرے۔ لہ ما لقیتم میں ما مادام کے معنے میں ہے لقی از سمع یقال لقی لقیاً و از ضرب یقال لقی لقیاً بمعنے ہمیشہ رہنا و ثابت رہنا۔ ضر بالضم الضاد قال ابو الدقیش الضر ضد النفع بفتح الضاد و فی التنزیل یدعوا لمن ضرہ اقرب من نفعہ و الضر بالضم بمعنے بدحالی و خراب حالت و فی التنزیل و اذا مس الانسان الضر دعانا یقال ضرہ ضراً و ضر بہ و اضر بہ و ضارۃً یعنی اس کو نقصان پہنچایا از نصر ضر بالضم و الجمع اضرار بمعنے صدمہ و نقصان پہنچانا اور اس کے معنے لاغری اور بدحالی کے بھی آتے ہیں اور بضم الضاد المعجمۃ و کسر ہا کے یہ معنے آتے ہیں کہ سوکن کر کے لانا یقال رجل ضراً ضرار یعنی مصیبت میں ایک مصیبت ہے۔ ٹہ دفع از فتح یقال دفعہ دفعاً و دفاعاً و مدفعاً ای نحّاہ و ابعدہ و ردّہ دو فعہ فی کذا دخلہ فیہ و دفع الیہ الشئی ای اداہ و دفع القول ای ردّہ۔ ٹہ اکفہر اس کا مصدر اکفہرار ہے یقال اکفہر اللیل یعنی رات سخت تاریک ہے و اکفہر الرجل یعنی مرد ترش رو ہے اکفہرار کے معنے تاریکی چھا جاتے اور شدت سواد اور سیاہی کے آتے ہیں۔ لہ ذراکم۔ بفتح الذال گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف اور جائے پناہ، اور ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو یقال اتخذت الحائط ذرےً لی یعنی میں نے دیوار کی پناہ لی، و انا فی ذرے فلاں یعنی میں فلاں کی پناہ اور حفاظت میں ہوں و ہو کریم الذرا ے وہ طبعاً کریم ہے الذرا ے وہ غلہ جس کا اوسان کیا جائے، و اصلہ ذرے الریح التراب تذروہ ذرواً و تذریہ ذریاً اطارتہ و اذہبتہ و فی التنزیل و الذاریات ذرواً یعنی الریاح از نصر و ضرب للہ شعثاً یعنی شعثلب، پراگندہ بال اور جس کے بال الجھے ہوئے ہوں یقال شعث شعرہ شعثاً و شعوثۃً ای اغبرّ و تلبد اگر فعل آتا ہے تو سمع سے آتا ہے اور یہ صفت کا صیغہ بھی آتا ہے یہاں یہ دفع کا مفعول بہ ہے للہ مغبر بمعنے غبار آلودہ ہوا و از نصر غبر غبوراً بمعنے مٹیلے رنگ کا ہوا اور گرد غبار چڑھا و از سمع اس کا مصدر اغبرار آتا ہے یقال غبراً الجرح یعنی فاسد طریقہ سے اندمال ہوا تھا پھر وہ ٹوٹ گیا یقال غبر الشئی غبراً ای علاہ الغبار و فی التنزیل دوجوہ یومئذ علیہا غبرۃ ۔ للہ اخابہ اخسے

مشتق ہے۔ بمعنے بھائی وساتھی و دوست والجمع اِخوۃٌ وَ اِخوَۃٌ واخوانٌ واُخونٌ وآخاء اور بقول بعض الاخوان اخ کی جمع ہے۔ جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنے میں ہے۔ [۱۲] سفاریہ یا تو سفر کی جمع ہے، یا یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے۔ بمعنے مسافرت یقال سفرت سفوراً از نصر ای خرجت الی السفر وسافرت الی بلد یعنی میں نے ایک شہر کی طرف سفر کیا [۱۳] طبال یہ اجوف وادی از نصر بمعنی طویل ہونا [۱۴] اِسبَطَرّا اس کا مصدر اسبطراء ہے جس کے معنی پھیلنے و دراز ہوکر لیٹنے کے ہیں یقال اسبطرت الابل جبکہ اونٹ تیز چلے اور سبطر کے معنے تیز اور چالاک اور لیٹنے کے آتے ہیں یقال اسدٌ سبطرٌ بمعنی حملہ کرنے کے وقت شبیر دراز ہوتے والا وجمالٌ اسبطراتٌ یعنی لیٹے ہوئے اونٹ اس میں تا تانیث کی نہیں ہے [۱۵] اثنثنے از افعال اور یہ ثنیٌ سے ماخوذ ہے بمعنے موڑنا یقال ثنی الشئ ثنیاً جب کہ وہ موڑے اور لیٹنے تو عرب [۱۶] محقوقفا اس کا مصدر احقیقاف ہے۔ اخشیشان کے وزن پر اور یہ خقف سے ماخوذ ہے حقف وہ گھاس جو کمان کی طرح ٹیڑھی نکلے اور اس کے بعد وہ گرنے لگے اور اس کے معنے دراز وپیچیدہ تو وہ ریت کے بھی آتے ہیں یقال حقف الشئ حقوفا واحقوقف ای عاد ورجع [۱۷] مصفرا اس کا مصدر اصفرار ہے بمعنے زرد رنگ ہونا۔ یقال اصفرّ اصفراراً بمعنے زرد رنگ ہوا [۱۸] ہلال یہ ہالٌ کا مصدر ہے بمعنے نیا چاند۔ اور شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ اور مہینہ کے آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں۔ والجمع آہلۃٌ یقال اہلّ الرجلُ ای نظر الی الہلال اہللنا ہلال شہر کذا واستہللنا ہٗ ای رأینا ہلالہ [۱۹] الافق بضمتین بمعنے کنارہ وکنارۂ آسمان وہواؤں کے چلنے کی جگہ یا وہ دائرہ جس کی وجہ سے آدھا آدھا آسمان ہوجائے۔ والجمع آفاق [۲۰] اِفترّ اس کا مصدر افترار ہے۔ جس کے معنے تبسم ومسکرانے وظاہر ہونے کے ہیں واصلہ فرتُ الدآبۃ فتراً وفررت عن اسنانہا ای کشفت عن اسنانہا لتنظر الیہا از نصر [۲۱] عرا از نصر یقال عراہ عرواً واعتراہ ای غشیہ طالباً معروفہ بمعنے قصد واسے اس کے حروف اصلی عا۔ر۔و ہے بمعنے پیش آنا یقا عراہ الامر یعریہ عریاً یعنی وہ امر پیش آیا [۲۴] فنا بمعنے صحن ومیدان والجمع افنیۃٌ اور یہ مشتق ہے فنی یفنے سے جو بقا کی نقیض ہے اس لیے کہ گھر یہاں تک ختم ہوتا ہے از سمع [۲۵] معتر اعتر وہ سائل جو کسی کے پاس بغرض سوال جائے مگر وہ شرافت کی وجہ سے مانگے نہیں۔ بخلاف قانع کے جو اس کو دیدیا جائے وہ راضی ہوجائے اور بعض نے معتر کے معنے فقیر کے بیان کئے ہیں۔ وفی التنزیل اطعمو القانع والمعتر یقال عرّہٗ عرّاً واعترہٗ واعترّبہ اسے ای اتاہ لطلب معروفہ از نصر واعتر اسے فلاناً اعترا ءٗ جب کہ وہ عطیہ مانگنے کے لیے جائے۔

وَاَمَّکُمْ دُوْنَ الْاَنَامِ طُـرّاً ۔۔۔ یَبْغِیْ قِرًی مِنْکُمْ وَمُسْتَقَرّاً

فَدُوْنَکُمْ ضَیْفاً قَنُوْعاً حُـرّاً ۔۔۔ یَرْضٰی بِمَا احْلَوْلٰی وَمَا امَرّاً

وَیَنْثَنِیْ عَنْکُمْ یَنُثُّ الْبِرّاً

(قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، فَلَمَّا خَلَبْنَا بِعُذُوْبَةِ نُطْقِهٖ. وَعَلِمْنَا مَاوَرَاءَ بَرْقِهٖ - اِبْتَدَرْنَا فَتْحَ الْبَابِ. وَتَلَقَّیْنَاهُ بِالتَّرْحَابِ. وَقُلْنَا لِلْغُلَامِ هَیَّا هَیَّا۔ وَهَلُمَّ مَا تَهَیَّا۔

الترجمة والمطالب

اور وہ تمام زمانے کو چھوڑ کر اس نے تمہاری طرف رُخ کیا ہے اور تم سے پیٹ کو کھانا اور دپڑ رہنے کو) جگہ مانگتا ہے لہٰذا تم (اس) قانع اور شریف مہمان کو، جو تمہارے کھٹے میٹھے پر راضی ہے، اور وہ تمہارے احسان کو ظاہر کرتا ہوا لوٹے تم اس کو اپنی مہمانی میں لے لو، حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ جب اس نے ہم کو اپنی شیریں زبان سے فریفتہ کر لیا اور ہم اس کی فصاحت اور بلاغت سے واقف ہوئے تو فوراً دروازہ کھول کر کہا بسم اللہ تشریف لایئے اور ہم نے ملازم سے کہا کہ تو جلدی آ اور جو کچھ موجود ہو اس کو تو حاضر کر۔

تشریح لغات

لہ اَمَّکُمْ فعل ماضی کا صیغہ ہے از نصر بمعنی ارادہ کرنا یقال اَمَّہٗ یَؤُمُّہٗ اَمًّا بمعنے قصدہ وفی التنزیل آمین البیت الحرام ۲ دُوْنَ بمعنے نیچے۔ یقال ھو دونہٗ وہ اس سے مرتبہ میں کم ہے اور آگے کے معنے میں بھی آتا ہے۔ یقال مشٰے دونہ یعنی وہ اس کے آگے چلا و بمعنے غیر یقال من دون ان یفعل بمعنے بغیر کرنے کے اور دُوْن کے معنے گھٹیا و حقیر کم مرتبہ جیسے شئ" دون یعنی گھٹیا چیز اور یہ کبھی شریف کے معنے میں بھی آتا ہے یقال حال القوم دون فلان یعنی فلان قوم اور اس کے مطلوب کے درمیان حائل ہوگئی ۳ الانام بمعنے مخلوق اور انیم کا اطلاق صرف اشعار میں ہوتا ہے ۴ طرا کے معنے سب کے ساتھ ہونے کے ہیں وقال یونس اَتَطْرُ الجماعۃ اور یہاں یہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے۔ ای طَرَّ طَرًّا یا من غیر لفظہ مفعول ہے ای جاؤ اطرا ۵ قرٰی بالکسر بمعنے مہمانی کا کھانا اور وہ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے اور بضم القاف یہ قریۃ سے مشتق ہوگا جس کے معنے گاؤں کے ہیں۔ ۶ مستقرا۔ استقرار، مصدر بمعنے آرام کی جگہ یا یہ اسم ظرف ہے، یا یہ اسم مفعول ہے جو ظرف کے معنے میں ہے یقال قَرَّ بالمکان وفیہ قرارًا وقرورًا وقرا واستقر فیہ و بہ ای ثبت وسکن ازضرب ویقال قَرَّ علی الامر ای ثبت۔ وفی التنزیل وفی الارض مستقر ومتاع ۷ فدونکم یہ اسم فعل ہے بمعنے خذ یقال دونک زیدًا ای خذہ ۸ ضیفًا بمعنے مہمان مذکر اور مؤنث اور جمع سب کے لیے برابر ہے۔ والجمع اضیافٌ وضیوفٌ وضیافٌ وضیفانٌ واضائف اور جب اس میں نون لگاتے ہیں، اور یوں کہتے ہیں۔ الضیفن تو اس کے معنے طفیلی کے آتے ہیں ۹ قنوعا اس کی جمع قُنُعٌ آتی ہے اور یہ قانع کے معنے میں ہے یعنی عاجزی سے سوال کرنے والا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا اور قوم کا خادم اور قوم کا اجرت پر کام کرنے والا ۱۰ حُرٌ بمعنے آزاد و شریف و عمدہ حصہ یقال فرس حُرٌ یعنی اصیل گھوڑا اور اس کے معنے بغیر ریت کے خالص مٹی کے بھی آتے ہیں ویقال حر الدار یعنی گھر کا درمیان و حُر الارض زمین کا اچھا حصہ و حُر الوجہ یعنی رخسارہ والجمع احرارٌ وحرارٌ اور احرار، البقول وہ ترکاری جو کچی کھائی جائیں اور اس کا معنے کبوتر کے بچہ اور شکرا اور باز اور نر قمری کے بھی آتے ہیں ۱۱ یرضٰی از سمع اور یہ سخط کی ضد ہے اس کا مصدر رِضًی و رضٰی اور رُضوان اور رِضوان اور مرضات آتے ہیں۔ یقال رضی عنہ وعلیہ یعنی وہ اس سے خوش اور راضی ہوا و رضی الشئ و رضی بہ وفیہ یعنی اس نے اس کو پسند کیا اور اس پر قناعت کی ۱۲ احلولی اصلہ حلا الشئ یحلو و حلی حلوا و حلوانا و احلولی ای کان حلوًا اور یہ مُرّ کی نقیض ہے۔ اور حلاوت یہ مرارت کی نقیض ہے اور یہ نصر اور کرم اور سمع سے آتا ہے۔ ویقال احلولی الشئ حلوی حلی الشئ واحلواے واستحلاہ یعنی اس کو حلو پایا ۱۳ امرا یہ مرارت سے ماخوذ ہے بمعنے تلخی یقال مَرَّ الشئ مرارۃً وامَرَّ ای صار مُرًّا اور یہ حلوت کی نقیض ہے از نصر و سمع ۱۴ ینثنی از انفعال بمعنے ینصرف، یرجع نیث ۱۵ از نصر بمعنے منتشر ہونا و پراگندہ ہونا یقال

نَشَرَہٗ، نَشْأً ای نشر وافشاہ ۱۸ البر بالکسر بمعنے نیکی دل وجزا وطاعت وصلاحیت وسچائی وفی التنزیل لن تنالوا البر یقال بَرَّ والدہٗ بِرًّا ای اطاعہ وبَرَّ فی قولہ بَرًّا ای صدق از ضرب وسمع اور بالفتح بمعنے بھلائی ونکوکار وخشک زمین اور بالضم بمعنے گیہوں اس کا واحد بُرَّۃٌ آتا ہے ۱۹ خلبنا از نصر بمعنے خدعنا یقال خلب خلبًا وخِلَبًا واختلب وخَلَبَ وخَلَّبَ بمعنے نرم گفتاری سے اس کو دھوکہ دیا اور اس کو فریفتہ کرلیا یقال خلبت ہی فلبہٗ خلبًا واختلب ای اخذتہٗ وذہبت بقلبہ بلطف القول واخلبہ واز سمع بمعنے بیوقوف ہونا واز نصر وضرب بمعنے خراش لگانا وزخمی کرنا۔ یعذُبَتِہٖ، بمعنے شیریں کلام یہ مصدر ہے عذب کا یقال عذب عذوبۃً واعذوذب الشعر بمعنے میٹھا وخوشگوار ہوا۔ ۱۰ نطق یہ مصدر ہے، اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم اور ادراک کلیات پر بھی اور یہ ضرب سے آتا ہے۔ ۲۰ بَرق بمعنے بجلی والجمع بروق یقال بُرقٌ خُلَّبٌ وبرق خلب وبرق خُلَّبٍ یعنی بے بارش کی بجلی ۲۱ ابتدرنا از باب افتعال بمعنے سبقت جلدی کرنا یقال ابتدر القوم امرًا یعنی بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لیے بڑھنا۔ ۲۲ الباب بمعنے دروازہ والجمع ابواب ۲۳ تلقینا۔ اس کا مصدر تلقی ہے۔ بمعنے ملاقات کرنا یقال تلقّی الشیٔ جبکہ چیز ملے ۲۴ بالترحاب بمعنے مرحبا کہنا و بمعنے کشادگی گھر اور اس کی وسعت کی طرف بلانا واصلہ رَحُبَت الدار رُحبًا ورحابۃً ای اتسعت از کرم وسمع وفی التنزیل وضاقت علیہم الارض بما رحبت ۲۵ للغلام بمعنے نوجوان وزر خرید غلام وسبز خط ونوکر ومزدور والجمع اغلمۃٌ وغلمۃٌ وغلمانٌ وفی التنزیل انّٰی یکون لی غلامٌ یقال غلم الرجل غلمًا وغلمۃً ای اشتد شہوتہ وکان منقادًا لہا از سمع ۲۶ حیّہلا بمعنی عجّل عجّل اور جلدی پر برانگیختہ کرنے کے معنے آتے ہیں اور یہ اسم فعل ہے یہ اصل میں حیّ حیّ تھا اس میں ہمزہ کو الف سے بدل لیا۔ اب اس کے معنے اسرع اسرع کے ہوگئے ہیں ۲۷ ھلمّ بمعنے لانا وحاضر کرنا یقال ہلم ای ہات واحضر ماتہیأ ای ماحصل وحضر وفی التنزیل ہلم شہداءکم ای ہاتوا ویقال ہلمّ یارجل ای تعال ۲۸ تہیّأ اس کا مصدر تہیّؤ ہے بمعنے کسی چیز کو مہیا وموجود کرنا از تفعل ۔

فَقَالَ الضَّيْفُ وَالَّذِيْ اَحَلَّنِيْ ذَرَاكُمْ۔ لَا تَلَمَّظْتُ بِقِرَاكُمْ۔ اَوْ تَضْمَنُوْا لِيْ اَنْ لَا تَتَّخِذُوْا فِيْ كَلًّا۔ وَلَا تَجَشَّمُوْا لِاَجْلِيْ اَكْلًا۔ فَرُبَّ اُكْلَةٍ هَاضَتِ الْاٰكِلَ۔ وَحَرَمَتْهُ مَآكِلَ وَشَرُّ الْاَضْيَافِ مَنْ سَامَ التَّكْلِيْفَ وَاٰذَى الْمُضِيْفَ خُصُوْصًا اَذًى يَتَعَلَّقُ بِالْاَجْسَامِ۔ وَيُفْضِيْ اِلَى الْاَسْقَامِ۔

الترجمۃ والمطالب

یہ سن کر مہمان بولا کہ اس خدا کی قسم جو مجھے آپ کے مکان پر لایا ہے میں اس وقت تک تمہارے کھانے کو نہیں چکھوں گا جب تک تم یہ قبول نہ کرلو کہ میں تم پر بار نہ ہوں گا اور تم میری وجہ سے کھانے کی تکلیف نہ اٹھاؤ گے، کیونکہ اکثر کھانے کھانے والے کو ہیضہ میں مبتلا کر دیتے ہیں اور اس کو تمام عمر کے لیے کھانے سے محروم کر دیتے ہیں۔ اور بدترین مہمان وہ شخص ہے جو اپنے میزبان کو تکلیف اور رنج دے اور خصوصًا وہ تکلیف جو جسمانی ہو اور بیماریوں میں مبتلا کر دے۔

تشریح لغات

۱ الضیف مہمان، اس میں واحد اور جمع سب برابر ہیں والجمع اضیافٌ وضیوفٌ

وضیافٌ وضیفانٌ واضائف ؎۲ اَحَلَّتْنِی از افعال یہ حلول سے مشتق ہے از نصر وضرب بمعنے اُترنا اور یہ متعدی بنفسہ آتا ہے یقال احلّہ بالمکان او المکانَ جب کہ وہ مکان میں اُترے واحل علیہ الامر جبکہ وہ واجب کرے۔ واحلّتِ الناقۃ علی ولدہا جبکہ دودھ جاری ہو وأحلّ المحرم جب کہ احرام سے محرم نکل جائے۔ ؎۳ ذَرا کم۔ گھر کے سامنے کا صحن اور اُس کے اطراف جائے پناہ ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو ؎۴ تلمظت۔ از باب تفعل از نصر یقال لمظ لمظاً وتلمظ اذا اخرج لسانہ بعد الشرب او الاکل مسح بہ شفتیہ او تتبع بلسانہ بقیۃ الطعام بین اسنانہ بعد الاکل لمظ کے یہ معنے ہیں کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا اور کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا ویقال لمظ فلاناً من حقہ یعنی حق میں سے کچھ دینا ولمظ الماء جبکہ زبان کے کنارے سے پانی کو چکھے۔ اور اس کے معنے سانپ کے زبان کے ہلانے کے بھی آتے ہیں یقال تلمظت الحیۃ اذا اخرج لسانہا ؎۵ اَوْ بمعنے الیٰ اَنْ یا اِلّا ان علیٰ سبیل القولین ؎۶ تضمنوا۔ از سمع یقال ضمن لہ الشیٔ وبالشیٔ ضمناً وضماناً ای کفل بہ ضمنہ ایاہ کفلہ ؎۷ کلّاً یہ مصدر ہے بمعنے تھکنا وعاجز ہونا وکمزور اور وہ شخص جس کے والد اور اولاد نہ ہو اور یتیم، مرد گرانجان بے خیر چھری یا تلوار کی پیٹھ وکیل بت، مصیبت، فقیر، عیال، بوجھ اور کلٌّ کا اطلاق واحد جمع وغیرہ سب پر ہوتا ہے اور بعض مذکر ومؤنث کی جمع کلول کہتے ہیں۔ وفی التنزیل وہو کلٌّ علیٰ مولاہ ای ہو الثقیل الذی لاخیر فیہ ؎۸ ولا تجشموا۔ اس کا مصدر تجشم ہے از باب تفعل بمعنے تکلیف برداشت کرنا یقال جشم الامر یجشمہ جشماً وجشامۃً وتجشمہٗ ای تکلفہ ہے مشقۃ وجشمنی فلانٌ امراً وجشمنیہ ای کلفنیہ از سمع ؎۹ لاملیّ ای لبسی اور یہ آن میں مصدر ہے یقال اَجلّ علیہم لشر اجلاً ای جنی علیہم وجلبہ علیہم از نصر ؎۱۰ اکلًا بالفتح بمعنے مطلق کھانا اور بالضم بمعنے کھانے کی مقدار (یعنی لقمہ نوالہ) والجمع اکلٌ۔ اور اُکُلٌ بالضم کے معنے ایک بار کھانے کے آتے ہیں اور بضم الہمزۃ والکاف جس کے معنے پھل کے آتے ہیں کما فی التنزیل اُکلہا دائم ؎۱۱ رُبَّ یہ حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر وتقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا ہے تو یہ عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے ربما الخلیل مقبل وربما اقبل الخلیل اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے۔ جیسے ربما ضربتہ بسیف صقیل ؎۱۲ اُکلۃ بمعنے نوالہ ولقمہ ؎۱۳ ہاضت یہ یائی ہے ہیضہ سے مشتق ہے۔ از ضرب بمعنے ہیضہ ہوجانا یقال ہاضت معدتہ ای فسدت وقال اقرب الموارد یقال ہاض العظم ہیضاً فانہاض جب کہ ایک بار ہڈی ٹوٹ جانے کے بعد دوبارہ ہڈی ٹوٹ جائے ؎۱۴ حرمتہ ای منعتہ وجعلتہ محروماً یقال حرمہ الشیٔ حرماً وحریماً وحِرماناً وحِرماً وحُرمۃً وحَرِمۃً وحریمۃً ای منعہ ایاہ از ضرب ؎۱۵ ماکلٌ یہ ماکل کی جمع ہے بمعنے ما یوکل یعنی جو چیز کہ کھائی جائے۔ ؎۱۶ شر مصدر بمعنے برائی والجمع شرور اور یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے۔ یقال ہو شر الناس وہم شرارٌ واشرارٌ وہی شَرّۃ اور اس کی اصل اشر ہے اور یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور اس میں ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا ہے۔ جیسے خیر میں ؎۱۷ الاضیاف یہ ضیف کی جمع ہے بمعنے مہمان وقد مر تحقیقہ ؎۱۸ سام یقال سام فلاناً الامر سوماً ای کلفہ ایاہ وفی التنزیل یسومونکم سوء العذاب ای یجشمونکم اشد العذاب وقال اللیث السوم ان تجشم انساناً مشقۃ اوسوءً اوظلماً از نصر۔ اور یہ واوی اور یائی دونوں طرح سے آتا ہے اس کے دس وم، حروف اصلی ہیں از نصر بمعنے عقد کرنا اور معاملہ کرنا اور تکلیف دینا وقال فی اقرب الموارد واکثر ما یستعمل فی الشر یقال سامہ الامر اذا کلفہ ؎۱۹ التکلیف۔

بمعنے مشقت والجمع تکالیف ...... ویقال کلفہ امرہ بما یشق علیہ وتکلیف الشئ کلفا ای تجشمہ علے مشقۃ وعلے خلاف عادتک وفی التنزیل لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا وکلفت الشئ کلفا ای حملتہ علے مشقۃ از سمع ۱۸ آذی۔ یہ ایذاء سے مشتق ہے اور ایذا ماخوذ اذٰے سے از افعال یقال آذاہ ایذاءً ای قہرہ واز سمع۔ آذٰے اذٰے اذاۃً جبکہ تکلیف پہنچے ۱۹ المضیف بالضم بمعنے میزبان جس کے یہاں مہمان جاکر اترے۔ ومنہ منزل مضیف۔ اور مضیف بالفتح وہ شخص جس کو مہمان نوازی کی عادت ہو خواہ وہاں مہمان ٹھہرے یا نہ ٹھہرے اور مضیف کے معنے مہمانی کی جگہ کے آتے ہیں ۲۰ خصوصًا یہ مفعول مطلق ہے فعل محذوف کا ای خص خصوصًا ۲۱ یعتلق از افتعال اس کا مصدر اعتلاق ہے بمعنے محبت کرنا اور متعلق ہو جانا یقال اعتلق فلانًا و بہ جبکہ وہ اس سے محبت کرے ۲۲ بالاجسام یہ جسم کی جمع ہے بمعنے بدن اور وہ چیز جس میں طول اور عرض اور عمق ہو والجمع اجسامٌ واجسُمٌ وجُسُومٌ اور نسبت کے لیے جسمی یا جسمانی استعمال کرتے ہیں ۲۳ یُفضی از افعال یقال افضی الیہ جب کہ پہنچے وافضی بہ الی کذا جبکہ اس کو پہنچاتے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال فضا الشئ فضاءً وفضوًا ای اتسع از نصر، وفی التنزیل وقد افضی بعضکم الی بعض ۲۴ الاسقام یہ سقم بالفتح وبالضم کی جمع ہے بمعنی بیماری اور سَقِم اور سقیم کے معنی بیمار کے آتے ہیں اور مسقام کے معنی بکثرت بیمار رہنے والے کے آتے ہیں اور اس کا مجرد سمع وکرم سے آتا ہے یقال سَقِمَ وسَقُمَ سقمًا وسقامۃً جبکہ وہ بیمار ہو اور دیر تک بیمار رہے اور اس کا صفت کا صیغہ سقیم آتا ہے اور باب افعال سے جو اسقم آتا ہے اس کے معنی بیمار ڈالنے کے آتے ہیں۔

وَمَا قِيلَ فِي الْمَثَلِ الَّذِي سَارَ سَائِرُهُ - خَيْرُ الْعَشَاءِ سَوَافِرُهُ - إِلَّا لِيُعَجَّلَ التَّعَشِّي - وَيُجْتَنَبَ أَكْلُ اللَّيْلِ الَّذِي يُعْشِي - اَللّٰهُمَّ إِلَّا أَنْ تَقِدَ نَارُ الْجُوعِ - وَتَحُولَ دُونَ الْهُجُوعِ - قَالَ فَكَأَنَّهُ اطَّلَعَ عَلَى إِرَادَتِنَا - فَرَمَى عَنْ قَوْسِ عَقِيدَتِنَا -

الترجمۃ والمطالب

کیا نہیں کہا گیا ہے۔ اس مشہور مثل میں رات کا بہترین کھانا وہی ہے جو سرِ شام کھایا جائے اس لیے کہا گیا ہے کہ رات کے کھانا کھانے میں جلدی کی جائے اور رتوندی لانے والی رات کے کھانے سے احتیاط کیا جائے مگر اس وقت مجبوری ہے جبکہ بھوک کی آگ مشتعل ہو اور نیند نہ آنے دے راوی بیان کرتا ہے۔ ہم یہ سمجھے کہ وہ گویا ہماری خواہش سے مطلع ہو گیا اور اس نے ہمارے دلی ارادے کی کمان سے ہمارے تیر مارا۔

تشریح لغات

۱ وما قیل میں ما نافیہ ہے۔ ۲ المثل محرکہ مشابہ۔ نظیر، صفت۔ بات کہاوت، عبرت، دلیل والجمع مثلات ۳ سار ضرب اس کا مصدر سیر وتسیار ومسیر ومسیرۃ وتسیرۃ آتا ہے یقال سار جبکہ وہ چلے یا جائے یا سفر کرے وسارہ جبکہ وہ چلائے وسار الدابۃ جبکہ وہ جانور پر سوار ہو ۴ سائرہ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال سائر الشئ یعنی چیز کا بقیہ والمثل السائر بمعنی مثل وکہاوت مشہور یہ کنایہ شہرت اور کثرت انتشار سے ہے۔ ۵ العشاء بالفتح اس کے معنے عشا یعنی شام کے وقت کھانے کے آتے ہیں۔ والجمع اعشیۃ از نصر ۶ سوافرہ یہ سافرۃ کی جمع ہے۔ وہ عورت جو سفر کے وقت اپنے نقاب کو اٹھائے رکھے اور جس کا منہ کھلا رہے۔ اب اس کے معنے لقمہ کے ہو گئے ہیں اس لیے کہ اس کا چہرہ کھلا

ہوا ہے وہ دیکھ کر لقمہ کھائے گی۔ازضرب۔ ؎۸ یعجل۔از تفعیل اس کے معنے جلدی کرنے کے ہیں یقال عجل جب کہ وہ جلدی کرے ویقال عجلہ جبکہ وہ سبقت کرے اور اس کو برانگیختہ کرے۔ وعجل لہ من الثمن کذا جبکہ وہ پیش کرے وعجل اللحم جبکہ وہ گوشت کو جلدی پکائے ؎۸ التعشی یہ عشائے سے مشتق ہے بمعنے شام کے وقت کھانا کھانا ؎۹ یجتنب از افتعال بمعنے بچنا یقال اجتنبہ ای بعد عنہ وفی التنزیل فاجتنبوا الرجس من الاوثان الآیتہ ویقال جنب جنباً ای دفع وجنبہ الشی ای ابعدہ عنہ از نصر ؎۱۰ یغشی از تفعیل بمعنے ضعف بصر وشب کوری (رتوندی) کا ہونا یعنی نہ تو دن میں نظر آئے، اور نہ رات میں یقال عشا الرجل عشواً وعشی عشاً ای ساء بصرہ باللیل والنہار او ابصر بالنہار ولم یبصر باللیل از سمع ونصر وعشا الیہ عشواً ای مال الیہ وعشا عنہ ای اعرض وفی التنزیل ومن یعش عن ذکر الرحمٰن از نصر۔ اور یا یہ عشواء سے ماخوذ ہے جس کے معنے اندھا کرنے کے ہیں ؎۱۱ اللّٰھم الا ان یہ یجتنب سے استثناء ہے اور مستثنیٰ سے پہلے آتا ہے جب کہ مستثنیٰ کوئی عجیب چیز ہو یعنی مستثنیٰ منہ نادر عجیب ہو تو اس صورت میں اللّٰھم الا ان آتا ہے ؎۱۲ تقد بمعنے بھڑکنا اور مشتعل ہونا اور روشن ہونا یقال وقدت النار تقد وقوداً بالضم وقداً وقدۃً ووقداناً از ضرب واما الوقود بالفتح اس کے معنے لکڑی کے ہیں اور بالضم مصدر ہے جیسے قرآن شریف میں ہے وقودہا الناس والحجارۃ اور اوقد النار اور استوقد یہ اس سے متعدی ہیں ؎۱۳ نار بمعنے آگ اور یہ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے اس کی تصغیر نویرۃ آتی ہے۔ والجمع انورٌ ونیرانٌ ونیرۃٌ ؎۱۴ الجوع یہ شبع کی نقیض ہے۔ بمعنے بھوک والفعل جاع یجوع جوعاً وجوعۃً ومجاعۃً فہو جائع وجوعان والمؤنث جائعۃٌ وجوعیٰ والجمع جیاعٌ وجوّعٌ وفی التنزیل اطعمہم من جوع ؎۱۵ تحول از نصر بمعنی حائل اور حاجز ہونا اجوف وادی یقال حال بینہما یعنی وہ ان دونوں کے درمیان آگیا۔ یقال حال الشئ بینی وبینہ حولاً وحؤولاً ای حجز ؎۱۶ الہجوع یہ ہجع سے مشتق ہے بمعنے رات کو سونا یقال ہجع ہجوعاً ای نام باللیل فاصنہ وقد یکون الہجوع بغیر النوم از فتح دون بمعنے بین (درمیان) وخلف (پیچھے) وقدام آگے کے ہیں اور یہ اضداد میں سے ہے ؎۱۷ اطلع از افتعال یہ طلوع سے مشتق ہے۔ یقال اطلع الامر واطلع علیہ جب کہ وہ اچانک آجائے واطلع طلع العدو جب کہ دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہو۔ وفی التنزیل ہل انتم مطلعون ؎۱۸ ارادتنا بیارادبیرید از نصر سے مشتق ہے اور یہ مصدر ہے باب افعال سے بمعنے چاہنا و خواہش کرنا و راغب ہونا یقال ارادہ علی الامر جبکہ وہ اس کو برانگیختہ کرے ؎۱۹ فرمے از ضرب بمعنے پھینکنا یقال رمےٰ رمیاً ورمایۃً ورمے الشی وبالشئ جب کہ وہ پھینکے رمےٰ السہم عن او علی القوس جب کہ تیر کو کمان سے پھینکے ورمے المکانَ جبکہ وہ کسی جگہ کا قصد کرے۔ ورمے اللّٰہ لہ جبکہ وہ مدد کرے ورماہ بکذا جبکہ وہ عیب یا تہمت لگائے ویقال رمے بحبلہ علی غاربہ اس نے اس کی رسی اس کے کاندھے پر رکھدی یعنی اُسے آزاد چھوڑ دیا۔ ورمے علی الخمسین یعنی زائد ہونا ورمے المالُ یعنی بہت ہونا ورمے بہ علی البلد جبکہ اس کو حاکم اور والی بنایا جائے۔ ؎۲۰ قوس بمعنے کمان یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے مذکر کی صورت میں اس کی تصغیر قویسٌ آتی ہے اور مؤنث کی صورت میں قُوَیسۃٌ والجمع اقوسٌ واقواسٌ واقیاسٌ وقیاسٌ وقسیٌّ واصلہ قاس الشئ بالشئ او علی الشئ قیساً وقیاساً ای قدرہٗ علی مثالہ وقوس قوساً ای انحنیٰ ظہرہ علی الاول از ضرب وعلی الثانی باب سمع ؎۲۱ عقیدتنا والجمع عقائد واصلہ العقد نقیض الحل یقال عقدہ عقداً وعقد البیع والیمین ای احکم از ضرب عقیدہ وہ خیال جو دل کے اندر بیٹھ جائے یا یہ عقد سے ماخوذ ہے اور اس میں تار اسمیت کی بڑھادی ہے۔

لَاجَرَمَ اِنَّا اَنَسْنَاهُ بِالْتِزَامِ الشَّرْطِ۔ وَاَثْنَيْنَا عَلٰى خُلُقِهِ السَّبْطِ۔ وَلَمَّا اَحْضَرَ الْغُلَامُ مَا دَاجَ وَاَذْكٰى بَيْنَنَا السِّرَاجَ۔ تَأَمَّلْتُهُ فَاِذَا هُوَ اَبُوْ زَيْدٍ فَقُلْتُ لِصَحْبِيْ لِيَهْنِئْكُمُ الضَّيْفُ الْوَارِدُ۔ بَلِ الْمَغْنَمُ الْبَارِدُ۔

الترجمۃ والمطالب

لہٰذا ہم نے مجبوراً اس کی شرط قبول کرلی۔ اور اس کی نرم خلقی کی تعریف کی جب کہ غلام حاضر دکھانا جو موجود تھا) لے کر آیا اور اس نے ہمارے سامنے لیمپ روشن کیا تو میں نے اس کو غور سے دیکھا تب پتہ چلا کہ وہ تو ہمارا استاد ابوزید سروجی نکلا تو بس اپنے ساتھیوں سے بولا کہ تم کو نووارد مہمان بلکہ مفت کا مال غنیمت مبارک ہو۔

تشریح لغات

لہ لَاجَرَمَ ای لابدّ و لامحالۃ۔ ناچار۔ وبالضرور۔ وفی التنزیل لا جرم ان لھم النار واصلہ جرم النخل جرمًا ای قطع ثمرہ، واجترم ای اکتسب وکذلک جرم جرمًا لاہلہ ای اکتسب وجرم جرمہ واجترم بمعنے اذنب از ضرب الجرم مصدر والجُرم الخطاء والذنب والجمع جروم واجرام والاجرم ولا جُرم ای لابُدّ ولا محالۃ وقد تحول الی معنے القسم فیقال لاجرم افعلنّ کذا یعنی میں بخدا ایسا ضرور کروں گا۔ وفیہ لغات کثیرۃ والجَرم مصدر بمعنے ڈونگی وگرم ملک والجِرم بالکسر بمعنے جسم ورنگ اور باصطلاح فلاسفہ ستارہ آسمان والجمع اجرام وجُرم وجُروم ؎ آنسناہ اس کا مصدر موانست ہے بمعنے آشنا ہونا و معلوم کرنا و بمعنے انس بنا لینا اور یہ وحشت کی نقیض ہے۔ ؎ بالتزام۔ یہ افتعال کا مصدر ہے۔ یقال لزم الشئ لزمًا ولزومًا ای لم یفارقہ از سمع والتزمہ بمعنے لازمہ والتزم العمل والمال یعنی اس نے اپنے اوپر واجب کرلیا ؎ الشرط یہ مصدر ہے بمعنے کسی چیز کا لازم کرنا والجمع شروط اور اس کے معنے کمینہ اور بیع کے بھی آتے ہیں والجمع اشراط اور شرط محرکۃ مصدر بمعنے علامت وہر چیز کا اوّل وہر چھوٹی نالی وردی مال وچھوٹے چھوٹے مال والجمع اشراط ؎ اثنینا از افعال یہ خیر وشر دونوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ یقال اثنے علیہ جب کہ وہ تعریف کرے اور ضرب سے یہ آتا ہے۔ جس کے معنے روکنے اور موڑنے اور پلٹنے اور بعض کو بعض پر تہ کردینے کے آتے ہیں۔ ؎ خلقہ بسکون اللام وضمہا بمعنے عادت و طبیعت والجمع اخلاق وفی التنزیل انک لعلٰی خلق عظیم ؎ السبط بمعنے نرم و وسیع یعنی السھل الحسن والسبط فی الاصل نقیض الجعد (جعد وہ بال جو گھونگریالے ہوں) والجمع سباط واصلہ سبط شعرہٗ سبطًا ای استرسل بابہ سمع ؎ راج یقال راج الشیٔ یروج رواجًا ای نفق درّوجت السلعۃ والدراہم ترویجًا ای انفقتہ ویقال راج الامر روجًا درواجًا ای اسرع از نصر اور اس کا کثیر استعمال وہاں ہوتا ہے جو چیز کہ آسانی سے دستیاب ہوسکے یقال ماراج ای حضر وما تیسر وحصل بسرعۃ ؎ اذکٰی از افعال بمعنے بھڑکا دینا اور اس کے مجرد نصر سے آتا ہے یقال ذکت تذکو ذکوًا وذکاءً واستذکت النار جبکہ سخت شعلہ بھڑک کے وذکے النار جبکہ وہ آگ بھڑکائے واذکے النار جبکہ وہ آگ روشن کرے ؎ السراج چراغ والجمع سُرُج وقیل السراج انار یجعل فیہ زیت اونحوہ یصعد فی فتیلۃ فیستضاء بہا ویقال سرج سرجًا ای حسن وجہہ وسرجہٗ تسریجًا ای حسنہ از سمع اور اس کے معنے جھوٹ

بولنے کے بھی آتے ہیں اور مُسرَجۃٌ کے معنے چراغ کے آتے ہیں اور مُسرَجَۃٌ بالفتح کے معنے ڈیوٹ کے آتے ہیں۔ اور اسی سے یہ چیستان ہے وضعت المُسرِجۃَ علی مُسرَجۃ یعنی چراغ کو چراغدان (یا ڈیوٹ) پر میں نے رکھدیا۔ ۱۱ تاملتہ از باب تفعل یقال تاملت فیہ وتاملتہ ای نظرت فیہ مَلیّاً یعنی میں نے اس کو بہت غور سے دیکھا۔ ۱۲ نُصحِبیَّ یہ صاحب کی جمع ہے بمعنے ساتھی اور ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ یہاں بمعنی اصحابی کے معنے میں ہے ۱۳ یہنئکم ای لیکن ہنیا لکم ہذا الضیف اور یہ ہمزہ اور بغیر ہمزہ دونوں طرح پر مستعمل ہوتا ہے یقال قد ہنیَ الطعامُ وہنؤ یہنو ہناءۃ ای صار ہنیئاً مثل فقہ و فقہ وہنیت الطعام ای تہنأت بہ وہنا فی الطعام وہنأنی ہنئی ویہنؤنی ہنا وہَنا از سمع وکرم وضرب وفتح ویقال ہنأنی خبر فلاں ای کان ہنیئاً بغیر تعب ولا مشقۃ ویقال ہناءہ بالامر والولایۃ ہنأ وہنأہ تہنیئۃ وتہنیئاً ای اذا افلت لہ یہنک ازضرب ۱۴ الضیف بمعنے مہمان والجمع اضیافٌ وضیوفٌ وضیفان وقد مرّ تحقیقہ۔ ۱۵ الوارد یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اور یہ ورود سے مشتق ہے اصلہ قصد الماء ثم یستعمل فی غیرہ وفی التنزیل ولما ورد ماء مدین ۱۶ المغنم الغنم بمعنے غنیمت والجمع مغانم واصلہ غنم الشئ غنماً بمعنے فاز بہ از سمع غنیمت یار وہ غنیمت جو بلا مشقت قتل وقتال کے حاصل ہو اور یہ مصدر میمی ہے اور وہ مال لوٹ کا جو جہاد وغیرہ میں ملے۔ ۱۷ البارد یہ برودت سے مشتق ہے۔ جو حرارت کی نقیض ہے۔ یقال برد الشئ یبرد برودۃً ماءٌ برودٌ وباردٌ ویقال بَردَہ بَرداً ای جعلہ بارداً از نصر اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔

فَاِنْ یَکُنْ اَفَلَ[۱] قَمَرُ الشِّعْرَیٰ فَقَدْ طَلَعَ[۲] قَمَرُ[۳] الشِّعْرِ[۴]۔ اَوِ اسْتَسَرَّ[۵] بَدْرُ[۶] النَّثْرَۃِ[۷] فَقَدْ تَبَلَّجَ[۸] بَدْرُ النَّثْرِ[۹] فَسَرَتْ[۱۰] حُمَیَّا[۱۱] الْمَسَرَّۃِ[۱۲] فِیْهِمْ۔ وَطَارَتِ[۱۳] السِّنَۃُ[۱۴] عَنْ مَاقِیْهِمْ[۱۵]۔ وَرَفَضُوا[۱۶] الدَّعَۃَ[۱۷] الَّتِیْ کَانُوْا نَوَوْهَا[۱۸]۔ وَثَابُوْا[۱۹] اِلیٰ نَشْرِ[۲۰] الْفُکَاهَۃِ[۲۱] بَعْدَ مَا طَوَوْهَا۔

الترجمۃ والمطالب اگر شعرای کا چاند ڈوب گیا تو ہو جانے دو کیونکہ شعر کا چاند نکل آیا اور اگر نثرہ کا چاند ڈوب گیا تو ڈوب جانے دو کیونکہ اب نثر کا چاند نکل آیا یہ سن کر خوشی کے آثار ان کے چہروں پر ظاہر ہوگئے اور ان کی آنکھوں سے نیند اُڑگئی انہوں نے اپنے آرام کو چھوڑ دیا جس کا انہوں نے ارادہ کیا تھا اور وہ پھر خوش طبعی (مذاق) کی طرف جس کو وہ بند کرچکے تھے اس میں وہ مشغول ہوگئے۔

تشریح لغات ۱ افل ازضرب ونصر افول مصدر بمعنے غائب ہونا غروب ہونا یقال افلت الشمس اَفلاً وافولاً ای غربت واز سمع مصدر افلاً بمعنے خوش ہونا اور دودھ کا ختم ہونا۔ ۲ طلع از نصر یقال طلع الکوکبُ طلوعاً ومَطلَعاً ومطلِعاً یعنی ستارہ نکلا وطلع علیہم یعنی وہ اس کی طرف متوجہ ہوا وطلع عنہم یعنی وہ ان سے غائب اور دور ہوا۔ از فتح ونصر وسمع طلوع مصدر یقال طلع الجبلَ وہ پہاڑ پر چڑھا وطلع علے الامر یعنی اس نے جانا وطلع البلادَ اس نے ملکوں کا قصد کیا وطلع المکان۔ یعنی وہ مکان پر پہنچا وطلع من البلاد وہ شہروں سے نکلا والنخلُ شگوفہ نکلا ۳ قمر چاند تین رات کے بعد اخیر ماہ تک قمر

کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال والجمع اقمارٌ الشعرٰی اے بالکسر ایک مشہور ستارہ ہے جو طلوع جوزا کے بعد شدت گرما میں طلوع ہوتا ہے۔ اور قمر الشعراء میں اضافت ادنیٰ ملابست کے ہے۔ قمر الشعر سے مراد ابو زید ہے اور شعر منظوم کلام کو کہتے ہیں والجمع اشعارٌ ۵ استتر از استفعال استسرعہ بمعنے چھپنا و استسرّ القمرُ چاند کا ایک یا دو راتیں پوشیدہ رہنا یا یہ سرار سے ماخوذ ہے یقال استسرّ الشیٔ یعنی اس نے چھپانے میں مبالغہ کیا و استسرّ الرجلُ یعنی مرد خوش ہوا اور استسرّ الرجلُ یعنی اس نے اپنے بھید کو کسی پر ظاہر کیا ۶ بدر ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق والجمع بدورٌ ۸ النثرۃ یہ پاس پاس دو ستارے ہیں جو چاند کی برج اسد کی منزل میں ہوتے ہیں وقال الصحاح الجوہری یہ نجمان کا نام ہے ای وہما کوکبان بینہما قدر شبر یعنی لازم کو بول کر اس سے ملزوم مراد لیا ہے۔ ۵ بلج ای اسفر و اضاء یقال بلج الصبح بلوجًا ای اسفر و اضاء و مثلہ تبلّج از نصر ۹ النثر خلاف النظم من الکلام واصلہ نثر الشیٔ نثرًا و نثارًا ای رماہ بیدہ متفرقا اے انتنے بالنثر فی کلامہ از نصر و ضرب ۱۰ فرت از ضرب یقال سرٰی یسری سُرًی و سریۃً و سُریۃً و سرایۃً و سُرًی و سَرَیانًا و مسرًی جبکہ وہ رات میں چلے اور رات میں سفر کرنا ۱۱ حُمیّا کے معنے شراب اور شراب کی تیزی اور شدت غضب کے معنے آتے ہیں وقال الصحاح الجوہری جو پانی شراب کے اندر ڈالا جائے اور اس میں جو تیزی ہو اس تیزی کو کہتے ہیں وقال صاحب الفقہ اللغۃ اس کے معنے شراب کے مجازًا ہیں وقال صاحب القاموس ہر چیز کی زیادتی کو کہتے ہیں اور بعض اس کے معنے شراب کی تیزی کے فرماتے ہیں واللہ اعلم۔ واصلہ حمی النارُ حَمیًا و حُمیًا و حُموًّا ای اشتد حرّہا و فی التنزیل وما ادراک ماہیہ نارٌ حامیۃ و حمی علیہ ای غضب از سمع ۱۲ المسرۃ مصدر بمعنے خوشی و ناز یوں کی شاخیں والجمع مسارٌ اور یہ نصر سے آتا ہے یقال سَرّہٗ سرورًا و مسرّۃً و سُرًّا و سَرَاء و تسرّہ بمعنے خوش کرنا ۱۳ طارت از ضرب یہ طیر سے مشتق ہے بمعنے اڑنا اس کے حروف اصلی (ط ی ر) ہے یقال طار الطائر یطیر طیرًا و طیرانًا و طیرورۃً جب کہ پرندہ اڑے اور طائر کی جمع طیر آتی ہے جیسے صاحب اور صحبٌ اور اَطیارٌ آتی ہے جیسے فرخ اور طیورٌ آتی ہے وفی التنزیل ولاطائر یطیر الخ ۱۴ السنۃ بمعنے غنودگی و اونگھ۔ ای النعاس من غیر نوم وفی التنزیل لا تاخذہ سنۃ ولا نوم یقال وسِنَ یوسن وسنًا و سِنۃً اذا نام نومۃً خفیفۃً از سمع اور اس کے معنے ثقل النوم فی الراس او النوم یتعلق بالقلب کے بھی آتے ہیں ۱۵ ماقیہم یہ ماق علی وزن فعلی کی جمع ہے اس میں ہمزہ اصل ہے اور یا ر الحاقی وہو نعتہ فی مُؤق العین بمعنے طرف العین الذی یلی الانف ولحاظہا طرفہا الذی یلی الاذن وجمع الموق آماق و امّاق مثل آبار و اصلہ مئق الصبیّ مأقًا جبکہ وہ گوشہ چشم سے دیکھے از سمع ۱۶ رفضوا رفض اس کا مصدر ہے بمعنے چھوڑنا یقال رفضت الشیٔ رفضًا و رفضًا ای ترکتہ از نصر و ضرب ومنہ الرافضی ۱۷ الدعۃ بالفتح بمعنے آرام و سکون یقال وَدُعَ الرجلُ یودُعُ دَعۃً و وَداعۃً بمعنے سکن و اطمانّ از کرم و یقال ودع الرجلُ یدّعُ اذا صار الی الدّعۃ ای الراحۃ والسکون ۱۸ نووہا اس کا مصدر نیت ہے بمعنے نیت کرنا و قصد کرنا یقال نوی القومُ منزلًا بکذا جبکہ قوم مکان کی طرف ارادہ و قصد کرے از ضرب ۱۹ نشر یہ طی کی ضد ہے از نصر جس کے معنے پراگندہ کرنے و پھیلنے کے ہیں یقال نشر الثوبَ نشرًا ای بسطہ، ونشر اللہ الموتٰی نشرًا و نشورًا احیاہم وفی التنزیل کیف ننشرہا ای یحییہا کما قراء الحسن ونشر الموتٰی ای حیوا از نصر ۲۰۔ الفکاہۃ بالضم بمعنے خوش طبعی اور فکہۃ کے بھی یہی معنے آتے ہیں ومنہ الفاکہۃ اور جو باب مفاعلہ سے آتا ہے اس کے معنی مذاق کرنے کے آتے ہیں یقال فاکہ الرجلُ مفاکہۃً جب کہ وہ مذاق کرے ۲۱ طووہا اس کا مصدر طیٌّ ہے جو یہ نشر کی ضد ہے بمعنے لپیٹنا یقال طویتہ طیًّا از ضرب۔

وَاَبُوْزَیْدٍ مُکِبٌّ[1] عَلٰی اِعْمَالِ[2] یَدَیْہِ۔ حَتّٰی اِذَا اسْتَرْفَعَ[3] مَالَدَیْہِ۔ قُلْنَا لَہٗ اَطْرِفْنَا[4] بِغَرِیْبَۃٍ[5] مِنْ غَرَائِبِ اَسْمَارِكَ[6]۔ اَوْعَجِیْبَۃٍ[7] مِنْ عَجَائِبِ اَسْفَارِكَ[8]۔ فَقَالَ لَقَدْ بَلَوْتُ[9] مِنَ[10] الْعَجَائِبِ مَالَمْ یَرَہُ الرَّاؤُوْنَ[11] وَلَارَوَاہُ[12] الرَّاوُوْنَ۔ وَاِنَّ مِنْ اَعْجَبِہَا مَاعَایَنْتُہٗ[13] اللَّیْلَۃَ قُبَیْلَ[14] اِنْتِیَابِکُمْ[15] وَمَصِیْرِیْ اِلٰی بَابِکُمْ۔

الترجمۃ والمطالب

اوراس وقت ابوزید سر جھکائے اپنے دونوں ہاتھوں سے (کھانے میں) معروف تھا۔ جب اس نے کھانا اٹھانے کو کہا تو ہیں بولا آپ اپنے نادر افسانوں اور عجائبات سفر میں سے کوئی قصہ تو سنائیے۔ وہ بولا کہ ہیں نے ایسے عجائبات کا مشاہدہ کیا ہے جو نہ کسی دیکھنے والے نے دیکھے ہوں گے اور نہ کسی بیان کرنے والے نے بیان کئے ہوں گے۔ ان میں سے عجیب ترین وہ واقعہ ہے جو آج رات میں نے تمہارے پاس آنے سے کچھ ہی پہلے دیکھا ہے۔

تشریح لغات

[1] مُکِبٌّ اس کا مصدر اکباب ہے از افعال بمعنے جھک جانا وا وندھا ہونا و الٹا ہونا و متوجہ ہونا اس کا ثلاثی متعدی ہے اور یہ باب افعال میں جاکر لازمی بن گیا ہے یقال اکبَّ علے الشئ ای اقبل علیہ ولزمہ واکبَّ الرجلُ ای انصرع واکبّہٗ ای صرعہ ویقال کبَّ الشئَ والاناءَ کبًّا ای قلبَہٗ علے وجہہ وکبَّ الرجل ای صرعہ از نصر [2] اعمال مصدر بمعنے کام کا ارادہ کرنا از سمع بمعنے کام کرنا اور یہ بفتح الالف وکسر الالف دونوں طرح سے مستعمل ہے [3] استرفع از استفعال اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور اس کے معنے طلب رفع اور اٹھا لینے کے آتے ہیں یقال رفعت الشئ رفعًا (جو یہ رفع خفض کی ضد ہے) ای فارتفع وفی التنزیل خافضۃ رافعۃ از فتح [4] اطرفنا از افعال یقال اطرف الرجلُ ای اتٰی بالطرفۃ ای الحدیث الجدید المستحسن یعنی عجیب وغریب باتیں سنانا و بیان کرنا واصلہ طرُف الشئُ طرافۃ کان اوصار طریفًا از کرم ویقال اطرف فلانًا ای اعطاہ مالم یعطہ احدٌ [5] بغریبۃ ای بنادرۃٍ یہاں پر اس کی صفت محذوف ہے ای بواقعۃ غریبۃ اور یہ غریب کا مؤنث ہے یقال غرب الشئُ غرابۃً از کرم بمعنے مخفی ہونا اور غیر مانوس ہونا اور اس کی جمع غرائب آتی ہے۔ [6] اسمار یہ سمر کی جمع ہے بمعنے رات کو قصہ سنانا۔ [7] عجیبۃ وہ چیز جس پر تعجب کیا جائے والجمع عجائب یقال عجبت من الشئ اوله عجبًا از سمع [8] اسفارك یہ سفر کی جمع ہے جو حضر کی نقیض ہے۔ بمعنے مسافت کو طے کرنا۔ [9] لقد بلوت البلوُ والبلاءُ اس کے معنے آزمانے کے آتے ہیں اور یہ وادی ہے۔ نصر سے آتا ہے۔ اور لقد میں لام قسم کا ہے [10] من العجائب میں مِنْ تبعیضیہ ہے۔ الراؤون ای المبصرون والناظرون اس کا مصدر رؤیۃ ہے رائی یرٰی رؤیۃً ورایًا وراءۃً ورئیانًا ہے جب کہ وہ بصارت یا بصیرت سے دیکھے از فتح [12] رواہ اس کا مصدر روایت ہے یقال روی الحدیث روایۃً جب کہ وہ نقل اور بیان کرے از ضرب [13] عاینتہ از مفاعلت اس کا مصدر معاینۃ ہے یقال عاینہ عیانًا ومعاینۃً اذا راٰہ، بعینہٖ [14] قبیل یہ قبل کی تصغیر ہے بمعنے پہلے [15] انتیابکم یہ باب افتعال کا مصدر ہے بمعنے نوبت بنوبت آنا یقال انتاب الرجلُ القومَ انتیابًا اذا قصدہم واتاہم مرّۃً بعد مرّۃٍ واصلہ ناب الامر نوبًا ونوبۃً ای نزل از نصر وقال الراغب النوب رجوع الشئ مرۃ بعد اُخریٰ ۔ وقال استاذی عمی الکرم یہاں پر یہ انتیاب سے ہے جو آب یوب

سے ہے جس کے معنے لوٹتے کے ہیں ۱۶ مصیری. بمعنے لوٹنا و پھرنا اور یہ مصدر شاذ ہے اور قیاس کے موافق مصار ہونا چاہیئے تھا. جیسے موافق مواش اور یہ ضرب سے آتا ہے. ۱۷ باب بمعنی دروازہ والجمع ابوابٌ و بنیانٌ ۔

فَاسْتَخْبَرْنَاهُ عَنْ طُرْفَةِ مَرْآهُ ـ فِي مَسْرَحِ مَسْرَاهُ . فَقَالَ إِنَّ مَرَامِي الْغُرْبَةِ . لَفَظَتْنِي إِلَى هٰذِهِ التُّرْبَةِ وَأَنَا ذُو مَجَاعَةٍ وَبُوسٰى . وَجِرَابٍ كَفُؤَادِ أُمِّ مُوسٰى . فَنَهَضْتُ حِيْنَ سَجَا الدُّجٰى عَلٰى مَا بِي مِنَ الْوَجٰى لِأَرْتَادَ مُضِيْفًا ـ أَوْ أَقْتَادَ رَغِيْفًا ـ

الترجمۃ والمطالب

سفید کنکری کے لکھے ہیں جس کا لغت میں وجود نہیں ۱۰؎ متیسر بہ لیسر سے ماخوذ ہے جو عسر کی ضد ہے بمعنے آسان یقال لیسر یسُر لیسراً ای لان وانقاد از ضرب ۱۱؎ قل از ضرب یقال قلّ الرجل قلاً وقُلاً وقِلۃً جب کہ کم مال والا ہو اور یہاں پر اس کے معنے عدم یعنی معدوم ہونے کے ہیں۔ ۱۲؎ استہدف یہ ہدف سے ماخوذ ہے جس کے معنے نشانے کے ہیں۔ یقال استہدف الشئ جبکہ بلند ہو اور نشانہ بنے اور اسی سے یہ مشہور مقولہ ہے صَنَّفَ فَقَدِ استَہدَفَ (ترجمہ) جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا ۱۳؎ للنضال یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے۔ یقال ناضلہ نضالاً و نیضالاً و مناضلۃ جبکہ وہ تیر اندازی میں مقابلہ کرے ۱۴؎ مخلص از نصر یقال خلص من کذا خلوصاً و خلاصاً ای نجا و سلم و خلص من الکدر ای صفا و خلص الی المکان ای وصل ۱۵؎ الداء بیماری والجمع ادواء ۱۶؎ العضال بالضم سخت بیماری اور عاجز کر دینے والی بیماری یقال عضل علیہ عضلاً ای ضیّق علیہ ومنعہ وعضل بہ الامر ای اشتد از نصر وعضل المرأۃ عن الزوج ای منعہا عنہ قال تعالٰی فلا تعضلوہن ان ینکحن ازواجہن ۔ ۱۷؎ استثار ای حرّک از استفعال اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ یقال ثار ثوراً وثوراناً وثوراناً جبکہ وہ جوش میں آئے اور بھڑکے اور اسی سے ہے ثارت الفتنۃ بینہم یعنی ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اٹھا اور یہ وادی ہے۔ ۱۸؎ نقع بمعنے غبار والجمع نقاع ونقوع از فتح ۱۹؎ الامتحان۔ از افتعال یقال امتحن الشئ جب کہ وہ آزمائش کرے وامتحن القول جبکہ وہ غور کرے اور سوچے اور اس کے معنے ابتداء کے بھی آتے ہیں قال تعالٰی اولئک الذین امتحن اللّٰہ قلوبہم اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے ۲۰؎ قلم یقذیہ قذی سے ماخوذ ہے۔ از سمع یقال قذیت عینہ تقذٰی قذیاً و قذیاناً ای صارت فی عینہ القذاء یعنی جبکہ آنکھ میں تنکا پڑے۔ ۲۱؎ بالامتہان افتعال کا مصدر یہ اہانت سے ماخوذ ہے جس کے معنے حقیر و ہیچ سمجھنے کے ہیں واصلہ مَہَنَ القوم مَہنۃً ای صدہم از فتح ومہن الرجل مہانۃً ای حقر وضعف از کرم وامتہن ای احتقر۔

فَلَا تُعَرِّضْ عِرْضَكَ لِلْمَفَاضِحِ. وَلَا تُعْرِضْ عَنْ نَصَاحَةِ النَّاصِحِ. فَقَالَ كُلُّ امْرِئٍ اَعْرَفُ بِوَسْمِ قِدْحِهِ. وَسَيَتَفَرَّى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهِ. فَتَنَاجَتِ الْجَمَاعَةُ فِيمَا يُسْبَرُ بِهٖ قَلِيْبُهُ وَيُعْمَدُ فِيْهِ تَقْلِيْبُهُ. فَقَالَ اَحَدُهُمْ ذَرُوْهُ فِيْ حِصَّتِيْ لِاَرْمِيَهُ بِحَجَرِ قِصَّتِيْ. فَاِنَّهَا عُضْلَةُ الْعُقَدِ. وَمِحَكُّ الْمُنْتَقِدِ.

الترجمۃ والمطالب لہٰذا تو رسوائی کے لیے اپنی عزت کو پیش نہ کر، اور تو نصیحت کرنے والے کی نصیحت سے منہ نہ پھیر یہ سُنکر وہ کہنے لگا ہر شخص اپنی تیر کی علامت (ذہن) سے خود ہی خوب واقف ہوتا ہے اور اب عنقریب رات دن سے جدا ہوئی ہو جاتی ہے یہ سُنکر لوگ باہم مشورہ کرنے لگے کہ کس چیز سے اس کے کنویں (گہرائی علم) اور امتحان لیا جائے اور کس شے اس کے گھمانے کا (پشیمان کرنے کا) ارادہ کیا جائے ان میں سے ایک بولا کہ اس کو میرے حصہ میں چھوڑ دو تاکہ میں اس کو اپنے قصہ (بات چیت) پتھر سے ماروں (یعنی اس کو میں امتحان کی تکلیف دوں) کیونکہ وہ قصہ عقدۂ لاینحل ایسی گرہ ہے جس کا کھلنا مشکل ہے) اور پرکھنے کی کسوٹی ہے۔

تشریح لغات ۱؎ فلا تعرض از تفعیل بمعنے پیش کرنا یقال عرضت مالک للہلاک (ترجمہ) تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لیے پیش کر دیا۔ واصلہ عرض الشئ ای بدا وظہر واعرض عنہ اے دسے مبدیا عُرضہ ۲؎ عرضک بالکسر بمعنے اچھی عادت و آبرو و باعث فخر و عزت والجمع اعراض و بالفتح بمعنے التجا و گذارش و بالضم بمعنے جانب و کنارہ و دامن کوہ۔ ۳؎ للمفاضح یہ مفضح کی جمع ہے۔ مصدر میمی بمعنے رسوائی و فضیحت ۴؎ لاتعرض از افعال اعراض مصدر یقال اعرض عنہ جبکہ وہ روگردانی کرے۔ ۵؎ نصاحتہ ہو تحری قول او فعل فیہ صلاح صاحبہ (خیر خواہی) از فتح وفی التنزیل اردت ان انصح لکم ۶؎ امرء بمعنے مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور راء کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ جیسے جاء امرُءٌ درایت امرَأً مررت بامرِءٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے اور اس کا مؤنث امرأۃ آتا ہے اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ جیسے مُرَیٌّ و مُرَیْئۃٌ

اور امرءٌ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور امرأۃ پر داخل ہونا نادر ہے اور امرأۃ کی جمع نساءٌ ونسوۃ من غیر لفظہا آتی ہے ۷ہ اعرف صیغہ اسم تفضیل از ضرب
یقال عرف الشیٔ عرفۃ وعرفانًا وعِرفانًا ومعرفۃ جبکہ وہ پہچانے اور جانے وعرف بذنبہ جبکہ وہ اقرار کرے وعرفہ جبکہ وہ بدلہ لے وعرف للامر جبکہ وہ صبر کرے
۸ہ بوسم مصدر بمعنے علامت وداغ کا نشان والجمع وسومٌ یقال وسمہ وسمًا جبکہ وہ داغ لگائے۔ از ضرب ۹ہ قدحٌ بالکسر تیر بغیر پر اور دھار کے اور جوئے
کا تیر والجمع قِداحٌ واقداحٌ واقادیحُ وقِدحانٌ وجمع الجمع اقادیح۔ اور بالفتح قدحٌ بمعنے پینے کا برتن خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا اور خالی برتن کو بھی قدح کہتے
ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں اور بسکون الدال قدحٌ مصدر دانت یا لکڑی کا کیڑا ۱۰ہ ستفریٔ اس کا مصدر تفریۃٌ ہے بمعنے
ٹکڑے ٹکڑے ہونا اور کاٹنا اور پھاڑنا یقال فرَے الشی جبکہ وہ اس کو کاٹے اور پھاڑے اور ضرب سے اس کے معنے کسی پر جھوٹا الزام لگانے کے آتے ہیں اور
زمین پر چلنے اور بجلی چمکنے اور توشہ دینے کے آتے ہیں وستفریٔ اللیل یہ ضرب المثل ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ اس کے امر کی وضاحت ہو جائے۔ اور
تمہیں اس کی قدر و منزلت کا پتہ چل جائے۔ ۱۱ہ صبحۃ صبح کے معنے دن کے ابتدائی حصہ کے آتے ہیں والجمع اصباحٌ اور یہ مسائٌ کی ضد ہے اور یہ فتح سے
آتا ہے۔ یقال صبح القومَ صُبحًا ای اتاہم صباحًا۔ ۱۲ہ فتناجت از تفاعل اس کا مصدر تناجی ہے بمعنے سرگوشی کرنا و مشورہ کرنا یقال تناجے القوم تناجیًا
جبکہ وہ سرگوشی کرے ۱۳ہ الجماعۃ آدمیوں کا گروہ الجمع جماعات ۱۴ہ یسبر از نصر و ضرب واز افعال واز استفعال یقال سبَر واسبر واستبر الجرحَ اوالبیرَ اوالماءَ
جبکہ گہرائی کی آزمائش کرے۔ وسبر الامر جبکہ وہ تجربہ کرے اور آزمائش کرے یقال ہذہ مفازۃٌ لا تنسبر وجبکہ اس جنگل کی وسعت کا اندازہ معلوم نہ ہو
۱۵ہ قلیبہ۔ کنواں اور کنواں بغیر من کا اور پرانا کنواں یہ مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے والجمع قُلُبٌ وقُلْبٌ واقلبۃٌ۔ اور یہاں پر اس سے مراد
اس کے علم و فضل کی گہرائی ہے واعلم ان القلیب کما عرفت بیر قدیمۃ والجب البیر التی لم تطو والرکیۃ البیر التی فیہا ماءٌ قلَّ اوکثر والنطون البیر التی
یدری افیہا ماء ام لا، والعیلم البیر الکثیر الماء وکذلک القیلزم ۱۶ہ یعمد عمد اس کا مصدر بمعنے قصد وارادہ کرنا از ضرب یقال عمد للشی والے الشی عمدًا ای
قصد فعلہ۔ والعُمد والتعمد فی العرف خلاف السہو وہو المقصود بالنیۃ وفی التنزیل ومن یقتل مؤمنا متعمدا ۱۷ہ تقلیبہ یہ مصدر باب تفعیل کا ہے بمعنے
لوٹنا پوٹنا یعنی اوپر کا نیچے کرنا اور اندر کا باہر کردینا قرآن پاک میں ہے اصبح یقلب کفیہ جبکہ وہ نادم ہونے لگے وقلب الامور جبکہ وہ انجام پر نظر ڈالے
۱۸ہ ذروہ ای اترکہ اور یہ وادی ہے اس کے معنے چھوڑنے کے آتے ہیں اور یہ امر کا صیغہ ہے مگر اس کا اسم فاعل مستعمل نہیں ہے یقال فلان
یذر الشیٔ ای یقذفہ لقلۃ اعتدادہ بہ اور اس کی ماضی مستعمل نہیں ہوتی (وقال استاذی رحمۃ اللہ علیہ) ذروہ اصل میں ترک مع العلم کو کہتے ہیں، اور دع
ترک بغیر علم کو ۱۹ہ حصتی بمعنے حصہ والجمع حِصَصٌ یقال حصۃ من المال کذا احصّا کانت حصۃ منہ کذا ابا بہ نصر ۲۰ہ لارمیہ از ضرب یقال رمے الشیٔ وبالشیٔ جبکہ
وہ پھینکے۔ رمے السہم عن او علے القوس جبکہ تیر کو کمان سے پھینکے ۲۱ہ بحجر حجرٌ محرکۃ بمعنی پتھر والجمع احجارٌ وحجارٌ وحجارۃٌ واحجرٌ ۲۲ہ قصتی بمعنے خبر و قصہ والجمع
قِصَصٌ یقال قصّ علیہ الخبر قصصًا ای حدثہ بہ از نصر ۲۳ہ عضلۃ وہ مصیبت جس سے نجات دشوار ہو والجمع عُضَلٌ وعُضْلٌ من عضل علیہ بمعنی ضیق وا
نصر بمعنے روکا و منع کیا و تنگی کی ۲۴ہ العقد عُقدۃٌ کی جمع ہے بمعنے گرہ و جائیداد و شہر کی حکومت و حاکموں کی بیعت یہاں پر اول معنے مراد ہیں ۲۵ہ
محک یہ حک سے ماخوذ ہے جس کے معنے گھسنے اور رگڑنے کے ہیں۔ یقال حکّ الشی بالشیٔ او علے الشیٔ ای امرّہ علیہ از نصر اب اس کے معنے کسوٹی کے
ہیں اور یہ کالا پتھر ہوتا ہے جس پر سونے اور چاندی کی جانچ کی جاتی ہے ۲۶ہ المنتقد۔ از افتعال یہاں یہ مصدر میمی ہے بمعنے پرکھ لینا یقال انتقد
الدراہم یعنی نقد وصول کرنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا وانتقد الشعرَ علے قائلہ یعنی شعر کے عیوب ظاہر کرنا وانتقد الکلام یعنی کلام کی تنقید کرنا عیوب و محاسن
ظاہر کرنا۔

فَقَلَّدُوْہُ فِیْ ہٰذَا الْاَمْرِ الزَّعَامَۃَ۔ تَقْلِیْدَ (ای مثل تقلید) الْخَوَارِجِ اَبَا نُعَامَۃَ (مفعول القارورۃ)۔ فَاَقْبَلَ عَلَی الْکَہْلِ۔ وَ
قَالَ اِعْلَمْ اَنِّیْ اُوَالِیْ۔ ہٰذَا الْوَالِیْ۔ وَاُرَقِّحُ حَالِیْ بِالْبَیَانِ الْحَالِیْ۔ وَکُنْتُ اَسْتَعِیْنُ عَلٰی تَقْوِیْمِ

15/2

أُوَدِّيْ[12] فِيْ بَلَدِيْ[13]. بِسَعَةِ[14] ذَاتِ يَدِيْ. مَعَ قِلَّةِ عَدَدِيْ[15]. فَلَمَّا ثَقُلَ[16] حَاذِيْ[17]. وَنَفِدَ[18] ذَا ذِيْ[19] أَمَّمْتُهُ[20] مِنْ أَرْجَائِيْ[21]. وَدَعَوْتُهُ[22] لِإِعَادَةِ[23] رُوَائِيْ[24] وَإِرْوَائِيْ[25]

الترجمۃ والمطالب چنانچہ اس کی اس سرداری میں ایسی ہی سب لوگوں نے تقلید کی ہے جیسے خارجیوں نے ابو نعامہ کی اس شخص نے اس کی طرف منہ کیا اور کہنے لگا دیکھو (اور تم اس بات کو جانو) میں نے اس حاکم کو اپنا دوست بنایا تھا اور میں ہمیشہ اپنی حالت کی شیریں فصاحت سے اصلاح کرتا رہتا تھا میں اپنے شہر میں قلت اہل وعیال کے زمانہ میں اپنی مالداری سے اپنی کجی کے سیدھا کرنے میں مدد چاہتا تھا مگر جب میری پیٹھ بھاری ہوگئی (یعنی میری اولاد کثیر ہوگئی) اور میرا قلیل مال ختم ہوگیا تو میں اپنے وطن سے اپنی امید میں لے کر اس حاکم کا میں نے ارادہ کیا اور اپنی خوشحالی کے لوٹنے اور اپنے سیراب کرنے کے لیے اس کو میں نے پکارا۔

تشریح لغات [1] تقلّد وہ اس کا مصدر تقلید ہے از تفعیل یہ قلادہ سے مشتق ہے بمعنے ہار ڈالنا اس سے مراد حاکم بنانا ہے یقال قلّدہ العمل ای الزمہ ایاہ واصلہ قلدت الحبل قلاً ای فتلتہ، از ضرب۔ [2] الامر بمعنے کام وحاکم وفرمان وشان والجمع اُمُورٌ [3] الزعامۃ بمعنے امیری وسرداری یقال زعم بالشئ زعماً وزعامۃً ای کفل بہ از نصر وفتح فہو زعیم ای رئیس ومتکفل کما قال تعالٰے انا بہ زعیم۔ زعم الرجلُ زَعْماً وزُعْماً ای قال قولاً باطلا واکثر مایقال فیما یشک فیہ اولیعتقد کذبہ از فتح ولہذا جاء فی القرآن فی موضع الذم وانما نحو زعم الذین کفروا این زعمتم کنتم تزعمون۔ [4] الخوارج یہ خارجی کی جمع ہے بمعنے بادشاہ کا باغی اور جماعت کا مخالف اور مذہب خوارج کا منعقد اور یہاں خوارج سے مراد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے باغی) ہیں اور انہوں نے ابو نعامہ بن فجاءۃ قطری کو اپنا سردار بنایا تھا۔ اور یہ شاعر بہادر اور سمجھدار تھا اور حضرت مصعب بن زبیر کے زمانہ میں تھا۔ [5] اور ابا لنعامۃ اس کریم یا شجاع کو کہتے ہیں جس کا باپ کریم وشجاع نہ ہو پھر اس گھوڑے کو کہنے لگے کہ جو تیز رو ہو اور اس کے باپ وغیرہ تیز رو نہوں اب فرقہ خارجیہ کو کہنے لگے۔ کیونکہ ان کا سردار ابو نعامہ تھا اور یوں بھی کہا جاتا ہے کہ ان خارجیوں نے گھوڑے کا نام نعامہ رکھا لیا۔ جو بہت تیز تھا واللہ اعلم [6] الکہل ادھیڑ عمر کا تیس سال سے پچاس سال تک کی عمر والا والجمع کہلون وکہول وکہلان وکہلات وکہل اور شاب تیس سال تک کے جوان کو کہتے ہیں اور شیخ پچاس سال سے زائد تک کو اور حدث وہ جوان لڑکا جس کی عمر سولہ برس تک کی ہو۔ [7] اوالی از مفاعلت اس کا مصدر موالات ہے بمعنے دوستی کرنا یقال والے الرجلَ ولاءً وموالاۃً جبکہ وہ دوستی کرے [8] الوالی بمعنے حاکم شہر والجمع ولاۃٌ [9] ارتّع از تفعیل اصلاح کرتے کے معنی میں ہے، یقال رتّع مالہ ای اصلحہ وہو من الرتّع والرفاحۃ ای الاکتساب والتجارہ وترتّع لاہلہ ای اکتسب لہم والرفاحیۃ۔ [10] حالی بمعنے حالت والجمع احوالٌ واحوالۃٌ واصلہ حال الشئُ حولاً ای تحوّل من حال الے حال، الحال اگر یہ حلا از نصر وحلوا از کرم وحلی از سمع حلاوۃ وحلوانا سے ماخوذ ہو تو اس کے معنے میٹھا وشیریں کے آتے ہیں اور اگر یہ حلیٌ (زیور) سے ماخوذ ہے تو اس کے معنے زیور کے آتے ہیں یہاں پر یہ دونوں معنے شیریں اور مزین ہونے کے ہو سکتے ہیں [11] تقویم یہ قیام سے ماخوذ ہے جس کے معنے تعدیل کے ہیں۔ واصلہ قام الامر ای اعتدل قومہ ای عدّلہ [12] اودی یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر مستعمل ہے۔ وادی از سمع بمعنے ٹھہرانا دہنکا دینا اور یائی بمعنے طاقت از ضرب یقال اَوِدَ الشئ اودًا ای اعوجّ [13] بلدی بمعنے شہر والجمع بلادٌ وبلدانٌ وفی التنزیل لا اقسم بہذا البلد یقال بلد بالمکان بلوداً ای اقام بہ واتخذہ بلداً از نصر [14] بسعۃ بمعنے وسیع ہونا اور طاقت رکھنا واصلہ وَسِعَ الشئُ سَعۃً وسِعۃً ضد ضاق از سمع [15] عددی بمعنے گنتی وگنا ہوا وشمار والجمع اعدادٌ اور یہاں اس سے مراد اہل وعیال اور قرابت دار ہیں [16] ثقل از کرم بمعنے بھاری ہونا یقال ثقل ثِقلاً وثقالۃً جبکہ وہ بھاری ہو [17] حاذی اس کے حروف اصلی (ح و ذ) ہے بمعنے پشت یقال فلانٌ خفیف الحاذ ای قلیل المال واصلہ حاذ الابل حوذاً ای ساقہا سریعاً از نصر وحاذ علے الشئ ای حافظ واستحوذ علیہ ای استولیٰ والجمع اَحاذ صاحب قاموس اور صاحب صحاح نے یہ

معنے بیان کئے ہیں کہ حوذ وہ حصہ پیٹھ کا جس پر زین رکھی جائے اور اس کے معنے ما بین الکتفین کے بھی آتے ہیں [18] نفد بمعنے ختم ہونا از سمع یقال نفد الشیٔ نفاداً ای فنی وفی التنزیل ما عندکم ینفد وما عند اللہ باق وما نفدت کلمات اللہ [19] رذاذی اس کے اصل میں معنے قلیل بارش کے آتے ہیں اس سے مراد قلیل مال ہے واصلہ المطر الضعیف یقال رذت السماء رذاذاً ای امطرت مطراً خفیفاً از نصر [20] امّمتہ از تفعیل یقال امّہ امّاً دامّمہ وتامّمہ امتمہ۔ ای قصدہ اور مجرد نصر سے آتا ہے۔ ارجائی یہ رجا یا عدد القصر کی جمع ہے بمعنے طرف کنارہ [21] دعوتہ از نصر یقال دعاہ دعاءً جب کہ اس کو پکارے۔ اور بلائے [22] اعادۃ مصدر از افعال بمعنے لوٹانا و دہرانا یقال اعاد الامر او الکلام اعادۃ جبکہ وہ لوٹائے اور دہرائے [23] رُوائی بالضم بمعنے حسن منظر، خوشنمائی و چہرہ کی رونق یقال رجل لہ رُواءٌ یعنی مرد کہ اس کے چہرے پر رونق ہے اور بالفتح بمعنے خوشگوار پانی اور سیراب کرنے والا بہت پانی اور بالکسر بمعنے جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی اور اور بالکسر کی جمع اروِیَۃٌ آتی ہے [25] اروائی بمعنے سیراب کرنا از سمع یقال روی من الماء ریًّا وریًّا وریً جبکہ وہ سیراب ہو وارواہ ای اشبعہ یہاں پر اس سے مراد اپنی حالت کی خوبی ہے۔

فَهَشَّ [1] بِالْوِفَادَةِ [2] وَرَاحَ [3]۔ وَغَدَا [4] بِالْإِفَادَةِ وَرَاحَ [5]۔ فَلَمَّا اسْتَأْذَنْتُهُ [6] فِي الْمَرَاحِ [7]۔ إِلَى الْمُرَاحِ۔ عَلَى كَاهِلِ [8] الْمِرَاحِ۔ قَالَ قَدْ أَزْمَعْتُ [9] أَنْ لَا أُزَوِّدَكَ [10] بَتَاتًا [11]۔ وَلَا أَجْمَعَ لَكَ شَتَاتًا [12]۔ أَوْ تُنْشِئَ [13] لِي أَمَامَ [14] ارْتِحَالِكَ [15]۔ رِسَالَةً تُودِعُهَا [16] شَرْحَ [17] حَالِكَ۔ حُرُوفُ [18] إِحْدَى كَلِمَتَيْهَا يَعُمُّهَا [19] النَّقْطُ۔ وَحُرُوفُ الْأُخْرَى لَمْ يُعْجَمْنَ [20] قَطُّ۔ وَقَدِ اسْتَأْنَيْتُ [21] بَيَانِي حَوْلًا۔ فَمَا أَحَارَ [22] قَوْلًا۔ وَنَبَّهْتُ [23] فِكْرِي سَنَةً [24]۔ فَمَا ازْدَادَ إِلَّا سِنَةً [25]۔

الترجمۃ والمطالب پس وہ میرے آنے سے بہت ہی خوش ہوئے اور صبح وشام مجھے فائدہ دولت سے بخشتے رہے مگر جب میں نے ان سے خوشی کے کاندھے سوار ہوکر اپنے وطن کو جانے کی اجازت مانگی تو وہ کہنے لگے کہ میں تہیہ کر چکا ہوں کہ تیرے واسطے کچھ بھی زادہ راہ تیار نہیں کروں گا اور تیرے لیے ہرگز ادھر ادھر سے مال جمع نہ کروں گا جب تک کہ تو اپنے جانے سے پہلے ایک ایسا رسالہ نہ لکھدے کہ جس میں تیری حالت اور کیفیت کا مفصل اظہار ہو اس کے دو کلمے میں سے ایک کلمہ کے حروف نقطے والے اور دوسرے کے بغیر نقطے کے ہوں ہر چند کہ میں نے اپنے بیان کو ایک سال کی مہلت دی مگر اس نے کوئی جواب نہ دیا اور میں نے اپنی فکر کو ایک سال برابر بیدار کیا مگر اس کی نیند اور غفلت زیادہ ہوگئی۔

تشریح لغات [1] فہش از سمع یقال ہَشَّ الرجلُ بفلان ہشاشۃً ہشاشاً ای ارتاح ونشط وتبسم از ضرب۔ یعنی بھلائی پر خوش ہونا ونشاد میں ہونا [2] الموفادۃ بمعنے آنا اور قاصد بن کر آنا یقال وفد الی الامر او علی الامر وفداً وفوداً وافادۃً ووفادۃً ای قدم فہو وافدٌ والجمع وفدٌ ووفودٌ ووفّادٌ ووفّدٌ واء وفادہ از ضرب وفی التنزیل یوم نحشر المتقین الی الرحمٰن وفداً اور حقیقت میں وفد اس جماعت کو کہتے ہیں جو بادشاہ یا امیر کے پاس جائے اور بعضوں نے اس میں اختلاف کیا ہے کہ واوی ہے یا یائی بعض نے تو واوی اور یائی دونوں کہا ہے اور بعض نے اس کا انکار کیا ہے کہ یہ نہ واوی ہے اور نہ یائی واللہ اعلم [3] وراح یہ روح سے ماخوذ ہے بمعنی خوش ہونا وخوشی ورحمت ومہربانی منہ یوم رَوحٌ عمدہ وخوشگوار دن وسہانا دن وفی التنزیل ولا تیئسوا من روح اللہ از سمع راح للامر یراح رواحاً وراحۃً وریاحۃً ورُودٌ حاً اور کسی کام کے لیے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا وراح للمعروف یعنی بھلائی کو خوشی سے کرنیکے لیے جلدی کرنا [4] غدا از نصر یہ غدوۃ سے مشتق ہے بمعنے صبح

کو آنا یقال غدا غُدوًّا ای انطلق وذہب غُدُوۃً وقوبل الغدو فی القرآن بالآصال فی قولہ تعالےٰ بالغدو والآصال وقوبل الغداۃ بالعشی۔ [5] بالافادۃ یقال افاد فلانُ المال ای اکتسبہ وافاد فلان فلانا مالًا او علمًا ای اعطاہ ایاہ ونفعہ بہ وفاد المال فودًا الفلان ای ثبت والاسم الفائدۃ از نصر [6] راح یہ رواح سے ماخوذ ہے بمعنے شام کو جانا یقال راح رواحًا ای جاءَ او ذہب فی الرواح ای العشی نقیض الغداۃ وفی القرآن غدو ہا شہر ورواحہا شہر از نصر [7] استاذنتہ از استفعال بمعنے اجازت چاہنا اس میں ت طلب کے لیے ہے یقال اذن بالشیٔ اذنًا ای اباحہ واجازہٗ وفی التنزیل لیستاذنک للذین واذن الیہ اذنا ای استمع لہ واذن بالشیٔ اذنًا واذنًا واذانًا واذ نتۃً ای علم بہ وفی التنزیل فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ باب الکل از سمع [8] المراح بالفتح یہ رواح سے مشتق ہے۔ جو غدو کی نقیض ہے بمعنے شام یا زوال آفتاب سے رات تک جانا یا بہ افعال تامہ سے مصدر میمی ہے [9] المراح بالضم بمعنے راحت یا یہ افعال سے اسم مفعول ہے جو معنے میں راحت کی جگہ کے ہیں یا اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ اس سے مراد وطن ہے [10] کاہل وہو اعلی الظہر مما یلی العنق اور مابین کتفین کو کہتے ہیں جس سے مراد یہاں کندھا ہے والجمع کواہل [11] المرآح بالکسر اس کے حروف اصلی (م ر ح) ہیں بمعنے بہت زیادہ خوش ہونا یقال مرح الرجل ومرحًا ای اشتد فرحہ از سمع اور اس کے صفت کے صیغے مَرِحٌ اور مارحٌ آتے ہیں اور اس کے معنے اترانے اور ناز سے چلنے کے بھی آتے ہیں۔ واعلم ان السرور مراتب فاولہا الجذل والابتہاج ثم الاستبشار وہو الاہتزاز ثم الارتیاح ثم الفرح کالبطر ثم المرح وہو شدۃ الفرح [12] ازمعت از افعال مصدر اس کا ازماعٌ یقال ازمع الامرَ وعلیہ وبہ یعنی ثابت قدم رہنا اور پختہ ارادہ کرنا منہ الزمیعُ بمعنے پختہ ارادہ والا بہادر عمدہ رائے [13] ولا ازودہ از تفعیل بمعنے توشہ دینا یقال زوّدہٗ ای اعطاہ زادًا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے۔ وفی التنزیل وتزودوا فان خیر الزاد التقوی ۔ اور زاد کی جمع ازودۃٌ اور ازوادٌ آتی ہے [14] تبابًا بمعنے توشہ وجہیز وسامان گھر والجمع ابتۃ اور تبات فعال کے وزن پر ہے مفعول کے معنے میں جیسے سحاب سحوب کے معنے ہیں اور کبھی یہ بت سے ماخوذ کرلیا جاتا ہے جس کے معنے قطع کے ہیں اس لیے کہ مسافر توشہ کی وجہ سے مسافت قطع کرتا ہے واللہ اعلم اور یہ اس معنے اخیر میں نصر اور ضرب سے آتا ہے [15] شتاتًا بمعنے متفرق شت اور شتات یہ اصل میں مصدر ہیں ۔ اس کی جمع اشتات آتی ہے یقال شتّ شتًا وشتاتًا وشتیتًا ای تفرق از ضرب ۔ وفی التنزیل یومئذ یصدر الناس اشتاتا وشت بنفسہ وشتتہ ای فرقہ وتفرق یتعدے ویلزم [16] امام محرکۃ بالفتح یہ وراء کی نقیض ہے یہ آگے کے معنے میں ہے۔ لانہ یقدم من الناس اور یہ کلمہ تحذیر بھی ہے۔ جس کے معنے بچوں کے ہیں اور یہاں پہلے بمعنے مراد ہیں [17] ارتحالک یہ افتعال کا مصدر ہے بمعنے کوچ کرنا یقال رحل عن المکان رحلا ورحیلاً ای ارتحل انتقل منہ از فتح [18] رسالۃ بالکسر وبالفتح پیغام وپیغامبری وخط والجمع رسائل ورسالات۔ [19] شرح بمعنے تفصیل دکھولنا اور اس کو اچھی طرح بیان کرنا یقال شرح المسئلۃ ای بیّنہا از فتح وشرح صدرہ للشیٔ لشیٔ ای سُرّ بہ [20] حروف حرف کی جمع طرف الشیٔ وحروف الہجاء اطراف الکلمۃ والجمع اَحرُفٌ وحُرُوفٌ [21] النقط یہ نقطہ کی جمع ہے۔ اور اس کی جمع نقاطٌ بھی آتی ہے یقال نقط الحرف نقطاً جبکہ وہ حرف پر نقطہ لگائے از نصر [22] لم یعجمن یقال اعجم الکتابَ او الحرفَ جبکہ وہ سیاہی سے نقطے دے نقطہ رکھنے کو عجام کہتے ہیں [23] قط یہ ظرف ہے یہ نفی تاکید کے لیے وضع کیا گیا ہے۔ اور اس مقامہ میں یہ ایک صنعت ہے جس میں ایک لفظ کے تو نقطے ہیں اور دوسرے لفظ کے نقطے نہیں ہیں اس مقامہ کو خیفا کہتے ہیں اس لیے کہ اخیف یا خیفا اس گھوڑے کو کہتے ہیں جس کی ایک آنکھ تو نیلی ہو اور دوسری سیاہ اور اس مقامہ میں الفاظ دو رنگ کے ہیں ایک تو منقوط ہیں۔ اور دوسرے غیر منقوطہ [24] استانیت ای انتظرت وانمہلت یقال استاناہ وفیہ انتظر ولم یتعجل واصلہ انی یاتی از سمع اَنیًا وانًی بمعنے دیر کرنا و پیچھے رہنا اور اس کی صنعت آنیٌ آتی ہے اور اس میں س ت طلب کے لیے اور ضرب سے بھی آتا ہے۔ بمعنے وقت آنا و مہلت دینا [25] حولا بمعنے سال لانہا تحول ای تمضی والجمع حُوُولٌ واحوال یقال حال علیہ الحول ای مضٰی از نصر [26] احار یہ حورٌ سے ماخوذ ہے بمعنے رجع یقال احار الجواب ای ردّہٗ وتحاورہٗ ای تراجعوا الکلام وتحاوروا وفی التنزیل واللہ یسمع تحاورکما واصلہ حار حورًا بمعنے رجع از نصر [27] نبہت۔ از تفعیل یقال نبّہٗ فلانا علی الامر والی الامر تنبیہًا ای اوقفہ علیہ واعلمہ واصلہ نبہ للامر بہ نبہًا ای فطن لہ از سمع ونبہ من نومہ ای استیقظ وتنبہ من نومہ ای ابقظ از سمع وتنبہ بناہتہ ای شرف وصار ذانباہتہ ضد الخمول از نصر وسمع وکرم [28] فکری

بالکسر سوچ بچار غور وفکر والجمع افکار از ضرب ۲۹؎ سَنَۃ بالفتح بمعنے ایک سال والجمع سِنُونَ وسِنُون وسنوات واکثر ما تعمل السنۃ فی الحول الذی فیہ الجدب وفی التنزیل سبع سنین دابا از سمع یقال سَنِہَ سَنَہًا ای مرت علیہ سنون عدیدۃ۔ وسانہ فلانا ای عاملہ بالسنۃ یعنی ایک سال کا اس نے معاہدہ کیا کہ اس کو نوکر رکھ لیا۔ ۳۰؎ بالکسر بمعنے اونگھ ونیند وغفلت یقال وہو فی غفلۃ۔ وسِنَ یُوسَنُ وَسَنًا وسِنَۃً جبکہ وہ اونگھے اور بیدار ہو۔ یہ اضداد میں سے ہے صفت مذکر کے لیے وَسِنٌ ووسنانٌ وسِنانٌ اور صفت مؤنث کے لیے وسِنَۃٌ دوسُنے ومیسانٌ از سمع وفی التنزیل لا تاخذہ سنۃ ولا نوم۔

وَاسْتَعَنْتُ بِقَاطِبَةِ[1] الْكُتَّابِ[2]. فَكُلٌّ[3] مِنْهُمْ قَطَّبَ[4] وَتَابَ[5]. فَإِنْ كُنْتَ صَدَعْتَ[6] عَنْ وَصْفِكَ بِالْيَقِيْنِ[7] فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ. فَقَالَ لَهُ لَقَدِ اسْتَسْعَيْتَ يَعْبُوْبًا. وَاسْتَسْقَيْتَ أُسْكُوْبًا. وَأَعْطَيْتَ الْقَوْسَ بَارِيْهَا. وَأَنْزَلْتَ الدَّارَ بَانِيْهَا. ثُمَّ فَكَّرَ رَيْثَمَا اسْتَجَمَّ قَرِيْحَتَهُ وَاسْتَدَرَّ لِقْحَتَهُ. وَقَالَ أَلِقْ دَوَاتَكَ. وَاقْرُبْ وَخُذْ أَدَاتَكَ وَاكْتُبْ.

الترجمۃ والمطالب

اور میں نے تمام انشا پردازوں (مضمون نگاروں) سے مدد چاہی مگر ہر ایک نے آنکھیں چرائیں اور تلخی برتی اور توبہ کی (یعنی کانوں پر ہاتھ دھرے)، لہذا اگر آپ نے اپنے اوصاف حقیقی ظاہر بیان کئے ہیں اور آپ اس میں اگر سچے ہیں تو کوئی علامت بڑی (یعنی نشانی) لائے مطلب یہ کہ بیان کیجئے یہ سُنکر ادھیڑ عمر کہنے لگا تو نے تیز گھوڑے کو دوڑانا چاہا اور بادل بہت زور شور سے برسنے والی پانی سے پیاس بجھائی چاہی تو نے کمان کمان بنانے والے کے حوالہ کی اور مکان میں اس کے بنانے والے کو ٹھہرایا (یعنی تم جو کچھ چاہتے ہو میں اس کا اہل ہوں) پھر وہ اتنی دیر غور وفکر کرنے کے بعد کہ اس نے اپنے ذہن کو اس طرف متوجہ کیا اور اپنی دودھ دینے والی اونٹنی کا دودھ نکالنا چاہا وہ کہنے لگا کہ تم اپنی دوات میں روشنائی اور صوف ڈال لو اور تم نزدیک آجاؤ اور قلم لے لو اور لکھو۔

تشریح لغات

۱؎ بقاطبۃ ای بمعنے تمام وسب یقال قطب الشئ قطب ای جمعہ از ضرب بقاطبۃ الکتاب یہ ترکیب اہل عرب کے یہاں درست نہیں اس واسطے کہ قاطبۃ مضاف نہیں ہوتا ہے بلکہ حال ہوتا ہے لیکن قافیہ کے وجہ سے مصنف کو مجبور ہوکر یہاں اس طرح لانا پڑا ہے۔ الکتاب۲؎ یہ کاتب کی جمع ہے بمعنے عالم ومحرّر اور اس کی جمع کَتَبَۃٌ اور کاتبون بھی آتی ہے ۳؎ کل میں تنوین عوض کے لیے۔ ای کل واحد منہم۔ ۴؎ قطب از تفعیل بمعنے ترشروئی اختیار کرنا۔ اور پیشانی پر شکن ڈالنا یقال قَطَّبَ الرَّجلُ وقَطَبَ جبکہ وہ ترشروئی اختیار کرے۔ از ضرب اور اس کے معنے قطع کرنے کے بھی آتے ہیں۔ ۵؎ تاب از نصر بمعنے توبہ کرنا یقال تاب العبدُ الی اللہ توبًا وتوبۃً وتابۃً ومتابًا جبکہ وہ گناہ کو چھوڑنے کی توبہ کرے ویقال تاب اللہ علی العبد ای قبل توبتہ ۶؎ صدعت صدع بمعنے پھاڑنا وظاہر کرنا وارادہ کرنا وتکلیف اٹھانا وبیان کرنا یقال صدَعَ الشئ صدعًا ای فرّقہ، وشقہ، وصدع الامر ای کشفہ وصدع بالحق ای تکلم بہ جہارًا وفی التنزیل فاصدع بما تؤمر وصدع فلانا ای قصدہ وصدع عن کذا ای صرفہ از فتح وقال استاذی رحمہ اللہ یہ متعدی بنفسہ ہوتا ہے یا اس کے بعد با آتی ہے یہاں عن سے استعمال کیا ہے یوں کہنا چاہیئے تھا صدعت بوصفک تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں تضمین کرلی ہے ای فان کنت صدعت مفصحا ۷؎ الیقین زوال شک ویقین امر ہو سکون الفہم مع ثبات الحکم وفی التنزیل کلا لو تعلمون علم الیقین یقال یقن الامر یقنًا ویقینًا ای ثبت واستیقن

الشیٔ و بہ وتفقنہ ای علمہ وفی التنزیل واستبقتها انفسہم از سمع ۸ؔ استسعیت از استفعال بمعنے دوڑانا اور یہ سعٰے یسعٰے سے مشتق ہے۔ بمعنے جلدی دوڑنا اور کوشش کرنا منہ فاسعوا الی ذکر اللہ از فتح ۹ؔ یعبوباً الفرس الکثیر الجری والفرس السریع اس میں تنوین تعظیم کے لیے ہے اور اس کے معنے بہت زیادہ پانی کے نہر اور بادل جو پانی والا ہو اس کے بھی آتے ہیں۔ عمرٌ اور یعبوب میں تھوڑا سا فرق ہے عمرٌ وہ گھوڑا جو کثیر الجری ہو اور یعبوب وہ گھوڑا جو سریع الجری ہو واعلم ان الفرس اذا کان سریع السیر فہو یعبوب شبہ بالیعبوب وہو الجدول السریع واذا کان کثیر الجری فہو عمرٌ شبہ بالماء لغمر وہو الکثیر واذا کان کلما ذہب منہ احضار جاءہ احضار فہو جموم شبہ بالبیر الجموم وہی التی لا ینزع ماؤہا الخ افتخار علی رحمۃ اللہ ۱۰ؔ استسقیت از استفعال ستقے یسقے سے بمعنے سیراب کرنا اس میں س ت طلب کے لیے ہے وفی التنزیل واذا استسقے موسےٰ لقومہ ۱۱ؔ اسکوبا بمعنے ابر زور شور سے برسنے والا اور وہ پسینہ جو بہت نکلے واصلہ سکب الماء ونحوہ سکباً ای صبّہ فسکب سکوباً وانسکب ای انصبّ از نصر و یتعدے ویلزم وفی التنزیل ماء مسکوب۔ ۱۲ؔ القوس بمعنے کمان جب مذکر ہو تو اس کی تصغیر قُوَیسٌ آتی ہے اور جبکہ مونث ہو تو اس کی قُوَیسۃ آتی ہے کما قال الشاعر ؎ یا باری القوس بریا لست تحسنہ، لا تظلم القوس اعط القوس باریہا۔ قوس اس کی جمع قِسِیٌّ اور قُسِیٌّ اور اقواس اور قیاس آتی ہے یقال قوّس قوساً وتقوّس ای انحنے ظہرہ از سمع ۱۳ؔ باریہا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے تیر کا تراشنے والا اور اس کا بنانے والا اور یہ امثال عرب میں سے ہے اعط القوس باریہا یعنی کمان تراشنے والے کو دو یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت اور قابلیت رکھتا ہو ۱۴ؔ الدار بمعنے گھر و منزل والجمع دُورٌ و دیارٌ ۱۵ؔ بانیہا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اور یہ بناء سے ماخوذ ہے۔ جو ہدم کی ضد ہے یقال بنیتُ البیت بناءً وبنیۃً وبُنیاناً جبکہ وہ گھر بنائے اور تعمیر کرے وفی القرآن والسماء بنیاہا اور بنیان واحد ہے اس کی جمع نہیں آتی ہے لقولہ تعالےٰ لا یزال بنیانہم الذی بنوا ریبۃً۔ وکانہم بنیان مرصوص ۱۶ؔ ریثما ای قدر ما یعنی مقدار مہلت زمانہ سے یقال امہلہ ریثما فعل ذلک ای مقدار ما فعل ذلک واصلہ راث ریثاً ای ابطاء از ضرب ۱۷ؔ استجم از استفعال ای جمعہا وطلب استراحتہا اور یہ مشتق ہے۔ استجم البیر ترکہا تمتلیٔ ماء واصلہ جمّ الماءُ جموماً ای اجتمع بکثرۃ وفی التنزیل وتحبون المال حُباً جمّاً از ضرب ونصر ۱۸ؔ قریحتہ وہ ملکہ جس کی وجہ سے شاعر عمدہ شعر کہہ سکے یا خوب لکھ سکے ای وہی ملکۃ یقتدر بہا علے نظم الشعر والکتابۃ والجمع قرائح ۱۹ؔ استدر از استفعال بمعنے دودھ طلب کرنا مانگنا یقال دَرّ الحلیب درًّا بمعنے کثیر از ضرب ونصر ومنہ المدرار بمعنے غزیر السیلان کقولہ تعالےٰ یرسل السماء علیکم مدراراً۔ ومنہ دَرُّ دَرِّہٖ ای جرلے خیرہٗ ۲۰ؔ لقحتہ بالکسر یہ لقوح سے مشتق ہے وہ ناقہ جو مادہ منویہ کو قبول کرے والجمع لِقَحٌ و لُقُحٌ و لقاحٌ یقال لقحت الناقۃ لقحاً و لقاحاً از سمع وہذا الکلام کنایۃ عن تنظیم الرسالۃ واللقحۃ الناقۃ لہا لبن ۲۱ؔ یعنی اصلح صوف ڈالدو یقال لاق الدواۃ لیقاً ولیقۃً ای جعل بہا صوفاً واصلح مدادہا ولاقت الدواۃ ای لصق المداد بصوفہا از ضرب ۲۲ؔ دواتک بمعنے دوات والجمع دَوًی و دُوِیٌّ و دِوِیٌّ و دویاتٌ اور اس کے معنے انگور خربوزہ کے چھلکے کے بھی آتے ہیں ۲۳ؔ واقرب امر کا صیغہ من القرب نقیض البعد یقال قرب وقرب منہ قرباً وقرباناً بمعنے دنا یعنی وہ نزدیک ہوا از سمع وکرم ۲۴ؔ خُذ امر حاضر کا صیغہ یقال اخذ الشیٔ اخذاً ای تناولہ واخذہ بہ ای امسکہ واخذہ بذنبہ ای عاقبہ علیہ واخذہ علے یدہ ای منعہ عما یرید فعلہ واخذ من شاربہ ای قصّ و اخذ عنہ ای نقل وتعلم واخذ علے نفسہ ای تعہّد واخذ فیہ الخمر ای اثرت واخذ یفعل کذا ای طفق واخذ اخذہٗ ای سار سیرتہ او تخلق باخلاقہ از نصر ۲۵ؔ اداتک الآلۃ والمراد ھھنا القلم والدواۃ والجمع ادواتٌ۔

اَلْکَرَمُ ثَبَّتَ اللّٰہُ جَیْشَ سُعُوْدِکَ یَزِیْنُ۔ وَاللُّؤْمُ غَضَّ الدَّھْرُ جَفْنَ حَسُوْدِکَ یَشِیْنُ۔ وَالْاَرْوَعُ یُثِیْبُ۔ وَالْمُعْوِرُ یُخَیِّبُ۔ وَالْحُلَاحِلُ یُضِیْفُ۔ وَالْمَاحِلُ یُخِیْفُ۔ وَ

السَّمْحُ يُغْذِي۔ وَالْمَحْكُ يُقْذِي۔ وَالْعَطَاءُ يُنْجِي۔ وَالْمِطَالُ يُشْجِي۔ وَالدُّعَاءُ يَقِي وَ الْمَدْحُ يُنَقِّي۔ وَالْحُرُّ يُجْزِي۔ وَالْإِلْطَاطُ يُخْزِي۔ وَالطِّرَاحُ ذِي الْحُرْمَةِ غَيٌّ۔ وَمَحْرَمَةُ بَنِي الْآمَالِ بَغْيٌ۔ وَمَا ضَنَّ إِلَّا غَبِينٌ۔ وَلَا غُبِنَ إِلَّا ضَنِينٌ۔

الترجمة والمطالب خدا تیری نیک بختی اور سعادت کے لشکر کو برقرار رکھے اور کریم باعث زینت ہے اور زمانہ تیرے دشمنوں، (حاسدوں) کی آنکھیں بند رکھے۔ بخل باعث عیب ہے۔ صاحب اخلاق حمیدہ اچھا بدلہ کرتا ہے اور بدکردار مایوس اور نا امید و محروم کرتا ہے۔ ملنسار آدمی اور سردار مہمان نوازی کرتا ہے۔ مکار بخیل خوف میں مبتلا کر دیتا ہے یعنی ڈراتا ہے اور سخی کھانا کھلاتا ہے۔ اور بخیل آنکھوں میں دھول ڈال دیتا ہے اور بخشش نجات دلاتی ہے اور ٹالنا رنجیدہ و غمگین کرتا ہے اور دعا شرم سے بچاتی ہے اور تعریف پاک و صاف کر دیتی ہے اور شریف آدمی اچھا بدلہ کرتا ہے اور حق سے انکار کرنا۔ یعنی کنجوسوں کی طرح دروازہ بند کر لینا رسوا کر دیتا ہے اور صاحبِ عزت کو چھوڑنا گمراہی ہے اور امیدواروں کو نا امید کرنا ظلم اور سرکشی ہے اور سوائے بے وقوفوں کے اور کوئی بخل سے کام نہیں لیتا اور سوائے بخیل کے کوئی نقصان میں نہیں رہتا۔

تشریح لغات [1] الکرَم مصدر ضد اللوم یقال کرم کرامۃً وکرماً ای عزّ وصار نفیساً وجاد و نقیض لؤمَ الکرم مبتدا و یزین خبرہ وقولہ ثبت اللہ جملۃٌ دعائیۃ بین المبتداء والجز وکذا ما بعدہ یعنی الکرم یزین صاحبہ واللوم ہو ضد الکرم [2] ثبّت۔ از تفعیل یہ ثبات سے مشتق ہے۔ جو زوال کی نقیض ہے یقال ثبت ثباتاً جبکہ وہ ثابت رہے از نصر [3] جیش الجند (لشکر) والجمع جیوشٌ ویقال جیّش القومُ ای اجتمعوا واستجاش الجیشَ ای طلب المدَدَ واصلہ جاش القدرُ جیشاً وجیشاناً وجیوشاً ای غلت وجاش الجرای اضطرب وجاش الصدر ای علی غیظاً وجاش العین ای فاضت دموعہا از ضرب [4] سعود کَ بمعنے سعادت نیک بختی الیمن نقیض النحوستہ یقال سَعَدَ الیومُ سعوداً ای یَمُنَ از فتح اور سعود صفت کا صیغہ بھی ہے جو سعید کے معنے میں آتا ہے [5] یزَین از ضرب بمعنے زینت دینا یقال زانہ یزینہ زیناً جب کہ وہ زینت دے وزان الشی جبکہ وہ خوب صورت بنائے و آراستہ کرے [6] اللوم یہ کرم کی ضد ہے بمعنے بخیل یقال لؤماً و ملامۃ جب کہ وہ ملامت کرے وفی الاصل شحیح النفس دہیناً فہو لئیمٌ والجمع لِئامٌ ولؤما از کرم [7] غض از نصر بند کرے یقال غضّ بصرہ ومن بصرہ غضّاً وغضاضاً وغضاضۃً ای خفضہ۔ وقال الراغبؒ الغض النقصان من الطرف والصوت کما فی التنزیل قل للمؤمنین یغضوا من ابصارہم واغضض من صوتک [8] جفن پلک ای غطاء العین والجمع اجفانٌ وجفونٌ واجفنٌ۔ [9] حسود کَ الحسود للمذکر والمونث جس کی طبیعت میں حسد ہو والجمع حُسُدٌ یقال حسدت فلاناً حَسَداً وحَسَادَۃً ای تمنیتُ زوال نعمتہ وتحولہا الیّ از نصر وضرب [10] الاروع جو اپنے حسن یا شجاعت کے ذریعہ سے کسی دوسرے کو تعجب میں ڈالے صاحب اخلاق حمیدہ باوقار و بمعنے ذکی و فطین۔ اور یہ راع منہ رعاً سے مشتق ہے بمعنے فزع وفی التنزیل فلما ذہب عن ابراہیم الروع از نصر ویقال رَوِعَ (از سمع) رَوَعاً ای کان اور ع [11] یثیب از افعال اس کا مصدر اثابت ہے۔ بمعنے بدلہ دینا والثوب والمثوبۃ والمثوبۃ الجزاء علے الاعمال خیرہا وشرہا واکثر استعمالہ فی الخیر [12] المعور بمعنے بدکردار وعیب دار اور یہ عوار سے مشتق ہے جس کے معنے عیب کے ہیں از سمع۔ ویقال اعور ہ الرجل جبکہ کانا کیا ہوا ور عار الشئَ جبکہ وہ اس کو برباد کرے [13] یخیب یہ خیبۃ سے ہے جو فلاح کی ضد ہے بمعنے محروم کرنا یقال خاب خیبۃً محروم ہونا ای لم یظفر مطلوبہ از ضرب [14] الحلال والجمع حلال۔ بفتح الحاء بالضم خاندان کا سردار اور چودھری جو لوگوں کو کھانا کھلائے اور وہ سردار جس کے پاس زیادہ مسافر آئیں اور اس میں ایک حاء زائد مبالغہ کے لیے ہے۔ وقال العلامۃ

الامام الثعالبی الحلاحل السید الشجاع والہام السید البعید والقمقام السید الجواد والعطریف السید الکریم والصندید السید الشریف والاروع السید الذی لہ جسم شجاع وصاحب حسن والکوثر السید الکثیر الخیر والبہلول السید الحسن البشر وغیرہ ذلک ۱۵؎ یضیف از افعال بمعنے مہمانی کرنا واصل الضیف المیل یقال ضافت الشمس للغروب ای مالت والضیف من مال الیک نازلاً بک وہو فی الاصل مصدر ولذا استوی اے فیہ الواحد والجمع فی عامۃ کلامہم وقد یجمع فیقال اضیافٌ وضیوفٌ وضیفانٌ ۱۶؎ الماحل بمعنے مکار، دغاباز، سخت جھگڑالو یقال محل بہ الے الامیر محلاً ومحالاً وای سعے بہ الے الامیر وکادہ از فتح وسمع وکرم ۱۷؎ یخیف از افعال بمعنے ڈرانا اور خوف میں ڈالنا یہ خوف سے مشتق ہے الخوف توقع مکروہ عن امارۃ مظنونۃ او معلوم ۱۸؎ الشیخ بمعنے جواں مرد سخی جو کھانا کھلائے یا دے ای الجواد یعطی غذاء ای اعطاہ ایاہ ۱۹؎ یغذی از افعال بمعنے غذا دینا اور یہ غذا سے مشتق ہے والغذاء ما یغتذاے بہ والجمع اغذیۃٌ از نصر ۲۰؎ المحک کتف کے وزن پر بمعنے البخیل المتخاصم یقال محک الرجل ای نازع فی الکلام وتمادے فی اللجاجۃ فہو محکٌ از فتح وسمع ۲۱؎ یقذی از افعال اقذاء مصدر اور یہ اضداد میں سے ہے بمعنے تنکا نکالنا وڈالنا۔ یقال قذیت عینہ قذئے وقذیاناً ای وقع فیہا القذاے واقذاے عینہ ای جعل فیہا القذئے واخرجہ منہا از سمع ۲۲؎ ینجی از افعال بمعنے نجات دلانا یقال نجا من کذا نجاۃ ونجاءً ای خلص از نصر ۲۳؎ المطال مصدر بمعنے ٹالنا وہو التسویف لو عد الوفاء مرۃ بعد اخرے یقال مطلہ حقہ مطلاً جبکہ وہ اس کے حق کو نہ دے از نصر ۲۴؎ یشجی از افعال اشجاء مصدر بمعنے غمگین کرنا اور اس کا مصدر نصر سے آتا ہے۔ اور یہ اضداد میں سے ہے بمعنے غمگین کرنا وخوش کرنا ۲۵؎ والدعایہ دعا کا مصدر ہے والجمع ادعیۃٌ یعنی خدا سے دعا مانگنا یقال دعاہ دعاءً ودعویٰ جبکہ وہ پکارے اور رغبت کرے اور مدد طلب کرے ودعاہ الے الامر کسی کام کی طرف لے جائے ودعا بہ جبکہ حاضر ہونے کو کہنا ودعاہ فلاناً وبفلان جبکہ وہ نام رکھے ودعا المیت جبکہ وہ میت پر روئے ودعاہ دعوۃً جبکہ اس کو وہ دعوت کے لیے بلائے ودعے لہ دعاءً جبکہ وہ دعا کرے ودعا علیہ جبکہ وہ بد دعا کرے ودعا الیہ جبکہ وہ کسی چیز کی طرف بلائے ۲۶؎ یقی از ضرب اس کا مصدر وقایت ہے حفاظت کرنا یقال وقیتہ وقایۃً جبکہ وہ اس کی حفاظت کرے وفی التنزیل فوقاہم اللہ ۲۷؎ ینقی بمعنے پاک کرنا واصلہ نقی الشیٔ نقاوۃً ونقاءً ونقاءۃ ونقاوۃً ونقایۃً ای نظفَ وحسُنَ وخلص وانقاہ ای نظفہ از سمع ۲۸؎ یجزی از افعال اور یہ جزاء سے مشتق ہے۔ بمعنے بدلہ دینا یقال جزے الرجلَ جزاءً بکذا وعلے کذا جبکہ وہ بدلہ دے وجزے فلاناً حقہ جبکہ وہ ادا کرے از ضرب ۲۹؎ الانتطاط یہ مصدر ہے حق سے انکار کرنا وہو الانکار عن الحق یقال نَطَّ فلاناً حقہٗ وعن حقہ وانطَّ حقہٗ ای جحدہ از ضرب ۳۰؎ یخزی از افعال اس کا مصدر اخزاءٌ ہے اور یہ خزی سے مشتق ہے بمعنے رسوا کرنا اور شرمندگی میں ڈالنا یقال خزی الرجلُ خزیاً وخزۓ ای ذلَّ وہان واخزاہ ای اہانہ از سمع ۳۱؎ والطراح یہ باب افتعال کا مصدر ہے اس میں ت بقاعدہ طا ہوگئی بمعنے ڈالنا وگرانا یقال طرحہ طرحاً واطرحہ ای القاہ وابعدہ وفی التنزیل اقتلوا یوسف او اطرحوہ ارضا از فتح ۳۲؎ ذی الحرمۃ ای ذی العزۃ اور اس کے معنے وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو و بمعنے حصہ وقابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو والجمع حُرَمٌ وحُرمات ۳۳؎ غی اس کے حروف اصلی (رغ دی) ہے بمعنے سرکشی وگمراہ مصدر غوئی از ضرب والمصدر غی وغویٰ من سمع والمصدر غوایۃ ای جہل وخاب وہلک واغوے دغوی الرجلُ ای ضلہ اور اس کا صفت کا صیغہ آتا ہے ۳۴؎ محرمۃ بفتح الراء وضمہا ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو والجمع محارم ۳۵؎ بغی بمعنی سرکشی وظلم یقال بغیٰ علیہ ای ظلم از ضرب ۳۶؎ ضنَّ ای بخل یقال ضَنَّ بالشیٔ ضَنّاً وضنانۃً ای بخل فہو ضنینٌ ای بخیل وفی التنزیل وما ہو علے الغیب بضنین والضنۃُ ہو البخل بالشیٔ النفیس از سمع ۳۷؎ غبین ای الضعیف الرائ یقال غبن رایہٗ ای ضعف رایہٗ ۳۸؎ غُبِنَ ماضی مجہول کا صیغہ بمعنے دھوکا دیا گیا ای خُدِعَ وخُسِرَ یقال غبنتہ غَبْناً فی البیع او الشراء ای جذعہ از نصر غبن بفتح کے معنے نقصان کے ہیں اور غبن بسکون الباء بمعنے نقصان خرید وفروخت واز سمع یقال غبن الشیٔ غَبَناً وغبن فیہ جبکہ بھولے اور غلطی کرے ویقال غبن رایہ غَبَناً وغبانۃً یعنی کم سمجھ ہونا اور کند ذہن ہونا۔ اور کبھی غبن مصدر مغبون کے معنے میں بھی آتا ہے۔

وَلَا خَزَنَ اِلَّا شَقِيٌّ. وَلَا قَبَضَ رَاحَهٗ تَقِيٌّ. وَمَا فَتِئَ وَعْدُكَ يَفِيْ. وَاٰرَاؤُكَ تَشْفِيْ وَهِلَالُكَ يُضِيْئُ. وَحِلْمُكَ يُغْضِيْ وَاٰلَاؤُكَ تُغْنِيْ. وَاَعْدَاؤُكَ تُثْنِيْ. وَحُسَامُكَ يُفْنِيْ. وَسُؤْدَدُكَ يُقْنِيْ. وَمُوَاصِلُكَ يَجْتَنِيْ. وَمَادِحُكَ يَقْتَنِيْ. وَسَمَاحُكَ يُغِيْثُ. وَسَمَاؤُكَ تُغِيْثُ. وَ دَرُّكَ يَفِيْضُ. وَرَدُّكَ يَغِيْضُ. وَمُؤَمِّلُكَ شَيْخٌ حَكَاهُ فَيْءٌ وَلَمْ يَبْقَ لَهٗ شَيْءٌ.

ای کالسنی ۱۲

الترجمة والمطالب

بدبخت کے علاوہ کوئی بھی (اپنے مال کو) خزانہ میں (محفوظ) جمع نہیں رکھتا اور نیک پرہیزگار کبھی اپنی مٹھی (ہتھیلی) بند نہیں کرتا۔ اور تیرا وعدہ ہمیشہ پورا ہوتا ہے اور تیری تدبیریں شفا بخشتی ہیں اور تیرا چاند (پیشانی) روشن ہے اور تیرا حلم (بردباری) چشم پوشی کرتا رہتا ہے اور تیری نعمتیں مستغنی (بے نیاز) کر دیتی ہے اور تیرے دشمن بھی تعریف کرتے ہیں اور تیری تلوار فنا کر ڈالتی ہے اور تیرے (اعزاز) کی بزرگی بنیاد ڈالتی ہے (یا مال جمع کرتی ہے یا بلندی کرتی ہے) اور تجھ سے ملنے والے (دوست) میوہ (عطایا) چنتے ہیں اور تیرے تعریف کرنے والے (دولت) کماتے ہیں اور تیری جوان مردی مدد کرتی ہے اور تیرا ابر (کرم) برستا ہے اور تیری خیر جاری ہے اور تیرا کسی کو واپس کر دینا روزی کو کم کر دیتا ہے اور تیرا امیدوار ایک ایسا بوڑھا ہے جس کی مثال بالکل سائے کی سی ہے اور اس کے پاس کوئی چیز باقی نہیں رہی ہے۔

تشریح لغات

۱ ولا خزن از نصر یقال خزن المال خزنًا ای ادّخره ومنه الخزانة بالکسر والخزینة ای مکان الخزن ۲ شقی ضد السعید بدبخت بدنصیب والجمع الاشقیاء یقال شقی الرجل شقاوةً جبکہ وہ بدبخت ہو از سمع ۳ قبض ای امسک یده عن البذل والانفاق یقال قبض یده عن الشئ قبضًا ای امسکه عنه از ضرب ۴ راحه اس میں ہا ضمیر کی ہے بمعنے ہتھیلی راحت کی جمع راح آتی ہے اور اس کے معنے صحن کے بھی آتے ہیں من روح روحًا بمعنے اتسع از سمع ۵ تقی یہ اصل میں وقوی تھا واؤ کو تاء سے بدل لیا پھر واو کو یاء سے بدل لیا اور قاف کو کسرہ سے بدل لیا اس کے معنے پرہیزگار اور متقی کے آتے ہیں والجمع اتقیاء مثل ولی واولیاء ۶ مافتئ اس کے اندر تین لغت ہیں ما افتأ او مافتئ ومافتأ بمعنے ہمیشہ ہونا ۷ یفی از ضرب یہ وفاء سے مشتق ہے۔ بمعنے پورا کرنا ۸ اراؤک یہ رائی کی جمع ہے بمعنے اعتقاد ومستحکم رائے۔ اور اس کی جمع آراء بھی آتی ہے ۹ تشفی۔ از ضرب یقال شفا من مرضه شفاءً ای ابرأه بمعنے شفا پانا واچھا ہونا ۱۰ ہلال۔ نیا چاند اور یہ ہال و کا مصدر ہے۔ شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں اور مہینہ کے آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی کہتے ہیں اور ان کے علاوہ چاند کو قمر کو کہتے ہیں والجمع اہلة۔ والمراد ههنا وصفه بطاقة الوجه واضاءته عند السؤال ۱۱ یضئ از افعال یہ لازم اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال ضاءت النار ضوءًا وضیاءً ای انار واشرق واضاءت واضاءها ۱۲ حلمک بالکسر بمعنے بردباری والحلم ضبط النفس والطبع عن هیجان الغضب وحاصله الصبر والاناءة ضد الطیش والجهل والسفه والجمع احلام وحلوم یقال حلم الرجل حلمًا ای صار حلیمًا از کرم ۱۳ یغضی از افعال اس کا مصدر اغضاء ہے بمعنے چشم پوشی کرنا یقال اغضٰی عینه جب کہ وہ آنکھ بند کرے۔ واغضٰی علی الامر جبکہ وہ خاموش رہے۔ واغضٰی عنه طرفه جبکہ وہ اس سے نگاہ پھیرلے۔ واغضٰی علی القذی اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔ واغضٰی اللیل جبکہ رات تاریک ہو ۱۴ آلاؤک یہ آلاء والی کی جمع ہے جیسے انا وانی بمعنے نعمت وفی التنزیل واذکروا آلاء الله ای نعمة الله ۱۵ تغنی از افعال ای تجعل غنیًا اور یہ مشتق ہے غنی غنی وغناء سے بمعنے کثر ماله واغناه ای جعله غنیًا از سمع ۱۶ واعداؤک یہ عدو کی جمع ہے بمعنے دشمن ۱۷ تثنی از افعال اثناء مصدر بمعنے تعریف کرنا۔ یقال اثنٰی علیه جبکہ وہ تعریف

کرے ۱۸ حسام بالضم بمعنے کاٹنے والی تلوار والحسم ازالۃ اثر الشیٔ یقال قطعہ فجسمہ ای ازال مادتہ وبہ سمی السیف حساما وقیل للشوم المزیل الاثر منہ نالہ حُسُومٌ قال تعالےٰ ثمانیۃ ایام حُسُومًا وقیل حاسمًا اثرہم وقیل حاسمًا خیرہم وقیل حاسمًا ای عمرہم دکل ذلک داخل فی عمومہ ویقال حسمہ حسمًا فالحسم ای استاصلہ فانسطع ازضرب واعلم ان السیف اذا کان عریضًا فہو صفیحۃ فاذا کان لطیفا فھو قضیبٌ فاذا کان صقیلًا فہو خشیبٌ فاذا کان فیہ حروز فہو مفقرٌ ومنہ سمی ذوالفقار فاذا کان قطاعًا فہو منفصلٌ و مخضلٌ و مخذمٌ وجرازٌ وعَضبٌ وحُسامٌ وقاضب وہذامٌ (فقہ اللغۃ) ۱۹ یُغْنِیْ از افعال افناءٌ مصدر بمعنے فنا کرنا یقال فنی الشیٔ فناءً ای عدم از سمع ۲۰ سَوَّدوک ای شرفک وسیّادتک یقال ساد سیادۃ وسوددًا ای شرف ومجد وساد القومَ ای صار سیدہم وجمع السید سادۃ از نصر ۲۱ یقنی از افعال بمعنے بلند کرنا واصلہ قَنِیَ الانف قنًا ای ارتفع وسط قصبتہ وضاق منخراہ یعنی تھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا فہو اقنیٰ از سمع واز نصر قنا یقنو بمعنے جمع کرنا یقال قنے المال قنوًا و قنوانًا جبکہ وہ مال جمع کرے اور اپنے لیے حاصل کرے ۲۲ مواصلک اسم فاعل از مفاعلت بمعنے ملنے والے یعنی دوست یہ وصل سے مشتق ہے یقال وصل الشیٔ بالشیٔ یصل وصلًا وصِلَۃً وصُلَۃً بمعنے جوڑے و جمع کرے۔ ووصل بالف دینار جبکہ وہ احسان کرے ووصل فلانًا وصلًا وصلۃً جب کہ وہ تعلق رکھے ووصل زیدًا جبکہ وہ زید سے نیکی کرے۔ ووصل الی المکان وصولا جبکہ وہ آپہونچے ازضرب دو اصلہ وصالًا ومواصلۃً یعنی جبکہ وہ تعلق رکھے ۲۳ یجتنی از افتعال اجتناءٌ مصدر بمعنے میوہ توڑنا ومیوہ چننا یقال جنیت الثمرۃ واجتنیتہا ای اخذتہا۔ ۲۴ مادح اسم فاعل مدح سے ہے بمعنے تعریف کرنے والا از فتح ۲۵ یقتنی ای یکتسب از افتعال واصلہ قنا المال قنوًا وقُنُوًا و قتناۃ ای اکتسبہ از نصر ویقال قنی المالَ از سمع ۲۶ سماحک بمعنے بخشش یقال سَمَحَ سَمَاحًا وسُمُوحًا وسماحۃً وسُمُوحۃً سمحًا وسِماحًا ای صار من اہل الجود والکرم از کرم و سَمَحَ بکذا اسماحًا ای جاد از فتح ۲۷ یغیث از افعال بمعنے مدد کرنا یقال غاثہ غوثہ واغاثہ اغاثۃً ای اعانہ ونصرہ ۲۸ سماؤک بمعنے آسمان اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ والجمع سماوات وسموات الف کو کتابت میں حذف کر کے وسُمِیٌّ وسمّی ۲۹ تغیث از ضرب یقال غاث اللہ البلادَ غیثًا جبکہ خدا تعالےٰ بارش آتارے۔ یعنی پانی برسائے وفی التنزیل کمثل غیث اعجب الکفار ۳۰ دَرُّک مصدر بمعنے دودھ یا دودھ کی زیادتی وخون یقال یقال للہ دَرُّہ یعنی اس کی خوبی اللہ کے لیے ہے۔ اور یہاں معنے بھلائی اور اچھائی کے ہیں ۳۱ یفیض از ضرب فیض مصدر بمعنے بہنا یقال فاض الماء فیضانًا وفیوضًا اذا سال منصبًا ۳۲ ردک مصدر بمعنے واپس کرنا لوٹانا اور یہاں یہ فاعل کی طرف مضاف ہے از نصر یقال رَدَّہ رَدًّا ای صرفہ ۳۳ یغیض از ضرب یقال غاض الماءُ داغاضہ ای نقص اونقصہ غیرہ اور یہ متعدی اور لازم مستعمل ہوتا ہے وغاض الماء ای نضب اور یہاں اس کے معنے کم ہونے اور معدوم ہونے کے ہیں ۳۴ مؤملک۔ اس کا مصدر تامیل آتا ہے۔ بمعنے امید کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال اَمَلَہ املا جبکہ وہ امید کرے۔ ۳۵ شیخ بمعنے بزرگ ومعظم و بوڑھا۔ الجمع شیُوخٌ واشیاخٌ وشیخانٌ واشیخۃٌ ومشیخۃٌ اور اس کی جمع الجمع مشائخ آتی ہے ۳۶ حکاہ از ضرب بمعنے مشابہ ہونا ونقل کرنا یقال حکے عنہ الکلامَ جبکہ وہ نقل کرے وحکے الخبرَ جبکہ وہ بیان کرے وحکے فلانًا جبکہ وہ مشابہ ہو وحکی الشیٔ جبکہ وہ مشابہ بنائے وحکی علیہ جبکہ وہ چغلخوری کرے وحکی العقدۃ جبکہ وہ باندھے ۳۷ فئی بمعنے سایہ وہ سایہ جو زوال کے بعد ہوا اور اس کے معنے غنیمت اور خراج کے بھی آتے ہیں والجمع افیاءٌ وافیُوٌ والرجوع یقال فاء فیئًا ای رجع وایضا فاء الظلُّ ای تحول از ضرب۔ یہاں پر مصنفؒ تشبیہ کا عکس مبالغہ کی وجہ سے کیا ہے۔ اور تشبیہ کا حق یہ تھا کہ حکی الفئَ یعنی فئے کو مشبہ یا لحکی عنہ قرار دیا جاتا لیکن مبالغہ کی وجہ سے شیخ کو صاحب مقامات نے مشبہ بہ قرار دیا ہے اور عبارت تشبیہ کے عکس لائے ۳۸ لم یبق از سمع یقال بقی بقاءً ویقے بقیا از ضرب بمعنے ہمیشہ رہنا وثابت رہنا ۳۹ شئی بمعنے چیز وجس کے ساتھ علم وخبر کا تعلق ہو سکے والجمع اشیاء وجمع الجمع اشادٰے واشیادات واشادات واشایا۔

أَمَّكَ بِظَنٍّ حِرْصُهُ يَثِبُ. وَمَدَحَكَ بِنُخَبٍ مُهُورُهَا تَجِبُ. وَمَرَامُهُ يَخِفُّ. وَأَوَاصِرُهُ تَشِفُّ. وَإِطْرَاؤُهُ يُجْتَذَبُ. وَمَلَامُهُ يُجْتَنَبُ. وَوَرَاءَهُ ضَفَفٌ. مَسَّهُمْ شَظَفٌ وَحَصَّهُمْ جَنَفٌ. وَعَمَّهُمْ قَشَفٌ. وَهُوَ فِي دَمْعٍ يُجِيبُ. وَوَلَهٍ يُذِيبُ. وَهَمٍّ تَضَيَّفَ. وَكَمَدٍ نَيَّفَ. لِمَأْمُولٍ خُيِّبَ. وَإِهْمَالٍ شَيَّبَ.

مضاف محذوف ای لحرمان مأمول ۱۲

الترجمة والمطالب

اس نے ایسے گمان کے ساتھ جس کی حرص بڑھتی رہتی ہے (کودتی رہتی ہے) تمہاری طرف قصد کیا ہے اور ان پسندیدہ (قصائد سے) تمہاری تعریف کی ہے جن کا مہر ادا کرنا (تم پر) واجب ہے اور اس کی آرزو ایک آسان سی ہے (یعنی ذرا سی ہے) اور اس کے وسیلے (تعلقات) (مہربانی) کی وجہ سے بہت ہیں اور اس کی تعریف لوگوں کو پسند ہے اور اس کی ملامت (ہجو) سے کنارہ کشی (پرہیز کیا جاتا ہے) کی جاتی ہے اور اس کے پیچھے بہت سے بچے ہیں۔ اور جن کو سختی اور تنگی لاحق ہوگئی ہے اور زمانہ کے ظلم نے ان کو منتشر اور متفرق کر دیا ہے۔ اور بدحالی ان کے شامل حال ہوگئی ہے اور وہ بوڑھا آنسوؤں میں ان کو جواب دیتا ہے اور وہ ایسے غم میں مبتلا ہے۔ جو (ہر وقت) اس کے پاس رہتا ہے اور وہ ایسی سوزش اندرونی میں گرفتار ہے جو لحظہ بالحظہ بڑھتی رہتی ہے۔ بہ سبب اس قصد کے جس سے ناامیدی ہو چلی ہے اور بہ سبب اس بے التفاتی کے (چھوڑ دینے کے) جس نے اس کو بوڑھا کر دیا ہے۔

تشریح لغات

۱ أَمَّكَ ای قصدک از نصر یقال أمَّ أمًّا ای قصد وأمَّ إمامةً بمعنے امام بنانا۔ ۲ حرصہ یہ مصدر ہے یقال حرص علے الشئ حرصًا جبکہ وہ اس پر حریص ہو از ضرب یثب ۳ از ضرب یقال وثب یثب وثبًا ووثیبًا ووثوبًا ووثابًا ووثبة جبکہ وہ کود دے اور اٹھے خوشی سے بیٹنے کے لیے بنخب ۴ از ضرب یقال جمع ہے واصلہ نخب الشئ نخبًا وانتخبہ ای اختارہ از نصر اور یہاں اس سے مراد قصائد منتخبہ ہیں ۵ مہورہا بہ مہر کی جمع ہے یقال مہر المرأة مہرًا وأمہرہا ای اعطاہا مہرًا از فتح ونصر ۶ مرامہ بمعنے مطلب ومقصد والجمع مرامات واصلہ رام الشئ رومًا ومرامًا ای ارادہ از نصر ۷ یخف یہ خفت سے ماخوذ ہے بمعنے ہلکا ہونا واصلہ خفَّ الشئ خفًّا وخفّةً ای ضد ثقل از ضرب ۸ أواصرہ یہ آصرۃ کی جمع ہے بمعنے صلہ رحم وما عطفک علے رجل من قرابة ومعروف یعنی تعلق ورشتہ داری واصل الامر عقد الشئ یقال اصر الخیمة جبکہ وہ خیمہ کے لیے میخ بنائے واصر فلانا علیہ جبکہ وہ متوجہ کرائے اور مہربان بنائے از ضرب ۹ تشف۔ ای زادوا ایضا معناہ نقص فہو من الاضداد والمصدر شفٌّ ویقال شف الشئ ای رق فظہر ما وراءہ فہو شفیف وشفاف ویقال شف الجسم ای دق من النحول۔ از ضرب ۱۰ واطراؤہ الاطراء المبالغة فی المدح وہو من طر طراوة وطراء از کرم یقال طر النبات والشارب مونچھ یا نباتات اُگے فالمبالغة فی المدح کانہ مدح طری وقیل الاطراء المدح فی الوجہ مشافہة واما طرء علیہم بمعنے جاءہم فجاءة از فتح والمصدر اطرء وطرو، یجتذب ۱۱ از افتعال یہ جذب سے مشتق ہے بمعنے کھینچا جو دفع کی ضد ہے از ضرب ۱۲ ملامہ مصدر بمعنے ملامت وہجو کرنا یقال لامہ لومًا وملامًا وملامةً ای عذلہ از نصر ۱۳ یجتنب از افتعال بمعنے پرہیز کرنا یقال اجتنبہ وتجانبہ وتجنبہ بمعنے دور ہونا وجنبہ الشئ کسی سے کوئی چیز دور کرنا۔ ضفف ۱۴ محرکة ہو قلة المال وکثرة العیال وایضا الحاجة والعجلة والضعف ویقال ضفف القوم علے الماء ای ازدحموا وضفف الشئ ای جمعہ والمصدر ضفف وضفٌّ از نصر وقال الثعالبی قلة الماء وکثرة الرواد وایضا الضفف قلة العیش۔ ۱۵ مسہم فعل ماض ای اصابہم یقال مس الشئ مسًّا ومسیسًا ای لمسہ ومس المرض او الکبر فلانا ای اصابہ ومن الاول قولہ تعالٰی من قبل ان تمسوہن ولم یمسسنی بشر۔ ومن الثانی قولہ تعالٰی مستہم البأساء والضراء از سمع ونصر ومست الحاجة الٰی کذا ای الجأت الٰی کذا شظف ۱۶ بمعنے ضیق

العیش تنگی و بدحالی یقال شظف العیشُ ای کان ضیقاً والمصدر شَظَفٌ از سمع وایضا شظفت الرجل ای کان عیشہ ضیقاً فہو شظف العیش وایضا شظف الرجل ای کاصلب والمصدر شَظَافۃ از کرم ۱۸ حصہم از نصر ای نتف ریشہم واعراہم من حَصَّ الشعر ای حلقہ والمصدر حصٌّ ومن ہذا الباب قولہم حصنی من المال کذا ای کانت منہ حصتی کذا وحَصَّ الشیُٔ ای نقصہ وقطع منہ وہو من سمع والمصدر حصص بمعنے سقط شعر راسہ اوقلّ فہو اَحَصُّ ۱۸ جنف محرکۃ ای الجور ومیل الدہر عن العدل یقال جنف عن الطریق جنوفاً ای عدل عنہ از نصر وجنف عن الطریق جَنَفاً از سمع وفی التنزیل کمن خاف من موصٍ جنفاً الآیۃ ۱۹ عمہم از نصر بمعنے عام ہونا ای شملہم واحاطہم یقال عم الشیُٔ عموماً جبکہ وہ چیز عام ہو عم المطرُ الارضَ یعنی بارش کا ساری زمین کو عام ہونا وعم القومَ عماماً بالعطیۃ یعنی اس نے سب کو شامل کر لیا وعَمَّ عمومۃً یعنی اس کا چچا ہونا۔ ۲۰ قشف محرکۃ سختی وبدحالی یقال قَشِفَ قشفاً وقشُفَ قشافۃ ای ساءت حالہ ورثت ہیئتہ وضاق عیشہ از سمع وکرم ۲۱ یجیب از افعال اس کا مصدر اجابت ہے۔ بمعنے جواب دینا یقال اجابہ اجابۃً واجاباً واجاب سوالہ وعن سوالہ وا لے سؤالہ جبکہ وہ جواب دے واجابہ الے حاجتہ جبکہ اس کی حاجت پورا کرنے کے لیے خوشی سے آگے بڑھے واجابت الارضُ جبکہ زمین سے اُگے ۲۲ ولَہٌ محرکۃ ای شدۃ التحیر من الحزن یعنی شدت غم کی وجہ سے متحیر ہونا یقال وَلِہ ولہاً ووَلِہ ولہاً وہو وُلہٌ وَلہاً جبکہ وہ زیادہ غمگین ہو یہاں تک کہ اس کی عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے از سمع وضرب ۲۳ یذیبُ از افعال بمعنے غم میں اپنے آپ کو ایسا پگھلانا جو گوشت جسم میں باقی نہ رہے واصلہ ذاب الشیُٔ ذوباً وذوباناً جب چیز پگھلے از نصر ۲۴ ہم بمعنے غم وارادہ جس کے کرنے کی فکر کی جائے۔ والجمع ہموم ۲۵ تضییف از تفعل یقال تَضَیَّفہ جبکہ وہ مہمان ہو یا وہ طلب ضیافت کرے وتضیف الرجلُ جبکہ وہ آدمی مائل ہو ۲۶ کمد محرکۃ وہ غم جس کی وجہ سے مرنے کے قریب ہو جائے یقال کَمِدَ الرجلُ کمداً ای مرض قلبہ واغتمّ فہو کامدٌ وکمدٌ از سمع ۲۷ نیف از تفعیل بر نیف او ونیف۔ یعنی دس اور دس سے زائد دس بیس تیس جیسی دہائیوں سے جتنی زیادتی ہو اس کو نیف کہتے ہیں یہاں تک کہ دوسری دہائی آئے اور لفظ نیف کا استعمال انہیں جیسی دہائیوں سے زیادتی کے لیے ہوتا ہے اس لیے عشرۃ ونیف ومائۃ ونیف والف ونیف تو لایا جاتا ہے مگر خمسۃ عشر ونیف نہیں بولا جاتا فافہم ۲۸ لما مول بمعنے امید کیا گیا اس کا مصدر امل ہے از نصر یقال اَمَلاً اَملاً جبکہ وہ امید کرے۔ ۲۹ خیّبَ از تفعیل یقال خیبہ جبکہ وہ اس کو محروم کرے اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال خاب خیبۃً جبکہ وہ محروم اور ناامید ہو ۳۰ اہمال از افعال بمعنے جان بوجھ کر آزاد چھوڑنا یا بھولے سے چھوڑ دینا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال ہملت الابلُ ہملاً جبکہ اونٹ بغیر چرواہے کے آزادانہ پھریں اور یہ نصر اور ضرب سے آتا ہے تو اس کے معنے آنسو بہانے اور آہستہ آہستہ لگاتار برسنے کے معنے آتے ہیں یقال ہملت عینہ وہملت السماءُ ۳۱ شیّبَ از تفعیل بمعنے غم کی وجہ سے بوڑھا کر دینا یقال شیبَ الحزنُ فلاناً وبفلان جبکہ غم نے اس کو بوڑھا کر دیا ہو اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے بمعنے سفید بالوں والا ہونا وبوڑھا ہونا یقال شاب یشیب شیباً وشیبۃً ومشیباً ومنہ یقال شابت رؤس الآکام جبکہ ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو جائیں ۔

وَعَدُوٍّ نَكَبَ[۱] . وَهُدُوٍّ[۲] تَغَيَّبَ[۳] . وَلَمْ يَزِغْ وُدُّهٗ[۴] فَيُغْضَبَ[۵] . وَلَا خَبُثَ عُوْدُهٗ[۶] فَيُقْضَبَ[۷] وَلَا نَفِثَ صَدْرُهٗ[۸] فَيَنْفُضَ[۹] . وَلَا نَشَزَ وَصْلُهٗ[۱۰] فَيُبْغَضَ[۱۱] . وَمَا يَقْتَضِي كَرَمُكَ نَبْذَ[۱۲] حُرَمِهٖ[۱۳] . فَبَيِّضْ أَمَلَهٗ[۱۴] بِتَخْفِيْفِ أَلَمِهٖ . يَنُثَّ[۱۵] حَمْدَكَ بَيْنَ عَالَمِهٖ[۱۶] . بَقِيْتَ لِإِمَاطَةِ[۱۷] شَجَبٍ[۱۸] . وَإِعْطَاءِ نَشَبٍ[۱۹] . وَمُدَاوَاةِ شَجَنٍ[۲۰] . وَمُرَاعَاةِ يَفَنٍ[۲۱] .

ضمیر ذوالمال

التر جمۃ والمطالب	اور بہ سبب اس دشمن کے جو دانت پیستا ہے اور بہ سبب اس قرار (آرام) کے جو کہ غائب ہو گیا ہے اور اس کی دوستی میں نہ تو کجی آئی ہے تا کہ اس پر غصہ کیا جائے اور نہ اس کی لکڑی (فاسد) بیکار ہوئی ہے جو کاٹ دی جائے اور نہ

اس کا سینہ بیمار ہوا تا کہ وہ جھاڑا جائے (یعنی اس نے کوئی ایسی بُری بات کہی جو اس سے دور کی جائے۔ اور نہ اس کی ملاقات ناسزاوار (یعنی اس سے ملنا ناگوار ہو) ہوتی ہے کہ اس سے بغض رکھا جائے اور تمہارا کرم (ہرگز) اس کا مقتضی نہیں کہ اس کی آبرو ریزی کی جائے لہذا آپ مصیبت اور الم دور کر کے اس کی حاجت کو پوری کریں (کیونکہ) وہ آپ کی تعریف تمام زمانے میں مشہور کرے گا (پھیلائے گا) خدا کرے کہ آپ غم کے دور کرنے اور دولت بخشنے اور غم و ملال کے دوا کرنے اور پیر فرتوت (بہت بوڑھے) کی رعایت کرنے کے لیے ہمیشہ زندہ رہیں (یعنی خدا آپ کی عمر بڑھائے رکھے)

تشریح لغات

[1] نَیَّبَ از تفعیل اور یہ ناب سے مشتق ہے جس کے معنے دانت کے ہیں یقال نابہ نیبا ای اصابہ نابہ از ضرب نَیَّبَ بہ السبعُ یعنی درندہ نے دانت گاڑھ دیا [2] ھدو بمعنے سکون و قرار وصلہ ہدا ہدوًا ای سکن از فتح و یقال ہدا بالمکان جبکہ وہ مکان میں ٹھہرے اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے [3] تغیّبَ از تفعل یقال تغیب عنہ جبکہ وہ بالکل غائب ہو جائے اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال غاب یغیب غیبًا و غیبۃً و غیابۃً و غیوبۃ جبکہ وہ غائب ہوئے و غاب غیبۃً جبکہ وہ غیبت کرے اور اس کے پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرے [4] ولم۔ بزَغ یقال زاغ عنہ ای مال یعنی مائل ہونا اور ٹھہرا ہوا ہونا یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر مستعمل ہے وادی تو نصر سے آتا ہے جس کے معنے جھکانے کے آتے ہیں اور یائی ضرب سے آتا ہے جس کے معنے ٹیڑھا ہونے کے آتے ہیں [5] ود بالفتح والکسر والضم بمعنے محبت و دوستی والجمع اوداد و اوُدّ و اُوُدٌ ومنہ اُلود د۔ یعنی بہت محبت کرنے والا۔ [6] فیغضبُ بہ غضب سے مشتق ہے اور انتقام کے لیے چہرہ کا متغیرہ ہونا و بمعنے غصہ کرنا۔ از سمع و فی التنزیل یقال غضب اللہ علیہم غضبًا و مغضبۃً جبکہ وہ اس پر غضب ناک ہو۔ [7] خبث ضد طاب مکار بدباطن ہونا والمصدر خبث و خباثۃ از کرم و فی التنزیل لاتستوی الخبیث والطیب و یقال خبث العودُ اذا یبس و زال عنہ الانتفاع بثمرتہا فیقطع لینتفع بخشبہا [8] عود لکڑی کٹی ہوئی ٹہنی اور ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ اور زبان کی جڑ کی ہڈی اور سارنگی والجمع عیدانٌ و اعوادٌ و اعوُدٌ [9] فیقضب از ضرب قضب مصدر بمعنے کاٹ دینا یقال قضب شئ قضبًا ای قطعہ [10] نفثَ از نصر و ضرب یقال نفث البصاق من فیہ جبکہ وہ منہ سے تھوک پھینکے و نفث الجرح الام جبکہ زخم کا خون بہے و نفثت الحیۃُ السّمّ جبکہ سانپ زہر نکالے و نفثت المصدورُ جبکہ درد سینہ والے کا تھوک کنکھار وغیرہ پھینکے و نفثت القلم، جبکہ قلم لکھے و نفث فلانًا جبکہ وہ کسی پر جادو کرے و نفث اللہ الشئ فی قلبہ جبکہ اللہ اس کے دل میں ڈالے و نفث فی روعی او قلبی جبکہ مجھے فلاں چیز کا الہام ہو و فلاں ینفث علیّ غضبًا یعنی فلاں شخص مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے یہاں پر سینہ میں درد ہونا اور بری بات کا نکالنا مراد ہے۔ [11] صدرہ اس کی جمع صدور آتی ہے بمعنے سینہ یقال صدرہ صدرًا ای اصاب صدرہ از نصر و ضرب واعلم ان الصدر من الانسان والکرکرۃ من البعیر [12] فینفض بمعنے دور کیا جائے یا جھاڑا جائے۔ اور اس کا مصدر نفض ہے از نصر یقال نفض الثوبَ نفضًا جبکہ وہ کپڑا جھاڑے و نفض الشجرۃَ جبکہ وہ درخت سے پھل گرانے کے لیے ہلائے و نفض الورقَ من الشجر جب کہ وہ پتے گرائے [13] نشز از نصر و ضرب یقال نشزت المراۃُ بزوجہا و منہ و علیہ جبکہ بیوی نافرمان ہو جائے اور نفرت کرے اور بغض رکھے۔ و نشز بعلہا علیہا و منہا جبکہ شوہر اس پر ظلم اور سختی کرے اور اس کو تکلیف دے۔ و نشز بالقوم فی الخصومۃ جبکہ وہ قوم کے ساتھ جھگڑا کرنے کے لیے اٹھ کھڑا ہو و نشز بقرنہ نشز ا ضرب سے اس معنے میں آتا ہے جبکہ وہ سینگ سے اٹھا کر پھینک دے۔ [14] وصلہ یہ مصدر ہے بمعنے ملنا و ملاقات و دوستی اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال وصل الشئ بالشئ یصل وصلًا و صِلۃً و صُلۃً جبکہ وہ جوڑے اور جمع کرے وصلہ بالف دینار جبکہ وہ اس کے ساتھ احسان کرے و وصل فلانا وصلاً و صلۃً جبکہ وہ تعلق رکھے و وصل زیدًا جبکہ وہ اس کے ساتھ نیکی کرے و وصل رحمہ جبکہ وہ رشتہ داروں سے صلہ رحمی یا مہربانی کرے اور نرمی کا برتاؤ کرے۔ [15] فیبغض یہ بغض سے مشتق ہے بمعنے دشمنی رکھنا از نصر و کرم و سمع یقال بَغُضَ و بَغِضَ بغاضۃً و بغضاء و بغضا جبکہ وہ دشمنی اور نفرت کرے [16] بند یہ مصدر ہے۔ از ضرب یقال

بنذ الشیٔ بنذاً جبکہ وہ پھینکدے وبنذ الامر جبکہ وہ بیکار کر دے، ونبذ العہد جبکہ وہ توڑ دے ونبذ الیہ العدو یعنی اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا ۱۷ حرمۃ۔ یہ حرمت کی جمع ہے بمعنے ذمہ وعہد یا یہ احترام کے معنے میں ہے یعنی جس کی عزت کرنا ضروری ہو ای لایلیق بکم ان تطرح حرمتہ وعزتہ ۱۸ فبیّض یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از تفعیل اور یہ بیاض سے مشتق ہے جس کے معنے کامرانی اور فلاح کے آتے ہیں جس طرح کہ سواد سختی اور ہلاک میں مستعمل ہوتا ہے اور یہ محاورہ ہے یقال بیض اللہ وجہہ اللہ اس کی امید کو پورا کرے ۱۹ امّلہ اَمَل محرکۃ اور بسکون المیم بمعنے امید والجمع آمال المہ الم بمعنے دکھ وتکلیف والجمع آلام از سمع یقال اَلِمَ اَلَمًا جبکہ وہ دکھی ہو ۲۰ ینثّ اس کا مصدر نثّ ہے خبر کا پھیلانا وظاہر کرنا یقال نثّ الخبر نثًّا جبکہ وہ ظاہر کرے، از نصر وضرب عالَم ۲۱ یہ صفت کا صیغہ ہے جس میں وصفیت اسمیت پر غالب ہوگئی ای ما یعلم بہ اللہ جس کے معنے ساری مخلوق اور ماسوائے اللہ کے آتے ہیں۔ والجمع عوالم وعالمون وعلالم ۲۲ لا ماطۃ یہ مصدر ہے باب افعال سے بمعنے دور کرنا وعلیحدہ کرنا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال ماط من کذا امیطاً ای دفعہ عنہ ۲۳ شجب محرکۃ بمعنے غم یقال شجب شجباً ای حزن ومات وہلک از سمع اور اسی معنے میں یہ نصر سے آتا ہے ۲۴ نشب محرکۃ بمعنے عمدہ مال یا مال کثیر خواہ وہ جانور ہوں یا جائیداد ہو اصلہ نشیب فلان منشب سوء یعنی فلاں ایسی چیز میں پھنس گیا جس سے اس کی رہائی ممکن نہیں اور یہ سمع سے آتا ہے ۲۵ مداواۃ یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے دوا کرنا اور علاج کرنا یقال داواہ ای عالجہ، دَوِیَ ای مرض از سمع ۲۶ شجن محرکۃ بمعنے غم والجمع شجون یقال شجن شجناً وشجونًا ای حزن از سمع ونصر ۲۷ مراعاۃ یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے رعایت کرنا وانتظار کرنا وحفاظت کرنا یقال راع النجوم جبکہ وہ ستاروں کے غروب کا انتظار کرے دراعے الأمر جبکہ وہ حفاظت کرے اور اس کے انجام پر غور کرے۔ دراعے الرجل جبکہ وہ کسی کے حق کو نگاہ رکھے اور راعینہ سمعی جبکہ توجہ کرے اور کان لگائے وراعت الارض جبکہ زمین بہت چراگاہ والی ہو ۲۸ یفن محرکۃ پیر فرتوت اور بہت بوڑھا آدمی والجمع یفون۔ الیفن الشیخ الکبیر والقلم العجوز الکبیرۃ بکذا فی فقہ اللغتہ۔ واللہ اعلم افتخار علی غفرلہٗ۔

مَوْصُوْلًا بِخَفْضٍ۔ وَسُرُوْرٍ غَضٍّ۔ مَا غُشِیَ مَعْهَدُ غَنِیٍّ۔ اَوْ خُشِیَ وَهْمُ غَبِیٍّ۔ وَالسَّلَامُ
فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ اِمْلَاءِ رِسَالَتِهٖ۔ وَجَلّٰی فِیْ هَيْجَاءِ الْبَلَاغَةِ عَنْ بَسَالَتِهٖ۔ اَرْضَتْهُ الْجَمَاعَةُ
فِعْلًا وَقَوْلًا۔ وَاَوْسَعَتْهُ حَفَاوَةً وَطَوْلًا۔ ثُمَّ سُئِلَ مِنْ اَیِّ الشُّعُوْبِ نِجَارُهٗ۔ وَفِیْ اَیِّ
الشِّعَابِ وِجَارُهٗ۔ فَقَالَ ؎

غَسَّانُ اُسْرَتِیَ الصَّمِیْمَهْ　　وَسُرُوْجُ تُرْبَتِیَ الْقَدِیْمَهْ
فَالْبَیْتُ مِثْلُ الشَّمْسِ اِشْرَاقًا وَّ مَنْزِلَةً جَسِیْمَهْ

الترجمۃ والمطالب

اس حال میں جب تک کہ دولت مندی کی مجلس کی طرف عیش اور تازہ خوشی کے ساتھ قصد کیا جائے اور جب تک کہ مالدار کا گھر مانگنے والوں سے ڈھانپا جائے اور جاہل کے وہم سے خوف کیا جائے (یہ قیامت تک عیش اور خوشی آپ کے شامل حال رہے والسلام) اور تو سلامتی سے رہے) جب وہ اپنے رسالے کے لکھنے سے فارغ ہوا اور بلاغت کے معرکے میں وہ اپنی دلیری دکھا چکا تو جماعت نے قول وفعل (تعریف اور بخشش)، سے اس کو راضی کیا (یعنی خوش کیا) اور اس کو بہت انعام واکرام دیا پھر اس سے یہ پوچھا کہ آپ کس قبیلہ سے ہیں اور مکان کس گھاٹی میں ہے، یعنی آپ کا دولت خانہ کہاں ہے؟ اس پر اس نے کہا کہ (جواب دیا) میرا خالص خاندان

قبیلہ غسان ہے اور میری قدیمی وطن شہر سروج ہے اور میرا گھر روشنی اور عمدہ مرتبہ بزرگی وشرف کی وجہ سے شمس کی طرح روشن تھا۔

تشریح لغات

[۱] خفض مصدر بمعنے آسودگی وفراخی عیش یقال خفض العیش خفضاً ای سہل العیش وصار ہنیاء از کرم واصل الخفض ضد الرفع قال تعالے فی صفۃ القیامۃ خافضۃ الرافعۃ [۲] غض بمعنے تروتازہ والجمع غضاض یقال غض النبات غضاضۃ وغضوضۃ ای نضر وطرو فہو غض والجمع غضاض از سمع وضرب [۳] ماغشی ما بمعنے مادام غشی بمعنے ارادہ ڈھانپنا ماضی مجہول کا صیغہ یقال غشی المکان غشیاً وغشایۃ ای اتاہ ودخل فیہ از سمع [۴] معہد وہ مکان جس میں کسی شئی کے متعلق عہد کیا جائے ای موضع یعہد بہ جلوسہ ای المجلس والجمع معاہد یقال عہد فلانا بمکان کذا ای لقیہ ویقال عہد الامر عہداً ای عرفہ وعہد الشئ ای حفظ وراعاہ وعہد فلان وعدہ ای وفاہ وعہد فلانٌ اللہ ای وحدہ وعہد الے فلان ای اوصاہ وشرط اوامرہ وفی التنزیل ولقد عہدنا الے آدم از سمع [۵] غنی بمعنے مالدار و توانگر والجمع اغنیاء ویقال ہو غنی عنہ یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے [۶] وہم مصدر دل میں جو خطرہ گذرے اس کو وہم کہتے ہیں والجمع اوہام یقال وہم فی الشئ وہما ای ذہب الیہ وہمہ وہو یرید غیرہ از ضرب ووہم فی الامر وہما ای غلط فیہ وسہا از سمع [۷] غبی بمعنے کم سمجھ جاہل والجمع اغبیاء یقال غبی الشئ اوعن الشئ غباوۃ ای لم یفطن لہ اوجہلہ از سمع [۸] والسلام قال استاذی مدظلہ العالی والسلام یا بہ السلام علیکم کا مخفف ہے۔ اور وا د مع کے معنے میں ہے تقدیر عبارت یہ ہوگی ماغشی معہد غبی مع السلام یا وہم غبی مع السلام [۹] فرغ اس کا مصدر فراغ ہے بمعنے فارغ ہو ای خلاف الشغل یقال فرغ من العمل فراغاً وفروغاً ای خلا منہ وفی التنزیل فاذا فرغت فانصب وفرغ لہ اوالیہ ای قصدہ وفی التنزیل سنفرغ لکم ایہا الثقلان از نصر وسمع [۱۰] جلے از تفعیل بمعنے ظاہر کرنا وسنوارنا وصیقل کرنا [۱۱] ہیجاء اصلہ یقال ہاج الشئ ہیجاً وہیاجاً وہیجاناً ای ثار وانبعث وتحرک از ضرب وہاج البقل ای اصفر وطاب وفی التنزیل ثم یہیج فتراہ مصفرا۔ ہیجاء اور ہیجا بغیر ہمزہ بمعنے جنگ ولڑائی اور یہ ہیجان سے ماخوذ ہے۔ [۱۲] بسالۃ بالفتح بمعنے شجاعت ودلیری از کرم وقیل للشجاعۃ البسالۃ اما لما یوصف بہ الشجاع من عبوس وجہہ اولکون نفسہ حرما علے اقرانہ لشجاعتہ اولما تحت یدہ عن اعدائہ یقال بسل بسالاً وبسالۃ ای شجع فہو بسول وباسل والجمع بسل وبسلاء وبسل از کرم واعلم ان الرجل اذا کان شدید القلب رابط الجأش فہو مزہر فاذا کان لزوما مقرن لایفارقہ فہو حلس فاذا کان جریئا علے اللیل فہو مخش ومخشف فاذا کان مقداما علے الحرب عالما باحوالہ فہو محرب فاذا کان منکرا شدیدا فہو ذکر فاذا کان بہ عبوس الشجاعۃ والغضب فہو باسل فاذا کان لایدری من این یؤتے لشدۃ باسہ فہو بہمۃ فاذا کان یبطل الدماء فلا یدرک عندہ ثار فہو بطل فاذا کان یرکب راسہ لایردہ شئ عما یرید فہو غشمشم فاذا کان لایحاش لشئ فہو ایہم فقہ اللغۃ [۱۳] ارضتہ از افعال بمعنے راضی کرنا یقال ارضے الرجل ورضے الرجل جبکہ وہ اس کو رضامند کرے اور خوش کرنے کے لائق دے [۱۴] فعل بمعنے کام وعمل والجمع فعال وافعال۔ جمع الجمع افاعیل [۱۵] قولاً بمعنے کہنا اور یہاں تعریف مراد ہے۔ والجمع اقوال وجمع الجمع اقاویل [۱۶] اوسعتہ از افعال بمعنے فراخ اور کشادہ بنانا ضد الضیق یقال وسع سعۃ وسعۃ ضد ضاق از سمع وحسب [۱۷] حفاوۃ مصدر بمعنے بے اعزاز واکرام کرنا اور خوشی کا اظہار کرنا یقال حفی بہ حفاوۃ وحفاوۃ وحفایۃ ای بالغ فی اکرامہ واظہار الفرح بہ وحفی عنہ ای اکثر السؤال عن حالہ فہو حفی والجمع حفواء وفی التنزیل انہ کان بی حفیا ای برا لطیفا از سمع [۱۸] طولاً بالفتح بمعنے مہربانی وانعام ای الفضل والقدرۃ والعطاء یقال طال علیہ ای علاہ وترفع علیہ وامتن علیہ والنعم وایضا ضد القصر والمصدر طول از نصر [۱۹] الشعوب یہ شعب بفتح الشین وکسر شین کی جمع ہے بمعنے القبیلۃ العظیمۃ المتشعبۃ من حی واحد والجمع شعوب وفی التنزیل وجعلنکم شعوبا واصلہ شعب الشئ شعباً جمعہ وفرقہ واصلحہ وافسدہ از فتح [۲۰] بکارہ بالکسر بمعنے اصل پہاڑی راستہ اور پانی کا راستہ، درۂ کوہ بڑا قبیلہ و بمعنے جانب اور مجمع اصل النسب وکذلک الشعفی [۲۱] الشعاب یہ شعب بالکسر کی جمع ہے بمعنے پہاڑی راستہ اور پانی کا راستہ، درۂ کوہ بڑا قبیلہ و بمعنے جانب۔ اور محرکۃ بالفتح یہ مصدر ہے بمعنے دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ والشعبۃ بالضم بمعنے فرقہ وکسی چیز کا گر

والجمع شعبٌ وشعاب اور یہاں گھاٹی اور راستہ کے معنے ہیں۔ ۲۲ وجارہ بالکسر بمعنے گوہ دبجّو کے رہنے کا بھٹ (سوراخ) اور اس کے معنے سرنگ کے بھی آتے ہیں۔ والجمع او جرۃٌ وُوجرٌ اور اس سے یہاں مراد اس کا گھر ہے ۲۳ غسان یہ سب سے بڑا قبیلہ ہے جو یمن میں تھا جو ران کے چشمہ غسان پر اترا تھا اور اسی وجہ سے اس کا یہ نام پڑ گیا اور یہ لوگ ایک بہت بڑی حکومت کے مالک ہو گئے تھے منہم ملوک غسان اور جس کا آخری بادشاہ جبلہ بن ایہم تھا جو حضرت عمر فاروقؓ کے زمانے میں مسلمان ہو کر مرتد ہو گیا اور یہ فعّال کے وزن پر ہے ۲۴ اسرتی بالضم بمعنے اہل خانہ اور محفوظ اور مضبوط زرہ والجمع اُسَرٌ اور اس کے معنے اس رسی کے بھی آتے ہیں جس سے قیدی کو باندھا جائے جس سے وہ محفوظ ہو جاتا ہے۔ ۲۵ الصمیمہ ای الخالصۃ۔ اور صمیم وہ ہڈی جس پر عضو کا مدار ہو۔ والصمیم من کل شئی ای خالص اور یہی معنے یہاں مراد ہے والصمیم من الحر اد البرد بمعنے سخت گرمی یا سردی اور یہ واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ یقال رجلٌ صمیمٌ ورجالٌ صمیمٌ اور اس کا مونث صمیمۃ ہے یقال ہو من صمیم القوم یعنی وہ قوم کا اصل ہے۔ ۲۶ سروج یہ ایک شہر کا نام ہے ۲۷ تربتی بالضم بمعنے مٹی و قبرستان والجمع تُرَبٌ یقال تربۃ الانسان یعنی انسان کی قبر اور یہاں اس سے مراد اس کے پیدا وار اس کے بڑھنے اور پلنے کی زمین مراد ہے ۲۸ فالبیت بمعنے گھر وجھونپڑا یقال بیت الرجل ای عیالہ اور یہاں اس سے کی عزت اور شرف کے لحاظ اور اس کا مشہور مکان مراد ہے۔ ۲۹ اشرافا یہ مصدر باب افعال سے ہے اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہے۔ بمعنے روشن ہونا اور عیب نہ ہونا یقال اشرقت الشمس یعنی آفتاب نکلا واشرق المکان دسورج کی چمک سے وہ روشن ہوا واشرق الرجل یعنی طلوع آفتاب کے وقت وہ داخل ہوا واشرقت الشمس المکان یعنی شمس نے مکان کو روشن کیا۔ اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال شرقت الشمس شرقا وشروقا طلعت واشرقت ای اضاءت نقیض غربت ۳۰ منزلۃ بمعنے اترنے کی جگہ وگھر و مرتبہ یقال لہ منزلۃ عند الامیر یعنی اس کو امیر کے پاس مرتبہ حاصل ہے ویقال وہو رفیع المنزلۃ یعنی وہ بلند مرتبہ والا ہے۔ اور یہی معنے یہاں مراد ہیں ۳۱ جسیمۃ بمعنے بلند و بڑا ہونا یقال جَسُمَ الشئی جسامۃً ای عظم وضخم فہو جُسامٌ وجسیم والجمع جسام از کرم۔

وَالرَّبْعُ کَالْفِرْدَوْسِ مَطِیْبَۃً وَ مَنْزَہَۃً وَقِیْمَہْ	دَا ھَا لْعَیْشُ کَا نَ لِیْ
فِیْھَا وَلَذَّاتٌ عَمِیْمَہْ اَیَّامَ اَسْحَبُ مُطْرَفِیْ	فِیْ رَاوْضِھَا مَاضِیَ الْعَزِیْمَہْ
اَخْتَالُ فِیْ بُرْدِ الشَّبَا وَاَجْتَلِی النِّعَمَ الْوَسِیْمَہْ	لَا اَتَّقِیْ نُوَبَ الزَّمَا
نِ وَلَاحَوَادِثَہُ الْمُلِیْمَہْ فَلَوْ اَنَّ کَرْبًا مُتْلِفٌ	لَتَلِفْتُ مِنْ کَرْبِی الْمُقِیْمَہْ

الترجمۃ والمطالب اور میرا مکان خوبی اور پاکیزگی اور تازگی اور قیمت کے فردوس (جنت) جیسا ہے اور میری زندگی (جو اس میں شہر سروج میں گذری تھی) اور تمام لذتیں عجیب کیا اچھی تھیں اور میں اس زمانے کو یاد کرتا ہوں جب کہ میں اس کے باغوں میں اپنی منقش چادریں زمین کے دامن پر پختہ ارادہ کے ساتھ کھینچتا ہوا چلتا تھا اور چادر (اور لباس) جوانی میں اٹھلاتا پھرتا تھا (یعنی ناز سے چلتا تھا)، اور میں اچھی اچھی نعمتوں کو دیکھتا تھا اور میں حوادثات زمانہ اور دردانگیز مصائب سے بالکل خوف زدہ نہ ہوتا تھا اگر یہ معلوم ہو جاتا کہ مصیبتیں ہلاک کرنے والی ہیں تو میں موجودہ غم (یا مصیبت دائمی) سے ہلاک ہو جاتا۔

تشریح لغات ۱ الربع بمعنے منزل و گھر و محلہ و لوگوں کی جماعت والجمع رباعٌ وربوعٌ واربُعٌ واربُعٌ دارٌ باعٌ یقال ربع بالمکان ربعًا ای اقام از فتح ومنہ المربع وہ مکان جو موسم ربیع میں بنایا جائے۔ ۲ الفردوس وہو البستان والجنۃ

فرادیس اور اس کے معنے یہ بھی آتے ہیں مطلق باغ یا وسط حصہ یا وسط جنت یا وہ باغ جس میں ہر قسم کے درخت ہوں اور اسی سے جنت الفردوس ہے جو سب سے اعلےٰ طبقہ ہے ۳؎ مطیَبۃ اصلہ طاب الشئ طِیبًا وطیبًا وطابًا وطیبۃً وتطیابًا ای لَذَّ وحَلا وحسن از ضرب منہ الطیّب وضدہ الخبیث کما فی التنزیل لیمیز اللہ الخبیث من الطیّب ۴؎ منزھۃ نزاہت سے بمعنے پاکیزگی یقال نزہ فلانٌ ونزہ نزاہۃً ونزاہیۃً ای تباعد عن المکروہ وصار عفیفًا ونزہ المکانُ ای صار نزیہًا از سمع وکرم ۵؎ وقیمۃ میں واو عطف کا ہے اور قیمۃ کے معنے قدر اور قیمت کے ہیں والجمع قیم ۶؎ واھًا یہ کلمہ تعجب کا ہے بمعنے احسنہ آہًا اور ایہًا میں کچھ تھوڑا سا فرق ہے۔ آہًا اُس وقت بولتے ہیں جبکہ وہ خود اپنے آپ بول کر تعجب کرے اور ایہا وہاں جہاں کہ یہ اپنے مقصود کا اظہار کرے تو دوسرے لوگ اس پر افسوس ظاہر کریں اور اس کے غم میں شریک حال ہوں ۷؎ عیش مصدر بمعنے زندگی جو حیوان کے ساتھ مخصوص ہو اور یہ حیات سے خاص ہے یقال عاش عَیشًا وعیشۃً ومعاشًا ومعیشًا ومعیشۃً ای صار ذا حیات اب اس کا استعمال زندگی میں عام طور سے ہوتا ہے ۸؎ لذات یہ لَذۃ کی جمع ہے بمعنے مزہ اور الم کی نقیض ہے یقال لَذَّ الشئ لذاذًا ولذاذۃً ای صار شہیًا از سمع ۹؎ عمیمہ عام سے ماخوذ ہے عام یعنی جو بہت ہو اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال عَمَّ الشئُ جبکہ وہ عام ہو وعَمَّ القومَ عَمًّا بالعطیۃ یعنی اس نے سب کو شامل کرلیا وعَمَّ المطرُ الارض جب کہ بارش ساری زمین کو عام ہو ۱۰؎ ایام یا تو اس کو مفعول مانئے تو اس کا فعل محذوف ہوگا یعنی اذکر ایام یا اس کو کان کی خبر کا ظرف بنایئے یا یہ یعیش کا ظرف ہے ۱۱؎ سحب از فتح سحب مصدر بمعنے کھینچنا یقال سحبہ سحبًا ای جرّہٗ علےٰ وجہ الارض ۱۲؎ مطرفی بکسر المیم وضم المیم وہ ریشمی چادر جس کے کنارے پر پھول ہوں یا منقش چادر والجمع مطارف ۱۳؎ روضہا یہ روضۃ کی جمع ہے بمعنے باغ اور اس سے مراد آزاد آدمی اور پختہ ارادہ والا ہے ۱۴؎ ماضی یہ مضاءٌ اور مُضُوٌّ سے مشتق ہے بمعنے مداومت کرنا اور جاری کرنا اور پورا کرنا یقال مضٰے یمضا علےٰ الامر ویمضو مضاءً ومضاءً ومُضُوًّا جبکہ وہ مداومت کرے او مضٰے علےٰ البیع جبکہ وہ بیع کو جائز رکھے از ضرب ونصر اور ۱۵؎ العزیمۃ میں الف ولام مضاف الیہ کے بدلہ میں ہے ای عزیمتی اور عزیمۃ یہ عزم سے مشتق ہے جس کے معنے ارادہ کے ہیں۔ اور اس کی جمع عزائمُ آتی ہے۔ اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال عزم الامر وعلیہ عزمًا وعُزمًا ومعزمًا وعزیمًا وعُزمۃً وعزیمۃ وعزمانًا جبکہ وہ پختہ ارادہ کرے وعزم الرجلُ جبکہ وہ کوشش کرے۔ وعزم فلاں علےٰ فلان جبکہ وہ قسم دے وعزم الراقی جبکہ وہ منتر پڑھے ۱۶؎ اختال۔ از افتعال اس کا مصدر اختیال ہے اور یہ خیال سے مشتق ہے بمعنے گمان کرنا اب یہ تکبر اور اکڑ کر چلنے کے معنے میں مستعمل ہونے لگا ہے یقال اختال اختیالًا جبکہ وہ تکبر کرے اور اکڑ کر چلے۔ ۱۷؎ برد بالضم دھاری دار کپڑا والجمع بُرودٌ وابرادٌ وابْرُدٌ یقال دفع بینہم فَدَ بُرُدٌ بمابینۃ یعنی یمنی چادریں ان کے درمیان بٹیں یعنی سب آپس میں جڑے ہوئے ۱۸؎ اجتلٰی از افتعال اس کا مصدر اجتلاء ہے۔ یقال اجتلی الشئ جبکہ وہ دیکھے ۱۹؎ النعم یہ نعمت کی جمع ہے بمعنے عمدہ حالت ای الحالۃ الحسنۃ بناءً ہا للحالۃ تطلق علےٰ القلیل والکثیر لانہا جنسٌ واصلہا نعم الرجل نعمۃً ومنعمًا ای رفہ عیشہ از فتح ونصر وکرم ۲۰؎ الوسیمہ بمعنے خوبصورت وعمدہ واچھے یقال وَسُمَ الغلامُ یوسم وسامًا ووسامۃً جبکہ وہ خوب صورت چہرے والا ہو ووسُمَ الوجہُ جبکہ وہ خوب صورت ہوا از کرم نوب ۲۱؎ یہ نوبۃٌ کی جمع ہے بمعنے حادثہ ومصیبت اور یہ ناب امرا وانتاب سے مشتق ہے ای اصابہ از نصر ۲۲؎ حوادثہ یہ حادثہ کی جمع ہے واصلہ حدث الامر وحدوثًا ای وقع بعد ما لم یکن از نصر وحُدث حداثۃً وحدوثًا بمعنے نیا ہونا ای عکس قدم از کرم ۲۳؎ الملیمہ از افعال بمعنے ملامت کرنے والے ای التی تاتی بما یلام علیہ یقال الام الرجلُ ای فعل ما یستحق علیہ الملامۃ واصلہ لامہ لومًا وملامًا وملامۃ فی کذا او علی کذا ای عذلہ از نصر ۲۴؎ کرب بمعنے شدید غم ومصیبت ودکھ درنج والجمع کُرُوبٌ وفی التنزیل فنجیناہ واھلہ من الکرب العظیم یقال کَرَبَہ الغم کربًا ای اشتد علیہ از نصر ۲۵؎ تلفت اس کا مصدر تلف ہے۔ بمعنے ہلاک ہونا یقال تلف تلفًا ای ہلک واتلفہٗ ای اہلکہ از سمع کُرَب ۲۶؎ یہ کُربۃٌ کی جمع ہے۔ بمعنے مشقت وتکلیف وغم ۲۷؎ المقیمۃ از افعال بمعنے ہمیشہ ودائمی یقال اقامہ وقامۃً جبکہ وہ کھڑا کرے۔ واقام المائلَ ادا المعوّج جبکہ سیدھا

کرے واقام الشی جبکہ وہ ہمیشہ رکھے واقام بالمکان جبکہ وہ وطن بنائے اور اقامت کرے ۔ واقام الحق جبکہ وہ حق ظاہر کرے واقام الصلوٰۃ جبکہ وہ کامل طریقہ سے ادا کرے واقام للصلوٰۃ جبکہ وہ اقامت کہے اقام السوق جبکہ وہ بازار لگائے اور اس کو رائج رکھے ۔

اَوْ يُفْتَدٰى عَيْشٌ مَضٰى
مِنْ عَيْشِهٖ عَيْشُ الْبَهِيْمَهْ
وَتَرَى السِّبَاعَ تَنُوْشُهَا
لَا شُؤْمُهَا لَمْ تَنْبُ شِيْمَهْ

لَفَدَتْهُ مُهْجَتِيَ الْكَرِيْمَهْ
تَقْتَادُهٗ بُرَةُ الصَّغَا
اَيْدِي الضِّبَاعِ الْمُسْتَضِيْمَهْ
وَلَوِ اسْتَقَامَتْ كَانَتِ الْ

فَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِّلْفَتٰى
رِ اِلَى الْعَظِيْمَةِ وَالْهَضِيْمَهْ
وَالذَّنْبُ لِلْاَيَّامِ لَوْ
اَحْوَالُ فِيْهَا مُسْتَقِيْمَهْ

الترجمۃ والمطالب

یا اگر گذشتہ عیش کا فدیہ دیا جا سکتا تو میں اپنی عزیز جان فدیہ کر دیتا کیونکہ شریف جوانمرد کے لیے چار پایوں کی سی زندگی سے موت بہتر ہے اس کو ذلت کی نکیل بڑے بڑے اور (ارادہ) شکن مصائب کی طرف کھینچے لیے جا رہی ہے ۔ تو دیکھتا ہے کہ درندوں کو مغلوب بجوؤں کے ہاتھ پکڑتے ہیں (کھسوٹے جاتے ہیں) یہ سراسر زمانہ کا قصور ہے کیونکہ اگر اس کی زمانہ بدبختی نہ ہوتی تو عادتیں مختلف نہ ہوتیں اور اگر زمانہ راست اور مستقیم ہوتا تو انسانوں کی حالتیں بھی مستقیم ہو جاتیں (درست ہو جاتیں)

تشریح لغات

۱ یفتدے از افتعال بمعنے فدیہ لیا جاتا یا فدیہ وصول کرنا یقال افتدے منہ بکذا ای تحاماہ وفی التنزیل لو یفتدے من عذاب یومئذ ببنیہ و یقال فدیت بمال و بنفسی فدیً و فداءً ای اطلقتہ واخذت فدیتہ وفی التنزیل وفدیناہ بذبح عظیم از ضرب ۲ مہجتی بمعنے روح و مال وخون وقلب کا خون والجمع مُہَج و مُہجاتٌ واصلہ مَہجَ مَہجاً ای حسن وجہہ از فتح ۔ ۳ فالموت یہ مصدر ہے بمعنے مرنا یہ حیات کی نقیض ہے اور یہ نصر سے آتا ہے یقال مات یموت اور خیر یہ شر کی نقیض ہے لقولہ تعالےٰ ونبلوکم بالشر والخیر فتنۃ ۔ ۵ للفتی بمعنے الشاب الحدث یعنی نوجوان والجمع فتیانٌ وفتیۃٌ وفتوۃٌ وفتوٌ وفتیٌ وفتیٌ یقال فتی یفتی ای کان فتےً از سمع ۔ ۶ البہیمۃ چوپائے اور جانور خواہ وہ خشکی کے ہوں یا آبی ہوں ۔ والجمع بہائم وفی التنزیل احلت لکم بہیمۃ الانعام الخ اور بہیمۃ کے یہ بھی معنے آتے ہیں ہر وہ جانور جس میں قوت گویائی نہ ہو ۔ ۷ تقتاد از افتعال اقتیاد مصدر بمعنے کھینچنا یقال اقتاد الدابۃ جبکہ وہ دابہ کو کھینچے ۔ ۸ برۃ بالضم بمعنے حلقہ و نکیل ای حلقۃ تجعل فی انف البعیر والجمع بُرًے و بُرات واصلہ بُرْوَ الناقۃ ای جعل فی انفہا البرۃ از نصر ۔ ۹ الصغار بفتح الصغار بمعنے ذلت وخواری یقال صَغُرَ یصغُرُ صُغراً وصغارۃ ای ذلّ از کرم ۔ ۱۰ العظیمۃ اس سے مراد بڑی مصیبت ہے ۔ ۱۱ الھضیمۃ بمعنے ظلم وغضب والجمع ہضائم یقال ہضم فلاناً ہضماً ای ظلمہ وغضبہ از ضرب وفی التنزیل فلا یخاف ظلماً ولا ہضماً ۔ ۱۲ السباع پھاڑنے والے جانور درندے والجمع سبع اور سبع کی جمع اسبُعٌ اور سبُوعٌ اور سبوعۃٌ آتی ہے ۔ اور اس کا مؤنث سبعۃٌ آتا ہے اور اس سے یہاں مراد کریم اور شریف لوگ ہیں ۔ ۱۳ تنوشہا از نصر بمعنے دانتوں سے نوچنا دکھانا یقال ناش الشیٔ نوشاً ای تناولہ ایدی یہ ید کی جمع ہے بمعنے ہتھیلی و ہاتھ ۔ ۱۵ الضباع یہ ضبُعٌ کی جمع ہے اور اس کی جمع اَضبُعٌ وضبُعٌ وضِبَعٌ وضبوعۃٌ وضبعاتٌ ومضبعۃٌ بمعنے بجو اور کفتار اور اس کی کنیت ام عامر ہے ۔ اور اس سے مراد لیم اور کمین ہیں ۔ ۱۶ المستضیمۃ یہ ضیم سے مشتق ہے اس میں س ت مبالغہ کے لیے ہے اس کے معنے زیادہ ظلم کے ہیں ۔ اور یہ ضرب سے آتا ہے ۔ ۱۷ الذنب بمعنے گناہ والجمع ذنوب وجمع الجمع ذنوبات وفی التنزیل فکلا اخذنا بذنبہ ۔ ۱۸ شؤمہا بمعنے نحوست ۔ وبد فالی ۔ وبد شگونی یقال شؤم شآمۃً علیہم ای صار شؤماً علیہم از کرم ۔ ۱۹ لم تنب از نصر یقال نبا الطبع عن الشیٔ ای نفر عنہ ولم یقبلہ والمصدر نبوٌ نبوۃٌ ونبوٌّ ونبیٌّ بمعنے ناموافق ہونا ۔ ۲۰ شیمہ بمعنے اچھی عادات والجمع شیمٌ ۔ ۲۱ الاحوال یہ حال کی جمع ہے ۔ بمعنے کیفیت وحالت وہیئت اور حالت کی جمع حالات آتی ہے ویقال

حالات الامر یعنی زمانہ کی گردشیں۔

ثُمَّ اِنَّ خَبَرَہٗ نَمَا اِلَی الْوَالِیْ۔ فَمَلَأَ فَاہُ بِاللَّآلِیْ۔ وَسَامَہٗ اَنْ یَّنْضَوِیَ اِلٰی اَحْشَائِہٖ وَیَلِیَ دِیْوَانَ اِنْشَائِہٖ۔ فَاَحْسَبَہُ الْحِبَآءُ۔ وَظَلَفَہٗ عَنِ الْوِلَایَۃِ الْاِبَآءُ۔ (قَالَ الرَّاوِیْ) وَکُنْتُ عَرَفْتُ عُوْدَ شَجَرَتِہٖ۔ قَبْلَ اِیْنَاعِ ثَمَرَتِہٖ۔ وَکِدْتُ اُنَبِّہُ عَلٰی عُلُوِّ قَدْرِہٖ۔ قَبْلَ اِسْتِنَارَۃِ بَدْرِہٖ۔

الترجمۃ والمطالب جب اس کی خبر حاکم کو پہونچی تو اس نے بوڑھے کا منہ موتیوں سے بھرا اور اس کو مجبور کیا کہ وہ ملازمین کے گروہ میں مل جائے اور اس کے دارالانشاء (یعنی ادارۂ تحریر) کا میر منشی ہو جائے مگر بوڑھے کو یہ بخشش کافی ہو گئی۔ (اس کو عطا کافی ہو گئی) اور اس کے انکار نے اس کو سرداری حکومت یعنی میر منشی) بننے سے اس کو روک دیا (راوی کہتا ہے) کہ میں اس کے شجر کی شاخ کو (اس کے پھل کے پکنے) بارآور ہونے سے پہلے ہی پہچان چکا تھا اور قریب تھا کہ اس کے پورے چاند کے روشن ہونے سے پہلے (لوگوں کو) اس کے علو قدر سے متنبہ کر دوں۔

تشریح لغات لہ خبرہ کسی چیز کو جاننا یقال خبرتہٗ خبراً و خبرۃً واخبرتہ ای اعلمتہ بما حصل لی من الخبر وقیل الخبرۃ المعرفۃ ببواطن الامور منہ قولہ تعالٰی واللہ خبیر بما تعملون ۲ہ نما از نصر یقال نما الحدیث الے فلان نمواً ای رفعہ واسندہ فنما ای ارتفع اور یہ واوی اور یائی دونوں طرح مستعمل ہے۔ اور یائی ضرب سے آتا ہے ۳ہ الوالی بمعنے حاکم والجمع ولاۃٌ ۴ہ فملأ از فتح بمعنی بھرنا یقال ملأ الاناء ماءً وبالماء ومن الماء ملأً وملاءۃً ای وضع فیہ ماءً ۵ہ فاہ بمعنی منہ والجمع افواہ وفی التنزیل ذلکم قولکم بافواہکم واصلہ فاہ بکذا فوہاً ای نطق بہ از نصر ۶ہ باللآلی یہ لؤلؤ کی جمع ہے بمعنے موتی اور لؤلؤ یہ لؤلؤۃ کی جمع ہے وفی التنزیل یخرج منہما اللؤلؤ والمرجان ۷ہ سامہ از نصر اس کا مصدر سوم ہے بمعنے تکلیف دینا یقال سامہ الامرَ کلفہ ۸ہ ینضوی از انفعال بمعنے شامل ہوا اور ملے یقال انضوے الیہ ای ضمّ ولجأ بہ اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال ضوا الیہ ضیاً وضوِیّاً ای ضمّ ولجا ۹ہ احشائہ قال فی القاموس الحشا ما فی البطن والحشیٰ ما دون الحجاب مما فی البطن من کبد وطحال وغیرہ او ما بین ضلع الخلف (ای الصدر) التی فی آخر الجنب الی الورک او ظاہر البطن ویقال آتانی حشاہ ای فی کنفہ وناحیتہ وقال فی المنجد والصراح والقاموس جمع الحشا احشاءٌ ۱۰ہ یلی از ضرب بمعنے والی ہونا ۱۱ہ فاحسبہ حسبان سے ماخوذ ہے یا حسب سے بمعنے کافی ہونا یقال احسب فلانٌ ای اذا قال حسبی حسبی (ای کفانی) ۱۲ہ الحباء بمعنے عطاء کافی ہونا اور یہ واوی ہے۔ واصلہ حباہ بکذا حبواً ای اعطاہ ایاہ وحباہ عن کذا ای منعہ از نصر ۱۳ہ ظلفہ ظَلَفَ مصدر بمعنے روکنا از ضرب یقال ظلفت نفسہ عن الشئ ظَلَفاً ای کفہ عنہ ۱۴ہ الاباء بمعنے روکنا وہو فی الاصل شدۃ الامتناع فکل اباءٍ امتناعٌ ولا عکس ویطلق الاباء بمعنے الاباء عن الذل ای خودداری ۱۵ہ عود۔ بالضم بمعنے لکڑی اور کٹی ہوئی ٹہنی اور ایک قسم کی خوشبو کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے اور زبان کی جڑ کی ہڈی اور سارنگی والجمع عیدانٌ واعوادٌ ۱۶ہ شجرتہ واعلم ان الشجرۃ من النبات مالہ ساق والجمع شَجَرٌ وجمع الجمع اشجار والنجم مالیس لہ ساق وفی التنزیل والنجم والشجر یسجدان ۱۷ہ ایناع از افعال بمعنے پھل نکلنا اور یہ ینع سے مشتق ہے یقال ینعت الثمرۃ ینعاً ویُنعاً وایبعت وہی یانعۃٌ وموتنعۃ، قال تعالٰی انظروا الی ثمرہ اذا اثمر وینعہ وقرأ ابن اسحاق وینُعہ وہو جمع یانعٌ وہو المدرک ای الیانع از فتح ۱۸ہ ثمرتہ۔ بمعنے پھل یہ واحد ہے اور اس کی جمع ثمار آتی ہے اور جمع الجمع اثمار اور ایناع ثمرتہ سے کنایہ تعظیم سے ہے ۱۹ہ انبہ از تفعیل مصدر تنبیہ بمعنے خبردار ہونا یقال نبّہ فلاناً علے الامر اوالے الامر ای وافقہ علیہ ونبّہ الامر نبہاً ای فطن لہ از سمع ۲۰ہ علو بمعنے بلندی اور یہ سفل کی ضد

ہے۔ ۱۲؎ استنارۃ اس میں س اور ت مبالغہ کے لیے ہے بمعنی روشن ہونا ۱۳؎ بدر ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند وطبق وا لجمع بدور۔

فَاَوْحٰی اِلَیَّ بِاِيْمَاضِ جَفْنِهٖ۔ اَنْ لَّا اُجَرِّدَ عَضْبَهٗ مِنْ جَفْنِهٖ۔ فَلَمَّا خَرَجَ بَطِيْنَ الْخُرْجِ۔ وَفَصَلَ فَائِزًا بِالْفَلْجِ شَيَّعْتُهٗ قَاضِيًا حَقَّ الرِّعَايَةِ۔ وَلَاحَيْتُهٗ عَلٰی رَفْضِ الْوِلَايَةِ۔ فَاَعْرَضَ مُتَبَسِّمًا۔ وَاَنْشَدَ مُتَرَنِّمًا۔

لَجَوْبُ الْبِلَادِ مَعَ الْمَتْرَبَهْ	اَحَبُّ اِلَیَّ مِنَ الْمَرْتَبَهْ	لِاَنَّ الْوُلَاةَ لَهُمْ نَبْوَةٌ
وَمَعْتَبَةٌ يَا لَهَا مَعْتَبَهْ	وَمَا فِيْهِمْ مَنْ يَرُبُّ الصَّنِيْعَ	وَلَا مَنْ يُشَيِّدُ مَا رَتَّبَهْ

الترجمة والمطالب

مگر اُس نے مجھے آنکھ کا اشارہ کر دیا کہ اس نے تلوار کو نیام سے نہ نکالوں پس جب وہ اپنی خرجین بھر کر چلا اور فتح مندی (کامیابی) کے ساتھ لوگوں سے وہ جدا ہوا تو میں حق رعائیت ادا کرتے اور حکومت دیوان کے چھوڑنے پر اس کو ملامت کرتے ہوئے چند قدم اس کے ہمراہ گیا اس پر اس نے ہنس کر منہ پھیر لیا۔ اور نغمہ میں یہ شعر پڑھنے لگا۔ فقیر بن کر مجھے شہر در شہر پھرنا مرتبہ اور منزلت سے کہیں زیادہ محبوب ہے کیونکہ حاکموں کے لیے استقلال اور ثبات نہیں بلکہ ایک عتاب ہے اور کس قدر عظیم عتاب ہے ای لوگوں تم تعجب کرو اُن میں کوئی ایسا آدمی نہیں جو احسان کی اصلاح اور اپنے مرتب کردہ چیز کو مضبوط و مستحکم کرے۔

تشریح لغات

۱؎ فاوحے ماضی کا صیغہ از افعال بمعنے اشارہ کرنا یقال وحے الیہ وحیا اوحے الیہ ای اشار از ضرب واصل الوحی الاشارۃ الشریعۃ وفی التنزیل فاوحے الیہم ان سبحوا بکرۃ وعشیا ۲؎ بایماض مصدر از افعال بمعنے نہایت خفیہ اشارہ کرنا۔ یقال اومض الرجلُ جبکہ وہ رمز سے اشارہ کرے ۳؎ جفنہ یہ آنکھ کے پردے کے معنے میں ہے اور دوسرا تلوار کے نیام کے اور دونوں کی جمع اجفانٌ اور جفونٌ اور اجفنٌ آتی ہے اور جفنۃٌ کے معنے پیالہ کے بھی آتے ہیں اور اس کی جمع جفانٌ اور جفنات آتی ہے وفی التنزیل وجفان کالجواب یقال جفنَ الناقۃ جفنًا ای نحرَ ہا واطعم لحمہا فی الجفان از نصر ۴؎ اجرد از تفعیل بمعنے نکالنا یقال جرّد السیفُ جرْدًا وجرّدا ای سلّہ از نصر ۵؎ عضبہ بمعنے تلوار قاطع یقال عضبہ عضبًا ای قطعہ از ضرب ۶؎ خرج۔ خرج نقیض دخل یعنی وہ نکلا یقال خرج خروجًا ای برز من مقرہ او حالہ سواء کان مقرہ دارًا او بلدًا او ثوبا وسواء کان حالۃ حالۃً فی نفسہ او فی اسبابہ الخارجۃ والاخراج اکثر ما یقال فی الاعیان نحو کما اخرجک ربک من بیتک بالحق ویقال فی التکوین الذی ہو من فعل اللہ تعالیٰ واللہ اخرجکم من بطون امہاتکم فاخرجنا بہ ازواجًا من نبات شتے والتخریج اکثر ما یقال فی العلوم والصناعات۔ ۷؎ بطین بمعنے بھرا ہوا بطن کے معنے بڑے پیٹ کے ہیں اور مبطون جو پیٹ کا مارا گیا ہو یعنی اس کو ہیضہ ہو جائے یا دست آنے لگیں اور بطین جو بڑے پیٹ کا ہوا اور مبطان وہ پیٹ جو زیادہ کھانے کی وجہ سے بڑا ہو گیا ہو اور مبطن وہ پیٹ جو کہ دبلا ہو ۸؎ الخرج بمعنے خرجین کاٹھی کا تھیلہ اور گدھے کے اوپر جو بوجھ لادا جائے اس کا پلہ آدھا ادھر گرے اور آدھا ادھر اور سامان کی بوری وہو دعاء معروف یوضع علے ظہر الدابۃ وآلات المسافر والجمع خرجۃٌ مثل عنبۃٌ ۹؎ فصل مصدر بمعنے جدا ہونا یقال فصل من المکان فصولًا ای خرج منہ از نصر ۱۰؎ فائزا یہ فوز سے ہے بمعنے کامیاب ہونا یقال فاز بالامر فوزًا ای ظفر بہ وفاز من المکروہ ای اسلم ونجا از نصر وقال الراغب الفوز الظفر بالخیر مع حصول السلامۃ وفی التنزیل اولئک ہم الفائزون ۱۱؎ بالفلج بالضم بمعنے کامیابی وفتح مندی ای الفوز والظفر یقال فلج الرجل فلجًا وفلوجًا وافلج ای ظفر بما یطلب از نصر وضرب اور فلج بالکسر کے معنے آدھے

اور قلح مصدر بالفتح بمعنے فدبس یا دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا و بمعنے صبح وندی ؁۱۲ شیعتہ۔ از تفعیل اس کا مصدر تشیع ہے بمعنے رخصت کرتے یا مکان تک پہنچانے کے لیے ہمراہ جانا یقال شیّع الشئ جبکہ کسی چیز کو بھیجے۔ اور اس کے پیچھے جائے ؁۱۳ قاضیا از ضرب اس کا مصدر قضاءٌ ہے بمعنے ادا کرنا و پورا کرنا یقال قضے حاجتہ جبکہ وہ اس کو پورا کرے اور فارغ ہو وقضیٰ وَطرہٗ جبکہ وہ مراد کو پہو نچے وقضی الدین جبکہ وہ قرض کو ادا کرے وقضیٰ الصلوٰۃ جبکہ وہ نماز ادا کرے۔ وقضے الامر الیہ جبکہ وہ پہنچائے وقضے العہد جبکہ وہ نافذ کرے وقضے علیہ عہداً جبکہ وہ وصیت کرے وقضے اَجَلَہٗ ونَحبَہٗ جبکہ وہ مرے ؁۱۴ حق مصدر بمعنے سچائی وراستی یقین وانصاف وثابت شدہ حصہ ومال اور ملک وہوشیاری وفیصل شدہ معاملہ۔ وموت الجمع حقوق اور کہا جاتا ہے ہو حق بکذا یعنی وہ اس کے لائق ہے۔ ؁۱۵ لاحیا اور اس کے اصلی معنے درخت کی چھال چھیلنے کے ہیں۔ یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر آتا ہے بمعنے عیب لگانا اور گالی دینا اور برُا بھلا کہنا یقال لحافلا لحوًا ولحے فلانا لحیًا ای عابہ وسَبّہٗ از نصر۔ ؁۱۶ رفض یہ مصدر ہے از ضرب ونصر بمعنے چھوڑنا یقال رفضہ رفضًا ای ترکہ ؁۱۷ فاعرض از افعال اس کا مصدر اعراض ہے بمعنے اعراض کرنا اور منہ پھیر لینا یقال اعرض عنہ جبکہ وہ روگردانی کرے۔ واعرض المسألۃ جبکہ وہ لمبا چوڑا سوال کرے واعرض فی المکارم جبکہ وہ بہت فیاض ہو واعرض الأمر جبکہ ظاہر ہو تبسما از تفعیل اس کا مصدر تبسم ہے بمعنے ہنسنا اعلم ان اوّل مراتب الضحک التبسم ثم الاہلاس وہو افضاء ثم الافترار والاکفلال وہما الضحک الحسن ثم الکتکتۃ اشد منہا ثم القہقہۃ ثم القرقرۃ ثم الکرکرۃ ثم الاستغراب ثم الطخطخۃ وہی ان یقول طخ طخ ثم الاہتراق والازحزحنۃ وہی ان یذھب الضحک بہ کل مذہب۔ ؁۱۹ متزنما ترنم مصدر از باب تفعل بمعنے گانا وگیت گانا ویقال ترنم ورتم رنمًا اے غنّے غناءً حسنا از سمع ؁۲۰ لجوب جوب مصدر بمعنے قطع کرنا اس میں لام تاکید کا ہے یقال جاب البلاد ای قطعہا بسیرا وجاب الصخرۃ ای خرقہا از نصر وفی التنزیل جابوا الصخر ؁۲۱ البلاد یہ بلدۃ کی جمع ہے بمعنے شہر اور اس کی جمع بُلدان بھی آتی ہے وفی التنزیل لااقسم بہذا البلد یقال بَلَدَ بالمکان بلودًا ای اقام بہ او اتخذہ بلدا از نصر ؁۲۲ المتربۃ یہ تراب سے مشتق ہے بمعنے فقر وفاقہ یقال مسکین ذومتربۃ یعنی خاک آلودہ مسکین وفی التنزیل مسکینا ذامتربۃ ؁۲۳ المرتبۃ بمعنے بلند جگہ والجمع مراتب واصلہ رتب الشئ رَتبًا ورُتوبًا ای ثبت ولم یتحرک ورتبہٗ ای ثبتہ وجعلہ فی مرتبۃ از نصر ؁۲۴ الولاۃ یہ والی کی جمع ہے جیسے قضاۃ قاضی کی جمع اور جیسے داعی دعاۃ کی جمع بمعنے حاکم شہر ؁۲۵ نبوۃ مصدر ہے یہ ماخوذ ہے نبا المکان سے بمعنے ناموافق ہونے کے یا یہ نبا السیف نبوۃً ونبوًا سے ماخوذ ہے بمعنے تلوار کا اچٹ جانا اور یہ نصر سے آتا ہے ؁۲۶ معتبۃ بمعنے غصہ وعتاب اور یہ عتاب سے ماخوذ ہے یقال عتبہ عتبا۔ عُتبانًا ومَعتبًا ومَعتبۃً ای لامہ از نصر ؁۲۷ اور یالہا معتبۃ میں یا حرف ندا کا ہے۔ اور اس میں لام تعجب کا ہے اور ہا ضمیر یہ معتبہ کی طرف راجع اور اس کے معنے یہ ہیں۔ یہم معتبہ ای معتبۃ اور یا اس کی تقدیر یہ ہے یا قوم تعجبوا لہذہ المعتبۃ ؁۲۸ برّب از نصر اس کا مصدر رب ہے، بمعنے پالنا یقال رَبَّ النعمۃ رَبًّا ای زادہا از نصر واعلم ان الربّ انشاء الشئ حالاً فحالاً الے حد التمام یقال ربّہٗ وربّاہ فالرب مصدر یستعمل للفاعل ولا یقال مطلقا الا للہ تعالے بالاضافۃ یقال لہ تعالے ولغیرہ یقال ربّ الدار والفرس لصاحبہما وعلے ذلک قولہ تعالے واذکرنی عند ربک فانساہ الشیطن ذکر ربہ۔ ؁۲۹ الصنیع بمعنے احسان یا یہ مفعول کے معنے میں ہے احسان کیا گیا۔ یقال صنع الیہ معروفًا صنعًا وصنعًا ای احسن الیہ از فتح ؁۳۰ لشید از باب تفعیل یقال شاد البناء شیدًا وشیّدہ ای رفعہ وشاد الحائط ای طلاہ بالشید از ضرب وفی التنزیل وقصر مشید اے مبنے بالشید وفی التنزیل وبروج مشیدہ ؁۳۱ رتبہ از تفعیل اس کا مصدر ترتیب ہے یقال رتّبتہٗ یعنی جبکہ وہ ثابت کرے اور اس کو مرتبہ کے لحاظ سے رکھے۔

فَلَا یَخْدَعَنْکَ لَمُوْعُ السَّرَابِ	وَلَا تَأْتِ اَمْرًا اِذَا مَا اشْتَبَہٗ
فَکَمْ حَالِمٍ سَرَّہٗ حُلْمُہٗ	وَاَدْرَکَہُ الرَّوْعُ لَمَّا انْتَبَہٗ

اَلْمَقَامَةُ السَّابِعَةُ الْبَرْقَعِيْدِيَّةُ

حَکَی الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ ـ قَالَ اَزْمَعْتُ الشُّخُوْصَ مِنْ بَرْقَعِیْدَ ـ وَقَدْ شِمْتُ بَرْقَ عِیْدٍ ـ فَکَرِهْتُ الرِّحْلَةَ عَنْ تِلْکَ الْمَدِیْنَةِ ـ اَوْ اَشْهَدَ بِهَا یَوْمَ الزِّیْنَةِ ـ

الترجمة والمطالب لہذا توریت کی چمک کے دہوکے میں نہ آجانا اور ہرگز (کبھی) توکسی پر مشتبہ کام کو نہ کرنا۔ کیونکہ بہت سے خواب دیکھنے والوں کو ان کی خواب نے خوش کیا ہے مگر وہ جب جاگے ہیں تو ان کو خوف اور ڈر لاحق ہو گیا ہے۔

(ساتواں مقامہ برقعیدیہ ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں نے برقعید سے کوچ کرنے کا ارادہ کیا ہی تھا کہ میں نے عید کا چاند دیکھا میں نے یہ خیال کیا کہ مجھے عید کے دن اس جگہ موجود رہنا چاہیئے میں نے وہاں سے اپنا کوچ کرنا (جانا) مناسب نہ جانا۔

تشریح لغات ؎ فلا یخدعنک بمعنے لا یغرنک یہ خدع سے مشتق ہے بمعنے دہوکہ دینا یقال خدعہ خدعًا وخدعًا ای قتلہ والحق بہ المکروہ من جہث لا یعلمہ از فتح ؎ لموع یہ مصدر ہے بمعنے چمک یقال لمع البرقُ لمعًا ولموعًا ولمعانًا و لمیعًا وتلماعًا ای اضاء از فتح۔ ؎ السراب بالفتح وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے جھوٹ اور مکر وفریب کے لیے اس سے مثال دیجاتی ہے یقال ہو اخدعُ من السَّراب یعنی وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔ ؎ اشتبہ از افتعال یقال اشتبہ فی الامر یعنی صحیح ہونے میں شک کرنا واشتبہ الامر علیہ جب کہ پوشیدہ اور مشتبہ ہو اور ایک دوسرے کے مشابہ ہونے کے بھی معنے آتے ہیں یہاں پر معنے مشتبہ ہونے کے ہیں ؎ حالم بمعنے خواب دیکھنے والا از نصر یقال حلم الرجل حُلُمًا وحُلْمًا وحلم بالشیٔ حُلُمًا وحُلْمًا ای اذاراہ فی المنام فہو حالم حلم بالضم وہو ما یراہ النائم فی المنام۔ (خواب) والجمع احلامٌ وسمی الحلم حُلمًا لکون صاحبہ جدیرًا بالحلم والانارۃ۔ ؎ ادرکہ از افعال یقال ادرکہ الشیٔ ای الحقہ وفی التنزیل حتیٰ اذا ادرکہ الغرق۔ ؎ الروع بمعنے گھبراہٹ وڈر یقال راع منہ روعًا ای فزع از نصر۔ ؎ انتبہ از باب افتعال یقال انتبہ زید جبکہ وہ بیدار ہو اور یہ مشتق ہے نبّہ تنبّہًا من نومہ جبکہ وہ نیند سے بیدار ہو از سمع (المقامۃ السابعۃ البرقعیدیۃ) برقعید بلد بینہ وبین الموصل عشرون فرسخا۔ ؎ ازمعت از باب افعال یقال ازمع الامر علیہ وبہ ای ثبت علیہ واظہر فیہ عزمًا وکذا زمّع اما المجرد فیقال زمع الارنب ازمعًا وزمعانًا ای اسرع وایضًا مشے بطیئًا از فتح وزمع من سمع معناہ دہش۔ وجزع۔ ؎ الشخوص بمعنے کوچ کرنا یقال شخص من البلاد شخوصًا ای ذہب وارتحل وشخص بصرہ ای ارتفع از فتح ؎ شمت۔ از ضرب یقال شام البرق شیمًا ای نظر الیہ این تنجُّہ ؎ برق عید اعلم ان بین قولہ برق عید وبرقعید جناس الترکیب وہو ان یکون احد المتجانسین مرکبا والاخر مفردًا ثم اللفظان المجانسان ان اتفقا فی الحظ خص باسم المتشابہ کما فی قول الشاعر ؎ اذا ملک لم یکن ذاھبۃ فدعہ فدولتہ ذاہبۃ۔ والاسمی مفروقا کما فی قولہ کلکم قد اخذ الجام ولا جام لنا۔ ما الذی ضر مدیر الجام لو جاملنا۔ بین قولہ جاملنا وجام لنا جناس الترکیب المفروق فکذلک بین برقعید وبرق عید جناس الترکیب المفروق ثم اعلم ان ذلک اذا لم یکن اللفظ المرکب مرکبا من کلمتہ والاخص باسم المرفوع کقولہ ہذا مصائب ام طعم صاب۔ مصاب کلمتہ مستقلۃ ومصاب آخر مرکب من لیم طعم وصاب عبد سمی العید عیدًا لانہ یعود

کل سنۃ بفرح جدید واصلہ عوُدٌ والجمع اعیادٌ ۳؎ فکرہت بیقال کرہ الشئی کرہاً وکرُہاً وکراھۃً وکراھیۃً ای نقیض احبّہ مکروہ سمجھنا وناپسند کرنا از سمع ۴؎ المدینۃ والجمع مدائن واصلہ مدن بالمکان مدناً ای اقام ومدن المدینۃ ای اتاہا از نصر مدینہ کی میم میں اختلاف ہے۔ ایا یہ اصلی ہے یا زائد بعض نے تو کہا کہ میم زائد ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اس میں (ی) زائد ہے واللہ اعلم مدنی جبکہ نسبت یثرب یعنی مدینہ کی طرف ہو اور مدائن بغداد کے قریب ایک شہر کا نام ہے جس میں کسریٰ (یعنی نوشیرواں کا محل تھا بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کے وقت مدائنی بولتے ہیں۔ اور مدینی یہ بغداد کی طرف منسوب کر کے بولتے ہیں کیونکہ مدینۃ السلام یہ بغداد کا نام ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم افتخار علی عفرلہ ۵؎ اواشہد بمعنے ای ان یا الآن اشہد ای احضر یقال شہد المجلس شہوداً ای احضرہ وشہد لفلان اوعلی فلان عند الحاکم شہادۃً ای ادّی ماعندہ من الشہادۃ وشہد اللہ ای علم وتبین وشہد فلان بکذا ای حلف وباب الکل از سمع ۶؎ یوم الزینۃ یعنی زینت کا دن اس سے عید مراد ہے اس واسطے کہ لوگ اس دن بناؤ سنگار کرتے ہیں اور اچھے اچھے کپڑے پہنتے ہیں۔

فَلَمَّا اَظَلَّ بِفَرْضِہٖ وَنَفْلِہٖ۔ وَاَجْلَبَ بِخَیْلِہٖ وَرَجْلِہٖ۔ اِتَّبَعْتُ السُّنَّۃَ فِیْ لُبْسِ الْجَدِیْدِ۔ وَبَرَزْتُ مَعَ مَنْ بَرَزَ لِلتَّعْیِیْدِ۔ وَحِیْنَ الْتَأَمَ جَمْعُ الْمُصَلّٰی وَانْتَظَمَ۔ وَاَخَذَ الزِّحَامُ بِالْکَظَمِ۔ طَلَعَ شَیْخٌ فِیْ شَمْلَتَیْنِ۔ مَحْجُوْبُ الْمُقْلَتَیْنِ۔ وَقَدِ اعْتَضَدَ شِبْہَ الْمِخْلَاۃِ۔ وَاسْتَقَادَ لِعَجُوْزٍ کَالسِّعْلَاۃِ۔

الترجمۃ والمطالب

پس جبکہ عید اپنے فرائض اور نوافل کے ساتھ قریب آئی دیا اس نے سایہ ڈالا) اور وہ اپنے سواروں اور پیدلوں کو کھینچ لائی تو میں نے نیا لباس پہنتے وقت سُنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کی اور میں عیدگاہ جانے والوں کے ساتھ (گھر) سے نکلا جس وقت جماعت عیدگاہ میں جمع ہوگئی اور صفیں بندھ گئیں اور ازدہام کی وجہ سے سانس رکنے لگے تو ایک بوڑھا آنکھیں بند کئے ہوئے دو چادریں (یا کمبل) میں لپٹا ہوا آیا اور اس کے بازو پر ایک توبرا (جھولی) پڑی تھی اور ایک چڑیل (بھوتنی) جیسی بوڑھیا رہبری کر رہی تھی۔

تشریح لغات

۱؎ اظل ازباب افعال اس کا مصدر اظلال ہے بمعنے قریب ہونا وسایہ ڈالنا۔ ۲؎ بفرضہ الفرض ما اوجبہ اللہ علی عبادہ والجمع فروضٌ وفرائضُ یقال فرض اللہ علیہم الاحکام فرضاً ای اوجب علیہم از ضرب یہاں یہ فرض سے مراد صدقۃ الفطر ہے ۳؎ نفلہ نفل وہ عبادت جو فرض اور واجب نہ ہو از نصر یقال نفل الرجل یعنی اس کو بلا معاوضہ کے عطا کیا وتنفل یعنی اس نے نفل نماز پڑھی اور نفل سے مراد عید کی نماز ہے اس لیے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک سنت ہے اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک واجب ہے۔ اور اس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ ساتویں مقامہ کا مصنف مقلد شافعی ہے ۴؎ اجلب ای جمع اور یہ جلب سے مشتق ہے جس کے معنی اکٹھا کرنے کے آتے ہیں۔ سمع سے اور نصر سے آتا ہے اس کے معنی گناہ کرنے کے بھی آتے ہیں یقال جلب علیہ جلباً یعنی اس نے گناہ کیا۔ واجلب علی الفرس اس نے چلا کر آگے بڑھنے میں اسے اُکسایا۔ واجلب الدم بمعنی خشک ہونا واجلب القوم شور وغوغا کرنا اور ضرب اور نصر سے اس کے معنی ہانک کر لانے کے آتے ہیں یقال جلبہ جلباً وجلباً جبکہ وہ ہانک کر لائے اور یہی معنے یہاں مراد ہیں ۵؎ بخیلہ مصدر گھوڑوں کا گروہ والجمع خیولٌ واخیالٌ اور اس کا مجازاً اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے یقال اتی بخیلہ ورجلہ یعنی وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا ۶؎ رجلہ بفتح الراء وسکون الجیم یہ راجل کی جمع ہے اور یہ فارس کی ضد ہے جو اپنے پاؤں پر چلے یقال جاءت الخیالۃ والرجالۃ یعنی سوار وپیادے

سب آتے [8] السنۃ والجمع سُنَنٌ وفی التنزیل سنۃ اللہ التی قد خلت واصلہ سَنَّ السنۃ سَنًّا ای وضعہا از نصر اور سنت کے معنے خصلت و طریقہ و طبیعت وشریعت وچہرہ اور اس کے معنی دائرہ کے آتے ہیں اور یہاں اس سے مراد حدیثِ رسول کی اقتدا مراد ہے [9] لبس بالضم بمعنی پہننا مصدر از سمع یقال لبس الثوبَ لُبسًا جبکہ وہ کپڑا پہنے۔ [10] الجدید۔ یہاں موصوف کو حذف کر کے صفت کو اس کے قائم مقام کر دیا ہے۔ ای فی لبس ثوب الجدید اور جدید کی جمع جُدُدٌ آتی ہے۔ اور یہ قدیم کی ضد ہے بمعنی نیا واصلہ جَدَّ الثوبُ جِدَّۃً ای صار جدیدًا از ضرب۔ وفی التنزیل بل ہم فی لبس من خلق جدید [11] برزت از نصر یقال برز بروزًا ای خرج للتعبید ای لصلوۃ العید اور [12] تعبید یہ باب تفعیل کا مصدر ہے بمعنی عید کی رسوم منانا اور عید میں داخل ہونا [13] التأم از افتعال بمعنی درست ہو اور متفق ہوا یقال التأم الشیئان اذا اتفق الشیئان والتأم القوم جبکہ قوم جمع ہو واصلہ لام الشئ لأمًا ای جمعہ ومنہ التأم المجلس جبکہ مجلس بھر جائے اور اس کے معنی زخم کے بھرنے کے بھی آتے ہیں۔ اور یہ مہموز العین ہے۔ از فتح [14] المصلی یہ اسم ظرف ہے بمعنی نماز پڑھنے کی جگہ یعنی عیدگاہ از تفعیل [15] انتظم از افتعال یقال انتظم اللؤلؤ ونحوہ وتنظم وتناظم جبکہ وہ موتی کو پروئے اور ترتیب وار ہوں وانتظم الامر جبکہ کام درست ہو وانتظم الصید جبکہ وہ شکار کو چھید کر کے پار کرے۔ [16] الزحام بمعنی ازدہام بھیڑ و مجمع کثیر یقال زحمہ وزحمًا وزحامًا ای ضیا یقہ از فتح [17] بالکظم مجمع میں دم گھٹنے لگا اور مجمع میں پہنچ جانا اور مجمع میں پہنچ جانا اور مجمع میں غصہ کا ضبط کرنا اور اصل میں اس کے معنی سانس کی نالی کے آتے ہیں اور یہاں اس سے مراد مجلس کا بھر جانا ہے منہ والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس والجمع اکظام وکظام ویقال اخذ بکظمہ یعنی اس کو غم میں مبتلا کر دیا۔ وفی التنزیل اذ نادی وہو مکظوم [18] فی شملتین فی معنی میں بمعنی کے ہے یا مع کے معنی میں شملتین یہ شملۃ کا تثنیہ ہے۔ بمعنی کمبل جوڑا و بڑی چادر والجمع شملاتٌ از سمع واصلہ شملہ شملًا وشمولًا ای غطاہ بالشملۃ از نقّر مجوب ای مستور واصلہ حجب حجبًا وحجابًا ای ستر و منع از نصر [19] المقلتین اس کا واحد مقلۃ ہے بمعنی آنکھ کی چربی و آنکھ کی سفیدی و سیاہی اور اس کے معنی خود آنکھ کے بھی آتے ہیں۔ والجمع مقل یقال مقل فلان مقلًا ای نظر الیہ از نصر [20] اعتقد از باب افتعال بمعنی بغل میں لینا یقال اعتقدہ جبکہ وہ بغل میں لے و اعتقد بہ جبکہ وہ مدد مانگے اور مضبوط ہو [21] شبہ بمعنی مانند و مثل والجمع اشباہٌ [22] المخلاۃ بالکسر بمعنی توبرہ جس میں دانہ وگھاس بھر کر یا تور کے گلے میں ڈالیں۔ اور وہ لٹکتا ہے اور اس کی جمع مخال آتی ہے [23] استقاد از باب استفعال اور یہ قود سے ماخوذ ہے بمعنی کھینچا از نصر یقال استقاد یعنی وہ ذلیل ہوا اور عاجزی کرنا و استقاد لہ، جبکہ وہ فرمانبردار ہو اور تابعدار ہو۔ و استقاد الامیر جبکہ مقتول کا قصاص لینے کی وہ درخواست کرے [24] العجوز بوڑھیا عورت ہی المراۃ المسنۃ سمیت لعجزہا فی کثیر من الامور وفی التنزیل الا عجوزا فی الغابرین [25] والدوانا عجوز والجمع عجز وعجائز یقال عجزت المراۃ عجوزًا ای صارت عجوزًا　　از نصر ذکر ما علموا ان البنت، ھی طفلۃ مادامت صغیرۃ ثم ھی ولیدۃ اذا تحرکت ثم کاعب اذا کعب ثم ناہد اذا زاد ثم معصر اذا ادرکت ثم عانس اذا ارتفعت عن حد الاعصار ثم خود اذا توسطت الشباب ثم مسلف اذا جاوزت الاربعین ثم نصف اذا کانت بین الشباب والتعجیز ثم شہلۃ کہلۃ اذا وجدت مس الکبر وفیہا بقیۃ وجلدٌ ثم شہبرۃ اذا عجزت وفیہا تماسک ثم میزبون اذا صارت عالیۃ السن (فقہ اللغۃ) [26] کالسعلاۃ بالکسر بمعنی بھوتنی و بھوت والجمع سعالی وسعلیات یقال استسعلت المراۃ ای صارت کالسعلاۃ یعنی اس عورت پر نہایت خبیث اور ناپاک کا بھوت ہے۔

فَوَقَفَتْ [1] وَقْفَۃَ [2] مُتَهَافِتٍ [3]. وَحَیَّیْ [4] تَحِیَّۃَ خَائِفٍ [5]. وَلَمَّا فَرَغَ [6] مِنْ دُعَائِہٖ. اَجَالَ [7] خَمْسَہٗ [8] فِیْ دِعَائِہٖ [9] فَاَبْرَزَ مِنْہُ رِقَاعًا [10] قَدْ کُتِبْنَ بِاَلْوَانِ [11] الْاَصْبَاغِ [12]. فِیْ اَوَانِ [13] الْفَرَاغِ. فَنَاوَلَھُنَّ عَجُوْزَہٗ [14] الْحَیْزَبُوْنَ [15] وَاَمَرَھَا بِاَنْ تَتَوَسَّمَ [16] الزَّبُوْنَ [17]. فَمَنْ اَنَسَتْ [18] نَدٰی [19] یَدَیْہِ. اَلْقَتْ وَرَقَۃً [20] مِنْھُنَّ لَدَیْہِ [21] فَاَتَاحَ [22] لِیَ الْقَدَرُ الْمَکْتُوْبُ. رُقْعَۃً فِیْھَا مَکْتُوْبٌ.

الترجمۃ والمطالب

پس وہ لڑکھڑاتا ہوا کھڑا ہوا اور اس نے خوفزدوں کی طرح سلام کیا۔ پھر جب وہ دعا سے فارغ ہوا تو اس نے اپنی جھولی میں ہاتھ ڈال کر چند رقعے نکالے، جو فرصت کے وقت مختلف رنگوں سے لکھے گئے تھے۔ اون کو اس مکار (کٹنی) بڑھیا کو دے کر کہا کہ تو سخی کو پہچان لے۔ لہذا بڑھیا نے جس کسی کو اہل بخشش دیکھا اوس کے آگے (سامنے) ایک رقعہ ڈال دیا برگشتہ مقدر نے ایک رقعہ میرے لیے مقرر کر دیا (میرے سامنے بھی اوس نے ایک رقعہ ڈالا) جس میں یہ لکھا ہوا تھا۔

تشریح لغات

[1] فوقف از ضرب بمعنی چپ چاپ کھڑا ہونا یقال وقف یقف وقفا و وقوفا جبکہ خاموش کھڑا رہے ووقف فی المسئلۃ جبکہ وہ شک کرے ووقف القاری علی الکلمۃ جبکہ وہ وقف پڑھے (یعنی کلمہ کے آخر کو ساکن پڑھنا ووقف علی الامر جبکہ وہ سمجھے ووقف الدابۃ وقفا جبکہ وہ دابۃ کو ٹھیرائے۔ ووقف عن الشئ جبکہ وہ چیز سے روکے ووقف الدار فی سبیل اللہ جبکہ وہ وقف کرے اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہوتا ہے۔ اور وقفۃ اسم مرۃ بمعنی شک اور بمعنی ٹھیرنا [2] متہافت اس کا مصدر تہافت از تفاعل بمعنی گرنا یقال تہافت علی الشئ ای تساقط و یقال ھفت الشئ ای تطایر لخفۃ والخفف از ضرب والمصدر ھفت و ھفات اور تہافت کا اکثر استعمال شر میں ہوتا ہے اور اساس المحکمات نے یہ معنے بیان کئے ہیں۔ باوجود روکنے کے وہ خود گر پڑے و منہ تہافت الفرس گھوڑا بے اختیار گر گیا۔ [3] حیّٰ اس کا مصدر تحیۃ ہے بمعنی حیاک اللہ کہنا (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ اور سلام کرنا یقال حیاہ اللہ یعنی خدا اس کو باقی رکھے ویقال حیا الخمسین من عمرہ یعنی وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔ [5] خافت کے معنی ضعیف الصوت کے آتے ہیں۔ یقال خفت الصوت خفوتا ای سکن از نصر وتخافت بکلامہ وبصوتہ ای اسرہ وخفضہ واخفاہ وتخافت بالقراۃ ضد جہر بہا قال تعالی ولا تجہر بصوتک ولا تخافت بہا [6] فرغ از نصر و فتح وسمع یقال فرغ من العمل ای خلا منہ فراغا وفروغا ای نقیض الشغل [7] اجال از افعال بمعنی ٹٹولنا و تلاش کرنا و گھومانا یقال اجال الشئ و بالشئ جبکہ وہ گھمائے واجال السہم جبکہ وہ تلوار سے کھیلے اور ادھر ادھر گھمائے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال جال فی المکان جولا وجولا وجوذ لا وجولانا وجیلانا جبکہ وہ مکان میں گھومے اور چکر لگائے وجال الشئ جبکہ وہ پسند کرے وجال القوم جولۃ یعنی شکست کھانے کے بعد وہ حملہ کرے۔ [8] خمسۃ یہاں پر صفت محذوف ہے۔ ای اصابعہ الخمس اس سے مراد اس کی پانچ انگلیاں ہیں۔ [9] وعاء برتن الوعاد ما یحفظ فیہ الشئ والجمع اوعیۃ وجمع الجمع اواع [10] رقاعا یہ رقعہ کی جمع ہے۔ بمعنی تحریر کا پرزہ وکپڑے کا پیوند اور اس کی جمع رقع بھی آتی ہے۔ اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے۔ یقال رقع الثوب جبکہ وہ پیوند کرے [11] بالوان یہ لون کی جمع ہے۔ لبس لہ فعل ثلاثی بمعنی رنگ [12] الاصباغ یہ صبغ کی جمع ہے۔ بمعنی رنگ وہو ما یصبغ یقال صبغت الثوب صبغا ای لونتہ وفی التنزیل صبغۃ اللہ از فتح ونصر وضرب [13] اوان بمعنی وقت اور اس کی جمع آونۃ آتی ہے۔ [14] فناولہن از مفاعلت بمعنی دینا نالہ ونال لہ العطیۃ وبالعطیۃ ناولہ نولا وناولہ الشئ ای اعطاہ ایاہ از نصر [15] عجوز بوڑھیا عورت والجمع عجز وعجائز [16] العجزبون بہت بوڑھیا عورت جو زیادہ چالاک ہو اور صاحب اساس المحکمات نے اس کے معنی کٹنی اور بہت عمر والے کے لکھے ہیں [17] تتوسم از تفعل اس کا مصدر توسم ہے بمعنے علامت دیکھ کر پہچاننا یہ وسم سے ماخوذ ہے جس کے معنی علامت کے ہیں۔ [18] الزبون بمعنی بیوقوف دکودن وغبی اور اس کے معنی حرب زبون کے بھی آتے ہیں یعنی سخت لڑائی یا یہ مفعول کے وزن پر ہے معنی میں مفعول کے بمعنی سختی یا مفعول فاعل کے معنی میں ہو یعنی نقصان میں پڑنے والا (جیسے کہ مثل مشہور ہے گانٹھ کا پورا اور عقل کا اندھا جو یہاں یہ مثل صادق ہے وقال استاذی رحمۃ اللہ علیہ یہ زبون لفظ مولد ہے مولد وہ جو عربی کے الفاظ جدید معنے میں مستعمل ہو اور دخیل وہ جو غیر زبان کا لفظ ہو اور عربی میں مستعمل ہو بعض نے تو دخیل اور مولد میں کچھ نہیں کیا۔ اور بعضوں نے کچھ فرق کیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر وہ لفظ اوزان عربی میں درست اور ٹھیک آگیا ہے تو مولد ورنہ دخیل۔ اور مولد کی صورتیں کئی ہوتی ہیں۔ ایک معنی میں وہ لفظ مستعمل تھا اور دوسرے معنی میں کچھ مناسبت پائی گئی۔ اوس مناسبت کی وجہ سے اوس کو استعمال کر لیں۔ جیسے حضارۃ کے معنی شہر کے ہیں۔ اب یہ معنی میں تہذیب وتمدن کے مستعمل ہونے

لگا ہے اور جس معنی میں مستعمل ہوا اور پہلے کوئی اور ہیئت نہ ہو جیسے برق کے معنی بجلی کے ہیں، اس سے ابراق بنا لیا۔ اب ابراق کے معنی تار۔ برقی کے کام کرنے کے لیتے ہیں تو یہاں یہ مولد پہلی قسم سے ہے، مناسبت ظاہر ہے۔ کہ فقیر کو مال دے کر نکال دیا ہے [۱۹] آنست بمعنی علمت یہ انس سے مشتق ہے۔ جو نفور کے خلاف ہے، محبت کرنا از سمع وفی التنزیل آنستُ ناراً [۲۰] ندیٰ بمعنی عطایا یقال ندی الشئ ندیٌ وندادۃً ای ابتل از سمع اور یہاں اس سے مراد سخاوت اور بخشش ہے۔ والجمع انداءٌ واندیۃ [۲۱] ورقہ بمعنی پرچہ والجمع وَرَقٌ واوراقٌ وورقاتٌ واصلہ ورق الشجر ورقاای ظہر ورقہ از ضرب [۲۲] فاتاح از افعال بمعنی مقدر کرنا وتیار کرنا یقال اطاح اطاحۃً جبکہ تیار کرے اور مقدر کرے یقال اتاح اللہ لہ ای ہیّأ اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کیا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے، اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح پر مستعمل ہے [۲۳] القدر بالفتح مصدر بمعنی اندازہ وتقدیر خداوندی و چیز کی انتہا و طاقت وقوت والجمع اقدار اور بالکسر بمعنی ہانڈی والجمع قدور۔ [۲۴] المعتوب از نصر وضرب یقال عتب علیہ عَتْباً وعتباناً ومعتباً ومعتبۃً جب کہ وہ خفگی ظاہر کرتا ہے۔

لَقَدْ اَصْبَحْتُ مَوْقُوْذاً وَ مُخْتَالٍ وَ مُغْتَالٍ وَ اِعْمَالٍ مِنَ الْعُمَّا	بِاَوْجَاعٍ وَ اَوْجَالٍ وَ خَوَّانٍ مِنَ الْاِخْوَا لِ فِيْ تَضْلِيْعِ اَعْمَالِيْ وَ اَمْحَالٍ وَ تَرْحَالٍ	وَ مُنُوْا بِمُخْتَالٍ نٍ قَالٍ لِيْ لِاِقْلَالِيْ فَكَمْ اُصْلِيْ بِاَذْحَالٍ

الترجمۃ والمطالب

میں البتہ دردوں (مصیبتوں) اور خوف کا مارا ہوا ہوں اور میں مبتلا کیا گیا متکبر و حیلہ گروں اور اچانک قتل کرنے والوں کا اور بہت سے خیانت کرنے والے بھائیوں کا جو میری محتاجی کی وجہ سے (وہ میرے) دشمن ہو گئے ہیں اور میں آزمایا گیا ہوں ایسے کام کرنے والوں (حکام) کے کام خراب کرنے کی کوشش کرنے سے میں کینوں اور محتاجگیوں اور کثرت سفر سے کب تک جلایا جاؤں گا۔

تشریح لغات

[۱] اصبحت اصباح مصدر از افعال بمعنی ہونا اور اس کے معنی صبح میں داخل ہونے اور آدھی رات میں بیدار ہونے کے بھی آتے ہیں [۲] موقوذا اس کا مصدر وقذ ہے۔ بمعنی مارا گیا۔ یقال وقذہ وقذاً ای ضربہ ضرباً شدیداً حتیٰ اشرف علی الموت از ضرب وفی التنزیل والموقوذۃ۔ [۳] اوجاع یہ وجعٌ کی جمع ہے۔ اور اس کی جمع اوجاعٌ بھی آتی ہے۔ بمعنی مرض دکھ و تکلیف یقال وجع وَجعاً ای تألم از سمع اور اس کے مضارع میں یجع اور یاجع واو کو یا یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں [۴] اوجال یہ وجل کی جمع ہے بمعنی خوف و ڈر یقال وجل وَجلاً ای خاف از سمع [۵] منوا کا یہ وادی ہے۔ از نصر یقال مناہ بکذا منواً ای ابتلاہ واختبرہ از نصر [۶] بمختال از افتعال مصدر بمعنی تکبر اب مختال کے معنی متکبر اور مٹک کر چلنے والے کے ہیں۔ [۷] محتال اور افتعال احتیال مصدر بمعنی حیلہ کرنا و مکر کرنا۔ محتال بمعنی بہت حیلہ کرنے والا [۸] مغتال از افتعال دھوکے سے ہلاک کرنا یقال غال الشئ یغول غولاً واغتالہ ای اہلکہ من حیث لا یحس یہ از نصر یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر مستعمل ہے یائی بمعنی ہلاکت اور صاحب صحاح نے اس کو (غ ول) میں درج کیا ہے۔ [۹] خوان یہ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ بمعنی بہت خیانت کرنے والا یقال خانہ خوناً وخیانۃً ای نقض العہد از نصر ونقیض الخیانۃ الامانۃ [۱۰] الاخوان یہ اخ کی جمع ہے۔ بمعنی بھائی وساتھی و دوست اور اخ کی جمع اخوۃ واخوۃ واُخوان واِخوان واُخوَۃٌ واخاء اور بقول بعض الاخوان اس اخ کی جمع ہے۔ بمعنی بھائی وساتھی و دوست اور اخ کی جمع اخوۃ اس اخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے اور اور نسبت کے لیے اخویٌ اور اخی بولا جاتا ہے۔ [۱۱] قال یہ اسم فاعل ہے بمعنی دشمنی و بغض و عداوت رکھنے

والے اور یہ قِلیٰ سے مشتق ہے جس کے معنی شدت بغض کے ہیں۔ یقال قلاہٗ قلواً وقلاء وقلیتہٗ وقلیٰ وقلآء ای ابغضہ از نصر وضرب وسمع [۱۲] لاقلالی یہ قلّت سے ماخوذ ہے۔ بمعنی کم ہونا ومفلس ومحتاج ہونا۔ یقال اقل الشیٔ یعنی کم کرنا واقل الرجل کم لانا اور کم مال والا ہونا محتاج ہونا [۱۳] اعمال بالکسر مصدر بمعنی کوشش کرنا وکام کرنا۔ [۱۴] العمال یہ عامل کی جمع ہے۔ جس کے معنے والی اور حاکم اور گورنر کے ہیں [۱۵] تضلیع مصدر از باب تفعیل بمعنی ٹیڑھا کرنا اور موڑنا یقال ضلّع ضلعًا ای اعوجّ وضلّعہ ای عوّجہ از سمع [۱۶] اعمال یہ عمل کی جمع ہے۔ بمعنی کام [۱۷] فکم کم کی دو قسمیں ہیں (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے۔ جیسے کم درہمًا لک یعنی تمہارے پاس کتنے درہم ہیں۔ اور دوسرے (خبریہ) بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے۔ جیسے کم عبدٍ او عبیدٍ ملکتُ یعنی بہت غلاموں کا مالک ہوں۔ یہاں پر کم استفہامیہ ہے۔ مبالغہ تکثیر کے لیے ہے۔ ای کم مرۃ [۱۸] اُصلی مضارع متکلم کا صیغہ بمعنی آگ میں جلایا جانا یقال صَلَی اللحمَ وغیرہ صلیًا ای شواہ وصلی فلانا النار وفی النار ای ادخلہ فیہا واصلاہ النار وفی النار ای ادخلہ فیہا از ضرب وصلی النار وصلیہا صلیا وصُلیًا وصلیا وصلی وصلاءً ای قاسی حرَّہا ویقال اصلوہا ای قاسوا حرَّہا از سمع وقیل صلی النار ای دخل فیہا واصلاہا غیرہ ای ادخلہ فیہا وفی التنزیل فسوف نصلیہ نارا۔ [۱۹] باذعال یہ ذحل کی جمع ہے۔ بمعنی کینہ وعداوت اور اس کی جمع ذُحُول بھی آتی ہے۔ [۲۰] المحال یہ محل کی جمع ہے۔ بمعنی قحط اور اس کی جمع مُحُول بھی آتی ہے اور یہ خصب کی نقیض ہے۔ یقال محل الزمان والمکان محلا ومحولا ومحل محالۃ۔ ای قحط واجدب از سمع وفتح کرم والمحل المکر والکید والمحال المکر بالحق وفی التنزیل وشدید المحال ای شدید الاخذ بالعقوبۃ یقال محل بہ محلا ومحالا ای ارادہ بسوء واعلم ان للقحط مراتب واسماء فاذا احتبس المطر فی السنۃ فہی سنۃ قامطۃ وکاسطہ فاذا ساء اثرہا فہی محل وکحل فاذا اتت علی الزرع والضرع فہی قاشورۃ ولامسۃ وحالقۃ وحاق۔ فاذا اتلفت الاموال فہی مجحفۃ ومطبقۃ وجداع وحصاء شبہت بالمرأۃ التی لاشعرلہا فاذا اکلت الانفس فہی الصبع (فقہ اللغۃ) [۲۱] رحال بالفتح اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے اور یہ رحل سے ماخوذ ہے۔ بمعنی کثرت سفر۔

وَكَمْ اَخْطِرُ فِيْ بَالٍ　وَاَطْفَالٌ لِيَ اَطْفَالِيْ　لَمَا جَهَّزْتُ اٰمَالِيْ

وَلَا اَخْطُرُ فِيْ بَالٍ　فَلَوْلَا اَنَّ اَشْبَالِيْ　اِلٰى اٰلٍ وَلَا وَالِيْ　عَلٰى مَسْحَبِ اِذْلَالِيْ

فَلَيْتَ الدَّهْرَ لَمَّا جَا　رَ اَغْلَالِيْ وَاَعْلَالِيْ　وَلَا جَرَّرْتُ اَذْيَالِيْ

الترجمۃ والمطالب

اور میں کب تک پرانے کپڑوں میں چلوں گا (بسر کروں گا) اور میرا کسی کے دل میں خیال پیدا نہ ہوگا۔ کاش کہ زمانہ نے جب مجھ پر ظلم ڈھایا تھا۔ تو میرے بچوں کو مار ڈالا ہوتا۔ کیونکہ اگر میرے بچے میرے لیے بیڑیاں اور قید نہ ہوتے تو میں اپنے کسی رشتہ دار (خاندان) یا حاکم کے پاس اپنی امید کبھی نہ لے جاتا اور میں ذلت کی جگہ (یا راستہ) پر ہرگز اپنے دامن کو نہ کھینچتا۔

تشریح لغات

[۱] اخطر (اَخْطِرُ) یہ ضرب سے آتا ہے بمعنی امشی یعنی حرکت کرنا ونازسے چلنا، یقال وخطر الرجل فی مشیتہ خطرانا وخطیرا ای رفع یدیہ ووضعہا اور دوسرا یہ نصر سے آتا ہے بمعنی خطرہ گذرا اور بھولنے کے بعد یاد آنا یقال خطر الامر ببالہ وفی بالہ وعلی بالہ خطورا اذا ذکرہ بعد نسیان [۲] بالٍ بمعنی پرانا و بوسیدہ کپڑے اور یہ بلی الثوب سے مشتق ہے۔ جبکہ کپڑا بوسیدہ اور پرانا ہو از سمع اور یہ اسم فاعل ہے اس کی صفت محذوف ہے ای فی ثوب بالٍ [۳] بال بمعنی دل یقال ما خطر الامر ببالی یعنی یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گذرا اور اس کے معنی حال اور شان کے بھی آتے ہیں یقال فلانٌ رخیُّ البال یعنی فلاں آسودہ حال ہے۔ اور اس کے معنی اہتمام کے بھی آتے ہیں۔ یقال امرٌ ذو بال یعنی ایسا کام جو قابلِ اہتمام ہو مابالک تمہاری کیا

حالت ہے۔ اور سمندر کی مچھلیوں سے ایک مچھلی کا نام بھی ہے جس کو ویل مچھلی کہتے ہیں۔ ؂ جاریہ جور سے مشتق ہے۔ بمعنی ظلم کرنا اور جور یہ عدل کی نقیض ہے۔ یقال جار علیہ جورًا ای ظلمہ از نصر ؂ اطفائی اطفاء یہ طفئت النار سے مشتق ہے۔ از سمع بمعنی آگ کا بجھانا اور آگ کی لپیٹ کا جاتے رہنا۔ اور اس میں ی ضمیر ہے۔ ؂ اور دوسرا الطفال یہ طفل کی جمع ہے بمعنی بچہ اور اس میں یا متکلم کی ہے وفی التنزیل ثم یخرجکم طفلاً واذا بلغ الاطفال منکم الحلم یقال طفل طفولۃ وطفالۃ جبکہ بچہ حالت طفولیت میں داخل ہو۔ از نصر اور ان دونوں میں تجنیس مستوفی ہے۔ اوس میں یہ ضروری ہے کہ ایک فعل اور دوسرا اسم ہو یا اسم اور فعل ہو ؂ اشبالی یہ شبل بالکسر کی جمع ہے بمعنی شیر کا بچہ وہو فی الاصل ولد الاسد اذا ادرک الصید و یجمع علی اشبل وشبول وشبال اور یہ نصر سے آتا ہے یقال شبل الغلام جبکہ وہ ناز ونعمت میں پرورش پائے اور جوان ہو ؂ اغلالی اور یہ غل کی جمع ہے۔ طوق وہ جو لوہے کا ہو۔ اور اس کی جمع غلول بھی آتی ہے۔ و یقال غلّہ ای وضع فی عنقہ اویدہ الغُلّ از نصر ؂ اعلالی یہ عل کی جمع ہے بمعنی چیچڑی وکلنی اور اس کی جمع علال بھی آتی ہے ؂ جہزت از باب تفعیل اس کا مصدر تجہیز ہے۔ بمعنی سامان ومنہ تجہیز المیت وفی التنزیل فلما جہزہم بجہازہم یقال جہز الجریح جہزًا ای شد علیہ واتم قتلہ از فتح وجہزہ ای ہیأہ واعدہ وجہزہ المیت ای اعدما یلزمہ وجہز العروس ای اعدلہا جہازہا۔ الجہاز بالفتح والکسر ما یحتاج الیہ والجمع اجہزۃ واجہزات۔ ؂ اٰلی یہ اٰل کی جمع ہے بمعنی اُمید ؂ آل بمعنی اہل وعیال یقال آل الرجل اور اس کا استعمال صرف اشراف ہی میں ہوتا ہے خواہ شرافت دینی ہو یا دنیوی جیسے آل النبی وآل فرعون اور آل الحجام وآل الاسکاف نہیں کہا جاتا۔ ؂ والی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ بمعنی شہر کا حاکم، اور اس کی جمع ولاۃ آتی ہے۔ ؂ جررت از تفعیل بمعنی کھینچنا۔ یقال جرہ جرًا ای جذبہ وجررہ ای جذبہ از نصر ؂ اذیالی یہ ذیل کی جمع ہے، اور اس کی جمع ذیول اور اذیلٌ آتی ہے۔ بمعنی دامن وہر شے کا کنارہ یقال ذال الثوب ذیلا ای طال حتی مس الارض وذال الرجل ذیلا ای تبختر وجرّ ذیلہ علی الارض۔ ازضرب ؂ سحب یہ سحب سے ماخوذ ہے، بمعنی کھینچنا۔ یقال یسحب ذیلہ جبکہ وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آئے۔ یقال سحبہ سحبًا جبکہ وہ زمین پر گھسیٹے از فتح اور یہاں اس سے مراد راستہ ہے ؂ اذلالی یہ ذل سے ماخوذ ہے، بمعنی ذِلت، جو عزت کی نقیض ہے۔ یقال ذلّ وذلۃ ای ہان ضد عز و اذلہ ای جعلہ ذلیلًا واذل الرجل ای صار اصحابہ اذلاء فہو ذلیل از ضرب وفی التنزیل اذلۃ علی المومنین اعزۃ علی الکافرین۔

فَمِحْرَابِی اَحْرٰی بِیْ | وَاَسْمَالِی اَسْمٰی لِیْ

فَهَلْ حُرٌّ يَرٰی تَخْفِيْفَ اَثْقَالِیْ بِمِثْقَالٍ

وَيُطْفِیْ حَرَّ بَلْبَالِیْ | بِسِرْبَالٍ وَسِرْوَالٍ

قَالَ الْحَارِثُ بْنُ هَمَّامٍ، فَلَمَّا اسْتَعْرَضْتُ حُلَّةَ الْاَبْيَاتِ. تُقْتُ اِلٰی مَعْرِفَةِ مُلْحِمِهَا وَرَاقِمِ عَلَمِهَا. فَنَاجَانِیَ الْفِكْرُ بِاَنَّ الْوُصْلَةَ اِلَيْهِ الْعَجُوْزُ. وَاَفْتَانِیْ بِاَنَّ حُلْوَانَ الْمُعَرِّفِ يَجُوْزُ۔

الترجمۃ والمطالب پس میرا دہ جھونپڑا (خلوت خانہ ومحراب) میرے لیے زیادہ موزوں لائق ہونا اور میری پھٹی گدڑی (یا پھٹے پرانے کپڑے) میرا مرتبہ اور عزت بڑھاتے، لہٰذا کوئی سخی داتا ہے جو میرے بوجھ کو ایک مثقال سے ہلکا کر دے۔ اور ایک پاجامہ کرتے سے میری سوزش اندوہ وغم کو ٹھنڈا کر دے، حارث بن ہمام کہتا ہے کہ جب میں نے اُس کے اشعار کی چادر کو عریض (چوڑا) دیکھا تو اُوس کے بُننے والے اور اوس کے نقوش کے بنانے والے کے پہچاننے کا میں مشتاق ہُوا تو میرے دل نے یہ کہا کہ اوس کی طرف پہنچنے کا وسیلہ یہ بوڑھیا ہے اور بتلانے والے کو اُجرت ورشوت (مزدوری) دینا جائز ہے۔

تشریح لغات

[1] فمحرابٰی اشرف جگہ جو مسجد میں ہوتی ہے۔ اور گھر کا بہترین موضع اور لوگوں کی مجلس اور محراب مسجد اسلیے نام رکھا گیا کیونکہ شیطان اور خواہشات سے جنگ ہوتی ہے۔ والجمع محاریب ویقال حربہ حرباً ای سلب مالہ از نصر [2] احرٰی بمعنی الیق وانسب واجدر واولیٰ والجمع حَرِیُّون واحریاء اور اس کا مؤنث حَرِیَّۃٌ آتا ہے والجمع حریات وحرایا ویقال انہ لحَرِیٌّ یعنی وہ زیادہ لائق ہے۔ [3] اسمالی یہ سمل کی جمع ہے بمعنی پرانا کپڑا ویقال سمل الثوب سُمُولاً ای اخلق از نصر [4] اسمالٰی یہ سمو سے مشتق ہے بمعنی بلندی از نصر اور اس میں لی ضمیر ہے۔ [5] حُرٌّ بالضم بمعنی آزاد وشریف والحرمن کل شیٔ بمعنی عمدہ حصہ ویقال فرسٌ حُرٌّ یعنی اصیل گھوڑا وطین حُرٌّ یعنی بغیر ریت کے خالص مٹی وحرالدار یعنی گھر کا درمیان وحرالارض یعنی زمین کا اچھا حصہ وحرالوجہ بمعنی رخسارہ [6] اثقالٰی یہ ثقل کی جمع ہے۔ بمعنی بوجھ اس سے مراد افکار اور غم ہیں۔ یقال ثقل الشی، ثقلاً وثقالۃً ثقیلٌ والجمع ثقال النقیض خفّ از کرم [7] بمثقالٰی بمعنی تولنے کے اوزان یقال مثقال الشیٔ یعنی چیز کا وزن یا چیز کی ترازو والجمع مثاقیل اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے۔ اور کبھی کم اور کبھی زیادہ۔ [8] یطفی اس میں ہمزہ ساکن کر دیا گیا ہے، ضرورتِ شعری کی وجہ سے اور یہ افعال سے ہے۔ یقال اطفاء النار جبکہ آگ بجھے ویقال اطفاء الفتنۃ او الحربَ یعنی فتنہ یا لڑائی کو فرد کیا۔ [9] حرّ بمعنی گرمی یہ برد کی نقیض ہے والجمع حُرورٌ واحارٌ علے غیر القیاس یقال حرّ الیوم حرًّا وحرارۃً از نصر وضرب وسمع بمعنی گرم ہونا [10] بلبالٰی بروزن وخراج اصل میں سوزشِ غم واندوہ نہانی کو کہتے ہیں۔ وشدت غم یقال بلبلہم بلبالاً ای اوقعہم فی الہم اور یہاں بلبال کو نار سے تشبیہ دی ہے۔ [11] لسربال بمعنی کرتہ وقمیض اور ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ والجمع سرابیل اور اس کے معنی درع کے بھی آتے ہیں۔ وفی التنزیل سرابیل تقیکم باسکم۔ [12] سروال بمعنی پاجامہ وازار یہ کلمہ فارسی سے لعد مؤنث ہے۔ اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے والجمع سراویل [13] استرفت از باب استفعال اور اس میں س ت ظن کے لیے ہے۔ اور یہ عربیض سے مشتق ہے جو طویل کی ضد ہے بمعنی چوڑا سمجھنا یعنی دیکھنا [14] حلۃ بالضم بمعنی ہر نیا کپڑا وکپڑوں کا جوڑا وہتھیار یقال لبس المحاربُ حُلتہٗ وتزیّنہٗ یعنی جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ والجمع حُلَلٌ وحِلالٌ۔ یقال الحلۃ لایکون اقل من ثلثۃ ازار ورداء وقمیص وقیل ہی ثوبان آزار ورداء [15] نقت اس کے مصدر توقٌ اور تُوُدقٌ اور تُوقان اور تیافۃٌ آتے ہیں۔ یقال تاق الیہ یعنی وہ شائق ہوا وتاق الی الغایۃ یعنی اوس نے جلدی کی۔ اور اس کے صفت کے صیغے تائقٌ اور تواق آتے ہیں۔ وتاق عینہ بالدموع جبکہ آنسو بہے وتاق منہ جبکہ ڈرے وتاق بنفسہ جبکہ وہ جان دے از نصر [16] لمّھا الحام سے بمعنی بنا لحم بننے والا اس سے مراد نظم کرنے والا ہے۔ یقال الحمہ ای نسجہ ولم الثوب لحماً ای نسجہ از فتح [17] راقم بمعنی نقش کرنے والے یقال رقم الثوب رقماً ای خططہٗ از نصر [18] علمہا بمعنی پھول والعلم بمعنی رقم الثوب والجمع اعلام [19] ناجاتی از مفاعلت مناجات مصدر بمعنی آہستہ سے بات کہنا [20] الوصلۃ بالضم بمعنی مایتوصل بہ الی الشیٔ یعنی جو پہنچنے کا ذریعہ بن جائے، اور اسی لیے اس کا ترجمہ وسیلہ کر دیا جاتا ہے [21] افتانی بمعنی فتویٰ دینا۔ یقال افتاہ فی الامرای ابانہ لہ وافتی فلاناً فی المسالۃ یعنی اس کو فتوی دیا از افعال اور اس کا مجرد ونصر سے آتا ہے۔ بمعنی سخاوت وجوانمردی میں غالب ہونا یقال فتی الرجل یفتو فتواً اور سمع سے بمعنی جوان ہونا۔ [22] حلوان بالضم یہ حلاوت سے ماخوذ ہے جس کے معنی مٹھائی کے ہیں جو عرب میں کاہن کو کہانت کے وقت دیتے تھے۔ اور اب یہ مطلق مزدوری کے معنی میں مستعمل ہے۔ یا اس سے مراد رشوت بھی ہو سکتی ہے اور یہ حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ نہی عن حلوان الکاہن، حضور سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کاہن کی مٹھائی سے منع فرمایا ہے، نہ کہ مٹھائی رہبر اور بتانے والے کو دینا ناجائز ہے [23] المعرّف از تفعیل وہو الذی یعرف الشیٔ اور اس سے مراد کاہن ہے

فَرَصَدْتُّهَا وَهِيَ تَسْتَقْرِي الصُّفُوْفَ صَفًّا صَفًّا۔ وَتَسْتَوْكِفُ الْاَكُفَّ كَفًّا كَفًّا۔ وَمَا اِنْ تَنْجَحُ لَهَا عَنَاءٌ۔ وَلَا يَرْشَحُ عَلٰى يَدِهَا اِنَاءٌ۔ فَلَمَّا الَّذِيْ اِسْتَعْطَافُهَا۔ وَكَدَّهَا مَطَافُهَا عَاذَتْ بِالْاِسْتِرْجَاعِ۔ وَمَالَتْ اِلٰى اِرْجَاعِ الرِّقَاعِ۔

الترجمۃ والمطالب

پس میں اس کا منتظر رہا۔ وہ ایک ایک صف میں ڈھونڈتی پھری (یعنی تلاش کرتی تھی۔ اور ہر ہر ہاتھ سے کچھ ٹپکنے کی (یعنی بخشش کی)، درخواست کرتی پھر رہی تھی۔ مگر اوس کی اِس قدر مشقت نے اوس کی کوئی حاجت (امید) پوری نہ کی اور نہ اوس کے ہاتھ پر کسی برتن سے کچھ ٹپکا یا گیا۔ پھر جب اوس کا بہلانا اور پھسلانا (یعنی مہربانی چاہنا) غیر مفید ثابت ہوا۔ اور اوس کی گردش نے اوس کو پریشان کر دیا۔ تو وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتی ہوئی لوٹی اور وہ رقعے واپس لینے لگی۔

تشریح لغات

[1] فرصدتہا از نصر رصد مصدر بمعنی انتظار کرنا یقال رصدہ رصدًا ورصدًا ای انتظرہ فہو راصدٌ والجمع رصَدٌ ورصدٌ۔ [2] تستقری از باب استفعال اس کا مصدر استقراء ہے۔ بمعنی تلاش کرنا۔ یقال استقری البلاد جبکہ وہ تلاش کرے اور ٹکڑ لگائے [3] الصفوف یہ صف کی جمع ہے۔ بمعنی قطار وصف یقال صفّ الشئ صفًّا ای نظمہ طولًا مستقیمًا از نصر [4] تستوکف اس کا مصدر استیکاف ہے۔ از باب استفعال بمعنی بارش طلب کرنا یقال استوکفت الشئ ای استقطرتہ وکف البیت وکفًا ووکوفًا ای هطل وقطر وکف الدمع والماء ای سال از ضرب وکفت العین الدمع ای اسالتہ یتعدی ویلزم الاکف یہ کف کی جمع ہے۔ بمعنی ہاتھ وہتھیلی ویقال کفّ الشئ کفًّا ای جمعہ از نصر [5] وما انَ تنجح اس کا مصدر نجحٌ اور نجاحٌ آتا ہے بمعنی کامیاب ہونا از فتح اور ما نافیہ ہے، اور ان زائد ہے۔ جو تاکید کے لیے ہے۔ [6] عناءً بمعنی تھکن ومشقت وتکلیف یقال عَنِیَ عناءً ای نصب وتعب از سمع [7] لا یرشح اس کا مصدر رشحٌ اور رشحان ہے۔ بمعنی پسینہ کا ٹپکنا یقال رَشحٌ رشحًا ورشحانًا ای ندی بالعرق وارطم العرقُ از فتح [8] ید بمعنی ہاتھ وہتھیلی اور یہ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے، یہ اصل میں یَدَیٌ تھا۔ اور اس کا تثنیہ یدان ہے۔ اور اس کی جمع اَیْدٍ اور یُدِیٌّ تھا۔ اور اس کی جمع الجمع الایادی ہے اور ایادی کا اکثر استعمال نعمت کے معنی میں ہوتا ہے۔ اور الایدی کی جمع الایدین بھی آتی ہے الید بمعنی نعمت واحسان والجمع یُدِیٌّ وایدٍ اور الید بمعنی جاہ اور مرتبہ اور قدرت اور طاقت کے معنی میں بھی آتا ہے اور بھی اس کے معنی آتے ہیں، لوجہ طوالت چھوڑ دیا گیا ہے۔ [10] اناءٍ بمعنی برتن والجمع آنیۃٌ وجمع الجمع اَوانٍ۔ [11] اکدی از افعال بمعنی انقطع وخاب یقال اکدی اذا قطع وانقطع اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے واصلہ کدی الشئ ای قطعہ ومنعہ از نصر [12] استعطا فہا مصدر از باب استفعال اور اس میں س ت طلب کے لیے ہے اور یہ عطف اور عطوف سے ماخوذ ہے۔ یقال عطف الیہ عَطفًا وعطوفًا جب کہ وہ مائل ہو وعطف علیہ جب کہ وہ مہربانی کرے وعطف عنہ جبکہ وہ پھر جائے۔ وعطفہ عن الامر جبکہ وہ ہٹا دے۔ وعطف العنان جبکہ وہ لگام پھیرے۔ از ضرب [13] کدّ ہا از نصر بمعنی مشقت میں ڈالا یقال کدّہ کدًّا ای اتعبہ وکدّ کدًّا ای اشتدّ فی العمل وطلب الرزق وألحّ فی محاولۃ الشئ [14] مطافہا یہ طواف اور طوف سے مشتق ہے۔ بمعنی گھومنا از نصر اور یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر مستعمل ہے۔ اور یہاں مصدر میمی اور ظرف بھی ہو سکتا ہے۔ ومنہ مطاف مصدر میمی جس سے مراد کعبہ ہے یقال طاف یطوف بالمکان وحولہ طوفًا وطوافًا وطوفانًا جبکہ وہ گھومے یہ وادی ہے۔ اور یائی کا استعمال اس طرح ہے یقال طاف بطیف الخیال طیفًا ومطافًا جبکہ خواب میں خیال آئے از ضرب۔ [15] عاذت عوذ مصدر از نصر ای تعوذت والتجأت اور یہ وادی ہے بمعنی پناہ پکڑنا [16] بالاسترجاع مصدر از باب استفعال یقال استرجع فی المصیبۃ یعنی انا للہ　وانا الیہ راجعون کہنا واسترجع منہ الشئ جبکہ اس سے چیز کو واپس لے واسترجع الحمام فی غنائہ یعنی کبوتری کا گٹکری کرنا۔ [17] ارجاع مصدر از افعال بمعنی لوٹانا یقال ارجَعہ، یعنی جبکہ وہ اوس کو رد کرے اور پھیرے واعلم ان الرجوع العود ای لازم والرجع الاعادۃ یعنی متعدی یقال رجع رجوعًا ای عاد وانصرف ورجعہ رجعًا ای اعادہ والرجعۃ فی الطلاق　العود الی الدنیا بعد الممات فمن الرجوع وفی التنزیل لئن رجعنا الی المدینۃ ومن الرجع قولہ تعالیٰ فان رجعک اللہ الی طائفۃ منہم ویقال رجعت الجواب منہ قولہ تعالیٰ فناظرۃ بم یرجع المرسلون ومن الرجعۃ قولہ تعالیٰ قال رب ارجعون لعلی اعمل صالحا فیما ترکت از ضرب۔ [18] الرقاع یہ رقعۃ کی جمع ہے بمعنی تحریر کا پرزہ وکپڑے کا پیوند اور اس کی جمع رُقعٌ بھی آتی ہے۔ اور یہاں اول معنی مراد ہیں۔

وَاَنْسَاهَا[1] الشَّيْطَانُ ذِكْرَهٗ[2] تَعَتِي. فَلَمْ تَعُجْ[3] اِلٰى بُقْعَتِي[4]. وَاٰبَتْ[5] اِلَى الشَّيْخِ بَاكِيَةً[6] لِلْحِرْمَانِ[7]. شَاكِيَةً[8] تَحَامُلَ[9] الزَّمَانِ[10]. فَقَالَ اِنَّا لِلّٰهِ[11]. وَاُفَوِّضُ[12] اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ. وَلَا حَوْلَ[13] وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. ثُمَّ اَنْشَدَ ؎

لَمْ يَبْقَ[14] صَافٍ[15] وَلَا مُصَافٍ[16]	وَلَا مُعِيْنٌ وَلَا مُعِيْنٌ
وَفِي الْمَسَاوِيْ[19] بَدَا التَّسَاوِيْ[20]	فَلَا اَمِيْنٌ وَلَا ثَمِيْنٌ[21]

الترجمة والمطالب

اور اوس کو شیطان نے میرا رقعہ بھلا دیا۔ اس لیے وہ میرے پاس نہ آئی۔ اور محرومی قسمت پر روتی ہوئی اور زمانہ کے ظلم کی شکایت کرتی ہوئی وہ بوڑھے کے پاس لوٹی۔ اس پر وہ بوڑھا کہنے لگا، ہم خدا ہی کے واسطے ہیں اور ہم اپنے کام خدا ہی کے سپرد کرتے ہیں۔ خدا کے سوا کسی میں قوت وطاقت نہیں۔ پھر اوس نے یہ شعر پڑھے۔ ؎ نہ تو کوئی خالص دوست باقی رہا اور نہ کوئی سچا یار۔ اور نہ تو کوئی سخی باقی رہا اور نہ کوئی مددگار اور برائیوں میں مساوات (برابری) ظاہر ہونے لگی۔ پس نہ تو کوئی امانت دار باقی رہا اور نہ کوئی بیش قیمت والا۔

تشریح لغات

[1] انسا ہا یہ مہموز ہے اور اس میں ہمزہ کو الف سے خلاف قیاس بدل لیا جاتا ہے۔ اس کے مصدر نسیان ونِسْیًا ونسایۃً ونسوۃً آتے ہیں یقال نسی الشیئ جبکہ وہ بھولے از سمع وانسے الرجلُ الشیئ جبکہ وہ فراموش کرے وفی التنزیل فانساہ الشیطان ذکر ربہ [2] الشیطان اس میں نون اصلی ہے۔ اور یہ ماخوذ ہے شطن شطونًا بمعنی بُعد اور بعض یہ کہتے ہیں کہ نون اس میں زائد ہے۔ اور یہ شاط لیشیط شیطًا سے ماخوذ ہے بمعنی احترق غضبًا اور اس کی جمع شیاطین آتی ہے۔ فالشیطان مخلوق من النار کما قال تعالیٰ وخلق الجان من مارج من نار۔ [3] فلم تعج یہ وادی ہے از نصر یقال عاج عوجًا ای مال ور جع [4] بقعتی وہی قطعۃ من الارض والجمع بقاعٌ وبقعٌ [5] آبت از نصر یہ ادب سے مشتق ہے۔ وادی ہے بمعنی لوٹنا لا یقال الا فی الحیوان الذی لہ ارادۃ والرجوع اعم یقال آب اوبًا وایابًا ومآبًا والمآب مصدر وظرف ایضًا [6] باکیۃ اور یہ صفت کا صیغہ ہے۔ از ضرب بمعنی رونا یقال بکی بکاءً وبکیً جبکہ وہ روئے۔ [7] للحرمان یہ مصدر ہے از ضرب وسمع یقال حرمہ حرمًا وحریمًا وحرمانًا وحِرْمًا وحَرِمَۃً وحریمۃً جبکہ وہ منع کرے۔ اور روکے اور محروم کرے۔ [8] شاکیۃ یہ صفت کا صیغہ ہے۔ از نصر یقال شکا الیہ زیدًا یشکو شکویٰ وشکوًا وشکاۃً وشکاوۃً وشکایۃً وشکیۃً جبکہ وہ کرے اور شکایت کرنے والے کو شاکی اور جس کی شکایت کی جائے۔ اوس کو مشکوٌّ اور مشکیٌّ کہتے ہیں اور جس سے شکایت کی جائے اس کو مشکوٌّ الیہ کہتے ہیں۔ اور شکایت کو شکویٰ کہتے ہیں۔ یقال شکا الامرَ العلۃ جبکہ وہ ذکر کرے یا دردمند ہو وشکا امرہ الی اللہ جبکہ وہ اس کو ظاہر کرے [9] تحامل یہ تفاعل کا مصدر ہے بمعنی ظلم برداشت کرنا یقال تحامل فی الامر وبالامر اوس نے باوجود مشقت کے اپنے ذمہ کیا وتحامل علیٰ فلان جب کہ وہ ظلم کرے اور طاقت سے زیادہ کام کو کہے وتحامل عنہ جبکہ وہ اعراض کرے وتحامل الیہ جبکہ وہ متوجہ ہو وتحامل الشیخ فی مشیہ جبکہ وہ چلنے میں گرانبار ہو وتحامل علی نفسہ جبکہ وہ باوجود مشقت کے برداشت کرے۔ [10] الزمان بمعنی زمانہ اور وقت اور اس کی جمع ازمنۃٌ آتی ہے۔ [11] انا للہ اس میں لام تملیک کے لیے ہے۔ [12] افوض از باب تفعیل اس کا مصدر تفویض ہے، بمعنی سونپنا یقال فوض الیہ الامر ای ردہ الیہ [13] حول یہ مصدر ہے بمعنی حرکت یقال حال الشخص اذا تحرک ای لا حرکۃ اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ حول کے معنی حیلہ کے ہیں۔

اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے۔ نہ تو حرکت ہے اور نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے۔ اور اس کے معنی ہوشیاری اور دوربینی اور سال کے بھی آتے ہیں۔ والجمع حُوُلٌ واحوالٌ [14] لم یبق یہ بقا سے ماخوذ ہے جو فنا کی ضد ہے بمعنی باقی رہنا۔ یقال بَقِیَ یبقی بقاءً از سمع [15] صاف یہ صفاء سے ماخوذ ہے جو نقیض کدر کی ہے، خالص دوستی از نصر۔ [16] مصاف از باب مفاعلت اس کا مصدر مصافات ہے

ہے۔ بمعنی خالص معاملہ کرنا۔ و بمعنی خالص دوستی۔ ۱۷؎ معین بروزن فعیل بمعنی ماء جاری دریتا ہوا چشمہ۔ ۱۸؎ معین از افعال اس کا مصدر اعانت ہے بمعنی مددگار و مدد کرنے والا۔ یقال اعانہ علی الشئ جبکہ وہ مدد کرے، اور اس سے مراد یہاں سخی ہے۔ ۱۹؎ المساوی یہ سوء سے ماخوذ ہے۔ بمعنی برائی و عیوب اور جمع مساۃ کی ہے۔ بمعنی القبیح من القول او الفعل اور یہ ساء العمل سوءً سے ماخوذ ہے۔ بمعنی نصر۔ ۲۰؎ التساوی یہ باب تفاعل کا مصدر ہے بمعنی برابری و قائل یقول سوی امرہ سوی بکسر السین ای استقام از سمع و سواء فاستوی۔ ۲۱؎ امین یہ امانت سے ماخوذ ہے۔ والجمع امناء یقال امن امانۃ ای ضد خان از کرم ۲۲؎ ثمن یہ ثمن سے ماخوذ ہے بمعنی بیش قیمت اور بڑھیا چیز اور وہ کلام جو اعلیٰ درجہ کا ہو اور ثمن کی جمع اثمانٌ اور اثمنۃ اور اثمن آتی ہے۔ و یقال تامنت الرجل فی المبیع ای ساومتہ علی بیعہ و اشرائہ۔

ثُمَّ قَالَ مَنِّي النَّفْسَ وَعِدِيهَا۔ وَاجْمَعِي الرِّقَاعَ وَعُدِّيهَا۔ فَقَالَتْ لَقَدْ عَدَدْتُهَا لَمَّا اسْتَعَدْتُهَا۔ فَوَجَدْتُ يَدَ الضِّيَاعِ۔ قَدْ غَالَتْ إِحْدَى الرِّقَاعِ۔ فَقَالَ تَعْسًا لَكَ يَا لَكَاعِ۔ أَخُرِمْتُ وَيْحَكَ الْقَنَصَ۔ وَالْحِبَالَةَ وَالْقَبَسَ وَالزُّبَالَةَ۔ إِنَّهَا لَضِغْثٌ عَلَى إِبَّالَةٍ۔

الترجمة والمطالب پھر بوڑھیا سے کہا کہ تو نفس کو ڈھارس دے اور متمنی (خواہش مند) رکھ اور اوس سے وعدہ کر اور تو رقعے جمع کر کے گن یہ سن کر وہ بولی کہ میں نے لوٹتے وقت ان کو شمار کیا تو معلوم ہوا کہ بربادی کے ہاتھ نے ایک رقعہ کو کھو دیا ہے۔ اس پر وہ بوڑھا بولا کمبخت خدا تجھے غارت کرے کیا تو شکار اور جال اور چراغ اور بتی سب سے محروم ہو گئی (کیا تو نے گدھے کے پیچھے رسی بھی کھوئی) ارے یہ تو لکڑیوں کے ڈھیر پر گھاس کا بوجھ ہے (یعنی بہت ٹوٹا ہے)

تشریح لغات ۱؎ منی یہ امر کا صیغہ از باب تفعیل اس کا مصدر تمنیۃ ہے بمعنی آرزو دلانا یقال منی فلاناً الشئ و بالشئ ای جعلہ یتمناہ و رغبہ فیہ و یقال منی اللہ الخیر لفلان منیاً ای قدرہ۔ از ضرب ۲؎ النفس بمعنی روح و خون اور بدن نفس سے اگر روح مراد ہے تو یہ مؤنث ہے۔ اور اگر شخص مراد ہے تو مذکر ہے والجمع انفسٌ و نفوسٌ ۳؎ عدیہا یہ وعدٌ سے امر کا صیغہ ہے۔ از ضرب یقال وعد فلاناً الامر و بالامر یعدہ وعداً و عدۃً و موعدۃً و موعوداً و موعودۃً جبکہ وعدہ کرے ۴؎ اجمعی از باب افعال یہ امر حاضر کا صیغہ ہے۔ یقال اجمع القوم علی کذا جبکہ اتفاق کرے، و اجمع ما کان متفرقاً جبکہ وہ اکٹھا کرے۔ اور اجمع الامر و علی الامر جبکہ وہ پختہ ارادہ کرے و اجمع الابل جبکہ وہ اکٹھے اونٹوں کو ہانکے۔ ۵؎ عدیہا یہ عدّ الشئ عدّاً و تعداداً سے ماخوذ ہے۔ بمعنی شمار کرنا اور گننا از نصر و فی التنزیل و ان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوہا۔ ۶؎ استعدتہا یہ باب استفعال سے ہے۔ ای استرجعتہا و اصلہ العود بمعنی الرجوع الی الشئ بعد الانصراف عنہ اما انصرافاً بالذات او بالقول و العزیمۃ از نصر۔ ۷؎ الضیاع یہ مصدر ہے۔ بمعنی ہلاک و ضائع ہونا یقال ضاع ضیاعاً ای ہلک از ضرب اور ضیاع میں اضافت مشبہ بہ کی مشبہ کی طرف ہے۔ یا ضیاع کو سبع سے تشبیہ دی ہے ۸؎ غالت از نصر غول مصدر بمعنی ہلاک کرنا یقال غالہ یغولہ غولاً و اغتالہ جبکہ وہ ہلاک کرے اور اچانک پکڑے ۹؎ تعسا مصدر بمعنی ہلاکت یقال تعس از فتح و تعس تعساً و تعساً بمعنی ہلاک ہونا و بمعنی پھسلنا اور منہ کے بل گرنا اور اس کے صفت کے صیغے تعسٌ و تعیسٌ ہیں۔ ۱۰؎ لکاع یہ مبنی علی الکسر ہے بمعنی لئیم اور بدبخت و یقال لکرجل یا لکع و للمرأۃ لکاع اور ان دونوں کا حرف ندا کے وقت استعمال ہوتا ہے۔ و یقال لکع الرجل لکعاً و لکاعۃً ای لؤم و حمق از سمع ۱۱؎ اخرم الہمزہ للاستفہام الانکاری از ضرب و سمع بمعنی محروم کرنا و منع کرنا و روکنا یقال حرم الشئ جبکہ وہ روکے اور محروم کرے ۱۲؎ ویحک ویح یہ کلمہ ترحم اور توجع کے لیے اور کبھی یہ مدح اور تعجب کے موقعہ پر آتا ہے۔ اور بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ ویل کے معنی میں ہے۔ بمعنی افسوس اور خرابی ۱۳؎ القنص محرکۃ بمعنی شکار اور یہ بیضرب سے آتا ہے۔ یقال قنص الطیر قنصاً جبکہ وہ پرندہ کا شکار کرے۔

۱۳؎ الحبالۃ بالکسر بمعنی پھندا والجمع حبائل وفی الحدیث النساء حبالۃ الشیطان والحبل اعم ولیستعار لکل ماتیوصل بہ الی الشیئ ۱۵؎ القبس محرکۃ بمعنی آگ کا شعلہ وفی التنزیل اواتیکم بشہاب قبس ویقال قبس النار ای اوقدھا وقبس العلم ای تعلمہ واقبس فلانا العلم ای علمہ اقبسہ ای اعطاہ قبسا۔ ازضرب ۱۶؎ الذبالۃ بالضم الذبال والذبالۃ مشدد یا اور بغیر مشدد یا بمعنی بتی وا لجمع ذبال ۱۷؎ لضغث بالکسر تر وخشک گھاس کا مٹھا والضغث من الخبر والامر وہ مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو والجمع اضغاث ہذا مثل یقال عند المصیبۃ ویریدون بہ زاد کمروہ علی مکروہ ۱۸؎ ابالۃ بالکسر گھاس یا لکڑی کا گٹھا یقال ضغث علی ابالۃ یعنی مصیبت بالائے مصیبۃ۔ باب از سمع ونصر۔

فَانْصَاعَتْ تَقْتَصُّ مَدْرَجَهَا۔ وَتَنْشُدُ مُدْرَجَهَا۔ فَلَمَّا دَانَتْنِي قَرَنْتُ بِالرُّقْعَةِ۔ دِرْهَمًا وَقِطْعَةً۔ وَقُلْتُ لَهَا إِنْ رَغِبْتِ فِي الْمَشُوْفِ الْمُعْلَمِ۔ وَأَشَرْتُ إِلَى الدِّرْهَمِ۔ فَبُوْحِي بِالسِّرِّ الْمُبْهَمِ۔ وَإِنْ أَبَيْتِ أَنْ تَشْرَحِي۔ فَخُذِي الْقِطْعَةَ وَاسْرَحِي۔ فَمَالَتْ إِلَى اسْتِخْلَاصِ الْبَدْرِ التَّمِّ۔ وَالْأَبْلَجِ الْهِمِّ۔ وَقَالَتْ دَعْ جِدَالَكَ۔ وَسَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ۔ فَاسْتَطْلَعْتُهَا طِلْعَ الشَّيْخِ وَبَلْدَتِهِ۔ وَالشِّعْرِ وَنَاسِجِ بُرْدَتِهِ۔

الترجمۃ والمطالب پس یہ سُن کر بڑھیا لوٹی اور راستہ راستہ اپنے پلٹے ہُوئے پرچوں (رقعہ) کو تلاش کرنے لگی۔ جب وہ میرے قریب آئی تو میں نے رقعہ کے ساتھ ایک درہم اور چھوٹے سے حصّہ (ریزگاری) یعنی جزو درہم ملا کر اوس کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ اگر تو اس چمک دار اور نقشین درہم کو لینا چاہتی ہے تو مجھ پر یہ پوشیدہ راز ظاہر کر اور اگر تو اس کے بیان کرنے سے انکار کرے تو تُو یہ جزو درہم ٹھکرا دے۔ اور تو چلی جا اس پر وہ بدر تام (یعنی درہم) اور روشن بزرگ (درہم) لینے کی طرف مائل ہوئی۔ وہ بولی کہ جھگڑا چھوڑو اور جو بات ہو سو وہ پوچھو۔ تو میں نے شیخ اور اس کے شہر اور اشعار اور ان کے کہنے والے کی خبر سے مطلع (خبردار) ہونا چاہا۔

تشریح لغات ۱؎ انصاعت از انفعال انصباع مصدر بمعنی جلدی سے لوٹنا اور گذرے چلے جانا۔ یقال صاع القوم صوعًا ای اتاہم من نواحیہم از نصر ۲؎ تقتص ای تتبع اثرھا بمعنی ڈھونڈنا یقال قص اثرہ ای تتبعہ شیئا فشیئا ویقال قص علیہ الخبر قصصًا ای حدثہ بہ وفی التنزیل نحن نقص علیک احسن القصص الخ والقصاص تتبع الدم بالقود وفی التنزیل ولکم فی القصاص حیاۃ از نصر ۳؎ مدرجہا بالفتح ای مسلکہا بمعنی مسلک ومذہب والجمع مدارج واصلہ درج ودرجانا مشی او مشی مشیتہ من یصعد علی الدرج۔ از نصر وضرب ۴؎ مدرجہا بالضم لپٹا ہوا کاغذ اور پرچہ والجمع مدارج یقال درج الثوب او الکتاب درجا او ادرجہ ای طواہ ۵؎ دانتنی ای قربت منی یقال دنا الشئی ومنہ والیہ ای قرب فہو دنی والجمع دناۃ از نصر ۶؎ قطعۃ بمعنی چیز کا چھوٹا سا حصّہ والجمع قطع وفی التنزیل قطعا من اللیل مظلما یقال قطع الشئی قطعا ای جزّءہ۔ از فتح ۷؎ رغبت، یہ رغبت سے مشتق ہے بمعنی محبت اور یہ رہبۃ کی ضد ہے۔ وفی التنزیل یدعوننا رغبا ورھبا یقال رغب فیہ رغبا ورغبا ورغبۃ۔ جبکہ رغبت کرے اور چاہے ۸؎ المشوف صیغہ مفعول کا از نصر بمعنی صیقل کرنا ومانجنا یقال شافہ شوفا ای صقلہ وجلاہ از نصر اور یہاں اس کا موصوف محذوف ہے۔ یعنی فی الدرہم المشوف۔ ۹؎ المعلم صیغہ مفعول بمعنی نشان کئے ہوئے اور یہ علم سے ماخوذ ہے۔ بمعنی نشان وعلامت واصلہ علمہ علما ای وسمہ از نصر وضرب ۱۰؎ اشرت از باب افعال اس کا مصدر اشارہ ہے بمعنی اشارہ کرنا۔ یقال اشار الیہ واشارہ بیدہ جبکہ وہ اشارہ کرے اور اشار علیہ جبکہ وہ حکم دے اور نصیحت کرے اور صحیح

طریقہ بتائے اور اشار النار بالنار جبکہ وہ آگ کو بلند کرے۔ ؁ فبوحی ای اظھری یقال باح الیہ بالسر بوحًا ای اظھرہ و باح الشئ ای اظھر از نصر ؁ المبھم صیغۂ مفعول کا ابہام مصدر از باب افعال بمعنی پوشیدہ یقال ابھم الشئ ای اخفاہ اور اس کا ثلاثی مستعمل نہیں ہوتا۔ ؁ ابیت اباءً مصدر بمعنی سخت انکار کرنا۔ از فتح وضرب۔ ؁ نشرحی شرح سے بمعنی اچھی طرح سے بیان کرنا اور کھولنا۔ یقال شرح المسئلۃ شرحًا ای بینتھا وشرح صدرہ للشئ و بالشئ ای سرّبہ از فتح ؁ اسرحی ای اذھبی یقال سرح الرجل سرحًا ای خرج فی امرہ از سمع اور فتح سے بمعنی جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ یقال سرحت المواشی سرحًا وسروحًا جب کہ جانور چرنے کے لیے جائیں۔ وسرح السیل یعنی سیلاب کا آہستہ بہنا۔ وسرحہ بمعنی بھیجنا وسرح ما فی صدرہ یعنی دل کی بات ظاہر کر دینا ؁ فمالت از ضرب میل مصدر یقال مال الی الشئ ای رغبت فیہ ؁ استخلاص از استفعال بمعنی کسی چیز کو خالص کرنا اور اس کو حاصل کرنا، واصلہ خلص خلوصًا وخلاصًا من الھلاک ای نجا وسلم وخلص من الکدر ای صفا وخلص الی المکان وبالمکان ای وصل واخلص الشئ ای اخذ خلاصۃ واختارہ واخلص الطاعۃ وفی الطاعۃ ای ترک الریاء۔ از نصر ؁ التم بالکسر یہ صفت کا صیغہ ہے۔ بمعنی تام وکامل یقال تمّ الشئ تمًا بالحرکات الثلث وتمامًا ای کملت اجزاءہ واتمہ ای جعلہ تامًا از ضرب۔ ؁ الابلج وہ شخص جس کی بھنویں جدا جدا ہوں۔ یہ اقرن کی ضد ہے واصلہ بلج الصبح بلوجًا ای اشرق واضاء از نصر ؁ الھم بالکسر بمعنی بہت بوڑھا والجمع اہمام من قولھم ھم النمل ھمیمًا ای دبّ ومنہ الھامّۃ والھوام و شیخ ھم وعجوز ھمۃ لھمیمھا واستعمھھا اللہ دھرلقدمہ از ضرب۔ ؁ دع از ودع یدع یقال ودع الشئ ودعًا ای ترکہ اور اس کا ماضی اور اسم فاعل استعمال نہیں ہوتا۔ دائمًا یقال یلوع ودع بصیغۃ الامر وقد قرئ ما ودعک ربک بالتخفیف ؁ جدالک یہ باب مفاعلۃ کا مصدر ہے بمعنی لڑائی وجھگڑا واصلہ جدل الحبل جدلًا ای فتلہ از نصر وضرب۔ فکان المتجادلین یفتل کل واحد الآخر عن رأیہ وقیل الاصل فی الجدال الصراع واسقاط صاحبہ علی الجدالۃ وھی الارض الصلبۃ ویقال جدل الرجل جدلا ای اشتد خصومۃ۔ از سمع ؁ استطلعا استطلاع مصدر از باب استفعال بمعنی خبر پوچھنا واصلہ طلع علی الامر طلوعًا ای دقت علیہ از نصر وکذا اطلع الامر علیہ۔ ؁ طلع۔ یہ اسم ہے اطلاع کا یقال اطلع طِلع العدوِ یعنی وہ شخص کی حقیقت حال کو جان گیا۔ ؁ و بلدتہ بمعنی ہر جگہ آباد وغیر آباد کو کہتے ہیں۔ اور بلدۃ اور بَلَد کی جمع بلاد اور بلدان آتی ہے اور اس کے معنی شہر کے بھی آتے ہیں واصلہ بلد بالمکان بلودًا ای اقام واتخذہ مبلدًا از نصر ؁ ناسج اسم فاعل کا صیغہ نسج مصدر بمعنی بننا یقال نسج الثوب جبکہ وہ کپڑے کو بُنے از نصر وضرب ونسج الکلام جبکہ وہ خلاصہ کرے اور آراستہ کرے۔ ونسج الشاعر الشعر جب کہ وہ نظم کرے ؁ بردتہ بالضم بمعنی دھاری دار کپڑا والجمع بُرَدٌ اور بُرد کی جمع ابردٌ اور بردوٌ اور ابرادٌ آتی ہے۔

فَقَالَتْ اِنَّ الشَّیْخَ مِنْ اَھْلِ سَرُوْجَ۔ وَھُوَ الَّذِیْ وَشَّی الشِّعْرَ الْمَنْسُوْجَ۔ ثُمَّ خَطِفَتِ الدِّرْھَمَ خَطْفَۃَ الْبَاشِقِ۔ وَمَرَقَتْ مُرُوْقَ السَّھْمِ الرَّاشِقِ۔ فَخَالَجَ قَلْبِیْ اَنَّ اَبَا زَیْدٍ ھُوَ الْمُشَارُ اِلَیْہِ۔ وَتَاَجَّجَ کَرْبِیْ لِمُصَابِہٖ بِنَاظِرَیْہِ۔ وَاٰثَرْتُ اَنْ اُفَاجِیَہٗ وَاُنَاجِیَہٗ لِاَعْجُمَ عُوْدَہٗ بِمِسْبَارٍ سِتِّیْ فِیْہِ۔ وَمَاکُنْتُ لِاَصِلَ اِلَیْہِ اِلَّا بِتَخَطِّیْ رِقَابِ الْجَمْعِ۔ الْمَنْھِیِّ عَنْہُ فِی الشَّرْعِ۔

الترجمہ والمطالب اس پردہ بولی کہ یہ بزرگ سروج کے رہنے والے ہیں۔ اور انھیں نے ان چُست بندش والے اشعار کو آراستہ کیا ہے یہ کہہ کر اس نے شکرے (باز) کی طرح درہم اٹھا لیا اور چھوٹے ہوئے تیر کی طرح وہ چل دی۔ پس میرے دل میں

خیال آیا کہ ہو نہ ہو یہ مشارٌ الیہ (جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے) ابوزید ہے، مجھے اس کی مصیبت اس کے نابینا ہونے پر سخت رنج ہوا، میں نے ارادہ کیا کہ اوس کے پاس اچانک جاکر اوس سے بات چیت کروں، تاکہ اس کی فراست کا اندازہ ہو سکے، مگر چونکہ میں بغیر گردنوں پر کودتے (پھاندنے) کے جس کی شرع میں ممانعت آئی ہے۔ اوس تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔

تشریح لغات

[1] دشّی از باب تفعیل یقال وشّی الثوبَ وشیًا وشیۃً ای حسّنہ از ضرب [2] خطفت خطف کے معنی جلدی سے اُچک لینے کے ہیں۔ یقال خطف یخطف از ضرب وسمع [3] الباشق یہ باشہ کا معرب ہے۔ اور یہ ایک قسم کا جانور ہے، بازکی قسم میں سے یا یہ معرب بازی کا ہے۔ والجمع بواشق یقال بشق بالعصا بشقًا ای ضربہ بہ از سمع وضرب [4] مرقت ای خرجت یقال عرق السھم مروقًا عن الرمیۃ ای خرج منھا از نصر و منہ یمرق من الدین کما یمرق السھم من الرمیۃ [5] السھم بالفتح بمعنی تیر وقرعہ اندازی کا تیر والجمع سِھامٌ وبالضم بمعنی آفتاب کی کرنیں، وحرارتِ غالبہ وپیاس وغفلاء وحکماء [6] الراشق ای الذی یرشق الصید (یعنی تیر کا ٹھیک نشانہ جو شکار پر لگے۔ یقال رشقہٗ رشقًا بالسھم ای رماہ بہ از نصر۔ [7] خالج ماضی کا صیغہ از باب مفاعلۃ بمعنی دل میں کھٹکنا اور خیال ہونا یقال خالجہ الامر ای شغل فکرہ واصلہ خلجہ خلجًا ای انتزعہ وخلجہ بعینہ ای غمزہ وخلجہ بالسیف ای ضربہ از ضرب۔ [8] تاجج از باب تفعل بھڑک اُٹھنا ولپٹوں کا اُٹھنا بمعنی تلہّب یقال اجّ اجیجًا ای اضطرم وتلھب واجّ الماء اجوجًا ای صار اجاجًا ای ملحًا و مرًا وفی التنزیل ھذا ملح اجاج واجج النار الھبھا۔ از نصر [9] کربی بمعنی غم اور مشقت والجمع کروبٌ اور کُربۃٌ کی جمع کُربٌ آتی ہے۔ [10] مُصابہ مَصابٌ اور مُصابت کے معنی بلا اور مصیبت کے آتے ہیں، یہاں یہ مصدر میمی ہے۔ [11] بناظریہ یہ ناظر کا تثنیہ ہے۔ بمعنی آنکھ اور آنکھ کی تپلی والجمع نواظر [12] آثرت از باب افعال ای اخترت یقال اثرہ اثرًا ای اکرمہ از نصر وضرب واثرہ ای اختارہ۔ [13] افاجیہ مھموز لام ف ج ی از مفاعلۃ یقال فجہ فجاہ فجاءۃ وفاجاہ مفاجاۃ ای دخل علیہ بغتۃ من غیر ان یشعر (یعنی اچانک آنا) از فتح وسمع [14] اناجیہ از باب مفاعلہ مناجات مصدر یقال ناج الرجل مناجاۃً ونجاءً جبکہ وہ سرگوشی کرے اور آہستہ سے بات کرے [15] لاعجم اعجم دعجوم مصدر از نصر بمعنی آزمانا یقال عجم الشیءَ جبکہ وہ امتحان کرے اور آزمائش کرے وعجم العود جبکہ وہ دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی اور سختی معلوم کرے دعجم السیف جبکہ وہ تجربہ کے لیے تلوار کو حرکت دے [16] عودَ بمعنی لکڑی وکٹی ہوئی ٹہنی اور ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے اور زبان کی جڑ کی ہڈی اور سارنگی والجمع عیدانٌ واعوادٌ واعودٌ [17] فراستی بالکسر آنکھ کو گاڑ دینا اور ظاہری نظر سے اس کے باطن کا حال معلوم کرنا، یقال فرس بالعین فواسۃً ای ادرک الباطن من نظر الظاہر از ضرب [18] لاصِل صیغہ مضارع متکلم ای لان اصل از ضرب یقال وصل الشیءُ بالشیءِ یصل وصلاً وصِلۃً جب کہ وہ جوڑے اور جمع کرے۔ ووصل بالف دینار جبکہ وہ احسان کرے ووصل وصلۃً فلانًا جبکہ وہ تعلق رکھے۔ ووصل زیدًا جبکہ وہ نیکی کرے ووصل رحم جبکہ وہ صلہ رحمی کرے، ووصل الی المکان جبکہ وہ پہنچے [19] تخطّی مصدر از باب تفعل پھاندنا اور لوگوں کی گردن سے الانگنا کو فنا یقال تخطاہ ای تجاوزہ ویقال خطا خطوًا ای مشی از نصر [20] رقاب یہ رقبۃ کی جمع ہے، بمعنی گردن اور گردن کا پچھلا حصہ ویقال رقبتہٗ ای اصبتُ رقبتہ از نصر [21] الجمع یہ مصدر ہے، بمعنی لوگوں کی جماعت والجمع جموعٌ منہ یوم الجمع یعنی قیامت کا دن [22] المنہی صیغہ اسم مفعول از نہی یقال نہاہٗ ینہاہٗ نہیًا عن کذا جبکہ وہ ڈانٹے اور منع کرے اور جس سے منع کریں، اس کو منہی عنہ کہتے ہیں۔ [23] الشرع یہ مصدر ہے۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام وبمعنی شریعت اور یہ اشارہ ہے اس حدیث کی طرف کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردن سے اُنکے اور پھاندے اُس نے اپنے لیے ایک پل دوزخ میں بنایا۔ (الحدیث) قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم من تخطی رقاب الناس یوم الجمعۃ اتخذ جسرًا الی جھنم (رواہ الترمذی)

وَعِفْتُ اَنْ يَتَاَذّٰى بِیْ تَوْمٌ۔ اَوْيَسْرِیْ اِلَی تَوْمٍ۔ فَسَدِكْتُ بِمَكَانِیْ۔ وَجَعَلْتُ شَخْصَهٗ قَیْدَ

عِيَانِي۔ اِلٰى اَنِ انْقَضَتِ الْخُطْبَةُ۔ وَحَقَّتِ الْوَثْبَةُ۔ فَخَفَفْتُ اِلَيْهِ۔ وَتَوَسَّمْتُهُ عَلَى الْتِحَامِ جَفْنَيْهِ۔ فَاِذَا الْمَعِيْتِيْ اَلْمَعِيَّةُ ابْنُ عَبَّاسٍ۔ وَفِرَاسَتِيْ فِرَاسَةُ اِيَاسٍ۔

الترجمہ والمطالب اور نیز یہ بھی بُرا معلوم ہوتا تھا کہ لوگوں کو میری ذات سے تکلیف پہنچے، یا مجھے گالیاں سُننا پڑیں۔ لہٰذا میں اپنی جگہ بیٹھے ہوئے اس پر نظریں جمائے رہا، یہاں تک کہ خطبہ پورا ہُوا (ختم ہوا) اور کُود پھاند شروع ہوگئی اب تو میں بھی اس کے قریب گیا، اور اس کی بند آنکھوں پر اُسے میں نے غور سے دیکھا، اُس وقت تو میری زیرکی حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی سی تھی، اور میری طباعی وذہانت قاضی ایاسؒ کی سی نکلی (اور میں نے جو خیال کیا تھا وہ صحیح نکلا۔)

تشریح لغات ۱؎ عفت ای کرھت یقال عاف الطعام عیفاً وعیافاً وعیانۃ ای کرھہ۔ یہ یائی ہے از ضرب وسمع اور دادی بمعنی پیاسا جانور کے پانی کے گرد پھرنے کے آتے ہیں ۲؎ یتاذی از تفعل بمعنی تکلیف پانا اور پہنچنا واصلہ ازی داذاۃ ای اصیب دباذیٰ واراہ ای اضرہ وفی التنزیل قل ہو اذیٰ۔ از سمع ۳؎ لوم مصدر بمعنی ملامت کرنا۔ یقال لامہ یلومہ لوماً ولاماً وملامۃ فی کذا وعلیٰ کذا۔ جب کہ وہ ملامت کرے۔ از نصر ۴؎ فسدکت اس میں فا عطف کے لیے یقال سدک بالامر سدکاً وسدکاً ای لزمہ ولم یفارقہ وا ولع بہ از سمع بمعنی لازم پکڑنا ۵؎ بمکانی بمعنی جگہ والجمع اماکن وامکنۃ وامکن وفی التنزیل ورفعناہ مکاناً علیاً ۶؎ شخصہ الانسان کا جثہ یا کوئی اور شئے جو دُور سے نظر آئے والجمع اشخاص واشخص وشخوص واصلہ شخص بصرہ وببصرہ شخوصاً ای رفعہ وشخص النجم ای طلع وشخص البصر ای جعل لا یطرف مع دوران فی الشخمۃ از فتح اور جعلت شخصہ الخ میں قلب مکانی ہے، اور اصل عبارت یہ ہے۔ ای جعلت عیانی قید شخصہ ۷؎ قید بالفتح جانور کے پاؤں باندھنے کی رسّی والجمع قیود واقیاد اور اس کے معنی اندازہ کے بھی آتے ہیں۔ ومنہ القیاد وہ رسی جس سے جانور کو کھینچا جائے، اور یہ باب تفعیل سے آتا ہے۔ یقال قیدہ تقییداً جبکہ وہ بیڑی ڈالے اور اس کو روکے وقید بالاحسان جبکہ وہ احسان مند بنائے۔ وقید الکتاب جبکہ وہ اعراب لگائے وقید الکاتب والمتکلم یعنی کلام کو کسی قید سے مقید کرنا وقید الحساب یعنی لکھنا وقید الخطّ جبکہ نقطے اور اعراب لگائے۔ ۸؎ عیانی یہ مصدر ہے باب مفاعلہ کا بمعنی شخص یقال لقیہ اور آہ عیاناً یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اوس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔ ۹؎ انقضت از باب انفعال بمعنی ختم ہونا یقال انقضی الشیٔ جبکہ وہ فنا ہوا اور ختم ہو۔ ۱۰؎ حقت ای وجبت از ضرب یقال حق علیہ حقاً ان یفعل کذا یعنی اس پر واجب ہوا وحق لک ان تفعل کذا وحققت ان تفعل کذا یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے۔ اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو اور از نصر وضرب یقال حق الامر حقاً وحقۃً یعنی ثابت اور واجب ہونا ۱۱؎ الوثبۃ بمعنی اُٹھ کھڑا ہونا وکودنا یقال وثب وثباً ووثوباً ووثباناً ووثاباً ووثیباً از ضرب ۱۲؎ خففت از ضرب بمعنی جلدی کرنا۔ یقال خفّ خِفّۃ وخفّاً وخفوفاً ای اسرع ۱۳؎ توسمتہ از باب تفعل بمعنی پہچاننا اس کا مصدر توسم ہے۔ یقال توسم الشیٔ ای تفرسہ ۱۴؎ التحام یہ باب افتعال کا مصدر ہے بمعنی دونوں پلکوں کا ملنا (یعنی بند ہونا) واصلہ لحم الشیٔ لحماً لامہ والتحم الشیٔ ای التصق از نصر ۱۵؎ جفنیہ یہ جفن کا تثنیہ ہے بمعنی پلک والجمع اجفان وجفون واجفن ۱۶؎ المعیتی بمعنی ذکاوت وعقل مندی منہ المعی ذکی، زیرک اور یہ ماخوذ ہے لمع لمعاً ولمعاناً ولموعاً والمعاً وتلماعاً سے ومنہ لمع البرق جبکہ بجلی چمکے ولمع فلان الباب یعنی وہ اس سے نکلا اور ظاہر ہوا ۱۷؎ ابن عباسؓ اس سے مراد حضرت عبداللہ بن عباسؓ ہیں اور آپ فقیہ عالم تھے۔ اور ذکاوت میں مشہور تھے۔ اور آپ ہجرتِ نبوی سے تین سال پہلے پیدا ہوئے تھے، حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے واسطے یہ دعا فرمائی ہے اللّٰھم فقہہ فی الدین وعلمہ الحکمۃ وتاویل القرآن آپ نہایت ذکی فصیح صحابی تھے۔ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد بھائی ہیں، حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ ابن عباسؓ فتی الکھول لہ لسان سیول وقلب عقول نیز آپ باوجود بڑے صحابہ کے موجود ہونے کے ان سے مشورہ لیتے تھے۔ اور آپ کی فطانت ضرب المثل

ہے۔ اور آپ کا مقام طائف ۲۴ھ میں انتقال ہوا ۸؎ فراستی بمعنی ذکاوت یقال فَرَسَ فراسۃً بالعین ای ثَبُتَ النظر ای ادرک الباطن من نظر الظاہر از ضرب۔ ۹؎ ایاسؔ یہ بھی فراست میں مشہور تھے۔ اور یہ شافعی المذہب تھے۔ ان کا اصلی نام ابو واثلہ ابن معاویہ ابن قرہ ابن ایاس ابن ہلال بن زباب قرنی ہے اور ایک کتاب بھی ان کی ذکاوت میں لکھی گئی ہے جس کا نام رکن ایاس ہے۔ اور آپ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں بصرہ کے قاضی تھے اور آپ کے بہت سے واقعات ہیں۔ ان میں سے ایک واقعہ آپ کا مشہور ہے۔ ایک دفعہ دو شخص مع دو شالوں کے (ایک ان میں سے سبز تھی اور دوسری سُرخ تھی) کے متعلق جھگڑا کرتے ہوئے آپ کے پاس آئے۔ ایک نے تو یہ بیان کیا کہ میں حوض میں نہانے کے واسطے اُترا اور میں نے اپنی شال باہر اُتار کر رکھ دی۔ اس کے بعد یہ شخص بھی میری شال کے برابر اپنی شال رکھ کر غسل کرنے کے واسطے گئے۔ لیکن نہا کر یہ مجھ سے پہلے نکلے اور یہ میری شال لے کر روانہ ہو گئے تو میں ان کے پیچھے دوڑا اور میں نے اُن سے کہا کہ یہ شال تو میری ہے لیکن یہ یہ کہتے رہے کہ یہ شال تو میری ہے یہ دونوں ایاس کے پاس گئے تو آپ نے یہ فرمایا کہ اگر تمہارے پاس کوئی گواہ ہو تو لاؤ تو انھوں نے یہ جواب دیا کہ ہمارے پاس تو کوئی گواہ نہیں ہے تو آپ نے فرمایا کہ تم کنگھی لاؤ تو آپ نے ایک کے سر میں کنگھی کرائی۔ اور پھر دوسری کے سر میں کنگھی کروائی۔ تو ایک کے سر میں سرخ ڈورے نکلے اور دوسرے کے سر میں سبز ڈورے نکلے تو اس کے مطابق آپ نے فیصلہ دیا اور آپ کا انتقال ۱۲۲ ہجری میں ہوا ہے۔

فَعَرَّفْتُهٗ ۱ حِيْنَئِذٍ شَخْصِيْ. وَاٰثَرْتُهٗ ۲ بِاَحَدِ قُمُصِيْ ۳. وَاَهَبْتُ ۴ بِهٖ اِلٰى قُرْصِيْ ۵. فَهَشَّ ۶ لِعَارِفَتِيْ ۷ وَعِرْفَانِيْ ۸. وَلَبّٰى ۹ دَعْوَةَ رُغْفَانِيْ ۱۰. وَانْطَلَقَ وَيَدِيْ زِمَامُهٗ ۱۱. وَظِلِّيْ ۱۲ اِمَامُهٗ ۱۳. وَالْعَجُوْزُ ۱۴ ثَالِثَةُ الْاَثَافِيْ ۱۵. وَالرَّقِيْبُ ۱۶ الَّذِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيْ. فَلَمَّا اسْتَحْلَسَ وُكْنَتِيْ ۱۷ وَاَحْضَرْتُهٗ عُجَالَةَ ۱۸ مُكْنَتِيْ.

الترجمۃ والمطالب پس میں نے اس کو اپنا تعارف کرا کے اس کو ایک کُرتہ دیا اور میں نے اس کو اپنی روٹی کی طرف بلایا۔ (یعنی میں نے اس کی دعوت کی) سو وہ میری نیکی (احسان) اور تعارف سے خوش ہوا اور اس نے دعوت منظور کر لی۔ پھر وہ چلا، اس حال میں کہ میرا ہاتھ اس کی مہار (لگام) تھی اور میرا سایہ اس کا رہبر (راستہ بتانے والا) اور بوڑھیا جو ہے کا تیسرا پازو تھی، اور چوتھا (ایسا نگہبان تھا جس پر کوئی بات چھپی ہوئی نہ تھی (یعنی خدا تعالیٰ) جب وہ میرے مکان میں مقیم ہوا اور میں نے طعام ما حضر (بقدر طاقت و وسعت) اس کو پیش کیا۔

تشریح لغات ۱؎ فعرفتہ از باب تفعیل بمعنی پہنچوانا یقال عَرَّفہ الامر یعنی اس کو واقف کرا دیا وعَرَّفہ بفلان یعنی اس کو نام بتا دیا وعرف الضالۃ یعنی اس نے گم شدہ کو ڈھونڈا وعَرَّفَ الطعام یعنی اس نے سالن زیادہ کیا ۲؎ آثرتہ از باب افعال اس کا مصدر ایثار ہے بمعنی ترجیح دینا یقال آثرہ ایثاراً اوس نے اوس پر فضیلت دی وفی التنزیل لقد آثرک اللہ علینا ۳؎ قمصی بالضم بمعنی کرتہ یہ قمیص کی جمع ہے۔ اور اس کی جمع اُقمصٌ اور قُمصانٌ بھی آتی ہے ۴؎ اہبت۔ ای دعوتہ یقال اہاب الراعی اہابۃً ای صاح لتقف اور لترجع بمعنی چیخنا وچلانا ولانا ۵؎ قرصی بالضم بمعنی چھوٹی روٹی کی ٹکیہ والجمع اقراصٌ وقُرَصَۃٌ وقِرَاصٌ واصلہ قرص العجین قرصاً ای لتہٗ از نصر ۶؎ فہش از سمع یقال ہَشّ الرجلُ ہشاشۃً ای نشط وفرح وارتاح یعنی خوش ہوا وہش الشجر ہشّاً ای خبطہ وفی التنزیل واہش بہا علیٰ غنمی از نصر ۷؎ لعارفتی یہ عارف کا مؤنث ہے۔ اور مفعول کے معنی میں ہے بمعنی عطیہ و الجمع عوارف ۸؎ عرفانی مصدر بمعنی پہچان از ضرب یقال عرف الشیءَ عرفۃً وعرفاناً ومعرفۃً جبکہ وہ پہچانے اور جانے وعرف بذنبہ جبکہ وہ اقرار کرے وعرفہ جبکہ وہ بدلہ دے۔ وعرف الامر جبکہ وہ صبر کرے ۹؎ از باب تفعیل۔ لبّیٰ از باب تفعیل یقال لبّی الرجلُ بلبی جبکہ وہ جواب دے اور لبیک کہے ۱۰؎ رغفانی بالضم بمعنی روٹی وچپاتی یہ رغیف کی جمع ہے۔ ویجمع

علی رغفة ھد غف ورغف وتراغیف یقال رغف العجین رغفا ای جمعہ وکتلہ از فتح [11] زمام بالکسر بمعنی باگ ونکیل والجمع ازمّۃ واصلہ زمہ زمّا ای ربطہ وشدہ وزم القربۃ ای ملاھا وزم البعیر بانفہ وزمّہ القوم ای تقدمھم وزم الجمال ای خطمھا وزم النعل ای جعل لھا زماما از نصر۔ [12] ظلی بالکسر بمعنی سایہ والجمع ظلال واظلال وظلول یقال ظل الیوم ظلالا لہ۔ جب کہ دن سایہ دار ہو وظلّ الشئ جبکہ لمبی ہو از سمع [13] امامہ بالکسر بمعنی پیش امام جس کی اقتداء کی جائے اس لیے کہ وہ سب سے آگے ہوتا ہے۔ اس لیے معنی آگے کے کہلاتے ہیں اور وہ ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں، اور نمونہ اور واضح راستہ اور سبق جتنا ہر روز لڑکے پڑھیں اور قرآن اور خلیفہ اور امیر لشکر اور مصلح اور منتظم کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اور بالفتح بمعنی آگے اور یہ کلمہ تحذیر بھی ہے بمعنی بچو امتیاز کرو [14] العجوز بمعنی بڑھیا والجمع عجز وعجائز [15] الاثافی یہ اثفیۃ کی جمع ہے۔ اور وہ تین پتھر ہوتے ہیں جو دیگچی کو اُن پر رکھ کر پکاتے ہیں۔ وعادت عرب آنست کہ ہرگاہ نزدیک کوہ فرود آیند دو سنگ نہند واثفیہ سوم کوہ راسازند لیس اوگراں ترین اثافی باشد وہرگاہ درجماعت شخصی ناموافق باشد گویند فلان ثالثۃ الاثافی است [16] الرقیب۔ جمع اس کی رُقباء آتی ہے بمعنی نگہبان و محافظ و منتظر اور نیز یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے بھی ہے [17] خافی بمعنی پوشیدہ چیز و پوشیدگی۔ اور خافی کے معنی جن کے بھی آتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی نظروں سے پوشیدہ ہوتے ہیں۔ [18] استحلس از باب استفعال اور یہ حِلس اور حَلَس سے ماخوذ ہے۔ بمعنی ٹاٹ بازین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا اور قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا یقال فلانٌ حلس بیتہ یعنی فلاں شخص ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے۔ اور یہ عربوں کے نزدیک قابلِ مذمت ہے وہو حِلسٌ من احلاس البلاد یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے۔ اور یہ قابل مدح ہے وکونوا احلاس بیوتکم یعنی تم ہمیشہ خانہ نشین رہو۔ اور حِلس کے معنی عہد و پیمان اور جوئے کا چوتھا تیر اور سردار اور بہادر کے بھی آتے ہیں۔ اور یہاں معنے میں لازم پکڑنے اور داخل ہونے کے ہیں۔ [19] وکنّ بالضم (پرندہ کا گھونسلہ) والجمع وکنات ووکنات ووکنات ووکن یقال وکن یکن الطائر وکنا ووکونا ببیضہ او علی بیضہ جبکہ پرندہ انڈے سیے ووکن الطائر جبکہ پرندہ گھونسلے میں داخل ہو از ضرب۔ وکنات وہ گھونسلہ جو پہاڑ پر ہو اور کُر وہ گھونسلہ جو درخت پر ہو اور عش وہ گھونسلہ جو کسی دوسری جگہ پر ہو۔ افحوص وہ گھونسلہ جو زمین پر ہو ہکذا قال استاذی مدظلہ العالی [20] عجالۃ عجالتی بالضم وہ کھانا جو جلدی سے پکایا گیا ہو۔ اور یہ بالضم زیادہ مستعمل ہے اور بالکسر بھی مستعمل ہے اور یہ عجلت سے ماخوذ ہے۔ بمعنی ما حضر من الطعام [21] مُکنتی بالضم بمعنی قدرت اور طاقت اور قوت۔

قَالَ لِیْ یَا حَارِثُ۔ اَمَعَنَا ثَالِثٌ۔ فَقُلْتُ لَیْسَ اِلَّا الْعَجُوْزُ۔ قَالَ مَا دُوْنَهَا سِرٌّ مَحْجُوْزٌ۔ ثُمَّ فَتَحَ كَرِيْمَتَيْهِ۔ وَرَأْرَأَ بِتَوْأَمَتَيْهِ۔ فَاِذَا سِرَاجَا وَجْهِهِ يَتَّقِدَانِ۔ كَاَنَّهُمَا الْفَرْقَدَانِ۔ فَابْتَهَجْتُ بِسَلَامَةِ بَصَرِهِ۔ وَعَجِبْتُ مِنْ غَرَائِبِ سِيَرِهِ۔ وَلَمْ يَلْقَنِيْ قَرَارٌ۔ وَلَا طَاوَعَنِيْ اصْطِبَارٌ۔ حَتّٰى سَاَلْتُهُ مَا دَعَاكَ اِلَى التَّعَامِيْ۔ مَعَ سَيْرِكَ فِي الْمَعَامِيْ۔

الترجمہ والمطالب

تو بولا اے حارث کیا ہمارے ساتھ کوئی اور تیسرا شخص بھی ہے؟ میں نے جواب دیا کہ سوائے بوڑھیا کے اور کوئی نہیں اس پر اس نے یہ کہہ کر (کہ اس سے کوئی بھید چھپا نہیں) اپنی دونوں آنکھیں کھول دیں اور اُن کو گھمانا شروع کیا۔ اب تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کے چہرے کے دونوں چراغ گویا تارے فرقدان کی طرح روشن ہیں۔ میں اس کی بینائی کو سلامت پا کر خوش ہُوا اور بس اس کی عجیب خصلتوں پر تعجب کرنے لگا اور مجھ سے صبر نہ ہو سکا۔ اور مجھے چین نہ پڑا۔ یہاں تک کہ میں نے اس سے دریافت کیا تجھے بتکلف اندھے بننے پر اور اس کے ساتھ ساتھ غیر مشہور راستوں میں چلنے پر کس شئے نے مجبور کیا۔

تشریح لغات

[1] سر بمعنی بھید دراز والجمع اسرار [2] محجوز اسم مفعول کا صیغہ یہ نصر اور ضرب سے آتا ہے بمعنی روکا گیا یقال حجزہ حجزا وحجازۃ بمعنی روکنا و منع کرنا و دفع کرنا یقال حجز بینہما جبکہ وہ فاصلہ کرے وحجز علیہ المال والقفاز جبکہ وہ جائیداد کو

دعویٰ کی بنا پر روکے وفی التنزیل نما منکم من احد عنہ حاجزین والحجاز سمی بذالک لکونہ حاجزا بین الشام والبادیۃ ۳؎ کریمتیہ یہ کریم کا مؤنث ہے والجمع کریمات وکرائم وکرام ہر عضو شریف جیسے ہاتھ اور کان ویقال الکریمتان یعنی دونوں آنکھیں ۴؎ رأ رأ از لبعثر بمعنی آنکھ کی پُتلی کو پھرا کر گھورنا اور دیکھنا یقال راء را ء بعینہ یعنی اوس کے حرکت دی اور گھمایا ویقال الکریمتان یعنی دونوں آسرابُ جبکہ چمکے ۵؎ توامَینۃ توام وہ دو بچے جو ایک پیٹ سے پیدا ہوں، والجمع توائم اور یہاں اس سے مراد اس کی دونوں آنکھیں ہیں۔ ۶؎ سراجا یہ سراج کا تثنیہ ہے والجمع سُرُجٌ وفی التنزیل سراجا منیرا اور اس سے مراد آنکھ ہے۔ ۷؎ وجہ بمعنی چہرہ والجمع اوجہ ووجوہ واجوہ وفی التنزیل ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام۔ اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے۔ یقال وجھہ فلان وجھًا ای ضرب علی وجھہ اوصارا وجیہ منہ عند الناس ووجہ وجاھۃ ای صار وجیھا از کرم ۸؎ یقدآن یہ وقود سے مشتق ہے۔ بمعنی آگ کا بھڑکنا۔ یقال وقدت النار وقدًا ووقودًا ای اشتعلت والوقود۔ وہ لکڑی جو آگ جلانے کے لیے لگائیں واقد النار واستوقدھا ای اشعلھا فاستوقدت اور استیقاد یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ از ضرب ۹؎ الفرقدآن یہ دو ستارے ہیں۔ جو قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارے کا نام ہے۔ اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا اور تازہ جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں تارے فرقدان کہلاتے ہیں ۱۰؎ ابتہجت از باب اِفتعال بمعنی خوش ہونا یقال ابتھج بہ ای فرح ویقال بھجہ بھجا د بھجہ ای افرحہ وسرہٗ از فتح د بھجہ د بھجا ای سربہ وبابہ سمع وبھج بھاجۃ ای حسن از کرم وفی التنزیل حدائق ذات بھجہ وانبتنا فیھامن کل زوج بھیج۔ ۱۱؎ بصرہ بمعنی نظر والجمع ابصار اور بصیرت کی جمع بصائر آتی ہے۔ بمعنی دل سے معلوم کرنا ۱۲؎ غرائب بمعنی عجیب وغیر مانوس باتیں اور یہ غریبۃ کی جمع ہے۔ ۱۳؎ سیرہ یہ سیرت کی جمع ہے اور اس سے یہاں عجیب باتیں مراد ہیں۔ وفی التنزیل سنعیدھا سیرتہا الاُولی اور یہاں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے۔ ای من سیرہ غرائب ۱۴؎ ولم یلقنی از لقی یلقی بمعنی ملنا واستقبال کرنا وپانا ودیکھنا یقال لقی فلانا یلقی لقاءً ولقاءۃ ولقایۃ ولقاءۃ ولقیانا ولقیانًا ولقیانۃ ولقیا ولقیا ولقیۃ ولقیتہ ولقی از سمع ۱۵؎ قرآر با لفتح بمعنی ٹھیرنے کی جگہ وسکون واطمینان حاصل ہونے کی جگہ اور القرار کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھیرے۔ یقال قرّ فی مکانہ قرارًا اذا ثبت وقرّ علی الامر۔ جبکہ وہ ثابت رہے اور ٹھیرے اور قرار پکڑے از سمع وضرب ۱۶؎ طاوعنی از باب مفاعلہ اور یہ طوع سے مشتق ہے۔ بمعنی تابعداری کرنا یقال طاع یطوع ویطاع طوعًا لفلان۔ جبکہ وہ فرمانبردار اور تابعدار ہو از نصر وکذا اطاعہ اطاعۃً وطاعۃً وانطاع انطیاعًا۔ ۱۷؎ اصطبار یہ مصدر باب افتعال کا ہے بمعنی صبر کرنا یقال اصطبر وسمی واصبر علیہ۔ جبکہ وہ صبر کرے واصطبر منہ جبکہ وہ بدلہ لے واعلم ان معنی الصبر الحبس فان کان حبس النفس لمُصِیبَۃٍ سُمّی صبرًا لاغیر وضدہٗ الجزع وان کان فی حرب سمی شجاعۃ وضدہٗ الجبن وان کان فی نائبۃ مضجرۃ سمی رحب الصدر وضدہ الضجرۃ وان کان فی امساک الکلام سمی کتمانا وضدہٗ المذل وقد سمی اللہ تعالیٰ کل ذالک صبرا ولھذا سمی الصوم صبرًا از ضرب ۱۸؎ التعامی یہ باب تفاعل کا مصدر ہے۔ اور یہ عمی سے ماخوذ ہے بمعنی بتکلف اندھا بننا ۱۹؎ المعامی ای مجاہل الارض (اندھا راستہ اور بے نشان زمین اور یہ معمیۃٌ کی جمع ہے۔ یقال مکان عمی واعمیٰ ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے۔ اور یہ عمی عن الشئ سے ماخوذ ہے۔ ای لم یھتد الیہ اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے۔ یقال عمی یعمیٰ عمیً جبکہ وہ اندھا ہو۔

وَجَوْبِكَ الْمَوَامِيَ۔ وَاِيْغَالِكَ فِي الْمَرَامِيْ۔ فَتَظَاهَرَ بِاللُّكْنَةِ۔ وَتَشَاغَلَ بِاللُّهْنَةِ۔ حَتّٰى اِذَا قَضٰى وَطَرَهٗ۔ اَتَاَدَّرَكَى نَظَرَهٗ۔ وَاَنْشَدَ ؎

وَلَمَّا تَعَامَى الدَّهْرُ وَهُوَ اَبُو الْوَرٰى | عَنِ الرُّشْدِ فِيْ اَنْحَائِهٖ وَمَقَاصِدِهٖ
تَعَامَيْتُ حَتّٰى قِيْلَ اِنِّيْ اَخُوْ عَمًى | وَلَا غَرْوَ اَنْ يَحْذُوْا الْفَتٰى حَذْوَ وَالِدِهٖ

ثُمَّ قَالَ لِیْ إِنْهَضْ إِلَی الْمُخْدَعِ فَائْتِنِیْ بِغَسُوْلٍ یَرُوْقُ الطَّرْفَ ۔ وَیُنْقِیْ الْکَفَّ ۔ وَیُنَعِّمُ الْبَشَرَةَ وَیُعَطِّرُ النَّکْهَةَ ۔ وَیَشُدُّ اللِّثَةَ ۔ وَیُقَوِّیْ الْمِعْدَةَ ۔

الترجمة والمطالب اور جنگل کے طے کرنے اور شہر در شہر پھرنے پر تجھے کس چیز نے مجبور کیا۔ پس اُس نے لکنت (ہکلاپن) سے مدد چاہی اور وہ ناشتہ میں مصروف ہو گیا۔ یہاں تک کہ جب اس کی حاجت پوری ہو گئی، اس کا پیٹ بھر گیا۔ تو اس نے مجھے ذرا غور اور تیز نظر سے دیکھا، اور اس نے یہ شعر پڑھے۔ یہ زمانہ جو مخلوق کا باپ ہے (یا عالم کا) جب وہ اپنے طریقوں اور غراض و مطالب میں بن گیا ہے۔ تاکہ یہ کہا جائے کہ میں اندھوں کا صاحب ہوں اور اگر لڑکا اپنے باپ کے قدم بقدم چلے تو کوئی تعجب کی بات نہیں پھر وہ بولا کہ اُٹھ کوٹھڑی (بخاری) میں سے (ہاتھ منہ دھونے کا) سامان لا جو آنکھوں کو اچھا معلوم ہو۔ اور وہ ہاتھوں کو صاف کرے اور جلد کو ملائم (صاف) کرے اور وہ مسوڑوں کو مضبوط کرے۔ اور منہ کی بُو کو خوشبودار بنائے۔ اور معدے کو قوت (طاقت) دے۔

تشریح لغات ۱؎ جوب مصدر از نصر یقال جاب البلاد وجَوْباً وتجواباً بمعنی طے کرنا وجاب الثوب جوباً جبکہ کاٹے وجاب الصخرة جبکہ چٹان کو تراشے ۲؎ الموامی اس کا واحد مَوْمَاة اور مُوماءٌ ہے بمعنی جنگل۔ ۳؎ وایغالک مصدر از باب افعال بمعنی جلدی کرنا اور گھسنے میں جلدی کرنا۔ یقال اوغل فی السیر ای اسرع ووغل یغل وغولاً فی الشئی ای دخل فیہ توارای بہ واستتر ذھب وابعد۔ از ضرب۔ ۴؎ المرامی یہ مرمیٰ کی جمع ہے بمعنی تیر پھینکنے کا آلہ اور مرمیٰ مصدر میمی بھی ہے۔ بمعنی تیر پھینکنے کی جگہ اور یہاں اس سے مراد مقاصد اور وہ شہر جہاں سے دوسرے شہروں کو جایا جائے۔ یقال ہذا الکلام بعید المرامی یعنی یہ کلام دور رس ہے۔ وما ابعد مرمیٰ ہمتہ یعنی اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے۔ ولہ ہمۃٌ قصیتہ المرمیٰ یعنی اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔ ۵؎ فتظاہر مصدر از باب تفاعل بمعنی مدد چاہنا و ظاہر ہونا۔ وتظاہر بالشئی ظاہر کرنا اور تظاہر القوم ایک دوسرے سے دور ہونا۔ اور ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ۶؎ باللکنة مصدر بمعنی ہکلاپن و تتلاہٹ اور یہ سمع سے آتا ہے یقال لکن الرجل لکناً ولکنةً ولکونةً ولکونتہ جبکہ وہ گفتگو میں اٹکے اور ہکلائے ۷؎ تشاغل از باب تفاعل بمعنی مشغول ہوا التشاغل اس کا مصدر ہے یقال تشاغل بکذا جبکہ وہ مشغول ہو اللہنة بالضم تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ۸؎ وتحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے والجمع لہن یقال لہنہٗ والہنہ ای اعطاہ اللہنة اور اس کا ثلاثی مستعمل نہیں ۹؎ وطرہ بمعنی آرزو و حاجت و مطلوب والجمع اوطار یقال قضی منہ وطرہٗ واوطارہٗ یعنی اس نے اپنی حاجت پوری کی ۱۰؎ اثار بمعنی تیز کیا گھوڑا اور لگاتار دیکھنا۔ از فتح واوا قارہٗ بالعصا جبکہ وہ لاٹھی سے مارے ۱۱؎ تعامی از باب تفاعل بمعنی بتکلف اندھا بننا اور یہ عمیٰ سے مشتق ہے ۱۲؎ الدہر بمعنی زمانہ طویل و لمبی مدت و دم انسان یعنی انسان کی زندگی گذارنے کا زمانہ۔ دہر عصر کا مرادف ہے۔ بمعنی مصیبت و غایت و عادت والجمع اُدْہُر و دُہُوْرٌ اور ابو الوری یہ زمانہ کی کنیت ہے۔ اس لیے کہ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ زمانہ موثر ہے۔ اور یا اس لیے کہ زمانہ غالب ہے ۱۳؎ الرشد مصدر بالضم بمعنی ہدایت یقال رشد رشداً ورشاداً از نصر و رشد از سمع رشداً بمعنی ہدایت پانا۔ وراہِ راست پر چلنا ورشد امرہٗ یعنی وہ ہدایت یافتہ ہے۔ ۱۴؎ انحائہ بمعنی طریقہ و جانب و جہت و راستہ و مثل و مقدار و قصد و ارادہ اور یہ بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ویقال نحی الشئی نحواً ای قصدہٗ از نصر۔ ۱۵؎ مقاصد یہ مقصد کی جمع ہے بمعنی ارادہ و مکان و قصد ۱۶؎ تعامیت یہ لما کا جواب ہے۔ از باب تفاعل بمعنی بتکلف اندھا ہونا ۱۷؎ اخو عمیٰ مشتق کی جگہ جب نسبت سے بولا کرتے ہیں۔ تو اس سے مبالغہ مراد ہوتا ہے۔ اس سے مراد اندھا ہونا ہے نہ کہ صاحب اندھا۔ ۱۸؎ لا غرو ای لا عجب یہ نصر سے آتا ہے یقال غرا الرجل لیغرو غرواً جبکہ تعجب کرے ۱۹؎ یحذو حذواً اور حذاءً اس کے مصدر آتے ہیں۔ یقال حذی حذواً وحذاءً ای اقتفٰی بہ یعنی کام کرے از نصر ۲۰؎ والد بمعنی باپ والجمع والدون اور والدان ماں باپ کو کہتے ہیں ۲۱؎ انہض اس کا مصدر نہض و نہوض ہے بمعنی اٹھنا از فتح یقال نہض

عن مکانہ نہضاً ونہوضاً ای قام عنہ وانہض الی عدوہ ای اسرع ۲۲؎ المخدع بالکسر وضم المیم بمعنی بڑے گھر کے اندر جو چھوٹا گھر ہو جس کو ہمارے یہاں بخاری کہتے ہیں۔ والجمع مخادع ۲۳؎ بغسول وہ چیزیں جو نہانے میں استعمال ہوں مثلاً گرم پانی صابن اپٹنا بیسن وغیرہ ۲۴؎ یروق از نصر بمعنی پسند آئے اور خوش کرے۔ اور تعجب میں ڈالے۔ یقال راقہ روقاً وروقاناً جبکہ پسند آئے ۲۵؎ الطرف بالفتح بمعنی نظر و آنکھ و کسی چیز کا کنارہ و ہر شئی کا منتہیٰ والجمع اطراف اور بالکسر بمعنی اصیل گھوڑا ۲۶؎ ینقی از افعال اس کا مصدر انقاء ہے۔ بمعنی پاک وصاف کرنا یقال انقاہ ای نظفہ اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے ۲۷؎ الکف مصدر بمعنی ہاتھ یا ہتھیلی معہ انگلیوں کے والجمع اکف ۲۸؎ ینعم از باب تفعیل بمعنی اچھا کرنا یقال نعم الشئی ای جعلہ ناعماً واصلہ نعم نعومۃ ای للان ازکرم ۲۹؎ البشرۃ۔ محرکۃ بمعنی ظاہر جلد یعنی کھال کا اوپر کا حصہ والجمع بشر ۳۰؎ یعطر از باب تفعیل بمعنی معطر کرنا اور خوشبودار کرنا و یقال عطر عطراً بمعنی تطیب از سمع وعطرہ ای طیبہ، والعطر الطیب مطلقاً والجمع عطور ۳۱؎ النکہۃ بمعنی مہکنا اور منہ کی بو و خوشبو اور یہ "نکہ" کا اسم مرت ہے واصلہ نکہ نکہاً ای شم ریح فمہ از سمع ۳۲؎ لیشد از نصر بمعنی مضبوط کرنا۔ یقال شددت الشئی ای قویت والشدت تستعمل فی البدن وفی العقد وفی قوی النفس وفی العذاب فی التنزیل کانوا اشد منہم قوۃ وعلمہ شدید القوی ۳۳؎ اللثۃ بمعنی مسوڑھا والجمع لثیٰ ولثات اور یہ یائی ہے یقال لثی القدر لثی ای لحسہا از سمع ۳۴؎ یقوی از باب تفعیل بمعنی قوت اور طاقت دینا ۳۵؎ المعدۃ بالکسر وہ جگہ جہاں کھانا ہضم ہوتا ہے۔ وھی للانسان بمنزلۃ الکرش للحیوانات والجمع معد یقال معد الشئی معدہ ای اختلسہ ومعدہ الرحیل ای اصاب معدتہ از فتح۔

وَلْیَکُنْ نَظِیْفَ الظَّرْفِ۔ اَرِیْجَ الْعَرْفِ۔ فَتِیَّ الدَّقِّ۔ نَاعِمَ السَّحْقِ۔ یَحْسِبُہُ اللَّامِسُ ذَرُوْرًا وَیَخَالُہُ النَّاشِقُ کَافُوْرًا۔ وَاقْرُنْ بِہٖ خِلَالًا نَقِیَّۃَ الْاَصْلِ۔ مَحْبُوْبَۃَ الْوَصْلِ۔ اَنِیْقَۃَ الشَّکْلِ۔ مَدْعَاۃً اِلَی الْاَکْلِ۔ لَہَا نَحَافَۃُ الصَّبِّ۔ وَصَقَالَۃُ الْعَضْبِ۔ وَاٰلَۃُ الْحَرْبِ وَلُدُوْنَۃُ الْغُصْنِ الرَّطْبِ۔

الترجمہ والمطالب ہاں یہ بھی ضرور ہے کہ پاکیزہ برتن میں ہو اور وہ نفیس خوشبودار ہو اور تازہ کوٹی ہوئی ہو۔ اور باریک پسی ہوئی ہو۔ جو اس نے چھونے والا ذرور خیال کرے۔ اور سونگھنے والا کافور سمجھے۔ اور اس کے ساتھ ایک دانتوں کے پیسے خلال بھی لانا۔ جو اپنی اصل کے اعتبار سے وہ پاکیزہ ہو۔ اور اس کی ملاقات پسندیدہ ہو۔ اور وہ خوبصورت ہو اور کھانے کو رغبت دلانے والا ہو۔ اور عاشق کی طرح وہ لاغر ہو۔ اور شمشیر (تلوار) کی طرح وہ صاف اور منجھا ہوا ہو اور لڑائی کا آلہ ہو (یعنی اس کی نوک باریک ہو) اور تر شاخ (ٹہنی) کا وہ چھلا ہوا ہو۔

تشریح لغات ۱؎ نظیف بمعنی پاک وصاف و پاکیزہ ای النقی من الدنس والوسخ والجمع نظفاء و یقال نظف الشئی نظافۃً جب کہ وہ پاک ہو از کرم ۲؎ الظرف بمعنی برتن والجمع ظروف ۳؎ اریج بمعنی عمدہ خوشبو مہک والی یقال ارج ارجاً وارجاً۔ ای فاحت منہ رائحۃ طیبۃ از سمع ۴؎ العرف بالفتح بمعنی مطلق خوشبو واکثر استعمالہ فی الطیبۃ یعنی عمدہ خوشبو یقال عرف عرفاً الکؤمن الطیب وعرف الشئی ای طیبۃ از سمع۔ ۵؎ فتی بمعنی تازہ و نئی اور اس کے اصل معنی ہر شئے کے جوان و عمدہ کے آتے ہیں۔ والجمع فتاء وافتاء ۶؎ الدق یہ مصدر ہے۔ بمعنی کوٹنا از ضرب یقال دق دقۃً جبکہ وہ باریک ہو۔ ۷؎ السحق یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ اور یہ مصدر ہے بمعنی گھسنا یقال سحقہ سحقاً ای دقہ اشد الدق واہلکہ از فتح وسحق سحقاً ای بعد از باب سمع ۸؎ اللامس اسم فاعل کا صیغہ لمس مصدر بمعنی چھونا از نصر وضرب یقال لمس الشئی جبکہ وہ طلب کرے ولمس لمساً جبکہ وہ چھوئے اور لمس کے معنی جماع کے بھی آتے ہیں۔ جیسا کہ قرآن شریف میں ہے لامستم النساء اور ایک قرأت میں ہے لمستم ۹؎ ذرورا یہ ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے، جو نہایت باریک پسی ہوئی ہوتی ہے۔ والجمع اذرۃ و ذرائر ۱۰؎ یخالہ از خال یخال خیلاً وخیلاً وخالاً وخیلۃ وخیلانا وخیلولۃ ومخیلۃ ومخالۃ۔ یقال خال الشئی جبکہ وہ خیال کرے اور گمان کرے، اور اس کا

واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَالُ اور اِخَالُ آتا ہے، اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔ ۱۱ الناشق یہ نشق سے ماخوذ ہے بمعنی سونگھنا یقال نشق الریح نشقاً ونشقاً ای شمہا از سمع ۱۲ کافور یہ ایک خوشبودار گھاس ہے اور کافور (کپور) کھجور کا شگوفہ اور کھجور کے شگوفے کا غلاف اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ والجمع کوافیر وکوافر ۱۳ اقرن امر حاضر کا صیغہ از ضرب یقال قرن الشئ وبالشئ قرناً جبکہ وہ باندھے اور ملائے وقرن الثورین جبکہ دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھے وقرن البعیرین جبکہ وہ دو اونٹوں کو ایک رسی میں باندھے۔ ۱۴ خلالۃ سوراخ کرنے کا آلہ وہ تنکا وغیرہ جس سے دانتوں کے درمیان سے گوشت وغیرہ نکالا جائے۔ اور یہی اخیر معنی یہاں مراد ہیں۔ ۱۵ نقیۃ بمعنی صاف وپاک از سمع والجمع نقایا اور نقی کی جمع نقاءٌ اور انقیاء اور نقواءٌ آتی ہے ۱۶ الاصل یہ فرع کی ضد ہے بمعنی جڑ والجمع اصول اور یہاں نقیۃ الاصل میں اضافت لفظیہ ہے۔ ای نقیۃ اصلہا اسی طرح ۱۷ محبوبۃ الوصل میں اضافۃ لفظیہ ہے ای محبوبۃ وصلہا اسی طرح ابنقۃ الشکل ای ابنقۃ شکلہا۔ ۱۸ اینقۃ بمعنی عمدہ یقال انق انقاً ای فرح وانق الشئ ای احبہ وانق بہا ای اعجب بہا از سمع ۱۹ الشکل بمعنی صورت ومشابہت ونظیر وشکل معاملہ ومقصد وارادہ والجمع اشکالٌ وشکولٌ۔ ۲۰ مدعاۃ بمعنی بلانا وسبب دکھانے کی دعوت ۲۱ نخافۃ بمعنی لاغری وقلیل اللحم جو خِلقۃً ہو اور دبلے پن کی وجہ سے نہ ہو۔ یقال نحف فلان نخافۃ فہو نخیف وہو نحفاء ونخاف یقال رجل نخیف اذا کان خفیف اللحم خلقۃ لا ھز الاثم قفیف ثم ضرب ثم شخت ثم سوع فۃ۔ الافتنا ازسمع وکرم ۲۲ الصب بمعنی عاشق والجمع صبُّون یقال صبَّ الیہ صبابۃً ای کلف از سمع ۲۳ صنفاقۃ بمعنی منجی بوئی اور رصاف کی بُوئی اور یہ سمع سے آتا ہے ۲۴ العضب بمعنی تلوار قاطع یقال عضبہ عضباً ای قطعہ از ضرب ۲۵ آلۃ الحرب آلہ بالمد بمعنی ادات (سامان) وبتشدید اللام بمعنی حربہ (جنگ کا سارا سامان) الحرب بمعنی لڑائی والجمع حروب یقال حرب الرجل حرباً ای سلب مالہ وترکہ بلاشئ از نصر ۲۶ لدونۃ بالضم بمعنی لچکدار ونرم یقال لدن ولدانۃ۔ کان لینا از کرم ۲۷ الغصن بمعنی شاخ وٹہنی والجمع اغصانٌ وغصونٌ وغصنۃ یقال غصن الغصن غصناً ای قطعہ از ضرب ۲۸ الرطب بمعنی تر وعمدہ نرم خلاف یابس یقال رطب البسر رطابۃ ای صار رطباً از نصر

قَالَ فَنَهَضْتُ فِيْمَا أَمَرَ ـ لِاَدْرَأَ عَنْهُ الْغَمَرَ ـ وَلَمْ أَهِمْ إِلَى أَنَّهُ قَصَدَ أَنْ يَخْدَعَ ـ بِإِدْخَالِي الْمَخْدَعَ ـ وَلَا تَظَنَّيْتُ أَنَّهُ سَخِرَ مِنَ الرَّسُوْلِ ـ فِي اسْتِدْعَاءِ الْخِلَالَةِ وَالْغَسُوْلِ ـ فَلَمَّا عُدْتُ بِالْمُلْتَمَسِ ـ فِي أَقْرَبَ مِنْ رَجْعِ النَّفَسِ ـ وَجَدْتُ الْجَوَّ قَدْ خَلَا ـ وَالشَّيْخَ وَالشَّيْخَةَ قَدْ أَجْفَلَا ـ فَاسْتَشَطْتُ مِنْ مَكْرِهٖ غَضَبًا ـ وَأَوْغَلْتُ فِي إِثْرِهٖ طَلَبًا ـ فَكَانَ كَمَنْ قُمِسَ فِي الْمَاءِ ـ أَوْ عُرِجَ بِهٖ إِلَى عَنَانِ السَّمَاءِ ـ

الترجمۃ والمطالب راوی (حارث بن ہمام) نے بیان کیا کہ میں اس کے کہنے (تعمیل حکم) سے اٹھا تاکہ میں اس کی بساند کو دُور کردوں میں نے یہ گمان نہیں کیا کہ وہ مجھے کمرے (بخاری) میں بھیج کر دھوکہ دینا چاہتا ہے اور نہ میں نے یہ خیال کیا کہ خلال واشنہ قاصد سے مانگ کر وہ مجھ سے مسخرہ پن کر رہا ہے۔ جب میں اس کی مطلوبہ اشیاء کے دم زدن میں (فوراً) واپس آیا تو میں نے صحن کو خالی پایا۔ بوڑھا اور بوڑھیا جا چکے تھے۔ مجھے اس کے دھوکہ دینے پر سخت غصہ آیا۔ اور میں اس کے پیچھے دوڑا مگر وہ دونوں (ایسے ہوگئے (ایسے ہوا ہوئے) جیسے کوئی پانی میں غوطہ مار جائے یا آسمان کے ابر کی طرف اٹھالیا گیا ہو۔

تشریح لغات ۱ فیما امر ای فی امتثال ما امر۔ ۲ لادرا از فتح بمعنی دفع کرنا یقال درائید راً ودراً ودرءۃً بمعنی سختی سے دفع کرنا وفی التنزیل ویدرؤن بالحسنۃ السیئۃ ۳ الغمر مصدر محرکۃ بمعنی گوشت کی بدبو وگوشت کی ہمنا ہٹ و ناتجربہ کاری وجاہل وکینہ والجمع غمورٌ ۴ لم اہم از ضرب یقال وہم فی الشئ یہم وہماً یعنی ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔ وہم الشئ خیال کرنا۔ تصور کرنا ۵ المخدع بالکسر

استفعال استیفاء مصدر بمعنی پورا کرنا لله الیمین بمعنی قسم والجمع ایمانٌ وفی التنزیل لایؤاخذکم الله باللغو فی ایمانکم ۱۲ه جدله از باب تفعیل بمعنی پچھاڑ دینا یقال جَدَلَ الرجل جَدَلاً ای اشتدت خصومته از سمع واعلم انه یقال ضربه فجدّله اذا القاه علی الارض وقطّره اذا القاه احد قطریه ای جانبیه واتکاه اذا القاه علی هیئة المعکی وسلقه اذا القاه علی ظهره وبطحه اذا القاه علی صدره ونکته اذا نکسه علی راسه وکبّه اذا القاه علی وجهه وتلّه اذا القاه علی جبینه ومنه فی القرآن وتلّه للجبین ۔ ۱۳ه خاسیا ای مقهورا وبعیداً من العمران بحیث لایراه احد (دھتکارا ہوا) اور یہ ضمیر مفعول سے حال ہے۔ یقال خسأت الکلب ای زجرته خسأ ای انزجر از فتح اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہے ۱۴ه افاح از باب افعال بمعنی اراق دمه یقال فاحت الشجة فوحًا ای انصبّت منها الدم از نصر ۱۵ه خالیًا ای منفردا ولیس معه احد (تنہا واکیلا) یقال خلی معه علی خرة وخلوة وخلا الرجل خُلُوًّا وخلاءً ای انفرد فی مکان ومن الاول قوله تعالیٰ واذا خلوا الی شیاطینهم از نصر ۱۶ه ثم مشاهد ثَم یہ اشارہ بعید کے لیے ہے اور مشاہد بالفتح بمعنی دیکھنے والا یقال شاهده مشاهدةً جبکہ وہ معاینہ کرے اور دیکھے ۱۷ه ولتی تولیتہ مصدر از باب تفعیل بمعنی حاکم بنانا واختیار دینا ۱۸ه تلقینہ ای القاء الیمین یقال لقن الکلام فلان لقنا ولقانیة وتلقّن منہ الکلام ای اخذ عنه مشافهة وفهمه ولقّنه ای فهّمه مشافهة از سمع ۱۹ه یمین از ضرب یمَن مصدر بمعنی جھوٹ بولنا یقال مان یمین مینًا جبکہ وہ جھوٹ بولے ۲۰ه وجد مصدر بمعنی حزن وغم یقال وجد یجد وَجْدًا وجِدَةً وموجدةً ووجدانا علیه جبکہ وہ غضبناک ہو وہ جدلہ جبکہ وہ غمگین ہو از ضرب ۲۱ه المتهالک اسم فاعل کا صیغہ بمعنی ہلاک ہونے والا یقال تهالک فی الامر والعدو ای جُدَّ فیه مستعجلا وتهالک علی الشیٔ ای اشتد حرصه علیه یقال انا متهالک فی مودتک وتهالک علی الفراش ای تساقط علیه وتهالک فی مشیه ای تمائل والمجرد من سمع وضرب وفتح معناه فنی ومات وهلک علیه والیه ہلاکا لالچی ہونا وبہت خواہش مند ہونا ۲۲ه الجباه یہ جبهة کی جمع ہے بمعنی پیشانی ۲۳ه بالطرر یہ طرۃ کی جمع ہے۔ بمعنی گیسو وہی اعتدال الشعر علی الجبهة ۲۴ه بالحور بمعنی سیاہی وسفیدی کی شدت فهو اتساع سوادیا کہوفی اعین الظباء یقال حورت العین حورًا ای اشتد بیاض بیاضها وسواد سوادها فهی حوراء والجمع حُورٌ واعلم ان من محاسن العین للحور وهو کما عرفت ومنها الدعج وهو ان تکون العین شدیدة السواد مع سعة المقلة والبرج شدة سوادها وشدة بیاضها والنجل سعتها والکحل سواد جفونها من غیر کحل والوطف طول اشفارها وتمامها (فقه اللغة)

وَالْحَوَاجِبَ بِالْبَلَجِ۔ وَالْمَبَاسِمَ بِالْفَلَجِ۔ وَالْجُفُوْنَ بِالسَّقَمِ۔ وَالْاُنُوْفَ بِالشَّمَمِ۔ وَالْخُدُوْدَ بِاللَّهَبِ۔ وَالثُّغُوْرَ بِالشَّنَبِ۔ وَالْبَنَانَ بِالتَّرَفِ۔ وَالْخُصُوْرَ بِالْهَيَفِ۔ اِنِّيْ مَا قَتَلْتُ ابْنَكَ سَهْوًا وَلَا عَمْدًا۔ وَلَا جَعَلْتُ هَامَتَهٗ لِسَيْفِيْ غِمْدًا۔ وَاِلَّا فَرَمَى اللّٰهُ جَفْنِيْ بِالْعَمَشِ۔ وَخَدِّيْ بِالنَّمَشِ۔ وَطُرَّتِيْ بِالْجَلَحِ۔ وَطَلْعِيْ بِالْبَلَحِ۔ وَرِمَادِيْ بِالْبَهَارِ۔ وَمِسْكِيْ بِالْبُخَارِ۔

الترجمۃ والمطالب اور ابرؤوں (بھوؤں) کو کشادگی سے اور دانتوں کو فصل وجھریوں یعنی دانتوں کی کشادگی سے اور پلکوں کو نزاکت سے (باریک ہونے کی وجہ سے) اور ناکوں کو بلند ہونے سے اور رخساروں کو سرخی سے اور دانتوں کو تازگی رونق وچمک سے اور پوروؤں کو نرمی سے اور کمروں کو پتلے پن سے زینت دی ہے) میں نے تیرے بیٹے کو قصدًا مارا ہے اور نہ بھول کر اور نہ اس کے سر کو اپنی تلوار کا نیام بنایا ہے وگرنہ اگر مارا ہو تو خدا میری پلکوں کو گرانے سے (یا ضعف بصر یا چندھا ہونے سے) اور میرے رخساروں کو داغوں (نقطہ سیاہ وسفید سے) اور میری گیسوؤں کو بال گرانے سے (اڑنے سے) اور

میرے سفید دانتوں کو سبزی سے اور میرے رخسار وچہرہ یا گالوں، کو نرگس زردی کی زردی سے اور میری خوشبو کو بدبو سے)

تشریح لغات

۱ الحواجب بمعنی ابروؤں بھوؤں اور یہ حاجب کی جمع ہے اور اس کی جمع حواجیب بھی آتی ہے وبمعنی آفتاب کی شعاعیں وچیز کا کنارہ وآفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو و دربان ۲ بالبلج کشادگی مابین الحاجبین وھوا لفصل ما بین الحاجبین یقال بلج الصبح بلوجًا ای اشرق واضاء از نصر واعلم انھم یعدون البلج والزجج من محاسن العیون والقرن والذبب والمحط من معا یبھافاما الزجج فدقة الحاجبین وامتداد ھما حتی کانھما خطا بقلم واما البلج فھوان تکون بینھما فرجة والعرب تکرہ القرن وھواتما لھما والذبب کثرة شعرھما والمعط تساقط الشعر عن بعض اجزاء ھا وفقہ اللغة) ۳ المباسم یہ مبسم کی جمع ہے بمعنی موضع الضحک والمراد الافواہ والاسنان ۴ بالفلج ھو التفرق فی الاسنان خلقة یقال فلج فلجا اذا کان فی اسنانه تفرق از سمع (یعنی دانتوں کی کشادگی) ۵ الجفون یہ جفن کی جمع ہے بمعنی پلک (غطاء العین) ۶ بالسقم السقم الجفون ای ضعفھا ورقتھا (یعنی اوس کی نزاکت) یقال سقم سقمًا ای مرض از سمع وفی التنزیل انی سقیم ۷ الانوف یہ انف کی جمع ہے بمعنی ناک وپہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ وانف کل شئی ہر چیز کی ابتداء ۸ بالشم (بلندی) الارتفاع یقال شم الجبل اوالانف ای ارتفع اعلاہ از سمع واعلم ان الشمم ھو ارتفاع قصبة للانف مع استواء اعلاھا وھذا من محاسن الانف عندھم وکذلک یعدون القنا من محاسنه وھو طول الانف ودقة ارنبة مع حدب وسطه. ومن اوصاف الانف الفطس وھو تطامن قصبته مع ضخم ارنبته. والخنس وھو تاخر الانف من الوجه وایضًا الذلف وھو شخوص طرفه مع صغر ارنبته والخثم عرض الانف والقحم اعوجاج الانف ومن عوارض الانف الخشم وفقدان حاسة الشم والخزم وھو شق فی المنخرین.
۹ الخدود یہ خد کی جمع ہے بمعنی رخسارہ ۱۰ باللھب بمعنی سرخی اللھب ھو حرکة النار ویقال لحرکة الھواء الریح ولحرکة الماء الموج ولحرکة الارض زلزلة وھھنا اللھب کنایة عن احمرار الوجنتین یقال لھبت النار لھبًا ای اضطربت از سمع ....
۱۱ الثغور یہ ثغر کی جمع ہے بمعنی دانت ۱۲ بالشنب بمعنی تیزی وخوش آبی ودانتوں کی تازگی ای ماءٗ ورقته وعذوبته الاسنان ۱۳ البنان ای اطراف الاصابع (پورو ے) اور یہ بنانةٌ کی جمع ہے وفی التنزیل بلٰی قادرین علی ان نسوی بنانه ۱۴ بالترف المترف التنعم یقال ترف ترفا وترفًا ای تنعم فھو ترف وتریف از سمع والترفة النعمة ورغد العیش والمترف الجبار المتنعم الذی یصنع مایشاء ولا یمنع ۱۵ الخصور یہ خصرٌ کی جمع ہے بمعنی کمر، کوکھ، کولھا ۱۶ بالھیف بمعنی باریکی وپتلا ہونا یقال ھیف الغلام یھیف ھیفًا ای ضمر بطنه ورقت خاصرتا از سمع واعلم ان الھیف من اوصاف البطن المحمودة ومن اوصاف الرجل وھو عظم البطن والجبن وھو خروجه والنجل وھو استرخاؤہ والقمل وھو ضخمه ۱۷ سھوًا یہ مصدر ہے از نصر بمعنی بھول کر یقال سھا فی الامر وعن الامر یسھو سھوًا وسُھوًّا جب کہ وہ غافل ہو اور بھولے اور دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا یقال سھا الیه جبکہ وہ پست نگاہ سے دیکھے ۱۸ عمدًا یہ مصدر ہے بمعنی قصدًا یقال فعله عمدًا وعن عمد جبکہ وہ جان بوجھ کر کرے وفعله عمد عین وعمدًا علی عین جبکہ وہ کوشش اور یقین کے ساتھ اس کو کرے ازضرب ۱۹ ہامته بمعنی سر کھوپڑی الھامة وسط الراس والجمع ھامٌ وھامات ۲۰ لسیفی بمعنی تلوار والجمع اسیافٌ وسُیُوفٌ واسیفٌ وسیفةٌ یقال سافه سیفًا ای ضربه بالسیف ازضرب ۲۱ غمدا بالکسر بمعنی نیام تلوار وھو جفن السیف والجمع اغماد وغمودٌ یقال غمد السیف غمدًا ای ادخله فی الغمد ازضرب نصر ۲۲ بالعمش بمعنی ضعف بصر جس کی وجہ سے ہر وقت آنکھوں سے پانی بہے وھو ضعف البصر مع سیلان الدمع فی اکثر الاوقات یقال عَمِشَتِ العینُ عَمَشًا ای ضعف البصر مع سیلان الدمع فی اکثر الاوقات از سمع ۲۳ خدی بمعنی رخسارہ

دا لجمع غُدُودٌ [۲۴] بالنمش سفید اور سیاہ نقطے یعنی جلد کے خلاف رنگ ای النقط البیض و السواد یقال غش غشا ای صار فیہ غش از سمع [۲۵] طرتی بالضم بمعنی پیشانی اور پیشانی کے بال اور کپڑے کا نقش ونگار و کنارہ و کتاب کا حاشیہ و نہر کا کنارہ و وادی کا کنارہ و بادل کا لمبا ٹکڑا والجمع طُرات و طُرَر و طراز و اطرار اور یہاں یہاں بال کے معنی میں ہے [۲۶] بالجلح بمعنی سر کے دونوں اطراف سے بال کا گرنا وھو سقوط الشعر من جانب الراس یقال جلح جلحا ای سقط شعرہ من جانبی راسہ از سمع [۲۷] طلعی وھو ما یطلع من النخل یعنی کھجور کا گابھا و شگوفہ اور یہاں اس سے مراد دانت ہیں [۲۸] البلح بمعنی سبزی لان اصلہ بلح النخل یلوحاً ای صار ما علیہ بلحاً وھو ثمر النخل قبل ان ینضج وھو لا یکون الا اخضر از فتح - [۲۹] وردتی بمعنی گلاب اور یہاں اس سے مراد رخسارہ ہے۔ [۳۰] بالبھار اور یہ زرد رنگ خوشبو کے ایک پھول کا نام ہے کہ اس کو فارسی میں گاؤ چشم کہتے ہیں وقال استاذی مدظلہ یہ ملک مغرب میں ایک قسم کا پھول زرد رنگ کا ہوتا ہے جس کو نرگس کہتے ہیں [۳۱] مسکتی بالکسر ای قطعۃ من المسک وھی طیب معروف والمراد ھھنا رائحۃ العطر والجمع مسک ومِسَک) اس سے مراد منہ کی خوشبو ہے [۳۲] بالبخار فی الاصل الدخان المرتفع والجمع ابخرۃ قال بعض الادباء البخار فی الاصل الماء فی الحالۃ الغازیۃ وکل ما یرتفع من السواحل الحارۃ کالدخان و بخر الفم ای انتن ریحہ (بدبودار) فھو ابخر والمصدر بخر -

---

وَبَدْرِيْ بِالْمُحَاقِ [۱]. وَفِضَّتِيْ بِالْاِحْتِرَاقِ. وَشُعَاعِيْ بِالْاِظْلَامِ. وَدَوَاتِيْ بِالْاِقْلَامِ. فَقَالَ الْغُلَامُ اِلَا مُصْطَلَاءُ بِالْبَلِيَّةِ. وَلَا الْاِيْلَاءُ بِهٰذِهِ الْاَلِيَّةِ. وَالْاِنْقِيَادُ بِالْقَوَدِ. وَلَا اَحْلِفُ بِمَا لَمْ يَحْلِفْ بِهٖ اَحَدٌ. وَاَبَى الشَّيْخُ اِلَّا تَجْرِيْعَهُ الْيَمِيْنَ الَّتِي اخْتَرَعَهَا. وَاَمْقَرَ لَهٗ جُرَعَهَا. وَلَمْ يَزَلِ التَّلَاحِيْ بَيْنَهُمَا يَسْتَعِرُ. وَمَحَجَّةُ التَّرَاضِيْ تَعِرُ. وَالْغُلَامُ فِيْ ضِمْنِ تَاَبِّيْهِ. يُخْلِبُ قَلْبَ الْوَالِيْ بِتَلَوِّيْهِ. وَيُطْمِعُهٗ فِيْ اَنْ يُلَبِّيَهٗ. اِلٰى اَنْ رَانَ هَوَاهُ عَلٰى قَلْبِهٖ. وَاَلَبَّ بِلُبِّهٖ. فَسَوَّلَ لَهُ الْوَجْدُ الَّذِيْ تَيَّمَهٗ. وَالطَّمَعُ الَّذِيْ تَوَهَّمَهٗ. اَنْ يُخَلِّصَ الْغُلَامَ وَيَسْتَخْلِصَهٗ. وَاَنْ يُنْقِذَهٗ مِنْ حِبَالَةِ الشَّيْخِ ثُمَّ يَقْتَنِصَهٗ -

---

الترجمۃ والمطالب اور میرے پورے چاند جیسے چہرے کو (یا نور کو) گھٹنے یا تاریکی کے ساتھ اور میری چاندی کو سیاہی سے اور میری روشنی کو اندھیرے سے اور میری دوات کو قلم سے (طوث کردے) اس پر لڑکا بولا کہ مصیبت میں مجھے مبتلا ہونا منظور ہے اور اس طور پر قسم کھانا مجھے منظور نہیں اور میں قصاص کے لیے تیار ہوں مگر اس نئے حلف کے لیے نہیں جو ایسی قسم کسی نے نہیں کھائی شیخ نے بجز اپنی ایجاد کردہ حرف بحرف قسم کھانے کے کوئی بات منظور نہ کی اور اس کے لیے ہر ہر بات تلخ کردیا اور ان دونوں میں خوب گالی گلوچ جاری رہی اور رضامندی کا راستہ دشوار ہوگیا اور لڑکا اپنی سرکشی کے اثناء میں بل کھا کھا کر (یعنی اپنی نزاکت ناز و انداز دکھلا کر) قاضی کو فریفتہ کر رہا تھا، اور امیدوار بنا رہا تھا کہ حسب منشاء دلی (اپنے دل کے موافق) جواب دے یہاں تک کہ قاضی کے دل پر اس کی محبت غالب آگئی اور اس کی عقل میں ٹھہر گئی اور اس محبت نے جس نے اس کو غلام بنا لیا تھا اور اس امید نے جس کا قاضی خیال کئے ہوئے تھا یہ کام آراستہ (آسان) کردیا کہ اس کو رہا کر کے اپنے واسطے مخصوص کرے اور شیخ کے پھندے سے (اس مقدمے سے) نجات دلا کر اس کا شکار کرے۔

تشریح لغات [۱] بدری بدر کامل وجود ھویں رات کا چاند والجمع بدور اور اس سے مراد چہرہ ہے [۲] بالمحاق بالحرکات الثلاث وھو

زوال النور ثلاث لیال من آخر الشہر یقال محق الشئ محقاً ای ابطلہ ومحاہ از فتح اور یہاں اس کے معنی تاریکی کے ہیں [3] فضتی بالکسر بمعنی چاندی [4] بالاحتراق مصدر از افتعال بمعنی جلنا اس واسطے کہ جب چاندی کو پگھلایا جاتا ہے تو وہ کالی پڑ جاتی ہے یقال حرقہ بالنار حرقاً فاحترق والحریق النار از نصر [5] شعاعی بمعنی سورج کی روشنی والجمع اَشِعَّۃٌ وشِعَاعٌ وشُعُعٌ اور اس سے مراد چہرہ کی خوب صورتی ہے [6] بالاظلام مصدر از افعال بمعنی اندھیرا یقال ظلم اللیل ظلماً وظلم واظلم ای صار مظلماً از سمع والظلمۃ ضد النور وفی التنزیل وجعل الظلمات والنور [7] ودواتی بالاقلام رکنایۃ عن اللواطۃ) [8] الاصطلاء مصدر از افتعال الاصطلاء والایلاء والانقیاد والحلف کلہا مصادر منصوبۃ باضمار اختار یقال صلی بالنار صلاءً وصلیاً ای بلی بہا واصطلے بہا مثلہ از سمع [9] بالبلیۃ بمعنی مصیبت والجمع بلایا اراد بہا دعوۃ الباطل التی ادعاہا الشیخ علے الغلام [10] الایلاء بمعنی قسم کھانا یقال آلی ایلاءً وتألی واتلے جبکہ وہ قسم کھائے [11] الیۃ بمعنی قسم والجمع الایا [12] الانقیاد مصدر از باب انفعال بمعنی تابعداری کرنا یقال انقاد لفلان انقیاداً جبکہ وہ تابعدار ہو اور فروتنی کرے [13] القود محرکۃ بمعنی قصاص یعنی مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا [14] الحلف بمعنی قسم یقال حلف باللہ حلفاً وحلفاً ای اقسم بہ از ضرب [15] تجریعہ مصدر از تفعیل بمعنی گھونٹ گھونٹ پلانا اس سے مراد اس کا ضد کرنا کہ تم کو قسم کھانا پڑے گی یقال جرع الماءَ جرعاً وجرعہ جرعاً ای ابتلعہ بمرۃ وتجرع ای تشرب شیئاً فشیئاً وفی التنزیل یتجرعہ ولا یکاد یسیغہ از فتح وسمع [16] اخترعہا از افتعال یقال خرع الشئ خرعاً واخترعہ جبکہ وہ پیدا کرے اور ایجاد کرے اور پھاڑے از فتح والضمیر فی قولہ اخترعہا للیمین [17] امقر از افعال بمعنی کڑوا کرنا یقال مقر الشئ مقراً ای صار ذا مُرّ وامقرہ ای جعلہ مُرّاً از سمع [18] جرعہا بالضم بمعنی گھونٹ اور اس کا پینا اس سے مراد نفظ نفظ کہنا ہے یہ جُرعۃ کی جمع ہے اور اس میں ضمیر یمین کی طرف راجع ہے [19] التلاحی مصدر بمعنی آپس میں گالی گلوچ و برا بھلا کہنا اور آپس میں جھگڑا کرنا یقال لحاہ لحواً ولحیاً ای شتمہ ولعنہ از نصر وفتح [20] یستعر از افتعال اپنی (آگ بھڑکے) یقال سعر النار سعراً واسعر وسعّر ہا تسعیراً ای شعلہا از فتح منہ وفی التنزیل واذا الجحیم سعرت وان المجرمین فی ضلال وسعر (یہ سعیر کی جمع ہے بمعنے آگ کی لپیٹ) [21] محجۃ بالفتح بمعنے راستہ کا درمیان والجمع محاج [22] تعر مصدر بمعنی دشوار ہونا یقال دعر فلانا یعرو عرًا ودعر المکان یوعر ویعر وعرًا یوعر وعارۃً وعورۃً جبکہ سخت ہو اور دشوار گذار ہو از ضرب ومنہ طریق وعرٌ ای صعب الوصول [23] تابیہ از تفعل یہ آبیٰ یابیٰ سے مشتق ہے۔ بمعنی انکار کرنا اور سختی سے انکار کرنا [24] یخلب از باب نصر وضرب یقال خلب الفتی یعنی جو ان کے دل کو اس نے چھین لیا۔ اور مبتلا کر دیا اور اس کے معنی خراش لگانے اور زخمی کرنے کے بھی آتے ہیں [25] تلوّیہ مصدر از باب تفعل بمعنی پیٹنا وماثل کرنا اور نزاکت سے اپنی طرف جھکانا یقال لویت الجبل لیّاً ای فتلتہ ولوی یدہ اور آساد بر آسماای امالہ وفی التنزیل ولوّوا رؤسہم ای امالوا ولوی لسانہ بکذا کنایۃ عن الکذب از ضرب [26] یطمعہ از افعال اور یہ طمع سے مشتق ہے جو خوف کی ضد ہے بمعنی لالچ دلانا وفی التنزیل یدعون ربہم خوفاً وطمعاً یقال طمع فی الشئ وبالشئ جبکہ وہ لالچ دلائے از سمع [27] یلبّیہ از باب تفعیل یقال لبّی الرجل یلبّی جبکہ جواب دے اور لبیک کہے [28] ران ای غلب یقال ران علیہ حب المال ریناً ای غلب علیہ از ضرب وفی التنزیل کلا بل ران علے قلوبہم [29] اَلَبّ از افعال یقال الب بالمکان جب اقامت کرے۔ وألبّ علے الامر جبکہ لازم ہو وألبّ لہ الشئ جبکہ پیش آئے۔ اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے یقال لبّ بالمکان لبّاً جبکہ اقامت کرے [30] لبہ بالضم بمعنی ہر چیز کا خالص خالص عقل جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو یا تیز فہمی مگر لب پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں والجمع الباب وألبُبٌ وألبُبٌ [31] سوّل از باب تفعیل بمعنی زینت دینا اور کسی بری چیز کو اچھا کر کے دکھلانا یقال سوّل لہ الشیطان ای اغواہ وزین لہ ان یفعل الشئ وسولت لہ نفسہ کذا ای زینتہ وسہلتہ لہ ای ہونتہ والمجرد من سمع وفی التنزیل بل سولت لکم انفسکم امراً ای زینت [32] الوجد ای الحب والعشق [33] تیّمہ از تفعیل اس کا مصدر تتیم ہے بمعنی غلام بنانا اور ذلیل

بنانا یقال تامہ الحبُّ تیماً وتیمۂ ای عبّدہٗ وذلّلہٗ ازضرب ۲۸ توہمہ از باب تفعل اس کا مصدر توہم ہے بمعنی وہم اور شک میں ڈالنا ۲۹ تخلیص از باب تفعیل بمعنی چھڑانا یقال خلص من کذا جبکہ نجات دے وخلص الشئی بمعنی صاف کرنا وخالص کرنا وخلاصہ لینا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے ۳۰ لیتخلصہ، استخلاص مصدر از استفعال بمعنی خالص کر لینا وچن لینا واستخلص الشئ منہ جبکہ وہ اس کو اپنے لیے حاصل کرے۔ ۳۱ ینقذہ انقاذ مصدر بمعنی رہائی دلانا یقال انقذہ فلاناً من کذا جبکہ وہ نجات دلائے اور چھڑائے اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے ۳۲ حبالۃ بالکسر بمعنی جال وپھندا والجمع حبائل ۳۳ یقتنصہ از افتعال اس کا مصدر اقتناص ہے بمعنی شکار کرنا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال اقتنص الطیرا والظبی جبکہ وہ پرندہ یا ہرن کا شکار کرے۔

فَقَالَ لِلشَّيْخِ هَلْ لَكَ فِيمَا هُوَ بِالْاَقْوٰى. وَاَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى[۱]. فَقَالَ اِلَامَ[۲] تُشِيْرُ لِاَ قْتَفِيَهُ[۳]. وَلَا اَقِفُ لَكَ فِيهِ. فَقَالَ اُرٰى[۴] اَنْ تُقْصِرَ[۵] عَنِ الْقِيْلِ وَالْقَالِ. وَتَقْتَصِرَ[۶] مِنْهُ عَلٰى مِائَةِ مِثْقَالٍ[۷]. لِاَتَحَمَّلَ مِنْهَا بَعْضًا. وَاَجْتَنِيَ الْبَاقِيَ لَكَ عَرْضًا[۸]. فَقَالَ الشَّيْخُ مَا مِنِّيْ خِلَافٌ[۹] فَلَا يَكُنْ بِوَعْدِكَ اِخْلَافٌ[۱۰]. فَنَقَدَهُ[۱۱] الْوَالِيْ عِشْرِيْنَ. وَوَزَّعَ[۱۲] عَلٰى وَزَعَتِهٖ[۱۳] تَكْمِلَةَ خَمْسِيْنَ وَرَقَّ[۱۴] ثَوْبُ الْاَصِيْلِ[۱۵]. وَانْقَطَعَ لِاَجْلِهٖ[۱۶] صَوْبُ[۱۷] التَّحْصِيْلِ. فَقَالَ لَهٗ خُذْ مَا رَاجَ[۱۸]. وَدَعْ عَنْكَ اللَّجَاجَ[۱۹]. وَعَلَيَّ فِيْ غَدٍ اَنْ اَتَوَصَّلَ. اِلٰى اَنْ يَنِضَّ[۲۰] لَكَ الْبَاقِيْ وَيَتَحَصَّلَ. فَقَالَ الشَّيْخُ اَقْبَلُ[۲۱] مِنْكَ عَلٰى اَنْ اُلَازِمَهٗ لَيْلَتِيْ. وَيَرْعَاهُ[۲۲] اِنْسَانُ[۲۳] مُقْلَتِيْ[۲۴]. حَتّٰى اِذَا اَعْفٰى[۲۵] بَعْدَ اِسْفَارِ[۲۶] الصُّبْحِ. بِمَا بَقِيَ مِنْ مَالِ الصُّلْحِ[۲۷].

الترجمۃ والمطالب لہٰذا وہ شیخ سے کہنے لگا کیا تجھے کوئی ایسی چیز مرغوب ہے جو صاحب قوت کے لائق اور پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہو؟ اس پر بوڑھا بولا کہ یہ اشارہ کس شئ کی طرف ہے بتایئے تاکہ میں اس کی پیروی کروں اور اس کے بیچ میں توقف نہ کروں حاکم بولا میری یہ رائے ہے کہ تو سوال وجواب سے باز رہے اور سو اشرفیاں لے لے میں کچھ تو تیرے لیے ابھی برداشت کرتا ہوں (نقد دیتا ہوں) اور باقی جہاں سے ہو سکے گا فراہم کروں گا۔ اس پر بوڑھا بولا کہ اچھا میری طرف سے تو کوئی جھگڑا نہ ہوگا اور تمہارا وعدہ بھی خلاف نہ ہو اس پر حاکم نے بیس اشرفیاں نقد اس کو دیں اور اپنے افسروں پر تقسیم کرکے پچاس پوری کر دیں اور شام کا لباس تنگ ہو جانے کی وجہ سے یعنی شام ہونے کی وجہ سے اور تحصیل وصول ملتوی رہی لہٰذا بڈھے سے بولا کہ جو کچھ حاضر ہے وہ تو لے لے اور جھگڑا ختم کر دے اور کل باقی وصول کر کے تجھے دینا مجھ پر واجب ہے۔ یہ سن کر بوڑھا بولا کہ اچھا اس شرط پر میں اس کو قبول کرتا ہوں کہ آج رات اس لڑکے کی میں خود حفاظت کروں اور میری آنکھیں (آنکھ کی پتلی) اس کی نگہبان رہیں۔ یہاں تک کہ جب آپ صبح ہونے پر بقیہ مال صلح ادا کر دیں۔

تشریح لغات ۱ للتقوٰی بمعنی پرہیزگاری واللہ کا خوف اور اس کی اطاعت کے مطابق عمل ۲ الام اے الی ای شئ از ضرب ۳ لاقتفیہ اقتفاء مصدر از افتعال بمعنی اتباع کرنا یقال اقتفاہ جبکہ اتباع کرے واقتفی الشئ جبکہ اختیار کرے واقتفی بفلان جبکہ کسی کے ساتھ اپنے آپ کو خاص کرے۔ ۴ اُری ای اظن ۵ تقصر از باب افعال ای تعرض وتکف بمعنی کوتاہی کرنا یقال اقصر

عن الامر ای امسک عنہ مع القدرۃ علیہ ویقال قصر الشیُٔ قصورًا ای نقص وقصر الصلوٰۃ قصرًا وقصر من الصلوٰۃ ای ترک منہا قسما باب الاول ازنصر والثانی ایضا ازنصر وقیل ضرب وفی التنزیل لیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ۔ [۶] تقتقر از افتعال اقتصار مصدر بمعنی بس کرنا وقناعت کرنا یقال اقتصر علی کذا جب کہ وہ اکتفاء کرے۔ واقتصرہ جبکہ گردن کی جڑ پکڑے۔ [۷] مثقال تولنے کے اوزان ومثقال الشیُٔ چیز کا وزن یا چیز کی ترازو والجمع مثاقیل اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے۔ اور کبھی کم اور زیادہ [۸] اجتنی از افتعال اور یہ جنی سے مشتق ہے بمعنی تناول الثمر من الشجر وایضا جنی الذہب جینًا ای جمعہ من معدنہ از ضرب فاجتنی بمعنی مع وفی بعض النسخ اجتبی بالباء فیکون ماخوذًا من جبی الخراج ای جمعہ وھکذا جبی الماء فی الحوض ای جمعہ المصدر جبوًا وجبائً وجبیً وجبایۃً از فتح ونصر [۹] عرضا بالضم بمعنی الجانب والناحیۃ (کنارہ) و سفح الجبل وبالفتح بمعنی المتاع والعطاء والغنیمۃ [۱۰] خلاف مصدر وعدہ کا خلاف کرنا یقال اخلف وعدہ وبوعدہ ای لم یتمہ۔ واصلہ خلفہ خلافۃ ای صار خلیفۃ از نصر [۱۱] لوعدک الوعد یکون فی الخیر والشر یقال وعدتہ بنفع وضرٍ والوعید فی الشر خاصۃ۔ [۱۲] اخلاف مصدر از افعال وعدہ کا پورا نہ کرنا [۱۳] فنقدہ از نصر نقد مصدر جبکہ درہم کو پرکھے ولے یقال نقد الدراہم وغیرھا جبکہ وہ اس کو پرکھے ونقد الکلام جبکہ کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرے۔ ونقد الثمن فلانا ولفلان جبکہ نقدادا کرے۔ ونقدہ درہما جبکہ وہ دے [۱۴] وزع از باب تفعیل توزیع مصدر بمعنی تقسیم کرنا اور دینا [۱۵] وزعتہٖ یہ وزع کی جمع ہے بمعنی بادشاہ کے مددگار ومحافظ اور اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے والی یقال وزعہ وزعًا ای کفہ ومنعہ از فتح واوزعہ اللہ تعالیٰ اذا الہمہ الشکر ومنعہ عن الکفران وفی التنزیل رب اوزعنی ان اشکر نعمتک [۱۶] رق رق رقۃ ای ضد غلظ وثخن ورقّ لہ ای رحمہ ورق وجہہ ای استحیا ورق الرجل ای ساءت حالہ وقل مالہ ورق العبد رقًا ای صار وبقی رقیقا باب الکل از ضرب [۱۷] الاصیل ای العشی ویکون وقت مابین العصر والمغرب ضوء الشمس فی ذلک الوقت رقیقًا وجمع الاصیل اصل واصال وفی التنزیل بکرۃ واصیلا وبالغدو والآصال . . . .

[۱۸] لاجل ای لاجل رقتہ ثوب الاصیل [۱۹] صوب مینہ وبارش اور صوب مطر سے تشبیہ دے کر اس کے عطا کے معنی بھی آتے ہیں اور اس کے خطار کے ضد کے معنی بھی آتے ہیں اور صَیّب کے معنی بارش والے بادل کے بھی آتے ہیں۔ [۲۰] راج از نصر اس کا مصدر روح اور رواح ہے، بمعنی رائج ہونا وآسان ہونا یقال راج الامر جبکہ جلدی ہو وراج السلعۃ جب کہ رائج و راج الدرہم جبکہ رواج پکڑے وراج الطعام جبکہ کھانا تیار ہو وراحت الریح جبکہ ہوا چلے [۲۱] اللجاج بالفتح مصدر بمعنی العناد یقال لجّ لجًا ولجاجًا ولجاجۃً جبکہ وہ سخت جھگڑا کرے۔ اور دشمن ہیں مداومت ہوا چلے [۲۲] علیّ ای وجب علیّ [۲۳] نیض ای یحصل ویتیسر یقال نض الامر نضًا ونضیضًا ای یتیسر۔ از ضرب [۲۴] اقبل یہ قبول سے مشتق ہے از سمع بمعنی قبول کرنا وفی التنزیل ولا تقبلوا لہم شہادۃً ابدا [۲۵] یرعاہ ای یحفظ از فتح [۲۶] انسان بالکسر بمعنی پتلی یقال انسان العین بمعنی آنکھ کی پتلی [۲۷] مقلتی بمعنی آنکھ والجمع مُقَل یقال مَقَلہ مقلًا ای نظر الیہ از نصر [۲۸] اعفی از باب افعال بمعنی دینا وادا کرنا یقال اعفی زیدًا بحقہ یعنی جبکہ وہ حق کو پورے طریقہ سے ادا کرے واعفی الرجل جبکہ وہ دے واعفی المریض جبکہ بیمار اچھا ہو واعفی الشعر جبکہ وہ بالوں کو بڑھنے کے لیے چھوڑ دے واعفی الرجل بہت مال دار ہو ہونا اور زائد مال کو خرچ کرنا [۲۹] اسفار مصدر از افعال بمعنی روشن ہونا یقال سفر واسفر الصبح سفورًا واسفارًا ای اضاء از نصر [۳۰] الصلح بالضم ضد الفساد از نصر وکرم وفتح اور یہ صلاح سے ماخوذ ہے سلامتی و درستی وفی التنزیل والصلح خیر۔

تَخَلَّصَتْ [۳۱] قَابِیَّتُہٗ مِنْ قُوبِہٖ [۳۲]۔ وَبَرَأَ بَرَاءَۃَ الذِّئْبِ [۳۳] مِنْ دَمِ ابْنِ [۳۴] یَعْقُوْبَ۔ فَقَالَ لَہُ الْوَالِیْ

مَا اَرَاكَ سُمْتَ شَطَطًا۔ وَلَا رُمْتَ فُرُطًا۔ رقَالَ الْحَارِثُ بْنُ هَمَّامٍ۔ فَلَمَّا رَأَيْتُ حُجَجَ الشَّيْخِ كَالْحُجَجِ السُّرَيْجِيَّةِ۔ عَلِمْتُ اَنَّهٗ عَلَمُ السَّرُوْجِيَّةِ۔ فَلَبِثْتُ اِلٰى اَنْ زَهَرَتْ نُجُوْمُ الظَّلَامِ۔ وَانْتَشَرَتْ عُقُوْدُ الزِّحَامِ۔ ثُمَّ قَصَدْتُ فِنَاءَ الْوَالِيْ۔ فَاِذَا الشَّيْخُ لِلْفَتٰى كَالِيْ فَنَشَدْتُهٗ اللهَ اَهُوَ اَبُوْ زَيْدٍ۔ فَقَالَ اِيْ وَمُحِلِّ الصَّيْدِ۔ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا الْغُلَامُ۔ الَّذِيْ هَفَتْ لَهُ الْاَحْلَامُ۔

الترجمۃ والمطالب | تو بیضہ چوزہ سے رہائی پائے گا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے خون سے جیسے بھیڑیا بری ہوا تھا۔ ویسے ہی وہ بھی اس جرم سے بری ہو جائے گا اس پر حاکم بولا میں نہیں چاہتا کہ تو کسی بعید (دشوار) امر کی تکلیف اٹھائے اور تو حد سے نہ گذرے (اور شئی متفاوت کا تو طالب بنے) حارث بن ہمام کہتا ہے کہ میں نے جب اس کی حضرت ابو العباس کی سی دلیلیں دیکھیں تو میں سمجھا کہ ہو نہ ہو یہ قبیلہ سروجیہ کا سردار ہے میں بھیڑ کے علیحدہ ہونے اور ستارے چمک جانے تک رُک رُک ٹھیر کر میں حاکم کے صحن گھر میں گیا۔ دیکھا کہ شیخ نوجوان کی نگہبانی کر رہا ہے میں نے خدا کی قسم دے کر پوچھا کہ کیا تو ابو زید ہے؟ اس نے جواب دیا کہ ہاں شکار کو حلال کرنے والے کی قسم، میں نے پوچھا کہ۔ یہ لڑکا کون ہے جس کے حُسن سے عقلیں اڑی جاتی ہیں۔

تشریح لغات | لہ تخلصت از باب تفعل تخلص مصدر بمعنی رہائی پانا و نجات پانا و جدا ہونا یقال تخلص منہ جبکہ وہ نجات پائے اور جدا ہو یقال تخلص من کذا الی کذا جبکہ وہ منتقل ہو۔ ؎ قائبۃ بمعنی انڈا اور مثال میں ہے تخلصت قائبۃ او قابیۃٌ من قوب یعنی انڈا چوزے سے جدا ہو گیا اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جُدا ہو جائے اسی طرح اگر مال میں سے باقی ادا کر دے تو تو اس کے خون سے نجات حاصل کرے گا یعنی تو اُس کے جرم سے بری ہو جائے گا۔ ؎ قوب بمعنی چوزہ و پرندے کا بچہ والجمع اقوابٌ اور اس کا اصل واقعہ یہ ہے کہ ایک اعرابی کو کسی تاجر نے نگہبانی پر مقرر کیا اس اعرابی نے تاجر سے کہا اذا بلغت بک مکان کذا برئت قابئۃ من قوب یعنی میں تیری محافظت سے آزاد ہو جاؤں گا۔ اور یہ مثال مقلوب ہے اس واسطے کہ جو کچھ علیحدہ اور خارج ہو وہ چوزہ ہے اور یہ ماخوذ ہے تقوب الشئ سے جب کہ منتشر ہو۔ ؎ براً ای سلم از سمع و فتح وفی التنزیل براءۃ من اللہ ورسولہ ؎ الذئب بمعنی بھیڑیا والجمع ذئابٌ وفی التنزیل فاکلہ الذئب یقال ذئب ذابًا وذوب ذآبۃً ای صار کالذئب و ھاۓ وخباثۃً از سمع وکرم اور ذئب کی جمع اذوُبٌ اور ذوبان بھی آتی ہے ؎ ابن یعقوب وسیدنا یوسف الصدیق علیہ الصلوٰۃ والسلام اس مثال کی اصل یہ ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے جب کہ آپ کنویں میں ڈالا اور ایک بکرے خصی کو گلے میں جاکر ذبح کیا اور آپ کے کرتہ کو جو اتار لیا تھا اس کو اس کے خون میں تر کیا اور حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس جھوٹ موٹ روتے ہوئے آئے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے جب بیٹوں کے رونے کی آواز سنی تو آپ پریشان ہو کر گھر سے باہر نکل آئے اور یہ فرمایا کہ اے بیٹو تمہیں کیا ہوا اور میرا یوسف کہاں ہے تو وہ بولے کہ ہم جنگل گئے اور ہم نے یوسف علیہ السلام کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تھا تو بھیڑیا آپ کو کھا گیا اور یہ کُرتہ خون میں لتھڑا ہوا موجود ہے حضرت یعقوب علیہ السلام نے جب یہ کُرتہ خون میں بھرا ہوا دیکھا تو ان کے دل میں شک پیدا ہوا اس لیے کہ کرتے کے کنارے ثابت تھے تو آپ نے فرمایا کہ وہ عجیب بھیڑیا تھا کہ یوسف کو تو وہ کھا گیا اور ان کے کرتہ کو پھاڑا تک نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ تم جو کہتے ہو یہ غلط ہے بلکہ بات بنا کر لائے ہو اور میں خدا پر صابر و شاکر ہوں (کذا فی التفاسیر) ؎ سمت بمعنی طاقت و ہمت سے زیادہ تکلیف دینا

سامہ الامر سوءًا ای کلفہ ایاہ از نصر وفی التنزیل یسومونکم سوء العذاب ؎۸ شططا بمعنی زیادتی یقال شط شططاً وشطوطاً ای بعد وافرط وتباعد عن الحق از نصر وضرب وفی التنزیل لقد قلنا اذا شططاً ؎۹ رمت ای قصدت وارت روم ومرام مصدر از نصر بمعنی قصد وارادہ ؎۱۰ فرطا یعنی بمعنی ظلم کرنا وحد سے بڑھنا یقال فرط ابفرط فروطاً ای سبق وتقدم از نصر وفی التنزیل وکان امرہ فرطا ؎۱۱ حجج یہ حجت کی جمع ہے بمعنی دلائل وفی التنزیل فللہ الحجۃ البالغۃ ؎۱۲ الشریجتیۃ منسوبۃ الی احمد بن سریج وہو من کبار اصحاب الامام الشافعی وکان حسن الاحتجاج ومبلغ المنظرۃ ولقبہ الباری الاشہب والشافعی الثانی ؎۱۳ علم محرکۃ کپڑے کا نقش وجھنڈا وقوم کا سردار والجمع اعلام اور یہاں یہ ہی اخیر معنی مراد ہیں ؎۱۴ السروجیۃ ای الجماعۃ المنسوبۃ الی بلدۃ سروج ؎۱۵ فلبثت لبث مصدر بمعنی ٹھہرنا یقال لبث بالمکان لبثاً ولبثاً ای اقام فیہ ومکث از سمع ؎۱۶ زہرت ای ظہرت یقال زہر الوجہ زہوراً ای اضاء وتلالا از فتح ؎۱۷ نجوم یہ نجم کی جمع ہے بمعنی تارے یقال نجم النجوم نجوماً ای طلوع از نصر ؎۱۸ الظلام بالفتح بمعنی تاریکی واندھیرا وابتدائی رات منہ لیلۃ ظلماء یعنی بہت تاریک رات ؎۱۹ انتشرت از انفعال بمعنی پھیل جانا وبکھر جانا ومنتشر ہونا، ضد الانتظام ای تفرق القوم من باب الوالی یقال نثر الشئ نثراً ای رماہ متفرقا از نصر وضرب وفی التنزیل واذا الکواکب انتثرت۔
؎۲۰ عقود یہ عقد کی جمع ہے بمعنی ہار ؎۲۱ ازدحام بمعنی ازدھام وجمع ؎۲۲ فناء بمعنی صحن وچوک وگھر والجمع افنیۃ ؎۲۳ کالی ای حافظ اور یہ مہموز لام ہے کلا مصدر ہے اس کے ہمزہ کو یا سے بدل لیا ہے از فتح یقال کلاہ اللہ کلأً وکلاءً وکلاءۃ ای صانہ وحفظہ وفی التنزیل کل من یکلؤکم باللیل والنہار ؎۲۴ محل از افعال یہ حلول سے مشتق ہے بمعنی اتارنا وحلال کرنا وحل میں پہنچنا از ضرب یقال حل الشئ جبکہ حلال ہو وحل الدین جبکہ ادائیگی کا وقت پہنچے وحل الیمین جبکہ قسم پوری ہو وحل الرجل جبکہ احرام سے وہ نکلے ؎۲۵ الصید بمعنی شکار یقال صادہ صیداً ای قنصہ از ضرب ؎۲۶ ہفت ای طارت (اڑ گئیں) یقال ہفا الطائر یہفو ہفوۃً وہفواناً ای طار از نصر ؎۲۷ الاحلام یہ حلم بالکسر کی جمع ہے بمعنی عقل یقال حلم حلماً ای صفح وصار ذا حلم از کرم وفی التنزیل ام تامرہم احلامہم بہذا۔

قَالَ فِي النَّسَبِ فَرْجِيْ۔ وَقَالَ فِي الْمُكْتَسَبِ فَخِّيْ۔ قُلْتُ فَهَلَّا اكْتَفَيْتَ بِمَحَاسِنِ فِطْرَتِهٖ وَكَفَيْتَ الْوَالِيَ الْاِفْتِتَانَ بِطُرَّتِهٖ۔ فَقَالَ لَوْلَمْ تُبْرِزْ جُبْهَتَهُ السِّيْنَ۔ لَمَا تَنَفَّسْتُ الْخَمْسِيْنَ ثُمَّ قَالَ بِتِ اللَّيْلَةَ عِنْدِيْ۔ لِنُطْفِئَ نَارَ الْجَوٰى۔ وَنُدِيْلَ الْهَوٰى مِنَ النَّوٰى۔ فَقَدْ اَجْمَعْتُ عَلٰى اَنْ اَنْسَلَّ بِسُحْرَةٍ۔ وَاُصْلِيَ قَلْبَ الْوَالِيْ نَارَ حَسْرَةٍ۔ قَالَ فَقَضَيْتُ اللَّيْلَةَ مَعَهٗ فِيْ سَمَرٍ اٰنَقَ مِنْ حَدِيْقَةِ زَهَرٍ۔ وَخَمِيْلَةِ شَجَرٍ۔ حَتّٰى اِذَا لَاحَ ذَنَبُ السِّرْحَانِ۔ وَاٰنَ انْبِلَاجُ الْفَجْرِ وَحَانَ۔

الترجمۃ والمطالب وہ بولا یہ نسب میں تو میرا بچہ ہے اور کمائی میں میرا جال ہے میں نے کہا کہ تو نے اس بچہ کے پیدائشی خوبیوں ہی پر کیوں نہیں بس کیا؟ اور حاکم کو اس کے گیسوؤں سے کیوں مفتون کرایا (پھانسنے کی کوشش کی)؟ اس پر بوڑھا بولا کہ اگر اس کی پیشانی سین جیسے گیسوؤں کو ظاہر نہ کرتی تو میں پچاس اشرفیاں نہ جمع کر سکتا پھر بولا کہ آج رات تو ہمارے پاس رہ تاکہ ہم اندرونی آگ کو ٹھنڈا کریں اور ہم محبت کو جدائی کا بدلہ بنا دیں کیونکہ ارادہ کر چکا ہوں کہ حاکم کے دل میں حسرت پشیمانی کی آگ لگا کر صبح کاذب سے پہلے دبے پاؤں چپکے سے چل بھاگوں (چلا جاؤں) حارث بن ہمام کہتا ہے کہ میں نے ابو زید کے ساتھ ایسے قصوں میں جو شگوفوں کے باغ اور درختوں کے باغ سے بھی زیادہ عمدہ تھے رات گذاری یہاں تک کہ جب آسمان کے کنارہ پر صبح کاذب ظاہر ہوئی اور طلوع فجر کا وقت آیا (آگیا)

تشریح لغات

[۱] فی النسب ای فی القرابۃ والجمع انسابٌ وفی التنزیل جعلہ نسبًا وصہرًا یقال نسبہ نسبًا ونسبۃً ای ذکر نسبہ از ضرب ونصر [۲] فرخ پرندہ وجانور کا بچہ وچھوٹا پودہ یا حیوان والفرخ من الشجر درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں والجمع اَفراخٌ وافِراخٌ وافرِخۃٌ وفرخانٌ وفروخٌ اور یہاں اس سے مراد لڑکا ہے [۳] المکتسب بالضم یہ مصدر میمی ہے بمعنی الاکتساب دکمائی کرنے کی جگہ) [۴] نخی بمعنے جال دآلۃ یصاد بہا) والجمع فِخاخٌ وفُخوخٌ [۵] بحاسن یہ حسن کی خلافت قیاس جمع ہے۔ بمعنی جمال وخوب صورتی [۶] فطرت بالکسر وہ صفت کہ ہر موجود اپنی ابتدائی پیدائش میں اس پر ہو وطبعی حالت وسنت ودین وطریقہ وپیدائش والجمع فطرٌ [۷] بطرۃ بالضم پیشانی و پیشانی کے بال وکپڑے کا نقش ونگار وکنارہ وکتاب کا حاشیہ ونہر کا کنارہ ووادی کا کنارہ وبادل کا لمبا ٹکڑا والجمع طرات وطرٌ وطراۃٌ وطرَرٌ [۸] لم تبرز از افعال ابراز مصدر بمعنی ظاہر کرنا ونکالنا [۹] جبہتہ، بمعنی پیشانی والجمع جِباہٌ وجبہاتٌ [۱۰] السین حروف تہجی میں سین سے پیشانی کو تشبیہ دی جاتی ہے اس لیے کہ اس کی شکل پر بالوں کو سنوارتے ہیں۔ [۱۱] قَنفَشتُ ای جمعت لبسرعۃ والمصدر قنفشۃٌ یقال قنفشہ قنفشۃً جبکہ وہ جلدی جمع کرے۔ [۱۲] بت یہ امر کا صیغہ ہے۔ بات یَبِیتُ بَیتًا وبیتوتۃً سے بمعنی رات گذارنا از ضرب [۱۳] لنطفی ای لنذہب وتزیل نخمد اس کا مصدر اطفاءٌ ہے۔ از افعال بمعنی آگ کا بجھانا یقال طفئت النار طفوًا ای ذہب لہیبہا وفی التنزیل یریدون ان یطفؤا نور اللہ از سمع۔ [۱۴] الجوی یہ مصدر ہے غم یا عشق کی وجہ سے سوزش اور سینہ کا ایک مرض اور مرض کی طوالت ومبتلائے سوزش عشق [۱۵] ندیل از افعال بمعنی بدلنا [۱۶] دالہ والزمان دولًا ای دار وانقلب من حال الی حال ویقال ادال اللہ زیدًا من عمرو ای نزع الدولۃ من عمرو وحولہا الی زید از نصر [۱۷] النوی بمعنی بعد وفراق یقال نوی المسافر نویً ای تباعد از نصر [۱۸] انسل انسلال مصدر از انفعال اور یہ سل کا مطاوع ہے بمعنی کھنچ جانا وچپکے سے نکل جانا وتسلل [۱۹] وفی التنزیل یتسللون منکم لواذا یقال سَلَّ الشئ سلاً ای انتزعہ از نصر [۲۰] لبحرۃ بالضم بمعنی صبح کاذب یعنی اول صبح یقال بحّر بحرًا ای بکر از سمع [۲۱] سمر محرکۃ رات کی بات اور رات کو باتیں سنانے والا والجمع اسمارٌ ورات کی تاریکی وچاند کا سایہ اور زمانہ اور رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس [۲۲] آنق یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنی خوش ہونا خوبصورت وعمدہ دیکھ کر یقال انق الشی ای کان اَنقًا وانیقاو مونقا ای حسنا معجبًا یقال روضۃ انیق وانیقۃٌ وانق ایضا ای فرح وانق الشئ ای احبہ (متعدیا) انق بہ ای عجب بہ واثرۃ علما سواہ از سمع۔ [۲۳] حدیقۃ وہ باغ جس میں کھجور یا ببول کے درخت ہوں اور جس کی چہار دیواری ہو والجمع حدائق [۲۴] زہر یہ زہرۃٌ کی جمع ہے بمعنی کلی وشگوفہ اور زہر کی جمع اَزہرٌ اور ازہار اور زہور بھی آتی ہے اور اس کی جمع الجمع ازاہر آتی ہے یقال زہر السراج زہورًا ای اضاء از فتح [۲۵] خمیلۃ الموضع الکثیر الشجر جہاں درخت بہت گھنے ہوں۔ وایضا الشجر الکثیر الملتف وایضا القطیفۃ والمنہبط من الارض والجمع خمائل واصل الحدیقۃ للنخل والخمیلۃ للشجر الملتف خاصۃ از نصر [۲۶] شجر محرکۃ الشجر من النبات مالہ ساق واحدۃ شجرۃ ویجمع علی اشجار والنجم ضدہ ۱۲ [۲۷] لاءلاء بمعنی روشن ہونا وچمکنا ویکون متعدیا بمعنی روشن کرنا یقال لاءلاء لاءلاۃ النجم او البرق جبکہ ستارہ یا بجلی چمکے ولألأت النار جبکہ آگ روشن ہو وبھڑکے اور تلألأ کے بھی یہی معنی آتے ہیں [۲۸] الافق بمعنی کنارہ وکنارہ آسمان وہواؤں کے چلنے کی جگہ والجمع آفاق [۲۹] ذنب محرکۃ بمعنی دم والجمع اذناب [۳۰] السرحان بالکسر بمعنی بھیڑیا وغیرہ وحوض کا وسط والجمع سراح وسَرَاحِیُّ وسراحین ومنہ ذنب السرحان بمعنی فجر کاذب [۳۱] آن از ضرب یقال آن یَئِینُ اَینًا جبکہ وقت آئے یقال آن لک ان تفعل کذا یعنی تمہارے لیے ایسا کرنے کا وقت آگیا [۳۲] انبلاج مصدر از انفعال بمعنی روشن ہونا یقال انبلج الصبح جبکہ صبح روشن ہو اور بلج دنصر سے اسی معنی میں آتا ہے [۳۳] الفجر ہو فی الاصل شق الشئ شقا وشقیا یقال فجر الماء فجرا ای فتح لہ منفذا فجری از نصر وفی التنزیل وفجرنا خلالہما نہرا ومنہ قیل للصبح فجر لانہ فجر اللیل قال تعالیٰ والفجر ولیال عشر [۳۴] حان از ضرب یقال حان الشئ حینا وحینونۃ جب کہ وقت ہو وحان لہ ان یفعل کذا جبکہ وقت قریب آئے۔

رَكِبَ مَتْنَ الطَّرِيْقِ۔ وَاَذَاقَ الْوَالِيَ عَذَابَ الْحَرِيْقِ۔ وَسَلَّمَ اِلَيَّ سَاعَةَ الْفِرَاقِ۔ رُقْعَةً مُحْكَمَةَ الْاِلْصَاقِ۔ وَقَالَ ادْفَعْهَا اِلَى الْوَالِيْ اِذَا سُلِبَ الْقَرَارُ۔ وَتَحَقَّقَ مِنَّا الْفِرَارُ۔ فَفَضَضْتُهَا فِعْلَ الْمُتَمَلِّسِ۔ مِنْ مِثْلِ صَحِيْفَةِ الْمُتَلَمِّسِ۔ فَاِذَا فِيْهَا مَكْتُوْبٌ ؎ شِعْرٌ ؎

قُلْ لِوَالٍ غَادَرْتُهُ بَعْدَ بَيْنِيْ	سَادِمًا نَادِمًا يَعَضُّ الْيَدَيْنِ
سَلَبَ الشَّيْخُ مَالَهُ وَفَتَاهُ	لُبَّهُ فَاصْطَلٰى لَظٰى حَسْرَتَيْنِ

الترجمة والمطالب تو اس نے اپنا راستہ لیا اور حاکم کو جلتی ہوئی آگ کا مزہ چکھایا اور جاتے وقت اس نے مجھے ایک سربمہر رقعہ دیا اور کہا جس وقت میرا چلا جانا پایہ تحقیق کو پہنچ جائے اور حاکم کا صبر و قرار جاتا رہے تو اس کو یہ دے دینا میں نے اس شخص کی طرح جو رہائی پانے کا خواستگار ہو اس متلمس شاعر جیسے خط کی مہر توڑ دی تو اس میں لکھا ہوا تھا ؎ اس حاکم سے کہہ دو جس کو میں نے جدا ہوتے وقت پشیمان اور غمگین اور ہاتھ کاٹتا ہوا چھوڑ دیا ہے (یعنی وہ کف افسوس ملتا ہے گا) جس کا مال تو بوڑھا لے گیا اور عقل جوان نے لے لی پس وہ دو حسرتوں کی آگ میں جل رہا ہے۔

تشریح لغات ۱؎ متن بمعنی پیٹھ والجمع متان ومتونٌ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے برابر ہے والمراد ہہنا وسط الطریق کنایۃ عن السفر یقال متن متانۃ ای قوی وفی التنزیل ان اللہ ہو الرزاق ذو القوۃ المتین از کرم ۲؎ اذاق از افعال بمعنی چکھانا واصل الذوق وجود الطعم اذا کان قلیلا وان کان کثیرا فہو الاکل از نصر ۳؎ الحریق بمعنی جلنا وجلا دینا یقال حرقہ حرقا از نصر والحریق بمعنی آگ کی بھڑک وآگ کا شعلہ وجلا ہوا والجمع حرقیٰ وفی التنزیل ذوقوا عذاب الحریق ۴؎ سلّم تسلیم مصدر از تفعیل بمعنے سونپنا و دینا ۵؎ رقعۃ بمعنی کاغذ کا رقعہ والرقعۃ بقطعۃ من الورق والجمع رُقَعٌ ورقاعٌ یقال رقع الثوب رقعًا ای اصلحہ از فتح ۶؎ الصاق مصدر افعال بمعنی بندھا ہوا واصلہ لصق بالشئ لصقاً ولصوقاً ای لزق والصقہ بہ ای الزقہ از سمع ۷؎ ادفع بمعنی دفع کرنا و دینا از فتح وفی التنزیل فادفعوا الیہم اموالہم ۸؎ سلب سلب مصدر بمعنی چھینا ولے لینا یقال سلب الشئ سلبًا وسَلَبًا ای انتزعہ من غیرہ قہرا از نصر ۹؎ القرار بمعنی صبر یقال قر فی مکانہ قرارا اذا ثبت ثبوتا جامدا از ضرب ۱۰؎ الفرار مصدر بمعنی بھاگنا از ضرب وفی التنزیل لن ینفعکم الفرار ۱۱؎ ففضضتہا فضٌ مصدر از نصر یقال فض الشئ جبکہ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرے وفض ختم الکتاب وختم عن الکتاب جبکہ مہر توڑے ۱۲؎ المتملس بمعنی رہائی پانے والے ای المتخلص من الشئ بسہولۃ کالشئ الاملس یقال ملس ملاسۃ ای هند خش از سمع وکرم ۱۳؎ صحیفہ (خط) والجمع صحائف وصُحُفٌ وفی التنزیل یتلو صحفا مطہرۃ فیہا کتب قیمۃ ۱۴؎ المتلمس یہ شاعر کا نام ہے اس کا قصہ یہ ہے کہ متلمس اور طرفہ یہ دونوں عمرو بن منذر کے پاس گئے عمرو نے ان سے یہ کہا کہ تم میرے بھائی قابوس کی خدمت کرو۔ اور قابوس شکار اور لہو ولعب میں بہت مبتلا تھا اور یہ دونوں شاہ حیرۃ اور عمرو بن ہند کے مصاحب ہو گئے ایک دن قابوس نے مجلس شراب آراستہ کی اور یہ دونوں صبح سے شام تک موجود رہے اور یہ دونوں اس تک نہ پہونچ سکے طرفہ کو غصہ آیا۔ اور اس نے ایک قصیدہ عمرو بن منذر اور قابوس کی ہجو میں لکھا عمرو تو پہلے ہی اس سے کینہ رکھتا تھا اور عمرو بہت بدخلق اور بدکردار تھا اور یہ لوگ چند دنوں تک اسی حالت میں رہے اور اپنے اوقات کو گذارتے رہے ایک دن اس نے طرفہ اور متلمس شاعر سے یہ کہا کہ تم کو اپنے بال بچوں کا شوق تو بہت ہوگا اور وطن سے جدا ہوئے تمہیں عرصہ ہو گیا ہے اس کے جواب میں طرفہ اور متلمس نے کہا ہاں ہاں دل تو بہت چاہتا ہے بادشاہ نے کہا کہ میں عامل بحرین کو خط لکھتا

21/1 ہوں اور یہ خط اُسی کے حوالے کرنا تو خوب انعامات پاؤ گے اور میں نے تمہارے لیے بہت کچھ لکھدیا ہے۔ یہ دونوں خوشی خوشی چل دیئے اور خط میں یہ مضمون تھا کہ جب یہ دونوں تمہارے پاس پہنچیں تو تم ان کو مار دینا) مگر متلمس شاعر جو بہت بوڑھا تجربہ کار تھا اس نے اپنے صحیفہ کو راستہ میں کھول کر پڑھا اور اس کے مضمون کو پڑھ کر خط پھاڑ دیا۔ ملک شام چلا گیا لیکن طرفہ شاعر جو نوجوان تھا اس نے متلمس شاعر کے کہنے کو نہ مان کر اپنے خط کو نہ کھولا اور نہ پڑھا جب وہ اپنے صحیفہ کو لے کر وہاں پہنچا تو اس کو قتل کر دیا گیا اس کے بعد متلمس کی شل بدنامی میں عرب میں مشہور ہوگئی ۵ا؎ غادر نہ ای ترکتہ اور یہ غدر سے مشتق ہے بمعنی الاخلال بالشئی وترکہ یقال غادرہ ای ترکہ ۱۶؎ سادما ای حزینا یقال سدم سدما ای حزن از سمع۔ ۱۷؎ نادما بہ ندامت سے ماخوذ ہے از سمع ۱۸؎ یبعض از سمع بمعنی کاٹنا عض مصدر ۱۹؎ لبہ بالضم بمعنی عقل والجمع الباب وفی التنزیل مایذکر الا اولوا الالباب واللب العقل الخالص من الشوائب یقال لبّ ولبّا ولبابۃ ای صار لبیبًا از سمع ۲۰؎ فاصطلی از افتعال اصطلاء مصدر بمعنی آگ میں جلنا ۲۱؎ لظی بمعنی آگ یا آگ کی بھڑک اور یہ مصدر ہے۔ یقال لظیت النار لظی ای التھبت وفی التنزیل نارًا تلظی ای تتلظی وانھا لظی از سمع ۲۲؎ حسرتاہ ای حسرۃ المال وحسرۃ الغلام

جَادَ بِالْعَيْنِ حِينَ أَعْمَى هَوَاهُ عَيْنَهُ فَانْثَنَى بِلَا عَيْنَيْنِ
خَفِّضِ الْحُزْنَ يَا مُعَنَّى فَمَا يُجْدِي طِلَابُ الْآثَارِ مِنْ بَعْدِ عَيْنٍ
وَلَئِنْ جَلَّ مَا عَرَاكَ كَمَا جَلَّ لَدَى الْمُسْلِمِينَ رُزْءُ الْحُسَيْنِ
فَقَدِ اعْتَضْتَ مِنْهُ فَهْمًا وَحَزْمًا وَاللَّبِيبُ الْأَرِيبُ يَبْغِي زَيْنَ
فَاعْصِ مِنْ بَعْدِهَا الْمَطَامِعَ وَاعْلَمْ أَنَّ صَيْدَ الظِّبَاءِ لَيْسَ بِهَيْنٍ
لَا وَلَا كُلُّ طَائِرٍ يَلِجُ الْفَخَّ وَلَوْ دَانَ مُحْدِقًا بِاللُّجَيْنِ
وَلَكَمْ مَنْ سَعَى لِيَصْطَادَ فَاصْطِيدَ وَلَمْ يَلْقَ غَيْرَ خُفَّيْ حُنَيْنِ

الترجمۃ والمطالب

جبکہ اس کی محبت اور عشق نے اس کو اندھا کیا (یعنی اس کی آنکھیں پھوڑ دیں) تو اس نے سونے سے سخاوت کی (یعنی بخشا) پس وہ بے آنکھ اور بے زر والا ہوگیا۔ تو اس سے یہ کہدے کہ اے غمگین (غم میں پڑے ہوئے) تو اپنے غم کو کم کر دے کیونکہ اصل چیز کے بعد نشانات کی تلاش کچھ فائدہ نہیں دیتی واقعی (خدا کی قسم) تیری مصیبت ایسی ہی بڑی مصیبت ہے جیسے مسلمانوں کے لیے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی مگر تو نے اس کے بدلے میں دانائی اور تجربہ کاری پائی اور عقل مند دانا شخص یہ ہی چاہتا ہے لہذا اب تو اپنے لالچ وخواہشات کی نافرمانی کر۔ (یعنی اس حادثہ کے بعد تجھے لالچوں سے بچنا چاہیئے اور تو یہ خوب جان لے کہ ہرن کا شکار کوئی آسان کام نہیں اور نہ ہر پرندہ جال میں پھنس جاتا ہے خواہ اس میں چاندی کے دانے ہی کیوں نہ پڑے ہوں اور بہت سے آدمی شکار کی کوشش کرتے ہیں مگر خود شکار ہو جاتے ہیں اور سوائے حنین کے دو موزوں کے اور کچھ نہیں پاتے یعنی ناکام اور نامراد رہتے ہیں۔

تشریح لغات

۱؎ جاد جود مصدر بمعنی سخاوت کرنا از نصر یقال جادہ جودًا جبکہ وہ بخشش میں غالب ہو وجادہ الھوی جبکہ غالب ہو وجاد جودًا علیہ جبکہ وہ بخشش کرے اور صفت کے لیے جواد آتا ہے وجاد بالمال جبکہ وہ خرچ کرے وجاد بنفسہ جبکہ وہ جان دے ۲؎ بالعین اس کے معنی یہاں سونے کے ہیں والجمع اعین وعیون وقد مرّ تحقیقہ ۳؎ اعمی از افعال یقال اعمی الرجل جبکہ اندھا کرے واندھا پائے اور اس کا مجرد عمیٰ سمع سے آتا ہے۔ بمعنی اندھا ہونا ودل کا اندھا ہونا وجاہل ہونا۔

؎ انثنیٰ از انفعال بمعنی لوٹنا یقال انثنی الرجل جبکہ آدمی لوٹے ؎ عینین یہ عین کا تثنیہ ہے جس سے مراد بے زرو بے حشیم ہے ؎ خفض از تفعیل بمعنی تو کم کر ای خفف الحزن اور یہ خفضؔ سے ماخوذ ہے جو رفعؔ کی ضد ہے از ضرب ؎ الحزن بمعنی غم جو فرح اور سرور کی ضد ہے یقال حزن لہ وعلیہ حزنًا و حُزُنًا جب وہ غمگین ہو از سمع ؎ مُعنی یہ عنا سے مشتق ہے جس کے معنی مشقت اور تکلیف کے ہیں یعنی مشقت میں پڑا ہوا یقال عُنِیَ عَنَاءً ای تعب از سمع ؎ فما یُجدی ای فما ینفع از افعال یقال اجدی الأمر جب کہ نفع دے یقال ما یجدی عنک ہذا یعنی تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا ؎ طلاب الآثار الخ یعنی کسی چیز کے فوت ہو جانے پر اس کا محض نشانات سے ڈھونڈھنا بے کار ہے اور یہ کہاوت ہے اس کا واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ مالک بن عمرو نے کسی عامل کو اپنے بھائی کا پتہ لگانے پر مقرر کیا جب قاتل پکڑا گیا جس کا نام سماک تھا تو لوگوں نے سفارش کی اور ان سے لوگوں نے یہ کہا کہ آپ سو اونٹ دیت کے طور پر اس کے بدلہ میں لے لیں اور اس کو آپ چھوڑ دیں تو جواب میں اس نے یہ کہا لا اطلبُ اثرًا بعد عین (ای الذات) یعنی اب میں اصل چیز کو نہیں چھوڑ سکتا ہوں۔ (اب آپ کا کہنا بے کار ہے) ؎ جَلَّ ای عظم از ضرب یقال جَلَّ جَلَالًا و جَلَالۃً جبکہ وہ بڑے مرتبہ والا ہو ؎ ما عراک جو تجھے پیش آئی ای ما عرضک و اصابک یقال عراہ امرٌ عَروًا ای الَمَّ یہ از نصر ؎ رزء بالضم بمعنی بہت بڑی مصیبت والجمع ارزاءٌ ؎ اِعتَضتَ از افتعال بمعنی عوض اور بدلے میں لینا یقال عاضہ من کذا عوضًا وعِوَضًا وعِیاضًا ای اعطاہ بدلہ وخلفًا از نصر و یقال اعتاض منہ جبکہ وہ بدلے میں لے واعتاض واستعاض فلانًا جبکہ بدلہ مانگے ؎ حزم یہ مصدر ہے بمعنی پختہ کاری و ہوشیاری اور دور اندیشی سے کام لینا از کرم یقال حزمًا حزمًا وحزامۃً جبکہ وہ دور اندیشی سے کام لے ؎ اللبیب بمعنی عقلمند والجمع اَلِبّاءُ اور مونث اس کا لبیبۃٌ آتا ہے یقال رجل لبیبٌ جبکہ وہ کام سے چمٹا رہے اور اس میں وہ سستی نہ کرے ؎ الاریب بمعنی ماہر و ہوشیار یقال اَرِبَ اَرَبًا واَرُبَ اِرَابۃً ای صار ماہرًا از سمع وکرم ؎ ذین یہ اسم اشارہ تثنیہ ہے اور یہ حالت نصبی و جری میں اس کا اعراب یہ ہے اس سے مراد سمجھ اور ہوشیاری ہے (ای الفہم والحزم) ؎ فاعص صیغہ امر تو نافرمانی کر یعنی خلاف کر ای خالف یقال عصیٰ عصیانًا اذا خرج من الطاعۃ از ضرب ؎ المطامع یہ مطمعؔ کی جمع ہے اور یہ طمع سے مشتق ہے۔ بمعنی لالچ و خواہش از سمع ؎ صید یہ مصدر ہے بمعنی شکار از ضرب ۱۲ ؎ الظباء یہ ظبیٌ کی جمع ہے بمعنی ہرن ہرن نر یا مادہ اور اس کی جمع اَظبٍ وظُبِیٌّ وظبیات بھی آتی ہیں ؎ ہیں ہین کے معنی پرندہ والجمع آسان کے ہیں اور یہ ہیِّن کا مخفف ہے اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال طار الطائر طیرانًا جبکہ وہ پرندہ اڑے ؎ طائر بمعنی پرندہ والجمع طَیرٌ وطُیُورٌ اور اطیارٌ اس کی جمع الجمع ہے اور یہ ضرب سے آتا ہے یقال طار الطائر طیرانًا جبکہ وہ پرندہ اڑے ؎ الفخ بمعنی جال وپھندہ والجمع فِخاخٌ وفُخوخٌ ؎ محدقًا صیغہ اسم مفعول از افعال بمعنی احاطہ کئے ہوئے و گھیرے ہوئے یقال حدق بہ حدقًا واحدق بہ ای اطاف از ضرب ؎ بالجین بالضم بمعنی چاندی اور یہ تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے ؎ خفی بالضم بمعنی موزہ چرمی واونٹ وشترمرغ کی ٹاپ والجمع اخفافٌ و خِفافٌ غیر خفی حُنین لمراد یعنی سوائے حنین کے دونوں موزوں کے اور میرے کچھ ہاتھ نہ آیا اور یہ کہاوت ہے جو ناکام کے لیے استعمال کی جاتی ہے اس کا اصل قصہ یہ ہے۔ کہ ایک اعرابی چمڑے کا موزہ خریدنے کے لیے حنین کے پاس پہنچا اور یہ حیرہ کا رہنے والا تھا اور موچی تھا) اس نے اس سے بھاؤ کیا اس پر دونوں میں جھگڑا تکرار ہو گیا تو اعرابی نے موزے نہیں خریدے اور وہ واپس چلا آیا حنین کو سخت غصہ آیا اور اس نے اعرابی کو دھوکہ دینے کی کوشش کی کہ اعرابی کے راستے میں اس نے ایک موزہ ڈال دیا اور دوسرا موزہ اس نے اس سے بہت دور ڈالا اور خود چھپ کر بیٹھ گیا اعرابی نے گذرتے وقت ایک موزہ پڑا دیکھ کر یہ برجستہ کہا ما اشبہ ھذا خُفَّ حُنَینٍ فلو کان معہ الاخر لاخذتہٗ یہ کہتا ہوا چل دیا آگے بڑھ کر اس نے دوسرا موزہ دیکھا تو اپنے پہلے موزے کے چھوڑنے پر اس کو بہت افسوس ہوا چنانچہ اس نے اونٹنی کو وہیں باندھا اور پہلا موزہ اٹھانے کے لیے وہ چل دیا حنین تو اس کی گھات میں تھا ہی جھٹ

آکر اس کی اونٹنی کو مع اسباب لے کر روانہ ہوگیا جب اعرابی واپس آیا تو اس نے اونٹنی کو وہاں نہ پایا بے چارہ پیدل اپنے وطن کو گیا تو لوگوں نے اس سے پوچھا کہ آپ سفر سے آئے تو کیا لائے تو یہ جواب دیا قال جئتکم بخفی حنین فصارت مثلاً فی الخیبته بعد طول الغیبة۔

فَتَبَصَّرْ وَلَا تَشِمْ كُلَّ بَرْقٍ	رُبَّ بَرْقٍ فِيهِ صَوَاعِقُ حَيْنٍ
وَاغْضُضِ الطَّرْفَ وَتَسْتَرِحْ مِنْ غَرَامٍ	تَكْتَسِي فِيهِ ثَوْبَ ذُلٍّ وَشَيْنٍ
فَبَلَاءُ الْفَتَى اتِّبَاعُ هَوَى النَّفْسِ	وَبَذْرُ الْهَوَى طُمُوحُ الْعَيْنِ

(قَالَ الرَّاوِي) فَمَزَّقْتُ رُقْعَتَهُ شَذَرَ مَذَرَ۔ وَلَمْ أُبَنْ أَعَذَلَ أَمْ عَذَرَ۔

الترجمة والمطالب لہذا تو صاحب بصیرت بن (تو خوب غور سے دیکھ) اور تو ہر چمک کو بارش کی امید سے نہ دیکھو نظر اٹھا کر دیکھے یا جھانکے) کیونکہ بہت سی بجلیوں (کڑک یا گرج) میں ہلاکت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ (یا ہلاکت کی آگ ہیں) اور تو آنکھیں بند کر کے اس عشق سے آرام سے رہ جس میں ذلت وعیب کا لباس پہننا پڑتا ہے کیونکہ خواہشات نفسانی کی تابعداری نوجوان کے لیے مصیبت ہے اور خواہشاتِ نفسانی کا بیج نظارہ بازی ہے راوی کہتا ہے کہ میں نے اُس رقعہ کو دیکھ کر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور میں نے یہ کچھ خیال نہ کیا کہ ابوزید مجھے برا کہے گا یا مجھے معذور سمجھے گا (رکھے گا)

تشریح لغات لہ فتبصّر از باب تفعل تبصر مصدر بمعنی غور سے دیکھنا یقال تبصر الشئ جبکہ وہ غور سے دیکھے وتبصّر فی الشئ جبکہ سوچے اور غور کرے اور اس کا مجرد سمع اور کرم سے آتا ہے ٢ہ لاتشمْ ای ولاتنظر اور یہ شام یشم شیماً سے مشتق ہے جبکہ وہ بادل کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے از ضرب یقال شام البرق جبکہ بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو وہ دیکھے وشام مخایل الشئ یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی ٣ہ صواعق یہ صاعقتہٌ کی جمع ہے بمعنی بجلی کی کڑک جو بادلوں میں ہو وعذاب مہلک از سمع یقال صعق الرعد صعقا ای اشتد صوته وفی التنزیل فصعق من فی السموات ٤ہ حین بالفتح بمعنی ہلاکت یقال حان حینًا ای ھلک از ضرب ٥ہ اغضض یہ غضٌ سے ماخوذ ہے بمعنی آنکھ کو بند کرنا ونظر کو پست کرنا از نصر ٦ہ غرام بالفتح بمعنی عشق و شیفتگی اور وہ محبت جو دل کو عذاب میں پھنسائے وہلاکت وعذاب ٧ہ تکتسی از افتعال بمعنی کپڑے پہننا از نصر ٨ہ ذل مصدر بالضم بمعنی ذلت بمعنی تابعداری وسہولت ونرمی وتواضع یقال ذُلٌّ ذلیل کرنے والا یا بڑی ذلت یقال ذل ذُلاً وذلّةً ای ضد العزة از ضرب والفراق بین الذُّل والذِّل الذُّل بالضم ماکان عن قہر والذِّلُّ بالکسر ماکان بغیر قہر ٩ہ شین مصدر از نصر بمعنی عیب یقال شانہ یشینہ شیناً جب کہ وہ عیب لگائے ١٠ہ بذر بمعنی بیج ودانہ جو تخم ریزی کے لیے ہو وبمعنی نسل یقال بذر الحَبَّ بذرًا جبکہ بوئے ای القاہ فی الارض از نصر ١١ہ طموح مصدر بمعنی آنکھ کا اوپر اٹھانا از فتح طمح بصرہ الیہ طمحًا وطماحًا وطموحًا جبکہ اس کی نگاہ اُٹھے طمح ببصرہ الیہ جبکہ وہ بلندی کی طرف دیکھے۔ ١٢ہ فمزقت از تفعیل بمعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یقال مزق الثوب مزقًا ای شققہ از نصر وضرب وفی التنزیل مزقناهم کل ممزق ١٣ہ شذر مذر یہ مہمل کے تابع ہوا کرتا ہے اور اسی طرح استعمال ہوا کرتا ہے جیسے پانی پانی یقال تفرقو اشذر مذر وشذر مذر وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی اور یہ دونوں مبنی لفظ ہیں جیسے خمستہ عشر ١٤ہ لم اُبل یہ مبالاة سے ہے یقال بالی الامر یالامر مبالاةً وبالةً وبالاً جبکہ وہ پرواہ کرے۔ ١٥ہ اعذل از ضرب ونصر یقال عذلہ عذلاً جبکہ وہ ملامت کرے ١٦ہ عذر از ضرب یقال عذرہ

عذرًا و عُذرًا و عذریٰ و مَعذرَۃً علےاو فی ماصنع جبکہ وہ الزام سے بری ہواور عذر قبول کرے ۔

اَلْمَقَامَةُ الْحَادِيَةُ الْعَشَرَةُ السَّاوِيَةُ

حَدَّثَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ. قَالَ اٰنَسْتُ مِنْ قَلْبِي الْقَسَاوَةَ. حِيْنَ حَلَلْتُ سَاوَةَ. فَاَخَذْتُ بِالْخَبَرِ الْمَأْثُوْرِ. فِيْ مُدَاوَاتِهَا بِزِيَارَةِ الْقُبُوْرِ. فَلَمَّا صِرْتُ اِلٰى مَحَلَّةِ الْاَمْوَاتِ. وَكِفَاتِ الرُّفَاتِ. رَاَيْتُ جَمْعًا عَلٰى قَبْرٍ يُحْفَرُ. وَمَجْنُوْزٍ يُقْبَرُ. فَانْحَزْتُ اِلَيْهِمْ مُتَفَكِّرًا فِي الْمَآلِ. مُتَذَكِّرًا مَنْ دَرَجَ مِنَ الْاٰلِ. فَلَمَّا اُلْحِدَ الْمَيِّتُ. وَفَاتَ قَوْلُ لَيْتَ.

الترجمۃ والمطالب (گیارھویں مجلس جو ساویہ کے نام سے موسوم ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا جبکہ میں شہر ساوہ میں اترا تو میں نے اپنے دل میں کچھ سختی محسوس کی پس میں نے اس کا علاج حدیث (منقول) کے مطابق قبور کی زیارت کرنے سے شروع کیا جب میں قبرستان میں پہنچا (جہاں مُردوں کی رہنے کی جگہ ہے اور وہاں ان کی بوسیدہ ہڈیاں ہیں)، تو میں نے ایک جماعت (مجمع) کو قبر پر دیکھا کہ قبر کھودی جارہی ہے اور وہاں پر مُردہ قبر میں رکھا جارہا ہے۔ (دفن کیا جارہا ہے) پس میں ٹہلتا ہوا انجامِ آخرت کو سوچتا ہوا اور ان لوگوں کو یاد کرتا ہوا جو اپنے اہل وعیال کو چھوڑ کر وفات پاگئے ہیں ان کے پاس جا پہنچا پس جبکہ وہ مردے کو (لحد) یعنی بغلی قبر میں اتار چکے اور لیت کا استعمال ختم ہوگیا (یعنی کاش کہ یہ زندہ رہتا اور نہ مرتا اس میں یہ یہ اوصاف تھے اور یہ ایسا خوش قسمت تھا وغیرہ۔

تشریح لغات [1] آنست از افعال اس کا مصدر ایناس ہے بمعنی کسی کے دل میں محبت کو ڈالنا اور یہاں بمعنے معلوم کیا میں نے وفی التنزیل فان آنستم منہم رشدا اور یہ انس سے ماخوذ ہے جو نفور کی ضد ہے اور اس کا ثلاثی مجرد سمع سے آتا ہے [2] القساوۃ بمعنی سختی و سخت دلی اور یہ واوی ہے یقال قسا قسوًا و قسوۃً و قساوۃً و قساءۃً از نصر [3] ساوۃ بلدۃ معروفۃ بین الری وہمدان اور یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا کہ جو آپ کی ولادت کے وقت یہاں کا پانی خشک ہوگیا تھا۔ واللہ اعلم [4] بالخبر المأثور ای بالحدیث المنقول عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور الا فزوروھا الحدیث وایضًا ھکذا کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور ثم بدا لی فزوروھا فانھا ترق القلب وتدمع العین ۱۲ [5] فی مداواتھا از باب مفاعلۃ بمعنی دوا کرنا وعلاج کرنا یقال دوی دویً بمعنی مرض از سمع [6] بزیارۃ الخ یقال زارۃ زیارۃ ای اتاہ بقصد الالتقاء از نصر [7] القبور۔ یہ قبر کی جمع ہے بمعنی مقر المیت یقال قبرتہ قبرًا ای دفنتہ از نصر وضرب والمقابر جمع مقبرۃ بمعنی موضع القبور [8] محلۃ یہ حلول سے مشتق ہے بمعنی اترنا اور اس میں تا بڑھا دی گئی ہے۔ [9] کفات بمعنی جمع کرنا واکٹھا کرنا والکفت القبض والجمع از ضرب وفی التنزیل الم نجعل الارض کفاتا احیاءً وامواتا ای تجمع الناس احیاءھم وامواتھم [10] الرفات بمعنی اسم مفعول بمعنی ٹوٹی ہوئی چیز یقال رفت الشئی رفتًا ای کسرہ ودقہ از نصر وضرب والرفات ما تکسر من الشئی وفی التنزیل ائذا کنا عظاما ورفاتا [11] قبر گور والجمع قبور از نصر وضرب یقال قبر المیت ای دفنہ [12] یحفر از ضرب اس کا مصدر حفر ہے بمعنی زمین میں گڑھا کھودنا

یقال حفر الارض جبکہ وہ زمین میں گڑھا کھودے۔ [13] مجنوز بمعنی مردہ یہ جنازہ سے ماخوذ ہے وہ چارپائی جس پر مردہ رکھا جائے ای محمول علے الجنازۃ (بالکسر او الفتح) ای النعش یقال جنز المیت جنزاً ای حملہ علے النعش از ضرب [14] یقبر ای یدفن [15] فانخرت از انفعال ای ملت الیہم یقال انحاز الیہ ای مال الیہ وانحاز عنہ ای عدل عنہ وحاز الشئ حوزاً وحیازۃ ای جمعہ از نصر۔ [16] المآل یعنی انجام آخرت [17] درج از نصر و ضرب یقال درج القوم یعنی مرگئے گذر گئے ودرج الرجل دروجاً ودرجاناً ای مات وھلک [18] الحدوہ ای دفنوہ وجعلوہ فی اللحد از فتح یقال لحد المیت۔ جب کہ وہ میت کو دفن کرے۔ ولحد للمیّت یعنی لحد کھودی (لحد) بغلی قبر کو کہتے ہیں [19] فات ای انقطع یقال فات الشئ فوتاً ای اذا بعد بحیث یتعذر ادراکہ از نصر [20] لیت یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے تمنی کے لیے ہے اور اس کا اطلاق محال (ناممکن) پر ہوتا ہے جیسے لیت الشباب یعود اور ممکن پر کم جب سانس مردہ کے ہوتا ہے تو مایوسی ہوتی ہے تو یہ لوگ کہتے ہیں کیا اچھا ہوتا کہ یہ زندہ رہتا یا یالیتنی اتخذت مع الرسول سبیلا یا یالیتنی کنت ترابا۔

وَاَشْرَفَ[1] شَیْخٌ مِنْ رُبَاوَۃٍ[2]۔ مُتَخَصِّرًا[3] بِهِرَاوَۃٍ[4]۔ وَقَدْ لَفَعَ[5] وَجْهَهٗ بِرِدَائِهٖ[6]۔ وَنَكَّرَ[7] شَخْصَهٗ[8] لِدَهَائِهٖ[9]۔ فَقَالَ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ۔ فَادَّكِرُوْا[10] اَيُّهَا الْغَافِلُوْنَ۔ وَشَمِّرُوْا[11] اَيُّهَا الْمُقَصِّرُوْنَ۔ وَاَحْسِنُوا النَّظَرَ اَيُّهَا الْمُتَبَصِّرُوْنَ۔ مَا لَكُمْ لَا يَحْزُنُكُمْ[12] دَفْنُ الْاَتْرَابِ[13]۔ وَلَا يَهُوْلُكُمْ[14] هَيْلُ[15] التُّرَابِ۔ وَلَا تَعْبَاُوْنَ[16] بِنَوَازِلِ[17] الْاَحْدَاثِ[18]۔ وَلَا تَسْتَعِدُّوْنَ لِنُزُوْلِ[19] الْاَجْدَاثِ[20]۔ وَلَا تَسْتَعْبِرُوْنَ[21] لِعَيْنٍ تَدْمَعُ[22]۔ وَلَا تَعْتَبِرُوْنَ[23] بِنَعْيٍ[24] يُسْمَعُ[25]۔ وَلَا تَرْتَاعُوْنَ[26] لِاِلْفٍ[27] يُفْقَدُ[28]۔ وَلَا تَلْتَاعُوْنَ[29] لِمَنَاحَةٍ[30] تُعْقَدُ۔ يُشَيِّعُ[31] اَحَدُكُمْ نَعْشَ[32] الْمَيِّتِ۔ وَقَلْبُهٗ تِلْقَاءَ الْبَيْتِ۔

الترجمۃ والمطالب

تو ٹیلہ پر سے ایک بوڑھا سونٹا (ڈنڈا) دباتے ہوئے جس پر وہ سہارا لگائے ہوئے، اور اپنا چہرہ چادر میں چھپائے ہوئے اور اس نے اپنی ہیئت جسم کو چالاکی سے ناشناختہ کئے ہوئے تھا ظاہر ہوا اور وہ یہ کہنے لگا اس دن کے لیے لوگ اس پر عمل کریں اور اے غافل لوگو! تم موت سے نصیحت حاصل کرو اور موت کو بھولو مت اور اے کوتاہی کرنے والو تم کوشش کرو اور اے بصیرت رکھنے والو تم غور کرو (اس کو گہری نظر سے دیکھو) تمہیں یہ کیا ہو گیا ہے کہ اپنے ہمعصروں اور ہم عمروں کا دفن ہونا تمہیں غمگین نہیں کرتا اور نہ ان پر مٹی ڈالنا (یعنی ان کی قبروں کو پاٹنا) تمہیں ڈراتا ہے اور تم زمانہ کے حوادثات سے بالکل پرواہ نہیں کرتے اور نہ تم قبروں میں اترنے کے لیے تیاریاں کرتے ہو اور تم نہ کبھی رونے والی آنکھ کے سامنے اپنے آنسو نکالتے (یا بہاتے ہو) اور نہ موت کی خبر سننے سے تم عبرت (یا نصیحت) حاصل کرتے ہو اور اس دوست کے گم ہونے پر تمہیں خوفِ خدا نہیں اور نہ تمہیں مجلس نوحہ کے منعقد ہونے پر کبھی غم ہوتا ہے اور تم جنازہ کے پیچھے جاتے تو ہو مگر تمہارا دل گھر کی طرف لگا ہوتا ہے (اور تمہیں مردہ کا کچھ احساس بھی نہیں ہوتا)

تشریح لغات

[1] اشرف ای طلع من فوق از افعال بمعنی ظاہر ہوا و نکلا واصلہ شَرُفَ شرفاً ای ارتفع از سمع وشَرُفَ الشئ ای اطلع علیہ من فوق ودنا منہ از سمع [2] رُبَاوۃ بالضم بمعنی ما ارتفع من الارض (ٹیلہ) یقال ربا یربو ربوًّا ای نما وازداد از نصر وفی التنزیل ربوۃ ذات قرار ومعین [3] متخصّرًا التخصر مصدر از تفعل بمعنی لوک سے ٹیک لگانا اور یہ خاصرہ سے ماخوذ ہے جس کے معنی پہلو کے ہیں۔ یقال تخصّر جبکہ وہ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھے تخصر بالمخصرۃ جبکہ وہ لاٹھی کو ہاتھ میں لے [4] ہراوۃ بالکسر بمعنی موٹا ڈنڈا

میں آگے رہنے والا گھوڑا ؂ مربوطۃ وہ گھوڑے جن کو گھر میں باندھ کر رکھا جائے یقال ربطہ ربطاً ای اوثقہ وشدہ از نصر وضرب ؃ مغبوطۃ یہ غبطہ سے مشتق ہے بمعنی خواہش کرنا کسی چیز کا بغیر اس کی نعمت کے زوال کے یقال غبطہ غبطاً و غبطۃً ای عظم فی عینہ وتمنی مثل حالہ دون ان یرید زوالھا عنہ از ضرب وفتح۔ ؅ یلہینی الہاءً مصدر از باب افعال بمعنی کھیل میں ڈالنا اور یہ لہو سے مشتق ہے ؆ ذرع بمعنے دل یقال وھو خالی الذرع یعنی اس کا دل رنج اور غم سے خالی ہے اور اس سے یہاں مراد فارغ البالی ہے۔ ؇ یزدھینی از باب افتعال ازدہاءً مصدر بمعنی تکبر وغرور کرنا یقال زہا زہواً ای تکبر از نصر ؈ حفول مصدر بمعنی بھرنا اور یہ کنایہ ہے کثرت مال سے یقال حفل الماء حفلاً وحفولاً وحفیلاً ای اجتمع بکثرۃ از ضرب ؉ الفرع بمعنی شہنی والفرع لذوات الخف کالثدی للمرأۃ والجمع ضروع ؊ شق مصدر بمعنی مشقت وتکلیف یقال شقہ شقاً ای صدعہ وفرقہ وفی التنزیل ثم شققنا الارض شقاً از نصر ؋ انفاء مصدر از انفعال بمعنی لاغر کرنا یقال انضی البعیر ای ھزلہ ونضا السیف من غمدہ نضواً ونضا السیف نضیاً ای سلہ ونضا الثوب عنہ ای خلعہ از نصر وضرب وفی ترتیب الھزال یقال بعیر مھزول ثم شاسب ثم شاسف ثم خاسف ثم نضو ثم رازح ثم رازم وھو الذی لا یتحرک ھزالاً ؍ العنس الناقۃ القویۃ والجمع عناس وعنوس ؎ الالسن یہ لسان کی جمع ہے بمعنی زبان یہ مذکر اور مؤنث ہے۔ اور یہ مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے۔ اور اس کی جمع اَلسِنۃٌ ولُسُنٌ اور لسانات بھی آتی ہے وبمعنی لغت وپیغام ؏ تلذذ مصدر بمعنی لذت ومزہ حاصل کرنا۔ یقال لذ الشیئ وبالشیئ لذاً ولذ الشیئ لذاً ولذاذۃً ای صار شھیاً از سمع ؐ الاعین یہ عین کی جمع ہے بمعنی آنکھ کا ڈھیلا اور اس کی جمع عُیُونٌ اور اعیان بھی آتی ہے اور اس کی جمع الجمع اعینات ہے ؑ فشکرت شکر مصدر بمعنی اس کی نعمت کا اظہار کرنا اور یہ کفر کی ضد ہے از نصر ؒ النوی مصدر بمعنی دوری وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے اور یہ اس معنی میں مؤنث ہے اور گہر گٹھلیاں یہ اس معنی میں مذکر اور مؤنث دونوں ہے یقال استقرت نوی القوم بموضع کذا وکذا یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی ؓ طلقاً گھوڑے کا پورا ایک چکر ومضبوط رسی بٹی ہوئی وکھال کا بنا ہوا بند والجمع اطلاق ؔ الھوی ای مع ھوی النفس ؕ طفقت از سمع وضرب یقال طفق طفقاً وطفوقاً یفعل کذا جبکہ وہ شروع کرے وطفق الموضع جبکہ وہ لازم ہو وطفق بمرادہ جبکہ وہ کامیاب ہو ؖ افض فض مصدر بمعنی توڑنا یقال فضہ فضاً ای فرقہ فانفض ای تفرق ؗ ختوم بمعنی مہر وما یختم بہ یعنی جو مہر لگائی جاتی ہو ؘ الشھوات یہ شھوۃ کی جمع ہے یہاں شہوت کو شراب سے تشبیہ دی ہے ؙ اجتنی از باب افتعال اجتناءً مصدر بمعنی پھل چننا وتوڑنا یقال اجتنی الثمر جبکہ وہ پھل توڑے یا چنے ؚ قطوف یہ قِطفٌ کی جمع ہے بمعنی توڑا ہوا پھل وانگوروں کا خوشہ اور اس کی جمع قطافٌ بھی آتی ہے وفی التنزیل قطوفھا دانیۃ ؛ اللذات یہ لذۃٌ کی جمع ہے بمعنی خوشی مزہ وحصول مرغوبات وشراب۔

إِلَى أَنْ شَرَعَ سَفْرٌ فِي الْإِعْرَاقِ. وَقَدْ أَشْفَقْتُ مِنَ الْإِغْرَاقِ. فَعَادَنِي عِيدٌ مِنْ تَذَكَّارِ الْوَطَنِ. وَالْحَنِينِ إِلَى الْعَطَنِ. فَقَوَّضْتُ خِيَامَ الْغَيْبَةِ. وَأَسْرَجْتُ جَوَادَ الْأَوْبَةِ. وَلَمَّا تَأَهَّبَتِ الرِّفَاقُ. وَاسْتَتَبَّ الْإِتِّفَاقُ. الْحَنَا مِنَ الْمَسِيرِ. دُونَ اسْتِصْحَابِ الْخَفِيرِ. فَرُدْنَاهُ مِنْ كُلِّ قَبِيلَةٍ. وَأَعْمَلْنَا فِي تَحْصِيلِهِ أَلْفَ حِيلَةٍ. فَأَعْوَزَ وِجْدَانُهُ فِي الْأَحْيَاءِ. حَتَّى خِلْنَا أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ الْأَحْيَاءِ.

الترجمۃ والمطالب یہاں تک کہ یاران سفر (مسافرین) یا قافلہ سفر کرنے والوں کا عراق جانے لگے اور میں بے ہوشی (یعنی ہمہ وقت

عیش پرستی اور اعمال صالح کی بربادی سے میں ڈرا دیا مجھے ہوش آیا) پس مجھ کو وطن کی یاد اور اس کے شوق کی وجہ سے گویا دوبارہ میرے لیے عید آگئی پس میں نے بھی مسافری کے خیمے اکھیڑے اور میں نے عمدہ گھوڑے پر واپسی کے لیے زین کسی لیکن جب ہمارے ساتھیوں نے تیاری کی اور سب کا اس پر اتفاق ہوگیا تو ہم نے بغیر ساتھ لینے رہبر کے خوف کیا پھر تو ہم نے ہر قبیلہ میں اس کی تلاش کی اور اس کے مہیا کرنے کے لیے ہم نے ہزار حیلے کئے (یعنی تدبیریں کیں) لیکن ضرورت کے وقت قبیلہ میں ہمیں کوئی ایسا رہبر نہ ملا۔ یہاں تک ہم نے ایسا خیال کیا کہ ایسے شخص کا زندوں میں وجود ہی معلوم نہیں ہوتا۔

تشریح لغات

لہ الاعراق مصدر شہر عراق جانا ای ذہاب فی بلد العراق یقال اعرق الرجل جبکہ وہ عراق میں جائے لہ اشفقت ای خِفتُ از افعال اشفاق مصدر یقال اشفق علیہ ومنہ کسی سے چوکنا رہنا اور خوف کرنا اور لاپلم کرنا واشفق علی الصغیر جبکہ وہ مہربان ہو واشفق الرجل شفق کا وقت پائے واشفق الریح تیز ہوا کا چلنا اور خاک اڑانا اور بعض نسخوں میں استفقت ہے یہ افاقہ سے مشتق ہے بمعنی بے ہوشی سے ہوش میں آنا سہ الاغراق مصدر از افعال بمعنی ڈبو دینا اور مبالغہ کرنا یقال اغرق فی الامر جبکہ وہ مبالغہ کرے۔ سہ فعادنی از نصر عود مصدر بمعنی لوٹنا یقال عاد الشئ یعود عوداً وعیاداً جبکہ وہ دوبارہ کرے ومنہ العَوْدُ احمدُ اور یہ مثل ہے۔ وعاد الامر کذا ای صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لیے آتا ہے جیسے عاد فلان شیخاً یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہوگیا وعادہ یعودہ عوداً کے معنی ہٹانے کے آتے ہیں وعادہ عوداً بمعنی عادت بنا لینا ھہ عید۔ عید کو عید اس لیے کہتے ہیں کہ ہر سال وہ دن لوٹ کر آتا ہے اور عید ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہیں اور اس کی اصل عود ہے اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق اعواد ہونی چاہیئے تھی مگر عود بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کے لیے اس کی جمع اعیاد آتی ہے اور العید بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ لہ تذکار یہ ذکر سے ماخوذ ہے اور یہ مصدر ہے بمعنی یاد کرنا متذکر المیت یعنی مرنے کے بعد لوگوں کی زبان پر نام باقی رہنا یقال ذکر اللہ ذکراً وتذکاراً جبکہ وہ تسبیح وتمہید کرے وذکر الشئ جبکہ وہ دل میں یاد کرے۔ وذکر بفلان حدیثاً جبکہ وہ ذکر کرے وذکر الامر جبکہ وہ اچھی طرح سمجھے وذکر اسم اللہ جبکہ وہ اللہ کا نام لے وذکر حق فلان جبکہ وہ کسی کے حق کی حفاظت کرے۔ از نصر ئہ الوطن ھو مولد الانسان وموضع اقامۃ والجمع اوطان یقال وطن بالمکان وطناً ای اقام بہ از ضرب ۵ہ الحنین ای الشوق یقال حن حنیناً ای صوت عن طرب او حزن از ضرب وحَنّ الیہ حناناً ای اشتاق وفی التنزیل وحناناً من لدنا وزکوۃ ۔ ۹ہ العطن اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ اور حوض کے ارد گرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ والجمع معاطن اور یہاں یہ وطن کے معنی میں ہے نلہ فقوضت از تفعیل تقویض مصدر بمعنی اکھیڑنا وتوڑنا یقال قاض البناء قوضاً وقُوَضَۃً ای ہدمہ از نصر اور یہاں اس سے مراد خیمہ کی طنابیں اکھیڑنا ہیں للہ خیام یہ خیمۃ کی جمع ہے بمعنی ڈیرا ویجمع علے خیم وخیمات ایضاً للہ الغیبۃ ای الغیبۃ عن الوطن والغیبۃ ضد الشہادۃ یعنی غائب ہونا اور یہ غیبۃٌ مصدر ہے از ضرب للہ اسرجت از افعال اور یہ سرج سے مشتق ہے بمعنی زین کسنا للہ جواد بمعنی تیز رفتار گھوڑا یقال فرس جوادٌ والجمع جیادٌ واجاویدُ ۵للہ الاوبۃ مصدر بمعنی لوٹنا یقال آبَ اوباً وایاباً ومآباً جبکہ وہ لوٹے وفی التنزیل ان الینا ایابھم واللہ عندہ حسن المآب از نصر ۶للہ تاہبت تاہُبٌ مصدر از تفعل بمعنی تیار رہنا یقال تاہَبَ للامر جبکہ وہ تیار ہو اور آمادہ ہو للہ الرفاق یہ رفقۃ کی جمع ہے بمعنی یارانِ سفر وساتھیوں کی جماعت اور اس کی جمع رِفَقٌ ورفق اور ارفاق بھی آتی ہے ۸للہ انتبب استتباب مصدر از استفعال بمعنی مستقل ہونا ۹للہ الحنا از افعال الاحنۃ مصدر ای خفنا وخشینا یقال الاح من الشئ ای خاف منہ وحاذر والاح من القول جبکہ وہ ترما جائے والاح علے الشئ جبکہ وہ اعتماد کرے والاح الشئ جبکہ وہ ظاہر ہو والاح البرق جبکہ بجلی چمکے والاح

النجم جب کہ ستارے چمکیں والاح بسیفہ او ثوبہ جبکہ وہ تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرے والاح بحقہ جبکہ وہ حق مارے والاح فلاناً جبکہ وہ ہلاک کرے [20] المیسر یہ مصدر میمی ہے اور سیر سے مشتق ہے از ضرب بمعنی چلنا [21] دون بمعنی غیر [22] الخفیر بمعنی پناہ دیا ہوا اور پناہ دینے والا اور حمایت وحفاظت کرنے والا والجمع خفراء والخفیر ہو الذی یمشی الرفاق فی ذمتہ یقال خفرہ وبہ وعلیہ ای اجارہ وحماہ از نصر وضرب [23] فردناہ ای طلبناہ از نصر یقال راد یرُد رَدوداً ورِیاداً جبکہ وہ کسی چیز کی تلاش میں گھومے اور آئے جائے ورادالشئ یرود رَوداً ورِیاداً جبکہ وہ طلب کرے [24] قبیلۃ ایک باپ کے بیٹے وکنویں کے منہ کا پتھر وچمڑے کا ہر ایک ٹکڑا والجمع قبائل [25] الف بمعنی ہزار والجمع اُلوفٌ وآلافٌ وفی التنزیل الی مائۃ الف وخمسۃ آلاف من الملئکۃ مردفین وہم الوف [26] فاعوز از افعال بمعنی حاجت کے وقت نہ ملنا اور گم ہونا۔ اور دشوار ہونا یقال عوزالشئ عوزاً واعوزای عزّ وجودہ از سمع [27] وجدان مصدر بمعنی پانا یقال وَجَدَ المطلوب وَجَدَ وجداً ووُجداً وجِدۃً ووُجوداً وِجداناً واِجداناً جبکہ وہ پائے اور ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہو ومنہ وجدت الضالۃَ وجداً فعال قلوبیہ میں سے بھی ہے اس صورت میں وہ دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وجدت کلامک صادقاً اور اس کا مصدر وجود ہے [28] الاحیاء یہ حی کی جمع ہے بمعنی قبیلہ ومحلہ [29] الاحیاء یہ حی کی جمع ہے بمعنی ہے بمعنی زندہ جو موت کی ضد ہے۔

فَحَارَتْ[1] لِعَوَزِهٖ[2] عَزُوْمُ[3] السَّيَّارَةِ[4]۔ وَانْتَدَوْا[5] بِبَابِ جَيْرُوْنَ[6] لِلْاِسْتِشَارَةِ[7]۔ فَمَازَ[8] الْوُبَيْنَ عَقْدٍ[9] وَحَلٍّ[10]۔ وَشَزْرٍ[11] وَسَحْلٍ[12]۔ اِلٰى اَنْ نَفِدَ[13] التَّنَاجِيْ[14]۔ وَقَنِطَ[15] الرَّاجِيْ[16]۔ وَكَانَ[17] حِذَاءَهُمْ شَخْصٌ[18] مِيْسَمُهٗ[19] مِيْسَمُ الشُّبَّانِ[20]۔ وَلَبُوْسُهٗ[21] لَبُوْسُ الرُّهْبَانِ[22]۔ وَبِيَدِهٖ سُبْحَةُ[23] النِّسْوَانِ[24]۔ وَفِيْ عَيْنِهٖ تَرْجِيْحَةُ[25] النَّشْوَانِ[26]۔ وَقَدْ قَيَّدَ[27] لَحْظَهٗ بِالْجَمْعِ۔ وَاَرْهَفَ[28] اُذُنَهٗ لِاِسْتِرَاقِ السَّمْعِ۔ فَلَمَّا اٰنَ[29] انْكِفَاؤُهُمْ[30]۔ وَقَدْ بَرِحَ[31] لَهٗ خَفَاؤُهُمْ۔

الترجمۃ والمطالب پس اس کے نہ ملنے (نا کامیابی) کی وجہ سے قافلہ کا ارادہ ملتوی ہو گیا اور وہ باب جیرون پر مشورہ کے لیے جمع ہوئے (وہاں انجمن یا مجلس بنائی) پس وہ رائے کے پیش کرنے اور رائے کے کھولنے اور قوت رائے اور ضعف رائے میں رہے یہاں تک کہ مشورہ ختم ہو گیا اور امید کرنے والے ناامید ہو گئے تو اس جماعت کے مقابل ایک شخص تھا اس کی علامت جوانوں جیسی تھی (یعنی وہ نوجوان تھا) اور اس کا لباس پادری (زاہد یا عابد) جیسا معلوم ہوتا تھا اور اس کے ہاتھ میں عورتوں جیسی تسبیح تھی اور اس کی آنکھوں سے مستی ٹپک رہی تھی جو اپنی نگاہ جماعت پر جمائے ہوئے تھا (یعنی اس نے جماعت کو اپنی نظر سے مقید کر رکھا تھا) اور وہ اپنے کان کو باتیں سننے پر لگائے ہوئے تھا (یعنی اس نے اپنے کان کو بات چرانے یا اچکنے کے لیے تیز کر رکھا تھا) جب ان کی واپسی کا وقت آیا اور اس پر اُن کے مخفی بھید ظاہر ہو گئے۔

تشریح لغات [1] فحارت از سمع بمعنی حیران ہونا و پریشان ہونا یقال حار فی امرہ جبکہ وہ حیران ہو وحار الماء پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے وحار الرجلُ چکا چوند ہو و راستہ گم کرنا [2] لعوزہ مصدر بمعنی نایاب وکمیاب ہونا یقال عوزالشئ عُوزاً جبکہ دشوار ہو اور باوجود حاجت کے کمیاب ہو وعوز الرجل جبکہ محتاج ہو وعازالشئ فلاناً یعود عوزاً جبکہ محتاج ہو اور کامیاب نہ ہو [3] عُزُوم یہ عَزُوم کی جمع ہے بمعنی ہمیشہ مصمم ارادہ پر رہنے والا اور یہ ضرب سے آتا ہے [4] السیارۃ یہ سَیَّارٌ

کامونث ہے بمعنی قافلہ وچلتی پھرتی قوم والجمع سَیّارات ؂۵ انتدوا از باب افتعال انتداء بمعنی مجلس میں جمع ہونا یقال انتدی القوم مجلس میں جمع ہونا وانتدی الرجل مجلس میں حاضر ہونا اور یہ ندوۃ سے مشتق ہے جس کے معنی جماعت ومجلس کے ہیں ؂۶ جیرون ہو اسم الدمشق او اسم لبابہ ای اتخذوا باب جیرون نادیا ومجلسًا ؂۷ للاستشارۃ یہ باب استفعال کا مصدر ہے بمعنی مشورہ طلب کرنا ؂۸ عقد بمعنی گرہ لگانا اس سے مراد رائے پیش کرنا ہے والعقد نقیضہ الحل از ضرب ؂۹ حل کسی کی رائے پر اعتراض کرنا اور اس کی وضاحت کرنا ؂۱۰ شزر بوجہ غصہ یا اعراض کرتے ہوئے گھور کر دیکھنا اور رسی کو بٹنا یقال شزر الحبل شزرًا ای فتلہ از ضرب اس سے مراد قوت رائے ہے ؂۱۱ سحل وہ کپڑا جس کا بانا پورا نہ ہوا ہو اور اکہری بٹی ہوئی رسی یقال سَحَلَہ، سَحْلًا ای لم یفتلو مداہ از فتح اور اس سے مراد ضعف رائے ہے ؂۱۲ نفد از سمع نَفَدٌ ونفادٌ مصدر بمعنی ختم ہونا ونیست ونابود ہونا یقال نفد زاد القوم یعنی قوم کا توشہ ختم ہوگیا واز نصر یقال نَفَدَ القوم نفدًا جبکہ وہ لوگوں سے آگے بڑھ جائے۔

؂۱۳ التَّنَاجِی مصدر از باب تفاعل بمعنی سرگوشی کرلی ومشورہ کرنا ؂۱۴ قنط از سمع یقال قنط قَنَطًا وقنط قنوطًا از ضرب ونصر وقنط قناطۃً از کرم بمعنی مایوس ہونا ونا امید ہونا وقنطہ از ضرب ونصر قنطًا منع کرنا و باز رکھنا ؂۱۵ راجی اسم فاعل کا صیغہ بمعنے امید کرنے والا از نصر یقال رجا الشیٔ جبکہ وہ امید کرے اور خوف کرے ورجا الرجل جبکہ وہ کسی کے متعلق امید لگائے ؂۱۶ حذہم یہ اصل میں حذو تھا اس میں واؤ کو حذف کرکے تا بڑھا دی ہے بمعنی مقابل وبرابر یقال داری حذاء دارہ یعنی میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے وجلس حذاءہ وبحذائہ یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا ؂۱۷ میسمہ بمعنی شکل وصورت وحسن وجمال وداغ کا نشان والجمع میاسم ؂۱۸ الشبان یہ شباب کی جمع ہے بمعنی نوجوان جو شیخ کی ضد ہے اور اس کی جمع شباب اور شَبَبَۃٌ بھی آتی ہے ؂۱۹ لبوسہ بمعنی لباس وزرہ وبہت پہننے والا از سمع ؂۲۰ الرہبان یہ راہب کی جمع ہے بمعنی دیا دری) و زاہد و عابد ؂۲۱ سجۃ یہ فُعلۃٌ کے وزن پر ہے؛ بمعنی دعا ونفل ونماز وتسبیح

ومنہ سُبحَۃُ اللہ یعنی اللہ کا جلال والجمع سُبَحٌ وسُبُحَاتٌ وسُبُحَاتُ وجہ اللہ یعنے اللہ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے خدا تعالیٰ کی تقدیس کی جائے اور یہاں یہ تسبیح کے معنی ہیں ؂۲۲ النسوان یہ مرأۃٌ کی جمع من غیر لفظہ ہے اور نسوۃٌ اور نساءٌ یہ بھی مراۃٌ کی جمع ہے ؂۲۳ ترجمۃ یہ فعللۃٌ کے وزن پر ہے بمعنی حال بیان کرنا اور کتاب کی تفسیر فا لجمع تراجم اور اس کے (ت ر ج م) حروف اصلی ہیں منہ المترجم ؂۲۴ النشوان بمعنی مست ہونا اور یہ صفت کا صیغہ ہے من نشی معناہ سکرا از سمع والمصادر نشو ونشوۃ ونشوۃ ونشوۃ واعلم ان الرجل اذا شرب فہو نشوان فاذا دب فیہ الشراب فہو ثمل فاذا ابلغ الحد الذی یوجب الحد فہو سکران فاذا زاد وامتلأ فہو سکران طافح فاذا کان لا یتماسک ولا یتمالک فہو ملتخ فاذا کان لا یعقل شیئا من امرہ ولا ینطلق لسانہ فہو سکران بات ؂۲۵ قیدہ از تفعیل اور یہ قید سے مشتق ہے بمعنی مقید کیا ؂۲۶ لحظہ بمعنی نظر یقال لحظ فلانًا اوالی فلانٍ لحظًا ولحظانًا ای نظر الیہ از فتح ؂۲۷ ارہف از افعال بمعنی تلوار کی دھار کو تیز کرنا وپتلی کرنا یقال ارہف السیف جبکہ وہ تلوار کی دھار کو پتلی کرے وارہف بالکلام جبکہ وہ فی البدیہہ کہے اور اس کا مجرد فتح سے آتا ہے ؂۲۸ اذنہ بمعنی کان اور یہ مؤنث ہے والجمع آذانٌ ؂۲۹ آنی اس میں قلب حرفی ہے اور یہ آن سے مشتق ہے بمعنی وقت یقال آن یئین اینًا وانی یانی اینًا ای حان وقرب وقتہ از ضرب ؂۳۰ انکفاؤہم مصدر بمعنی پھرنا وسکڑنا اور یہ مشتق ہے کفات الاناء سے جبکہ برتن کو لوٹ دیں یا اوندھا کردیں اور یہ متعدی بنفسہ ہے۔ یقال انکفار القوم ای رجعوا اور یہ فتح سے آتا ہے یقال کفا کفاءً جب کہ وہ پھرے اور اپنے مقصد سے شکست کھائے ؂۳۱ برح از سمع یقال برح بَرَحًا وبراحًا ای زال وبرح المکان ومنہ جبکہ وہ ہٹے اور جدا ہو وما برح ولا برحت غنیًا بمعنی ما زال ولا زلت ویقال برح الخفاء جبکہ ظاہر ہوا اور یہی اخیر معنی یہاں مراد ہیں۔

قَالَ لَهُمْ يَا قَوْمِ لِيَفْرَخْ كَرْبُكُمْ۔ وَلْيَأْمَنْ سِرْبُكُمْ۔ فَسَأُخْبِرُكُمْ بِمَا يَسُرُّ وَسَاوَعَكُمْ۔ وَيَبُدُّ و

طَوْعَكُمْ¹ - قَالَ الرَّاوِيْ فَاسْتَطْلَعْنَا مِنْهُ² طِلْعَ الْخِفَارَةِ³ - وَاَسْنَيْنَا⁴ لَهُ الْجُعَالَةَ⁵ عَنِ السِّفَارَةِ فَزَعَمَ⁶ اَنَّهَا كَلِمَاتٌ لُقِّنَهَا فِي الْمَنَامِ - لِيَحْتَرِسَ⁷ بِهَا مِنْ كَيْدِ⁸ الْاَنَامِ⁹ - فَجَعَلَ بَعْضُنَا يُوْمِضُ¹⁰ اِلٰى بَعْضٍ - وَيُقَلِّبُ طَرْفَيْهِ بَيْنَ لَحْظٍ¹¹ وَغَضٍّ¹² - وَتَبَيَّنَ لَهُ اِنَّا اسْتَضْعَفْنَا¹³ الْخَبَرَ - وَاسْتَشْعَرْنَا¹⁴ الْخَوَرَ¹⁵ - قَالَ مَا لَكُمْ اِتَّخَذْتُمْ جِدِّيْ¹⁶ عَبَثًا¹⁷ - وَجَعَلْتُمْ تِبْرِيْ¹⁸ خَبَثًا¹⁹ - وَاَيْمُ اللّٰهِ لَطَالَمَا - جُبْتُ²⁰ مَخَاوِفَ²¹ الْاَقْطَارِ - وَوَلَجْتُ²² مَقَاحِمَ²³ الْاَخْطَارِ²⁴ -

الترجمۃ والمطالب تو وہ یہ کہنے لگا کہ اے قوم تمہاری تکلیف دور ہو جائے گی اور تمہاری جماعت محفوظ رہے گی پس میں تمہاری رہبری کروں گا تاکہ تمہارا ڈر چلا جائے اور میں تمہارا مطیع ہو کر رہوں گا۔ راوی کہتا ہے کہ ہم نے اس سے رہبر ہونے کی کیفیت و حالت دریافت کی اور اس کے ایلچی (سفیر) ہونے کی مزدوری ہم نے بہت بڑھا دی اس نے کہا دیا دعویٰ کیا) وہ چند جملے ہیں جو مجھے خواب میں مخلوق کے مکر سے محفوظ رہنے کے لئے تلقین کئے گئے ہیں یہ سن کر ہم آپس میں ایک دوسرے کی طرف اشارہ کر کے دیکھنے لگے کبھی تو آنکھیں کھول لیتے اور کبھی بند کر لیتے۔ الغرض اس پر یہ بات ظاہر ہو گئی کہ ہم اس کی بات کو بودا اور کمزور سمجھ رہے ہیں۔ تو وہ دیکھ کر یہ بولا کہ تمہیں کیا ہوا کہ میری سچی بات کو بے کار (بیہودہ) اور میرے خالص سونے کو کھوٹا (میلا) سمجھتے ہو۔ خدا کی قسم میں نے بہت مرتبہ خوفناک جگہ کو قطع کیا ہے اور میں ہلاکت (سختی) کی جگہوں میں داخل ہوا ہوں۔

تشریح لغات ¹ لیفرخ از افعال ای ینکشف ولیذہب یقال فرخ الرجل فرخًا ای زال عنہ فزعہ وافرخ الروع ای انکشف از سمع ² کربکم بمعنی غم ومشقت والجمع کروب ³ سربکم بالکسر بمعنی ہرنوں کا گلہ اور پرندوں کی ڈار اور عورتوں کی جماعت اور کھجور کے درختوں کا جھنڈ اور راستہ اور دل یقال فلان واسع السرب یعنی فلاں کشادہ دل ہے والجمع اسراب اور یہاں یہ جماعت کے معنی میں زیادہ اچھا ہے اور دل اور نفس کے معنی بھی ہو سکتے ہیں ⁴ سا خفرکم از کم نصر وضرب بمعنی رہبری کرنا یقال خَفَرَہ خَفْرًا وبہ وعلیہ جبکہ وہ پناہ دے اور حفاظت دامن دے وخفرہ جبکہ وہ پناہ دینے کی اُجرت لے وخفر بالعہد جبکہ وہ وفا کرے اور عہد پورا کرے وخفر خفرًا وخفورًا فلانًا جبکہ وہ عہد توڑے اور بے وفائی کرے ⁵ لیُسرٰ ای یکشف سرالبر واز نصر یقال سرت الجرادۃ جبکہ ٹڈی انڈے دے یہاں اس کے معنی کھولنے کے ہیں ⁶ روعکم مصدر بمعنی گھبراہٹ وخوف یقال راع منہ روعًا ای فزع از نصر ⁷ طوعکم مصدر بمعنی تابعداری از نصر یقال طاع طوعًا لفلان جبکہ وہ فرمانبردار ہو ⁸ استطلعنا ای استخبرنا وطلبنا از استفعال س ت اس میں طلب کے لیے ہے یقال استطلعہ یعنی ظاہر ہونے کی خواہش کرنا اور حقیقتِ حال دریافت کرنا واستطلع رای فلان واستطلعہ رأیہ جبکہ وہ کسی کی رائے اور تدبیر پر غور کرے۔ از نصر ⁹ الخفارۃ بتثلیث الجیم الخاء بمعنی رہبری ¹⁰ اسنینا از افعال یہ مشتق ہے سنی سناءً ای صار ذا رفعۃ از سمع بمعنی بہت دینا ¹¹ الجعالۃ بتثلیث الجیم بمعنی اُجرت ومزدوری وجنگ کرنے والے کا وظیفہ والجمع جعائل ¹² زعم بمعنی قال از فتح ونصر وزعم زعمًا وزِعمًا وزُعمًا ومزعمًا جبکہ وہ سچ یا جھوٹ کہے اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے۔ وزعم علی القوم جبکہ وہ سردار ہو وزعم از فتح ونصر زعمًا بالمال جب کہ وہ کفیل اور ضامن ہو وزعم اللبنُ جبکہ دودھ مزیدار ہونے لگے واز سمع یقال زَعِمَ فیہ زعمًا جبکہ وہ لالچ کرے ¹³ لیحترس از افتعال احتراس مصدر بمعنی نگہبانی کرنا یقال حرسہ حرسًا وحراسۃً ای حفظ از نصر ¹⁴ کید مصدر بمعنی مکر وحیلہ وخباثت ولڑائی والجمع کیاد۔

۱۵ الانام بمعنی مخلوق اور انیم کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے ۱۶ یومض از افعال بمعنی خفیہ اشارہ کرنا اور یہ مشتق ہے ، ومض البرق ومضاً وومیضاً ای لمع خفیفاً از ضرب ۱۷ لحظ مصدر بمعنی دیکھنا یقال لحظ والیہ لحظاً ای نظر الیہ درا فیہ از فتح ۱۸ غض مصدر از نصر بمعنی نگاہ یا آواز پست کرنا و آنکھوں کو نیچے کرنا و بند کرنا یہاں یہ ہی اخیر معنی مراد ہیں ۱۹ استضعفنا از استفعال بمعنی ضعیف سمجھنا استضعاف اس کا مصدر ہے ۲۰ استشعرنا از استفعال اور یہ شعور سے ماخوذ ہے یقال شعر بہ شِعْرًا وشَعْرًا وشعرًى وشعرًى وشعرًى وشعرةً بتثلیث العین وشعورًا وشعورةً ومشعورًا مشعورةً جبکہ وہ جانے اور محسوس کرے وشعرلہ جبکہ وہ سمجھے ۲۱ الخور مصدر از سمع بمعنی سست وکمزور یقال خورَ خورًا جبکہ وہ سست اور کمزور ہو اور لوٹے واز نصر یقال خار الثفرۃ خوارًا جبکہ آواز کرے ۲۲ جدی بالکسر مصدر بمعنی کوشش وسنجیدگی وجلدی واچھی طرح ثابت شدہ ۲۳ عبثاً بمعنی بے فائدہ ، لغو و بے نتیجہ یقال فعل ذلک عَبَثًا یعنی اس نے یہ کام لغو کیا ۲۴ تبر بالکسر بمعنی غیر مسبوک سونا و چاندی یعنی سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا اس کا واحد تبرۃ ہے ۲۵ خبثاً محرکۃ الخبث من الحدید ونحوہ یعنی لوہے کا میل سونے یا لوہے کا کھوٹ و بے فائدہ چیز ۲۶ جبت ای قطعت از نصر یقال جاب البلاد جَوْبًا وتجوابًا جبکہ وہ طے کرے وجاب الثوب جوبًا جبکہ وہ کاٹے وجاب الصخرۃ جبکہ وہ چٹان کو تراشے ۲۷ مخاوف یہ مخافۃ کی جمع ہے اور اس کی جمع الجمع مخافات آتی ہے بمعنی خوف کی جگہ اور یہاں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ۲۸ الاقطار یہ قطر بضم القاف کی جمع ہے بمعنی جانب وکونہ اور فلسفہ کی اصطلاح ما بین القطبین کو کہتے ہیں ۲۹ دلجت از نصر اس کا مصدر دلوج ہے بمعنی داخل ہونا ۳۰ مقاحم بمعنی ہلاکتیں اس کا مفرد مقحمۃ ہے اور یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے ملامح جمع لمحۃ کی ہے ۳۱ الاخطار یہ خطر کی جمع ہے بمعنی قریب بہلاکت یقال رکبوا الاخطار یعنی وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے.

فَغُنِيتُ بِهَا عَنْ مُضَاحَبَةِ خَفِيرٍ. وَاسْتِصْحَابِ جَفِيرٍ. ثُمَّ اِنِّيْ سَاَنْفِيْ مَا دَاَبَكُمْ. وَاَسْتَسِلُّ الْحَذَرَ الَّذِيْ نَابَكُمْ. بِاَنْ اُوَافِقَكُمْ فِي الْبَدَاوَةِ. وَاُرَافِقَكُمْ فِي السَّمَاوَةِ. فَاِنْ صَدَقَكُمْ وَعْدِيْ. فَاَجِدُّوْا مُسْعَدِيْ. وَاَسْعِدُوْا جِدِّيْ. وَاِنْ كَذَبَكُمْ فَمِيْ. فَمَزِّقُوْا اَدَمِيْ. وَاَرِيْقُوْا دَمِيْ. قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ. فَاُلْهِمْنَا تَصْدِيْقَ رُؤْيَاهُ. وَتَحْقِيْقَ مَا رَوَاهُ. فَنَزَعْنَا عَنْ مُجَادَلَتِهٖ. وَاسْتَهَمْنَا عَلٰى مُعَادَلَتِهٖ. وَفَصَمْنَا بِقَوْلِهٖ عُرَا التَّرَابُثِ. وَاَلْغَيْنَا اتِّقَاءَ الْعَابِثِ وَالْعَائِثِ۔

الترجمۃ والمطالب پس میں ان کلمات کی وجہ سے بے پرواہ ہو گیا (یا مستغنی ہو گیا) اور مجھے کسی رہبر یا نگہبان) کو ساتھ رکھنے اور نہ ترکش اپنے پاس رکھنے کی نوبت آئی تاہم میں ابھی تمہارے شک کو جس نے تمہیں شبہ میں ڈال دیا ہے اور جو تمہیں خوف ہوا ہے اس کو میں نکال دوں گا اس طرح کہ میں جنگلوں میں تمہارے ساتھ رہوں گا اور موضع سماوہ یا (جنگل سماوہ) میں بھی تمہارے رفیق سفر رہوں گا اگر میری بات سچ سمجھو (اور تم کو کسی قسم کا خوف میرے ساتھ لاحق نہ ہو) تو تم مجھے بہت مال دینا دیا میری خوش بختی کی تجدید کرنا) اور میرے نصیب کی تم مدد کرنا اور اگر تم یہ سمجھو کہ میں نے جھوٹ بولا ہے تو تم کو اختیار ہے کہ تم میری کھال کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا اور تم میرا خون بہا دینا (یعنی تم مجھے قتل کر دینا) حارث بن ہمام کہتا ہے ہم کو اس کے خواب کی تصدیق کا الہام کیا گیا اور ہم کو جب اس کے کہنے کی تصدیق ہوئی تو ہم اس کے ساتھ لڑائی کرنے سے رکے اور ہم نے اس کو برابر رتبہ رکھنے پر قرعہ ڈالا اور ہم نے اس کے کہنے کی وجہ سے فساد کی رسی (ڈوری) کو کاٹ ڈالا اور فعل عبث سے ہم نے ڈرنے کو لغو سمجھا فساد برپا کرنے والوں کا خوف

ہم نے دل سے نکال دیا۔

تشریح لغات

[۱] فغنیت ای استغنیت یقال غنی بالشئ من غیرہ جبکہ وہ اکتفا کرے یا یہ ماخوذ ہے غنی بالمکان جبکہ وہ اقامت کرے یہاں اس کے معنی مستغنی ہونے کے ہیں [۲] مصاحبۃ یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ بمعنی ساتھ رہنا [۳] خفیر بمعنی حمایت وحفاظت کرنے والا و پناہ دینے والا والجمع خفراء [۴] جفیر محض چمڑے کا ترکش جس میں لکڑی مطلق نہ ہو یا صرف لکڑی کا ترکش جس میں چمڑا بالکل نہ ہو والفعل من نصر [۵] سانفی ازضرب نفی مصدر بمعنی زائل کرنا و دور کرنا یقال نفاہ فانتفی اس نے اس کو ہٹا دیا وہ ہٹ گیا ونفی ینفی نفیا بمعنی دور ہونا [۶] مارابکم اس میں ما موصول ہے راب یہ ریب سے مشتق ہے بمعنی شک یا تہمت میں ڈالنا اور کسی سے کوئی ناپسند بات کہنا یقال رابہ یریبہ ریبًا جبکہ شک یا تہمت میں ڈالے [۷] استسلال مصدر از استفعال اور یہ سل [۸] سے ماخوذ ہے بمعنی تلوار کا کھینچنا [۹] الحذر بمعنی خوف از سمع اور وہ خوف جو احتیاط کی وجہ سے ہو اور واقعی نہ ہو [۹] نابکم از نصر بمعنی پیش آنا اور یہ نوبت سے ماخوذ ہے بمعنی باری باری آنا یقال نابہ الامر نوبًا و نوبۃً ای اصابہ [۱۰] وافقکم از باب مفاعلہ موافقت مصدر ہے کسی کام میں کسی کے ساتھ شریک ہونا۔ [۱۱] البداوۃ یہ حضارت کی ضد ہے بمعنی گاؤں میں رہنا یقال بدا بدوًا ای اقام بالبادیۃ فصار بدویًا از نصر [۱۲] رافقکم از باب مفاعلہ مرافقت مصدر بمعنی ساتھ رہنا یقال رافقہ جبکہ وہ رفیق ہو اور ساتھی ہو ورافقہ فی السفر جبکہ وہ سفر میں اس کے ساتھ ہو۔ [۱۳] سماوہ یہ ایک موضع کا نام ہے او مفازۃ بین الشام والعراق اور اقرب الموارد میں اس کے یہ معنی لکھے ہیں کہ ایسا جنگل جس میں خوف اور دہشت ہو [۱۴] اجدوا از افعال یقال اجدّ الشئ جبکہ وہ نیا کرے یا یہ ماخوذ ہے جدید سے جس کے معنی نیا کرنے کے ہیں یا یہ جد [۱۵] سے ماخوذ ہے جس کے معنی مالداری کے ہیں اور یہاں اس سے مراد زیادہ مال دینا اور غنی بنانا ہے [۱۵] مسعدی یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی نیک شی و کوشش [۱۶] اسعدوا از باب افعال یہ سعید سے ماخوذ ہے۔ بمعنی موافقت و معاونت کرنا [۱۷] جدی بمعنی کوشش و نصیب [۱۸] فمی یہ کذب کا فاعل ہے اس سے مراد زبان ہے [۱۹] فمزقوا از تفعیل تمزیق مصدر بمعنی ٹکڑے ٹکڑے کرنا و پھاڑنا یقال مزق الثوب جبکہ وہ کپڑے کو پھاڑے مجردہ از نصر وضرب [۲۰] ادمی ہرکۃ بمعنی کھال و چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ اور لبشرۃ کھال کے اوپر کے ہی حصہ کو کہتے ہیں [۲۱] اریقوا از افعال اراقۃ مصدر بمعنے بہانا یقال اراق اراق دمہ ای سفکہ [۲۲] دمی بمعنی خون والجمع دماء یقال دمی الجرح دمًا و دمیًا ای خرج منہ الدم از سمع [۲۳] رؤیاہ بمعنی خواب وہو مایراہ الانسان فی منامہ والجمع رُؤیٰ [۲۴] فزعنا اس کا مصدر نزوع ہے ازضرب یقال نزع عن کذا نزوعًا جبکہ وہ رکے اور باز رہے [۲۵] مجادلۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی جھگڑا کرنا و لڑائی کرنا [۲۶] استہمنا اس میں س ہ حروف اصلی ہیں از افتعال یقال استہم القوم جبکہ باہم قرعہ اندازی کریں [۲۷] معاولۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی موازنہ کرنا و عادل فی المحمل عدلاً و معادلۃً جبکہ وہ ساتھ سوار ہو و عادل بین الامرین جبکہ دو امر پیش آئیں اور یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کونسا اختیار کرے یعنی ہر ایک کا ہم میں سے اس کا عدیل ہونا اور محمل میں اس کے ساتھ سوار ہونا اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ داہنی طرف سوار ہو اور یہ بائیں طرف اور ردیف میں یہ ہوتا ہے کہ وہ سوار کی پیٹھ کی طرف بیٹھتا ہے اور عدیل وہ جو سوار کے برابر بائیں جانب بیٹھے اور زمیل مطلقاً کسی قرینہ سے بیٹھنا [۲۸] فصمنا ای قطعنا ازضرب یقال فصم الدملج ونحوہ جبکہ وہ بازوبند کو بغیر جدا کئے ہوئے توڑے وفصم الشئ جبکہ وہ کاٹے [۲۹] عری یہ عروۃ کی جمع ہے بمعنی کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ پکڑ لینا اور بعض اس کے یہ معنی کہتے ہیں کہ وہ رسی جس سے جانوروں کو باندھا جائے۔ [۳۰] الربائث یہ ربیثۃ کی جمع ہے اور یہ ربث سے ماخوذ ہے جو چیز کسی چیز کے پہنچنے سے مانع ہو اب اس کے معنی روکنے والی شئی کے ہو گئے ہیں اور اس کے معنی مکر کے بھی آتے ہیں [۳۱] الغینا ای ابطلنا یقال لغا الشئ لغوًا ولغی لغاء ولاغیۃً ای اخطاء و تکلم من غیر رویۃ از نصر و سمع۔ [۳۲] اتقاء مصدر از افتعال بمعنی خوف وڈر

۳۳ العابث یہ عبث سے ماخوذ ہے از سمع ۔ بمعنے کھیل کود کرنا عابث بمعنی فعل عبث ۳۴ العائث عیث مصدر بمعنی فساد پھیلانا از ضرب وفی التنزیل ولا تعثوا فی الارض مفسدین ۔ والعائث ھو الذی یفسد الاموال یقال عاث الشئ عیثاً ای افسدہ ۔

وَلَمَّا عُكِمَتِ الرِّحَالُ ۔ وَاَزِفَ التَّرْحَالُ ۔ وَاسْتَنْزَلْنَا كَلِمَاتِهِ الرَّاقِيَةِ ۔ لِنَجْعَلَهَا الْوَاقِيَةَ الْبَاقِيَةَ ۔ فَقَالَ لِيَقْرَأْ كُلٌّ مِّنْكُمْ اُمَّ الْقُرْاٰنِ ۔ كُلَّمَا اَظَلَّ الْمَلَوَانِ ۔ ثُمَّ لِيَقُلْ بِلِسَانٍ خَاضِعٍ وَصَوْتٍ خَاشِعٍ ۔ اَللّٰهُمَّ يَا مُحْيِيَ الرُّفَاتِ ۔ وَيَا دَافِعَ الْاٰفَاتِ ۔ وَيَا وَاقِيَ الْمَخَافَاتِ ۔ وَيَا كَرِيْمَ الْمُكَافَاتِ ۔ وَيَا مَوْئِلَ الْعُفَاةِ ۔ وَيَا وَلِيَّ الْعَفْوِ وَالْمُعَافَاةِ ۔ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ اَنْبِيَائِكَ ۔ وَمُبَلِّغِ اَنْبَائِكَ ۔

الترجمۃ والمطالب اور جبکہ کجاوے باندھے گئے اور کوچ کرنے کا وقت آپہنچا تو ہم نے کلمات منتر کے یاد کرنے کی درخواست کی تاکہ ہم ان کو محفوظ کریں اور باقی ہم مصیبت آنے والی سے بچ جائیں پس اس نے کہا کہ ہر صبح و شام یا جبکہ صبح و شام ہو تو ہر ایک تم سے پہلے سورہ فاتحہ پڑھے اس کے بعد عاجزی کرنے والی زبان اور دلی زبان اور پست آواز (یعنی عاجزانہ لہجہ) سے یہ دعا پڑھے ۔ اے اللہ بوسیدہ ہڈیوں میں جان ڈالنے والے اور لوگوں کو مصیبتوں کے دور کرنے والے اور خوفوں سے یا خوف کی جگہوں سے نگاہ رکھنے والے (یعنی نجات دلانے والے) اور اچھے بدلہ دینے والے اور سائلین کے جائے پناہ اور اے صاحب مغفرت اور عافیت بخشنے والے خدا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر جو تیرے سب سے آخری نبیؐ اور تیری خبروں کو ہم تک پہنچانے والے ہیں اون پر رحمت نازل فرما۔

تشریح لغات ۱ حکمت ای شدت الرجال یقال عکم المتاع عکما ای شدّہٗ از ضرب ۲ الرجال بمعنی کجاوہ یقال حطّ رحلہٗ والقیٰ رحلہٗ یعنی اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا یعنی اس نے اقامت کرلی والجمع رحالٌ وارحُلٌ ۳ ازف از سمع بمعنی قریب ہوا وفی التنزیل ازفت آلازفۃ ای دنت القیامۃ وانذرہم یوم آلازفۃ ۴ الترحال مصدر از فتح یقال رحل عن المکان رحلاً و رحیلاً و ترحالاً جبکہ وہ وطن چھوڑے ورحل الی المکان جبکہ وہ منتقل ہو ورحل البعیر جبکہ وہ کجاوہ کسے اور سوار ہو ورحلہ بالسیف جبکہ وہ کسی پر تلوار اٹھائے ورحل العلاؤ جبکہ وہ گھومے اور پھرے ۵ استنزلنا از استفعال بمعنی اتارنا یہ نزل سے ماخوذ ہے بمعنی وہ مہمانی جو مہمان کے سامنے رکھی جائے یا تحفہ کے معنی میں اور یا یہ نزول سے ماخوذ ہے اور یہاں یہ معنی ہیں طلب نزول اور سوال کے ہے ۶ الراقیۃ یہ رقیۃ سے ماخوذ ہے اور یہ راقی کا مونث ہے از ضرب یقال رقیہ وعلیہ رقیاً ورُقیاً ورُقیۃً جبکہ نفع یا نقصان کے لئے منتر کرے ۷ الواقیۃ از ضرب اور یہ مصدر ہے مثل عافیہ وکاذبۃ بمعنی نگاہ رکھنا وحفاظت کرنا یقال وقی فلانا وقایۃً ووقیاً وواقیۃً جب کہ حفاظت کرے اور تکلیف سے بچائے ۸ ام القرآن اس سے مراد سورۃ فاتحہ ہے ۔ ۹ الملوان یہ ملا ر سے ماخوذ ہے بمعنی بھرنا چونکہ زمانہ بھرا ہوا ہے اس لیے ملوان سے دن اور رات مراد ہیں ۱۰ خاضع از فتح یقال خضع خضوعاً وخضعاً وخُضعانا جبکہ وہ تواضع اور عاجزی کرے وخضع لہ جبکہ وہ فرمانبردار ہو خضوع کا تعلق بدن یعنی قلب سے ہے ۱۱ صوت بمعنی آواز والجمع اصوات از نصر ۱۲ خاشع از فتح اس کا مصدر خشوع ہے اور اس کا تعلق بدن یعنی قلب سے ہے

وفی التنزیل وخشعت الاصوات للرحمٰن فلا تخضعن بالقول ۱۳ محیی از افعال احیاء مصدر بمعنی زندہ کرنا ۱۴ الرفات بالضم بمعنی چورہ دریزہ اور ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے ۱۵ الآفات یہ آفت کی جمع ہے بمعنی مصیبت اور جو خرابی پیدا کرے۔ یقال آفہ او فاً ای افسدہ از نصر ۱۶ المخافات یہ مخافۃ کی جمع ہے یا تو یہ اسم ظرف ہے یا مصدر میمی بمعنی خوف کی جگہ یا خوف ۱۷ المکافاۃ مصدر بمعنی بدلہ دینا از باب مفاعلہ اور یہ کفو سے ماخوذ ہے بمعنی مماثل اس میں ہمزہ کو خلاف قیاس بدل لیا ۱۸ موئل بمعنی جائے پناہ اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال وال یئل والا من کذا و وئیلاً، ووئلاً جبکہ وہ نجات ڈھونڈھے ووال الیہ جبکہ وہ پناہ لے ووال الی المکان جبکہ وہ سبقت کرے ووال فلانا جبکہ جائے پناہ بنائے ووال الی اللہ جبکہ وہ رجوع کرے اور توبہ کرے ۱۹ العفاۃ یہ عافی کی جمع ہے بمعنی سائل وطالب الفضل ۲۰ ولی بمعنی دوست مددگار۔ پڑوسی وحلیف وتابع دولہا داماد اور ہر وہ شخص جو کسی کام کا منتظم ہو یقال اللہ ولیک یعنی اللہ تمہارا حافظ اور مددگار ہے والمومن ولی اللہ یعنی مومن اللہ تعالےٰ کا مطیع وفرمانبردار ہے منہ ولی العھد وولی الیتیم اور یہاں یہ صاحب کے معنی میں ہے ۲۱ العفو مصدر بمعنی معاف کرنا از نصر یقال عفا عنہ ولہ ذنبہ وعفاعن ذنبہ جبکہ وہ درگذر کرے اور معاف کرے ۲۲ المعافاۃ یہ مصدر بمعنی معاف کرنا اور صحت دینا اور برائی سے بچانا ۲۳ محمدؐ بہت عمدہ خصلتوں والا اور یہ ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ہے اور یہ سب سے زیادہ مشہور ہے ۲۴ انبیائک یہ نبی کی جمع ہے۔ بمعنی پیغامبر وپیغامبری اور خدا کی طرف سے پیغمبر اور اس کی جمع نبیوُن اور انباءُ اور نباءٌ بھی آتی ہے ۲۵ مبلغ تبلیغ مصدر از تفعیل بمعنی پہنچا دینا اور اس کا اکثر استعمال امر مہتم بالشان پر ہوتا ہے ۲۶ ابنائک یہ نباءٌ کی جمع ہے۔ بمعنی خبر۔

وَعَلٰی مَصَابِیْحِ[۱] اُسْرَتِہٖ۔ وَمَفَاتِیْحِ[۲] نُصْرَتِہٖ۔ وَاَعِذْنِیْ مِنْ نَزَغَاتِ[۳] الشَّیَاطِیْنِ[۴]۔ وَنَزَوَاتِ[۵] السَّلَاطِیْنِ۔ وَاِعْنَاتِ[۶] الْبَاغِیْنَ۔ وَمُعَانَاۃِ[۷] الطَّاغِیْنَ۔ وَمُعَادَاۃِ[۸] الْعَادِیْنَ۔ وَعُدْوَانِ الْمُعَادِیْنَ۔ وَغَلَبِ[۹] الْغَالِبِیْنَ۔ وَسَلَبِ[۱۰] السَّالِبِیْنَ۔ وَحِیَلِ الْمُحْتَالِیْنَ[۱۱]۔ وَغِیْلِ الْمُغْتَالِیْنَ[۱۲]۔ اَجِرْنِیْ اَللّٰھُمَّ مِنْ جَوْرِ[۱۳] الْمُجَاوِرِیْنَ۔ وَمُجَاوَرَۃِ الْجَائِرِیْنَ۔ وَکُفَّ[۱۴] عَنِّیْ اَکُفَّ الضَّابِیِیْنَ[۱۵]۔ وَاَخْرِجْنِیْ مِنْ ظُلُمَاتِ الظَّالِمِیْنَ۔ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ۔

الترجمۃ والمطالب اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کنبہ اور اقارب پر جو چراغ جیسے روشن ہیں اور آپ کے انصار واصحاب پر جو مدد کی کنجیاں ہیں ان پر بھی تو رحمت نازل فرما اور تو مجھے شیطان کے وسوسوں اور بادشاہوں کے حملوں اور برائیوں اور بغاوت کرنے والوں کے تکلیف دینے (یا مشقت میں ڈالنے) اور سرکشی کرنیوالوں کے جھگڑا کرنے سے اور دشمنوں کی دشمنی سے (یا تجاوز کرنے والے سے) اور دشمنوں کے ظلم سے اور غلبہ کرنے والوں کے غلبہ سے اور چوروں کے لوٹنے سے اور حیلے کرتے والوں کی تدبیر سے اور قتل کرتے والوں کے اچانک قتل کرنے سے تو مجھے پناہ میں رکھ اے اللہ تو مجھے پڑوسیوں کے ظلم سے اور ظالموں کے پڑوسی ہونے سے بچا اور تو مجھے ظالموں کے پنجوں سے محفوظ رکھ

اور مجھے تیری رحمت کا واسطہ تو مجھے ظالموں کے (ظلم کے) اندھیروں سے نکال کر مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل کرے۔

تشریح لغات ۱ مصابیح یہ مصباح کی جمع ہے بمعنی چراغ اس سے مراد صحابہ مہاجرین رضوان اللہ علیہم ہیں ۲ مفاتیح یہ مفتاح

کی جمع ہے بمعنی کنجی اس سے انصار صحابہ مراد ہیں یا اول سے خاص کنبہ کے لوگ اور مفاتیح سے مراد حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں
۳ؔ اعذنی اعاذۃً مصدر از افعال بمعنی پناہ پکڑنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے ۴ؔ نزغات یہ نزغۃٌ کی جمع ہے ۔ بمعنے الدخول فی الفساد یعنی
اس طرح تیر مارنا یا انگلی چبھونا کہ جس سے دوسرے کو تکلیف ہو اور یہاں اس سے وساوس مراد ہیں یقال نزغ فلانا نزغا ای طعن فیہ و
نزغ بینھم ای افسد واغری بعضھم علی بعض از فتح وفی التنزیل نزغ الشیطان بینی وبین اخوتی ۔ ۵ؔ الشیاطین یہ شیطان
کی جمع ہے اس میں نون اصلی ہے اور یہ شطن شطونًا سے ماخوذ ہے بمعنی تباعد از نصر اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ اس میں نون زائد ہے اور یہ
شاط یشیط شیطًا سے ماخوذ ہے بمعنی احترق من النار لانہ خلق من النار وفی التنزیل خلق الجان من مارج من نار ۶ؔ نزوات یہ نزوۃ
کی جمع ہے بمعنے وطی کے لیے کودنا اور ہر چھوٹی چیز کو کہتے ہیں اور یہاں اس سے مراد حملہ ہے ۷ؔ السلاطین یہ سلطان کی جمع بمعنی بادشاہ
وحجت وقبضہ وقدرت اور اس کا مجرد سمع اور کرم سے آتا ہے اس کا مصدر سلاطت اور سلوطت ہے جس کے معنی زبان دراز اور صاحب
قوت کے ہیں ۸ؔ اعنات مصدر از افعال بمعنی ہلاکت میں ڈالنا اور یہ اعنت سے ماخوذ ہے بمعنی سرکشی کرنا و ہلاکت میں ڈالنا یقال عنِتَ عَنَتًا
ای لقی الشدۃ از سمع ۹ؔ الباغین یہ صفت کا صیغہ ہے اس کی جمع بُغاۃ اور بُغیان آتی ہے از بغی یبغی بغاءً وبغیا وبغیۃ
وبغیَۃ ۔ یقال بغی الشئ جبکہ وہ طلب کرے ۔ وبغی الرجلُ جب کہ وہ حق سے ہٹے اور نافرمانی کرے ۔ وبغی علیہ جبکہ وہ
دراز دستی اور ظلم کرے ۔ ۱۰ؔ معاناۃٌ یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنی مشقت میں ڈالنا ۱۱ؔ الطاغین یہ طغیان سے صفت کا صیغہ ہے بمعنی
ظلم کرنے والا والجمع طغاۃ وطاغون از طغی یطغی وَطَغِی یطغی طغیاً وطُغیانًا وطِغیانًا جبکہ وہ سرکشی اور ظلم کرے وطغی الکافر جبکہ کافر کفر
میں غلو کرے ۔ وطغی الماءُ جبکہ پانی بلند ہو والطغیان التجاوز عن حد الذی کان علیہ ۔ والعدوان التجاوز عن مقدار المامور بہ ۔
یعنی طغیان اور عدوان میں تھوڑا سا فرق ہے طغیان میں تو ارادہ کرنا اور اپنے مرتبہ سے آگے بڑھنا ہوتا ہے اور عدوان میں محض ارادہ ہی کرنا
ہوتا ہے ۱۲ؔ معاداۃ یہ مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنی تجاوز کرنا یا دشمنی کرنا و جھگڑا کرنا اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے منہ العادی اسم فاعل جو حد سے
بڑھنے والا ہو دشمن وظالم کے معنی میں آتا ہے ۱۳ؔ عدوان بالضم بمعنی خالص ظلم یقال لا عُدوانَ عَلَیَّ یعنی میرے اوپر کوئی مجال اور طاقت
نہیں اور محرکۃ عَدَوان بمعنی تیز دوڑ کے ہیں ۱۴ؔ المعادین یہ معاداۃ کا اسم فاعل ہے بمعنی جھگڑا کرنے والے دشمنی کرنیوالے ۱۵ؔ غلب
مصدر یقال غلب الرجل وغلب علیہ از ضرب غَلَبًا وغَلْبًا وغَلَبَۃً ومَغلَبًا ومَغلَبَۃً وغَلَبّی وغِلِبّی وغُلُبَّۃ وغلابیۃ واختلف جبکہ وہ غالب ہو
واز سمع بمعنی موٹی گردن کا ہونا ۱۶ؔ سَلَبَ محرکۃً اور سَلْبٌ بمعنی چھینی ہوئی چیز اور مقتول کے سامان کو لینا والجمع اسلاب ۱۷ؔ سالبین یہ
صفت کا صیغہ ہے از نصر یقال سَلَبَ الشئ جبکہ وہ زبردستی چھینے وسلب القصبۃ والشجرہ جب کہ چھیلے وسلب السیف جبکہ وہ
تلوار ننگی کرے اور سالب کی جمع سُلّاب اور سالبون آتی ہے ۱۸ؔ حیل یہ حیلہ کی جمع ہے بمعنی ہوشیاری و دوربینی وتصرف کی قوت
اور اس کی جمع حِوَلٌ بھی آتی ہے اور اس کی یہ معنی بھی آتے ہیں کسی سخت کام کی تدبیر کرنا عام ہے اس سے کہ اس کو تکلیف پہنچے
یا نہ پہنچے مگر مقابلہ بے خبری کی حالت میں اس کو تکلیف پہنچانا ہوتی ہے ۱۹ؔ المحتالین یہ صفت کا صیغہ ہے از افتعال یقال احتال
احتیالاً جبکہ وہ حیلہ کرے اور اس کے معنی ایک سال کے ہونے کے آتے ہیں کما یقال احتال الشئ اور دوسرے کے ذمے ڈالنے
کے بھی آتے ہیں یقال احتال علیہ بالدین ۲۰ؔ غیل یہ غیلۃ کی جمع ہے بمعنی دھوکہ یقال غالہ غیلۃً ای خدعہ فذھب بہ الی موضع فقتلہ ۲۱ؔ
والمغتال الذی یقتل من حیث لا یدری وایضا غالت المرأۃ ولدھا جبکہ وہ بچہ کو بحالت حمل دودھ پلائے فھی غایلۃٌ ومُغیلٌ ومُغیلٌ والمصدر
غیلٌ از ضرب ۲۲ؔ اجرنی یہ امر حاضر کا صیغہ ہے اجارۃ مصدر بمعنی پناہ دینا و بچانا و چھڑانا یقال اجارہ من العذاب جبکہ وہ بچائے واجارہ جبکہ
وہ پناہ دے اور چھڑائے واجار فلانًا جبکہ وہ فریادرسی کرے واجارہ عن کذا جبکہ وہ ہٹا دے واجار المتاع جبکہ وہ حفاظت کے لیے

برتن میں رکھے ۲۳ جور بمعنی الظلم والمیلان عن طریق السداد والاعتدال یقال جار علیہ ظلمہ وجار عن الشئ ای عدل عنہ ومال۔ ۲۴ المجاورین صفت کا صیغہ از مجاورۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنے پڑوسی یقال جاور مجاورۃً وجَوَارًا وجُوارًا جبکہ وہ پڑوس میں رہے وجاور المسجد جبکہ وہ اعتکاف کرے ۲۵ الجائرین یہ جور سے صفت کا صیغہ ہے بمعنی ظلم کرنا از نصر یقال جار علیہ جبکہ وہ ظلم کرے وجار عن الطریق جبکہ وہ راستہ سے ہٹ جائے اور جائر صفت کی جمع جَوَرۃٌ اور جَوَرَۃٌ اور جَارَۃٌ آتی ہے ۲۶ کف یہ امر حاضر کا صیغہ ہے کف مصدر بمعنی روکنا از نصر یقال کف عن الامر جبکہ وہ باز رہے وکفہ عن الامر جبکہ وہ باز رکھے وکَفَّ ماءٌ وجہہ جبکہ وہ آبرو بچائے اور سوال کرتے رُکے اور امر حاضر میں تینوں صورتیں ہوسکتی ہیں کُفُّ اکف اور اکفف ۲۷ اکف یہ کف کی جمع ہے بمعنی ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے اور اس کی جمع کفوفٌ اور کُفٌّ بھی آتی ہے ۲۸ الضائمین ضیم سے صفت کا صیغہ ہے بمعنی ظلم از ضرب یقال ضامہ یضیمہ ضیمًا جبکہ وہ ظلم اور مجبور کرے ۲۹ ظلمات یہ ظلمۃ کی جمع ہے بمعنی تاریکی از سمع ۳۰ ظالمین یہ صفت کا صیغہ ظلم سے از ضرب یقال ظلمہ ظُلمًا وظَلمًا ومظلمۃ جبکہ وہ ظلم کرے وظلمہ حقہ جبکہ وہ گھٹادے وظلم الارض جبکہ وہ بے موقع کھودے وظلم الطریق جبکہ وہ راستہ سے ہٹ جائے وظلم جبکہ وہ بے موقع رکھے ۳۱ عباد یہ عبد کی جمع ہے بمعنی آدمی وغلام اور اس کی جمع عبید اور عَبَدَۃٌ اور عَبْدُونَ اور اَعْبُدٌ اور عُبدان اور عِبدان اور عِبِدّان اور اعباد اور مَعبَدَۃٌ اور عِبِدَّاءُ اور عبدی اور عُبُدٌ اور عُبَدٌ اور معبوداء آتی ہے اور جمع الجمع اعابد اور معابد اور اَعبِدَۃٌ آتی ہے ۳۲ الصالحین یہ صفت کا صیغہ ہے صلاح سے بمعنی نیک وٹھیک ودرست وحقوق وواجبات کا پورا کرنے والا از کرم وفتح ونصر یقال صلح صلاحًا وصلوحًا وصلاحیۃً جبکہ درست ہو اور فساد کا زوال ہو۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ فِيْ تُرْبَتِيْ وَغُرْبَتِيْ . وَغَيْبَتِيْ وَاَوْبَتِيْ . وَنُجْعَتِيْ وَرُجْعَتِيْ وَتَصَرُّفِيْ وَمُنْصَرَفِيْ وَتَقَلُّبِيْ وَمُنْقَلَبِيْ . وَاحْفَظْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ وَنَفَائِسِيْ . وَعِرْضِيْ وَعَرَضِيْ وَعَدَدِيْ . وَعُدَدِيْ . وَسَكَنِيْ وَمَسْكَنِيْ . وَحَوْلِيْ وَحَالِيْ . وَمَآلِيْ وَمَالِيْ . وَلَا تُلْحِقْ بِيْ تَغْيِيْرًا . وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مُغِيْرًا . وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا . اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ وَعَوْنِكَ . وَاخْصُصْنِيْ بِاَمْنِكَ وَمَنِّكَ . وَتَوَلَّنِيْ بِاخْتِيَارِكَ وَخِيْرِكَ . وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى كَلَاءَةِ غَيْرِكَ وَهَبْ لِيْ عَافِيَةً غَيْرَ عَافِيَةٍ . وَارْزُقْنِيْ رَفَاهِيَةً غَيْرَ وَاهِيَةٍ . وَاكْفِنِيْ مَخَاشِيَ اللَّاْوَاءِ وَاكْنُفْنِيْ بِغَوَاشِي الْاٰلَاءِ . وَلَا تُظْفِرْ بِيْ اَظْفَارَ الْاَعْدَاءِ . اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ .

الترجمۃ والمطالب اے اللہ تو میری حفاظت کر یا نگاہ رکھ یا احاطہ کر وطن میں اور پردیس میں اور میرے غائب ہونے پر اور میرے لوٹنے پر اور سفر میں طلب رزق کے جانے کے لیے اور میرے لوٹنے پر اور کام کاج (مشاغل) میرے میں اور میرے پھرتے اور واپس ہونے پر اور میرے لوٹنے پوٹنے (حالت) کے اور تو میری جان کی حفاظت کر اور میرے عمدہ مال کی (یا عمدہ حالت کی)، اور میری آبرو کی اور میرے اسباب کی اور میرے آل واولاد کی اور میرے ہتھیاروں کی اور میرے عزیز وقریب کی اور میرے گھر کی اور میری طاقت کی اور میرے حال کی اور میرے انجام کی اور وہ چیز جو میرے ساتھ ہے (یعنی مال وغیرہ) اس کی۔ اور میری حالت کو ذلت کی طرف نہ پلٹ اور تو مجھ پر کسی لوٹ مار کرنے والے کو مقرر نہ فرما اور مجھے تو اپنی رحمت کے خزانہ سے غلبہ اور مدد کرنے والا امر مرحمت فرما۔ اے خدا تو مجھ کو اپنے سامنے حفاظت کر اور اپنی مدد کے ذریعہ میری حفاظت فرما اور تو مجھے امن

اور اپنے احسان میں مجھے خاص کرلے (چن لے) اور تو میرا والی بن (یا مہربانی کر) اپنے آپ چھانٹ لینے اور اپنی بھلائی سے اور تو مجھ کو اپنے سوا کسی دوسرے کو مت سونپ اور تو مجھ کو ایسا آرام وعیش دے جو نہ مٹنے والا ہو (یعنی وہ ہمیشہ رہے) اور تو مجھ کو رزق فراخی عیش سے دے جو ضعیف نہ ہو اور تو مجھ کو تنگ دستی کے خوف سے باز رکھ اور تو اپنی ڈھانپنے والی نعمتوں کے سایہ میں مجھے رکھ یا مجھے چھپا لے اور مجھ پر تو دشمنوں کے ناخنوں کو غالب نہ فرما تحقیق تو ہی دعاؤں کا سننے والا ہے۔

تشریح لغات

۱؎ حطنی امر حاضر کا صیغہ از حاط یحوط حوطاً وحیطۃً بمعنے حفاظت کرنا ونگاہ رکھنا از نصر وفی التنزیل ان ربی بما تعملون محیط. اور اسی سے ایک چیستاں ہے۔ رأیت حائطاً علے حائط سقط عن حائط یعنی میں نے ایک نگہبان کو دیکھا جو دیوار پر بیٹھا تھا وہ پیر کے ورم ہونے کی وجہ سے گر پڑا از ضرب یعنی ورم ہونا ۲؎ تربتی بالضم بمعنی مٹی اس سے مراد شہر اور وطن ہے ۳؎ غربتی بمعنے پردیس ومسافرت ۴؎ غیبتی مصدر بمعنی غائب ہونا اور اپنے وطن سے دور ہونا یقال غاب عنہ غیباً وغیبۃً وغیاباً جبکہ وہ لوٹے اور واپس ہو اور اس کا صفت کا صیغہ آئبٌ آتا ہے۔ ۵؎ نجعتی وہ سفر جو روزی کی تلاش میں ہو والنجعۃ فی الاصل معناھا طلب الکلاء والماء فی مواضعہ یقال نجع نجعاً ونجوعاً ای ذھب لطلب الکلاء از فتح ۶؎ رجعتی بمعنے سفر سے لوٹنا وواپس ہونا ۷؎ تصرفی مصدر از تفعل بمعنی پھرنا اس سے مراد سفر کرنا ہے ۸؎ منصرفی بمعنی لوٹنا اور یہ مصدر میمی ہے اس سے مراد گھر کو واپس آنا۔ ای منصرفی فی الامور ۹؎ تقلبی مصدر پلٹنا ہے۔ ای تصرفی فی الامور وفی التنزیل فلا یغررک تقلبھم ۱۰؎ ومنقلبی اس سے مراد گھر پر آنا ہے ۱۱؎ احفظنی امر حاضر کا صیغہ از سمع بمعنے حفاظت کرنا یقال حفظ الشیٔ حفظاً ای صانہ ومنعہ من الضیاع والتلف وفی التنزیل فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔ وحافظوا علی الصلوات ۱۲؎ نفسی بمعنی جان والجمع انفسٌ ونفوسٌ ۱۳؎ نفائسی یہ نفیسۃٌ کی جمع ہے بمعنی عمدہ مال یقال نفس نفاسۃ ای صار نفیسا مرغوبا فیہ از کرم ۱۴؎ عرضی عزت وآبرو والجمع اعراضٌ وفی الحدیث ان دماءکم واموالکم واعراضکم حرام ۱۵؎ عرضی بالفتح بمعنے متاع وسامان والجمع عُروضٌ وعِراضٌ ۱۶؎ عددی ای اہلی واولادی اس کا اطلاق محدود پر ہوتا ہے اور اس سے مراد اقارب ہیں والجمع اعدادٌ از نصر ۱۷؎ عددی یہ عُدَّۃٌ کی جمع ہے بمعنی سامان ای وہی ما اعددتہ من مال او سلاح ۱۸؎ ۱۹؎ سکنی ای اھلی واھل بیتی یقال سکن الدار سکنا وسکنی ای اقام بھا وسکن سکوناً ای انقطع عن الحرکۃ وسکن الیہ ای ارتاح از نصر۔ ۲۰؎ سکنی بمعنی رہنے کی جگہ یعنی گھر اور دل کے بہلاؤ کی جگہ والجمع مساکن وفی التنزیل لا یری الا مساکنھم ۲۱؎ حولی مصدر بمعنی طاقت وقوت وقدرت ۲۲؎ حالی بمعنی کیفیت وحالت والجمع احوالٌ واحوِلۃٌ ۲۳؎ مآلی بمعنی انجام ونتیجہ ولوٹنے کی جگہ یقال مآل الکلام ای معادہ از نصر ۲۴؎ مالی اس میں ما موصولہ ہے اور لی یہ حرف جار ہے یعنی وہ چیز جو میرے ساتھ ہے ۲۵؎ لا تلحق از افعال بمعنی لاحق کرنا الحاق مصدر از سمع یقال لحق بہ ولحقہ لحقاً ولحاقاً ای ادرکہ ولحق الیہ ای لصق بہ ۲۶؎ تغیر المعنی متغیر کر دینا یعنی کسی حالت سے بُری حالت کی طرف کرنا ای سلباً بعد العطاء والحور بعد الکور ۲۷؎ لا تسلط تسلیط مصدر از باب تفعیل بمعنی کسی پر غالب ہونا وقادر ہونا وقابض ہونا وفی التنزیل ولو شاء اللہ لسلطھم۔ یقال سلط علیہ جبکہ وہ کسی پر غالب اور قادر اور قابض ہو ۲۸؎ مغیر از افعال آغارت مصدر بمعنی لوٹنا ۲۹؎ سلطانا بمعنی حجت وغلبہ وقبضہ وقدرت وپادشاہ والجمع سلاطین ۳۰؎ نصیرا یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی مددگار والجمع نُصَراءُ وانصارٌ ۳۱؎ احرسنی ای احفظنی از نصر وضرب یقال حرسہ حرساً جبکہ وہ حفاظت کرے ۳۲؎ بعینک بمعنی سامنے یقال ھو بعرض عین یعنی وہ قریب ہے ۳۳؎ عونک مصدر بمعنی مدد کرنا ومددگار وخادم اور یہ واحد اور جمع مذکر مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے والجمع اعوانٌ ۳۴؎ اخصصنی یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از نصر خصوصٌ وخصٌّ وخصوصۃٌ وخصوصیۃٌ وخِصّیصَیٌ وخصّیصاء مصدر بمعنی خاص کرنا یقال خَصَّ فلانا بالشی جبکہ وہ خاص کرے اور خصوصیت دے وخص الشیٔ خصوصاً جبکہ خاص ہو وخص الشیٔ لنفسہ جبکہ وہ اپنے لیے چھانٹ لے ۳۵؎ بامنک مصدر بمعنی مطمئن ہونا یقال اَمِنَ اَمناً واَمَناً واماناً واَمَنَۃً جبکہ وہ مطمئن ہو از سمع ۳۶؎ منک

بمعنی احسان واحسان جتانا یقال مَنَّ علیہ بکذا یعنی جب کہ وہ بھلائی کرے از نصر ۳۷ تولنی ای کن لی ولیًّا یقال تولّی الامرَ تولّیًا جبکہ وہ ذمہ داری لے اور کسی کام کے لیے مستعد ہو وولّی فلانا جبکہ ولی مقرر کرے از باب تفعل ۳۸ اختیار کے مصدر از افتعال بمعنی چن لینا وانتخاب کرنا و ذخیرہ کرنا ۳۹ خیر یہ شر کی ضد ہے بمعنی بھلائی و نیکی و کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا و بمعنی مال والجمع اخیارٌ و خیارٌ اور بہت نیکی والا اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ اخیر کا مخفف ہے۔ ۴۰ ولا تکلنی ای تسلمنی یقال وکل الیہ الامرُ کلاو وکولًا اسلمہ ایاہ وفوضہ الیہ از ضرب ومنہ التوکل یا یہ ماخوذ کلاءۃ سے بمعنی حفاظت کرنا یقال کلاء اللہ کَلَاءً وکِلَاءً وکلاءۃً جبکہ وہ حفاظت کرے از فتح ومنہ ۴۱ کلاءۃ مصدر بمعنی حفاظت ۴۲ عافیۃ بمعانی کا مصدر یا اسم بمعنی کامل صحت و ہر طالب رزق والجمع عافیات وعواف ۴۳ غیر عافیۃ یہ عفی یعفو عفوًا سے اور یہ وادی ہے بمعنی مٹنا یقال عفت الریح المنزل جبکہ مٹادے وعفا المنزل اذا دَرَسَ و بَلِیَ ۴۴ وارزقنی رزق مصدر بمعنی رزق دینا یقال رزقہ رزقًا ای اعطاہ الرزق از نصر والرزق یقال للعطاء الجاری دنیویًا او اخرویًا وتارۃً یقال للنصیب ۴۵ رفاهیۃ ای سعۃ العیش (آرام میں رہنا) یقال رفہ عیشہ رفاهًا ورفاهیۃً ورفاهۃ ای لان وطلب از کرم ۴۶ واہیۃ بمعنی ضعیف ہونا۔ یقال وہی وهیًا ای ضعف از ضرب وفی التنزیل وانشقت السماء فهی یومئذ واهیة ۴۷ مخاشی یہ مخشی کی جمع ہے (اسم مکان) بمعنی خوف کی جگہ اور یہ خشیۃ سے ماخوذ ہے یقال خشی خشیًا وخشیًا وخشاۃ وخشیانًا ومخشیۃً ومخشاۃً جب کہ وہ ڈرے از سمع ۴۸ اللاواء یہ فعلاء کے وزن پر ہے بمعنی مصیبت عظیمہ یہ ماخوذ لِیٌّ سے ہے جو صفت کا صیغہ ہے بمعنی رسی بٹنا و موڑنا اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اس کے حروف اصلی (ل ا ی) ہیں اور یہ لاء فلان سے ماخوذ ہے بمعنی باز رہے یقال لاءی یلائی لأیًا جبکہ وہ دیر کرے اور رکے از فتح ۴۹ اکنفی یہ امر حاضر کا صیغہ ہے استرنی یقال کنف الرجل جبکہ وہ مدد کرے اور اعانت کرے وکنف الشیٔ جبکہ وہ حفاظت کرے از نصر ۵۰ بغواشی یہ غاشیۃ کی جمع ہے بمعنی ڈھانپنا یقال غشیتہ غشاوۃً و غشاءً ای سترہ از سمع ۵۱ الآلاء یہ اِلیٰ اور الی کی جمع ہے بمعنی نعمت وفی التنزیل واذکروا آلاء اللہ ۵۲ لا تظفر از افعال یقال ظفر بہ وعلیہ ظفرًا ای فاز بہ وغلبہ از سمع واظفرہ ای جعلہ فائزًا وفی التنزیل من بعد ان اظفرکم علیهم۔
۵۳ اظفار یہ ظفر کی جمع ہے بمعنی ناخون اور اس سے مراد دشمنوں کے ہتھیار اور ان کا مکر ہے ۵۴ الاعداء یہ عدو کی جمع ہے بمعنے دشمن ۵۵ الدعاء یہ مصدر ہے اور یہ دعا قلب سے ہوتی ہے اور یہ قریب سے ہوتی ہے اور ندا زبان سے بعید کے لیے ہوتی ہے اور دعا بغیر صوت کے بھی ہوتی ہے والجمع ادعیۃ۔

ثُمَّ اَطْرَقَ[1] لَا یُدِیرُ لَحْظًا[2]۔ وَلَا یُحِیرُ[3] لَفْظًا۔ حَتّٰی قُلْنَا قَدْ اَبْلَسَتْهُ[4] خَشْیَتُهُ[5]۔ اَوْ اَخْرَسَتْهُ[6] غَشْیَتُهُ[7]
ثُمَّ اَقْنَعَ[8] رَأْسَهٗ۔ وَصَعَّدَ اَنْفَاسَهٗ[9]۔ وَقَالَ اُقْسِمُ بِالسَّمَاءِ ذَاتِ الْاَبْرَاجِ[10]۔ وَالْاَرْضِ ذَاتِ
الْفِجَاجِ[11]۔ وَالْمَاءِ الثَّجَّاجِ[12]۔ وَالسِّرَاجِ الْوَهَّاجِ[13]۔ وَالْبَحْرِ الْعَجَّاجِ[14]۔ وَالْهَوَاءِ[15] وَالْعَجَاجِ[16]۔
اِنَّهَا لَمِنْ اَیْمَنِ[17] الْعُوَذِ[18]۔ وَاَغْنٰی عَنْکُمْ مِنْ لَابِسِی الْخُوَذِ[19]۔ مَنْ دَرَسَهَا عِنْدَ ابْتِسَامِ[20] الْفَلَقِ[21]
لَمْ یُشْفِقْ[22] مِنْ خَطْبٍ[23] اِلَی الشَّفَقِ[24]۔ وَمَنْ نَاجٰی[25] بِهَا طَلِیعَةَ[26] الْغَسَقِ[27]۔ اَمِنَ لَیْلَتَهٗ مِنَ السَّرَقِ[28]۔

الترجمۃ والمطالب پھر اس کے بعد اس نے سر جھکا لیا نہ تو وہ نگاہ گھماتا (پھیرتا) تھا اور نہ وہ کسی بات کا جواب دیتا تھا یہاں تک کہ ہم کہنے لگے کہ اس کو خدا کے خوف نے ناامید (شکستہ خاطر) کر دیا ہے یا اس کو بے ہوشی (نشہ) نے گونگا کر دیا ہے۔ پھر اس نے اپنے سر کو اٹھایا اور

اپنے سانس کو چڑھا کر (یعنی لانبے لانبے سانس لے کر) وہ بولا اور یہ کہا کہ میں قسم کھاتا ہوں برجوں والے آسمان کی اور راستہ والے (کشادہ راستہ) زمین کی اور بہنے والے پانی کی اور چراغ بڑھانے والے (یعنی آفتاب) کی اور موجیں (لہریں) مارنے والے دریا کی اور ہوا اور گرد وغبار کی تحقیق کہ یہ کلمات (دعائیہ کلمات) البتہ تعویزوں اور وظیفوں سے بہتر ہیں اور یہ پہننے والوں کے خودوں سے بھی زیادہ بے پرواہ (مستغنی) کرنے والے ہیں جو صبح صادق ہوتے ہی ان کو پڑھے تو وہ کسی حادثہ (یا آفت) سے نہیں ڈرے گا. شام (آفتاب کے غروب ہونے) تک اور اگر کوئی رات کے اندھیرے شروع ہوتے ہی (ان کلمات کو) پڑھے تو وہ اس رات چوری سے محفوظ رہے گا (یعنی اس رات کو انشاء اللہ چوری نہ ہوگی)

تشریح لغات

[1] اُطْرَاقَ از افعال اطراق مصدر بمعنی سرنگوں ہونا و سر جھکانا [2] لحظ مصدر بمعنی دیکھنا اس سے مراد آنکھ کا اندرونی حصہ ہے والجمع لحاظٌ و الحاظٌ [3] لا یُحِیْرُ از افعال احارت مصدر بمعنے جواب دینا یقال احار الجواب احارۃً جبکہ وہ جواب دے از نصر بہ حَارَ یَحُوْرُ سے ماخوذ ہے بمعنی رجع [4] اُبْلِسَ: ابلاس مصدر از افعال بمعنی بے خبر ہونا غمگین ہونا و ناامید ہونا یقال ابلس فلان اذا اُیس منہ وا بلس فی امرہ اذا تحتر منہ و ابلس من رحمۃ اللہ جبکہ وہ ناامید ہو اور صفت کے لیے مُبْلِسٌ و مُبْلَسٌ آتا ہے وفی التنزیل و یوم تقوم الساعۃ یبلس المجرمون [5] خشیۃ مصدر بمعنی خوف و ڈر از سمع ای خشیۃ الموت اور کلیات میں ہے کہ خشیۃ میں خوف سے زیادہ مبالغہ ہے اس وجہ سے کہ خشیۃ شجرہ خاشیۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنی سوکھے درخت کا بالکل خاتمہ ہونا ہے بخلاف بیمار اونٹنی کے کہ اس میں اونٹنی کا خاتمہ نہیں ہوتا نقصان ہوتا ہے اور خوف کے معنی نقصان ہی کے ہیں اور خوف خائف کی کمزوری کی وجہ سے ہو جاتا ہے بخلاف خشیۃ کے کہ جس سے ڈرا جائے اس کی بڑائی کی وجہ سے ہوتا ہے [6] اخرستہ از افعال بمعنی گونگا و بہرا کرنا از سمع بمعنی زبان کا بند ہونا اور بات نہ کرنا بہرہ ہونا [7] غشیۃ بمعنی ڈھانکنا اس سے مراد بے ہوشی ہے۔ از سمع ای الاغماء من تذکر الموت [8] اقنع از افعال اقناع مصدر بمعنی سر کا اٹھانا [9] صعّد از تفعیل تصعید مصدر بمعنی سانس چڑھانا [10] انفاسہ، یہ نفسٌ کی جمع ہے بمعنی سانس [11] الابراج یہ برج کی جمع ہے اور اس کی جمع بروج اور ابرجۃٌ بھی آتی ہے بمعنی آسمان کا حصہ اور آسمانی برجوں میں سے ایک اور آسمان میں بارہ برج ہیں حمل [1]، ثور [2]، جوزا [3]، سرطان [4]، اسد [5]، سنبلۃ [6]، میزان [7]، عقرب [8]، قوس [9]، جدی [10]، دلو [11]، حوت [12] [12] الفجاج بالکسر یہ فج کی جمع ہے بمعنی الطریق الواقع بین الجبلین اب اس کے معنی عام راستہ و گلی و کوچہ و گھاٹی کے ہو گئے ہیں از نصر یقال فج ای فتح ما بین رجلیہ وایضا فتح دیاعد [13] الثجاج بمعنے بہنے والا درواں پانی منہ مطر ثجاج جبکہ پانی بہت زوروں سے برسے از نصر یقال ثج الماء ثج ثجوجًا جبکہ پانی بہے اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے [14] الوہاج بہت زیادہ روشن بھڑکتا ہوا اس سے مراد سورج ہے وفی التنزیل و جعلنا سراجًا وہاجًا یقال وہج وَہجًا و وہجًا و وہیجانًا ای اضاء و اتقد از ضرب [15] البحر بمعنی سمندر والجمع الجر و بحار و بحورٌ [16] العجاج بمعنی سمندر شور و آواز کرنے والا ہو بوجہ اپنی موجوں کے از سمع و ضرب [17] الہواء الخلاء والجو الذی ما بین السماء والارض والجمع اَہْوِیَۃٌ [18] العجاج یہ عجاجۃٌ کی جمع ہے بمعنی اڑنے والا غبار [19] الیمن بمعنی داہنی جانب اور اس کا مؤنث یمنا ہے والجمع یمنٌ وایامن یقال ذہب الی الیمن الابل جبکہ وہ اونٹوں کے داہنی جانب جائے ونظر الیمن منہ جبکہ وہ داہنی جانب دیکھے اور یہ یمن سے ماخوذ بمعنی بابرکت یقال یَمَنَ اللہ فلانا یمینُ یُمْنًا و یُمْنًا جبکہ وہ بابرکت بنائے صفت مفعول کے لیے میمون آتا ہے اور صفت فاعلی کے لیے یامنٌ و یمینٌ آتا ہے [20] العوذ یہ عوذۃٌ کی جمع ہے بمعنی تعویذ آیت قرآنی لکھ کر گلے میں ڈالا جائے [21] الخوذ یہ خوذۃٌ کی جمع ہے وہی البیضۃ من الحدید و ما یلبس علی الرأس خود جس کو اردو میں کہتے ہیں اور اس کے پہننے سے تلوار کا اثر نہیں ہوتا ہے [22] درسہا از نصر اس کا مصدر درس ہے اور دراستۃٌ بمعنے پڑھنا [23] ابتسام یہ باب

افتعال کا مصدر ہے بمعنی دانت نکالنا اور یہاں بہ کنایہ طلوع شمس سے ہے ؎ الفلق ای الصبح من فلق الشئ فلقا و فلق اللہ الصبح ای کشف ظلامہ و اظہر الصبح از ضرب۔ ؎ لم یشفق از افعال اشفاق مصدر بمعنی ڈرنا ؎ خطب مصدر بمعنی حادثہ وحالت ومعاملہ ناپسندیدہ خواہ بڑا ہو یا چھوٹا والجمع خطوب ؎ الشفق مصدر۔ ؎ اختلاف القولین آفتاب کے غروب کے بعد سرخی وسفیدی و بمعنی مہربانی وردی چیز وخوف وجانب وثوب وکمزور کپڑا والجمع اشفاق ؎ ناجی از مفاعلہ بمعنی پڑھنا اور منہ سے کلمات کہنا ؎ طلیعہ یہ طلوع سے ماخوذ ہے بمعنی نکلنا از نصر اور اس سے مراد اول وقت ہے اور اس کے معنی ہر اول کے بعد آتے ہیں ؎ الغسق بمعنی شروع رات کی تاریکی از ضرب وفی التنزیل من شر غاسق اذا وقب یقال غسق اللیل غسقا و غسقا ای اشتدت ظلمتہ والغسق ظلمۃ اول اللیل والغاسق القمر ۱۲ ؎ السرق مصدر بمعنی چوری وچرانا از ضرب یقال سرق منہ الشئ وسرق الشئ سَرَقًا وسَرِقًا وسَرِقَۃً وسَرْقَۃً وسرقانا جب کہ وہ چرائے وفی التنزیل وَاِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ۔

قَالَ فَتَلَقَّنَّاهَا حَتّٰى اَتْقَنَّاهَا. وَتَدَارَسْنَاهَا لِكَيْ لَا نَنْسَاهَا. ثُمَّ سِرْنَا نُزْجِي الْحُمُولَاتِ بِالدَّعَوَاتِ. لَا بِالْحُدَاةِ وَنَحْمِي الْحُمُولَاتِ بِالْكَلِمَاتِ. لَا بِالْكُمَاةِ. وَصَاحِبُنَا يَتَعَهَّدُنَا بِالْعَشِيِّ وَالْغَدَاةِ. وَلَا يَسْتَنْجِزُ مِنَّا الْعِدَاتِ. حَتّٰى اِذَا عَايَنَّا اَطْلَالَ عَانَةَ. قَالَ لَنَا الْاِعَانَةَ الْاِعَانَةَ. فَاَحْضَرْنَاهُ الْمَعْلُومَ وَالْمَكْتُومَ. وَاَرَيْنَاهُ الْمَعْكُومَ وَالْمَخْتُومَ. وَقُلْنَا لَهٗ اقْضِ مَا اَنْتَ قَاضٍ. فَمَا تَجِدُ فِيْنَا غَيْرَ رَاضٍ. فَمَا اسْتَخَفَّهٗ سِوَى الْخَفِّ الزَّهِيْدِ. وَلَا حَلِيَ بِعَيْنِهٖ غَيْرُ الْحَلْيِ وَالْعَيْنِ. فَاحْتَمَلَ مِنْهُمَا وِقْرَهٗ. وَنَاءَ بِمَا يَسُدُّ فَقْرَهٗ۔

الترجمۃ والمطالب راوی کہتا ہے کہ ہم نے ان کلمات کو سیکھ لیا یہاں تک کہ ہم نے ان کو خوب حفاظت اور مضبوطی سے یاد کر لیا اور ان کی ہم نے تکرار کی تاکہ ہم نہ بھول جائیں پھر ہم رات کو چلے اور ہم اپنی سواریوں (اونٹنیوں کو) بجائے حدی پڑھنے کے ہم کلمات دعائیہ سے ان کو ہنکاتے تھے اور ہم اپنے اسباب کی بجائے بہادر مسلح سپاہی کے ان کلمات دعائیہ سے حفاظت کرتے تھے اور ہمارا دوست (ابوزید) صبح وشام ہماری خبرگیری کرتا تھا اور وہ ہم سے وفائے عہد کا مطالبہ قطعاً نہیں کرتا تھا یہاں تک کہ ہم نے موضع عانہ کے نشانات دیکھے تو وہ یہ کہنے لگا کہ لائیے دلوائیے اور ہماری آپ مدد کیجئے ہم نے ظاہر اور پوشیدہ مال اس کے سامنے رکھ دیا اور ہم نے اس کو بندھی ہوئی گٹھڑی اور سربمہر (یعنی مہر لگی ہوئی) دکھلائی اور اس سے ہم نے یہ کہا کہ آپ ہیں حکم دیں جو حکم آپ کا ہو ہمیں وہ بخوشی منظور ہے اس نے صرف ہلکے لیکن بیش قیمت اور آرائش وزینت کا سامان لینے میں آسانی سمجھی اور اس کی آنکھ کو سوائے زیور اور نقدی کے کچھ بھایا نہیں (اس کے سوا کچھ اور اس کو پسند نہ آئے) چنانچہ اس نے ان دونوں میں سے بقدر طاقت کے گٹھڑی باندھ کر اٹھائی اور بہت وقت سے اس نے اس کو اٹھایا جس سے وہ اپنی محتاجی کو روک دے گا یا بند کرے گا)

تشریح لغات ؎ فتلقنا از تلقین مصدر از تفعیل بمعنی سیکھنا وسکھلانا ؎ اتقنا ای احکمنا از افعال اتقان مصدر بمعنی مضبوط کرنا وتیار کرنا ولم یستعمل لہ ثلاثی ؎ تدارسنا تدارس مصدر از تفاعل بمعنی آپس میں تکرار کرنا اور کتاب کے سبق کو دہرانا ؎ ننسا نسیان مصدر از سمع بہ یائی ہے بمعنی بھولنا ؎ نزجی از جاء مصدر از افعال بمعنی ہنکانا وسختی سے کھینچنا یقال زجاہ زجوًا وازجاہ ای ساقہ

فَلَمَّا اَرْدَى الدَّهْرُ الْاَعْضَادَ۔ وَفَجَعَ بِالْجَوَارِحِ الْاَكْبَادَ۔ وَانْقَلَبَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ۔ نَبَا النَّاظِرُ وَجَفَا الْحَاجِبُ وَذَهَبَتِ الْعَيْنُ۔ وَفُقِدَتِ الرَّاحَةُ۔ وَصَلَدَ الزَّنْدُ وَوَهَنَتِ الْيَمِيْنُ وَضَاعَ الْيَسَارُ۔ وَبَانَتِ الْمَرَافِقُ۔ وَلَمْ يَبْقَ لَنَا ثَنِيَّةٌ وَلَا نَابٌ فَمُذْ اَغْبَرَّ الْعَيْشُ الْاَخْضَرُ وَازْوَرَّ الْمَحْبُوْبُ الْاَصْفَرُ۔ اِسْوَدَّ يَوْمِيَ الْاَبْيَضُ۔ وَابْيَضَّ فَوْدِيَ الْاَسْوَدُ۔ حَتّٰى رَثٰى لِيَ الْعَدُوُّ الْاَزْرَقُ۔

الترجمة والمطالب لیکن جب سے زمانہ نے میرے مددگاروں کو تباہ اور برباد کردیا اور کثرت اولاد کی وجہ سے جگروں کو تکلیف دی اور زمانہ نے پلٹا کھایا تو وہ دیکھنے والے آنکھیں چرانے لگے، ناموافق ہو گئے اور دربان خدمت گاروں نے آنکھیں پھیرلیں اور سونا (مال واسباب) جاتا رہا اور آرام وعیش چلا گیا اور چقماق میں آگ نہ رہی اور داہنا ہاتھ (قوت) ضائع ہوگئی اور بایاں ہاتھ (یا مالداری) جاتی رہی اور منافع جاتے رہے اور ہمارے پاس نہ تو کوئی جوان اونٹ بچا اور نہ بوڑھا، خلاصہ یہ کہ جب یہ کہ عمدہ عیش مکدر ہوگیا (یا غبار آلود ہوا) اور اشرفیوں نے منہ پھیر لیا اور میرا روشن دن سیاہ (تاریک) ہو گیا اور میرے سر کے بال سیاہ سفید ہو گئے یہاں تک کہ مجھ پر سخت دشمن بھی رحم کھانے لگا۔

تشریح لغات ۱ اردیٰ ازافعال ارداءٌ مصدر بمعنی ہلاک کرنا یقال ردی ردیٌ ای ہلک از سمع ۲ الاعضاد ای الاعوان یہ عضدٌ کی جمع ہے بمعنی مددگار از نصر ۳ فجع از فتح افجع مصدر بمعنی غمگین کرنا و مصیبت زدہ بنانا ۴ الجوارح یہ جارحۃٌ کی جمع ہے انسان کا کوئی عضو (ہاتھ پیر) ای بالکواسب دعوامل الجسد وقیل المراد بالجوارح ھھنا الاولاد الذین یکسبون۔ ۵ الاکباد یہ کبدٌ کی جمع ہے بمعنی جگر اوراس کی جمع کبود بھی آتی ہے ۶ انقلب ازانفعال مصدر انقلاب بمعنی پلٹ جانا یعنی بالکل پیٹھ پھیرنا اور متوجہ نہ ہونا ای تحوّل الامر وانعکس الحال اور یہ کہاوت ہے جبکہ بہت زیادہ بے قراری اور بے چینی ہو اور حالت میں انقلاب پیدا ہو ۷ ظہرا یہ تمیز کی وجہ سے منصوب ہے ۸ اور لبطن میں لام اختصاص کے لیے ہے ۹ نبا از فتح بمعنی ناموافق ہونا یقال نبت الدار ای لم یوافق ۱۰ الناظر بمعنی رقیب وجاسوس و آنکھ و آنکھ کا حصہ و دیکھنے والا از سمع ونصر ۱۱ جفا از نصر بمعنی ظلم و آذی یقال جفاہ جفواً وجفاءً ای ظلمہ از نصر ۱۲ الحاجب بمعنی دربان وخدمت گار والحاجب المانع عن السلطان یقال حجبہ حجبًا وحجابًا ای منع من الدخول از نصر ومنہ الحجاب بمعنی الستر ۱۳ العین ای الذھب والفضۃ ۱۴ فقدت فقد و فقدان مصدر بمعنی نہ ہونا الفقد عدم الشیٔ بعد وجودہ فھو اخص من العدم لان العدم یقال ایضا فیما لم یوجد بعد ۱۵ الراحۃ بمعنی آرام یہ تعب کی ضد ہے ۱۶ صلد بے آگ ہونا اور یہ کنایہ ناامیدی و ذلت سے ہے یقال صلد الزند صلودًا از ضرب

جبکہ چقماق آواز نکالے اور روشن نہ ہو وصلدت الارضُ ای صلبت وفی التنزیل فترکہ صلدا ای حجر املس صلباً لا ینبت شیئاً ۱۱ الزند چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزندۃ) اور دونوں کو (الزندان) کہتے ہیں والجمع زنادٌ وازندٌ وازنادٌ ۱۸ وھنت ای ضعفت اس کا مصدر وھنٌ ہے وھو ضعفٌ من حیث الخَلق والخُلُق ازضرب یقال وھنہ یھنہ وَھناً جبکہ کمزور کرے دوھن دَوھنَ ودھنَ ازضرب وسمع وکرم جبکہ کام میں سست اور کمزور ہو ۱۹ الیمین یہ استعارہ ہے بمعنی قوت اور اس کے معنی اصل میں داہنے ہاتھ و داہیں جانب کے ہیں اور چونکہ ہاتھ میں قوت اور طاقت ہوتی ہے اس لیے یہ معنی مجازی مراد ہیں والجمع ایمن وایمان وایامن وایا بین ۲۰ ضاع ازضرب بمعنی ضائع ہونا اور ازنصر بمعنی حرکت دینا ورنجیدہ کرنا وبھڑکا دینا وگھبرا دینا اور مشک کی خوشبو پھیلنا اور جانوروں کو دبلا کرنا اور بچہ کا رونے میں تیج وتاب کھانا ۲۱ الیسار بالفتح بمعنی مالداری وآسانی وبالکسر بمعنی بایاں والجمع یُسُرٌ ویُسرٌ ۲۲ بانت ازضرب یقال بان عنہ بیناً وبیوناً وبَینُونَۃً جبکہ وہ جدا ہو ۲۳ المرافق بمعنی منافع یہ مرفق کی جمع ہے بمعنی ما یرتفق وما ینتفع بہ من مال وغیرہ لامرفق الید ۲۴ ثنیۃ بمعنی اونٹنی جوان یہ ثنی کا مؤنث ہے وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں والجمع ثناء وثنیانٌ ۲۵ ناب بوڑھی اونٹنی والجمع اینابٌ وانیُبٌ ونیوبٌ وانا بیب ۲۶ اغبرا غبرار مصدر از افعلال بمعنی غبار آلود ہونا ۲۷ الاخضر یہ خضراء کا مؤنث ہے بمعنی سبز رنگ العیش الاخضر سے مراد عمدہ عیش وآرام ہے از سمع ۲۸ ازور۔ ازورار مصدر بمعنی منہ پھیرنا وبرگشتہ ہونا یقال زوِر زوراً ای مال واعوجّ از سمع ۲۹ المحبوب الاصفر سے مراد دینار (اشرفی) ہے بین قولہ الاخضر والاصفر والسود وغیرھا صنعۃ تدبیج وھی نوع من الصیاق وفسروھا بان یذکر فی معنی من المدح وغیرہ الوان لقصد الکنایۃ او التوریۃ ۱۲ ۳۰ نوٗد کنپٹی اور اس کی جمع افواد آتی ہے وھم یقولون عیش اخضر وموت احمر ونعمۃ بیضاء ویوم اسود وازرق ومنہ موت احمر جو قتل ہو کر مرے وموت اغبر جبکہ فاقہ سے مرے اور موت ابیض جبکہ پلنگ پر اس کا انتقال ہو اور موت اسود جبکہ پانی میں ڈوب کر یا کوئی اس کا گلہ گھونٹ دے ۳۱ رثی ای رحمنی یقال رثی لہ رثواً ای رحمہ از نصروضرب ۳۲ الازرق ای شدید العداوۃ والجمع زرقٌ ازرق کے معنی نیلی آنکھ کے ہیں اور رومیوں کی نیلی آنکھیں ہوتی ہیں اور وہ بے مروتی کا ثبوت ہے اور اس سے مراد سخت دشمن ہے یقال زرق زرقاً عمیَ ای صار ازرق وفی التنزیل زرقا یتخافتون ای عمیا عیونھم لانور لھم از سمع۔

فَحَبَّذَا الْمَوْتُ الْاَحْمَرُ۔ وَتِلْوِیَ مَنْ تَرَوْنَ عَیْنُہٗ فِرَاسُہٗ۔ وَتَرْجُمَانُہٗ اصْفِرَارُہٗ۔ وَقُصْوٰی بُغْیَتِہٖ اَحَدُھُمْ ثُرْدَۃٌ۔ وَقُصَارٰی اُمْنِیَّتِہٖ بُرْدَۃٌ۔ وَکُنْتُ اٰلَیْتُ اَنْ لَّا اَبْذُلَ الْحُرَّ اِلَّا لِلْحُرِّ۔ وَلَوْ اِنِّیْ مُتُّ مِنَ الضُّرِّ۔ وَقَدْ نَاجَتْنِی الْقَرُوْنَۃُ۔ بِاَنْ تُوْجَدَ عِنْدَکُمُ الْمَعُوْنَۃُ۔ وَاٰذَنَتْنِیْ فِرَاسَۃُ الْحَوْبَاءِ۔ بِاَنَّکُمْ یَنَابِیْعُ الْحِبَاءِ۔

الترجمۃ والمطالب اور میرے لیے بہت ہی اچھی سرخ موت ہے اور میرے پیچھے جو بچے موجود ہیں اس حالت میں کہ اُن کا جسم ان کا امتحان ہے اور اُن کا زرد رنگ شرح حال (حال کہنے والا) ہے اور ان کی انتہائی مراد سوکھی روٹی کا ایک ٹکڑا ہے اور بڑی سے بڑی خواہش اُن کے بدن ڈھانپنے کے لیے ایک کپڑا (چادر) ہے اور میرے عزیزو! میں نے یہ قسم کھائی تھی کہ میں صرف شریف چہروں کے سامنے ہی سوال کروں گی اگرچہ میں فاقہ میں ہی کیوں نہ مر جاؤں اب میرے نفس نے چپکے سے یہ بتلایا

کہ تم لوگوں سے مجھے ضرور مدد ملے گی اور میرے نفس کی زیرکی نے مجھے یہ خبر دی ہے تحقیق کہ تم ہی عطا کے چشمہ ہو۔

تشریح لغات | ۱؎ الموت الاحمر ای القتل الذی یراق فیہ دم احمر ۲؎ تلوی ای قلقی ۳؎ عینہ ای شخصہ یعنی ذات وشخص مراد ہے ۴؎ فرارہ ای معرفتہ حالہ یعنی حال بتانے والا یقال فر الدابۃ فرًّا وفرارًا ای کشف من اسنانہا لیری کم بلغت من السنین از ضرب یقال عینہ فرارۃ الشئ اس کا دیکھنا جلدی کرنے والا اور اس حقیقت کی چیز سے خبر دینے والا ہے اور یہ مشتق ہے فرور سے بمعنی بہائم کے دانت کھول کر دکھائے تاکہ ان کی عمر معلوم ہو سکے ۵؎ ترجمانہ ایک زبان کا ترجمہ دوسری زبان میں ادا کرنا یقال ترجم الکلام جبکہ وہ ترجمہ کرے یہ صفت کا صیغہ ہے ترجمان وترجمان والجمع تراجمۃ وتراجم وترجم الرجل یعنی اس کی عادت واخلاق بیان کرنا وترجم عنہ یعنی اس کے کسی معاملہ کو واضح کرنا یقال ترجمہ بالترکیۃ یعنی اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا ومنہ المترجم ۶؎ اصفرارہ مصدر بمعنی زردی اس سے مراد اس کا بھوکا ہونا ہے ۷؎ قصوٰی بالضم بمعنی دور کی حد وانتہا وغایت اور قصوی یہ اقصٰی کا مؤنث ہے بمعنی دوری یقال قصی المکان قصوًا وقصوًّا وقصاءً وقصاءً وقصِیَ قصی ای بعد وقصی الرجل عن القوم ای تباعد از نصر وسمع وفی التنزیل وھو بالعدوۃ القصوٰی ۸؎ شردہ بالضم ای ثریدٌ وھو الخبز المفتوت المبلول بمرق وجمع الثرید ثرائد یقال ثرد ثرد .... جب کہ وہ روٹی کے ٹکڑے کو شوربہ میں ملائے یعنی ثرید کرے ۹؎ قصاری یہ قصر سے ماخوذ ہے بمعنی روکنا اور یہ فعالٰی کے وزن پر مؤنث کا صیغہ ہے بمعنی منتہی وغایت یقال قُصرک اور قصارک او قصاراک ان تفعل کذا یعنی تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو ۱۰؎ بردۃ بالضم بمعنے دھاریدار کپڑا و کالاکمبل والجمع بُرَدٌ وجمع البرد بُرودٌ وأبرادٌ وأبرُدٌ ایضا ۱۱؎ آلیت ایلاء مصدر از افعال بمعنی قسم کھانا اور یہ الیّۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنی قسم کے ہیں یقال آلیٰ ایلاءً جبکہ وہ قسم کھائے۔ ۱۲؎ ابذل بذل مصدر بمعنی دینا وسخاوت کرنا یقال بذل الشئ جبکہ وہ دے اور سخاوت کرے از نصر وضرب ۱۳؎ حر بالضم بمعنی شریف وآزاد والحُرُّ من کل شئ بمعنی عمدہ حصہ اور بالفتح بمعنے گرمی والجمع حرور واحارٌ اور بالکسر بمعنے اندام نہانی وفرج ۱۴؎ مُتُّ صیغہ متکلم موت مصدر جو حیات کی ضد ہے بمعنے مرنا یقال مات الرجل جبکہ وہ مرے از نصر اور اس کے معنے ہوا کے رکنے اور آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونے اور کپڑے بوسیدہ ہونے کے بھی آتے ہیں ۱۵؎ ناجتنی مناجاۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی آہستہ آہستہ بات کہنا ۱۶؎ القرونۃ ای النفس اس لیے کہ ہر شخص کے ساتھ ہی ساتھ ہوتا ہے یقال قرن الشئ بالشئ قرنًا ای شدّیہ ووصلہ الیہ از ضرب ۱۷؎ للمعونۃ بمعنی مدد واعانت ۱۸؎ آذنتنی ای اعلمتنی ایذان مصدر از افعال بمعنی اطلاع دینا یقال اذن بالشئ اِذنا واَذَنًا واذانًا واذانۃً ای علم بہ وافرنہ الامر بالامر ای اعلمہ بہ وفی التنزیل واذان من اللہ ورسولہ از سمع ۱۹؎ فراسہ بالکسر بمعنی سمجھ اور ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا از ضرب وبالفتح الحذاقۃ ہوشیاری ومہارت از کرم ۲۰؎ الحوباء النفس والجمع حوباوات یقال حاب بکذا حوبًا وحُوبًا وحابۃً وحابا جبکہ وہ گنہگار ہو وسمی النفس حوباء لانہا ترتکب الحوب وفی التنزیل انہ کان حوبًا کبیرًا ای اثمًا کبیرًا ۲۱؎ ینابیع یہ ینبوع کی جمع ہے بمعنی جاری چشمہ یقال نبع الماء نبعًا ونبوعًا ای خرج الماء من العین از فتح۔ ۲۲؎ الحباء بالکسر بمعنی عطیہ یقال حباہ بذا حبوًا ای اعطاہ ایاہ از نصر۔

فَنَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً اَبَرَّ قَسَمِیْ. وَصَدَّقَ تَوَسُّمِیْ. وَنَظَرَ اِلَیَّ بِعَیْنٍ یُقْذِیْهَا الْجُمُوْدُ. وَ یُقَذِّیْهَا الْجُوْدُ. رقَالَ الْحٰرِثُ ابْنُ هَمَّامٍ) فَهِمْنَا لِبَرَاعَةِ عِبَارَتِهَا. وَمُلَحِ اسْتِعَارَتِهَا

وَقُلْنَا لَهَا قَدْ فَتَنَ كَلَامُكِ . فَكَيْفَ الْحَامُكِ . فَقَالَتْ اُفَجِّرُ الصَّخْرَ . وَلَا فَخْرَ فَقُلْنَا إِنْ جَعَلْتِنَا مِنْ رُوَاتِكِ . لَمْ نَبْخَلْ بِمُوَاسَاتِكِ . فَقَالَتْ لَأُرِيَنَّكُمْ اَوَّلًا شِعَارِي . ثُمَّ لَأُرَوِّيَنَّكُمْ اَشْعَارِي . فَأَبْرَزَتْ رُدْنَ دِرْعٍ دَرِيسٍ . وَبَرَزَتْ بَرْزَةَ عَجُوزٍ دَرْدَبِيسٍ . وَأَنْشَأَتْ تَقُوْلُ ؎

اَشْكُوْ اِلَى اللّٰهِ اشْتِكَاءَ الْمَرِيْضِ	رَيْبَ الزَّمَانِ الْمُتَعَدِّيْ الْبَغِيْضِ

الترجمة المطالب خدا ایسے شخص کو (ترو تازہ) سر سبز و شاداب رکھے جو میری قسم کو پورا اور میری شناخت کو سچا کر دکھائے اور اور مجھ کو وہ ایسی نظر و عنایت سے دیکھے جو اس کو میری بدحالی تکلیف دینے والی ہو اور اس کی عطا یا سخاوت میری تکلیف کے دور کرنے کا سبب ہو، حارث بن ہمام کہتا ہے ہم اس کے فصیح کلام اور نمکین استعاروں سے حیران، یا پریشان رہ گئے اور اس سے ہم نے کہا تیرے کلام (نثر نے) تو فتنہ میں ڈال دیا یا لبھا لیا پس تیرا بانا (یعنی کچھ اشعار) کا بھی سلسلہ و لگاؤ ہے وہ بولی کہ میں پتھر کو پھاڑتی ہوں (یعنی عمدہ بلیغ اشعار کہتی ہوں اور میرے لیے کوئی فخر نہیں ہے پس تو ہم نے اس سے کہا کہ اگر تو ہم کو اپنے اشعار کے راویوں کے زمرہ میں داخل کرے تو ہم تیری غمخواری میں بالکل کوتاہی نہیں کریں گے اس نے یہ جواب دیا کہ میں پہلے تمہیں اپنا لباس دکھا دوں اس کے بعد میں اپنے اشعار کا راوی بناؤں گی پس اس نے اپنے کرتہ کی بوسیدہ آستین ظاہر کی وہ نہایت خراب قسم کی مکار بڑھیا عورت معلوم ہوئی پھر اس نے یہ اشعار پڑھے ؎ میں اپنے خدا سے زمانہ کے ظلم و حوادثات سے بیمار کی طرح شکایت کرتی ہوں اور زمانہ تو بہت ہی ظالم اور مبغوض ہے۔

تشریح لغات [۱] نضّر از باب تفعیل یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے بمعنے ترو تازہ ہونا و ترو تازہ کرنا ہرا بھرا کرنا و فی التنزیل وجوہ یومئذ ناضرۃ [۲] ابرا برار مصدر از افعال بمعنی بھلائی کرنا و قسم کو پورا کرنا [۳] قسمی بالسکون بمعنی حلف [۴] توسمی باب تفعل کا مصدر بمعنی شناخت و پہچان یقال توسم الشئ جبکہ وہ فراست سے معلوم کرے و علامت طلب کرے و پہچانے و توسّم فیہ الخیر جبکہ وہ بھلائی معلوم کرے [۵] یقذی از باب افعال اور اس کا مجرد سمع آتا ہے بمعنے وہ تنکہ جو آنکھ میں پڑ جائے واز باب تفعیل یقال قذّیٰ عینہ جبکہ آنکھ سے خس و خاشاک نکالے اقذاء العین انداختن خاشاک در چشم و تقذیۃ دور کردن خاشاک از چشم و یقذی اقذاء مصدر از افعال بمعنی آنکھ میں تنکہ ڈالنا [۶] الجود مصدر بمعنی جمنا اس سے مراد بخل ہے از نصر یقال جمدت یدہ جموداً ای بخلت [۷] فہمنا اس میں تا الگ ہے۔ اور یہ ہام یہیم ہیمان سے ہے از ضرب بمعنی حیران و پریشان رہنا [۸] براعۃ مصدر از نصر بَرَعَ وَبَرِعَ از سمع و بَرُعَ از کرم براعۃ و بُرُوعًا علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہو اور اس کا صفت کا صیغہ بارعٌ ہے [۹] ملح یہ ملحۃ کی جمع ہے بمعنی مزیدار و نمکین بات [۱۰] الحامک مصدر از افعال ای نسیجک الشعر یقال لحم الشئ لحماً ای لامہ از نصر و الحم الثوب ای نسیجہ و الحم الشعر ای نظمہ اس سے مراد نظم اشعار ہے [۱۱] افجر از باب تفعیل تفجیر مصدر بمعنی پھاڑ دینا یقال فجر الماء فجراً و فجّرہ تفجیراً ای فتح لہ منفذاً فجری وقال الراغب الفجر الشق الواسع ومنہ قیل للصبح فجرٌ ولانہ فجر اللیل و فجر اللیل و فجر فجوراً ای ارتکب الذنب و شق ستر الدیانۃ فہو فاجر از نصر [۱۲] صخرۃ سخت ٹھوس پتھر یہ صخرۃ کی جمع ہے اور اس کی جمع ہے اور اس کی جمع صخور اور صخورۃ اور صخورات بھی آتی ہے [۱۳] مواسات یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے یقال آسی الرجل

فی مالہ مواساۃً جبکہ وہ مالی ہمدردی کرے۔ ومجردہ از سمع [۱۴] لاریکم اراءۃً مصدر از افعال بمعنی دکھلا دینا اور یہ رویت سے مشتق ہے [۱۵] شعاری بالکسر وہ کپڑا یا کُرتہ جو جسم کے متصل ہو اور لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس اور اس کے معنی گھوڑے کے جھول کے بھی آتے ہیں والجمع اَشعِرَۃ وشُعُر" والشعار الثوب الذی یلی الجسد والدثار الثوب الذی فوقہ [۱۶] لاردیکم از باب تفعیل یقال روّاہ الشعر جبکہ وہ شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرے یعنی راوی بنانا [۱۷] ردن بالضم بمعنی آستین و آستین کا کشادہ کنارہ والجمع اردانٌ [۱۸] درع بالکسر بمعنی کرتہ یقال درع المرأۃ عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں پہنتی ہے اور اس کے زرہ کے بھی آتے ہیں اور یہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں والجمع دُرُوعٌ وادرُع ودراعٌ [۱۹] درلیس بمعنی چیز پرانی وپرانہ یقال درس الرسمُ دُرُوسًا ای امحیٰ از نصر ودرسہ ای محاہ یتعدی ویلزم [۲۰] درد بیس بمعنی بہت بڑھیا عورت جو چالاک ہو اور اس کے معنی مصیبت اور بوڑھے اور محبت کے منتر کے بھی آتے ہیں اور اس کی جمع نہیں آتی ہے۔ [۲۱] اشکو از نصر یقال شکا شکوًا وشکایۃً وشکاۃً ای اظہر البث والحزن [۲۲] اشتکاء مصدر از باب افتعال بمعنی شکایت کرنا [۲۳] المریض یعنی بیمار والجمع مرضیٰ یہ مرض سے ماخوذ ہے از سمع [۲۴] ریب مصدر بمعنی ظلم منہ ریب المنون یعنی گردش زمانہ [۲۵] المتعدی ای الظالم ۱۲ [۲۶] البغیض یہ بہ فعیل کے وزن پر ہے معنی میں مفعول کے ای المبغوض اور یہ حبیب کی ضد ہے یقال بغض بغاضۃً ای ضد احبّ از نصر وکرم وسمع۔

یَا قَوْمِ اِنِّیْ مِنْ اُنَاسٍ غَنَوْا [۱]	دَهْرًا وَجَفْنُ [۳] الدَّهْرِ عَنْهُمْ غَضِیْضٌ [۴]
فَخَارُهُمْ [۵] لَیْسَ لَهٗ دَافِعٌ [۶]	وَصِیْتُهُمْ [۷] بَیْنَ الْوَرٰی [۸] مُسْتَفِیْضٌ [۹]
کَانُوْا اِذَا مَا نُجْعَةٌ [۱۰] اَعْوَزَتْ [۱۱]	فِی السَّنَةِ الشَّهْبَاءِ [۱۲] رَوْضًا اَرِیْضٌ [۱۳]
تُشَبُّ [۱۵] لِلسَّارِیْنَ [۱۴] نِیْرَانُهُمْ	وَیُطْعِمُوْنَ الضَّیْفَ لَحْمًا غَرِیْضٌ [۱۶]

الترجمۃ والمطالب اے (میری قوم کے لوگو بلاشبہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے مدت دراز اس میں بسر کی ہے کہ زمانہ کی پلک ان کے سامنے جھکی ہوئی تھی ان کا فخر کرنا (مال یا عزت میں) تو کوئی ان کو روک نہیں سکتا تھا اور ان کی شہرت یا ذکر خیر مخلوق میں ہے (یعنی تمام دنیا جانتی ہے) اور وہ لوگ ایسے تھے کہ خشک سالی میں بھی وسیع سبزہ زاروں کا لطف اٹھاتے تھے (یعنی اگر کسی کے پاس مال نہ ہوتا تو ان کے پاس کسی چیز کی کمی نہ تھی) اور رات کے چلنے والے مسافروں کے لیے ان کی طرف سے آگ بھڑکائی جاتی تھی اور وہ مہمانوں کو تازہ گوشت کھلاتے تھے۔

تشریح لغات [۱] غنوا ای اقاموا وعاشوا من غنی بالمکان ای اقام فیہ از سمع [۲] دہرا ای زمانًا طویلًا ولمبی مدت والجمع اَدْہُرٌ ودہورٌ [۳] جفن بمعنی پلک اس سے مراد آنکھ ہے والجمع اجفانٌ [۴] غضیض ای منخفض ومنکسر بمعنی پست نگاہ والجمع اغضاءٌ واغضّۃٌ از نصر [۵] فخارہم بالکسر یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنی فخر کرنا یقال فاخر فلانًا علی صاحبہ فخرًا ای حکمت لہ بالفضل علیہ از فتح والفخر المباہات فی الاشیاء الخارجۃ عن الانسان کالمال والجاہ [۶] دافع اسم فاعل کا صیغہ مصدر دفع از فتح والدفع اذا عدی بالی اقتضی معنی الانالۃ وفی التنزیل فادفعوا الیہم اموالہم واذا عدی بعن اقتضی معنی الحمایۃ نحو ان اللہ یدافع عن الذین امنوا۔ [۷] وصیتہم بالکسر بمعنی اچھی شہرت یقال انتشر صوتہ بین الناس

یعنی اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی [۸] الوری بمعنی مخلوق یہ وریٰ کا اسم ہے اور ابو الوری یہ زمانہ کی کنیت ہے [۹] مستفیض از افعال بمعنی شائع ذائع یقال فاض الماء اذا سال منصبًا از ضرب [۱۰] نجعۃ بالضم باغ سرسبزہ وچراگاہ کی تلاش یہ نجوع کا اسم ہے والجمع نُجَعٌ [۱۱] اعوزت از افعال اعواز مصدر بمعنی محروم ہونا یقال اعوز الرجل جبکہ وہ محتاج اور بدحال ہو واعوزہ المطلوب و یعنی مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حاصل ہونا دشوار ہو۔ [۱۲] السنۃ الشہباء وہ سال جس میں پالا زیادہ پڑے اور خشکی کا سال ای البیضاء التی لا نبت فیہا ولا خضرۃ ولا مطر یقال شَہِبَ و شَہُبَ شہبًا ای کان فی لونہ الشہبۃ وھی بیاض یخالطہ سواد از سمع وکرم۔ [۱۳] روضا یہ روضۃ کی جمع ہے بمعنی وہ باغ جس میں قسم بہ قسم کے پھول ہوں [۱۴] اریض وہ زمین جس میں سبزہ زیادہ ہو اور آنکھوں کو اچھا معلوم ہو یقال ارض المکان اراضۃً ای کثر عشبہ وازدہے وحَسُنَ فی العین از کرم [۱۵] تشب از نصر یقال شبّ النار شبًّا وشبوبًا ای اقدہا وانقدت یتعدی و یلزم [۱۶] للسارین یہ سار کی جمع ہے اور یہ سری سے ماخوذ ہے بمعنی رات کے چلنے والے از ضرب [۱۷] نیرانہم یہ نار کی جمع ہے والمراد ھٰہنا نیران القری والضیافۃ [۱۸] لحما بمعنے گوشت والجمع لحامٌ ولحومٌ ولحمان والحمٌ از فتح گوشت کھلانا اور سمع سے بمعنی موٹا تازہ ہونا [۱۹] غریض بمعنے تر و تازہ یقال غرض اللحم غرضًا ای صار طریًا فھو غریض والجمع اغاریض از کرم

مَا بَاتَ جَارٌ لَهُمْ سَاغِبًا [۳]	وَلَا لِرَوْعٍ قَالَ حَالَ الْجَرِيضُ [۵]	فَغَيَّضَتْ مِنْهُمْ صُرُوفُ الرَّدَى [۶]
بِحَارَ جُودٍ لَمْ أَخَلْهَا تَغِيضُ	وَأَوْدَعَتْ مِنْهُمْ بُطُونَ الثَّرَى	أُسْدَ التَّحَامِي وَأُسَاةَ الْمَرِيضِ

الترجمۃ والمطالب نہ تو کبھی ان کے کسی پڑوسی نے بھوکا رہ کر رات کاٹی اور نہ کبھی کسی پڑوسی نے خوف کی وجہ سے حال الجریض کہا ہو لیکن ہلاکت کی گردش نے ان پر سخاوت کے دریا جن کے متعلق کبھی کم ہوتے کا خیال تک بھی نہ گذرا تھا بند کر دیئے اور بالآخر ان کو مٹی کے سپرد کر دیا جو حفاظت اور حمایت کے شیر تھے اور وہ بیماروں کے معالج (طبیب) تھے۔

تشریح لغات [۱] بات یہ بیتوت سے ہے بمعنی رات کا گذارنا از ضرب، و سمع یقال بات فی المکان بیتًا و بیاتًا و بیتوتۃً ومبیتًا ومباتًا جبکہ وہ رات گذارے وبات فلانا و بہ عندہ جبکہ وہ کسی کے پاس رات میں آئے [۲] جار بمعنی پڑوسی و پناہ دینے والا و پناہ لینے والا والجمع جِیرانٌ وجِیرَۃٌ و جوارٌ و اجوارٌ [۳] ساغبا اسم فاعل کا صیغہ سغب مصدر بمعنی بھوک سخت یقال سَغِبَ سَغَبًا از سمع [۴] روع مصدر بالفتح بمعنی خوف وگھبراہٹ و ڈرانا و بالضم بمعنی دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ و ذہن و عقل [۵] الجریض یہ مثل ہے یقال حال الجریض دون القریض۔ جریض کے معنی وہ تھوک جو غم اور ملال کی وجہ سے حلق میں پھنس جائے اب اس کا استعمال غم میں ہونے لگا ہے اور اس کا اصل قصہ یہ ہے کہ نعمان کے دو دن مقرر تھے ایک دن تو وہ نہایت سختی سے بسر کیا کرتا تھا اور اس دن جو اس سے ملاقات کرتا تھا اس کو قتل کرا دیتا تھا اور اس کا ایک دن بھلائی اور سخاوت کا تھا اس دن اس سے جو ملتا تھا اس کو انعام واکرام سے مالا مال کر دیتا تھا ایک مرتبہ سختی کے دن عبید بن الابرص شاعر نے اس سے ملاقات کی نعمان نے کہا اچھا ہوتا کہ دوسرے دن ملاقات ہوتی خیر بجز اپنی جان کے اور جو

کچھ چاہو مانگ سکتے ہو عبید بن الابرص نے کہا کہ لا اغر علی من نفسی نعمان نے جواب دیا کہ جان بخشی تو نہیں ہوسکتی اچھا اپنا کوئی شعر تو سناؤ عبید شاعر نے کہا حال الجریض دون القریض یعنی میرے اور شعر کے درمیان غم وغصہ کی لہر حائل ہے کیسا شعر اور کہاں کی شاعری یہاں تو جان کے لالے پڑے ہیں فصار مثلاً لمن اخذہ غم وغصۃ یعنی یہ کہاوت ایسے وقت پر ہے جب کوئی شئ اس کو فائدہ دینے والی نہ ہو ۵ فعیضت ای نقصت وا قتنت از باب تفعیل یقال غیض الماء والثمن جبکہ پانی یا قیمت کم کرے ۶ الردی بمعنی ہلاکت یقال رَدِیَ ردیٰ ای نقصت واقتنت از سمع ۸ جو دیا بقم بخشش یقال جا دعلیہ جُوداً ای تکرم علیہ از نصر ۹ لم خلہا بمعنی خیال کرنا یقال خال الشئ یخال خَیلاً وخیلاً وخالاً وخَیلۃً وخِیلۃً وخیلاناً وخَیلولۃً ومَخیلۃً ومخالۃً۔ جبکہ وہ خیال اور گمان کرے اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اَخَالُ اور اِخالُ ہے اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے ۱۰ تغیض از ضرب یقال غاض یغیض غیضاً ومغاضاً جبکہ پانی کم ہو اور نیچے اُتر جائے وغاض الثمن جبکہ قیمت کم ہو ۱۱ اودعت ایداع مصدر از افعال بمعنی ودیعت یا کسی کے پاس امانت رکھے اور اس کی ضمیر صرف الدہر کی طرف راجع ہے اور یہ کنایۃ قبور سے ہے ۱۲ بطون الثری بمعنی تر مٹی یقال ثری التراب ثریٰ ای ندی دلان بعد الیبس از سمع ۱۳ اسد بمعنی شیر اور یہ اَسَدٌ کی جمع ہے اور اس کی جمع اُسُودٌ آسُدٌ اور اُسُدٌ اور آساد بھی آتی ہے ۱۴ التحامی یہ باب تفاعل کا مصدر ہے بمعنے حمایت وحفاظت یقال تحاماہ جبکہ وہ اس سے بچے اور پرہیز کرے۔ ۱۵ اُساۃ یہ آسی کی جمع ہے بمعنے طبیب ومعالج اور اس کی جمع اِسَاءٌ آتی ہے ۱۶ المریض بمعنی بیمار اس کی جمع مرضیٰ آتی ہے۔

فَمَحْمِلِي بَعْدَ الْمَطَايَا الْمَطَا	وَمَوْطِنِي بَعْدَ الْيَفَاعِ الْحَضِيضُ	وَأَفْرُخِي مَا تَاتَلِي تَشْتَكِي
بُؤْسًا لَهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَمِيضٌ	إِذَا دَعَا الْقَانِتُ فِي لَيْلِهِ	مَوْلَاهُ نَادَوْهُ بِدَمْعٍ يَفِيضُ
يَا رَازِقَ النَّعَابِ فِي عُشِّهِ	وَجَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيرِ الْمَهِيضِ	

الترجمۃ والمطالب پس میری سواری (یا کجاوہ) اونٹنیوں کی سواری کے بعد خود میری پیٹھ ہے اور میرا وطن بلند زمینوں کے بعد پہاڑ کا گڑھا (پست زمین) ہے اور میرے بچے بدحالی کی شکایت کرنے میں (جن کی روزانہ) نئے نئے ڈھب) سے درخشانی (چمک پیدا) ہوتی ہے وہ کبھی کوتاہی نہیں کرتے ہیں رات کے وقت جب عبادت کرنے والا اپنے خدا سے دعا مانگنے میں مصروف ومشغول ہوتا ہے تو میرے ننھے ننھے بچے اپنے آنسو بہا کر خدا سے یہ فریاد کرتے ہیں اے کوے کے بچہ کو اس کے گھونسلے میں روزی دینے والے اور اے ہڈی کو بار بار ٹوٹنے کے بعد پھر جوڑنے والے (یا سڑنے کے بعد زندہ کرنے والے)

تشریح لغات ۱ فمحملی اس میں فاء عطف کی ہے اور محمل کے معنی کجاوہ کے ہیں اور وہ چیز جس میں کوئی چیز اٹھائی جائے وبمعنی ہودج والجمع محامل ۲ المطایا یہ مطیۃ کی جمع ہے بمعنی سواری مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے بعیر اور ناقہ دونوں کو مطیۃ کہتے ہیں اور اس کی جمع مَطِیٌّ بھی آتی ہے ۳ المطا بمعنی پشت وپیٹھ والجمع اَمطاءٌ یقال مطی الدابۃ مطواً ای رکبہا از سمع ۴ موطنی بمعنی وطن ومیدان جنگ والجمع مواطن ۵ الیفاع بمعنی بلند جگہ واونچا ٹیلہ اور ہر وہ شئ جو زمین سے بلند ہو والجمع یفوعٌ یقال یفع الجبل یفعاً ای صعدہٗ از فتح ۶ الحضیض بمعنے وہ زمین جو پہاڑی کے سب سے نیچے حصہ میں ہو والجمع احِضَّۃٌ وحُضُضٌ واصلہ

من الحث علی الحضیض وھو قرار الارض از نصر۔ ثم اعلم ان اول الجبل الحضیض وھو القرار من الارض عند اھل الجبل ثم السفح وھو ذیلہ ثم السند وھو المرتفع فی اصلہ ثم الکیح وھو عرضہ ثم الحضو وھو ما اطاف بہ ثم الرید وھو ناحیتہ المشرفۃ علی الھواء ثم العرعرۃ وھی غیظہ ومعظمہ ثم الجید وھو جناحہ ثم الرعن وھو انفہ ثم الشعفۃ وھی راسہ۔

؁۷ افرخی ای اولادی واَطفالیِ یہ فَرخٌ کی جمع ہے بمعنی ولد الطائر اور اس کی جمع افراخٌ اور فراخٌ اَفرِخَۃٌ وفرخانٌ وفروخٌ بھی آتی ہے ؁۸ تألی ایتلاء مصدر از افتعال اور یہ اَلْوٌ سے ماخوذ ہے بمعنی کوتاہی کرنا اور دیر کرنا یقال اَلوتُ فی الامر اَلوًا واُلوًّا ای قصرت فیہ از نصر وفی التنزیل ولا یأتل اولوا الفضل منکم ولا یألونکم خبالاً ؁۹ بؤسًا بمعنے سختی وشدت ومحتاجی والجمع اَبْؤُسٌ ؁۱۰ ومیض بمعنی چمک وتجلی یقال ومض البرقُ وَمْضًا وومِیضًا ومضانًا ای لمع خفیفًا از ضرب ؁۱۱ القانت اسم فاعل کا صیغہ بمعنی ہمیشہ تابعداری وعاجزی کرنے والا اور اس کا مصدر قنوت ہے بمعنی لزوم الطاعۃ مع الخضوع از نصر وفی التنزیل وقوموا للّٰہ قانتین اور اس میں الف ولام صلہ کا ہے۔

؁۱۲ نادوہ الضمیر للاولاد اس کا مصدر مناداۃ ہے بمعنی پکارنا ؁۱۳ یفیض از ضرب فیض مصدر بمعنی بہنا یقال فاض یفیض فیضًا وفیضانًا وفیوضًا وفیوضًا وفیوضۃ وفیضوضۃ بمعنی کثرت سے ہونا وجاری ہونا ؁۱۴ النعاب فعال کے وزن پر مبالغہ کے لیے بمعنی کوے کا بچہ اس واسطے وہ کائیں زیادہ کرتا ہے یقال نعب الغراب نَعبًا ونَعِیبًا ای صوّت از فتح وضرب اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ جب کوے کا بچہ انڈے سے نکلتا ہے تو سفید ہوتا ہے تو اس کے ماں باپ اس کو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں پس وہ اپنے منہ کو کھولتا ہے اللہ تعالیٰ مکھیوں کو اس کے منہ میں اس کی روزی پہنچاتے ہیں پھر سات دن کے بعد وہ سیاہ (کالا) ہو جاتا ہے تو ماں باپ اس کو آن کر دیکھتے ہیں پھر وہ اس کو اپنا بچہ سمجھ کر اس کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور اس کی رزق رسانی کا سامان کرتے ہیں ؁۱۵ عشہ بالضم بمعنی پرندہ کا گھونسلہ جو پہاڑ پر ہو والجمع عِشَاشٌ وعِیَشَۃٌ واعشاشٌ وعُشُوشٌ ؁۱۶ جابر اسم فاعل کا صیغہ از نصر یقال جبرَ العظمَ جبْرًا وجبورًا وجبارۃً جبکہ وہ ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرے ؁۱۷ العظم بمعنی ہڈی والجمع اَعْظُمٌ وعِظَامٌ وعظامۃٌ ؁۱۸ المھیض جڑنے کے بعد پھر ہڈی کا ٹوٹ جانا یقال ہاضہٗ ہَیْضًا ای کسرہا فہو مھیض از ضرب ۱۲۔

اَتِحْ لَنَا اللّٰھُمَّ مَنْ عِرْضُہٗ
مِنْ دَنَسِ الذَّمِّ نَقِیٌّ رَحِیضٌ
یُطْفِیُٔ نَارَ الْجُوْعِ عَنَّا وَلَوْ
بِمُذْقَۃٍ مِنْ مَاذِقٍ اَوْ مَخِیضٌ
فَھَلْ فَتًی یَکْشِفُ مَا نَابَھُمْ
وَیَغْتَنِمُ الشُّکْرَ الطَّوِیْلَ الْعَرِیْضْ
فَوَالَّذِیْ تَعْنُو النَّوَاصِیْ لَہٗ
یَوْمَ وُجُوْہُ الْجَمْعِ سُوْدٌ وَبِیْضٌ
لَوْلَاھُمْ لَمْ تَبْدُ لِیْ صَفْحَۃٌ
وَلَا تَصَدَّیْتُ لِنَظْمِ الْقَرِیْضْ

الترجمۃ والمطالب اے اللہ تو ہمارے لیے کوئی ایسا شخص مقدر فرما جس کی آبرو (شرافت) برائیوں سے پاک وصاف ہو جو ہماری بھوک کی آگ کو کم از کم پانی ملے ہوئے کھٹے دودھ (یا دہی سے) یا مکھن نکلے ہوئے دودھ یعنی بلوئی ہوئی چھاچھ سے بجھا دے پس کیا کوئی جوان مرد ایسا ہے جو ان بچوں کی تکلیف دور کر کے لمبے چوڑے شکریہ کا وہ مستحق ہو (یا غنیمت بنا لے) قسم ہے اس ذات کی جس کے سامنے اس دن کہ لوگوں کے چہرے سیاہ اور سفید ہوں گے (یعنی قیامت کے روز) پیشانیاں جھک جائیں گی اور اگر میرے اولاد نہ ہوتی تو تو میرے چہرے کی جھلک بھی نہ دیکھتا (یعنی میں سوال نہ کرتی) اور نہ میں نظم کرتے اشعار کے درپے ہوتی۔

تشریح لغات ۱؎ انح از افعال اَناحۃ مصدر امر من اتاح لہ ای قدّر یقال تاح الشیئ تیحًا ای قدر و تھیئًا از ضرب و اتاحہ ای قدّرہٗ وھیّأہٗ ۲؎ عرض بالکسر بمعنی آبرو و نفس و بمعنی خَیْرَ مَا وُقِیَ بِہ العِرضُ والجمع اَعْرَاضٌ و بالفتح بمعنی جانب و کنارہ و دامن کوہ و محرکۃً بمعنی متاع و سامان ۳؎ دنس محرکۃً بمعنی میل و کچیل والجمع ادناس یقال دنس عرضہ دَنَسًا و دناسۃً ای تلطّخ بمکروہ او قبیح از سمع ۴؎ نقی بمعنی خالص و صاف ستھرا والجمع نقاءٌ و انقیاءٌ و نقواء ۵؎ رحیض بمعنی دھویا ہوا فعیل بمعنی مفعول یقال رَحَضَہٗ رحضًا ای غسلہ از فتح ۶؎ یطفی اطفاءٌ مصدر از افعال بمعنی بجھا دینا ۷؎ بمذقۃ یہ فعلۃ کے وزن پر ہے بمعنی مفعول بمعنی پانی ملا ہوا دودھ از نصر یقال مذق اللبنَ مذقًا ای مزجہ بالماء　　والمذق خلط اللبن بالماء والقطب کذلک و من ذلک یقال جاء القوم قاطبۃ ای جمیعا مختلطین بعضھم ببعض وھنالک الفاظ منھا الغلث وھو خلط البر بالشعیر والقشب وھو خلط الطعام بالسم والابسار وھو خلط البسر بالتمر و نبیذھما وھو ایضًا خلط الماء الحار بالبارد لیعدل والمیش خلط الصوف بالشعر والمحق خلط الجد بالھزل والمقانات خلط لون بلون وھی ایضًا خلط الصوف بالوبر او الشعر بالغزل.......

۸؎ حازر بمعنی ترش و کھٹا دودھ ای لبن حامض یقال حزرًا و حزورًا ای حمض فھو حازرٌ از نصر و ضرب۔ ۹؎ مخیض وہ دودھ جس کا مکھن نکال لیا جائے اور چھاچھ باقی رہ جائے یقال مخض اللّبنَ مخضًا ای استخرج زبدہ فھو لبن مخیض از فتح و نصر و ضرب۔ ۱۰؎ نابھم ای ما نزل بھم از نصر یقال ناب فلانًا امرٌ ینوب نوبًا و نوبۃً جبکہ پیش آئے ۱۱؎ یغنم بمعنی غنیمت سمجھے از سمع یقال غَنِمَ غنمًا و غُنمًا و غنیمۃً و غمانًا وہ غنیمت حاصل کرے ۱۲؎ الطویل العریض ای الواسع العرض ۱۳؎ تعنو از نصر عاجزی کرتے ہیں یقال عنا عنوًا ای ذل و خضع از نصر و فی التنزیل وعنت الوجوہ للحی القیوم　۱۴؎ النواصی یہ ناصیۃ کی جمع ہے بمعنی پیشانی و پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں و مقدم راس اور اس کی جمع ناصیات بھی آتی ہے ۱۵؎ الجمع مصدر بمعنی لوگوں کی جماعت والجمع جموعٌ منہ یوم الجمع یعنی قیامت کا دن ۱۶؎ سود یہ اسود کی جمع ہے اور اس کا مؤنث سوداء ہے بمعنی سیاہ ۱۷؎ بیض یہ ابیض کی جمع ہے بمعنی سفید اس کا مؤنث بیضاء ہے اور یہ اقتباس کلام اللہ کی آیت سے ہے و فی التنزیل یوم تبیض وجوہ و تسود وجوہ اللھم اجعل وجوھنا وجوھا ناضرۃ الی ربھا ناضرۃ آمین بحرمۃ سید الامین ۱۸؎ لم تبدُ ای لم تظھر از بدا یبدو ابدوًا دبدًا و بدوًا و بداءۃ ...... جبکہ وہ ظاہر ہوا اور اس کا صفت کا صیغہ بادٍ آتا ہے از نصر ۱۹؎ صفحۃ بمعنی کنارہ و جانب والجمع صفحات ۲۰؎ تصدیت از باب تفعیل اور اصل میں تصددت تھا بمعنے درپے ہونا یقال تصدّد لہ جبکہ وہ درپے ہو ۲۱؎ القریض بمعنی شعر و کاٹا ہوا وجگال اور یہاں پر اس کے معنی شعر کے ہیں۔

(قَالَ الرَّاوِیْ) فَوَاللّٰہِ لَقَدْ صَدَعَتْ[۱] بِاَبْیَاتِھَا اَعْشَارَ[۲] الْقُلُوْبِ. وَاسْتَخْرَجَتْ خَبَایَا[۳] الْجُیُوْبِ[۴] حَتّٰی مَاحَھَا[۵] مَنْ دِیْنُہُ[۶] الْاِمْتِیَاحُ. وَارْتَاحَ لِرِفْدِھَا[۹] مَنْ لَمْ یَخَلْہُ[۸] یَرْتَاحُ. فَلَمَّا اَنْعَوْعَمَ[۱۰] جَیْبُھَا تِبْرًا[۱۱]. وَاَوْلَاھَا[۱۲] کُلٌّ مِنَّا بِرًّا[۱۳]. تَوَلَّتْ[۱۴] یَتْلُوْھَا[۱۵] الْاَصَاغِرُ. وَفُوْھَا[۱۶] بِالشُّکْرِ فَاغِرٌ. فَاشْرَأَبَّتِ[۱۷] الْجَمَاعَۃُ بَعْدَ مَمَرِّھَا[۱۸] اِلٰی سَبْرِھَا[۱۹]. لِتَبْلُوْا[۲۰] مَوَاقِعَ بِرِّھَا. فَکَفَلْتُ[۲۱] لَھُمْ بِاسْتِنْبَاطِ السِّرِّ[۲۲] الْمَرْمُوْزِ[۲۳]. وَنَھَضْتُ اَقْفُوْا[۲۴] اِثْرَ[۲۵] الْعَجُوْزِ. حَتّٰی انْتَھَتْ اِلٰی سُوْقٍ[۲۶] مُغْتَصَّۃٍ[۲۷] بِالْاَنَامِ[۲۸]. مُخْتَصَّۃٍ بِالزِّحَامِ[۲۹]۔

الترجمۃ والمطالب راوی کہتا ہے خدا کی قسم اس کے اشعار نے لوگوں کے دلوں کے ٹکڑے پھاڑ دیئے (یعنی لوگوں کے دل پارہ پارہ ہو گئے) اور جیبوں کی مخفی چیزیں باہر نکل آئیں یہاں تک کہ ان لوگوں تک نے بھی خوب بخشش کی جن کا

طریقہ مانگنے کا تھا اور اس پر عطا ربخشش کرتے سے) ایسے ایسے لوگ بھی خوش تھے جن کے متعلق ہمارا خیال تھا کہ وہ ہرگز خوش نہیں ہو سکتے۔ جب اس کا گریبان (جھولا) سونے سے بھر گیا اور ہم میں سے ہر ایک نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا تب وہ مع اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کے منہ بھر کر شکریہ ادا کرتی ہوئی لوٹ پڑی اس کے چلے جانے کے بعد جماعت نے اپنے مواقع احسان کی آزمائش کے لیے گردن اٹھا کر اس کو گھور کر دیکھا پس میں نے اس کے پوشیدہ بھید کے کھولنے کو اپنے اوپر لیا (یعنی میں اس کا ضامن اور کفیل ہوا اور میں بوڑھیا کے نشان قدم کے پیچھے پیچھے چل دیا یہاں تک کہ وہ ایک بازار میں پہنچی جو آدمیوں سے بھرا ہوا تھا اور وہاں بہت ہی بھیڑ تھی۔

تشریح لغات

[۱] صدعت از فتح صَدَعٌ مصدر بمعنی پھاڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا و منہ صدع الاَمْرَ و بالامر ای اظہرہ [۲] اعشار یہ عشر" کی جمع ہے بمعنی دسواں حصہ اور اس سے مراد ٹکڑا ہے [۳] خبایا یہ خَبِیْئَۃ" کی جمع ہے بمعنی مخفی باتیں [۴] الجیوب یہ جیب کی جمع ہے بمعنی گریبان ای ماکان فی الجیوب من الدراہم والدنانیر منثورًا [۵] ماحا از ضرب بمعنی دنیا یقال ماحہ میحًا ومیحا حۃً ای اعطاہ [۶] دینہ مصدر بمعنی طریقہ و عادت و سیرت و تدبیر و قدرت و حکم و مذہب و ملت و حالت و نافرمانی و گناہ و مجبوری و پرہیزگاری و فرمانبرداری و بدلہ و قہر و غلبہ و ذلت والجمع ادیان [۷] الانتیاح مصدر از افتعال بمعنی طلب عطا کرنا و ہمدردی کرنا اور اس کے معنی نفع پہنچانے اور چلو لینے کے بھی آتے ہیں یقال امتاح الرجل جبکہ وہ طلب فضل کے لیے کسی کے پاس آئے و امتاحہ الحرُّ او العملُ جبکہ پسینہ میں تر ابور کرے [۸] ارتاح ای فرح از افتعال یقال ارتاح جبکہ وہ خوش ہو و ارتاح اللہ لہ برحمتہ جبکہ وہ مصیبت سے چھڑائے۔ [۹] رفدھا بالکسر بمعنی عطا و عطیہ یقال رفدہ الشئ رفدًا ای اعطاہ و اعانہ از ضرب [۱۰] لم نخلہ یہ خال یخال سے بمعنی گمان کرنا یقال خال الشئ خَیْلًا و خِیلًا و خالًا و خِیلَۃً و خَیْلَۃً و خَیَلانًا و خَیْلُولَۃً و مَخِیلَۃً و مَخَالَۃً۔ جب کہ وہ خیال کرے اور گمان کرے [۱۱] افعوعم اس کا مصدر افعیعام ہے بمعنی بھر جانا ای امتلأ از کرم بمعنے بھرنا [۱۲] تبر بالکسر یہ تبرۃ" کی جمع ہے بمعنی سونا جو غیر مضروب ہو یقال تبر تَبْرًا و تَبَرًا ای ہلک از سمع و نصر والتبار الہلاک [۱۳] اولاہا یہ ایلاء سے بمعنی دنیا یقال اولی فلانا الامرَ ایلاءً جبکہ وہ والی مقرر کرے و اولاہ معروفا جبکہ وہ کسی پر احسان کرے اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے ما اولاہ للمعروف یعنی وہ کتنا فیاض ہے [۱۴] برا بالکسر بمعنی عطا و البر الصلاح و الیفا یقال بَرَّ والدہ برًّا ای اطاعہ از سمع و ضرب [۱۵] تولت تولّی مصدر از باب تفعل بمعنی پیٹھ پھیرنا ای ادبرت و اعرضت یقال تولّی ہاربًا جبکہ وہ پیٹھ دے کر بھاگے [۱۶] تبلو یہ تلو سے ماخوذ ہے بمعنی پیچھے آنے کے ہیں یقال تلاہ تلوًا جبکہ وہ پیچھے چلے و تلا عنہ جبکہ وہ پیٹھ دے از نصر [۱۷] الاصاغر یہ اصغر کی جمع ہے اور اس سے اس کے بال بچے مراد ہیں یقال صَغِرَ و صَغُرَ صِغَرًا و صَغَارَۃً جبکہ وہ چھوٹا ہو ای ضد کبر و عظم از سمع و کرم و صَغُرَ صِغَرًا و صِغَارًا و صُغْرًا و صَغَارَۃً جبکہ وہ ذلیل ہو [۱۸] فوہا بمعنے منہ والجمع اَفْوَاہٌ اور یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے [۱۹] فاغر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے فغر مصدر بمعنی منہ کا کھلنا یقال فَغَرَ فَاہ فغرًا ای فتحہ و فغر ای انفتح یتعدی و یلزم از فتح و نصر [۲۰] فاشرأبت اشرئباب مصدر از افعلال بمعنی گردن کو دراز کر کے دیکھنا اور سر بلند کر کے دیکھنا [۲۱] ممر یا مصدر بمعنی گذرنا و جانا و گذرگاہ از نصر یقال مَرَّ مَرًّا و مرورًا و ممرًّا جبکہ وہ گذرے اور گذر جائے و مَرَّۃً و مَرَّ بہ و مَرَّ علیہ جبکہ گذرے [۲۲] سبر مصدر بمعنی آزمانا از نصر و ضرب یقال سبر الجرحَ او البئرَ او البحرَ او الماءَ جبکہ وہ گہرائی کی آزمائش کرے و سبر الاُمُرَ جبکہ وہ تجربہ اور آزمائش کرے [۲۳] لتبلو ای تمتحن از نصر یہ وادی ہے یقال بلا الرجل بلوًا و بلاءً جبکہ وہ آزمائے اور تجربہ کرے اور امتحان لے واز سمع بمعنے کہنہ ہونا اور یہ یائی ہے یقال بَلِیَ الثوبُ بلًی و بَلاءً جبکہ وہ بوسیدہ ہو [۲۴] تکفلت ای ضمنت و زعمت یقال کفل بالمال کفالۃ ای ضمنہ از نصر و ضرب و سمع و کرم [۲۵] السر بالکسر بمعنی بھید و راز والجمع اَسرار" [۲۶] المرموز بمعنی مشار الیہ و بمعنی مخفی

و پوشیدہ یقال رمز اللہ رمزًا جبکہ وہ اشارہ کرے ورمزہ بکذا جبکہ وہ برانگیختہ کرے ورمزا لقربۃ جبکہ وہ مشک بھرے از نصر وضرب وازکرم یقال رمُزَ رمازۃً جبکہ وہ بہت حرکت کرے وعقل مند ہو و بزرگ وشریف ہو ۴ انفوا از نصر قفا یقفو سے بمعنی پیچھے چلنا وگدی پر مارنا و مرپر بحاً تہمت لگانا یقال قفّی اثرہ جبکہ وہ پیروی کرے وقفا اللہ اثرہ جبکہ وہ ہٹائے اور محو کرے ۵ اثر بالکسر بمعنی نشان و پیچھے یقال خرج فی اثرہ جبکہ وہ اس کے بعد نکلے وخرج علے الاثر جبکہ وہ فوراً ۹ سوق بالضم بمعنی بازار مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے والجمع اسواق ومنہ سوق الحرب بمعنے میدان جنگ ۱۰ مغتصۃ اغتصاص مصدر از افتعال بمعنی بھرنا یقال غصّ بالطعام والماء غصصًا ای اعترض فی حلقہ شئ فمنعہ من التنفس وغصّ المکان بہم ای امتلاء وضاق علیہم از نصر و سمع ۱۱ الانام بمعنی مخلوق اور انیم کے معنی بھی مخلوق کے آتے ہیں ۔ اور اس کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے ۱۲ بالزحام مصدر بالکسر بمعنے اژدھام و بھیڑ ومنہ یوم الزحام یعنی قیامت کا دن ۔

فَانْغَمَسَتْ فِی الْغُمَارِ ۔ وَامَّلَسَتْ مِنَ الصِّبْیَۃِ الْاَغْمَارِ ۔ ثُمَّ عَاجَتْ بِخُلُوِّ بَالٍ ۔ اِلٰی مَسْجِدٍ خَالٍ ۔ فَاَمَاطَتِ الْجِلْبَابَ ۔ وَنَضَتِ النِّقَابَ ۔ وَاَنَا اَلْمَحُہَا مِنْ خَصَاصِ الْبَابِ ۔ وَاَرْقُبُ مَا سَتُبْدِیْ مِنَ الْحُجَابِ ۔ فَلَمَّا انْسَرَتْ اُہْبَۃُ الْخَفَرِ ۔ رَاَیْتُ مُحَیَّا اَبِیْ زَیْدٍ قَدْ سَفَرَ ۔

الترجمۃ والمطالب

تو وہ جھٹ پٹ بھیڑ (یا مجمع) میں گھس گئی (داخل ہو گئی) اور وہ بھولے بھالے بچوں سے صاف نکل گئی پھر وہ خالی دل کے ساتھ مسجد کی طرف متوجہ ہوئی (لوٹی) پس وہاں پہنچتے ہی اس نے چادر کو دور کیا اور نقاب کو الٹ دیا اور میں سوراخ دروازہ کو اڑوں (یا دراز) میں سے یہ تماشا دیکھ رہا تھا اور بس اس عجیب بات کا منتظر تھا جو بہت جلد ظاہر ہو گئی پس جبکہ سامان حیاء (یعنی نقاب) سرک گیا تو میں نے ابوزید کے چہرے کو دیکھا کہ (وہ ظاہر) یا کھلا ہوا ہے ۔

تشریح لغات

۱ فانغمست از انفعال بمعنی داخل ہونا یقال غمس الشئ فی الماء غمسًا ای غطّہ، فیہ فانغمس از ضرب ۲ الغمار بالضم بھیڑ و مجمع از نصر یقال غمرہ الماء غمرًا ای اعلاہ وغطّاہ ۳ املست از افتعال بمعنے صاف نکلنا وجلدی سے چلا جانا یقال املس من الامر جبکہ وہ بچ نکلے اور رہائی پائے ۴ الاغمار یہ غمُر کی جمع ہے بمعنے بھولے ناتجربہ کار بچے یقال غمر الرجل غمارۃً ای کان جاہلا ازکرم ۵ عاجت ای رجعت یقال عاج عوجًا ومعاجًا ای رجع از نصر ۶ بال بمعنی دل ما خطر الامر ببالی یعنی یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گذرا اور اس کے معنے حال اور شان کے بھی آتے ہیں ۷ مسجد وہ جگہ جہاں سجدہ کیا جائے بمعنے سجدہ گاہ وعبادت گاہ والجمع مساجد ۸ خال یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از خلو یقال خلا الاناء خلوًّا وخلاءً جبکہ وہ خالی ہو بمعنی تنہا و خالی ہونا از نصر ۹ فاماطت از افعال اماطۃ مصدر بمعنی دور کرنا وجدا کرنا ۱۰ الجلباب بالکسر بمعنی چادر والجمع جلابیب وقال صاحب اقرب الموارد ایسی بڑی چادر ہو کہ جس سے عمدہ کپڑے چھپ جائیں اور یہ چادر برقع کے قائم مقام ہوتی ہے ۱۱ نضت از نصر بمعنی کھینچنا و اتارنا نضوًا مصدر یقال نضا الثوب عنہ نضوًا جبکہ وہ کپڑا اتارے ونضا السیف من غمدہ جبکہ وہ تلوار کو میان سے سونتے ونضا الرجل من ثوبہ جبکہ وہ ننگا کرے ونضا البلاد جبکہ وہ طے کرے ونضا الجرح جبکہ زخم کی سوجن اترے ونضا الماء پانی کا جذب ہونا ۱۲ النقاب مصدر بالکسر یہ العورۃ یعنی عورت کے منہ ڈھانپنے کا کپڑا اور سخت زمین کا راستہ ۱۳ المحہا ای انظر ہا یہ لمحۃ سے ماخوذ ہے بمعنی جلدی کی نگاہ یقال لمح البصر

لمحًا جبکہ نگاہ اٹھے ولمح الرجل الشئ والی الشئ جبکہ وہ دزدیدہ نظر سے دیکھے از فتح ۱۲؎ خصاص بالفتح بمعنے دراز و دیوار و دروازہ کی جھری و سوراخ کو کہتے ہیں۔ والحق ان الخصاص کل خرق او خلل فی باب او برقع و نحوهما یقال بدا القمر من خصاص الغیم یعنی چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہوگیا ولمحتہ من خَصَاصِ الباب یعنی میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا مکان وغیرہ میں شگاف کو کہتے ہیں۔ اور اس کا واحد خَصَاصَۃٌ ہے و یقال سددت خصاصۃ فلان یعنی میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی ۱۳؎ ارقب ای انتظر یقال رقبہ رقوبا و رقُوبًا و رقابۃً و رقبانًا و رِقبَۃً۔ جبکہ وہ نگہبانی کرے اور انتظار کرے یا ڈرائے از نصر ۱۴؎ العجاب بالضم بمعنی امر عجیب اور جس پر تعجب کیا جائے اور العجاب بمعنی تعجب کی حد سے متجاوز اور یہ مبالغہ کے لیے ہے اور مبالغہ کے لیے عجیبٌ عجاب اور عجیبٌ عجیب کہا جاتا ہے ۱۵؎ انسرت از انفعال ای انکشفت انسرا مصدر یقال انسری عنہ الہم جبکہ غم زائل ہو اور دور ہو ۱۶؎ اہبۃ بالضم بمعنی سامانِ سفر یقال اخذ للسفر اہبتہٗ جبکہ وہ سامان سفر کرے ۱۷؎ اخفرت بمعنی شرم و حیا یقال خفرت الجاریۃ خفرًا و خفارۃً جبکہ وہ بہت شرمیلی ہو از سمع ۱۸؎ محیا بمعنے چہرہ و صورت ۱۹؎ سفر از نصر بمعنی کھولے اور ظاہر کرے یقال سفرت المرأۃ سفورًا جبکہ وہ چہرہ کھولے۔

فَهَمَمْتُ[۱] بِاَنْ اَهْجُمَ[۲] عَلَيْهِ۔ لِاُعَنِّفَهٗ[۳] عَلٰى مَا اَجْرٰى اِلَيْهِ۔ فَاسْلَنْقٰى[۴] اِسْلِنْقَاءَ الْمُتَمَرِّدِيْنَ[۵]۔ ثُمَّ رَفَعَ[۶] عَقِيْرَةَ[۷] الْمُغَرِّدِيْنَ[۸]۔ وَاَنْدَفَعَ[۹] يُنْشِدُ نَظْمٌ۔

يَا لَيْتَ شِعْرِيْ اَدَهْرِيْ	اَحَاطَ[۱۰] عِلْمًا بِقَدْرِيْ
وَهَلْ دَرٰى[۱۱] كُنْهَ[۱۲] غَوْرِيْ[۱۳]	فِي الْخِدَعِ[۱۴] اَمْ لَيْسَ يَدْرِيْ
كَمْ قَدْ قَمَرْتُ[۱۵] بَنِيْهِ[۱۶]	بِحِيْلَتِيْ وَبِمَكْرِيْ
وَكَمْ بَرَزْتُ[۱۷] بِعُرْفٍ	عَلَيْهِمْ وَبِنُكْرِ[۱۸]
اَصْطَادُ[۱۹] قَوْمًا بِوَعْظٍ	وَاٰخَرِيْنَ بِشِعْرِيْ

الترجمۃ والمطالب

پس میں ارادہ کر ہی رہا تھا کہ کسی ترکیب سے میں اچانک اس کے پاس چلا جاؤں تاکہ میں اس کو اس کے کرتوت پر ملامت کروں (یا جھڑکوں) پس وہ نہایت سرکشانہ انداز و طریقہ سے چت لیٹ گیا پھر اس نے گانیوالوں کی طرح آواز بلند کی اور یہ اشعار گانا شروع کئے۔ نظم۔ کاش میں جان لیتا آیا میرا زمانہ میرے مرتبہ سے بخوبی واقف ہے۔ اور یہ آیا میرے مکر و فریب کی گہرائی کی حقیقت سے واقف ہے یا نہیں خدا جانے ہیں کتنی مرتبہ (یعنی بہت مرتبہ) فرزندان زمانہ پر اپنے مکر و فریب سے بازی لے گیا ہوں۔ کتنی مرتبہ اس کے سامنے اچھی یا بُری بات سے ظاہر ہوا ہیں (یا اچھی صورت بنا کر یا اپنی صورت بدل کر) اور میں کسی جماعت کا شکار تو بذریعہ وعظ و پند کے کرتا ہوں اور کسی کا اشعار کے ذریعہ سے۔)

تشریح لغات

۱؎ فہممت ہم مصدر از نصر بمعنی ارادہ کرنا یقال ہم بالشئ جبکہ وہ ارادہ کرے اور چاہے اور پختہ ارادہ کرے ۲؎ اہجم ہجوم مصدر بمعنی اچانک داخل ہونا یقال ہجم علیہ ہجومًا ای انتہی الیہ بغتۃً علی غفلۃ عنہ او دخل بغیر اذن از نصر ۳؎ لاعنف از باب تفعیل ای لاقبح فعلہ واعیرہ والومہ یقال عنف بالرجل عنفًا وعنافۃً ای لامہ بشدۃ اذ کرم۔
۴؎ اسلنقی اسلنقاء از استفعال بمعنی لیٹ جانا ۵؎ المتمردین تمرد مصدر از باب تفعیل بمعنی سرکشی و تکبر کرنا ۶؎ رفع از فتح الرفع تارۃ یقال فی الاجسام الموضوعۃ اذا علیتہا عن مقرہا نحو ورفعنا فوقکم الطور و تارۃ فی البناء اذا طولتہا

نحو واذ یرفع ابراھیم القواعد وتارۃ فی الذکر والمنزلة نحو رفعنا لك ذكرك ... [7] عقیرۃ گانے والے کی آواز وقال الراغب قولھم رفع فلان عقیرته ای صوته فذلك لان رجلاً عقر رجله فرفع صوته فصار ذلك مستعاراً للصوت یقال عقر البعیر عقراً ای نحرهٗ از ضرب وعقرت المرأۃ عقراً وعقراً وعقاداً وعقرت عقراً وعقارۃ ای صارت عاقراً ای عقیماً لا تلد کانھا تعقر ماء الفحل وفی التنزیل وکانت امرأتی عاقراً از ضرب وکرم [8] المغردین ای مغنین من الغرد وھو فی الاصل رفع الطائر صوته فی غنائه وطربه از سمع یقال غرد الطائر ای رفع صوته فی غنائه وطرب به والمصدر غردٌ وبمعناہ غرّد واغرد وتغرّد [9] اندفع از انفعال اندفاع مصدر یقال اندفع فی الحدیث ای اذا شرع اور اس کے معنی شروع دوڑنے اور گرپڑنے اور جلدی کرنے اور دھکا دینے کے بھی آتے ہیں [10] شعری مصدر بالکسر بمعنی علم وسمجھ وکلام منظوم یقال لیت شعری فلاناً او عن فلان او لفلان ما صنع یعنی کاش مجھے فلان کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا [11] احاط از افعال الاحاطة مصدر والاحاطة بالشئ علماً علم وجودہ وجنسه وکیفیته وغرضه المقصود بالایجاد منه ولا یکون ذلك الا للّٰہ تعالیٰ ۔ [12] کنه بالضم یہ فعلة کے وزن پر بمعنی جوہر الشئ واصل الشئ یعنی اصل شئ اور حقیقت شئ اور جوہر شئ کے معنی ہیں یہ آتا ہے [13] غور مصدر بمعنی گہرائی یقال غار فی الامر غوراً ای دقق فیه النظر از نصر [14] الخدع مصدر بمعنی مکر وفریب از فتح یقال خدعه خدعاً جبکہ وہ دھوکہ اور فریب دے [15] قمرت ای غلبت از ضرب یقال قمر الرجل جبکہ وہ جوئے میں غالب آئے واز نصر وضرب بمعنی مال چھین لینا واز سمع بمعنے بہت سفید ہونا [16] بنیه بمعنی اولاد اس میں ضمیر دہر کی طرف راجع ہے یعنی ابنائے دہر سے مراد برے لوگ ہیں جو کم مرتبہ کے ہوں [17] یعرف بالضم بمعنے اچھی خصلت وشناخت (یعنی پہچاننا [18] نکر بالضم بمعنی بری خصلت یا بری صورت [19] اصطاد از افتعال اصطیاد مصدر بمعنی شکار کرنا اور یہ صید سے مشتق ہے از ضرب یقال اصطاد المکان جبکہ وہ فلاں جگہ میں شکار کرے [20] یوعظ مصدر بمعنی نصیحت از ضرب یقال وعظه یعظه وعظاً وعِظَةً جبکہ وہ نصیحت کرے ۔

وَاَسْتَفِزُّ بِخَلٍّ ... عَقْلاً وَعَقْلاً بِخَمْرِیْ
وَتَارَۃً اَنَا صَخْرٌ ... وَتَارَۃً اُخْتُ صَخْرِیْ
وَلَوْ سَلَکْتُ سَبِیْلاً ... مَاْلُوْفَةً طُوْلَ عُمْرِیْ
لَخَابَ قِدْحِیْ وَقَدْحِیْ ... وَدَامَ عُسْرِیْ وَخُسْرِیْ
فَقُلْ لِمَنْ لَامَ هٰذَا ... عُذْرِیْ فَدُوْنَكَ عُذْرِیْ

الترجمة والمطالب اور کبھی میں ہلکا کرتا (یا پھسلاتا) ہوں میں کسی کی عقل کو سرکہ کے ساتھ (جب میں نیک بنتا ہوں تو لوگوں کو میں وعظ سے بھلا لیتا ہوں) اور کسی کی عقل کو اپنی شراب سے (جب میں برا بنتا ہوں تو لوگوں کو میں لہو ولعب سے پھانستا ہوں اور کبھی میں صخر کی طرح پر ہوں اور کبھی میں صخر کی بہن (بن جاتا ہوں) اور اگر میں مدت العمر ایک ہی راستہ پر چلتا تو یقیناً میرا جوئے کا تیر اور چقماق سے آگ نکالنا دونوں ناکام رہتے اور مجھ پر ہمیشہ تنگ دستی اور خرابی رہتی پس تو اس شخص سے کہدے جو مجھ کو ملامت کرتا ہے یہ میرا عذر ہے پس تو میرے عذر کو مان لے ۔

تشریح لغات [1] استفز استفز از مصدر از باب استفعال بمعنی دھوکا دینا وارادہ سے ٹالنا وانحراف وعلیحدہ ہونا یقال فزّنی فلانٌ فزّاً ای ازعجنی از نصر ۔ ابو عمر گویدکہ بعض عرب شراب را بہ سبب لذتش خیر قرار دادہ

اندو سرکہ راز نرشی او شر مقرر کردہ و میگویند ما انت بخل ولا خمر یعنی نہ خیر داری نہ شر و بعض عرب از خمر شر مراد گیرند و از خل خیر و گویند لست من ہذا الامر فی خل ولا خمر یعنی نیستی از ین امر در خیر نہ در شر پس ہر دو مثل گردانیدہ شدہ برائے چیزے کہ در بیت سابق الذکر است یعنی پند و شعر ۲؎ بخل بالفتح بمعنے سرکہ اس سے مراد وعظ و پند ہے والجمع اَخلٌ وخلالٌ اور اُم الخل شراب کو کہتے ہیں اور بالکسر والضم بمعنے دوست ۳؎ صخر یہ عمرو بن حارث شاعر کا لقب ہے اور اس کی بہن خنسا ریہ بھی شاعرہ تھی اس کا مطلب یہ ہے جیسا موقع ہوتا ہے۔ میں ویسا ہی بن جاتا ہوں یعنی کبھی میں مرد اور کبھی میں عورت کی صورت میں ظاہر ہوتا ہوں سبیلا (راستہ) الطریق الذی فیہ سہولۃ والجمع سُبُلٌ ۵؎ مالوفۃ وہ راستہ جس پر وہ ہمیشہ چلے از سمع ای معروفۃ ۶؎ لخاب اللام للتاکید خاب از ضرب بمعنی محروم ہونا ۷؎ قدحی بالکسر بمعنی جوئے کا تیر و تیر بغیر پر اور نصل کے والقدح بالکسر السہم قبل ان یراش ویُنصل والجمع اَقداحٌ واَقادیحٌ واَقدُحٌ وقِدحانٌ وجمع الجمع اقادیح ۸؎ والقدح بالزند چقماق سے آگ نکالنا از فتح ۹؎ دام از نصر دوام مصدر بمعنے ہمیشہ رہنا و ثابت رہنا یقال دام یدوم ویدام دومًا ودوامًا ودیمومۃً جبکہ ہمیشہ رہے ۱۰؎ عسری نقیض الیسر وفی التنزیل ان مع العسر یسرًا از سمع وکرم یقال عَسُرَ اعسرًا وعسارۃً ای ضد لیسر وسہل ۱۱؎ خسری ای خسارتی نقصان و ٹوٹا یقال خسر خسرانا وخسارۃ وخسارًا ای ضد ربح از سمع ۱۲؎ دونک یہ افعال قلوب میں سے ہے بمعنی تولی یا یہ اسم فعل ہے۔

(قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ) فَلَمَّا ظَهَرْتُ عَلٰى جَلِيَّةِ اَمْرِهٖ. وَبَدِيْعَةِ اِمْرِهٖ. وَمَا زَخْرَفَ فِيْ شِعْرِهٖ مِنْ عُذْرِهٖ. عَلِمْتُ اَنَّ شَيْطَانَهُ الْمَرِيْدَ. لَا يَسْمَعُ التَّفْنِيْدَ. وَلَا يَفْعَلُ اِلَّا مَا يُرِيْدُ. فَثَنَيْتُ اِلٰى اَصْحَابِيْ عِنَانِيْ. وَاَبْثَثْتُهُمْ مَا اَثْبَتَهُ عِيَانِيْ. فَوَجَمُوْا لِضَيْعَةِ الْجَوَائِزِ. وَتَعَاهَدُوْا عَلٰى مَحْرَمَةِ الْعَجَائِزِ.

الترجمۃ والمطالب حارث بن ہمام کہتا ہے جب میں اس کے ظاہر امر یا تحقیق حال اور میں اس کے نادر اختراع اور اس مزین عذر کو جو اس نے اپنے اشعار میں ظاہر کیا ہے اس پر مطلع ہوا تو میں نے خوب سمجھ لیا کہ اس کا سرکش شیطان ملامت کرنے کی پرواہ نہیں کرے گا (یا نہ سنے گا) اور جو اس نے دل میں ٹھان لیا ہے وہ اس کو کرکے ہی چھوڑے گا تو میں نے اپنی عنان (توجہ) دوستوں کی طرف پھیری اور ان کو میں نے اپنے چشم دید واقعات کی خبر دی پس وہ سب بخششوں (یعنی عطیہ وانعام) کے برباد ہونے پر بے حد ناراض ہوئے اور آئندہ کے لیے انہوں نے بوڑھیوں کو انعام واکرام سے محروم رکھنے کا عہد کیا (یا اس پر انہوں نے قسم کھائی)

تشریح لغات ۱؎ جلیۃ ہہنا التاءُ تقلب من الوصفیۃ الی الاسمیۃ بمعنی ظاہر و روشن ومنہ جَلِیَّۃُ الامرِ ای ما ظہر من حقیقۃ الشیٔ وجلیۃ الامرِ ای حقیقت الامر اور یہ جَلِیٌّ کا مؤنث ہے بمعنی واضح و روشن ۲؎ امر بمعنی حکم وحال و شان وفرمان والجمع اوامر بمعنی کام والجمع امور ۳؎ بدیعۃ بمعنی نادر و امر منکر و انوکھی چیز یہ بدیع کا مؤنث ہے ۴؎ امرہ بالکسر بمعنی عجیب و فعل منکر وخلاف شرع وخلاف عقل سلیم بات وفی التنزیل لقد جئت شیئًا امرًا ای منکرًا یقال امر الامر امرًا ای کبر وکثر از سمع ۵؎ زخرف از بعثر بمعنے جبکہ وہ بری چیز کو بھلا کرکے دکھلائے یقال زخرفہ جبکہ وہ خوبصورت

بناے اور آراستہ کرے [٦] المرید بفتح المیم بمعنے سخت سرکش و بڑا شریر والجمع مُرواءُ ومنہ المارد اسم فاعل کا صیغہ بمعنی سرکشی اور یہ کرم اور نصر سے آتا ہے یقال مَرد مُرُودًا (از نصر) ومُرد مُرَادَةً ومُرُودَةً (از کرم) بمعنے سرکشی کرنا و نافرمانی کرنا و ہمسروں سے سبقت لے جانا واز سمع یقال مَرِدَ الغلام مَردًا ومُرُودَةً جبکہ لڑکا دیر تک بے داڑھی کے رہے ومَرِد الرجل جبکہ وہ دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرے [٧] التفنید یہ باب تفعیل کا مصدر ہے بمعنی قول فحش وملامت یقال فند فندًا ای خرف وضعف عقلہ از سمع وفَنَدَہٗ ای نسبہ الی الفند ای ضعف الرائی والسفر [٨] تثنیت از ضرب یقال ثنی الشئ ثنیًا جبکہ وہ پھیرے اور موڑے وثنی زیدًا جبکہ اس کو کام سے روکے [٩] عنانی بالکسر مصدر بمعنی لگام کی رسی والجمع اِعِنَّۃ وعُنُنٌ [١٠] ابثثت از باب افعال ای اخبرت اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے یقال بثّ الخبر وبثّت جبکہ وہ پھیلائے اور مشہور کرے [١١] عیانی یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنی آنکھوں سے دیکھنا [١٢] فوجموا ای غضبوا حتی سکتوا من شدۃ الغضب یقال وجم ای سکت وعجز عن التکلم من شدۃ الغیظ والخوف وایضا وجم ای عبس وجہہ واطرق لشدۃ الحزن از ضرب والمصدر وجوم [١٣] لضیعۃ مصدر بمعنی ضائع ہونا یقال **ضاع یضیع ضَیْعًا** وضیعۃً وضیاعًا۔ جبکہ وہ ضائع ہو اور تلف ہو اور بے کار ہو [١٤] الجوائز یہ جائزۃٌ کی جمع ہے بمعنی عطیہ والانعام [١٥] تعاہد واز باب تفاعل بمعنی معاہدہ کرنا یقال تعاہد القوم جبکہ وہ ایک دوسرے سے معاہدہ کرے اور حلیف بنے [١٦] العجائز یہ عجوز کی جمع ہے بمعنے بوڑھیا اور اس کی جمع عُجُزٌ بھی آتی ہے۔

اَلْمَقَامَةُ الرَّابِعَةَ عَشَرَةَ الْمَكِّيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ نَهَضْتُ مِنْ مَدِيْنَةِ السَّلَامِ [١] لِحَجَّةِ الْإِسْلَامِ [٢]. فَلَمَّا قَضَيْتُ [٣] بِعَوْنِ اللّٰهِ التَّفَثَ [٤]. وَاسْتَبَحْتُ الطِّيْبَ [٥] وَالرَّفَثَ [٦]. صَادَفَ مَوْسِمُ الْخَيْفِ [٧]. مَعْمَعَانَ [٨] الصَّيْفِ [٩]. فَاسْتَظْهَرْتُ [١٠] لِلضَّرُوْرَةِ [١١] بِمَا يَقِيْ [١٢] مِنْ حَرِّ [١٣] الظَّهِيْرَةِ [١٤]. فَبَيْنَمَا أَنَا تَحْتَ طِرَافٍ [١٥]. مَعَ رُفْقَةٍ [١٦] ظِرَافٍ [١٧]. وَقَدْ حَمِيَ [١٨] وَطِيْسُ [١٩] الْحَصْبَاءِ [٢٠]. وَأَعْشَى [٢١] الْهَجِيْرُ [٢٢] عَيْنَ الْحِرْبَاءِ [٢٣].

الترجمۃ والمطالب چودھواں مقامہ جو مکیہ کے نام سے منسوب ہے) حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں بغداد سے فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے روانہ ہوا (چلا) پس جبکہ میں نے اللہ کی مدد سے شرائط وارکان حج کو پورا کیا اور خوشبو اور جماع کو جائز کر چکا تو مقام خیف منی میں سخت تیز گرمی پڑنے لگی پس میں نے مدد چاہی ایسی چیز سے (یعنی خیمہ وغیرہ سے) جو مجھے سخت گرمی سے بچائے تو میں اپنے عقل مند وہوشیار ساتھیوں کے ساتھ چرمی خیمہ میں بیٹھا ہوا تھا اس حال میں کہ اس وقت سنگریزے (پتھر کے ٹکڑے) تنور کی طرح تپ رہے تھے اور دوپہر کی بلا کی گرمی نے گرگٹ کی آنکھ کو اندھا اور ضعیف البصر بنا رکھا تھا۔

تشریح لغات [١] مدینۃ السلام بغداد کو کہتے ہیں والسلام اسم دجلۃ فاضیفت المدینۃ الیہا [٢] لحجۃ الاسلام حج کو اسلام کی طرف مضاف کیا ہے کیونکہ حج ارکان اسلام میں سے ہے فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ بنی الاسلام علی خمس الخ اسی میں حج بھی ہے [٣] قضیت بمعنی ارادہ کرنا و پورا کرنا یقال قضی حاجتہ جبکہ وہ اپنی حاجت کو پورا کرے از ضرب وقضیٰ وطرہ جبکہ

وہ مراد کو پہنچے ۳؎ التفث بمعنی میل کچیل یقال تفث تفثًا ای علاہ التفث وقضی تفثہ ای ازال وسخہ از سمع اور اس سے مراد شرائط حج ہیں ۴؎ استبحت از استفعال بمعنی مباح کرنا اور کسی شی کے ساتھ مباح کا معاملہ کرنا ۵؎ الطیب بالکسر بمعنی خوشبو جو مہکتی ہے اور نشر وہ خوشبو جو پھیلتی ہو اور رائحۃ وہ خوشبو جو انسان کے دماغ کو خوش کرے والجمع اطیابٌ وطیوبٌ ویقال ہذا طیبٌ لک یعنی یہ تمہارے لیے حلال ہے اور ہر چیز سے افضل ہے ۶؎ الرفث بمعنے قول فحش جس کا ذکر کرنا قبیح ہو جیسے جماع کا ذکر اور یہاں یہ کنایۃ جماع سے ہے وفی التنزیل احل لکم لیلۃ الصیام الرفث فلا رفث ولا فسوق یقال رفث رفثًا ورفوثًا ای تکلم بالفحش از نصر وضرب وسمع ۷؎ صادف ای وافق از باب مفاعلہ یقال صادفہ جبکہ وہ پائے اور اس کا مجرد نصر اور ضرب سے آتا ہے بمعنی پھر جانا وصدف عنہ جبکہ وہ اعراض کرے وصدف فلانًا جبکہ وہ پھیر دے اور ہٹائے اور سمع سے آتا ہے یقال صَدِفَ صدفًا جبکہ گھوڑے کی رانوں کا قریب اور گھروں کا دور ہو ۸؎ موسم جمع مواسم بمعنی زمانہ ۹؎ والخیف ہو موضع عند منیٰ اور یہاں حاجی لوگ جمع ہوتے ہیں والمراد منہ خیف منیٰ کی جگہ ہے ۱۰؎ مَعْمَان بمعنی سخت گرمی و شدت خواہ گرمی کی ہو یا سردی کی والمعان والمعانی من الایام الشدید الحر یقال معم القوم ای ساروا فی شدۃ الحر ویقال معمع الشیٔ المحترق ای صاف ویقال معمان کل شیٔ ای اشدہ ۱۱؎ الصیف بمعنی گرمی المقابل للشاء وفی التنزیل رحلۃ الشتاء والصیف والجمع اصیاق یقال صاف بالمکان صیفًا ای اقام بہ فی الصیف ...... ۱۲؎ استظہرت از استفعال استظہار مصدر بمعنی مدد چاہنا وقوت حاصل کرنا ۱۳؎ للضرورۃ بمعنی حاجت اور ضا رور اور ضارور اء ان سب کے معنی حاجت اور ضرورت کے آتے ہیں ۱۴؎ بما یقی ای یحفظن یقال وقیۃ وقایۃً ای حفظہ از ضرب ۱۵؎ حر بمعنی گرمی یقال حَرَّ الماء حرًا وحرورًا وحرارۃً ای ضد برد از نصر ۱۶؎ الظہیرۃ بمعنی دوپہر کی گرمی والجمع ظہائر اور یہ ظہیر کا مونث ہے ۱۷؎ طراف بالکسر بمعنی چمڑے کا خیمہ (ڈیرا) والجمع طُرُفٌ ۱۸؎ رفقۃ بمعنی رفیق وساتھی والجمع رفاقٌ ورفقٌ ورفقٌ وارفاقٌ ۱۹؎ ظراف یہ ظریف کی جمع ہے ، بمعنے دانا وہوشیار وعقل مند ہونا یقال ظَرُفَ ظَرَافَۃً جبکہ وہ خوش شکل اور چالاک اور ذہین ہو از کرم ۲۰؎ حمی بمعنے بہت گرمی ہو از سمع یقال حَمِیَ حمیًا ای اشتد حرہا ۲۱؎ وطیس بمعنی تنور وتندور جس پر روٹی اور ہانڈی پکالیں والجمع اَوطِسَۃٌ ووُطسٌ یقال حمی الوطیس ای اشتد الحرب ۲۲؎ الحصباء بمعنی کنکری اور اس کا واحد الحصبۃ ہے یقال حصبہ حصبًا ای رماہ بالحصباء از نصر وضرب ۲۳؎ واعشی از افعال بمعنی اندھا ہونا یا رات اور دن میں آنکھوں سے کم دکھائی دے یا دن میں دکھلائی دے اور رات کے وقت بالکل دکھائی نہ دے جس کو رتوندہ کہتے ہیں یقال عَشِیَ عشًا ای ساء بصرہ باللیل والنہار او ابصر بالنہار ولم یبصر باللیل از سمع ۲۴؎ الہجیرہ ای الہاجرۃ یعنی دوپہر کی گرمی والجمع ہجرٌ ۲۵؎ الحرباء بمعنی گرگٹ یا گرگانٹ اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ سورج جب نکلتا ہے تو اس کے سامنے یہ رہتا ہے اور جب وہ پھرتا ہے تو اس کے ساتھ یہ بھی پھرتا رہتا ہے اور یہ مختلف اپنے رنگ بدلتا رہتا ہے والجمع حَرَابِیٌّ اور اس کو آفتاب پرست بھی کہتے ہیں واللہ اعلم۔

إذْ هَجَمَ عَلَيْنَا شَيْخٌ مُتَسَعْسِعٌ . يَتْلُوهُ فَتًى مُتَرَعْرِعٌ . فَسَلَّمَ الشَّيْخُ تَسْلِيمَ أَدِيبٍ أَرِيبٍ . وَحَاوَرَ مُحَاوَرَةَ قَرِيبٍ لَا غَرِيبٍ . فَأَعْجَبَنَا بِمَا نَثَرَ مِنْ سِمْطِهِ . وَعَجِبْنَا مِنْ انْبِسَاطِهِ قَبْلَ بَسْطِهِ . فَقُلْنَا لَهُ مَا أَنْتَ . وَكَيْفَ وَلَجْتَ . وَمَا اسْتَأْذَنْتَ . فَقَالَ أَمَّا أَنَا فَعَافٍ . وَطَالِبُ إِسْعَافٍ . وَسِرُّ ضُرِّي غَيْرُ خَافٍ . وَالنَّظَرُ إِلَيَّ شَفِيعٌ لِي كَافٍ . وَأَمَّا الْإِنْسِيَابُ . الَّذِي عَلِقَ بِهِ الْإِرْتِيَابُ . فَمَا هُوَ بِعُجَابٍ . إِذْ مَا عَلَى الْكُرَمَاءِ مِنْ حِجَابٍ . فَسَأَلْنَاهُ أَنَّى اهْتَدَى إِلَيْنَا . وَبِمَ اسْتَدَلَّ .

عَلَيْنَا۔ فَقَالَ اِنَّ لِلْكَرَمِ نَشْرًا۔ تَنِمُّ بِهٖ نَفَحَاتُهٗ۔ وَتُرْشِدُ اِلٰی رَوْضَتِهٖ فَوْحَاتُهٗ۔

الترجمۃ والمطالب کہ یکایک ایک بوڑھا جو بہت بوڑھا تھا (یا چلنے میں وہ کانپتا تھا) وہ ہمارے پاس آ پہنچا اور جس کے پیچھے ایک نوعمر قوی جوان تھا اس نے آتے ہی بڑے بھاری عالم عاقل کی طرح سلام کیا اور اس نے اس طرز سے بات چیت کی جیسا کہ کوئی اپنا ہو اور نہ بیگانہ (غیر یا مسافر) کی طرح۔ ادھر تو ہم اس کی لڑی کے بکھرے ہوئے کلام فصیح سے متعجب تھے اور ادھر قبل بے تکلف (یا گستاخ) بنانے کے اس کی بے تکلفی (اور گستاخی) پر ہمیں اچنبھا ہو ہی رہا تھا بالآخر ہم نے اس سے پوچھا تو کون ہے اور تو بغیر اجازت کے کیسے اندر چلا آیا وہ بولا کہ میں عطا کا سائل ہوں (یعنی فقیر ہوں) اور میں اپنی حاجت روائی چاہتا ہوں اور میری تکلیف و سختی کا بھید پوشیدہ نہیں ہے (غیر مخفی) اور میری طرف دیکھنا ہی میری کافی سفارش ہے رہا میرا اچانک داخل ہونا (یا چپکے سے آنا جس سے تمہیں شک ہوتا ہے تو یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے اس لیے کہ شرفا یا سخیوں پر کوئی پردہ پڑا نہیں ہوتا پھر ہم نے اس سے پوچھا کہ تم نے ہم تک آنے کا کیسے راستہ پایا اور کن علامات کو ہماری موجودگی پر تو نے دلیل پکڑی (بنائی) اس نے جواب دیا بخشش کے لیے مہک ہے جس کی چغل خوری خود اس کی خوشبو بس کرتی ہیں اور اس کے سبزہ زار باغوں کا راستہ خود اس کی مہکیں بتاتی ہیں۔

تشریح لغات له ہجم ہجوم مصدر از نصر بمعنی اچانک داخل ہونا ٢ه متسعسع پیر فرتوت یہ رباعی ہے یقال سعسع فلان اذا ہرم وہ اتنا بوڑھا ہو کر اس سے کوئی بات نہ سمجھ سکے اور وہ پاس پاس قدم چلتے وقت رکھے ٣ه مترعرع بمعنی قوی جوان یقال ترعرع الصبی جبکہ وہ بڑھ جائے کر قوی جوان ہو جائے والتَّرَعْرُعُ والتُّرْعُوْعُ والرعواع الحسن الاعتدال مع حسن الشباب والجمع رعادع و دیحاریح اور اس کے معنی مضبوط لکڑی کے بھی آتے ہیں وجہ مناسبت ظاہر ہے ٤ه اریب بمعنی عاقل۔ ماہر۔ یقال اَرِبَ اَرَبًا واَرُبَ اَرَابَۃً جبکہ وہ ماہر ہو از سمع و کرم والارب فرط الحاجۃ المقتضی للاحتیال ثم یستعمل تارۃ فی الحاجۃ وتارۃ فی الاحتیال یقال ارب الی کذا اَرَبًا واربۃ۔ ومادبۃ۔ ای احتاج الیہ حاجۃ شدیدۃ ٥ه حاور از باب مفاعلہ محاورۃ مصدر بمعنی بات چیت کرنا ای خاطب والمحاورۃ المراجعۃ فی الکلام ومنہ التحاور کما فی التنزیل واللہ یسمع تحاورکما یقال حَارَ یَحُوْرُ حَوْرًا ای رجع وحار حورًا ای تحیّر وفی التنزیل انہ ظن ان لن یحور ای لن یرجع از نصر ٦ه قریب من القرب ضد البعد یقال قَرُبَ وقَرِبَ قُرْبًا وقُرْبَانًا وقِرْبَانًا ای ونا الیہ ای قربہ وقرب منہ والیہ جبکہ قریب ہو از سمع و کرم اور یہاں اس سے مراد رشتہ دار ہیں ٧ه غریب بمعنی پردیسی و مسافر وطن سے دور و اجنبی والجمع غرباء ٨ه نثر از نصر وضرب نثر مصدر بمعنی بکھیرنا ٩ه سمط لڑی یعنی دھاگہ جب تک کہ جواہرات وغیرہ اس میں پروئے رہیں والجمع سموط والمراد ہہنا الکلام الذی کاللؤلؤ ١٠ه انبساط مصدر از باب انفعال بمعنی پھیلنا دراز ہونا و بے تکلف ہونا و سیر و تفریح کرنا ١١ه بسط مصدر از نصر بمعنی پھیلنا اور دل بڑھانا یقال بَسَطَ الشئ بَسْطًا ای نشرہ و توسعہ وبسط الثوب ای نشرہ ومنہ البساط بمعنی بچھونا و فرش والجمع بُسُطٌ ١٢ه ما انت ما استفہام کبھی حقیقت کے لیے ہوتا ہے اور کبھی اوصاف ١٣ه استئذان مصدر بمعنی اجازت چاہنا اس میں س ت طلب کے لیے ہے ومجردہ از سمع ١٤ه فعاف بمعنی گھر میں داخل ہونا از ضرب ١٥ه استاذنت از استفعال استیذان مصدر بمعنی اجازت چاہنا اس میں س ت طلب کے لیے ہے ومجردہ از سمع ١٦ه عفاف بمعنی سائل عطا و بھکاری یہ عفو کا اسم فاعل ہے بمعنی عمدہ چیز و فضل و معروف اور خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو والجمع عفادۃ یقال عفا فلانًا جبکہ وہ اس

کے پاس بھلائی کا طالب ہو کر آئے از نصر [16] اسعاف مصدر از باب افعال یقال اَسعَفَ بحاجتہٖ جبکہ وہ کسی کی حاجت پوری کرے واسعفہ علے الامر جبکہ وہ مدد کرے واسعف بالرجل جبکہ وہ کسی کے قریب ہو و مجرد ہ از فتح یقال سعف سعفًا بحاجتہٖ جبکہ وہ کسی کی حاجت پوری کرے۔ [17] سر بالکسر بمعنی بھید و راز والجمع اسرارٌ [18] ضرّی بالفتح والضم والضرر بمعنی نقصان و تنگی و سختی و بدحالی والجمع اَضرارٌ [19] خاف یہ خفی یخفی کا اسم فاعل ہے بمعنی مخفی ہونا یقال خفی یخفی اخفاء و خفیۃ و خقیۃً۔ جبکہ وہ پوشیدہ ہو از سمع [20] شفیع بمعنی صاحب شفاعت والجمع شفعاء یقال شفع لہ شفاعۃً از فتح [21] کاف یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از کفی الشی یکفی کفایۃً از ضرب بمعنی کافی ہونا وکفی الشیُ فلانًا جبکہ وہ قناعت کرے اور دوسرے سے مستغنی ہو [22] الانسیاب مصدر از انفعال بمعنی اچانک داخل ہونا یقال انسابت الحیّۃُ جبکہ سانپ تیزی کے ساتھ رینگے [23] علق از سمع بمعنی متعلق ہونا یقال علق فلانا علوقا وعلقا و علقا وعلاقۃ وعلق جبکہ وہ محبت کرے وعلق حبہ بقلبہ جبکہ وہ محبت کرے [24] الارتیاب مصدر از افتعال بمعنی شک کرنا یقال ارتاب من الشیءِ ارتیابًا جبکہ وہ شک کرے وارتاب بفلانٍ جبکہ وہ تہمت لگائے [25] العجاب بالضم بمعنے امر عجیب اور وہ چیز جس پر تعجب کیا جائے اور العجاب تعجب کی حد سے متجاوز [26] الکرماء یہ کریم کی جمع ہے بمعنی صاحب کرم و مرد سخی اور اس کی جمع کرام بھی آتی ہے [27] حجاب بالکسر مصدر بمعنی پردہ والجمع حُجُبٌ اور ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو اور اس کے معنی تعویذ کے بھی آتے ہیں [28] اہتدی از افتعال اہتداء مصدر بمعنی ہدایت پانا و راہ راست پانا [29] استدل از استفعال استدلال مصدر بمعنی پتہ لگانا و راہ بتانا یقال استدل علیہ جبکہ وہ رہنمائی کرتے کو کہے واستدل بکذا علے الامر جبکہ وہ دلیل لائے [30] نشر ابمعنے عمدہ خوشبو پھیلنے والی یقال نَشرَ الشجر نشورًا ای اورق از نصر [31] نم از ضرب و نصر بمعنی چغلخوری یقال نَمَّ الحدیثَ نمًا جبکہ وہ چغلخوری کرے، و فی التنزیل ہماز مشاء بنمیم [32] نفحاتہ یہ نفحۃٌ کی جمع ہے بمعنی مہک و خوشبو کا پھیلنا یقال نفحت الطیب نفحًا و نفاحًا و نفحانًا ای انتشرت از فتح [33] ترشد از افعال ارشاد مصدر بمعنی راستہ دکھلانا و ہدایت کرنا یقال ارشدہ الی کذا و علیہ و لہ جبکہ وہ ہدایت کرے [34] روضہ مصدر بمعنی باغ اور وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو [35] فوحاتہ بمعنی خوشبو کا تیزی سے مہکنا اور پھیلنا یقال فاح الطیب فوحًا ای انتشرت رائحتہ از نصر۔

فَاسْتَدْلَلْتُ بِتَأَرُّجِ عَرْفِكُمْ. عَلٰى تَبَلُّجِ عُرْفِكُمْ. وَبَشَّرَنِي تَضَوُّعُ رَنْدِكُمْ. بِحُسْنِ الْمُنْقَلَبِ مِنْ عِنْدِكُمْ. فَاسْتَخْبَرْنَاهُ حِيْنَئِذٍ عَنْ لُبَانَتِهٖ. لِنَتَكَفَّلَ بِإِعَانَتِهٖ. فَقَالَ إِنَّ لِيْ مَارِبًا. وَلِفَتَايَ مَطْلَبًا. فَقُلْنَا لَهٗ كِلَا الْمَرَامَيْنِ سَيُقْضٰى وَكِلَاكُمَا سَوْفَ يُرْضٰى. وَلٰكِنَّ الْكُبْرَ الْكُبْرَ. فَقَالَ اَجَلْ وَمَنْ دَحَا السَّبْعَ الْغُبْرَ. ثُمَّ وَثَبَ لِلْمَقَالِ. كَالْمُنْشَطِ مِنَ الْعِقَالِ. وَاَنْشَدَ ؎

الترجمۃ والمطالب پس میں نے تمہاری مہکتی ہوئی خوشبو سے تمہارے کھلے ہوئے احسانوں دریا احسان کے ظاہر ہونے کا پتہ معلوم کرلیا اور مجھے تمہاری خوشبو کی مہکنے اور اس کی تیزی نے یہ خوشخبری دی کہ تمہارے پاس سے میں اچھی حالت میں ہو کر لوٹوں گا پھر ہم نے اس کی حاجت معلوم کر کے اس کے مدد کرنے کی ذمہ داری لے لینا چاہی اور کہنے لگا کہ ایک تو میری حاجت ہے اور ایک مطلب اس میرے جوان لڑکے کا ہے پس ہم نے اس سے کہا کہ تمہارے دونوں مطلب ابھی عنقریب پورے کئے جائیں گے اور تم دونوں بہت جلد خوش کر دیئے جاؤ گے لیکن تو بڑے کو (یا بڑی حاجت کو) آگے کر بوڑھا بولا قسم ہے اس ذات کی جس نے سات زمینیں بچھائیں یہ فیصلہ ٹھیک ہے پس اس نے یہ کہہ کر گفتگو کرنے کے لیے ایسی چھلانگ ماری جیسے ابھی وہ رسّی سے رہا ہوا اور اس نے یہ اشعار پڑھے۔

تشریح لغات

له استدللت از استفعال استدلال مصدر بمعنی راستہ طلب کرنا و پتہ لگانا ٢ه بتارج از تفعیل بمعنی خوشبو کا تیز مہکنا اور پھیلنا از سمع یقال ارج ارجًا وارَ یجاً و تارج ای فاحت منہ رائحۃ طیبۃ ٣ه عرفکم بفتح العین و سکون الراء بمعنے اچھی خوشبو ومنہ قولہ تعالیٰ عرّفہا لہم ای طیّبہا لہم والعرف بالضم بمعنے بھلائی و بخشش وعطیہ ٤ه تبلج مصدر کشادہ رو ہونا اور یہ سمع سے آتا ہے یقال بلج الرجلُ جبکہ وہ ہنس مکھ اور کشادہ رو ہو و یقال بلج الحقُّ واضح ہونا اور ظاہر ہونا و از نصر بمعنے روشن ہونا یقال بلج الصبح ملوجاً جبکہ صبح روشن ہو ٥ه تضوع یہ باب تفعل کا مصدر ہے بمعنی خوشبو کا مہکنا والتضوع تفرق الریح وانتشارہا یقال ضاع المسک ضوعاً و تضوع ای انتشرت رائحتہ از نصر ٦ه رند یہ بھی خوشبو کا نام ہے والرند نبات طیب الرائحۃ یشبہ الآس اور اصمعی رح یہ فرماتے ہیں کہ محض عود ہی کو رند کہتے ہیں ٧ه المنقلب یہ مصدر میمی ہے بمعنی بازگشت دپھرنے اور لوٹنے کی جگہ، ٨ه لبانۃ بالضم بمعنی حاجت والجمع لُبانٌ و لبانات وقال بعض الادباء اللبانۃ حاجۃ من غیر فاقۃ بل من ہمۃ والہمۃ ما ہم لہ من امر یفعل ٩ه تتکفل از باب تفعل تکفل مصدر بمعنی کفیل وضامن ہونا ١٠ه باعانۃ مصدر از افعال بمعنی مدد ١١ه مارِبٌ بمعنی حاجت والجمع مارب وفی التنزیل ولی فیہا مآرب اخری از سمع ١٢ه المرامین یہ مرامٌ تثنیہ ہے بمعنے مقصد یقال رام الشی روماً ای ارادہ از نصر ١٣ه الکبر بالضم و بمعنے معظم الشیء وکبیرہم اور یہاں عامل محذوف ہے ای قدم الکبرای الاکبر اور دوسرا کبر یہ تاکید کے لیے ہے از نصر یقال کَبَرَ فلانًا بالسن جبکہ وہ عمر میں کسی سے بڑا ہو واز سمع یقال کبر فِی السن کِبرًا و مکبرًا جبکہ وہ عمر رسیدہ ہو واز کرم یقال کبر فی القدر کِبَرًا وکُبرًا وکبارۃً جبکہ وہ مرتبہ میں بڑا ہو وکبر علیہ الامر جبکہ وہ دشوار ہو اور سخت اور بھاری ہو ١٤ه اجل یہ حروف ایجاب سے ہے، بمعنی نعم وقال الاسمعیؒ یستعمل فی الاستفہام ای انت تذہب قال نعم ١٥ه وحا از نصر بمعنی بچھانا و پھیلانا وفی التنزیل والارض بعد ذلک وحاہا یقال وحاہ وحُواً ای بسط ١٦ه الغبر یہ غبراء کی جمع ہے بمعنی غبار آلودہ یعنی زمین ١٧ه وثب ای نہض وقام یقال وثب وثباً و وُثوباً جبکہ کود ے اور کھڑا ہو از ضرب ١٨ه للمقال یہ مصدر میمی ہے اور قول سے مشتق ہے بمعنے گفتگو ١٩ه کالمنشط اسم مفعول کا صیغہ از انفعال بمعنی رہائی پائے گئے یعنی رہا کیا گیا۔ یقال نَشِطَ من المکان تنشاطًا ای خرج منہ از سمع ٢٠ه العقال بالکسر وہو حبل یشد بہ البعیر فی وسط ذراعہ والجمع عقل واعلم ان الحبال سموالہا اسماء فقالوا العقال حبل تشد بہ رکبتہ البعیر والوثاق حبل توثق بہ الدابۃ وغیرہا والہجار الحبل الذی یشد بہ رسغ البعیر والدابۃ والقیاد حبل نقاد بہ الدابۃ والطول حبل تشد بہ الدابۃ ویمسک صاحبہا بطرفہ ویرسل الدابۃ فی المرعی والربق الحبل تربق بہ البہمۃ والقماط حبل تشد بہ قوائم الشاۃ عند الذبح والحقب حبل یشد بہ الرحل الی بطن البعیر کیلا یجتذبہ۔ والتصدیر والرفاق حبل تشد بہ عضد الناقۃ لئلا تسرع وذلک اذا خیف علیہا ان تنزع الی وطنہا والجعار حبل یشد بہ نازل البعیر فی وسطہ والخناق حبل یخنق بہ الانسان والکتاف قیل یکتف بہ الاسیر وغیرہ والعناج حبل یشد فی اسفل الدلو ثم یشد لی لعراقی فیکون عونًا لہا والکرب الحبل الذی یشد علی عراقی الدلو۔

إِنِّي امْرُؤٌ أُبْدِعَ بِي	بَعْدَ الْوَجَى وَالتَّعَبِ	وَشُقَّتِي شَاسِعَةٌ	يَقْصُرُ عَنْهَا خَبَبِي
وَمَا مَعِي خَرْدَلَةٌ	مَطْبُوعَةٌ مِنْ ذَهَبِ	نَحِيلَتِي مُنْسَدَّةٌ	وَحَيْرَتِي تَلْعَبُ بِي
إِنِ ارْتَحَلْتُ رَاجِلًا	خِفْتُ دَوَاعِي الْعَطَبِ	وَإِنْ تَخَلَّفْتُ عَنِ الرُّفْقَةِ ضَاقَ مَذْهَبِي	
	فَرَنَّتِي فِي صُعُدٍ	وَعَبْرَتِي فِي صَبَبِ	

الترجمة والمطالب پس یقیناً میں ایک آدمی مصیبت زدہ ہوں جس کی اونٹنی تھکا دی گئی ہے (یا ہلاک ہوگئی ہے) اور اب میرے پاس محض پاؤں کا گھسنا اور تھکان ہے یعنی میرے پاس سوائے گھسنے پیروں اور مشقت کے کچھ نہیں ہے جبکہ میری سواری ہلاک ہوگئی ہے) اور میرا سفر دور دراز ہے اور میرا تیز چلنا یا لپک کر چلنا یہ مجھے عاجز کر دیتا ہے اور میرے پاس ایک رائی کے دانہ کے برابر بھی تو سونا نہیں ہے (ایک حقیر سکہ جو سونے کا ہو) پس میری تدبیر و حیلہ بند ہے اور میری حیرت و پریشانی میرے ساتھ کھیل رہی ہے (یا استہزاء) کر رہی ہے اگر میں پیدل چلتا ہوں تو ہلاکت کے اسباب سے ڈرتا ہوں اور اگر میں ساتھیوں سے پیچھے رہا جاتا ہوں تو مجھ پر راستہ تنگ ہے میرے لمبے لمبے سانس بلندی پر ہیں اور میرے آنسو بہنے میں ہیں (یا بہنے میں ہیں)

تشریح لغات ۱؎ ابدع ابداع مصدر از افعال بمعنی ہلاک ہونا و تھکنا یقال اُبدِعَ بالرجل اذا ہلکت راحلتہ ۲؎ الوجی وہو وجع الرجلین من الحفا، بہ سبب زیادہ چلنے کے پیروں کا گھسنا یقال وجی الماشی ای حفی اورق قدمہ یعنی اس کے پاؤں چلتے چلتے گھس گئے ہیں یا اس کے پاؤں ننگے ہیں از سمع ۳؎ والتعب بمعنی مشقت و تکلیف ضد الاستراحۃ از سمع ۴؎ شُقّی المسافۃ التی لیشفہ السیر فیہا والجمع شُقَقٌ وفی التنزیل ولکن بعدت علیہم الشقۃ یعنی مسافت بعیدہ جو مسافر کو شاق گذرے ۵؎ شاسعۃ بمعنی بعیدۃ یقال شَسَع شَسَعًا و شسوعًا ای بعد از فتح یقال مکان سحیق و فج عمیق و رجع بعید و سفر شاسعٌ فقہ ۱۲ ۶؎ یقصر ای یعجز از نصر یقال قصر عن الشئ - جبکہ وہ رُکے اور اس کو عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دے وقصر الشئ ناقص ہونا و ارزاں ہونا وقصر عنہ الغضب او الوجع جبکہ غضب اور درد میں سکون ہو وقصر السہم عن الہدف جبکہ تیر نشانہ پر نہ پہونچے وقصر بنا البغتۃ جبکہ وہ مقصود کو نہ پہونچے وقصر الطعام جبکہ بڑھے وقصر اللحم جبکہ گراں ہو ۷؎ خبب الخبب ضرب من العدو دون السریع یقال خَبَّ الفرسُ خبًّا و خببًا و خبیبًا یعنی گھوڑا دوڑنے میں کبھی وہ اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہو اور کبھی وہ پچھلی پر از نصر خبب یہ ایک قسم کی چال ہے جو سبک سے اس طرح چلنا کہ اس میں حرکت پیدا ہو جائے ۸؎ خَرْدَلَۃٌ خَرْدَلَۃٌ و خَرْدَلٌ بمعنے رائی اور یہ خردلٌ کی واحد ہے ۹؎ مطبوعۃ اسم مفعول کا صیغہ طبع مصدر بمعنی مہر لگانا و ڈھالنا وفی التنزیل طبع اللہ علٰی قلوبہم یعنی اللہ تعالٰی نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی از فتح یقال طبع علیہ جبکہ وہ مہر لگائے وطبع الدرہم جبکہ وہ سکہ کو ڈھالے وطبع السیف جبکہ وہ تلوار بنائے اور ڈھالے وطبع اللہ الخلق جبکہ وہ پیدا کرے وطبع الدلو جبکہ وہ ڈول بھرے ۱۰؎ منسدۃ از باب انفعال انسداد مصدر بمعنی بند ہونا یقال سَدَّ الاناءَ سدًّا ای نقیض فتح از نصر و سَدَّ یَسَدُّ ای اذا کان سدیدًا مستقیما از ضرب ۱۱؎ تلعب لعب مصدر از سمع یقال لَعِبَ لَعِبًا و لِعبًا و تلعابا جبکہ وہ کھیلے اور مذاق کرے اور لذت و تفریح کے لیے کوئی فعل کرنا یا ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو یقال لعب بکذا جبکہ وہ کھیل کی چیز بنائے ولعب فی الامر جبکہ وہ سبک سمجھے ولعبت الریاح بالدیار جبکہ گھروں پر ہوائیں قابض ہو جائیں یعنی مکانات ویران و برباد ہو گئے ۱۲؎ راجلا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی پیدل چلنے والا والجمع رَجلٌ وَرَجَالَۃٌ و رُجّالٌ و رُجَالٌ و رُجالیٰ و رُجلانٌ یقال جاءت الخیّالۃ والرجّالۃ یعنی سوار اور پیادے سب آئے و رجل راجلٌ یعنی مرد پیدل چلنے والا ۱۳؎ دواعی یہ داعیۃٌ کی جمع ہے بمعنے سبب ۱۴؎ العطب مصدر بمعنی ہلاکت یقال عَطِبَ عَطَبًا ای ہلک از سمع ۱۵؎ تخلفت تخلف مصدر از باب تفعل بمعنی پیچھے رہنا ۱۶؎ الرفقۃ بمعنے دوست و ساتھیوں کی جماعت والجمع رفاقٌ و رِفَقٌ و رافاقٌ ۱۷؎ مذہبی بمعنے روش و طریقہ و اعتقاد و اصل والجمع مذاہب اور یہاں اس سے مراد راستہ ہے ۱۸؎ زفرتی بمعنے لمبے سانس لینا یقال زفر الرجل زفرًا و زفیرًا ای

اخرج نفَسَہٗ مع مَدِّہٖ اباہ ازضرب والزفیر تردد النفس حتی تنتفخ الضلوع منہ واعلم ان لاصوات الحیوانات اسماء فالسحیح للبغل والنہیق للحمار والسھیل اشد منہ والزفیر اول صوتہ والشہیق آخرہ ثم اعلم ان الخوار للبقر والثغاء للغنم والثواج للضان والیعار للمغرد النبیب للتیس ۹؎ صُعُد بالضم بمعنی بلندی یقال ہبط من صُعُدٍ یعنی بلندی سے وہ اترا یقال صَعِدَ صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا ای ارتقی از سمع ۱۰؎ عبرتی بمعنے آنسو والجمع عبرات ۱۱؎ صبیب بمعنے نشیب والجمع اصبابٌ والصبُّ اراقۃ الماء من اعلی از نصر یعنی پانی کا بہنا۔

وَاَنْتُمْ مُنْتَجَعُ الرَّاجِيْ وَمَرْمَى الطَّلَبْ	نُهَاكُمْ مُنْهَلَّةٌ	وَلَا انْهِلَالَ السُّحُبْ
وَجَارُكُمْ فِيْ حَرَمٍ　وَوَفْرُكُمْ فِيْ حَرَبٍ	مَا لَاذَ مُرْتَاعٌ بِكُمْ	فَخَافَ نَابَ النُّوَبِ
وَلَا اسْتَدَرَّ امَلٌ　حِبَاكُمْ فَمَا حُبِيْ	فَانْعَطِفُوْا فِيْ قِصَّتِيْ	وَاَحْسِنُوْا مُنْقَلَبِيْ
فَلَوْ بَلَوْتُمْ عِيْشَتِيْ	فِيْ مَطْعَمِيْ وَمَشْرَبِيْ	

الترجمۃ والمطالب اور آپ لوگ امید وار آب وگیاہ کے ڈھونڈھنے کی جگہ ہو اور مطلوب کے مقصد ہو اور تمہاری بخششیں تو بہنے والی ہیں اور بادلوں سے بھی زیادہ برستی ہیں اور تمہارا پڑوسی پناہ (یا حفاظت یا ذمہ داری) میں ہے اور تمہارا بے اندازہ مال لوٹ مار میں ہے اور یہ کبھی نہ ہوا کہ کوئی خوفزدہ تمہاری پناہ میں آکر وہ حوادثات کے دانت (یعنی مصائب) کے اترنے سے ڈرا ہو اور نہ ایسا ہوا کہ کسی امید وار نے عطیہ مانگا ہو پھر وہ نہ دودھ دیا گیا ہو (یعنی عطا نہ کیا گیا ہو) پس آپ میرے قصے کی طرف مائل ہوں اور میری واپسی (یا لوٹنے) کو آپ اچھا کریں (یعنی یہ کہ میں کامیاب ہوکر واپس جاؤں) پس اگر تم میری زندگی (یا رات اور دن گذارانے کے حالات) اور میرے کھانے اور پینے کے حالات جانتے۔

تشریح لغات ۱؎ منتجع انتجاع مصدر از افتعال ای محل انتجاع الامل یقال نجع نجعًا وانتجع ای ذھب لطلب الماء والکلاء از فتح ای الموضع الذی یقصدہ الناس لطلب الماء والکلاء ۱۲۔ ۲؎ مرمی یہ مصدر میمی ہے رَمْیٌ سے بمعنی تیر پھینکنے کی جگہ یقال ہذا الکلام بعید المرامی یہ کلام دور رس ہے وما ابعد مرمی ہمتہ یعنی اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے۔ولہ ہمۃ قصیۃ المرمی یعنی اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے ۳؎ الطلب مصدر از نصر بمعنی المطلوب ۴؎ نہاکم بالضم بمعنی عطیہ اور یہ جمع نُہْوَۃٌ اور نُہُوَّۃٌ کی ہے اور بالفتح یہ لہات کی جمع بمعنے حلق کا کوا اور اس کی جمع لہوات اور لہیات اور لُہِیٌّ اور لِہِیٌّ اور لہا آتی ہے ۵؎ منہلۃ انہلال مصدر از انفعال ای منصبۃ ونازلۃ یقال ہَلَّ المطر ہَلًّا وانہلّ ای اشتد انصبابہ از نصر ۶؎ السحب یہ سحاب کی جمع ہے بمعنی بادل والواحدۃ سحابۃٌ اور یہاں اس سے مراد بارش ہے ۷؎ جار بمعنی پڑوسی اور پناہ لینے والا اور پناہ دینے والا والجمع جِیْرَانٌ وجِیْرَۃٌ وجوارٌ واَجْوَارٌ ۸؎ حرم بمعنے مقدس ومعظم اور وہ جگہ جہاں شکار وغیرہ کرنا حرام ہو الحرام مالا یحل انتہاکہ یعنی ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے والجمع احرامٌ یقال حَرِمَ حَرَمًا وحَرَامًا وحُرُمَ حُرْمَۃً از سمع وکرم ۹؎ وفرکم بمعنی مال کثیر والداری یقال وفر ثُمَّ وُفُرًا ای کَمُلَتہٗ وتَمَّمْتہٗ از ضرب ۱۰؎ حرب محرکۃ بمعنی ہلاکت مال ومال کا لوٹنا اور یہ مصدر ہے یقال حُرِبَہٗ حَرَبًا ای سلب مالہ وترکہ بلاشئی ومنہ الحریب بمعنی المسلوب یعنی جس کا مال لوٹ لیا گیا ہو ۱۱؎ لاذ ای التجاء یہ اجوف واوی ہے از نصر یقال لاذ بالجبل یلوذ لوذًا ولواذًا ولُواذًا جبکہ پہاڑ

میں چھپے اور پناہ گیر ہو ولاذ بالقوم جبکہ پناہ میں آئے ولاذ لواذاً و ملاوذۃً بفلان جبکہ پناہ میں آئے ولاذ عنہ جبکہ فریب دے ولاذ فلاناً جبکہ مخالفت کرے ولاذ القوم جبکہ مدارات کرے ولاذ القومُ جبکہ ایک دوسرے کی پناہ لے ولاذ بالقوم جبکہ گرو دے [۱۸] مرتاع ای خائف اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افتعال اور یہ روعٌ سے مشتق ہے بمعنے خوف وڈر [۱۹] ناب بمعنی کچلی کے دانت اور یہ مؤنث ہے والجمع اَنیُبٌ وُنیُوبٌ وانابیب اور اس سے یہاں تیزی مراد ہے [۲۰] النوب یہ نوبۃ کی جمع ہے بمعنی حوادث و مصائب اور یہ مشتق ہے نابہ الامر نوباً سے ای اصابہ از نصر [۵] استدر از استفعال استندار مصدر بمعنی دودھ کا طلب کرنا یقال دَرّ الحلیبُ درّاً ای کثر از نصر اب یہ خیر کثیر کے معنی میں مستعمل ہے [۶] آمل اسم فاعل کا صیغہ اور یہ امل سے مشتق ہے بمعنی امید کرنا والاز نصر یقال اَمَلَہٗ املاً جبکہ وہ امید کرے [۷] حباکم بمعنی عطیہ اور حِبوۃٌ کے معنی بھی عطیہ کے آتے ہیں اور حباء کے معنی عورت کے مہر کے بھی آتے ہیں [۸] حباجی ای حما اعطی [۹] انعطفوا انعطاف مصدر از انفعال بمعنی مائل ہونا وجھکنا [۱۰] منقلبی یہ انقلاب سے ماخوذ ہے بمعنے الٹا جانا واندھا ہونا و واپس ہونا منقلب یہ انقلاب کا اسم ظرف ہے بمعنی لوٹنے کی جگہ [۱۱] بلوتم ای امتحنتم یقال بلاء الرجل بلواً دبلاءً جبکہ آزمائے اور تجربہ کرے اور امتحان کرے از نصر [۱۲] عیشی بمعنی عیش و زندگی کے حالات اور یہ مصدر ہے یقال عاش یعیش عیشاً وعیشۃً ومعاشاً ومَعِیشاً ومَعِیشۃً وعیشوشۃً جبکہ وہ زندہ رہے از ضرب [۱۳] مطعم بمعنے کھانے کی جگہ وخوراک والجمع مطاعم [۱۴] مشربی پانی اور پانی پینے کی جگہ اور یہ خواہش نفس اور میلان کے معنی میں بھی مستعمل ہے والجمع مشارب۔

لَسَاءَكُمْ ضُرِّيَ الَّذِي	اَسْلَمَنِي لِلْكُرَبِ	وَلَوْ خَبَرْتُمْ حَسَبِي	وَنَسَبِي وَمَذْهَبِي
وَمَا حَوَتْ مَعْرِفَتِي	مِنَ الْعُلُومِ النُّخَبِ	لَمَا اعْتَرَتْكُمْ شُبْهَةٌ	فِي اَنَّ دَائِيَ اَدَبِي
فَلَيْتَ اَنِّي لَمْ اَكُنْ	اُرْضِعْتُ ثَدْيَ الْاَدَبِ	فَقَدْ دَهَانِي شُؤْمُهُ	وَعَقَّنِي فِيهِ اَبِي

فَقُلْنَا لَهٗ اَمَّا اَنْتَ فَقَدْ صَرَّحَتْ اَبْيَاتُكَ بِفَاقَتِكَ . وَعَطَبِ نَاقَتِكَ . وَسَنُمْطِيكَ مَا يُوصِلُكَ اِلٰى بَلَدِكَ . فَمَا مَارِبَتُهٗ وَلَدِكَ . فَقَالَ لَهٗ قُمْ يَا بُنَيَّ كَمَا قَامَ اَبُوكَ . وَفُهْ بِمَا فِي نَفْسِكَ لَا فُضَّ فُوكَ

الترجمۃ والمطالب تو یقیناً تم کو میری وہ تکلیف (یا مصیبت یا بدحالی) جس نے مجھے مصیبتوں کے سپرد کر رکھا ہے غمگین کرتی (یا غم میں ڈالتی) اور اگر تم میرے حسب اور نسب یا کسب کے طریقے سے مطلع اور واقف ہوتے یا ان چیدہ چیدہ علوم کو جس کو میری دانش اور سمجھ نے جمع (یا احاطہ) کیا ہے تو تمہیں اس بات کے یقین کرنے میں ہرگز شبہ نہ ہوتا کہ میرا مرض ہی صرف علم ادب ہے پس کیا ہی اچھا ہوتا مجھ کو علم ادب کے پستان کا دودھ نہ پلایا جاتا مجھے تو علم ادب کی نامبارکی (یعنی نحوست، یہ عرب کا قدیم خیال ہے) نے تباہ و برباد کیا ہے، اور باپ نے میری مخالفت کی (جو مجھے یہ علم منحوس سکھلایا) اور انہوں نے میری ساتھ یہ برا سلوک کیا۔ یہ سن کر ہم نے اس سے کہا کہ ان اشعار سے تمہاری محتاجی اور اونٹنی کی ہلاکت کا حال معلوم ہوا اور ہم ابھی تم کو تمہارے شہر تک پہنچانے کے لیے سواری کا انتظام کئے دیتے ہیں اب آپ یہ بتائیے کہ آپ کے صاحبزادہ کی کیا حاجت ہے تو اس بوڑھے نے اپنے لڑکے سے یہ کہا کہ تو بھی اپنے باپ کی طرح اٹھ کھڑا ہو اور تیرے دل میں جو کچھ ہو اس کو کہہ دے اور خدا کرے کہ تیرا منہ صحیح و سالم رہے اور دانت کبھی نہ ٹوٹیں۔

تشریح لغات [۱] لساءکم ای لاحزنکم سوءٌ مصدر بمعنی رنجیدہ و غمگین کرنا یقال ساء الامر فلاناً یسوءٗ سَوْءاً وسواءً وسواءۃً وسوائیۃً

ومَسَاءَةً ومسائيَةً جبکہ وہ غمگین کرے اور مکر وسلوک کرے وساءَ بہ ظناً جبکہ وہ براگمان کرے از نصر اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے اور یہاں متعدی ہے ۵ ضری بالضم بمعنے نقصان وتنگی وسختی و بدحالی والجمع اضرار ۳ للکرب یہ کربتہ کی جمع ہے بمعنی مشقت وتکلیف ۷ حبی ای شرفی من نفسی حَسَبٌ بمعنی فضائل ۸ نسبی ای ونسبی من آبائی بمعنی قرابت ورشتہ داری آبا واجداد کی اور بعض ادباء یہ فرماتے ہیں کہ حسب ماں کے رشتہ اور باپ کے رشتہ اور نفس عام رشتہ کو کہتے ہیں اور بعض مال کی زیادتی کو کہتے ہیں ۹ مذہبی ای دینی واعتقادی یعنی حاصل کردہ فضائل والجمع مذاہب ۱۰ حَوَتْ ای جمعت یقال حوی الشئ حواینۃ وحیًّا ای جمعہ از ضرب ۱۱ النخب یہ نخبۃ کی جمع ہے بمعنی خیار کل شئ یقال نخب الشئ نخبًا ای اخذ خیارہ از نصر اور یہ نخب مفعول کے معنی میں ہے ای منتخب اعتزتکم از باب افتعال اعتزاءً مصدر بمعنی پیش آنا ۱۲ ارضعت ارضاع مصدر بمعنے دودھ پلانا از سمع وفتح وضرب یقال رَضِعَ المولود رضعًا ورضاعًا ورَضعًا ورضاعًا ورَضاعۃً ورِضاعۃً جبکہ وہ دودھ پئے ۱۳ ثدی بمعنی چھاتی ولپستان یہ مذکر ومونث دونوں کے لیے مستعمل ہے والجمع ثدیٌ وثِدیٌ واثدٍ ۱۴ دھانی ای ابکتنی وحزننی واصابنی یقال دھاہ الویل دھیًا ای اصابہ از فتح ۱۵ شومہ بمعنی نحوست یقال شئم شامۃً ای صار شومًا علیہم از کرم ۱۶ عقنی بمعنی نافرمانی کی از نصر یقال عقَّ والدہ عقوقًا ای عصاہ وہہنا معناہ المراد قطع رحمی ۱۷ صرحت از باب تفعیل تصریح رحمی ۱۸ صرحت از باب تفعیل تصریح مصدر بمعنی بیان کرنا یقال مرح ای صفا وخلص وبان از کرم ۱۹ بفاقتک ای بفقرک وحاجتک یعنی فقر ومحتاجی وحاجت ۲۰ عطب مصدر بمعنی ہلاک ہونا یقال عَطِبَ عَطَبًا ای ہلک از سمع ۲۱ ناقتک بمعنی اونٹنی والجمع نُوق ونُوُق وانواق واَنْوُق ۲۲ ستمطیک ای نُعطیک مطیۃ امطاء مصدر از افعال بمعنی سواری دینا اور یہ مطیۃ سے مشتق ہے جس کے معنی سواری کے ہیں ۲۳ مارتبۃ بمعنے حاجت اور مارب کے معنی بھی حاجت کے ہیں والجمع مارب ۲۴ فوہ فاہ یقول سے ہے بمعنے تکلم یقال فاہ بکذا فوہًا ای نطق بہ از نصر ۲۵ فض ماضی مجہول کا صیغہ از نصر فضٌ مصدر جیسے توڑنا وغیرہ توڑنا یقال فضہ فضًا فانفض ای فرقہ فتفرق ۲۶ فوک فو بمعنی منہ والجمع افواہ۔

فَنَهَضَ نُهُوضَ الْبَطَلِ لِلْبِرَازِ۔ وَاَصْلَتَ لِسَانًا كَالْعَضْبِ الْجُرَازِ۔ وَاَنْشَاءَ يَقُوْلُ ؎

يَا سَادَةً فِي الْمَعَالِيْ لَهُمْ مَبَانٍ مَشِيْدَهْ
وَمَنْ اِذَا نَابَ خَطْبٌ قَامُوْا بِدَفْعِ الْمَكِيْدَهْ
وَمَنْ يَهُوْنُ عَلَيْهِمْ بَذْلُ الْكُنُوْزِ الْعَتِيْدَهْ
اُرِيْدُ مِنْكُمْ شِوَاءً وَجَرْدَقًا وَعَصِيْدَهْ
فَاِنْ عَلَا فَرُقَاقٌ بِهِ نَوَارِي الشَّهِيْدَهْ
اَوْ لَمْ يَكُنْ ذَا وَلَا ذَا فَشَبْعَةٌ مِنْ ثَرِيْدَهْ

الترجمۃ والمطالب یہ سنتے ہی وہ اٹھا جیسے کوئی بہادر لڑائی (یا مقابلہ) کے لیے اٹھے اور اس نے تلوار قاطع جیسی زبان سے اور بہت تیزی سے یہ اشعار پڑھے ؎ اے عالی مرتبہ والے سردار جن کی عمارتیں مضبوط ہیں اور جو حوادثات کے اترتے وقت لوگوں کے امر دشوار یا حادثہ کے دور کرنے کے لیے ہر وقت کمربستہ ہیں (یعنی تیار ہیں) اور یہ وہ لوگ ہیں جمع شدہ (یا موجود) خزانوں کا ان کے لیے لٹا دینا (خرچ کر دینا) بھی آسان ہے اور میں تم سے بھنا ہوا گوشت (یا کباب) اور چپاتی (روٹی) کی ملیدہ اور حلوا طلب کرتا ہوں پس اگر یہ گراں اور دشوار ہو پس پتلی روٹی سے بکری کا بچہ بھنا ہوا یا مرغی بھنی ہوئی یا تازہ موٹی مچھلی (یا ہریرہ) جس سے ڈھکا جا سکے اور اگر یہ اور وہ کچھ نہ ہو تو پیٹ بھر کر ثرید ہی سہی (یعنی شوربے میں ترکی

ہوئی روٹی)

تشریح لغات

[1] البطل البطل الشجاع المعترض للموت تصور البطلان دمہ یعنی وہ بہادر جس سے کوئی دیت نہ لے اگر وہ کسی کو قتل کر دے یقال بطل الرجل بطولۃً وبطالۃً ای صار شجاعا فھو بطل والجمع ابطال از کرم وبطل بطلا نا ای فسد وسقط حکمہ فھو باطل نقیض الحق از نصر [2] والبراز یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنی کھلے میدان میں آنا اور مقابلہ کرنا ای انفتال وَزْنًا ومعنیً یقال بارزہ مبارزۃً جبکہ وہ نکلے اور مقاتلہ کرے [3] اصلت ای اخرج از افعال یقال اصلت السیف جبکہ وہ تلوار کو میان سے نکالے اور اس کا مجرد کرم سے آتا ہے یقال صَلُتَ صَلُوْتَۃً ای کان اَمْلَسْ بُرّاقًا مع استواء [4] کالعضب بمعنی کاٹنے والی تلوار یقال عضبہ عضبًا ای قطعہ از ضرب [5] الجراز السیف القطاع یقال جرزہ جرزًا ای قطعہ واستاصلہ وقتلہ از نصر [6] یاسادۃ اس کا جواب ندا محذوف ہے ای ارید منک شیئًا سادۃ یہ سید کی جمع ہے بمعنی سردار اور اس کی جمع اَسْیَادٌ اور سیائد بھی آتی ہے اور سید کو تخفیفًا سید بھی کر لیتے ہیں اور یہ بھی ایک لغت ہے [7] المعالی یہ معلاۃ کی جمع ہے بمعنے بلندی مرتبہ [8] مبان یہ مبنی کی جمع ہے بمعنی تعمیر وعمارت [9] مشیدۃ مفعول کا صیغہ یہ شید سے مشتق ہے یقال شاد البناء یشید شیدًا جبکہ وہ عمارت کو بلند اور مستحکم کرے از ضرب وشاد الحائط جبکہ وہ دیوار پر پچ کرے [10] خطب بمعنی امر عظیم وجلیل والجمع خطوبٌ [11] قاموا از نصر اس کے صلہ میں باء علی وفی ولام بھی آتا ہے جیسے قام بظہرہ جبکہ وہ درد مند کرے وقام بالامر جبکہ وہ انتظام کرے وقام علی الامر جبکہ وہ نگہبانی کرے وقام علی غریمہ جبکہ وہ قرضدار سے مطالبہ کرے وقام فی الصلوٰۃ جبکہ وہ نماز شروع کرے وقام لہم جبکہ وہ طرف داری کرے وقام الامر جبکہ اعتدال پر ہو وقام الماء جبکہ پانی جم جائے [12] کمیدۃ یہ کاد کا اسم ہے اور اس کی جمع مکائد ہے بمعنی مکرو دھوکا اور خباثت [13] یہون ہون مصدر بمعنی آسان ونرم ہونا از نصر [14] الکنوز یہ کنزٌ کی جمع ہے بمعنی گاڑا ہوا خزانہ یقال کنز المال کنزًا ای جمعہ وادّخرہٗ از ضرب [15] العتیدۃ یہ عتید کا مونث ہے بمعنی حاضر وتہیا وموجود تیار یقال عتد عتادًا وعتادۃ ای تہیا وادخرہ قبل الحاجۃ الیہ از کرم [16] شواء بمعنی بھنا ہوا گوشت اور یہ مفعول مَشْوِیٌّ کے معنی میں ہے یقال شوی اللحم شَیًّا ای عرضہ للنار منضیع از ضرب [17] جردقا بمعنے چھوٹی روٹی (یعنی ٹکیہ) اور گردہ کا یہ معرب ہے وقال الاصمعی اذا جتمع الجیم والمراد والقاف صار معربًا والجمع جرادق [18] عصیدہ یہ ایک قسم کا حلوا ہے جس میں آٹے کو گھی میں ملا کر بھون لیا جاتا ہے اور اس کے بعد پکایا جاتا ہے اور یہ سادے قسم کا حلوا ہے یقال عصدہ عصدًا ای لواہ وعقدہ از ضرب [19] غلا بمعنے گراں پڑنا یقال غلا السعر غلآءً ای ارتفع از نصر وغلا غلوًّا ای تجاوز عن الحد از نصر وغلت القدر غلیًا وغلیانًا ای جاشت بقوۃ الحرارۃ از ضرب وفی التنزیل طعام الاثیم کالمھل یغلی فی البطون کغلی الحمیم [20] فرقاق یہ رُقاقۃٌ کی جمع ہے بمعنے پتلی روٹی وچپاتی [21] الشہیدہ بمعنے چوزہ یا بکری کا بچہ بھنا ہوا یا موٹی تازہ مچھلی یا بہر یرہ اور صاحب امناس المحکات یہ فرماتے ہیں کہ وہ بکری یا مرغی کا بچہ جو سالم بھون لیا جائے اور اس کے پاس لوگ لینے کے لیے آئیں لانہ یشہد جالہٗ، واللہ اعلم [22] فشبعۃ بالضم ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار اور یہ نصر سے آتا ہے یقال شبع من الطعام شبعًا وشِبعًا جبکہ شکم سیر ہو اور کرم سے بمعنے بہت عقل ہونا [23] ثریدہ شوربے میں تر کی ہوئی روٹی والجمع ثرائد وثرودٌ۔

وَلَوْشَظِیَّ مِنْ قَدِیْدَۃٍ	فَاَحْضِرُوْمَا تَسَنّٰی	نَعَجُوْۃً وَنَهِیْدَۃً	فَاِنْ تَعَذَّرَنَ طُرًّا

وَإِنْ تُجُوْهُ فَنَفْسِيْ	بِمَا يَرُوْجُ مُرِيْدَهْ	وَالزَّادُ لَا بُدَّ مِنْهُ	لِرِحْلَةٍ لِيْ بَعِيْدَهْ
وَأَنْتُمْ خَيْرُ رَهْطٍ	تُدْعَوْنَ عِنْدَ الشَّدِيْدَهْ	أَيَادِيْكُمْ كُلَّ يَوْمٍ	لَهَا أَيَادٍ جَدِيْدَهْ
وَرَاحُكُمْ وَاصِلَاتٌ	شمل الصلات المقيدہ	وَبُغْيَتِيْ فِيْ مَطَاوِيْ	مَا تَرْفِدُوْنَ زَهِيْدَهْ
وَفِيَّ أَجْرٌ وَعُقْبَى	تَنْفِيْسِ كَرْبِيْ حَمِيْدَهْ	وَلِيْ نَتَائِجُ فِكْرٍ	يَفْضَحْنَ كُلَّ قَصِيْدَهْ

الترجمۃ والمطالب اور اگر یہ سب چیزیں ناممکن اور دشوار ہوں تو عمدہ چھوارہ اور خالص مکھن ہی سہی غرضیکہ جو بھی آسان اور سہل ہو اس کو تم لے آؤ اگرچہ سوکھے گوشت کے ٹکڑے ہی کیوں نہ ہوں اور تم اس کو جلد لاؤ دیا جلد تیار کرو) اس واسطے کہ میرا نفس ماحضر ہی چیز کا خواہش مند ہے ہاں البتہ میرے دور دراز سفر کے لیے زادہ راہ (توشہ) کی بھی ضرورت ہے) اور تم اچھی جماعت ہو جو سخت مصیبت کے وقت تم پکارے جاتے ہو اور تمہارے ہاتھوں میں روزانہ نئی نعمتیں ہوتی ہیں جن کو تم دیتے ہو اور تمہاری ہتھیلی میں عام اور فائدہ بخش عطیہ موجود ہیں اور میری آرزو تمہاری تہ ہائے یا عطیات کے شکنوں کے مقابلہ میں بالکل کم ہے اور میرے ساتھ بھلائی کرنے میں ثواب ہے اور میری مشقت کے دور کرنے کا انجام محمود ہے اور میرے پاس فکر کے نتائج یعنی ایسے ایسے اشعار ہیں کہ دنیا کے سارے قصیدوں کو مات کرتے ہیں

تشریح لغات لہ عجوۃ مدینہ کی خاص کھجور اور عمدہ کھجور ۲ہ نہیدہ مکھن یا حریرہ کے ساتھ چھوارے کو کھایا جائے وفی القراح یہ ایک خاص قسم کا کھانا ہے اس کو حنظل (اندرائن کا پھل) ڈال کر اوٹاتے ہیں اور اوس کے بعد آٹا وغیرہ ڈال کر اس کو پکایا جاتا ہے یا کوئی خاص کھانے کا یہ نام ہے ای زبدۃ ضخمۃ والتمر بالزبد یستلزعندھم فی الاکل یقال نھدا الثدی نھوداً ای ارتفع از فتح ونصر اور بلندی کی وجہ ظاہر ہے اس لیے کہ مسکہ دہی کے اوپر ہوتا ہے ۳ہ مالسنی ای ماتیسر از تفعیل بقاہ سناہ تسنیۃ فتسنی ای سہلہ فتسہل وسناہ سینۃ ای فتحہ از ضرب ۴ہ شنظی بمعنے ٹکڑا یقال شنظی شنظی ای الشق از سمع ۵ہ قدیدہ بمعنی گوشت خشک اور اس کے اصلی معنی کاٹنے کے ہیں۔ اور بعض ادبا یہ فرماتے ہیں وہ گوشت جو طولاً کاٹا جائے وبمعنی کٹی ہوئی چیز یقال قد اللحم قدا ای قطعہ والقد قطع الشئ طولا از نصر وفی التنزیل ان کان قمیصہ قد من قبل وان کان قمیصہ قد من دبر ۶ہ عجوا ز تفعیل ترویج مصدر ہے بمعنی جلدی کرنا اور مہیا کرنا ۷ہ یروج از نصر یقال راج یروج بمعنے رائج ہونا اور یہ رواج سے ماخوذ ہے ۸ہ مریدۃ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اور مرید کا مؤنث ہے از ارا دیریدارادۃ از افعال بمعنی چاہنا وخواہش کرنا۔ ۹ہ والزاد بمعنی توشہ وزاد راہ والزاد المدخر الزائد علی ما یحتاج الیہ فی الوقت والجمع ازودۃ وازواد ۱۰ہ رہط بمعنی جماعت والرہط العصابۃ دون العشرۃ وقیل یقال الی الاربعین ۱۱ہ ایدیکم یہ ید کی جمع ہے بمعنی ہاتھ ۱۲ہ ایادی یہ اید کی جمع ہے بمعنی احسان ونعمت وفی التنزیل ایدیکم کل یوم لہا ایادای نعم جدیدۃ ۱۳ہ جدیدۃ بمعنے تر وتازہ ونئی اور یہ جدید کا مؤنث ہے اور جدید کی جمع جدد آتی ہے ۱۴ہ راحکم یہ راحۃ کی جمع ہے بمعنے ہتھیلی ۱۵ہ واصلات یہ وصل سے ماخوذ ہے بمعنے ملانے والی از ضرب ۱۶ہ الصلات یہ صلۃ کی جمع ہے بمعنے بخشش واحسان وعطیہ ۱۷ہ بغیتی والجمع بغی بمعنے مقصد ومطلب ۱۸ہ مطاوی یہ مطوی کی جمع ہے بمعنی کپڑے کی شکن وپیٹا ہوا کپڑا ۱۹ہ ترفدون رفد مصدر از ضرب بمعنی دینا ۲۰ہ زہیدۃ ای قلیلۃ یقال زہد فی شئ عنہ زہداً ای رغب عنہ وترکہ از فتح وسمع وکرم والزہید الشئ القلیل والزاہد الراغب فی الزہد۔ ویقال فی تقسیم القلۃ علی اشیاء توصف بہاما دوشل

وحطاء وتعم - ومال زهيد وشرب غشاشق ونوم غرار۔ [۱۵] اجر بمعنی ثواب والاجر ثواب العمل دنیویا کان او اخرویا والجمع اُجورٌ اور اس میں تنوین تعظیم کے لیے ہے [۲۲] عقبی یہ فعلی کے وزن پر اور یہ اعقب کا مونث ہے بمعنی انجام اور امر کی جزاء وفی التنزیل اولٰئک لہم عقبی الدار یقال عقبہ عقباً ای جاء بعدہ از نصر [۲۳] تنفیس یہ باب تفعیل کا مصدر ہے بمعنی مصیبت کا دور کرنا اور یہ نفس سے ماخوذ ہے بمعنی سانس یقال نفس الکربۃ ای فرّجہا [۲۴] کرب بمعنی شدید مشقت اور بہت سخت غم والجمع کُرُوبٌ [۲۵] نتائج یہ نتیجہ کی جمع ہے بمعنی جنا ہوا بچہ ونتیجہ یقال غنم فلان نتائج فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں اور نتائج فکر سے مراد اشعار اور قصائد ہیں [۲۶] یفضحن از فتح فضیحت مصدر بمعنی رسوا کرنا [۲۷] قصیدۃ یہ فعیلۃ کے وزن پر ہے بمعنی مفعول بمعنی میانہ روی اور یہاں اس سے اشعار مراد ہیں والقصیدۃ من الشعر تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا کہ سولہ سے زائد شعروں کی نظم درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ واللہ اعلم۔

(قَالَ الْحٰرِثُ) بْنُ هَمَّامٍ فَلَمَّا رَأَيْنَا الشِّبْلَ[۱] يُشْبِهُ الْاَسَدَ[۲]. اَرْحَلْنَا[۳] الْوَالِدَ[۴] وَزَوَّدْنَا[۵] الْوَلَدَ. فَقَابَلَا[۶] الصُّنْعَ[۷] بِشُكْرٍ نَشَرَاهُ[۸] اَرْدِيَتَهٗ. وَاَدَّيَا بِهٖ دِيَتَهٗ. وَلَمَّا عَزَمَا[۹] عَلَى الْاِنْطِلَاقِ. وَعَقَدَا لِلرِّحْلَةِ[۱۰] حُبُكَ[۱۱] النِّطَاقِ[۱۲]. قُلْتُ لِلشَّيْخِ هَلْ ضَاهَتْ[۱۳] عِدَتُنَا عِدَةَ عُرْقُوْبٍ[۱۴]. اَوْهَلْ بَقِيَتْ[۱۵] حَاجَةٌ فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ. فَقَالَ حَاشَ[۱۶] لِلّٰهِ وَكَلَّا. بَلْ جَلَّ[۱۷] مَعْرُوْفُكُمْ وَجَلَّى[۱۸]. فَقُلْتُ لَهٗ فَدِنَّا[۱۹] كَمَا دِنَّاكَ. وَاَفِدْنَا[۲۰] كَمَا اَفَدْنَاكَ. اَيْنَ الدُّوَيْرَةُ[۲۱]. فَقَدْ مَلَكَتْنَا فِيْكَ الْحَيْرَةُ. فَتَنَفَّسَ[۲۲] تَنَفُّسَ مَنْ اِدَّكَرَ[۲۳] اَوْطَانَهٗ. وَاَنْشَدَ وَالشَّهِيْقُ[۲۴] يُلَعْثِمُ لِسَانَهٗ.

الترجمۃ والمطالب (حارث بن ہمام کہتا ہے) جب ہم نے شیر کے بچہ کو شیر جیسا ہی پایا تو ہم نے باپ کو سواری دی اور بیٹے کو توشہ پس ان دونوں نے احسان کا بدلہ شکر یہ کی بڑی لمبی چوڑی چادروں سے دیا اور ان دونوں نے شکر کے ساتھ احسان کا حق ادا کیا جب ان دونوں نے جانے کا ارادہ کیا اور ان دونوں نے کمر بند یا رسی کو جانے کے لیے کسا یا ندھا، تو میں نے بوڑھے سے دریافت کیا کہ کیا ہمارا وعدہ عرقوب کے وعدوں کے مشابہ نکلا یا حضرت یعقوب علیہ السّلام کے نفس میں اور کوئی خواہش باقی رہ گئی پس اس نے یہ جواب دیا حاشا للہ یعنی پناہ بخدا ہرگز نہیں تمہارا احسان تو بہت بڑا ہے بلکہ وہ سبقت لے گیا پس میں نے اس سے یہ کہا جیسا ہم نے معاملہ تمہارے ساتھ کیا پس تم بھی ایسا ہی سلوک کرو اور جیسا ہم نے فائدہ پہنچایا تم بھی فائدہ پہنچاؤ یہ تو بتاؤ کہ تمہارا شہر کہاں ہے کیونکہ تمہارے متعلق ہم کو بہت ہی حیرت و پریشانی ہے یہ سن کر اس نے اس شخص کی طرح سانس لی جو اپنے وطن کی یاد میں ہو اور اس حالت میں کہ سینہ میں گھٹی ہوئی سانس اس کی زبان کو روک رہی تھی (اور اس نے یہ اشعار پڑھے)

تشریح لغات [۱] الشبل بالکسر شیر کا بچہ جب شکار کرنے کے قابل ہو جائے والجمع اَشْبالٌ وشِبالٌ واَشْبُلٌ وشُبولٌ والوالاشبال بمعنی شیر [۲] الاسد شیر نر و مادہ یہ دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ والجمع اُسُدٌ واُسُودٌ وآسُدٌ وآسادٌ اور شیرنی کو لبوۃ کہتے ہیں [۳] ارحلنا از افعال ارحال مصدر یہ راحلۃ سے ماخوذ ہے بمعنی راحلہ دینا اور راحلہ کا مالک بنانا اور سواری کرنا [۴] الوالد بمعنی باپ والجمع والدون والوالدان ماں اور باپ [۵] زودنا تزوید مصدر از تفعیل بمعنی توشہ دینا [۶] فقابلا از باب مفاعلہ بمعنی احسان کرنا و مقابلہ کرنا [۷] الصنع بالضم مصدر بمعنی احسان از فتح یقال صنع الیہ معروفاً جبکہ وہ احسان کرے وصنع بہ صنیعاً قبیحاً جبکہ وہ اس کے ساتھ برائی کرے۔

شہ اردیتہ یہ رداء کی جمع ہے بمعنی چادر اور یہاں اضافت مشبہ بہ کی طرف ہے ۵ ادیا از تفعیل تادیۃ مصدر بمعنی پہونچانا واداکرنا یقال ادیٰ تادیۃ ای قضیٰ اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے دیتہ یہ مثال واوی اور ناقص واوی یعنی یہ لفیف مفروق ہے بمعنی خون کا بدلہ اور ارش دیت جو خون سے کم ہو اور دیت سے یہاں مراد احسان ہے ۱۱ عزما ای ارادا عزم مصدر بمعنی ارادہ کرنا از ضرب ۱۲ الانطلاق مصدر از انفعال بمعنی جانا یقال انطلق لسانہ جبکہ زبان رواں ہو وانطلق وجہہ جبکہ کشادہ رو ہو وانطلق نفسہ للامر جبکہ شرح صدر ہو وانطلق بہ بمعنی لیے جایا جانا ۱۳ للرحلۃ رحلۃ وارتحال بمعنی کوچ کرنا وسفر کرنا ۱۴ حُبک یہ حُبکۃ کی جمع ہے بمعنے ازار باندھنا کی جگہ وکمر بند ای الخیط الذی یشد بہ الازار یقال حَبَکَ حَبْکًا ای شدو احکم از نصر وضرب ۱۵ نطاق اس کی جمع نطق آتی ہے بمعنی پٹکا وکمر بند۔ پیٹی یہ کپڑے کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ یقال عقد فلان حبک النطاق ای تھیأ للذھاب والارتحال او تجود للامر۔ ۱۶ ضاہت از باب مفاعلہ اس کا مصدر مضاہاۃ ہے بمعنی مشابہت ۱۷ عرقوب یہ ایک شخص کا نام ہے جو خیبر کے یہودیوں میں سے تھا اور وہ عمالقہ سے تھا اور وہ نہایت ہی سخت وعدہ خلاف تھا اسی وجہ سے اس کی یہ مثل مشہور ہوگئی اخلف من عرقوب اور اس کے متعلق یہ واقعہ مشہور ہے کہ اس کے بھائی اس کے پاس آئے اور اس سے کچھ انہوں نے مانگا اس نے یہ جواب میں کہا کہ جب یہ سرخ ہو جائے جب وہ سرخ ہو وہ تیرے لیے ہے اور بھائی حسب وعدہ اس کے پاس آیا اس نے کہا کہ تو اس کو چھوڑ جب یہ سفید ہو جائے جب وہ پھر آیا تو اس نے یہ جواب میں کہا کہ جب یہ سرخ ہو جائے جب وہ سرخ ہو گیا تو اس نے اس سے تقاضا کیا۔ تو اس نے کہا کہ جب وہ تر خرما ہو گئے پھر وہ آیا اور اس سے ایفاء وعدہ کا مطالبہ کیا۔ تو اس نے کہا کہ جب یہ پختہ ہو جائے جب وہ کھجور پک گئی تو اس نے رات کے وقت ان کو توڑ کر اپنے گھر رکھ لیں اور اس نے اپنے بھائی کو کچھ بھی نہ دی ۱۸ او ہل بقیت الخ یہ تلمیح ہے اس آیت کلام اللہ کی طرف فما کان یغنی عنہم من شئ الا حاجۃ فی نفس یعقوب قضاہا حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو مصر میں داخل ہونے کے وقت یہ فرمایا تھا کہ تم ابواب مختلفہ سے داخل ہونا تاکہ تم لوگوں کی نظر بد سے بچے ہوئے رہو گے۔ اب یہ مثل ہے کیا تمہارے لیے کوئی حاجت اب بھی باقی ہے جس کو ہم نے پورا نہ کیا ہو ۱۹ حاش یہ باب مفاعلہ سے ہے اور اس میں بہت لغت ہیں حاشا اللہ وحاشا للہ اور یہ کلمہ استثناء ہے جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے ضربت القوم حاشا زیدًا اور یہ اگر حاشا فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرف جر ہو تو مابعد حاشا پر جر آئے گا ۲۰ کلا بمعنی ہرگز نہیں اور یہ حرف ردع ہے بمعنی پہلے جو بات کہی اس سے روکنا اور یہ زجر اور تنبیہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۲۱ جَلَّ از ضرب بمعنی بڑا ہونا یقال جَلَّ جلالًا وجلالۃً جبکہ وہ بڑے مرتبہ والا ہو اور صفت کا صیغہ جلیل آتا ہے والجمع اجلاء ۲۲ جلّی بمعنے سبقت لے گیا ای کشف المبہم وازہبہ از تفعیل والمجلی من الخیل السابق یقال جلی الامر جب کہ وہ ظاہر کرے وجلی الفرس جبکہ وہ میدان میں آگے بڑھے ۲۳ فدنا یہ امر حاضر کا صیغہ ہے دن بروزن بع بمعنے معاملہ کرنا ای جازنا بکلامک کما جزینا ک بعطائنا اور یہ دان دینًا سے ماخوذ ہے بمعنی اطاع ودان دینًا اعطاہ مالا الی اجل از ضرب وفی التنزیل ولا یدینون دین الحق الخ ۲۴ افدنا افد بروزن اقِمْ یہ امر حاضر ہے افادۃ مصدر از افعال بمعنی دینا ۲۵ الدویرۃ یہ دار کی تصغیر ہے بمعنے جھونپڑی اور اس سے مراد شہر ہے اور اس میں تصغیر تعظیم کے لیے ہے ۲۶ فتنفس از باب تفعل تنفس مصدر بمعنی جلدی جلدی سانس لینا ۲۷ ادکراز افتعال اور یہ ذکر سے مشتق ہے بمعنی دل سے یاد کرنا اور اس میں تین لغت ہیں یقال اِذَّکَرَ وادَّکَرَ وادْکَرَ الشئ جبکہ وہ یاد کرے ۲۸ والشہیق صوت الحمار، قال الراغب الشہیق طول الزفیر وھو رد النفس والزفیر مدہ وقال بعض الادباء پہلی آواز کو زفیر اور دوسری آواز کو شہیق اور تیسری آواز کو نہیق کہتے ہیں یقال شہق الحمار شہیقًا ای نہق از باب فتح ۲۹ بلعثم از بعثر لعثمۃ مصدر بمعنے

ٹھیرنا اور رکنا و توقف کرنا یقال لعثولی الامر و تلعثم ای توقف فیہ و تانی یقال سألتہ عن شیئ فلم یتلعثم ای لم یتوقف حتی اجابنی ویقال ما تلعثم عن شیئ یعنی نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ اس نے تاخیر کی وایضا تلعثم فی الامر تبصرہ وایضًا نکل عنہ ۔ ٣؎ لسان بمعنی زبان والجمع ألسنۃٌ وَ ألسُنٌ وَلُسُنٌ ولسانات ۔

سُرُوجُ دَارِیْ وَلٰکِنْ کَیْفَ السَّبِیْلُ اِلَیْهَا وَقَدْ اَنَاخَ الْاَعَادِیْ
بِهَا وَاَخْنَوْا عَلَیْهَا فَوَالَّتِیْ سِرْتُ اَبْغِیْ حَطَّ الذُّنُوْبِ لَدَیْهَا
مَا رَاقَ طَرْفِیْ شَیْئٌ مُذْغِبْتُ عَنْ طَرْفَیْهَا

ثُمَّ اَغْرَوْرَقَتْ عَیْنَاهُ بِالدُّمُوْعِ وَاٰذَنَتْ مَدَامِعُهٗ بِالْهُمُوْعِ ۔ فَکَرِهَ اَنْ یَسْتَوْکِفَهَا وَلَمْ یَمْلِکْ اَنْ یُکَفْکِفَهَا ۔ فَقَطَعَ اِنْشَادَهُ الْمُسْتَحْلٰی ۔ وَاَوْجَزَ فِی الْوَدَاعِ وَوَلّٰی ۔

الترجمة والمطالب میرا وطن اور دیس سروج ہے لیکن میں کیسے پہنچ سکتا ہوں کیونکہ اس میں دشمن گھسے پڑے ہیں جنھوں نے اس کو تباہ اور برباد کر ڈالا اس خانہ کعبہ کی قسم جس کی طرف میں گناہوں کی معافی کی آرزو لے کر چلا تھا جب سے کہ میں وطن سے نکلا ہوں میری آنکھ کو کوئی چیز اچھی نہیں معلوم ہوئی یہ کہتے کہتے اس کی دونوں آنکھیں آنسوؤں سے ڈبڈبانے لگیں یہاں تک کہ آنسوؤں نے بہنے کا اعلان کر دیا (یا اطلاع کر دی) اگرچہ وہ آنسو بہانے کو برا سمجھ رہا تھا لیکن اس کو روکنے پر قدرت نہ ہوئی لہذا مجبورًا اس نے اپنے شیریں اشعار کا پڑھنا موقوف کیا اور نہایت مختصر الفاظ میں رخصت حاصل کر کے وہ لوٹ پڑا (یعنی لوٹ گیا ۔)

تشریح لغات ١؎ اناخ از افعال اناخۃ مصدر بمعنی اونٹ کا بٹھانا اب اس کے معنی مطلق بٹھانے کے ہیں ٢؎ اخنوا ای افسدوہا واہلکوہا یقال اخنی علیہ الدہر ای اہلکہ از باب افعال واز ضرب ونصر یقال خنی خنیًا وخنا خنوًا افحش فی الکلام یعنی اس نے سخت کلامی کی ٣؎ فوالتی ھذا قسم والمقسم بہ الکعبۃ فان الذنب یحط عندھا ویرجی بطوافھا المغفرۃ فان الکبائر تکفر بالحج المبرور ٤؎ ابغی از ضرب بغیۃ مصدر بمعنی طلب کرنا ٥؎ حط حطًّا مصدر بمعنی کمی کرنا از نصر والحطُّ اسقاط الشئ وانزالہ وفی التنزیل قولوا حطۃ ۔ ٦؎ الذنوب یہ ذنب کی جمع ہے بمعنے گناہ اور اس کی جمع الجمع ذنوبات آتی ہے وفی التنزیل ومن یغفر الذنوب الا اللہ ٧؎ راق روق مصدر بمعنے تعجب میں ڈالنا از نصر یقال راقہ روقًا وروقانًا وراق الشئ جبکہ تعجب میں ڈالے اور پسند آئے اور خوش کرے ٨؎ اغرورقت اغر براق مصدر از افعیلال بمعنی ڈوب جانا و ڈبو دینا اب اس کے معنے بھر جانے اور بہنے کے ہیں اور مناسبت ظاہر ہے اور یہ غرق سے ماخوذ ہے یقال غرق غرقًا واغرقہ از سمع واعلم ان الرجل اذا تہیأ للبکاء قیل اجہش فان امتلأت عینہ دموعًا قیل اغرورقت عینہ وترقرقت فاذا سالت قیل دمعت وہمعت فاذا حاکت دموعہا قیل ہمت فاذا کان لبکاءہ صوت قیل نحب ونشج فاذا صاح مع بکاءہ وقیل اعول ۔ ٩؎ الدموع یہ دمع کی جمع ہے اور اس کی جمع ادمع بھی آتی ہے اور اس کا واحد دمعۃ ہے بمعنی آنسو ١٠؎ آذنت ای اعلمت از افعال ایذان مصدر بمعنے اطلاع دینا ١١؎ مدامعہ یہ مدامع کی جمع ہے بمعنے آنسو بہنے کی جگہ ١٢؎ الہموع مصدر بمعنی

بہنا یقال همت العین همعًا وهموعًا وهمعانًا ای اسالت دموعها از فتح ونصر ۱۳ یستوکفها استیکاف مصدر از استفعال بمعنی بہنا یقال وکفت الدمع وکفًا ووکوفًا ای سال قلیلاقلیلاً از ضرب ۔اور اس میں س ت طلب کے لیے ہے ۱۴ یکفکفها از بعثر یقال کفکفه عن کذا جبکہ وہ روکے اور پھیرے وکفکفت الدمع بار بار پونچھے اور صاف کرے ۱۵ المستحلی از استفعال استحلاء مصدر اور یہ حلو سے مشتق ہے بمعنے شیریں سمجھنا ۱۶ او جز از افعال ای اختصر ایجاز مصدر بمعنی مختصر کرنا یقال وجزه وجزًا ای جعله وجیزًا از ضرب ووجز وجازة (ازکرم) ای صار وجیزًا ۔ ۱۷ ولی از باب تفعیل تولیة مصدر یقال ولی هاربًا جبکہ وہ پیٹھ دے کر بھاگے وولی الشیٔ وعن الشیٔ جبکہ وہ اعراض کرے۔

اَلْمَقَامَةُ الْخَامِسَةُ عَشَرَةُ الْفَرْضِيَّةُ

رَاَخْبَرَ الْحَارِثُ بْنُ هَمَّامٍ قَالَ اَرِقْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَالِكَةِ الْجِلْبَابِ. هَامِيَةِ الرَّبَابِ. وَلَا اَرَقَ صَبٍّ طُرِدَ عَنِ الْبَابِ. وَمُنِيَ بِصَدِّ الْاَحْبَابِ. فَلَمْ تَزَلِ الْاَفْكَارُ يَهِجْنَ هَمِّيْ. وَيَجُلْنَ فِي الْوَسَاوِسِ وَهَمِّيْ. حَتّٰى تَمَنَّيْتُ لِمَضَضِ مَا عَانَيْتُ اَنْ اُرْزَقَ سَمِيْرًا مِنَ الْفُضَلَاءِ. لِيَقْصُرَ طُوْلَ لَيْلَتِي اللَّيْلَاءِ. فَمَا انْقَضَتْ مُنْيَتِيْ. وَلَا اَغْمَضَتْ مُقْلَتِيْ. حَتّٰى قَرَعَ الْبَابَ قَارِعٌ. لَهٗ صَوْتٌ خَاشِعٌ.

الترجمۃ والمطالب (پندرہویں مجلس جو فرضیہ کے نام سے منسوب ہے) حارث بن ہمام نے بیان کیا میں ایک رات جس کی چادر بہت ہی کالی (یا گھونگھٹ والی) تھی جو بہنے والی بارش کی تھی بس جاگتا رہا اور نہ اس عاشق کی طرح جو محبوب کے دروازہ سے دھکا دیا گیا ہو (یا دھتکار دیا گیا ہو) اور جو احباب ورفقا کی برگشتگی کی آزمائش میں مبتلا ہو پس طرح طرح کے سوچ بچار میرے غم کو بھڑکا رہے تھے اور وہم کو وسوسوں کے میدان میں گھما رہے تھے اس رنج وتکلیف کے برداشت کرنے سے اکتا کر (پریشان ہوکر) میں نے یہ خواہش کی کہ کیا اچھا ہوتا کہ کوئی فاضل قابل انسان مجھے بات کرنے کے لیے مل جائے تاکہ میری اندھیری رات اچھی طرح کٹ جائے ابھی میری یہ خواہش ختم ہوتے نہ پائی تھی اور نہ میری آنکھ جھپکی تھی کہ پست اور عاجزی کی آواز سے کسی نے دروازہ کو کھٹ کھٹایا۔

تشریح لغات ۱ الفرضیة فرض وہ حصہ جو وارثوں کو ملتا ہے چونکہ اس میں بھی ایک وارث کا مسئلہ ہے اس لیے اس کو فریضة کی طرف منسوب کیا ہے فرض بمعنی واجب اور حصہ اور طرف کے ہیں۔ ۲ ارقت ای سہرت یقال اَرِقَ اَرَقًا ای سہر وذہب عنه النوم من الهم والحزن از سمع اور تہجد عبادت کی غرض سے بیدار ہونا اور سحر کسی معشوق کے انتظار میں یا کسی اور وجہ سے بیدار ہونا ۳ حالکة یہ مصدر ہے بمعنے سخت سیاہی یقال حلک حلکًا ای اشتد سواده از سمع اور یہ مبالغہ میں سیاہی کے لیے استعمال ہوتا ہے ۴ الجلباب بالکسر بمعنی چادر الخمار والملحاف والجمع جلابیب ۵ هامیة بمعنے بارش کا برسنا از ضرب همی الماء اوالدمع یهمی همیًا وهُمِیًا وهمیانًا وہ پانی ایسا ہے جو تھمنے کا نام نہ لے اور هما یهمو همواً از نصر اسی معنی میں مستعمل ہے ۶ الرباب وہ بادل جو نہایت غلیظ ہو اور اس کے نیچے دھواں چلتا ہوا معلوم ہو دلانه یرب النبات

اور یہ رَبَابَۃٌ کی جمع ہے وہی سحابتہ بیضاء رقیقۃ وقد تکون سوداء اعلم ان اول ما ینشاء السحاب فھو النشء فاذا انسحب فی الھوا فھو السحاب فاذا تغیر لہ السماء فھو الغمام فاذا اطل واظلّ السماء فھو العارض فاذا کانت السحابۃ قطعًا متفرقًا متدانیًا بعضھا من بعض فھی التمرۃ فاذا کانت متفرقۃ فھی القزع فاذا غلظ السحاب ورکب بعضہ بعضا فھو المکفھرّ فاذا رأیتھا وحسبتھا ماطرۃ فھی المخیلۃ فاذا ارتفع السماء وکشف واطبق فھو العماء والعمایۃ و الطخاء والطخاف والطھاء فاذا احمر فھو العنان فاذا اظلّ الارض فھو الدجن فاذا اسود وتراکب فھو المحموی فاذا تعلق سحاب دون سحاب فھو الرباب فاذا کان ابیض فھو المزن والبصیر فاذا کان لرعدہ صوت فھو الھزیم فاذا کان بارد اولیس فیہ الماء فھو الصراد فاذا کان ذات صوت شدید فھو الصیب فاذا اھرق ماءہ فھو الجھام ویقال بل ھو الذی لا ماء فیہ ...... ولا ارق مصدر یہ ارقت کا مفعول مطلق ہے اور عبارت اس طرح ہے یعنی ارقت ارقا لا کارق عاشق طرد من باب جیب طرد مصدر از نصر یقال طردہ طردًا و طَرَدًا ۔
جبکہ وہ دور کرے اور دھتکارے منی ای ابتلی یقال منا ہ بکذا منوًا ای ابتلاہ و اختبرہ از نصر بصد مصدر بمعنے اعراض کرنا یقال صَدّہٗ صَدًّا ای صرفہ از نصر وصَدّ عنہ صدًا وصدودًا ای اعرض عنہ از نصر وضرب ہیجن از ضرب بمعنے بھڑکانا یقال ہاج ہیجًا وہیاجا وہیجانًا ای تحرک یعنی حرکت کرنا و برانگیختہ کرنا اور یہ متعدی اور لازم دونوں طرح مستعمل ہے یجبن از افعال بمعنی جولانی کرنا وچکر لگانا یقال اجالہ اجالۃً ای حرکتہ وادارہ الوساوس یہ وسوسۃ کی جمع ہے بمعنی وہ خیالات جو انسان کو پریشان کریں اور وسواس یہ شیطان کا نام بھی ہے دہی وہم وہ دل میں جو خطرہ گذرے والجمع اوہام اور اس کا اطلاق قوت وہمیہ پر بھی ہوتا ہے الممضّ الوجع والالم یقال مضّ مضضًا ای الم وجع واحترق من الغم از سمع ومضّ مضًّا ای الم واوجعہ از نصر .... عانیت معاناۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی مشقت وتکلیف اٹھانا سمیر ارات کو باتیں سنانے والا رات کا قصہ گو وابنا سمیر بمعنی دن اور رات اللیلاء بمعنے سخت تاریک واندھیری رات انقضت از انفعال انقضاء مصدر بمعنی ختم ہونا منیتی بمعنے آرزو وطلب وسوال والجمع مُنیٰ اغمضت اغماض مصدر از افعال بمعنی چشم پوشی کرنا واعراض کرنا وآنکھ بند کرنا مقلتی بالضم آنکھ کا ڈھیلا والمقلۃ شحمۃ العین او سوادھا اوبیاضھا والجمع مقل یقال مقلہ مقلًا ای نظر الیہ از نصر .... قارِعٌ اسم فاعل کا صیغہ بمعنی کھٹکھٹانے والا والقرع ضرب شئی علی شئی یقال قرعتہ بالمقرعۃ ومنہ القارعۃ ای القیامۃ از فتح خاشع ای ساکن ولین از فتح یقال خشع لہ خشوعًا۔ جبکہ وہ عاجزی کا اظہار کرے وخشع ببصرہ جبکہ وہ نگاہ پست کرے وخشع الصوت جبکہ آواز پست ہو۔

فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ لَعَلَّ غَرْسَ التَّمَنِّیْ قَدْ اَثْمَرَ۔ وَلَیْلَ الْحَظِّ قَدْ اَقْمَرَ۔ فَنَهَضْتُ اِلَیْهِ عَجْلَانَ وَقُلْتُ مَنِ الطَّارِقُ الْاٰنَ۔ فَقَالَ غَرِیْبٌ اَجَنَّهُ اللَّیْلُ۔ وَغَشِیَهُ السَّیْلُ۔ وَیَبْتَغِی الْاِیْوَاءَ لَا غَیْرَ۔ وَاِذَا اَسْحَرَ قَدَّمَ السَّیْرَ۔ قَالَ فَلَمَّا دَلَّ شُعَاعُهُ عَلٰی شَمْسِهِ۔ وَنَمَّ عُنْوَانُهُ بِسِرِّ طِرْسِهِ عَلِمْتُ اَنَّ مُسَامَرَتَهُ غُنْمٌ۔ وَمُسَاهَرَتَهُ نُعْمٌ۔ فَفَتَحْتُ الْبَابَ بِابْتِسَامٍ وَقُلْتُ ادْخُلُوْهَا بِسَلَامٍ۔ فَدَخَلَ شَخْصٌ قَدْ حَنَی الدَّهْرُ صَعْدَتَهُ وَبَلَّلَ الْقَطْرُ بُرْدَتَهُ۔

الترجمة والمطالب پس میں سمجھا کہ میری آرزو کا پودہ غالبًا بہت پھل دار ہوگا اور نصیبے (خوش قسمتی) کی رات روشن ہوگئی (چمک اٹھی) پس میں جلدی سے اس کی طرف اٹھا اور میں نے کہا کہ ایسی رات میں اب کون آنے والا ہے تو اس نے یہ جواب دیا کہ ایک مسافر ہے جس کو رات نے ڈھانپ لیا ہے۔ اور جسے روتے گھیر لیا ہے اور وہ سوائے ٹھیرنے کے اور کچھ نہیں چاہتا اور وہ صبح ہوتے ہی چل دے گا۔ راوی کہتا ہے جب اس کی کرتوں سے اس کے آفتاب کا پتہ چل گیا اور اس کے عنوان وسرنامہ نے اصلی مضمون پر چغلی کھائی اُدھر میں نے یہ خیال کیا کہ اس کی قصہ کہانی میرے لیے غنیمت ہے اور رات کے جاگنے کا بھی مزہ اور لطف رہے گا یہ خیال کر کے مسکرا کر میں نے دروازہ کھول دیا اور میں نے یہ کہا کہ آپ سلامتی کے ساتھ اندر آجائیے چنانچہ وہ صاحب جن کے اعلیٰ قدر کو زمانہ نے خم (ٹیڑھا) کر دیا تھا اور مینھ نے اُن کے کپڑے بھگو (گیلے) کر رکھے تھے اندر آئے۔

تشریح لغات لہ غَرس وہ پودا جو نیا لگا ہو والجمع غِراسٌ واَغراسٌ از ضرب یقال غرس الشجر غرسًا وغراسۃً جبکہ وہ درخت کو زمین میں گاڑے ۲ہ اَثمر از افعال اثمار مصدر پھلدار ہونا یقال اَثمرتْ القوم یعنی قوم کو میں نے پھلوں کا مالک کر دیا ۳ہ الحظ بمعنے نصیب وقسمت والجمع حُظوظٌ وحِظاظٌ واَحُظٌّ یقال حَظَّ حظًّا ای صار ذا حظٍ از سمع ۴ہ اقمر از افعال اقمار مصدر بمعنی روشن ہونا وغالب ہونا یقال اقمر الہلال ای صار الہلال قمرًا وقمر اللیل چاندنی کا کھیت کرنا ومنہ اقمر القوم اذا طلع علیہم ۵ہ فنہضت نہوض مصدر از نصر بمعنی اٹھنا ۶ہ عجلان یہ عجلی کا مونث ہے والجمع عجالیٰ وعجالٌ بمعنی جلدی یقال عجل عجلاً ای اسرع از سمع ۷ہ الطارق وہ شخص جو رات کو آئے والجمع طُرّاق واطراقٌ یقال طرق القوم طرقًا وطروقًا ای آتاہم لیلاً از نصر ۸ہ اجنۃ اجنان مصدر از افعال بمعنے چھپانا اَجَنَّہ اللیل ای سترہ یقال جَنَّہ اللیل کاَجَنَّہ جنًّا ای سترہ وفی التنزیل فلما جن علیہ اللیل رأی کوکبًا از نصر ومنہ الجنین بمعنی الولد المستور فی بطن امہ والجمع اجنۃٌ وفی التنزیل واذا انتم اجنۃ فی بطون امہاتکم ۹ہ غشیۃ غشیٌ مصدر بمعنی ڈھانپنا از سمع ۱۰ہ الوبل بمعنی بہتا ہوا پانی والجمع وُبولٌ از ضرب ۱۱ہ الایواء اوی یاوِیُ سے بمعنی ٹھکانا پکڑنا وٹھکانا دینا یقال اوی الیہ اُوِیًّا ای انضم وآدی غیرہ از ضرب ۱۲ہ اسحر از افعال اسحار مصدر صبح کا وقت داخل ہونا یقال سحر سحرًا ای بکّر از سمع ۱۳ہ دلَّ دلالت مصدر از نصر یقال دلَّ الی الشی وعلیہ جبکہ وہ راستہ دکھائے اور رہنمائی کرے واز ضرب یقال دَلَّ دل دَلاً ودلا لاً ودَلَّ دَلاً از سمع جبکہ وہ ناز ونخرہ کرے ۱۴ہ شعاعۃ بمعنے سورج کی کرن یعنی روشنی والجمع اشعۃ وشعاع ویقال شمس الیوم شمسًا ای طلع فیہ الشمس از سمع۔ ۱۵ہ شمسہ آفتاب وسورج والجمع شموسٌ ۱۶ہ نم نمیم مصدر از نصر وضرب بمعنی چغلی کھانا یقال نَمَّ الحدیث جبکہ بات ظاہر ہو ونَمَّ بین الناس جبکہ وہ بات بھڑکائے ونَمَّ الکلام جبکہ وہ جھوٹ سے آراستہ کرے ونَمَّ الشی جبکہ خوشبو پھیلے ونمت الریح جبکہ ہوا بو کو لائے ۱۷ہ عنوانہ بمعنی اوّل شی اور اس میں عُنیان یہ بھی لغت ہے یقال عنوان الکتاب یعنی کتاب کا دیباچہ وعنوان کل شیٔ وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے ۱۸ہ طرسہ بالکسر بمعنے صحیفہ یا لکھی ہوئی بات یا وہ صحیفہ جس کے لکھے ہوئے کو مٹا کر پھر کچھ اور لکھدیا جائے والجمع اطراسٌ وطُروسٌ یقال طرس الکتاب طرسًا ای کتبہ ومحاہ از ضرب ۱۹ہ مسامرتہ مصدر از مفاعلہ بمعنی رات میں قصہ کہنا ۲۰ہ غنم مصدر بمعنی ما یغتنم اس سے مراد غنیمت ہے از سمع ۲۱ہ مساہرتہ مصدر از باب مفاعلہ رات کو جاگنا یقال سہر سہرًا ای لم ینم لیلاً از سمع ۲۲ہ نعم یہ فَعِلٌ کے وزن پر ہے نعمت سے بمعنی خوش حالی وتن آسانی یقال نَعِمَ نَعمۃً از فتح ونصر وسمع یقال ہذا یوم نَعِمٌ یعنی یہ عیش وطرب کا دن ہے والجمع انعُمٌ ۲۳ہ باتسام مصدر از افتعال بمعنی مسکرانا یقال ابتسم جبکہ وہ مسکرائے اور

اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے اور اس کا صفت کا صیغہ باسم اور متبسم آتا ہے ۲۴ حنی یہ یائی ہے از ضرب و نصر یقال حنی الشیٔ حنایۃً وحناہ (دوادی) حنواً ای اعطفہ و لَوّاہ ۲۵ صعدیۃ بمعنی سیدھا اور ہموار نیزہ اور اس سے یہاں مراد سیدھا قد ہے والجمع صِعَادٌ وصِعَدَاتٌ ۲۶ بلل از باب تفعیل یقال بَلّلَ ای اصابہ المطر حتی ابتل ثوبہ یقال بَلّ بالماء بَلاًّ وبَلّۃً ای ندی دبللہ ای نداہ از نصر ۲۷ القطر بمعنی بارش یقال قطر الماء قطراً وقطراناً ای سال قطرۃٌ قطرۃ از نصر و القطر المطرد الجمع قطارٌ ۲۸ بردتہ بالضم بمعنے چادر اور یہ واحد ہے والجمع بُرَدٌ وبُرُدٌ۔

فَحَيَّا بِلِسَانٍ عَضْبٍ۔ وَبَيَانٍ عَذْبٍ۔ ثُمَّ شَكَرَ عَلَى تَلْبِيَةِ صَوْتِهِ۔ وَاعْتَذَرَ مِنَ الطُّرُوقِ فِي غَيْرِ وَقْتِهِ۔ فَدَانَيْتُهُ بِالْمِصْبَاحِ الْمُتَّقِدِ۔ وَتَأَمَّلْتُهُ تَأَمُّلَ الْمُنْتَقِدِ۔ فَأَلْفَيْتُهُ شَيْخَنَا أَبَا زَيْدٍ بِلَا رَيْبٍ وَلَا رَجْمِ غَيْبٍ۔ فَأَحْلَلْتُهُ مَحَلَّ مَنْ أَظْفَرَنِي بِقُصْوَى الطَّلَبِ۔ وَنَقَلَنِي مِنْ وَقْذِ الْكُرَبِ۔ إِلَى رَوْحِ الطَّرَبِ۔ ثُمَّ أَخَذَ يَشْكُو الْأَيْنَ۔ وَأَخَذْتُ فِي كَيْفَ وَأَيْنَ فَقَالَ أَبْلِعْنِي رِيقِي۔ فَقَدْ أَتْعَبَنِي طَرِيقِي۔ فَظَنَنْتُهُ مُسْتَبْطِنًا لِلسَّغَبِ۔ مُتَكَاسِلًا لِهٰذَا السَّبَبِ۔ فَأَحْضَرْتُهُ مَا يَحْضُرُ لِلضَّيْفِ الْمُفَاجِيْ۔ فِي اللَّيْلِ الدَّاجِي۔

الترجمۃ والمطالب پہلے اس نے تیز زبان چلنے والی اور شیرینی سے سلام کیا اور پھر اپنی آواز پر لبیک (جواب) کہے جانے کا شکریہ ادا کیا اور اس نے ناوقت آنے سے (یا غیر وقت آنے سے) عذر خواہی کی تو میں جلتا ہوا چراغ اٹھا کر لایا اور غور سے میں نے پرکھا تو یہ معلوم ہوا کہ بلا شائبہ اور جس میں کوئی شک نہیں یہ ہمارے استاذ ابوزید ہیں اور نہ کہ محض اٹکل پچو سے میں نے یہ کہا تب تو میں نے اُن کی بہت ہی خاطر تواضع کی جیسے انتہائی مقصد میں کامیاب کیا ہو اور مجھ کو مشقت کی سختی سے نکال کر آرام و آسائش کی طرف لے چلا ہو اس کے بعد اُس نے اپنے سفر کی تکلیف کا حال بیان کیا میں نے اس سے دریافت کیا کہ آپ کا حال کیسا ہے اور آپ کہاں سے آرہے ہیں تو وہ یہ کہنے لگا کہ مجھے ذرا دم لینے دو اور میرے تھوک کو نگلنے دو (سکون آنے دو) کیونکہ مجھے سفر نے تھکا دیا ہے پس میں نے یہ خیال کیا کہ وہ بھوک کی تکلیف کو چھپا رہا ہے (یا پیٹ میں رکھنے والا ہے) اور وہ اس وجہ سے سست بھی ہو رہا ہے جیسا کچھ بھی کھانا مہمان کے لیے حاضر کیا جاتا ہے اور اندھیری رات میں آجانے والے مہمان کے لیے جو کیا جاسکتا تھا وہ میں نے حاضر کر دیا (یعنی ان کے سامنے پیش کیا۔

تشریح لغات ۱ فحیّا از باب تفعیل تحیۃ مصدر بمعنی حیاک اللہ کہنا اور سلام کرنا ۲ عضب بمعنی قطع اس میں اسمیت کا غلبہ وصفیت پر ہے بمعنی تلوار قاطع اور اس کی جمع نہیں آتی ۳ عذب بمعنی شیرین و پاکیزہ یقال عَذُبَ عذوبۃ ای کان عذباً از کرم ۴ تلبیۃ مصدر از تفعیل بمعنی لبیک کہنا (جی کہنا) ۵ طروق مصدر بمعنی رات کو آنا و رات کو پہنچنا و کھٹکھٹانا از نصر ۶ فدانیتہ مداناۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی قریب کرنا و قریب ہونا اور یہ دنو سے مشتق ہے جس سے معنے نزدیک کے ہیں از نصر ۷ بالمصباح بمعنے روشن چراغ والجمع مصابیح ۸ المتقد اسم فاعل کا صیغہ اتقاد مصدر از افتعال بمعنے روشن ہونا

[9] تاملتہ تامل مصدر از باب تفعل بمعنی غور سے دیکھنا [10] المنتقد از انفعال انتقاد کے معنے اچھے اور کھوٹے کو پرکھنے کے ہیں اور یہ نقد سے ماخوذ ہے [11] رجم بالغیب ای رجمت فکری علی غیب یعنی محض اندازہ اور اٹکل سے کوئی بات کہنا اور رجم کے معنی پتھر مارنے کے ہیں لیکن یہ ظن کے لیے استعارہ کر لیا جاتا ہے از نصر اور یہ ماخوذ ہے باری تعالیٰ کے قول سے رجما بالغیب یقال رجم الرجل بالغیب جبکہ وہ بات کہے جو اس کے علم میں نہ ہو ویقال صار الامر رجمًا بالغیب ای ظنًّا بحیث لا یطلع علی شانہ وحقیقتہ [12] فاحللتہ از افعال یہ حلول سے مشتق ہے جس کے معنی اتارنے کے آتے ہیں از نصر وضرب یقال احلّہ بالمکان والمکان جبکہ وہ اتار دے [13] مَحَلّ اترنا اور اترنے کی جگہ والجمع مَحَالّ [14] اظفرنی از افعال اور یہ ظفر سے مشتق ہے بمعنی فتح مندی وکامیابی یقال ظفر بہ وعلیہ ظفرا ای فاز بہ از سمع یقال اظفرہ بعدوہ جبکہ وہ دشمن پر فتح منداور کامیاب کرائے [15] قصوی بمعنے زیادہ دور اور یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ [16] نقلنی ای حوّلنی از نصر یقال نَقَلَہٗ نقلًا ای حَوَّلہ من موضع الی موضع آخر [17] وقذ بمعنی غم کی سختی یقال وقذہ وقذا ای ضربہ ضربًا شدیدًا از ضرب [18] روح بمعنی خوشی وآرام والروح السرور والراحۃ ونسیم الریح والفرح [19] الطرب یعنی خوشی میں جھومنا ای الاہتزاز فرحًا وسرورًا از سمع [20] الاین این کے معنے جھکنے کے ہیں یعنی تکلیف اور مسافرت کی مشقت کو وہ بتانے لگا [21] کیف واین یعنی کیف انت ومن این جئت کیف حالت کے پوچھنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے اور این مکان یعنی جگہ کے سوال کے لیے اور یہ اسم ظرف ہے بمعنی کہاں جیسے این یوسف کہاں ہے اور یہ معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے این یا اینما تقف اقف تو جہاں کھڑا ہوگا میں کھڑا ہوں گا [22] ابلعی ای امہلنی از افعال یہ مہلت دینے کے موقع پر بولا جاتا ہے یقال بلع الشیٔ بلعا وابتلعہ ای انزلہ من حلقومہ الی جوفہ از سمع [23] ریقی بمعنی تھوک وراال والجمع اَرْیَاقٌ واعلم ان الریق مادام فی قسم الانسان یقال الرُّضاب ایضا فاذا مضغہ ولاکہ فھو عصیب فاذا سال فھو لعابٌ فاذا رمی بہ فھو بصاق وبزاق ثم اعلم انھم یطلقون البزاق للانسان واللعاب للصبی واللغام للبعیر والروال للدابۃ [24] اَتعبنی از افعال بمعنے مشقت میں ڈالنا اور تھکانا اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے یقال تعِبَ تعبًا جبکہ وہ مشقت میں پڑے اور تھکے [25] مستبطنا از استفعال اور یہ بطن سے مشتق ہے بمعنے چھپانے والا یقال استبطن الشیٔ جبکہ وہ اندر داخل ہو واستبطن الامر جبکہ وہ معاملہ کی تہ معلوم کرے۔ [26] للسغب بمعنی بھوک یقال سَغِبَ سَغبًا ای جاع مع تعب از سمع [27] متکاسلا از باب تفاعل تکاسل مصدر بمعنی سستی کرنا ومجردہ از سمع یقال کسل کسلا ای تواتی وتثاقل عما لا ینبغی التثاقل عنہ فلذا صار مذمومًا فھو کسل وکسلان والجمع کسالی وفی التنزیل ولا یاتون الصلوٰۃ الا وھم کسالی۔ [28] السبب بمعنی ذریعہ ووسیلہ والجمع اسباب [29] المفاجی از مفاعلہ مفاجئۃ مصدر بمعنی اچانک آنا اور اس کا مجرد فتح اور سمع سے آتا ہے المفاجی الذی اے بغتۃً وفجاءۃً [30] الداجی بمعنی تاریکی واندھیرا یقال دجا اللیل دجوًا ودُجوًّا ای اظلم از نصر۔

فَانْقَبَضَ اِنْقِبَاضَ الْمُحْتَشِمِ. وَاَعْرَضَ اِعْرَاضَ الْبَشِمِ. فَسُؤْتُ ظَنًّا بِامْتِنَاعِہٖ. وَاَحْفَظَنِیْ حُؤُوْلَ طِبَاعِہٖ. حَتّٰی کِدْتُ اُغْلِظُ لَہٗ فِی الْکَلَامِ. وَاَلْسَعُہٗ بِحُمَّۃِ الْمَلَامِ. فَتَبَیَّنَ مِنْ لَمُحَاتِ نَاظِرِیْ. مَاخَامَرَ خَاطِرِیْ. فَقَالَ یَا ضَعِیْفَ الثِّقَۃِ. بِاَھْلِ الْمِقَۃِ. عَدِّ عَمَّا اَخْطَرْتَہٗ بِبَالِکَ. وَاسْتَمِعْ اِلَیَّ لَا اَبَا لَکَ. فَقُلْتُ ھَاتِ. یَا اَخَا التُّرُّھَاتِ. فَقَالَ اعْلَمْ اِنِّیْ بِتُّ الْبَارِحَۃَ حَلِیْفَ اِفْلَاسٍ. وَنَجِیَّ وَسْوَاسٍ. فَلَمَّا قَضَی اللَّیْلُ نَحْبَہٗ. وَغَوَّرَ الصُّبْحُ شُھُبَہٗ۔

الترجمۃ والمطالب پس وہ سکڑ بیٹھا جھینپا ہوا (جس طرح شرم دار کو شرم آجائے) اور وہ تخمہ والوں یا آسودہ والوں کی طرح اعراض کرنے لگا اس کے اُس رکنے سے مجھے غم ہوا اور بد گمانی ہوئی اور اس کی طبیعت کے اس پلٹا کھانے سے مجھے بہت ہی غصہ آیا یہاں تک کہ میں غصہ میں آکر اس سے سخت کلامی کرنے لگوں لیکن وہ میرا اندرونی راز جو میرے دل میں گذرا تھا میری ہی نظروں سے وہ ظاہر ہو گیا۔ داؤ نے خود تاڑ لیا اور وہ یہ کہنے لگا اے صاحب جو تمہارا محبت پر کم بھروسہ ہے تم اپنے دل سے خطرات کو دور کر دو اور تم میری طرف متوجہ ہو کر کان لگا کر سنو۔ تمہارا باپ مرے (یعنی تمہارا بُرا ہو) میں نے اس سے کہا اے بیہودہ گو اور باطل لغویات کہنے والے انسان تو کیا کہتا ہے کہہ تو وہ کہنے لگا کہ میں نے گزشتہ رات تنگدستی کا ہم عہد یا ملازم ہو کر اور وسوسوں کی ہمکلامی میں بسر کی ہے جب رات اپنا وقت ختم کر چکی اور صبح نے ستاروں کو غائب کر دیا (چھپا دیا)

تشریح لغات [۱] المحتشم از افتعال حشمت سے بمعنے غصہ ہونا وقال البعض بمعنی شرم وحیا کرنا یقال حَشِمَ حَشْمًا ای غَضِبَ وحَشَمَہٗ ای اغضبہ یتعدی ویلزم از سمع [۲] البشم بہت زیادہ کھانا جس سے تخمہ (ایک بیماری کا نام ہے) ہوجائے یقال بَشِمَ بَشَمًا ای مرض من کثرۃ الاکل از سمع [۳] فلوت ساء یسوء سواءً وسُوْأً۔ بمعنے رنجیدہ کرنا و غمگین کرنا و مکروہ سلوک کرنا از نصر [۴] احفظنی از افعال ای اغضبنی اور یہ حفیظۃ سے مشتق ہے بمعنے غصہ وحمیت اور وہ غصہ جو غیر کی چیزوں پر خود وہ دست درازی کرے یقال احفظنی ای اغضبنی ویقال حفظ الشیٔ حفظا ای منعہ من الضیاع والتلف از سمع [۵] حول مصدر بمعنی برگشتہ و متغیر ہونا یعنی ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا از نصر یقال حال الشیٔ حَوْلاً وحُوُلاً جبکہ برگشتہ ومتغیر ہو [۶] طباعہ یہ طبع کی جمع ہے بمعنی پیدائشی عادت وشال ونمونہ [۷] اغلظ از افعال بمعنی کلام میں سختی کرنا اور غلیظ سے ماخوذ ہے یقال غَلُظَ وغَلَظَ غِلظاً وغلاظۃً جبکہ وہ کلام میں سختی کرے از نصر وضرب وکرم اور یہ رقت کی ضد ہے [۸] السعہ لَسْعٌ مصدر بمعنی کاٹنا یقال لَسَعَہٗ لَسْعًا ای لذغہ از فتح [۹] حمۃ بمعنے ڈنک بچھو وغیرہ کا والجمع حُمَاتٌ وحُمًی [۱۰] الملام یہ مصدر میمی ہے بمعنی ملامت کرنا از نصر [۱۱] لمحات یہ لمحۃ کی جمع ہے بمعنے دیکھنا واشارہ کرنا [۱۲] خامر از مفاعلہ ای خالط اور یہ خمر سے ماخوذ ہے بمعنی الستر یقال خمرہ خمرًا ای سترہ از نصر وضرب وبمعنی سقاہ خمرًا وخمِرَ خَمَرًا ای استتر از سمع ومنہ الخمار [۱۳] الثقۃ ای الاعتماد یقال وثقت بہ ثقۃ ووثوقا وموثقا ای اعتمدت علیہ از ضرب ومنہ المیثاق بمعنی عقد مؤکد بیمین وعہد [۱۴] المقۃ یہ عِدَۃٌ کے وزن پر مصدر ہے بمعنی زیادہ محبت کرنا یقال وَمِقَہٗ وَمْقًا ومِقَۃً ای احبہ از حسب [۱۵] استمع امر حاضر کا صیغہ استماع مصدر از استفعال بمعنی سننا وکان لگانا [۱۶] ہات یہ اسم فعل ہے بمعنی تو لا۔ لاتو یقال ہات یا رجل وہاتی یا امرأۃ وہاتیا یا رجلان یا امرأتان وہاتوا یا رجال وہاتین یا نساء۔ [۱۷] الترہات یہ تُرَّہۃٌ کی جمع ہے بمعنی اباطیل ولغویات یقال ترہ ترھا ای وقع فی الاباطیل والدواھی از سمع والترۃ الباطل کالترھۃ فالجمع ترادیھۃ [۱۸] بت بیتوتۃ مصدر بمعنی رات گذارنا از ضرب [۱۹] حلیف بمعنے عہد وپیمان کرنے والا ولازم وساتھی یقال فلان حلیف الجود یعنی فلاں جود وبخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض ہے والجمع حلفاء [۲۰] افلاس مصدر بمعنی غریبی ومحتاجی اور یہ غنی کی ضد ہے ویبن لثلاثی [۲۱] نجی بمعنے مشورہ کے لیے آہستہ آہستہ بات کہنا وبمعنی بھید وبات کرنے والا وحدی پڑھنے والے کی آواز و بلند آواز سے جانوروں کو ہانکنے والا وتیز [۲۲] وسواس یہ وَسْوَسٌ کا اسم ہے اور بمعنی شیطان اور ایک مرض کا نام بھی ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے اور دل میں جو برائی یا بے نفع بات گذرے اس پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ والجمع وساوس [۲۳] قضی بمعنی پورا کرنا یقال قضی فلان حاجتہ

جبکہ وہ پورا کرے از ضرب ؎۲۴ والنحب یہ مصدر ہے بمعنی النذر المحکوم بوجوبہ و معناہ الموت والاجل والحاجۃ والوقت والمدۃ ایضا یقال قضی فلان نحبہ ای قضی اجلہ وفی التنزیل فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر۔ ؎۲۵ غور از باب تفعیل تغویر مصدر بمعنی غائب کرنا و سور بہنا اور یک چشم دیکھنا اور گڑھے میں گرنا اور یہاں اس کے معنی غائب کرتے کے ہیں ؎۲۶ شہب یہ شہاب کی جمع ہے بمعنی تارہ و ٹوٹا ہوا تارہ و آگ کی چمک و نیزہ کا پھل اور اس کی جمع شہبان اور شہبانٌ اور اشہب بھی آتی ہے اور یہاں اس کے معنی تارے کے ہیں۔

غَدَوْتُ ؎۱ وَقْتَ الْاِشْرَاقِ ؎۲ ۔ اِلٰی بَعْضِ الْاَسْوَاقِ ؎۳ ۔ مُتَصَدِّیًا ؎۴ لِصَیْدٍ یَسْنَحُ ؎۵ ۔ اَوْحُرٍّ یَسْمَحُ ؎۶ ۔ فَلَحَظْتُ بِهَا تَمْرًا ؎۷ قَدْ حُسِّنَ تَصْفِیْفُهٗ ؎۸ ۔ وَاَحْسَنَ اِلَیْهِ مُصَیِّفُهٗ ؎۹ ۔ فَجَمَعَ عَلَی التَّحْقِیْقِ ۔ صَفَاءَ الرَّحِیْقِ ؎۱۰ ۔ وَ قُنُوْءَ ؎۱۱ الْعَقِیْقِ ۔ وَقُبَالَتَهٗ ؎۱۲ لِبَاءٌ ؎۱۳ قَدْ بَرَزَ کَالْاِبْرِیْزِ الْاَصْفَرِ ۔ وَانْجَلٰی فِی اللَّوْنِ الْمُزَعْفَرِ ۔ فَهُوَ یُثْنِیْ ؎۱۴ عَلٰی طَاهِیْهِ ۔ بِلِسَانٍ تَنَاهِیْهِ ۔ وَیُصَوِّبُ رَأْیَ مُشْتَرِیْهِ ۔ وَلَوْ نَقَدَ حَبَّةَ الْقَلْبِ فِیْهِ ۔

الترجمۃ والمطالب تو سورج چڑھے (آفتاب نکلے) میں بازار کی طرف کسی ظاہر ہونے والے شکار یا جوانمرد سخی کی تلاش میں چل کھڑا ہوا میں کیا دیکھتا ہوں کہ نہایت خوشنما طرز پر سجی سجائی قطار در قطار کھجوریں بازار میں رکھی ہوئی ہیں جن کی رونق کو موسم گرما نے دوبالا کر رکھا ہے یقیناً یوں سمجھو کہ شراب خالص جیسی صاف اور وہ عقیق پتھر کی طرح سرخ تھیں اور ان کے سامنے پیوسی یا کھیس تھی جو سونے زرد (خالص) جیسی تھی اور وہ نہایت کھلے ہوئے زعفرانی رنگ کی تھی رکھی ہوئی تھی گویا وہ انتہائی فصاحت سے اپنے پکانے والے کی تعریف کر رہی تھی اور اپنے خریدار کی رائے کی تائید کر رہی تھی اگرچہ اُس کی قیمت میں دانۂ دل ہی کیوں نہ خرچ کرنا (دینا) پڑے۔

تشریح لغات ؎۱ غدوت ای ذہبت ومشیت فی الغدوۃ یعنی اوّل النہار یقال غدا یغدو غدواً جبکہ وہ صبح کے وقت جائے از نصر ؎۲ الاشراق مصدر از افعال بمعنی آفتاب نکلنا اب معنی میں خاص وہ وقت جب تک آفتاب نکلے یقال اشرقت الشمسُ جبکہ آفتاب نکلے اور چمکے واشرق وجہہ جبکہ چہرہ چمکدار ہو واشرق المکان جبکہ مکان سورج کی چمک سے روشن ہو واشرق الرجل جبکہ وہ طلوع آفتاب کے وقت داخل ہو ؎۳ الاسواق یہ سوق کی جمع ہے بمعنی بازار یہ مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے ومنہ سوق الحرب یعنی میدان جنگ ؎۴ متصدیا تصدی مصدر از باب تفعل بمعنے درپے ہونا یقال تصدی لہ جبکہ وہ درپے ہو وتصدّی للامر جبکہ وہ کسی معاملہ کے لیے متوجہ ہو وفی التنزیل فانت لہ تصدیٰ ؎۵ یسنح از فتح بمعنے یظہر یقال سنح للامراد الرای سُنحاً وسُنحاً وسنوحاً جبکہ پیش آئے اور ظاہر ہو وسنح لی الشعر بمعنی شعر آسان ہوا وسنح بکذا یعنی اس نے اشارہ سے سمجھایا وسنح الرجل عن رایہٖ جبکہ رائے سے پھیر دے وسنح بہ وعلیہ جبکہ وہ تنگی ڈالے اور تکلیف پہنچائے ومنہ السانح اسم فاعل وہ جانور جو بائیں طرف سے اور بارح وہ جانور جو دائیں طرف سے آئے اور عرب سانح سے نیک شگون اور بارح سے بدشگون لیا کرتے تھے ومنہ المثال من لی بالسانح بعد البارح ؎۶ یسمح از کرم یقال سمح سماحاً وسموحاً وسماحۃ وسموحۃ وسمحا وسماحًا۔ جبکہ وہ فیاض اور سخی ہو وازفتح یقال سَمَحَ سَماحۃً وسماحًا بکذا۔ جبکہ وہ بخشش کرے وسمح لہ بالشئی جبکہ وہ دے وسمح العودُ جبکہ لکڑی نرم ہو وسمحت الناقۃ جبکہ اونٹنی

تابعدار اور تیز رفتار ہو [۴] فلحظت ای نظرت یقال لحظہ والیہ لحظاً ای نظر الیہ از فتح [۵] بھا ای ببعض الاسواق [۹] تمر اُخرماء (کھجور) اور اس کا واحد تمرۃٌ ہے وا لجمع تمرات وتمورٌ وتمران والتمر الھندی بمعنی املی [۱۰] حسن از باب تفعیل تحسین مصدر بمعنی اچھا کر دینا [۱۱] تصفیف بمعنے صف بندی کرنا اور یہ باب تفعیل کا مصدر ہے یقال صَفَّفَ الشئ جبکہ صف بنائے وصفف القوم جبکہ میدان جنگ میں صف بندی کرے اور اس کا مجرد نصر سے اسی معنی میں آتا ہے [۱۲] مصیف موسم گرما بسر کرنے کا مکان اور متصیف اور مصطاف کے بھی یہ ہی معنی آتے ہیں اور یہاں اس سے مراد موسم گرما ہے کہ اس میں تمر کو خشک کرتے ہیں (یعنی وہ بہت اچھی پکی ہوئی تھی [۱۳] الرحیق بمعنے صاف شراب اور رحیقؔ یہ ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے یقال مسکٌ رحیقٌ یعنی خالص مشک وحسب رحیق یعنی بے داغ حسب [۱۴] قنوء یہ مہموز لازم ہے بمعنے بہت سرخ شراب یقال قنأ الشئ قنوءاً ای اشتد حمرتہ از فتح [۱۵] العقیق یہ ایک قسم کا قیمتی پتھر ہے یا لال یمنی کو کہتے ہیں اور بعض سرخ مہرے کو کہتے ہیں [۱۶] قبالتہ بالضم یقال جلس قبالتہٗ یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا قبالتہ کے معنی سامنے کے ہیں [۱۷] لبا بالکسر عنب کے وزن پر بمعنی پیوسی جس کو ہمارے یوپی میں کھیس کہتے ہیں اور فارسی میں آغوز کہتے ہیں یقال لبا الشاۃ لبأً ای احتلب لبأھا از فتح والمراد ھھنا اللبأ المطبوخ اذا طبخ یصیر جامدا اصفر یشتھیہ الانسان من غایۃ لطافتہ۔
[۱۸] الابریز بمعنی خالص سونا۔ [۱۹] المزعفر اسم مفعول کا صیغہ از بعثر یقال زعفرہ جبکہ وہ زعفران سے رنگے وزعفر الطعام جبکہ وہ کھانے میں زعفران ڈالے اور زعفران یہ ایک قسم کی خوشبو کا نام ہے جس کو کیسر بھی کہتے ہیں والجمع زعافر [۲۰] تینی اثنار مصدر از افعال بمعنے تعریف کرنا [۲۱] طاہیہ اسم فاعل کا صیغہ بمعنی پکانے والا باورچی اور بھوننے والا (نان بائی)۔ یقال طھا اللحمَ طَھْواً وطُھُوّاً وطُھِیًّا ای طبخہٗ از نصر و فتح اور طاہی کی جمع طہاۃٌ وطُہِیٌّ آتی ہے اور اس کا مونث طاہیۃٌ ہے والجمع طواہٍ وطاہیات [۲۲] تناہیۃ یہ مصدر ہے۔ اسم فاعل کے معنی میں ای منتہیہ [۲۳] یصوب از باب تفعیل اس کا مصدر تصویب ہے یقال صَوَّبَ لہ رایہٗ جبکہ تصدیق کرے وصوب فلانا جبکہ وہ کسی کی تصدیق کرے اور یہ صواب کی طرف منسوب ہے [۲۴] مشتریہ بمعنی خریدار از افتعال یقال اشتری جبکہ وہ خریدے اور بیچے [۲۵] نقد از نصر یقال نقد فلانا وفلان الثمن جبکہ وہ نقد ادا کرے ونقدہ درہما جبکہ دے اور اس کا مصدر نقد ہے بمعنی دینا [۲۶] حبۃ القلب بمعنی دل کا دانہ یا روح والجمع حَبَّاتٌ اور اصل میں سویداء قلب کو کہتے ہیں [۲۷] فیہ ای فی اللبأ واشترائہ

فَاسَرَتْنِي الشَّهْوَةُ بِاَشْطَانِهَا۔ وَاَسْلَمَتْنِي الْعَيْمَةُ اِلٰى سُلْطَانِهَا۔ فَبَقِيْتُ اَحْيَرَ مِنْ ضَبٍّ وَاَذْهَلَ مِنْ صَبٍّ۔ لَا وُجْدَ يُوْصِلُنِيْ اِلٰى نَيْلِ الْمُرَادِ۔ وَلَا جِدَةَ اِلَّا نِهَادُ زَادٍ۔ وَلَا قَدَمَ يُطَاوِعُنِيْ عَلَى الذَّهَابِ۔ مَعَ حُرْقَةِ الْاِلْتِهَابِ۔ لٰكِنْ حَدَانِي الْقَرَمُ وَسَوْرَتُهٗ۔ وَالسَّغَبُ وَفَوْرَتُهٗ۔ عَلٰى اَنْ اَنْتَجِعَ كُلَّ اَرْضٍ۔ وَاَقْتَنِعَ مِنَ الْوِرْدِ بِبَرْضٍ۔ فَلَمْ اَزَلْ سَحَابَةَ ذٰلِكَ النَّهَارِ۔ اُدْلِيْ دَلْوِيْ اِلَى الْاَنْهَارِ۔

الترجمۃ والمطالب یہ دیکھ کر مجھے خواہش نے اس کی رسیوں میں جکڑ دیا (قید کر دیا) اور دودھ کی خواہش نے اپنے غلبہ کی طرف مجھے سونپ دیا (یعنی میرا بے اختیار کھانے کو جی چاہنے لگا) لیکن میں گوہ سے پریشان (یا حیرت زدہ) اور عاشق سے زیادہ از خود رفتہ ہو کر (یعنی میں اپنے سے بے قابو رہ گیا یعنی میرے پاس نہ تو روپیہ (یا مال داری تھی) کہ جس

سے میری مطلب برآری ہو سکے اور بس نگلنے کی لذت سے فائدہ اٹھا سکوں اور نہ میرے پاؤں شدت بھوک کی وجہ سے لوٹنے کا نام لیتے تھے خلاصہ یہ کہ مجھ کو خواہش اور اس کی شدت بھوک اور اس کی سختی نے اس بات پر آمادہ کیا کہ میں ہر جگہ بھیک مانگنے کے لیے جاؤں اور میں تھوڑے ہی پانی پر قناعت (صبر) کروں چنانچہ میں دن بھر نہروں میں ڈول لٹکاتا پھرا۔

تشریح لغات

لہ فاسرتنی ای قیدتنی از ضرب ومنہ الاسیر بمعنی قیدی والجمع اُسریٰ واُساریٰ واَساریٰ ٢ہ الشھوۃ بمعنے خواہش والجمع شھوات وفی التنزیل واتبعوا الشھوات ٣ہ باشطانہا یہ شَطَنٌ کی جمع ہے بمعنے مطلقاً رسی وقال صاحب الاقرب الموار دبڑی رسی کو کہتے ہیں اور اس سے مراد اسباب و ذرائع ہیں یقال شطنہ شطنا ای شدہ بالشطن (ای الحبل) از نصر ٤ہ العیمۃ دودھ کی سخت خواہش یقال عام یعام ویعیم عیما وعیمۃ ای کان بہ عیمۃ از سمع وضرب واعلو انھم یقولون فلان جائع الی الخبز قرم الی اللحم وعطشان الی الماء وعیمان الی اللبن وبرد الی التمر وجیعم الی الفاکھۃ وشبق الی النکاح ...
٥ہ سلطانہا بمعنے غلبہ وحجت وقبضہ وقدرت و بادشاہ والجمع سلاطین اور یہ سلاطت سے مشتق ہے جس کے معنی دبدبہ اور غلبہ کے ہیں از کرم وسمع ٦ہ اَحْیَر من ضب یہ حیرت کے وقت عرب میں مشہور مثل ہے اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ جب گوہ اپنے بھٹ یا سوراخ سے نکلتی ہے تو اس کو اپنا سوراخ نہیں ملتا وہ حیرت اور پریشانی میں رہا کرتی ہے اس لیے وہ پتھر اپنے سوراخ کے پاس رکھ جاتی ہے تاکہ پہچان رہے شکاری اس کو ہٹا دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان ہو جاتی ہے اور وہ بہت جلد شکاری کے پھندے میں پھنس جاتی ہے والجمع ضِبَّانٌ وضِبَابٌ واَضُبٌّ ومَضَبَّۃٌ اور عرب کہتے تھے لا افعل حتی یَرِدَ الضَّبُّ یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لیے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی وکذلک یضرب بہ المثل فیمن لا یھتدی الی مقصدہ ٧ہ اذھل از فتح اور یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے یقال ذَھَلَ ذَھلاً و ذُھُولاً وذھل الشیٔ وعنہ جبکہ بھول جائے اور غافل ہو جائے اور سمع سے بمعنے ہکا بکا ہونا اور ہوش میں نہ رہنا ٨ہ صَبٌّ بمعنی عاشق والجمع صُبُّون اور اس کا مونث صَبَّۃٌ ہے والجمع صبات ٩ہ وجد بالضم والکسر بمعنی محبت وخوشی وتوانگری وقدرت اور یہاں معنی مالداری کے ہیں وفی التنزیل من وجدکم الخ ١٠ہ نیل مصدر بمعنے پانا یقال نلتہ نیلاً جبکہ مطلوب میرا حاصل ہو از ضرب وسمع اور اس کا فاعل کا صیغہ نائل آتا ہے اور مفعول کا صیغہ منیل آتا ہے
١١ہ لذۃ بمعنی مزہ والجمع لذات یقال لذَّ الشیٔ لذاذاً ولذاذۃً ای صار شھیا از سمع ولذ الشیٔ وبالشیٔ لذاذا ای وجدہ لذیذا از سمع ایضا ١٢۔ ١٢ہ الازدراد یہ مصدر باب افتعال سے ہے بمعنی نگلنا یقال زَرِدَ اللُّقْمَۃَ زرداً وازدرد وتزرد جبکہ وہ لقمہ کو جلدی سے نگلے از سمع ویقال تَزَرَّدَ الیمینَ جبکہ وہ لاپروائی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کرے ١٣ہ الالتہاب بمعنی آگ کا روشن ہونا اور یہ مصدر باب افتعال سے ہے ای اشتعال نار الجوع یقال لھبت النار لَھَبًا ولھیبا ای اشتعلت از سمع ١٤ہ حدانی ای ساقنی یقال حداہ حدوا وحداءً وحُداءً ای ساقہ وغنی لہ از نصر ١٥ہ القرم اصلہ شھوۃ اللحم واستعیر ھھنا لشھوۃ اللبن یقال قَرِمَ الی اللحم قرما ای اشتدت شھوتہ الیہ از سمع ١٢ ١٦ہ سورتہ بمعنی تیزی یقال سورۃ الخمر یعنی شراب کی تیزی وسورۃ السلطان یعنی بادشاہ کا دبدبہ وسورۃ المجد یعنی بزرگی کا اثر وسورۃ البرد یعنی سردی کی تیزی ١٧ہ فورتہ بمعنے جوش و اُبال اور تیزی یقال فارت القِدْرُ فوراً وفوراناً ای غلت از نصر وفی التنزیل وفار التنور ١٨ہ انتجع از افتعال انتجاع مصدر یقال انتجع القومُ الکلاءَ جبکہ وہ چراگاہ کی تلاش میں جائے وانتجع فلانا جبکہ وہ بخشش طلب کرنے کے لیے کسی کے پاس آئے ١٩ہ اقتنع اقتناع مصدر از افتعال بمعنی قناعت حاصل کرنا ای الاجتزاء بلیسیر یقال قَنِعَ قَنَاعَۃً اذا رضی بہ وبابہ سمع وقنع

قُنوعًا اذا سَأل از سمع ایضًا [۱۹] الوِرد. بالکسر پہونچنا والجمع اوراد بمعنی پیاس و پانی کا وہ حصہ اور وہ پانی جس پر لوگ پہنچیں اور پانی پر پہنچنے والے لوگ یا اونٹ ولشکر و پرندوں کی قطار۔ [۲۰] ببرض بمعنی تھوڑا پانی والجمع بَرَاضٌ وابْرَاضٌ وبُرُوضٌ یقال برض الماء من العین برضًا ای خرج قلیلا از نصر [۲۱] سحابۃ بمعنے کھینچنا وبمعنی مسحوب اور اس سے مراد دن کی درازی ہے یقال سحابۃ النہار ای طولہ وامتدادہ ویقال اقمت عندہ سحابۃ یومنا ای اطول یومنا ویقال للیوم الطویل یوم مسحاب لان یوم الغیم طویل فی اعین الناس [۲۲] النہار بمعنی دن والجمع اَنْہُرٌ ونُہُرٌ اور نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک کو کہتے ہیں [۲۳] ادلی اولاءً مصدر از افعال بمعنی ڈول کا ڈالنا یقال دلوت الدلو دلوًا ای ارسلتہا فی البیر از نصر اب اس کے معنی مطلق لگاتے کے ہو گئے ہیں [۲۴] دلو بمعنی ڈول والجمع دِلاءٌ اَدْلٍ ودُلِیٌّ واستعیر للتوصل الی الشیٔ وفی التنزیل وتدلوا بہا الی الحکام [۲۵] الانہار یہ نہر بسکون الاوسط کی جمع ہے وہو مجری الماء الفائض والجمع نُہُرٌ وَاَنْہُرٌ ونہورٌ ایضًا والنہر بالفتح السعۃ یقال نہر الماء نہرًا ای اجری فی الارض ونہر الدم ای سال بقوۃ از فتح والمراد من ہذا کلہ ہو السعی فی الاکتساب۔

وَهِيَ لَاتَرْجِعُ بِبُلَّةٍ [۱]. وَلَاتَجْلِبُ [۲] نَقْعَ [۳] غُلَّةٍ [۴]. اِلٰى اَنْ صَغَتِ [۵] الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ. وَضَعُفَتِ النَّفْسُ مِنَ اللُّغُوْبِ [۶]. فَرُحْتُ بِكَبِدٍ [۷] حَرّٰى. وَانْثَنَيْتُ [۸] اُقَدِّمُ رِجْلًا. وَاُؤَخِّرُ اُخْرٰى. وَبَيْنَمَا اَنَا اَسْعٰى وَاَتَعَدّٰى. وَاَهُبُّ [۹] وَاَرْكُدُ [۱۰]. اِذْ قَابَلَنِيْ [۱۱] شَيْخٌ يَتَاَوَّهُ. اٰهَةَ الثَّكْلَانِ [۱۲]. وَعَيْنَاهُ تَهْمُلَانِ [۱۳]. فَمَا شَغَلَنِيْ مَا اَنَا فِيْهِ مِنْ دَاءِ الذِّيْبِ [۱۸]. وَالْخَوَى [۱۹] الْمُذِيْبِ [۲۰]. عَنْ تَعَاطِيْ [۲۱] مُدَاخَلَتِهٖ [۲۲]. وَالطَّمَعِ [۲۳] فِيْ مُخَاتَلَتِهٖ [۲۴] زیب داون ۱۲

الترجمۃ والمطالب اور لیکن وہ ڈول تر ہو کر بھی نہیں لوٹتا اور وہ پیاس بجھانے کے قابل بھی نہیں لایا یہاں تک کہ سورج کے ڈوبنے کا وقت آ گیا اور تھکان کی وجہ سے میری جان سست ہو گئی آخر کار میں لوٹا ایسے جگر کے ساتھ جس میں پیاس کی جلن تھی اور شام کے وقت میں اس حالت میں واپس ہوا کہ ایک پاؤں کو آگے بڑھاتا تھا تو دوسرا پیچھے کو رکھتا تھا اور میں کبھی دوڑنے لگتا اور کبھی تھک کر بیٹھ جاتا اور کبھی چلنے لگتا تو کبھی ٹھیر جاتا اسی حال میں یکایک ایک بوڑھا میرے سامنے آیا اور وہ اس طرح روتا تھا (یعنی آہ وزاری کرتا تھا) جس طرح کہ عورت کا بچہ گم ہو جائے اور وہ روئے اور اس کی دونوں آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے لیکن مجھے میری مصیبت (یعنی بھوک) اور انتڑیوں کو پگھلانے والی بھوک نے اور اس کے معاملات میں پڑنے اور اس کو دھوکا دینے کے لالچ سے قطعًا مجھے روکا نہیں (یعنی میں نے اس کی تحقیق حال میں کوئی کسر نہیں چھوڑی حالانکہ مجھے سخت بھوک لگی تھی۔)

تشریح لغات [۱] بلۃ الشیٔ القلیل من الماء یعنی تری یقال بَلَّہٗ من الماء بلًّا وبِلَّۃً وبَلَلًا جب کہ تر کرے از نصر [۲] لا تجلب جلب مصدر بمعنی کھینچنا یہاں اس سے مراد حاصل کرنا یقال جَلَبَہٗ جَلْبًا وجَلَبًا ای ساق وجاء بہ از نصر وضرب [۳] نقع مصدر بمعنی سیرابی یقال نقع الماء العطش نقعًا ای سکنہ، وقطعہ از فتح [۴] غلۃ بالضم بمعنی پیاس یقال غُلَّ غلًّا وغُلَّۃً ای اشتد عطشہ فہو غلیل از نصر [۵] صغت ای مالت یقال صغا الیہ یصغو ویصغی صغوًا وصَغِیَ یصغی اصغی وصغیًا جبکہ وہ جھکے از نصر وسمع [۶] اللغوب مصدر بمعنے تھکنا ای التعب والنصب یقال لَغَبَ لُغْبًا ولُغُوْبًا ولَغِبَ لغبًا ای تعب واعیٰی اشد الاعیاء از نصر وفتح وکرم وسمع

[7] فرحت ای رجعت وقت المساء یقال راح القوم والیهم وعندهم رواحًا ورواحًا جبکہ شام کے وقت کسی کے پاس جائے اور مطلقًا اس کے معنے جانے کے آتے ہیں از نصر ونیقال راح رواحًا جبکہ وہ شام کے وقت آئے یا جائے یا کام کرے [8] کَبِدٌ بکسر الباء جگر وکلیجہ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے۔ والجمع اکباد وکبود یقال کبد کبدًا ای شکا کبدہ از سمع وبمعنی المشقۃ ایضا وفی التنزیل لقد خلقنا الانسان فی کبد [9] حَرّٰی یہ حَارٌ کا مونث ہے بمعنی بہت پیاسا والجمع حِرَارٌ وحراریٰ [10] انثنیتُ انثناء مصدر از انفعال بمعنی لوٹنا اور اس کا مجرد ضرب سے آتا ہے [11] اقدم رجلًا الخ یہ مثل ہے اور ایسے وقت استعمال کرتے ہیں جبکہ انسان حیرت اور فکر میں ڈوب جائے یعنی ایک پیر سے قدم اٹھا کر کام کرنے کا وہ ارادہ کرے اور دوسرا پیروہ اپنا نہ بڑھائے یعنی وہ اپنے ارادے سے رک جائے [12] اہب ای اُسْرِعُ واتحرک اور یہ مضارع متکلم کا صیغہ ہے اور یہ ہبّت الریح ہُبُوبًا وہبًّا وہبیبًا سے ماخوذ ہے جبکہ ہوا تیز چلے از نصر وہَبَّ الرجل من النوم وہ نیند سے بیدار ہو [13] ارکد صیغہ مضارع متکلم رکود مصدر بمعنی ٹھیرنا یقال رکد الماء رکودًا ای سکن از نصر [14] قابلنی از باب مفاعلہ مقابلہ مصدر بمعنی سامنے آنا یقال قابلہ جبکہ سامنے آئے وقابل الشئ بالشئ جبکہ وہ مقابلہ کے لیے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرے [15] یَتَأَوَّہُ تاوّہ مصدر از تفعل درد کی وجہ سے آہ آہ کرنا یقال اٰہ اَوْہًا واَوَّہَ وتاوّہ ای توجّع وقال آہ آہ از نصر [16] الثکلان یہ صفت کا صیغہ ہے وہ عورت جس کا بچہ گم ہو جائے اور وہ روئے یقال ثکل ابنہ ثکلًا ای فقدہ از سمع اور ثکلان اس کی جمع ثواکل اور ثکالیٰ آتی ہے [17] تہملان ای تسیلان وتدمعان یقال ہملت عینہ ہملًا وہملانا وہمولا ای فاضت دموعا از نصر وضرب [18] داء الذئب بمعنی بھوک۔ بھیڑیئے کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ بھوک پر مطلق صبر نہیں کرسکتا۔ یا اس لیے کہ وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے اور وہ کبھی سیر نہیں ہوتا اس کے جسم میں بہت زیادہ گرمی ہوتی ہے اس لیے جو چیز وہ کھاتا ہے وہ ہضم ہو کر فورًا تحلیل ہو جاتی ہے اور یہ دشمن کے حق میں بد دعا کے طور پر کہا جاتا ہے یقال رماہ اللہ بداء الذئب [19] الخوی بمعنی خالی ہونا وہو خلو الجوف من الطعام یقال خوی الرجل خواءً ای خلا بطنہ من الطعام وجاع وخوی البیت ای سقط وتہدم از ضرب [20] المذیب اذابۃ مصدر از باب افعال بمعنی پگھلانا یقال ذاب ذوبًا ای ضد جمد از نصر [21] تعاطی مصدر از باب تفاعل بمعنی لینا [22] مداخلۃ مصدر از باب مفاعلہ اصلی معنے گھس پڑنا اب اس کے معنی دخل دینے کے ہو گئے ہیں یقال داخلہ مداخلۃً جبکہ وہ دخل دے [23] الطمع بمعنے شہوۃ نفس از سمع یقال طمع بالشئ وفی الشئ طمعًا ای حرص علیہ [24] مخاتلۃ یہ مصدر ہے باب مفاعلہ سے بمعنے دھوکا دینا یقال ختلہ ختلًا ای خدعہ از نصر وضرب۔

فَقُلْتُ لَہٗ یَاھٰذَا اِنَّ لِبُکَائِکَ سِرًّا۔ وَوَرَاءَ تَحَرُّقِکَ لَشَرًّا۔ فَاطْلِعْنِیْ عَلٰی بُرَحَائِکَ۔ وَاتَّخِذْنِیْ مِنْ نُصَحَائِکَ۔ فَاِنَّکَ سَتَجِدُ مِنِّیْ طَبًّا اٰسِیًا۔ اَوْعَوْنًا مُوَاسِیًا۔ فَقَالَ وَاللّٰہِ مَا تَاَوُّھِیْ مِنْ عَیْشٍ نَاتٍ۔ وَلَا مِنْ دَھْرٍ اَفْنَاتٍ۔ بَلْ لِانْقِرَاضِ الْعِلْمِ وَدُرُوْسِہٖ۔ وَاُفُوْلِ اَقْمَارِہٖ وَشُمُوْسِہٖ۔ فَقُلْتُ وَاَیَّ حَادِثَۃٍ نَجَمَتْ۔ وَقَضِیَّۃٍ اسْتَعْجَمَتْ۔ حَتّٰی ھَاجَتْ لَکَ الْاَسَفَ۔ عَلٰی فَقْدِ مَنْ سَلَفَ۔ فَاَبْرَزَ رُقْعَۃً مِنْ کُمِّہٖ۔ وَاَقْسَمَ بِاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ۔ لَقَدْ اَنْزَلَھَا بِاَعْلَامِ الْمَدَارِسِ۔ فَمَا امْتَازُوْا عَنِ الْاَعْلَامِ الدَّوَارِسِ۔ وَاسْتَنْطَقَ لَھَا اَحْبَارَ الْمَحَابِرِ۔ فَخَرِسُوْا وَلَا خَرَسَ سُکَّانِ الْمَقَابِرِ۔

الترجمۃ والمطالب | چنانچہ میں اس سے کہنے لگا اے شیخ آپ کے رونے میں کوئی نہ کوئی بھید ضرور ہے اور آپ کی سوزش

کی آڑ میں ضرور کوئی بڑا ہنر ہے پس آپ اپنی تکلیف اور مصیبت مجھے ظاہر کیجئے اور آپ مجھ کو اپنا خیر خواہ جانئے بلاشبہ آپ مجھے ماہر طبیب اور یا دوا دینے والا (مددگار) غمخوار اپنا پائیں گے۔ وہ کہنے لگا خدا کی قسم میرا آہ آہ کرنا (یعنی رونا پیٹنا) نہ تو عیش کے جانے کی وجہ سے ہے اور نہ ظالم زمانہ کی وجہ سے بلکہ علم کے ختم ہونے اور اس کے مٹ جانے پر ہے اور علم کے چاندوں اور سورجوں کے ڈوب جانے پر ہے۔ (یعنی علماء اور فقہاء کا ختم ہونا) میں نے اس سے پوچھا کہ کونسا حادثہ جانکاہ اور نئی بات پیش آئی جس سے آپ مشتعل ہوئے (یعنی بے چین ہوئے) ان لوگوں پر جو انتقال کر گئے ہیں یا وہ ہم سے مخفی ہیں پس یہ سن کر اپنی آستین سے ایک کاغذ کا پرچہ نکالا اور اپنے ماں باپ کی قسم کھا کر یہ کہا کہ میں اس پرچہ کو علمائے مدارس کے پاس لے گیا لیکن وہ مٹے ہوئے نشانات سے بہتر ثابت نہ ہوئے اور اس پرچہ کے متعلق علمائے دوات وقلم (یعنی بڑے بڑے صاحب تحریر) سے پوچھا لیکن وہ مردوں سے بھی زیادہ گونگے نکلے (یعنی وہ میرے پرچہ کا جواب نہ دے سکے)

تشریح لغات [۱] سِرًا بالکسر بمعنی بھید دراز والجمع اسرارٌ [۲] وراء یہ اضداد میں سے ہے اس کے معنی آگے اور پیچھے کے آتے ہیں اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے اور اس کی تصغیر وریئۃ اور وُرَیّیٌ آتی ہے [۳] لشر مصدر بمعنی برائی والجمع شرورٌ اور یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے اور یہ اصل میں اَشَرّٗ تھا اور یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں [۴] برحاًبک بمعنی برائی وسختی وتکلیف یقال برح الرجلُ برحًا جبکہ وہ غضبناک ہو وبرح بہ الامُر جبکہ وہ تھکائے اور سخت تکلیف دے وبرح اللہ عنک جبکہ خدا تکلیف دور کرے از نصر [۵] نصحاً لک یہ ناصح کی جمع ہے بمعنے خیر خواہی کرنے والا اور نصیحت کرنے والا از فتح [۶] طبا بالفتح بمعنے طبیب حاذق و ماہر یقال طبّہ طبًّا ای داواہ از نصر وضرب یقال ہو طب بہذا الامر ای ماہر یعنی وہ اس امر کا عالم ہے یعنی طبیب ہے [۷] آسیا بمعنے علاج کرنے والا دوا کرنے والا یقال اَسِیَ اَسًی جبکہ وہ غمگین ہو [۸] عونا بمعنی مددگار ومعین والجمع اعوانٌ [۹] مواسیا اسم فاعل کا صیغہ از مفاعلہ بمعنی غمخواری کرنے والا یقال آسَی الرجلَ فی مالہ جبکہ وہ مالی ہمدردی کرے وآسیتُہ بنفسی جبکہ اپنے برابر سمجھے [۱۰] تاوہ مصدر بمعنی درد کی وجہ سے آہ آہ کرنا از تفعل وقد مرّ تحقیقہ [۱۱] فوتَ مصدر بمعنی گذرنا اور فوت ہونا۔ یقال فات الامر فوتًا وفواتًا جبکہ گزرے اور وقت جاتا رہے وفاتہ الامُر جبکہ حاصل کرنے میں ناکام رہے وفاتہ فلانٌ فی کذا جبکہ وہ آگے بڑھ جائے وفات الشئی جبکہ تجاوز کرے از نصر [۱۲] افتنات ای تعدّی وظلم از افتعال، افتات الکلام جبکہ وہ نئی گفتگو کرے وافتات برایہ جبکہ وہ خود رائی کرے وافتات بامرہ جبکہ وہ کر گزرے اور مشورہ نہ کرے وافتات علی فلان فی الامر جبکہ وہ حکم کرے اور فیصلہ کرے وافتاتہ الامر جبکہ فوت ہو جائے ویقال فلان لایُفتات علیہ یعنی فلاں کی اجازت کے بغیر کام نہیں کیا جاتا [۱۳] لانقراض مصدر از باب انفعال بمعنے ختم ہونا ومنقطع ہونا یقال قرضہ قرضا ای قطعہ از ضرب وقال الراغب القرض قطع المکان وتجاوزہ وفی التنزیل اذا غربت تقرضہم ذات الشمال [۱۴] دورس مصدر بمعنی مٹنا ای فناؤہ وذہابہ یقال درَسَ الرسمُ درُوسًا ای انمحٰی از نصر [۱۵] افول مصدر بمعنی غروب ہونا یقال افل القمر جبکہ چاند غائب ہو اور غروب ہو از نصر وسمع ومنہ افلت الشمس ای غربت وغابت الشمس [۱۶] شموسہ یہ شمس کی جمع ہے بمعنے آفتاب اور اس سے مراد علماء اور فقہاء ہیں [۱۷] نجمت نجوم مصدر بمعنی ظاہر ہونا اور نکلنا یقال نجم الشئیُ نجمًا ونجومًا ای طلع وظہر از نصر ومنہ النجم الکوکب ای الطالع والجمع نجومٌ [۱۸] استعجمت استعجام مصدر از استفعال بمعنی مبہم وپوشیدہ ہونا اس میں س اور ت طلب کے لیے ہے یقال استعجمت ای استشکلت واعسرتْ [۱۹] ہاجت اس کا مصدر ہیجان ہے بمعنی برانگیختہ ہونا وبھڑکنا یقال ھاج الشئیُ یھیج ھیجًا وھیاجًا وھیجانًا جبکہ وہ بھڑکے

اور برانگیختہ ہو وہاج البحر جبکہ سمندر جوش مارے از ضرب وہاج الشیٔ و بالشیٔ جبکہ وہ برانگیختہ کرے وہاجت الابل اونٹ کا پیاسہ ہونا اور اس کی ضمیر قضیہ یا حادثہ کی طرف راجع ہے ۲۰ سلف یہ ماضی کا صیغہ ہے اس کا مصدر سُلُوفٌ ہے بمعنے گزرنا یقال سَلَفَ سلفا وسلوفا ای مضی وسبق از نصر والسلف المتقدم و فی التنزیل نجعلنا سلفا والجمع اسلاف ۲۱ کُمِّہ بالضم بمعنی آستین والجمع اَکمام یقال کَمَّہٗ کَمًّا ای سترہ از نصر ۲۲ اعلام یہ عَلَمٌ کی جمع ہے بمعنے پہاڑ اور اس سے مراد علم کے پہاڑ یعنی عالم متبحر مراد ہیں ۲۳ المدارس یہ مدرسہ کی جمع ہے بمعنی پڑھنے کی جگہ ۲۴ امتاز وا امتیاز مصدر از افتعال ای تمیز وافترق یقال مَازَہٗ مَیْزًا ای فصلہ عنہ از ضرب ۲۵ الاعلام یہ عَلَمٌ کی جمع ہے بمعنے علامت ونشانی ۲۶ الدوارس یہ دارسۃ کی جمع ہے بمعنے مٹنے والی ۲۷ استنطق از افتعال استنطاق مصدر بمعنی گویائی طلب کرنا یقال استنطقہ جبکہ وہ گفتگو کرے اور بولنے کو کہے ۲۸ احبار یہ حِبر کی جمع ہے بمعنی عالم باعمل اور نیک عالم ۲۹ المحابر یہ مَحبرۃ کی جمع ہے بمعنی دوات جس میں روشنائی ہوتی ہے ۳۰ فخرسوا از سمع خَرَسٌ مصدر بمعنی گونگا ہونا ۳۱ سکان یہ ساکن عنہ الوجع جبکہ درد دور ہو وسکن الدار و فی الدار سکنا جبکہ وہ اقامت کرے اور رہے ۳۲ المقابر یہ مَقبرٌ اور مَقبرۃ کی جمع ہے بمعنی قبرستان۔ سکان المقابر سے مراد مردے ہیں۔

فَقُلْتُ اَرِنِیْهَا۔ فَلَعَلِّیْ اُغْنِیْ فِیْهَا۔ فَقَالَ مَا اَبْعَدْتَ فِی الْمَرَامِ۔ فَرُبَّ رَمْیَةٍ مِنْ غَیْرِ رَامٍ۔ ثُمَّ نَاوَلَنِیْهَا فَاِذَا الْمَکْتُوْبُ فِیْهَا۔

اَیُّهَا الْعَالِمُ الْفَقِیْهُ الَّذِیْ فَا	قَ ذَکَاءً فَمَا لَهٗ مِنْ شَبِیْهٖ
اَفْتِنَا فِیْ قَضِیَّةٍ حَادَ عَنْهَا	کُلُّ قَاضٍ وَحَادَ کُلُّ فَقِیْهٖ

الترجمۃ والمطالب پس میں نے کہا کہ تو مجھے رقعہ دکھلا شاید میں نفع اور تسلی بخش جواب دے سکوں بوڑھے نے کہا کہ تم نے نامناسب بات نہیں کہی اور تم اپنے مقصد سے دور نہیں ہوا ایسا ہو سکتا ہے کہ انجان سے تیر ٹھیک نشانہ پر بیٹھ جائے پھر اس نے رقعہ میرے حوالے کیا جس میں یہ اشعار موجود تھے ؂ اے عالم ہوشیار (فقیہ) جو تیرے ذہن میں دوسروں سے تو بڑھا ہوا ہے اور تیری کوئی مثال نہیں (یعنی تو بے نظیر ہے) ہم کو ایک مسئلے کا آپ جواب دیں جس سے ہر حاکم شرع (قاضی منہ موڑ چکا ہے اور ہر عالم فقیہ اس میں حیران ہے (یعنی سب شکست کھا چکے ہیں اور کوئی جواب ان سے بن نہ پڑا۔)

تشریح لغات ۱ ارنی اراءۃ مصدر از افعال بمعنی دکھلانا یقال اراہ الشیٔ جبکہ وہ دکھلائے ۲ اغنی از افعال اغناء مصدر بمعنے نفع دینا یقال اغنی الرجل جبکہ مالدار کر دے واغنی عنہ بمعنی کافی ہونا واغنی عنہ غناء فلان یعنی وہ قائم مقام ہوا و اغنیٰ عنہ کذا جبکہ دور کر دے ویقال ما یغنی عنک ہذا وما اغنی شیئا یعنی وہ نافع نہیں ہے ۳ المرام بمعنے مقصد و مطلب والجمع مرامات ۴ فرب رمیۃ من غیر رام یہ ضرب المثل ہے اور اس کا اطلاق اس شخص پر کیا جا سکتا ہے جو بغیر کسی ارادے اور علم و اطلاع کے اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے اور اس شخص پر بھی جس سے ہمیشہ غلطیاں ہوتی ہوں لیکن کبھی اس سے صحیح بات ہو جائے جیسے کہ ہمارے یہاں یہ مثل فارسی کی مشہور ہے اور وہ شعر اس طرح ہے ؂ گاہ باشد کہ کودکے نادان ؛ بغلط بر ہدف زند تیرے اور اس کا واقعہ یوں ہے کہ حکم ابن عبد یغوث جو فن تیر اندازی میں اس کو مہارت تامہ تھی (یعنی وہ اپنے اس فن میں ماہر تھا) اس نے

عبعب بت کے نام پر نیل گائے کی قربانی کی منت مانی تھی چنانچہ وہ کئی روز نیل گائے کی تلاش میں جنگل گیا اور تیر اس نے مارا مگر وہ نشانہ پر نہ لگا ناکام اس کو واپس آنا پڑا اور اس نے اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا ارادہ کیا اس کے لڑکے مسلم نے کہا کہ آپ کے ساتھ ایک مرتبہ میں چلوں گا اور میں آپ کی ہر طرح مدد کروں گا اولاً اس نے انکار کیا لڑکے نے اصرار کیا تو مجبور ہو کر اس کو جانا پڑا حکم نے دو تیر نیل گایوں پر چلائے لیکن وہ دونوں نشانہ پر نہ بیٹھے جب تیسری نیل گائے سامنے آئی تو مسلم نے کہا کہ میں اس پر تیر چلاؤں گا اتفاقی بات ہوئی تھی کہ اس کا تیر نشانہ پر لگ گیا اور نیل گائے کا شکار کر لیا تو حکم نے برجستہ یہ کہا رُبَّ رمیۃ من غیر رام ؂ ناولیہا از باب مفاعلۃ مناولۃ مصدر بمعنی دینا یقال ناولہ الشیٔ مناولۃ جبکہ وہ ہاتھ بڑھا کر دے ؂ الفقیہ بمعنی عقل مند عالم اور بہت سمجھدار عالم اور علم فقہ کا جاننے والا والجمع فقہاء یقال فقہ الرجل فقاہۃ ای اذا صار فقیہا از کرم وفقہ فقہا از سمع

؂ فاق ای سبق یقال فاق اصحابہ فوقًا وفواقًا ای رجح علیہم بالعلم والفضل از نصر۔

؂ ذکاء بمعنی تیزی سمجھ یقال ذکی یذکی وذکوین کرذکاءً وزکی یذکی ای کان سریع الفطنۃ والفہم از سمع وکرم۔

؂ شبیہ بمعنی مثل ونظر ومانند والجمع اَشْبَاہٌ وَمَشَابِہُ جیسے حَسَنٌ ومَحَاسِنُ ؂ افتنا یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از باب افعال افتی فلانا فی المسئلۃ جبکہ وہ فتوی دے اور حکم بیان کرے اور مسئلہ کا جواب دے ؂ حاد حیدٌ وحیدان مصدر بمعنی موڑنا اور پھرنا یقال حاد عن الشیٔ حیدا وحیدانا ای عدل عنہ از ضرب وفی التنزیل ذلک ما کنت منہ تحید ؂ قاضی بمعنی حاکم شرعی اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے والجمع قضاۃ ؂ حار حیرت مصدر بمعنی متحیر ہونا یقال حار یحار حیرۃ ای تحیر از سمع۔

رَجُلٌ مَاتَ عَنْ اَخٍ مُسْلِمٍ حُـرٍّ تَقِيٍّ مِنْ اُمِّهٖ وَاَبِيْهٖ
وَلَهٗ زَوْجَةٌ لَهَا اَيُّهَا الْحِبْرُ اَخٌ خَالِصٌ بِلَا تَمْوِيْهٖ
فَحَوَتْ فَرْضَهَا وَحَازَ اَخُوْهَا مَا تَبَقّٰى بِالْاِرْثِ دُوْنَ اَخِيْهٖ
فَاشْفِنَا بِالْجَوَابِ عَمَّا سَاَلْنَا فَهُوَ نَصٌّ لَا خُلْفَ يُوْجَدُ فِيْهٖ

فَلَمَّا قَرَأْتُ شِعْرَهَا۔ وَلَمَحْتُ سِرَّهَا۔ فَقُلْتُ لَهٗ عَلَى الْخَبِيْرِ بِهَا سَقَطْتَ۔ وَعِنْدَ ابْنِ بَجْدَتِهَا حَطَطْتَ

الترجمۃ والمطالب ایک شخص مرا جس نے ایک مسلمان آزاد اور پرہیزگار سگا بھائی چھوڑا جو وہ اپنی ماں اور باپ سے شریف ہے اور اے عقل مند اس مرنے والے کے ایک بیوی بھی ہے اور اس بیوی کا ایک حقیقی بھائی ہے (یعنی اس کا سالا ہے) جس میں کوئی شک نہیں اس کی بیوی نے اپنا آٹھواں حصہ لے لیا اور بقیہ ترکہ عورت کے بھائی (یعنی میت کے سالے) نے لے لیا اور میت کے بھائی کو کچھ نہ ملا پس ہم نے جو کچھ پوچھا ہے اس کا جواب صحیح بتاؤ کیونکہ یہ ظاہر واقعہ ہے جس میں کچھ بھی جھوٹ نہیں ہے پس جب میں نے اشعار پڑھے اور اس کے راز سے میں واقف ہو گیا اور میں نے اس سے کہا کہ تم گھر کے بھیدی کے پاس آئے ہو اور مسئلہ کے جاننے والے سے ہی تم دریافت کر رہے ہو۔

تشریح لغات رجل مات الخ ای ورجل مات وترک بعدہ اخاہ العینی (فائدۃ) ذکر الاخ

اثبات النسب لان الاجنبی لایرث وفائدۃ ذکر الاسلام لان الکافر لایرث المسلم وفائدۃ ذکر الحر لان العبد لایرث وفائدۃ ذکر تقی لان القاتل عمدا لایرث فاذا دان موجبات التوارث قد کملت ومع ھذا لم یرث اخا ۲ھ اخ خالص ای نسبی لا رضاعی ۳ھ بلاتمو یہ ای بلا شک وریب ۴ھ تحوت ای حاوت یقال حوا ہ حیا وحوایۃ از ضرب ۵ھ فرضہا ای حظہا المفروض یعنی اللہ کا حکم جو بندوں پر روا جب ہو ۶ھ حازای جمع وحصل یقال حاز الشی حوزا وحیازۃ ای جمعہ از نصر ۷ھ بالارث لغۃ فی الورث بدل الواو من الھمزۃ واصلہ الوراثۃ یقال ورثہ ورثا وارثا وتراثا ووراثۃ ای انتقل الیہ مال فلان بعد وفاتہ از حسب ۸ھ اخیہ اخ بمعنے بھائی وساتھی ودوست والجمع اِخوۃٌ واُخوۃٌ واخاءٌ اور یہاں حقیقی بھائی کے معنی ہیں ہے ۹ھ فاشفنا یہ امر حاضر کا صیغہ ہے یقال شفاہ من مرضہ شفاءً ای ابرآہ منہ از ضرب ۱۰ھ نص مصدر النص من الکلام ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو والجمع نصوص والنص من کل شئ یعنی انجام واتنہا ۱۱ھ خلف بالفم وعدہ پورا کرنا اور خلاف مفروض اور یہ خلیف کی جمع ہے ۱۲ھ لحت از فتح بمعنے دیکھنا یقال لمح البصر لمحاً جبکہ نگاہ اٹھے ولمح الرجل الشیٔ والی الشیٔ جبکہ وہ دزدیدہ نظر سے دیکھے ولمح الشی بالبصر جبکہ وہ نگاہ ڈالے ۱۳ھ علی الخبیر بہا سقطت اس ضرب المثل کا اطلاق اس شخص پر کیا جاتا ہے جو واقف اسرار ہو اور گھر کا بھیدی ہو ۱۴ھ عند ابن بجدتہا الخ یہ بھی مثل ہے جبکہ وہ معاملہ کی حقیقت کو جاننے والا ہو اور ہوشیار ہو یقال عندہ بجدۃ الامر یعنی وہ حقیقت شناس ہے ویقال ہو عالم بجدۃ امرک یعنی اس معاملہ کی حقیقت اور اصلیت سے واقف ہے اور یہ ماخوذ ہے بجد بالمکان ای اذا اقام سے از نصر اور بجدہ کے معنی مٹی کے بھی بعض فرماتے ہیں پس گویا وہ خاک سے پیدا کیا گیا ہے وابن البجدۃ ای عالم الحقیقۃ ۱۵ھ حططت حطٌّ مصدر بمعنی اترنا یقال حطّ حطاً ای نزل وحطہ ای انزلہ از نصر۔

اِلَّا اِنِّیْ مُضْطَرِمُ الْاَحْشَاءِ۔ مُضْطَرٌّ اِلَی الْعَشَاءِ۔ فَاَکْرِمْ مَثْوَایَ۔ ثُمَّ اسْتَمِعْ فَتْوَایَ۔ فَقَالَ لَقَدْ اَنْصَفْتَ فِی الْاِشْتِرَاطِ۔ وَتَجَافَیْتَ عَنِ الْاِشْتِطَاطِ۔ فَصِرْ مَعِیْ اِلٰی مَرْبَعِیْ۔ لِتَظْفَرَ بِمَا تَبْتَغِیْ۔ وَتَنْقَلِبَ کَمَا یَنْبَغِیْ۔ قَالَ فَصَاحَبْتُہٗ اِلٰی ذَرَاہُ۔ کَمَا حَکَمَ اللّٰہُ۔ فَاَدْخَلَنِیْ بَیْتًا اَحْرَجَ مِنَ التَّابُوْتِ۔ وَاَوْھَنَ مِنْ بَیْتِ الْعَنْکَبُوْتِ۔ اِلَّا اَنَّہٗ جَبَرَ ضِیْقَ رَبْعِہٖ۔ بِتَوْسِیْعِ ذَرْعِہٖ۔ نَحَکَّمَنِیْ فِی الْقِرٰی۔ وَمَطَایِبِ مَا یُشْتَرٰی۔ فَقُلْتُ اُرِیْدُ اَزْھٰی رَاکِبٍ۔ عَلٰی اَشْھٰی مَرْکُوْبٍ۔ وَاَنْفَعَ صَاحِبٍ مَعَ اَضَرِّ مَصْحُوْبٍ۔

الترجمۃ والمطالب لیکن تحقیق کہ باطن بیرا بھڑکنے والا ہے (یعنی میری انتڑیاں سلگ رہی ہیں) اور شام کے (یعنی رات کے) کھانا کھانا کھانے پر سخت مجبور ہوں پہلے تو تم مجھے عزت واکرام سے ٹھیراؤ اور پھر غور (یعنی ٹھنڈے دل) سے میرا جواب سنو شیخ نے کہا کہ تم نے نہایت معقول شرط پیش کی اور حد سے آگے بڑھنے سے تو نے کنارہ کشی کی ہے پس تم میرے ساتھ گھر چلو تاکہ تم اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاؤ جس طرح تم چاہتے ہو اور پھر تم واپس ہو جیسے تم چاہو ابو زید کہتا ہے کہ میں اس کے گھر اس کے ہمراہ خدا کے حکم سے چل دیا مجھے اس نے ایک کوٹھڑی میں داخل کیا جو صندوق سے بھی زیادہ تنگ تھی اور مکڑی کے جالے (یعنی مکڑی کے گھر) سے بھی زیادہ کمزور تھی مگر اس نے تنگی مکان کا بدلہ اپنے فراخی دل (دریادلی)

سے دیا پس اس نے مجھے مہمانی اور بہترین چیزوں کے خریدنے کا حَکَمْ (حاکم) پنچ بنا دیا تو میں نے کہا کہ میں بہتر سوار مع مرغوب ترسواری کے اور نافع تر صاحب (ساتھی) کا نہایت نقصان دینے والے مصحوب کے ساتھ خواہش کرتا ہوں۔

تشریح لغات

لہ مضطرم از افتعال اضطرام مصدر بمعنی مشتعل ہونا بھڑکنا تقول تضرّم الرجل جبکہ غصہ سے بھڑک اٹھے واضطرمت النار جبکہ آگ مشتعل ہو واضطرم المشیبُ جبکہ بڑھاپہ آجائے مجردہ از سمع ٢ہ الاحشاء یہ حشا کی جمع ہے بمعنے پسلیوں کے اندر کی چیزیں اور پیٹ کے اندر کی چیزیں ٣ہ مضطر از افتعال بمعنے اضطرار مصدر بمعنے محتاج کرنا اور مجبور کرنا یقال اضطرّہ الی کذا جبکہ وہ محتاج اور مجبور کرے ٤ہ العشا بالفتح بمعنے شام کا کھانا والجمع اعشیۃ ٥ہ مثوای یہ اسم ظرف ہے بمعنی منزل والجمع مثاوٍ والبوالمثوی بمعنی مہمان والبومثواہ بمعنی میزبان وام مثواہ یعنی میزبان کی بیوی اور یہ ثواء سے ماخوذ ہے جس کے معنی ٹھیرنے کے ہیں ٦ہ فی الاشتراط مصدر از افتعال بمعنی شرط لگانا یقال شرط علیہ شرطًا ای الزمہ از نصر وضرب ٧ہ تجافیت از تفاعل تجافی مصدر بمعنی علیحدہ ہونا اور دور ہونا یقال جفاہ جفوًا وجفاءً ضد واصلہ وآنسہ از نصر ٨ہ الاشتطاط از باب افتعال بمعنی حد سے گذرنا یقال شطّ شططًا وشطوطًا ای افرط وتباعد عن الحق از نصر وضرب وفی التنزیل لقد قلنا اذا شططا ٩ہ نفر ای کن وتحول وفی بعض النسخ فسر بالسین من السیر از ضرب۔

١٠ہ مربعی اے الی منزلی موسم بہار کی بارش اور موسم بہار کی اقامت گاہ ١١ہ لنظفر ظفر مصدر بمعنی کامیاب ہونا وغالب ہونا یقال ظفر بہ علیہ ظفرًا جبکہ وہ کامیاب ہو اور غالب ہو از سمع ١٢ہ نصاحبہ مصاحبت مصدر از مفاعلہ بمعنی ساتھ رہنا یقال صاحبہ مصاحبۃً جبکہ وہ ساتھی ہو اور دوستی کرے اور ایک ساتھ زندگی بسر کرے ١٣ہ ذراہ گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف۔ جائے پناہ اور ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو۔ بیتا وہو ماوی اللیل والجمع بیوتٌ ١٤ہ احرج ای اضیق یقال حرج الشئ حرجًا ای ضاق از سمع ١٥ہ التابوت ای الصندوق و قال بعض الادباء ...... یہ تابوہ کا معرب ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ عجمی ہے اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ عربی ہے واللہ اعلم ١٦ہ اوہن ای اضعف یقال وھن وھنًا ای ضعف از ضرب وحسب وکرم ووَھن وھنا ای ضعف از سمع۔

١٧ہ العنکبوت مکڑی والجمع عناکب وعنکبوتات اور عنکب نر مکڑی والجمع عناکب وعناکیب ١٨ہ جبر، جبر مصدر بمعنی تلافی کرنا اور اصلاح کرنا از نصر یقال جبر العظم جبرًا وجبورًا وجبارۃً جبکہ وہ ٹوٹی ہڈی کو درست کرے ١٩ہ ذرعہ بمعنی سینہ اور اس کے اصل معنے ہاتھ کے پھیلاؤ کے ہیں والمراد ھھنا من قلبہ الواسع انہ ملأ بیتہ من انواع الاطعمۃ ولیس المراد اثبات سخاوتہ لانہ ینکر بعد ھذا شدۃ بخلہ وفی التنزیل وضاق بھم ذرعا ٢٠ہ فحکمنی تحکیم مصدر از باب تفعیل بمعنی حاکم بنانا یقال حکّمہ جبکہ حاکم بنائے وحکّمہ فی الامر جبکہ فیصلہ کرنے کے لیے سپرد کرے وحکّمہ عن کذا جبکہ وہ لوٹائے اور منع کرے ٢١ہ القری بالکسر بمعنی مہمانی کا کھانا و پانی جو حوض میں جمع کیا جائے ٢٢ہ مطایب یہ طیب کی جمع علی غیر القیاس ہے اور طیّب کی جمع طوبی بھی آتی ہے وہذا من نوادر الجموع اور طیبات بھی ومطائب الشئی ای خیارہ وکذلک الاطائب ٢٣ہ ازہی اور یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنی احسن و خوب تر یقال زھار ھوًا وزھوا زھا ای اشرق واضاء از نصر ٢٤ہ اشہی مرکوب سے مراد تمر ہے ٢٥ہ انفع صاحب سے بھی مراد تمر ہے لان عظیم المنفعۃ فی الحضر والسفر ٢٦ہ مصحوب سے مراد کھیس یا پیوسی ہے لانہ ردی العاقبۃ ھذا باعتبار انفرادھما فاذا اجتمعتا فی المعدۃ اصلح کل منہما الآخر۔

☆ ☆ ☆ ☆

فَاَفكَرَ[1] سَاعَةً طَوِيْلَةً۔ ثُمَّ قَالَ لَعَلَّكَ تَعْنِيْ بِنْتَ نُخَيْلَةٍ[2]. مَعَ لَبَا سُخَيْلَةٍ[3]۔ فَقُلْتُ اِيَّاهُمَا عَنَيْتُ۔ وَلِاَجْلِهِمَا تَعَنَّيْتُ۔ فَنَهَضَ نَشِيْطًا[4]. ثُمَّ رَبَضَ[5] مُسْتَشِيْطًا[6]. وَقَالَ اِعْلَمْ اَصْلَحَكَ اللّٰهُ اِنَّ الصِّدْقَ نَبَاهَةٌ[7]. وَالْكِذْبَ عَاهَةٌ[8]. فَلَا يَحْمِلَنَّكَ الْجُوْعُ الَّذِيْ هُوَ شِعَارُ[9] الْاَنْبِيَاءِ. وَحِلْيَةُ[10] الْاَوْلِيَاءِ[11]. عَلٰی اَنْ تَلْحَقَ بِمَنْ مَانَ. وَتَتَخَلَّقَ بِالْخُلُقِ الَّذِيْ يُجَانِبُ الْاِيْمَانَ. فَقَدْ تَجُوْعُ الْحُرَّةُ. وَلَا تَاْكُلُ بِثَدْيَيْهَا. وَتَاْبَى الدَّنِيَّةَ وَلَوِاضْطُرَّتْ اِلَيْهَا. ثُمَّ اِنِّيْ لَسْتُ لَكَ بِزَبُوْنٍ. وَلَا اُغْضِيْ عَلٰی صِفْقَةِ مَغْبُوْنٍ۔

الترجمۃ والمطالب پھر وہ دیر تک سوچنے کے بعد بولا شاید آپ کا مطلب (چھوارے) کھجور اور بکری کی پیوسی دیا کھیس کھانے کا ہے پس میں نے کہا بے شک یہ ہی میرا ارادہ ہے اور اسی وجہ سے میں نے اس قدر تکلیف اٹھائی ہے یہ سن کر پہلے تو وہ نہایت خوش خوش اٹھ کھڑا ہوا پھر وہ غضب ناک ہو کر زانو کے بل بیٹھ گیا اور کہنے لگا تم خوب سمجھ لو (اور جان لو) اللہ تعالیٰ تمہیں صلاحیت دے تحقیق کہ سچ بولنا شرافت ہے اور جھوٹ بولنا آفت اور مصیبت ہے کہیں تمہیں بھوک جو پیغمبروں کی خصوصیت اور رضا کے دوستوں کا گہنا (زیور) ہے جھوٹوں اور بے ایمان کے گروہ میں شامل نہ کر دے یہ شریف عورتوں کا شیوہ اور طریقہ ہے کہ وہ بھوکی رہتی ہیں لیکن وہ اپنے پستانوں کو نہیں چوستی اور کمینہ پن (بری خصلت اکی دکمائی) سے وہ بچتی ہے اگرچہ وہ کتنی ہی مجبور کیوں نہ ہو جائیں۔ یہ بھی آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ میں تمہارے ہاتھوں بیوقوف اور عاجز نہیں بنوں گا اور نہ لوٹے کے سودے (معاملہ) میں چشم پوشی کر سکتا ہوں۔

تشریح لغات [1] افکر افکار مصدر از باب افعال بمعنی فکر کرتا اور سوچنا [2] بنت نخیلۃ دختر نخیلہ یعنی خرما نخیلہ یہ نخل کی تصغیر ہے یعنے کھجور و تمر [3] سخیلۃ یہ سخلۃ کی تصغیر ہے بمعنی بکری کا چھوٹا بچہ اور سخلۃ کی جمع سَخل، وسخال وسخلان وسخلۃ آتی ہے اعلم ان ولد الشاۃ حین تضعہ امہ ذکرا کان او انثی سخلۃ وبھمۃ والسخیلۃ تصغیر فاذ فُصِلَ عن امہ فھو حمل وخروف فاذا اکل واجتر فھو بذج والجمع بذجان والغرفوس فاذا بلغ التر فھو عموس وولد المعز جفر ثم عریض وعتود ثم عناق وکل من اولاد الضان والمعز فی السنۃ الثانیۃ جذع وفی الثالثیۃ ثنی و فی الرابعۃ رباع وفی الخامسۃ سدیس وفی السادسۃ صانع ولیس لہ بعد ھذا اسم [4] نشیطا ای فرحا ومسرورا یقال نشط نشاطا جبکہ وہ خوش ہوا از سمع [5] ربض ای جلس جاثیا علی رکبتیہ وقیل علی فخذیہ وا لیتیہ (گھٹنے پر چار زانو چت بیٹھنا) اور ربض ربضا وربوضا للدواب یعنے برک للابل از ضرب [6] مستشیطا از باب استفعال استشاطۃ مصدر بمعنی غصہ سے بھڑکنا [7] نباہۃ بمعنی بلندی وشرافت ای ارتفاع القدر والمنزلۃ یقال نبہ نباھۃ ای شرف از سمع وکرم۔ [8] عاھۃ بمعنے آفت ومصیبت والجمع عاہات یقال عاہ الزرع والمال عاھۃ وعووھا ای اصابہ آفۃ از نصر [9] شعار بالکسر بمعنی نشان اور وہ خاص نشان جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں اور مولدین اس کو سر اللیل کہتے ہیں [10] حلیۃ بالکسر بمعنی زیور و زینت والجمع حُلی خلاف قیاس [11] الاولیاء یہ ولی کی جمع ہے بمعنی محبت کرنے والا دوست و مددگار و پڑوسی و حلیف و تابع و داماد اور ہر وہ شخص جو کسی کام کا منتظم ہو یقال اللہ ولیک یعنی اللہ تمہارا حافظ اور مددگار ہے والمومنین

ولیٔ اللہ یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع اور فرمانبردار ہی ہوتا ہے منہ ولی العہد یعنی تخت وتاج کا وارث ومنہ ولی الیتیم یعنی یتیم کا والی ؀ مان یمین مصدر از ضرب بمعنی جھوٹ بولنا ؀ بالخلق ای بالعادۃ والجمع اخلاق وفی التنزیل انک لعلٰی خلق عظیم ؀ یُجَانِبُ مجانبۃ از مفاعلہ علیحدہ کرنا اور جدا کرنا ؀ الایمان کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المومن لایکون کذابا ؀ فقد تجوع الحرۃ الخ یہ مثل ہے اس شخص کے لیے جو اپنے نفس کو برے کاموں سے بچائے رکھے اور اس مثل کی اصل اکثم بن صیفی یا حارث بن سلیل اسدی سے ہے اور اس کا واقعہ یہ ہے کہ اس نے بوڑھاپے میں ربا بنت علقمہ سے شادی کر لی تھی اور ربا یہ نوجوان لڑکی تھی ایک روز اس نے اپنی حالت زار کو دیکھ کر مصیبت زدہ دل سے ٹھنڈی سانس لے کر یہ کہا کہ اس مرد نے تو بہت سختی کر رکھی ہے اور مجھے بے حد تکلیف میں مبتلا کر رکھا ہے مگر میری شرافت یہ تقاضہ نہیں کرتی کہ میں کسی کے دروازہ پر پہنچ کر اپنی مصیبت کو ظاہر کروں اور یہ میرے لیے غیرت اور شرم کی بات ہے وھو مثل یضرب للذی لا یمنعہ من صیانتہ عرضہ شدۃ نقرہ ؀ بثدییھا یہ ثدی کا تثنیہ ہے بمعنی عورت کی چھاتی والجمع ثُدِیٌّ وثِدِیٌّ وأثدٍ ؀ الدنیۃ بمعنی بری و کمینی عادت یقال کونا ونواءۃ ذو نائرۃ ای صار خبیثا وذلیلا از فتح وکرم ؀ بزلون بمعنی بہت ہی بے وقوف شخص یقال زَبَنَہ زبنا ای دفعہ وصارمہ وزبن الثمرای باعہ علی الشجر از ضرب ؀ اغفی اغضاء مصدر از افعال بمعنی چشم پوشی کرنا ؀ صفقۃ بمعنے خرید وفروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا اور یہاں اس سے مراد معاملہ کرنا ہے۔ ؀ مغبون وہ شخص جس کو خرید وفروخت میں نقصان اٹھانا پڑے یقال غبنہ غبنا وغبنا فی البیع ای خدعہ از نصر والتغابن المخادعۃ وفی التنزیل وذلک یوم التغابن۔

وَهَا اَنَا قَدْ اَنْذَرْتُكَ قَبْلَ اَنْ يَنْهَتِكَ السِّتْرُ۔ وَيَنْعَقِدَ فِيمَا بَيْنَنَا الْوِتْرُ۔ فَلَا تُلْغِ تَدَبُّرَ الْاِنْذَارِ۔ وَحَاذِرْ مِنَ الْمُكَاذَبَةِ حِذَارِ۔ فَقُلْتُ لَهُ وَالَّذِيْ حَرَّمَ اَكْلَ الرِّبٰو۔ وَاَحَلَّ اَكْلَ اللِّبَا۔ مَا فُهْتُ بِزُوْرٍ۔ وَلَا دَلَّيْتُكَ بِغُرُوْرٍ۔ وَسَتَخْبُرُ حَقِيْقَةَ الْاَمْرِ۔ وَتَحْمَدُ بَذْلَ اللِّبَاءِ وَالتَّمْرِ۔ فَهَشَّ هَشَاشَةَ الْمَصْدُوْقِ۔ وَانْطَلَقَ مُغِذًّا اِلَى السُّوْقِ۔ فَمَا كَانَ بِاَسْرَعَ مِنْ اَنْ اَقْبَلَ بِهِمَا يَدْلَحُ وَجْهُهُ مِنَ التَّعَبِ يَكْلَحُ۔ فَوَضَعَهُمَا لَدَيَّ۔ وَضَحَ الْمُمْتَنِّ عَلَيَّ۔ وَقَالَ اِضْرِبِ الْجَيْشَ بِالْجَيْشِ۔ تَحْظَ بِلَذَّةِ الْعَيْشِ۔

الترجمۃ والمطالب اور میں تجھے پردہ دری سے پہلے اور آپس میں جذبہ انتقام (اور بدلہ) پیدا ہونے سے پہلے) ہی دھمکاتے (ڈراتے) دیتا ہوں تو اس دھمکی کے انجام کو پس پشت نہ ڈال رکھنا اور جھوٹ بولنے سے تو بچ اور تجھے ڈرنا چاہیئے تو میں نے کہا اوس ذات کی قسم جس نے سود کھانا حرام کیا اور کھیس کھانا حلال قرار دیا میں نے ہرگز نہیں جھوٹ بولا اور نہ میں نے تم کو دھوکے میں ڈالا ہے اور عنقریب تم حقیقت امر کو آزما بھی لوگے اور کھیس اور چھوارے کے دینے میں تو تعریف ہی کرے گا یہ سن کر وہ سچ کیے ہوئے کی طرح خوش ہو گیا اور جلدی سے وہ بازار کی طرف چل دیا اور بغیر تاخیر کے وہ کھیس اور چھوارے کو لادے ہوئے تھکنے کی وجہ سے تیوری پر بل ڈالے ہوئے اور مجھ پر احسان جتانے کے طریقہ سے میرے سامنے رکھدیئے اور یہ کہنے لگا کہ لشکر کو لشکر سے مار (یعنی تم دونوں کو ملا کر کھاؤ یا منہ میں رکھ کر اوپر اور نیچے کے دانت سے چبا کر کھاؤ) اور تم لذت عیش سے فائدہ اٹھاؤ۔

تشریح لغات ؀ ینہتک انہتاک مصدر از انفعال بمعنی پھاڑنا ای ینخرق یقال ھتک الستر ھتکا ای خرقہ فانھتک

ازضرب ویقال هتك الله ستر الفاجر ای فضحه ؎ الستر بمعنی پردہ ای ما یستر به والجمع استار وستور یقال ستر کای عطاہ فاستتر ؎ الوتر بالکسر بمعنی کینہ اور عداوت والجمع اوتار یقال وترہ وترا ای افزعہ واصابہ بظلم او مکروہ ازضرب ؎ فلا تلغ نہی حاضر کا صیغہ اِلغاءٌ مصدر بمعنی لغو اور باطل کرنا ؎ تدبر مصدر از باب تفعل بمعنی سوچنا اور تدبیر کرنا ؎ حذاریہ اسم فعل ہے بمعنی تو بچ اور ڈر ؎ حرم تحریم مصدر از باب تفعیل بمعنی حرام کرنا اور یہ حلال کی ضد ہے ؎ اکل مصدر بمعنی کھانا اور اس کا مصدر ماکل بھی آتا ہے اُکُل واُکْل بمعنے پھل و خوراک وکشادہ رزق ؎ الربو بمعنی سود وزیادتی و بیاج اور نسبت کے لیے ربوئی استعمال کرتے ہیں ؎ ما فہت فاہ بفوہ سے یہ نفی ماضی متکلم کا صیغہ بمعنی کلام کرنا اور لولنا ؎ بزور بمعنی دروغ و جھوٹ وقیل للکذب زور لکونہ مائلاعن جھتہ یقال زور زورا ای مال واعوج ازسمع ؎ ولبتک بہ دلالت سے مشتق ہے فالاصل دللتك فقلبت اللام الثانیۃ یاء کما فی تظنیت یا یہ ولی الشئ تدلیۃ سے ماخوذ ہے اذا اقربہ من غیرہ ومعناہ لا اقربك ؎ بغرور بمعنی دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے یقال الدنیا الغرور ؎ تخبر یہ خبرت سے ماخوذ ہے جس کے معنی آزمانے کے ہیں از نصر وکرم ازنصر یقال خبر الشئ خبرا وخِبرۃ جبکہ وہ آزمائے اور تجربہ سے جانے وازکرم یقال خبر الشئ خبرا وخِبرا وخُبرۃ وخِبرۃ ومَخبَرۃ ۔ جبکہ وہ حقیقت حال سے واقف ہو ؎ فہش ہشاشۃ مصدر بمعنی خوش ہونا یقال ہَشّ ہشاشۃً وہشاشا جبکہ وہ مسکرائے اور بھلائی پر خوش ہو اور شادمان ہو اور خوشی میں ہو از سمع وضرب ؎ مغذا از افعال بمعنی تیزی سے جاتے والا یقال اَغَذَّ السیر وفی السیر جبکہ وہ جھپٹے اور جلدی کرے اور اس کا مجرد نصر اور ضرب سے آتا ہے ؎ بدرح از فتح ولوح مصدر جبکہ وہ بوجھ کی وجہ سے پاس پاس اور چھوٹے قدم رکھے اور وقار سے آئے یقال ولح ولوحا ای یمشی متثاقلا بالوقار ؎ یکلح از فتح کلوح مصدر بمعنی ترش رو اور چہرہ کا بدنما ہونا یقال کلح کلوحا وکلاحا ای عبس وفی التنزیل تلفح وجوھھم النار وھم فیھا کالحون ؎ المتن امتنان مصدر از افتعال بمعنے احسان رکھنا ؎ الجیش بالجیش بمعنی لشکر والجمع جیوش اور جیوش اول سے مراد اوپر کے دانت ہیں اور جیوش ثانی سے مراد نیچے کے دانت ہیں یہ چباتے اور کھانے سے کنایہ ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اول جیش سے مراد کھیں اور دوسرے جیش سے چھوارہ ہو یا ایک جیش سے مراد دانت ہیں اور دوسرے جیش سے مراد جنس ماکول ومطعوم یعنی چھوارہ وبیوسی مراد ہو ہکذا افادنی استاذی رحمۃ اللہ علیہ ؎ تحظ ای تتناول وتفوز یقال حَظِی بالرزق حظوۃ وحظوۃ وحظۃ ای نالہ ...... جبکہ وہ حصہ پائے۔ ازسمع۔

فَحَسِرْتُ عَنْ سَاعِدِ التَّهَمُّمِ۔ وَحَمَلْتُ حَمْلَةَ الْفِيلِ الْمُلْتَهِمِ۔ وَهُوَ يَلْحَظُنِي كَمَا يَلْحَظُ الْحَنِقُ وَيَوَدُّ مِنَ الْغَيْظِ لَوْ اُخْتَنِقُ۔ حَتّٰى اِذَا هَلْقَمْتُ النَّوْعَيْنِ۔ وَغَادَرْتُهُمَا اَثَرًا بَعْدَ عَيْنٍ۔ اَقْرَدْتُ حَيْرَةً فِي اِظْلَالِ الْبَيَاتِ۔ وَفِكْرَةً فِي جَوَابِ الْاَبْيَاتِ۔ فَمَا لَبِثَ اَنْ قَامَ۔ وَاَحْضَرَ الدَّوَاةَ وَالْاَقْلَامَ۔ وَقَالَ قَدْ مَلَأْتَ الْجِرَابَ۔ فَامْلِ الْجَوَابَ۔ وَاِلَّا فَتَهَيَّأْ اِنْ تَكَلَّفْتَ۔ لِاغْتِرَامِ مَا اَكَلْتَ۔ فَقُلْتُ لَهُ مَا عِنْدِي اِلَّا التَّحْقِيقُ۔ فَاَكْتُبِ الْجَوَابَ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيقُ۔

الترجمۃ والمطالب | پس میں نے کلائی سے آستین سرکا کر زیادہ حرص بھوک کی وجہ سے جیسے ہاتھی نگلنے والا حملہ کرے

اس طرح میں نے کھانے پر دھاوا بول دیا اور بوڑھا میری طرف گھور رہا تھا جس طرح غضب ناک گھورتا ہے اور وہ غصہ کی زیادتی کی وجہ سے یہ چاہتا تھا کہ کاش میرا گلا گھونٹ دیا جائے یا گھونٹ دے (یعنی پھندا لگ جائے) جب میں نے ان دونوں قسموں کو نوالہ کیا اور اصل شی کے بعد اس کا میں نے محض نشان ہی چھوڑ دیا تو میں حیرت میں ڈوبا ہوا چپ چاپ بیٹھ گیا کیونکہ رات کا وقت نزدیک آپہنچا تھا اور شعروں کے جواب کی مجھے فکر تھی تو وہ بوڑھا کھڑا ہوا اور وہ جلدی سے دوات اور قلم اٹھا لایا اور کہنے لگا کہ توشہ دان (یعنی پیٹ) تو بھر چکا۔ اب تو جواب لکھ اور اگر جواب دینے سے تو انکار کرے تو تو کھانے کا ڈنڈ (تاوان) بھگتنے کے لیے تیار ہو جا۔ پس میں نے اس سے کہا کہ میں تو ہمیشہ سچ (یا تحقیق بات) کہا کرتا ہوں پس جواب لکھئے اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہے۔ (یعنی توفیق الٰہی جواب لکھئے۔)

تشریح لغات

[۱] فحسرت ای کشفت یقال حسر عن وجھہ حسرا ای کشفہ از نصر وضرب وحسر البصر حسورا ای ضعف وکلّ از نصر وضرب وحسِر حسرا وحسرۃ ای تلھف [۲] النھم یعنی کھانے کی شدت حرص اور اتنی شدت کہ کس کا پیٹ نہ بھرے بفتح ہا مصدر وبکسر ہا صفت ای المفرط فی شھوت الطعام یقال نھم فی الاکل نھما نھامۃ ای افرط فی الشھوۃ فیہ از سمع [۳] الفیل بمعنے ہاتھی والجمع افیال و فیول و فی التنزیل الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل الخ [۴] الملتھم افتعال سے التھام مصدر بمعنے ایک ہی مرتبہ جو جلدی سے نگلنے والا اور کھانے والا ہو۔ ای الذی لا یبقی ولا یذر یقال لھم الشئ لھما ای ابتلعہ بمرۃ از سمع [۵] الحنق بمعنی بہت زیادہ غصہ اور کینہ ور ای ای الغیظ شدید الحقد یقال حنق منہ وعلیہ حنقا ای اغتاظ فھو حنق بکسر النون والحنیق والجمع حنق۔
[۶] یود ای یحب و یتمنیٰ و دو مصدر بمعنی خواہش کرنا و محبت کرنا یقال ودّہ ودّا وودّا و وِدّا ودِادا و ودادۃ ومودّۃ وموددۃ جبکہ وہ خواہش کرے اور محبت کرے [۷] اختنق اختناق مصدر از باب افتعال بمعنی گلا گھونٹنا اور یہ یہاں مجہول اور معروف دونوں طرح پر صحیح ہے یقال خنقہ خنقا فاختنق ای شد علی حلقہ حتی یموت فاختنق ای مات از نصر۔
[۸] لقمت اور یہ اصل میں القمت تھا ہمزہ کو ہاء سے بدل لیا بمعنے لقمہ و نوالہ بنانا یقال لقم الطعام لقما ای اکلہ سریعا از سمع [۹] النوعین یہ نوع کا تثنیہ ہے بمعنی قسم یعنی دونوں قسم چھوارے اور کھیس [۱۰] اثر بمعنے نشان و مدت و سنت و حدیث والجمع آثار و اثور اور یہاں گٹھلی مراد ہے یعنی خرما کھا کر اس کی گٹھلی باقی بچیں [۱۱] عین کے معنی یہاں بر ذات کے ہیں۔ [۱۲] اقرنت اقراد مصدر از افعال بمعنے حیرت سے خاموش ہونا یقال اقرد وقرد قردا ای سکت عیا از سمع [۱۳] البیات بمعنی رات اور اس کے بمعنی شب خون لڑانے کے بھی آتے ہیں از ضرب و سمع [۱۴] احضر احضار مصدر از افعال بمعنی حاضر کرنا [۱۵] الجراب بالکسر توشہ کا برتن و چمڑے کا برتن و تلوار کا میان اور کنوئیں کا جوف اور یہاں اس سے مراد پیٹ ہے اور یہ کنا یہ پیٹ بھرنے سے ہے [۱۶] فاملِ امر حاضر کا صیغہ املاءً واملال مصدر کوئی بولے اور دوسرا لکھے اور یہ اصل میں امللِ تھا اس میں یا ء کو لام سے بدل لیا ہے۔ یقال امللت الکتاب علی الکاتب املالا واملیت الکتب املاء علی الکاتب جبکہ وہ املا کرائے۔ [۱۷] نکلت از نصر وضرب ای ضعفت وعجزت عن الجواب یقال ضعفت نکل نکولا عن الشئ ومن الشئ ای ضعف عنہ وعجز۔
[۱۸] لاغترام یہ مصدر ہے باب افتعال سے بمعنی تاوان ادا کرنا اور یہ متعلق تھیا کے ہے یعنی عجزت عن الجواب فتھیا للاغترام [۱۹] التحقیق ای قول تحقیق یا یہ اسم مفعول کے معنی میں ہے یعنی قول محقق [۲۰] التوفیق یہ باب تفعیل کا مصدر ہے بمعنی مدد و استعانت۔

قُلْ لِمَنْ يُلْغِزُ الْمَسَائِلَ اِنِّيْ	كَاشِفٌ سِرَّهَا الَّذِيْ تُخْفِيْهِ
اِنَّ ذَا الْمَيِّتَ الَّذِيْ قَدَّمَ الشَّرْ	عُ اَخَا عِرْسِهٖ عَلَى ابْنِ اَبِيْهِ
رَجُلٌ زَوَّجَ ابْنَهٗ عَنْ رِضَاهُ	بِحَمَاةٍ لَهٗ وَلَا غَرْوَ فِيْهِ
ثُمَّ مَاتَ ابْنُهٗ وَقَدْ عَلِقَتْ	مِنْهُ فَجَاءَتْ بِابْنٍ يَسُرُّ ذَوِيْهِ
فَهُوَ ابْنُ ابْنِهٖ بِغَيْرِ مِرَاءٍ	وَاَخُوْ عِرْسِهٖ بِلَا تَمْوِيْهِ
وَابْنُ الْاِبْنِ الصَّرِيْحِ اَدْنٰى اِلَى الْجَدِّ (ای اقرب ۱۲)	وَاَوْلٰى بِاِرْثِهٖ مِنْ اَخِيْهِ (ای احق ۱۲)

الترجمة والمطالب مسائل کی چیستاں کرنے والے سے یہ کہدو کہ تمہارے پوشیدہ بھید کو اب میں کھولنے والا ہوں جس میت کے سگے بھائی پر شرع نے اس کے نسبتی بھائی کو ترجیح دی ہے وہ میت ہے جس نے اپنے لڑکے کی شادی اس کی خوشی پر اپنی ساس سے کر دی تھی اور کوئی تعجب کی بات اس نکاح کرنے میں نہیں ہے پھر اس کا بیٹا اپنی بیوی کو (یعنی ساس) کو حاملہ چھوڑ کر مرگیا چنانچہ اس سے ایسا لڑکا پیدا ہوا جو رشتہ داروں کو اچھا اور خوش معلوم ہوتا تھا۔ یہ نوزائیدہ بچہ بلاشبہ اس کا پوتا اور یقیناً اس کی بیوی کا بھائی ہوا (یعنی سالہ ہوا) بغیر ملمع سازی کے اور سگا پوتا دادا کی وارثت کا بہ نسبت دادا کے بھائی کے زیادہ حقدار ہے۔

تشریح لغات لہ یلغز الغاز مصدر از افعال بمعنی معمہ اور چیستاں بنا دینا یقال یلغز الکلام لغزاً و اَلْغَزَهٗ ای عمّی مراده ولم یبینه از نصر اور اس کا استعمال صرف نثر ہی میں ہوتا ہے ۲ اخا عرسه بیوی کا بھائی ۳ زوج ابنه الخ الذی لم یکن من هذه الزوجة ۴ بحماة بمعنے خوشدامن یا ساس (بیوی کی ماں) والجمع حموات ۵ غرو مصدر بمعنی تعجب یقال غزا الرجل یغرو غرواً جبکہ وہ تعجب کرے از نصر ویقال لَا غَرْوَ و لا غزوی من کذا یعنی اس سے تعجب نہیں ہے ۶ وقد علقت از سمع بمعنے فریفتہ ہونا وحاملہ ہونا یقال علق بالشیء علقاً ای لزق به وعلقت المرأة علوقاً ای حبلت وکذلک یطلق لکل انثی فالمرأة حبلی والناقة خلفه والرمکة عقوق والاتان جامع والشاة منتوج هذا تقسیم العلوق والحبل علی هذه الانواع ۷ ذویه ذو کی اضافت اور اس کے فرع کی مضمر کی طرف لغت کے اعتبار سے کم ہے اور بعض تو منع کرتے ہیں اور ایک جماعت ائمہ لغت کی اس کو جائز کرتی ہے اس کے معنی عزیز اور صاحب کے ہیں ای ثم ولد من الابن ابن یسّر ویفرح اهله واقاربه ۸ فهو ای المولود ابن ابنه ای ابن ابن الرجل ۹ مراء مصدر از مفاعلہ بمعنے لڑائی جھگڑا کرنا ۱۰ ادنی یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنے بہت زیادہ قریب ہونا اور نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگوں کو کہتے ہیں از نصر یقال دنا للشیء یدنو دُنُوّاً و دناوةً ومنه والیه جبکہ وہ کسی چیز کے قریب ہو ۱۱ بارثه مصدر بمعنی میراث یقال ورث یرث از حسب وِرْثاً و وَرَثاً وارثاً اور رِثَةً وتراثاً جبکہ میت کا مال اس کی طرف منتقل ہو ۱۲ من اخیه ای من اخی الجد۔

عہ وخلاصة الجواب للغزان تقول رجل وابنه وامرأة وابنها تزوج الرجل البنت والابن الام فبهات الابن وقد حملت منه الام فوضعت غلاماً فکان للرجل ابن ابن ولزوجته اخا لامّ ثم مات الرجل وترك اخاه فورثت لزوجته الثمن واخوها من امها الباقی لان ابن ابن المیت وهو یحجب الاخ کما کان یحجب الابن لو کان حیًّا۔

فَلِذَا حِيْنَ مَاتَ اَوْجَبَ لِلزَّوْجَةِ ثُمُنُ التُّرَاثِ تَسْتَوْفِيْهِ
وَحَوَى ابْنُ ابْنِهِ الَّذِيْ هُوَ فِي الْاَصْلِ اَخُوْهَا مِنْ اُمِّهَا بَاقِيْهِ
وَتَخَلَّى الْاَخُ الشَّقِيْقُ مِنَ الْاِرْثِ وَقُلْنَا يَكْفِيْكَ اَنْ تَبْكِيْهِ
هَاكَ مِنِّي الْفُتْيَا الَّتِيْ يَحْتَذِيْهَا كُلُّ قَاضٍ يَقْضِيْ وَكُلُّ فَقِيْهِ

قَالَ فَلَمَّا اَثْبَتَ الْجَوَابَ. وَاسْتَثْبَتَ مِنِّي الصَّوَابَ. قَالَ لِيْ اَهْلَكَ وَاللَّيْلَ. فَشَمِّرِ الذَّيْلَ وَبَادِرِ السَّيْلَ. فَقُلْتُ اِنِّيْ بِدَارِ غُرْبَةٍ. وَفِيْ اِيْوَائِيْ اَفْضَلُ قُرْبَةٍ. لَا سِيَّمَا وَقَدْ اَغْدَفَ جُنْحُ الظَّلَامِ. وَسَبَّحَ الرَّعْدُ فِي الْغَمَامِ. فَقَالَ اُعْزُبْ عَافَاكَ اللّٰهُ اِلٰى حَيْثُ شِئْتَ. وَلَا تَطْمَعْ فِيْ اَنْ تَبِيْتَ. فَقُلْتُ وَلِمَ ذَاكَ. مَعَ خُلُوِّ ذَرَاكَ.

الترجمۃ والمطالب

پس جس وقت وہ مرا تو اس نے اپنی بیوی کے واسطے پورا آٹھواں حصہ واجب کر دیا اور بقیہ ترکہ میت کے پوتے نے لے لیا جو کہ حقیقت میں اس کی بیوی کا اخیافی بھائی تھا اس صورت میں حقیقی بھائی ترکہ سے محروم ہو گیا اور ہم نے اس سے کہا کہ تیرے لیے رونے کے سوا کچھ نہیں اور مجھ سے مسئلہ کا ایسا جواب لو جس کی پیروی ہر حاکم شرع اور عالم فقیہ پر واجب ہے۔ راوی نے کہا کہ صحیح جواب ملنے پر اور اس کے سچ کہنے پر شیخ صاحب بولے کہ تم گھر کا راستہ لو اور رات کی تاریکی کا خیال کرو پس تم جانے کے لیے تیار ہو جاؤ اور پانی برسنے سے پہلے یہاں سے چل دو پس میں نے اس سے بہت کہا کہ میں مسافرت میں ہوں اور مجھ کو ٹھیرانا بہت ہی بڑا ثواب ہے خاص کر ایسی حالت میں کہ تاریکی شب پھیل چکی ہے اور بادلوں کی کڑک تسبیح میں مصروف ہے (اور رعد تسبیح کہتا ہے یعنی حمد کے ساتھ تسبیح کو تحمید کے ساتھ ملاتا ہے) مگر اس شیخ کا یہی جواب تھا جہاں چاہو تم جاؤ خدا تمہاری حفاظت کرے اور یہاں رات گذارنے کی تم خواہش مت کرو پس میں نے دریافت کیا آخر کیوں حالانکہ گھر آپ کا تو خالی ہے۔

تشریح لغات

[۱] ثمن التراث ای المیراث ولو لم یکن هذا الولد لوجب لها الربع لقوله تعالیٰ ولهن الربع مما ترکتم ان لم یکن لکم ولد فان کان لکم ولد فلهن الثمن مما ترکتم [۲] تستوفیه استیفاء مصدر از باب استفعال بمعنی پورا لینا یقال استوفی حقه، استیفاء جبکہ وہ کامل اور پورا حق لے [۳] حوی از ضرب یقال حوی الشئ حوایةً وحیًّا جبکہ وہ جمع کرے [۴] تخلی از باب تفاعل بمعنی تنہائی میں رہنا وتخلی منه وعنه جبکہ وہ چھوڑے وتخلی له جبکہ وہ کسی کام کے لیے فارغ ہو اور یہاں بمعنی خالی رہنے کے ہیں [۵] الاخ الشقیق بمعنے حقیقی بھائی اور شقیقہ کے معنی حقیقی بہن کے ہیں ای صار اخوه العینی محروماً من الارث وذکر الشقیق لئلا یتوهم انه من الرضاع [۶] هاك ای خذ منی [۷] الفتیا بمعنی مسئلہ کا جواب دینا الفتوی والفتیاء اسم منه [۸] یحتذیها از افتعال احتذاء مصدر بمعنی اقتداء اور پیروی کرنا [۹] قاض اسم فاعل بمعنی حاکم شرعی والجمع قضاة [۱۰] فقیه بمعنی بہت سمجھدار و ذکی عالم و علم فقہ کا جاننے والا والجمع فقہاء [۱۱] استثبت از استفعال استثبات مصدر بمعنی حاصل کرنا یقال استثبت فی الامر والرائ جبکہ وہ جلدی نہ کرے اور مہلت سے کام لے اور مشورہ کرے اور حقیقت کی جستجو کرے [۱۲] اهلك یہ ڈراتے اور خوف دلانے کے وقت اس مثل کو استعمال کرتے ہیں ای بادر اهلك قبل اللیل والتقدیر هھنا بادر اهلك واحذر اللیل وظلمة اللیل یعنی یہ

اندھیری رات ہے اس وقت گھر ہی جاکر آرام کرنا چاہیئے ۱۳؎ فشمر امر حاضر کا صیغہ تشمیر مصدر از باب تفعیل بمعنی دامن سمیٹنا یقال شمر الشئ جبکہ وہ دامن سمیٹے ۱۴؎ السیل مصدر بمعنی نزول المطر (رَو) یعنی پانی کا بہنا از ضرب یقال سال الماء سیلاً وسیلاناً وسیلاً ومسالاً جبکہ پانی بہے ۱۵؎ بدار غربتہ ای انا غریب الوطن فلا تخرجنی من بیتك لانی غریب لیس لی مقر غیر بیتك ۱۶؎ ایوائی بمعنے ٹھکانہ دینا اور جگہ دینا یقال آوی البیت وآواہ وآوی الی البیت جبکہ وہ ٹھکانہ دے اور پناہ دے اور آتارے ۱۷؎ قربتہ یعنے عبادت وثواب اور نیک افعال جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو والجمع قُرَبٌ وقربات ۱۸؎ اغدف از افعال اغداف مصدر بمعنی رات کا تاریک ہونا اغدف اللیل جبکہ رات بہت تاریک ہو اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے اُس کے معنی بہت دینے کے بھی آتے ہیں یقال غدف لہ فی العطاء غدفا جبکہ وہ بہت دے سے تاریک ہو اور اس کا مجرد نصر سے آتا ہے اُس کے معنی بہت دینے کے آتے ہیں یقال غدف لہ فی العطاء غدفاً جبکہ وہ بہت دے ۱۹؎ بح الرعد ھو صوت السحاب وفی التنزیل یسبح الرعد بحمدہ یقال رعدت السحابۃ رعد اور عودا ای اسمعت الرعد از فتح ونصر ۲۰؎ الغمام بمعنی بادل اور غمامۃ بادل کے ایک ٹکڑے کو کہتے ہیں واصلہ غم الشئ ای سترہ از نصر وسمی الغمام لکونہ ساتر الضوء الشمس وفی التنزیل حتی یأتیھم اللہ فی ظلل من الغمام ۲۱؎ اغرب امر حاضر کا صیغہ بمعنی ابعد واذھب از نصر یقال اغرب الرجل غروباً جبکہ وہ دور ہو ۲۲؎ عافاک ای دفع اللہ عنک البلیۃ والعلۃ از مفاعلہ معافاۃ مصدر بمعنے صحت دینا اور بلا برائی سے بچانا یقال عافی اللہ فلاناً معافاۃ وعفاء وعافیۃ جبکہ اللہ صحت دے اور برائی اور بلا سے بچائے ۲۳؎ تبیت مبیتہ مصدر از ضرب وسمع بمعنے رات گذارنا یقال بات فی المکان بیتاً وبیاتاً وبیتوتۃ ومبیتاً جبکہ وہ رات گذارے ۲۴؎ ولم ذاک ای لای سبب اخراجک من البیت ۲۵؎ ذرا بمعنی گھر کے سامنے کا صحن اور اس کے اطراف وجائے پناہ اور ہر وہ جگہ جہاں تم چھپ سکو اور یہاں یہ گھر کے معنی میں ہے

قَالَ لِاَنِّیْ اَنْعَمْتُ[۱] النَّظَرَ فِی الْتِقَامِكَ[۲] مَا حَضَرَ حَتّٰی[۳] لَمْ تُبْقِ وَلَمْ تَذَرْ[۴]۔ فَرَاَیْتُكَ لَا تَنْظُرُ فِیْ مَصْلَحَتِكَ۔ وَلَا تَرَاعِیْ حِفْظَ صِحَّتِكَ۔ وَمَنْ اَمْعَنَ[۵] فِیْمَا اَمْعَنْتَ۔ وَتَبَطَّنَ[۶] فِیْمَا تَبَطَّنْتَ۔ لَمْ يَكَدْ يَخْلُصُ مِنْ كِظَّةٍ[۷] مُدْنِفَةٍ۔ اَوْ هَيْضَةٍ[۸] مُتْلِفَةٍ۔ فَدَعْنِیْ[۹] بِاللّٰهِ كَفَافًا[۱۰]۔ وَاخْرُجْ عَنِّیْ مَادُمْتَ[۱۱] مُعَافًى۔ فَوَالَّذِیْ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ۔ مَالَكَ عِنْدِیْ مَبِيْتٌ[۱۳]۔ فَلَمَّا سَمِعْتُ اَلِيَّتَهٗ[۱۴]۔ وَبَلَوْتُ بَلِيَّتَهٗ[۱۵]۔ خَرَجْتُ مِنْ بَيْتِهٖ بِالرَّغْمِ[۱۶]۔ وَتَزَوَّدِ[۱۷] الْغَمِّ[۱۸]۔

التر جمۃ والمطالب

اس نے جواب دیا میں تجھے وہ چیز کہ حاضر تھی اس کے لقمہ نگلنے میں میں نہایت غور سے دیکھ رہا تھا اور تو نے کچھ بھی اس میں سے باقی نہیں چھوڑا پس میں نے یہ دیکھا کہ تو نے اپنی مصلحت (بھلائی) کی بھی قطعاً پرواہ نہ کی اور نہ تو نے اپنی صحت (تندرستی) کی حفاظت کا خیال کیا اور جو شخص بھی زیادہ کھائے گا جیسا کہ تو نے کھایا ہے اور وہ بری طرح پیٹ بھرے گا یقیناً وہ زیادہ کھانے کی وجہ سے (امراض) میں مثلاً بدہضمی جو اس کو لاغر بنا دے گی۔ یا اس کو ہیضہ ہوگا جس سے وہ بچ نہیں سکتا ہے لہذا خدا کے واسطے تو مجھ کو برابر سرابر چھوڑ دے اور میرے پاس سے تو تندرستی کی حالت میں چلا جا۔ پس قسم ہے اس ذات کی جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے میرے پاس تیرے لیے رات کو رہنے کی جگہ نہیں ہے میں نے جب اس کی قسم سنی اور اس کی مصیبت کی خوب جانچ پڑتال کر کے بادل ناخواستہ (ذلت سے) غم کی زادراہ لے کر نکل کھڑا ہوا۔

تشریح لغات

۱؎ انعمت ای امعنت وتاملت وبالغت از افعال یقال انعم الامر جبکہ وہ مبالغہ کرے وانعم

النظر فی المسألۃ جبکہ وہ غور کرے ۳؎ التقامک مصدر از افتعال بمعنی لقمہ نگلنا اور جلدی سے کھانا ۴؎ لم تذر ای لم تترک یقال وذر الشی وذرًا ای ترکہ از سمع و ضرب ۵؎ امعن از افعال ای بالغ و اکثر فی الاکل یقال معن الماء معنا و معن و معونا ای جری جریا سہلا از فتح و کرم ۶؎ تبطن از تفعل اور یہ بطن سے ماخوذ ہے بمعنی کسی چیز کو پیٹ میں رکھنا و یقال تبطّن الطعام جبکہ وہ پیٹ میں کھانا بھرلے ۷؎ کظۃ اتنا کھانا جس سے سانس بھی نہ لیا جا سکے ھی مایعتری الانسان من امتلاء البطن من الطعام یقال کظ الطعام فلانا کظا ای ملأہ حتی لا یطیق النفس از نصر ویقال کظ الغیظ صدرہ ای ملأہ وکظ الحبل ای شدّہ وکظ خصمہ ای الجئہ حتی لا یجد مخرجا یخرج الیہ و المصدر کظ باب الکل نصر ویقال کظ الامر فلانا ای غمہ وکربہ وکظ السبیل بالماء ای ضاق بہ لکثرتہ بابہ ایضا نصر لکن المصدر کظاظ وکظاظۃ۔ ۸؎ مدنفا ادناف مصدر از افعال بمعنی بیماری کا بڑھنا اور قریب المرگ ہونا یقال دنف دنفًا ای ثقل مرضہ و دنا من الموت از سمع ۹؎ ہیضۃ بدہضمی سے دست آنا اور رنج و غم کا عود کرنا اور بیماری کے بعد بیماری کا ہونا ۱۰؎ متلفۃ۔ اتلاف مصدر از افعال بمعنی ہلاک کرنا یقال تلِفَ تلفًا ای ہلک از سمع و اتلفہ ای اہلکہ و افناہ ۱۱؎ فدعنی امر حاضر کا صیغہ از ودع یدع ای اترکنی ۱۲؎ کفافا بالفتح بمعنے گذارے کے لائق اور لوگوں سے مستغنی کرنے والی روزی یقال قوت کفاف حاجتہ یعنی اوس کا گذارہ بغیر کمی زیادتی کے اس کی حاجت کے مطابق ہے وکفاف الشئ چیز کے مانند ویقال دعنی کفاف یعنی تو مجھے چھوڑ دے میں تجھ کو چھوڑ دوں گا۔ اور یہاں پر معنی سلامتی کی حالت کے ہیں ای کُفّ عنی شرک و خیرک ۱۳؎ معافی اسم مفعول کا صیغہ ای سالما از مفاعلہ عافی یُعافی معافاۃ سے بمعنی صحت دینا بلا اور برائی سے بچانا۔ یقال عافی اللہ فلانا جبکہ صحت دے اور برائی سے بچائے ۱۴؎ مبیت رہنے کی جگہ اور رات گذارنے کی جگہ از ضرب و سمع ۱۴؎ الیۃ بمعنے قسم و الجمع الایا ۱۵؎ بلیۃ بمعنی مصیبت و آزمائش و الجمع بلایا ۱۶؎ بالرغم بمعنے ذلت و خواری یقال رغمہ رغمًا ای قہرہ از نصر و رغم انفہ رُغمًا و رُغمَ رُغمًا ای ذل از سمع و کرم ویقال اتی علی رَغمِہ ای کرہ و ذلّ و رغم انفہ جبکہ وہ ذلیل ہو ۱۷؎ تزود مصدر از باب تفعل بمعنے توشہ لینا یقال زوّدہ جبکہ وہ توشہ دے ۱۸؎ غم بمعنی حزن اندوہ و کرب و الجمع غموم منہ یومٌ غمٌّ یعنی گرم دن اور غم کا دن۔

تَجُوْدُ[۱] نِی السَّمَاءِ۔ وَتَخْبِطُ[۲] نِی الظَّلْمَاءُ[۳] وَتَنْبَحُنِی[۴] الْکِلَابُ[۵]۔ وَتَتَقَاذَفُ بِیَ الْاَبْوَابُ[۶]۔ حَتّٰی[۷] سَاقَتْنِیْ[۸] اِلَیْکَ لُطْفُ الْقَضَاءِ۔ فَشُکْرًا لِلْیَدِ[۹] الْبَیْضَاءِ۔ فَقُلْتُ لَہٗ اَحْبِبْ[۱۰] بِلِقَائِکَ الْمُتَاحِ[۱۱]۔ اِلٰی قَلْبِیَ الْمُرْتَاحِ[۱۲]۔ ثُمَّ اَخَذَ یَفْتَنُّ[۱۳] فِیْ حِکَایَاتِہٖ۔ وَیُشْمِطُ[۱۴] مُضْحِکَاتِہٖ[۱۵] بِمُبْکِیَاتِہٖ۔ اِلٰی اَنْ عَطَسَ[۱۶] اَنْفُ[۱۷] الصَّبَاحِ۔ وَھَتَفَ[۱۸] دَاعِی الْفَلَاحِ[۱۹]۔

الترجمۃ والمطالب ایسی صورت میں کہ آسمان خوب زوروں سے (مینہ) برسا رہا تھا اور رات کی تاریکی مجھے ٹھوکریں کھلا رہی تھی اور ادھر کتے مجھ پر بھونک رہے تھے اور ایک دوسرے پر پھینکتے تھے مجھ کو دروازے یہاں تک کہ خدا کی مہربانی نے مجھے تم تک پہنچایا اس کی نعمت اور احسان کا (بہت ہی) شکر ہے پس میں نے کہا کہ آپ کی ملاقات کا نصیب ہونا واقعی میرے دل خوش ہونے والے کے لیے بڑا ہی پسندیدہ امر ہے پھر اس کے بعد اس نے طرح طرح کی باتیں شروع کیں اور وہ ہنسنے والی حکایتوں کو رلانے والی حکایتوں سے ملاتا تھا (یعنی دل خوش کن واقعات کو رلانے والی باتوں سے ملاتا رہا) یہاں تک کہ صبح صادق نے چھینکا (سانس لیا یعنی تڑکا ہوا) اور داعی فلاح (یعنی موذن) نے پکارا (یعنی اس نے اذان کہی۔

تشریح لغات ۱؎ تجودنی ای تمطرنی بالجود یقال جاد المطر جَوْدًا یعنی بہت بارش ہونا از نصر ۲؎ تخبط خبط مصدر از ضرب

بمعنی ٹھوکر کھلانا یقال خبطہ خبطا جبکہ وہ زور سے مارے وخبط الشئ جبکہ وہ سخت روندے وخبط اللیل جبکہ وہ ٹیڑھا ٹیڑھا چلے ویقال انہ یخبط خبط عشواء یعنی وہ رتوندی والی اونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے ویقال وما ادری ای خابط اللیل من ہو یعنی میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے اور بی الظلماء میں بے تعدیہ کے لیے ہے ۳ الظلماء بمعنی تاریکی وابتدائی رات یقال لیلۃ ظلماء یعنی بہت تاریک رات اور لیل ظلماء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے ۴ تنبحنی ای تصوت بھونکتے تھے یقال نبح الکلابُ علیہ نبحًا ونباحًا ای صات علیہ از فتح وضرب ۵ الکلاب یہ کلب کی جمع ہے بمعنے کتے اور ہر کاٹنے والا درندہ اور اس کی جمع اکلُبٌ بھی آتی ہے وجمع الجمع اکالب وکلابات ۶ تتقاذف تقاذف مصدر از باب تفاعل آپس میں ایک دوسرے پر پھینکدینا اور ڈالنا اور یہ قذف سے ماخوذ ہے بمعنی الرمی البعید از ضرب ۷ الابواب یہ باب کی جمع ہے بمعنی دروازہ اور اس کی جمع بیبان بھی آتی ہے ۸ حتی ساقنی الی یعنی قال ابوزید للحارث ساقنی قضاء اللہ الیک من ذلک الشیخ ۱۲ ۹ لبدہ البیضاء بمعنی نعمت واحسان ۱۰ اجلب یہ فعل تعجب کا صیغہ ہے احسن کے وزن پر بمعنی کس قدر وہ محبوب ہے ۱۱ المتاح بمعنے مقدر کیا گیا یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے باب افتعال سے یقال اتاحہ اتاحۃً جبکہ مقدر کرے اور تیار کرے ویقال اتاح اللہ لہ الشر یعنی اللہ نے اس کے لیے شر کو مقدر کر دیا ۱۲ المرتاح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افتعال اس کا مصدر ارتیاح ہے بمعنی خوش ہونا وراحت پانا ویقال ارتاح اللہ لہ برحمتہ جبکہ وہ مصیبت سے چھڑائے ۱۳ یفتن از افتعال افتنان مصدر بمعنی طرح طرح کی باتیں کرنا یقال افتن فی الحدیث جبکہ وہ اچھے اسلوب سے بیان کرے ۱۴ یشمط از افعال اشماط مصدر بمعنی ملانا یقال اشمط الشئ جبکہ وہ ملائے از ضرب ۱۵ مضحکات یہ مضحکۃ کی جمع ہے از افعال یقال اضحکہ جبکہ وہ ہنسائے اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے اور یہاں اس سے مراد ہنسانے والی باتیں ہیں ای فی حکایات المضحکات اور اسی طرح مبکیات ہے اور یہ جمع مبکیۃ کی ہے از افعال یقال ابکی الرجل جبکہ رلائے اور اس سے مراد رلانے والی باتیں ہیں ای فی حکایات المبکیات ۱۶ الی ان عطس یعنی بدا اول الصبح وخرج من مطالعہ کما یخرج العطاس من انف الانسان یقال عطس عطسًا وعطاسًا ای اتنہ، العطسۃ از نصر وضرب ۱۷ انف بمعنی منخر والجمع انوفٌ وآناف اور انف سے مراد اول صبح ہے اور انف عاطس اس کے لیے استعارہ لائے یعنی صبح نے سانس لیا اور اول صبح ظاہر ہوئی ۱۸ ہتف ای نادے یقال ہتف ہتفًا وہتافًا ای صاح ونادی از ضرب ۱۹ داعی الفلاح المؤذن حیث یقول حی علی الفلاح والفلاحُ ہو الفوز (کامیابی)، والنجاۃ والبقاء فی الخیر فالمؤذن یدعو الی الصلوٰۃ التی ہی سبب الفلاح۔

فَتَاهَبَ[۱] لِاِجَابَةِ[۲] الدَّاعِیْ۔ ثُمَّ عَطَفَ[۳] اِلٰی وَدَاعِیْ[۴]۔ فَعَقَتُہٗ[۵] عَنِ الْاِنْبِعَاثِ[۶]۔ وَقُلْتُ الضِّیَافَةُ[۷] ثَلَاثٌ۔ فَنَاشَدَ[۸] وَحَرَّجَ[۹]۔ ثُمَّ اَمَّ[۱۰] الْمَخْرَجَ وَاَنْشَدَ اِذَا عَرَّجَ[۱۱] ؎

لَا تَزُرْ مَنْ تُحِبُّ فِیْ كُلِّ شَهْرٍ ۔ غَيْرَ يَوْمٍ وَلَا تَزِدْهُ عَلَيْهِ

فَاجْتِلَاءُ الْهِلَالِ[۱۲] فِی الشَّهْرِ يَوْمٌ ۔ ثُمَّ لَا تَنْظُرُ الْعُيُوْنُ اِلَيْهِ

قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ۔ فَوَدَّعْتُہٗ بِقَلْبٍ دَامِیْ[۱۳] الْقُرْحِ[۱۴]۔ وَوَدِدْتُ لَوْ اَنَّ لَيْلَتِیْ بَطِيْئَةُ[۱۵] الصُّبْحِ[۱۶]

الترجمۃ والمطالب چنانچہ اس نے موذن کے لبیک کہنے کے لیے تیاری کی اس کے بعد اس نے مجھ سے رخصت چاہی پس میں نے اس کو جانے سے بہت ہی روکا اور اس سے میں نے یہ کہا کہ مہمانی تین دن تک کی ہے لیکن اس نے تاکید

کے ساتھ قسم کھائی اور اس کے بعد ہی وہ چلتا بنا اور وہ مڑتے وقت (یا کھڑے اور رکتے وقت) اس نے یہ شعر پڑھے ؎
تم اپنے دوست سے ہر مہینہ میں ایک دن سے زیادہ نہ ملو اس لیے کہ مہینہ میں صرف ایک بار ہی چاند کو دیکھا جاتا ہے پھر کوئی آنکھ اٹھا کر بھی اس کو نہیں دیکھتا۔ حارث بن ہمام کہتا ہے میں نے اس کو رخصت تو کر دیا لیکن میرا زخمی دل خون آلود تھا اور یہ ہی میری خواہش اور آرزو تھی کیا اچھا ہوتا کہ اس رات کی صبح تو بہت دیر سے ہوتی دنا کہ میں اس کے پاس بیٹھ کر کچھ اور باتیں کرتا۔

تشریح لغات

[1] فتاہب تاہب مصدر از باب تفعل بمعنی تیار ہونا و آمادہ ہونا [2] الاجابۃ الداعی ای لجواب المؤذن وہو بالقول بان یقول مثل مایقول المؤذن [3] عطف ای مال یقال عطف الیہ عَطفًا وعطوفًا ای مال الیہ از ضرب [4] وداعی بفتح الواو بمعنی رخصت کرنا [5] فعقنۃ ای منعنہ یقال عاقہ عن کذا عوقًا ای صرف ومنعہ از نصر [6] الانبعاث یہ مصدر باب انفعال سے ہے بمعنی جانا ای التوجہ والتحرک للنہوض بغتتہ وفی التنزیل ولکن کرہ اللہ انبعاثہم واصل البعث اشارۃ الشئ وتوجیہہ و یختلف باختلاف المتعلق قال تعالٰی والموتی یبعثہم اللہ ای یخرجہم ولقد بعثنا فی کل امۃ رسولاً ای ارسلنا رسلنا فاماتہ اللہ مائۃ عام ثم بعثہ ای احیاہ وهو الذی یتوفاکم باللیل ویعلم ماجرحتم بالنہار ثم یبعثکم فیہ ای یوقظکم از فتح۔
[7] الضیافۃ بمعنی مہمانی کا کھانا یعنی الضیافۃ ثلاث لیال لانہ جاء فی الحدیث من کان یومن باللہ والیوم الاخر فلیکرم ضیفہ وجائزتہ یوم ولیلۃ۔ الضیافۃ ثلث ولایحل ان ینوی عندہ حتی یحرجہ فما کان انفق علیہ بعد ثلاث فهو صدقۃ۔
[8] فناشد از باب مفاعلہ مناشدت اور نشاد مصدر بمعنی قسم کھلانا یقال ناشدہ جبکہ وہ قسم کھلائے وناشدہ الاَمرَ وفی الامر جبکہ وہ متوجہ کرے و مجردہ از نصر و ضرب [9] حرج از باب تفعیل تحریج مصدر بمعنی تنگ کرنا اور سخت کرنا یعنی اس نے قسم تاکید کے ساتھ کھائی یعنی وہ اپنے جانے میں دیر نہ کرے گا [10] ام فعل ماضی کا صیغہ از نصر اَمٌّ مصدر بمعنی ارادہ کرنا یقال اَمّ اَمًّا جبکہ وہ ارادہ کرے اور اَمٌّ کے معنی اپنے ارادہ کی طرف متوجہ ہونے کے بھی آتے ہیں [11] عَرّجَ از تفعیل تعریج مصدر بمعنی ٹھیرنا اور ایک جانب سے دوسری جانب جھکنا وعرّج عن الشئ جبکہ وہ چھوڑے اور تجاوز کرے وعَرّج البناء والنہر جبکہ وہ جھکائے یقال عَرِجَ عرجًا ای مال از سمع وکرم [12] الہلال یہ ہَالٌ کا مصدر بمعنی نیا چاند شروع شروع مہینہ کی دو راتوں یا تین راتوں یا سات راتوں کے چاند کو ہلال کہتے ہیں اور مہینہ کی آخری دو راتوں چھبیسویں اور ستائیسویں کے چاند کو بھی اور ان کے علاوہ کے چاند کو قمر کہتے ہیں والہلال عند اہل اللغۃ پہلی رات کا چاند والجمع اَہِلّۃٌ اور اہالیل جمع نادر آتی ہے۔ [13] دامی اسم فاعل کا صیغہ ای مجروح من خراقہ یسیل منہ الدم یقال دمی الجرح دمًا ودُمِیًا ای خرج منہ الدم از سمع [14] القرح مصدر بمعنی زخم وگھاؤ وپھوڑا والجمع قروحٌ وقال الراغب القرح بالفتح اثر الجراحۃ من شئ یصیبہ من خارج والقراح بالضم اثرہا من داخل یقال قرحتہ قرحاً ای جرحتہ از فتح [15] بطیئۃ الصبح ای یکون لیلا طویلا فیکون لبثہ عندی طویلاً۔

تمت بالخیر

حسبنا اللہ ونعم الوکیل

الافاضات

شرح اردو

المقامات

جلد دوم

شارح مولانا محمد افتخار علی سابق مدرس دار العلوم دیوبند

کتب خانہ مجیدیہ ملتان

فون 543841

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

اَلۡمَقَامَۃُ السَّادِسَۃَ عَشَرَۃَ الۡمَغۡرِبِیَّۃُ

حَکَی الۡحٰرِثُ ابۡنُ ھَمَّامٍ قَالَ شَہِدۡتُ صَلٰوۃَ الۡمَغۡرِبِ. فِیۡ بَعۡضِ مَسَاجِدِ[1] الۡمَغۡرِبِ[2]. فَلَمَّا اَدَّیۡتُہَا بِفَضۡلِہَا[3]. وَشَفَعۡتُہَا[4] بِنَفۡلِہَا. اَخَذَ طَرۡفِیۡ[5] رُفۡقَۃً. قَدِ انۡتَبَذُوۡا[6] نَاحِیَۃً[7].

الترجمۃ والمطالب (سولہویں مجلس جو مغربیہ کے نام سے موسوم ہے) حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں بلاد مغرب (مغرب کے ملک) کی کسی مسجد میں مغرب کی نماز کے لیے حاضر ہوا پس جبکہ میں اس نماز کو اچھے طریقہ سے اس کی فضیلت کے ساتھ اور مع نوافل کے ادا کر چکا تو میں نے چند احباب کو مسجد کے اطراف میں بیٹھا ہوا دیکھا۔

تشریح لغات [1] مساجد یہ مسجد کی جمع ہے بمعنی سجدہ گاہ و عبادت گاہ اعلم ان المسجد للمسلمین کالکنیسۃ للیہود والبیعۃ للنصاری والصومعۃ للرہبان وبیت النار للمجوس ھذا تقسیم المتعبدات [2] المغرب ای مساجد بلاد المغرب [3] لفضلہا ای بکمالہا مع فرائضہا وسننہا ومستحباتہا [4] وشفعتہا بنفلہا یرید انہ صلی الفریضۃ ثم صلی النافلۃ یقال شفع الشیٔ شفعا ای صیرہ شفعا ای زوجا مثلہ بابہ فتح والنفل زیادۃ علی الواجب یقال نفلہ نفلاً ای اعطاہ نافلۃ از نصر [5] اخذ طرفی ای لمح بصری یعنی میری نگاہ نے دیکھا جیسا کہ اخذ سمعی بمعنے سمع [6] انتبذوا انتباذ مصدر از افتعال بمعنی علیحدہ ہونا اور یہ نبذ سے ہے والنبذ القاء الشیٔ وطرحہ لقلۃ الاعتداد از ضرب [7] ناحیۃ بمعنے جانب والجمع نواح وفی بعض النسخ انتبذوا ای اجتمعوا۔

وَامۡتَازُوۡا[1] صَفۡوَۃً[2] صَافِیَۃً. وَھُمۡ یَتَعَاطَوۡنَ کَاسَ[3] الۡمُنَافَثَۃِ. وَیَقۡتَدِحُوۡنَ[4] زِنَادَ[5] الۡمُبَاحَثَۃِ[6]. فَرَغِبۡتُ[7] فِیۡ مُحَادَثَتِہِمۡ لِکَلِمَۃٍ تُسۡتَفَادُ. اَوۡ اَدَبٍ یُسۡتَزَادُ. فَسَعَیۡتُ[8] اِلَیۡہِمۡ. سَعۡیَ الۡمُتَطَفِّلِ[9] عَلَیۡہِمۡ. وَقُلۡتُ لَہُمۡ اَتَقۡبَلُوۡنَ نَزِیۡلًا یَطۡلُبُ جَنَی الۡاَسۡمَارِ. لَا جَنَی[10] الثِّمَارِ. وَیَبۡغِیۡ مُلَحَ[11] الۡحِوَارِ[12]. لَا مَلۡحَاءَ[13] الۡحُوَارِ[14]. فَحَلُّوۡا لِیَ الۡحُبَا. وَقَالُوۡا مَرۡحَبًا[15] مَرۡحَبًا. فَلَمۡ اَجۡلِسۡ اِلَّا کَلَمۡحَۃِ بَارِقٍ[16] خَاطِفٍ. اَوۡ نُغۡبَۃِ[17] طَائِرٍ خَائِفٍ.

الترجمۃ والمطالب اور وہ لوگ جو مسجد سے علیحدہ تھے وہ نہایت پاک اور صاف تھے اور وہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کو گفتگو کا پیالہ دے

سب ہے تھے اور مباحثہ کے چقماق سے آپس میں آگ نکال رہے تھے پس مجھے اُن سے بات کرنے کی رغبت ہُوئی اس وجہ سے کہ شاید کوئی کام کی بات میرے پلے پڑ جائے جس سے مجھے فائدہ ہو یا میری ادبی معلومات میں اضافہ ہو چنانچہ میں اُن کے پاس بغیر بلائے مہمان کی طرح کوشش کرتا ہُوا پہنچ گیا اور یہ کہا کہ کیا آپ حضرات ایسے مہمان کو قبول اور پسند کریں گے جو کلام کے فکاہات (قصہ کے پھل) کا خواستگار ہے اور وہ نہ کھانے کے پھل کا طالب ہے اور وہ مزیدار اور دل چسپ باتیں چاہتا ہے اور وہ میانہ پشت ناقہ کے بچہ کے گوشت کا طالب نہیں یہ سُن کر انہوں نے میرے لیے حبوہ (زانو بندھے ہوئے) کھولے اور میرے لیے چادر بچھا کر انھوں نے خوش آمدید کہا میں ابھی نظروں کو اچکنے والی بجلی کے کوندنے یا خوف زدہ پرندہ کے ایک گھونٹ (پانی) چو نچ سے پینے کے بقدر بیٹھا ہوں گا۔

تشریح لغات

لہ امتاز و امتیاز مصدر از افتعال بمعنی جدا و ممتاز ہونا وفی التنزیل وامتازوا الیوم ایہا المجرمون ٢ہ صفوۃ بمعنی پاک و صاف ہونا ای خیارًا وہم یقولون فی تقسیم الصفاء نقاوۃ الطعام وصفوۃ الشراب و خلاصۃ السمن ولُباب البر وصُبابۃ الشرف ومُصاص السَبَب اور یہاں یہ مصدر مضاف ہے ای اُولِی صفوۃٍ ٣ہ یتعاطون تعاطی مصدر از باب تفاعل بمعنی آپس میں لینا دینا ٤ہ کاس بمعنی پینے کا برتن یعنی پیالہ وجمع کُؤوسٌ واکوس وکاساتٌ وکِیاسٌ ٥ہ المنافثہ یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے بمعنے بات چیت اور گفتگو یقال نافثہ، منافثۃً جبکہ وہ چپکے سے بات کرے ٦ہ یقتدحون اقتداح مصدر از باب افتعال بمعنی آگ نکالنا یقال اقتدح بالزند جبکہ وہ چقماق سے آگ نکالے ٧ہ زناد یہ زند کی جمع ہے چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو الزندۃ اور دونوں کو الزندان کہتے ہیں اور اس کی جمع ازند اور ازناد بھی آتی ہے ٨ہ المباحثہ یہ باب مفاعلت کا مصدر ہے کسی معاملہ میں آپس میں بحث کرنا یقال باحثہ جبکہ وہ خطاب کرے اور گفتگو کرے ٩ہ فرغبت از سمع رغبت ورَغبٌ مصدر بمعنی خواہش کرنا و چاہنا۔ یقال رغب فیہ رغبا ورغبۃً رغبۃً جبکہ وہ چاہے اور رغبت کرے ورغب عنہ جبکہ وہ اعراض کرے اور منہ پھیرے اور بے التفاتی کرے اور چھوڑ دے ورغب بہ عن غیرہ جبکہ وہ دوسرے پر فضیلت دے ٩ہ تستفاد استفادۃ مصدر از استفعال بمعنی فائدہ حاصل کرنا یقال استفاد منہ علمًا او مالًا جبکہ وہ حاصل کرے ١٠ہ لیستزاد از استفعال یقال استزاد جبکہ وہ زیادہ طلب کرے ١١ہ فسعیت سعی مصدر بمعنی کوشش کرنا و عمل کرنا و چلنا یقال سَعیٰ یسعیٰ سَعیًا جبکہ وہ حاصل کرنے کے لیے اہتمام کرے وسعی لعیالہ جبکہ وہ کمائی کرے لقد قالوا فی ترتیب مشی الانسان الاول الدبیب ثم المشیٔ ثم السعی ثم الایقاص ثم الهرولة ثم الشد نفقہ اللغۃ ١٢ہ المتطفل اسم فاعل کا صیغہ تطفل مصدر باب تفاعل بمعنی طفیلی ہونا۔ طفیلی وہ شخص جو بن بلائے دعوت میں شریک ہو اور یہ طفیل کی طرف منسوب ہے اور یہ کوفہ کا رہنے والا تھا اور یہ بنی عبداللہ بن غطفان میں سے تھا اور یہ ولیمہ کی دعوتوں میں بے بلائے چلا جاتا تھا اس لیے یہ فعل اس کی طرف منسوب ہو کر طفیلی بنا یہ عام ضرب المثل ہو گئی ١٣ہ نزیلا بمعنے مہمان جو آئے یقال فلان نزیلی یعنی فلاں شخص میرے ساتھ گھر میں اترنے والا ہے والجمع نزلاء ١٤ہ الاسمار یہ سمر کی جمع ہے بمعنے رات کو باتیں سنانے والا ١٥ہ الثمار یہ ثمر کی جمع ہے بمعنے پھل ومیوہ اور اس کا واحد ثمرۃٌ ہے ١٦ہ الملح یہ ملحۃ کی جمع ہے یعنی مزیدار بات ١٧ہ الحوار بالکسر بمعنے بات چیت کرنا منہ التحاور ای المکالمۃ والمراجعۃ فی الکلام وفی التنزیل واللہ یسمع تحاورکما یقال حار حورًا ای رجع از نصر ١٨ہ ملحا و هولحم وسط الظهر ما بین الکاهل والعجز ١٩ہ الحوار بالضم ولد الناقۃ قبل ان یفصل عنها والجمع احورۃ وحیران والمراد ههنا لحم ولد الناقۃ۔ اعلموا ان ولد الناقۃ ساعۃ تضعه امه سلیل ثم سقب وحوار فاذا استکمل سنۃ وفصل عن امه فهو فصیل فاذا کان فی السنۃ الثانیۃ فهو ابن مخاض وفی الثالثۃ ابن لبون ثم یقال لحقۃ اذا کان فی الرابعۃ واستحق ان یحمل علیه فاذا کان فی الخامسۃ فهو جذع فاذا کان فی السادسۃ والقی ثنیۃ فهو ثنی فاذا کان فی السابعۃ

والقی رباعیته فهو رباع فاذا کان فی الثامنة فهو سدیس فاذا کان فی التاسعة وفطر نابه فهو بازل فاذا کان فی العاشرة فهو مخلف او لفلف عام ثم مخلف عامین فصاعدا فاذا کاد یهرم وفیه بقیة فهو عمود فاذا ارتفع من ذلک فهو قعود فاذا انکسرت انیابه فهو ثلب فاذا ارتفع من ذلک فهو ماج لاتـمجّ ریقه ولایستطیع ان یحسبه من الکبر فاذا استحکم هرمه فهو کحکح ۔

[۱۸] الجابیہ جبوة کی جمع ہے وہی مایحتبی به ای ما اشتمل به من ثوب او تمامة ۔

[۱۹] مرحبا جمع مکان رحبا بمعنی کشادگی اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے یقال مرحبا بک یعنی تم نے کشادگی پائی [۲۲] بارق بمعنی چمکنے والی بجلی کے ہیں از نصر یقال برق الشئ جبکہ چمکے و روشن ہو و برق البرق جبکہ ظاہر ہو و برق السماء چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا اور یہاں بارق سے مراد بجلی ہے [۲۳] نغبة بالضم بمعنی پرندہ کا گھونٹ اور چڑیا کا پانی میں چونچ ڈبونا یقال نغب الریق نغبا ای ابتلعه از فتح و نصر و ضرب و النغبة الجرعة والجمع نُغَبٌ ۔

حَتّٰى غَشِيَنَا جَوَّابٌ. عَلٰى عَاتِقِهِ جِرَابٌ. فَحَيَّانَا بِالْكَلِمَتَيْنِ. وَحَيَّا الْمَسْجِدَ بِالتَّسْلِيْمَتَيْنِ. ثُمَّ قَالَ يَا اُولِى الْاَلْبَابِ. وَالْفَضْلِ اللُّبَابِ. اَمَا تَعْلَمُوْنَ اَنَّ اَنْفَسَ الْقُرُبَاتِ. تَنْفِيْسُ الْكُرُبَاتِ. وَاُمْتَنَ اَسْبَابِ النَّجَاةِ. مُوَاسَاةُ ذَوِى الْحَاجَاتِ. وَاِنِّىْ وَمَنْ اَحَلَّنِىْ سَاحَتَكُمْ. وَاَتَاحَ لِىْ اسْتِمَاحَتَكُمْ. لَشَرِيْدُ مَحَلٍّ قَاصٍ. وَبَرِيْدُ صِبْيَةٍ خِمَاصٍ. فَهَلْ فِى الْجَمَاعَةِ. مَنْ يَفْثَأُ عَنَّا حُمَيَّا الْمَجَاعَةِ. فَقَالُوْا لَهٗ يَا هٰذَا اِنَّكَ حَضَرْتَ بَعْدَ الْعِشَاءِ. وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا فَضَلَاتُ الْعَشَاءِ. فَاِنْ كُنْتَ بِهَا قَنُوْعًا. فَمَا تَجِدُ فِيْنَا مَنُوْعًا. فَقَالَ اِنَّ اَخَا الشَّدَائِدِ. لَيَقْنَعُ بِلُفَاظَاتِ الْمَوَائِدِ. وَنُفَاضَاتِ الْمَزَاوِدِ.

الترجمة والمطالب کہ یکایک ایک مسافر کاندھے پر توشہ دان رکھے ہوئے آموجود ہوا اور اس نے دو کلموں سے سلام کیا (یعنی السلام اور علیکم سے) اور تسلیمتین سے تحیۃ المسجد اس نے پڑھی اس کے بعد اس نے کہا اے عقل مند اور خالص بزرگی والو کیا تم نہیں جانتے کہ سب سے بڑی عبادت مشقتوں کا دور کرنا ہے اور زیادہ مضبوط نجات کی رسی حاجت مندوں کی غمخواری کرنا ہے اور تحقیق کہ میں اس ذات کی قسم کھاتا ہوں جس نے مجھے تمہارے میدان یا آنگن میں پہنچایا (اتارا) اور آپ لوگوں سے بھیک مانگنا (یا عطا طلب کرنا) میرے لیے مقدر کیا اور میں دور دراز مقام سے ہانکا گیا ہوں اور میں بھوکے بچوں کا قاصد ہوں کیا اس جماعت میں کوئی ایسا شخص ہے جو ہماری بھوک کی آگ کو دور کرے یا بجھا دے پس ان لوگوں نے کہا کہ تم عشاء (یعنی نماز عشاء) کے بعد آئے اور شام کے کھانے کا کچھ بچا ہوا باقی ہے پس اگر تم اس پر قناعت کرو تو ہمیں کچھ انکار نہیں اس نے کہا کہ سختی کے مارے ہوئے کو یقیناً دسترخوانوں کی جھاڑن اور توشہ دانوں کے ریزے بچے ہوئے ہی کافی ہیں ۔

تشریح لغات [۱] غشینا از سمع غشیٌ وغشاوةٌ مصدر بمعنی ڈھانپ لینا و ڈھانکنا یقال غشی الامر فلانا جبکہ نازل ہو و غشی المرأة جبکہ جماع کرے و غشی المکان جبکہ وہ آئے و غشی اللیل جبکہ رات تاریک ہو و غشی علیہ جبکہ اس پر بیہوشی طاری ہو [۲] جواب ای قطاع الارض وکثیر السفر و فی التنزیل جابوا الصخر [۳] علی عاتقه ای علی منکبه والعاتق مابین العنق والمنکب والجمع عواتق ۔

عواتق ۴؎ جراب بالکسر توشہ دان جس میں کھانا ہو اور چمڑے کا توشہ دان ۵؎ بکلمتین یعنی السّلام علیکم یا السّلام علیکم و رحمۃ اللہ ۶؎ حیا از تفعیل تحیۃ مصدر بمعنی تحیۃ المسجد نفل پڑھنا ۷؎ بتسلیمتین یعنی ایک تسلیمہ فرض اور دوسرا سنت یا السلام وعلیکم اور تحیۃ المسجد یا تحیۃ الوضوء اور تحیۃ المسجد ۸؎ الالباب ای اصحاب عقول اور الباب یہ لب کی جمع ہے اور اس کی جمع اَلُبٌ و اُلُبُتٌ بھی آتی ہے بمعنی خالص عقل اور ہر چیز کا خالص ۹؎ لُباب بالضم بمعنی ہر چیز کا خالص اور برگزیدہ یقال فلان لبابُ قومہ وھو لباب قومہم وھی لباب قومہا یعنی فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے ویقال حسب لباب وعیش لباب یعنی خالص حسب اور خالص زندگی ۱۰؎ انفس اسم تفضیل کا صیغہ بمعنی زیادہ نفیس وعمدہ یقال نَفُسَ نفاسۃً ای کان نفیسًا مرغوبًا از کرم ۱۱؎ القربات یہ قربۃ کی جمع ہے بمعنی نیک افعال جن سے اللہ تعالےٰ کی قربت حاصل ہو اور اس کی جمع قِرَبٌ بھی آتی ہے ۱۲؎ تنفیس مصدر از باب تفعیل بمعنی دور کرنا یقال نفس عنہ الکربۃ جبکہ وہ غم دور کرے اور غم سے رہائی پائے ونفّسَ فلانًا جبکہ وہ فلانے کو مہلت دے یا اس کے غم کو زائل کرے ۱۳؎ الکربات یہ کُرْبَۃٌ کی جمع ہے بمعنی سخت غم ۱۴؎ امتن اسم تفضیل کا صیغہ بمعنی زیادہ قوی اور مضبوط یقال مَتُنَ متانۃً جبکہ وہ زیادہ قوی اور مضبوط ہو از کرم ۱۵؎ مواساۃ یہ باب مفاعلت سے مصدر ہے بمعنی فقراء کی غم خواری اور ان کی مدد کرنا ۱۶؎ ساحتکم ای فناء دارکم والجمع ساح وساحات ۱۷؎ اتاح از افعال بمعنی قدّر لِیْ یقال اتاح اتاحۃً جبکہ وہ تیار کرے اور مقدر کرے ۱۸؎ استماحکم بمعنی بخشش مانگنا اور سفارش چاہنا یقال ماحہ میحًا ومیاحۃً میحا ومیاحۃً ای اعطاہ واستماحہ ای سألہ العطاء از ضرب ۱۹؎ لتوبید اللام للتاکید ای یطویہ منزل بعید یقال شرد البعیر شرودًا ای نفر از نصر ۲۰؎ محل اترنا اور اترنے کی جگہ والجمع محال ۲۱؎ قاص اسم فاعل کا صیغہ بمعنی دور وبعید والجمع قاصون واقصاء ۲۲؎ برید بمعنی قاصد والجمع بُرُدٌ ۲۳؎ صبیۃ صبیۃ اور صُبیۃ (تینوں حرکتوں کے ساتھ) اور اصبیۃٌ اور اصْب یہ صبیٌّ کی جمع ہے بمعنی بچے اور صبی کا مؤنث صبیۃٌ ہے والجمع صبایا ۲۴؎ خماص بمعنی سخت بھوکا اور بہت زیادہ بھوکا ہونا یقال خمص البطن خمصًا ای صار فارغًا وضامرًا از سمع فھو خمیص والجمع خماص یقال خمصۃ الجوع خمصًا وخمصۃً ای جعلہ فارغ البطن از نصر وفی التنزیل فی مخمصۃ ای مجاعۃ ۲۵؎ یفثأ ای یسکن یقال فثأ القدر فثأ وفثوءًا ای سکّن غلیانہا از فتح ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۶؎ حمیا بمعنی تیزی اور شدت اور یہ مشتق ہے حمیت النار حَمْیًا وحُمُیًّا وحُمُوًّا سے ای اشتد حرُّھا از سمع ۲۷؎ العشا بالکسر ای بعد غروب الشمس رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعضے مغرب سے عشا تک کی تاریکی اور یا دن کا اخیر حصہ اب یہاں پر یہ اعتراض ممکن ہے کہ اگر شیخ قبل مغرب تشریف لائے اور نماز مغرب کی ادا کی تو پھر بعد عشا کے کیوں کہا تو اس کا جواب ممکن ہے کہ مغرب کا وقت امام شافعیؒ کے نزدیک پانچ رکعتوں کے ادا کرنے تک رہتا ہے اس کے بعد عشا کا وقت شروع ہوجاتا ہے اور دوسرا جواب یہ بھی ہے کہ واقعہ فرضی ہے اور تیسرا جواب یہ بھی ہے کہ یہ مغرب کے بعد اطراف مسجد میں گھوما اور عشاء کی نماز کے بعد اس کو بھوک لگ آئی واللہ اعلم ۲۸؎ فضلات یہ فضلۃٌ کی جمع ہے بمعنی بقیہ اور اس کی جمع فِضالٌ بھی آتی ہے ۲۹؎ العشا بالفتح بمعنے رات اور شام کا کھانا والجمع اَعْشیۃ ۳۰؎ قنوعا مصدر جو تقسیم میں مل جائے وہ اس پر راضی ہو جائے والجمع قُنُعٌ ۳۱؎ منوعا یہ منع کا مبالغہ ہے بمعنی بہت زیادہ منع کرنے والا ۳۲؎ الشدائد یہ شدیدۃٌ کی جمع ہے بمعنی سختی ۳۳؎ یقنع ای یرضی از سمع یقال قنع قنعًا وقناعۃً وقنعانًا جبکہ وہ راضی ہو ۳۴؎ بلقاظات یہ لقاظۃٌ کی جمع ہے جو چیز کہ منہ سے پھینکی جائے وبمعنی تھوڑی چیز وبمعنی الملفوظ من الکلام ۳۵؎ الموائد یہ مائدۃ کی جمع ہے وہ دستر خوان جس پر کھانا ہو والجمع مائدات ایضا ۳۶؎ نفاضات یہ نفاضۃٌ کی جمع ہے جو ریزہ دستر خوان پر سے جھاڑنے سے گرے اور توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے وقد علمت ان فعالۃ یستعمل لما یتساقط بالعمل فی الشئ فمن ذلک یقال العصافۃ مایسقط من السنبل والمشاطۃ مایسقط من الشعر عند الامتشاط والخلالۃ مایسقط من الفم عند التخلل والخراطۃ مایسقط منہ عند الخرط والنشارۃ مایسقط من الخشب عند النشر ای قطعہ بالمنشار والقلامۃ مایسقط

من الظفر عند التقليم ويقال له الغسيط ايضا ومثل ذلك برادة الحديد سحالة الفضة والذهب وغير ذلك. نقه اللغة ؎ المزاود يه مزود کی جمع ہے بمعنی توشہ رکھنے کا برتن۔

فَأَمَرَ كُلٌّ مِّنْهُمْ عَبْدَهٗ. أَنْ يُّزَوِّدَهٗ مَا عِنْدَهٗ. فَأَعْجَبَهُ الصُّنْعُ وَشَكَرَ عَلَيْهِ. وَجَلَسَ يَرْقُبُ مَا يُحْمَلُ إِلَيْهِ. وَثُبْنَا نَحْنُ إِلَى اسْتِثَارَةِ مُلَحِ الْأَدَبِ وَعُيُوْنِهٖ. وَاسْتِنْبَاطِ مَعِيْنِهٖ مِنْ عُيُوْنِهٖ. إِلَى أَنْ جُلْنَا فِيْمَا لَا يَسْتَحِيْلُ بِالْاِنْعِكَاسِ. كَقَوْلِكَ سَاكِبُ كَاسٍ. فَتَدَاعَيْنَا إِلَى أَنْ نَسْتَنْتِجَ لَهُ الْأَفْكَارَ. وَنَفْتَرِعَ مِنْهُ الْأَبْكَارَ. عَلَى أَنْ يَنْظِمَ الْبَادِيْ ثَلَاثَ جُمَانَاتٍ فِيْ عِقْدِهٖ ثُمَّ تَتَدَرَّجُ الزِّيَادَاتُ مِنْ بَعْدِهٖ۔

الترجمة والمطالب اس جماعت میں سے ہر شخص نے اپنے اپنے غلام کو حکم دیا کہ جو کچھ اس کے پاس کھانے کا ہو توشہ اس کو دیدو اس کو ان کے احسان نے تعجب میں ڈال دیا اور اس نے شکریہ ادا کیا اور بیٹھ گیا اس شے کے انتظار میں جو اس کے سامنے پیش کی جائیگی اور ہم بھی لطائف حکمت سے ادبی نمکینی عمدہ باتوں پر بحث کرتے کرتے اور چشمہ والوں سے بہتے ہوئے پانی کو نکالتے نکالتے ہم ایسے کلام کے متعلق چکر لگانے لگے جو اُلٹا کرنے کے بعد بھی وہ ہی باقی رہے جیسے ساکب کاس (اگر ہم اس کو آخیر سے الٹا کریں تو وہی ساکب کاس ہوتا ہے اور اس کے لفظی معنی شراب کے بہانیوالے کے ہیں) تو ہم سب کی یہ رائے ہوئی کہ ہم اس خاص طرز پر اپنی فکروں کو زور دیں یعنی اپنی اپنی طبیعت کو ہم آزمائیں اور باکرہ کی ہم بکارت زائل کر دیں (یعنی ہم ایسے کلمات اپنی عقل و فکر سے نکالیں جو کسی نے آج تک نہیں نکالے ہوں) اور یہ اس طرح ہونا چاہیئے کہ پہلا شخص تین چاندی یا موتی کے دانے عمدہ کلمات کی لڑی میں پروئے پھر بتدریج و آہستہ سے اوپر کی طرف ترقی کرتا جائے۔

تشریح لغات ؎ فاعجبہ اعجاب مصدر از افعال بمعنی خوش ہونا اور تعجب کرنا واعجب بنفسہ بمعنی غرور کرنا اور تکبر کرنا ؎ الصنع بالضم مصدر از فتح یقال صَنَعَ الشیٔ صَنعا وصُنعًا جبکہ وُہ بنائے وصنع الیہ معروفًا جبکہ وہ بھلائی کرے اور یہاں پر اس کے معنی احسان کے ہیں ؎ یرقب ای ینتظر از نصر یقال رقبہ رُقوبًا ورَقَابَۃً ورِقبانًا ورِقبۃً ورَقبَۃً جبکہ وہ نگہبانی کرے اور انتظار کرے اور ڈرائے ورقب النجم جبکہ وہ ستاروں کی دیکھ بھال کرے ورقبہ جبکہ وہ گلے میں رسی ڈالے ؎ ثبنا ای رجعنا یقال ثاب یثوب ثوبا اذا رجع از نصر و فی التنزیل مثابۃ للناس ای مرجعًا ؎ استثارۃ یہ استفعال سے مصدر ہے یقال ثار الغبار ثورا وثورانا ای هاج وارتفع ——— بھڑ جانا وغبار اڑانا از نصر واثارہ واستثارہ ای هیّجہ ؎ عیونہ یہ عین کی جمع ہے بمعنی خلاصۃ الشیٔ ؎ استنباط یہ باب استفعال سے مصدر بمعنی نکالنا یقال استنبط البئر یعنے اس کا پانی نکالا واستنبط الشیٔ یعنی خفا کے بعد ظاہر کیا واستنبط الفقیہ یعنی فقہ باطن کو اپنے فہم اور اجتہاد سے نکالا واستنبط یعنی اس نے اختراع کیا ؎ معینہ وہ ظاہر چیز جس کو آنکھیں زمین پر جاری دیکھتی ہوں اور پانی رواں جو بہتا ہو و فی التنزیل فمن یأتیکم بماء معین ؎ عیونہ یہ عین کی جمع ہے بمعنی پانی کا چشمہ والجمع اعینٌ وعیونٌ ؎ جلنا ای طفنا ودرنا از نصر یقال جال فی المکان وجال یجول جولا وجولانًا وجیلانًا ۔ جبکہ وہ چکر لگائے اور گھومے وجال الشیٔ جبکہ وہ پسند کرے ؎ لا یستحیل استحالۃ مصدر بمعنی محال ہونا اور ایک

حالت سے دوسری حالت کی طرف بدلنا ۱۲ بالانعکاس انفعال سے یہ مصدر ہے بمعنے پلٹنا اور آخر سے اول کی طرف لوٹنا ۱۳ ساکب کاس اس کا الٹا بھی ساکب کاس ہے جیسے کلام پاک میں ربک فکبر یا کل فی فلک. ۱۴ ساکب یہ اسم فاعل ہے سکب سے یقال سکب الماءَ سکبًا ای صبّہ از نصر ۱۵ کاس وہ پیالہ جو شراب سے بھرا ہوا ہو والجمع کؤسٌ واکؤسٌ وکاسَاتٌ واکیاسٌ اور یہ مؤنث ہے ۱۶ تداعینا تداعی مصدر از تفاعل بمعنی آپس میں بلانا ۱۷ نستنتج استنتاج مصدر از استفعال بمعنی نتیجہ نکالنا یعنی نخرج ھذہ الکلمات من افکارنا یقال نتجت البھیمۃ ولدًا نتاجًا ای وضعتہ وولدت از ضرب واستنتج ای استولد واعلم ان النتاج للناقۃ والشاۃ کما یقال ولدت الامرأۃ ویقال وضعت الرمکۃ والاتان ۱۸ نفترع افتراع مصدر از افتعال بمعنی بکارت کا زائل کرنا یقال افترع البکر ای ازال بکارتھا وفرع الجبل فرعًا وفروعًا ای صعدہ از فتح ۱۹ الابکار یہ بکر کی جمع جو ثیب کی نقیض ہے بمعنی باکرہ اور بن بیاہی نوجوان و کنواری لڑکی ۲۰ البادی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے ای المبتدی یعنی شروع میں بیٹھنے والا از فتح یقال بدأ الشئ و بالشئ بدأ جبکہ وہ شروع کرے اور پہلے کرے ۲۱ جمانات یہ جمانۃ کی جمع ہے بمعنی موتی ۲۲ عقد بالکسر بمعنی ہار والجمع عقودٌ ۲۳ تندرج از باب تفعل تدرج مصدر بمعنی آہستہ سے اوپر کو چڑھنا یقال تدرج الی کذا ای تقدم الیہ شیئًا فشیئًا ویقال درج درُوجًا و درجانًا ای مشی مشیۃ من یضع علی الدرج از نصر وضرب ۲۴ الزیادات من بعدہ ای بعد المبتدی یزید کلمۃ واحدۃ لاغیر ۱۲۔

فَیُرَبِّعُ ذُومَیمَنَۃٍ فِی نَظْمِہٖ۔ وَیُسَبِّعُ صَاحِبُ مَیسَرَتِہٖ عَلیٰ رَغْمِہٖ۔ (قَالَ الرَّاوِیْ.) وَکُنَّا قَدِ انْتَظَمْنَا عِدَّۃَ اَصَابِعِ الْکَفِّ۔ وَتَاَلَّفْنَا اُلْفَۃَ اَصْحَابِ الْکَھْفِ۔ فَابْتَدَرَ لِعِظَمِ مِحْنَتِیْ۔ صَاحِبُ مَیْمَنَتِیْ۔ وَقَالَ (لَمْ اُخَامِلْ)، وَقَالَ مُیَامِنُہٗ (کَبِّرْ رَجَاءَ اَجْرِ رَبِّکَ)، وَقَالَ الَّذِیْ یَلِیْہٖ (مَنْ یَرُبُّ اِذَا بَرَّ یَنُمْ)، وَقَالَ الْاٰخِرُ (سَکِّتْ کُلَّ مَنْ نَمَّ لَکَ تَکِسْ)، وَاَفْضَتِ النَّوْبَۃُ اِلَیَّ۔ وَقَدْ تَعَیَّنَ نَظْمُ السِّمْطِ السُّبَاعِیِّ عَلَیَّ۔ فَلَمْ یَزَلْ فِکْرِیْ یَصُوْغُ وَیَکْسِرُ وَیُثْرِیْ وَیُعْسِرُ۔

الترجمۃ والمطالب

پھر اس کے بعد چار دانے پروئے اپنے شعر میں یعنی چار کہے دائیں جانب والا اور سات کہے بائیں ہاتھ والا اس کو چھپانے اور شرمندہ کرنے کے لیے راوی کہتا ہے کہ ہم سب کا اجتماع تعداد اور شمار میں ہاتھ کی انگلیوں کے برابر تھا اور ہم آپس میں ایک دوسرے سے اصحاب کہف کی طرح جمع ہوئے تھے چنانچہ سب سے پہلے میری مصیبت میں اضافہ کرنے کے لیے میرے داہنی جانب والے نے سبقت کی اور اس نے کہا لم اخامل) یعنی تو ایسے بھائی پر ملامت کر جو تیرے سامنے بیٹھنے اور اٹھنے سے اکتا گیا ہے اور وہ گھبرا گیا ہے اور اس کے دائیں جانب والے نے کہا (کبر رجا اجر ربک) یعنی تو اپنے پروردگار سے ثواب کی امید خوب زیادہ بڑھا اور اس کے برابر والے نے کہا (من یرب اذا بر ینم) جو اپنے احسانات کی پرورش کرتا ہے اس کا مرتبہ بڑھے گا اور آخر نے کہا (سکت کل من نم لک تکس) یعنی ہر اس شخص کو جو تمہارے سامنے چغلی کھائے اس کو تم جھڑک دو اور چپ کرا دو تو تم عقل مند کہلاؤ گے اس کے بعد میری باری آئی اور سات دانوں کی ترتیب مجھ پر آئی پس میری عقل اور فکر ایسے کلمات ڈھالتی تھی اور پھر توڑ دیتی تھی اور مجھ کو وہ مال دار بنا دیتی تھی یعنی عبارت اور لفظ کے ملنے سے مجھے خوشی ہوتی تھی اور پھر مجھے مفلس بنا دیتی تھی یعنی عبارت اور لفظ نہ ملتے تھے تو مجھے رنج ہوتا تھا

تشریح لغات

۱ فیربع تربیع مصدر از باب تفعیل اور یہ اربع سے ماخوذ ہے ای یقول اربع کلمات یقال ربّع البیت

او الحوض جبکہ مکان یا حوض کو چوکور بنائے ۳۵ یسبع ای یقول سبع کلمات تسبیع مصدر اور یہ سبعٌ سے ماخوذ ہے بمعنی سات کلمات کہنا ویقال سَبَّعَ الاناء جبکہ وہ برتن کو سات مرتبہ دھوئے وسَبَّعَہ جبکہ سات بنائے یا سات گوشہ بنائے ۳۶ علی رغمہ بمعنی اُس کی ذات پر یقال رغم انفہ رغما من باب سمع وکرم ورغم رغما ای ذل ای سمع وکرم ورغمہ رغما ای قہرہ از نصر ویقال فعل ذلک علی رغمہ ای علی کرہ وذل ۳۷ الکہف، کہف وہ جو پہاڑ میں غار ہوتا ہے اور جس کو کھوہ بھی کہتے ہیں غار اور کہف میں یہ فرق ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف کشادہ اور چوڑا ہوتا ہے اور اس کے معنے جائے پناہ کے بھی آتے ہیں والجمع کہوف۔ کماجاء فی القرآن ان اصحاب الکہف والرقیم کانوا من آیاتنا عجبا۔ اور کہف سے وہ غار جیرم نما مراد ہے جو تبا خلوس پہاڑ میں ہے اور یہ پہاڑ شہر افسوس کے حوالی میں ہے اور یہ شہر دقیانوس کا دار السلطنت تھا اور رقیم یہ ایک گاؤں کا نام ہے یا ایک میدان کا جو تبا خلوس پہاڑ میں ہے اور دقیانوس روم کا کافر ظالم بادشاہ تھا جو اس کے بتوں کو نہ پوجتا اس کو وہ عذاب سے مارتا یہ لوگ اس کے خوف سے ڈر کر غار میں چھپ گئے وہاں یہ لوگ جاکر سو گئے کسی کو نہ معلوم ہوا خداوند تعالیٰ نے ایک بار اُن کو جگا دیا جس سے لوگوں میں خبر پھیلی پھر یہ لوگ سو رہے حق تعالیٰ کی قدرت ہے نہ اس مکان میں ان پر دھوپ آتی ہے اور نہ مینہ اور نہ برف اور وہ کھلی جگہ ہے تنگ نہیں ہے اور یہ کہتے ہیں کہ سوتے ہیں ان کی آنکھیں کھلی ہیں اس سے کوئی جانے کہ وہ جاگتے ہیں اور خدا تعالیٰ نے اس مکان میں دہشت رکھی ہے تاکہ لوگ تماشا نہ کریں اور وہ لوگ بے چین نہ ہوں اور ان کے ساتھ ایک کتا بھی ہے اور اصحاب کہف کا دین ومذہب اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ فقط وہ توحید پر قائم تھے اور کسی نبی کی شریعت پکڑنے نہیں پائے مگر جو لوگ ان کی خبر پاکر معتقد ہوئے اور ان کے پاس مکان بنایا وہ نصاریٰ تھے اور وہ سات شخص تین سو برس تک پہاڑ کی کھوہ میں بے آب ودانہ سوتے پڑے رہے اور جب خدا نے چاہا ان کو اٹھا کھڑا کر دیا شمسی سو برس کے ایک سو تین سال قمری ہوتے ہیں اصحاب کہف کی قوم میں شمس سال کا حساب سے تین سو برس اصحاب کہف کو غائب ہوئے گذرے تھے اور عرب کے اندر قمری سال کا حساب ہے اس واسطے اللہ تعالیٰ نے تین سو برس علیحدہ اور نو برس علیحدہ آیت میں ذکر کئے اور اصحاب کہف کا قصہ تاریخ کی کتابوں میں نادرات میں لکھا ہے اور ان کی صحیح تعداد ہمارے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو معلوم ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ اصحاب کہف سات آدمی ہیں جن کے یہ نام ہیں ۱ یملیخا ۲ مکسلمینا ۳ مسلمینا ۴ مرنوش ۵ برنوش ۶ شاذنوش اور چرواہے کا نام ۷ مرطونش ہے اور کتے کا نام قطمیر ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم ۳۸ ممتنی ای مشفقی والجمع ممتحن قال محن الشئ محنا ای اختبرہ وابتلاہ از فتح ۳۹ صاحب میمنتی ای صاحب یمینی والجمع میامین ۴۰ لم اخنا الخ اس کا عکس بھی لم اخائک ہے لم یہ امر حاضر کا صیغہ ہے اجوف واوی ہے از نصر لوم اور ملام اس کا مصدر ہے ۴۱ اخا الخ اس کی جمع اِخوۃ اور اخوان آتی ہے یقال اخا اُخُوَّۃً ای صار اخا لہ او صدیقا از نصر ۴۲ مل اس کا مصدر ملال اور ملالۃ ہے بمعنی رنجیدہ ہونا اور بے قرار ہونا از سمع اس کا ترجمہ یہ ہے کہ تو اپنے بھائی کو ملامت کر جو تیرے ساتھ بیٹھنے اور اٹھنے سے وہ گھبراتا ہو ۴۳ میامنہ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کا مصدر میامنۃ ہے اور اس کا مضارع یُیَامِنُ میامِنَۃً بمعنی دائیں طرف لے جاتا ۴۴ کبر تکبیر مصدر بمعنی بڑا بنانا یقال کبر الشئ جبکہ وہ بڑا بنائے اور بڑا کہے ۴۵ اجر بمعنی ثواب والجمع اُجُورٌ و آجار ۴۶ یلیہ ولی دَوَلِیَ یلی ولیًا سے بمعنی نزدیک ہونا یقال ولی وَوَلِیَ فلانا جبکہ قریب اور متصل ہو اور یہ ضرب سے کم مستعمل ہے ای الذی کان قریبًا منہ ۴۷ یرب رَبَّ یَرُبُّ رَبًّا سے بمعنی پالنا اور پرورش کرنا اور درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا از نصر ۴۸ بر از نصر وضرب یقال بَرَّ والدہ برًّا وَمَبَرَّۃً جبکہ وہ اطاعت کرے اور حسن سلوک کرے اور خدمت کرے ۴۹ ینم ای یزید شرفہ وثوابہ ومنزلتہ یقال نما ینمو نموا ونمی نمیًا ای زاد وکثر از نصر وضرب ۵۰ سکت یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از باب تفعیل بمعنی چپ کرانا ۵۱ تم یہ تَمِیمَۃٌ ۵۲ تکس بروزن تبع اس کا مصدر کَیْسًا وکَیَاسَۃً ہے اور یہ اجوف یائی

ہے بمعنی عقل مند ہونا یقال کاس الغلام یکیس کیسًا وکیاسۃ جبکہ وہ ظریف اور عقل مند ہوا از ضرب نے السمط وہ تاگا جس میں موتی پروئے جائیں والجمع سموط ۱۲ اسباعی یہ منسوب سبع کی طرف ہے اور اس سے مراد سات کلمات ہیں ۱۳ یصوغ از نصر یصاغ الشئ صوغًا جبکہ وہ ڈھالے ای ہیاہ وصاغ الکلام ای اخترعہ ۱۴ بکسر ای بیدم یقال کسرہ کسرًا ای فصلہ من غیر نفوذ جسم قاطع فیہ از ضرب ۱۵ ثیری از افعال اثراء مصدر بمعنی مال دار ہونا یقال اثر الرجل اثراء وثری ثری واثری ای کثر مالہ از نصر وسمع ۱۶ یعسر اعسارًا مصدر از افعال بمعنی فقیر اور محتاج ہونا۔

وَفِي ضِمْنِ ذٰلِكَ أَسْتَطْعِمُ. فَلَا أَجِدُ مَنْ يُطْعِمُ. إِلَى أَنْ رَكَدَ النَّسِيمُ. وَحَصْحَصَ التَّسْلِيمُ. فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي لَوْ حَضَرَ السَّرُوجِيُّ هٰذَا الْمَقَامَ. لَشَفَى الدَّاءَ الْعُقَامَ. فَقَالُوا لَوْ نَزَلَتْ هٰذِهِ بِأَبِي إِيَاسٍ. لَأَمْسَكَ عَلَى يَأْسٍ. وَجَعَلْنَا نُفِيضُ فِي اسْتِصْعَابِهَا. وَاسْتِغْلَاقِ بَابِهَا. وَذٰلِكَ الزَّوْرُ الْمُعْتَرِي. يَلْحَظُنَا لَحْظَ الْمُزْدَرِي. وَيُؤَلِّفُ الدُّرَرَ وَنَحْنُ لَا نَدْرِي. فَلَمَّا عَثَرَ عَلَى افْتِضَاحِنَا. وَنُضُوبِ ضَحْضَاحِنَا قَالَ يَا قَوْمِ إِنَّ مِنَ الْعَنَاءِ الْعَظِيمِ. اِسْتِيلَادَ الْعَقِيمِ. وَالْاِسْتِشْفَاءَ بِالسَّقِيمِ.

الترجمۃ والمطالب

اور میں اسی ضمن میں کھانے کی مدد طلب کرتا تھا پس میں نہیں پاتا تھا اس شخص کو جو مجھے کھانا کھلائے یعنی میں اس میں بہتیری کوشش کرتا رہا لیکن وہ بے سود ثابت ہوئی یہاں تک کہ ہوا ٹھیر گئی اور اپنی عاجزی (ان کلمات کے بنانے میں) ظاہر ہو گئی اس کے بعد میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا اگر ابو زید سروجی اس جگہ موجود ہوتا تو وہ اس مرض لا علاج سے شفا دیتا (یعنی نجات دیتا) پس وہ سب کے سب یہ کہنے لگے کہ اگر یہ کلمات ابا اس قاضی پر اتارے جاتے تو وہ بھی ناامید ہو کر رہ جاتے پھر ہم اس قسم کے کلمات کے دشوار ہونے اور ان کے دروازہ کے بند ہونے پر گھسے اور پہنچتے تھے (یعنی اس کے تلاش میں تھے) لیکن یہ مہمان آنے والا ہم کو حقارت اور ذلت کی نگاہ سے دیکھ رہا تھا اور وہ چپکے ہی چپکے موتیوں کو جوڑ رہا تھا (جمع کر رہا تھا) لیکن ہم اس سے بے خبر تھے لیکن وہ جب ہماری رسوائی اور ہمارے تھوڑے سے پانی کے خشک ہونے پر مطلع ہوا تو وہ کہنے لگا اے حضرات! بانجھ عورت سے بچہ جننے کی کوشش کرنا اور بیمار سے شفا طلب کرنا یہ کس قدر تکلیف دینے والی بات ہے۔

تشریح لغات

۱ استطعم استطعام مصدر از استفعال بمعنی کھانے کی مدد طلب کرنا والمراد ہہنا الطلب المعونۃ ولا احد من یعیننی ۲ رکد از نصر یقال رکد الماء رکودًا جبکہ وہ ٹھیرے ۳ النسیم صبح کی نرم ہوا جو نہ درختوں کو ہلائے اور نہ غبار وغیرہ اڑائے والجمع نسائم نسام والمراد ہہنا کلام القوم یقال نسمت الریح نسمًا ونسیمًا ونسمانًا ای ہبّت از ضرب ۴ حصحص از بعثر بمعنے ظاہر ہوا اور معلوم ہوا یقال حصحص الحق جبکہ پوشیدگی کے بعد ظاہر ہو ۵ التسلیم ای الاقرار بالعجز عن نظم السمط السباعی ۶ الداء العقام لا علاج مرض جس کو اطبا اور ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں اور اس مرض کے اچھے ہونے کی کوئی صورت ان کی نظر میں نہ ہو یقال عقمت المرأۃ عقمًا ای صارت عقیمًا از سمع واصل العقم المانع من قبول الاولاد والعقیم من النساء التی لا تقبل ماء الفحل ومنہ الریح العقیم التی لا تقبل اثر الخیر ۷ ابا اس یہ قاضی بصرہ کا نام ہے جو ذکاوت اور زیرکی میں ضرب المثل تھے اور یہ حضرت امیر معاویہؓ کے صاحبزادے تھے ۸ لامسک (اللام للتاکید) از افعال امساک مصدر بمعنی ٹھیرنا اور توقف کرنا یقال

مسک الشیٔ مسکًا ای قبضہ از نصر وضرب وامسکہ وامسک بہ ای قبضہ [9] یأس نا امید یقال یئس منہ یأسًا ای قنط از سمع وفی التنزیل قد یئسوا من الاخرۃ کما یئس الکفار الخ [10] نفیض افاضۃ مصدر از افعال بمعنی پہنچانا اور گھسنا [11] استصعاب یہ باب استفعال سے مصدر ہے وھو صیرورۃ الشیٔ صعبا شدیدًا یقال صعب صعوبۃ ای صار صعبا از کرم [12] استغلاق مصدر از استفعال وھو صیرورۃ الباب عسیر الانفتاح یقال غلق غلقا ای ضجر از سمع و اغلق الباب ای غلقہ ضد فتحہ [13] الزور بمعنی زائر ملنے والا جمان یقال للمفرد والمثنی والجمیع یقال زارہ زورًا وزیارۃ ای اتاہ لقصد الالتقاء انتھی۔ [14] المعتری اسم فاعل کا صیغہ اعتراءً مصدر از افتعال بمعنی آنے والا یقال عراہ عروًا ای اتاہ طالبا معروفہ از نصر [15] المزدری اسم فاعل کا صیغہ از افعال ازدراءً مصدر بمعنی حقیر جاننے والا یقال ازدراہ ای احتقرہ واستخف بہ مجردہ از ضرب [16] عثر ای اطلع ووقف عثر عثورا مصدر بمعنے مطلع ہونا یقال عثر عثرًا وعثورًا علی السر جبکہ وہ بھید پر مطلع ہوا از نصر [17] افتضاحا مصدر از افتعال بمعنی رسوا کرنا ای خزینا بالعجز عن نظم السمط السباعی [18] نضوب مصدر بمعنی خشک ہونا یقال نضب الماء نضوبًا ای غار فی الارض از نصر وضرب والمراد ھھنا عدم القدرۃ علی مثل ھذہ العبارۃ [19] ضحضاحا بمعنی تھوڑا پانی یقال ضحضح الماء اذا احرک از بعثر ضحضا وضحضح وضحضیح ان ان سب کے معنی تھوڑے پانی کے آتے ہیں [20] العناء بمعنی سخت مشقت وتکلیف یقال عنی عناءً ای نصب وتعب از سمع [21] استیلاد العقیم ای طب الولادۃ من الامرأۃ العقیم وجمعھا عقائم وعقم والرجل العقیم جمعہ عقماء وعقام وعقمی [22] الاستشفاء ای طلب الشفاء بالمریض فانہ لوکان قادرا علی الشفاء لشفی نفسہ اولا یقال شفاہ شفاءً ای ابرأہ من مرضہ از ضرب [23] بالسقیم ای المریض یقال سقم سقمًا وسقامًا وسقما ای مرض وطال مرضہ فھو سقیم وھم سقام وسقمًا از سمع وکرم۔

وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيْمٍ۔ ثُمَّ[1] أَقْبَلَ عَلَيَّ وَقَالَ سَأَنُوْبُ[2] مَنَابَكَ۔ وَأَكْفِيكَ مَا نَابَكَ[3]۔ فَإِنْ شِئْتَ[4] أَنْ تَنْثُرَ۔ وَلَا تَعْثُرَ[5]۔ فَقُلْ مُخَاطِبًا لِمَنْ ذَمَّ الْبُخْلَ[6]۔ وَأَكْثَرَ الْعَذْلَ[7]۔ لُذْ[8] بِكُلِّ مُؤَمَّلٍ[9] إِذَا أَلَمَّ[10] وَمَلَكَ[11] بَذَلَ۔ وَإِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ تَنْظِمَ۔ فَقُلْ لِلَّذِي تُعَظِّمُ ؎

أُسُّ[12] أَرْمَلًا[13] إِذَا عَرَا[14]	وَارْعَ[15] إِذَا الْمَرْءُ أَسَا[16]	أَسْنِدْ[17] أَخَا نَبَاهَةٍ[18]
أَبِنْ[19] إِخَاءً[20] دَنَسًا[21]	أُسُلُ[22] جَنَابَ[23] غَاشِمٍ[24]	مُشَاغِبٍ[25] إِنْ جَلَسَا[26]

الترجمہ والمطالب اور ہر جاننے والے پر زیادہ جاننے والا ہے (یعنی ہر بڑے کے سر پر بڑا ہے) پھر وہ میری طرف متوجہ ہو کر بولا کہ میں تمہارا قائم مقام ہو کر تمہاری تکلیف کو دور کر دوں گا یعنی جو چیز تمہیں پیش آئی ہے اس کا ازالہ کر دوں گا اگر تم نثر میں کہنا چاہتے ہو اور تم سے لغزش اور غلطی نہ ہو تو بخل کو برا کہنے والے اور بہت زیادہ ملامت کرنے والے کو خطاب کرتے ہوئے تم یہ کہو و لذ بکل موتل (لا) تم ہر ایسی امید گاہ کے زیر سایہ پناہ پکڑو جب وہ مال جمع کرے اور اس کا وہ مالک ہو جائے تو وہ خرچ کر دے اور اگر تم اشعار میں کہنا چاہتے ہو تو تم جسے بڑا سمجھو اس سے تم مخاطب ہو کر یوں کہو لہ فقیر محتاج بے توشہ جب تمہارے سامنے آئے اس پر تم بخشش کرو اور تم اس کے حقوق کی رعایت کا لحاظ کرو اگرچہ وہ برائی ہی کیوں نہ کرے اور مرتبہ شرافت والے کو عزت دے یا اپنے قریب کر اور عیب دار یا خبیث بھائی سے تو جدا اور علیحدہ رہے اور جبکہ ظالم بیٹھے تو اس کی درس گاہ سے دور رہ

اوراس کے پاس مت جاکیونکہ وہ شر کو بھڑکانے والا ہے (یعنی اس کے پاس بیٹھنے سے شر ہی ہوگا)

تشریح لغات | ۱؎ سانوب ای سأقوم یقال ناب عنه نوبًا ونیابًا ومنابًا ای قام مقامه از نصر ۲؎ نابك ای ما اصابك یقال نابه الامر نوبًا ونوبةً ای اصابه وناب الیه نوبة ای رجع الیه مرة بعد اخری وناب الی الله ای تاب وفی التنزیل وخرّ راکعا واناب والیك انبنا وانیبوا الی ربکم ۳؎ فان شئت اگر تم چاہو تو ان کلمات کو تم نثر میں کہو ورنہ نظم میں ۴؎ لاتعثر از ضرب ونصر سمع وکرم عثر وعثیر وعثار مصدر بمعنی غلطی میں پڑنا اور ٹھوکر کھانا یقال عثر الفرس جبکہ وہ ٹھوکر کھائے اور منہ کے بل گرے ۵؎ البخل یہ مصدر ہے بمعنی کنجوسی اور یہ سخاوت کی ضد ہے یقال بخل بخلا وبخل بخلا از سمع وکرم وفی التنزیل بخلوا به والذین یبخلون ویامرون الناس بالبخل ۶؎ العذل مصدر بمعنی ملامت یقال عذله عذلا ای لامه از نصر وضرب۔
۷؎ لذ یہ امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی تو پناہ پکڑ اور چھپ از نصر یقال لاذبه لوذا ولواذًا مثلثة اللام ولیاذا ای اذا التجأ ویقال لاذ بالجبل ای استتربه واختصن والتجاء الیه ولاذ الطریق بالدار ای اتصل بها واللوذ جانب الجبل وایضاً منعطف لوادی ۸؎ مؤمل اسم مفعول کا صیغہ از تفعیل ای مرجو نفعل الخیر وهو الذی یطمع الناس بماله وکرمه۔
۹؎ لمّ ای جمع المال یقال لمّ الشئ لمًّا ای جمعه از نصر وفی التنزیل وتاکلون التراث اکلا لمًّا۔ ۱۰؎ ملک از ضرب یقال ملك ملکا وملکا وملکا وملکة ومملکة ومملکة جبکہ وہ مالک ہو وملک علی القوم جبکہ وہ غالب ہو وملک نفسه جبکہ وہ نفس کو اپنے قابو میں رکھے وملک المرأة جبکہ وہ نکاح کرے ۱۱؎ بذل بذل مصدر بمعنی خرچ کرنا یقال بذل بذلاً ای اعطی وجاد از نصر وضرب ۱۲؎ آس یہ امر کا صیغہ ہے آس یؤس اوسًا اور ایاسًا ہے جبکہ وہ عطا کرے اور بدلہ دے ۱۳؎ ارملا بمعنی فقیر بے توشہ یعنی مسکین والجمع ارامل ۱۴؎ عرا از نصر بمعنی سامنے آنا یقال عراه عروًا جبکہ وہ سامنے آئے ۱۵؎ ارع یہ امر حاضر کا صیغہ ہے رعایت سے بمعنی حفاظت اور رعایت کرنا یقال رعاه رعایةً ای حفظه از سمع وفتح ۱۶؎ اساء واصله اسا یعنی اتی لسوء (یعنی برائی کرے) وقیل آسًا بمعنی غمخواری اور یہ اسا اسوًا سے ماخوذ ہے بمعنی داوی ای احفظ حق من داوی دارک ۱۷؎ اسنداسنادًا مصدر از افعال بمعنی عزت دینا اور قریب کرنا اور ملانا یقال سندالیه سنودًا ای صار ذاشرف از سمع وکرم یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے ۱۸؎ نباهة بمعنی شرافت اور بلند مرتبہ یقال نَبُهَ نباهةً ای صار ذاشرف از سمع وکرم ۱۹؎ ابن یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از افعال بمعنی جدا کر تو یقال ابان الشئ جبکہ وہ جدا کرے اور کاٹے اور اس کے معنی ظاہر کرنے اور واضح کرنے کے بھی آتے ہیں ۲۰؎ اخاءُ یہ مصدر جیسے مواخاة ای جریان الاخوّة والصداقة بین اثنین (بھائی بندی) ۲۱؎ دنسا تدنیس مصدر از تفعیل بمعنی میلا اور خراب کرنا یقال دنس دنسا ودناسة عرضه اوثوبه ای تلطخ بمکروه وقبیح از سمع ویقال دنس فلان ای اذا جعل ما یشینه ۲؎ ؎ ؎ ۲۲؎ اُسْلُ یہ امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی دور ہو تو اور چھوڑ تو یقال سلا الشئ وعنه سُلُوًّا وسُلوانًا وسلوًّا ای ذهل عن ذکره از نصر۔ ۲۳؎ جناب بمعنی درگاہ وصحن وکنارہ اور قوم کے محلہ سے جو قریب ہو والجمع اجنبة ۲۴؎ غاشم بمعنی ظالم یقال غشمه غشمًا ای ظلمه۔ از نصر وضرب ۲۵؎ مشاغب یہ صفت کا صیغہ ہے اور صفت کے صیغے یہ ہیں شَغِبٌ وشَغَّبٌ وشِغابٌ ومِشْغَبٌ بمعنی شر کو بھڑکانے والا یقال شغب شغبًا وتشغیبًا وشغّب القوم وبهم وعلیهم ای هیّج الشرّ علیهم یعنی فساد برپا کرنا از فتح وسمع ۲۶؎ حلس ای اذا جلس ظالمٌ فلا تقربه وابعد عن فناء داره۔

أَسْرِ[1] إِذَا هَبَّ[2] مِرًّا[3] وَارْمِ[4] بِهِ إِذَا رَسَا[5]
أُسْكُنْ[6] تَقَوَّ[7] فَعَسَى يُسْعِفُ[8] وَقْتٌ نَكَسَا[9]

قَالَ فَلَمَّا سَحَرَنَا[10] بِآيَاتِهِ[11]. وَحَسَرْنَا[12] بِبُعْدِ غَايَاتِهِ. مَدَحْنَاهُ حَتَّى اسْتَعْفَى. وَ مَنَحْنَاهُ[13] إِلَى أَنِ اسْتَكْفَى[14]. ثُمَّ شَمَّرَ[15] ثِيَابَهُ. وَازْدَفَرَ[16] جِرَابَهُ. وَنَهَضَ يُنْشِدُ ؎

لِلّٰهِ دَرُّ عِصَابَةٍ[17] صَدَقَ[18] الْمَقَالِ مَقَاوِلَا[19]
فَاقُوا الْأَنَامَ فَضَائِلًا[20] مَأْثُورَةً وَ فَوَاضِلًا[21]

الترجمۃ والمطالب جب کہیں جھگڑا اٹھے تو تم چلتے بنو (یعنی چل دو) یا تم سردار بن جاؤ (تاکہ یہ قصہ ختم ہو جائے) اور جب قصہ ختم ہو جائے تو تم واپسی کا ارادہ کرو اور تو صبر کر (یعنی اطمینان سے بیٹھ) تاکہ تو قوت پائے بہت جلد نگوں سار زمانہ (اندھا زمانہ) وہ تیرے موافق ہو جائے گا اور تیری حاجت پوری کرے گا۔ راوی کہتا ہے جب ان نے ہم کو اپنے عجائبات سے اپنا مسخر کر لیا اور اپنے مراتب عالیہ سے ہم کو عاجز کر چکا تو ہم نے اس کی اس قدر تعریف کی کہ اس نے معافی چاہی اور ہم نے اس کو اتنا دیا کہ اس کو کافی ہو گیا اور بس کہنا پڑا۔ پھر اس نے اپنے کپڑے سمیٹے اور اپنا توشہ دان اٹھا کر دہ یہ اشعار پڑھتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا ؎ یہ لوگ تو بڑے سچے اور نہایت ہی فصیح ہیں اللہ خوب جانتا ہے اور مخلوق پر فضائل مشہورہ کی وجہ سے فوقیت لے گئے ہیں (یعنی بڑھ گئے ہیں) اور ان کی عطائیں اور بخششیں مشہور ہیں۔

تشریح لغات [1] اَسْرِ یا اُسْرُ یہ دونوں طرح سے یہاں ہو سکتا ہے بضم الھمزۃ والراء و بفتح الھمزۃ وکسر الراء و معناہ علی الاول ای کن سَرِیًّا ای سیدا رئیسًا واجھد فی قطع المراء (ای المخاصمۃ) اذا ثار وھاج یقال سرا سَرْوًا و سری سَرَاءً وسَرُوَ سَرَاوَۃً ای کان سریًا وسیدًا از نصر وسمع وکرم وحینئذ اسرا امر من السراوۃ وعلی الثانی امر من الاسراء والسری ای اذھب لیلا عن محل المراء [2] ھب از نصر بمعنے اٹھے یقال ھب الریح ھبا وھبوبًا ای ثارت وھاجت۔ [3] مرا یہ اصل میں مرآءً ممدودًا ہے جو مصدر ہے بمعنی جھگڑا و خصومت [4] ارم رَمْیٌ سے اور یہ امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی پھینکنا از ضرب [5] رسا ای اذا ثبت واشتد یقال رسا رسوًا و رسوًّا ای ثبت ورسخ از نصر۔ [6] اسکن سکون سے یہ امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی توٹھیر اور آرام لے از نصر ای اصبر علے حوادث الزمان [7] تقو یہ امر حاضر کا صیغہ ہے تقویٰ سے اور یہ باب تفعل سے ہے بمعنے قوت پانا اور مضبوط کرنا [8] یسعف اسعاف مصدر از افعال بمعنی کسی کی حاجت پوری کرنا یقال اسعفہ بحاجتہ جبکہ وہ کسی کی حاجت پوری کرے و اسعفہ علے الامر جبکہ وہ مدد کرے و اسعف بالرجل جبکہ وہ کسی کے قریب ہو و اسعف الشئ جبکہ وہ قریب ہو [9] نکسا انکس مصدر بمعنی حالت کا بدلنا یعنی سر نیچے اور ٹانگیں اوپر کرنا اور اندھا ہونا اور اول کو آخر اور آخر کو اول کرنا یقال نکسہ نکسًا ای قلبہ علے راسہ از نصر [10] سحرنا سحر مصدر بمعنی جادو کرنا اور دھوکا دینا اور فریفتہ کرنا از فتح ای ادھشنا وصیرنا کالمسحور [11] بایاتہ ای بعجائبہ وفی بعض النسخ بابیاتہ [12] حسرنا ای اعیانا واعجزنا یقال حسر الرجل حسرًا ای تعب واعیا وحسر البعیر حسورًا ای ضعف وکل از ضرب [13] منحنا ای اعطیناہ یقال منحہ الشئ منحًا ای اعطاہ ایاہ از فتح وضرب [14] استکفی استکفاء مصدر از استفعال بمعنی کافی ہونا اور بس ہونا [15] شمر تشمیر مصدر از تفعیل بمعنی دامن سمیٹنا یعنی کوچ کرنے کا ارادہ کرنا [16] ازدفر از افتعال

بمعنی اٹھانا یقال زفر الشئ زفرًا وازدفرہ ای تحمّلہ بمشقۃ از ضرب لہ جرا بہ بمعنے چمڑے کا برتن اور توشہ دان اور تلوار کا نیام وا لجمع اجربۃ وجُرُبٌ ٹہ عصابۃ بالکسر جماعۃ الرجال والجمع عصائب والعُصْبَۃ ایضا الجماعۃ والجمع عُصَبٌ وفی التنزیل لتنوء بالعصبۃ یقال عصبہ عصبًا ای شدہ از ضرب لہ صدق یہ صدوق کی جمع ہے بمعنی کثیر الصدق ای صادقین نہ مقاولا یہ مقول کی جمع ہے بمعنی الفصیح اللسان (یعنی تیز طرار اور فصیح وظریف لہ فضائلا یہ فضیلت کی جمع ہے بمعنی بزرگی اور بڑائی اور یہ ذاتی چیز ہے اور یہ نقیصۃ کی ضد ہے ۱۲ فواضلا یہ فاضلۃ کی جمع ہے بمعنی عطا وبخشش اور یہ اکتسابی چیز ہے۔

حَاوَرْتُهُمْ فَوَجَدْتُ سَحْبَانًا لَدَيْهِمْ بَاقِلًا

وَحَلَلْتُ فِيهِمْ سَائِلًا فَلَقِيتُ جُودًا سَائِلًا

أَقْسَمْتُ لَوْ كَانَ الْكِرَا مُ حَيًا لَكَانُوا وَابِلًا

ثُمَّ خَطَا قِيدَ رُمْحَيْنِ. وَعَادَ مُسْتَعِيذًا مِنَ الْحَيْنِ. وَقَالَ يَا عِزَّ مَنْ عَدِمَ الْآلَ. وَكَنْزَ مَنْ سُلِبَ الْمَالَ. إِنَّ الْغَاسِقَ قَدْ وَقَبَ. وَوَجْهَ الْمَحَجَّةِ قَدِ انْتَقَبَ. وَبَيْنِي وَبَيْنَ كِنِّي لَيْلٌ دَامِسٌ. وَطَرِيقٌ طَامِسٌ

الترجمۃ والمطالب

پس میں نے اُن سے بات چیت کی تو اُن کے سامنے (پاس) سحبان کو بھی باقل پایا اور میں اُن کے پاس سائل (بھکاری) بن کر آیا تو میں نے اُن کو بہتا ہوا سخاوت کا چشمہ پایا میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ بڑے بڑے سخی لوگ ان کے سامنے معمولی بارش تھے (یعنی بڑے لوگ مینہ والے تھے تو یہ بڑی بوند تھے) پھر وہ دو نیزوں کے اندازے کے مانند چل کر اُس نے موت سے پناہ مانگی اور وہ کہنے لگا اے گم کردہ اقارب کی عزت! قوت اور اے ننگے بھوکوں کے خزانے! اس وقت تاریکی چھائی ہوئی ہے اور سیدھے راستہ کا چہرہ چھپ گیا ہے اور میرے گھر کے درمیان سخت تاریک رات حائل ہے اور الیبا راستہ ہے جو بے نشان ہے۔

تشریح لغات

لہ حاورتہم اے خاطبتہم دراجعتہم یعنی میں نے اُن سے بات چیت کی فی الحدیث والکلام ومثلہ التحاور وفی التنزیل واللہ یسمع تحاورکما یقال حار یحور حورًا ای رجع از نصر ۲ہ فوجدت سحبانا الخ عرب میں سحبان نہایت فصیح اور بلیغ شخص گذرا ہے جس کی فصاحت ضرب المثل ہے سہ باقلا یہ عرب میں بیوقوف اور بہت ہی کم عقل کند ذہن اور گفتگو میں عاجز شخص گذرا ہے اور اس کی حماقت کا واقعہ مشہور ہے یہ ایک دن ہرن کو گیارہ روپیہ میں خرید کر لا رہے تھے کسی نے ان سے اس کی قیمت دریافت کی تو آپ نے اپنے ہاتھوں کی دسوں انگلیاں پھیلا کر اور گیارہواں عدد زبان نکال کر پورا کیا اور انھوں نے ہرن کو اپنے بغل میں دبا لیا ہرن ان کی بغل سے نکل کر چھلانگیں مارتا ہوا بھاگ نکلا اور یہ دیکھتے ہی رہ گئے لہ حللت حلول مصدر از نصر بمعنی اترنا ہے فلقیت یقال لقی فلانًا یلقٰے لقاءً ولقاءۃً ولقارۃً ولقاینۃً ولقاءۃً ولُقیانًا ولِقیانًا ولُقیانۃً ولقیًا ولُقیًا ولُقیۃً ولِقیۃً ولُقًی جبکہ وہ ملاقات کرے وفی بعض النسخ فوجدت لہ جودا بالضم ای کرما وبفتح الجیم بمعنی المطر الکثیر یقال جار علیہ جودًا ای تکرم علیہ وجاد العین جودًا ای کثر دمعہ از نصر۔ ٹہ سائلا یہ سیلان سے

غود ہے بمعنے بہنا یقال سال الماء یسیل سیلاً و سیلاناً و مسیلاً و مسالاً جبکہ پانی بہے از ضرب ۸ حیا الحیا بتخفیف الیاء المطر و الجمع احیاء ۹ وابلا المطر الثقیل یقال وبلت السماء وبلاً ای امطرت کثیراً از ضرب ۱۰ خطا ای مشی از نصر یقال خطا خطوا جبکہ وہ قدموں کے درمیان کشادہ کرکے چلے ۱۱ قید بکسر القاف بمعنی مقدار القید و القید و القاد بمعنی اندازہ و مقدار یقال بینہما قید رمح او قاد رمح یعنی ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ مقدار ہے ۱۲ رمح بن اس کا واحد رمح ہے بمعنی نیزہ والجمع رماح وارماح یقال رمحہ رمحا ای طعنہ بالرمح از فتح ۱۳ الحین بالفتح بمعنے ہلاکت اور موت یقال حان حیناً ای ہلک از ضرب ۱۴ عز مصدر بمعنے عزیز ہونا یقال عز عزاً وعزۃ و عزازۃ ای صار عزیزا از ضرب . . . . ۱۵ عدم الآل یعنی عدیم الآل بمعنی گم کردہ اقارب عدم بمعنے نہ ہونا یقال عدم المال عدماً وعدماً وعدماً ای فقد از سمع ۱۶ کنز بمعنے خزانہ المال المدخر والجمع کنوز یقال کنز المال کنزاً ای جمعہ وادخرہ از ضرب ۱۷ سلب سلب مصدر بمعنی چھیننا والسلب نزع الشیٔ من الغیر علی القہر از نصر ۱۸ الغاسق بمعنی تاریکی واندھیرا یقال غسق اللیل غسقاً وغسقاً وغسقاناً ای اشتدت ظلمۃ از ضرب ۱۹ وقب یقال وقبت الشمس وقباً و وقوباً ای غابت ووقب الظلام ای انتشر ووقب القمر ای دخل فی الکسوف از ضرب وفی التنزیل ومن شر غاسق اذا وقب ۲۰ انتقب انتقاب مصدر بمعنی پوشیدہ ہونا یقال انتقبت المرأۃ جبکہ عورت تاریکی کا نقاب ڈال لے اور نقاب ۲۱ کن بالکسر ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز ڈھکی جائے یا محفوظ کی جائے والجمع اکنان اور یہاں اس سے مراد گھر ہے ۲۲ داس بمعنے بہت سخت تاریکی یقال وس اللیل دموساً ای اشتدت ظلمۃ از نصر و ضرب ۲۳ طامس بمعنے بے نشان ای دارس خفی الاعلام والطمس ازالۃ الاثر بالمحو از ضرب وفی التنزیل واذا النجوم طمست ۔ وربنا اطمس علی اموالہم ای ازل صورتھا۔

فَهَلْ مِنْ مِّصْبَاحٍ يُؤْمِنُنِي الْعِثَارَ۔ وَيُبَيِّنُ لِيَ الْاٰثَارَ۔ قَالَ فَلَمَّا جِيءَ بِالْمُلْتَمَسِ وَجَلَّ الْوُجُوْهَ ضَوْءُ الْقَبَسِ۔ رَاَيْتُ صَاحِبَ صَيْدِنَا هُوَ اَبُوْ زَيْدٍ نَا۔ فَقُلْتُ لِاَصْحَابِيْ هٰذَا الَّذِيْ اَشَرْتُ اِلَيْهِ اَنَّهٗ اِذَا نَطَقَ اَصَابَ۔ وَاِنِ اسْتُمْطِرَ صَابَ۔ فَاتْلَعُوْا نَحْوَهُ الْاَعْنَاقَ۔ وَاَحْدَقُوْا بِهِ الْاَحْدَاقَ وَسَاَلُوْهُ اَنْ يُّسَامِرَهُمْ لَيْلَتَهٗ۔ عَلٰی اَنْ يُّجِيْرُوْا عَيْلَتَهٗ۔ فَقَالَ حُبًّا لِمَا اَحْبَبْتُمْ۔ وَرُحْبًا بِكُمْ اِذَا رَحَّبْتُمْ۔ غَيْرَ اَنِّيْ قَصَدْتُكُمْ وَاَطْفَالِيْ يَتَضَوَّرُوْنَ مِنَ الْجُوْعِ۔ وَيَدْعُوْنَ لِيْ بِوَشْكِ الرُّجُوْعِ

الترجمۃ والمطالب | پس کیا کوئی چراغ مجھے ملے گا جو وہ مجھے ٹھوکر کھانے سے بچائے اور راستہ کے مجھے نشانات بتادے راوی کہتا ہے جب شئی مطلوبہ حاضر کی گئی (چراغ لایا گیا) اور مشعل کی روشنی نے چہروں کو روشن اور ظاہر کر دیا تو میں نے یہ دیکھا کہ ہمیں شکار کرنے والا خود ابوزید ہی ہے پس میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ جس کی طرف میں نے اشارہ کیا تھا یہ وہی شخص ہے جب یہ بولتا ہے تو ٹھیک بولتا ہے (یعنی جو کہتا ہے تو ٹھیک بات کہتا ہے اور جب اس سے بارش طلب کی جاتی ہے تو یہ برس پڑتا ہے یہ سن کر لوگوں نے اپنی گردنیں اٹھائیں اور اس کو دیکھنا شروع کیا اور اس کو اپنی آنکھوں سے گھیر لیا اور اس سے یہ درخواست کی کہ آج رات ہمارے ساتھ آپ باتیں کریں اور قصے اپنے سنائیں اور آپ کی تنگ دستی کی تلافی کر دی جائے گی پس اس نے یہ جواب دیا جس چیز کو آپ محبوب سمجھتے ہیں میں بھی اس کو محبوب سمجھتا ہوں (مجھے اس سے

انکار نہیں) آپ لوگوں نے مجھے مرحبا کہا، خدا آپ کے ساتھ فراخی اور وسعت کا معاملہ کرے لیکن صورت حال یہ ہے کہ آپ لوگوں کے پاس اپنے بھوکے بچوں کو بلبلاتا ہوا چھوڑ کر آیا ہوں جو میرے جلدی سے لوٹنے (یعنی واپسی کی) دعا مانگ رہے تھے دعا مانگ رہے ہوں گے۔

تشریح لغات [1] مصباح بمعنی چراغ والجمع مصابیح [2] یومنی ایمان مصدر از افعال یقال آمنہ ایمانا جبکہ وہ امن دے وآمن بہ جبکہ وہ تصدیق کرے اور اعتماد اور بھروسہ کرے وآمن لہ جبکہ وہ تابعدار و مطیع ہو یہاں پر معنی محفوظ اور امن میں رکھنے کے ہیں [3] العثار مصدر بالکسر بمعنی لغزش اور ٹھوکر کھانا اور منہ کے بل گرنا [4] الآثار یہ اثر کی جمع ہے بمعنی نشان وعلامت [5] الملتمس التماس مصدر از افتعال بمعنی لغزش اور اس سے مراد چراغ ہے جس کی تلاش تھی [6] ضوء بمعنی روشنی والجمع اضوءٌ یقال ضاء ضوءً وضیاءً ای انار واشرق از نصر [7] القبس بمعنی آگ کا شعلہ اور اس سے مراد روشنی ہے یقال قبس منہ قبسا ای اخذ منہ شعلۃً وقبس العلم ای تعلمہ از ضرب فی التنزیل او اتیکم بشہاب قبس ویستعار الاقتباس لطلب العلم والھدایۃ ایضا [8] اشرت اشارہ مصدر از افعال بمعنی اشارہ کرنا والمراد منہ بقولہ لو حضر السروجی ھذا المقام لشفی الداء العقام [9] اذا نطق الخزای اذا تکلم کان کلامہ صوابا۔ [10] استمطر استمطار مصدر از استفعال بمعنی بارش کا طلب کرنا یقال مطرت السماء مطرا ومَطَرًا ای نزل مطرہا از نصر وفی التنزیل وامطرنا علیہ مطرا۔ والمطر الماء المنسکب والمراد بہا کلامہ الفصیح السائل کالمطر [11] صاب ای اھل وانصب یقال صاب المطر صوبا ومصابا ای انصب از نصر والصیب السحاب او المطر [12] فاتلعوا گردن کو بلند کیا اور اٹھایا ای رفعوا وطوّلوا یقال تلع عنقہ تلعًا وتلاعۃ ای طالت وتلع الرجل ای طالت عنقہ او قامتہ از سمع والتلع ایضا من اوصاف العنق وھو اشرفہا کما ان الجید طولہا والھنع تطامنہا والغلب غلظہا والبتع شدہا والوقص قصرہا والحدل عوجہا والخدنع خضوعہا۔ [13] الاعناق یہ عنق کی جمع ہے بمعنی گردن [14] احدقوا ای احاطوا بابصارھم وعیونھم یقال حدق بہ حدقًا واحدق بہ ای اطاف از ضرب۔ [15] الاحداق یہ حَدَقۃٌ کی جمع بمعنے پتلی اور اس کی جمع حَدَقٌ اور حِدَاقٌ اور حدقات بھی آتی ہے [16] یسامر مسامرۃ مصدر از مفاعلت بمعنی رات کو باتیں کرنا یقال سامرہٗ جبکہ وہ اُس سے رات میں باتیں کرے [17] عیلۃ بمعنی فقر ومحتاجی وفی التنزیل وان خفتم عیلۃ فسوف یغنیکم اللّٰہ [18] احببتم یعنی احببت ما احببتم حبا شدیدًا از افعال یقال احبّہٗ جب کہ وہ محبت کرے اور یہ حُبّ سے زیادہ مستعمل ہے [19] رحبا بکم یعنی رحبت بکم رحبًا اکثر مما رحبتم یقال رحبہٗ ای قال لہ مرحبًا ای صادفت سعۃ ورُحبًا یقال رحب المکان رحبا ورحابۃ ای اتسع از سمع وکرم [20] تصدتکم ای توجہت الیکم یقال تصدّٰہ ولہ والیہ تصدیا ای توجہ الیہ از ضرب [21] یتضوّرون تضور مصدر از تفعل بمعنی بھوک سے بے چین ہونا یقال ضار ضورًا ای جاع شدیدًا از نصر وتضور ای توجّع من ضرب او جوع۔ [22] الجوع بمعنی بھوک والجوع الالم من خلو المعدۃ۔ یقال جاع جُوعًا ومَجاعۃً ای ضد شبع از نصر [23] یوشک مصدر بمعنی چھپا کے اور جلدی کے یقال وشک الامر وشکًا ووشاکۃً ای سرع از کرم۔

وَاِنِ اسْتَنْزَاتُوْنِیْ [1] خَامَرَھُمُ [2] الطَّیْشُ [3]۔ وَلَمْ یَصْفُ [4] لَھُمُ الْعَیْشُ۔ فَدَعُوْنِیْ [5] لِاَذْھَبَ۔ فَاَسُدَّ مَخْمَصَتَھُمْ [6]

وَاُسِيْغَ غُصَّتَهُمْ. ثُمَّ انْقَلِبُ اِلَيْكُمْ عَلَى الْاَثَرِ. مُتَاهِّبًا لِلسَّمَرِ اِلَى السَّحَرِ. فَقُلْنَا لِاَحَدِ الْغِلْمَةِ اِتْبَعْهُ اِلٰى فِئَتِهٖ. لِيَكُوْنَ اَسْرَعَ لِفَيْئَتِهٖ. فَانْطَلَقَ مَعَهٗ مُضْطَبِنًا جِرَابَهٗ. وَمُحْتَجِنًا اِيَابَهٗ. فَاَبْطَاَ اِبْطَاءً جَاوَزَ حَدَّهٗ. ثُمَّ عَادَ الْغُلَامُ وَحْدَهٗ. فَقُلْنَا لَهٗ مَا عِنْدَكَ مِنَ الْحَدِيْثِ. عَنِ الْخَبِيْثِ. فَقَالَ اَخَذَ بِيْ فِيْ طُرُقٍ مُتْعِبَةٍ. وَسُبُلٍ مُتَشَعِّبَةٍ. حَتّٰى اَفْضَيْنَا اِلٰى دُوَيْرَةٍ خَرِبَةٍ. فَقَالَ هٰهُنَا مُنَاخِيْ. وَوَكْرُ اَفْرَاخِيْ.

الترجمۃ والمطالب

اور جب وہ یہ معلوم کریں گے کہ مجھے دیر ہوگئی تو وہ طیش میں دیوانہ ہو جائیں گے اور ان کی زندگانی مکدر (خراب) ہو جائے گی پس آپ مجھے جانے دیں تاکہ میں اُن کی بھوک کو بند کروں یا دور کروں اور ان کے غصہ (یا اٹکی ہوئی چیز) کو ختم کروں پھر میں اُلٹے پاؤں صبح تک بات چیت کرنے کے لیے تیار ہو کر لوٹ آؤں (یا لوٹوں) چنانچہ ہم نے ایک غلام کو حکم دیا کہ تو اس کے گھر تک ساتھ جاتا کہ وہ جلد لوٹ کر آئے پس وہ غلام ابوزید کے ساتھ اس کا توشہ دان بغل میں اٹھا کر جلد واپسی کے ارادہ سے اُس کے ساتھ چل دیا لیکن وہ بہت دیر کے بعد اور وہ حد سے تجاوز کر چکا تو غلام تن تنہا واپس آیا ہم نے اُس سے پوچھا کہ تم اُس شیطان خبیث کی کیا خبر لائے ہو اُس نے یہ جواب دیا کہ اُس نے مجھ کو دشوار گذار اور مختلف راستوں میں چلانا شروع کیا یہاں تک کہ ہم اُجڑے گھر (ویران مکان) تک پہونچے وہ وہاں پہنچ کر بولا کہ یہ ہی میرا گھر ہے اور میرے بچوں کا گھونسلہ ہے۔

تشریح لغات

۱؎ استراثونی ای استبطؤنی از استفعال یقال راث یریث ریثا جبکہ وہ دیر کرے یقال استراثہ ای استبطأہ ازضرب ۲؎ خامر از باب مفاعلہ ای خالط واصل الخمر الستر یقال خمرہ خمولا، سترہ از نصر و ضرب ویقال لما یستربہ خمار لکن صار فی التعارف اسما لما تغطی بہ المرأۃ رأسہا والجمع خُمُر۔
۳؎ الطیش ای خفۃ العقل (طیش اور غصہ ہونا یقال طاش طیشا ای خف وذہب العقل ۴؎ ولم یصف ای لم یخلص لہم معیشتہم از نصر یقال صفا یصفو صفوا وصفاء وصفوا۔ جبکہ وہ صاف ہو وصفا الجو جبکہ فضاء بے ابروباد ہو ۵؎ فدعونی از ودع بدع امر حاضر کا صیغہ بمعنے اترکونی از فتح ۶؎ مخمصتہم ای جوعہم یقال خمص الجوع خمصا المخمصۃ ای جعلہ خمیص البطن از نصر وخمص البطن خمصا ای فرغ وضمر وخمیص البطن ای فارغہا وضامرہا از سمع۔
۷؎ اسیغ ای سہل الدخول فی الحلق یقال ساغ الشراب فی الحلق سوغا ای سہل انحدارہ از نصر ۸؎ غصتہم الشجرۃ التی یغتص بہا الحلق (یعنی جس کا پھندا لگے) اور بمعنی غم واندوہ والجمع غصص وفی التنزیل وطعاما ذا غصۃ یقال غص بالطعام والماء غصصا ای اعترض فی حلقہ شیٔ از نصر وسمع ۹؎ انقلب انقلاب مصدر از انفعال ای ارجع ۱۰؎ الی السحر ای الی آخر اللیل والجمع اسحار یقال سحر سحرا ای بکر از سمع ۱۱؎ الغلمۃ یہ غلام کی جمع ہے اور اس کی جمع غلمان بھی آتی ہے ۱۲؎ فئۃ بمعنے جماعت والفئۃ الجماعۃ المتظاہرۃ التی یرجع بعضہم الی بعض فی التعاضد ۱۳؎ اسرع ای اعجل . . . یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ از کرم یقال سرع سرعۃ ای ضد بطوء ۱۴؎ لفیئتہ ای لرجعتہ والفئ والفیئۃ الرجوع الی حالۃ محمودۃ از ضرب ۱۵؎ معاؤمع ابی زید ۱۶؎ مضطبنا اضطبان مصدر از افتعال بمعنی بغل میں رکھنے والا یہ ضبن سے ماخوذ ہے بمعنی بغل اور پہلو کے درمیان رکھنا یقال ضَبَنَہٗ ضبنا واضطبنہ ای جعلہ تحت ابطہ از نصر۔

۱۷ مختثا از بعثرای محرضا و معجلا (جلدی کرنے والا) یقال حثحث البرق فی السحاب ۔ جبکہ بجلی بادلوں میں تڑپے و مجردہ از نصر ۱۸ ایابہ مصدر ای رجوع الحیوان الذی لہ ارادۃ والرجوع اعم یقال أب اوبا وایابا و مآبا ای رجع ۱۹ فابطاضد اسرع از افعال یقال بطوء بطاءً وبطوءً وبطاءً وابطاءً ای ضد اسرع از کرم ۲۰ الحدیث ای الخبر والجمع احادیث ۲۱ الخبیث ضد الطیب والجمع خُبُثٌ و خُبُثَاء واَخْبَاثٌ و خَبَثَةٌ ۲۲ متعبہ از افعال بمعنے تکلیف دینے والے یقال تعب تعبا ای کلّ و اعیا ضد استراح از سمع و اتعبہ ای اعیاہ ۲۳ متشعبۃ ای متفرقۃ یقال شعب الشئ شعبا ای جمعہ و فرقہ اصلحہ وافسدہ از فتح ۲۴ افضینا افضاء مصدر از افعال بمعنی پہونچنا یقال افضی الیہ ای وصل و فضا المکان فضوا و فضاء ای اتسع از نصر ۲۵ خربۃ ای غیر عامرۃ (خراب ویران مکان) یقال خَرِب خرابا جبکہ وہ غیر آباد ہوا از سمع ۲۶ مُناخی ای محل اقامتی اور مناخ کے اصلی معنی اُونٹ کے بیٹھنے کی جگہ کے ہیں اور اس کے معنی اقامت گاہ کے بھی آتے ہیں اور غیر پسندیدہ جگہ کے لیے کہا جاتا ہے ہذا مناخ سوء ۲۷ وکر عش الطائر (آشیانہ گھونسلہ) والجمع اوکر واوکار و وکور ۲۸ افراخی یہ فرخ کی جمع ہے والفرخ ولد الطائر (یعنی پرندے کا بچہ) والجمع فِراخٌ و اِفْراخٌ و اَفْرِخَةٌ و فِرْخَانٌ و فُرُوخٌ ۔

ثُمَّ اسْتَفْتَحَ بَابَهٗ۔ وَاخْتَلَجَ مِنِّیْ جِرَابَهٗ۔ وَقَالَ لَعَمْرِیْ لَقَدْ خَفَّفْتَ عَنِّیْ۔ وَاسْتَوْجَبْتَ الْحُسْنٰی مِنِّیْ۔ فَهَاكَ نَصِیْحَةً هِیَ مِنْ نَفَائِسِ النَّصَائِحِ۔ وَمَغَارِسِ الْمَصَالِحِ۔ وَاَنْشَدَ۔

اِذَا مَا حَوَیْتَ جَنٰی نَخْلَةٍ　　فَلَا تَقْرَبَنْهَا اِلٰی قَابِلٍ
وَاِمَّا سَقَطْتَ عَلٰی بَیْدَرٍ　　یُحَوِّصُلُ مِنَ السُّنْبُلِ الْحَاصِلِ
وَلَا تَلْبَثَنَّ اِذَا مَا لَقَطْتَ　　فَتَنْشَبَ فِیْ كِفَّةِ الْحَابِلِ
وَلَا تُوْغِلَنَّ اِذَا مَا سَبَحْتَ　　فَاِنَّ السَّلَامَةَ فِی السَّاحِلِ
وَخَاطِبْ بِهَاتِ وَجَاوِبْ بِسَوْفَ　　وَبِعْ اٰجِلًا مِنْكَ بِالْعَاجِلِ
وَلَا تُكْثِرَنَّ عَلٰی صَاحِبٍ　　فَمَا مَلَّ قَطُّ سِوَی الْوَاصِلِ

الترجمۃ والمطالب پھر اُس نے اپنے دروازہ کو کھٹکھٹایا اور اس نے مجھ سے اپنا توشہ دان اچک لیا (چھین لیا) اور اُس نے کہا کہ میری زندگی کی قسم تونے میرے بھاری بوجھ (یا بڑی مصیبت) کو ہلکا کر دیا اور تو نیکی کا مستحق ہے لہٰذا ایک میری نصیحت جو عمدہ نصیحتوں سے ہے اور وہ بھلائیوں کے پودا لگانے (اُگنے) کی جگہ ہے (یعنی سرچشمہ ہے) تو اس کو لے۔ اور اُس نے یہ اشعار پڑھے۔ جبکہ تو میوہ دار درخت خرما کو اکٹھا کر چکے تو اس کے آئندہ سال تک اُس کے قریب مت جا اور اگر تجھے کھلیان مل جائے تو تو فوراً گیہوں کی بالی سے اپنا پیٹ (یا پوٹہ) بھرلے اور تو دانہ چننے میں بالکل دیر نہ کر ایسا نہ ہو کہ تو شکاری کے جال میں پھنس جائے اور تو تیرنے میں تیزی نہ کر (یعنی غوطہ نہ لگا) کیونکہ سلامتی کنارہ پر ہے اور تو لوگوں سے بات کہہ کر لا کر اور توسوف سے (یعنی سوف اعطیک) سے جواب دیا کر اور تو اپنی آخرت کو دنیا سے بیچ ڈال اور تو دوست کے پاس زیادہ مت جایا کر کیونکہ سوائے زیادہ ملاقات والے کے اور کوئی ہرگز رنجیدہ نہیں ہوتا (یعنی زیادہ ملاقات کرنے والا خود ہی گھبرا جاتا ہے۔

تشریح لغات ۱ اختلج اختلاج مصدر از افتعال بمعنی اچکنا اور کھینچنا اور چھین لینا ۲ الحسنی بمعنی اچھا انجام و فی التنزیل للذین

احسنوا الحسنیٰ وزیادۃ [۳] نصائح یہ نصیحت کی جمع ہے والنصح تحری فعل او قول فیہ صلاح صاحبہ یقال نصحہ ولہ نصحًا ونصاحۃ ونصیحۃ ای اخلص لہ الود از فتح [۴] مغارس یہ مغرس کی جمع ہے بمعنی پودا لگانے کی جگہ یقال غرس الشجر واغرس جبکہ وہ پودا زمین میں گاڑے از ضرب [۵] المصالح یہ مصلحت کی جمع ہے بمعنی بھلائی و خیر خواہی یقال صلح صلاحًا وصلاحۃ ای ضد افسد از کرم ونصر وفتح والصلاح ضد الفساد وھما مختصان فی کثرۃ الاستعمال بالافعال وقوبل فی القرآن تارۃ بالفساد وتارۃ بالسیئۃ والمصلح یختص بازالۃ النفار بین الناس کما فی التنزیل خلطوا عملًا صالحًا واخر سیئًا ولا تفسدوا فی الارض بعد اصلاحہا [۶] حویت جمعت یقال حوی الشیٔ حیا وحوایۃ ای جمعہ از ضرب ومنہ الحوایا بمعنی الامعاء جمع حویۃ وفی التنزیل او الحوایا او ما اختلط بعظم [۷] جنی بمعنی پھل وتوڑا ہوا میوہ والجمع اجناء وفی التنزیل وجنا الجنتین دان والجنی ما یجنی والجنی بالتشدید ما کان غضا ای جنی من ساعۃ [۸] نخلۃ شجرۃ التمر والجمع نخل۔ [۹] قابل اسم فاعل کا صیغہ بمعنی آیندہ سال و بمعنی آمادہ قبول و متاثر والجمع قَبَلَۃٌ [۱۰] اما یہ اصل میں ان ما تھا پس اس میں ان تو حرف شرط ہے اور اس میں ما زائدہ ہے [۱۱] بیدر بمعنی کھلیان واناج کا ڈھیر، والجمع بیادر [۱۲] حوصل یہ امر حاضر کا صیغہ ہے حوصلۃ مصدر ہے یقال حوصل الطائر جبکہ وہ پوٹا بھرے وحوصل الحنطۃ جبکہ وہ گیہوں کو اکٹھا کرے از بعثر والحوصلۃ فی الاصل للطائر اور یہاں اس کے معنی ہیں پیٹ بھرے تو [۱۳] السنبل گیہوں کی بالی والجمع سنابل وسنبلات اور اس کا واحد سنبلۃ ہے وفی التنزیل کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مائۃ حبۃ [۱۴] ولا تلبث لبث مصدر از سمع بمعنے ٹھیرنا یقال لبث بالمکان لبثًا ولبثا ای اقام بہ ملازمًا لہ [۱۵] لقطت ای اخذت یقال لقط الشیٔ لقطًا ای اخذہ من الارض بلا تعب از نصر والتقط الشیٔ ای عثر علیہ من غیر قصد ولا طلب وفی التنزیل یلتقطہ بعض السیارۃ ..... [۱۶] فتنشب یہ منصوب ہے اس لیے کہ فا سببیہ ہے جو نہی کے جواب میں واقع ہے نشب مصدر بمعنی پھنسنا یقال نشبا الشیٔ فی الشیٔ نشبا ونشوبا ای علق فیہ ولم ینفذ از سمع [۱۷] کفۃ بالکسر بمعنی جال والجمع کِفَفٌ وکِفَافٌ [۱۸] الحابل اسم فاعل کا صیغہ بمعنی شکاری از نصر یقال حَبَلَ الصید حبلا ای اخذہ از نصر [۱۹] لا توغلن مت تیزی کر اور تو مت غوطہ لگا ای نتبالغن یقال وغل فی الشیٔ وغولا ای بالغ فیہ وذھب وابعد فیہ از ضرب۔

[۲۰] سبحت سباحۃ مصدر بمعنی تیرنا یقال سَبَحَ سِبَاحَۃً وسَبحًا جبکہ وہ پانی میں تیرے از فتح [۲۱] الساحل سمندر کا کنارہ والجمع سواحل [۲۲] ہات ای ھات شیئًا ای ولیکن عادتک السؤال اور یہ دو کلموں سے مرکب ہے یعنی ہا اور تاء سے [۲۳] حاوب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از باب مفاعلہ بمعنی جواب دے یقال جاوبہ جبکہ وہ جواب دے اور گفتگو کرے [۲۴] لسوف ای سوف اقضیک او اعطیک اگر کوئی مانگے تو اس کو نہ دے بلکہ تو اس سے یہ کہہ دے سوف اعطیک یعنی میں عنقریب تجھ کو دوں گا یعنی اس کہنے سے تم اس کو ٹال دیا کرو [۲۵] آجل یہ عاجز کی ضد ہے بمعنی دیر یقال اَجِلَ اَجَلًا ای تاخر از سمع والاجل المدۃ المضروبۃ للشیٔ وفی التنزیل بلغنا اجلنا الذی اجلت لنا والجمع اٰجال [۲۶] مُلَّ یہ ماضی مجہول کا صیغہ ہے اس کا مصدر ملال ہے بمعنی رنجیدہ ہونا یقال مَلَّ مَلَلًا ومَلَالًا ای اصابہ الملال از سمع ...... [۲۷] الواصل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے وصل سے بمعنی ملنا اور ملاقات کرنا یقال وصل فلانًا وصلا وصلۃ۔ جبکہ وہ تعلق رکھے از ضرب ووصل الشیٔ بالشیٔ جبکہ وہ جوڑے اور جمع کرے ووَصَلَہٗ بالف دینار جبکہ وہ احسان کرے۔

ثُمَّ قَالَ اَخْزُنْهَا [۱] فِیْ تَامُوْرِكَ [۲]. وَاقْتَدِ [۳] بِهَا فِیْ اُمُوْرِكَ [۴]۔ وَبَادِرْ [۵] اِلٰی صَحْبِكَ [۶]۔ فِیْ كَلَاءَةٍ

رَبِّكَ۔ فَإِذَا بَلَغْتَهُمْ تَحِيَّتِيْ۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ وَصِيَّتِيْ۔ وَقُلْ لَهُمْ عَنِّيْ إِنَّ السَّهَرَ فِي الْخُرَافَاتِ۔ لَمِنْ أَعْظَمِ الْآفَاتِ۔ وَلَسْتُ أُلْغِيْ احْتِرَاسِيْ۔ وَلَا أَجْلِبُ الْهَوَسَ إِلَى رَأْسِيْ (قَالَ الرَّاوِيْ) فَلَمَّا وَقَفْنَا عَلَى نَحْوِيْ شِعْرِهِ۔ وَاطَّلَعْنَا عَلَى نُكْرِهِ وَمُكْرِهِ تَلَاوَمْنَا عَلَى تَرْكِهِ وَالْاِغْتِرَارِ بِإِفْكِهِ۔ ثُمَّ تَفَرَّقْنَا بِوُجُوْهٍ بَاسِرَةٍ۔ وَصَفْقَةٍ خَاسِرَةٍ۔

الترجمة والمطالب پھر وہ کہنے لگا کہ تو ان نصیحت کے کلمات کو اپنے دل میں جگہ دے اور تو اپنے معاملات (تمام کاموں میں) اس سے شمع ہدایت کا کام لے اور تو جلد اپنے ساتھیوں کے پاس جا اور تمہاری خدا حفاظت کرے پس جب تو وہاں پہنچے تو سب سے پہلے میرا اسلام (یا حیاک اللہ) اُن سے کہنا اور ان کو میری وصیت سنا دینا اور پھر یہ کہنا بیہودہ گوئی اور باطل باتوں میں جاگنا یقیناً یہ بہت بڑی آفت اور مصیبت ہے اور میں ایسا بے وقوف یا دیوانہ نہیں ہوں کہ میں اپنے نفس کی احتیاط کا خیال نہ کروں اور نہ میں اپنے سر میں دیوانگی ٹھونسنا چاہتا ہوں۔ راوی کہتا ہے جب غلام نے ہمیں اُس کے ناشائستہ اور دھوکہ بازی کے اشعار کا مفہوم بتایا یا اُس کے ہم آگاہ ہوئے) تو ہم نے اس کے چھوڑنے پر اور اس کے جھوٹ سے دھوکا کھانے پر ایک دوسرے کو ملامت کی پھر اس کے بعد ہم ترش روئی کے ساتھ تجارت کے معاملہ میں ٹوٹا اٹھا کر جُدا ہو گئے۔

تشریح لغات لہ اخزنہا ای احفظ یقال خزن المال خزناً ای حفظہ فی الخزانۃ ثم یعبّر عن کل حفظ از نصر والخزنۃ جمع خازن ۲ہ تامورک یہ مبالغہ کا صیغہ ہے امر سے بمعنی زیادہ امر کرنے والا اور یہ معنی میں دل و جان اور خون دل کے مستعمل ہوتا ہے اور اس کے معنی برتن اور بادشاہ کے وزیر کے بھی آتے ہیں ۳ہ اقتدیہ امر حاضر کا صیغہ ہے از باب افتعال اقتداءً مصدر بمعنی تابعداری کرنا اور حکم ماننا ۴ہ بادر یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از باب مفاعلہ مبادرۃ مصدر بمعنی سبقت کرنا اور جلدی کرنا ۵ہ صحبک بمعنی ساتھی و دوست اور ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا اور اس کی جمع اصحابٌ اور صُحْبَۃٌ اور صِحَابٌ اور صِحَابَۃٌ اور صَحَابَۃٌ بھی آتی ہیں اور یہ صاحب کی جمع ہے اور اصحاب کی جمع اصاحیب آتی ہے ۶ہ کلاءۃ یہ مصدر ہے بمعنی حفاظت و امانت و حراست یقال کلاءہ اللہ کلاءً وکلاءۃً وکلاءۃ ای حرسہ وحفظہ از فتح ۷ہ تحیتی مصدر از باب تفعیل بمعنی سلام کہنا وحیاک اللہ کہنا یقال حَیَّاہ تحیۃً جبکہ وہ حیاک اللہ کہے اور سلام کرے ۸ہ وصیتی یہ ایصاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے والجمع وصایا ۹ہ السہر بمعنی جاگنا اور یہ مصدر ہے یقال سَهِرَ ای لم ینم لیلاً از سمع ۱۰ہ الخرافات یہ خرافۃ کی جمع ہے بمعنی لغو اور بے کار فضول باتوں میں وقت گذارنا یقال خرف خرفاً وخرف خرافۃ ای فسد عقلہ من الکبر از سمع وکرم ۱۱ہ الآفات یہ آفت کی جمع ہے بمعنی مصیبت یقال أفہ أوفاً ای اضرّہ وافسدہ از نصر ۱۲ہ الغی الغاء مصدر از افعال بمعنی چھوڑنا و باطل خراب کرنا یقال لغا الشئ لغواً ای بطل از نصر ۱۳ہ احتراسی یہ باب افتعال کا مصدر ہے بمعنے احتیاط و حفاظت یقال حَرَسَہ حَرْسًا وحِرَاسَۃً ای حفظہ از نصر ۱۴ہ الہوس دوران سر یا دماغ میں خشکی آجانے کی وجہ سے اُس کے دماغ میں مختلف خیالات پیدا ہو جائیں اور بعض یہ فرماتے ہیں کہ یہ جنون کی ایک قسم ہے واللہ اعلم یقال ھَوِسَ ھَوَسًا ای کان بہ ھَوَسٌ از سمع ۱۵ہ نحوی والنحواءُ ممدوداً او مقصوراً یہ دونوں طرح مستعمل ہے بمعنی مصداق کلام ومنشاء کلام ومضمون کلام والجمع نجاء یقال نحا بکلامہ الی کذا نحواً ای اشار از نصر۔ ۱۶ہ نکرہ بالضم مصدر بمعنی چالاکی و تیز فہمی

وبرا کام وبہت برا کام ؏ تلاوم تلاوم مصدر از باب تفاعل تلاوم مصدر ایک دوسرے کو آپس میں ملامت کرنا ای لاوم بعضنا بعضًا ؏ بافکہ مصدر بمعنی جھوٹ بولنا یقال افك افكا وافكًا وأفِكَ افكًا ای کذب از ضرب وسمع یقال افکہ عن کذا ای صرفہ وقلب رأیہ۔ فی التنزیل اجئتنا لتافکنا عن الہتنا ؏ باسرۃ بمعنے ترش رو اور بھونڈا بدشکل یقال بسر وجہہ بسرًا وبسورًا ای قطب وجہہ از نصر وفی التنزیل وجوہ یومئذ باسرۃ ؏ خاسرۃ یہ خاسر کا مؤنث ہے از سمع یقال خسر خسرًا وخسرًا وخسرًا وخسارًا وخسارۃ وخسرا وخسرانًا . . . جب کہ وہ نقصان اٹھائے اور گمراہ ہوا اور ہلاک ہوا اور یہ ضرب سے اس معنی میں آتا ہے یقال خسر المیزان خسرًا وخسرانًا جبکہ وہ کم کرے اور گھٹائے وخسر المال جبکہ وہ ضائع کرے

اَلْمَقَامَةُ السَّابِعَةُ عَشْرَةَ الْقَهْقَرِيَّةُ!

(حَدَّثَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ) قَالَ لَحَظْتُ فِیْ بَعْضِ مَطَارِحِ الْبَیْنِ۔ وَمَطَامِحِ الْعَیْنِ۔ فِتْیَةً عَلَیْهِمْ سِیْمَاءُ الْحِجَا۔ وَطَلَاوَةُ نُجُوْمِ الدُّجٰی۔ وَهُمْ فِیْ مُمَارَاةٍ مُشْتَدَّةِ الْهُبُوْبِ۔ وَمُبَارَاةٍ مُشْتَطَّةِ الْاُلْهُوْبِ۔ فَهَزَّنِیْ لِقَصْدِهِمْ هَوَی الْمُحَاضَرَةِ۔ وَاسْتِحْلَاءُ جَنَی الْمُنَاظَرَةِ۔ فَلَمَّا الْتَحَقْتُ بِرَهْطِهِمْ۔ وَانْتَظَمْتُ فِیْ سِمْطِهِمْ۔ قَالُوْا اَنْتَ مِمَّنْ یُّبْلِیْ فِی الْهَیْجَاءِ۔ وَیُلْقِیْ دَلْوَهٗ فِی الدِّلَاءِ۔

الترجمۃ والمطالب

(سترہویں مجلس جو قہقریہ کے نام سے منسوب ہے) حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں نے بعض دور دراز اور خوش منظر جاذب نظر مقامات میں کئی ایسے نوجوانوں کو دیکھا جن میں عقلمندی کے نشانات موجود تھے اور اندھیری رات کے تاروں جیسی خوبی کے اُن میں کمالات تھے اور وہ مباحثہ کی آندھیوں اور حد سے بڑھے ہوئے مناظرہ میں گھرے ہوئے تھے مجھے بھی بات چیت کی خواہش اور مناظرہ کے میووں کی شیرینی نے اُن تک پہنچا دیا جب میں اس جماعت میں پہونچا اور اُن کی لڑی میں شامل ہوا تو وہ مجھ سے یہ پوچھنے لگے کہ کیا آپ اس میدان کارزار (مناظرہ) میں بہادری کے جوہر دکھائیں گے اور اپنا ڈول دوسرے ڈولوں کے ساتھ ڈالیں گے یعنی کیا آپ بھی اس مناظرہ میں شریک ہوں گے۔

تشریح لغات

؏ القہقریۃ اس مقامہ کا نام قہقریہ ہے اس واسطے کہ اس مقامہ میں ایک رسالہ ہے اور اس کے اندر انشاپردازی کا یہ کمال دکھلایا ہے کہ اس کے مضمون کو آخر سے بھی پڑھ سکتے ہیں اور یہ قہقرے کی طرف منسوب ہے جس کے معنی پیچھے کی طرف لوٹنے کے ہیں یقال رجع القہقری وایضا یقال تقہقر بمعنی رجع الی الوراء ؏ لحظت ای ابصرت ونظرت یقال لحظہ ولحظ الی فلان ای ابصرہ از فتح ؏ مطارح یہ مطرح کی جمع ہے بمعنے ڈالنا اور پھینکنا ای مرامی البعد والفراق وھی المواضع البعیدۃ التی ترمی الغربۃ الیھا من

المنازل وغیرها والطرح القاء الشئ وابعاده از فتح [۷] مطارح العین وہ خوب صورت جگہ جس کی طرف آنکھ اُٹھا کر دیکھا جائے یقال طمح بصره الیه طمحا و طماحا وطموحا ای ارتفع از فتح [۸] فتیۃ یہ لحظت کا مفعول ہے بمعنی جوان فتی کی جمع ہے اور اس کی جمع فتیان بھی آتی ہے [۹] سیماء بمعنی علامت وہیئت اور یہ ممدوداً اور مقصوراً دونوں طرح مستعمل ہے اور سیمیاء اور سُوْمۃ اور سِیمیٰ سیما ان سب کے ایک ہی معنی ہیں [۱۰] الحجا بمعنی عقل والجمع احجاء [۱۱] طلاوۃ بالحرکات الثلاث فی الطاء بمعنی خوب صورتی ورونق [۱۲] نجوم یہ نجم کی جمع ہے بمعنی ستارہ یقال نجم نجوماً ای طلع [۱۳] الدجیٰ یہ دُجیۃ کی جمع ہے بمعنی تاریکی واندھیرا یا بادلوں کے ساتھ جو اندھیرا اور تاریکی ہوجائے یقال دجا اللیل دجوا ودجوا ای اظلم۔ [۱۴] ممارۃ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنی جھگڑا اور لڑائی کرنا [۱۵] الھبوب مصدر بمعنی حرکت کرنا یقال هبت الریح هبا وهبوبا ای ثارت وهاجت از نصر [۱۶] مباراۃ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنی معارضہ اور مقابلہ کرنا یقال باداه مباراة ای سابقہ وبری القلم والسهم بریا ای نحتہ از ضرب [۱۷] مشتطۃ اسم مفعول کا صیغہ ای متجاوزۃ عن الحد یقال شط شطا وشططا ای بعد وافرط وتباعد عن الحق از نصر۔ [۱۸] الالھوب ایسا تیز رفتار گھوڑا جو گرد وغبار اُڑاتا ہوا چلے یا جس کے سموں (کھر) سے آگ نکلے والمراد ههنا ان حرکۃ المناظرۃ کانت شدیدۃ حتی جاوزت عن الحد یقال لهبت النار لهبا ولهیبا ای اشتعلت خالصۃ من الدخان از سمع [۱۹] نهزنی ای حرکنی مجھ کو ہلایا والهز التحریك الشدید از نصر [۲۰] ہوی مصدر بمعنی عشق سے لذیذ کی طرف نفس کا مائل ہونا از سمع اب یہ شوق کے معنے میں مستعمل ہے [۲۱] المحاضرۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی بات چیت وگفتگو [۲۲] جنی بمعنے پھل وٹوٹا ہوا میوہ والجمع اجناء وفی التنزیل وجنا الجنتین دان الخ [۲۳] برهطهم ای بجماعتهم والرهط العصابۃ دون العشرۃ وقیل یقال الی الاربعین والجمع اَرْهُط وارهاط وأراهط وأراهیط۔

[۲۴] سمطهم بالکسر بمعنی لڑی والسمط خیط اللؤلؤ مادام فیہ اللؤلؤ والجمع سموط ای جلست بینهم۔

[۲۵] یبلی ابلاء مصدر از افعال یقال ابلی فی الحرب یعنی سخت لڑائی ہونے کو ظاہر کیا یہاں تک لوگوں کو دکھلایا اور بلا میں کسی کو ڈال دینا اور بہادری کو ظاہر کرنا [۲۶] الھیجاء بمعنی لڑائی یقال هاج الشئ هیجا وهیاجا وهیجانا ای ثار وتحرك از ضرب۔

[۲۷] الدلاء یہ دلوں کی جمع ہے بمعنی ڈول والجمع دلاء وادل ودُلِیّ یقال دلوت الدلو اذا ارسلتها وادلیتها اذا اخرجتها۔

فَقُلْتُ بَلْ اَنَا مِنْ نَظَّارَةِ[۱] الْحَرْبِ۔ لَا مِنْ اَبْنَاءِ[۲] الطَّعْنِ وَالضَّرْبِ۔ فَاضْرَبُوْا عَنْ حِجَاجِی[۳]۔ وَاَفَاضُوْا فِی التَّحَاجِیْ[۴]۔ وَكَانَ فِیْ بُحْبُوْحَةِ[۵] حَلْقَتِهِمْ۔ وَاِكْلِیْلِ[۶] رُفْقَتِهِمْ۔ شَیْخٌ قَدْ بَرَتْهُ[۷] الْهُمُوْمُ۔ وَلَوَّحَتْهُ[۸] السُّمُوْمُ[۹]۔ حَتّٰی عَادَ اَنْحَلَ[۱۰] مِنْ قَلَمٍ۔ وَاَقْحَلَ[۱۱] مِنْ جَلَمٍ[۱۲]۔ اِلَّا اِنَّهٗ كَانَ یُبْدِی الْعُجَابَ[۱۳] اِذَا اَجَابَ۔ وَیُنْسِیْ سَحْبَانَ۔ كُلَّمَا اَبَانَ[۱۴]۔ فَاُعْجِبْتُ بِمَا اُوْتِیَ مِنَ الْاِصَابَةِ۔ وَالتَّبْرِیْزِ[۱۵] عَلٰی تِلْكَ الْعِصَابَةِ۔ وَمَا زَالَ یَفْضَحُ كُلَّ مُعَمًّی۔ وَیُصْمِیْ فِیْ كُلِّ مَرْمًی[۱۶]۔

الترجمۃ والمطالب پس میں نے کہا میں تو محض جنگ کے تماشائیوں میں سے ہوں نہ کہ نیزہ باز اور تلوار مارنے والوں سے (میں لڑنے والوں میں سے نہیں ہوں) پس انھوں نے مجھ سے مناظرہ کرنے سے کنارہ کشی اختیار کی اور وہ لوگ آپس میں چیستاں بیان کرنے میں مشغول ہوگئے اور ان کے بیچ حلقہ میں ایک بوڑھے شخص بطور صدر مجلس تشریف رکھتے

تھے جو غموں کے مارے ہوئے (یعنی غموں سے زخمی) اور لوؤں یعنی گرم ہواؤں نے ان کا منہ جھلس دیا تھا یہاں تک کہ وہ قلم سے زیادہ کمزور اور قینچی کے ایک حصّہ سے زیادہ خشک تھا (یعنی عاجز تھا) مگر وہ نہایت عجیب باتوں کو ظاہر کرتا تھا جبکہ وہ جواب دیتا تھا اور تقریر کرتے وقت فصاحت سحبان (بلیغ مقرر، مبلّغ) کو بھلا دیتا تھا اور میں متعجب تھا اس پر کہ کیا خوب ذہن اس کو عطا ہوا ہے کہ تمام جماعت حاضرین پر غالب آرہا ہے اور وہ ہر معمے (چیستان) کو حل کرتا رہا اور ہر مرتبہ کی تیراندازی میں وہ شکار کرتا رہا (یعنی ٹھیک موقع نشان پر تیر مارتا تھا)۔

تشریح لغات ۱؎ نظارۃ النظارۃ القوم الذین ینظرون الی شیء یعنی تماشائی ۲؎ ابناء الطعن ای لامن اصحاب القتال یقال طعن فلانًا طعنا ای ضربہ بالرمح از فتح ونصر ۳؎ حجاجی ای محاجتی ومجادلتی (یعنی مجھ سے مناظرہ کرنا) یقال حاجۃ ای خاصمہ واصل الحج القصد للزیارۃ ثم خص فی الشرع لقصد بیت اللہ اقامۃ للنسک ومنہ الحجۃ ای الدلالۃ المبنیۃ للمحجۃ ای المقصد المستقیم وفی التنزیل فللّٰہ الحجۃ البالغۃ والمحاجۃ ان یطلب کل واحد ان یرد الاخر عن حجتہ ومحجتہ ۴؎ افاضوا از افعال ای خاضوا واندفعوا وشرعوا۔

۵؎ التحاجی بمعنی چیستان ومعمہ بیان کرنا یقال حاجاحجوا ای طرح الاحجیۃ از نصر ۔ ۶؎ بجوحۃ بمعنی وسط و درمیان یقال تبجح الدار جبکہ وہ اس کے وسط میں ہو (بجوحۃ الشیء وسطہ) ۷؎ حلقتھم حلقۃ بمعنی دائرہ والجمع حِلَق وحلاق ۸؎ الاکلیل جواہر سے مزین تاج اور پٹکا جس میں جواہرات ٹکے ہوئے اور جڑے ہوئے ہوتے ہیں اور اس کو بادشاہ پہنتے ہیں والجمع اکلۃ واکالیل ۹؎ بری تدبری یبری بریًا سے از ضرب بمعنی لاغر کرنا یقال بری السہم او القلم جبکہ تیر یا قلم کو تراشے یا چھیلے ۱۰؎ لوحتہ تلویح مصدر بمعنی متغیر کرنا اور بگاڑ دینا اور جھلسا دینا یقال لاحہ العطش او السفر لوحًا ولوّحۃ تلویحًا ای غیّرہ از نصر ۔

۱۱؎ السموم بمعنی گرم ہوا یعنی لُو والجمع سمائم وقال الراغب ھی الریح الحارۃ التی لا تؤثرا غیر السم۔

۱۲؎ انحل اسم تفضیل کا صیغہ بمعنی زیادہ لاغر ای ارق واھزل یقال نحل نحولا ای صار فی الدقۃ کالنحل از سمع وکرم ۔

۱۳؎ امحل اسم تفضیل کا صیغہ ای اشد یبوسۃ (زیادہ خشک یعنی عاجز) یقال قحل الشیء قحولًا وقحلًا وقحلًا ای یبس از سمع وفتح ۱۴؎ جلم بمعنی قینچی کا ایک حصہ وکلاھما جاماں والجمع جلام وفی الاصل آلۃ کالمقص لجلم الصوف یقال جلم الصوف جلما ای جزہ وقطعہ از ضرب ۱۵؎ العجاب بالضم الشیء الذی یکون فی غایۃ العجب۔

۱۶؎ ابان ای اظہر از افعال یقال ابان الشیء جبکہ وہ ظاہر کرے اور واضح کرے اور کاٹے اور جدا کرے وابان الشیء جبکہ وہ ظاہر اور واضح ہو اور اس کا صفت کا صیغہ مبین آتا ہے ۱۷؎ الاصابۃ مصدر از افعال بمعنی رائے کی درستی اور فکر پہونچ اور ٹھیک جواب ۱۸؎ التبریز مصدر بمعنی سبقت اور فوقیت لے جانا اور یہ بروز سے مشتق ہے یقال برز فلانٌ ای فان علے اقرانہ بعلم ولفضل ۱۹؎ العصابۃ بمعنی مردوں اور گھوڑوں اور پرندوں کی جماعت اور یہاں اس کے معنے جماعت کے ہیں۔

۲۰؎ معمے چیستان ھو الشیء الذی جعل المفھم فیہ اعمی ای لا یقدر علے ادراکہ من غایۃ اشکالہ ۔

۲۱؎ یصمی از افعال اصماء مصدر بمعنی تیر کا نشانہ پر پہنچنا یقال اصمی الصید ای رماہ فقتلہ ۲۲؎ مرمی مصدر میمی تیر پھینکنے کی جگہ یقال ہذا الکلام بعید المرامی یعنی یہ کلام دور رس ہے وما ابعد مرمی ہمتہ یعنی اس کی ہمت کا میدان کتنا وسیع ہے از رمی یرمی ضرب۔

اِلٰی اَنْ خَلَتِ الْجِعَابُ[1]۔ وَنَفِدَ[2] السُّؤَالُ وَالْجَوَابُ۔ فَلَمَّا رَاٰی اِنْفَاضَ[3] الْقَوْمِ۔ وَاضْطِرَارَهُمْ اِلَی الصَّوْمِ[4]۔ عَرَضَ[5] بِالْمُطَارَحَةِ[6]۔ وَاسْتَاذَنَ فِی الْمُفَاتَحَةِ[7]۔ فَقَالُوْا لَهٗ حَبَّذَا[8]۔ وَمَنْ[9] لَنَا بِذَا فَقَالَ اَتَعْرِفُوْنَ رِسَالَةً اَرْضُهَا[10] سَمَاؤُهَا۔ وَصُبْحُهَا[11] مَسَاؤُهَا۔ نُسِجَتْ[12] عَلٰی مِنْوَالَیْنِ[13]۔ وَتَجَلَّتْ[14] فِیْ لَوْنَیْنِ[15]۔ وَصَلَّتْ اِلٰی جِهَتَیْنِ۔ وَبَدَتْ ذَاتَ وَجْهَیْنِ۔ اِنْ بَزَغَتْ[16] مِنْ مَشْرِقِهَا۔ فَنَاهِیْكَ[17] بِرَوْنَقِهَا[18]۔ وَاِنْ طَلَعَتْ مِنْ مَغْرِبِهَا[19] فَیَا لَعَجَبِهَا[20]۔ قَالَ فَكَاَنَّ الْقَوْمَ رُمُوْا بِالصُّمَاتِ[21]۔ اَوْ حَقَّتْ عَلَیْهِمْ كَلِمَةُ الْاِنْصَاتِ[22]۔ فَمَا نَبَسَ[23] مِنْهُمْ اِنْسَانٌ۔ وَلَا فَاهَ[24] لِاَحَدٍ هِمْ لِسَانٌ۔

الترجمة والمطالب

یہاں تک کہ ترکش خالی ہوگئے اور سوال وجواب ختم ہوگئے پھر جب اس نے جماعت کو بے خرچ اور خاموش ہوجانے پر مجبور دیکھا تو آپس میں مباحثہ اور مناظرہ کرنے کی تجویز پیش کی اور شروع کرنے کی اجازت چاہی پس سب نے بالاتفاق کہا بہت اچھا اور ہم میں ایسا اور کون ہے (جو اس کام کو شروع کرے) پس اُس بوڑھے نے کہا کہ آپ ایسے رسالہ سے واقف ہیں جس کی زمین آسمان کا ہو (اس کی پستی بلندی کا مرتفع ہو) اور اُس کی صبح اس کی شام ہو (یعنی اُس کا آخر اول جیسا ہو) جو دو لکڑیوں (دو طرز) پر بنایا گیا ہو اور وہ دو رنگوں میں ظاہر ہو اور وہ دو طرف کو نماز پڑھتا ہو (بیت المقدس وخانہ کعبہ) اور وہ دو چہروں والا (منافق) ہو کر ظاہر ہو (یعنی اوّل سے تو کچھ اور مضمون ہو اور اخیر سے کچھ اور ہو) اور اگر وہ مشرق سے طلوع کرے تو اُس کی رونق بہت ہی کافی ہے اور اگر وہ مغرب سے طلوع کرے تو بہت ہی تعجب ہے (یعنی شروع اور اس کا عکس اُس کے دونوں ہی اچھے ہیں) راوی کہتا ہے ایسا معلوم ہوتا تھا گویا لوگ خاموشی کا نشانہ بنائے گئے ہیں یا اُن پر خاموش رہنا ضروری ہوگیا ہے۔ چنانچہ کسی انسان نے اُن میں سے کچھ نہیں کہا اور نہ کسی کی زبان سے کوئی لفظ نکل سکا۔

تشریح لغات

[1] الجعاب یہ جعبۃ کی جمع ہے ترکش (وہی اوعیۃ السہام) وکنی بہ عن الفراغ من الکلام [2] نفد ای انقطع وفنی یقال نَفِدَ نَفَاداً ای فنی از سمع۔ [3] انفاض مصدر از افعال بمعنے بے توشہ ہونا (جھاڑتا) [4] الصوم مصدر ای الامساک عن الکلام (خاموشی) از نصر [5] عرض از تفعیل ای کنّی (کنایہ کیا) ولم یصرح خلاف التصریح [6] بالمطارحۃ یہ مصدر باب مفاعلہ سے ہے بمعنی مناظرہ ومباحثہ کرنا واصل الطرح القاء الشئ وایعادہ [7] المفاتحہ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے اور یہ فاتحہ سے ماخوذ ہے بمعنی ابتداء ای ابتداء الکلام واستفتاحہ یعنی شروع کرنا [8] حبذا یہ حَبَّ اور ذا اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے بمعنی بہت ہی اچھا اور واہ واہ اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے (حبّذا) اور کسی سے حبّذا کہنا بمعنے نعم الشئ ماقلت [9] ومن لنا بذا ای من یقوم ویتکفل بذلک [10] ارضها سماؤها یرید اعلاها واسفلها شبّہ اولها بالسماء واٰخرها بالارض یعنی تقراء مقلوبۃ من اٰخرها کما تقراء معتدلۃ من اولها [11] صبحها مساؤها ای اولها اٰخرها [12] نسجت نسج مصدر بمعنی بننا از نصر وضرب یقال نسج الثوب جبکہ وہ کپڑا بنے ونسج الکلام جبکہ وہ خلاصہ کرے اور آراستہ کرے ونسج الشاعر الشعر جبکہ وہ نظم کرے [13] منوالین یہ منوال کا تثنیہ ہے وہ لکڑی جس سے جولاہے کپڑا بنتے ہیں اور یہاں اس سے مراد مختلف طرز اور طریقہ ہے یعنی ایک مرتبہ تو یہ سیدھا پڑھا جاتا ہے اور دوسری مرتبہ بھی معکوس (الٹا) پڑھا جاتا ہے اور تم دونوں طرف سے (یعنی اوّل وآخر) سے اس کو پڑھ سکتے ہو [14] تجلت تجلی مصدر از تفعل بمعنی ظاہر ہونا یقال تجلی الشئ

۱۵ تجلبا جبکہ وُہ اچھی طرح ظاہر ہو ۱۶ لونین یہ لون کا تثنیہ ہے بمعنے رنگ والجمع الوانٌ اور اس سے یہاں یہ مراد ہے کہ جب لول سے یعنی سیدھا اُس کو پڑھا جائے تو اُس کے اور معنے ہوتے ہیں اور جب الٹا کر کے یعنی اخیر سے اُس کو پڑھا جائے تو اُس کے اور معنے ہوتے ہیں ۱۷ بزغت از نصر یقال بزغ بزغا وبزوغا ای طلع یقال بزغت از نصر یقال بزغ بزغا وبزوغا ای طلع یقال بزغت الشمس جبکہ آفتاب نکلے ۱۸ من شرقہا ای اولہا والجمع مشارق بمعنی آفتاب کے طلوع کی جگہ وبمعنی جہت ۱۹ فنا ہیک یہ اسم فعل ہے مدح کے مقام میں تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے بمعنی تجھ کو کافی ہے ۲۰ برونقہا بمعنے رونق وتازگی وخوبصورتی ۲۱ من مغربہا ای من آخرہا والجمع مغارب آفتاب کے غروب ہونے کی جگہ (ممالک افریقہ اور بزبان حال ممالک یورپ) ۲۲ فیا لعجبا لام پر فتحہ ہے اے یا قوم احضروا وتعجبوا منہا ودنا دیتک لہذا العجب) ۲۳ بالصمات یہ مصدر ہے فعال کے وزن پر بمعنی چپ رہنا یقال صَمَتَ صَمْتًا وَ صُمُوتًا وصُماتًا ای سکت از نصر ۲۴ الانصات یہ مصدر ہے افعال سے بات سننے کے لیے چپ ہونا یقال نصت ازضرب نصتا وانصت لہ انصاتا جبکہ وہ بات سننے کے لیے خاموش رہے وانصتہ جبکہ خاموش کرے وفی التنزیل واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا ۲۵ ما نبس ای ما نطق وتکلم یقال نبس نبسًا ای تکلم از ضرب واکثر استعمالہ فی النفی یقال مَا نبس۔

۲۶ فاہ ای نطق یقال فاہ بکذا فوہًا ای نطق از نصر ۲۷ لسان بمعنی زبان یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح مستعمل ہے اور یہ مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے والجمع اَلسِنَۃ واَلسُنٌ ولُسُنٌ ولسانات وبمعنی لغت وپیغام یقال لسان العرب عرب کی زبان ولسان القوم قوم کا ترجمان ولسان الحال زبان حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت ولسان الصدق اچھی شہرت ولسان المیزان ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے ولسان النار شعلہ۔

نَحِیْنَ رَاٰھُمْ بُکْمًا[۱] کَالْاَنْعَامِ[۲] وَصُمُوْتًا کَالْاَصْنَامِ[۳] قَالَ لَھُمْ قَدْ اَجَّلْتُکُمْ[۴] اَجَلَ الْعِدَّۃِ[۵] وَ اَرْخَیْتُ[۶] لَکُمْ طُوْلَ الْمُدَّۃِ[۷] ثُمَّ ھٰھُنَا مَجْمَعُ الشَّمْلِ[۸] وَمَوْقِفُ الْفَصْلِ[۹] فَاِنْ سَمَحَتْ خَوَاطِرُکُمْ مَدَحْنَا وَاِنْ صَلَدَتْ[۱۰] زِنَادُکُمْ قَدَحْنَا، فَقَالُوْا لَہٗ وَاللہِ مَالَنَا فِیْ لُجَّۃِ[۱۱] ھٰذَا الْبَحْرِ مَسْبَحٌ[۱۲] وَلَا فِیْ سَاحِلِہٖ مَسْرَحٌ[۱۳] فَاَرِحْ[۱۴] اَفْکَارَنَا مِنَ الْکَدِّ[۱۵] وَھَنِّیِٔ[۱۶] الْعَطِیَّۃَ بِالنَّقْدِ[۱۷] وَاتَّخِذْنَا اِخْوَانًا[۱۸] یَثِبُوْنَ[۱۹] اِذَا وَثَبْتَ وَیُثْبِتُوْنَ[۲۰] مَتٰی اسْتَثْبَتَّ[۲۱] فَاَطْرَقَ[۲۲] سَاعَۃً ثُمَّ قَالَ سَمْعًا[۲۳] لَکُمْ وَطَاعَۃً فَاسْتَمْلُوْا[۲۴] مِنِّیْ وَانْقُلُوْا[۲۵] عَنِّیْ اَلْاِنْسَانُ صَنِیْعَۃُ[۲۶] الْاِحْسَانِ وَرَبُّ[۲۷] الْجَمِیْلِ فِعْلُ النَّدْبِ[۲۸]۔

الترجمۃ والمطالب پس جس وقت بوڑھے نے سب کو چوپاؤں کی طرح گونگا اور بتوں کی طرح خاموش پایا تو وہ کہنے لگا کہ میں تم کو مدت عدت (طلاق یعنی تین ماہ یا تین حیض یا عدت بیوہ چار ماہ دس دن) کے برابر مہلت دیتا ہوں اور یہ رسی کی مدت (طویل) کی میں نے تم کو کافی ڈھیل دی ہے پھر یہیں متفرق لوگوں کا اجتماع ہوگا اور اسی جگہ فیصلہ ہوگا اگر تمہاری طبیعتیں (بہادری کا جوہر) دکھائیں گی تو ہم تمہاری تعریف کریں گے اور اگر تمہارے چقماق آگ نہ نکال سکے تو ہم خود آگ نکالیں گے (یعنی روشن کریں گے) سب نے بالاتفاق یہ جواب دیا خدا کی قسم ہم اس دریا کے بڑے حصے میں تیرنے کے قابل نہیں ہیں اور نہ اُس کے کنارہ پر ہمارے لیے چراگاہ ہے پس آپ ہماری فکروں اور (ذہنوں) کو اس تکلیف اور مشقت

سے نجات دیں اور بڑی خوشی سے نقد عطیہ حاصل کریں اور آپ ہمیں اپنا بھائی سمجھیں اور ہماری ہر حرکت آپ کے تابع اور مطیع ہوگی اور جب آپ بدلہ چاہیں گے تو ہم اچھا بدلہ دیں گے یہ سن کر اس بوڑھے نے پہلے تو توقف کیا یعنی سر جھکا کر سوچا) پھر یہ کہا جو حکم ہو میں حاضر ہوں اچھا پس آپ لکھیئے اور مجھ سے نقل کیجئے انسان احسان کا پالا ہوا ہے دلپس احسان گویا رب ہے اور انسان اس کا عبد اور فعل جمیل کا پالنا یہ سخی اور شریفوں کا کام اور شیوہ ہے۔

تشریح لغات

لہ بکما یہ ابکم کی جمع ہے بمعنی گونگا دھو الذی یولد اخرس یقال بکم بکما ای خرس از سمع وھم یقولون فی ترتیب العی عن الکلام رجل عیّ وعییّ ثم حصِرٌ ثم فَہٌ ثم معجم ثم لجلاج ثم ابکم و فی التنزیل صم بکم عمی نہم لایرجعون ٢ہ کالانعام یہ نَعَمٌ کی جمع ہے بمعنی اونٹ (چوپایہ) دھو مختص بالابل وتسمیتہ ذلك لکون الابل اعظم نعمہ عندھم لکن الانعام یقال للابل والبقر والغنم لا یقال لہا انعام حتی تکون فی جملتہا الابل ٣ہ کالاصنام یہ صنمٌ کی جمع ہے وھو جثۃ متخذۃ من فضۃ او نحاس اوخشب وکانوا یعبدونہا متقربین بہا الی اللہ تعالیٰ وقال بعض الحکماء کل ما عبد من دون اللہ بل کل ما یشغل من اللہ تعالیٰ نہو صنم ٤ہ اجلتکم تاجیل مصدر از باب تفعیل بمعنے مہلت دینا ٥ہ اجل العدۃ ای مہلۃ عدۃ المطلقۃ او المتوفی عنہا زوجہا وقیل عدۃ الموت لانہا اطول العدد الاتری انہ ارخی لھم طول المدۃ نعدۃ المطلقۃ ثلثۃ قروء ای الحیض کما ھو الثابت عن الخلفاء الاربعۃ کما صرح بہ ابن کثیر وعدۃ المتوفی عنہا زوجہا اربعۃ اشہر وعشراً یقال اجل اجلا ای تاخر از سمع والاجل المدۃ المضروبۃ للشئ ویقال للمدۃ المضروبۃ لحیاۃ الانسان اجل و فی التنزیل وبلغنا اجلنا الذی اجّلت لنا والجمع آجال ؛
٦ہ ارخیت ارخاء مصدر از افعال بمعنے ڈھیل کرنا ای اسدلت وصددت یقال رخی رخا ورخوۃ ورخوا ورخاوۃ ای لان وسہل از سمع وکرم ورخا العیش ورخیَ ورخُوَ رخاءً ای اتسعَ وکان ھنیئًا از نصر وفتح وسمع الطول وفتح الواو بمعنی رسی اس کے اصلی معنی وہ رسی جو چوپاؤں پر نکیل میں ڈال کر ڈھیلی چھوڑ دی جائے ٨ہ الشمل مصدر بمعنی امر متفرق وامر مجتمع ویا دشمالی ٩ہ الفصل بمعنی قضاء اور حکم اور قول فصل اور قول حق ومنہ یوم الفصل یعنی قیامت کا دن ١٠ہ صلدت از ضرب صلو د مصدر بمعنی چقماق سے آواز نکلے مگر آگ نہ نکلے وعنی بذلك ان جہدت قرائحکم ولم یمکنکم ان تاتوا بالرسالۃ یقال صلد الزند صلوداً جبکہ آواز چقماق سے ہو اور اس میں آگ نہ نکلے از ضرب ١١ہ قدحنا ای اخرج النار یقال قدح بالزند جبکہ وہ چقماق سے آگ نکالے ای ان لم تقدروا علے انشاء الرسالۃ فانا أنشأنا ١٢ہ لجۃ ای معظم مادہ (پانی کا بڑا حصہ اور بڑی جماعت والجمع لُجَّ ولُجَجٌ ولجاج وفی التنزیل فی بحر لجی ١٣ہ مسبح یہ مصدر میمی ہے اور یہ سبح سے ماخوذ ہے بمعنی پانی میں تیرنا یقال سبح سُبحًا وسباحۃ جبکہ وہ تیرے واستعیر لمر النجوم فی الفلك کما فی التنزیل کل فی فلك یسبحون ١٤ہ مسرح موضع یسرح ویمشی فیہ (چراگاہ) ١٥ہ فارح اراحۃ مصدر از افعال بمعنی راحت وآرام دینا ١٦ہ الکد بمعنی تکلیف ومشقت یقال کدّ کدّا ای اشتد فی العمل والح فی الطلب وکدّہ ای اتعبہ از نصر۔ ١٧ہ ہنیٔ امر حاضر کا صیغہ بمعنی خوشگوار وعمدہ اچھا کر تو یقال ھنوء ھناءۃً ای بید لہا از کرم والہنئ مالا یلحق فیہ عناء ولا مشقۃ واصلہ فی الطعام از کرم، سمع ١٨ہ بالنقد ای بید لہا حالا بدون تاجیل والمراد

عجل لنا بالرسالۃ یقال نقد الثمن نقدًا ای اعطاہ معجلا از نصر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۹ اخوانا یہ اخ کی جمع ہے اوراس کی جمع اِخوۃٌ بھی آتی ہے بمعنی بھائی ۲۰ یثبون از وثب یثِبُ وثبًا و وثوبًا و وثابًا و ثیبًا وثبۃٌ (ضرب) بمعنی کودنا واٹھنا یقال وثب الی الشرف وَثبًا یعنی وہ عزت پر دفعۃً پہنچ گیا ومنہ وثبت ای نہضت وقفزت ۲۱ یثیبون ای یعطون الجزاء والثواب. اثابۃ مصدر از افعال بمعنی بدلہ دینا ۲۲ استثبت استثبابۃ مصدر از استفعال بمعنی ثواب طلب کرنا والثواب مایرجع الی الانسان من جزاء عملہ فیسمی الجزاء ثوابًا تصوّرًا انہ ھوھو ۔ ۲۳ الطرق اطراق مصدر از افعال بمعنی سر جھکانا یقال اطرق جبکہ وہ نگاہ جھکاکر زمین کی طرف دیکھے واطرق راسہ جبکہ وہ سر جھکائے ۲۴ سمعًا وطاعۃ ای اسمع سمعًا او سمعت قولکم واطعتکم طاعۃً ۲۵ فاستملوا ای اکتبوا اور یہ املاءٌ سے ماخوذ ہے از استفعال بمعنی املا کرانا یقال استمليتُ الکتاب جبکہ وہ املا کرنے کی درخواست کرے ۲۶ انقلوا نقل مصدر از نصر یقال الکتاب جبکہ وہ نقل کرے ونقل الکتاب الی لغۃ کذا جبکہ وہ ترجمہ کرے ۲۷ الانسان ھٰذا مثل یضرب مثل لکل من انعقاد الی غیرہ لمعروفۃ ۲۸ صنیعۃ بمعنی مصنوعۃ بمعنی پالا ہوا یا بنا ہوا ای الانسان مصنوع ومخلوق من الاحسان کما قیل الانسان عبد الاحسان والمبر یستفید الحر ، ۲۹ رب یہ مصدر بھی ہے اور صفت بمعنے پالنا وپالنے والا واحسان کرنا اور یہاں پالنے کے معنی میں ہے والرب فی الاصل التربیۃ وھو انشاء الشئ حالًا فحالًا الی ھٰذا والرب یستعار للفاعل والجمع ارباب از نصر ۳۰ الجمیل بمعنی فعل جمیل اور یہ جمال سے ماخوذ ہے یعنی اغراض میں جو اچھا فعل ہو یقال جمل جملًا ای حسن ظاھرًا وباطنا خلقًا وخُلقًا از کرم ۳۱ الندب یہ مصدر ہے فضائل کی طرف سبقت کرنے والا اور شریف دانا والجمع ندوب وندباء یقال نَدُبَ ندابۃً ای صار ندبًا از کرم۔

وَشِیْمَۃُ الْحُرِّ ذَخِیْرَۃُ الْحَمْدِ۔ وَکَسْبُ الشُّکْرِ اِسْتِثْمَارُ السَّعَادَۃِ۔ وَعُنْوَانُ الْکَرَمِ تَبَاشِیْرُ الْبِشْرِ۔ وَاِسْتِعْمَالُ الْمُدَارَاۃِ۔ یُوْجِبُ الْمُصَافَاۃَ۔ وَعَقْدُ الْمَحَبَّۃِ یَقْتَضِیْ النُّصْحَ۔ وَصِدْقُ الْحَدِیْثِ حِلْیَۃُ اللِّسَانِ۔ وَفَصَاحَۃُ الْمَنْطِقِ سِحْرُ الْاَلْبَابِ۔ وَشَرَکُ الْھَوٰی اٰفَۃُ النُّفُوْسِ۔ وَمَلَلُ الْخَلَائِقِ۔ شَیْنُ الْخَلَائِقِ۔ وَسُوْءُ الطَّمَعِ۔ یُبَایِنُ الْوَرَعَ۔ وَالْتِزَامُ الْحَزَامَۃِ زِمَامُ السَّلَامَۃِ وَتَطَلُّبُ الْمَثَالِبِ۔ شَرُّ الْمَعَایِبِ۔ وَتَتَبُّعُ الْعَثَرَاتِ۔ یُدْحِضُ الْمَوَدَّاتِ۔ وَخُلُوْصُ النِّیَّۃِ۔ خُلَاصَۃُ الْعَطِیَّۃِ۔ وَتَھْنِیَۃُ النَّوَالِ۔ ثَمَنُ السُّؤَالِ۔

الترجمۃ والمطالب آزاد لوگوں کی عادات ذخیرۂ تعریف ہیں اور شکر کا حاصل کرنا سعادت کا پھل حاصل کرنا ہے (یعنی نیک بختی کا ثمرہ ہے) اور کشادہ روئی بزرگی کے علامات ہیں اور نرمی اختیار کرنا یہ سچی دوستی کا سبب ہے اور محبت کی گرہ لگانا (یعنی دوستی کی مضبوطی) یہ لوگوں کی خیر خواہی کا مقتضا ہے اور سچ بولنا یا سچی بات کہنا یہ زبان کا زیور ہے اور بیان کا فصیح ہونا یہ عقلوں کے لیے جادو ہے اور خواہشات نفسانی کا جال یہ جانوں کی تباہی و بربادی کا سبب ہے اور خدا کی مخلوق کو رنجیدہ کرنا یہ عادتوں اور طبیعتوں کے لیے عیب ہے اور بری لالچ یہ پرہیز گاری اور تقویٰ کے خلاف ہے اور پختگی عقل مندی کی رائے کو پکڑنا یہ سلامتی کی باگ اور ڈور ہے اور لوگوں کے عیبوں کو تلاش کرنا یہ سب سے خراب عیب کی بات ہے اور لگاتار لغزشوں کا ہونا یہ دوستیوں کو باطل کر دیتا ہے (بگاڑ دیتا ہے) اور نیت کا خالص ہونا (ریا سے)

بخشش کا حاصل ہے اور خوشگواری یعنی خندہ پیشانی سے عطا کرنا یہ مانگنے کا ثمن ہے یعنی اُس کی قیمت ہے۔

تشریح لغات

لہ شیمۃ بمعنی طبیعت و خصلت والجمع شیم ۲ہ ذخیرۃ ما ذُخِرَ والجمع ذخائر یقال ذخرتہ ذخرًا واذّخرتہ واذا اعددتہ للعقبیٰ ازفتح ۳ہ کسب الشکر ای کسب الرجل فعلا یشکر الناس علیٰ ذلک فعلا۔ ۴ہ استثمار مصدر از استفعال بمعنی پھل حاصل کرنا یقال استثمر الشئ جبکہ نتیجہ خیز بنائے واستثمر الرجل جبکہ پھل پائے ۵ہ عنوان بمعنی علامت و شروع یقال عنوان الکتاب بمعنی کتاب کا دیباچہ وعنوان کل شئ وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے یقال الظاہر عنوان الباطن ۶ہ تباشیر یقال تباشیر کل شئ ای اولہ یعنی ہر چیز کی ابتدا اول اور شروع اور ہر چیز کا اول و بمعنی خوشخبری ۷ہ البشر بالکسر بمعنی طلاقۃ الوجہ یقال بَشَرَ بہ ولہ وبشر واستبشر ای سُرَّ از ضرب و سمع ۸ہ المداراۃ مصدر از باب مفاعلہ و حسن المعاشرۃ مع الناس یعنی کلام میں نرمی کرنا یقال دارالہ مداراۃ ای لاطفہ و خاتلہ و یقال دری الصید دریا ای ختلہ از ضرب ۹ہ المصافاۃ مصدر از باب مفاعلہ ای اخلاص المودۃ یعنی سچی دوستی ۱۰ہ حلیۃ بمعنی زیور و زینت والجمع حِلی و حُلی یہ جمع خلاف قیاس ہے ۱۱ہ شَرَک بمعنی جال و پھندا والجمع شُرُک و اشراک اور اس کا واحد شَرَکۃ ہے وہ راستہ جس پر جانوروں کے قدموں کے نشانات ہوں ۱۲ہ آفۃ بمعنی مصیبت والجمع آفات یقال آفہ اوفا ای افسدہ و اکثرہ از نصر ۱۳ہ ملل بمعنی غم دینا اور ملول کرنا اور بمعنی تنگدلی یقال مَلَّ مللًا وملالا وملالۃ ای اصابہ الملال و مل من الشئ۔ جبکہ وہ تنگدل ہو از سمع ۱۴ہ شین مصدر بمعنی عیب و برائی از ضرب یقال شانہ یشینہ جبکہ وہ عیب لگائے اور یہ زان کی ضد ہے ۱۵ہ الخلائق یہ خلیقۃ کی جمع ہے بمعنی طبیعت اور مخلوق ۱۶ہ الطمع نزوع النفس الی الشئ شہوۃ لہ از سمع ۱۷ہ بایَن از باب مفاعلہ ای بخالف یقال باینہ جبکہ وہ چھوڑ کر جدا ہو ۱۸ہ الورع پرہیزگاری و تقوی والورع التجنب عن المحرمات یقال ورع ورعا ای ابتعد عن الاثم وکف عن المعاصی والشبہات از سمع ۱۹ہ الحزامۃ بمعنی نہایت ہوشیاری و پختہ کاری و عقلمندی یقال حزم حزامۃ ای کان یضبط امرہ یاخذ فیہ بالثقۃ از کرم ۲۰ہ تطلب مصدر از باب تفعل تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈھنا ۲۱ہ المثالب یہ مثلبۃ کی جمع ہے بمعنی عیب و برائی یقال ثلبہ ثلبا ای عابہ و اغتابہ وسبہ وطرد از ضرب ۲۲ہ المعائب یہ معاب اور معابۃ کی جمع ہے بمعنی عیب اور برائی یقال عابہ عیبا ای ذمہ ونسبہ الی العیب از ضرب ۲۳ہ تتبع مصدر از باب تفعل بمعنی ڈھونڈھنا اور تلاش کرنا ۲۴ہ العثرات یہ عثرۃ کی جمع ہے بمعنی لغزش یقال عثر الرجل عثرًا وعثارًا وعثورًا اذا سقط و یتجوز فیمن یطلع علی امر من غیر طلبہ۔

۲۵ہ یدحض از افعال ای یبطل و یزیل یقال دحض الحجۃ دحضًا ودحوضا وادحضہا ای ابطلہا فدحضت ای بطلت یتعدی و یلزم از فتح ۲۶ہ المودات یہ مودۃ کی جمع ہے بمعنی دوستی وفی التنزیل جعل بینکم مودۃ ورحمۃ ۲۷ہ البنیۃ بمعنی قصد و ارادہ و دل کا عزم و امر و حاجت والجمع نیات ۲۸ہ النوال بمعنی داد و دہش و درستی ۲۹ہ ثمن السؤال یعنی من سال منک شیئا من المال نقد باع منک بہاء وجہہ فثمنہ ان تعطیہ ہنیئا مریئا وتلقاہ بوجہ طلیق۔ ثمن بیع شدہ چیز کا بدلہ و قیمت والجمع اثمان واثمنہ واثمن۔

وَتَكَلُّفُ الْكُلَفِ. يُسَهِّلُ الْخَلَفَ. وَتَيَقُّنُ الْمَعُونَةِ. يُسَنِّي الْمَؤُونَةَ. وَفَضْلُ الصَّدْرِ.

سَعَةُ الصَّدْرِ۔ وَزِيْنَةُ الرُّعَاةِ۔ مَقْتُ السُّعَاةِ۔ وَجَزَاءُ الْمَدَائِحِ۔ بَثُّ الْمَنَائِحِ۔ مُهْرُ الْوَسَائِلِ۔ تَشْفِيْعُ الْمَسَائِلِ۔ وَمَجْلَبَةُ الْغَوَايَةِ۔ وَاسْتِغْرَاقُ الْغَايَةِ۔ وَتَجَاوُزُ الْحَدِّ۔ يُكِلُّ الْحَدَّ۔ وَتَعَدِّي الْأَدَبِ۔ يُحْبِطُ الْقُرَبَ۔ وَتَنَاسِي الْحُقُوْقِ۔ يُنْشِئُ الْعُقُوْقَ۔ وَتَحَاشِي الرِّيَبِ۔ يَرْفَعُ الرُّتَبَ۔ وَارْتِفَاعُ الْأَخْطَارِ۔ بِاقْتِحَامِ الْأَخْطَارِ۔ وَتَنَوُّهُ الْأَقْدَارِ۔ بِمُوَاتَاةِ الْأَقْدَارِ وَشَرَفُ الْأَعْمَالِ۔ فِيْ تَقْصِيْرِ الْآمَالِ۔

الترجمة والمطالب اور مشقتوں اور تکلیفوں کو برداشت کرنا پیچھے آنے والے انجام (یعنی یوم جزاء) کو خوشگوار بنا دیتا ہے اور معاونت (مدد دوستی) پر یقین رکھنا مشکل کو آسان کرتا ہے اور سردار (صدر نشین) کی بزرگی سینہ کی وسعت (کشادگی) ہے اور بادشاہوں کا زیور چغل خوروں (بُرے کام کرنے والوں) سے دشمنی رکھنا ہے اور تعریفوں کا بدلہ عطاؤں کا متفرق کرنا ہے (یعنی لگاتار عطیہ کرنا ہے) اور سفارشوں کی قیمت سوالوں کو پورا کر دینا ہے اور حد سے بڑھ جانا یہ گمراہی کا سبب ہے اور اندازہ سے بڑھنا تیزی کو کند کرتا ہے اور علم و ادب کی حفاظت نہ کرنا یہ ثواب کو برباد کر دیتا ہے (یعنی مرتبہ سے گرا دیتا ہے) اور حقوق کو بے تکلف بھلا دینا یہ نافرمانی کا جذبہ پیدا کرتا ہے اور تہمت کی جگہوں سے بچتے رہنا یہ مرتبوں کو بڑھاتا ہے (یعنی بلند کرتا ہے) اور مرتبوں (عزتوں) کا بلند ہونا ہلاکت کی جگہ (دشواریوں) میں گھس جانے سے ہے اور درجوں (مرتبوں) کا بلند ہونا یہ تقدیر خداوندی پر منحصر ہے اور اعمال کی بلندی آرزوؤں کو کوتاہ) کم کرنے میں ہے۔)

تشریح لغات ۱ تکلف مصدر از باب تفعل بمعنی برداشت کرنا یقال تکلف الامر جبکہ وہ برداشت کرے ۲ الکلف یہ کلفت کی جمع ہے بمعنے مشقت تکلیف اور رنج اور کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج کسی انسان کو پہنچے ۳ تسہیل از باب تفعیل تسہیل مصدر بمعنی آسان وسہل بنانا یقال سهّل الامر ای یسّره کا یقال سهل الامر سهولة ای یسر ضد عسر از کرم وقال الامام الراغب السهل ضد الحزن والجمع سهول ۴ تیقن مصدر از تفعل بمعنے یقین کرنا یقال یقن بالشئ یقنًا ای علمه وتحققه۔ ۵ المعونة بمعنے مدد کرنا اور معاونت اور معون کے معنی مدد کے آتے ہیں ۶ تسنی از تفعیل یہ سناء سے ماخوذ ہے بمعنی رونق دار کرنا و بلند یقال سنّی الرجل جبکہ وہ آسانی اور نرمی کرے ۷ المؤنة بمعنے مشقت اور تکلیف اور شدت والجمع مؤن یقال مان القوم ای احتمل مؤنتهم از نصر ۸ الصدر بمعنی ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ، سینہ اور ہر چیز کا ابتدائی حصہ اور ہر چیز کا ایک ٹکڑا یقال صدر القوم بمعنی رئیس والمصدر الاعظم بمعنی وزیر اعظم والجمع صدور وسعة الصدر کنایة عن الحلم والتحمل والسخاء ۹ الرعاة یہ راعی کی جمع ہے بمعنے چرواہا و مویشی کا نگہبان اور اس کی جمع رعیان و رُعاءٌ و رِعاءٌ بھی آتی ہے والمراد به الولاة والحکام ۱۰ مقت مصدر بمعنی بہت دشمنی رکھنا یقال مقت الرجل مقتًا ای ابغضه اشد البغض وفی التنزیل انه کان فاحشة ومقتا ۱۱ السعاة یہ ساعی کی جمع ہے بمعنے چغلخور یقال سعی بفلان عند الامیر سعایة ای نم علیه ووشی به از فتح ۱۲ المدائح یہ مدیح کی جمع ہے بمعنی تعریفیں ۱۳ بث مصدر بمعنی متفرق

کرنا اور پراگندہ کرنا یقال بَثَّہٗ بَثًّا ای نشرہ وفرّقہ از نصر وفی التنزیل ھباء منبثًّا ۱۷ المنائح یہ منیحۃ یا منح کی جمع ہے بمعنے بخششیں یقال منح الشئ منحًا ای اعطاہ ایاہ از فتح ۱۸ مہر یہ مصدر بھی ہے بمعنی نکاح کا عوض مالی والجمع مھور ومھورۃ یقال ھذا مھو ذلک یعنی یہ اس کے بدلے میں ہے یقال مہر امراۃ مہرًا ای اعطاہ مہرًا از فتح ونصر۔ ۱۹ الوسائل یہ وسیلہ کی جمع ہے بمعنی ذریعہ ۲۰ المسائل یہ مسئلۃ کی جمع ہے بمعنے سوال کرنا ۲۱ مجلبۃ کسی چیز کے حاصل کرنے کا سبب اور باعث ۲۲ الغوایۃ مصدر بمعنی گمراہی یقال غویٰ یَغوی غوایۃ از سمع جبکہ گمراہ ہو محروم ہوا ور ہلاک ہو ۲۳ استغراق مصدر از استفعال یقال استغرق الشئ جبکہ وہ کل لے لے واستغرق الغایۃ جبکہ وہ مقررہ حد سے آگے بڑھ جائے واستغرق فی النوم جبکہ وہ گہری نیند سوئے واستغرق فی الضحک جبکہ وہ کھل کھلا کر ہنسے ۲۴ الغایۃ بمعنی مدت، جھنڈا، نتیجہ والجمع غایات یقال غایتک ان تفعل کذا یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو ویقال انت بعید الغایۃ یعنی تمہاری رائے درست ہے ۲۵ تجاوز یہ باب تفاعل کا مصدر ہے بمعنے بڑھنا یقال تجاوز عنہ جبکہ وہ چشم پوشی کرے اور معاف کرے وتجاوز فی الشئ جبکہ وہ افراط کرے ۲۶ یکل یہ کَلّ سے ماخوذ ہے بمعنے کند ہونا از ضرب اور یہ باب افعال سے ہے یقال اَکَلَّ ابکاء بصرہ جبکہ وہ نگاہ کو مدہم کرے واَکَلَّ البعیر جبکہ وہ اونٹ کو تھکائے ۲۷ الحد یہ مصدر ہے بمعنی تلوار کی تیزی اور کسی چیز کی انتہا یقال الحد من السیف بمعنی تلوار کی دھار والحد من الشراب یعنی شراب کی تیزی والحد من الانسان یعنی دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو والحد من کل شئ یعنی تیزی از نصر ۲۸ تعدی مصدر از باب تفعل بمعنے تجاوز کرنا یقال تعدی الشئ جبکہ وہ تجاوز کرے وتعدی علیہ جبکہ وہ ظلم کرے وتعدّی الشئ الیٰ آخر جبکہ وہ تجاوز کرائے ۲۹ یحبط از افعال ای یبطل ویفسد یقال حبط عملہ حبطًا ای بطل از سمع واحبط ۳۰ القرب یہ قُربۃٌ کی جمع ہے وہی ما یتقرّبُ من الاعمال الصالحۃ ۳۱ العقوق مصدر بمعنے نافرمانی یقال عق الولد والدہ عقوقًا ای عصاہ از نصر ۲۹ تحاشی ای الاجتناب عن مواضع التھمۃ یہ تفاعل سے مصدر ہے یقال تحاشی عن کذا ای تنزہ وتبرأ ۳۰ الریب یہ ریبۃٌ کی جمع ہے بمعنے تہمت اور شک ۳۱ رتب یہ رُتبۃٌ کی جمع ہے بمعنی مرتبہ ودرجہ ۳۲ الاخطار یہ خطرٌ کی جمع ہے بمعنی بلندی مرتبہ وشرافت وہم پلہ ۳۳ اقتحام یہ افتعال سے مصدر ہے بمعنی کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈالنا ویقال اقتحم فلانًا جبکہ وہ حقارت کرے واقتحم المنزل ہجوم کرنا واقتحم النجم ستارے کا غائب ہونا ومجردہ از نصر ۳۴ الاخطار یہ خطر کی جمع ہے بمعنی ہولناک وہلاکت کے قریب ہونا ۳۵ تنوہ مصدر از تفعل بمعنی بلند ہونا یقال ناہ النبات نوہًا ای ارتفع از نصر ۳۶ الاقدار یہ قدر بسکون الدال اور فتح دال کی جمع ہے بمعنی مرتبہ ۳۷ بمواتاۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی موافق ہونا ۳۸ الاقدار یہ قدر بفتح دال کی جمع ہے بمعنی قضا وقدر یعنی تقدیر خداوندی ۳۹ تقصیر یہ باب تفعیل سے مصدر ہے بمعنی کوتاہ کرنا یقال قصر الشئ قصورًا ای نقص وقصر عن الشئ ای کف عنہ وترکہ وقصر الصلوۃ ای ترکہ از نصر ۴۰ الآمال یہ امل بفتح المیم وسکون المیم کی جمع ہے بمعنی امید۔

وَاِطَالَۃُ الْفِکْرَۃِ۔ تَنْقِیْحُ الْحِکْمَۃِ۔ وَرَأْسُ الرِّیَاسَۃِ۔ تَھْذِیْبُ السِّیَاسَۃِ۔ وَمَعَ اللَّجَاجَۃِ۔ تُلْغَی الْحَاجَۃُ۔ وَعِنْدَ الْاَوْجَالِ۔ تَتَفَاضَلُ الرِّجَالُ۔ وَبِتَفَاضُلِ الْھِمَمِ۔ تَتَفَاوَتُ الْقِیَمُ۔ وَبِتَزْیِیْدِ السَّفِیْرِ۔ یُمْنُ التَّدْبِیْرِ۔ وَبِخَلَلِ الْاَحْوَالِ۔ تَتَبَیَّنُ الْاَھْوَالُ۔ وَبِمُوْجِبِ الصَّبْرِ۔ ثَمَرَۃُ النَّصْرِ وَاسْتِحْقَاقُ الْاَحْمَادِ۔ بِحَسَبِ الْاِجْتِھَادِ۔ وَوُجُوْبُ الْمُلَاحَظَۃِ۔ کِفَاءُ الْمُحَافَظَۃِ۔

وَصَفَاءُ الْمَوَالِي۔ بِتَعَهُّدِ الْمَوَالِي وَتَحَلِّي الْمُرُوَّاتِ۔ بِحِفْظِ الْأَمَانَاتِ۔ وَاخْتِبَارُ الْإِخْوَانِ۔ بِتَخْفِيفِ الْأَحْزَانِ۔ وَدَفْعُ الْأَعْدَاءِ۔ بِكَفِّ الْأَوِدَّاءِ۔ وَامْتِحَانُ الْعُقَلَاءِ۔ بِمُقَارَنَةِ الْجُهَلَاءِ۔ وَتَبَصُّرُ الْعَوَاقِبِ۔ يُؤْمِنُ الْمَعَاطِبَ۔ وَاتِّقَاءُ الشُّنْعَةِ۔ يَنْشُرُ السُّمْعَةَ۔

الترجمۃ والمطالب اور زیادہ سوچنا علوم الٰہیہ میں عقل مندی کی صفائی ہے (دانش کو پاکیزہ بناتا ہے) اور سرداری کا اصل اصول انتظام کا مہذب ہونا ہے (یعنی رعیت کے حقوق کا لحاظ اور انتظام کرنا ہے) اور جا بجا سائل کے گڑگڑانے سے مطلب فوت ہو جاتا ہے اور انسان خوفوں کے وقت فضیلت پاتے ہیں (یعنی بہادری لڑائی کے وقت اور دشمن سے مڈبھیڑ ہونے پر ظاہر ہوتی ہے) اور ہمتوں کے فرق ہونے سے قیمتوں میں بھی فرق ہو جاتا ہے اگر اُس کی ہمت بلندی کے مرتبہ حاصل کرتے ہیں ہے تو اُس کی قیمت بلند ہے اور اگر اُس کی ہمت گھٹیا درجہ کے حاصل کرتے ہیں ہے تو اُس کی قیمت کی کوئی قدر نہیں) اور قاعدہ کے جھوٹ سچ ملانے سے نظام سُست (اور درہم برہم) ہو جاتا ہے اور حالات کی تباہی سے ڈر اور خوف ظاہر ہو جاتا ہے (اگر مرد کے اچھے اعمال ہیں تو دنیا اور آخرت میں اس کو کچھ خوف نہیں ورنہ دنیا اور آخرت دونوں میں اُس کی تباہی ہے) اور صبر کا انجام اُس کے پیسے مدد یعنی کامیابی کا پھل ہے یعنی صبر کرنے سے اس کو مدد ملتی ہے اور کوشش کرنے سے ہی انسان تعریف کا مستحق ہوتا ہے اور حقوق کا خیال رکھنا یہ قابل مراعات بناتی ہے (اگر تم اپنے بھائی کے حق کا خیال کروگے تو وہ تمہارا خیال کرے گا ورنہ نہیں) اور غلاموں کی اچھائی اپنے مالک کی اطاعت کرنا ہے اور امانتوں کی حفاظت کرنا یہ انسانیت کا زیور ہے اور بھائیوں کے امتحان کا راز غموں کے ہلکا کرنے میں ہے اور دشمنوں کو دور کرنا یہ دوستوں کے روکنے یا مدد سے ہے اور عقل مندوں کی آزمائش جاہلوں کی مصاحبت (پاس بیٹھنے) سے ہوتی ہے (اس لیے کہ عقل مند جاہل سے بھاگتا ہے) اور انجاموں کو سوچنا یہ ہلاکت کی جگہوں سے مامون رکھنا ہے اور بڑے کاموں سے بچنا یہ نیک نامی کی شہرت پھیلاتا ہے۔

تشریح لغات [1] اطالۃ الفکرۃ علوم الٰہیہ میں زیادہ غور و فکر کرنا [2] تنقیح یہ باب تفعیل سے مصدر ہے بمعنے صفائی و پاکیزگی و درستی اور اُس کی آراستگی یقال نقح الکلام تنقیحا ای اصلحہ و ھذبہ ونقح العظم نقحا ای استخرج مخہ ونقح الجذع ای شذبہ وازال عقدھا ونقاھا از فتح [3] الحکمۃ اصابۃ الحق بالعلم والعقل والجمع حِکَمٌ یقال حَکَمَ حِکْمَۃً ای صار حکیما از کرم [4] الریاسۃ بمعنی سرداری یقال رؤس ریاسۃ ای کان رئیسا از کرم [5] تہذیب مصدر از تفعل بمعنی پاکیزہ ہونا و مہذب ہونا یقال ھذب الشجر وغیرہ ھذبًا وھذبۃ تھذیبًا ای قطعہ ونقاہ واصلحہ از ضرب [6] السیاسۃ ای خلوص التدبیر والقیام بالامر یعنی انتظام اور تدبیر کرنا یقال ساس القوم سیاسۃ ای دبرہ وتولی امرھم از نصر [7] اللجاجۃ ای الالحاح والاصرار یقال لج لججا ولجاجۃ ای تمادی وعند فی الامر المزجور عنہ از ضرب وسمع وفی التنزیل للجوا فی طغیانھم یعمھون۔ وبل لجوا فی عتو ونفور [8] تلغی از افعال الغاء مصدر بمعنی لغو اور باطل کرنا یقال لغا الشئی لغوًا ای بطل والغاہ ای ابطلہ از نصر [9] اوجال یہ وجل کی جمع ہے بمعنے ڈر از سمع [10] تفاضل از تفاعل تفاضل مصدر اور یہ فضیلت سے ماخوذ ہے یقال تفاضل الرجلان جب کہ ایک دوسرے پر فضل کا دعویٰ کریں [11] الہمم یہ ہمت کی جمع ہے بمعنے

قصد وارادہ وخواہش وابتدائے عزم وعزم قوی [12] القیم یہ قیمت کی جمع ہے اور یہ قام کا اسم نوع ہے بمعنی قیمت [13] السفیر دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا وایلچی والجمع السفراء [14] یہن از ضرب وہن بفتح الہا وسکونہا مصدر بمعنے سست ہونا خلق اور خُلق دونوں اعتبار سے یقال وَهَنَ وَوَهِنَ يَهِنُ وَوَهُنَ يُوْهِن وهنًا وَهَنًا وَوَهِنَ يُوْهَنُ جبکہ وہ کام میں سست اور کمزور ہو [15] الاہوال یہ ہول کی جمع ہے بمعنے خوف اور ڈر یقال هاله هولاء ای افزعه وخوفه از نصر [16] الاحماد یہ باب افعال سے مصدر ہے ایسے کام کرنا جو تعریف کے قابل ہوں یقال احمد الشئ جبکہ وہ قابل تعریف ہو واحمد الشئ یعنی قابل تعریف پانا واحمدہ یعنی فعل پر راضی ہونا اور تعریف کا حقدار ہونا [17] الملاحظۃ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنے لحاظ اور رعایت کرنا یقال لحظ فلانا والی فلان بالعین ای نظر الیہ وراقبہ از فتح ولاحظ لحاظا وملاحظۃ ای لحظ کل منہما الآخر [18] کفاء یہ مصدر ہے باب مفاعلہ سے بمعنے بدلہ یقال کافاہ کفاءً ای جازاہ [19] المحافظۃ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنے حقوق کا نگاہ رکھنا اور اس کی رعایت مدنظر رکھنا [20] الموالی بالضم ای الذی یوالی الخیر والکرم وقیل بالفتح یہ مولی کی جمع ہے بمعنی آزاد کردہ غلام [21] الموالی بالفتح یہ مولے کی جمع ہے بمعنی سید ومالک [22] تحلی مصدر از تفعل بمعنی زینت وآرائش دینا یقال تحلّٰی جبکہ وہ آراستہ ہو یا زیور پہنے [23] المروات یہ مُرُوّۃ کی جمع ہے بمعنی کمال رجولیت اور مروۃ یہ اصل میں مروأۃ ہے ہمزہ کے ساتھ پھر ہمزہ کو راء سے بدل دیا پھر واو کو واو میں ادغام کر دیا اور مُروّۃ کے معنی نخوت اور غرور کے بھی آتے ہیں یقال مرو مروءۃ ای صار ذا مروۃ از کرم۔ [24] اختبار یہ باب افتعال سے مصدر ہے بمعنی آزمانا [25] الاوداء یہ وَدِید کی جمع ہے بمعنے دوست ومحبت کرنے والا اور اودۃ بھی جمع آتی ہے [26] العقلاء یہ عاقل کی جمع ہے بمعنے سمجھ دار وعقلمند [27] العواقب یہ عاقِبَۃ کی جمع ہے بمعنے انجام واخیر وجزاء [28] المعاطب یہ مَعْطِب کی جمع ہے بمعنے ہلاکت کی جگہ یقال عطب عَطَبًا ای ہلک از سمع [29] اتقاء مصدر از افتعال بمعنی بچنا و دور رہنا یقال اتقی فلانا اتقاءً جبکہ وہ پرہیز کرے اور خوف کرے واتقی اتقاءً جبکہ وہ پرہیزگار ہو یقال واتقینا یعنی ہم نے دشمن سے حفاظت کے لیے اس کو اپنے آگے کر لیا و یقال ما اتقاہ اللہ یعنی وہ اللہ سے کس قدر ڈرنے والا ہے [30] الشنعۃ بمعنی برائی وقباحت یقال شنع شَنَعًا وشُنُعًا و شناعۃ ای قبح از کرم [31] السمعۃ بالضم بمعنی شہرت اور سنی ہوئی بات یقال فعلہ ریاءً وسمعۃً یعنی اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لیے کیا۔

وَقُبْحُ الْجَفَاءِ۔ يُنَافِي الْوَفَاءِ وَجَوْهَرُ الْأَحْرَارِ عِنْدَ الْإِسْرَارِ۔ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ مِائَتَا لَفْظَةٍ تَحْتَوِيْ عَلٰى أَدَبٍ وَعِظَةٍ۔ فَمَنْ سَاقَهَا هٰذَا الْمَسَاقَ۔ فَلَا مِرَاءَ وَلَا شِقَاقَ۔ وَمَنْ رَامَ عَكْسَ قَالَبِهَا۔ وَأَنْ يَرُدَّ عَلٰى عَقِبِهَا۔ فَلْيَقُلِ الْأَسْرَارُ عِنْدَ الْأَحْرَارِ۔ وَجَوْهَرُ الْوَفَاءِ۔ يُنَافِي الْجَفَاءَ۔ وَقُبْحُ السُّمْعَةِ۔ يَنْشُرُ الشُّنْعَةَ۔ ثُمَّ عَلٰى هٰذَا الْمَسْحَبِ فَلْيَسْحَبْهَا۔ وَلَا يَرْهَبْهَا۔ حَتّٰى تَكُوْنَ خَاتِمَةُ نِقْرِهَا وَآخِرَةُ دُرَرِهَا۔ وَرَبُّ الْإِحْسَانِ۔ صَنِيْعَةُ الْإِنْسَانِ۔ (قَالَ الرَّاوِيْ) فَلَمَّا صَدَعَ بِرِسَالَتِهِ الْفَرِيْدَةِ۔ وَأُمْلُوْحَتِهِ الْمُفِيْدَةِ۔ عَلِمْنَا كَيْفَ يَتَفَاضَلُ الْإِنْشَاءُ۔ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَشَاءُ۔ ثُمَّ اعْتَلَقَ كُلٌّ مِّنَّا بِذَيْلِهِ۔ وَقُلْنَا لَهٗ فِلْذَةً مِنْ نَيْلِهِ۔ فَأَبٰى قَبُوْلَ فِلْذَتِيْ۔ وَقَالَ لَسْتُ أَرْزَأُ تَلَامِذَتِيْ۔

الترجمة والمطالب اور ظلم کی برائی یہ وفا کے منافی ہے (یعنی کج روی یہ حقوق کو ختم کر دیتی ہے) اور شریفوں کا جوہر بھیدوں کے امانت رکھنے پر معلوم ہوتا ہے (یعنی شریفوں کا جوہر بھیدوں کو مخفی رکھنا ہے جب اس نے اپنے مضمون کو ختم کیا تو یہ کہا کہ یہ دو نئے الفاظ ہیں جن میں حکمت اور پند و نصائح کی باتیں ہیں اور جو شخص اس مسلک پر چلے گا وہ بے خوف و خطر رہے گا (یعنی مامون و محفوظ رہے گا) اور جو شخص اس کے سانچے کو پلٹنے کا ارادہ کرے اور اس کو اس کی ایڑی پر لوٹائے یعنی اس کے آخر کو الٹ کر پڑھا جائے تو وہ یوں پڑھے الاسرار عند الاحرار وجوھر الوفاء ینافی الجفاء وقبح السمعة ینشر الشنعة۔ (ترجمہ) راز اور بھید شریف ہی کے پاس محفوظ رہ سکتا ہے اور وفا کا جوہر یہ ظلم کے منافی ہے اور برائی کی شہرت یہ بری بات (یا برے کام) کو پھیلاتی ہے اور برابر یہ ہی سلسلہ اس کے عکس کا رہے اور الفاظ سے وہ ڈرے نہیں یہاں تک کہ آخر فقرہ اور سب سے بعد کا موتی ورب الاحسان صنیعة الانسان ہو ترجمہ احسان کی پرورش کرنا یہ انسانیت کا جوہر ہے۔ راوی کہتا ہے اس نے اپنا سالہ دجو در یکتا (بے نظیر و بے مثال) اور بہترین فائدہ مند کلام کو جو ہے کس صفائی سے بیان کیا اور ہم نے یہ سمجھا کہ انشا پردازی اور اس جیسا مضمون تصنیف کرنا کس قدر فضیلت اور متفاوت شئی ہے اور بلاشبہ بزرگی اللہ تعالیٰ کے ہی قبضہ قدرت میں ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے پھر ہم میں سے ہر ایک اس کے دامن سے وابستہ ہوگیا اور کچھ نہ کچھ اپنے مال میں سے اس کو دیا لیکن اس شیخ اور بزرگ نے میرے عطیہ کے قبول کرنے سے یہ کہہ کر انکار کیا کہ میں اپنے شاگردوں کو نقصان نہیں پہنچاتا۔

تشریح لغات لہ قبح بمعنے قباحت و برائی یقال قبح قباحة فھو قبیح از کرم سے الجفا بمعنے ظلم یقال جفا الشئ جفوا وجفاء ای غلظ وجفاہ ضد آنسہ واصلہ از نصر سے جوہر یہ گوہر کا معرب ہے اور فارسی میں یہ موتی کے معنی میں مستعمل ہے اور یہ جوہر السیف سے ماخوذ ہے یعنی تلوار کا جوہر و جوہر الشئ کے معنی چیز کی اصلیت کے بھی آتے ہیں اور اس کا واحد جوہرة ہے والجمع جواہر اور اس کے معنے یہ بھی آتے ہیں وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا محتاج نہ ہو اور یہ اس معنی میں عرض کے مقابل ہے اور ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے ہے الاحرار یہ حر کی جمع ہے بمعنی کریم وشریف شہ الاسرار یہ سر کی جمع ہے بمعنی راز و بھید لہ تحتوی احتواء مصدر از افتعال بمعنی شامل ہونا شہ عظة مصدر بمعنی وعظ ونصیحت از ضرب یقال وعظ یعظ وعظا وعظة جبکہ وہ نصیحت کرے اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلائے شہ المساق مصدر ای المسلک یقال ساق الماشیة سوقا وسیاقا وسیاقة ومساقا جبکہ وہ جانور کو پیچھے سے ہانکے اور اس کا صفت کا صیغہ سائق آتا ہے از نصر شہ مراء مصدر از مفاعلہ بمعنی جھگڑا کرنا یقال ماری مراء ومماراة جبکہ وہ جھگڑا کرے نلہ شقاق مصدر از مفاعلہ بمعنی مخالفت شاقہ شقاقا ومشاقة جبکہ وہ مخالفت اور دشمنی کرے للہ عکس ای عکس جنوبا وشمالا لا مغربا انما ضرب یقال عکس الکلام عکسا جب کہ وہ کلام کو الٹ دے وعکس الشئ جبکہ وہ آخر کو اول کی طرف کر دے سلہ قالبھا بفتح اللام بمعنی سانچہ وموزہ وجوتہ بنانے کا فرمہ والجمع قوالب سلہ عقبھا بسکون القاف وکسرہا بمعنی ایڑی اور بیٹا و پوتا والجمع اعقاب یقال جاء عقبہ ولبعقبہ یعنی وہ اس کا جانشین ہوا ورجع علی عقبہ وہ جلدی سے اسی راستہ سے واپس گیا جس سے آیا تھا ووطی عقبہ جبکہ وہ اس کے نشان قدم پر چلے وسافر علی عقب الشھر اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا کلہ المسحب ای وھو الطریق الذی یجر نیہ الشئ ؛

ھلہ فلیسحبھا فلیجرھا۔ واصل السحب الجر کسحب الذیل ومنہ یقال جاء یسحب ذیلہ ای یمشی متبخترا ومنہ السحاب اما لجر الریح لہ اولجرہ الماء اولانجرارہ فی مرة وایضا یقال سحب الرجل ای اکثر من الاکل

والشراب ۱۵ لا یرھبہا ای لا یخافھا یقال رَھَبَ رھبًا و رھبۃ ای خاف مع تحرز و اضطراب از سمع۔

۱۶ صدع ای کشف وصرح واظھر و فی التنزیل فاصدع بما تؤمر یقال صدع صدعا . . . جبکہ کھولے اور وضاحت کرے ۱۷ الفریدۃ یہ فرید کا مونث ہے بمعنے یکتا اور نہایت فصیح بلیغ اور خالص عربی کلام یقال فَرُدَ فرودًا ای صار فردًا از نصر وسمع وکرم والفریدۃ المتفردۃ التی لا نظیر لہا والجمع فرائد بمعنی یکتا والجمع فرادی کاسیر واساری و فی التنزیل لقد جئتمونا فرادیٰ ۱۸ الموشحۃ بمعنی عمدہ و مستحسن ونادر کلام والجمع امالیح ۱۹ الانشاء مصدر بمعنی انشاء پردازی وعمدہ شعر وبہترین خطبہ بنانا ۲۰ اعتلق از افتعال اعتلاق مصدر بمعنی متعلق ہونا ومحبت کرنا یقال اعتلق فلانًا و بہ جبکہ وہ محبت کرے ای طلبنا منہ طول الاقامۃ لنستریح بحضورہ وکلامہ ۲۱ فلذ از ضرب ای قطع جدا کیا یقال فلذ لہ من المال شیئًا فلذًا ای قطع لہ منہ ۲۲ فلذہ بکسر الفاء بمعنی جگر وگوشت اور سونے وغیرہ کا ٹکڑا والجمع فِلَذٌ وافلاذٌ ۲۳ ارزأ ای انقص رَزْءٌ مصدر بمعنی نقصان دینا از فتح یقال رزاء ہ الشئ رزاءً ورزاءً ای نقصہ ایاہ ۲۴ تلامذتی یہ تلمیذ کی جمع ہے بمعنی شاگرد اور اس کی جمع تلامیذ بھی آتی ہے۔ یقال تَلَمَّذَ فلانٌ جبکہ وہ شاگرد بنے۔

فَقُلْتُ لَہٗ کُنْ۱ اَبَا زَیْدٍ عَلٰی شُحُوْبِ۲ سَحْنَتِکَ۳۔ وَنُضُوْبِ۴ مَاءِ وَجْنَتِکَ۵۔ فَقَالَ اَنَا ھُوَ عَلٰی نُحُوْلِیْ۶ وَ قُحُوْلِیْ۔ وَتَشَفِّ۷ مُحُوْلِیْ۔ فَاَخَذْتُ فِیْ تَثْرِیْبِہٖ۸۔ عَلٰی تَشْرِیْقِہٖ۹ وَ تَغْرِیْبِہٖ۱۰۔ فَحَوْلَقَ۱۱ وَاسْتَرْجَعَ۔ ثُمَّ اَنْشَدَ مِنْ قَلْبٍ مُوْجَعٍ۱۲ ؎

سَلَّ۱۳ الزَّمَانُ عَلَیَّ عَضْبَہٗ۱۴ ... لِیَرُوْعَنِیْ۱۵ وَاَحَدَّ غَرْبَہٗ۱۶

وَاسْتَلَّ مِنْ جَفْنِیْ۱۷ کَرًا ... ہٗ مُرَاغِمًا۱۸ وَاَسَالَ غَرْبَہٗ

الترجمۃ والمطالب پس میں نے کہا خدا کرے تو ابوزید ہو یا شاید تو ابوزید ہو گا حالانکہ تیری ہیئت بدل چکی ہے اور تیری رخساروں کی آب وتاب خشک ہو گئی (جاتی رہی) پس اُس نے کہا مع اپنی لاغری اور خشکی اور زیادہ جھلس جانے (اور چہرے کا متغیر ہونا قحط زدہ ہونے کی وجہ سے ہے) میں تو وہی ابوزید ہوں پھر میں نے اس کو کبھی مشرق کی طرف جانے اور کبھی مغرب میں پہنچنے پر اُس کو ملامت کرنا شروع کی پہلے تو اُس نے لاحول الخ اور انا للہ پڑھا اور پھر اُس کے جواب میں دردناک دل سے اس نے یہ اشعار پڑھے ؎

زمانہ نے مجھ پر (یعنی میرے خلاف) اپنی تلوار قاطع سونتی (یا کھینچی، کھینچ لی) تاکہ وہ مجھے خوف زدہ کرے اور اس کی دھار اُس نے خوب تیز کر لی اور اُس نے میری پلکوں سے نیند چھین لی اور اس نے مجھے ذلیل کیا اور اُس نے میرے آنسوؤں کو بہایا۔

تشریح لغات ۱ کن ابازید یہ جملہ دعائیہ ہے ای جعلک اللہ فلانًا اور یہ جملہ بول کر عرب والے یہ مراد لیتے ہیں انت فلان واتکون فلانًا ۲ شحوب یہ مصدر ہے بمعنی متغیر ہونا یقال شحب لونہ شُحُوْبًا وشحوبا ای تغیر من جوع او مرض ونحوھما از فتح ونصر وکرم ۳ سحنتک سحنۃ والسحناء بمعنی ہیئت اور رنگ وروپ اور چہرے کی خوبصورتی ۴ نضوب یہ مصدر ہے بمعنی خشک یقال نضب الماء نضوبًا ای غار فی الارض

از نصر و ضرب ۳؎ وجنتک بمعنی رخسارہ ای ماارتفع من الخدین والجمع وجنات اور ماء وجنتك سے مراد رخسار کی رونق ہے ۴؎ نحولی ای ھزالی و ذھاب لحمی ونحافتی یقال نحل جسمہ نحولا ای سقم ودق من مرض او تعب از نصر و فتح وسمع وکرم و قال الراغب نحل جسمہ نحولا ای صار فی الدقۃ کالنحل و اعلم انہ یقال للرجل ھزیل ثم اعجف ثم ضامر ثم ناحل ھذا ترتیب الھزال ۵؎ قحولی مصدر بمعنی خشک ہونا یقال قحل الشئ قحولا و قحل قحلا ای یبس از فتح وسمع ۶؎ قشف مصدر بمعنی بدحالی اور عیش کی تنگی از سمع یقال قشف قشفا جبکہ وہ بدحال اور تنگ دست ہو ۷؎ محولی یہ مصدر ہے بمعنی بارش نہ ہونے کی وجہ سے زمین کا خشک ہونا یقال محل المکان محلا و محلولا و محل محالۃ ای اجدب از فتح، سمع، کرم ۸؎ تثریبہ مصدر از تفعیل بمعنی ملامت کرنا اور غصہ کرنا والتثریب التقریع والتقریر بالذنب و فی التنزیل لا تثریب علیکم الیوم یقال ثربہ ثربا و ثرب علیہ تثریبا ای لامہ از ضرب ۹؎ تشریقہ یہ مصدر باب تفعیل سے ہے بمعنی مشرق میں جانا ۱۰؎ تغریبہ یہ مصدر باب تفعیل سے ہے بمعنے مغرب میں جانا ۱۱؎ نحو لق از لبعثر ای قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ ۱۲؎ استرجع از استفعال ای قال انا للہ و انا الیہ راجعون وھذا من سنن العرب انھم یطلقون لحکایۃ اقوال متداولۃ اسماء یشتقون منھا الافعال فالبسملۃ حکایۃ قول بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و السبحلۃ حکایۃ قول سبحان اللہ والھیللۃ حکایۃ قول لا الٰہ الا اللہ والحوقلۃ حکایۃ قول لا حول ولا قوۃ الا باللہ والحمدلۃ حکایۃ قول الحمد للہ والحیعلۃ حکایۃ قول حی علی الصلوٰۃ وحی علی الفلاح والطیقمۃ حکایۃ قول اطال اللہ بقاءك والدمعزۃ حکایۃ قول ادام اللہ عزك والجعفلۃ حکایۃ قول جعلت ۱۳؎ موجع اسم مفعول کا صیغہ وجع مصدر بمعنی دردناک وتکلیف دیا گیا یقال وجع وجعا ای تالم از سمع واوجعہ ای المہ ۱۴؎ سل ای نزع وجرد السیف عن غمدہ یقال سل الشئ سلا ای انتزعہ واخرجہ برفق از نصر ۱۵؎ عضبہ بمعنی تلوار قاطع یقال عضبہ عضبا ای قطعہ از ضرب ۱۶؎ لیروعنی ای لیخوفنی اور یہ روع سے مشتق ہے بمعنی گھبراہٹ ۱۷؎ احد از افعال ای شحذ وارھف (تیز کیا) یقال حد السکین حدا ای شحذھا وحدت السکین حدۃ ای تشحذت ودق حدھا از ضرب و احد النظر . . . . .
جبکہ وہ گھورے اور تیز نظر کرے ۱۸؎ غربہ اعلم ان الغرب یاتی بمعان کثیرۃ فالغرب ھو مغرب الشمس و ایضا ھو اول کل شئ والحد والنشاط والجدۃ انی اخاف علیك غرب الشباب ای حدتہ ونشاطہ و ایضا الدلو العظیم وعرق فی العین یسقی ولا ینقطع والدمع وسیلہ ومقدم العین ومؤخرھا وبثرۃ فی العین وورم فی الماقی وایضا الغرب البعد وکثرۃ الریق والفرس کثیر الجرس کثیر الجری یقال شھم غرب (بالاضافۃ والنعت) ای سھم لا یدری رامیہ وجمع الکل غروب اور یہاں اس کے معنی تلوار کی تیزی کے ہیں ۱۹؎ استل از استفعال بمعنے نکالنا اور کھینچنا یقال استل الشئ جبکہ وہ کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالے واستل السیف جبکہ وہ تلوار سونتے ۲۰؎ جفن بمعنے پلک وتلوار والجمع اجفان وجفون واجفن ۲۱؎ کراہ بمعنی نیند یقال کری کرا ای نعس از سمع ۲۲؎ مراغما ای مغاضبا و معادیا . . . اور یہ رغم سے ماخوذ ہے یقال رغم انف فلان رغما ای وقع الرغام وھو التراب الرقیق والمراد بہ الذلۃ والھوان از سمع وارغمہ ای ساقطہ ثم تستعار المراغمۃ للمنازعۃ وفی التنزیل یجد فی الارض مراغما ای مذھبا و مھربا ۲۳؎ اسال اسالۃ مصدر از افعال بمعنی بہانا وجاری کرنا یقال اسال الماء

اسالۃ جب کہ وہ جاری کرے اور بہائے واسال الجامد جبکہ وُہ پگھلائے واسال غرار النصل جبکہ وہ لمبا کرے۔

وَ اَجَالَنِیْ فِی الْاُفُقِ اَطْوِیْ شَرْقَہٗ وَ اَجُوْبُ غَرْبَہٗ ۔ بِکُلِّ جَوٍّ طَلْعَۃٌ ۔ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ لِیْ وَغَرْبَۃٌ ۔ وَکَذَا الْمُغَرِّبُ شَخْصُہٗ ۔ مُتَغَرِّبٌ وَ نَوَاہُ غَرْبَۃٌ ۔ ثُمَّ وَلّٰی یَجُرُّ عِطْفَیْہِ ۔ وَیَخْطِرُ بِیَدَیْہِ ۔ وَنَحْنُ بَیْنَ مُتَلَفِّتٍ اِلَیْہِ ۔ وَ مُتَہَافِتٍ عَلَیْہِ ۔ ثُمَّ لَمْ نَلْبَثْ اَنْ حَلَلْنَا الْحُبَا وَ تَفَرَّقْنَا اَیَادِیْ سَبَا ۔

الترجمہ والمطالب اور مجھ کو کنارہائے عالم میں زمانہ نے چکرا دیا (گھمایا) اس حال میں کہ اُس کی مشرق کو لپیٹتا ہوں اور اُس کی مغرب کو قطع کرتا پھرتا ہوں چنانچہ ہر روز میں ایک نئی فضا میں پہنچتا ہوں اور میرے لیے طلوع ہونا اور ہر دن میرے لیے غروب ہونا ہے اور ایسے ہی مسافر پردیسی کا یہ ہی طریقہ ہے کہ وہ مغرب میں جانے والا ہوتا ہے اور اس کا ارادہ دور کا ہوتا ہے۔ پھر اُس نے پیٹھ پھیری اور اپنی چادر کے دونوں پلے کھینچتا ہوا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو ہلاتا ہوا چل کھڑا ہوا ہم سب کے سب اُس کو گھور رہے تھے (یا متوجہ ہونے والے تھے اگر ملتفت ہے) اور ہم گرتے پڑتے یا پروانہ کی طرح اُس پر پہنچے پھر ہم نے بغیر توقف کئے اپنے زانو بند کھول ڈالے (یعنی کھڑے ہو گئے) اور ہم قبائل شہر سبا کی طرح وہاں سے چل دیئے۔

تشریح لغات لہ اجالنی از افعال ای اطافنی یقال اجال الشی و بالشیٔ جبکہ وُہ گھمائے واجال السیف جبکہ وہ تلوار سے کھیلے اور ادھر اُدھر گھمائے ٢ہ الافق بمعنے زمین کا کنارہ اور آسمان کا کنارہ اور ہواؤں کے چلنے کی جگہ والجمع آفاق ٣ہ اطوی از ضرب یقال طوی البلاد طیًا جبکہ وہ قطع مسافت کرے طیٌ مصدر بمعنی طے کرنا اور قطع کرنا ٤ہ شرقہ مصدر بمعنے آفتاب اور آفتاب طلوع ہونے کی جگہ یعنی مشرق اور اس کے معنی پھٹن کے بھی آتے ہیں والجمع اشراق ٥ہ غربہ مصدر بمعنے پچھم یعنی مغرب اور ہر چیز کا اول ودھار ونشاۃ وتیزی والجمع غرُوب ٦ہ جو آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ وکشادہ وادی وکشادہ میدان ویقال جو البیت یعنی گھر کا اندرونی حصہ وجوّ الماء زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لیے کھودا جائے وجوّ کل شی اندرونی حصہ والجمع جواءٌ واجواءٌ ٧ہ طلعۃ ای مرّۃً من الطلوع کما ان الغربۃ مرّۃً من الغروب ٨ہ المغرب اسم فاعل کا صیغہ از باب تفعیل تغریب مصدر بمعنی وطن سے دور ہونا اور علیحدہ ہونا اور پچھم میں پہونچنا وغرّبہٗ جبکہ دور کرے اور علیحدہ کرے اور مسافرت پر برانگیختہ کرے اور جلاوطن کرے وغرّب فی الارض دور تک لے جانا ٩ہ متغرب اسم فاعل کا صیغہ از تفعل یقال تغرّب جبکہ وہ وطن سے علیحدہ ہو اور پچھم سے آئے ١٠ہ نواہ مصدر دوری وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے اور یہ اس معنی میں مؤنث ہے اور گم اور گٹھلیاں یہ اس معنی میں مذکر اور مؤنث دونوں یقال استقرت نوی القوم بموضع کذا وکذا یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت اختیار کی ١١ہ غربہ بمعنے دوری ١٢ہ ولّٰے از باب تفعیل بمعنی ادبر وانصرف تولیۃ مصدر یقال ولاہ کذا جب کہ وہ اعراض کرے دور ہو وَلّٰی ہارگیا جبکہ وہ پیٹھ دیکر بھاگے ١٣ہ عطفیہ ای جانبیہ اور یہ عطف کا تثنیہ ہے والجمع عِطافٌ و اعطاف یقال ثنی عطفہ اذا اعرض و جفا وصعّر خدہ بطرًا او اشرًا۔ ١٤ہ یخطری یحرک یدیہ فی المشی از ضرب

یقال خطر فی مشیتہ خطرتا وخطیرا ۔ جبکہ وہ ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلے وخطر الرمح جبکہ نیزہ کو ہلائے وخطر السیف اور محہ جبکہ وہ فخر اور غرور سے ہلائے اور یہ کنایہ کبر اور غرور سے ہے ۵ مُتلفت صیغہ اسم فاعل از باب تفعل بمعنی بہت دیکھنے والا یقال لفتہ عن کذا ای صرفہ عنہ و فی التنزیل قالوا اجئتنا لتلفتنا والتفت و تلفت الیہ ای صرف وجہہ الیہ اور اگر یہ ملتفت ہے تو یہ التفات از باب افتعال بمعنے متوجہ ہونا ۶ متہافت از تفاعل ای متساقط تہافت مصدر بمعنی لگاتار گر پڑنا یقال تہافت علی الشئ جبکہ وہ لگاتار گرے اور اس کا اکثر استعمال شر میں ہوتا ہے ۷ لم نلبث ای لم نمکث یقال لبث بالمکان ای اقام بہ ملازماً ۸ سمع ۹ الحِبا بہ حُبوۃ بفتح الحاء وضمہا کی جمع ہے وھی ما یحتبی بہ ای یشتمل بہ من ثوب او عمامۃ یعنی وہ کپڑا جس سے پیٹ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھا جائے اور اس کی جمع حُبیٰ اور حِبیٰ آتی ہے ۱۰ ایادی سبا یقال تفرق القوم ایدی سبا و ایادی سبا۔ ای فی کل طریق وجہۃ یہ ضرب المثل ایسے وقت بولتے ہیں جبکہ لوگوں کا اجتماع ہو اور وہ لوگ وہاں سے چلے جائیں اور پھر کبھی ایسے لوگ آن کر جمع نہ ہوں اور اس کا قصہ یہ ہے قال اللہ تعالیٰ ومزقناھم کل ممزق ۔ اہل سبا کے قبائل میں سے ایک بھی شہر مآرب میں باقی نہ رہا قبیلہ غسان تو شام میں چلا گیا اور قضاعہ مکہ میں اور اسد بحرین میں اور انمار یثرب میں اور جزام تھامہ میں اور ازد عمان میں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک کاہنہ نے سیلاب سخت سے ان لوگوں کو ڈرایا تھا جو اللہ کا سخت عذاب ہے وہ تم پر آنے والا ہے اس لئے تم یہاں سے چلے جاؤ وہاں سے وہ سب کے سب لوگ چلے گئے لقد کان لسباء الخ یعنی اولاد سبا کے لیے جو یشجب بن یعرب بن قحطان کا بیٹا تھا اور سبا کے بیٹوں کے واسطے ولایت یمن میں مآرب کے حوالی میں ایک مقام تھا دو پہاڑوں کے درمیان اس کے اوپر نیچے تک اٹھارہ فرسنگ تھا اور ان کا گھاٹ جہاں سے یہ پانی لیتے تھے جنگل کے جانب اعلیٰ میں تھا ایک چشمہ سے پہاڑ کی انتہا تک اور نشانی جو اہل سبا کے مکانات میں رکھی تھی وہ دو باغ تھے اُن کے مکانوں سے داہنی بائیں طرف تھے اگرچہ باغ بہت تھے مگر درخت قریب ہونے کی وجہ سے سب باغ ایک باغ کے مثل تھے اور اُن کے باغوں میں میوے اس کثرت سے تھے اگر کوئی شخص زنبیل سر پر رکھ کر درختوں کے نیچے چلتا تو وہ بے ہاتھ ہلائے زنبیل میووں سے بھر جاتی پیغمبر نے کہا کہ یہ اللہ کی نعمتوں میں سے تم کھاؤ اور یہ شہر پاکیزہ ہے اور ہوا اس میں ایسی ہے جس سے انسان تندرست رہتا ہے اور اس کا پانی میٹھا ہے اور اس کی مٹی پاک ہے سہ شہرے چو بہشت از نکوئی ۔ باغ ارم بنا زہ روئی اور وہاں پر مچھر اور کھٹمل بچھو نہ تھے اور کپڑوں میں جوئیں نہ پڑتیں اور اگر کوئی ایسا جوؤں والا پہنچ جاتا تو خود جوئیں مر جاتیں مگر انھوں نے اپنے پیغمبروں کا کہنا نہ مانا حدیث میں ہے کہ تیرہ پیغمبر اُن کے پاس آئے اور سب کی انھوں نے تکذیب کی تو اللہ نے سیلاب سخت اُن پر بھیجا جس کو سیل العرم کہا جاتا ہے اور اس کے بعد کا قصہ سورۂ سبا میں موجود ہے ۔

اَلْمَقَامَةُ الثَّامِنَةُ عَشَرَةَ السَّنْجَارِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ تَقَلْقَلْتُ[۱] ذَاتَ مَرَّةٍ مِنَ الشَّامِ۔ اَنْحُوْ مَدِيْنَةَ[۲] السَّلَامِ فِي رَكْبٍ[۳] مِنْ بَنِيْ[۴] نُمَيْرٍ۔ وَرُفْقَةٍ[۵] اُولِيْ خَيْرٍ وَمَيْرٍ۔ وَمَعَنَا اَبُوْزَيْدِنِ السَّرُوْجِيُّ۔ عُقْلَتُهٗ[۶]

الْاَجْلَانِ . وَسَلْوَةُ الثُّكْلَانِ . وَاُعْجُوبَةُ الزَّمَانِ . وَالْمُشَارُ اِلَيْهِ بِالْبَنَانِ فِي الْبَيَانِ فَصَادَفَ نُزُوْلُنَا سَنْجَارَ اِنْ اَوْلَمَ بِهَا اَحَدُ التُّجَّارِ . فَدَعَا اِلٰى مَادُبَتِهِ الْجَفَلٰى . مِنْ اَهْلِ الْحَضَارَةِ وَالْفَلَا . حَتّٰى سَرَتْ دَعْوَتُهُ اِلَى الْقَافِلَةِ . وَجَمَعَ فِيْهَا بَيْنَ الْفَرِيْضَةِ وَالنَّافِلَةِ

الترجمۃ والمطالب (اٹھارہویں مجلس جو سنجاریہ کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں ایک مرتبہ ملک شام سے لوٹ کر قبیلہ بنی نمیر کے سواروں کے ساتھ جو خیر اور توشہ والے (یعنی بخشش اور سخاوت والے) تھے بغداد جانے کا ارادہ کر رہا تھا اور ہمارے ساتھ ابوزید سروجی تھا جس کا کلام بہت فصیح تھا اور اس کی زبان شیریں تھی) اور جلد بازوں کو روکنے والا تھا (یعنی جلد باز اس کے کلام کو سننے کے لیے ٹھہر جاتے تھے) اور بیکے عورتوں کے لیے وہ باعث تسلی تھا اور زمانہ کا وہ نادر و عجیب انوکھا، تھا اور وہ وہ شخص تھا جس کی طرف پوروں اور انگلیوں سے اشارہ کیا جاتا تھا کہ یہ بہت ہی فصیح اور بلیغ شخص ہے پس ہم سنجار میں اترے (یعنی مقیم ہوئے ٹھیرے) وہاں کسی تاجر نے ولیمہ کی عام دعوت کی خواہ وہ شہر والے ہوں یا گاؤں والے ضروری ہوں یا غیر ضروری، محتاج ہوں یا عزیز و اقارب، چھوٹے ہوں یا بڑے سب آئیں جس کے سلسلہ میں ہمارے قافلہ کے سب لوگ بھی اس دعوت میں بلائے گئے۔

تشریح لغات ۱؎ قفلت ای رجعت من السفر ومنه القافلة الراجعة من السفر يقال قفل تقفل تفلاً وتفولاً ای رجع من السفر خاصة از نصر وضرب ثم اعلم انهم اطلقوا للقافلة اسماء على اختلاف شيونها فاذا كانت فيها جمال قد تخللتها حمير تحمل الميرة فهى العير فاذا كانت تحمل ازواد قوم خرجو المحاربة اوغارة فهى القير وان فاذا كانت تحمل البز والطيب فهى اللطيمة ۲؎ انحوای تصد انحوای اقصد يقال نحا الشئ نحوا ای قصده از نصر ۳؎ مدينة السلام يعنى بغداد۔

۴؎ رکب یہ راکب کی جمع ہے والركوب فى الاصل كون الانسان على ظهر حيوان وقد يستعمل فى السفينة والراكب اختص فى التعارف بمتطى البعير والجمع ركب وركبان ۵؎ من بنى نمير قبيلة من العرب ۶؎ رفقة ای اصحاب السفر قال التغابى لا يقال للقوم رفقة الا ما داموا منضمين فى مجلس واحد او مسيرة واحدة فاذا تفرقوا ذهب عنهم اسم الرفقة ولم يذهب منهم اسم الرفيق ۷؎ اولى خير ومير ای طعام وزاد يقال ما عنده خير ولا مير ای لا عاجل ولا اجل والميرة الطعام الذى يدخر الانسان والجمع مير يقال مار اهله ميرا ای اتاهم بالميرة ای الطعام وفى التنزيل ونمير اهلها از ضرب ۸؎ عقلة مايعقل به ويربط به كالقيد والجمع عقل يعنى ابوزيد لفصاحته وعذوبة كلامه لوراه المستعجل يقف كمن له قيد رجله يستمع كلامه ويتعجب عنه ۹؎ العجلان یہ عجلی کا مونث ہے والجمع عجالی وعجال بمعنے بہت زیادہ جلدی کرنے والا ۱۰؎ سلوة بفتح السين وضم السين بمعنی بے غمی و بے پرواہی وبے فکری وتسلی يقال هو فى سلوة من العيش یعنی وہ فراخی و فارغ البالی کی زندگی میں ہے واسقينى سلوة من نفسك ۔ یعنی میں نے تجھ سے وہ چیز دیکھی جس سے تسلی ہوگئی ۱۱؎ الثكلان ثاكل اور ثكلان یہ

صفت کا صیغہ ہے وُہ عورت جس کا بچہ مرجائے یقال ثکل ابنہ ثکلاً و ثکلاً ۔ جبکہ وہ اپنے بیٹے کو گم کرے از سمع [۱۲] الاعجوبۃ جس پر تعجب کیا جائے والجمع اعاجیب [۱۳] البنان یہ بنانۃ کی جمع ہے بمعنی پورے وانگلیاں وانگلیوں کے اطراف [۱۴] صادق از مفاعلہ مصادقۃ مصدر بمعنی موافق ہونا [۱۵] سنجار یہ شہر کا نام ہے جو موصل کے پاس ہے [۱۶] اولم از افعال یقال اولم ایلاماً جبکہ وہ ولیمہ کرے اور ولیمہ شادی کے خوشی کے کھانے کو کہتے ہیں والجمع ولائم [۱۷] التجار یہ تاجر کی جمع ہے بمعنی سوداگر تجارت کرنے والا والجمع ایضاً تجارٌ و تجرٌ [۱۸] مادبۃ دعوت یا ولیمہ کا کھانا والجمع مآدب [۱۹] الجفلیٰ بالقصر بمعنی عام دعوت جس میں کسی کی تخصیص نہ ہو یقال دُعی فلان فی النقریٰ لا فی الجفلیٰ یعنی وہ خاص دعوت میں بلایا گیا نہ عام دعوت میں [۲۰] الحضارۃ بمعنے المقیمین بالحضر بمعنے شہر اور مقامات مسکونۃ یہ البدو اور بداوۃ اور بادیۃ کے خلاف ہے یقال ھٰذا من کلام الحاضرۃ ولم ار البوادی لفظوا بہ ولاعرفوہ یعنی یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انھوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ اسے جانتے ہیں یقال احضر حضارۃ ای اقام بالحضر از نصر [۲۱] الفلا بمعنے کشادہ جنگل والواحد فلاۃ ویجمع علے فلوات وفُلِیّ وفِلِیّ وافلاءٌ یقال فلا فلواً وفلاءً ای سافر از نصر [۲۲] القافلۃ ای المسافرین ..... الراجعین الی اوطانہم یہ قافل کا مؤنث ہے بمعنے کارواں اور سفر سے لوٹنے والے رفقا یا سفر شروع کرنے والے ان پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے والجمع قوافل [۲۳] بین الفریضۃ والنافلۃ ای الاقارب الاجانب اوکبار الناس وصغارھم [۲۴] والنافلۃ ضد الفریضۃ والجمع نوافل یقال نفلہ نفلا ای اعطاہ نافلۃ من المعروف از نصر وفی التنزیل ووھبنا لہ اسحٰق ویعقوب نافلۃ والنفل الھبۃ والغنیمۃ والزیادۃ فی التنزیل یسئلونک عن الانفال قل الانفال للہ والرسول ۔

فَلَمَّا اَجَبْنَا مُنَادِيَهٗ [۱] ۔ وَحَلَلْنَا نَادِيَهٗ [۲] ۔ اَحْضَرَ مِنْ اَطْعِمَةِ [۳] الْيَدِ وَالْيَدَيْنِ ۔ مَا حَلَا [۴] فِي الْفَمِ وَحَلِيَ [۵] بِالْعَيْنِ ۔ ثُمَّ قَدَّمَ جَامًا [۶] كَاَنَّمَا جُمِّدَ [۷] مِنَ الْهَوَاءِ [۸] ۔ اَوْ جُمِعَ مِنَ الْهَبَاءِ [۹] ۔ اَوْ صِيْغَ [۱۰] مِنْ نُوْرِ الْفَضَاءِ ۔ اَوْ قُشِّرَ [۱۱] مِنَ الدُّرَّةِ الْبَيْضَاءِ ۔ وَقَدْ اُوْدِعَ لَفَائِفَ [۱۲] النَّعِيْمِ ۔ وَضُمِّخَ [۱۳] بِالطِّيْبِ الْعَمِيْمِ ۔ وَسِيْقَ [۱۴] اِلَيْهِ شِرْبٌ [۱۵] مِنْ تَسْنِيْمٍ [۱۶] ۔ وَسَفَرَ [۱۷] عَنْ مَرْاٰيٍ [۱۸] وَسِيْمٍ ۔ وَاَرَجٍ [۱۹] نَسِيْمٍ [۲۰] ۔ فَلَمَّا اضْطَرَمَتْ [۲۱] بِمَحْضَرَةِ الشَّهَوَاتُ ۔ وَقَرِمَتْ [۲۲] اِلٰى مَخْبَرَهِ اللَّهَوَاتُ [۲۳] ۔

الترجمۃ والمطالب پس جبکہ ہم اس نوید کو قبول کر کے مجلس دعوت میں پہنچے تو ہمارے سامنے کھانا جو ایک ہاتھ سے کھایا جائے اور وہ کھانا جو دونوں ہاتھوں سے کھایا جائے لا کے رکھا گیا اور وہ نہایت ہی لذیذ اور خوش منظر تھا (جو منہ میں شیریں اور آنکھوں کو اچھا معلوم ہوتا تھا) اُس کے بعد اُس نے ایک پیالہ (یا بڑا گلاس شیشے کا پیش کیا یا بڑھایا، تو وہ ایسا معلوم ہوتا تھا گویا کہ وہ ہوا سے جما یا گیا ہے (یا ڈھالا گیا ہے) یا وہ ذرات اور غبار سے گڑھا یا ڈھالا گیا ہے یا نور فضا یعنی میدان کی روشنی سے وہ ڈھالا گیا ہے یا جیسے آبدار سفید موتی سے چھلکا اتار لیا جائے اور اُس میں نہایت لذیذ مختلف قسم کے کھانے لپیٹے رکھے تھے اور تمام قسم کی خوشبوؤں سے وہ معطر تھا اور نہر تسنیم کے پانی کا کچھ حصہ بھی اُس میں ڈالا گیا تھا غرضیکہ وہ پیالہ یا گلاس نہایت خوشنما منظر میں جلوہ گر تھا اور خوشبو اس میں مہک رہی تھی تو جب اس کو دیکھ کر خواہشیں بھڑک اٹھیں اور اس کے تجربہ اور آزمانے کے لیے تالوؤں نے خواہش کی،

تشریح لغات

[1] منادیہ اسم فاعل کا صیغہ از مفاعلہ بمعنی پکارنے والا اور یہ نداءٌ سے ماخوذ ہے بمعنے بلانا یقال نادیٰ ینادی مناداۃً جبکہ وہ پکارے اور بلائے وفی التنزیل کمثل الذی ینعق بما لا یسمع الا دعاءً ونداءً [2] نادیہ بمعنی مجلس وقال الثعالبی لایقال للمجلس النادی الا اذا کان فیہ اھلہ وقیل للجلیس وفی التنزیل فلیدع نادیہ ——— [3] من الطعمۃ الیدوہ کھانے جو ایک ہاتھ سے کھائے جائیں جیسے چھوارہ ستو وغیرہ اور مایستعمل فیہ الیدان جیسے بھنا ہوا گوشت روٹی سالن وغیرہ [4] ماحلا ای ماطاب ولذا وما کان حلوا من الحلاوۃ از نصر وکرم وسمع [5] حلی ای حُسن اور یہ حلیٌ سے ماخوذ ہے یقال حلیت المرأۃ حلیا ای تزینت ولبست حلیا از سمع [6] جاما بمعنے پیالہ اور اس کے اصلی معنے شیشے کے گلاس کے ہیں والجمع جامات واَجوامٌ وَاَجوُمٌ [7] جمد تجمید مصدر بمعنے جمایا گیا یعنی ڈھالا گیا از تفعیل [8] من الھواء یعنی فی غایۃ الصفا کانہ جمع اجزائہ من الھواء [9] الھباء بمعنی غبار والھباء دقاق التراب ومایظھر من شعاع ضوء الشمس فی الکوۃ والجمع اھباء وفی التنزیل فجعلناہ ھباء منثورا یقال ھبا الغبار ھبوًّا ای ثار وسطع از نصر وھبا الرماد ای اختلط وقال الثعالبی الھباء التراب الذی تطیرہ الریح فتراہ علی وجوہ الناس وجلودھم وثیابھم یلزق لزوقا والھابی الذی دق وارتفع وقال فی تفصیل اسماء التراب وصفاتہ ان الصعید تراب وجہ الارض والبوغاء والاقعاء التراب الرخوالرقیق الذی کانہ ذریر والثری التراب الذی ھو کل تراب لا یصیر طینا لازبا اذا بل والمور التراب الذی تمور بہ الریح والسافیاء التراب الذی یذھب فی الارض مع الریح والنبیثۃ بالثاء المثلثۃ التراب الذی یخرج من البئر عند حفرھا والراھطاء والدماء التراب الذی یخرج الیربوع من جحرہ والرغام التراب المختلط بالرمل والسماد والتراب الذی یسمد بہ النبات ای ما تصلح بہ الارض من الزبل ونحوہ فاذا کان مع السرقین فھو الدمال. والعفاء التراب الذی یعفی الآثار [10] صیغ ای صنع یقال صاغ الشئ صوغا ای ھیأہ علی مثال مستقیم از نصر [11] نور الفضا ای من ضیاء الخلاء وقال الراغب الفضاء المکان الواسع ومنہ افضی بیدہ الی کذا وافضی الی امرأتہ فی الکنایۃ ابلغ واقرب الی التصریح یقال فضا المکان فضاء وفضوًّا ای اتسع وخلا از نصر والفضاء جمعہ افضیۃ [12] قشر از باب تفعیل تقشیر مصدر از تفعیل بمعنی چھلکا اتارنا ای نزعت وکشطت من الدرۃ البیضاء یقال قشرہ قشرًا وقشرۃ ای نزع او کشط جلدہ او قشرہ از ضرب ونصر [13] لفائف یہ لفیفۃٌ کی جمع بمعنے پیچیدگی اور یہ لف سے ماخوذ ہے ای مالف من الحاوی وطوی بعضہ ویقال طعام لفیف ای مخلوط... فالمراد ھھنا انواع الاطعمۃ طعمۃ اللذیذۃ یقال لف الشئ لفا ای ضمہ وجمعہ ضد نشرہ [14] ضمخ تضمیخ مصدر از تفعیل بمعنی معطر کرنا و تھیڑنا ای جعل ماء الورد والزعفران علی ما فی الجام من الطعام یقال ضمخ جسدہ بالطیب ضمخا ضمخہ ای لطخہ از نصر [15] سیق ای طرد یقال ساق الماشیہ یسوق سوقا وسیاقا وسیاقۃ ومَسَاقًا جبکہ وہ جانور کو پیچھے سے ہانکے از نصر [16] شرب بالکسر بمعنی حِصّہ والبقا الماء المشروب ویقال للمورد ووقت الشراب ایضا وجمعہ الشراب وایضا مصدر شرب از سمع [17] تسنیم عین فی الجنۃ (یہ جنت میں ایک چشمہ کا نام ہے) کما فی التنزیل عینا یشرب بھا المقربون ومزاجہ من تسنیم۔ [18] سفر ای اظھر وکشف یقال سَفَرَ العمامۃ سفرًا ای کشفھا از ضرب [19] مرأی ای منظر حسن یعنی اچھا دیدار [20] وسیم بمعنے خوبصورت

یقال وَسُم وسامًا وسامۃ ای حسن ازکرم ؎۲۱ ارج بمعنے خوشبو کا مہکنا اور اُڑنا یقال اَرِجَ اَرَجًا ای فاحت رائحۃ الطیبۃ از سمع ؎۲۲ نسیم الریح اللینۃ والجمع نسام یقال نسمت الریح نسیما ونسمانا ونسیمًا ای ھبت از ضرب ؎۲۳ اضطرمت اضطرام مصدر از افتعال ای اشتعلت نار الشھوات بحضور الجام یقال ضرمت النار ضرمًا ای اشتعلت از سمع ؎۲۴ قرمت ای مالت واشتہت اور یہ قرم سے ماخوذ ہے از سمع یقال قرم الی اللحم ای اشتدت شھوتہ لہ وقرمت ای لقائہ ای اشتقت الیہ ؎۲۵ اللھوات یہ لَہَاۃ کی جمع ہے وھی اللحمۃ المشرفۃ علی الحلق وقیل بل ھو اقصی الفم (کوا یا تالوا)

وَشَارَفَ[۱] اَنْ تَشُنَّ[۲] عَلٰی سِرْبِهٖ[۳] الْغَارَاتُ[۴]۔ وَتُنَادِیْ عِنْدَ نَهْبَةٍ[۵] بِالثَّارَاتِ[۶]۔ نَشَزَ[۷] اَبُوْزَیْدٍ کَالْمَجْنُوْنِ وَتَبَاعَدَ عَنْهُ تَبَاعُدَ الضَّبِّ مِنَ النُّوْنِ۔ فَرَاوَدْنَاهُ عَلٰی اَنْ یَعُوْدَ۔ وَاَنْ لَا یَكُوْنَ كَقُدَارٍ فِیْ ثَمُوْدَ۔ فَقَالَ وَالَّذِیْ یُنْشِرُ الْاَمْوَاتَ مِنَ الرِّجَامِ۔ لَا عُدْتُ دُوْنَ رَفْعِ الْجَامِ۔ فَلَمْ نَجِدْ بُدًّا مِنْ تَاَلُّفِهٖ۔ وَاِبْرَارِ حَلْفِهٖ۔ فَاَشَلْنَاهُ وَالْعُقُوْلُ مَعَهٗ شَائِلَةٌ۔ وَالدُّمُوْعُ عَلَیْهِ سَائِلَةٌ۔ فَلَمَّا فَاءَ اِلٰی مَجْثَمِهٖ۔ وَخَلَصَ مِنْ مَاْثَمِهٖ

الترجمۃ والمطالب اور قریب تھا کہ اُس کی جماعت یعنی مختلف کھانوں پر لوٹ مار عام ہو جائے اور لوٹتے وقت یا للثارات پکارا جائے والے لوگو انتقام لینے کے لیے تیار ہو جاؤ) تو ابوزید دیوانے کی طرح اُٹھ کر ایسا بھاگا جیسے گوہ مچھلی سے پس ہم نے ابوزید کو پھسلایا اور واپسی کی درخواست کی اور یہ کہ قوم ثمود میں قیدار کی طرح (بد بخت و بد نصیب) نہیں ہونا چاہیئے پس اُس نے کہا قبروں سے مردوں کو زندہ اٹھانے والے خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں جام (گلاس) کے اٹھائے جانے سے پیشتر ہرگز واپس نہیں آسکتا جب ہم نے اُس سے محبت کرنے اور اس کی قسم کو سچا کرنے کے بغیر کوئی اور چارہ نہ پایا تو مجبورًا ہم نے جام (یعنی گلاس) اُٹھا دیا اور ہماری عقلیں بھی اس کے اُٹھتے ہی اٹھی کی اٹھی رہ گئیں اور اُس کے (نہ ہونے پر) آنسو بہنے لگے پس جب ابوزید اپنی جگہ پر واپس آیا اور اس طرح وہ اپنی قسم کے گناہ سے بچ گیا (یعنی اُس نے چھٹکارا پا لیا)۔

تشریح لغات ؎۱ شارف از مفاعلہ مصدر بمعنی قریب ہونا یقال شارف الشئی جبکہ وہ اوپر سے جھانکے اور قریب ہو ؎۲ تشن شنٌّ مصدر بمعنی ہر طرف سے لوٹ مار کرنا اور متفرق طور سے گرنا یقال شن الماء علی الشراب ای صبہ متفرقا وشق الغارۃ علیھم ای وجھھا علیھم من کل جھۃ از نصر ؎۳ سرب بالکسر بمعنی جماعت والجمع اَسْرَابٌ ؎۴ الغارات یہ غارات یہ غارۃ کی جمع ہے بمعنے لوٹ مار ؎۵ نہبہ مصدر بمعنے لوٹتے وقت یقال نہبہ نہبًا ای اخذہا از سمع اور یہ مصدر مضاف ہے فاعل یا مفعول کی طرف ؎۶ یا للثارات ای یا قوم احضروا للثارات اور ثارات یہ ثأرۃ کی جمع ہے بمعنی انتقام و بدلہ اور یہ کلمہ عرب والے اسی وقت استعمال کرتے ہیں جبکہ وہ اپنے اعداء پر جنھوں نے اُن کے عزیزوں کو قتل کیا ہے فتح مند اور کامیاب ہو جائیں۔ یقال ثار القتیل وبہ ثارًا ای طلب دمہ وقتل قاتلہ فھو ثائر از فتح ؎۷ نشز ای ارتفع عن مکانہ یقال نشز عن مکانہ نشزًا ای ارتفع ونشزت المرأۃ بزوجھا ومنہ وعلیہ نشوزًا ای

استعصبت علیہ وابغضتہ منہ نشوز المرأة ای بغضہا الزوجہا ورفع نفسہا من طاعتہ از نصر۔

۸ الضب بمعنی گوہ وسوسمار والجمع اَضُبٌّ وضُبَّانٌ وضِبَابٌ یہ محاورہ ہے لاافعلہ حتی یرد الضبُّ گوہ کبھی پانی پر نہیں جاتی ۹ النون بمعنے مچھلی والجمع نینانٌ واَنوانٌ حضرت سیدنا یونس علیہ السلام کا لقب ذوالنون تھا کیونکہ آپ کو مچھلی نگل گئی تھی۔ کما قال اللہ تعالیٰ وذاالنون اذ ذھب مغاضبًا الخ موصل شہر کی زمین میں ایک نینویٰ بستی ہے وہاں کے لوگوں کی ہدایت کے لیے حضرت یونس علیہ السلام بھیجے گئے تھے وہاں کے لوگوں نے آپ کی نصیحت کو نہ مانا تو آپ نے اُن کو عذاب آلٰہی نازل ہونے کی خبر سنائی اور خود وہاں سے چلے گئے اور جب وہاں کے لوگوں نے عذاب کے آثار دیکھے تو جنگل میں جاکر بہت روئے اللہ تعالیٰ نے اُن کے حال پر رحم فرماکر عذاب ٹال دیا اور اُس شریعت میں یہ حکم تھا کہ جھوٹ بولنے والے کو مار ڈالتے تھے اس لیے آپ وہاں تشریف نہ لے گئے اور بغیر حکم الٰہی کے آپ کشتی میں بیٹھ گئے کشتی دریا میں اڑ گئی جب قرعہ ڈالا گیا تو تینوں دفعہ آپ کا نام نکلا لوگوں نے آپ کو دریا میں ڈال دیا اللہ کے حکم سے مچھلی نے آپ کو نگل لیا تو وہ مچھلی دریا کی تہ میں پہنچی تو کنکروں کی تسبیح کی آواز پہونچی تو آپ نے یہ آیت کریمہ لا الٰہ الا انت سبحانک الخ پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو رہائی دی اور اگر آپ تسبیح نہ پڑھتے تو قیامت تک مچھلی کے پیٹ میں رہتے۔ انتہا مے بعد کے لیے مچھلی اور گوہ کی مثال دی جاتی ہے کیونکہ گوہ ہمیشہ خشکی میں رہتی ہے اور مچھلی تری میں اور یہ کبھی ایک دوسرے کے ساتھ جمع نہیں ہوتی ہے ۱۰ فراودناہ مرادوت مصدر از مفاعلہ بمعنی پھسلا کر بلانا والمراودة ان تنازع غیرک فی الارادة فترید غیر ما یرید او ترود غیر ما یرود ۱۱ کقدار قدار ابن سالف یہ اُس آدمی کا نام ہے جس نے حضرت سیدنا صالح علیہ السلام کی اُونٹنی کی کونچیں کاٹ کر اس کو ہلاک کر دیا آپ نے اس کو منع کیا کہ تم اللہ کی اونٹنی کو قتل نہ کرو ورنہ عذاب الٰہی نازل ہوگا اُس نے اُس کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور اس کو ہلاک کر دیا اب یہ بدبختی میں ضرب المثل ہے یقال ھو اَشْاَمُ من قدار فی التنزیل اِذِ انْبَعَثَ اَشْقَاھَا الخ ۱۲ الرجام یہ رجم کی جمع ہے بمعنی قبور وکنواں وتندور یقال رَجَمَہٗ رَجْمًا ای رماہ بالحجارة یعنی قبر پر علامت کے لیے اُس نے پتھر لگایا از نصر ۱۳ تالفہ مصدر از تفعل بمعنی تالیف قلب یعنی اوپرے دل سے محبت کرنا یقال تاَلّفہٗ جبکہ وہ اوپرے دل سے محبت کرے ۱۴ حلفہ مصدر بفتح الحاء المھملة وکسرہا بمعنے قسم اور اُحلُوقہ کے معنی بھی قسم کے آتے ہیں از ضرب ۱۵ اشدناہ ای رفعناہ از افعال یقال اَشَالَ الشئَ جبکہ وہ بلند کرے اور اٹھائے ۱۶ شائلة یہ شائل کا مؤنث ہے ای مرتفعة از نصر یقال شال الذَّنبُ یَشُولُ شَوْلًا وشَوَلانًا جبکہ دُم اوپر کو اُٹھے اور بلند ہو شال الشئ بالشئ جبکہ وُہ اُٹھائے اور بلند کرے ۱۷ فاء ای رجع والفئ ای الرجوع الی حالة محمودة از ضرب ۱۸ مجثمہ ای مبرکہ ومکانہ یعنی اپنے بیٹھنے کی جگہ اور اس کی جمع مجاثم آتی ہے یقال جثم جثوما وجثما ای لزم مکانہ ولقی بالارض از نصر وضرب ۱۹ ماثم بمعنے ناجائز فعل اور گناہ و جرم اور یہاں اس سے مراد قسم کے توڑنے کا گناہ ہے۔

سَاَلْنَاہُ لِمَ قَامَ۔ وَلِاَیِّ مَعْنًی اسْتَرْفَعَ الْجَامَ۔ فَقَالَ اِنَّ الزُّجَاجَ[1] نَمَّامٌ[2]۔ وَاِنِّیْ اٰلَیْتُ مُنْذُ اَعْوَامٍ[3]۔ اَنْ لَّا یَضُمَّنِیْ وَنَمُوْمًا مَقَامٌ۔ فَقُلْنَا لَہٗ وَمَا سَبَبُ یَمِیْنِکَ الصِّرِّیُّ[4]۔ وَ اَلِیَّتِکَ[5] الْحَرْسٰی۔ فَقَالَ اِنَّہٗ کَانَ لِیْ جَارٌ لِسَانُہٗ یَتَقَرَّبُ۔ وَقَلْبُہٗ عَقْرَبٌ[7]۔ وَلَفْظُہٗ شَہْدٌ[8] یَنْقَعُ[9]۔ وَخَبْوُہٗ[10] سَمٌّ[11] مُنْقَعٌ[12]۔ فَمِلْتُ لِمُجَاوَرَتِہٖ اِلٰی مُحَاوَرَتِہٖ[13]۔ وَاغْتَرَرْتُ بِمُکَاشَرَتِہٖ[14]۔ فِیْ مُعَاشَرَتِہٖ[15]۔ وَاسْتَہْوَتْنِیْ[16] خَضْرَةُ[17] دِمْنَتِہٖ[18] لِمُنَادَمَتِہٖ[19]۔ وَاَغْرَتْنِیْ[20] خُدْعَةُ[21] سِمَتِہٖ[22] بِمُنَاسَمَتِہٖ[23]۔ فَمَازَجْتُہٗ[24] وَعِنْدِیْ اَنَّہٗ جَارٌ مُکَاسِرٌ[25]۔ فَبَانَ[26]

أَنَّہٗ عُقَابٌ[۲۷] كَاسِرٌ[۲۸]۔

الترجمۃ والمطالب

ہم نے اُس کے خود بھی اُٹھ جانے اور جام کو بھی اٹھوا دینے کا سبب دریافت کیا تو وہ یہ کہنے لگا کہ شیشہ چغل خور ہے اور میں نے چند سال سے یہ قسم کھائی تھی کہ کبھی میں اور چغل خور کسی مقام پر یک جا جمع نہیں ہوں گے پس ہم نے اُس سے کہا کہ ایسی سخت اور مؤکد قسم کھا بیٹھنے کی کیا وجہ ہے تو اُس نے جواب دیا کہ میرا ایک پڑوسی تھا زبان سے تو وہ محبت کی باتیں کرتا تھا اور اُس کا دل بچھو تھا (یعنی وُہ نیش زنی کرتا تھا) اور اُس کے الفاظ شہد جیسے تھے (یعنی بہت ہی شیریں تھے جس سے وہ سیراب کرتا تھا اور اُس کا باطن خالص زہر تھا اور مجھے بھی پڑوسی ہونے کی وجہ سے اُس سے ہمکلامی کا (یعنی بات کرنے کا) شوق رہتا تھا۔ خلاصہ یہ کہ میں اُس کی خوش طبعی کی وجہ سے اُس سے میل جول رکھنے میں دھوکہ کھا بیٹھا پس مجھ کو کوڑے کی سبزی دیکھ کر (یعنی ظاہری خوبصورتی دیکھ کر اُس کی ہم نشینی کا خیال پیدا ہُوا اور اُس کی چالاکیوں کی علامات (نشانیوں) سے دھوکہ کھا کر میں ایسا فریفتہ ہوا کہ میں اُس سے بھید تک کہنے لگا اور میں نے یہ خیال کیا کہ وہ دیوار پیچھے کا پڑوسی ہے (یعنی میرے وہ بہت ہی قریب ہے) اُس سے میں ملتا جلتا رہا لیکن وہ شکاری عقاب (بازو توڑنے والا) نکلا۔

تشریح لغات

[۱] الزجاج مثلثۃ حجر شفاف (شیشہ یا بلور) والواحدۃ زُجَاجَۃٌ [۲] نمام بمعنی چغل خور اور یہ نمیمۃٌ سے مشتق ہے یقال نَمَّ الحدیثَ نَمًّا جبکہ وُہ چغل خوری کرے باز ضرب، نمام شیشہ کو اس وجہ سے کہا ہے کہ جب اُس کو دیکھتے ہیں تو اُس میں چہرہ کا عکس پڑتا ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ دو دشمنوں میں بات چیت ہو [۳] اعوام یہ عام کی جمع ہے بمعنی سال [۴] الصری بمعنے سخت یقال صر صر ای صاح شدیدا از ضرب و یقال یمین صری ای وثیقۃ و یقال ھی منی صری ای عزیمۃ وفی التنزیل فاقبلت امرأتہ فی صرۃ ای فی صیحۃ ومنہ الاصرار وھو کل عزم شددت علیہ وفی التنزیل ولم یصروا علی ما فعلوا وایضا یقال صر الصرۃ ای ربطھا وصر الدراھم فی الصرۃ ای وضعھا فی الصرۃ از نصر [۵] الیمین بمعنی قسم والجمع الایان [۶] الحرّیٰ ای الشدیدۃ الحرارۃ یعنی سخت اور یہ فعلی کے وزن پر ہے اور یہ حرّان کا مونث ہے بمعنے بہت پیاسا والجمع حرارٌ وحراریٰ [۷] عقرب بمعنی بچھو والجمع عقارب [۸] شہد بمعنی عَسَلٌ والجمع شہادٌ [۹] ینقع از فتح نقع مصدر بمعنی پیاس بجھانا یقال نقع الماءُ عطشہٗ نقعًا ای سکنہٗ وقطعہ [۱۰] خبوہ ای باطنہٗ [۱۱] الخَبْءُ والخِبْءُ ان دونوں کے معنی پوشیدہ کے آتے ہیں [۱۱] سم بمعنی زہر و سوئی کا ناکہ والجمع سِمَامٌ وسُمُومٌ [۱۲] منقع ای مجتمع از افعال یقال نقع الماءُ فی بطن الوادی ای اجتمع فیہ وطال مکثہ از فتح [۱۳] لمجاورتہ ای لاجل مجاورتہ مجاورت بمعنی ہمسائگی اور یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے یقال جَاوَرَ مُجَاوَرَۃً وجُوَارًا جبکہ وہ پڑوس میں رہے [۱۴] محاورتہ بمعنی گفتگو اور بات چیت اور یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے [۱۵] مکاشرتہ یہ باب مفاعلت سے مصدر ہے بمعنی آپس میں ہنسنا اور دانت نکالنا یقال کشر اسنانہ کشرا ای کشف عنھا از ضرب وکاشرہ ای ضاحکہ [۱۶] استہوتنی استہواء مصدر از استفعال بمعنی دھوکا کھانا ای حملتنی علی اتباع الھوی [۱۷] خضرۃ بالضم بمعنی سبزی وحسن و تر و تازگی [۱۸] دمنتہ بالکسر وہ جگہ جہاں کوڑا پڑے والجمع دِمَنٌ اور خضرۃ دمن سے مراد ظاہری خوبصورتی ہے [۱۹] منادمتہ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنی ہم جلیس و ہم نشین ہونا ای مجالسۃ علی الشراب قیل الشراب یان سمیا ندیمین بما یتعقب احوالھما من الندامۃ [۲۰] اغرتنی اغراء مصدر از افعال بمعنی دھوکہ دینا وفی التنزیل

واغربنا بنیهم العداوة [۱۸] خدعة بہت دھوکہ دینے والا اور الخُدَعَةُ اور الخَدّاع اور الخَيْدَع ان سب کے معنی یہی آتے ہیں [۲۲] سِمَۃٌ مصدر ہے بمعنی علامت وداغ کا نشان والجمع سمات [۲۳] بمناسمته یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنی آپس میں بات چیت کرنا اور اس کے معنی بھیدی کے بھی آتے ہیں اور کھانا کھانے کے لیے ساتھ ساتھ چلنا اور یہ معنی یہاں زیادہ اچھے ہیں یقال ناسمہ مناسمۃً ونساماً ای قاربہ ودنامنہ وحادثہ وسَارّہ [۲۴] فمازجتہ ای خالطتہ اور یہ مزاج سے ماخوذ ہے یقال مزج الشراب بالماء مزجاً ای خلطہ یہ از نصر والمزاج المیزج [۲۵] مکاسر اسم فاعل کا صیغہ از باب مفاعلہ اور یہ کسر سے ماخوذ ہے وہ پڑوسی جس کا گھر بالکل ملا ہوا ہو ای ملاصق وھو الذی کِسْرُ بیتہ الی جانب بیتک یقال ھو جاری مکاسری [۲۶] نبان ای ظھر از ضرب یقال بان بیاناً و بیناً جبکہ وہ ظاہر اور واضح ہو اور اس کا صفت بَیِّنٌ اور بائنٌ آتا ہے [۲۷] عقاب یہ ایک قوی شکاری پرندہ ہے والجمع عِقبانٌ واعقُبٌ وجمع الجمع عقابین اور عُقاب یہ ایک ستارہ کا نام بھی ہے [۲۸] کاسر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اور یہ کسر سے ماخوذ ہے ای الذی یکسر جناحیہ ای یضمھما لینحط علی الصید یقال کسر الطائر کسراً وکسوراً ای ضم جناحیہ (ای یرید الوقوع) از ضرب۔

وَاٰنَسْتُهٗ [۱] عَلٰی اَنَّهٗ حِبٌّ مُّؤَانِسٌ۔ فَظَهَرَ اَنَّهٗ حُبَابٌ [۲] مُوَالِسٌ۔ وَمَالَحْتُهٗ [۳] وَلَا اَعْلَمُ اَنَّهٗ عِنْدَ نَقْدِهٖ [۴]۔ مِمَّنْ يُفْرَحُ بِفَقْدِهٖ۔ وَعَاقَرْتُهٗ وَلَمْ اَدْرِ اَنَّهٗ بَعْدَ فَرِّهٖ [۵]۔ مِمَّنْ يُطْرَبُ لِمَفَرِّهٖ [۶]۔ وَكَانَتْ عِنْدِيْ جَارِيَةٌ۔ لَا يُوْجَدُ لَهَا فِي الْجَمَالِ مُجَارِيَةٌ [۷]۔ اِنْ سَفَرَتْ خَجِلَ النَّيِّرَانُ [۸]۔ وَصَلِيَتِ [۹] الْقُلُوْبُ بِالنِّيْرَانِ [۱۰]۔ وَاِنْ بَسَمَتْ [۱۱] اَزْرَتْ بِالْجُمَانِ [۱۲]۔ وَبِيْعَ الْمَرْجَانُ [۱۳] بِالْمَجَّانِ [۱۴]۔ وَاِنْ رَنَتْ [۱۵] هَيَّجَتِ [۱۶] الْبَلَابِلَ [۱۷]۔ وَحَقَّقَتْ سِحْرَ بَابِلَ [۱۸]۔

الترجمۃ والمطالب اور میں نے تو اس کو غمخواری کرنے والا دوست خیال کیا تھا۔ مگر وہ دھوکا دینے والا سانپ یا شیطان ہے اور میں نے اُس سے نمکیں بات کی (یا میں نے اُس کے ساتھ کھانا کھایا) اور میں اُس کے ہمسفر رہا اور میرے خیال میں یہ بات نہ تھی کہ تجربہ اور آزمائش کے وقت وہ ایسا نکلے گا جس کے گم ہونے (مرنے) سے خوشی ہوتی ہے اور میں نے اُس سے دوستی کا مضبوط عہد کیا تھا لیکن کیا معلوم تھا کہ وہ آزمائش کے بعد اُس شخص کی طرح ثابت ہوگا جس کے جاتے (یا بھاگنے) سے خوشی حاصل ہو اور میرے پاس ایک کنیز (باندی) تھی جس کے کمال میں اُس کے مقابل اور ہمسر نہیں تھا اگر وہ چہرے کو کھولے (اور اپنا جلوہ دکھائے) تو وہ چاند اور سورج کو شرمندہ کرے اور وہ عشق کی آگ سے دل کو جلا ڈالتی تھی جب وہ مسکراتی تھی تو بڑے موتی کو شرمندہ کر دیتی تھی (شرما دیتی تھی) اور ننھے ننھے موتی مفت بک جاتے تھے اور اگر وہ دیکھے تو دل کی اندرونی سوزش کو بھڑکا دیتی تھی اور بابل شہر کے جادو کو وہ سچا کر کے دکھاتی تھی۔

تشریح لغات آنسْتُہ ای ابصرتہ اذا فعال وفی التنزیل فان آنستم منھم رشداً۔ ومنہ موانس بمعنی حبیب مونس بمعنی انس دلانا ومحبت دلانا یقال آنسہ جبکہ وہ مہربانی کرے اور محبت کرے [۲] حباب بالضم بمعنی سانپ وقیل اسم الشیطان [۳] موالس بمعنی دھوکا دینے والا وقیل اصلہ اَلس اَلْساً بمعنی خان وغش از ضرب وقیل

اصلہ دلس دلسًا و دلسانًا ای خدعہ از ضرب [۴] مالحتہ ای اکلت معہ الملح مالحۃ مصدر از مفاعلہ اور یہ ملح سے ماخوذ ہے بمعنی نمکیں بات کہنا [۵] نقدہ ای تجربتہ یقال نقد الدراھم وغیرھا نقدًا ای میزھا ونظرھا لیعرف جیدھا من ردیہا از نصر [۶] یفقدہ ضد الوجدان وھو عدم الشئ بعد وجودہ۔

[۷] عاقرتہ معاقرۃ مصدر از مفاعلہ شراب پیا ای شربت معہ العُقار بضم العین وہو الخمر [۸] فرّہ بمعنی امتحان وتجربہ و آزمانا یقال فرّ الدابۃ فرًّا ای کشف عن اسنانہا از ضرب [۹] لمضہ ای لھربہ وفرارہ یقال فرّ فرًّا وفرارًا ای ھرب از ضرب۔

[۱۰] مجاریۃ ای مماثلۃ یقال جاراہ ای جری معہ فی الامر ووافقہ [۱۱] سفرت از نصر یقال سفرت المرأۃ جب کہ وہ اپنا چہرہ کھولے [۱۲] النیران ای الشمس والقمر [۱۳] صلیت ای احترقت اور یہ صلی یصلی سے ماخوذ ہے بمعنی آگ میں داخل ہونا [۱۴] بالنیران یہ نار کی جمع ہے بمعنی آگ [۱۵] لبمت ای ابتسمت از ضرب یقال لبسم لبسمًا جبکہ وہ مسکرائے اور اس کا صفت باسم اور متبسّم آتا ہے [۱۶] ازرت از افعال ازراءً مصدر بمعنی عیب لگانا یقال ازری علیہ عملہ جبکہ وہ کسی کام پر عتاب کرے اور عیب لگائے وازری بہ جبکہ وہ عیب لگائے [۱۷] بالجمان یہ جُمانۃ کی جمع بمعنی موتی بڑا [۱۸] المرجان اس کا واحد مرجانۃ ہے بمعنی مونگا و چھوٹے چھوٹے موتی وفی التنزیل کانھن الیاقوت والمرجان [۱۹] بالمجان ما کان بلا بدل او العطیۃ بلا ثمن والمجان ایضا الکثیر الکافی الواسع وایضا کثیر المجون وھو الغلظ والصلابۃ یقال لجن لجونا ای غلظ وصلب وایضا مجن الرجل مجونًا ومجنا ومجانۃ ای مزح وقل حیاؤہ کانہ صلبہ وجہہ فھو ماجن وجمعہ مُجّان [۲۰] رنت ای نظرت یقال رنا الیہ ولہ رنوًّا ورنًا ای ادام الیہ النظر از نصر وفی نسخۃ رنّت بتشدید النون من الرنین وھو الصوت۔ [۲۱] ہیجت ہیج مصدر　　بمعنی بھڑکانا از تفعیل [۲۲] البلابل والبلبال اندوہ نہانی شدۃ الھم ووساوس الصدر وحدیث النفس واما البلبال بالکسر فمصدر۔

[۲۳] بابل۔ بابل یہ ایک شہر ہے بلاد عجم میں جہاں نمرود کا گھر تھا اور اس کی طرف سحر منسوب ہے اور اسی شہر میں ہاروت اور ماروت دو فرشتے ہیں جو کنویں میں سر کے بالوں سے لٹکے ہوئے ہیں اُن پر خدا کا عذاب ہو رہا ہے اور یہ شہر وہ ہے جو نمرود بن کنعان نے اس کی بنیاد رکھی اور بیان کیا جاتا ہے کہ جناب سیدنا نوح علیہ السلام کے زمانہ میں جو طوفان آیا تھا اُس کے بعد سب سے پہلے یہ بنا ہے۔

وَاِنْ نَطَقَتْ عَقَلَتْ[۱] لُبَّ[۲] الْعَاقِلِ۔ وَاَوَاسْتَنْزَلَتِ الْعُصْمَ[۳] مِنَ الْمَعَاقِلِ[۴]۔ وَاِنْ قَرَأَتْ شَفَتِ الْمَفْؤُدَ[۵] وَاَحْیَتِ الْمَوْؤُدَۃَ[۶]۔ وَخِلْتَہَا اُوْتِیَتْ مِنْ مَزَامِیْرِ[۸] اٰلِ[۹] دَاؤُدَ۔ وَاِنْ غَنَّتْ[۱۰] ظَلَّ مَعْبَدٌ[۱۱] لَہَا عَبْدًا۔ وَ قِیْلَ سُخْقًا[۱۲] لِاِسْحَاقَ[۱۳] وَبُعْدًا۔ وَاِنْ زَمَرَتْ[۱۴] اَضْحٰی زُنَامٌ[۱۵] عِنْدَ ہَا زَنِیْمًا[۱۶]۔ بَعْدَ اَنْ کَانَ یُخَیَّلُ زَعِیْمًا[۱۸] وَبِالْاِضْطِرَابِ[۱۹] رَعِیْمًا۔ وَاِنْ رَقَصَتْ[۲۰] اَمَالَتِ[۲۱] الْعَمَائِمَ[۲۲] عَنِ الرُّؤُوْسِ[۲۳]۔ وَاَنْسَتْکَ[۲۵] رَقْصَ الْحَبَبِ[۲۶] فِی الْکُؤُوْسِ[۲۷]۔

الترجمۃ والمطالب اور اگر وہ بولے تو بڑے بڑے عقل مندوں کی عقلوں کو بند کر دے (یا حیرت میں ڈال دے) اور پہاڑ کی گھاٹیوں سے پہاڑی بکرے کو (یعنی زاہد اور متقی کو) اتار دے اور اگر وہ پڑھے تو زخمی دل کو شفا دے اور زندہ درگور کو زندہ کر دے (قبر سے اٹھا دے) اور اے مخاطب تو یہ گمان کرے کہ اس کو راگ یا نغمہ حضرت داؤد

علیہ السّلام کی آل سے دیا گیا ہے اور اگر وہ گائے تو معبد (گویا) اُس کا غلام ہو جائے اور اسحاق سے یہ کہدیا جائے کہ تو بھی دور ہو اور پرے ہٹ اور اگر وُہ بانسری بجائے تو زنام شخص بھی اُس کے سامنے حقیر معلوم ہو حالانکہ وُہ اپنے گروہ کا سردار اور پیشوا تھا اور آدمیوں کو خوشی پر برانگیختہ کرنے پر یہ بیڑا اٹھائے ہوئے تھی اور اگر وہ ناچے تو وہ سروں کی پگڑیاں گرا دے (یا اچھال دے) اور شراب کے پیالوں میں بلبلوں (پانی کے بلبلوں) کا ناچنا اے مخاطب تجھے بھلا دے (یعنی وہ ناچنے اور اپنے گانے میں یکتا ہے)

تشریح لغات

تشریح لغات ؔ للآدب بمعنی میزبان ضیافت کرنے والا اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے مادبۃ سے بمعنی مہمانی کا کھانا یقال اَدَبَ اَدْبًا وآدابًا ایدابًا جبکہ وہ دعوت کا کھانا تیار کرے اودیہ آدبہ جبکہ وہ دعوت میں بلائے ؔ الظرف مصدر بمعنی خوش خلقی و دانائی وزیرکی اور عمدہ رائے یقال ظرف ظرفا وظرافۃ ای کان کیسًا ذکیا باب ؔ ازکرم ؔ المہدی اسم فاعل کا صیغہ اہداء مصدر از افعال بمعنی ہدیہ دینے والا ؔ باظرف وہ برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے والجمع ظروف ؔ احذف از ضرب ای اختصر یقال فلان حذف فی کلامہ ای اختصرہ ویقال حذف حذفا ای اسقط وقطعہ وحذف بالعصا او الحجر ای

ضربہ ورماہ وحذف فی مشیہ ای تدانی اخطو باب الکل ضرب اوراس کے معنی حذف نحوی اور اصلاحی اور ایجاز کے بھی آتے ہیں وحذف الشئی ای احسن صنعہ کانہ حذف کل ما یجب حذفہ حتی خلا من کل عیب وتھذیب وحذف شعرہ ای طررہ وسواہ ۵۶ نوثب ای نھض وقام وقفز یقال وثب وثباً وثوباً وثباناً اذا نھض از ضرب ۵۷ فی الجواب ای فی جوابہ بالدعاء والثناء ۵۸ الروض یہ روضۃ کی جمع ہے بمعنی باغ وہی ارض مختصۃ بانواع نبات اور اس کی جمع ریاض اور روضات بھی آتی ہے وفی التنزیل فی روضۃ یحبرون ۵۹ للسحاب یعنی شکرہ مثل شکر الروض للسحاب وذلک لان الروض تشکر بلسان الحال السحاب لان الروض تجد المطر بواسطۃ السحاب ۶۰ افتاد نا اقتیاد مصدر از افتعال بمعنی کھینچنا ۶۱ حوائہ یہ فعال کے وزن پر ہے محوی کے معنی میں بمعنی محلہ و بمعنے جمع کرنا یا اونی خیمہ و ڈیرہ والجمع احویۃ ۶۲ یفض فض مصدر بمعنی مہر کا توڑنا اور توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ای یفرق از نصر وفض القوم بمعنی قوم کو متفرق کرنا اور اس کے یہی معنی یہاں ہیں ۶۳ عدد یہ عُدّۃ کی جمع ہے وہ کھانا جو تیار کر کے کھایا جائے اور یہاں اس سے حلوا مراد ہے ۶۴ عدد بمعنی گنتی و شمار والجمع اعداد ۶۵ اسلف اسلاف مصدر از افعال بمعنی پہلے کرنا اور اس کے معنی پیشگی خبر دینا و بیع سلم کرنا و زمانہ قبل کا گذر جانا یقال اسلف ای قدم اور یہ سلف سے ماخوذ ہے بمعنی آگے ہونا از نصر ۶۶ الجریمۃ بمعنی گناہ و جنایت و جرم و خطا ۶۷ نمنم از بعثر نمنمہ ای ذخرفہ ونقشہ وزینہ ونمنمت الریح الرمل او الماء ای خطیتہ وترکت علیہ اثراً شبہ الکتابۃ ونمنم کتاب ای ترمط خطہ والنمنم والنمنیم الاثر الذی تخط الریح علی التراب او الماء والنمیمۃ والنمنمۃ البیاض الذی یبدو علی اظفار الاحداث والجمع نمنم ونُمنُم والنمیمۃ والنمیم اسمان من النم وایضاً الحرکۃ وایضاً صوت الکتابۃ　　　وھمس الکلام ایضاً والجمع نمائم والنم از نصر وضرب والنمی الخیانۃ والعیب والعداوۃ والطبیعۃ وایضاً جوھر الانسان وطبعہ یقال ما فی الدار نمی ای احد ۶۸ غیم بمعنی بادل والجمع غیوم یقال غامت السماء غیماً ای صارت ذات غیم از ضرب.
۶۹ انھلت از انفعال ای انصبت یقال انھل المطر ای اشتد الصبابۃ از نصر.
۷۰ الدیمۃ وہ مینہ جو لگاتار برسے لیکن اس میں بجلی اور کڑک نہ ہو. والجمع دِیَمٌ والمراد ھھنا العطیۃ.

وَبِسَيْفِهٖ انْحَازَتْ لِيْ هٰذِهِ الْغَنِيْمَةُ . وَقَدْ خَطَرَ بِبَالِيْ . اَنْ اَرْجِعَ اِلٰى اَشْبَالِيْ وَاَقْنَعَ بِمَا تَسَنّٰى لِيْ . وَاَنْ لَّا اُتْعِبَ نَفْسِيْ وَلَا اَجْمَالِيْ . وَاَنَا اُوَدِّعُكُمْ وَدَاعَ مُحَافِظٍ . وَاَسْتَوْدِعُكُمْ خَيْرَ حَافِظٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلٰى رَاحِلَتِهٖ . رَاجِعًا فِيْ حَافِرَتِهٖ . وَلَاوِيًا اِلٰى زَافِرَتِهٖ . فَغَادَرَنَا بَعْدَ اَنْ وَخَدَتْ عَنْسُهٗ وَنَاٰى اِلَيْنَا اُنْسُهٗ . كَدَسْتٍ غَابَ صَدْرُهٗ . اَوْلَيْلٍ اَفَلَ بَدْرُهٗ

الترجمۃ والمطالب اور اس کی تلوار کی بدولت یہ مال غنیمت میرے لیے جمع ہوا ہے اور میرے دل میں یہ خیال گذرا کہ میں اپنے بال بچوں میں واپس چلا جاؤں اور مجھے آسانی سے جو کچھ مل چکا ہے اس پر قناعت کروں اور میں اپنے نفس پر مشقت نہ اٹھاؤں اور نہ اپنے اونٹوں کو تکلیف دوں اور میں تم سے محبت کی نگاہ رکھتے ہوئے اور تم کو اچھے محافظ (حفاظت کرنے والے خدا) کے سپرد کرتے ہوئے رخصت ہوتا ہوں پھر وہ اپنی سواری پر بیٹھ کر اپنے عزیز و اقارب (کنبہ) کی ملاقات کا شوق رکھتے ہوئے وہ الٹے پاؤں لوٹ گیا (جیسے وہ آیا تھا اسی راستہ پر چل دیا) اور ہماری حالت اس کی اونٹنی کے تیزی سے روانہ ہونے اور ہمیں مانوس بنا کر اس کے جانے کے بعد بالکل ایسی تھی جیسے کہ کسی مجلس کا صدر نشین غائب ہو جائے یا اس اندھیری رات کی طرح

جس کا پورا چاند ڈوب جائے (غائب ہو جائے)

تشریح لغات

لہ انحازت از انفعال ای اجتمعت وحصلت یقال حاز الشئ حوزاً وحیازۃً ای ضمّہ، وجمعہ از نصر ۲ہ اشبالی او لادکی اور یہ شبل کی جمع ہے وھو ولد الأسد اور ابو الاشبال شیر کو کہتے ہیں ۳ہ اجمال یہ جمل کی جمع ہے یقال للبعیر بمعنی اونٹ والجمع جمالٌ وجمالۃٌ ایضاً وجمع الجمالۃ جمالات ۴ہ حافرۃ بمعنی نشان قدم اور اپنے پہلے راستہ پر جانا وفی التنزیل ائنا لمردودون فی الحافرۃ مثل لمن یرد من حیث جاء ای نحی بعد ان نموت والحافرۃ ایضا الخلقۃ الاولیٰ والاصل ھو حفر الارض ای احدث فیہا وحفر الطریق ای اثر فیہا بمشیۃ وحفر الشئ ای علم اقصاہ از ضرب ۵ہ لادیا ای مائلا یقال لویت بالحبل لیاً ای فتلتہ ولوراسہ ای امالہ ولوی لسانہ ھکذا کنایۃ من الکذب وفی التنزیل لیا بالسنتہم ویقال فلان لا یلوی علی احد ای لا یقف ولا ینتظر وفی التنزیل اذ تصعدون ولا تلوون ۶ہ زافرۃ بمعنی جماعت والجمع زوافر یقال زافرۃ الرجل ای عشیرتہ وجماعتہ وایضا الکتیبۃ والداھیۃ والسید الکبیر وغیرھا وغیرھا ۷ہ وخدت ای اسرعت از ضرب والمصدر وخید وخدان والصفۃ واخد ووخود وخاد وقال الثعالبی الوخدان یرمی البعیر بقوائمہ کمشی النعام والتجوید ان یھتز کانہ یضطرب وعن النضر بن شمیل فی ترتیب سیر الابل ان اولہ الدبیب ثم التزید ثم الزمیل ثم الرسیم ثم الرخد ثم العسیج ثم الوسیج ثم الوجیف ثم الرتکان ثم الاحمار ثم الارقال ۸ہ عنسہ العنس الناقۃ القویۃ والجمع عناس وعنوس ۹ہ زایلنا ماضی کا صیغہ از مفاعلہ مزایلہ مصدر بمعنی باہم جدا ہونا ۱۰ہ دست بمعنی مجلس والجمع دسوت ۱۱ہ افل ای غرب وغاب اور اس کا مصدر افول ہے بمعنی غائب ہونا یقال افل القمر جبکہ وہ غائب ہو ۱۲ہ بدرہ بمعنی ماہ کامل چودھویں رات کا چاند والجمع بدورٌ۔

اَلْمَقَامَةُ التَّاسِعَةُ عَشْرَةَ النَّصِيْبِيَّةُ

رَوَى الْحَارِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ اَمْحَلَ الْعِرَاقُ ذَاتَ الْعُوَيْمِ. لِاِخْلَافِ اَنْوَاءِ الْغَيْمِ وَتَحَدَّثَ الرُّكْبَانُ بِرِيْفِ نَصِيْبِيْنَ. وَبِلَهْنِيَةِ اَهْلِهَا الْمُخْصِبِيْنَ. فَاقْتَعَدْتُ مَهْرِيًّا. وَاعْتَقَلْتُ سَمْهَرِيًّا وَسِرْتُ تَلْفِظُنِيْ اَرْضٌ اِلٰى اَرْضٍ. وَيَجْذِبُنِيْ رَفْعٌ مِنْ خَفْضٍ۔

الترجمۃ والمطالب

(انیسویں مجلس جو نصیبیہ کے نام سے مشہور ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا ایک سال شہر عراق بارش کے نچھتروں کے پیچھے ہو جانے کی وجہ سے (یعنی نچھتر (ستاروں) کے ناموافق ہونے کی وجہ سے) قحط زدہ ہوا ادھر مسافروں نے شہر نصیبین کی سرسبز اور تر و تازگی اور وہاں کے رہنے والوں کی آسودہ حالی بیان کی تو میں سنتے ہی جھٹ پٹ تیز رو سانڈنی پر سوار ہو کر اور سمہری نیزہ کو سیدھا کھڑا کر کے وہاں سے چلدیا) ایک زمین دوسری زمین کی طرف مجھ کو پھینک رہی تھی (یعنی میں جنگلوں کے میدانوں کو قطع کر رہا تھا) اور بلندی پستی سے مجھ کو کھینچ رہی تھی (یعنی وہ نہایت تیزی سے مجھے لے جا رہی تھی اور میں اونچے نیچے مقامات سے گزر

رہا تھا۔)

تشریح لغات

[1] المحل از افعال ای صار ذا المحل وہو القحط یعنی انقطاع المطر ویبس الارض والجوع الشدید یقال محل المکان محلا ومحولا ومحل محالۃ ای اجدب از فتح وسمع اور یہ لازمی ومتعدی دونوں طرح مستعمل ہے یقال امحلت الارض وامحلہ اللہ الارض [2] العویم یہ عام کی تصغیر ہے بمعنی سال اور یہاں اس سے قدیم زمانہ مراد ہے ومثلہ ذات الزمین والعام کالسنۃ لکن کثیرا ما تستعمل السنۃ فی الحول الذی یکون فیہ الشدۃ اوالجدب ولہذا یعبر عن الجدب بالسنۃ والعام فیما فیہ الرخاء والخصب۔ وفی التنزیل عام فیہ یغاث الناس وفیہ یعصرون۔ فلبث فیہم الف سنۃ الا خمسین عاما والعوام السباحۃ وقیل سمی السنۃ عاما بعوم الشمس فی جمیع بروجہا قال تعالی کل فی فلک یسبحون [3] انواء یہ نوءٌ کی جمع ہے والجمع نوآنٌ والنواء ایضاً وہ ستارہ جس کے طلوع ہونے سے مقابل کا ستارہ غروب ہوجائے نجومیوں کے نزدیک بارش کا ہونا اور ہوا کا چلنا ضروری ہے اور ان ستاروں کی تعداد اٹھائیس ۲۸ ہے جب ایسے کسی ستارہ کے طلوع سے بارش ہوجائے تو صدق النوء کہتے ہیں النوء ھو النجم وقیل معنی النوء سقوط نجم من المنزل فی المغرب وطلوع رقیبہ وھو نجم یقابلہ من ساعتہ فی المشرق فی کل لیلۃ الی ثلاثۃ عشر یوما وھکذا کل نجم منہا الی انقضاء السنۃ ما خلا الجبھۃ النامی فان لہا اربعۃ عشر یوما وانما سمی یوما انہ اذا سقط الغارب ناء الطالع ای نہض وطلع ذلک الطلوع ھو النوء ولا نواء کانت عندھم ثمانیۃ وعشرین معروفۃ المطالع فی ازمنۃ السنۃ کلہا یسقط منہا فی کل ثلثۃ عشرۃ لیلۃ نجم فی المغرب مع طلوع الفجر ویطلع اٰخر یقابلہ فی المشرق من ساعۃ وکلاھما معلوم مسمی وکانت العرب فی الجاھلیۃ اذا سقط منہا نجم وطلع اٰخر قالوا لابد من ان یکون ذلک مطر او ریاح فینسبون کل غیث یکون عند ذلک النجم فیقولون مطرنا بنوء الثریا او بنوء الدبران۔

[4] الرکبان یہ راکب کی جمع ہے بمعنی سوار اور اس کی جمع رُکّابٌ اور رکوبٌ اور رَکبۃٌ اور رَکبٌ اور رَکَبَۃٌ آتی ہے [5] بریف تروتازگی ای الخصب والسعۃ فی الماکل والمشارب والجمع اریاف [6] نصیبین یہ شہر بہت ہی بڑا اور پُررونق ہے اور اسمیں نہریں اور باغ کثرت سے ہیں اور یہ خود بھی پہاڑ کے قریب ہے جہاں کشتی حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کی جاکر ٹھیری تھی اور اس شہر کو غانم بن عیاض نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں فتح کیا تھا [7] بلہنیۃ اس میں نون زائد ہے بمعنی عیش وآرام اور فراخی عیش اور مال کی وسعت واصلہ او لبلہ والبلاہۃ بمعنی الغفلۃ عن الشر وخلو الصدر عن المکر از سمع [8] المخصبین المخصب الذی اصابہ الخصب وھو الخیر الکثیر ورغد العیش یقال خصب المکان وخصب خصبا ای کثر فیہ العشب والخیر از ضرب وسمع [9] مہریا بمعنی تیز رفتار اونٹ اور یہ قبیلہ بنی مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب ہے جو حضر موت کے شہر میں ہے اُن کے اونٹ نہایت شریف اور تیز رفتار ہوتے تھے اور عرب والے ان کی تیز رفتاری سے یہ کہا کرتے تھے کہ یہ اہل جن ہیں جن کی نسلیں بنو مہرہ میں چلی آتی ہیں وقیل زعموا ان ابلہم کان یلحقہا الوحش وھی ابل متوحشۃ صغار بیض تکون بین عمان والشجر والجمع مہاری ومہار ومہاری۔

[10] اعتقلت از افتعال اعتقال مصدر بمعنی نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا واعتقل البعیر جبکہ وہ اونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھے [11] سمہریا فی نسبتہ ولک قولان احدہما انہا سمیت بذلک لصلابتہا وھو من قولہم اسمہر الشیئ اذا اشتد وقیل انہا منسوبۃ بسمہر انہ زوج رُدَینۃ وکان جمیعا یقومان الرماح بسوق ہجر فنسبت الیہما [12] مرت از ضرب مَیر مصدر بمعنی چلنا [13] الی الارض ای ارض عالیۃ من ارض سافلۃ یعنی اقطع مفازۃ بعد مفازۃ۔

حَتّٰی بَلَغْتُهَا نِقْضًا عَلٰی نِقْضٍ۔ فَلَمَّا اَنَخْتُ بِمَغْنَاهَا الْخَصِیْبِ۔ وَضَرَبْتُ فِیْ مَرْعَاهَا بِنَصِیْبٍ نَوَیْتُ اَنْ اُلْقِیَ بِهَا جِرَانِیْ۔ وَاَتَّخِذَ اَهْلَهَا جِیْرَانِیْ۔ اَنْ اِلٰی یَحْیَی السَّنَةُ الْجَمَادُ۔ وَتَتَعَهَّدَ اَرْضَ قَوْمِی الْعِهَادُ۔ فَوَاللّٰهِ مَا تَمَضْمَضَتْ مُقْلَتِیْ بِنَوْمِهَا۔ وَلَا تَمَخَّضَتْ لَیْلَتِیْ عَنْ یَوْمِهَا۔ دُوْنَ اَنْ اَلْقَیْتُ اَبَا زَیْدِنِ السَّرُوْجِیَّ۔ یَجُوْلُ فِیْ اَرْجَاءِ نَصِیْبِیْنَ۔ وَیَخْبِطُ بِهَا خَبْطَ الْمُصَابِیْنَ وَالْمُصِیْبِیْنَ وَهُوَ یَنْثُرُ مِنْ فِیْهِ الدُّرَرَ۔ وَیَحْتَلِبُ بِکَفَّیْهِ الدِّرَرَ۔ فَوَجَدْتُ بِهَا جِهَادِیْ۔ قَدْ حَازَ مَغْنَمًا وَقَدْ حَی الْفَذُّ فَقَدْ صَارَ تَوْاَمًا۔

الترجمۃ والمطالب

یہاں تک کہ میں تکلیف اٹھاتا ہوا خود اپنے اوپر تکلیف سہتا ہوا اور سانڈنی کو دبلا کر کے اس کو تکلیف دے کر میں نصیبین میں پہنچا) جب نصیبین کے سبزہ زاروں میں میں نے سانڈنی کو بٹھایا اور وہاں کی چراگاہ میں سے ایک حصہ مقرر کر لیا وہاں کی خوش حالی دیکھ کر مجھے بے حد خوشی ہوئی، تو میں نے وہاں قیام کرنے اور اہل نصیبین کو پڑوسی بنانے کا پختہ ارادہ کر لیا یہاں تک کہ خشک سالی جاتی رہے اور میری قوم کثرت بارش سے فائدہ اٹھائے (یعنی خوشحال ہو جائے) خدا کی قسم میری آنکھ نے نیند کی کلی نہیں کی اور نہ میری آنکھ نے اپنے دن سے حرکت کی (یعنی میں سویا نہیں تھا اور نہ رات ختم ہوئی تھی کہ بہت ہی جلدی میں نے ابوزید سروجی کو شہر نصیبین کے اطراف میں کبھی تو دیوانوں کی طرح اور کبھی ہوشیاروں کی طرح گھومتا ہوا پایا جو اپنے منہ سے موتیوں کو بکھیر رہا تھا اور دونوں ہتھیلیوں کے ذریعے سے دودھ دوہ رہا تھا (بخشش حاصل کرتا پھر رہا تھا) یہ دیکھ کر مجھے ایسا معلوم ہوا کہ شہر نصیبین میں میری کوشش نے مال غنیمت حاصل کر لیا ہے اور میرا اکیلا تیر جڑواں (جفت) ہو گیا ہے۔

تشریح لغات

[1] نقضا علی نقض ای مهزولاً علی جمل مهزول ای کنت مهزولاً من السفر راکباً علی جمل مهزول من السیر والجمع انقاض ونقوض یقال نقض البناء نقضاً ای هدمه والعظم ای کسره والعهد ای افسده بعدا حکامه از نصر [2] انخت از افعال اناخة مصدر بمعنی اونٹ بٹھانا۔ یقال انخت البعیر فبرك وتنوخ جبکہ وہ بیٹھ جائے [3] بمغناها ای بمنزلها والجمع مغان، یقال خربت مبانیهم وغلت مغانیهم یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہو گئے [4] مرعاها بمعنی چراگاہ وگھاس والجمع مراعٍ [5] نصیب بمعنی مقرر حصہ والجمع انصبۃ وانصباء ونُصُب [6] جرانی جران بمعنی اونٹ کی گردن کا اگلا حصہ ای مقدم عنق البعیر من مذبحه الی لبته اور یہ کنایہ اقامت سے ہے، والجمع جُرُنٌ واجرنةٌ [7] جماد یہ فعال کے وزن پر صفت کا صیغہ ہے بمعنی قحط زدہ سال السنة الجماد التی لامطر فیها وارض جماد ای لم تمطر ویقال جماد الکف ای بخیل وایضا الجماد والجامد مالا حیوة له کالحجر والجمع جمد وهذا من جمد الماء ای قام وتماسکت اجزاؤه از نصر۔
[8] تتعهد از تفعل اور یہ عہد سے مشتق ہے از سمع یقال تعهد الشئ جبکہ وہ حفاظت کرے اور دیکھ بھال کرے اور عہد کی تجدید کرے اور اپنے املاک کی حفاظت واصلاح کرے [9] العهاد بکسر العین وهو المطر المتکرر الذی یتعهد الارض مرة بعد مرة وقیل اول الربیع جمع عهدة او عهد [10] ماتمضمضت تمضمض مصدر بمعنی پانی منہ میں داخل کرنا اور یہاں یہ کنایہ ہے نیند کے نہ آنے سے [11] مقلتی بمعنی آنکھ کا ڈھیلا وآنکھ والجمع مُقَلٌ [12] تمخضت از تفعل تمخض مصدر بمعنی نکلنا یقال تمخضت المرأة عن ولدها اذا احملت بالولد عنه وتمخضت بولدها اذا تحرکت به ودنت ولادتها ولذا استعیر　　هذا المعنی للیلة صار تمخضها۔

عن الیوم السابق لها کان الیوم ابقی فی اللیلۃ ما کان فیہ من الحیوان فتحرکت بہ فیرید انہ لم ینقض یومی الذی وردت فیہ نصیبین حتی وجدت ابازید قبل ان ادخل فی لیلتی۔ یعنی رات اپنے دن سے جُدا نہ ہوا تھا کہ سب سے پہلے میری ملاقات ابوزید سے ہوگئی ویقال مخضت الحامل مخاضا ای دنا ولدھا واخذ الطلق وفی التنزیل فاجاءھا المخاض الی جذع النخلۃ از سمع ؎۱۳ دون اور بعض نسخوں میں اد ہے جو الا کے معنی میں ہے ؎۱۴ یجول از نصر جَوْلٌ وجُولاً وجولانًا وجیلانًا مصدر بمعنی گھومنا وچکر لگانا ؎۱۵ ارجاء بمعنی اطراف اور یہ رجًا بالالف المقصور کی جمع ہے وفی التنزیل والملکُ علیٰ ارجآئہا ؎۱۶ یخبط ای یمشی علی غیر ہدایۃ دیوانوں کی طرح بھٹکتا چلنا قال الامام الراغب الخبط الضرب علی غیر استواء کخبط البعیر الارض بیدہ والرجل الشجر بعصاہ از ضرب وفی التنزیل یتخبطہ الشیطان من المس۔ ؎۱۷ المصابین بمعنی مجنونوں کی طرح مصاب اور مصابۃ اور مصوبۃ بمعنی بلا وہر امر مکروہ کے معنی میں ہے ؎۱۸ المصیبین اسم فاعل کا صیغہ از افعال بمعنی صواب کو پہنچنے والے یقال اصاب الشیٔ جبکہ وہ صواب سمجھے ؎۱۹ الدرر بضم الدال یہ درکی جمع ہے بمعنی بڑا موتی اور اس کی جمع دُرات بھی آتی ہے اس کا واحد دُرَّۃٌ ہے ؎۲۰ یحتلب از افتعال احتلاب مصدر بمعنی دودھ کا دوہنا یقال حلب الشاۃ حلبًا وحلبًا وحلابا ای اخرج ما فی ضرعھا من اللبن واحتلب ای حلب اللبن واستدرہ از نصر وضرب ؎۲۱ الدر بکسر الدال یہ دَرَّۃٌ کی جمع ہے بمعنی دودھ یقال دَرَّ الحلیب دَرًّا ای کثر از نصر وضرب ودرت السحاب ای کثرت بالمطر وفی التنزیل یرسل السماء علیکم مدرارًا ای مطرا غزیزًا ؎۲۲ جہادی ھو استفراغ الواسع والجھد فی المدافعۃ العدو وفی التنزیل وجاھدوا فی اللہ حق جہادہ۔ والمراد ھٰھنا التعب والمشقۃ ؎۲۳ حاز ای جمع وحصل یقال حازہ الشیٔ حوزًا ای ضمہ وجمعہ وحصل علیہ از نصر ؎۲۴ مغنما بمعنی غنیمت والجمع مغانم وفی التنزیل فعند اللہ مغانم کثیرۃ ؎۲۵ قدحی بالکسر ھو سھم المیسر والقمار والجمع قداح واقدُحٌ ؎۲۶ الفذ ای الوحید وھو اول سہام المیسر والجمع افذاذ وفذوذ ؎۲۷ توأما ای کنت غریبًا وفردا فاذا وجدت ابازید صرت زوجًا۔

وَلَمْ اَزَلْ اَتْبَعُ ظِلَّهٗ اَيْنَمَا انْبَعَثَ وَاَلْتَقِطُ لَفْظَهٗ كُلَّمَا نَفَثَ۔ اِلٰى اَنْ عَرَاهُ مَرَضٌ امْتَدَّ مَدَاهُ۔ وَعَرَقَتْهُ مُدَاهُ۔ حَتّٰى كَادَ يَسْلُبُهٗ ثَوْبَ الْمَحْيَا وَيُسَلِّمُهٗ اِلٰى اَبِىْ يَحْيٰى۔ فَوَجَدْتُ لِفَوْتِ لُقْيَاهُ۔ وَانْقِطَاعِ سُقْيَاهُ۔ مَا يَجِدُهُ الْمُبْعَدُ عَنْ مَرَامِهٖ۔ وَالْمُرْضَعُ عِنْدَ فِطَامِهٖ۔ ثُمَّ اُرْجِفَتْ بِاَنَّ رَهْنَهٗ قَدْ غَلِقَ وَمِخْلَبَ الْحِمَامِ بِهٖ قَدْ عَلِقَ۔ فَقَلِقَ صَحْبُهٗ لِاِرْجَافِ الْمُرْجِفِيْنَ۔ وَانْثَالُوْا اِلٰى عَقْوَتِهٖ مُوْجِفِيْنَ۔

الترجمہ والمطالب اور میں بھی اُس کے ساتھ ساتھ جہاں بھی وہ جاتا تھا سایہ کی طرح جاتا تھا اور اُس کے کلام سے فائدہ اُٹھاتا رہا جبکہ وہ کسی بات کو کہتا اتفاقًا اُس پر لمبی کا حملہ ہوا اور اُس کی مدت بڑھ گئی اور مرض کی چھریوں نے اُس کا گوشت کاٹ کر پھینکا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ مرض اُس کی زندگی کے کپڑے اُتار پھینکے گا دیا چھین لے گا) اور ابوزید کو موت کے حوالے کر دے گا، پس مجھے اُس کی ملاقات اور دیدار سے محروم ہونے اور اُس کے فوائد سے بہرہ اندوز نہ ہونے کی وجہ سے غم ہوا اُس شخص جیسا جو اپنے وطن سے دور ہوا اور اپنے مقاصد میں وہ کامیاب نہ ہو یا اُس ننھے بچے کی طرح

جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو پھر اسی درمیان میں یہ بری خبر مشہور ہو گئی (اڑا دی گئی) اس کا رہن دشوار ہو گیا (یعنی اس کی امید زیست بھی باقی نہ رہی) اور موت نے اپنے پنجے گاڑ دیئے اس جھوٹی اور بری خبر کے مشہور ہوتے ہی ابو زید کے دوست (ساتھی) بے قرار اور بے چین ہو گئے اور بہت جلدی اور تیزی سے اس کے گھر اس طرح پردہ پہنچے۔

تشریح لغات | ١ ولم ازل انبع ظله کنایة عن عدم مفارقته ٢ اینما میں این مکان کے لیے ہے اور ما زائد ہے ٣ انبعث از انفعال انبعاث مصدر بمعنی جانا یقال انبعث فی السیر جبکہ وہ جلدی کرے وانبعث جبکہ وہ بھیجے اور کوئی چیز تیزی سے ظاہر ہو ٤ نفث ای تکلم نفث اور نفثان مصدر بمعنی منہ سے تھوک پھینکنا ونفث الجرح الدم جبکہ زخم سے خون بہے ونفث القلم جبکہ وہ لکھے ونفثت الحیة السم جبکہ سانپ زہر نکالے از نصر اور مراد یہاں اس سے بات کرنا ہے ٥ عراہ عرو مصدر از نصر بمعنی پیش آنا یقال عرا فلانا امرٌ جبکہ پیش آئے وعرا فلانا جبکہ وہ عطیہ مانگنے کے لیے قصد کرے ٦ مداہ بفتح المیم المدة والغایة المنتھی ٧ عرقته ای اخذت لحمه وجعلته نحیفا صاف کر دیا اور اس کو بے گوشت کر دیا یقال عرق العظم عرقا ای نزع ما علیه من اللحم از نصر ٨ مداہ بضم المیم یہ مُدْیَة کی جمع ہے بمعنی چھری اور اس میں ضمیرہ مرض کی طرف راجع ہے ٩ المحیا بمعنی زندگی اور وہ موقع جہاں شرم کی جائے والجمع محای ١٠ ابی یحیی یہ موت کی کنیت ہے یا ملک الموت کی ١١ فوجدت از ضرب یقال وجد علیه وجدًا وجدةً وموجدةً ووجدانًا جبکہ وہ غضبناک ہو دو جدله جبکہ وہ غمگین ہو دوجد وجدًا بفلان جبکہ وہ محبت کرے ١٢ مرامه بمعنی مقصد و مطلب والجمع مرامات ١٣ المرضع اسم مفعول کا صیغہ ای الطفل الرضیع از افعال یقال ارضعه جبکہ دودھ پلائے ١٤ فطامه مصدر فصل الولد عن الرضاع یقال فطم الولد فطمًا جبکہ بچہ کا دودھ چھڑائے ١٥ ارجف ارجاف مصدر از افعال جھوٹی خبر کا لوگوں میں مشہور کرنا جس سے لوگوں میں بے چینی پیدا ہو والرجف الاضطراب الشدید یقال رجفت الارض والبحر والارجاف ایقاع الرجفة اما بالفعل واما بالقول ١٦ رهنه. الرهن ما یوضع وثیقة لدین انر فتحہ ١٧ غلق، غلق مصدر بمعنی دشوار ہونا یقال غلق الرهن فی ید المرتهن غلقا ای صار ملکه وذلک اذا عجز الراهن عن افتکاکه ثم صار مثلا فی کل شیٔ وقع فی امر لا یرجی انا سهم ١٨ مخلب بکسر المیم بمعنی پنجہ و چنگل والجمع المخالب هو للسبع بمنزلة الظفر للانسان . . . اور مخلب کے معنی درانتی کے بھی آتے ہیں ١٩ الحمام بکسر الحاء المهملة بمعنی موت وبضم الحاء بمعنی جانوروں خصوصا گھوڑے کا بخار و بمعنی سردار شریف وبفتح الحاء بمعنی کبوتر اعلم ان للموت احوالا واسماء فاعلم ان الانسان اذا مات من علة شدیدة قیل اراح فاذا مات بعلة قیل فاضت نفسه (بالضاد) واذا مات نجارة قیل فاظت نفسه (بالظاء) واذا مات من غیر داء قیل فطس وفقس فاذا مات فی شبابه قیل مات عبطة واختضر فاذا مات من غیر قتل قیل مات حتف انفه واذا مات بعد الهرم قیل قضی نحبه فاذا مات لزنا قیل صفرت وطابه وزعموا انه یراد بذلک خروج دمه عن عروقه ٢٠ علق از سمع ونصر ای نشب به تعلق به وهو کنایة عن الموت ٢١ المرجفین ای لخوض الخائضین واذاعتهم الاخبار الکاذبة ٢٢ انثالوا از انفعال یعنی پہنچے ای انصبوا یقال انثال علیه الناس من کل وجه جبکہ اس کو آتے ہوئے گھیر لیں وانثال ای انصبّ اور اس کے معنی استنفر کے بھی آتے ہیں ٢٣ عقوته ای ساحته وقیل محلته وقیل ما حول داره والجمع عقاء یقال عقا فلانا ای جلسه وایضا یقال عقا العلم ای ارتفع وعقا الامر ای کرهه وعقا البئر ای حفرها ٢٤ موجفین ای مسرعین از افعال یقال وجف وجفا ووجیفا ووجوفا ای عدا مسرعا واوجفت البعیر ای اسرعه وفی التنزیل فما اوجفتم علیه من خیل ولا رکاب

حَيَارَىٰ يَمِيدُ بِهِمْ شَجْوُهُمْ ... كَأَنَّهُمُ ارْتَضَعُوا الْخَنْدَرِيسَا
أَسَالُوا الْغُرُوبَ وَعَطُّوا الْجُيُوبَ ... وَصَكُّوا الْخُدُودَ وَدَقُّوا الرُّؤُوسَا
يَوَدُّونَ لَوْ سَالَمَتْهُ الْمَنُونُ ... وَغَالَتْ نَفَائِسَهُمْ وَالنُّفُوسَا

(قَالَ الرَّاوِي) وَكُنْتُ فِيمَنِ الْتَفَّ بِأَصْحَابِهِ. وَأَغَذَّ إِلَى بَابِهِ. فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَى فِنَائِهِ. وَتَصَدَّيْنَا لِاسْتِنْشَاءِ أَنْبَائِهِ. بَرَزَ إِلَيْنَا فَتَاهُ مُفْتَرَّةً شَفَتَاهُ. فَاسْتَطْلَعْنَا طِلْعَ الشَّيْخِ فِي شِكَايَتِهِ وَكُنْهَ قُوَى حَرَكَاتِهِ. فَقَالَ قَدْ كَانَ فِي قَبْضَةِ الْمَرْضَةِ. وَعُرَكَةِ الْوَعْكَةِ.

الترجمۃ والمطالب وہ سب کے سب حیران تھے اور غم میں ڈوبے ہوئے تھے گویا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انہوں نے پرانی شراب پی رکھی تھی انہوں نے اپنے آنسو بہا رکھے تھے اور اپنے گریبانوں کو چاک کر رکھا تھا اور اپنے گال (چہرہ) پیٹتے ہوئے اور سروں کو پھوڑتے ہوئے (یا زخمی کرتے ہوئے) آئے اور اُن کی یہ خواہش اور آرزو تھی کہ اس سے موت صلح کرے (یعنی اُس کو چھوڑ دے) اور اُن کی قیمتی اشیاء اور اُن کی جانوں کو ہلاک کر دے (یا لیلے) راوی کہتا ہے میں بھی اُس کے دوستوں اور گھر پر تیز جاتے والوں میں تھا چنانچہ جب ہم اس کے گھر پہنچے اور اس کی خبر اور واقعات کی تفتیش کی تو ایک نوجوان (جو اُس کا لڑکا تھا) مسکراتا ہوا باہر آیا ہم نے ابوزید کے مرض کی حقیقت حالت اور اُس کی اصلیت دریافت کی تو اس نے یہ جواب دیا کہ یہ سچ ہے کہ وہ سخت بیماری کے پنجہ میں ہے اور وہ سخت بخار میں مبتلا ہے۔

تشریح لغات [1] حیاریٰ یہ صفت کا صیغہ ہے اور حیران کی جمع ہے بمعنی حیران اور پریشان خبر مبتدا مقدر ای اصحابہ او حال من ضمیر انثالوا بعد حال اول وھو موجفین۔ [2] یمید مید اور میدان مصدر بمعنی ہلنا و جھکنا ای اضطراب الشیٔ العظیم کالارض والجبل ای یحرکھم ویضطرب بھم وفی التنزیل ان تمید بھم از ضرب [3] شجوھم ای حزنھم یقال شجاہ شجوا ای احزنہ و شجی شجیا ای حزن از سمع [4] الخندریسا پرانی شراب من اسماء الخمر قیل اصلہ خندر العضو خدرا ای اصابہ الخدر وھو الفتور حتی لا یستطیع الحرکۃ والخمر یفتر اعضاء السکران وقیل اصلہ درس اذا خلق و بلی فالمراد بہ الخمر القدیم العتیق [5] اسالوا اسالۃ مصدر از افعال بمعنی بہانا۔ [6] الغروب یہ غرب کی جمع ہے بمعنے آنسو [7] عطوا ای شقوا و خرقوا عط مصدر از نصر بمعنے کپڑے پھاڑنا [8] الجیوب جیب کی جمع بمعنے گریبان [9] صکّ مصدر زور سے مارنا اور تھپڑ مارنا از نصر وفی التنزیل فصکت وجھہا [10] شجوا شج مصدر بمعنے زخمی کرنا یقال شج الراس شجا ای جرحہ وکسرہ از ضرب و نصر [11] سالمتہ سالمۃ مصدر از مفاعلہ بمعنے صلح کرنا [12] المنون موت یقال من الحبل منا ای قطعہ از نصر وفی التنزیل فلھم اجر غیر ممنون ای غیر مقطوع ولا منقوص ومنہ قیل المنون للمنیۃ لانہا تنقص العدد وتقطع المدد وقیل ان المنیۃ التی ھی بالقول من ھذا لانھا تقطع النعمۃ وتقتضی قطع الشکر [13] غالت از نصر غول مصدر بمعنی ہلاک کرنا اور اچانک آ دبوچنا ای اہلکت واستاصلت [14] نفائسھم یہ نفیسۃ کی جمع ہے بمعنی عمدہ و بیش قیمت مال [15] نفوسا یہ نفس کی جمع ہے بمعنی جان و بدن و روح و خون وغیر ذلک [16] التف از افتعال ای اجتمع وانضم وفی التنزیل والتفت الساق بالساق۔ یقال لف الشیٔ ای ضمہ وجمعہ ضد نشرہ از نصر وفی التنزیل جئنا بکم لفیفا۔ ای متضمنا بعضکم الی بعض [17] اغذ ای اسرع ا...

افعال یقال أغذّ فی السیر ای اسرع وغذ فی السیر غذاً ای اسرع از نصر وضرب ۱۸؎ ثنائہ ای ساحتہ والجمع افنیۃ وفُنیّ۔

۱۹؎ الاستنشاء مصدر از استفعال بمعنی دریافت کرنا اور خبر معلوم کرنا یقال استنشاء الاخبار ای تتبعہا واستقصاہا ۲۰؎ انبائہ یہ نباءٌ کی جمع ہے بمعنی خبر ۲۱؎ مفترۃ از افتعال یہ مفتر کا مؤنث ہے افتراء مصدر بمعنی آہستہ آہستہ ہنسنا یقال افتر البرق جبکہ بجلی چمکے یا آہستہ آہستہ ہنسے وافتر الشیٔ جبکہ وہ سونگھے ۲۲؎ شفتا ہ اس میں اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا اس کا واحد شفۃٌ ہے بمعنی ہونٹ والجمع شِفاہٌ وشفاۃٌ ۲۳؎ استطلعنا استطلاع مصدر از استفعال بمعنی خبر پوچھنا اور اس میں س ت طلب کے لیے ہے ۲۴؎ طلع یہ اسم ہے اطلاع کا بمعنی خبر یقال اطلع طلع العدو یعنی وہ دشمن کی حقیقت حال کو جان گیا ۲۵؎ شکاتہ یہ شکا کا اسم مرۃ ہے شکو بمعنی بیماری کا واحد ہے والجمع شکوات وشکاءٌ ۲۶؎ قبضۃ بمعنی پکڑنا و بمعنی مقبوض اور یہ قبض کا اسم مرۃ ہے بمعنی موت ۲۷؎ المرضۃ بفتح المیم بمعنی سخت بیماری یقال مرضۃ شدیدۃ جبکہ سخت بیماری ہو از سمع ۲۸؎ عرکتہ از نصر یقال عرک الاذی بجنبہ جبکہ وہ مشقت اٹھائے اور تکلیف برداشت کرے واز سمع بمعنی سخت حملہ آور ہونا ۲۹؎ الوعکۃ مصدر اور یہ وعک کا اسم مرۃ ہے بمعنی سخت مرض یقال وعکتہ الحمیٰ یعنی بخار کی تیزی دوعکۃ الامر یعنی معاملہ کی سختی از ضرب۔

اِلٰی اَنْ شَفَّہُ[۱] الدَّنَفُ[۲]۔ وَاسْتَشَفَّہُ[۳] التَّلَفُ[۴]۔ ثُمَّ مَنَّ[۵] اللّٰہُ تَعَالٰی بِتَقْوِیَۃِ ذَمَائِہٖ[۶]۔ فَاَفَاقَ مِنْ اَغْمَائِہٖ[۷]۔ فَارْجِعُوْا اَدْرَاجَکُمْ وَانْضُوْا[۸] اِنْزِعَاجَکُمْ فَکَانَ قَدْ غَدَا[۹] وَرَاحَ[۱۰]۔ وَسَاقَاکُمُ الرَّاحَ[۱۱]۔ فَاَعْظَمْنَا بُشْرَاہُ۔ وَاقْتَرَحْنَا اَنْ نَرَاہُ۔ فَدَخَلَ مُوْذِنًا[۱۲] بِنَا۔ ثُمَّ خَرَجَ اِذْ نًالَنَا۔ فَلَقِیْنَا مِنْہُ لَقًی[۱۳] وَلِسَانًا طَلْقًا۔ وَجَلَسْنَا مُحْدِقِیْنَ[۱۴] بِسَرِیْرِہٖ۔ مُحَدِّقِیْنَ اِلٰی اَسَارِیْرِہٖ[۱۵]۔ فَقَلَّبَ طَرْفَہٗ فِی الْجَمَاعَۃِ۔ ثُمَّ قَالَ اجْتَلُوْھَا[۱۶] بِنْتَ السَّاعَۃِ وَاَنْشَدَ۔

الترجمۃ والمطالب یہاں تک کہ اس کو پرانی اور سخت بیماری نے نڈھال اور موت کے قریب کر دیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے بقیہ جان کو قوت دے کر بڑا ہی احسان کیا، پس وہ بے ہوشی سے ہوش میں آ گیا ہے (یعنی اس کی بے ہوشی جاتی رہی) لہذا آپ اطمینان کے ساتھ اپنے گھروں کو لوٹ جائیں اور اپنی گھبراہٹ کو آپ دور کریں اور صبح وشام میں ہی آپ کو وہ شراب پلائیں گے (یعنی وہ آپ سے گفتگو کریں گے اور اپنے عمدہ کلام ادبی یا اپنے اعلیٰ مضامین آپ کو سنائیں گے ہم نے اس کی خوش خبری کو بہت ہی بڑا سمجھا اور ہم نے اس بات کی خواہش کی کہ ہم ابو زیدؒ کو دیکھیں۔ پس وہ ہماری اطلاع کے لیے اندر چلا گیا اور پھر وہ اجازت دیتا ہوا واپس آیا، جب ہم نے اس سے ملاقات کی تو وہ پڑا ہوا تھا مگر زبان کی روانی بدستور تھی، ہم اس کی چارپائی (یا تخت) کے آس پاس جا بیٹھے اور ہم نے اس کی پیشانی کی لکیروں پر اپنی نگاہیں جما دیں، اس نے سب پر اپنی نگاہ دوڑائی، پھر اس نے کہا کہ میرے اشعار سنیئے جو ابھی میں نے بنائے ہیں اور یہ میرے فوری نتیجہ فکر ہیں اور اس نے اپنے اشعار پڑھے۔

تشریح لغات ۱؎ شفا از ضرب یقال شَفَّہٗ شفوفًا جبکہ اس کو کمزور اور نڈھال کرے ای اذھنہ واضمرہ داوجعہ ۲؎ الدنف المرض الثقیل (پرانی بیماری) یقال دنِف دنفًا ای ثقل مرضہ ودنا من الموت از سمع۔

ؔ استشفر از استفعال وھو من استشف ما فی الاناء ای شرب کل ما فیہ وھو من شف الماء ای شربہ کلہ یقال شفہ المرض اوالھم ای اوھنہ ؔ اتلف مصدر بمعنی ہلاکت (وموت) یقال تلِفَ تلفًا ای ہلک از سمع ؔ منّ از نصر منًّا مصدر بمعنی احسان کرنا واحسان رکھنا ؔ ذمائہ بقیۃ الروح فی المذبوح یقال قد ذَمَی المذبوحُ ذمًا اذا تحرک از سمع ؔ اغمائہ مصدر بمعنی بے ہوشی واعلم ان الغشی ضروبًا فان الانسان اذا دخل دخان الفضۃ فی خیاشیمہ وفمہ نغشی منہ قیل أسن وقیل اذا دخل الرجل فی البیر فاصابتہ ریح منتنۃ اوغیر ذلک نغشی علیہ قیل أسن وھو أسِن فاذا غشی علیہ من الفزع قیل صعق فاذا غشی فظن انہ مات ثم تثوب الیہ نفسہ قیل اغمی علیہ فاذا غشی علیہ من الدوار (سر کا چکر) قیل دیربہ فاذا غشی علیہ من السکتۃ قیل اسکت فاذا غشی علیہ فخر ساقطًا والتوی واضطرب قیل صُرع۔
ؔ اور اجکم یہ درج کی جمع ہے بمعنی راستہ اور اُس کی جمع دِرَاجٌ بھی آتی ہے ای ارجعوا من حیث اتیتم ؔ انضوا ای ازیلوا وا کشفوا از نصر یقال نضا السیف من غمدہ جبکہ وہ تلوار کو میان سے سونتے ونضا الثوبَ عنہ جبکہ وہ کپڑے اُتارے ونضا الرجل من ثوبہ جبکہ وہ ننگا کرے ونضا البلادَ جبکہ وہ طے کرے ونضا الجرح جبکہ زخم کی سوجن اُترے ونضا الماء جبکہ پانی جذب ہو ونضا السیف جبکہ تلوار پار ہو ونضا الفرس الخیل جبکہ وہ آگے بڑھ جائے ونضا الخضاب نضوًا جبکہ رنگ اُتر جائے ؔ انزعاجکم مصدر از انفعال بمعنی بے آرامی وقلق واضطراب یقال زعجہ زعجًا ای اقلقہ از فتح ؔ غدا ای فکانہ شقی فیخرج الیکم بکرۃ وعشیا۔ اور یہ غدوۃٌ سے مشتق ہے بمعنی صبح کو آنا یقال غدا یغدو غدوًا وغدوۃ۔ جبکہ وہ سویرے سے آئے از نصر ؔ راح از نصر اور یہ رواح سے مشتق ہے بمعنی شام کے وقت آنا یقال راح رواحًا جبکہ وہ شام کے وقت آئے یا جائے یا کام کرے ویقال راح القوم والیھم وعندھم جبکہ وہ شام کے وقت کسی کے پاس جائے اور اس کے معنی مطلق جانیکے بھی آتے ہیں ؔ الراح مصدر بمعنی شراب وخوشی منہ یومٌ راحٌ یعنی سخت ہوا کا دن اور یہاں اس کے شراب کے معنی ہیں ؔ اقترحنا از افتعال اقتراح مصدر بمعنی درخواست کرنا اور سوال کرنا یقال اقترح علیہ کذا وبکذا ای تحکم اوسألہ ایاہ بالعنف وعن غیر رویۃ۔ ویقال اقترح علیہ کذا ای اشتہی ان یصنعہ لہ واقترح البئرَ ای حفرھا فی موضع لم یحفر فیہ ولم یکن فیہ ماء ویقال اقترح الخطبۃ ای ارتجلھا واقترح الامر ای ابتدعہ من غیر مثال سابق واقترح الشئ ای اجتباہ واختارہ واقترح البعیر ای رکبہ من غیر ان یرکبہ احدٌ از فتح ؔ موذنا اسم فاعل کا صیغہ از افعال ایذان مصدر بمعنی اطلاع وخبر دینا یقال اذن بالشئ ای علم بہ واذن الیہ ای استمع واذِن لہ اذنًا ای اباح واجاز لہ از سمع ؔ لقی پھینکی ہوئی چیز ای ملقًی مطروحًا والجمع القاءٌ ؔ طلقا بضم الطاء واللام او بفتح الطاء وکسر اللام او سکون اللام بمعنی تیز زبان (یعنی فصیح زبان) ؔ محدثین احداق مصدر از افعال بمعنی احاطہ کرنا یقال حَدَق بہ حَدقًا واحدق بہ ای اطاف از ضرب ؔ لسریرہ بمعنے تخت والجمع اَسِرَّۃٌ وسُرر۔ ؔ محدقین از تفعیل تحدیق غور سے دیکھنا یقال حدقہ بعینہ حدقًا ای نظرہ وحدق الیہ ای حدد النظر الیہ ؔ اساریرہ یہ اسرار کی جمع ہے اور اسرار یہ سَرر یا سُرّ کی جمع بمعنے ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط ؔ اجتلوھا از باب افتعال اجتلاء مصدر بمعنے دیکھنا یقال اجتلی الشئ جبکہ وہ دیکھے ؔ بنت الساعۃ بیان لضمیر مبہم وھو ھا فی اجتلوھا بمعنی ابھی اور فی البدیہہ لفظی معنے ساعت کی بیٹی اور اس سے مراد ابیات واشعار ہیں (یعنی ان کو ساعت نے بنایا ہے۔)

عَافَانِی اللّٰهُ وَ شُکْرًا لَهٗ مِنْ عِلَّةٍ کَادَتْ تُعَفِّیْنِیْ[۱] وَمَنَّ بِالْبُرْءِ[۲] عَلٰی اَنَّهٗ

لَابُدَّ مِنْ حَتْفٍ[۳] سَیَبْرِیْنِیْ[۴] مَا یَتَنَاسَانِیْ وَلٰکِنَّهٗ اِلٰی تَقَضِّیْ[۵] الْاُکْلِ یَنْسِیْنِیْ[۶]

اِنْ حُمَّ[۷] لَمْ یُغْنِ حَمِیْمٌ[۸] وَلَا حِمٰی کُلَیْبٍ[۹] مِنْهُ یَحْمِیْنِیْ وَمَا اُبَالِیْ اَدَنَا یَوْمُهٗ

اَمْ اُخِّرَ[۱۰] الْحِیْنُ اِلٰی حِیْنٍ فَاَیُّ فَخْرٍ فِیْ حَیَاةٍ اَرٰی فِیْهَا الْبَلَایَا ثُمَّ تُبْلِیْنِیْ[۱۱]

قَالَ فَدَعَوْنَا لَهٗ بِامْتِدَادِ[۱۲] الْاَجَلِ۔ وَارْتِدَادِ[۱۳] الْوَجَلِ۔ ثُمَّ تَدَاعَیْنَا[۱۴] اِلَی الْقِیَامِ۔ لِاتِّقَاءِ الْاِبْرَامِ[۱۵]۔ فَقَالَ کَلَّا بَلِ ابْتَغُوْا بَیَاضَ یَوْمِکُمْ عِنْدِیْ۔ لِتَشْفُوْا بِالْمُفَاکَهَةِ وَجْدِیْ[۱۶]۔ فَاِنَّ مُنَاجَاتَکُمْ قُوْتُ نَفْسِیْ۔ وَمَغْنَاطِیْسُ[۱۷] اُنْسِیْ۔ فَتَحَرَّیْنَا[۱۸] مَرْضَاتَهٗ۔ وَتَحَامَیْنَا مُعَاصَاتَهٗ[۱۹]۔

الترجمۃ والمطالب خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے عافیت دی اور ایسے مرض سے بچالیا جو وہ مجھے دنیا سے مٹا دیتا (یعنی مجھے ہلاک کر دیتا) اور اُس نے مجھے صحت عطا فرما کر احسان کیا اگرچہ یہ یقینی بات ہے کہ عنقریب مجھے موت چھانٹ ڈالیگی اور موت مجھے بھولی نہیں ہے ہاں اتنا ضرور ہے کہ وہ روزی ختم ہونے تک مجھے بھلائے گی (یعنی میری آخری گھڑی تک وہ تاخیر کرے گی) جب موت آئے گی تو اُس وقت نہ کوئی دوست مجھے بچا سکے گا اور نہ اپنی کلیب کی حمایت (حفاظت) اور مجھے اس کی پرواہ نہیں ہے کہ موت کا وقت آپہنچا یا ابھی اس کی کچھ مدت باقی ہے اور واقعی بات یہ ہے کہ میں ایسی زندگی پر کیا ناز اور فخر کر سکتا ہوں کہ میں مصیبتوں میں مبتلا ہوں اور چُور چُور ہو رہا ہوں (حارث بن ہمام کہتا ہے) پس ہم نے اس کے لیے درازیٔ عمر اور خوف کے دور ہونے کی دُعا مانگی پھر ہم سب ابوزید کے ملول ہونے کے خیال سے آپس میں ایک دوسرے کو چلنے (جانے) کا اشارہ کرنے لگے ابوزید نے کہا یہ ہرگز نہیں ہو سکتا دن چھپنے (پورے دن) تک یہیں آپ قیام کریں تاکہ خوش طبعی کی باتوں سے میرا غم غلط ہو جائے اس لیے آپ سے بات چیت کرنا میری روحانی غذا اور جذبہ پچی محبت کا ہے، چنانچہ ہم نے اس کو خوش کرنے کا ارادہ کر لیا اور اُس کی نافرمانی سے بچے۔

تشریح لغات [۱] تعفینی ای تدرسنی وتمحوا اثری و العفو القصد لتناول الشیٔ وعفت الدیار کانہا قصدت البلیٰ وعفوت عنہ ای قصدت ازالۃ ذنبہ از تفعل یقال تعفا تعفیًا جبکہ مٹے اور مضمحل ہو [۲] بالبرء مصدر از سمع یقال برئی وبرء ای فتح وبرء واز کرم من برأ وبروءًا ۔ جبکہ وہ شفایاب ہو اور چنگا ہو [۳] حتف بمعنے موت والجمع حتوفٌ یقال مات حتف انفہ او حتف فیہ جبکہ وہ اپنی موت سے مرے [۴] سیبرینی ای یہلکنی از ضرب یقال بری یبری بریا جبکہ وہ چھیلے اور قطع کرے یقال بری السہم او القلم جبکہ وہ چھیلے اور کاٹے وبری الشخص جبکہ دبلا اور کمزور ہو [۵] تقضی مصدر از تفعل بمعنی ختم ہونا [۶] ینسینی ای یؤخرنی واصلہ ینسئنی بالہمز از افعال یقال نسأ الشیٔ نسأً ومنسأۃً ای سخنہٗ ونسأہ وفی البیع ای اخرلہ دفع الثمن از فتح [۷] حم ای قدر یقال حمّ اللہ لہ کذا ای قدرہ وقضاہ لہ وحم الامر فلانًا ای احم یقال حم حمہ ای قصد قصدہٗ وحم التنور ای احماہ وحم الشحمۃ ای اذابہا وحم الماء ای سخنہٗ وحم الامر تحال ای عجلہ باب الکل من نصر والمصدر حمًا۔ [۸] حمیم بمعنی دوست والقریب الذی تہتم بامرہ والجمع احماء وایضًا الحمیم الماء الحار او الماء البارد والجمع حمائم والحمیم ایضا القیض العرق والمطر بعد اشتداد الحر یقال ھو حمیم

بالحاجة ای کلف بھا ... [9] کلیب وہو کلیب بن مرۃ الشیبانی وقیل کلیب بن ربیعۃ اور اُس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اس کی اتنی عزت اور اتنا دبدبہ اور خوف تھا کہ لوگ اس سے ڈرتے تھے اور جب یہ کسی شکار کو امان دیتا تو اس کے خلاف کرنے کی کسی کو ہمت اور طاقت نہ تھی اور جس جگہ یہ بیٹھتا تو لوگ اُس راستہ سے گذرنا چھوڑ دیتے تھے [10] الحین بفتح الحاء المہملۃ بمعنی موت و ہلاکت و رنج و محنت وبکسر الحاء المہملۃ بمعنی وقت والجمع احیان وجمع احایین [11] تبلینی از افعال ابلاء مصدر بمعنے کہنہ کرنا اور یہ بلیٰ و بلاءٌ سے ماخوذ ہے یقال بلی الثوبُ (از سمع) جبکہ کپڑا بوسیدہ ہو [12] امتداد مصدر از افتعال بمعنی طویل مدت اور طویل عمر [13] ارتداد مصدر از افتعال بمعنے پھر جانا اور لوٹ جانا اور اسلام سے پھر کر کفر میں چلا جانا [14] تداعینا تداعی مصدر از تفاعل بمعنے آپس میں ملانا ای دعی بعضنا بعضاً [15] الابرام مصدر از افعال بمعنے تنگ دل اور رنجیدہ دل اور مشقت میں ڈالنا یقال برم برما ای تضجر از سمع وابرمہ ای أملہ واضجرہ [16] وجدی مصدر یقال وجد لہ جبکہ وہ غمگین ہو از ضرب [17] مقناطیس وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے یہ زیادہ صحیح ہے اور عام طور سے مقناطیس بالقاف مشہور ہے اور بالقاف اور بالغین المعجمہ یہ دونوں طرح سے ان کا استعمال ٹھیک ہے [18] فتحرینا تحری مصدر از تفعل بمعنی سوچنا وارادہ کرنا وفی التنزیل فاولئک تحروا رشدا۔ یقال حری الشئ یحری ای قصد حراہ ای جانبہ از ضرب ای وتحراہ کذلک۔ [19] مرضاۃ مصدر بمعنے رضامندی اور خوشی [20] معاصاۃ مصدر از مفاعلہ بمعنے نافرمانی اور مخالفت۔

وَاَقْبَلْنَا عَلَى الْحَدِيْثِ نَمْخُضُ زُبْدَهٗ۔ وَنُلْغِيْ زَبَدَهٗ۔ اِلٰى اَنْ حَانَ وَقْتُ الْمَقِيْلِ۔ وَكَلَّتِ الْاَلْسُنُ مِنَ الْقَالِ وَالْقِيْلِ۔ وَكَانَ يَوْمًا حَامِيَ الْوَدِيْقَةِ۔ يَانِعَ الْحَدِيْقَةِ۔ فَقَالَ اِنَّ النُّعَاسَ قَدْ اَمَالَ الْاَعْنَاقَ۔ وَرَاوَدَ الْاَمَاقَ۔ وَهُوَ خَصْمٌ اَلَدُّ۔ وَخِطْبٌ لَا يُرَدُّ۔ فَصِلُوْا حَبْلَهٗ بِالْقَيْلُوْلَةِ۔ وَاقْتَدُوْا فِيْهِ بِالْاٰثَارِ الْمَنْقُوْلَةِ۔ قَالَ الرَّاوِيْ فَاتَّبَعْنَا مَا قَالَ۔ وَقِلْنَا وَقَالَ۔ فَضَرَبَ اللّٰهُ عَلَى الْاٰذَانِ۔ وَاَفْرَغَ السِّنَةَ عَلَى الْاَجْفَانِ حَتّٰى خَرَجْنَا مِنْ حُكْمِ الْوُجُوْدِ۔ وَصُرِفْنَا بِالْهُجُوْدِ عَنِ السُّجُوْدِ۔

الترجمۃ والمطالب اور ہم اُس کی گفتگو میں مصروف ہوئے اور مکھن بلونے لگے (یعنی عمدہ اور دلچسپ باتیں کرنے لگا) اور چھاچ (خراب باتیں) پھینکتے جاتے تھے یہاں تک کہ قیلولہ کرنے کا وقت آگیا اور زبانیں بھی باتیں کرتے کرتے تھک چکی تھیں اور اُس دن گرمی بھی بہت تھی (یعنی وہ دن نہایت سخت گرمی کا تھا) اور پختہ باغ والا تھا (یعنی وہ موسم گرما کا شباب تھا جس میں سب پھل پک گئے تھے) ابوزید کہنے لگا کہ نیند نے آپ سب کی گردنیں جھکا دی ہیں اور گوشہ چشم نے آنکھوں کو پھسلا لیا ہے اور وہ نیند بہت ہی جھگڑالو دشمن ہے اور اُس کا منگنا (پیام دینے والا) نہیں لوٹایا جاتا ہے لہٰذا اس کو قیلولہ کی رسی سے باندھیے اور احادیث منقولہ کی آپ پیروی کیجئے۔ راوی کہتا ہے پس ہم نے اُس کی اتباع کی جو کچھ کہ اُس نے کہا اور ہم نے اور ابوزید نے بھی قیلولہ کیا پس اللہ تعالیٰ نے ہمیں کانوں سے غافل کر دیا (یعنی سُلا دیا) اور اُس نے نیند کو پلکوں میں بہا دیا گویا ہم وجود کے حکم سے باہر ہو گئے (یعنی مرے ہو گئے) اور سونے کی وجہ سے ہم نماز سے بھی باز رکھے گئے (یعنی نماز بھی فوت ہو گئی)۔

تشریح لغات [1] نمخض عمدہ بات کو نکالنا ای نستخرج خیارہ یقال مخض اللبن مخضا ای استخرج زبدہ از فتح

فتح و نصر وضرب۔ ؎ الزبد بضم الزاء یہ زبدۃ کی جمع ہے بمعنے مسکہ و مکھن وھی فی الاصل ما یستخرج
بالمخض من لبن البقر والغنم ویقال زبدۃ الشیٔ ای خیارہ وزبدہ زبداً ای اطعمہ الزبد از نصر ؎ زبدہ
ای نترك ردیہ والزبد بفتح الزاء غثاء السیل (جھاگ) وفی التنزیل فاما الزبد فیذھب جفاء والزبد اشتق منہ
لمشابھتہ ایاہ فی اللون وزبدتہ زبداً ای اعطیتہ مالا کالزبد کثرۃ واطعمتہ الزبد ؎ وقت المقیل ای وقت
القیلولۃ اور یہ مصدر ہے دوپہر میں سونا یا دوپہر میں لیٹنا از ضرب ؎ کلت ای تعبت واعیت یقال کل کلا وکلولا وکلالۃ
وکلالاً ای تعب واعیا وکل الرجل ای صار کلالا اصل لہ ولا فرع وکل السیف ای لم یقطع وکل اللسان ای لم یحقق
المنطوق از ضرب وفی التنزیل قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ وھو کل علی مولاہ ؎ الودیقۃ بمعنی شدۃ حر
الظھیرۃ اعلم ان الودق ما یکون من خلال المطر کانہ غبار وقد یعبر بہ عن المطر وفی التنزیل فتری
الودق یخرج من خلالہ ویقال لما یبدو فی الھواء عند شدۃ الحر ودیقۃ والجمع ودائق یقال ودق
المطر ودقا ای قطر ؎ یانع آفتاب کی گرمی سے پھل کا پکنا والجمع ینع وفی التنزیل کلوا من ثمرہ اذا
اثمر وینعہ ؎ الحدیقۃ وہ باغ جس کو دیوار محیط ہو والجمع حدائق وھی قطعۃ من الارض ذات ماء سمیت تشبیھا بحدقۃ العین
وفی التنزیل حدائق ذات بھجۃ ؎ النعاس ھو النوم القلیل یقال نعس الرجل نعسا از فتح ؎ راودوا از مفاعلہ مراودۃ مصدر
المراودۃ ان تنازع غیرك فی الارادۃ فترید غیر ما یرید او ترد غیر ما یرود وفی التنزیل ھی راودتنی
عن نفسی۔ (کسی کو دھوکا دینا) ؎ الاماق یہ موق کی جمع ہے وھو طرف العین من جھۃ الانف گوشہ
چشم و کنارہ چشم والمراد ھھنا العیون یعنی طلب النعاس ان یدل العیون۔ ؎ خصم الد ای شدید الخصومۃ والجمع لُدٌّ وفی
التنزیل وھو الد الخصام ولتنذر بہ قوما لدا ؎ خطب بکسر الخاء (یہ صفت کا صیغہ ہے) الرجل الذی یخطب المرأۃ والمراد
ھہنا طلب (یعنی عورت کو پیام دینا) ؎ فصلوا یہ امر حاضر کا صیغہ ہے وصل یصل سے بمعنی ملانا از ضرب ؎ حبلہ حبل بمعنے رسی
اور باندھنے کی چیز والجمع حبال احبل وحبول واحبال ای حصلوا مطلوبہ ای تمنا موا۔ ؎ بالآثار یہ اثر
کی جمع ہے بمعنے حدیث وسنت کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم قیلوا فان الشیطان لا یقیل وایضا استعینوا
بقیلولۃ النھار علی قیام اللیل وبالسحور علی الصیام وغیر ذلك۔ ؎ ما قال یہ قول سے مشتق ہے بمعنی کہنا از نصر
جو کچھ اُس نے کہا اور حکم کیا ؎ قلنا وقال یہ دونوں قیلولہ سے مشتق ہیں از ضرب یقال قال یقیل قیلا وقائلۃ وقیلولۃ ومقالا
ومقیلاً جبکہ وہ دوپہر میں سوئے ؎ فضرب اللہ الخ ای انامنا ومنہ قولہ تعالی فضربنا علی آذانھم فی الکھف سنین ای انمناھم
؎ افرغ ای صب از افعال یقال افرغ الماء جبکہ وہ پانی گرائے وافرغ دماء جبکہ خون بہائے۔ وفی التنزیل افرغ علینا صبرا
والفراغ خلاف الشغل ایضا ؎ من حکم الوجود ای الحیاۃ لان النائم لا یدرک شیئا فھو کالمیت ؎ بالھجود ای النوم یقال ھجد
ھجوداً ای نام باللیل از نصر یقال ھجدتہ فتھجد ای ازلت ھجودہ ای ایقظتہ فاستیقظ وفی التنزیل فتھجد بہ ای تیقظ بالقرآن

فَمَا اسْتَيْقَظْنَا إِلَّا وَالْحَرُّ قَدْ بَاخَ. وَالْيَوْمُ قَدْ شَاخَ. فَتَكَرَّعْنَا لِصَلٰوةِ الْعَجْمَاوَيْنِ. وَأَدَّيْنَا
مَا حَلَّ مِنَ الدَّيْنِ. ثُمَّ تَحَتْحَتْنَا لِلْارْتِحَالِ. إِلَى مُلْقَى الرِّحَالِ. فَالْتَفَتَ أَبُوْ زَيْدٍ إِلَى شِبْلِهِ.
وَكَانَ عَلَى شَاكِلَتِهِ وَشَكْلِهِ وَقَالَ إِنِّي لَأَخَالُ أَبَا عَمْرَةَ قَدْ أَضْرَمَ فِي أَحْشَائِهِمُ الْجَمْرَةَ. فَاسْتَدْعِ

اَبَاجَامِعٍ [۱۳]۔ فَاِنَّہٗ بُشْرٰی کُلِّ جَائِعٍ۔ وَاَرْدِفْہُ [۱۴] بِاَبِیْ نُعَیْمٍ [۱۵]۔ الصَّابِرِ عَلٰی کُلِّ [۱۶] ضَیْمٍ۔ ثُمَّ عَزِّزْہُ [۱۷] بِاَبِیْ حَبِیْبٍ۔ اَلْمُحَبَّبِ اِلٰی کُلِّ لَبِیْبٍ [۱۸]۔ اَلْمُقَلَّبِ [۱۹] بَیْنَ اِحْرَاقٍ وَتَعْذِیْبٍ۔ وَاَهِبْ [۲۰] بِاَبِیْ ثَقِیْفٍ [۲۱]۔ نَحَبَّذَا هُوَمِنْ اَلِیْفٍ [۲۲]۔ وَهَلُمَّ بِاَبِیْ عَوْنٍ [۲۳]۔ نَمَا مِثْلُہٗ مِنْ عَوْنٍ [۲۴]۔ وَلَوِ اسْتَحْضَرْتَ اَبَاجَمِیْلٍ [۲۵] لَجَمَّلَ اَیْ تَجْمِیْلٍ۔

الترجمۃ والمطالب پس ہم اُس وقت جاگے جبکہ گرمی ٹھیر گئی تھی اور دن اخیر ہوگیا تھا پس ہم نے ہاتھ پیر دھوئے (وضو کیا ظہر اور عصر کی نماز کے لیے اور اپنے ذمّہ سے ہم نے فرضہ کو ادا کیا (نماز واجب کو ادا کیا) اُس کے بعد ہم نے اپنے گھروں کو لوٹنے کی جلدی کی تو ابوزید اپنے لڑکے کی طرف متوجہ ہوا اور وہ لڑکا اُس جیسی صورت اور شکل و شباہت رکھتا تھا تو ابوزید نے کہا میں یقین کرتا ہوں کہ بھوک نے ان کے باطن (انتڑیوں) میں آگ سلگا رکھی ہوگی لہٰذا دسترخوان ان کے لیے لا جو ہر بھوکے کے لیے خوشخبری دینے والا ہے اور اس کے ساتھ ہی چپاتیاں لا جو ہر ظلم پر صبر کرنے والی ہیں۔ (یعنی اُس کے کھانے سے صبر اور سکون ہوگا) پھر بکری کے بچے بھنے ہوئے کے گوشت سے ان کو قوی کر جو ہر عقل مند کو مرغوب ہے جو پلٹا گیا ہو جلانے اور عذاب دینے میں (یعنی اُس کے پارچہ کو بھونا جائے اور اس سے چربی جو پگھلتی ہے وہ اُس کا عذاب دینا ہے) اور سرکہ بھی تو ان کے لیے حاضر کر کیونکہ وہ مبارک دوست ہے اور نمک بھی لا کیونکہ اُس کے مثل کوئی مددگار نہیں۔ اور اگر سبزی بھی حاضر کردی جائے تو اس سے زیبائش اور زینت ہوجائے۔

تشریح لغات [۱] فما استیقظنا استیقاظ مصدر از استفعال بمعنی جاگنا اور بیدار ہونا یقال یَقُظَ یَقْظًا ای ضد نام از سمع [۲] باخ از نصر ای ابرو یقال باخ الحرُّ بوخًا ای سکن دفتر وخمد [۳] شاخ ای ہرم ای بلغ الیوم آخرہ وقارب الانتہاء از ضرب یقال شاخ یشیخ شیخًا وشیخوخۃ وشیوخۃ وشیوخیّۃ وشیخوخیّۃ جبکہ وہ بوڑھا ہو [۴] تکرعنا از تفعل تکرع مصدر بمعنے غسل الاعضاء للصّلوٰۃ ای توضانا۔ [۵] العجادین اس میں ہمزہ کو واؤ سے بدل لیا ہے اس سے مراد ظہر اور عصر کی نماز ہے اس لیے کہ ان میں قراءت سری ہوتی ہے اور قراوت جہری نہیں ہوتی۔ الحدیث۔ صلوٰۃ النہار عجما ای لا یجھر فیہا بالقراءۃ .. [۶] حل حلول مصدر از نصر وضرب یقال حل علیہ امر اللّٰہ حلولًا جبکہ واجب ہو [۷] تحثثنا یہ حثٌّ سے ماخوذ ہے بمعنی برانگیختہ کرنا وجلدی کرنا واٹھنا یقال حثہٗ علی الامر حثًا ای حظہ د نشطہٗ از نصر [۸] ملقے از افعال اسم مفعول کا صیغہ القاء مصدر بمعنے پھینک دینا وڈالدینا اور چیز ڈالنے کی جگہ یقال ہذا ملقے الکناسات یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے [۹] شبلہ شیر کا بچہ جبکہ شکار کرنے لگے والجمع اشبال و شبالٌ واشبل وشبولٌ۔ وابو الاشبال شیر [۱۰] شاکلتہ یہ شکال کا مؤنث ہے ای طریقۃ فان الشاکلۃ ھی الطریقۃ والمذہب والنیۃ والحاجۃ والحاضرۃ والجمع شواکل۔ [۱۱] اباعمرہ لفظی معنی سختی کا مالک اور یہ بھوک کی کنیت ہے [۱۲] الجمرۃ بمعنی شعلہ یہ کنایہ ہے بھوک کی سختی سے [۱۳] اباجامع اس سے مراد دسترخوان ہے لانہ یجمع الناس والاضیاف اولانہ یجمع الاطعمہ۔
[۱۴] اردفہ یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ای اتبعہ اور یہ افعال سے ہے یقال اَرْدَفَہٗ جبکہ وہ اپنے پیچھے سوار کرے وارد ف الشیٔ وبالشیٔ وعلیہ جبکہ وہ کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرے ودابۃٌ لا تُردف یعنی جانور جو ردیف کو سوار نہیں کراتا۔

یقال ردفہ وردف لہ ردف ای اتبعہ از نصر وسمع [۱۵] بابی نعیم سفید گیہوں کی روٹی۔ وقال بعضہم میدہ یا آٹے کی روٹی [۱۶] ضیم مصدر بمعنے ظلم یقال ضامہ ضیما ای قہرہ وظلمہ از ضرب [۱۷] بطحن بارحی ویحرق فی التنور [۱۸] بابی جیب وہ بکری کا بچہ جو سالم بھون لیا جائے اور وہ زیادہ پسند اور ذائقہ دار ہوتا ہے [۱۸] لبیب عقل مند والجمع الباء اور اس کا مؤنث لبیبۃ آتا ہے۔ [۱۹] المقلب تقلیب مصدر از تفعیل بمعنی پلٹ دینا اوپر کا نیچے کر دینا اور اندر کا باہر کر دینا [۲۰] اہب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از ازاہبّ للامر بمعنی تیار و آمادہ ہونا وقال استاذی مدظلہ العالی یہ اہاب اہابۃ سے امر حاضر کا صیغہ ہے یقال اہاب الراعی بغنمہ جبکہ بکریوں کو ٹھیرنے یا لوٹنے کے لیے چلائے واہاب بالابل یعنی ہاب ہاب کہہ کے ڈانٹے واہاب بالخیل گھوڑے کو ہب یا ہبی کہہ کر بلائے یا ڈانٹے واہاب بصاحبہ جبکہ پکارے اور بلائے اور یہ آہبْ اَغِث کے وزن پر ہے والاصح عندی ما قال استاذی [۲۱] بابی تثقیف بمعنی سرکہ لانہ یثقف الطعام بہ ویصیر حاذقا فیطیب للاکل از سمع وکرم یقال ثقِفَ وثقُفَ وثقفا وثقفا وثقافۃ ای صار حاذقا حفیفا [۲۲] الیف ای صاحب والوف (دوست) والجمع الائف الف اور یہ الفت سے ماخوذ ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الادام الخل [۲۳] ہلم ای تل لہ ہلم وھی تاتی بمعنے ھات و بمعنی اقبل کما فی التنزیل ھلم شہداءکم وھلم دعاء الی الشیء واصلہ ہالم من قولہ ہلممت الشیء ای اصلحتہ وقیل اصلہ ھل ھم کانہ قیل ھل لک فی کذا امہ ای قصدہ فرکبا ومن الناس من یقول ہلم ہلما ہلموا ہلمی ہلما ہلممن [۲۴] عون مصدر بمعنی مدد کرنا از نصر و بمعنی مددگار وخادم والجمع اعوان [۲۵] اباجیل سبزی اور ترکاری لانہ یحسن بحضرتہ الادام ویزینہ اولانہ یذہب بالجمیل وہو الشحم والودک فیجمع الاکل [۲۶] تجمیل مصدر از تفعیل بمعنے زینت وزیبائش۔

وَحَیَّ هَلْ بِاُمِّ الْقِرٰی۔ الْمُذَکِّرَةِ بِکِسْرٰی۔ وَلَا تَتَنَاسَ اُمَّ جَابِرٍ۔ فَکَمْ لَهَا مِنْ ذَاکِرٍ۔ وَنَادِ اُمَّ الْفَرَجِ۔ ثُمَّ اَفْتِکْ بِهَا وَلَا حَرَجَ۔ وَاخْتِمْ بِاَبِیْ زَیْنٍ فَهُوَ مَسْلَاةُ کُلِّ حَزِیْنٍ۔ وَاِنْ تَقْرُنْ بِهٖ اَبَا الْعُلَاءِ۔ تَمَحُ اسْمَکَ مِنَ الْبُخَلَاءِ۔ وَاِیَّاکَ وَاسْتِدْنَاءَ الْمُجْفِیْنَ۔ قَبْلَ اسْتِقْلَالِ حُمُوْلِ الْبَیْنِ۔ وَاِذَا نَزَعَ الْقَوْمُ عَنِ الْمِرَاسِ۔ وَصَافَحُوْا اَبَا اِیَاسٍ۔ فَاَطِفْ عَلَیْهِمْ اَبَا السَّرْدِ۔ فَاِنَّهٗ عُنْوَانُ السَّرْوِ۔ قَالَ الْحَارِثُ بْنُ هَمَّامٍ۔ فَفَقِهَ ابْنُهٗ لَطَائِفَ رُمُوْزِهٖ۔ بِلَطَافَةِ تَمْیِیْزِهٖ۔ فَطَافَ عَلَیْنَا بِالطَّیِّبَاتِ وَالطِّیْبِ اِلٰی اَنْ اٰذَنَتِ الشَّمْسُ بِالْمَغِیْبِ۔ فَلَمَّا اَجْمَعْنَا عَلَی التَّوْدِیْعِ۔ قُلْنَا لَهٗ اَلَمْ تَرَ اِلٰی هٰذَا الْیَوْمِ الْبَدِیْعِ۔

الترجمۃ والمطالب اور جلدی سے تم سکباج بھی رکھو جو کسریٰ (نوشیروان) کی یاد دلانے والی ہے اور کہیں تم ہریسہ کو نہ بھول جانا اس لیے کہ اس کے یاد کرنے والے بہت لوگ ہیں اور جوذابہ (تنجن) بھی منگا کر اس کو قتل کرنا (یعنی کھا لینا) کچھ حرج اور مضائقہ نہیں پھر حلوے (ابی زین) پر کھانے کو بس کرو کیونکہ وہ غمگینوں کے لیے باعث تسلی ہے اور اگر فالودہ بھی تم لے آؤ گے تو تم اپنا بخیلوں (کنجوسوں) کی فہرست سے نام کٹوا لوگے دیکھو کہیں فراق کے ہودجوں کے اٹھ جانے سے پہلے سیلچی اور لوٹا پاس لاکر نہ رکھ دینا اور جب لوگ کھانے سے فارغ ہو کر ہاتھ دھو چکیں تو ان پر خوشبو کا دور چلے کیونکہ وہ امیری اور سرداری کی علامت ہے۔ حارث بن ہمام کہتا ہے کہ اس کا لڑکا اپنی باریک عقل سے ان پاکیزہ

اشارات کو خوب سمجھ گیا چنانچہ وہ ہمارے لیے پاکیزہ کھانے اور خوشبوؤں کو مہیا کرتا رہا۔ یہاں تک کہ سورج ڈوبنے لگا تو جب ہم نے رخصت ہونے کا مصمم ارادہ کیا تو ہم نے اس سے کہا کہ آپ نے اُس عجیب دن کی بہار ملاحظہ فرمائی۔

تشریح لغات

۱ حی ہل ای اسرع وعجل ویقال حیھل لفلان بتسکین اللام وبفتحھا وبتنوینھا وباثبات الدون معھا ومنہ قول ابن مسعود رضی اللہ عنہ فی عمر بن الخطاب اذا ذکر الصالحون نحی ھلا بعمر وفیہ لغات اُخَر۔ ۲ ام القریٰ یہ عمدہ کھانا جو عرب میں ہوتا ہے اور یہ ایک قسم کا کھانا ہے جو سرکہ میں گوشت پکایا جاتا تھا جو کسریٰ کی ایجاد ہے قِریٰ بکسر قاف کے بمعنی طعام مہمان واُم بمعنے معظم اور اس سے مراد سکباج ہے اور یہ کھانا سک اور باج سے مل کر پکتا ہے سک کے معنی فارسی زبان میں سرکہ کے ہیں اور باج کے معنی گوشت کے ہیں ومنہ ام القرآن الفاتحۃ و ام القریٰ المکۃ المکرمۃ فکانہ قال عجل بطعام ۳ بکری لانہ اول من صنعت لہ فاستعملھا وامر باجادۃ الصنعۃ فی طبخھا وقیل ان غیرہ طبخھا واستعملھا فی زمن کسریٰ فنسبت الیہ۔ اور کسریٰ فارس کے شاہوں کا نام ہے یعنی نوشیرواں کا والجمع الاکاسرۃ واکاسر وکساسرۃ وکسور اور نسبت کے لیے کسروی اور کسریٰ کہتے ہیں ۴ ام جابر دھریسہ) الھریسۃ ہی طعام یعمل من الحب المدقوق واللحم ۵ ام الفرج یہ بھی ایک قسم کا کھانا ہے جیسے ہمارے یہاں قتجن ہوتا ہے ای الجواذبۃ ھی خرۃ توضع فی التنور ویعلق علیھا طیرٌ اولحم فیسیل ودکہ فیھا مادامت فیھا تطبخ فتفرج عنک ھم الادام فلاتحتاج الیہ فھی خبز بادام۔ ۶ افتک از افعال اور یہ فتک سے ماخوذ ہے واصل الفتک القتل علی غرۃٍ ای غفلۃ یقال فتک وافتک بفلان یعنی اُس نے اُس پر گرفت کو مضبوط کیا از ضرب ونصر ۷ ابی زرین یہ ایک قسم کا حلوا ہے ای الخبیص وھو الحلواء وکنی الخبیص ابا زرین لفضلہ فی الطعام وشرفہ ورجحان ثمنہ وجعلہ اخر ما یوکل والرزین من الرجال الکثیر الوقار ۸ مسلاۃ سبب السلوان وھو زوال الغم یقال سلا الشئ وعنہ ای طابت نفسہ وذھل عن ذکرہ از نصر ۹ تقرن قرآن مصدر از نصر بمعنے جمع کرنا یقال قرن الفرس قرآناً جبکہ وہ دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کو اگلی ٹانگوں کی جگہ رکھے۔ ویقال قرن بین الشئ والشئ جب کہ وہ جمع کرے ۱۰ ابا العلاء بمعنے فالودہ ۱۱ تمح از محا یمحو محوًا بمعنے مٹانا از نصر والمحو ازالۃ الاثر وفی التنزیل یمحو اللہ مایشاء ویثبت ۱۲ وایاک لاتق واحذر ۱۳ استدناء مصدر از استفعال یہ دنو سے مشتق ہے بمعنی قریب کرنا اور بعض نسخوں میں استدعاء ہے ۱۴ المرجفین بمعنے طشت وسیلچی ولوٹا لان لھما عند اخذ ھما صوتا بنقر احدھما فی الاخر فکان ذلک الصوت یُرجِفُ ای یخبر بقیام الطعام والحث علی القیام ۱۵ حمول البین ای اھل الفراق ویرید بھا الموائد لانھا اذا ارتفعت تفرق اھل المجلس والحمول بضم الحاء جمع حمل وھو ما یحمل کالھودج ویجمع علی احمال ایضاً ۱۶ واذا نزع ای کف وامتنع عن الطعام یقال نزع عن الشئ نزوعاً ای کف عنہ وانتھی از ضرب ۱۷ المراس الشدۃ والقوۃ یقال مرس مرسا ای کان شدیدا فی معالجۃ الاشتغال از سمع ومارسہ ممارسۃ ای عالجہ وشرع فیہ ۱۸ صافحوا مصافحۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی ہاتھ ملانا ومصافحہ کرنا ۱۹ ابا ایاس ہاتھ دھونے کی چیزیں یا گھاس وغیرہ جس سے ہاتھ دھوتے ہیں تاکہ چکنائی جاتی رہے جیسے ہمارے یہاں صابن ہوتا ہے یا اُبٹنا ای الغسول الذی یجعلہم الیسین من الاکل ۲۰ فاطف اطافۃ مصدر از افعال بمعنے تو گھما یقال اطاف علیہ جبکہ اس کے پاس

گھومے ۲۱ ابا السروای البخور وھی الصموع العطرۃ مما یتدخن بہ (یعنی خوشبوؤں کی دھونی) اور یہاں اس سے خوشبو مراد ہے ۲۲ عنوان بمعنے علامت یقال عنوان کل شئی ای ما دلّک من ظاھرہ علی باطنہ یقولون الظاھر عنوان الباطن وعنوان الکتاب وعنوانُہٗ وعُنیانُہٗ وعِنیانہ ای سمتہ ودیباجۃ وعنوان الکتاب معناہ کتب عنوانہ والمصدر عنونۃ ۲۳ السرو ھو الفضل والسخاء فی المروۃ یقال سرا فلان ای کان سَرِیًّا ای صاحب مروۃ فی شرف والمصدر سرو وسراوۃ وسریٌ وسراءٌ از نصر وکرم وسمع ۲۴ تفقہ ای فطن وفھم از سمع والفقہ ھو التوصل الی علم غائب بعلم شاھد وفی التنزیل فما لھؤلاء القوم لا یکادون یفقھون حدیثا ۲۵ رموزہ ای اشاراتہ والرمز اشارۃ بالشفۃ والصوت الخفی والغمز بالحاجب وفی التنزیل اٰیتُک ان لا تکلم الناس ثلاثۃ ایام الا رمزا یقال رمز الیہ رمزًا ای اشار الیہ واومأ از نصر وضرب ۲۶ بالطیبات ای بالاطعمۃ الطیبات یہ طیبۃ کی جمع ہے بمعنے پاکیزہ واچھا وحلال اور اس کی جمع طوبیٰ بھی آتی ہے۔ ۲۷ آذنت ای اعلمت والمراد ہہنا قاربت ودنت ۲۸ البدیع بمعنے انوکھی وعجیب چیز از کرم۔

كَيْفَ بَدَا أُصْبُحُهُ قَمْطَرِيرًا۔ وَمُسْيُهُ مُسْتَنِيرًا۔ فَسَجَدَ حَتَّى أَطَالَ. ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ وَقَالَ ؎

لَا تَيْأَسَنْ عِنْدَ النُّوَبِ ۔۔۔ مِنْ فَرْجَةٍ تَجْلُو الْكُرَبْ

فَلَكَمْ سُمُومٌ هَبَّ ثُمَّ جَرَى نَسِيمًا وَانْقَلَبْ

وَسَحَابُ مَكْرُوهٍ تَنَشَّا ۔۔۔ فَاضْمَحَلَّ وَمَا سَكَبْ

وَدُخَانُ خَطْبٍ خِيفَ مِنْهُ فَمَا اسْتَبَانَ لَهُ لَهَبْ

وَلَطَالَمَا طَلَعَ الْأَسَى ۔۔۔ وَعَلَى تَفَيُّئِهِ غَرَبْ

فَاصْبِرْ إِذَا مَا نَابَ رَوْ ۔۔۔ عٌ فَالزَّمَانُ أَبُو الْعَجَبْ

وَتَرَجَّ مِنْ رَوْحِ الْإِلَـٰهِ لَطَائِفًا لَا تُحْتَسَبْ

قَالَ فَاسْتَمْلَيْنَا مِنْهُ أَبْيَاتَهُ الْغُرَّ. وَوَالَيْنَا لِلّٰهِ تَعَالَى الشُّكْرَ. وَوَدَّعْنَاهُ مَسْرُورِينَ بِبُرْئِهِ مَغْمُورِينَ بِبِرِّهِ۔

الترجمة والمطالب جس کی صبح نہایت مصیبت ناک تھی اور شام نہایت چمک دار ہو یہ سنتے ہی ابوزید سجدہ میں گیا، پھر اس نے سر اٹھایا، اور یہ اشعار پڑھنے لگا ؎ مصیبت کے اترنے سے تم ناامید مت ہو، اور فراخی غموں کو دور کر دیتی ہے، کیونکہ بہت سی لوئیں (یعنی گرم ہوائیں) بادنسیم ہو کر چلنے لگتی ہیں۔ اور بہت سے ڈراؤنے بادل اٹھے لیکن وہ بغیر برسے فنا ہو گئے اور بہت سے مصائب کے خوف ناک دھوئیں اٹھے، لیکن اُن سے لپٹ (شعلے) نہیں نکلے، اور بہت دفعہ غم نے صورت دکھائی، اور وہ الٹے پاؤں ختم ہو گیا، اور مصیبت کے وقت تم صبر کرو، کیوں کہ زمانہ شعبدہ باز ہے اور خدا کی رحمت جس کی کوئی شمار ہی نہیں اس سے تم کو امید رکھنی چاہیئے۔ راوی کہتا ہے ہم نے اس کے یہ روشن اشعار لکھ لئے اور ہم نے خدا تعالیٰ کا بہت ہی شکریہ ادا کیا، اور ہم نے ابوزید کو رخصت کیا، اس حال میں کہ ہمیں اس کے صحت اور شفایاب ہونے سے خوشی تھی، اور ہم

اس کے احسانات سے ڈھکے ہوئے تھے (یعنی اس کے احسان ہم پر بہت تھے۔

تشریح لغات

۱؎ قمطریرا بمعنے سخت وترش اور یہ فعلیل کے وزن پر ہے القمطریر والقماطر سخت دن یا سخت بُرائی وفی التنزیل عبوسًا قمطریرًا یقال رجل قمطریر مرد سخت ترش رو وقمطر الیوم یعنی سخت ودشوار گردید ۲؎ مسیر یعنی شام اور ظہر سے مغرب تک کا وقت ۳؎ مستنیرا از استفعال استنارۃ مصدر بمعنے روشن ہونا یقال استنار البیت استنارۃً جبکہ روشن ہو واستنار بہ جبکہ وہ کسی سے روشنی کی مدد مانگے واستنار علیہ جبکہ وہ فتح مندا ور غالب ہو واستنارت المرأۃ جبکہ وہ تہمت سے بچائے اور شک وشبہ سے دور رکھے ۴؎ لایتاسن یاس اور یاسۃٌ مصدر از سمع بمعنے ناامید ہونا والیاس انتفاء الطمع ۵؎ فرجۃ مثلثۃ ضم الفاء وکسرہا وفتحہا بمعنے سختی اور غم سے نجات پانا ۶؎ تجلوا از نصر یقال جلاعنہ الہم جبکہ زائل کرے، اور دور کرے ۷؎ الکرب یہ کربۃٌ کی جمع ہے بمعنے غم اور مشقت ۸؎ فلکم میں لام تاکید کے لئے ہے ۹؎ سموم گرم ہوا لُو اور یہ مؤنث ہے والجمع سمائم ۱۰؎ نسیما مصدر بمعنے ٹھنڈی نرم ہوا والجمع نِسامٌ اور اس کے معنے روح اور پسینہ کے بھی آتے ہیں ۱۱؎ وسحاب میں واو رُبَّ کے معنے میں ہے ۱۲؎ تنشا ای ارتفع فظہر از تفعل یقال تنشا تنشؤًا الی حاجتہ جبکہ وہ اپنی حاجت کے لئے جائے اور یہ نشأ سے ماخوذ ہے از فتح وکرم یقال نشأ الشئی جبکہ نو پید ہو، اور زندہ ہو ویقال نشأت السحابۃ جبکہ گھٹا اٹھے ۱۳؎ اضمحل اضمحلال مصدر از افعلال بمعنے نیست ونابود ہونا یقال اضمحل السحاب جبکہ بادل کھل جائے ۱۴؎ سکب از نصر سکب اور تسکاب مصدر یقال سکب الماء ونحوہ جبکہ پانی وغیرہ بہائے اور گرائے ۱۵؎ دخان بمعنے دھواں والجمع ادخنۃ ودواخنٌ ودواخین یقال دخن النار دخنا ای ھاج دخانہا از سمع ودخنت النار دخنًا ودخونًا ای خرج دخانہا وارتفع از نصر وفتح ۱۶؎ لہب مصدر ہے دھوئیں کا شعلہ وبلند غبار از سمع ۱۷؎ الاسٰی مصدر یعنی غم از سمع یقال اَسِیَ اَسیً۔ جبکہ وہ غمگین ہو ۱۸؎ تفیئتہ اے علی اثرہ وعلے عقبہ یقال دخل فلان علے تفیئۃ فلان ای علے اثرہ وھو تفعیل من فاء ای رجع وایضا یقال فیأ الشجر ای ظلّل وفیئاتِ الریاح الغصون ای حرکتہا ۱۹؎ غرب از نصر ای غاب غروب مصدر بمعنے ڈوبنا وغروب ہونا ۲۰؎ روع مصدر بمعنے خوف وڈر ولڑائی از نصر ۲۱؎ ترج از تفعل یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ترجی مصدر بمعنے امید کرنا یقال ترجی الشئی جبکہ وہ امید کرے ۲۲؎ روح بمعنے رحمت ومدد وخوشی ومہربانی وآرام ونرم ہوا وعمدہ وخوشگوار دن ۲۳؎ فاستملینا استملاء مصدر از استفعال بمعنے املا کرنے کی درخواست کرنا ۲۴؎ الغر بمعنی خوبصورت وروشن وہر چیز کا سفید والجمع اَغَرّ ۲۵؎ ودعناہ تودیع مصدر از تفعیل بمعنے مسافر کو رخصت کرنے کے لئے جانا یقال ودّع فلانًا جبکہ چھوڑے ودرع المسافر القوم جبکہ مسافر لوگوں کو عیش وآرام میں چھوڑے ۲۶؎ برء بُرءٌ مصدر بمعنی شفا پانا از سمع وکرم یقال برئ من المرض جبکہ شفا پائے ۲۷؎ مغمورین ای مستورین ومغرقین فی بحر احسانہ اور مغمور یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر یقال غمر فلانا بفضلہ جبکہ وہ فلاں کو اپنے فضل واحسان سے ڈھانپ لے غمر مصدر بمعنے ڈھانپنا وڈھانکنا ۲۸؎ ببرہ بالکسر بمعنے احسان وعطیہ وطاعت وصلاحیت وسچائی ونیکی دل۔

تَفْسِیْرُ اَلْفَاظِ مَا تَضَمَّنَتْہُ ھٰذِہِ الْمَقَامَۃُ مِنْ کَلِمَاتٍ لُغَوِیَّۃٍ وَکُنًی طُفَیْلِیَّۃٍ وَکِنَایَاتٍ صُوْفِیَّۃٍ۔

قوله ذات العويم يعني به الزمان المتقادم. ومثله ذات الزمين. والسمهرية الرماح وفي تسميتها بذلك قولان احدهما انها سميت بذلك لصلابتها وهو من قولهم اسمهر الشئ اذا اشتد وقيل انها منسوبة الى سمهر وانه زوج ردينة وكان جميعا يقومان الرماح بسوق هجر فنسبت اليهما وقوله نقضا على نقض اي مهزولا على مهزول (والجران) باطن العنق وقيل يعمل منه السياط وقوله فضرب الله على الأذان اي انامنا ومنه قوله تعالى فضربنا على اذانهم في الكهف اي انمناهم وقيل في تفسيره منعناهم السمع وقوله تكرعنا لصلوة العجماوين لم غسلنا اكارعنا وهو كناية عن الوضوء والعجماوان صلاتا الظهر والعصر سميتا بذلك لاسرار القراة فيهما ومنه الحديث صلوة النهار عجماء لا جهر فيها وقوله هلمّ اي قل له هلمّ وهي تأتي بمعنى هات و بمعنى اقبل والافصح ان توحد لفظها مع المذكر والمؤنث والاثنين والجمع وبه نطق القرآن في قوله تعالى والقائلين لاخوانهم هلم الينا ومن العرب من يقول للمذكر الواحد هلم وللاثنين هلما وللجمع هلموا وللمؤنث الواحدة هلمي وللاثنين هلما وللجمع هلممن وقوله حيهل اي عجل واسرع يقال حيهل بفلان بتسكين اللام وفتحها وبتنوينها واثبات النون معها ومنه قول ابن مسعود في عمر بن الخطاب اذا ذكر الصالحون فحيهلا بعمر وفي حيهل لغات اخر اضربنا عن ذكرها اذ ليس هذا موضع استيفاء شرحها فهذا تفسير الالفاظ اللغوية.

واما تفسير الكنى الطفيلية والكنايات الصوفية (فابو يحيى) كنية الموت (وابو عمرة) كنية الجوع ويكنى ايضا ابا مالك (وابو جامع) الخوان (وابو نعيم) الخبز الحوارى (وابو حبيب) الجدي (وابو ثقيف) الخل (وابو عون) الملح (وابو جميل) البقل (وام القرى) السكباج (وام جابر) الهريسة (وام الفرج) الجواذبة والجواذاب (وابو رزين) الخبيص (وابو العلاء) الفالوذق (وابو اياس) الغسول (والمرجفان) الطست والابريق (وابو السرو) البخور.

ترجمہ	ان کلمات لغویہ اور طفیلی کنیتوں کی تفسیر جو اس مقامہ میں شامل ہیں۔ ذات العویم سے مراد قدیم زمانہ ہے۔ ذات الزمن بھی اسی طرح پر ہے۔ السمہریہ نیزہ کو کہتے ہیں اور اس لفظ کے نام رکھنے میں دو قول ہیں۔ اول تو یہ کہ سختی کی وجہ

سے اس کا نام سمہریۃ رکھا گیا، اور یہ اہل عرب کے اس قول سے مشتق ہے کہ اسمہر الشئ جب کہ وہ سخت اور دشوار ہو یا یہ وجہ کہ یہ سمہر کی طرف منسوب ہے۔ اور وہ ردینہ نامی عورت کا خاوند تھا، اور یہ دونوں نیزے سوق ہجر میں بنایا کرتے تھے اور عمدہ درست کر کے بناتے تھے۔ قولہ نقضا علی نقض یعنی کمزور پر کمزور یعنی بہت ہی دبلا اور جران کے معنے گردن کے اندرونی حصہ کے ہیں، اور بعض نے کہا ہے کہ اس سے کوڑے بنائے جاتے ہیں۔ قولہ فضرب اللہ علی الآذان یعنی ہم کو سلا دیا۔ اور اسی سے ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان فضربنا علی آذانہم فی الکھف یعنی ہم نے اُن کو سلا دیا، اور بعض نے کہا، اس آیت کی یہ تعبیر ہے کہ ہم نے ان کو سننے سے روک دیا (باز رکھا)۔ قولہ تکرعنا الصلوٰۃ العجماوین یعنی ہم نے اپنے اعضاء

دھوئے اور یہ وضو کرنے سے کنایہ ہے اور عجما وان سے مراد نماز ظہر اور عصر ہے، کیونکہ ان دونوں نمازوں میں قرأت آہستہ ہوتی ہے، اور اسی سے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے دن کی نماز عجماء ہے اس لئے کہ زور سے قرأۃ نہیں پڑھی جاتی۔ قولہ ھلم یعنی تم اس سے لفظ ھلم کہو۔ اور یہ دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے ایک تو معنے میں ہات کے اور دوسرا اقبل کے معنی میں یعنی لا تو یا سامنے آ تو۔ اور زیادہ فصیح اس میں یہ ہے کہ مذکر اور مؤنث اور تشنیہ اور جمع سب میں یہ صیغہ واحد ہی استعمال کیا جاتا ہے، اور اس کا قرآن پاک شاہد ہے (یعنی شہادت دیتا ہے) جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا والقائلین لاخوانھم ھلم الینا الخ (ترجمہ اپنے بھائیوں سے کہنے والے ہیں کہ تم ہمارے پاس آؤ۔ اور بعض لوگ عرب میں ایسے بھی ہیں جو واحد مذکر کے لئے ھلم اور تشنیہ مذکر کے لئے ھلما اور جمع مذکر کے لئے ھلموا اور واحد مؤنث کے لئے ھلمی اور تشنیہ مؤنث کے لئے ھلما اور جمع مؤنث کے لئے ھلممن استعمال کرتے ہیں قولہ حی ہل تو جلدی کر یعنی جلدی آ یقال حیہل لفلان لام کے سکون اور لام کے فتح اور لام کے تنوین کے ساتھ اور لام کے ساتھ نون ثابت اور سالم رکھا جاتا ہے حضرت ابن مسعودؓ کا حضرت عمر بن الخطابؓ کے متعلق قول ہے، جب نیک لوگ ذکر کئے جائیں تو فوراً حضرت عمرؓ کا نام نامی پیش کر اور حی ہل میں اور بھی لغات ہیں۔ لیکن ہم اس کے ذکر کرنے سے اعراض کرتے ہیں، کیونکہ یہ موقع مکمل تشریح کا نہیں ہے یہ تفسیر الفاظ لغویہ کی تھی طفیلی کنیتوں اور کنایات صوفیہ کی تفسیر اور شرح اس طرح ہے پس ابو یحیی ملک الموت کی کنیت ہے اور ابو عمرہ بھوک کی کنیت ہے اور ابو مالک بھی اس کی کنیت ہے اور ابو جامع دسترخوان کی کنیت ہے اور ابو نعیم سفید روٹی (یا چپاتی) نفیس کی کنیت ہے اور ابو جبیب بکری کے بچے کی کنیت ہے جو بھنا ہوا ہو اور ابو ثقیف سرکہ کی کنیت ہے اور ابو عون نمک کی کنیت ہے اور ابو جمیل سبزی ہے، اور ام القریٰ ایک قسم کا کھانا سکباج ہے، اور ام جابر ہریسہ ہے اور ام الفرج یہ جوذابہ ہے (جو ستنبن کے قریب قریب ہوتا ہے) اور ابو رزین خاص قسم کا حلوا ہے اور ابو العلا فالودہ ہے اور ابو ایاس اُبٹن یا ہاتھ صاف کرنے کی خاص گھاس۔ اور مرجفان یہ طشت اور لوٹا ہے اور ابو السرو دھونی یا خوشبو۔

اَلْمَقَامَةُ الْعِشْرُوْنَ الْفَارِقِيَّةُ

میّافارقیہ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ. قَالَ يَمَّمْتُ مَيَّافَارِقِيْنَ. مَعَ رُفْقَةٍ مُوَافِقِيْنَ. لَا يُمَارُوْنَ فِي الْمُبَاحَاةِ وَلَا يَدْرُوْنَ مَا طَعْمُ الْمُدَاجَاةِ. فَكُنْتُ بِهِمْ كَمَنْ لَمْ يَرِمْ عَنْ وَجَارِهٖ. وَلَا ظَعَنَ عَنْ أَلِيْفِهٖ وَجَارِهٖ. فَلَمَّا أَنَخْنَا بِهَا مَطَايَا التَّسْيَارِ. وَانْتَقَلْنَا عَنِ الْأَكْوَارِ إِلَى الْأَوْكَارِ. تَوَاصَيْنَا بِتَذْكَارِ الصُّحْبَةِ. وَتَنَاهَيْنَا عَنِ التَّقَاطُعِ فِي الْغُرْبَةِ. وَاتَّخَذْنَا نَادِيًا نَعْمُرُهٗ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَنَتَهَادٰى فِيْهِ طُرَفَ الْأَخْبَارِ. فَبَيْنَا نَحْنُ بِهٖ فِي بَعْضِ الْأَيَّامِ. وَقَدِ انْتَظَمْنَا فِي سِلْكِ الْاِلْتِئَامِ۔

الترجمۃ والمطالب بیسویں مجلس جو فارقیہ (یا میافارقیہ) کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا میں نے چند دوستوں کے ساتھ جو باہم شیر و شکر تھے۔ اور وہ گفتگو کرنے میں جھگڑا نہیں کرتے تھے۔ اور نہ وہ منافقت اور نفاق کے مزے سے واقف تھے، شہر میافارقین کا قصد کیا، اور میں ان کی محبت میں ایسا تھا گویا میں اپنے گھر سے باہر ہی نہیں نکلا ہوں۔ اور نہ میں نے اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کو چھوڑا ہے پس جب ہم نے

وہاں سفر کی سواریوں کو بٹھلادیا، (یا ٹھیرایا) اور ہم اپنے پالانوں سے مکانوں میں منتقل ہوئے۔ اور ہم نے آپس میں یہ وصیت کی کہ ہم اپنی دوستی یادرکھیں گے۔ اور مسافرت میں ایک دوسرے کے ساتھ بدسلوکی سے بچیں گے، اور ہم نے ایک انجمن یا مجلس کی بنیاد ڈالی جہاں صبح و شام آکر مختلف اور عجیب و غریب تذکرے ہوا کرتے تھے، چنانچہ ہم ایک دن رشتۂ اتحاد (یا موافقت) میں پڑے ہوئے تھے۔

تشریح لغات

لہ یممت ای قصدت و توجہت از تفعیل یقال یمّم الامر و یمّمہ ای قصدہ و فی التنزیل فَتَیَمَّمُوْا صعیدًا طَیِّبًا ٭ میا فارقین یہ ایک شہر کا نام ہے ملک شام میں دیار بکر میں اور سیف الدولہ اس کا حاکم تھا مَیّ یہ ایک عورت کا نام ہے یار لوگوں نے اس کی وجہ تسمیہ یہ گھڑ رکھی ہے۔ ذوالرّمۃ شاعر یا عام عشاق اس شہر کی رونق اور وہاں کے مہ جبینوں اور خوبصورتوں کو دیکھیں تو بے ساختہ اپنی عورتوں سے یا محبوبہ سے یہ کہیں کہ مَیَّا فَارِقِیْنِیْ وَلَا تُرَا فِقِیْنِیْ تو مجھ سے جدا ہوجا، اور اب میں تیرا کیا کروں گا سلہ لایمارون مماراۃ مصدر از مفاعلہ بمعنے جھگڑا کرنا سلہ المداجاۃ یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے، اور یہ داوی ہے دوستی کا اظہار اور لیکن باطن میں عداوت رکھنا یعنی منافقت اور یہ دُجیٰ سے مشتق ہے، جس کے معنے ظلمت کے ہیں یقال داجاہ مداجاۃً ای ساترہ العداوۃ دجاہ اللیل دجوًا و دجوًّا ای ظلم از نصر ٭ لم یرم ای لم یبرح یقال رام عن المکان ریمًا ای تباعد عنہ وانتقل از ضرب ٭ وجارہ بکسر الواو و فتحہا ای عن بلیتہ و فی الاصل حجر الضبع وغیرہا والجمع اوجرۃ و وُجُرٌ ٭ ولا ظعن ای لا رحل و فی التنزیل یوم ظعنکم ای یوم اقامتکم ظعن اس کا مصدر ہے بمعنے کوچ کرنا از فتح ۔ ٭ جارہ بمعنی ہمسایہ و پڑوسی والجمع جیران و جیرۃ و جوار و اجوار ٭ مطایا یہ مطیّۃٌ کی جمع ہے بمعنے سواری اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے ہے بعیر اور ناقہ دونوں کو مطیہ کہتے ہیں اور اس کی جمع مطیٌّ بھی آتی ہے نلہ التسیار یہ تفعال کے وزن پر ہے اور یہ سیر سے ماخوذ ہے بمعنے سفر للہ الاکوار ای الرحال جمع کور بالضم و مورحل البعیر ٭ الاوکار یہ وکر کی جمع ہے اور اس کی جمع وکورٌ اور اوکر بھی آتی ہے والوکر فی الاصل عش الطائر (یعنی پرندہ کا آشیانہ) یقال وکر الطائر وکرًا ای اتی وکرہ از ضرب ٭ تواصینا تواصی مصدر از باب تفاعل بمعنے آپس میں وصیت کرنا و فی التنزیل و تواصوا بالحق و تواصوا بالصبر ٭ بتذکار مصدر بمعنی کسی چیز کو یاد رکھنا (یعنی نہ بھولنا) از نصر یقال ذکر اللہ ذکرًا و تذکارًا جبکہ وہ اللہ کی تسبیح اور تمجید کرے و ذکر الشیٔ جب کہ وہ دل میں یاد کرے ٭ تناہینا تناہی مصدر از تفاعل بمعنی ایک دوسرے کو منع کرنا ای نہی و زجر بعضنا بعضا ٭ التقاطع مصدر از تفاعل بمعنی بدسلوکی یا قطع رحمی ٭ الغربۃ مصدر بمعنی مسافرت یقال غرب غربۃً و غربًا و غرابۃ جب کہ وہ وطن سے علیحدہ ہو اور پردیس میں ہو ٭ نعتمرہ از افتعال اعتمار مصدر بمعنی قصد کرنا و آباد کرنا و زیارت کرنا یقال اعتمر المکان ای قصدہ والعمارۃ نقیض الخراب یقال عمر منہ عمارۃ از نصر و منہ عمرۃ الحج جو بیت الحرام کی زیارت ہے۔ و منہ انما یعمر مساجد اللہ الخ ٭ نتہادی از تفاعل اور یہ ہدیہ سے مشتق ہے آپس میں ایک دوسرے کو ہدیہ کرنا ٭ طرف الاخبار ای غرائب الاخبار و عاجیبہا یہ طرفۃ کی جمع ہے بمعنے ملیح بات و نئی عمدہ چیز ٭ سلک بمعنی لڑی والجمع سلوک و اسلاک ٭ الالتئام یہ باب افتعال سے مصدر ہے بمعنے اتفاق و اتحاد و انتظام یقال التأم القوم جب کہ قوم اکٹھی ہو و التأم الشیئان جب کہ متفق ہوں و التأم الفریقان جب کہ مصالحت کریں۔

اِذْ وَقَفَ عَلَیْنَا ذُوْ مِقْوَلٍ جَرِیٍّ۔ وَجَرْسٍ جَهْوَرِیٍّ۔ فَحَیّٰی تَحِیَّةَ نَفَّاثٍ فِی الْعُقَدِ۔ قَنَّاصٍ لِلْاُسْدِ وَالنَّقَدِ۔ وَقَالَ ؎

عِنْدِیْ یَا قَوْمِ حَدِیْثٌ عَجِیْبٌ
بَاسِلٌ لَہٗ حَدُّ الْحُسَامِ الْقَضِیْبِ
فَیُفْرِجُ الضِّیْقَ بِکَرَّاتِہٖ
عَنْ مَوْقِفِ الطَّعْنِ بِرُمْحٍ خَضِیْبٍ

فِیْہِ اعْتِبَارٌ لِلَّبِیْبِ الْاَرِیْبِ
یُقْدِمُ فِی الْمَعْرَکِ اِقْدَامَ مَنْ
حَتّٰی یُرٰی مَا کَانَ ضَنْکًا رَحِیْبًا
وَلَا سِیَّمَا یَفْتَحُ مُسْتَصْعِبًا

رَاَیْتُ فِیْ رَیْعَانِ عُمْرِیْ اَخَا
یُوْقِنُ بِالْفَتْکِ وَلَا یَسْتَرِیْبُ
مَا بَارَزَ الْاَقْرَانَ اِلَّا انْثَنٰی
مُسْتَغْلِقَ الْبَابِ مَنِیْعًا مَہِیْبٌ

الترجمة والمطالب

کہ اچانک ہمارے پاس ایک نہایت ہی جری زبان اور بلند آواز شخص آکھڑا ہوا پس اس نے اس طرح سے سلام کیا جیسے کوئی منتر (یا جادو) پڑھنے والا یا شیر اور بکریوں کا شکار کرنے والا ہو اور وہ یہ کہنے لگا سے لے لوگو! (اے قوم) میرے پاس ایک اچنبھے کی بات ہے (یعنی عجیب بات ہے) اور یہ ایسی بات ہے جس سے عقل مند نصیحت حاصل کرتا ہے، میں نے اپنی شروع عمر (جوانی) میں ایک نہایت ہی دلیر بہادر آدمی دیکھا جو شمشیر براں (تلوار قاطع) جیسا تیز تھا، اور وہ لڑائی کے میدان میں اس طرح پیش قدمی کرتا تھا، جیسے کسی کو بغیر شک وشبہ کے خون بہانے کا یقین ہو، چنانچہ وہ اپنے حملوں سے معرکہ کی تنگی کو کھول دیتا تھا یہاں تک کہ تنگ چیز کشادہ معلوم ہونے لگتی تھی۔ اور کبھی ایسا نہیں ہوا کہ اس نے اپنے ہمعصروں سے لڑائی کی ہو، اور وہ لڑائی کے میدان سے رنگین نیزہ لے کر نہ لوٹا ہو اور نہ کبھی ایسا ہوا کہ کسی دشوار گذار سخت اور خوف ناک بند دروازہ کے کھولنے کی جرأت نہ کی ہو۔

تشریح لغات

لہ ذو مقول ای ذو لسان اچھی گفتگو کرنے والا اور تیز زبان والجمع مقاول اور مقوال کے بھی یہ ہی معنی آتے ہیں ۲ہ جری ای مقدام بے باک یقال جرء جرءة ای اقدم وھجم فھو جریٌ وھم اجراءُ واجریاءُ ۳ہ جرس بکسر الجیم وفتحہا مع سکون الراء بمعنے الصوت الخفی والصوت مطلقا یقال جرس جرسًا ای تکلم واسمع صوتا از ضرب ۴ہ جہوری بمعنے سخت بلند آواز اور اس کے حروف اصلی ج ہ ر ہے اور اس میں یاء نسبت کی ہے یقال لظھور الشیٔ بافراط حاسة البصر او حاسة السمع اما البصر فنحو قولہ تعالیٰ لن نؤمن لک حتی نری اللہ جھرة واما السمع فمثل قولہ سواء من اسرّ القول ومن جھر بہ وان تجھر بالقول فانہ یعلم السر واخفی ۵ہ تحیا تحیة مصدر از تفعیل بمعنے سلام کرنا اور حیاک اللہ کہنا ۶ہ نفاث پھونکنے والا اور اس سے مراد ساحر یعنی جادوگر ہے ۷ہ قناص بمعنی شکاری اور یہ قنص سے ماخوذ ہے از ضرب یقال قنص الطیر جبکہ وہ پرندے کا شکار کرے ۸ہ النقد بفتح النون والقاف جنس من الغنم صغیر الارجل بکری اور بھیڑ والواحدة نقدة للذکر والانثی والجمع نقاد یعنی یطلب المال القلیل والکثیر ویسأل الغنی والفقیر ۹ہ الاریب یہ صفت کا صیغہ بمعنی ماہر وحاذق وعقل مند وصاحب بصیرت وذکی ۱۰ہ ریعان ای اول عمری وریعان کل شیٔ اولہ التی تیہ ومنہ واصلہ الرَّیع بمعنی المکان ۱۱ہ اخا باس ای شجاعا صاحب حرب وشدة ۱۲ہ الحسام بضم الحاء المھملة بمعنے تلوار قاطع ومنہ حسام السیف بمعنے تلوار کی نوک ودھار از ضرب ۱۳ہ القضیب بمعنے تلوار قاطع والجمع قِضبان وقُضبان یقال قضبہٗ قضبًا ای قطعہ از ضرب والقضیب کل شجرة طالت واسترسلت اغصانھا وکل ما اکل من النبات المقتضب غضًّا وفی التنزیل فانبتنا فیھا عنبًا وقضبًا ۱۴ہ المعرک موضع العراک والقتال (لڑائی کی جگہ اور میدان) یقال عرک عرکًا ای کان شدید البطش فی القتال از سمع وعارکہ عراکا ومعارکة ای قاتلہ ۱۵ہ یوقن از افعال ایقان مصدر بمعنے یقین کرنا ۱۶ہ بالفتک مصدر وھو القتل علی غفلة از ضرب ۱۷ہ لا یستریب

از استفعال استرابت مصدر بمعنے شک میں پڑنا یقال استراب بہ جب کہ کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھے ۱۸ الضیق مصدر بمعنی تنگی اور یہ وسعت کی ضد ہے از ضرب ۱۹ کماۃ یہ کرۃ کی جمع ہے بمعنی لڑائی میں حملہ کرنا یقال کَرَّ کَرًّا ای رجع الی الوراء از نصر و فی التنزیل فلو ان لنا کرّۃ فنکون من المومنین ۲۰ ضنکا مصدر بمعنی تنگی یقال ضنک عیشہ ضناکۃ ای ضاق از کرم و فی التنزیل معیشۃ ضَنْکًا ۲۱ رحیب یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنے وسیع اور کشادہ از سمع و کرم ۲۲ الاقران ای الامثال و الاتراب یہ قرن کی جمع ہے بمعنے کفو ہمسر و مقابل و شجاعت یا علم میں نظیر ۲۳ الطعن الطعن الضرب بالرمح وقد یستعار للوقیعۃ کقولہ تعالیٰ وطعنوا فی دینکم ۲۴ خضیب بمعنے مخضوب و مصبوغ خون میں رنگا ہوا یقال خضب الشئی خضبا ای لونہ از ضرب ۲۵ سما سمو مصدر از نصر ای ارتفع والمراد ہہنا قام و قصد ۲۶ مستصعبا از استفعال استصعاب مصدر بمعنی سخت و دشوار یقال صعب صعوبۃ ای ضد سہل از کرم و استصعب الشئی ضد صعب ۲۷ مستغلق از استفعال استغلاق مصدر بند ہونا اور یہ فتح کی نقیض ہے۔ و فی التنزیل غلقت الابواب ۲۸ منیعا یہ صفت کا صیغہ ہے منع سے از فتح بمعنے غالب و قوی ای محفوظا و ممنوعا عن الناس ۲۹ مہیب یہ صفت کا صیغہ ہے جس سے لوگ ڈریں۔ یقال ھابہ یھابہ ھَیْبًا و ھیبۃ و مھابۃ ای خافہ واتقاہ و حذرہ از سمع۔

اِلَّا وَنُوْدِیَ حِیْنَ یَسُوْمُہٗ
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ

یَمِیْسُ فِیْ بُرْدِ الشَّبَابِ الْقَشِیْبِ
یَرْتَشِفُ الْغِیْدَ وَ یَرْشُفْنَہٗ

فَلَمْ یَزَلْ یَبْتَزُّہٗ دَھْرُہٗ
مَا فِیْہِ مِنْ بَطْشٍ وَّعُوْدٍ صَلِیْبٍ

یَعَافُہٗ مَنْ کَانَ مِنْہُ قَرِیْبٌ
قَدْ اَعْجَزَ الرَّاقِیْ تَحْلِیْلُ مَا

وَصَادَمَ الْبِیْضُ وَصَارَ مِنْہٗ
مِنْ بَعْدِ مَا کَانَ الْمُجَابَ الْمُجِیْبُ

وَمَنْ یَعِشْ یَلْقَ دَوَاھِی الْمَشِیْبِ
وَھَا ھُوَ الْیَوْمَ مُسْتَخْفٍ فَمَنْ

ھٰذَا وَکَمْ مِنْ لَیْلَۃٍ بَاتَھَا
وَھُوَ لَدَی الْکُلِّ الْمُفَدَّی الْحَبِیْبُ

حَتّٰی اَصَابَتْہُ اللَّیَالِیْ لَقًی
بِہٖ مِنَ الدَّاءِ وَاَعْیَا الطَّبِیْبُ

وَاَضْحٰی کَالْمَنْکُوْسِ فِیْ خَلْقِہٖ
یَرْغَبُ فِیْ تَکْفِیْنِ مَیْتٍ غَرِیْبٍ

الترجمۃ والمطالب مگر جس وقت اس کا ارادہ کیا جاتا تھا تو یہ آواز دی جاتی تھی نصر من اللہ و فتح قریب یعنی خدا کی مدد اور کامیابی قریب ہے۔ اس کے بعد تو یہ سوچ (یا خبردار ہو) کہ اس نے بہت سی جوانی کی راتیں نئے جوانی کے کپڑے میں مٹکتے ہوئے گذار دیں، اور وہ نازک بدن عورتوں کو چوستا تھا، اور وہ اس کو چوستی تھیں۔ اور وہ سب عورتوں کے نزدیک بہت ہی پسند اور محبوب تھا، اور فداک ابی و امی لسے سب رکھتے تھے۔ لیکن زمانہ برابر اس کی گرفت اور سخت لکڑی کو کمزور کرتا رہا۔ یہاں تک کہ راتوں نے اس کو گرا پڑا چھوڑ دیا۔ اور اس کو دوست تک برا سمجھنے لگے (یا کراہت کرنے لگے) اس کے مرض نے منتر پڑھنے والوں کو عاجز کر دیا اور طبیبوں کو تھکا دیا، اور وہ خوب صورت عورتوں سے علیحدہ ہو گیا۔ اور وہ بھی اس سے علیحدہ ہو گئیں، پہلے تو وہ لبیک کہا گیا۔ اور لبیک کہنے والا تھا۔ اب وہ اپنی خلقت (پیدائش) کے اعتبار سے اوندھا ہو چکا ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ جو کوئی شخص زندہ رہے گا، اس کو بڑھاپے کے مصائب برداشت کرنا پڑیں گے اور تمہیں یہ بات معلوم ہونا چاہیئے کہ وہ آج مردہ پڑا ہے ایسا کوئی سخی ہے جو مسافر مردہ (پردیسی مردہ) کے کفنانے میں رغبت کرے؟۔

تشریح لغات:۔ ۱ ہذا العینی ہذا ذکر شجاعتہ و مع شجاعتہ کان لہ نشاط و طرب یحب النساء و یحببنہ ۲ یمیس از ضرب

میں مصدر بمعنی ناز سے چلنا [۳] القشیب بمعنے سفید و پاکیزہ والجمع قشب وقُشُبٌ یقال قشب الشیئ تشابۃ ای کان قشیبًا از کرم [۴] یرتشف ارتشاف مصدر از افتعال بمعنے چوسنا ای یقبل ویمص ریقهن [۵] الغید یہ غیداء کی جمع ہے بمعنے نازک بدن عورت وھی المرأۃ اللینۃ المفاصل وقیل مائلۃ العنق یقال غیدت غیدًا ای مالت عنقها ولانت اعطافها فھی غیداء وھُنَّ غیدٌ از سمع [۶] یرشفہ بمعنے چوسنا و پیار کرنا یقال رشفہ رشفًا ای مصّہ از ضرب ونصر ورشِفَ الماء رشفًا از سمع [۷] المفدی اسم مفعول کا صیغہ تفدیۃ مصدر از تفعیل بمعنی فداک ابی وامی الذی یقولہ الناس فدیناک بانفسنا واموالنا [۸] یبتزہ از نصر بزۃ مصدر بمعنی لوٹنا دے کر لینا ای یسلب منہ قوتہ یعنی یجعلہ الدھر ضعیفا من نزول الحوادث یقال بزّہٗ بزًّا ای سلبہٗ وغلبہ از نصر [۹] بطش مصدر وھو القوۃ والتناول یعنی سختی سے پکڑنا وقال الامام الراغب البطش تناول الشیئ بصولۃ وفی التنزیل واذا بطشتم بطشتم جبارین از نصر وضرب [۱۰] عود صلیب بمعنے سخت ومضبوط لکڑی والمراد بہ الشدۃ والشجاعۃ صلیب از کرم وسمع یقال صلب صلابۃ جبکہ سخت ہو وصلب علی المال جبکہ وہ بخل کرے [۱۱] اصارۃ بمعنے صیرتہ وجعلتہ [۱۲] لقیٰ بفتح اللام وہ شیئ جو پھینک دی جائے یعنی گری پڑی چیز والجمع القاء [۱۳] یعافہ ای یکرھہ ویتنفر عنہ یقال عاف الطعام یعیف ویعاف عیفا وعیافا وعیافۃ ای کرھھم فترکہ از ضرب وسمع [۱۴] اعیا فعل ماضی کا صیغہ از افعال یقال اعییٰ ای اعجزہ والاعیاء عجز یلحق البدن من المشی والعیّ عجز یلحق من تولی الامر والکلام وفی التنزیل افعیینا بالخلق الاول ولم یعیی بخلقھن از سمع [۱۵] صارم از مفاعلہ مصارمۃ مصدر بمعنی قطع تعلق کرنا اور چھوڑنا [۱۶] البیض سفید اور خوبصورت عورتیں اس سے مراد ہے والجمع بیض اور اس کے اصلی معنی سفید تلوار کے ہیں [۱۷] المجاب اسم مفعول کا صیغہ از افعال اجابت مصدر بمعنی جواب دینا اور حاجت پوری کرنا اور مجاب وہ شخص جس سے عورتیں میل جول رکھنے کی خواہش مند ہوں اور مجیب وہ جو عورتوں سے خواہش اور رغبت رکھے مجاب کسی کہ اور اوقت حاجتش بمباشرت قبول کنند ومجیب کسے کہ زناں راوقت حاجت ایشاں بمباشرت قبول کند [۱۸] آمن ایضا مصدر از ضرب بمعنے عاد ورجع [۱۹] المنکوس اسم مفعول کا صیغہ بمعنے اوندھا کیا گیا یعنی لوٹایا گیا قوت سے ضعف کی طرف یقال نکس الشیئ نکسًا ای قلبہ علی رأسہ وجعل اسفلہ اعلاہ ومقدمہ مؤخرہ از نصر وفی التنزیل ثم نکسوا علی رؤسھم ومن نعمرہ ننکسہ فی الخلق [۲۰] دواہی یہ داہیۃ کی جمع ہے بمعنے سخت مصیبت اور بری بات اور برا معاملہ [۲۱] المشیب مصدر از ضرب یقال شاب یشیب شیبا وشیبۃ ومشیبًا جبکہ وہ سفید بالوں والا ہوا اور بوڑھا ہو [۲۲] مسجی اسم مفعول کا صیغہ از تفعیل بمعنے ڈھانپا گیا۔ اور چھپایا گیا یقال سجا اللیل سجوًا ای اذا سکن وستر بظلمتہ از نصر وفی التنزیل والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ [۲۳] میت بمعنے مردہ والجمع اموات وموتی ومیتون اور میت کی محض جمع میتون آتی ہے فقط۔

ثُمَّ اِنَّہٗ اَعْلَنَ بِالتَّحِیْبِ۔ وَبَکٰی بُکَاءَ الْمُحِبِّ عَلَی الْحَبِیْبِ۔ وَلَمَّا رَقَاَتْ دَمْعَتُہٗ۔ وَانْفَثَاَتْ لَوْعَتُہٗ قَالَ یَا بُجْعَۃَ الرُّوَّادِ۔ وَقُدْوَۃَ الْاَجْوَادِ۔ وَاللّٰہِ مَا نَطَقْتُ بِبُهْتَانٍ۔ وَلَا اَخْبَرْتُکُمْ اِلَّا عَنْ عِیَانٍ وَلَوْکَانَ فِیْ عَصَایَ سَیْرٌ۔ وَنَعِیْمِیْ مُطِیْرٌ۔ لَاسْتَاثَرْتُ بِمَادَعَوْتُکُمْ اِلَیْہِ وَلَمَاوَقَفْتُ مَوْقِفَ الدَّالِّ عَلَیْہِ وَلٰکِنْ کَیْفَ الطَّیَرَانُ بِلَاجَنَاحٍ۔ وَهَلْ عَلٰی مَنْ لَا یَجِدُ مِنْ جُنَاحٍ (قَالَ الرَّاوِیْ) فَطَفِقَ الْقَوْمُ یَاتَمِرُوْنَ فِیْمَا یَاْمُرُوْنَ۔ وَیَتَخَافَتُوْنَ فِیْمَا یَاْتُوْنَ۔ فَتَوَهَّمَ اَنَّهُمْ یَتَمَالَئُوْنَ عَلٰی صَرْفِہٖ بِحِرْمَانٍ۔ اَوْ مُطَالَبَتِہٖ بِبُرْهَانٍ۔ فَفَرَطَ مِنْہُ اَنْ قَالَ یَا بَلَا مَعَ الْقَاعِ وَیَرًا مَعَ الْبِقَاعِ۔

الترجمۃ والمطالب

پھر وہ چیخ چیخ کر ایسے رونے لگا، جیسے عاشق معشوق کے گم ہونے (یا نہ ملنے) پر روتے ہیں اور جب اس کے آنسو ٹھہر گئے، اور اس کی سوزش بجھ گئی تو وہ کہنے لگا اے سائلوں کی کامیابی اور سخیوں کے پیشوا خدا کی قسم میں نے قطعاً جھوٹ نہیں بولا۔ اور نہ میں نے افتراپردازی کی اور میں نے چشم دید حالات بیان کئے ہیں۔ اور اگر میری لاٹھی میں موٹھ ہوتی اور میرے بادلوں میں تھوڑا سا بھی مینہ ہوتا تو میں اس چیز کو جس کی میں تمہیں دعوت دے رہا ہوں خود ہی برداشت کر لیتا، اور میں تمہاری رہنمائی نہ کرتا، لیکن بغیر بازو (یا پروں) کے اڑنا کس طرح ممکن ہے اور نہ اس شخص پر کہ کچھ بھی نہ رکھتا ہو کوئی گناہ ہے۔ راوی کہتا ہے یہ سن کر لوگوں نے آپس میں مشورہ شروع کر دیا ہے کہ ہمیں اب کیا کرنا چاہیئے۔ اور چپکے چپکے (آہستہ) باتیں کرنے لگے کہ اس سے کیا معاملہ کرنا چاہیئے اس نے یہ محسوس کیا کہ یہ لوگ یا تو خالی ہاتھ سائل کو محروم کر کے لوٹائیں گے یا کسی دلیل کا مطالبہ کریں گے، پس وہ فوراً بولا اے ہموار زمین (یا چٹیل میدان)، کے ریت اور جنگل کے سنگ ریزو؟۔

تشریح لغات

لہ اعلن اعلان مصدر افعال بمعنی ظاہر کرنا ۲ہ بالنحیب مصدر بمعنی چیخ کر رونا اور جب اس کے آنسو رک جائیں تو کہا جاتا ہے رقأ الدمع او الدم رقأ ورقوءً از فتح ۳ہ الفثات ای انقطعت وسکنت از انفعال یقال انفثأ الحر یعنی جب کہ گرمی کم ہو وفثأ القدر فثأ وفثوءً ای سکن غلیانہا از فتح ۴ہ لوعتہ بمعنی سوزش غم وعشق المرۃ من لاع ای حرقۃ الحزن والھوی والوجد یقال فی قلبہ لوعۃ ویقال لاعۃ الحب لوعاً ای امرضہ از نصر ۵ہ نجعۃ علی وزن فعلۃ ما ینجع من نجع القوم الکلاء او الماء ای ذھبوا الطلبہ فی مواضعہ بمعنی کامیابی ومقصد ۶ہ الرواد یہ رائد کی جمع ہے وھو الرسول الذی یرسلہ القوم لینظر لھم مکانا ینزلون فیہ وایضا الرائد الجاسوس اور اس کی جمع رادۃ اور رائدون بھی آتی ہے ۷ہ قدوۃ یہ فعلۃ کے وزن پر ہے بمعنی ما یقتدیٰ بہ ۸ہ الاجواد یہ جواد کی جمع ہے بمعنی کثیر الجود ۹ہ عیان مصدر از باب مفاعلہ بمعنی دیکھنا ومشاہدہ کرنا ۱۰ہ ولو کان فی عصای سیر یہ مثل اس شخص کے حق میں ہے جو منفعت سے خالی ہو نہ تو وہ چل پھر سکتا ہو۔ اور نہ اس میں کوئی قوت طاقت ہو یا انسان کسی چیز کا ارادہ کرے اور وہ اس کو کرنے پر قادر نہ ہو سیر الشراک قدۃ من جلد مستطیلۃ یعنی جلد کا لمبا ٹکڑا جو چھڑی کے سر کی طرف سوراخ کر کے باندھتے ہیں اور وہ ہاتھ پر بطور حلقہ کے رہتا ہے اور اس سے لکڑی کی گرفت اچھی ہوتی ہے والجمع سیور واسیار ۱۱ہ سطیر یہ مطر کی تصغیر ہے للتحقیر بمعنی بارش اور اس سے مراد مال ہے ۱۲ہ الدال اسم فاعل کا صیغہ دلالت پر بمعنی تبلانے والا لان قولہ صلی اللہ علیہ وسلم الدال علی الخیر کفاعلہ ترغیب علی دلالۃ الخیر فلا شک ان اجر الفاعل اکثر من اجر الدال ۱۳ہ الطیران مصدر بمعنی اڑنا از ضرب اعلم ان الطیران کا نہ جنس ولہ اشکال وانواع فاذا فترك الطائر جناحیہ ورجلاہ بالارض لیطیر قیل دف فاذا طار قریبًا علی وجہ الارض قیل اسف فاذا کان مقصوصا وطار کانہ یرد جناحیہ الی ما خلفہ قیل جذف فاذا حرك جناحیہ فی طیرانہ قریبًا من الارض وحام حول الشیٔ یرید ان یقع علیہ قیل رفرف فاذا طار فی کبد السماء قیل حلق فاذا حلق ولہ مستدار قیل دوم فاذا ابسط جناحیہ فی الھواء وسکنھا فلم یحرکھا کما تمیل کما تفعل الحداء والرخم قیل صف فاذا اتراٸ بنفسہ فی الطیران قیل زف زفیفا فاذا انحدر من بلد البرد الی بلد الحر قیل قطع قطوعا وقطاعا ویقال کان ذلك عند قطاع الطیر ۱۴ہ جناح بالفتح بمعنی پرندہ کا بازو والجمع اجنحۃ واجنح وفی التنزیل ولا طائر یطیر بجناحیہ اولی اجنحۃ الخ والجناح بالضم بمعنی گناہ اور یہ گناہ کا معرب ہے والجناح الاثم المائل بالانسان عن الحق لا جناح علیك واصلہ المیل وفی التنزیل فان جنحوا

للسلم فاجنح لها ۱۵؎ فطفق از ضرب و سمع یقال طفق طفقا وطفوقا یفعل کذا جبکہ وہ شروع کرے وطفق بمراد جبکہ وہ کامیاب ہو ۱۶؎ یاتمرون ائتمار مصدر از افتعال بمعنے مشورہ کرنا اور یہ امر سے مشتق ہے ۱۷؎ تخافتون تخافت مصدر از تفاعل بمعنے آہستہ سے بات کہنا ۱۸؎ یتمالأون ای یجتمعون و یتفقون یقال تمالأ القوم علی امرای اجتمعوا واتفقوا و تعاونوا علیہ ویقال ملأہ علی الامرای ساعدہ و شایعہ از فتح ۱۹؎ یلامع یہ یلمع کی جمع ہے بمعنے ریت (واصلہ السراب) وہو مایتوہمہ الرائی ماءً و لیس بشئی ۲۰؎ القاع بمعنے ہموار زمین والجمع قیعان ۲۱؎ یرامع یہ یرمع کی جمع ہے بمعنے سفید کنکریاں ۲۲؎ البقاع یہ بقعۃ کی جمع ہے وہی قطعۃ من الارض یعنی زمین کا ٹکڑا وھذان مثلان یضربان لمن کان باطنہ مخالفا لظاہرہ یعنی انتم کالسراب یظنکم من یراکم کرما فاذا اتاکم وسألکم یعلم انکم بخلاء۔

مَاهٰذَا الْاِرْتِيَاءُ۔ الَّذِي يَابَاهُ الْحَيَاءُ۔ حَتّٰى كَاَنَّكُمْ كُلِّفْتُمْ مَشَقَّةً لَا شُقَّةً۔ اَوِاسْتُوْهِبْتُمْ بَلْدَةً لَا بُرْدَةً۔ اَوْهُزِزْتُمْ بِكِسْوَةِ الْبَيْتِ۔ لَا لِتَكْفِيْنِ الْمَيِّتِ۔ اُفٍّ لِمَنْ لَا تَنْدٰى مِغْفَاتُهُ۔ وَلَا تَرْشَحُ حَصَاتُهُ۔ فَلَمَّا بَصُرَتِ الْجَمَاعَةُ بِذَلَاقَتِهٖ۔ وَمَرَارَةِ مَذَاقَتِهٖ۔ رَفَاهُ كُلٌّ مِّنْهُمْ بِنَيْلِهٖ۔ وَاحْتَمَلَ طَلَّهٗ خَوْفَ سَيْلِهٖ۔ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ وَكَانَ هٰذَا السَّائِلُ وَاقِفًا خَلْفِيْ۔ وَمُحْتَجِبًا بِظَهْرِيْ عَنْ طَرْفِيْ. فَلَمَّا اَرْضَاهُ الْقَوْمُ بِسَيْبِهِمْ۔ وَحَقَّ عَلَيَّ التَّاَسِّيْ بِهِمْ۔ خَلَعْتُ خَاتَمِيْ مِنْ خِنْصَرِيْ وَلَفَتُّ اِلَيْهِ بَصَرِيْ.

الترجمۃ والمطالب

یہ سوچ بچار کیسا ہے جس سے شرم بھی منہ چھپاتی ہے (انکار کرتی ہے) اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمہیں مشقت اور تکلیف میں ڈالا گیا ہے نہ کہ کپڑے کا پھٹا ٹکڑا مانگا گیا ہے، اور گویا تم سے کوئی شہر طلب کیا گیا ہے نہ کہ چادر یا تمہیں خانہ کعبہ کے غلاف کی طرف توجہ دلائی گئی ہے نہ کہ مردہ کے کفن پہنانے کے لئے اور وہ انسان بہت ہی بد قسمت ہے جس کا چکنا پتھر نہ ٹپکے اور جس کی کنکریوں سے ایک قطرہ بھی نہ چو سکے جب جماعت نے اس کی تیزی زبان (فصاحت) اور ترشروئی دیکھی تو ہر ایک نے کچھ نہ کچھ اس کو دے کر اس کی اصلاح کی (یا آرام دیا) اور اس کی شبنم یعنی عتاب خفیف کو سیلاب (انتہائی غصہ) کے خوف سے یا شبنم (تھوڑی پر قناعت) کو سیلاب (کہیں زیادہ نہ دینا پڑے) کے خوف سے برداشت کیا۔ حارث بن ہمام کہتا ہے یہ فقیر میرے پیچھے اور میری آنکھوں سے اوجھل (اور پیٹھ کی آڑ میں کھڑا تھا جب قوم نے اس کو اپنی عطا یعنی مال سے اس کو راضی کیا اور مجھ پر بھی ان کی پیروی واجب ہوئی تو میں نے اپنی چھنگلیا سے انگوٹھی اتاری، اور میں نے اس کی طرف نگاہ پھیر کر دیکھا۔

تشریح لغات

۱؎ الارتیاء مصدر از افتعال بمعنی سوچنا و تدبیر کرنا اور یہ رائے سے ماخوذ ہے ۲؎ یاباہ یہ ابی یابی سے بمعنے انکار کرنا ای یاباہ حیائی۔ یاحیاؤکم ۳؎ شقۃ بمعنے مالیشق کسی چیز کا ٹکڑا اب کثرت استعمال میں وہ کپڑا جو طول میں پھاڑا جائے پھٹا ہوا کپڑا اور پھٹا ہوا آدھا ٹکڑا والجمع شقق وشقاق ۴؎ ہززتم ای حرکتم از نصر بمعنی حرکت کرنا برانگیختہ کرنا و کسی چیز کی طرف راغب ہونا و گدگدانا یقال ہززت الرجل للعطاء ای حرضتہ علی العطاء والہز التحریک الشدید ۵؎ کسوۃ والجمع

کسی وکسی بمعنے لباس ولباس پہنانا ۵ــہ البیت ای الکعبۃ والجمع بیوت وابیات وجمع الجمع بیوتات وابابیت ۷ــہ اف کلمۃ یقال لکل مستقذر من سخ وقلامۃ ظفر وشبہھہ وایضا ھو اسم فعل یستعمل بمعنی اتضجر یقال اف فلان ای قال اف من کرب او ضجر والمصدر اف وبمعناہ التانف والتافیف ویقال الافاف لکثیر التافیف ۸ــہ تندی ای لا تظھر الرطوبۃ از سمع یقال ندی الشئی یندی ندی ونداوۃ وندوۃ جب کہ تر ہو وندی الارض جب کہ تری پہونچے ۹ــہ صفاۃ وہی الحجر الصلد الفخم یقال فلان لا تندی صفاتہ ای انہ بخیل وقد نفد ان الصخر والحصاۃ یکنی بھما عن ید البخیل ۱۰ــہ لا ترشح رشح مصدر از فتح بمعنے ٹپکنا ۱۱ــہ حصاۃ بمعنے کنکری والجمع حصات حُصِیٌّ وحَصِیٌّ ۱۲ــہ بذلاقۃ مصدر بمعنے تیزی زبان یقال ذلق لسانہ ذلقا وذلق ذلاقۃ ای کان محتدا از سمع وکرم ۱۳ــہ مرارۃ مصدر بمعنے کڑوا ہونا وہی کون الشئی مرا ضد الحلو ۱۴ــہ مذاقتہ ای ذائقتہ کنایۃ عن غلظۃ کلامہ ورمزہ ، یقال مذاقہ طیب وھو مر المذاق۔ ۱۵ــہ رفاہ ای اصلحہ یقال رفاء الثوب رفاءً از فتح جبکہ وہ کپڑے کو سیئے اور رفو کرے۔ از فتح ویقال رفا الثوب رفوًا ای اصلحہ وخاطہ از نصر ۱۶ــہ بنیلہ مصدر بمعنی عطا از ضرب وسمع یقال نال المطلوب جبکہ وہ پائے اور حاصل کرے ۱۷ــہ طل ھو المطر الصغیر القطرات یعنی تحملوا کلامہ القبیح خوفا من ان یوذیھم ۱۸ــہ سیلہ مصدر از ضرب بمعنے سیلاب اس سے یہاں سخت غصہ مراد واعلم ان السیل اسم جامع ولہ مراتب واسماء فان السیل اذا اتی فھو اتی فاذا جاء یملاء الوادی فھو راعب بالراء فاذا جاء یتدافع فھو زاغب بالزاء فاذا جاء من مکان لا یعلم بہ قیل جارنا السیل وراءٌ فاذا جاء بالقمش الکثیر فھو مزلعبٌ ومحلعبٌ فاذا رمی بالزبد والقذر قیل غثا یغثو فاذا رمی بالجفاء قیل جفا یجفو فاذا کان کثیر الماء ذاھبا بکل شئی فھو حجافٌ وجرافٌ ۱۹ــہ محتجبا احتجاب مصدر از افتعال بمعنی چھپانا اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے ۲۰ــہ بسیبہ مصدر بمعنی عطا و بارش ومال ودم کے بال وکشتی کا چپو والجمع سیوب از ضرب ۲۱ــہ التاسی مصدر از تفعل بمعنی اقتداء پیروی کرنا یقال تأسی بہ جب کہ وہ اقتداء اور پیروی کرے ۲۲ــہ غلجت از ضرب ای نزعت وجذبت واخرجت ۲۳ــہ خاتم بفتح التاء وکسرہا بمعنے انگوٹھی ومہر وانجام وگدی کا گڑھا وٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی والجمع خواتم وختم ۲۴ــہ خنصر بکسر الخاء المعجمۃ وکسر الصاد وفتحہا بمعنے چھنگلیا والجمع خناصر ۲۵ــہ لفت یقال لفتہ عن کذا ای صرفہ یعنی اس کو اس نے پھیر دیا از ضرب۔ +

فَاِذَا هُوَ شَیْخُنَا السَّرُوْجِیُّ بِلَا فِرْیَةٍ . وَلَا مِرْیَةٍ . فَاَیْقَنْتُ اَنَّهَا اُکْذُوْبَةٌ تَکَذَّبَهَا وَاُحْبُوْلَةٌ نَصَبَهَا . اِلَّا اَنَّنِیْ طَوَیْتُهٗ عَلٰی غَرِّهٖ . وَصُنْتُ شُعَاعَهٗ عَنْ فَرِّهٖ . فَحَصَّنْتُهٗ بِالْخَاتَمِ . وَقُلْتُ اَرْصُدُهٗ لِنَفَقَةِ الْمَاٰتِمِ . فَقَالَ وَاهًا لَكَ فَمَا اَصْرَمَ شُعْلَتَكَ وَاَکْرَمَ فَعْلَتَكَ . ثُمَّ انْطَلَقَ یَسْعٰی قُدُمًا . وَیُهَرْوِلُ هَرْوَلَتَهٗ قِدْمًا . فَنَزَعْتُ اِلٰی عِرْفَانِ مَیْتِهٖ . وَامْتِحَانِ دَعْوٰی حَمِیَّتِهٖ . فَقَرَعْتُ ظُنْبُوْبِیْ . وَاَلْهَبْتُ اُلْهُوْبِیْ حَتّٰی اَدْرَکْتُهٗ عَلٰی غَلْوَةٍ . وَاجْتَلَیْتُهٗ فِیْ خَلْوَةٍ . فَاَخَذْتُ بِمَجْمَعِ اَرْدَانِهٖ وَعَقَبْتُهٗ عَنْ سَنَنِ مَیْدَانِهٖ .

33/2 الترجمة والمطالب

تو اچانک ہمارے استاد ابوزید سروجی موجود تھے (اس میں کوئی شک و شبہ نہیں) پھر تو مجھے یقین ہوگیا کہ یہ جھوٹا قصہ خود اس نے تراشا ہے (یعنی جھوٹ بیان کیا ہے) اور اس نے ایک جال بچھایا ہے لیکن میں نے اس بات کی طے سلوٹ (شکن) پر ہی کردی اور میں نے اس کے عیب کو بالکل ظاہر نہ کیا (یعنی میں نے کسی کو نہ بتلایا یہ ابوزید ہے) اور اس کی طرف میں نے انگوٹھی پھینک دی، اور اس سے یہ کہا کہ اس کو مصیبت (یا ماتم) میں خرچ کرنے کے لئے حفاظت سے رکھو پس اس نے جواب دیا شاباش تیرا شعلہ بہت ہی بھڑکا اور یہ تیرا فعل بہت ہی کریم (مکرم) ہے پھر وہ آگے کی طرف دوڑتا ہوا چل دیا، اور حسب عادت قدیم وہ بھاگنے لگا (تیز چلنے لگا)، لیکن مجھے اس کے مردہ کو پہچاننے کا شوق پیدا ہوا اور اس کی حفاظت کے دعوے کے امتحان نے مجھے مجبور کیا، چنانچہ میں نے اپنی پنڈلیوں کو خوب کوٹا اور میں جتنا دوڑ سکتا تھا، دوڑا بالآخر میں نے اس کو ایک تیر کے فاصلہ پر تنہائی میں جا پکڑا اور اس کے کپڑوں کے کونے پکڑ کر میں نے اس کو راستہ چلنے سے روک دیا۔

تشریح لغات

لہ فریۃ ای بلا افتراء واختلاق وکذب یعنی جھوٹ ملانا والفری قطع الجلد للخرز والاصلاح والافراء للافساد والافتراء فیھما وفی الافساد اکثر وکذلک استعمل فی القرآن فی الکذب والشرک والظلم قال تعالیٰ ومن یشرک باللہ فقد افتریٰ اثما عظیما ۲لہ مریۃ ای بلا تردد (شک) قال تعالیٰ فلا تک فی مریۃ مما یعبد ھٰؤلاء ۳لہ طویتہ ای لففتہ علی طیہ الاول وترکتہ کما کان (اس کو اسی حالت میں چھوڑا جیسا کہ وہ تھا) یقال طوی الثوب یعنی پیچیدم جامہ را بر شکن اولین او یعنی طریقہ او راز مکر وحیلہ پوشانیدم ای المراد انہ لم یظہر حالہ ولم یقل انہ ابوزید ۴لہ صنت صیانۃ مصدر بمعنے حفاظت کرنا از نصر ۵لہ شغاہ بمعنے (عیب) وھو اختلاف الاسنان وھو عیبٌ یقال شغا السن شغواً ای زادت طولہا علی سواھا یعنی دانتوں کی ناہمواری وشغی شغا از نصر وسمع ۶لہ فرہ مصدر بمعنے تفتیش کرنا وآزمانا ای کشفہ واظہار علیہ یقال فر الدابۃ اس کے دانت کھولے تاکہ اس کی عمر کا پتہ چل جائے وفرّ عن الامر جبکہ وہ اس کی تفتیش کرے از نصر ۷لہ محصبتہ ای رمیتہ (حصبۃ) مصدر بمعنی پھینکنا وبمعنے سنگریزے یا پتھر مارنا یقال حصبہٗ حصباً ای رماہ بالحصباء از ضرب ونصر ۸لہ ارصد از افعال ارصاد مصدر بمعنی حفاظت کرنا ومہیا کرنا یقال ارصد لہ شیئا جبکہ وہ تیار کرے، اور مہیا کرے وارصد لہ خیرا وشرا جبکہ وہ بدلہ دے وارصد الحساب جبکہ پیش کرے ظاہر کرے شمار کرے ۹لہ الماتم لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ اور عام طور سے اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے، جو اظہار غم کے لئے ہو والجمع ماتم وھو من اتم اتما ای جمع بین الشیئین ویقال اتم بالمکان ای اقام بہ وابطاء ۱۰لہ فما اضرم ای التہاب نارک وھو کنایۃ عن التعجب من شدۃ ذکائہ یقال ضرمت النار ضرما ای اشتعلت واضرمہا ای اوقدھا واشعلہا از سمع۔ ۱۱لہ شعلتک لہبتہ النار یقال شعل النار شعلاً ای الہبہا از فتح ۱۲لہ قدما بضم الدال وسکونہا ای یمشی تلقاء وجہہ لم یعرج ولم ینثن یعنے سیدھے جانا اور ادھر ادھر وہ نہ مڑے اور اس کے معنے دلیر کے بھی آتے ہیں اور آگے گذرنے والے کے بھی آتے ہیں اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے ۱۳لہ یہرول از بعثر ہرولۃ مصدر بمعنے تیز چلنا ۱۴لہ قدما بالکسر بمعنے حسب عادت قدیم ۱۵لہ فزعت ای ملت یقال نزع الی الشئ نزاعۃ ونزاعاً ای اشتہاہ ونزع الی اھلہ ای اشتاق از ضرب ۱۶لہ فنزعت از فتح قرع مصدر بمعنے کوٹنا ۱۷لہ ظنبوبی بمعنی پنڈلی بالظاء المعجمۃ مقدم عظم الساق یقال قرع لہذا الامر ظنبوبہ ای اذا اسرع وجد فیہ ۱۸لہ الہبت از افعال الہاب مصدر بمعنی تیز دوڑنا یا چنگاریاں نکلنا یقال الہب الفرس

إذا اجتهد في عدوه حتى يثير الغبار او يخرج من حوافره نار- والالهوب العدو الشديد وشدة الجري۔
۱۹ غلوة مسافت تیر کی مقدار یعنی زیادہ سے زیادہ جہاں پر تیر گرے۔ والجمع غلواتٌ وغلاءٌ گویند کہ مسافت آن تیر بمقدار سہ صد گز یا چہار صد گز باشد وگویند بقدر یک تیر پرتاب وگویند آن پارہ ایست از بست و پنج پارہ ہائے فرسنگ ۲۰ اجتلیتہ اجتلاء مصدر از افتعال بمعنے دیکھنا و پہچاننا ۲۱ خلوة تنہائی کی جگہ والجمع خلوات ۲۲ بجع اردانہ یہ رُدن کی جمع ہے بمعنے اصل الکم او طرفہ الواسع والمراد ھھنا بجمیع اطراف ثوبہ اور جمع یہ فعل کے وزن پر ہے بمعنے مجموع ۲۳ عقتہ از نصر عوق مصدر بمعنی روکنا یقال عاقہ عنہ عوقاً ای صَرَفَہ وثبطہ واخرہ عنہ ۲۴ سنن بالفتح بمعنے راستہ وطریقہ یقال استقام فلان علی سنن واحد یعنی فلان شخص ایک ہی طریقہ پر قائم رہا۔ والسنن والسنن من الطریق بکسر السین وضمہا وضم النون بمعنے کشادہ راستہ وبڑا راستہ ۲۵ میدانہ موضع جریہ وطلقہ والجمع میادین۔

وَقُلْتُ لَهُ وَاللهِ مَالَكَ مِنِّي مَلْجَأٌ[۱] وَلَا مَنْجًا[۲]. اَوْ تُرِيَنِّي[۳] مَيِّتَكَ الْمُسَجّٰى[۴]. فَكَشَفَ عَنْ سَرَاوِيلِهِ[۵] وَاَشَارَ اِلٰى غُرْمُوْلِهِ[۶]. فَقُلْتُ لَهُ قَاتَلَكَ[۷] اللهُ فَمَا اَلْعَبَكَ[۸] بِالنُّهٰى[۹]. وَاَحْيَلَكَ عَلَى اللُّهٰى[۱۰] ثُمَّ عُدْتُ اِلٰى اَصْحَابِي عَوْدَ الرَّائِدِ[۱۱] الَّذِي لَا يَكْذِبُ اَهْلَهُ. وَلَا يُبَرْقِشُ[۱۲] قَوْلَهُ. فَاَخْبَرْتُهُمْ بِالَّذِي رَاَيْتُ. وَمَا وَرَّيْتُ[۱۳] وَلَا رَائَيْتُ[۱۴]. فَقَهْقَهُوْا مِنْ كَيْتَ وَكَيْتَ[۱۵]. وَلَعَنُوْا ذٰلِكَ الْمَيِّتَ۔

الترجمة والمطالب

اور میں اس سے کہنے لگا کہ خدا کی قسم تجھے مجھ سے کوئی پناہ اور چھٹکارا نہیں۔ سوائے اس صورت کے کہ تو اپنے مردہ ڈھکے ہوئے کو دکھلادے یہ سنتے ہی اس نے اپنا پاجامہ (یا شلوار) کھول دیا اور اس نے اپنے غرمول (ذکر) کی طرف اشارہ کیا تو میں نے اس سے کہا کہ خدا تجھ کو غارت کرے کہ تو کس قدر عقلمندی سے شعبدہ بازی کرتا ہے اور بخشش حاصل کرنے کے لئے کس قدر حیلے کرتا ہے اس کے بعد میں اپنے دوستوں کے پاس لوٹ آیا اور اس شخص کی طرح جو سبزہ زار اور پانی کی تلاش سے واپس آکر اپنے آدمیوں کو صحیح صحیح بات بتلائے اور اس میں کمی زیادتی نہ کرے، پس میں نے جو کچھ دیکھا تھا وہ سب بتادیا نہ میں نے اس میں توریہ کیا اور نہ میں نے ریا سے کام لیا وہ میرا بیان سن کر سب کے سب زور سے قہقہہ لگا کر ہنس پڑے اور اس مردہ پر لعنت وملامت کرنے لگے۔

تشریح لغات

۱ ملجأ ای ملاذ (جائے پناہ) وقلعہ وپناہ لینا والجمع ملاجیٔ ۲ منجأ نجات کی جگہ وبلند زمین والجمع مناج ۳ اوتریني او بمعنے الیٰ آن ۴ المسجیٰ اسم مفعول کا صیغہ از تفعیل بمعنے ڈھانپا گیا۔ اور چھپایا گیا۔ یقال سجی المیت تسجیة ای مد علیہ ثوباً ویقال سجا اللیل سجواً ای سکن ودام از نصر ۵ سراویلہ یہ سروال کی جمع ہے بمعنے پائجامہ ازار اور یہ کلمہ فارسی ہے اور مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے ۶ غرمولہ بمعنے ذکر (عضو تناسل) وقد وضع لانواعہ اسماء فالذکر عام والایر للرجل کما ان التراب للصبی والمقلم للبعیر والجردان للفرس والغرمول للحمار والقضیب للتیس والعقدہ للکلب والشرک للثعلب والمتک للذباب ھذا تنویع الذکور واما الفروج فالکعثب للمرأة والحیا لکل ذات خف وذات ظلف حافر والثفر لکل ذات مخلب والاستاہ لہا تقسیم کذلک فالاست للانسان و

والمبعر لذی الخف وذی الظلف والمراث لذی الحافر والجاعرة للسبع والزلکی للطائر (فقہ اللغۃ)، ۴ قاتلک اللہ
ای قتلک اللہ وقد یکون المفاعلۃ عن الواحد نحو ناولت و سافرت ۵ بالنہی یہ نہیۃ کی جمع ہے بمعنی عقول وھی العقل
الناھی عن القبائح وفی التنزیل ان فی ذالک لآیات لاولی النہی ۶ واحیلک ای ما اکثر حیلتہ ۷ اللھی یہ لہوۃ کی جمع ہے بمعنے
بخشش وعطیہ یا افضل عطیہ ۸ الرائد اسم فاعل کا صیغہ وہ شخص جو پانی اور گھاس کی تلاش میں نکلے جب وہ واپس ہو کر آئے تو قوم
اس کی تصدیق کرتی ہے اور اس کی معلومات کو نہیں جھٹلاتی اور یہ مثل ہے الرائد لایکذب قومہ یا لایکذب الرائد اہلہ ۹ لا یبرقش از بعثر
برقشۃ مصدر بمعنے مزین کرنا یقال برقشہ برقشۃ فتبرقش ای زینتہ بالوان مختلفۃ وبرقش فی الکلام ای خلط ۱۰ ورّیتُ از تفعیل توریۃ
مصدر بمعنے حقیقت کو چھپا کر اس کے سوا ظاہر کرنا یقال وری الخبر توریۃ ای سترہ واظھر غیرہ ۱۱ لا رأیت
ای لم استعمل الریاء از مفاعلہ یقال رایتہ مراءاۃ ورِیاءً جبکہ وہ خلاف حقیقت دکھائے ورائیتہ مراءاۃ جبکہ وہ باہم مشورہ کرے ۱۲
نقھقھوا ھناک کلمات تستعمل حکایۃ لاصوات الناس فی اقوالھم فالقھقھۃ حکایۃ قول الضاحک قہ قہ
والصھصھۃ حکایۃ قول الرجل للقوم صہ صہ وھی کلمۃ زجر للسکوت والدعدعۃ حکایۃ قول الرجل للعاثر
دع دع ای انتعش والبخبخۃ حکایۃ قول المستجید بخ بخ والتاخیخ حکایۃ قول المستطیب اخ اخ الزھزھۃ حکایۃ
قول المرتقی زہ زہ. النحنحۃ والتنحنح حکایۃ قول المستاذن نح نح عند الاستیذان التمطق حکایۃ صوت
المتذوق اذا صوت باللسان والغار الاعلی الجھجھۃ حکایۃ زجر السبع والابل والھرھرۃ حکایۃ زجر الغنم و
البسبسۃ حکایۃ زجر الھرۃ والولولۃ حکایۃ قول المرأۃ واویلاہ ۱۳ کیت وکیت اور یہ کبھی کیت وکیت مکسورًا
بھی کہتے ہیں، اور اس سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے یقال فلان کیت وکیت یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا اور کیت کیت بغیر
واو کے بھی استعمال کرتے ہیں اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

المَقَامَةُ الحَادِيَةُ وَالعِشْرُوْنَ الرَّازِيَّةُ

حَكَى الحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ مُلِيْتُ مُذْ اَحْكَمْتُ تَدْبِيْرِيْ. وَعَرَفْتُ قَبِيْلِيْ مِنْ دَبِيْرِيْ. بِاَنْ
اُصْغِيَ اِلَى العِظَاتِ. وَاُلْغِيَ الكَلِمَ المُحْفِظَاتِ. لِاَتَحَلّٰى بِمَحَاسِنِ الاَخْلَاقِ. وَاَتَخَلّٰى مِمَّا
يَسِمُ بِالْاِخْلَاقِ. وَمَا زِلْتُ اٰخُذُ نَفْسِيْ بِهٰذَا الْاَدَبِ. وَاُخْمِدُ بِهٖ جَمْرَةَ الْغَضَبِ. حَتّٰى
صَارَ التَّطَبُّعُ فِيْهِ طِبَاعًا. وَالتَّكَلُّفُ لَهٗ هَوًى مُطَاعًا. فَلَمَّا حَلَلْتُ بِالرَّيِّ. وَقَدْ حَلَلْتُ حُبَى الْغَيِّ
وَعَرَفْتُ الْحَيَّ مِنَ اللَّيِّ. رَاَيْتُ بِهَا ذَاتَ بُكْرَةٍ. زُمْرَةً فِيْ اِثْرِ زُمْرَةٍ. وَهُمْ مُنْتَشِرُوْنَ انْتِشَارَ
الْجَرَادِ. وَمُسْتَنُّوْنَ اسْتِنَانَ الْجِيَادِ.

الترجمة والمطالب

(یہ اکیسویں مجلس جو رازیہ کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا جب سے کہ میری تدبیر مضبوط ہوئی اور پس و پیش (آگے پیچھے) پر نظر ڈالنے
کے قابل ہوا تو میں مصیبت میں گرفتار ہو گیا، اور میں پند و نصائح پر کان دھرنے اور غصہ ڈالنے والی باتوں کے چھوڑنے میں مشغول ہوا تاکہ

میں بھلی عادتوں سے آراستہ اور بری عادتوں سے میں پاک و صاف ہو جاؤں اور میں ہمیشہ اپنے نفس کو اس پسندیدہ طریقہ کا عادی بناتا اور اس کے ذریعہ سے غصہ کی آگ بجھاتا رہتا تھا یہاں تک کہ عادت ڈالنا بمنزلہ پیدائشی عادت کے ہو گیا اور یہ تکلیف برداشت کرنا اچھی عادت بن گیا، چنانچہ جب میں شہر رَی میں قیام کے لئے اترا اور میری گمراہی کے عقدے کھل گئے اور میں حق اور باطل میں تمیز کرنے لگا ایک دن صبح کے وقت میں نے لوگوں کو آگے پیچھے ٹڈیوں کی طرح منتشر دیکھا، اور وہ لوگ گھوڑوں کی طرح کودتے پھاندتے تھے۔

تشریح لغات

۱ عنیت از ضرب عنایت وعنی مصدر بمعنی رنج وتکلیف میں ہونا یقال عنی الامر فلاناً جبکہ مشغول کرے اور فکرمند کرے وعنی بہ عنی جبکہ فکرمند اور مشغول ہو، اور مشقت لاحق ہو ۲ قبیلی خدا کی طاعت اور دبیر خدا کی نافرمانی یقال مایعرف قبیلاً من دبیر یعنی وہ آنے جانے والے کو نہیں پہچانتا ومنہ یقال رایتہ قبیلاً یعنی میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا اور قبیلی سے مراد منافع ہے اور دبیری سے مضار اور قبیلی یہ قبل سے بھی مشتق ہو سکتا ہے بمعنے آگے کا حصہ اور دبیری دبر سے بمعنے پیچھے کا حصہ ۳ اصغی از افعال ای امیل صغو مصدر از نصر بمعنے کان لگانا وفی التنزیل ولتصغی الیہ افئدۃ الذین لایؤمنون ۴ العظات یہ عظۃ کی جمع ہے بمعنے وعظ ونصیحت ۵ المحفظات یہ محفظۃ کی جمع ہے از افعال یقال احفظ جبکہ وہ غصہ دلائے ۶ لاتحلی تحلی مصدر از تفعل بمعنے مزین ہونا ۷ اتخلی تخلی مصدر از تفعل بمعنے خالی ہونا ۸ یسم از ضرب وسم مصدر بمعنی داغ لگانا ۹ بالاخلاق بالفتح خلق کی جمع بمعنے عادت وبالکسر بمعنے کہنہ کرنا اور یہ اخلق الثوب سے مشتق ہے جبکہ کپڑا پرانا اور خراب ہو جائے اور یہاں اس سے مراد عیب ہے ۱۰ اخمد اخماد مصدر از افعال بمعنی لپٹ کر بجھانا ۱۱ جمرۃ بمعنے آگ کا شعلہ (یعنی انگارا) اور یہ الجمر کا واحد ہے ۱۲ التطبع مصدر از تفعل بمعنے بتکلف عادت پکڑنا ای اظہار الشیٔ من الطبع ولیس فی طبعہ ۱۳ طباعا یہ طبع کی جمع ہے بمعنی پیدائشی عادت ونمونہ ومثال ۱۴ بالری ...... با معنے میں فی کے ہے اور رے یہ شہر ہے خراسان کے راستہ پر ۱۵ حبی یہ حبوۃ کی جمع ہے وھی مایحتبی بہ ای مایشتمل بہ من ثوب اوعمامۃ والمراد انی ترکت ماکنت علیہ من الضلال ۱۶ الحی ای الحق اور لی بمعنی باطل وقیل الحی الکلام الظاہر واللی الکلام الخفی یقال لوی لسانہ بکذا کنایۃ عن الکذب ولیقال فلان لایعرف الحی من اللی ای انہ احق والحی ایضا نقیض المیت والنسبۃ الیہ حیوی والارض الحیۃ ھی الارض الخصبۃ ۱۷ بکرۃ بمعنے صبح یقال اتیتہ بکرۃ یعنی اس کے پاس صبح کے وقت آیا ۱۸ زمرۃ بمعنے گروہ وجماعت وفوج والجمع زمر وفی التنزیل وسیق الذین اتقوا ربہم الی الجنۃ زمرا ۱۹ الجراد بمعنے ٹڈی اور اس کا واحد جرادۃ ہے ۲۰ مستنون استنان مصدر از استفعال آگے اور پیچھے خوشی سے گھوڑے کا دوڑنا وقیل ہوان یرفع الفرس یدیہ ویطرحہما معا والمراد بہ الجری الشدید والمر السریع ۲۱ الجیاد بمعنے تیز رفتار عمدہ گھوڑے اور یہ جواد کی جمع ہے اور اس کی جمع اجیاد اور اجاوید بھی آتی ہے۔

وَمُتَوَاصِفُوْنَ وَاعِظًا يَقْصِدُوْنَهٗ. وَيُجِلُّوْنَ ابْنَ سَمْعُوْنَ دُوْنَهٗ. فَلَمْ يَتَكَاءَدْنِيْ لِاسْتِمَاعِ الْمَوَاعِظِ وَاخْتِبَارِ الْوَاعِظِ. اَنْ اُقَاسِيَ اللَّاعِظَ. وَاحْتَمِلَ الضَّاغِظَ. فَاَصْحَبْتُ اَصْحَابَ الْمُطَاوَعَةِ وَانْخَرَطْتُ فِيْ سِلْكِ الْجَمَاعَةِ. حَتّٰى اَفْضَيْنَا اِلٰى نَادٍ جَمَعَ الْاَمِيْرَ وَالْمَامُوْرَ. وَحَشَدَ النَّبِيْهَ وَالْمَغْمُوْرَ. وَفِيْ وَسْطِ هَالَتِهٖ. وَوَسْطِ اَهِلَّتِهٖ. شَيْخٌ قَدْ تَقَوَّسَ وَاقْعَنْسَسَ وَتَقَلْنَسَ وَتَطَلَّسَ. وَهُوَ يَصْدَعُ بِوَعْظٍ يَشْفِي الصُّدُوْرَ. وَيُلِيْنُ الصُّخُوْرَ. فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ

وَقَدِ افْتَتَنَتْ بِهِ الْعُقُوْلُ۔

ای وما لیہ ۱۲ فریفتہ شد و بود باد ۱۲ ای الواعظ او القول ۱۲

الترجمۃ والمطالب ایک واعظ کا قصد کر رہے تھے۔ اور آپس میں اس کا وصف بیان کر رہے تھے۔ اور ابن سمعون واعظ کو بھی اس سے بہت ہی کم مرتبہ پر رکھ رہے تھے اور مجھے وعظ سُننے اور واعظ کی آزمائش میں مجمع کی چیخ و پکار اور مزاحمت سے کوئی دشواری پیش نہیں آئی اور میں نہایت متانت سے ان کے ساتھ ہو گیا، اور جماعت کے رشتہ (لڑی) میں منسلک ہو گیا، یہاں تک کہ ہم ایک مجلس میں جس میں ہر قسم کے لوگ حاکم اور محکوم (سردار اور رعایا) مشہور اور گمنام (رذیل)، اکٹھے تھے جا پہونچے اور دائرہ مجلس کے وعظ اور محفل کے چاندوں کے درمیان ایک شیخ (بزرگ)، کمان جیسی ان کی کمر تھی اور سینہ اس کا نکل آیا تھا۔ اور وہ ٹوپی پہنے ہوئے اور طیلسان چادر اوڑھے ہوئے تشریف رکھتے تھے جن کا وعظ سینوں کو شفا دیتا تھا، اور پتھر جیسے دلوں کو نرم کر رہا تھا۔ میں نے یہ کہتے ہوئے سُنا اس حالت میں اس کے قول یا وعظ کی وجہ سے عقلیں فتنہ میں پڑ گئیں تھیں (یعنی مسخر ہو چکی تھیں۔

تشریح لغات لہ متواصفون تواصف مصدر از تفاعل ایک کا دوسرے سے وصف بیان کرنا یقال تواصف القوم الشیٔ جبکہ ایک کا دوسرے سے بیان کرے ۲ہ ابن سمعون ہو ابو الحسن محمد بن احمد بن اسماعیل بن عیسیٰ ابن اسماعیل المعروف بابن سمعون وکان وحید دھرہ وفرید عصرہ فی الاخبار وولیا من الاولیاء والاخیار اور ان کا انتقال ۳۸۷ھ میں ہوا اس کے بعد ۱۱ رجب ۴۲۶ھ کو وہاں سے منتقل کر کے بغداد میں دفن کئے گئے کفن کے کپڑے بجنسہ صحیح وسالم تھے ۳ہ تیکاؤنی کاؤ بیکاؤ سے از فتح غم اور بدحالی سے نڈھال ہونا یقال تکاءُ وتکاءَ الامر فلاناً یعنی اس پر شاق گذرا وتکاءَ الامر وتکاءَ ای تکلفہ، وکا بدہ واکوأ الشیخ ای ارعش من الکبر والکاداء الحزن والشدۃ والمحاذرۃ واللیل المظلم والکاداء والکؤود ایضا صعبۃ شاقۃ المصعد والکوداء الصعداء ای التنفس الشدید من ھم او تعب ۴ہ لاستماع میں لام اجل کے معنے میں استماع مصدر از استفعال بمعنی سننا ۵ہ اقاسی مقاساۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی تکلیف اٹھانا ۶ہ اللاعظ اسم فاعل کا صیغہ ای رافع الصوت وکثیر الصیاح واللغط صوت مبہم لا یفہم یقال لغط لغطا جبکہ وہ بولے از فتح ۷ہ الضاغط اسم فاعل کا صیغہ از فتح ضغط مصدر بمعنے سختی سے پیش آنا یقال ضغطہ ضغطا ای زحمہ ای لم یمنعنی ما اصابنی من شدۃ الصیاح ومزاحمۃ الناس من الوصول الی الواعظ حتی دنوت منہ ودز صراح ضغطہ بمعنی افشاردن بر دیوار ومعنی دو فقرہ سابقہ اینکہ شوق وعظ شنیدن مواعظ ودیدن واعظ برآن آورد کہ محنت شور وشغب ومزاحمت برداشت کنم ۸ہ فاصحبت ای انقدت لہ از افعال یقال اصحب لہ ای انقاد لہ ۹ہ المطواعۃ الناقۃ الذلول اور المطواع اور المطواعۃ بمعنے فرمانبردار از نصر وسمع یقال طاع یطوع ویطاع بفلان جبکہ وہ فرمانبردار ہو ۱۰ہ انخرطت از انفعال بمعنے دخلت وانتظمت انخراط مصدر بمعنے داخل ہونا یقال انخرط فی المکان جبکہ وہ جلدی سے داخل ہو وانخرط من المکان جبکہ وہ نکلے ۱۱ہ حشد ای جمع یقال حشد الشیٔ حشداً ای جمعہ از نصر والحشد بفتح الشین الجماعۃ یقال عندی حشد من الناس والحاشد المستعد المتاھب یقال فلان حاشد ای مجتھد فی خدمتہ وسعیہ ۱۲ہ النبیہ بمعنی مشہور ومعروف اور بڑے مرتبہ والا شخص اور یہ نباہت سے ماخوذ ہے جو خمول کی ضد ہے یقال نبہ فلان ای اشتہر کان ذا نباہۃ وایضا بمعنے شرف والصفۃ منہ نبہٌ ونبہٌ ونابہ ونبیہ والنابہ من نصر وسمع وکرم ۱۳ہ

المغمور بمعنے گمنام اور غیر معروف شخص (یعنی رذیل) ۱۹ وسط یقال ھو فی وسط القوم (فی وسطھم ای بینھم وقیل کل موضع یصلح فیہ وضع بین عوضا عن وسط فھو بالتسکین والا فبالتحریک وعلیہ تقول وسط القوم ووسط الحبل ۲۰ ہالتہ بمعنے حلقہ وچاند کا کنڈل ۲۱ اہلتہ یہ ہلال کی جمع ہے بمعنے چاند اور اس کی جمع اہالیل بھی آتی ہے اور یہ نادر ہے ۲۲ تقوس ای احدودب یعنی کمان کی طرح وہ ٹیڑھا ہو گیا تھا از باب تفعل ۲۳ اقعنس ای دخل ظہر وخرج صدرہ از افعنلال ۲۴ تقلنس ای لبس القلنسوۃ ۲۵ تطلس طیلسان کی چادر اس نے پہنی تھی وہ کسا اخضر یلبسہ الخواص ۲۶ یصدع ای یظہر وعظا بلیغا صادع مصدر از فتح یقال صدع الامر جبکہ وہ ظاہر کرے وصدع بالحق جبکہ وہ حق بات کو کھلم کھلا بیان کرے ۲۷ الصخور یہ صخر کی جمع ہے بمعنے سخت پتھر ۲۸ افتتنت افتتان مصدر از افتعال بمعنے فتنہ میں پڑنا و فریفتہ ہونا ۲۹ العقول یہ عقل کی جمع ہے روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے وبمعنی دل و دیت۔

ابن آدم ما اغراك بما يغرك. واضراك بما يضرك. والهجك بما يطغيك. وابهجك بمن يطريك. تعني بما يعنيك. وتهمل ما يعنيك. وتنزع في قوس تعديك. وترتدي الحرص الذي يرديك. لا بالكفاف تقتنع. ولا من الحرام تمتنع. ولا للعظات تستمع. ولا بالوعيد ترتدع. دابك ان تتقلب مع الاهواء. وتخبط خبط العشواء. وهمك ان تداب في الاحتراث. وتجمع التراث للوراث. يعجبك التكاثر بما لديك. ولا تذكر ما بين يديك.

الترجمۃ والمطالب

اے ابن آدم تجھے کیوں دھوکہ دینے والی چیزوں سے تعلق ہے اور تجھ کو کس چیز نے حریص کیا کہ تو نقصان دینے والی چیزوں سے دلچسپی رکھے اور تو سرکشی میں کیوں حرص کرنے والا ہے اور تجھے حد سے زیادہ تعریف اچھی معلوم ہوتی ہے اور تو رنج اور تکلیف پہنچانے والی باتوں میں مشغول ہے اور نفع دینے والی چیزوں کو تو بے کار (بے فائدہ) سمجھتا ہے اور تو اپنے ظلم کی کمان سے تیر اندازی کرتا ہے اور تو حرص کی چادر کو کاندھے پر رکھتا ہے وہ یقیناً تجھ کو ہلاک کر دے گی۔ اور تو تھوڑی چیز (یا بقدر ضرورت) پر قناعت نہیں کرتا اور نہ تو حرام سے باز رہتا ہے اور نہ تو نصیحت سننے کے لئے ہی کان لگاتا ہے۔ اور تو وعید سن کر باز نہیں رہتا تیری خصلت تو یہ ہے کہ تو خواہشات نفسانی کے ساتھ پلٹتا رہتا ہے اور تو ٹیڑھا چلتا ہے جیسی اندھی اونٹنی ٹیڑھی چلے (یعنی تو اپنے انجام پر نظر نہیں کرتا) اور تیرا ارادہ یہ ہے کہ تو دنیا کماتا ہے اور مال تو وارثوں کے لئے جمع کرے اور تیرے پاس جو مال ہے اس پر تو تعجب کے ساتھ گھمنڈ کرتا ہے اور تو پیش آنے والے امور کو بھولے ہوئے ہے (یعنی امور آخرت کو)۔

تشریح لغات

۱ ابن آدم یہ منادی ہے اور حرف ندا یہاں یا محذوف ہے ۲ ما اغراک ای ما اکثر لصوقک بالغرور یقال غری بہ ای لصق بہ اور یہ فعل تعجب ہے اور یہ فعل ماضی بھی بن سکتا ہے والیضاً غری بکذا ای اولع بہ من حیث لا یحملہ علیہ حامل از سمع والمصدر (غری) وغراءً واغری الرجل ای حثہ علیہ واغری

[۱] فجالست از مفاعلہ مجالسۃ مصدر بمعنی بیٹھنا اس کے صلہ میں من نہیں آتا ہے اور یہاں یہ من تجرید کے لئے ہے [۲] اضراب یہ ضرب کی جمع ہے بمعنے مثل [۳] قعقاع بن شور قال المبرد ہو رجل سید من عبد اللہ بن دارم اور یہ بہادر شخص تھا اور مسلح رہا کرتا تھا اور اس کے چلنے میں آواز ہوتی تھی یہ دو شخص ہیں ایک زمانہ جاہلیت میں گذرا ہے اور دوسرا اسلام میں اور یہ اپنے پاس بیٹھنے والوں پر اپنا مال خوب نچھاور کرتا تھا۔ زمانہ جاہلیت والے کا واقعہ یہ ہے کہ منذر بادشاہ جو بہت ہی مغرور اور متکبر تھا، اس نے دو دن مقرر کر رکھے تھے ایک دن یوم بوس (سختی کا دن) تھا اور دوسرا دن یوم نعم (نعمت اور سخاوت کا دن) تھا ایک دن اس کے پاس ایک بڑھیا گئی وہ دن اس کا سختی کا تھا اس نے قتل کرنے کا حکم دیا تو وہ اپنے بجائے اپنی لڑکی لے آئی وہ قتل ہو گئی اور زمانہ اسلام والے کا واقعہ یہ ہے کہ حضرت معاویہ مال غنیمت تقسیم کیا کرتے تھے اس میں سے قعقاع کو بھی حصہ ملا کرتا تھا اتفاق سے ایک دن ایک اعرابی آیا جو بہت عاجزی اور انکساری کر رہا تھا، اور وہ دن مہرجان کا تھا اور کسی نے سونے چاندی کے جام حضرت معاویہؓ کو ہدیۃً پیش کئے آپ نے وہ جام تقسیم کئے اور ایک سونے کا جام قعقاع کو بھی دیا، اور وہ سر(؟) شرم وحیا کی وجہ سے خاموش تھا۔ اور اس کو کچھ نہ ملا تو قعقاع کو اس کی حالت زار پر رحم آیا اور اپنا سارا مال اس کو دے دیا تو حضرت معاویہؓ نے فرمایا ہو اسخی منی حیث سے یہ شخص سخاوت میں مشہور ہو گیا ہے [۴] الکور بمعنی زیادتی والجمع اکوار [۵] بعد الحور ای النقصان وکلام

العرب نعوذ باللہ من الحور بعد الکور ای من النقصان بعد الزیادۃ ھو مستعار من کور العمامۃ ای شدھا لان العمامۃ تنقص بعد شدھا یقال کار العمامۃ ونحوھا علی رأسہ ای شدھا ولفّھا از نصر والمصدر کور والحور الرجوع والتحیر وغسل الثوب حتی یبیض ویقال حار الشئی ای کسد وجار بعد ما کار ای نقص بعد ما زاد وفی الحدیث اعوذ باللہ من الحور بعد الکور از نقصان بعد از زیادت یا از فساد مال بعد اصلاح آن ومنہ الحواری بمعنی دھوبی اور بقول بعض انبیاء کے مددگار اور اسی سے الحواریون حضرت سیدنا عیسٰی علی نبینا وعلیہ السلام کے انصار واعوان [۶] المرتع ای الماکل والمرتع موضع الرتع چراگاہ) یقال رتع فی المکان رتعا ورتوعا ورتاعا ای اقام واکل فیہ وشرب ما شاء فی خصب وسعۃ ورغد از فتح [۷] المربع المنزل فی الربیع یعنی موسم بہار کی بارش [۸] محل الانملۃ ای طرف الاصبع انملۃ میں نو لغات ہیں بتثلیث الہمزۃ والمیم سر انگشت اور بقول بعضے انگلی کا اوپر کا پورا والجمع انامل وانملات بتثلیث الحرفین [۹] الاصبع اَلاَصْبَعَ اَلاِصبُعُ اَلاُصْبُعُ اَلاَ صَبَعَ اَلا مُبَعُ. اَلاُصْبَعُ اَلاَصْبِع الاِصْبِعُ بمعنے انگلی اور یہ مؤنث سماعی ہے اور کبھی مذکر بھی آتا ہے والجمع اصابع [۱۰] ابن النہم ای صاحب محبت یعنی دوست ای انیسم [۱۱] عند الولایۃ والعزل ای زمن الحمل والعطل [۱۲] خازن اسم فاعل کا صیغہ بمعنے چھپانے والا والخزن حفظ الشئی فی الخزانۃ ثم یعبر بہ عن کل حفظ کحفظ السر ونحوہ از نصر یقال خزن السر جبکہ وہ چھپائے [۱۳] الجد بالکسر مصدر کوشش و سنجیدگی وجلدی واچھی طرح ثابت شدہ [۱۴] الہزل مصدر از ضرب بمعنے مذاق وٹھٹھا کرنا وکل کلام لا تحصیل لہ ولا ریع تشبیھا بالھزال وفی التنزیل انہ لقول فصل وما ھو بالھزل [۱۵] مزارع یہ مزرعۃ کی جمع ہے موضع الزرع از فتح [۱۶] الرزداقات یہ معرب روستا کا ہے بمعنی دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں والجمع رزادیق ایضًا وھو کل موضع انفصل عن المدینۃ بعملہ واعلم انھم یخصون الرزداق بخراسان کالمخلاف بالیمن والسواد بالعراق وھو تری الزراعۃ [۱۷] الجواری یہ جاریۃ کی جمع ہے بمعنے کشتی والیضا جمع جاریات وجوار [۱۸] المنشآت یہ منشأۃ کی جمع ہے اور یہ انشار سے ماخوذ ہے بمعنی بلندی یقال انشاد اللہ السحابۃ ای رفعھا [۱۹] حالکۃ بمعنے سیاہ رنگ یقال حلک حلوکۃ وحلکًا ای اشتد سوادہ فھو حالک از سمع [۲۰] الشیات یہ شیۃٌ کی جمع ہے بمعنی نشان وھی اثر یخالف معظم لون الشئی وفی التنزیل مسلمۃ لاشیۃ فیھا الخ۔

تَحْسَبُهَا جَامِدَةً[۱] وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ. وَتَنْسَابُ[۲] فِي الْحَبَابِ[۳] كَالْحُبَابِ[۴]. ثُمَّ دَعَوْنِيْ إِلَى الْمُرَافَقَةِ. فَلَبَّيْتُ[۵] بِلِسَانِ الْمُوَافَقَةِ. فَلَمَّا تَوَرَّكْنَا[۶] عَلَى الْمَطِيَّةِ[۷] الدَّهْمَاءِ[۸]. وَتَبَطَّنَّا[۹] الْوَلِيَّةَ[۱۰] الْمَاشِيَةَ عَلَى الْمَاءِ. اَلْفَيْنَا بِهَا شَيْخًا عَلَيْهِ سَحْقُ[۱۱] سِرْبَالٍ[۱۲]. وَسَتُّ[۱۳] بَالٍ[۱۴]. فَعَافَتْ[۱۵] الْجَمَاعَةُ مَحْضَرَهُ[۱۶]. وَعَنَقَتْ[۱۷] مَنْ اَحْضَرَهُ. وَهَمَّتْ[۱۸] بِاِبْرَازِهٖ[۱۹] مِنَ السَّفِيْنَةِ[۲۰]. لَوْلَا مَا ثَابَ[۲۱] اِلَيْهَا مِنَ السَّكِيْنَةِ[۲۲]. فَلَمَّا لَمَحَ[۲۳] مِنَّا اسْتِثْقَالَ[۲۴] ظِلِّهٖ. وَاسْتِبْرَادَ طَلِّهٖ[۲۵]. تَعَرَّضَ لِلْمُنَافَثَةِ[۲۶] فَصَمَتَتْ[۲۷] وَحَمْدَلَ بَعْدَ اَنْ عَطَسَ فَمَا شُمِّتَ[۲۸]۔

اقتباس از آیت کلام اللہ ۱۲ — آب انگشتری — حباب ۱۲ — کشتی ۱۲ — در بطن آمدیم ۱۲ — کشتی سیاہ ۱۲ — ای جلسنا ۱۲ — کہنہ ۱۲ — ستار ۱۲ — ای جد نا ۱۲ — راکب ودراجلار — کراہیت کرد ۱۲ — کہنہ ۱۲ — ای رجع ۱۲ — لامت ۱۲ — مفعول فیہ ۱۲ — خاموش کردہ شد ۱۲ — گفتگو ۱۲ — بالطاء المہملۃ ۱۲ — رای ۱۲ — بیان ما ۱۲ — ای بعد العطس ۱۲ — یعنی الحمد للہ گفت ۱۲

الترجمة والمطالب

جو بادلوں کی طرح اڑتی تھی، لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ ٹھہری ہوئی ہے اور پانی کی گہرائیوں میں وہ سانپ کی طرح داخل ہوتی تھی پھر مجھے بھی انہوں نے ساتھ چلنے کی دعوت دی جس کو میں نے بخوشی منظور کیا پس جب ہم سیاہ کشتی پر سوار ہوئے اور با اطمینان تمام ہم اندر بیٹھ گئے تو ہم نے کشتی میں ایک شیخ کو دیکھا جو پرانے کرتے والا تھا (پرانے کپڑے پہنے تھا) اور اس کی دستار بوسیدہ تھی (یا کہنہ عمامہ تھا) سب لوگوں نے اس کی یہ حالت دیکھکر اس کے اس طرح بیٹھنے کو بُرا سمجھا، اور سب نے اس کو برا بھلا کہنا شروع کیا اور سب نے اس کو کشتی سے نکالنے کا ارادہ کر لیا تھا اگر ان پر سکون نہ چھاجاتا (طاری ہوتا)، پس اس بوڑھے نے یہ محسوس کیا کہ ہم لوگوں پر اس کا سایہ بھی بھاری ہے اور اس کی شبنم بھی ہمارے لئے غیر نافع یا ٹھنڈی ہے (جو ہمارے لئے تکلیف دہ ہے) وہ ہم سے کچھ گفتگو کرنا چاہتا تھا، مگر وہ چپ کرادیا گیا۔ اور اس نے چھینکنے کے بعد الحمد للہ کہا مگر کسی نے بھی یرحمک اللہ اس کی چھینک کا جواب نہ دیا۔

تشریح لغات

[1] جامدة ای واقفة وساکنة جمدٌ وجمودٌ مصدر بمعنی جمنا ٹھہرنا از نصر [2] تنساب انسیاب مصدر از انفعال بمعنی داخل ہونا اور چلنا اور گذرنا [3] الحباب بفتح الحاء ای طرائق الماء وامواجہ (بمعنے بہت پانی) [4] الحباب بالضم الحیة وتشبیہ الشئی السہل بحباب الماء اعرف من تشبیہہ بمشی الحیة (سانپ) واعلوان الحباب بالفتح فقاقیة الماء التی تعلوا الماء او الخمر وحبب الماء او الرمل وحبیبہ بکسر الحاء معظمہ والحباب ایضا الغایة والحباب بالضم الحب الود [5] فلبیت از تفعیل تلبیة مصدر بمعنی لبیک کہنا اور جواب دینا [6] تورکنا ای قعدنا علیہا متکئین از تفعل یقال تورك الراکب ای ثنی رجلہ لینزل اولیستریح وورك ورکا ای وضع ورکہ علی الارض وورك بالمکان ای اقام از ضرب [7] المطیة بمعنے مجازی کشتی اور اس کے معنے اصل میں سواری کے آتے ہیں اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے ہے یعنی بعیر اور ناقہ دونوں کو مطیة کہتے ہیں والجمع مطایا ومطیٌّ [8] الدہماء بمعنی تاریک وسیاہ اور یہ دہمة سے ماخوذ ہے والدہمة سواد اللیل وتعبیر بہا عن سواد الفرس وقد یعبر بہا عن الخضرة الکاملة اللون کما یعبر عن الدہمة بالخضرة اذا لم تکن کاملة اللون وذلك لتقاربہما باللون وفی التنزیل مدہامتان [9] تبطنا از تفعل ای دخلنا بطنہا اور یہ بطن یبطن سے ماخوذ ہے بمعنے خفی اور تبطن بھی اسی سے ہے ای دخل فی جوفہ [10] الولیة یہ ولی کا مؤنث ہے اور اس سے مراد کشتی ہے یقال فلان وَلِیٌّ یمشی علی الماء ولما کانت السفینة ماشیة علی الماء سمّاہا ولیة [11] سحق بالفتح مصدر از فتح بمعنے پرانا وبوسیدہ کپڑا یقال ثوبٌ سحق وسحق ثوب باعتبار وصف یا اضافت کے اور اسی سے ایک چیستان بھی ہے سَحَقَ سَحْقٌ سَحَقًا علیہ سَحُوقٌ ترجمہ کوٹا کوٹنا ایک بعید مسافر نے پرانا کپڑا (یہ لفظی ترجمہ ہے) مطلب یہ ہے کہ ایک دور کے مسافر نے پرانے کپڑے خوب کوٹے (دھونے کے لئے) والسحق فی الاصل نفتیت الشئی ویستعمل فی الدواء اذا فتت یقال سحقتہ فانسحق ۱۲ [12] سربال بمعنے کرتہ جس قسم کا ہو اور ہر وہ لباس جو پہنا جائے وفی التنزیل سرابیلہم من قطران اور سربال کی جمع سرابیل آتی ہے [13] سبٌّ بالکسر بمعنی عمامہ ورسی وکھونٹی وکتان کا باریک ٹکڑا و پردہ الجمع سبوب [14] بالٍ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے فاش کے وزن پر اور یہ بَلِیَ یبلی سے مشتق ہے بمعنی پرانا ہونا [15] نعافت ای کرہت از سمع وضرب یقال عاف یعیف ویعاف عیفا وعیافا وعیفانا الطعام وغیرہ جبکہ وہ کراہت کی وجہ سے چھوڑ دے [16] محضرہ یہ مصدر میمی ہے بمعنے حاضر ہونا حضور مصدر از نصر [17] عنفت از تفعیل ای لامت واغلظت

ا القول یقال عَنُفَ ای لا مرشدۃ وعنف بالرجل وعلی الرجل عنفًا وعنافۃ ای لم یرفق بہ وعاملہ بشدۃ ۵۸ از کرم ۱۸ ہمت ای ارادت الضمیر راجعۃ الی الجماعۃ از نصر یقال ہَمَّ بالشئی جبکہ وہ ارادہ کرے اور جا ہے۔ اور پختہ ارادہ کرے ۱۹ بابرازہ مصدر مضاف الی المفعول ای باخراجہ وازالہ ۲۰ السفینۃ کشتی والجمع سفن و سفین وسفائن ۲۱ ثاب ثوب وثووب مصدر از نصر بمعنے لوٹنا یقال ثاب الرجل جبکہ وہ جانے کے بعد واپس ہو ۲۲ السکینۃ بمعنی وقار واطمینان وسکون وہیبت ۲۳ لمح از فتح یقال لمح الرجل الشئی والی الشئی جب کہ وہ دزدیدہ نظر سے دیکھے ولمح الشئی بالبصر جب کہ وہ نگاہ ڈالے ۲۴ استثقال مصدر از استفعال بمعنی بھاری ہونا اور یہ ثقل سے ماخوذ ہے یوصف بالثقل مبالغۃ فی ثقل صاحبہ یقال للمستثقل ذلک علیّ ثقیل ای اخف مایمکن ان یوجد منک الظل السریع وھو ثقیل علیّ فمابال جسمات وشخصک ۲۵ ظل بمعنی سایہ اور یہ فی کا عکس ہے فی وہ سایہ جو گھٹ جائے اور ابو عبید کا قول یہ ہے کہ ظل زوال سے پہلے کو کہتے ہیں اور فیٔ زوال کے بعد کو کہتے ہیں والجمع ظلالٌ واظلالٌ وظلولٌ وبمعنی عزت وآرام وآسودگی ۲۶ طل وہو اضعف المطر ہلکی بارش والجمع طلال وطللٌ وھو الرذاذ واکثر نزولہ یکون ساکنا بغیر ریح ولا برد فکنی ھھنا بالطل عن کلامہ القلیل واللغو ۲۷ للمنافثۃ مصدر از باب مفاعلہ بمعنی گفتگو ۲۸ فصرت تصمیت مصدر از باب تفعیل بمعنی خاموش کرنا ۲۹ حمدل از بعثر قال الحمد للہ ۳۰ شمت تشمیت مصدر چھینک کا جواب یرحمک اللہ کہنا یقال شمت علیہ جب کہ یرحمک اللہ کہہ کے دعا کرے یا یہ دعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے۔ سمت بالسین المہملۃ یہ ثعلب کا قول ہے اور بالشین المعجمۃ یہ ابو عبید کا قول ہے۔

فَاَخْرَدَ يَنْظُرُ فِيْمَا الَتْ حَالُهٗ اِلَيْهِ. وَيَنْتَظِرُ نُصْرَةَ الْمَبْغِيِّ عَلَيْهِ. وَجُلْنَا نَحْنُ فِيْ شُجُوْنٍ مِنْ جِدٍّ وَمُجُوْنٍ. اِلٰى اَنِ اعْتَرَضَ ذِكْرُ الْكِتَابَتَيْنِ وَفَضْلِهِمَا. وَتِبْيَانِ اَفْضَلِهِمَا. فَقَالَ قَائِلٌ اِنَّ كَتَبَةَ الْاِنْشَاءِ اَنْبَلُ الْكُتَّابِ. وَمَالَ مَائِلٌ اِلٰى تَفْضِيْلِ الْحُسَّابِ. وَاحْتَدَّ الْحِجَاجُ. وَامْتَدَّ اللِّجَاجُ. حَتّٰى اِذَا لَمْ يَبْقَ لِلْجِدَالِ مَطْرَحٌ. وَلَا لِلْمِرَاءِ مَسْرَحٌ. قَالَ الشَّيْخُ لَقَدْ اَكْثَرْتُمْ يَا قَوْمُ اللَّغَطَ. وَاَثَرْتُمُ الصَّوَابَ وَالْغَلَطَ. وَاِنَّ جَلِيَّةَ الْحُكْمِ عِنْدِيْ. فَارْتَضُوْا بِنَقْدِيْ وَلَا تَسْتَفْتُوْا اَحَدًا بَعْدِيْ.

الترجمۃ والمطالب پس وہ ذلت سے خاموش ہو کر غور کرتا رہا کہ اس کی کیا حالت ہوگئی ہے اور مظلوم کی (غیبی) مدد کا انتظار کر رہا تھا اور ہم واقعی بات اور غیر ضروری بات میں مشغول ہو گئے یہاں تک کہ دو قسم کی انشاء پردازی ایک کتابت یعنی لکھنا اور دوسرے حساب کا ذکر آیا اور ان دونوں کی فضیلت اور آپس میں ان دونوں کی برتری کی بحث چھڑ گئی پس کسی کہنے والے نے یہ کہا کہ انشاء کی کتابت (یعنی انشاء پردازی سب سے افضل یا منشیوں کی بزرگ تر چیز ہے اور کسی کا یہ خیال ہوا کہ حساب جاننے والوں کو فضیلت ہے اور پر زور دلائل قائم کئے گئے اور بحث بہت ہی زیادہ ہو گئی جب لڑائی لڑنے کیلئے میدان

اور جھگڑا کرنے کے لئے کوئی چراگاہ باقی نہ رہی (یعنی لڑائی کے دفع ہونے کی کوئی امید ہی نہ رہی) تو اس بوڑھے نے کہا کہ اے لوگو! تم نے بہت بک بک کی اور صحیح اور غلط باتیں تم نے سب ہی کہہ ڈالیں لیکن اس کا واقعی فیصلہ میں ہی کر سکتا ہوں لہذا تم میرے پھر کہنے سے خوش ہوجاؤ اور تم میرے بعد کسی سے فتویٰ نہ لوگے (یعنی اس کے بعد تم کو دریافت کرنے کی کوئی ضرورت ہی باقی نہ رہے گی۔

تشریح لغات

[۱] فاخرد از افعال ای سکت من ذل یقال خرد الرجل واخرد ای سکت واستحیا من ذل از سمع وایضا بمعنی طال سکوته او قل کلامه ویروی اقرد ای سکت [۲] الت ای رجعت اَوْلٌ ومَآلٌ مصدر از نصر یقال آل اَوْلًا ومآلا الیه ای رجع [۳] المبغی ای المظلوم اسم مفعول کا صیغہ از ضرب یقال بغی علیہ جبکہ دراز دستی اور ظلم کرے اور اس کا صفت کا صیغہ باغ آتا ہے وفیہ تلمیح الی قوله تعالیٰ ثم بغی علیه لینصرنه الله [۴] جلنا متکلم کا صیغہ جول وجولان وجیلان مصدر بمعنے گھومنا از نصر [۵] شجون مصدر یہ شجن کی جمع ہے اور اس کی جمع اشجان بھی آتی ہے بمعنے غم وخواہش نفس از سمع ونصر یتعدی ویلزم ای ضروب الکلام ومنه الحدیث ذو شجون ایسی بات جس کے مختلف پہلو ہوں اور کبھی اس پہلو پر گفتگو اور کبھی دوسرے پہلو پر اور اس کا قصہ یہ کہ ضبہ کے دوست نے ضبہ کے دو بیٹوں کو قتل کر ڈالا اس کے بعد دوستوں نے اس سے خود کہا کہ یہ بیٹے کس کے تھے ضبہ نے اس دوست سے ان کا قصاص لینا چاہا وہ دن ایام حرم تھے لوگوں نے اس کو منع کیا تو اس وقت اس نے کہا الحدیث ذو شجون [۶] جد بالکسر بمعنی واقعی بات وکوشش وسنجیدگی وجلدی واچھی طرح ثابت شدہ [۷] مجون مصدر بمعنے مذاق یقال مجن مجونا ای مزح از نصر [۸] الکتابتین یعنی کتابۃ الانشاء وکتابۃ الحساب [۹] کتبۃ بمعنے محرر ومنشی اور یہ کاتب کی جمع ہے اور اس کی جمع کتاب بھی آتی ہے [۱۰] انبل یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے از کرم اور یہ مشتق ہے نبل الرجل سے جبکہ وہ شرافت میں غالب ہو ای کان ذا نبل والنبل النجابة والفضل والصفة نبل ونبیل والجمع نبال ونبائل ونبل عن کذا ای کبر منه [۱۱] الحاب بمعنے بہت حساب جاننے والا [۱۲] احتدا از انفعال احتدا مصدر اور یہ حَدٌّ سے مشتق ہے یقال حد السکین ای شحذها یتعدی ویلزم باب اللازم از نصر وباب المتعدی از ضرب والمصدر حَدٌّ [۱۳] الحجاج یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنے غلبہ کرنا یقال حجه ای غلبه بالحجة از نصر [۱۴] امتداد از افتعال امتداد مصدر بمعنے بڑھنا وپھیلنا [۱۵] لجاج مصدر از ضرب وسمع یقال لج ولجًا ولجاجًا ولجاجة جبکہ وہ سخت جھگڑا کرے اور دشمنی میں مداومت کرے [۱۶] مطرح ای موضع یطرح فیه یعنی ڈالنے کی جگہ اور بچھانے کی جگہ والجمع مطارح [۱۷] للمراء مصدر از مفاعلہ بمعنے لڑنا اور جھگڑا کرنا فی التنزیل فلا تمار فیهم الا مراء ظاهرا [۱۸] مسرح چراگاہ والجمع مسارح [۱۹] اللغط بک بک اور شور کرنا یعنی الصوت والجلبة واصوات مبهمة لا تفهم والجمع الغاط [۲۰] اثرتم ای نقلتم وذکرتم اور یہ اثر سے ماخوذ ہے بمعنے نقل اور ذکر کرنا وقیل هو من الاثار بمعنے جوش دکھانا اور برانگیختہ کرنا از ضرب ونصر [۲۱] الصواب مصدر یہ غلط کی ضد ہے بمعنے ٹھیک ولائق وحق [۲۲] جلیة یقال جلیة الامر بمعنے کھلا ہوا معاملہ اور یقینی چیز اور یہاں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے ای حکم الجلیة [۲۳] بنقدی یہ مصدر ہے جو مضاف ہے فاعل کی طرف بمعنی قیمت جو فوراً ادا کی جائے ودرہم نقود یقال ہی درہم نقد یعنی عمدہ کھرے درہم اور نقدان کے معنے سونے اور چاندی کے آتے ہیں [۲۴] لا تستفتوا استفتاء مصدر از استفعال بمعنی فتویٰ لینا یقال استفتی العالم فی مسئلة جبکہ وہ فتویٰ طلب کرے۔

اِعْلَمُوْا اَنَّ[۱] صِنَاعَةَ الْاِنْشَاءِ اَرْفَعُ. وَصِنَاعَةَ الْحِسَابِ اَنْفَعُ. وَقَلَمُ الْمُكَاتَبَةِ[۲] خَاطِبٌ. وَقَلَمُ الْمُحَاسَبَةِ حَاطِبٌ[۳]. وَاَسَاطِيْرُ[۴] الْبَلَاغَةِ تُنْسَخُ لِتُدْرَسَ[۵]. وَدَسَاتِيْرُ الْحُسْبَانَاتِ[۶] تُنْسَخُ وَ

تُدرس. وَالْمُنْشِئُ جُهَيْنَةُ الْاَخْبَارِ. وَحَقِيْبَةُ الْاَسْرَارِ. وَنَجِيُّ الْعُظَمَاءِ. وَكَبِيْرُ النُّدَمَاءِ وَقَلَمُهُ لِسَانُ الدَّوْلَةِ. وَفَارِسُ الْجَوْلَةِ

الترجمۃ والمطالب

ای قوم تم اس بات کو سمجھو اور جانو کہ انشاء پردازی (تصنیف) کا فن بہت ہی زیادہ بلند مرتبہ ہے۔ اور حساب کا فن بہت زیادہ نفع دینے والا اور تصنیف کا قلم (یعنی انشاء پردازی) تقریر کرنے والا ہے (یعنی وہ عمدہ کلام کا مالک ہے) اور حساب کا قلم ایسا ہے جیسے لکڑی جمع کرنے والا (اٹکل پچو) ہے اور بلاغت کی حکایتیں اور مضامین پڑھنے کے لئے لکھے جاتے ہیں اور حساب کے دفاتر برباد اور مٹا دیئے جاتے ہیں اور انشاء پرداز حالات اور راز دار خبروں سے واقف ہے جیسے جہینہ اور وہ بھیدوں کی گٹھڑی ہے (پوشیدہ راز سے واقف ہے) اور مشیر بڑوں کا ہے اور ہمنشینوں میں وہ سب سے بڑا ہے (یا اس کے بیٹھنے والے سب بڑے مرتبہ کے ہوتے ہیں) اس کا قلم دولت کی زبان اور میدان کا وہ شہسوار ہے۔

تشریح لغات

لہ صناعۃ بالفتح اس کا استعمال محسوسات میں ہوتا ہے اور بالکسر یہ معانی میں استعمال کیا جاتا ہے بمعنے فن و پیشہ والجمع صناعات وصنائع ۲ہ قلم المکاتبۃ سے مراد تصنیف کرنا ہے ۳ہ خاطب اسم فاعل کا صیغہ یا تو یہ خطبہ بالضم سے ماخوذ ہے بمعنے تقریر اور نصیحت کرنا یا یہ خطبہ بالکسر سے ماخوذ بمعنی عورت کا پیام دینا یقال خطب القوم وفی القوم ای وعظ وقرأ الخطبۃ فی الحاضرین از نصر والمصدر الخطب والخطبۃ والخطابۃ وایضا یقال خطب الرجل بمعنی صار خطیبا والمصدر الخطابۃ وبابہ کرم ویقال خطب الفتاۃ ای دعاھا وطلبھا الی التزوج از نصر والمصدر خطب وخطبتہ وخطیبی ۴ہ حاطب از ضرب یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے لکڑی جمع کرنے والا کانہ یجمع بین الجید والردی یقال حطب فلان ای جمع الحطب فھو حاطب وفلانٌ حاطبُ لیل ای یخلط فی کلامہ والمصدر حطب وبمعناہ احتطب واحطب. یرید ان المنشئ کالخطیب یختار من الکلام النفیس وکاتب الحساب لایبالی مما یجمع ۵ہ اساطیر ای احادیث الفصاحۃ والبلاغۃ اور یہ اسطورۃ کی جمع ہے ای مایسطر بہ یعنی مایکتب ثم استعمل فی حدیث لانظام لہ (یعنی بے اصل بات) وفی التنزیل واذا قیل لھم ماذا انزل ربکم قالوا اساطیر الاولین ۶ہ تنسخ نسخ مصدر بمعنی لکھنا از فتح یقال نسخ الکتاب جبکہ وہ نقل کرے ۷ہ تدرس درس مصدر بمعنے پڑھنا از نصر یقال درس الکتاب او العلم درسًا ودراسۃً جبکہ وہ پڑھے اور متوجہ ہو کے یاد کرے ودرس الرسم درُوسًا جبکہ وہ مٹے اور صفت کا صیغہ دارس آتا ہے مٹنے کے معنے میں ۸ہ دساتیر یہ دستور کی جمع ہے بمعنے وہ دفتر جس میں حساب لکھا جائے اور اس کے معنے قاعدہ کلیہ کے بھی آتے ہیں اور وہ ملکی قواعد جو رائج ہوں اور اس کے معنے راہداری کے پروانہ کے بھی آتے ہیں اور اس کے معنے وزیر اور اس دفتر کے بھی آتے ہیں جس میں لشکریوں کا نام لکھا جاتا ہے اب یہ مطلق دفتر کے معنی میں مستعمل ہے ۹ہ الحسبانات یہ حسبانۃ کی جمع ہے بمعنے حساب وایضا مختار السھم الحسبان جمع ایضا ۱۰ہ المنشئ اسم فاعل کا صیغہ انشاء بمعنے تصنیف کرنے والا اور نئی چیز پیدا کرنے والا وعلم الانشاء ۱۱ہ جہینۃ الاخبار اس وقت استعمال کرتے ہیں جبکہ یقینی اور واقعی خبر ہو۔ وفی نسخۃ جفینۃ الاخبار وھو المشار الیہ فی قولھم وعند جفینۃ الخبر الیقین وقال السیرانی ھو اسم خمارٍ اجتمع عندہ رجلان نشربا وسکرا ثم تواثبا فقام آخر یصلح بینھما فقتل

احدهما فاخذ اهله الرجلين فقال الحاكم عليكم بجفينة فان عنده الخبر اليقين فلا يقال جهينة هذا قول الاصمعی رح وقال هشام بن الكلبی هو جهينه وقال ابوعبيدة وكان ابن الكلبی فی هذا النوع اكثر من الاصمعی ۔ اور اس کا واقعہ یوں ہے کہ حصین بن عمرو بن معاویۃ بن کلاب اور اخنس بن کعب جہنی میں یہ معاہدہ ہوا کہ جو بھی ملے لوٹ مار کرنا چاہیئے ایک شخص ملا اس کا سب مال لوٹ لیا اس نے کہا اگر تم مجھے کچھ حصہ لوٹا دو میں ایک شکار بتلاؤں جس سے تم کو بہت کچھ ملے انہوں نے وعدہ کیا اس شخص نے بتایا کہ فلاں لخمی شخص بادشاہ کے پاس سے آرہا ہے اور اس کے پاس بہت مال ہے اور یہ فلاں جگہ ملے گا ۔ انہوں نے حسب وعدہ اس کا کچھ مال واپس کر دیا ۔ اور یہ لخمی کی تلاش میں چل دیئے لخمی ایک درخت کے سایہ میں بیٹھا ہوا ہے اور کھا پی رہا ہے انہوں نے اس کو سلام کیا اس نے جواب دیا اور کھانے کی تواضع کی ان دونوں نے خوب پیٹ بھر کے کھانا کھایا پھر اخنس جہنی کسی ضرورت سے چلا گیا جب وہ لوٹا تو کیا دیکھتا ہے کہ اس کے ساتھی نے یعنی حصین نے تلوار سونت رکھی ہے اور لخمی خون میں لتھڑا ہوا پڑا ہے پھر اخنس نے بھی اپنی تلوار سونت لی اور یہ کہنے لگا او نالائق تو نے کھانے اور پینے کی عزت کا کچھ خیال نہ کیا اس نے کہا کہ تم ذرا دم لو ۔ اور اس نے بہلانا اور پھسلانا شروع کر دیا ۔ جہنی نے موقع پا کر حصین پر ہاتھ صاف کر دیا اور دونوں کا اسباب لے کر چلا آیا حصین کی بہن صخرہ زار و قطار روتی پھرتی تھی اور ہر شخص سے حال دریافت کرتی تھی اخنس کی نظر جب صخرہ پر پڑی تو یہ اشعار پڑھے ؎ تسئل عن حصين كل ركب ÷ وعند جهينة الخبر اليقين ÷ فمن يك سائلا عنه فعندی لسائله الحديث المستبين ۔ ١٢ حقيبة بمعنے گٹھری یا وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے اور مسافر کے لئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا والجمع حقائب ١٣ الاسرار یہ سر کی جمع ہے بمعنے بھید ١٤ نجی بھید جس سے رازداری کی بات کی جائے و بمعنے مشیر اور بات کرنے والا اور حدی پڑھنے والے کی آواز ١٥ الندماء یہ ندیم کی جمع ہے اور اس کی جمع ندام اور ندمان آتی ہے بمعنے مجلس شراب کا ساتھی ١٦ الدولة مصدر ایسی چیز جو کبھی کسی کے لئے اور کبھی کسی کے لئے ہو اور اسی وجہ سے مال اور غلبہ پر بھی استعمال ہوتا ہے والدولة عند ارباب السياسة بادشاہ و وزراء حکومت گورنمنٹ والجمع دول و دول ومنه الدهر دول یعنی زمانہ کو قرار نہیں ١٧ الجولة بمعنے پھرنا اور گھومنا اور یہاں اس سے مراد میدان ہے ۔

وَلُقْمَانُ الْحِكْمَةِ ۔ وَتَرْجُمَانُ الْهِمَّةِ ۔ وَهُوَ الْبَشِيرُ وَالنَّذِيرُ ۔ وَالشَّفِيعُ وَالسَّفِيرُ ۔ بِهٖ تُسْتَخْلَصُ الصَّيَاصِيْ ۔ وَتُمْلَكُ النَّوَاصِيْ ۔ وَيُقْتَادُ الْعَاصِيْ ۔ وَيُسْتَدْنَى الْقَاصِيْ ۔ وَصَاحِبُهٗ بَرِيٌّ مِنَ التَّبِعَاتِ ۔ اٰمِنٌ كَيْدَ السُّعَاةِ ۔ مُقَرَّظٌ بَيْنَ الْجَمَاعَاتِ ۔ غَيْرُ مُعَارَضٍ لِنَظْمِ الْجَمَاعَاتِ ۔ فَلَمَّا انْتَهٰى فِي الْفَصْلِ ۔ اِلٰى هٰذَا الْفَصْلِ ۔ لَحَظَ مِنْ لَمَحَاتِ الْقَوْمِ اَنَّهٗ اَزْدَرَعَ حُبًّا وَ بُغْضًا وَاَرْضٰى بَعْضًا وَاَحْفَظَ بَعْضًا ۔ فَعَقَّبَ كَلَامَهٗ بِاَنْ قَالَ اِلَّا اَنَّ صِنَاعَةَ الْحِسَابِ مَوْضُوعَةٌ عَلَى التَّحْقِيْقِ ۔ وَصِنَاعَةُ الْاِنْشَاءِ مَبْنِيَّةٌ عَلَى التَّلْفِيْقِ ۔ وَقَلَمُ الْحَاسِبِ ضَابِطٌ ۔ وَقَلَمُ الْمُنْشِئِ خَابِطٌ ۔ وَبَيْنَ اِتَاوَةِ تَوْظِيْفِ الْمُعَامَلَاتِ ۔ وَتِلَاوَةِ طَوَامِيْرِ السِّجِلَّاتِ ۔

الترجمۃ والمطالب

اور حکمت کا لقمان ہے اور ہمت کا ترجمان ہے (ظاہر کرنے والا ہے) اور وہ خوشخبری دینے والا ہے اور ڈرانے والا ہے اور شفاعت (سفارش) کرنیوالا ہے اور اصلاح کرنے والا ہے۔ اور اس کے ذریعہ سے بڑے بڑے قلعے فتح کئے جاتے ہیں، اور لوگوں پر حکومت کی جاتی ہے اور نافرمان سے قصاص لیا جاتا ہے (یعنی اس کی سرکوبی ہوتی ہے) اور دور دراز کی چیزیں نزدیک ہوجاتی ہیں اور صاحب قلم برے انجام سے بری ہے اور چغل خوروں کے مکر سے محفوظ ہے اور جماعتوں میں وہ تعریف کیا گیا ہے اور بڑی خوبی یہ ہے کہ ترتیب دفاتر کے لئے وہ طلب نہیں کیا جاتا جب اس انتہا کے فیصلہ کرنے کی طرف پہنچا تو اس نے قوم کی نگاہوں سے محسوس کیا کہ محبت اور عداوت دونوں کا بیج بو دیا ہے۔ اور ان میں سے بعض کو تو خوش کیا اور بعض کو ناراض۔ چنانچہ پھر وہ یوں کہنے لگا کہ یہ ضرور ہے کہ فن حساب کی بنا امور واقعیہ (لقین) پر ہے اور انشا پردازی کا فن جوڑنے یعنی جھوٹ سچ کے ملانے پر مبنی ہے اور حساب کرنے والے کا قلم مال کی حفاظت کرنے والا ہے اور تصنیف کرنے والے کا قلم ٹیڑھا چلنے والا ہے (یعنی ڈانواں ڈول ہے) اور معاملات کے درمیان محصول مقرر کرنا اور دستاویزی فرمان یا دستاویزات کے رجسٹروں کا پڑھنا۔

تشریح لغات

۱؎ لقمان الحکمت۔ حکمت بمعنی انصاف وعلم وبردباری وفلسفہ وحق کے موافق گفتگو وکام کی درستی والجمع حکم جناب لقمان بن باعور جو حکمت میں ان کی بات ٹھیک ہے اور کام پورا ہے یا توحید کی شناخت اور شرک کی نفی ہے در احقاف میں یہ بیان کیا ہے کہ لقمان کی حکمت سے مراد توحید مقرر کرنا اور رسولوں پر ایمان کے واسطے عقلی دلیلیں قائم کرنا ہے۔ در شرک کی نفی۔ در لقمان کی نبوت میں علماء کا اختلاف ہے سدی اور عکرمہ اور شعبی رحمہم اللہ اس بات پر ہیں کہ لقمان پیغمبر تھے اور اس آیت میں ولقد آتینا لقمان الحکمۃ میں حکمت سے مراد نبوت ہے اور لقمان حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے یا خالہ زاد بھائی تھے۔ در تیسیر میں یہ ہے کہ لقمان باعور کے بیٹے تھے اور باعور ناخور کا بیٹا اور ناخور تارخ کا بیٹا اور تارخ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھائی تھے اور امام ابو اللیث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ لقمان کی کنیت ابو الانعم ہے اور عین المعانی میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی سلطنت سے دسویں برس لقمان پیدا ہوئے اور حضرت یونس علیہ السلام کے زمانہ تک زندہ رہے اور بعضوں نے یہ کہا ہے کہ یہ کسی کے غلام تھے اور بکریاں چرایا کرتے تھے یا یہ درزی اور بڑھئی کا کام کیا کرتے تھے واللہ اعلم ۲؎ ترجمان یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنے ظاہر کرنے والا بیان کرنے والا والجمع تراجمۃ وتراجم ۳؎ الہمۃ بمعنی ہمت وقصد وارادہ وخواہش وابتدائے عزم وعزم قوی والجمع ہمم ۴؎ البشیر صفت کا صیغہ بمعنے خوشخبری دینے والا والجمع بشراء ای البشیر لاولیائہ ۵؎ النذیر بمعنے ڈرانے والا والجمع نذر والنذیر لاعدائہ ۶؎ الشفیع بمعنے سفارش کرنے والا وحق شفعہ والا والجمع شفعاء ۷؎ السفیر دو قوموں کے درمیان صلح کرانے والا والجمع سفراء ۸؎ تستخلص استخلاص مصدر از استفعال یقال استخلصہ جبکہ وہ چن لے واستخلص الشیء منہ جبکہ وہ اپنے لئے حاصل کرے ۹؎ الصیاصی یہ صیصۃ کی جمع بمعنے قلعہ اور ہر وہ شئی جس کے ذریعہ سے روک تھام کی جاسکے ۱۰؎ النواصی یہ ناصیۃ کی جمع ہے بمعنی شعر مقدم الرأس ای الرؤس ۱۱؎ یقتاد اقتیاد مصدر از افتعال بمعنی کھینچنا اور یہ لازم اور متعدی دونوں طرح مستعمل ہے ۱۲؎ یستدنی استدناء مصدر بمعنی قریب ہونے کو کہنا اس میں س ت مبالغہ کے لئے ہے ۱۳؎ القاصی یہ فاعل کا صیغہ ہے بمعنے دور وبعید والجمع قاصون وقصاۃ ۱۴؎ صاحبہ ای صاحب القلم ۱۵؎ اتبعات یہ تبعۃ کی جمع ہے بمعنے انجام وتاوان وڈانڈ اور اس سے حقوق اور مطالبات مراد ہیں۔ ۱۶؎ السعاۃ یہ ساعی کی جمع ہے بمعنے چغل خور اور یہ سعایت سے ماخوذ ہے یقال سعی بفلان سعایۃً وسعیًا جبکہ وہ چغل خوری کرے۔

35/1

مقرظ اسم مفعول کا صیغہ تقریظ مصدر از تفعیل وھو المدح یقال قرظ ای مدحه وتقارظ الرجلان ای تمادحا والمصدر القرظ از سمع وقرظ القرظ ای جناه وقرظ الادیم ای دبغه بالقرظ والقرظ جمع قرظة ورق السلم یدبغ به وباب الاضربین از ضرب والمصدر قرظ ۱۸ الجماعات یہ جماعۃ بالفتح کی جمع ہے بمعنی آدمیوں کا گروہ و بالکسر و بالفتح بمعنے چنگی وغیرہ کا رجسٹر ۱۹ الفصل الاول مصدر از ضرب بمعنی حق و باطل کے درمیان فیصلہ وقول فصل بمعنے قول حق اور اس کے بعد فصل کے معنے دو چیزوں کے درمیان روک اور زمین کے درمیان حد کے ہیں بمعنی انتہار والجمع فصول ۲۰ لحظ از فتح یقال لحظ فلانا والی فلان بالعین جبکہ وہ گوشہ چشم سے دیکھے اور انتظار کرے ۲۱ لمحات یہ لمحۃ کی جمع ہے بمعنے نظر اور یہ مصدر ہے جو فاعل کی طرف مضاف ہے۔ ۲۲ ازدرع اندراع مصدر از انفعال بمعنے کھیتی کرنا اور یہ زرع سے ماخوذ ہے از درع بمعنی زرع ۲۳ احفظ از افعال احفاظ مصدر بمعنے غصہ دلانا یقال احفظہ جبکہ وہ غصہ دلائے اور یہ حفیظۃ اور حفظۃ سے ماخوذ ہے یعنی قابل حفاظت چیز کے لئے غضب و حمیت ۲۴ نعقب از تفعیل تعقیب مصدر بمعنی پیچھے لانا ای بان قال ان صنعۃ الحساب بر ہانیۃ ومحققۃ ۲۵ التلفیق مصدر از تفعیل بمعنی جوڑنا یقال لفق الحدیث ای زخرفه وموّهه بالباطل وھو من لفق الثوب ای ضم شقة منه الی اخری فخاطهما از ضرب والمصدر لفق ۲۶ ضابط اسم فاعل کا صیغہ ای حافظ حساب کل موضع من غیر زیادۃ و نقصان از نصر و ضرب بمعنی حفاظت کرنے والا ۲۷ خابط یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے خبط مصدر از ضرب بمعنے ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا ای یمشی الی کل جانب تارۃ علی غیر طریق یعنی یکتب المنشی ما یبدوله ولا ضبط لعبارته ۲۸ اتاوۃ الخراج والجبایۃ الی بیت المال والجمع اتاوی وھو من اتوته اتاوۃ ای رشوته وایضا اتا الشجر ای طلع ثمرہ وکثر حمله واتی به وعلیه رشی از نصر ۲۹ توظیف مصدر از تفعیل بمعنی مقرر کرنا یقال وظف علی الناس الغرم ای قسطه علیهم اور یہ وظیفہ سے ہے ۳۰ طوامیر یہ طومار کی جمع ہے بمعنے صحیفہ یقال کتب فی الطومار والطوامیر ۳۱ السجلات یہ سجل کی جمع ہے بمعنے معاہدات کا رجسٹر واحکام کا رجسٹر و قاضی کا رجسٹر جس میں دعوی اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے والجمع سجلات۔

بونٌ لا یُدرِکُهُ قِیاسٌ۔ ولا یعتورُہُ التِباسٌ۔ اِذ الاِتاوَۃُ تَملأُ الاَکیاسَ۔ وا لتِلاوَۃُ تُفرِغُ الرَّاسَ وَخراجُ الاوارِجِ یُغنِی النَّاظِرَ۔ وَاستِخراجُ المَدارِجِ یُعنِّی النَّاظِرَ۔ ثُمَّ اِنَّ الحَسَبَۃَ حَفَظَۃُ الاَموالِ۔ وَحَمَلَۃُ الاَثقالِ۔ وَالنَّقَلَۃُ الاَثباتُ۔ وَالسَّفَرَۃُ الثِّقاتُ۔ وَاَعلامُ الاِنصافِ وَالاِنتِصافِ۔ وَالشُّهُودُ المَقانِعُ فِی الاِختِلافِ۔ وَمِنهُمُ المُستَوفِی الَّذِی هُوَ یَدُ السُّلطانِ وَقُطبُ الدِّیوانِ۔ وَقِسطاسُ الاَعمالِ۔ وَالمُهَیمِنُ عَلَی العُمّالِ۔ وَاِلَیهِ المَآبُ فِی السِّلمِ وَالهَرجِ۔ وَعَلَیهِ المَدارُ فِی الدَّخلِ وَالخَرجِ۔ وَبِهٖ مَناطُ الضَّرِّ وَالنَّفعِ۔ وَفِی یَدِہٖ رِباطُ الاِعطاءِ وَالمَنعِ۔ وَلَولا قَلَمُ الحِسابِ لَاَودَت ثَمَرَۃُ الاِکتِسابِ۔ وَلاتَّصَلَ التَّغابُنُ اِلٰی یَومِ الحِسابِ۔

الترجمة والمطالب

ان دونوں میں اتنا زیادہ فرق ہے کہ اس کو قیاس معلوم نہیں کرسکتا اور نہ اس کو کوئی شبہ پیش آسکتا ہے۔ اس لئے کہ محصول تھیلے بھر دیتا ہے اور بڑھنا سر کو خالی کردیتا ہے اور گاؤں کا خراج حاکم کو امیر بنا دیتا ہے۔ اور لپیٹے ہوئے کاغذات کو کھولنا اور فرامین کو پڑھنا آنکھ کو مشقت میں ڈالتا ہے (یعنی دیکھنے والے کو) پھر بات بھی یہ ہے کہ حساب کرنے والے ماموں کے محافظ ہیں اور بوجھوں کو وہ اٹھانے والے ہیں اور نقل کرنے والے ہیں۔ اور وہ قابل اعتبار ہیں اور معتمد علیہ کاتب ہیں حق لینے اور حق دینے کے وہ جھنڈے ہیں اور وہ ایسے گواہ ہیں اختلاف گواہوں میں وہ عادل ہیں اور بعض انہی حساب کرنے والوں میں سے حاکم ہیں جو بادشاہ کے معین (مددگار) یا قوت بازو ہیں اور دفاتر محصولات کے وہ منتظم ہیں اور کاموں کی ترازو اور عاملوں کے امین یا امانت دار ہیں اور وہی صلح اور لڑائی کا مرجع ہیں اور وہی درآمد (آمدنی) برآمد (خرچ) کے موقوف علیہ (دارومدار) ہیں اور انہیں سے نفع اور نقصان کا تعلق ہے اور انہیں کے ہاتھ میں بخشش کرنے اور منع کرنے کی رسی ہے اور اگر محاسبوں (یا حساب) کا قلم نہ ہوتا تو کسی کام کے حاصل کرنے کا نتیجہ فنا ہوجاتا اور قیامت تک لگاتار نقصان ہی نقصان رہتا۔

تشریح لغات

لہ بون بالضم والفتح بمعنے دوری وفصل و دو چیزوں کے درمیان فرق یعنی المسافة بین الشیئین ۲ہ قیاس مصدر بمعنی مشابہ ومنہ القیاسی جو قیاس کے مطابق ہو ۳ہ لایعتورہ اعتوار مصدر از افتعال بمعنی پیش آنا ای لایعترضہ ۴ہ التباس مصدر از افتعال بمعنی شک وشبہ ۵ہ الاکیاس یہ کیسؒ کی جمع ہے بمعنے تھیلی وبٹوہ ۶ہ ادارج یہ آدارہ کا معرب وقال استاذی مدظلہ العالی یہ ادرجة سے ماخوذ ہے اور ادرجة اور ارتج کے معنی اس گھنے جنگل کے ہیں۔ جہاں خوشبو مہکے والمراد ہہنا القرے والمزارع ۷ہ الناظر اسم فاعل کا صیغہ بمعنی حاکم وانسپکٹر اور اس کے معنے آنکھ اور دیکھنے والے کے بھی آتے ہیں والجمع نظار اور اس کے معنے آنکھ اور آنکھ کی تپلی کے بھی آتے ہیں اور ناظر دوسرے کے معنے آنکھ کے ہیں ۸ہ المدارج ای الرسائل والکتاب سمیت بذلک لانہا تدرج ای تطوے ما فیہا واستخراجہا تتبع معاینہا بجودة النظر ودرس الفاظہا ۹ہ یعنی تعنیہ مصدر از تفعیل بمعنی مشقت اور تکلیف میں ڈالنا ۱۰ہ الحسبة یہ حاسب کی جمع ہے بمعنے حساب جاننے والا ۱۱ہ حملة یہ حامل کی جمع ہے بمعنے اٹھانیوالے ۱۲ہ الاثقال یہ ثقل کی جمع ہے بمعنے بوجھ وبھاری چیز ۱۳ہ النقلة بمعنے نقل کرنے والے اور یہ ناقل کی جمع ہے اور اس کی جمع ناقلون بھی آتی ہے ۱۴ہ الاثبات یہ ثبت بالفتح والسکون کی جمع ہے بمعنے ماثبت ۱۵ہ السفرة یہ سافر کی جمع ہے بمعنے لکھنے والے اور یہ مشتق ہے سفر الکتاب سے ای کتبہ والمصدر سفر والباب نصر ۱۶ہ الثقات یہ ثقة کی جمع ہے بمعنے قابل اعتماد وبھروسہ ۱۷ہ اعلام یہ علم کی جمع ہے بمعنی پہاڑ کی چوٹی والمراد الرایات او المراد الرجل المشہور ۱۸ہ الانصاف مصدر از افعال وہو العدل بان یودی حق الغیر من نفسہ ۱۹ہ الانتصاف مصدر از افتعال بمعنے بدلہ لینا وہو ان یاخذ حق نفسہ من الغیر ۲۰ہ والشہود یہ شاہد کی جمع ہے بمعنے حاضر یا گواہ اور اس کی جمع شہد بھی آتی ہے ۲۱ہ المقانع یہ مقنع کی جمع ہے بمعنے قناعت کرنے والے یقال شاہد مقنع ای یقنع بہ ولبشہادہ ۲۲ہ المستوفی یہ استفعال سے ہے اسم فاعل کا صیغہ بمعنے خراج وصول کرنے والا یہ ایک عہدہ خزانہ کا ہے جس پر بڑا حاکم ہر وقت وہاں رہتا ہے جس کو اکاونٹنٹ جنرل کہتے ہیں ۲۳ہ ید السلطان بمعنے ہاتھ ومددگار والجمع الایدی والیدی وجمع الجمع ایادی وید یہ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے اور یہ اصل میں یدی تھا اور اس کے معنے بہت آتے ہیں اور السلطان بمعنے بادشاہ والجمع سلاطین ۲۴ہ قطب الدیوان ای الذی علیہ مدار الدیوان بمعنی دیوان کے سردار ہیں والجمع اقطاب وقطوب وقطبة ۲۵ہ قسطاس بمعنی ترازو (یا کانٹا جس سے سونا وچاندی تولتے ہیں) والجمع قساطس

35/2

۲۶؎ المهیمن یہ اصل میں مامین تھا بمعنے امانت دار وامین ونگہبان ۲۷؎ العمال یہ عامل کی جمع ہے بمعنے گورنر ووالی یعنی وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو۔ اور اس کی جمع عاملون اور عملۃ بھی آتی ہے ۲۸؎ المآب لوٹنے کی جگہ والجمع مآوب ۲۹؎ فی السلم والہرج ای الصلح والحرب یقال ھرج القوم ھرجا اذا وقعوا فی فتنۃ واختلاط وقتل از ضرب ۳۰؎ المدار بمعنی دار ومدار یقال مدار الشئ جس پر کوئی چیز چکر کھائے ومدار الامر جبکہ کسی کام کا دار ومدار ہو ۳۱؎ الدخل بسکون الخاء المعجمۃ مصدر بمعنی آمدنی ومرض وعیب وتہمت ودخل الرجل دینت ومذہب دراز ۳۲؎ الخرج بمعنے خرچ کرنا ۳۳؎ مناط یہ نوط اور نیاط سے مشتق ہے بمعنے تعلیق از نصر بمعنی دار ومدار ۳۴؎ رباط یہ فعال کے وزن پر ہے بمعنے مفعول ای حبل یربط بہ الدابۃ جس رسی سے کسی چیز کو باندھا جائے وبمعنی دل گھوڑا وقلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے والجمع ربط اور رباط فقراء کے لئے مکان موقوفہ والجمع رباطات ۳۵؎ لاودت ای لہلکت ایداء مصدر از افعال بمعنی ہلاک ہوجانا اور یہ دیت سے ماخوذ ہے یقال اودی ایداءً جبکہ وہ ہلاک ہو ۳۶؎ الاکتساب مصدر از افتعال ہی عبارۃ عن حصر المال ۳۷؎ التغابن مصدر از تفاعل بمعنی نقصان اٹھانا ومنہ یوم التغابن یعنی قیامت یا یہ مؤمن کفار کو نقصان پہنچاتا ہے ۳۸؎ یوم الحساب بمعنی قیامت کا دن۔ یہ حساب مصدر ہے بمعنی شمار (یعنی جانچ پڑتال کا دن)۔

وَلَكَانَ نِظَامُ الْمُعَامَلَاتِ مَحْلُوْلًا۔ وَجُرْحُ الظُّلَامَاتِ مَطْلُوْلًا۔ وَجِيْدُ التَّنَاصُفِ مَغْلُوْلًا۔ وَسَيْفُ التَّظَالُمِ مَسْلُوْلًا۔ عَلٰى اَنَّ يَرَاعَ الْاِنْشَاءِ مُتَقَوِّلٌ۔ وَيَرَاعَ الْحِسَابِ مُتَاَوِّلٌ۔ وَالْحَاسِبُ مُنَاقِشٌ۔ وَالْمُنْشِئُ اَبُوْبَرَاقِشَ۔ وَلِكِلَيْهِمَا حُمَةٌ حِيْنَ يَرْقِيْ۔ اِلٰى اَنْ يُلْقٰى وَيُرْقٰى۔ وَاِعْنَاتٌ فِيْمَا يُنْشَا حَتّٰى يُغْشٰى وَيُرْشٰى۔ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحَاتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ۔ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ۔ فَلَمَّا اَمْتَعَ الْاَسْمَاعَ۔ بِمَا رَاقَ وَرَاعَ۔ اِسْتَنْسَبْنَاهُ فَاسْتَرَابَ۔ وَاَبَى الْاِنْتِسَابَ۔ وَلَوْ وَجَدَ مُنْسَابًا لَانْسَابَ۔ فَحَصَلْتُ مِنْ لَبْسِهٖ عَلٰى غُمَّةٍ۔ حَتّٰى اَدَّكَرْتُ بَعْدَ اُمَّةٍ۔ فَقُلْتُ

الترجمۃ والمطالب

اور معاملات کا تاگہ کھولا ہوا (یعنی نظام درہم برہم ہوجاتا) اور حقوق کے زخم بدر کئے گئے (چھوڑ دیئے گئے) اور باہم انصاف کی گردنیں بندھی ہوئی (قید کی گئی) اور ظلم کی تلوار کھینچی ہوئی علاوہ اس بات کے انشاء تصنیف کا قلم جھوٹا ہے (یعنی گڑھنے والا ہے) اور حساب کا قلم ٹھیک کہنے والا ہے اور حساب جاننے والا باریک بین ہے (یا جھگڑا کرنے والا ہے) اور منشی (یعنی مصنف) منقش کرنے والا ہے اور سچ تو یہ ہے کہ بلندی کے وقت (جبکہ کاتب قلم سے لکھتا ہے) دونوں کاتب اور حاسب ڈنک رکھتے ہیں جس کا اتار پھینک دیتا ہے اس کے درجہ سے اگر اس کو رشوت نہ دی جائے۔ یا منتر پڑھتا ہے (رشوت لینے سے) اور بغیر حاضری اور رشوت دینے کے لکھوانے میں بڑی مصیبت درپیش آتی ہے باستثنائے مومن صالح کے جو نہایت قلیل تعداد میں ہیں۔ حارث بن ہمام نے بیان کیا جبکہ وہ اپنی برجستہ اور عمدہ تقریر سے کانوں کو فائدہ پہنچا چکا (جوان کے کانوں کو اچھی یا گراں معلوم ہوئی) تو ہم نے اس سے نسب کو دریافت کیا تو اس نے ہم کو مشکوک

نظر سے دیکھا۔ اور اس نے اپنے نسب بتانے سے انکار کیا۔ اور اس کی یہ حالت تھی کہ اگر وہ نکلنے کی جگہ پاتا تو وہاں سے ضرور چل دیتا اس کے چھپانے سے مجھے شک پیدا ہوا۔ اور کچھ دیر کے بعد (یاد کرکے) یا پہچان کر میں بولا

تشریح لغات

لہ نظام خیط واصلہ السلک الذی ینظم فیہ اللؤلؤ ؎ محلول یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے حلٌّ مصدر بمعنی کھولنا از نصر یقال حل العقدۃ جبکہ وہ گرہ کھولے ؎ جرح بمعنے زخم والجمع جروح واجراحٌ ؎ الظلامات یہ ظلامۃ بالضم کی جمع ہے وہی المظلمۃ المطلوبۃ عند الظالم ؎ مطلولا اسم مفعول کا صیغہ از سمع ای ھدرًا باطلا لا یؤخذ لہ ثار یقال طل دمہ ای اھدرہ ویقال طلّ طلًّا جبکہ وہ بغیر قصاص کے چھوڑ دے ؎ جید بمعنی گردن والجمع اجیادٌ وجیودٌ ؎ التناصف مصدر از تفاعل ایک دوسرے سے انصاف کرنا ؎ مغلولا یہ اسم مفعول کا صیغہ غل مصدر بمعنے قید کرنا وبندھنا اور غل کے معنی اصلی ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنے کے آتے ہیں از نصر ؎ مسلولا یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے سَلٌّ مصدر بمعنی کھینچنا از نصر یقال سل الشئ من الشئ جبکہ وہ کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالے وسل السیف جبکہ وہ تلوار سونتے ؎ یراع بمعنے قلم ذرکل وبانسری جس کو چرواہا بجاتا ہے وبزدل وکمزور دبے عقل وچھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری پہلا یراع بمعنے قلم جو چھیلا نہ گیا ہو اور دوسرا یراع بمعنے قلم وہ جو چھیلا ہوا ہو ؎ متقول ای مفتر وکاذب تقول مصدر از تفعل بمعنے بتکلف بات گھڑنا یقال تقول علیہ القول جبکہ وہ جھوٹ گھڑے وفی التنزیل ولو تقول علینا بعض الاقاویل ؎ متاول تاول مصدر از باب تفعل بمعنے بیان کرنا وٹھیک بات کہنا ومنہ التاویل ؎ مناقش مناقشۃ مصدر از مفاعلۃ بمعنی ذراسی بات پر جھگڑنا یقال ناقش الحساب وفی الحساب جبکہ وہ حساب کی تفصیل سختی سے کرے وناقش فلانا جبکہ وہ جھگڑا کرے ؎ ابو براقش ھو طائر یتلون بالوان شتّٰی فسمی بہ کل متلون ومزخرف یعنی ان الکاتب یاتی بانواع مختلفۃ یہ مجازاً متلون المزاج کے معنے میں مستعمل ہے ؎ حمۃ بمعنے زہر وبچھو کا ڈنگ بضم الحاء وفتح المیم فاستعیر بما ینشاء عن القلمین من الاذی ؎ یرقی ای یصعد فی منزلہ ویرتفع فی اصابع الکاتب حین یکتب بہ از سمع رُقِیٌّ مصدر بمعنے چڑھنا یقال رقی الجبل وفیہ والیہ جبکہ وہ پہاڑ پر چڑھے ؎ یلقی القاء مصدر از افعال بمعنی ڈالنا وپھینکنا یقال القی الشئ الی الارض جبکہ وہ ڈال دے ؎ یرقی از ضرب یقال رقی رقیًا ورقیۃ ورُقیًّا ورقیۃً وعلیہ جبکہ نفع یا نقصان کے لئے وہ منتر کرے ؎ اعنات مصدر از افعال بمعنے مشقت میں ڈالنا یقال اعنت الراکب الدابۃ اعناتا جبکہ وہ جانور پر سختی سے زیادہ لاد دے واعنت الرجل جبکہ وہ ہلاکت میں ڈال دے ؎ ینشا اس میں یا کو خلاف قاعدہ ہمزہ سے بدل لیا ہے انشاء مصدر بمعنے لکھنا از افعال ؎ یرشی رشوۃ (مثلثۃ) سے یہ ماخوذ ہے یقال رشاہ رشوًا جبکہ وہ رشوت دے از نصر ؎ امتع از افعال امتاع مصدر بمعنے فائدہ پہنچانا ؎ الاسماع یہ سمع کی جمع بمعنے کان ؎ راق از نصر روق مصدر بمعنے تعجب میں ڈالنا وپسند آنا وخوش کرنا یقال راقہ روقًا وروقانا جبکہ وہ تعجب میں ڈالے اور پسند آئے اور خوش کرے ؎ راع روع مصدر از نصر جبکہ وہ تعجب میں ڈالے یقال راعہ الامر جبکہ گھبرا دے اور تعجب میں ڈالے ؎ استنسبنا استنساب مصدر از استفعال اس میں س ت طلب کے لئے ہے بمعنی نسب پوچھنا لقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا جاء الرجل فلیسئلہ عن اسمہ واسم ابیہ وممن ھو فان ذلک اوصل للمودۃ ؎ استراب استرابۃ مصدر بمعنے شک میں پڑنا یقال استراب استرابۃ جبکہ وہ شک میں پڑے ؎ منسابا یہ باب انفعال کا اسم ظرف بمعنے نکل جانا ؎ لانساب یہ اصل میں لَانساب ہے اس میں لام تاکید کا ہے اور یہ انفعال سے ہے انسیاب مصدر بمعنے نکل جانا یقال ساب الماء ای جری وذھب کل مذھب وساب الرجل ای سار مسرعا وساب فی کلامہ ای افاض فیہ بغیر رویتہ

اضرب ۱۳ غمۃ بالضم بمعنے غم وحزن وملال وحیرت والجمع غمم یقال ہو فی غمۃ یعنی وہ حیرت میں ہے ۱۴ امۃ بالضم بمعنے جماعت و لوگوں کا گروہ وطریقہ وقد وقامت و وقت ومدت اور یہاں یہ وقت اور مدت کے معنے میں ہے۔

وَالَّذِیْ سَخَّرَ الْفَلَکَ الدَّوَّارَ۔ وَالْفُلْکَ السَّیَّارَ۔ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ اَبِیْ زَیْدٍ۔ وَاِنْ کُنْتُ اَعْهَدُهٗ ذَارُوَاءٍ وَاَیْدٍ۔ فَتَبَسَّمَ ضَاحِکًا مِّنْ قَوْلِیْ۔ وَقَالَ اَنَا هُوَ عَلٰی اِسْتِحَالَةِ حَالِیْ وَحَوْلِیْ۔ فَقُلْتُ لِاَصْحَابِیْ هٰذَا الَّذِیْ لَا یُفْرٰی فَرِیُّهٗ۔ وَلَا یُبَارٰی عَبْقَرِیُّهٗ۔ فَخَطَبُوْا مِنْهُ الْوُدَّ۔ وَبَذَلُوْا لَهُ الْوُجْدَ۔ فَرَغِبَ عَنِ الْاُلْفَةِ۔ وَلَمْ یَرْغَبْ فِی التُّحْفَةِ۔ وَقَالَ اَمَّا بَعْدُ اَنْ سَحَقْتُمْ حَقِّیْ۔ لِاَجْلِ سَحْقِیْ۔ وَکَسَفْتُمْ بَالِیْ لِاَخْلَاقِ سِرْبَالِیْ۔ فَمَا اَدَاکُمْ اِلَّا بِالْعَیْنِ السَّخِیْنَةِ۔ وَلَا کُمْ مِنِّیْ اِلَّا صُحْبَةُ السَّفِیْنَةِ۔ ثُمَّ اَنْشَدَ ؎

اِسْمَعْ اُخَیَّ وَصِیَّةً مِّنْ نَّاصِحٍ ۔۔۔ مَا شَابَ مَحْضَ النُّصْحِ مِنْهُ بِغِشِّهٖ

الترجمۃ والمطالب قسم ہے اس ذات کی جس نے گھومنے والے آسمان یعنی گردش کرنے والے) اور بہنے والی کشتی کو مسخر و تابعدار کر رکھا ہے مجھے تو ابوزید کی خوشبو آتی ہے اگرچہ میں اس کو خوبصورت بارونق اور طاقتور دیکھ چکا ہوں، پس وہ میرے اس کہنے پر مسکرا کر ہنس پڑا۔ اور اس نے کہا میں وہی ہوں باوجودیکہ میری حالت اور قوت میں تغیر ہو چکا ہے بس میں نے اپنے ساتھیوں کو بتلایا یہ وہ شخص ہے جس کی برابری کسی کام میں نہیں کی جا سکتی اور نہ اس کی کسی عمدہ بات کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اس کے بعد اس سے دوستی کی درخواست کی، اور اس کو بہت مال عطا کیا مگر اس نے دوستی سے اعراض کیا اور اس نے مال کو ٹھکرا دیا (یعنی تحفہ و ہدایا کی طرف اس نے رغبت نہ کی) اور کہنے لگا چونکہ تم لوگوں نے میرے بوسیدہ کپڑے ہونے کی وجہ سے جو مجھ سے برا برتاؤ کیا ہے اور محض کپڑے پرانے ہونے کی وجہ سے تم نے میرے مرتبہ کا کچھ خیال نہ کیا اور تم نے مجھ کو غمگین کیا لہذا میں تم کو صرف غضب آلودہ نگاہ سے دیکھ سکتا ہوں اور کشتی سے اترنے کے بعد میں ہرگز تمہارے پاس قیام نہیں کرونگا پھر اس نے یہ اشعار پڑھے ؎ اے میرے پیارے بھائی نصیحت کرنیوالے کی ایک خالص وصیت (نصیحت) سنو جسمیں قطعاً کھوٹ کی آمیزش نہیں ہے۔

تشریح لغات ۱ سخر تسخیر مصدر از تفعیل بمعنی مسخر کرنا ۲ الفلک بفتح الفاء واللام السماء الذی ہو مجری الکواکب والجمع افلاک وفلک والفلک بضم الفاء وسکون اللام ای السفینۃ السریعۃ والفلک لفظ یقع للواحد والجمع ۳ الدوار بہت پھرنے والا گھومنے والا یقال الدھر دواری بالانسان یعنی زمانہ انسان کے ساتھ الٹنے پلٹنے والا ہے یعنی وہ طرح طرح کے حوادث سے دوچار کرتا ہے ۴ السیار یہ سار یسیر سے مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنے چلنے والا ۵ اعہدہ ای شاہدتہ از سمع یقال عہد فلانا بمکان کذا جبکہ وہ ملاقات کرے ۶ رواء بالضم بمعنے ہیئت حسنہ وخوشنمائی وچہرے کی رونق یقال رجل لہ رواء یعنی وہ مرد

کہ اس کے چہرے پر رونق ہے ٨ہ اید اور آد دونوں کے معنی قوت اور طاقت کے آتے ہیں ٩ہ استحالۃ مصدر از استفعال بمعنے متغیر ہونا یقال استحال استحالۃ جبکہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف بدلے ١٠ہ حول مصدر بمعنی قوت اور طاقت والجمع حول واحوال ١١ہ لا یفری از ضرب یقال فری الشیٔ جبکہ وہ کاٹے اور پھاڑے اور مراد یہاں کام کرنا ہے ١٢ہ الفری بمعنی عجیب یقال فلان یفری الفری ای یاتی بالعجیب ١٣ہ لا یباری مباراۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی مقابلہ کرنا ١٤ہ عبقریہ عمدہ بات عبقر موضع بالبادیۃ تسکنہ الجن فنسب الیہ کل ما یستحسن ویستغرب کان الجن صنعتہ لغرابتہ وعبقریُّ القوم ای سیدھم وھو ماخوذ من قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام فی عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فلم ار عبقریا یفری مریہ والمراد ھٰھنا کلامہ البدیع ١٥ہ فخطبوا یہ خطبہ سے ماخوذ ہے بمعنی پیام دینا از نصر یقال خطب الفتاۃ جبکہ وہ منگنی کرے ١٦ہ الود بمعنی محبت ودوستی والجمع اوداد وادٌّ واِدٌّ ١٧ہ الوجد بضم الواو وکسرہا بمعنے محبت خوشی وتوانگری وقدرت ١٨ہ فرغب از سمع بمعنے اعراض کرنا یقال رغب عنہ جبکہ وہ اعراض کرے ورغب فیہ جبکہ وہ خواہش کرے ١٩ہ التحفۃ الہدیۃ وایضا الشیٔ الفاخر الثمین والجمع تحف والفعل اتحفہ ٢٠ہ سحقتم از کرم سحق مصدر بمعنی کپڑے کا بوسیدہ ہونا اور پرانا ہونا اور باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا ٢١ہ کسفتم کسوف مصدر از ضرب بمعنی متغیر ہونا اور آفتاب میں گہن لگنا یقال کسف حالہ جبکہ حال برا ہو یلزم ویتعدی ٢٢ہ لاخلاق مصدر از افعال بمعنی پرانا ہونا ٢٣ہ السخینۃ از نصر وسمع وکرم والمصدر سخن بحرکات ثلثۃ علی السین وایضا سخونت وسخانت بمعنی گرم ہونا ٢٤ہ اخی یہ منادی ہے اس کا یا حرف ندا محذوف ہے اور یہ اصل میں یا اخی تھا اور یہ شفقت کے لئے استعمال ہوتا ہے ٢٥ہ وصیۃ جمع وصایا وصیۃ یہ ایصاء کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے ٢٦ہ ماشاب ای ما خلط از نصر والمصدر الشوب والشیاب وایضا یقال شاب الرجل ای خانہ ٢٧ہ بغشہ بکسر الغین مصدر بمعنی اظہار خلاف ما اضمرہ وذیّن لہ غیر المصلحۃ وخدعہ از نصر والمصدر الغش بفتح الغین وقال البعض المصدر الغشوش بمعنی دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت

لَا تَعْجَلَنَّ بِقَضِيَّةٍ مَبْتُوتَةٍ ۔۔۔ فِي مَدْحِ مَنْ لَمْ تَبْلُهُ اَوْ خَدْشِهٖ

وَقِفِ الْقَضِيَّةَ فِيْهِ حَتّٰى تَجْتَلِيْ ۔۔۔ وَصْفَيْهِ فِيْ حَالَيْ رِضَاهُ وَبَطْشِهٖ

وَيَبِيْنَ خُلَّبُ بَرْقِهٖ مِنْ صِدْقِهٖ ۔۔۔ لِلشَّائِمِيْنَ وَوَبْلُهٗ مِنْ طَشِّهٖ

فَهُنَاكَ اِنْ تَرَ مَا يَشِيْنُ فَوَارِهٖ ۔۔۔ كَرَمًا وَاِنْ تَرَ مَا يَزِيْنُ فَاَفْشِهٖ

وَمَنِ اسْتَحَقَّ الْاِرْتِقَاءَ فَرَقِّهٖ ۔۔۔ وَمَنِ اسْتَحَطَّ فَحُطَّهٗ فِيْ حَشِّهٖ

وَاعْلَمْ بِاَنَّ التِّبْرَ فِيْ عِرْقِ الثَّرٰى ۔۔۔ خَافٍ اِلٰى اَنْ يُسْتَثَارَ بِنَبْشِهٖ

الترجمۃ المطالب جس شخص کو تم نے آزمایا نہ ہو تو تم اس کی تعریف کرنے یا ہجو کرنے کے متعلق قطعی فیصلہ کرنے میں جلدی سے کام نہ لو اور تم اس کے دونوں وصف یعنی خوشی اور غصہ کے ظاہر ہونے تک فیصلہ کو ملتوی رکھو اور اس وقت تک کر دیکھنے والے پر ظاہر ہوجائے یہ محض دھوکہ دینے والی بجلی ہے یا یہ سچی بجلی ہے اور یہ کہ زوردار بارش کا مینہ ہے یا یہ یوں ہی بوندا باندی ہے پھر بھی اگر تم عیب پاؤ تو از راہ کرم اس کو چھپا دو اگر اس کی اچھائیاں دیکھو تو تم خوب اس کو ظاہر کرو، اور جو شخص بلندی کا مستحق ہو تو تم اس کو چڑھا دو (یعنی اس کو بلند کرو) اور جو گرنے کے لائق ہو اس کو تو

اس کے پاخانہ میں اتار کے پھینک دو، اور یہ خوب سمجھ لو کہ سونا کھودنے سے پہلے زمین کی رگ میں یعنی کانوں میں چھپا پڑا رہتا ہے۔

تشریح لغات

۱ قضیۃ مبتوتۃ ای حکم مقطوع یقال بَتَّ بتًّا ای قطع وامضٰی از نصر ۲ لم تبلہ یہ بلا یبلو سے ہے بمعنی آزمانا از نصر ۳ خدشہ ای عیبہ یقال خدش خدشًا ای عابہ از ضرب ۴ وقف اس میں واو علیحدہ ہے اور یہ وقف یقف سے امر حاضر کا صیغہ ہے والمصدر وقف ووقوفٌ یعنی توقف کر اور تو ٹھیر ۵ تجتلی اجتلاء مصدر از افتعال بمعنے دیکھنا، ظاہر ہونا ۶ وصفیہ یہ تثنیہ ہے وصف کا اس میں نون اضافت کی وجہ سے گر گیا اسی طرح حالی ہے ۷ رضاہ بمعنی خوشنودی و خوشی ورضامندی ۸ بطشہ مصدر از ضرب بمعنے ناراضگی والبطش تناول الشئ والتبث بہ یعنی سخت پکڑنا وبطش علیہ ای سطا و انقض وفی التنزیل یوم نبطش البطشۃ الکبری ۹ یبین ای یظہر وینکشف اور اس کا عطف تجتلی پر ہے از ضرب یقال بان بیانا وتبیانا جبکہ وہ ظاہر ہو اور واضح ہو ۱۰ خلب برق وہ بجلی جس میں بارش نہ ہو ۱۱ من صدقہ ای من برقہ الصادق الذی یأتی بالغیث ۱۲ للشائمین اسم فاعل کا صیغہ ای للناظرین الی البرق یقال شام البرق شیمًا ای نظر الیہ این یتجہ واین یمطر از ضرب ۱۳ ودبلہ دبل اور وابل بمعنے خوب زوروں کی بارش ۱۴ طشہ بمعنے مینہ کی ہلکی ہلکی بوندیں یقال طشت السماء طشًّا ای اتت بالمطر الضعیف از ضرب ۱۵ فہناک ای فحین ما جرّبتہ ۱۶ ان ترای ان تنظر ترٰی یہ رویت سے مضارع کا صیغہ ہے اور یہ اصل میں ترئی تھا اور رویت سے رویت بصری مراد ہے یقال رأی یری رأیًا ورؤیۃً ورَاءۃً و رئیانًا جبکہ وہ بصارت یا بصیرت سے دیکھے از فتح ۱۷ یشین شین مصدر از ضرب بمعنے عیب دار کرنا ۱۸ فوارہ یہ امر حاضر کا صیغہ از مفاعلہ مواراۃ مصدر بمعنی چھپانا ۱۹ کرما ای تکرمًا وتفضلا منک علیہ ۲۰ یزین زین مصدر از ضرب یقال زانہ یزینہ زینًا جب کہ وہ زینت دے وزان الشئ جبکہ وہ خوبصورت بنائے اور آراستہ کرے ۲۱ افشہ افشاء مصدر از افعال بمعنے ظاہر کرنا، اور بیان کرنا اور کھولنا ۲۲ الارتقاء مصدر از افتعال بمعنی بلندی یقال ارتقی الجبل ارتقاءً وفیہ والیہ جبکہ وہ پہاڑ پر چڑھے ۲۳ فرقہ از تفعیل یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ترقیہ بمعنی چڑھانا اور بلند کرنا اور یہ رقی الجبل فیہ والیہ سے ماخوذ ہے ای صعد از سمع والمصدر رقی ورقیٌ ۲۴ استحط از استفعال یقال استحط جبکہ وہ نیچے اترنے کو کہے ویقال استحط فلانًا وزرہٗ یعنی اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا ۲۵ فحط یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از حط یحط از نصر بمعنے تو اتار ۲۶ حشہ بالحرکات الثلاث فی الحاء المہملۃ بمعنے بیت الخلاء (پاخانہ) والجمع حشوش واصلہ البستان لانہم کانوا یقضون حوائجہم فی الحشوش ۲۷ التبر بمعنے سونا غیر مسبوک ہو ۲۸ عرق الثری ای فی اصل التراب عرق کے معنے رگ اور اصل کے آتے ہیں اب سونے کو عرق سے تعبیر کرتے ہیں اس لئے جب کہ سونا نکلتا ہے۔ تو انسان کی رگ کی طرح ہوتا ہے ۲۹ خاف یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از سمع یقال خفی خفاء وخفیۃً وخفیۃ۔ جب کہ وہ پوشیدہ ہو ۳۰ یستثار ای یستخرج از استفعال یقال استثارہ جبکہ وہ بھڑکائے ابھارے اڑائے ۳۱ نبشہ مصدر از نصر بمعنی کھودنا اور نکالنا یقال نبش الشئ نَبْشًا ای اظہرہ وابرزہ واخرجہ من الارض۔

وَفَضِيْلَةُ الدِّيْنَارِ يَظْهَرُ سِرُّهَا ۔ مِنْ حَكِّهٖ لَا مِنْ مَلَاحَةِ نَقْشِهٖ ۔ وَمِنَ الْغَبَاوَةِ اَنْ تُعَظِّمَ جَاهِلًا

لِصِقَالِ مَلْبَسِهٖ وَرَوْنَقِ رَقْشِهٖ ۔ اَوْ اَنْ تُهِيْنَ مُهَذَّبًا فِيْ نَفْسِهٖ ۔ لِدُرُوْسِ بِزَّتِهٖ وَرِثَّةِ فُرُشِهٖ

وَلَكَمْ أَخِيْ طِمْرَيْنِ هِيْبَ لِفَضْلِهٖ　　وَمُفَوَّفُ الْبُرْدَيْنِ عِيْبَ لِفُحْشِهٖ
وَإِذَا الْفَتٰى لَمْ يَغْشَ عَارًا لَمْ تَكُنْ　　أَسْمَالُهٗ إِلَّا مَرَاقِيْ عَرْشِهٖ

الترجمۃ والمطالب

اور دینار کی فضیلت (خوبی) کا پتہ تو کسوٹی پر گھسنے سے ہی چل سکتا ہے نہ کہ محض عمدگی اور نقش کی خوبصورتی سے یہ حماقت ہے کہ محض لباس کے چمکنے یا عمدہ زینت کی وجہ سے کسی جاہل کو تم بڑا سمجھو یا تم کسی مہذب شخص کی اس وجہ سے تحقیر کرو کہ اس کی پوشاک بوسیدہ ہے اور اس کا بستر پرانا ہے اس واسطے کہ بہت سے ایسے بھائی ہیں کہ جن کی چادریں پرانی ہیں مگر ان کی بزرگی کی وجہ سے لوگ ہیبت میں آجاتے ہیں (یا مرعوب ہو جاتے ہیں) اور عمدہ چادروں میں ایسے بدکردار لوگ ہیں جو اپنی بدکرداری کی وجہ سے بڑے سمجھے جاتے ہیں۔ لہٰذا جب تک کوئی شخص برائیاں اختیار نہیں کرتا یقیناً اس کے پھٹے پرانے کپڑے ہی بلندی کی سیڑھیاں ہیں۔

تشریح لغات

[1] حکہ حک مصدر بمعنی کسوٹی پر رگڑنا یقال حک الشیٔ بالشیٔ او علی الشیٔ ای امرّہ علیہ دَلکًا وصَکًّا از نصر [2] لصقال یہ فعال کے وزن پر ہے بمعنے مفعول ای ملبسہ المصقول [3] رونق رقشہ ای حسن زینتہ یقال رقشہ رقشًا ای زینہ از نصر [4] تہین اہانتہ مصدر از افعال بمعنے ذلیل وحقیر سمجھنا اور اس کا عطف تعظم پر ہے [5] لدروس مصدر از نصر بمعنے مٹنا و کپڑا بوسیدہ ہونا یقال درس الثوب جب کہ کپڑا بوسیدہ ہو ودرس الثوب جب کہ کپڑا بوسیدہ کرے۔
[6] بزتہ بکسر الباء الثیاب والبیئۃ از نصر [7] رثتہ بکسر الراء السقط من متاع البیت (کہنگی)، والجمع رِثَثٌ ورثات [8] فرشہ اصلہ الفرش بضم الفاء والراء وخففت ھٰھنا وسکن الراء لرعایۃ الشعر جمع فراش وھو ما یبسط وفی التنزیل جعل لکم الارض فراشا وفرش موفوعۃ [9] لکم میں لام یہ دلیل کے قائم مقام ہے اور کم خبریہ ہے بمعنے بہت [10] طمرین یہ طمر کا تثنیہ ہے بمعنے پرانا کپڑا اور یہاں اس سے مراد پرانی چادر ہے والجمع اطمارٌ [11] ہیب مجہول کا صیغہ ہیبت مصدر از ضرب بمعنے ڈرائے گئے اور ہیبت کھائے گئے [12] مفوف یقال ثوب افواف وثوبٌ مفوفٌ یعنی باریک کپڑا اور سفید کپڑا جس کے لمبائی میں دھاریاں ہوں یہ فاف یفوف سے اور یہ ماخوذ فوف سے بمعنے گائے بیل کا نشانہ اور جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی الواحد فوفۃ وفوفۃ والجمع افوافٌ یقال فاف ای اشار من سأل شیئًا بقرع ظفر ابہامہ علی ظفر سبابتہ کانہ یقول ای لا اعطیك شیئا ولا ما یساوی تلامۃ ظفری
[13] البردین یہ برد کا تثنیہ ہے بمعنے دھاریدار کپڑا والجمع بُرُودٌ وابراد وابرُدٌ اور اس کے معنے کالے کمبل کے بھی آتے ہیں اس کا واحد بردۃ ہے والجمع برُدٌ [14] عیب از ضرب یہ ماضی مجہول کا صیغہ ہے عیب مصدر بمعنی عیب لگایا گیا [15] لفحشہ مصدر بمعنے قبیح قول یا فعل از کرم [16] لم یغش ای لم یدخلہ ولم یات بہ از غشی یغشی یقال غشی الامر فلانًا جبکہ نازل ہوا اور ڈھانکے [17] عار بمعنی عیب اور ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے والجمع اعیارٌ [18] اسمالہ یہ سمل کی جمع ہے بمعنی پرانے کپڑے والیضًا بقیۃ الماء فی الحوض یقال سمل الثوب ای اخلق وبلی از نصر والمصدر سمول وسمولۃ والیضا باب کرم والمصدر سمالۃ
[19] مراقی یہ مرقاۃ کی جمع ہے بمعنے سیڑھی [20] عرشہ بمعنے شاہی تخت و مرتبہ وعزت والجمع اعراشٌ وعروش وعُرش وعرشۃ۔

مَا إِنْ يَضُرُّ الْعَضْبَ كَوْنُ قِرَابِهِ خَلَقًا وَلَا الْبَازِيَّ حَقَارَةُ عُشِّهِ

ثُمَّ مَا عَتَّمَ أَنِ اسْتَوْقَفَ الْمَلَّاحَ. وَصَعِدَ مِنَ السَّفِينَةِ وَسَاحَ. فَنَدِمَ كُلٌّ مِنَّا عَلَى مَا فَرَّطَ فِي ذَاتِهِ. وَأَغْضَى جَفْنَهُ عَلَى قَذَاتِهِ. وَتَعَاهَدْنَا عَلَى أَنْ لَا نَحْتَقِرَ شَخْصًا لِرَثَاثَةِ بُرْدِهِ. وَأَنْ لَا نَزْدَرِيَ سَيْفًا مَخْبُوًّا فِي غِمْدِهِ.

الترجمة والمطالب

تلوار قاطع کو نیام کے پرانے ہونے سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا اور نہ باز کے لئے یہ کوئی عیب کی بات ہے کہ اس کا گھونسلہ اچھا نہیں یہ اشعار پڑھ کر فوراً ہی کشتی بان (ملاح) سے کشتی ٹھہرانے کی فرمائش کی اور کشتی سے اتر کر وہ چلا گیا تب تو ہم اس کے ساتھ برابر تاؤ کرنے پر بہت ہی پشیمان ہوئے اور اس کو حقیر و ذلیل سمجھ کر اس کو تکلیف پہنچانے پر ہم شرمندہ ہوئے پھر ہم نے آپس میں یہ پختہ عہد کیا کہ ہم آئندہ کبھی کسی کو محض پھٹی پرانی چادر کی وجہ سے ذلیل نہ سمجھیں گے اور نہ نیام میں چھپی ہوئی تلوار کو ہم عیب لگائیں گے۔

تشریح لغات

[۱] ان یضر اس میں ان نافیہ زائدہ ہے [۲] العضب بمعنی تلوار قاطع و چرب زبان [۳] قراب بمعنی تلوار کی میان والجمع قرب واقربۃ [۴] لا البازی اس میں لا زائدہ ہے باز اور بازی دونوں کے معنی باز کے آتے ہیں [۵] عشہ العش والعش دگھونسلہ، ای موضع الطائر والجمع عشاش وعششۃ واعشاش [۶] عتم عتم مصدر بمعنی تاخیر کرنا از ضرب اور یہاں یہ باب تفعیل سے ہے یعنے کف عن الفعل بالشرع اور اس کے معنے خود تاخیر کرنے کے بھی آتے ہیں ومنہ صلاۃ العتمۃ لتاخرہا [۷] استوقف استیقاف مصدر از استفعال بمعنے ٹھہرانا [۸] الملاح یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنے کشتی بان و جہاز چلانے والا اور اس کے معنی نمک فروش کے بھی آتے ہیں [۹] صعد از سمع جب اس کے صلہ میں من آتا ہے تو اس کے معنے اترنے کے اور اعراض کرنے کے آتے ہیں اور یہاں اس کے معنے اترنے کے ہیں [۱۰] ساح ای ذہب یہ یائی ہے از ضرب یقال ساح الماء جبکہ پانی زمین پر بہے وساح الظل جبکہ سایہ ہٹے وساح سیحا وسیحانا وسیاحۃ وسیوحا جبکہ وہ زمین میں عبادت کے لئے پھرے اور شہروں میں پھرے وفی التنزیل فسیحوا فی الارض [۱۱] فرط از تفعیل تفریط مصدر بمعنی کوتاہی کرنا [۱۲] اغضی از افعال اغضاء مصدر بمعنی چشم پوشی کرنا ای اغمض وسکّن عینہ [۱۳] قذاتہ یہاں اس کے مجازی معنے عیب کے ہیں اور اس کے اصلی معنے وہ تنکا جو آنکھ میں پڑ جائے جس سے تکلیف ہو اور اغضی جفنہ علی القذاۃ یہ محاورہ ہے جبکہ تحمل اور بردباری انسان کرے [۱۴] رثاثۃ مصدر معنی بوسیدگی و کہنگی [۱۵] نزدری از دراء مصدر افتعال بمعنی حقیر سمجھنا [۱۶] مخبو یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے یقال خبا الشئ جبکہ وہ چھپائے از نصر [۱۷] غمد بالکسر بمعنی تلوار کی نیام والجمع غمود واغماد

اَلْمَقَامَةُ الثَّالِثَةُ وَالْعِشْرُوْنَ الشِّعْرِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ نَبَا بِيْ مَأْلَفُ الْوَطَنِ. فِيْ شَرْخِ الزَّمَنِ. لِخَطْبٍ خُشِيَ. وَخَوْفٍ غُشِيَ. فَأَرَقْتُ كَاسَ الْكَرٰى. وَنَصَصْتُ رِكَابَ السُّرٰى. وَجُبْتُ فِيْ سَيْرِيْ وُعُوْرَ الْمُتَدَّ مِنْهَا الْخُطَا. وَلَا اهْتَدَتْ اِلَيْهَا الْقَطَا. حَتّٰى وَرَدْتُ حِمَى الْخِلَافَةِ. وَالْحَرَمَ الْعَاصِمَ مِنَ الْمَخَافَةِ. فَسَرَوْتُ اِيْجَاسَ الرَّوْعِ وَاسْتِشْعَارَهٗ. وَتَسَرْبَلْتُ لِبَاسَ الْاَمْنِ وَشِعَارَهٗ. وَقَصَرْتُ هِمَّتِيْ عَلٰى لَذَّةٍ اَجْتَنِيْهَا. وَمُلْحَةٍ اَجْتَلِيْهَا.

الترجمۃ والمطالب

(تیئسویں مجلس جو شعریہ کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ (شروع زمانہ میں) میرے حق میں دیس کی الفت ناموافق ثابت ہوئی یعنی خوفناک مصائب اور خطروں نے مجھے آگھیرا میں نے نیند کا پیالہ بہا ڈالا (خیر باد کہہ دیا) اور میں سفری اونٹوں کو تیز دوڑا کر ایسے ایسے سخت و دشوار گذار زمینوں کو قطع کرتا ہوا جنہیں نہ تو کبھی قدموں نے روندا تھا اور نہ ہی قطا کو ان کا راستہ معلوم تھا، یہاں تک کہ میں دار السلطنت بغداد میں جو میرے لئے امن کی جگہ اور خوف سے بچنے کی جگہ تھی جا پہونچا وہاں پہنچ کر میں نے دل میں بیٹھے ہوئے خوف اور اندر گھسے ہوئے خوف کو نکال کر بے خوفی (امن) کا کرتا اور شعار کا لباس پہنا، اور میں نے اپنے اس ارادہ کو روکا جس سے میں لطف اندوز ہوسکوں اور نمکین عجیب اور نادر باتوں کے دیکھنے سے بھی اپنی طبیعت کو روکے رکھا۔

تشریح لغات

ؐ نبا ای قلق بی ولم یوافقنی از نصر یقال نبا بنا الدار جبکہ گھر میں جی نہ لگے و نبت بی تلک الارض یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی۔ ؐ مألف یہ الفت سے مصدر میمی ہے اور یہ متعدی بنفسہ آتا ہے بمعنی الفت و محبت از سمع یقال آلف المکان و آلفہ ایلافًا جبکہ وہ کسی سے مانوس ہو ؐ شرخ ای اولہ و اشرخ اول الشباب وریعانہ والمراد ہہنا قدیم الایام والجمع شروخ ؐ لخطب بمعنی امر عظیم والجمع خطوب ؐ غشی از سمع ای حدث و نزل وغطی ای غشینی ؐ فارقت از افعال اراقۃ مصدر بمعنی بہانا واراد بارا قتہا ازالۃ النوم عن عینہ ؐ نصصت ای رفعت وحرکت یقال نصص الشیء ای حرکہ وقلقلہ وفی مشیہ اہتز ونصصت الناقۃ جبکہ وہ اونٹنی کو تیز دوڑائے از نصر ؐ رکاب السری میں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے ای ساریۃ الرکاب۔ رکاب بمعنی سواری کا اونٹ اور اس کا واحد راحلۃ ہے والجمع رکب ورکائب ورکابات۔ السری مصدر بمعنی رات کا چلنا ومنہ قول العرب عند الصباح یحمد القوم السری اور یہ ایسے وقت بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو ؐ جبت جوب مصدر از نصر بمعنے قطع کرنا وفی التنزیل جابوا الصخر الخ ؐ سیر مصدر بمعنے چلنا یا مسافت از ضرب ؐ وعور المعنے سخت زمین یا سخت راستہ یقال وعر المکان وعرا دعورًا ووعر کوعر ویعر وعرا ووعر وعارۃ ای صلب وصعب فیہ السیر فہو وعر ووعیٔ والجمع وعور واعور واوعار از ضرب

وسمع وکوم ۱۲؎ لم تدمثہا از تفعیل تدمیث مصدر بمعنی نرم کرنا ۱۳؎ الخطا بالضم قدم اور چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ اور مسافت عوام اسے فشخہ کہتے ہیں۔ یہ خطوۃ کی جمع ہے اور اس کی جمع خطوات اور خطوات اور خطوات بھی آتی ہے والمراد خطا السائرین ۱۴؎ قطا طائر معروف یضرب بہ المثل فی الاہتداء یقال فلان اہدی من القطا۔ اور یہ جانور ہے جس کے بولنے میں قطا قطا کی آواز نکلتی ہے یا یہ اپنی چال میں وزنی اور بھاری ہے اور اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ یہ اپنے بچوں کو جنگل میں چھوڑ کر پانی کی تلاش میں بیس بیس دن کی مسافت طے کر جاتا ہے جب پانی لے کر واپس ہوتا ہے تو اندھیری رات ہی کیوں نہ ہو سیدھا اپنے بچوں کے گھونسلے میں پہنچ جاتا ہے ۱۵؎ حمی الخلافۃ سے مراد دار السلطنت یعنی بغداد ہے ۱۶؎ الحرم بمعنے محترم یا بمعنے موضع امن ۱۷؎ العاصم اسم فاعل کا صیغہ از ضرب یقال عصم اللّٰہ فلانا من المکروہ جبکہ محفوظ رکھے اور بچائے ۱۸؎ المخافۃ مصدر از سمع بمعنے خوف و ڈر ۱۹؎ فسروت از نصر والمصدر سروٌ بمعنے زائل کرنا اور دور کرنا ۲۰؎ ایجاس مصدر از افعال بمعنی معلوم کرنا اور دل میں چھپانا یقال اوجس القلب فزعا ای احسّ بہ وایضا اوجس الرجل احس واضمر واو جست الاذن کان کا آہٹ سننا واما اوجس مجردا فمعناہ خفی از ضرب والمصدر وجسٌ ۲۱؎ استشعار مصدر از استفعال اس میں س ت مبالغہ کے لئے ہے اور یہ شعور سے ماخوذ ہے بمعنی خبردار ہونا یا یہ شعار (القمیص الذی یلی الجسد) سے ماخوذ ہے مراد اس سے مخفی رکھنا یا یہ شعر سے ماخوذ بمعنے بال (یعنی بکری والا ہونا یا شعر سے ماخوذ ہے غرضیکہ یہاں معنے اس کے چھپانے کے ہیں ۲۲؎ تسربلت ای لبست سربالا (کرتہ پہنا) ۲۳؎ شعار ہو ثوب یلی الجسد وفی الحدیث الانصار شعار والناس دثار ۲۴؎ قصرت قصر مصدر بمعنے روکنا از نصر ۲۵؎ ہمّ بالفتح بمعنے ارادہ یا جس کے کرنے کے لئے فکر کی جائے و بمعنے غم والجمع ہموم ۲۶؎ اجتنیہا اجتناء مصدر از افتعال بمعنے حاصل کرنا ۲۷؎ ملحۃ بمعنے عجیب چیز و مزیدار بات والجمع ملح ۲۸؎ اجتلیہا اجتلاء مصدر از افتعال بمعنے دیکھنا۔

فَبَرَزْتُ يَوْمًا اِلَى الْحَرِيْمِ. لِاَرُوْضَ طِرْفِيْ. وَاُجِيْلَ فِيْ طُرَفِهٖ طَرْفِيْ. فَاِذَا فُرْسَانٌ مُتَتَالُوْنَ وَرِجَالٌ مُنْثَالُوْنَ. وَشَيْخٌ طَوِيْلُ اللِّسَانِ. قَصِيْرُ الطَّيْلَسَانِ. قَدْ لَبَّبَ فَتًى جَدِيْدَ الشَّبَابِ خَلَقَ الْجِلْبَابِ. فَرَكَضْتُ فِيْ اِثْرِ النَّظَّارَةِ. حَتّٰى وَافَيْنَا بَابَ الْاِمَارَةِ. وَهُنَاكَ صَاحِبُ الْمَعُوْنَةِ مُتَرَبِّعًا فِيْ دَسْتِهٖ. وَمُرَوِّعًا بِسَمْتِهٖ. فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ اَعَزَّ اللّٰهُ الْوَالِيَ. وَجَعَلَ كَعْبَهُ الْعَالِيَ. اِنِّيْ كَفَلْتُ هٰذَا الْغُلَامَ فَطِيْمًا. وَرَبَّيْتُهٗ يَتِيْمًا. ثُمَّ لَمْ اٰلُهٗ تَعْلِيْمًا۔

الترجمہ والمطالب پس ایک دن میں اپنے چالاک گھوڑے کو رام کرتا ہوا اور اس کے عجائبات کو دیکھتا ہوا۔ حریم خلافت (دار السلطنت) کی طرف چل پڑا میں کیا دیکھتا ہوں کہ آگے پیچھے سوار اور پیادے جمع ہونے والے ہیں اور ایک بوڑھا بہت بولنے والا وہ چھوٹی چادر میں لپٹا ہوا ایک نوجوان کو جو پھٹی پرانی چادر اوڑھے ہوئے تھا اس کا اس بوڑھے نے گریبان پکڑ رکھا ہے میں بھی اپنے گھوڑے کو ایڑ لگاتا ہوا تماشائیوں کے پیچھے چل دیا یہاں تک کہ ہم باب الامارۃ (خلیفہ کے دروازے) میں جا پہنچے اور وہاں کا حاکم

اپنی مسند پر چارزانو بیٹھا ہوا تھا اور رعب و دہشت اس کی صورت سے ٹپک رہا تھا، پس بوڑھے نے اس حاکم سے یہ کہا کہ خدا تعالیٰ آپ کو عزت دے، اور آپ کے ٹخنہ کو بلند کرے (یعنی بارگاہ کو اور بھی زیادہ بلند کرے) میں اس لڑکے کا کفیل دودھ چھٹتے ہی ہو گیا تھا اور میں نے یتیمی کی حالت میں ہی اس کو پالا اور میں نے اس کے لکھانے اور پڑھانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔

تشریح لغات

لہ الحریم بمعنی چہار دیواری اس سے مراد بادشاہی قلعہ ہے. الحریم موضع متسع حول قصر الملك يجتمع فيه اجناده وغيرهم ٢ لاروض روض وریاض وریاضة مصدر بمعنے رام کرنا و تابعدار کرنا یقال راض الفرس والمهر ای ذللہ از نصر ویقال للبستان روضة لانها تراض ٣ طرفی بالکسر بمعنی الفرس الکریم (اصیل گھوڑا) ٤ اجیل اجالة مصدر از افعال بمعنے چکر دینا ٥ طرف یہ طرفة کی جمع ہے بمعنے عمدہ چیز اور بعض نسخوں میں طرقہ ہے یہ طریق کی جمع ہے. بمعنی راستہ ٦ طرف بمعنی نظر و آنکھ اور کسی چیز کا کنارہ و ہر چیز کا منتہی والجمع اطراف ٧ فرسان یہ فارس کی جمع ہے بمعنے شہسوار و گھوڑا سوار و گھوڑے والا اور اس کی جمع فوارس بھی آتی ہے ٨ متتالون یہ تلو سے مشتق ہے اور متتالی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفاعل بمعنے پیچھے آنے والے ٩ رجال یہ راجل کی جمع ہے بمعنی پیدل چلنے والے اور اس کی جمع رجل اور رجالة اور رجال اور رجالی اور رجلان بھی آتی ہیں ١٠ منثالون انثیال اس کا مصدر از انفعال اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی جمع ہونا اور متوجہ ہونا یقال انثال علیہ الناس من کل وجہ یعنی لوگ چاروں طرف سے اکٹھے ہو گئے ١١ طویل اللسان میں اضافت لفظیہ ہے ای طویل لسانہ ١٢ الطیلسان عجمی لباس یا مطلق چادر (کساء اخضر یلبسہ الخواص من المشائخ والعلماء وھو من لباس العجم) والجمع طیالس وطیالسة ١٣ لبب تلبیب مصدر از تفعیل بمعنی گریبان پکڑنا یقال لبب ای اخذ بلبیسہ وجزہ واللبیب موضع القلادة ١٤ جدید الشباب بمعنی نئی عمر اور نوجوان ١٥ خلق مصدر بمعنی کہنہ و بوسیدہ والجمع اخلاق وخلقان ١٦ الجلباب بمعنی چادر یا قمیص والجمع جلابیب ١٧ فرکضت ای فضربت رجلی رکض مصدر از نصر بمعنی گھوڑے کو دوڑانا و گھوڑے کے ایڑ لگانا و پاؤں ہلانا و فی التنزیل ارکض برجلک ١٨ النظارة بمعنے دیکھنے والے اور موقع جنگ کے تماشائی ١٩ وافینا موافاة مصدر از مفاعلہ بمعنی پہنچنا ٢٠ المعونة بمعنی حاکم ہو الذی یولیہ السلطان لحفظ المدینة ٢١ متربعا از تفعل تربع مصدر بمعنی چارزانو بیٹھنا اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال تربع فی جلوسہ جبکہ وہ چارزانو ہو کر بیٹھے ٢٢ دستہ ای مجلسہ یعنی مسند والدست صدر البیت والمجلس والجمع دسوت ٢٣ مروعا ترویع مصدر از تفعیل اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے ڈرانا ٢٤ بسمتہ بمعنی علامت و نشان اور بزرگی کی صورت والجمع سمات ٢٥ جعل بمعنی صیر از فتح جیسے اجعل لی لسان صدق یعنی مجھ کو نیک نامی دے ٢٦ کعبہ بمعنے دو پوروں کی درمیان کی گرہ و نیزہ کی گرہ و ہر بلند و مرتفع چیز و بزرگی و شرف والجمع کعوب یقال اعلی اللہ کعبہم یعنی اللہ ان کی شان کو بلند کرے ورجل عالی الکعب یعنی مرد بڑی بزرگی والا اور کعب کے معنے پانی و گھی کا ٹکڑا و برتن کا باقی ماندہ دودھ والجمع کعب وکعاب اور کعب کے معنی ہڈیوں کا جوڑا اور قدم کی اوپر کی ابھری ہوئی ہڈی و ٹخنے والجمع کعاب وکعوب واکعب ٢٧ کفلت از نصر و سمع و کرم یقال کفل الرجل وبالرجل والمال وبالمال کفلا وکفولا جبکہ وہ ضامن ہو یقال کفل عنہ بالمال لغریمہ یعنی اس نے قرض خواہ کے لیے مال کی ذمہ داری کی ٢٨ فطیما دودھ چھڑایا ہوا والجمع فطم ٢٩ یتیما نابالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو۔ والجمع ایتام ویتامی ویتمة ویتمة ومیاتم ٣٠ لم آل ای لم اقصر الو مصدر از نصر بمعنی کوتاہی کرنا یقال الا الوا والوا وألیا جب کہ وہ کوتاہی کرے اور سستی دکھلائے

فَلَمَّا مَهَرَ وَبَهَرَ. جَرَّدَ سَيْفَ الْعُدْوَانِ وَشَهَرَ. وَلَمْ إِخَلْهُ يَلْتَوِيْ عَلَيَّ وَيَتَقَحَّحُ. حِيْنَ يَرْتَوِيْ مِنِّيْ وَيَلْتَقِحُ. فَقَالَ لَهُ الْفَتٰى عَلَامَ عَثَرْتَ مِنِّيْ. حَتّٰى تَنْشُرَ هٰذَا الْخِزْيَ عَنِّيْ. فَوَاللّٰهِ مَا سَتَرْتُ وَجْهَ بِرِّكَ. وَلَا هَتَكْتُ حِجَابَ سِتْرِكَ. وَلَا شَقَقْتُ عَصَا أَمْرِكَ. وَلَا أَلْغَيْتُ تِلَاوَةَ شُكْرِكَ. فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ وَيْلَكَ وَأَيُّ رَيْبٍ أَخْزٰى مِنْ رَيْبِكَ. وَهَلْ عَيْبٌ أَفْحَشُ مِنْ عَيْبِكَ. وَقَدِ ادَّعَيْتَ سِحْرِيْ وَاسْتَلْحَقْتَهُ وَانْتَحَلْتَ شِعْرِيْ وَاسْتَرَقْتَهُ. وَاسْتِرَاقُ الشِّعْرِ عِنْدَ الشُّعَرَاءِ. أَفْظَعُ مِنْ سَرِقَةِ الْبَيْضَاءِ وَالصَّفْرَاءِ. وَغَيْرَتُهُمْ عَلٰى بَنَاتِ الْأَفْكَارِ. كَغَيْرَتِهِمْ عَلَى الْبَنَاتِ الْأَبْكَارِ.

الترجمة والمطالب

پس جبکہ وہ ماہر اور فائق اور غالب ہوا اس نے ظلم کی تلوار کھینچی اور نکال لی، اور مجھے کبھی یہ خیال نہ ہوا کہ مجھ سے سیراب ہونے اور فائدہ اٹھانے کے بعد وہ مجھ سے لپٹے گا (یعنی مجھے نقصان دے گا) اور وہ بے حیائی اختیار کرے گا۔ لڑکے نوجوان نے اس سے کہا کہ کون سی مجھ سے خطا ہوئی جو آپ مجھے رسوا کر رہے ہیں خدا کی قسم میں نے تو نہ کبھی تیری بھلائی اور احسان کا چہرہ چھپایا ہے اور نہ میں نے تیرے کسی راز کا افشا کیا ہے اور نہ میں نے کبھی تیرے حکم کی مخالفت کی ہے اور نہ میں تیرے شکر کو بھول گیا۔ بڈھے نے جواب دیا تو غارت ہو (یعنی تیرا ستیاناس ہو) اس مصیبت سے زیادہ سخت اور کون سی مصیبت ہوگی۔ اور کیا تیرے عیب سے زیادہ پلید اور کوئی عیب ہو سکتا ہے۔ کہ تو نے میری جادو بیانی پر (یعنی میرے کلام پر) جھوٹا دعویٰ کیا (یعنی اس کو اپنی طرف منسوب کیا) اور تو نے میرے اشعار چرا کر اپنے اشعار بنا لئے حالانکہ شاعروں کے نزدیک شعروں کی چوری درہم و دینار کے چرانے سے بھی زیادہ برا ہے اور ان کی غیرت (وعزت) اپنے اشعار پر ایسی ہے جیسے کہ اپنی کنواری لڑکیوں پر۔

تشریح لغات

[1] مہر ای صار ماہرا حاذقا از فتح و نصر اور یہ مہارت سے ماخوذ ہے یقال مہر الشیٔ و فیہ و بہ جبکہ وہ حاذق ہو [2] بہر ای فاق از فتح یقال بہرہ بہرا جبکہ وہ غالب ہو اور فضیلت میں بڑھ جائے [3] جرد از تفعیل تجرید مصدر بمعنی ننگا کرنا (تلوار کھینچنا) یقال جرد السیف جبکہ وہ تلوار کھینچے (یعنی اس کو میان سے نکالے) اور یہ ظلم کرنے سے کنایہ ہے [4] شہر از فتح یقال شہرہ شہرا بکذا جبکہ وہ مشہور کرے شہر السیف جبکہ وہ تلوار کو سونت کر بلند کرے [5] لم اخلہ یہ خیال سے ماخوذ ہے یقال خال الشیٔ یخال خیلا و خیلا و خیلۃ و خیلۃ و خالا و خیلا نا و خیلولۃ و مخیلۃ و مخالۃ جبکہ وہ خیال کرے اور گمان کرے [6] یلتوی التواء مصدر از افتعال بمعنی دشوار ہونا یقال التوی الامر جبکہ وہ دشوار ہو والتوی عن الامر جبکہ وہ سستی کرے والتوی علیہ ای لزمہ [7] تبقح التقاح مصدر از افتعال بمعنی بے شرمی کرنا اور یہ وقاحۃ سے ماخوذ ہے [8] یرتوی ارتواء مصدر از افتعال بمعنے سیراب ہونا [9] یلتقح التقاح مصدر از افتعال بمعنی فائدہ اٹھانا ای یشرب لبن لقحتی واللقحۃ الناقۃ ذات اللبن وجمعہا لقح ولقاح استعارھھنا لتلقی العلم کما ورد فی حدیث عمر رضی اللّٰہ عنہ تاویل اللبن بالعلم یقال لقحت الناقۃ ونحوھا ای قبلت اللقاح

اوحملت فہی لاقحٌ ولقوحٌ ازسمع والمصدر لقحٌ ولقاحٌ ۸؎ علام ای علٰی ای شئی یہاں علٰی تعلیل کے لئے ہے اور یہ اصل میں علے ما ہے والمراد بہاالخصائل الذمیمۃ ۹؎ عثرت عثور مصدر از نصر بمعنی اطلاع وخبر ۱۰؎ الخزی بالکسر بمعنی ذلت و رسوائی وعذاب و دوری ۱۱؎ برک بالکسر بمعنی احسان اور بزرگی وعطیہ وطاعت وصلاحیت وبچائی ونیکی دل ۱۲؎ ہتکت ہتک مصدر بمعنے پھاڑنا اور پردہ دری کرنا از ضرب یقال ہتک الستر جبکہ وہ پردہ پھاڑے اور کاٹ کر علیحدہ کرے ۱۳؎ حجاب بالکسر بمعنی پردہ والجمع حجبٌ ۱۴؎ لاشققت شق مصدر از نصر بمعنے مخالفت کرنا یقال شق فلان العصا ای خرج عن الامر مخالفا و شق عصا المسلمین ای مزق جماعتہم والاصل فی العصا الائتلاف والاجتماع ومنہ قولہم للمطمئن القٰی عصاہ ۱۵؎ ریب بمعنی تہمت۔شک۔ حاجت ۱۶؎ ادعیت ادعاء مصدر از افتعال بمعنی جھوٹی بات یا کسی چیز کو اپنی طرف منسوب کرنا یا مطلق دعوٰی کرنا ۱۷؎ سحری سحر سے مراد شاعر کا کلام بلیغ ہے یعنی جادو بیانی ۱۸؎ استلحقتہ استلحاق مصدر از استفعال بمعنے اپنے خاندان میں ملانا ۱۹؎ انتحلت انتحال مصدر از افتعال بمعنی اپنی طرف کسی کے قول یا شعر کو منسوب کرنا یقال انتحل شعر غیرہ و نحلہ ای نسبہ الی نفسہ وادعاہ النحلۃ الدعوی ۲۰؎ استرقتہ از افتعال یقال استرق منہ الشئی جبکہ وہ چرالے واسترق السمع جبکہ چھپ کر سنے قال الخطیب ان کان فی الغرض علی العموم کالوصف بالشجاعۃ والسخاء فلا یعد سرقۃ لتقررہ فی العقول والعادات وان کان فی وجہ الدلالۃ کالتشبیہ وکذکر ہیئۃ تدل علے الصفۃ المقصودۃ لاختصاص تلک الہیئۃ بموصوف تثبت تلک الصفۃ المقصودۃ لہ کوصف الجواد بالتہلل عند ورود العفاۃ فان اشتراک الناس فی معرفتہ لاستقرار فی العقول والعادات کتشبیہ الجواد بالبحر فہو کالاول والا جاز ان یدعی فیہ السبق والزیادۃ بان یحکم بین القائلین بالتفاضل وان احدہما اکمل من الاخر ثم ہذا علے النوعین (۱) خاصی فی نفسہ غریب (۲) عامی تصرف بما اخرجہ من الابتذال والعموم الی الغرابۃ فالاخذ والسرقۃ نوعان ظاہر وغیر ظاہر اما الظاہر فہو ان یؤخذ المعنی کلہ اما مع اللفظ کلہ اوبعضہ او وحدہ فان اخذ اللفظ کلہ من غیر تغییر نظمہ فہو مذموم فانہ سرقۃ محضۃ ویسمی نسخًا وانتحالًا ومثلہ فی المذمۃ والقباحۃ ان یبدل بالکلمات کلہا او بعضہا ما یرادفہا وان کان مع تغییر نظمہ او اخذ بعض اللفظ یسمی اغارۃً ومسخًا فان کان الثانی ابلغ لاختصاصہ بفضیلۃ فممدوح وان کان دونہ فمذموم وان کان مثلہ فابعد من الذم فالفضل للاول وان اخذ المعنی وحدہ سمی الماما وسلخًا وہو ثلثۃ اقسام کذلک ہذا کلہ فی الظاہر اما غیر الظاہر فہو علے فنون منہا ان یتشابہ المعنیان ومنہا ان ینقل المعنی الی محل اٰخر ومنہا ان یکون المعنی الثانی اشمل ومنہا القلب وہو ان یکون المعنی الثانی نقیض المعنی الاول فافہم ۲۱؎ اقطع ازکرم یقال قطع الامر جبکہ وہ قباحت میں بڑھ جائے۔ اور قباحت میں حد سے گذر جائے یقال اقطع الامر جبکہ وہ قباحت میں بڑھ جائے ۲۲؎ البیضاء والصفراء سے مراد چاندی اور سونا ہے ۲۳؎ نبات الافکار سے وہ اشعار ہیں جو فکر اور غور سے بنائے جائیں ۲۴؎ الابکار یہ بکر کی جمع ہے بمعنے کنواری اور ہر چیز کا اول۔

فَقَالَ الْوَالِی لِلشَّیْخِ۔ وَهَلْ حِیْنَ سَرَقَ سَلَخَ۔ اَمْ مَسَخَ اَمْ نَسَخَ۔ فَقَالَ وَالَّذِیْ جَعَلَ الشِّعْرَ دِیْوَانَ الْعَرَبِ۔ وَتَرْجُمَانَ الْاَدَبِ۔ مَا اَحْدَثَ سِوٰی اَنْ بَتَرَ شَمْلَ شَرْحِهٖ۔ وَاَغَارَ عَلٰی ثُلُثَیْ سَرْحِهٖ۔ فَقَالَ لَهٗ اَنْشِدْ اَبْیَاتَکَ بِرُمَّتِهَا۔ لِیَتَّضِحَ مَا احْتَازَهٗ مِنْ جُمْلَتِهَا۔ فَاَنْشَدَ

ـــہ یَا خَاطِبَ الدُّنْیَا الدَّنِیَّةِ اِنَّهَا ۔۔۔ شَرَكُ الرَّدٰی وَقَرَارَةُ الْاَكْدَارِ

دَارٌ مَتٰی مَا اَضْحَكَتْ فِیْ یَوْمِهَا ۔۔۔ اَبْكَتْ غَدًا بُعْدًا لَهَا مِنْ دَارِ

وَاِذَا اَظَلَّ سَحَابُهَا لَمْ یَنْتَفِعْ ۔۔۔ مِنْهُ صَدًی لِجَهَامِهِ الْغَرَّارِ

الترجمۃ والمطالب پس حاکم نے بوڑھے سے دریافت کیا۔ آیا اس نے محض معنی کی چوری کی ہے یا الفاظ بھی بدل ڈالے یا بجنسہ اور بعینہ اپنے بنائے پس بوڑھے نے یہ جواب دیا قسم ہے اس ذات کی جس نے شعر کو مرجع ادب (دیوان عرب) یا ترجمان ادب (ادب کو ظاہر کرنے والا) قرار دیا اس لڑکے نے سوائے اشعار کی یکجائی مضمون کی کتر بیونت کے اور کچھ تغیر و تبدل نہیں کیا یعنی اشعار کے دو تہائی اجزاء پر ڈاکہ ڈالا ہے حاکم کہنے لگا۔ اچھا تم اپنے پورے اشعار سناؤ تاکہ یہ پتہ چلے کہ منجملہ کل کے اس نے کس قدر حصہ جمع کیا ہے تو بوڑھے نے یہ شعر پڑھے ـــہ اے کمینی دنیا کے خطبہ کرنے والے بیشک دنیا تباہی و ہلاکت کا جال اور حوادث و غموم کا گڑھا ہے اور وہ ایسا گھر ہے کہ آج ہنسا دیا تو وہ کل ہی کو رلا دے ایسے گھر کو تو دور ہی سے سلام ہے اور اس کا اگر بادل قریب بھی آجائے تاہم کوئی پیاسا اپنی پیاس نہیں بجھا سکتا کیونکہ اسکے دھوکہ باز بادل بے باراں ہیں۔

تشریح لغات لہ سلخ السلخ تغییر اللفظ دون المعنی اور اس کے اصلی معنی کھال کھینچنے کے ہیں والمسخ تغییر ہما معًا یعنی صورت بگاڑنا والنسخ نقلہ بعینہ من غیر تغییر کما یفعلہ الناسخ نفظی معنی نسخ کے کتابت و مٹانا اور اصل عبارت یوں ہے ہل سلخ ام مسخ ام نسخ حین سرق ٢ه دیوان والجمع دواوین و دیاوین کما یقال الشعر دیوان العرب اس لئے کہ عرب کا مرجع یہ ہی اشعار تھے اور ان کے شعروں میں فصاحت و بلاغت حد سے زیادہ ہوتی ہے اور دیوان کے معنی ہیں۔ وہ رجسٹر جس میں وظیفہ خواروں یا فوجیوں کے نام درج ہوں ٣ه ترجمان بمعنی ادب کی حالت کو ظاہر کرنے والا ٤ه ما احدث احداث مصدر از افعال بمعنی کسی نئی بات کو پیدا کرنا اور یہ حدث سے مشتق ہے اب اس میں تخصیص ہو گئی ہے یقال احدثہ جبکہ وہ ایجاد کرے اور پیدا کرے ٥ه بترا از نصر بَترٌ و بُترٌ مصدر بمعنے انقطاع من غیر تمام ہو یتعدی من نصر و یلزم من سمع یقال بترہ بترًا جبکہ وہ کاٹے ومنہ الابتراء من لا خیر لہ ٦ه شمل شرحہ ای اجتماع بیانہ و تفصیلہ ٧ه اغار از افعال اغارۃ مصدر بمعنی لوٹ ڈالنا ٨ه ثلثی یہ ثلث کا تثنیہ ہے بمعنے تہائی ٩ه سرحہ مصدر ای ماشیتہ و سوائمہ بمعنی جانور والجمع سروح ١٠ه برمتہا بضم الراء المہملۃ بمعنے بجملتہا والرمۃ فی الاصل القطعۃ من الحبل البالی و جمعہا رمم والرمم الجماعۃ والرم بالکسر الثری و ایضًا المخ یقال اعطاہ الشیٔ برمتہ ای بجملتہ ١١ه احتازہ احتیاز مصدر از افتعال بمعنی جمع کرنا و اکٹھا کرنا یقال احتاز الشیٔ جبکہ وہ جمع کرے اکٹھا کرے ١٢ه جملۃ بمعنے مجموعہ اور وہ جو مسند اور مسند الیہ سے مرکب ہو والجمع جملٌ ١٣ه خاطب یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از نصر بمعنی منگنی کرنا یقال خطب خطبًا و خطبۃ و خطیبی یقال خطب الفتاۃ۔ جبکہ وہ منگنی کا پیام دے ١٤ه الدنیا یا یہ ماخوذ ہے دنو سے بمعنے قریب و نزدیک اسلئے کہ اقرب یا یہ دنا یدنا سے ماخوذ ہے جس کا مصدر دنیئۃ ہے بمعنی ناپاک و دنی و خسیس ١٥ه شرک محرکۃ بمعنے جال و پھندا والجمع شرک و اشراک و راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات اور اس کا واحد شرکۃ ہے ١٦ه الردی مصدر بمعنی ہلاکت از سمع ١٧ه قرارۃ وہ گول گڑھا

عـــہ واعلموان فی ہذہ الاشعار صنعۃ بدیعیۃ وہو التشریع وہو بناء البیت علی قافیتین یصح المعنی عند الوقوف علی کل منہا کما فی ہذہ الاشعار ١٢

جس میں بارش کا پانی جمع ہو والجمع قرار وقرارات از نصر وسمع وضرب واز نصر بمعنی سانپ کا پھنکارنا و مرغی کی کرکراہٹ کا بند ہونا ۱۸ الاکدار یہ کدر کی جمع ہے بمعنی ما یتکدر بہ الماء الصافی والمراد بہ الهموم یعنی ان الدنیا موضع الهموم ۱۹ دار بمعنی گھر و مکان و رہنے کی جگہ والجمع دور و دیار و ادور. واد ورواد ورة ددیارة واد وار ودورات ودیارات ودوران ودیران۔ اور یہ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں ۲۰ اضحکت اضحاک مصدر از افعال یقال اضحکہ جبکہ وہ ہنسائے واضحک الحوض جبکہ حوض کو لبریز کردے ۲۱ ابکت ابکاء مصدر از افعال بمعنے رلانا یقال ابکی الرجل جبکہ رلائے ۲۲ بعد ای بعدت بعداً مصدر از کرم ۲۳ اظل اظلال مصدر از افعال بمعنے سایہ دار ونزدیک ہونا ۲۴ لم ینتقع انتقاع مصدر از انتقال بمعنی سیراب ہونا یقال نقع غلتہ ای سکنھا فانتقعت ای سکنت ویقال نقع الماء فی بطن الوادی ای اجتمع فیہ وطال مکثہ از فتح والمصدر نقع ونقوع ۲۵ صدی بمعنی العطش الشدید یقال صدی صدی ای عطش شدیداً از سمع ۲۶ لجھامہ ای لسحابۃ الذی لا ماء فیہ ربے بارش کا بادل ۲۷ الغرار ای الخداع یعنی بہت دھوکا دینے والا از نصر یقال غرہ غرا وغرۃ وغرورا جبکہ وہ دھوکا دے۔

غاراتھا ما تنقضی واسیرھا　　لا یفتدی بجلائل الاخطار

کم مزدھی بغرورھا حتی بدا　　متمردا متجاوز المقدار

قلبت لہ ظھر المجن واولغت　　فیہ المدی ونزت لاخذ الثار

فاربأ بعمرک ان یمر مضیعا　　فیھا سدی من غیر ما استظھار

واقطع علائق حبھا وطلابھا　　تلق الھدی ورفاھۃ الاسرار

وارقب اذا ما سالمت من کیدھا　　حرب العدی وتوثب الغدار

واعلم بان خطوبھا تفجا ولو　　طال المدی ووفت سری الاقدار

الترجمۃ والمطالب

اور دنیا کی لوٹیں کبھی ختم نہیں ہوتیں اور نہ اس کا قیدی (یعنی موت کا قیدی) بڑے بڑے مالوں سے فدیہ دیا جا سکتا ہے (چھوڑا جا سکتا ہے) اور بہت سے ایسے مغرور جو دنیا کے غرور پر اتراتے تھے اور ان کو اس کا پتہ چل گیا کہ یہ ان کی محض سرکشی اور حد سے بڑھنا تھا بظاہر دنیا نے ان کی طرف ڈھال کی پشت پھیری اور درحقیقت ان میں چھریاں گھونپ دیں اور بدلہ لینے کے لئے اٹھ کھڑی ہوئی. پس تو اپنی عمر کو بلند کر (یعنی اس کی حفاظت کر) اور تو اپنی عمر کو بربادی بیکاری اور بے یار و مددگار ہونے سے بچا تو دنیاوی دلچسپیوں اور ان کی تلاش وطلب کو چھوڑ دے تاکہ تجھے سیدھا راستہ معلوم ہو اور دل کی خوشیوں سے تو بہرہ اندوز ہو جب دنیا دھوکا دینے میں ڈھیل سے کام لے تب بھی تو دشمنوں کی لڑائی اور ان کی بیوفائی کی تیاری کا خیال رکھ تو اس بات کو اچھی طرح سمجھ لے کہ دنیوی مصائب اور حوادثات اچانک آتے ہیں اگرچہ مدت طویل ہو جائے اور تقدیروں کی رفتار سست ہو جائے۔

تشریح لغات

۱ غارا تہا یہ غارت کی جمع بمعنے لوٹ ۲ اسیر بمعنی قیدی اور وہ لوگ جو نظر بند ہوں والجمع اُسریٰ واسراء واساریٰ و ۳ لایفتدی افتداء مصدر از افتعال بمعنی فدیہ دینا یقال افتدی بہ جبکہ وہ فدیہ دے

وافتدت المراءة نفسہا من زوجہا یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی، اور فدیہ کے معنی کسی کے بدلے کے ہیں ؎ بجلائل یہ جلیلة کی جمع ہے بمعنے بلند چیز ؎ الاخطار یہ خطر کی جمع ہے وہو مالہ قدر و شرف یعنی شریف و بلندی مرتبہ اور اس میں صفت کی اضافت موصوف کی طرف ہے ؎ مزدہی اسم مفعول کا صیغہ ازدہاء مصدر از افتعال بمعنی غرور اور تعجب کرنا یقال ازدہی فہو مزدہی جبکہ وہ غرور اور تکبر کرے اور عرب والے اس کو مفعول استعمال کرتے ہیں اگرچہ وہ فاعل ہی کے معنی میں کیوں نہ ہو ؎ متمرد یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے تمرد مصدر از تفعل بمعنی سرکشی کرنا اور نافرمانی کرنا ؎ متجاوز المقدار اس میں اضافت لفظیہ ہے ای متجاوز مقدارہ ؎ مقدار بمعنی توانائی و اندازہ و پیمانہ والجمع مقادیر ؎ قلبت لہ الخ یعنی ظاہر کردہ برائے او عداوت جنگ را گویند قلب لہ ظہر المجن ہرگاہ کہ برگردد کسی کہ آدمی مودت و طمع محبت باو داشتہ باشد و اصلش اینکہ چوں با کسے صلح باشد باطن سپر بجانب او کنند و بوقت جنگ ظہر سپر بجانب او کنند ؎ ظہر بمعنی پشت و پیٹھ کا مقابل والجمع اظہر و ظہور و ظہران ؎ المجن ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز یعنی ڈھال والجمع مجان یقال قلب مجنہ یعنی وہ بے حیا اور خود رائے ہو گیا و قلب لہ ظہر المجن یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا ؎ اولغت ایلاغ مصدر بمعنی کتے کو پلانا اور اس کا مجرد وَلَغَ یَلِغُ و وَلَغَ یَلَغُ و یولغ دیا لغ ولغا و ولغا و ولوغا و ولغانا الکلب الاناء و فی الاناء جبکہ کتا برتن میں منہ ڈالے اور اطراف زبان سے پیئے ؎ المدی یہ مدیۃ کی جمع ہے بمعنی چھری ؎ انزت نزا نیز از نصر نز و نزوا و نزوان و نزو مصدر بمعنی کودنا و کسی پر گرنا ؎ الثار بمعنی خون کا بدلہ اور جرم کا بدلہ والجمع اثار۔ اثار۔ ثائر یقال ہو ثارک یعنی وہ تمہارے رشتہ داروں کا قاتل ہے اب یہ مطلق انتقام کے بدلے معنی میں مستعمل ہے ؎ فاربأ یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ربأ یربأ از فتح ربأ مصدر بمعنی بلند ہونا و چڑھنا یقال ربأ الشیٔ جبکہ بلند کرے و ربأ المال جبکہ وہ حفاظت کرے و رباء القوم و للقوم جبکہ وہ دیدبان بنے و ربأ فی الامر جبکہ وہ غور و فکر کرے و ربأ علی جبل جبکہ وہ پہاڑ پر سے جھانکے یقال ار بأ بہ یعنی تو اس کی حفاظت کرنا اور یہاں معنے اس کے بلند کرنے کے ہیں۔

؎ سدی بمعنے بیکار اور لغو یقال ابل سدی و سدی بیکار چھوڑے ہوئے اونٹ اور یہ واحد اور جمع کے لئے بولا جاتا ہے ؎ استظہار از استفعال بمعنی مدد چاہنا یقال استظہر بہ جبکہ وہ مدد طلب کرے و استظہر لہ جبکہ وہ تیاری کرے و استظہر علیہ چڑھنا اور غالب ہونا و استظہر الدرس جبکہ وہ سبق کو زبانی یاد کرے و استظہر جبکہ وہ احتیاط کرے ؎ علائق یہ علاقہ کی جمع ہے بمعنی دوستی و دشمنی و گذر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد و تعلق و محبت ؎ رفاہۃ مصدر بمعنی فراخی عیش از کرم یقال رفہ العیش رفاہا و رفاهیۃ و رفاهۃ جبکہ زندگی خوشگوار اور آسودہ ہو ؎ الاسرار یہ سر کی جمع ہے بمعنے بھید و راز ؎ ارقب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ای انتظر از نصر یقال رقب رقوبا و رقابۃ و رقبانا و رقبۃ و رقبۃ جبکہ وہ نگہبانی کرے۔ اور انتظار کرے اور ڈرائے ؎ سالمت مسالمت مصدر از مفاعلہ بمعنی صلح کرنا ؎ کید مصدر بمعنی مکر و حیلہ و لڑائی والجمع کیاد ؎ حرب العدی ای حربا منہا حرب العدی و ہکذا توثبا منہا توثب الغدار ؎ غدار بمعنے بہت بیوفا یا دنیا کا غدر کرنے والا از نصر و ضرب و سمع ؎ خطوب یہ خطب کی جمع ہے بمعنے حوادث ؎ تفجا یہ فجأ الرجل سے ماخوذ ہے ای ہجم علیہ بغتۃ او طرقہ بغتۃ من غیر ان یشعر از فتح و سمع والمصدر فجاءۃ بفتح الفاء و ضمہا والفجاءۃ ما فاجاک ؎ المدی بفتح المیم بمعنے غایت و انتہا یقال بلغ مدی الحیاۃ و ہدیتہا و میدہا جبکہ وہ زندگی کی انتہا کو پہنچ جائے ؎ دونت ای ضعفت از ضرب و فی مصدر بمعنی سست اور کمزور ہونا اور تھکنا ؎ سری مصدر بمعنی رات کو چلنا و رات کا سفر ؎ الاقدار یہ قدر کی جمع ہے چیز کی انتہا طاقت و قوت اور تقدیر الٰہی اور ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں ہے ۱۲۔

فَقَالَ لَهُ الْوَالِي ثُمَّ مَاذَا۔ صَنَعَ هٰذَا۔ فَقَالَ اَقْدَمَ لِلُؤْمِهٖ فِي الْجَزَاءِ۔ عَلٰى اَبْيَاتِي السُّدَاسِيَّةِ الْاَجْزَاءِ۔ فَحَذَفَ مِنْهَا جُزْءَيْنِ۔ وَنَقَصَ مِنْ اَوْزَانِهَا وَزْنَيْنِ حَتّٰى صَارَ الرُّزْءُ فِيْهَا رُزْءَيْنِ۔ فَقَالَ لَهُ بَيِّنْ مَا اَخَذَ۔ وَمِنْ اَيْنَ فَلَذَ۔ فَقَالَ اَرْعِنِي سَمْعَكَ۔ وَاَخْلِ لِلتَّفَهُّمِ عَنِّي ذَرْعَكَ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ كَيْفَ اُصْلِتَ عَلَيَّ۔ وَتَقْدُرَ قَدْرَ اجْتِرَامِهٖ اِلَيَّ۔ ثُمَّ اَنْشَدَ۔ وَاَنْفَاسُهٗ تَتَصَعَّدُ ؎

يَا خَاطِبَ الدُّنْيَا الدَّنِيَّةِ اِنَّهَا شَرَكُ الرَّدٰى	دَارٌ مَتٰى مَا اَضْحَكَتْ
فِي يَوْمِهَا اَبْكَتْ غَدًا	وَاِذَا اَظَلَّ سَحَابُهَا
لَمْ يَنْتَقِعْ مِنْهُ صَدٰى	غَارَاتُهَا مَا تَنْقَضِيْ
وَاَسِيْرُهَا لَا يُفْتَدٰى	كَمْ مُزْدَهًى بِغُرُوْرِهَا
حَتّٰى بَدَا مُتَمَرِّدًا	قَلَبَتْ لَهٗ ظَهْرَ الْمِجَنِّ
وَاَوْلَغَتْ فِيْهِ الْمُدٰى	

الترجمۃ والمطالب

پس اُس سے والی (حاکم) نے کہا پھر اس لڑکے نے کیا کیا بوڑھے نے کہا اس نے اپنی نالائقی اور کمینہ پن کی وجہ سے میرے چھ جزوالے اشعار پر بدلہ لینے کی وجہ سے ہاتھ صاف کیا (پیش قدمی کی) یعنی اس سے دو جزوں کو حذف کر دیا (کم کر دیا) اور اس نے دو وزن عروضی اُس سے کم کر دیئے اس طرح یہ ایک مصیبت دوہری مصیبت ہوگئی، پس حاکم نے کہا کہ تم اس کا ثبوت دو کہ اس نے کیا لیا اور کہاں سے کم کیا تو بوڑھے نے کہا کہ آپ بغور سنیں اور سمجھنے کے لئے آپ اپنا دل بالکل خالی کرلیں، یہاں تک کہ آپ پر روشن ہوجائے کہ اس نے مجھ پر کس طرح تلوار سونتی ہے۔ اور آپ کو اس کے گناہ اور قصور کا بھی اندازہ ہوجائے، پھر اس نے شعر پڑھے اور اس کے سانس اوپر نیچے ہو رہے تھے ؎

اے کمینی دنیا کے خطبہ کرنے والے بے شک دنیا ہلاکت کا جال ہے اور وہ ایسا گھر ہے کہ اگر آج ہنسا لے تو وہ کل ہی کو رلا دے اور اس کا بادل اگرچہ سایہ ڈالے (قریب ہی ہو) اس سے پیاس نہیں بجھے گی۔ اس کی لوٹیں ختم نہیں ہوتیں اور اس کے قیدی کا فدیہ نہیں دیا جاسکتا ہے (نہیں چھوڑا جاتا) اور بہت سے ایسے مغرور ہیں جو دنیا کے غرور پر اتراتے ہیں لیکن وہ سرکش ثابت ہوئے اور اپنے چاہنے والے کی طرف ڈھال کی پشت تو پھیر دی لیکن اس میں چھریاں گھسا دیں (چھپا دیں) داخل کر دیں۔

تشریح لغات

۱؎ ماذا ما استفہامیہ ہے اور ذا الذی کے معنی میں ۲؎ اقدم اقدام مصدر از افعال بمعنے پیش قدمی کرنا ۳؎ للؤمہ بمعنے نالائقی وکمینہ پن ای الخستہ فی المکافاۃ ۴؎ ابیاتی السداسیۃ الاجزاء لان عروضہا من الکامل واجزائہا متفاعلن ست مرات ۵؎ الرزء بمعنی بڑی مصیبت والجمع ارزاء ۶؎ رزءین یہ رزء کا تشنیہ ہے دو مصیبتیں ایک تو چوری کرنا اور دوسرے ان کو اپنی طرف منسوب کرنا ۷؎ فلذ ای قطع از ضرب یقال فلذلہ من المال شیئا فلذا جبکہ وہ حصہ جدا کرے ۸؎ ارعنی ارعاء مصدر از افعال بمعنی بات کو غور سے سننا یقال ارعیتہ سمعی جبکہ بات سنے ۹؎ اخل اخلاء مصدر از افعال بمعنی خالی کرنا یقال اخلی المکان اخلاءً جبکہ وہ خالی کرے اور تنہا ہو ۱۰؎ ذرعک ذرع بمعنی دل یقال

وہو خالی الذرع یعنی اس کا دل رنج وغم سے خالی ہے ^{۱۱}^ اصلت از افعال اصلات مصدر بمعنی میان سے تلوار نکالنا اور سونتنا ^{۱۲}^ تقدر قدر مصدر از ضرب بمعنی اندازہ کرنا یقال قدر الشئی و بالشئی جبکہ وہ اندازہ کرے اور مقدار کے مطابق کرے ^{۱۳}^ احترام مصدر از افتعال بمعنی گناہ یقال احترام الیہ وعلیہ جبکہ وہ گناہ کرے ^{۱۴}^ انفاس یہ نفس کی جمع ہے بمعنے سانس ^{۱۵}^ تتصعد تصعد مصدر از تفعل سانس کا اوپر اور نیچے ہونا یعنی سانس مشکل سے نکلنا۔

فَارْعَ بِالْعُمُرِكَ اَنْ يَمُرَّ مُضَيَّعًا فِيْهَا سُدًى ۔۔۔ وَاقْطَعْ عَلَائِقَ حُبِّهَا
وَطِلَابِهَا تَلْقَ الْهُدٰى ۔۔۔ وَارْقُبْ اِذَا مَا سَالَمَتْ ۔۔۔ مِنْ كَيْدِهَا حَرْبَ الْعِدٰى
وَاعْلَمْ بِاَنَّ خُطُوْبَهَا ۔۔۔ تَفْجَأُ وَلَوْ طَالَ الْمَدٰى

فَالْتَفَتَ الْوَالِيْ اِلَى الْغُلَامِ وَقَالَ۔ تَبًّا لَكَ مِنْ خِرِّيْجٍ مَارِقٍ۔ وَتِلْمِيْذٍ سَارِقٍ۔ فَقَالَ الْفَتٰى بَرِئْتُ مِنَ الْاَدَبِ وَبَنِيْهِ۔ وَلَحِقْتُ بِمَنْ يُنَاوِيْهِ۔ وَيُقَوِّضُ مَبَانِيْهِ۔ اِنْ كَانَتْ اَبْيَاتُهٗ نُمِيَتْ اِلٰى عِلْمِيْ۔ قَبْلَ اَنْ اَلَّفْتُ نَظْمِيْ۔ وَاِنَّمَا اتَّفَقَ تَوَارُدُ الْخَوَاطِرِ۔ كَمَا قَدْ يَقَعُ الْحَافِرُ عَلَى الْحَافِرِ۔

الترجمة والمطالب

پس تو اپنی عمر کو بلند کر (یعنی اس کی حفاظت کر) اس حال میں کہ وہ ضائع اور بے کار گزرے اور دنیا کے علاقہ محبت کو اور اس کی تلاش کو تو چھوڑ دے تاکہ تجھے سیدھا راستہ ملے۔ اور جب دنیا دھوکہ دینے میں صلح برتے تو تو دشمنوں سے لڑائی کا انتظار کر اور تو اس بات کو اچھی طرح سمجھ لے کہ اس کے حوادث اچانک آگھیرتے ہیں۔ اگرچہ زمانہ زیادہ لگ جائے۔ پس حاکم لڑکے کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا اور کہا خدا تجھے ہلاک کرے (برباد کرے) اے راندہ درگاہ نافرمان اور چور شاگرد (یہ تیری نامناسب حرکت)، لڑکا بولا خدا کرے میں علم اور اہل ادب سے کھویا جاؤں اور علم ادب کے دشمنوں اور اس کی جڑوں کے کھوکھلا کرنے والوں (یا اکھیڑنے والوں) میں جا ملوں اگر اس بوڑھے کے اشعار مجھ تک نظم کے بنانے اور ترتیب دینے سے پہلے پہونچے ہوں۔ اور واقعہ صرف اس قدر ہے کہ رجحان (یعنی اتفاق ذہن) ایک ساتھ پہنچے (یعنی ذہن لڑ گئے) جیسا کہ ایک کھر دوسرے کھر پر جا پڑتا ہے۔

تشریح لغات

^{۱}^ التفت یہ لفتۃ سے ماخوذ ہے اس کا مصدر التفات ہے از افتعال بمعنی متوجہ ہونا ^{۲}^ خریج یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنے نکالا ہوا خریج الذی خرجہ معلمہ یقال فلان خریجك ای الذی خرجہ تہذیبك وتعلیمك ویقال خرج الولد فی الصناعۃ او الادب ای ربہ وعلمہ فتخرج وصار مخرجا وخریجا ومتخرجا وخرج المسئلۃ ای بین لہا وجہا وقیل الخریج الذی خرجتہ فی صناعتك یقال خرج فلان فی

العلم والصناعة خروجا جبکہ وہ علم اور صناعت میں اپنے استادوں سے سیکھ کر کاریگر اور ماہر ہو جائے وقال المیدانی الخریج للخارج من طاعة الاستاذ ۳ؔ مارق از نصر وہ تیر جو نشانہ سے نکل جائے اب اس کے معنی سرکش اور نافرمان کے ہو گئے ہیں. یقال مرق من الدین ای خرج منه بضلالة او بدعة ومرق السهم ای نفذ منها وخرج منها والمصدر مروقٌ ۴ؔ تلمیذ بمعنی شاگرد والجمع تلامیذ و تلامذہ ۵ؔ سارق یہ اسم فاعل کا صیغہ بمعنی چور والجمع سرقة وسراقٌ وسارقون ۶ؔ برئت از سمع بمعنے بری ہونا ۷ؔ الادب اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو وزیرکی وخوش طبعی والجمع آداب اور علم ادب وہ علم ہے جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے انسان محفوظ رہے ۸ؔ بنیہ یہ ابن کی جمع ہے اور اس میں ہ کی ضمیر ادب کی طرف راجع ہے یا ابناء ادب کی طرف اور اس سے مراد اہل یعنی ادیب بمعنے صاحب اور کم درجہ والے کو ادیب کہتے ہیں. اور بڑے درجہ والے کو الوادب کہتے ہیں کما فی اساس الحکمات ۹ؔ ینادیہ ای یعادیہ اور یہ مفاعلہ سے ہے. یقال ناداہ مناواة ونواواه ای فاخرہ وعارضه وعاداه واصله الهمزة اور یہ ناء ینوء سے ماخوذ ہے ای نهض بجهد ومشقة والمراد بها النهوض بالعداوة ۱۰ؔ از نصر ۱۱ؔ یقوض از تفعیل تقویض مصدر بمعنی خیمہ کی طناب کو اکھیڑنا وقاض البناء قوضًا وقوضه ۱۲ؔ مبانیہ یہ مبنیٰ کی جمع ہے بمعنے بنیاد ۱۳ؔ نمت نموٌّ ونموءٌ مصدر بالواو وبالهمزة بمعنی بڑھنا و زیادہ ہونا و بلند ہونا ۱۴ؔ توارد مصدر از تفاعل بمعنی ایک ساتھ پہنچنا اور ذہنوں کا موافق ہونا ای وقع لذهن الفتی من الکلام ما وقع لذهن الشیخ مثل الحافر الذی یقع علی الحافر وحاصله انی لم اسرق ابیاتک بل توارد ت خواطرنا علی هذه الابیات ولو کنت فی ذلک کاذبًا لجعلنی الله خالیًا عن علم الادب وخارجًا عن الادباء ۱۵ؔ الحافر جانور کا کھر والجمع حوافر کسی نے متنبی (جس کا دیوان متنبی ہے) سے پوچھا کہ توارد کیا ہوتا ہے تو اس نے کہا جیسے کہ گھوڑا دوڑتا ہے اور اس کا قدم وہیں جا کر گرتا ہے جہاں پہلے گرا تھا. اور یہاں مضامین شعر سے مراد میدان ہے اور فکر سے مراد گھوڑا ہے وقال استاذی مدظلہ یہ صاحب متنبی کے مضمون کو صاحب مقامات نے یہاں اس طرح لیا ہے فافہم.

قَالَ فَكَانَ الْوَالِي جَوَّزَ صِدْقَ زَعْمِهِ. فَنَدِمَ عَلَى بَادِرَةِ ذَمِّهِ. فَظَلَّ يُفَكِّرُ فِيمَا يَكْشِفُ لَهُ عَنِ الْحَقَائِقِ. وَيُمَيِّزُ بِهِ الْفَائِقَ مِنَ الْمَائِقِ. فَلَمْ يَرَ إِلَّا أَخْذَهُمَا بِالْمُنَاضَلَةِ. وَلَزَّهُمَا فِي قَرَنِ الْمُسَاجَلَةِ. فَقَالَ لَهُمَا إِنْ أَرَدْتُمَا افْتِضَاحَ الْعَاطِلِ. وَاتِّضَاحَ الْحَقِّ مِنَ الْبَاطِلِ. فَتَرَاسَلَا فِي النَّظْمِ وَتَبَارَيَا. وَتَجَاوَلَا فِي حَلْبَةِ الْإِجَازَةِ وَتَجَارَيَا. لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ. وَيَحْيَى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ. فَقَالَا لَهُ بِلِسَانٍ وَاحِدٍ. وَجَوَابٍ مُتَوَارِدٍ. قَدْ رَضِينَا بِسَبْرِكَ. فَمُرْنَا بِأَمْرِكَ. فَقَالَ إِنِّي مُولَعٌ مِنْ أَنْوَاعِ الْبَلَاغَةِ بِالتَّجْنِيسِ. وَأَرَاهُ لَهَا كَالرَّئِيسِ.

الترجمة والمطالب

راوی کہتا ہے گویا حاکم کو لڑکے کے سچ کہنے کا یقین ہو چلا تھا اور وہ بلا سوچے سمجھے اس کے برا کہنے پر پشیمان تھا، لیکن وہ اس فکر میں تھا کہ کس طرح حقیقت حال کا پتہ چلے اور وہ کس طرح لائق (فاضل) اور نالائق (احمق جاہل) کو تمیز کرے۔ لیکن سوائے مقابلہ اور آپس میں فخر و ناز کی رسی میں جکڑنے کے اس کو کوئی اور تدبیر نہ سوجھی چنانچہ وہ کہنے لگا اگر واقعی تم دونوں کا مقصد نالائق (یعنی علم سے بے بہرہ) شخص کو رسوا کرنا اور حق و باطل کو ظاہر کرنا ہے تو تم دونوں نظم (یعنی شعر کہنے) میں ایک دوسرے کے پیچھے روانہ ہو جاؤ (تم دونوں جلدی کرو) اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرو۔ اور مصرعہ گوئی (یعنی شعر بنانے) کے میدان میں تم اپنی جولانی اور روانی دکھاؤ تاکہ برباد ہونے والا دلیل ظاہر ہونے کی صورت میں برباد ہو جائے اور جو زندہ رہے وہ کھلی ہوئی واضح دلیل کے ذریعہ زندہ رہے ان دونوں نے یک زبان ہو کر ایک ہی جواب دیا کہ ہم آپ کے اس آزمانے کے طریقہ سے خوش ہیں پس آپ ہمیں حکم کیجئے تو حاکم نے کہا کہ میں اقسام بلاغت میں سے تجنیس کا حریص اور دلدادہ ہوں اور اس تجنیس کو بلاغت کے لئے سردار کی طرح سمجھتا ہوں۔

تشریح لغات

۱ جوز تجویز مصدر از تفعیل بمعنی حکم کرنا اور جائز رکھنا یقال جوزہ جبکہ وہ حکم کرے ۲ زعمہ مصدر بمعنی قول یا بمعنے مقول از نصر و فتح یقال زعم زعما (بفتح الزاء وکسرھا وضمھا) جبکہ وہ سچ یا جھوٹ کہے ۳ بادرۃ وہ بات جو زبان سے بغیر ارادہ کے نکل جائے اور اس کے معنی تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی والجمع بوادر یقال بدرت منہ بوادر غضب یعنی اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں اور بدیہہ وہ بات ہے جو جلدی سے بولے اپنے ارادے سے یہی فرق ہے بادرہ اور بدیہہ میں۔
۴ یکشف کشف مصدر از ضرب بمعنی کھولنا و ظاہر کرنا یقال کشف الشئ کشفا عن الشئ جبکہ وہ ظاہر کرے ۵ الفائق یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از نصر یقال فاق الناس ای فضلھم وعلاھم بقول وعلم ۶ المائق یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی نالائق واحمق ای شدید الحماقۃ یقال ماق الرجل مؤقا مواقۃ ای حمق وہلک از نصر ۷ المناضلۃ یہ مفاعلہ سے مصدر ہے بمعنی آپس میں تیر اندازی کرنا والمراد ھھنا المباراۃ والمعارضۃ ۸ لزاز نصر لزّ اور لزاز مصدر بمعنی ملانا و لازم کرنا اور کسی چیز کو کسی کے ساتھ چمٹا دینا یقال لز الشئ و بالشئ لزّا و لزازا ای شدہ والصقہ بہ از نصر ۹ قرن رسی ای حبل یقرن بہ بین الشیئین ۱۰ المساجلۃ یہ مفاعلہ سے مصدر ہے ای المعارضۃ والمفاخرۃ فی قول او جری یقال سجل بہ ای رمی بہ من فوق وسجل الماء ای صبّہ وسجل الکتاب ای قرأہ قراءۃ متصلۃ ۱۱ افتضاح مصدر از افتعال بمعنی رسوا کرنا ۱۲ العاطل بمعنی ننگا عاری اور عاطل میں یہ فرق ہے کہ عاری وہ جو لباس سے ننگا ہو اور عاطل وہ جو زیور سے یا علم سے ننگا ہو یعنی اس میں کمالات کچھ نہ ہوں والمراد بہ الجاھل عن الشعر یقال عطل الرجل من المال او الادب وکذا القوس من الادب والفرس من الرسن ای خلا اور صفت کا صیغہ عاطل وعاطلۃ وعطل والجمع عاطلات وعواطل وعطل واعطال از سمع ۱۳ فتراسلا تراسل مصدر از تفاعل بمعنے جلدی کرنا اور بھیجنا ۱۴ تباریا تباری مصدر از تفاعل بمعنی ایک دوسرے سے آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا ۱۵ تجاولا تجاول مصدر از تفاعل بمعنی ایک دوسرے کے مقابلہ میں چکر لگانا ۱۶ حلبۃ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ والحلبۃ مجال الخیل للسباق والجمع حلبات وحلائب ۱۷ الاجازۃ ان یقول ھذا مصراعا او بیتا وذا مصراعا او بیتا یعنی تمام کردن مصرع دیگری یعنی شعر گفتن بر مصرعے کہ آن مصرع طرح گویند ۱۸ لیھلک ای لیکفر من کفر بعد الحجۃ فلا یبقی لہ حجۃ وعذر ویومن من آمن عن حجۃ وبصیرۃ والمراد ھھنا لیتضح المحق من المبطل ۱۹ بسبر کے سبر مصدر بمعنی آزمانا از نصر و ضرب یقال سبر الجرح او البئر او الماء جبکہ

وہ گہرائی کی آزمائش کرے وسبرالامر جبکہ وہ تجربہ اور آزمائش کرے ۱۱؎ مولع اسم مفعول کا صیغہ از باب افعال اور مجرد از فتح یفتح ولعاً ودلوعاً مصدر بمعنی حریص ہونا ۱۲؎ البلاغۃ یہ عام ہے اس میں معانی۔ بیان۔ بدیع سب داخل ہیں مگر یہاں بدیع اور بلاغت اور ہم جنس ہونا مراد ہے۔ ۱۳؎ التجنیس یہ باب تفعیل سے مصدر ہے والتجنیس ان یکون الفاظ متناسبۃ والمعانی متباینۃ ۱۴؎ الرئیس بمعنے سردار وچودھری والجمع رؤساء۔

فَانْظِمَا الْاٰنَ عَشَرَۃَ اَبْیَاتٍ تُلْحِمَانِهَا بِوَشْیِهٖ۔ وَتُرَصِّعَانِهَا بِحَلْیِهٖ۔ وَضَمِّنَاهَا شَرْحَ حَالِیْ مَعَ اِلْفٍ لِیْ بَدِیْعِ الصِّفَۃِ۔ اَلْمَی الشَّفَۃِ۔ مَلِیْحِ التَّثَنِّیْ۔ کَثِیْرِ التَّیْہِ وَالتَّجَنِّیْ مُغْرًی بِتَنَاسِی الْعَهْدِ۔ وَاِطَالَۃِ الصَّدِّ۔ وَاِخْلَافِ الْوَعْدِ۔ وَاَنَالَہٗ کَالْعَبْدِ۔ قَالَ فَبَرَزَ الشَّیْخُ مُجَلِّیًا۔ وَتَلَاہُ الْفَتٰی مُصَلِّیًا۔ وَتَجَارَیَا بَیْتًا فَبَیْتًا عَلٰی هٰذَا النَّسَقِ۔ اِلٰی اَنْ کَمُلَ نَظْمُ الْاَبْیَاتِ وَاتَّسَقَ۔ وَهِیَ ؎

وَاَحْوٰی حَوٰی رِقِّیْ بِرِقَّۃِ ثَغْرِهٖ　　وَغَادَرَنِیْ اَلْفَ السُّهَادِ بِغَدْرِهٖ

الترجمۃ والمطالب

لہٰذا تم دونوں فوراً دس شعر نظم کرو رنگ برنگ کے ساتھ (جس کی بناوٹ میں تجنیس ہو) اور جو تجنیس کے گہنے (زیور) سے سنورے دیکھے ہوئے ہوں اور ان اشعار میں میری حالت کا فوٹو ایسے محبوب کے ساتھ دکھلاؤ جس میں صفات نادرہ ہوں اور وہ محبوب گندم گوں ہونٹ والا اور وہ خوب صورت ناز سے چلنے والا ہو اور وہ بے انتہا مغرور ہو اور عاشقوں کے سر دہ گناہ کا دعوے کرنے والا ہو (یعنی وہ ڈھونڈھ کر الزام تھوپتا ہو) اور وہ وعدوں کو بھولنے کے ساتھ فریفتہ کیا گیا ہو اور وہ اعراض کو طویل کرنے والا ہو اور وہ وعدہ خلافی کا دل دادہ ہو اور میں اس کے سامنے غلام کی صورت بتایا جاؤں راوی کہتا ہے پس بوڑھا پہلے آگے بڑھا اور اس کے بعد جوان پیچھے آیا دوسرے نمبر پر اور دونوں ایک ایک شعر کرکے اس ترتیب پر ایک دوسرے سے سبقت کرنے لگے یہاں تک نظم مکمل اور مرتب ہوگئی۔ اور وہ اشعار یہ ہیں ؎

بہت سے گندمی لب معشوقوں نے میری غلامی کو اپنے کلام یا دانتوں کی چمک میں الجھا رکھا ہے اور اس نے اپنی بے وفائی سے مجھے جاگتا ہوا چھوڑ دیا۔

تشریح لغات

۱؎ تلحمانہا الحام مصدر افعال بمعنی بننا یقال الحم الثوب جبکہ وہ کپڑا بنے ۲؎ بوشیہ مصدر بمعنی کپڑے کا نقش ونگار اور منقش کپڑے والجمع وشاۃ وہو کنایۃ عن حسنہ ورقتہ ۳؎ ترصعانہا ترصیع مصدر از تفعیل بمعنی جڑنا یقال رصع الشیٔ جبکہ وہ اندازہ کرے اور بنے ورصع الطائر عشہ بالقضبان یعنی پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کرکے تیلیوں سے بنا ورصع الذہب بالجواہر جبکہ وہ سونے میں جواہر بٹھائے وہوالمراد ہہنا ۴؎ ضمنا صیغہ تثنیہ امر حاضر از تفعیل مصدر اس کا تضمین ہے بمعنے شامل کرنا ۵؎ الف

بکسر الالف بمعنی محبوب ومعشوق ودوست یعنی جس سے محبت ہو از سمع ٦ بدیع الصفۃ ای غریب الوصف ٧ المی یہ یائی ہے از ضرب وسمع بمعنے گندم گوں وسیاہ ہونٹ والا ٨ الشفۃ بمعنی ہونٹ والجمع شفاہ وشفہات واعلم ان الشفۃ للانسان والمشفر للبعیر والجحفلۃ للفرس والعظم للسبع والمقمۃ للثور والمرمۃ للشاۃ والفنطیسۃ للخنزیر والبرطیل للکلب ١٠ والمنسر للجارح والمنقار للطائر ٩ التثنی مصدر از تفعل بمعنی ناز سے چلتے وقت جھکنا وناز کے ساتھ چلنا ١٠ التیہ بمعنی تکبر وغرور وشیخی وگمراہی وچٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے تاہ یتیہ از ضرب بمعنی تکبر کرنا والجمع التیہ اتیاہٌ واتاویہٌ واتاوۃٌ ١١ التجنی مصدر از تفعل بمعنی گناہ کا دعویٰ کرنا ای ادعاء الجنایۃ علی عاشقہ وذلک ان المعشوق یحسب کل مایفعلہ عاشقہ ذنبًا وجنایۃً لتوصلہ بذلک الی ھجرہ ١٢ مغری اسم مفعول کا صیغہ از افعال اغراءٌ مصدر بمعنی ابھارنا وبرانگیختہ کرنا اور یہ غری یغری غراء سے ماخوذ ہے بمعنی فریفتہ ہونا ورغبت کرنا اور اس کا مجرد سمع سے آتا ہے بمعنی رغبت وخواہش کرنا ١٣ تناسی مصدر از تفاعل بمعنے تبکلف بھولنا ای اراد انہ بعد عاشقہ بالزیارۃ واللقاء فاذا ذکر بہا قال نسیت ١٤ الصد مصدر بمعنی اعراض کرنا از نصر یقال صدّ عنہ ای اعرض عنہ والصد وصدودٌ ایضا ١٥ مجلیا مجلی وہ گھوڑا جو میدان میں آگے رہنے والا ہو اور مصلے وہ گھوڑا جو گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہو اور مُسَلّی وہ گھوڑا جو گھوڑ دوڑ میں تیسرے نمبر پر ہو اور یہاں مجلے سے مراد سبقت کرنے والا ہے۔ ١٦ تجاریا تجاری مصدر از تفاعل بمعنی سبقت کرنا ای قال احدھما بیتا عقیب بیت صاحبہ فی الانشاد ١٧ بیتا بیتا اس کے دو مطلب ہیں اول تو یہ کہ ایک شعر یہ پڑھے اور دوسرا شعر دوسرا پڑھے یا ایک مصرعہ یہ پڑھے اور دوسرا مصرعہ دوسرا پڑھے ١٨ النسق ای علی ھذا التتابع والانتظام والنسق ماکان علی طریقۃ نظام واحد من کل شیئ ١٩ واحوی میں واؤ بمعنی رُبّ ہے اور احوی یہ حوۃ سے ماخوذ اور یہ ایک قسم کا رنگ ہے وھی سواد الی الخضرۃ او حمرۃ الی السواد فھو اَحْوٰی۔ احوی یہ صفت کا صیغہ ہے سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا از سمع اور اس کے گندمی رنگ یا گندمی ہونٹ کے بھی آتے ہیں ٢٠ حوی ای حاز واحرز یقال حوی الشیئ حوایۃً وحَیًّا ای جمع از ضرب ٢١ رقی یہ رقیق سے ماخوذ ہے بمعنی غلام وبندہ رق یہ مصدر ہے یقال رق العبد رقا جبکہ وہ غلام بنے یا غلام رہے از ضرب ٢٢ برقۃ میں باء الگ ہے اور رقۃ مصدر کے معنی پتلا ہونے کے ہیں از ضرب یقال رق رقۃ جبکہ وہ دُبلا پتلا ہو ٢٣ ثغر بمعنے اگلے دانت ومنہ وسرحد وپہاڑ یا وادی کی کشادگی والجمع ثغور ٢٤ غادر مغادرۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی چھوڑنا۔ ٢٥ السہاد اور سہد کے معنی بیداری اور بے خوابی کے آتے ہیں از سمع ٢٦ بغدرہ میں باسببیت کے لئے ہے اور غدر مصدر از نصر وضرب وسمع بمعنی بے وفائی اور عہد توڑنا۔

تَصَدِّيْ لِقَتْلِيْ بِالصُّدُوْدِ وَاِنَّنِيْ ۔۔۔ لَفِيْ اَسْرِهٖ مُذْ حَازَ قَلْبِيْ بِاَسْرِهٖ

اُصَدِّقُ مِنْهُ الزُّوْرَ خَوْفَ ازْوِرَارِهٖ ۔۔۔ وَاَرْضٰى اسْتِمَاعَ الْهُجْرِ خَشْيَةَ هَجْرِهٖ

وَاَسْتَعْذِبُ التَّعْذِيْبَ مِنْهُ وَكُلَّمَا ۔۔۔ اَجَدَّ عَذَابِيْ جَدَّ لِيْ حُبُّ بِرِّهٖ

تَنَاسٰى ذِمَامِيْ وَالتَّنَاسِيْ مَذَمَّةٌ ۔۔۔ وَاَحْفَظُ قَلْبِيْ وَهْوَ حَافِظُ سِرِّهٖ

وَاَعْجَبُ مَا فِيْهِ التَّبَاهِيْ بِعُجْبِهٖ ۔۔۔ وَاَكْبَرُهٗ عَنْ اَنْ اَفُوْهَ بِكِبْرِهٖ

لَهٗ مِنِّي الْمَدْحُ الَّذِي طَابَ نَشْرُهٗ ۔ وَلِي مِنْهُ طَيُّ الْوُدِّ مِنْ بَعْدِ نَشْرِهٖ

وَلَوْ كَانَ عَدْلًا مَا تَجَنّٰى وَقَدْ جَنٰى ۔ عَلَيَّ وَغَيْرِي يَجْتَنِي رَشْفَ ثَغْرِهٖ

وَلَوْلَا تَثَنِّيْهِ ثَنَيْتُ أَعِنَّتِي ۔ بِدَارًا إِلَى مَنْ أَجْتَلِي نُورَ بَدْرِهٖ

وَإِنِّي عَلٰى تَصْرِيفِ أَمْرِي وَأَمْرِهٖ ۔ أَرَى الْمُرَّ حُلْوًا فِي انْقِيَادِي لِأَمْرِهٖ

الترجمۃ والمطالب

پس وہ مجھ سے روگردانی (اعراض) کرکے میرے قتل کرنے کے درپے ہوا اور میں تو بے شک اس کی قید میں ہوں جب سے اس نے میرے دل کو گھیر لیا ہے اور میں اس کے اعراض کرجانے کے ڈر سے اس کے باطل کلام کی تصدیق کرتا ہوں اور اس کے چھوڑ جانے کے خوف سے اس کی بیہودہ بات پر خوش ہوتا ہوں اور میں اس کے عذاب دینے (یعنی اس کے جور وستم) کو شیریں سمجھتا ہوں، اور جس قدر وہ میرے عذاب دینے کو مہیا کرتا ہے اس کی بھلائی کی محبت میرے لئے نئی ہو جاتی ہے اور اس کے جو مجھ سے عہد وپیمان ہوئے تھے ان کو اس نے بتکلف بھلا دیا، اور بتکلف بھلانا یہ قابل ملامت ہے۔ اور اس نے میرے دل کو غصہ میں ڈال دیا حالانکہ یہی دل اس کا راز دار ہے۔ اور اس میں سب سے زیادہ قابل تعجب اپنی خود پسندی پر فخر کرنا ہے اور میں بڑا سمجھتا ہوں اس بات سے کہ اس کے غرور کے ساتھ میں بات کروں اور محبوب کے لئے میرے پاس ایسی تعریف کرنا ہے کہ اس کی اچھی خوشبو مہک اٹھے، اور میرے لئے اس کے پاس محبت کو پھیلانے کے بعد لپیٹ دینا ہے اگر وہ انصاف کرنے والا تھا تو وہ الٹا مجھے ملزم قرار نہ دیتا، اس حال میں کہ اس نے خود جنایت کر رکھی ہے اور میرے سوا (یعنی میرے رقیب و دشمن) اس کے دانتوں کے چومنے سے مزا اٹھاتے ہیں۔ اور اگر اس میں یہ ناز وانداز نہ ہوتے تو میں جلدی سے اس کی طرف سے توجہ ہٹا لیتا۔ اور کسی ماہ کامل (چہرہ معشوق) کی طرف میں دیکھتا، لیکن اپنی شان اور حال پھیرنے کے بعد بھی اس کے حکم ماننے میں مجھے کڑوی چیز بھی شیریں معلوم ہوتی ہے۔

تشریح لغات

[1] تصدی از تفعل تصدی مصدر بمعنی در پے ہونا یقال تصدّٰی لہ جبکہ وہ درپے ہو [2] بالصدود مصدر از نصر وضرب بمعنی اعراض کرنا یقال صَدَّ عنہ جبکہ وہ اعراض کرے [3] اسر مصدر یا اسم مصدر بمعنی قید یا قید کرنا از ضرب [4] حاز از نصر یہ وادی ہے یقال حاز الشئ حوزاً وحیازۃً جبکہ وہ اکٹھا کرے اور جمع کرے اور یہ یائی ضرب سے آتا ہے یقال حزت الابل جبکہ اونٹ کو ہنکا کر تھکائے اور یہ معنی یہاں زیادہ مناسب ہیں [5] باسرہ ای بتمامہ اسر یہ مصدر ہے یقال ہذا لک باسرہ یعنی یہ کل تمہارے لئے ہے [6] الزور بالضم بمعنی جھوٹ اور باطل اور اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا و بمعنی عقل وقوت [7] ازورار مصدر بمعنے انحراف یقال ازورّ عنہ جبکہ وہ انحراف اور اعراض کرے [8] الہجر بالضم بمعنی الفحش من الکلام و بالفتح بمعنے الصدود القطع [9] استعذب استعذاب مصدر از استفعال بمعنی شیریں سمجھنا اس میں س ت ظن کے لئے ہے [10] التعذیب مصدر از تفعیل بمعنی عذاب دینا [11] اجد ماضی کا صیغہ از افعال اجداد مصدر بمعنی نیا کرنا یقال اجد الشئ جبکہ نیا کرے [12] جد از ضرب یقال جدّ الثوب جبکہ کپڑا نیا ہو [13] تناسی ماضی کا صیغہ از تفاعل تناسی مصدر بمعنی بتکلف بھلا دینا [14] ذمامی بمعنی حق وعزت وحرمت والجمع ازمۃ [15] مذمۃ یہ مفعلۃ کے وزن پر ہے بمعنی مذموم [16] احفظ

لَهٗ: بمعنی محبوب · الْمَدْحُ: بین مدح و منح تجنیس لاحق · نَشْرُهٗ: ذکر، خوشبو · طَيُّ: بین نشر و طی تجنیس لاحق، لپیٹنا · نَشْرِهٖ: پھیلانا · عَدْلًا: مصدر بمعنی عادل · تَجَنّٰى: بین تجنی و جنی تجنیس مطرف · عَلَيَّ: حال · يَجْتَنِي: چننا · ثَغْرِهٖ: دانت · تَثَنِّيْهِ: الضمیر ذوالمال · أَعِنَّتِي: لگام · بِدَارًا: سبقت کرنا · بَدْرِهٖ: استعارہ · عَلٰى: بمعنی مع · أَمْرِي وَأَمْرِهٖ: بین امری و امرہ تجنیس کامل · أَرَى: ای اظن

ازافعال یقال احفظ جبکہ وہ غصہ دلائے [17] سر بمعنے راز و بھید والجمع اسرارٌ [18] اعجب یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنی زیادہ تعجب کرنا از سمع یقال عجب من الامر لہ جبکہ تعجب کرے وعجب الیہ جبکہ پسند کرے [19] التباہی مصدر از تفاعل ای التفاخر یقال بہا الرجل ای حسن وظرف فھو بھی وھی بھیۃٌ ویقال بہاہ ای غلبہ فی الحسن والمباھاۃ ای المفاخرۃ فی الحسن [20] بعجبہ بالضم بمعنی خود پسندی وغرور وخود بینی [21] اکبرہ متکلم کا صیغہ ازافعال اکبار مصدر بمعنی بڑا سمجھنا یقال اکبر الامر جبکہ وہ بڑا سمجھے [22] افوہ ای اتکلم اور یہ ماخوذ ہے فاہ بکذا ای نطق بہ وبمعناہ تفوہ از نصر والمصدر رفوہ [23] بکبرہ کبر بکسر الکاف وبضمہا بمعنے چیز کا بڑا حصہ وشرف در نعت [24] لزمتی الخ اعلم ان فی ھذا الشعر صنعتان احدھما الجمع والتفریق والاخری التجوید. الجمع ان یجمع بین متعدد اثنین او اکثر فی حکم کقولہ تعالیٰ المال والبنون زینۃ الحیوۃ الدنیا واما التجوید فھو ان ینزع عن امرذی صفۃ امراٰخر مثلہ فیھما مبالغۃٌ فی کمال الصفۃ فیہ فی ھذا الامر کقولک لی من فلان صدیق حمیم ای بلغ من الصداقۃ حداً صح معہ ان یستخلص منہ اٰخر مثلہ فیھا [25] طاب ای ذکا از ضرب یقال طاب یطیب طیبًا وطابًا وطیبۃ وتطیابًا جبکہ لذیذ ہو اور میٹھا ہو اور اچھا اور عمدہ ہو [26] نشر مصدر بمعنی عمدہ خوشبو یقال لہ نشرٌ طیبٌ یعنی اس کی خوشبو اچھی ہے [27] طی مصدر از ضرب بمعنے لپیٹنا [28] نشرہ میں مصدر مضاف فاعل کی طرف ہے ای نشرایاہ [29] تجنی از تفعل تجنی مصدر بمعنی جنایت کا دعوی کرنا یعنی ناکردہ گناہ کی نسبت کرنا [30] جنی از ضرب یقال جنی جنایۃً جبکہ وہ گناہ کرے [31] یجتنی اجتناء مصدر از افتعال بمعنی حاصل کرنا [32] رشف مصدر بمعنی چوسنا از ضرب ونصر وسمع والمصدر رشف ورشیف وترشاف ورشفانٌ یقال رشف الماء ونحوہ ای مصہ بشفتیہ ورشف الاناء ای شرب کل ما فیہ [33] تثنی مصدر از تفعل بمعنی ناز سے چلنا [34] تثنیت ای عطفت از ضرب یقال ثنی الشیٔ ثنیًا جبکہ وہ موڑے اور پیٹے اور بعض کو بعض پر تہ کرے [35] اعنتی یہ عنان کی جمع ہے بمعنے لگام [36] بدرہ سے مراد اس کا چہرہ ہے اور بدر کے معنی چودھویں رات کے چاند کے ہیں والجمع بدور [37] امر بمعنے شان وحال وکام [38] اری یہ افعال قلوب سے ہے بمعنے اظنُّ [39] المر بالضم بمعنے کڑوا تلخ اور ایک قسم کی یہ دوا ہے جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے [40] حلو میٹھا ولذیذ خوشگوار وخوبصورت [41] انقیاد مصدر از انفعال بمعنی اطاعت کرنا وحکم ماننا [42] لامرہ یہ حکم کے معنی میں ہے والجمع اوامر۔

قَالَ فَلَمَّا اَنْشَدَاهَا الْوَالِيَ مُتَرَاسِلَيْنِ. بُهِتَ لِذَكَائِهِمَا الْمُتَعَادِلَيْنِ. وَقَالَ اَشْهَدُ بِاللّٰهِ اِنَّكُمَا فَرْقَدَا سَمَاءٍ. وَكَزَنْدَيْنِ فِيْ وِعَاءٍ. وَاَنَّ هٰذَا الْحَدَثَ لَيُنْفِقُ مِمَّا اٰتَاهُ اللّٰهُ. وَيَسْتَغْنِيْ بِوُجْدِهٖ عَمَّنْ سِوَاهُ. فَتُبْ اَيُّهَا الشَّيْخُ مِنْ اِتِّهَامِهٖ. وَثُبْ اِلٰى اِكْرَامِهٖ. فَقَالَ الشَّيْخُ هَيْهَاتَ اَنْ تُرَاجِعَهٗ مِقَتِيْ. اَوْ تَعْلَقَ بِهٖ ثِقَتِيْ. وَقَدْ بَلَوْتُ كُفْرَانَهٗ لِلصَّنِيْعِ. وَمُنِيْتُ مِنْهُ بِالْعُقُوْقِ الشَّنِيْعِ. فَاعْتَرَضَهُ الْفَتٰى وَقَالَ يَا هٰذَا اِنَّ اللَّجَاجَ شُؤْمٌ. وَالْحَنَقَ لُؤْمٌ. وَتَحْقِيْقَ الظِّنَّةِ اِثْمٌ. وَاِعْنَاتَ الْبَرِيِّ ظُلْمٌ. وَهَبْنِيْ اقْتَرَفْتُ جَرِيْرَةً. اَوِ اجْتَرَحْتُ كَبِيْرَةً. اَمَا تَذْكُرُ مَا اَنْشَدْتَنِيْ لِنَفْسِكَ فِيْ اِبَّانِ اُنْسِكَ.

الترجمۃ والمطالب

راوی کہتا ہے جب اُن دونوں نے اشعار یکے بعد دیگرے (آگے پیچھے) حاکم کے سامنے پڑھے (یا حاکم کو سنائے) تو حاکم ان دونوں کی تیزی ذہن سے متحیر ہوگیا (اچھنبے میں پڑگیا) اور کہنے لگا خُدا گواہ بناتا ہوں یا قسم دیتا ہوں کہ تحقیق تم دونوں آسمان کے چمکتے ہوئے ستارے ہو، اور ایک برتن میں دو چقماق ہو، اور یقیناً یہ لڑکا نوجوان اُن چیزوں میں سے البتہ خرچ کرتا ہے (یعنی انعامات الٰہی میں سے) جو اللہ تعالیٰ نے اس کو دیا ہے اور اپنے غنا (مالداری) کی وجہ سے وہ ماسوا سے بے پرواہ ہے لہٰذا اے بوڑھے اس کے ذمے الزام اور تہمت لگانے سے توبہ کر اور جلدی تو لوٹ اس کے اکرام کے لئے بوڑھا کہنے لگا یہ بات بعید (ناممکن) ہے کہ اس سے دوبارہ مجھے محبت ہو یا اس پر میرا بھروسہ متعلق ہو کیوں کہ احسان کے بدلے میں اس کی ناشکری کا میں تجربہ کرچکا ہوں اور میں اس کی بڑی نافرمانیاں برداشت کرچکا ہوں پس جوان آگے بڑھا اور کہنے لگا اے فلانے جھگڑا کرنا یہ بدبختی اور نحوست ہے اور غصہ کرنا یہ کمینہ پن (دناءت) ہے اور تہمت کو سچا سمجھنا یہ گناہ ہے اور بے گناہ کو مصیبت میں ڈالنا ظلم ہے اور یہ بات آپ میری مان لیں کہ میں نے معمولی گناہ کیا ہے یا بہت بڑا گناہ لیکن آپ کو وہ وقت یا زمانہ یاد ہوگا کہ جب آپ کی میرے ساتھ شروع محبت تھی اُس وقت آپ نے یہ اشعار سنائے تھے جو آپ کے تھے۔

تشریح لغات

[1] متراسلین اسم فاعل کا صیغہ تراسل مصدر از تفاعل بمعنے آگے پیچھے یقال تراسل القوم جبکہ وہ آپس میں خط وکتابت کریں [2] بُھِتَ از سمع وکرم یقال بھت بھتاً جبکہ وہ ہکا بکا رہ جائے اور متحیر ہوکر خاموش ہو، اور یہ مجہول زیادہ تر مستعمل اور مشہور ہے [3] متعادلین اسم فاعل کا صیغہ تعادل مصدر بمعنی برابر ہونا یعنی دو حالتوں میں توسط اختیار کرنا [4] فرقدا یہ فرقد کا تثنیہ ہے اس میں نون اضافت کی وجہ سے گر گیا ہے فرقد یہ قطب شمالی کے قریب ایک روشن ستارے کا نام ہے اور اسی کے پہلو میں ایک دوسرا ستارہ ہوتا ہے جو اس سے کم روشن ہوتا ہے اور یہ دونوں ستارے فرقدان کہلاتے ہیں [5] کزندین یہ زند کا تثنیہ ہے زند بمعنی چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو الزندۃ اور دونوں کو الزندان کہتے ہیں والجمع زناد و أزند و أزنادٌ اور کزندین فی دعا یہ مثال غایت مساواۃ میں اہل عرب استعمال کرتے ہیں [6] الحدث بمعنی نوجوان بالغ والجمع احداث وحدثان [7] آتاہ یہ ایتان سے ماخوذ ہے بمعنے آنا اور یہاں اس سے مراد دینا ہے یقال اتی فلان الشئ جبکہ وہ دے وآتی الیہ الشئ جبکہ وہ بھیجے وآتی المال جبکہ وہ بدلہ دے [8] بوجدہ بالضم بمعنے مالداری وتوانگری والمراد ماعندہ من العلم [9] تب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از نصر یقال تاب الی اللہ توباً وتوبۃ وتابۃ ومتاباً وتتوبۃ جبکہ وہ گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوا اور نادم وپشیمان ہو وتاب اللہ علیہ جبکہ وہ بخش دے اور دوبارہ مہربان ہو [10] اتہام مصدر از افتعال بمعنی تہمت لگانا یقال اتہم بکذا جبکہ وہ تہمت لگائے اور بدگمانی کرے [11] ثُب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے ثوب مصدر از نصر بمعنی لوٹنا ای ارجع [12] ہیہات یہ اسم فعل ہے بمعنی بعد بعداً اور اساس المحکمات نے یہ کہا ہے کہ یہ بری چیز کے لئے مستعمل ہے وفی التنزیل ہیہات ہیہات لما توعدون [13] مقتی مقۃ مصدر علے وزن عدۃ وہکذا ثقۃ از ضرب بمعنی محبت یقال ومق مقۃ جبکہ وہ محبت کرے [14] تفتی ثقۃ یہ بھی مصدر ہے از ضرب بمعنے بھروسہ واعتماد [15] بلوت از بلا یبلو بمعنی آزمانا از نصر [16] کفرانہ کفران اور کفر دونوں کے معنی لغوی اعتبار سے ایک ہیں باقی اس میں فرق یہ ہے کہ کفر تو اسلام کے مقابلہ میں ہوتا ہے اور کفران یہ منعم کی نعمت کو چھپا دینا ہے [17] للصنیع مصدر بمعنی احسان کرنا وصیقل شدہ تلوار وبنایا ہوا وصاف ستھرا کپڑا وسدھا ہوا گھوڑ دکھانا [18] بالعقوق مصدر بمعنی نافرمانی کرنا از نصر یقال عق الولد والدہ جبکہ وہ والد کی نافرمانی کرے، اور والد شفقت نہ کرے اور یہ عقوق عام ہے خواہ چھوٹا بڑے کی یا بڑا چھوٹے کی نافرمانی کرے [19] الشنیع مصدر بمعنی قبیح سمجھنا از فتح

کیا جائے تو اکفف کے معنے سمجھ لئے جائیں گے یعنی تم اپنے مخاطب پر رکنے کو لازم اور ضروری قرار دیتے ہو۔

(وَاَمَّا الْوَصْفُ الَّذِيْ اِذَا اُرْدِفَ بِالنُّوْنِ نَقَصَ

(اور وہ وصف جس کے آخر میں اگر نون لگا دیا

صَاحِبُهٗ فِي الْعُيُوْنِ وَقُوِّمَ بِالدُّوْنِ وَخَرَجَ مِنَ الـزَّبُوْنِ وَتَعَرَّضَ لِلْهُوْنِ ؕ)

جائے تو اس کا صاحب آنکھوں سے گر جائے۔ اور قیمت کے اعتبار سے وہ کم ہو جائے اور وہ احمقوں کی جنس سے ہو جائے اور وہ ذلت سے پیش آئے)

فَهُوَ ضَيْفٌ إِذَا لَحِقَتْهُ النُّوْنُ اِسْتَحَالَ اِلٰى ضَيْفَنٍ وَهُوَ الَّذِيْ يَتْبَعُ الضَّيْفَ وَيَتَنَزَّلُ فِي النَّقْدِ مَنْزِلَةَ الزَّيْفِ۔

پس وہ ضیف ہے جب تم نون اس میں ملاؤ تو یہ ضیف سے پلٹ کر ضیفن ہو جائے گا اور ضیفن وہ ہے جو مہمان کے پیچھے پیچھے بغیر بلائے جانے (یعنی طفیلی) اور وہ نقد میں کھوٹے کے مرتبے میں اترے یعنی کھرے مہمان کے ساتھ وہ کھوٹے کا مرتبہ اختیار کرتا ہے یا وہ حقیر سمجھا جاتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔

اَلْمَقَامَةُ الْخَامِسَةُ وَالْعِشْرُوْنَ الْكَرَجِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ شَتَوْتُ[1] بِالْكَرَجِ[2] لِدَيْنٍ اَقْتَضِيْهِ۔ وَاَرَبٍ[3] اَقْضِيْهِ۔ فَبَلَوْتُ[4] مِنْ شِتَائِهَا الْكَالِحَ۔ وَصِرِّهَا النَّافِحَ۔ مَا عَرَّفَنِيْ جَهْدَ الْبَلَاءِ۔ وَعَكَفَ بِيْ عَلَى الْاِصْطِلَاءِ۔ فَلَمْ اَكُنْ اُزَايِلُ وَجَارِيْ۔ وَلَا مُسْتَوْقَدَ نَارِيْ۔ اِلَّا لِضَرُوْرَةٍ اُدَافِعُ اِلَيْهَا۔ اَوْ اِقَامَةِ جَمَاعَةٍ اُحَافِظُ عَلَيْهَا۔ فَاضْطُرِرْتُ فِيْ يَوْمٍ جَوُّهٗ مُزْمَهِرٌّ۔ وَدَجْنُهٗ مُكْفَهِرٌّ۔ اِلٰى اَنْ بَرَزْتُ مِنْ كِنَانِيْ لِمُهِمٍّ عَنَانِيْ۔ فَاِذَا شَيْخٌ عَارِي الْجِلْدَةِ۔ بَادِي الْجُرْدَةِ۔

التّرجمۃ والمطالب

(یہ پچیسویں مجلس جو کرجیہ کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا قرض کے وصول کرنے کے لئے اور دیگر ضروریات کی وجہ سے مجھے شہر کرج میں جاڑے گذارنے پڑے مجھے وہاں کے سخت جاڑوں اور اس کی سردی کی ٹھنڈی ہواؤں کے اچھی خاصی مصیبت میں مبتلا کر رکھا تھا اور مجھے آگ تاپنے کی طرف مائل کر دیا تھا اور میں سوائے ضروریات کی مجبوری اور با جماعت ادائیگی نماز کے جس پر میں پابند تھا اپنے گھر اور آگ روشن ہونے کی جگہ سے بالکل جدا نہیں ہوتا تھا ایک دن جبکہ ہوائیں نہایت ٹھنڈک تھی اور کالے کالے بادل تہ بتہ تھے مجھے کسی ضروری کام کے لئے اپنے گھر سے نکلنا پڑا پس میں کیا دیکھتا ہوں اچانک ایک شیخ ننگا جو کپڑے پہنے ہوئے نہ تھا۔ اور وہ بالکل ہی ننگا تھا۔

تشریح لغات

[1] شتوت ای اقمت فی الشتاء یقال شتا بالبلد شتوا ای اقام به شتاءً از نصر و فی التنزیل رحلة الشتاء والصیف [2] بالکرج یہ مشہور شہر ہے اور یہ شہر سخت سردی میں مشہور ہے وہی بین اصبہان وہمدان اور بالکرج میں با فی کے معنی میں ہے [3] ارب بمعنی حاجت والارب فرط الحاجة المقتضی للاحتیال فی دفعه ثم یستعمل تارة فی الحاجة المفردة وتارة فی الاحتیال وان لم یکن حاجة یقال قد ارب الی کذا اربا ای احتاج الی حاجة

شدیدۃ از سمع و فی التنزیل ولی فیہا مآرب اخریٰ والی الاربۃ من الرجال ٤ نبلوت ای جربت وقاسیت از نصر ٥
من شتائہا الخ یہ مصدر ہے ای الشتاء الشدید والجمع اشتیۃ و شتی یقال شتاءٌ کالح ای شدید ضیق اور یہ شتاء وادی ہے
از نصر ککالح وجہہ کلوحًا وکلاحًا ای عبس فہو کالح از فتح وفی التنزیل تلفح وجوھہم النار وھم فیہا کالحون ٦ صرھا
بالکسر بمعنی سخت سردی وفی التنزیل کمثل ریح فیہا صرٌّ یعنی سخت ٹھنڈی ہوا۔ اور تیز آواز والی ہوا ٧ النافح المتحرک بالریح الباردۃ اور
یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از فتح یقال نفح الطیب نفحًا ای انتشرت رائحتہ ٨ ماعرفنی اس میں ما موصولہ ہے اور یہ بلوت کا مفعول ہے اور
عرف از تفعیل تعریف مصدر بمعنی دینا یقال عَرّفَت لام جبکہ وہ واقف کرا دے ٩ جہد البلاء یعنی بلاء کی مشقت یقال بلغ جہدہ ای
اقصیٰ قوتہ ١٠ عکف ای الزمنی التسخن بالنار عکوف مصدر از نصر یقال عکفتہ علی کذا ای حبسۃ علی ذلک والعکوف الاقبال
علی الشیٔ وملازمتہ علی سبیل التعظیم لہ ومنہ الاعتکاف وھو الاحتباس فی المسجد علی سبیل القربۃ وفی التنزیل سواء
العاکف فیہ والباد۔ فنظل لہا عاکفین ویعکفون علی اصنام لہم ١١ الاصطلاء مصدر از افتعال بمعنی تاپنا ١٢ وجاری ای بیتی
والرجاء بکسر الواو وفتحہا فی الاصل جحر الضبع وغیرہا والجمع اوجرۃ ١٣ مستوقد استیقاد مصدر از استفعال بمعنی آگ بھڑکانا
و مشتعل کرنا اور یہ اسم ظرف ہے بمعنی آگ بھڑکانے کی جگہ ١٤ اقامۃ جماعۃ سے مراد نماز کی ادائیگی جماعت کے ساتھ ١٥ جوہ بمعنی ہوا الجو
ما بین السماء والارض یعنی آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ والجمع جواء واجواءٌ ١٦ مزمہر بمعنی ٹھنڈی یہ اسم فاعل کا صیغہ اس کا مصدر ازمہرار ہے
افعلال سے یقال ازمہر الیوم ای اشتد بردہ وازمہر الوجہ ای کلح ومنہ الزمہریر ای البرد وقیل شدۃ البرد وفی التنزیل لا یرون
فیہا شمسا ولا زمہریرا ١٧ دوجنہ بمعنی بادل وابر سیاہ گھرا ہوا والدجن الغیم المطبق المظلم والجمع دجنٌ ودجان ودجون
وادجانٌ ١٨ مکفہر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اکفہرار مصدر از افعلال بمعنی بادل جو سیاہ اور تہ بتہ ہو یقال اکفہر السحاب ای تراکب
بعضہ علی بعض واسود ١٩ کنانی ای بیتی الکن والکنان چیز کی پوشیدگی اور حفاظت اور کنان کی جمع اکنۃ آتی ہے ٢٠ ملہم یہ اسم
فاعل کا صیغہ بمعنی شدید معاملہ اور مشغول کرنے والا معاملہ والجمع مہامّ ٢١ عنّی فی ای عرض لی یقال عنی الامر لفلان عنیا ای حدث
ونزل بہ از ضرب ٢٢ عاری الجلدۃ اس میں اضافت لفظیہ ہے ای عار جلدہ اور جلد کے معنی کھال کے ہیں اور یہاں اس سے خالی۔
بدن مراد ہے یقال رجل حاف من النعل والخف وعریان من الثیاب وحاسر من العمامۃ واعزل من السلاح واکشف
من الترس واميل من السیف واجم من الرمح واکثب من القوس ھذا التقسیم الخلو من اللباس والسلاح فقہ اللغۃ
٢٣ بادی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بدا بدوًّا وبداءً وبدوًا وبداءۃ سے جو نصر سے آتا ہے بمعنی ظاہر ہونا ٢٤ الجردۃ بالضم بمعنی برہنگی
(یعنی ننگا ہونا) اور بالفتح کے معنی پرانے بوسیدہ کپڑے کے آتے ہیں اور سمع سے یہ آتا ہے یقال جرد جردا جبکہ وہ ننگا ہو۔

وَقَدِ اعْتَمَّ بِرَيْطَةٍ. وَاسْتَثْفَرَ بِفُوَيْطَةٍ. وَحَوَالَيْهِ جَمْعٌ كَثِيفُ الْحَوَاشِيْ. وَهُوَ يُنْشِدُ وَلَا يُحَاشِيْ ؎

يَا قَوْمِ لَا يُنْبِئُكُمْ عَنْ فَقْرِيْ   أَصْدَقُ مِنْ عُرْيِيْ أَوَانَ الْقُرِّ   فَاعْتَبِرُوْا بِمَا بَدَا مِنْ ضُرِّيْ

بَاطِنَ حَالِيْ وَخَفِيَّ أَمْرِيْ   وَحَاذِرُوْا انْقِلَابَ سِلْمِ الدَّهْرِ   فَإِنَّنِيْ كُنْتُ نَبِيْهَ الْقَدْرِ

آوِيْ إِلٰى وَفْرٍ وَحَدٍّ يَفْرِيْ   تُفِيْدُ صُفْرِيْ وَتُبِيْدُ سُمْرِيْ   وَتَشْتَكِيْ كُوْمِيْ نَدَاةَ أَقْرِيْ

فَجَرَّدَ الدَّهْرُ سُيُوْفَ الْغَدْرِ

الترجمۃ والمطالب

اور وہ سر پر باریک اوڑھنی کا عمامہ باندھے ہوئے اور میلا کچیلا ریا پھٹے پرانے) چھوٹے سے کپڑے کا لنگوٹ کسے ہوئے تھا۔ اور اس کے آس پاس زیادہ جماعت خدام کی تھی (یا لوگ اس جھگیٹے کے کنارہ پر زیادہ موجود تھے) اور وہ نہایت بے باکی سے یہ اشعار پڑھ رہا تھا سے اے میری قوم (اے لوگو!) میری محتاجی پر تمہیں خبردار کرنے والی کوئی چیز اس سے زیادہ بھی نہیں کہ میں جاڑے میں ننگا ہوں۔ اور تم میری ظاہری تکلیف (میری بدحالی) سے میری اندرونی حالت اور پوشیدہ حالت کا اندازہ کر سکتے ہو اور صلح زمانہ کے پلٹنے سے ڈرو، پس تحقیق کہ میں بھی کبھی بلند مرتبہ والا تھا، اور میں مال کثیر کی طرف مائل تھا، اور تیز ہتھیار تھے۔ اور میرے دینار کارآمد تھے اور میرے نیزے ہلاک کرنے والے تھے، اور جہانی کی صبح کو میری بڑی کوہان والی بڑھیا اونٹنیاں شکایت کیا کرتی تھیں، لیکن بہت جلد زمانہ نے بے وفائی کی تلوار کو ننگا کر دیا۔

تشریح لغات

لہ اعتم از انفعال اعتمام مصدر بمعنی عمامہ باندھنا ۲ہ ریطۃ ثوب رقیق شبیہ الملحفۃ والجمع ریط و ریاط اور صاحب اساس الحکمات نے یہ معنے بیان کئے کہ وہ چادر یا اوڑھنی جس کی قیمت کم ہو ۳ہ استثفر۔ استثفار مصدر از استفعال بمعنے لنگوٹہ باندھنا یقال استثفر بالثوب اذا لواہ علی فخذیہ ثم اخرجہ من بینھما فشدّہٗ ویقال استثفر الکلب بذنبہ ای جعلہ بین فخذیہ واستثفر المصارع بثوبہ ای شنی طرفہ فاخرجہ من بین فخذیہ وغرزہ فی حجزتہ والثفر والثفر السیر الذی فی مؤخر السرج والجمع اثفارٌ ۴ہ و الفویطۃ تصغیر الفوطۃ وھی ما یا تزر بہ الخدم والجمع فوط وعند العامۃ ھی قطعۃ تنشف بھا الایدی وتسمّٰی ایضاً المنشفۃ والفعل فوّط من التفعیل ای البسہ فوطا ۵ہ حوالیہ حولُ اور حولی اور حَوَالُ اور حوالی ان سب کے معنی آس پاس کے آتے ہیں یقال تعد حولہٗ وحولیہ وحوالہٗ وحوالیہ جبکہ وہ آس پاس بیٹھیں ۶ہ کثیف از کرم یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنے بہت ہونا موٹا ہونا و گنجان ہونا ۷ہ الحواشی یہ حاشیۃ کی جمع ہے بمعنے خدام اور اس کے معنے کنارہ کے بھی آتے ہیں اور محشی نے کہا ہے اس سے مراد خادم ہے وقال استاذی مدظلہ اگر کنارہ کے معنے لئے جائیں تو بہت ہی مناسب ہیں اس لئے کہ مجمع کے کنارے پر اژدحام ہوا کرتا ہے ۸ہ لایحاشی از مفاعلہ حاشی یحاشی بمعنی ڈرنا و خوف کرنا ۹ہ یا قوم یہ اصل میں یا قومی تھا ۱۰ہ فقری مصدر بمعنی مفلسی وغم والجمع فقورٌ و مفاقرُ ۱۱ہ اصدق اس کی صفت محذوف ہے ای شئی اصدق یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے از نصر بمعنے زیادہ سچا ہے ۱۲ہ عری مصدر از سمع یقال عری یعری عریۃ وعریا من ثیابہ۔ جبکہ وہ ننگا ہو ۱۳ہ آوان یہ آونۃ کی جمع ہے بمعنے وقت ۱۴ہ القر بالضم بمعنے سردی و ٹھنڈک برد اور قر میں فرق ہے برد تو عام ہے اور قر وہ سردی جو جاڑے میں ہو یقال قرّ الیوم قرّا ای برد از نصر و ضرب و سمع ۱۵ہ فاعتبر واعتبار مصدر از انفعال بمعنی عبرت پکڑنا ۱۶ہ ضری بالضم بمعنے بدحالی یا نقصان اور ضر بالفتح دونوں معنی میں مستعمل ہے ۱۷ہ خفی ای امر الخفی خفی بمعنے لوگوں سے علیحدہ و مخفی جگہ میں رہنے والا ۱۸ہ حاذروا محاذرۃ مصدر از مفاعلہ بمعنے ڈرنا و مجردہ از سمع ۱۹ہ سِلم بالکسر بمعنے صلح کرنے والا یقال انا سلم لمن سالمنی وحربٌ لمن حاربنی یعنی میں صلح کرنے والوں کے لئے صلح جو اور لڑانے والوں کے لئے لڑاکا ہوں و بمعنی سلامتی ۲۰ہ الدہر بمعنی زمانہ طویل ولمبی مدت و انسان کے زندگی گذارنے کا زمانہ اور دہر عصر کا مرادف ہے و مصیبت و غایت و عادت والجمع ادہر و دہور ۲۱ہ نبیہ القدر میں اضافت لفظیہ ہے ای نبیہ قدری۔ نبیہ یہ صفت کا صیغہ ہے از نصر و سمع و کرم بمعنے شریف اور مشہور ہونا القدر بمعنی مرتبہ و طاقت و قوت و عزت و توانگری و کندھے کا سرا والجمع اقدارٌ ۲۲ہ آدی یہ ادی یادی سے ماخوذ ہے بمعنی لوٹنا و مائل ہونا فی التنزیل اذادی الفتیۃ الی

الکھف وساوی الی جبل یعصمنی من الماء ازضرب ٢٣ے وفر مصدر بمعنی بہت مال و توانگری اور یہ مال ومتاع ہی کیلئے نہیں بلکہ ہر چیز کے لئے عام ہے والجمع وفورٌ یقال وفوت کذا وفراً ای تممتہ وکملتہ ازضرب وفی التنزیل فان جھنم جزاؤکم جزاء موفورا ٢٤ے حد بمعنی تلوار کی دھار اور دو چیزوں کے درمیان کی روک والجمع حدود ٢٥ے یفری ازضرب فری مصدر بمعنی کاٹنا یقال فری الشئ جبکہ وہ چیز کو کاٹے اور پھاڑے ٢٦ے صفری یہ اصفر کی جمع ہے بمعنی سونا وزرد رنگ والا اور اس سے مراد دینار ہے اور مؤنث اس کا صفراء ہے ٢٧ے تبید وازافعال اور یہ مشتق ہے یا د سے بمعنے ہلک یقال بادت الشمس ای ھلکت ازضرب والمصدر بید ووبیاد وبیدودۃ وبیوۃ ٢٨ے سمری یہ اسمر کی جمع ہے بمعنی نیزہ ٢٩ے تشتکی اشتکاء مصدر ازانتعال بمعنی آپس میں شکایت کرنا ٣٠ے کومی القطعۃ من الابل اونٹوں کا گلہ ورلوڑ والجمع اکوامٌ وقیل الکوم جمع کوماء وھی الناقۃ العظیمۃ (بڑے کوہان والی اونٹنی) والاکوم مذکرھا وایضا الاکوم المرتفع وایضا الکوم الموضع المشوف ٣١ے اقری متکلم کا صیغہ ازضرب یقال قری الضیف قراءً جبکہ وہ مہمان کی میزبانی کرے ٣٢ے تجرد تجرید مصدر بمعنی ننگا کرنا وچھیلنا یقال جرّ والعود جبکہ وہ چھیلے وجرّ والجلد جبکہ وہ کھال اتارے وجرّد والسیف جب کہ وہ تلوار ننگی کرے۔

وَشَنَّ غَارَاتِ الرَّزَايَا الْغُبْرِ　　وَلَمْ يَزَلْ يَسْحَتُنِيْ وَيَبْرِيْ　　حَتّٰى عَفَتْ دَارِيْ وَغَاضَ دَرِّيْ

وَبَارَ سِعْرِيْ فِي الْوَرٰى وَشِعْرِيْ　　وَصِرْتُ نِضْوَ فَاقَةٍ وَعُسْرِ　　عَارِيْ الْمَطَا مُجَرَّدًا مِنْ قِشْرِيْ

كَأَنَّنِي الْمِغْزَلُ فِي التَّعَرِّيْ　　لَا دِفْءَ لِيْ فِي الصِّنِّ وَالصِّنَّبْرِ　　غَيْرُ التَّضَحِّيْ وَاصْطِلَاءِ الْجَمْرِ

فَهَلْ خِضَمٌّ ذُوْ رِدَاءٍ غَمْرِ　　يَسْتُرُنِيْ بِمُطْرَفٍ أَوْ طِمْرٍ　　طِلَابَ وَجْهِ اللّٰهِ لَا لِشُكْرِيْ

الترجمۃ والمطالب

اور مصائب گرد آلودہ کی چاروں طرف سے عام بوچھار کر دی اور مجھے وہ بیخ وبن (جڑ) سے اکھیڑنے کی ہمیشہ کوشش کیا کرتا تھا۔ اور وہ ہمیشہ مجھے کاٹتا اور چھیلتا رہا۔ یہاں تک کہ اس نے میرے گھر کو میٹ دیا اور میری اونٹنیوں کے دودھ کو خشک کر دیا (یعنی میرے مال کو برباد کر دیا) اور شوق میں میرا اور میرے شعروں کا بھاؤ گھٹ گیا (یعنی اب کوئی نہ میری قدر کرتا ہے اور نہ میرے اشعاروں کی) اور میں فاقہ اور تنگدستی کی وجہ سے دبلا ننگی پیٹھ والا اور اپنے لباس سے ننگا ہو گیا گویا میں ننگے ہونے کی وجہ سے تکلا معلوم ہوتا ہوں اور اتنی سخت سردی کے دنوں میں نہ میرے لئے کوئی گرم کپڑا ہے یا تو میں دھوپ میں بیٹھا رہوں یا آگ سے میں تاپتا رہتا ہوں، پس کیا کوئی سخی وسیع چادر والا ہے جو مجھے عمدہ چادر یا پرانی چادر (یا کپڑے) سے محض اللہ کی خوشنودی کے لئے جو نہ میرے شکریہ کا وہ خواستگار ہو ڈھانپ دے (یا ڈھک دے)

تشریح لغات

لہ شن یہ فعل ماضی کا صیغہ ہے شنٌّ مصدر بمعنی چاروں طرف سے لوٹ مار کرنا یقال شن الغار علیھم شنًّا ای وجھھا علیھم من کل جانب وجھۃ ازنصر ٢ے غارات یہ غارۃ کی جمع ہے۔ اور غارۃ مصدر ہے بمعنے لوٹ ٣ے ارزایا یہ رزیۃٌ کی جمع ہے بمعنی بہت بڑی مصیبت ٤ے الغبر بمعنی سخت غبار آلودہ اور یہ غبراء کا جمع ہے یقال واہیۃ غبراء جبکہ سخت مصیبت اور ہولناک ہوا ما من قولھم غبر الشئ ای وقع فی الغبار کانھا تغرُّ الانسان او من الغبر ای البقیۃ واللہ اعلم ٥ے یسحتنی ای یستاصلنی یقال سحتہ سحتًا واسحتہ ای اھلکہ

واستاصه از فتح وضرب وفی القرآن المجید فیسحتکم بعذاب وقرئ فیسحتکم بعذاب. ومنه السحت المحظور الذی یلزم صاحبه العار کانه یسحت دینه ومروأته وفی القرآن اکالون للسحت ای لما یسحت دینهم وقال علیه السلام کل لحم نبت من سحت فالنار اولیٰ به ۷؎ یبری ای یقطع از ضرب یقال بری السهم او القلم جبکہ وہ تیر یا قلم تراشے ۸؎ عفت ای درست یقال عفت الریح الاثر جبکہ مٹادے از ضرب ۹؎ غاض ای نقص وذهب وجف یقال غاض الشئی وغاضه غیرہ ای نقص ونقصه غیرہ یتعدی ویلزم از ضرب وفی القرآن وغیض الماء وما تغیض الارحام وما تزداد از ضرب والمصدر غیض ومغاص پانی کا خشک ہونا و کم ہونا و پانی کا نیچے اترنا ۱۰؎ درّ بفتح الدال المهملة مصدر بمعنی دودھ و دودھ کی زیادتی وخون وبھلائی و بالضم بمعنے بڑا موتی ۱۱؎ بار ای کسد وضاع از نصر یقال بار الشئی بورًا وبوارًا ای ہلک والبوار فرط الکساد ولما کان فرط الکساد یؤدی الی الفساد عبر بالهلاک وفی القرآن المجید تجارة لن تبور ومکرا ولئک ہو یبور واحلوا قومهم دار البوار ورجل بائرٌ ای ہالک والجمع بورٌ وفی القرآن حتی نسوا الذکر وکانوا قوما بورا ۱۲؎ سعری بالکسر بمعنی نرخ دبھاؤ والجمع اسعار والسعر فی السوق تشبیها باستعار النار ۱۳؎ نضو فاقة ای صرت مهزولًا من الفاقة وشدة الامر والنضو المهزول من الحیوان والجمع انضاءٌ ۱۴؎ عسر مصدر بمعنی تنگدستی وسختی اور یہ یسر کی ضد ہے از سمع ۱۵؎ المطا بمعنے پیٹھ والجمع امطاءٌ ۱۶؎ قشر بالکسر بمعنے چھلکا ولباس والجمع قشورٌ ۱۷؎ المغزل بفتح المیم وکسرہا وضمها بمعنے تکلا والجمع مغازل وہو مثل یضرب لمن کان فی شدة الفقر والتعری یقال فلان اعریٰ من المغزل وانما ضرب به المثل لان الغازلة تنزع منه ما تلبسه من الغزال ۱۸؎ التعری یہ تفعل سے مصدر ہے بمعنی ننگا ہونا یقال عری من ثوبه یعری فهو عارٍ وعریانٌ از سمع وفی القرآن المجید ان لک ان لا تجوع فیها ولا تعریٰ ۱۹؎ وقت دفٌّ کے معنی گرمائی وسخت گرمی والجمع ادفاءٌ اور یہاں اس سے مراد گرم کپڑے ہیں ۲۰؎ العمن والصبر هما من ایام العجوز تاتی فی عجز اولها الصّن ثم الصنبر ثم الوبر ثم الامر المرتمر ثم المطلل ثم مطفئ الجمر او مکفی الظعن اور ایام عجوز سات دن کہلاتے ہیں جن میں سخت جاڑا پڑا ہے ۴ دن تو آخر فروری کے اور تین دن شروع مارچ کے ان دنوں کے نام یہ ہیں جو اوپر بتائے گئے ہیں ان ایام میں عرب میں اتنی سخت سردی پڑتی تھی کہ ان کے جانور تک ہلاک ہوجاتے تھے اور عام لوگ ان ایام کو مستقرضات کہتے ہیں ۲۱؎ التضحی مصدر از تفعل بمعنی آفتاب میں بیٹھنا ۲۲؎ اصطلاء الجمر بمعنی آگ سے تاپنا وفی القرآن لعلکم تصطلون اصطلاء مصدر از افتعال بمعنے تاپنا۔ الجمر یہ جمرةٌ کی جمع ہے بمعنی دهکتا ہوا انگارہ ۲۳؎ خضم وہو الجواد المعطی الکریم وہو فی الاصل البحر المعظم وشبه به لکثرة جودہ. والعیلق الکریم والجواد الواسع الخلق وکثیر العطیة واسیدغ والحعباء نحوہ والاریحی الذی یرتاح للندی والخضرم الکثیر العطیة واللهوم الواسع الصدر والانق الذی بلغ النهایة فی الکرم ۲۴؎ رداء غمر ای رداء واسع ای ذو عطاء کثیر یقال فلان غمر الرداء ای کثیر العطاء ۲۵؎ بمطرف ای رداء من خز ذو اعلام والجمع مطارف ۲۶؎ طمر الثوب البالی والجمع اطمار ۲۷؎ طلاب وجه الله ای خالصًا لوجه الله تعالیٰ۔

ثُمَّ قَالَ يَا اَرْبَابَ الثَّرَاءِ. الرَّافِلِيْنَ فِي الْفَرَاءِ. مَنْ اُوْتِيَ خَيْرًا فَلْيُنْفِقْ. وَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يُرْفِقَ فَلْيُرْفِقْ. فَاِنَّ الدُّنْيَا غَدُوْرٌ. وَالدَّهْرَ عَثُوْرٌ. وَالْمُكْنَةَ زَوْرَةُ طَيْفٍ. وَالْفُرْصَةَ مُزْنَةُ صَيْفٍ. وَاِنِّيْ وَاللهِ لَطَالَمَا تَلَقَّيْتُ الشِّتَاءَ بِكَافَاتِهِ. وَاَعْدَدْتُ الْاُهَبَ لَهُ قَبْلَ مُوَافَاتِهِ. وَهَا اَنَا الْيَوْمَ يَا سَادَتِيْ. سَاعِدِيْ وِسَادَتِيْ. وَجِلْدَتِيْ بُرْدَتِيْ. وَحَفْنَتِيْ جَفْنَتِيْ. فَلْيَعْتَبِرِ الْعَاقِلُ بِحَالِيْ. وَلْيُبَادِرْ صَرْفَ اللَّيَالِيْ. فَاِنَّ السَّعِيْدَ مَنِ اتَّعَظَ بِسِوَاهُ. وَاسْتَعَدَّ لِمَسْرَاهُ. فَقِيْلَ لَهُ قَدْ جَلَوْتَ عَلَيْنَا اَدَبَكَ فَاجْلُ لَنَا نَسَبَكَ.

الترجمة والمطالب

پھر وہ کہنے لگا اے اصحاب ثروت اور پوستینوں میں نازسے اکڑ کر چلنے والو جس کو اللہ نے مال دیا ہے پس چاہیئے کہ وہ خرچ کرے اور جو شخص نفع پہنچانے کی طاقت رکھتا ہے پس وہ نفع پہنچائے کیونکہ دنیا بہت ہی غدار ہے اور زمانہ لغزش کرنے والا ہے اور مال داری یہ محض خواب وخیال اور فراغت وفرصت گرمیوں کا بادل ہے اور خدا کی قسم میں جاڑوں سے اس کے کافوں (جس کے اول میں کاف ہے اس سے مراد سردی کے ضروریات کے سامان مراد ہیں) سے ملا اور سردی کے موسم سے پہلے ہی میں تیار کرلیتا تھا لیکن آج اے میرے سردارو! یہ میری حالت ہے کہ میری کلائی (یا بازو) میرا تکیہ ہے اور میری چادر میری کھال ہے۔ اور ہتھیلی میرا پیالہ ہے پس عقل مند کو چاہیئے کہ وہ میری اس حالت سے عبرت حاصل کرے اور اس کو زمانہ کی گردش سے پہلے کچھ کرلینا چاہیئے تحقیق کہ نیک بخت انسان وہ ہے کہ اپنے سوا دیعنی غیر سے) وہ نصیحت حاصل کرے۔ اور اپنے سفر کے لئے وہ تیار ہوجائے پس اس سے یہ کہا گیا کہ تو نے اپنا علم وادب ہم پر ظاہر کردیا، اور اب تو ہم سے اپنا نسب بیان کر (یعنی بتلا)

تشریح لغات

[۱] ارباب الثراء ای اصحاب الاموال الکثیرة یقال ثرا المال ثراء وثری ثری ای کثر وترب الرجل ای کثر ماله از نصر وسمع [۲] الرافلین ای المتبخترین یقال رفل رفلا ورفولا ای جر ذیله وتبختر فهو رافل از نصر [۳] فی الفراء یہ فروة کی جمع ہے بمعنے پوستین ہی کسائ تتخذ من اوبار الابل [۴] خیلای مالا [۵] یرفق ارفاق مصدر از افعال بمعنے نفع وفائدہ پہنچانا [۶] غدور ای کثیر الغدر والغدر ضد الوفاء والجمع غدر [۷] عثور بمعنی بہت گرنیوالا اور بہت پھسلنے والا [۸] المکنة ای المقدرة والاستطاعة وفی القرآن المجید ولیمکنن لهم دینهم الذی ارتضی لهم [۹] زورة بمعنے زیارت کرنا دیکھنا [۱۰] طیف الخیال الطائف فی النوم یقال طاف الخیال طیفا ای جاء فی المنام از ضرب [۱۱] الفرصة مزنة صیف یہ ضرب المثل ہے ایسے وقت میں جبکہ وہ شئ جلدی سے ختم ہوجائے ای سحابة لادوام لها۔ مزنة بادل کا ٹکڑا وبارش. صیف بمعنی موسم گرما والجمع اصیاف والصیف مقابل للشتاء وفی القرآن المجید رحلة الشتاء والصیف [۱۲] تلقیت تلقی مصدر از تفعل بمعنی ملاقات کرنا اور چلنا اور استقبال کرنا [۱۳] بکافاته ای بسبعة اشیاء حرف اول لکل منها کاف وسیاتی ذکرها فی آخر المقامة فی تبیین لابن سکرة [۱۴] الاهب یہ اهبة کی جمع ہے بمعنے سامان یقال اخذ اهبته للسفر [۱۵] موافاة مصدر از مفاعله بمعنی آنا اور پہنچنا [۱۶] ساعد بمعنی بازو وکلائی والجمع سواعد [۱۷] وسادتی بمعنے تکیہ والجمع وسادات ووسائد یقال وسّد الوسادة توسیدا ای جعلها تحت رأسه وسادتی یہ مبتدا اور ساعدی کی خبر ہے ای صار ذراعی وسادة لی لضیق الحال [۱۸] جلدتی بمعنی کھال کا ٹکڑا یا کھال کی قسم والجمع جلد [۱۹] بردتی بمعنے کالاکمبل والجمع برد [۲۰] حفنتی بالحاء المهملة (لپ) ای ملاء الکفین واراد ههنا الکف واعلم ان الحفنة بالکف والحثیة بالکفین والضبثة ما یحمل بین الکفین [۲۱] جفنتی بمعنی پیالہ والجفنة مخصوصة لوعاء الاطعمة والجمع جفان وفی القرآن المجید وجفان کالجواب [۲۲] اتعظ اتعاظ مصدر از افتعال بمعنے نصیحت حاصل کرنا [۲۳] لمسراه یہ مصدر ہے از ضرب بمعنی رات کو چلنا اور یہاں اس سے مراد سفر ہے [۲۴] جلوت از نصر یقال جلا الامر جبکہ وہ واضح کرے اور ظاہر کرے [۲۵] نسبک مصدر بمعنی قرابت ورشتہ داری والجمع انساب۔

فَقَالَ تَبًّا لِمُفْتَخِرٍ بِعَظْمٍ نَخِرٍ (بوسیدہ) اِنَّمَا الْفَخْرُ بِالتُّقٰی. وَالْاَدَبِ الْمُنْتَقٰی (ای مختار وبرگزیدہ) ثُمَّ اَنْشَدَ ؎

لَعَمْرُكَ (ای اقسم بحیاتک) مَا الْاِنْسَانُ (جواب القسم) اِلَّا ابْنُ یَوْمِهٖ (منسوب باحوال موجودہ خود) ... عَلٰی مَا تَجَلّٰی (ظہر) یَوْمُهٗ لَا ابْنُ اَمْسِهٖ (ای منسوب باحوال گذشتہ خود)

وَمَا الْفَخْرُ بِالْعَظْمِ الرَّمِيْمِ وَإِنَّمَا ۔۔۔ فَخَارُ الَّذِیْ يَبْغِی الْفَخَارَ بِنَفْسِهٖ

ثُمَّ إِنَّهٗ جَلَسَ مُحْقَوْقِفًا. وَاجْرَنْثَمَ مُقَفْقِفًا. وَقَالَ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ غَمَرَ بِنَوَالِهٖ. وَاَمَرَ بِسُؤَالِهٖ. صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ. وَاَعِنِّیْ عَلَى الْبَرْدِ وَاَهْوَالِهٖ. وَاَتِحْ لِیْ حُرًّا يُؤْثِرُ مِنْ خَصَاصَةٍ وَّيُوَاسِیْ وَلَوْ بِقُصَاصَةٍ. (قَالَ الرَّاوِیْ) فَلَمَّا تَجَلّٰى عَنِ النَّفْسِ الْعِصَامِيَّةِ. وَالْمُلَحِ الْاَصْمَعِيَّةِ

الترجمۃ والمطالب

پس وہ کہنے لگا بلا کی ہو جو بوسیدہ ہڈیوں پر شیخی مارے اور اس پر فخر کرے اور حقیقت میں ناز تو صرف پرہیزگاری اور کمال علم پر ہے اس کے بعد اُس نے یہ شعر پڑھے ؎ تیری بقا دیا تیری جان عزیز) کی قسم انسان تو صرف موجودہ دن کا بیٹا ہے اس نے کیا کر دکھایا نہ گذری ہوئی کل کا۔ بوسیدہ ہڈیوں پر ناز کرنا بیکار ہے ہاں فخر کرنیوالوں کو اپنی ذات پر فخر کرنا چاہیئے۔ پھر وہ بیٹھا ٹیڑھا ہو کر (یعنی جھک کر) اور وہ دانت بجاتا ہوا (کانپتا ہوا) سمٹ کر بیٹھ گیا۔ اور یہ دعا مانگنے لگا۔ اے اللہ تیری وہ ذات ہے جس نے اپنی بخشش کے ذریعہ سے ڈھانپا، اور تو نے اپنی ذات سے مانگنے کا حکم دیا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور آنجناب کی آل پر رحمت نازل فرما، اور جاڑے اور اس کی مصیبتوں پر تو میری مدد کر اور میرے لئے تو کوئی ایسا جوانمرد شریف مقرر اور تجویز کرے جو اپنی ضروریات پر مجھے ترجیح دے اور وہ میری مدد کرے اگرچہ تھوڑی چیز (یا شئی حقیر) سے ہی کیوں نہ ہو۔ راوی کہتا ہے جب اس نے اپنی عصام جیسی ذات اور اصمعی جیسی نمکین باتوں کو ظاہر کیا۔

تشریح لغات

لہ تبا ای خسرا نا وھلا کا یقال تب الشئی ای قطعہ وتبّ فلانا ای اھلکہ والمصدر تب وتببت وتباب ویقال تبالہ ای الزمہ اللہ خسرانا وھلاکا وتبت یداہ ای خسرتا وتبت فلانا ای قالہ تبالک اھلکہ ٢ نخر مصدر بمعنی بوسیدہ ہڈی از سمع یقال نخر العود والعظم ونحوہ لکڑی یا ہڈی بوسیدہ ہو جائے فھو ناخر ونخر وفی القراٰن المجید ائذا کنا عظاما نخرۃ ٣ الفخر المباھاۃ فی الاشیاء الخارجۃ عن الانسان کالمال والجاہ وفی القراٰن المجید لا یحب کل مختال فخور از فتح ٤ بالتقے بمعنی تقوی یعنی پرہیزگاری یہ تقاۃ کی جمع ہے ٥ المنتقی ای المختار والمنتخب یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از انفعال یقال انتقے العظم جبکہ وہ ہڈی سے گودا نکالے ٦ ابن یوم دن کا بیٹا اس سے مراد اپنی موجودہ حالت ہے ٧ تجلی از تفعل تجلی مصدر بمعنی ظاہر ہونا ٨ ابن امسہ کل کا بیٹا اس سے مراد اس کی گزشتہ حالت ہے ٩ الرمیم رمیم اور رمام دونوں کے معنے بوسیدہ کے ہیں ١٠ جلس از نصر جلوس مصدر بمعنی بیٹھنا جلوس اور قعود میں فرق ہے قعود میں زیادہ بیٹھنا ہے بخلاف جلوس کے اس میں زیادہ بیٹھنا نہیں ہے ١١ محقوقفا حقیقاف سے یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے بہت ٹیڑھا ہونے والا ای منحنیا یقال حقف الظبی حقوفا ای کان منطویا کالحقف وقد انحنی وتثنی از نصر وایضا حقف الظبی ای ربض فی حقف من الرمل وحقف الشئی ای اعوج واحقوقف ای طال فی اعوجاج والحقف ما اعوج من الرمل واستطال والجمع احقاف وحقوف وحقاف وحقفۃ وجمع الجمع الحقائف ١٢ اجرنثم ای انقبض بعضہ الی بعض وبمعناہ تجرثم یقال اجرنثم الرجل ای سقط من علو الی اسفل واجتمع وانقبض مرتعدا او اجرنثم بمعنی لزم موضعہ ١٣ مقفقفا ای مرتعدا من البرد یقال قفقف النبت ای یبس وتفقفف البعیر۔ یعنی اپنے دونوں جبڑوں کو ملائے ١٤ غمر از نصر بمعنی ڈھانکنا یقال غمر فلانا

بفضلہ یعنی اس نے فلاں کو اپنے فضل اور احسان سے ڈھانپ لیا ۱۵ نوالہ اس میں با روسیلہ کے لئے ہے نوال بمعنی داد و دہش وحصہ و درستی ۱۶ وامر بسؤالہ یرید قولہ تعالیٰ واسالوا اللہ من فضلہ ۱۷ اتیح از افعال ای قدر اتاحۃ مصدر یقال اتاحہ اتاحۃً جبکہ وہ تیار کر دے مقدر کرے ۱۸ خصاصۃ بمعنے محتاجی وفی القرآن المجید یوثرون علیٰ انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ اور یہ ماخوذ خصاص الباب سے ہے بمعنے دروازہ کی جھری و برقع وغیرہ کا سوراخ و مکان وغیرہ میں شگاف اور اس کا واحد خصاصۃٌ ہے ۱۹ بقصاصۃ القصاصۃ ما یقص من الظفر والشعر یعنی بال یا ناخن تراشہ ہو اگر جائے والمراد ہہنا القلیل من العطاء ۲۰ جلی ای کشف تجلیۃ مصدر از تفعیل بمعنی ظاہر کرنا یقال جلّی عن ضمیرہ جبکہ وہ مافی الضمیر کو ظاہر کرے ۲۱ العصامیۃ اس میں یائے نسبت کی ہے اور تاء تانیث کی یہ منسوب ہے عصام بن شہر بن الحارث الجرمی جو نعمان بن المنذر کا دربان تھا۔ اور مقرب تھا نہ تو وہ خود شریف تھا۔ اور نہ شریفوں کے زیر سایہ اس کی پرورش ہوئی تھی لیکن وہ نہایت صائب الرائے تجربہ کار فصیح اور بلیغ تھا یہ ضرب المثل ہے کن عصامیا ولا تکن عظامیا یعنی خود میں کمال جوہر ہونا چاہیے اور آبا و اجداد کی مردہ ہڈیوں پر ناز اور فخر نہ کرنا چاہیے ۲۲ الملح الاصمعیۃ یعنی اصمعی کی عجیب و غریب نادر باتیں اصمعی کا نام ابوسعید عبدالملک ابن قریب الباہلی ہے یہ رشید کے ندماء میں سے تھے اور رشید یہ خلفائے عباسیہ میں پانچواں بادشاہ تھا۔ اور اصمعی یہ نہایت خوش عالم متبحر تھے۔ اور ابو نواس نے یہ کہا ہے کہ اصمعی اس بلبل کے مانند ہیں جو پنجرے میں ہو اور ہر دم وہ نئی داستان سے گائے۔

جَعَلْتُ مَلَاْمِحُ عَيْنِيْ تَعْجُمُهُ. وَمَرَامِيْ لَحْظِيْ تَرْجُمُهُ. حَتّٰى اسْتَبَنْتُ اَنَّهُ اَبُوْزَيْدٍ. وَاَنَّ تَعَرِّيَهُ اُحْبُوْلَةُ صَيْدٍ. وَلَمَحَ هُوَ اَنَّ عِرْفَانِيْ قَدْ اَدْرَكَهُ. وَلَمْ يَكُنْ اَنْ يَهْتِكَهُ. فَقَالَ اُقْسِمُ بِالسَّمَرِ وَالْقَمَرِ. وَالزُّهْرِ وَالزَّهَرِ. اَنَّهُ لَنْ يَسْتُرَنِيْ اِلَّا مَنْ طَابَ خِيْمُهُ. وَاُشْرِبَ مَاءَ الْمُرُوْءَةِ اَدِيْمُهُ. فَعَقَلْتُ مَا عَنَاهُ وَاِنْ لَمْ يَدْرِ الْقَوْمُ مَعْنَاهُ. وَسَاءَنِيْ مَا يُعَانِيْهِ مِنَ الرَّعْدَةِ وَاقْشِعْرَارِ الْجِلْدَةِ. فَعَمَدْتُ لِفَرْوَةٍ هِيَ بِالنَّهَارِ رِيَاشِيْ. وَفِي اللَّيْلِ فِرَاشِيْ. فَنَضَوْتُهَا عَنِّيْ. وَقُلْتُ لَهُ اقْبَلْهَا مِنِّيْ. فَمَا كَذَّبَ اَنِ ازْدَرَاهَا. وَعَيْنِيْ تَرَاهَا. ثُمَّ اَنْشَدَ ؎

الترجمۃ والمطالب

تو میری نگاہ نے اس کو آزمانا شروع کیا اور میری آنکھ کے تیر اس پر پڑنے لگے یہاں تک کہ میں نے معلوم کر لیا کہ تحقیق وہ ابوزید ہی ہیں اور ان کا ننگا ہونا یہ محض شکار پھانسنے کا جال ہے اور وہ بھی یہ سمجھ کر کہ میں اس کو پہچان چکا ہوں۔ اپنی پردہ دری کے خوف سے یوں کہنے لگا۔ میں اندھیری رات کے چاند کے چمکتے ہوئے ستاروں اور کلیوں کی قسم کھا کر کہتا ہوں میری پردہ پوشی وہ ہی شخص کر سکتا ہے جس کی پاکیزہ عادت ہو اور جس کی کھال میں مروت کا پانی راسخ ہو۔ پس میں اس کے مطلب کو جو اس نے ارادہ کیا تھا سمجھ گیا اگرچہ دوسرے لوگ نہ سمجھ سکے چونکہ میں اس کی کپکپی اور رونگٹے کھڑے ہوتے دیکھ کر سخت تکلیف محسوس کر رہا تھا۔ لہٰذا میں نے اپنا پوستین جو دن میں میرے لئے باعث زینت (یعنی اوڑھنا) اور رات کے وقت وہ میرا بچھونا تھا۔ نکال کر اس سے کہنے لگا کہ تم اس کو میری طرف سے قبول کر لیں اس نے فوراً میرے دیکھتے میں وہ پوستین پہن لی پھر اس نے یہ اشعار پڑھے۔؟

تشریح لغات

۱ ملامح یہ لمحۃ کی جمع علی غیر لفظہ ہے واللمحۃ النظرۃ بالعجلۃ یعنی جلدی کی نگاہ یقال رایتہ لمحۃ البرق یعنی میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے ۲ تعجمہ عجم مصدر بمعنی پکڑنا، آزمانا از نصر یقال

عجم الشئ جبکہ وہ امتحان کرے اور آزمائے وعجم السیف جبکہ وہ تجربہ کے لئے تلوار کو حرکت دے وعجم العود جبکہ وہ دانت سے کاٹ کر لکڑی کی سختی نرمی معلوم کرے ۳ له مرامی اس کا واحد مرماۃ ہے یعنے چھوٹا و کمزور تیر ۴ له ترجمہ یہ رجم سے مشتق ہے بمعنی پتھر پھینکنا و پتھر مارنا و پتھراؤ کرنا و لعنت کرنا و گالی دینا و چھوڑنا و دھکیلنا از نصر ۵ له استبنت استبانۃ مصدر از استفعال بمعنی معلوم کرنا اور کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا ۶ له تعریہ مصدر از تفعل بمعنی ننگا ہونا ۷ له احبولۃ یعنے پھندا و جال ۸ له لمح از فتح لمحٌ مصدر بمعنی در دیدہ نظر سے دیکھنا یقال لمح الرجل الشئ والی الشئ جبکہ وہ در دیدہ نظر سے دیکھے ۹ له یہتکہ ہتک مصدر از ضرب بمعنی پردہ پھاڑنا یقال ہتک الستر ونحوہ جبکہ وہ پردہ پھاڑے اور کاٹ کر وہ علیحدہ کرے یا اس میں سوراخ کرے ۱۰ له بالسمر یطلق علے سواد اللیل و الحدیث فیہ وظل القمر و فی بعض النسخ بالشمس والقمر ۱۱ له الزہر یہ زہرۃ کی جمع ہے یعنے روشن تارے ۱۲ له الزہر بالفتح یہ زہرۃ کی جمع ہے یعنے کلی و زرد پھول ۱۳ له خیمہ بکسر الخاء بمعنی طبیعت و یقال خام الرجل ای اقام بالمکان وخام منہ ای جبن ونکص وخام القوم فی القتال ای لم یظفروا الخیر وخام رجلہ ای دفعہا از ضرب والمصدر خیم وخیام وخیوم وخیومۃ ۱۴ له ماد المروأۃ ای الفعل الجمیل ۱۵ له ادیمہ ای جلدہ پکا ہوا چمڑا و ادیم النہار دن کی روشنی و ادیم الضحیٰ چاشت کی ابتداء و ادیم اللیل رات کی تاریکی والجمع اَدَم واُدُم واَدِمَۃ واٰدَامٌ ۱۶ له فعقلت از ضرب عقل ومعقول مصدر یقال عقل الغلام جبکہ لڑکا سمجھدار ہو اور دانا ہو وعقل الشئ جبکہ وہ سمجھے اور تدبیر کرے ۱۷ له عنایہ فعل ماضی کا صیغہ از ضرب یقال عنی عنیا وعنایۃ بما قالہ کذا جبکہ وہ مراد لے ۱۸ له ساءنی ای احزننی سوء مصدر از نصر یقال ساء یسوء سوءا وسواءً وسواءۃ وسوائیۃ ومساءً ومسائیۃً الامر فلانا جبکہ غمگین کرے۔ اور مکروہ سلوک کرے ۱۹ له یعانیہ معاناۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی مشقت اور تکلیف میں ڈالنا ۲۰ له الرعدۃ بالکسر اسم مصدر بمعنی کپکپانا ۲۱ له اقشعرار مصدر از افعلال بمعنی کھڑا ہونا و کانپنا و فی القرآن المجید تقشعر منہ جلود الذین یخشون ربہم ۲۲ له فروۃ بالوں سمیت سر کی کھال اور عورت کا سربند اور پوستین ۲۳ له ریاشی ای لباسی والریش للطائر کاب للانسان واستعیر للثیاب و فی القرآن المجید وریشا ولباس التقویٰ ۲۴ له فراشی بمعنی بچھونا والجمع فرش و فی القرآن جعل لکم الارض فراشاً وفرش مرفوعۃ ۲۵ له فنضوتہا ای نزعتہا از نصر یقال نضا الثوب عنہ جبکہ وہ کپڑے اتارے ونضا السیف من غمدہ جبکہ وہ تلوار کو میان سے سوتے ونضا الرجل من ثوبہ جبکہ وہ ننگا کرے ۲۶ له فما کذب اس میں ما نافیہ کذب از تفعیل یقال کذب عن امر ارادہ جبکہ وہ رک جائے وما کذب ان فعل کذا یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی اور یہی اخیر معنے یہاں مراد ہیں ۲۷ له افتراہا از افتعال افتراء مصدر اور یہ فروۃ سے ماخوذ ہے یقال افتری الفرد جبکہ وہ پوستین پہنے

لِلّٰہِ مَنْ اَلْبَسَنِیْ فَرْوَۃً ۞ اَضْحَتْ مِنَ الرِّعْدَۃِ لِیْ جُنَّۃً
اَلْبَسَنِیْھَا وَاقِیًا مُھْجَتِیْ ۞ وَقِیْ شَرَّ الْاِنْسِ وَالْجِنَّۃِ
سَیَکْتَسِیْ الْیَوْمَ ثَنَائِیْ وَفِیْ ۞ غَدٍ سَیَکْسِیْ سُنْدُسَ الْجَنَّۃِ

قَالَ فَلَمَّا فَتَنَ قُلُوْبَ الْجَمَاعَۃِ۔ بِافْتِنَانِہٖ فِی الْبَرَاعَۃِ۔ اَلْقَوْا عَلَیْہِ مِنَ الْفِرَاءِ الْمُغْشَاۃِ وَالْجِبَابِ الْمُوْشَاۃِ۔ مَا اَدَّہٗ ثِقْلُہٗ۔ وَلَمْ یَکَدْ یُقِلُّہٗ۔ فَانْطَلَقَ مُسْتَبْشِرًا بِالْفَرَجِ۔ مُسْتَسْقِیًا لِلْکَرَجِ۔ وَتَبِعْتُہٗ اِلٰی حَیْثُ ارْتَفَعَتِ التَّقِیَّۃُ۔ وَبَدَتِ السَّمَاءُ نَقِیَّۃً۔ فَقُلْتُ لَہٗ لَشَدَّ مَا قَرَسَکَ الْبَرْدُ۔ فَلَا تَتَعَرَّ مِنْ بَعْدُ۔ فَقَالَ ذٰلِکَ لَیْسَ مِنَ الْعَدْلِ۔ سُرْعَۃُ الْعَذْلِ۔

الترجمۃ والمطالب | مجھے پوستین پہنانے والے کا خدا بھلا کرے جو میری کپکپی کے لئے ڈھال بن گئی اور اس نے مجھے پوستین

کیا پہنایا گویا اس نے میری جان بچائی خدا کرے وہ بھی انسان اور جن کے شر سے بچا رہے اگر یہ آج میری تعریف کا لباس پہنے ہوئے ہے تو کل کو یہ جنت کے ریشمی کپڑے کا لباس پہنایا جائے گا۔ راوی کہتا ہے جب جماعت کے دلوں کو اس نے اپنے رنگ برنگ کلام فصیح کا فریفتہ بنالیا تو لوگوں نے اس کو پوستینیں پیش کیں۔ اور منقش جبّے دیئے کہ وہ بوجھ سے دب گیا۔ اور اس کو ان کے اٹھانے کی ہمت نہ ہوئی تب وہ بخشش سے خوش ہو کر شہر کرج کے لئے بارش کی (سیرابی) دعا مانگتا ہوا چل دیا میں بھی اس کے پیچھے گیا اور اس جگہ پہنچا جہاں کسی قسم کا ڈر نہ تھا۔ اور آسمان صاف نظر آرہا تھا۔ پس میں نے اس سے کہا کہ واقعی بڑی سخت سردی نے تجھے ٹھنڈا کر رکھا ہے۔ پس تو اس کے بعد کبھی ننگا نہ ہو اس نے جواب دیا کہ تیری خرابی ہو فوراً بلا سوچے مجھے ملامت کرنا یہ کوئی انصاف نہیں ہے۔

تشریح لغات

ؔ للہ یہ کلمہ تعجب ہے ؔ جنۃ بالضم بمعنے ڈھال در پردہ والجمع جنن وفی القرآن المجید اتخذوا ایمانہم جنۃ ؔ واقیا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے وقی یقی سے از ضرب یقال وقی فلانا وقایۃ ووقیا جبکہ وہ حفاظت کرے اور تکلیف سے بچائے ؔ مہجتی بمعنے جان وروح والجمع مہج ومہجات ؔ وقی از تفعیل توقیہ مصدر حفاظت کرنا یقال وقی فلانا جبکہ وہ حفاظت کرے ؔ الجنۃ بالکسر بمعنے جن اس کا واحد جنی ہے ؔ سیکتسی اکتسا مصدر از افتعال بمعنی لباس پہننا وفی القرآن المجید فکسونا العظام لحما ؔ سندس بالضم الرقیق من الدیباج والاستبرق الغلیظ منہ یعنی سندس کے سبز ریشمی کپڑے کے معنی ہیں وفی القرآن المجید عالیہم ثیاب سندس خضر واستبرق ؔ الجنۃ بالفتح بمعنے باغ وبہشت والجمع جنان وجنات ؔ فتن از ضرب بمعنے تعجب میں ڈالنا اور مائل کرنا اور فریفتہ کرنا اور میں ڈالنا والمصدر فتن وفتون ؔ بافتنانہ یہ باب انفعال سے مصدر ہے بمعنے رنگ برنگ کلام ؔ البراعۃ مصدر از نصر وسمع وکرم یقال برع براعۃ وبروعا جبکہ وہ علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہو ؔ المغشاۃ تغشیۃ مصدر از تفعیل یقال غشی الشیئ وعلی الشیئ جبکہ وہ ڈھانکے ؔ الجباب بمعنے جبۃ وزرہ اور یہ جبۃ کی جمع ہے اور اس کی جمع جبب بھی آتی ہے ؔ الموشاۃ از تفعیل ای المزینۃ والمنقوشۃ بالرقم ؔ آدہ از نصر یقال آدہ الحمل ای اثقلہ فہو ایدٌ وذاک مؤدٌ وایضا ادہ لامر اذا ثقل علیہ والمصدر اودٌ اوودٌ وایضا اود بمعنی اعوج از سمع والمصدر اودٌ وفی القرآن المجید ولا یؤدہ حفظہما ای لا یثقلہ حفظ السموات والارض ؔ یقلہ از افعال یقال اقل الشیئ جبکہ وہ بلند کرے اور اس کو اٹھائے ؔ الفرح محرکۃ بمعنے کشادگی ؔ مستسقیا استسقاء مصدر از استفعال بمعنی بارش طلب کرنا منہ صلوۃ الاستسقاء والمراد منہ بان یسقیہا اللہ تعالیٰ وان یرسل علیہا مدرارا ؔ التقیہ مصدر بمعنی خوف وڈر ؔ نقیۃ بمعنے صاف وستھرا یقال بدت السماء نقیۃ ای ظہرت السماء صافیۃ لا غیم فیہا وہو مثل یضرب لخلو الموضع من الناس وکونہ فیہ وحدہ ؔ لشد اس میں لام جواب قسم کے لئے ہے شد از نصر وضرب شد مصدر بمعنے سخت ہونا ومضبوط کرنا وباندھنا وکسنا ؔ قرس از تفعیل یقال قرس البرد فلانا تقریسا ای اشتد علیہ ویقال قرس البرد قرسا وقرس قرسا ای اشتد از ضرب وسمع ؔ لا تعر تعری مصدر از تفعل بمعنی ننگا ہونا ؔ ویک ای عجبا لک یہ کلمہ ہے جو وے اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

فَلَا تَعْجَلْ بِلَوْمٍ هُوَ ظُلْمٌ. وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ. فَوَالَّذِي نَوَّرَ الشَّيْبَةَ وَطَيَّبَ تُرْبَةَ طَيْبَةَ لَوْلَمْ أَتَعَرَّ لَرَجَعْتُ بِالْخَيْبَةِ. وَصَفِرَ الْعَيْبَةُ. ثُمَّ نَزَعَ إِلَى الْفِرَارِ. وَتَزَرَّعَ بِالْإِكْفِهْرَارِ. وَقَالَ أَمَا تَعْلَمُ أَنَّ شِنْشِنَتِي الْإِنْتِقَالُ مِنْ صَيْدٍ إِلَى صَيْدٍ. وَالْإِنْعِكَافُ مِنْ عَمْرٍو إِلَى زَيْدٍ. وَأَرَاكَ قَدْ عُقْتَنِي وَعَقَقْتَنِي. وَأَفَتَّنِي أَضْعَافَ مَا أَفَدْتَنِي. فَأَعْفِنِي عَافَاكَ اللّٰهُ مِنْ

لَغُوَكَ. وَاسْدُدْ دُونِي بَابَ جِدِّكَ وَلَهْوِكَ. فَجَبَذْتُهُ جَبْذَ التِّلْعَابَةِ. وَجَعْجَعْتُ بِهِ لِلدُّعَابَةِ. وَقُلْتُ لَهُ وَاللّٰهِ لَوْلَمْ أُوَارِكَ. وَأُغَطِّ عَلَى عَوَارِكَ. لَمَا وَصَلْتَ إِلَى صِلَةٍ. وَلَا انْقَلَبْتَ أَكْسَى مِنْ بَصَلَةٍ. فَجَازِنِي عَنْ إِحْسَانِي إِلَيْكَ. وَسَتْرِي لَكَ وَعَلَيْكَ.

ای احسن الی کما احسنت الیک ۱۲

الترجمة والمطالب

اور تو برا بھلا دیا ملامت کرنے، کہنے میں جلدی مت کر اس لئے کہ یہ ظلم ہے اور نہ ایسی بات کے تم کو تیچھے پڑنا چاہیئے جس کا تم کو علم نہ ہو بس قسم ہے اس ذات کی جس نے بوڑھاپے کو نور بخشا دیا قبیلہ شیبۃ کو، اور مدینہ منورہ کی مٹی کو پاک کیا اگر میں ننگا نہ ہوتا تو نا امیدی کے ساتھ واپس ہوتا۔ اور میری گٹھڑی بھی خالی ہوتی پھر یہ کہہ کر اس نے ترش روئی کا برقعہ اوڑھا اور وہ بھاگنے کی طرف مائل ہوا پھر اس نے کہا کہ کیا تم میری عادت سے واقف نہیں ہو میں ایک شکار سے دوسرے شکار کی طرف منتقل ہوتا ہوں اور ایک شخص کو چھوڑ کر دوسرے شخص کی طرف میں پہونچتا ہوں اور میں گمان کرتا ہوں کہ تو نے مجھ کو روک رکھا ہے اور تو نے میری نافرمانی کی اور تو اپنے عطیہ سے دو چند (دوگنا) ضائع کر چکا ہے، پس تو مجھے معاف کر دیا مجھ کو تو چھوڑ دے) خدا تمہارے لغو کلام (بیہودہ کلام) کو معاف کرے۔ اور اپنی واقعی یا بیہودہ باتوں کا دروازہ مجھ سے بند کر لیں میں یہ سُن کر اس کو دل لگی کی طرف کھینچنے لگا اور اس کو مذاق سے تنگ کرنے لگا۔ اور میں نے اس سے کہا خدا کی قسم اگر میں تجھ کو نہ پہناتا (پوستین) اور تیرا عیب نہ ڈھکتا تو یقیناً تجھے عطایا حاصل نہ ہوتے اور نہ پیاز سے زیادہ لباس پہن کر تو واپس ہو سکتا تھا۔ لہٰذا تجھے میرے احسان (یعنی پوستین پہنانا) اور تیرے عیبوں کے ڈھکنے کا بدلہ مجھے دینا چاہیئے (یعنی میرے ساتھ تجھے احسان کرنا چاہیئے جیسا کہ میں نے تیرے ساتھ احسان کیا)۔

تشریح لغات

[1] ولا تقف ای لا تتبع ما لیس لک بہ علم ای لا تحکم بالظن والقیافۃ [2] الشیبۃ ای جعل الشیب نوراً اور شیبۃ یہ قبیلہ کا بھی نام ہے [3] تربۃ بمعنی مٹی (قبرستان) والجمع ترب [4] طیبۃ یہ مدینہ منورہ کا نام ہے۔ ای طیب اللّٰہ تربتھا بان جعلھا موطنا صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی حیاتہ ومستقراً لہ بعد مماتہ [5] لرحت ای لرجعت از نصر یقال راح رواحاً جبکہ وہ شام کے وقت آئے یا جائے یا کام کرے اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے [6] بالخیبۃ ای بالحرمان وعدم الفوز بالمرام مصدر از ضرب یعنی محروم ہونا اور نا امید ہونا [7] العیبۃ (گٹھڑی وپٹارہ) ما تجعل فیہ الثیاب کالسندوق والجمع عیب وعیاب وعیبات [8] نزع ای مال ورغب از فتح یقال نزع نزاعاً ونزوعاً الی اہلہ جبکہ وہ مشتاق ہو اپنے اہل کی طرف ونزع الی الشئ ای مال [9] تبرقع تبرقع تبرقع مصدر از تفعلل بمعنی منہ کو چھپانا اور برقع اوڑھنا۔ [10] بالاکفہرار مصدر از افعلال بمعنی ترش روئی یقال اکفہر الرجل ای عبس واکفہر اللیل ای اشتد ظلامہ واکفہر السحاب ای تراکب بعضہ علی بعض واسودّ وایضا اکفہر النجم ای بدا ضوء فی شدۃ الظلمۃ [11] شنشنتی ای خلقی وطبیعتی والجمع شناشن وایضا القطعۃ من اللحم والشنشنۃ بفتح الشینین حرکۃ القرطاس والثوب الجدید [12] من عمرو الخ ای من شخص الی شخص آخر [13] عقتنی ای منعتنی از نصر یقال عاق یعوق عن کذا جبکہ وہ روکے اور باز رکھے وہٹائے [14] عققتنی از نصر یقال عق الولد والدہ عقوقاً جبکہ وہ والد کی نافرمانی کرے اور شفقت نہ کرے اور استحقاف کرے [15] انتنی از افعال افاتۃ مصدر اور یہ فات یفوت فوتاً سے ماخوذ ہے بمعنے محروم کرنا [16] اضعاف یہ ضعف کی جمع ہے بمعنے دوچند [17] فاعفنی یہ عفا یعفو سے امر حاضر کا صیغہ ہے از نصر بمعنے تو معاف کر [18] جد بالکسر مصدر بمعنی کوشش وسنجیدگی (جلدی) واچھی طرح ثابت شدہ وبالضم بمعنی حصہ

وبالفتح بمعنے دادا ونانا ۱۹ فجیذتہ از ضرب جبذ مصدر بمعنے کھینچنا ۲۰ التلعابۃ بمعنی کثیر اللعب واعلم ان اللعبۃ واللعاب واللعیب و والتلعاب بفتح التاء وکسرھا وکذلک التلعابۃ والتلعاب والتلعیبۃ والالعبان کلھا بمعنی کثیر اللعب او المزاح او الملاعبۃ ۲۱ جعجعت از لعثرای سحت ونادیتہ ودعوتہ بہ واصلھا صوت الابل اذا اجتمعت وصوت الرمی ومنہ قولھم اسمع جعجعۃ ولاا ری طحنا یضرب للجبان یوعد ولا یوقع او للبخیل یعد ولا ینجز ویقال جعجع البعیر ای حرکہ للاناخۃ او للنھوض او برکہ وجعجع البعیر ای برک وایضا جعجع بالغویرای طالبہ وضیق علیہ وجعجع فی المکان ای قعد فیہ علی غیر طمانیۃ ۲۲ للدعابۃ ای المزاح والملاعبۃ از فتح ۲۳ لم اوارک مواراۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی پہننا وچھپانا وفی القرآن المجید کیف یواری سوأۃ اخیہ ۲۴ اغطا از تفعیل تغطیۃ مصدر بمعنی چھپانا ۲۵ عوارک بفتح العین المھملۃ وکسرہا وضمہا بمعنے عیب وکپڑے کا پھٹن ۲۶ صلۃ مصدر بمعنی عطیہ واحسان وانعام والجمع صلات ۲۷ اکسی یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے بمعنے زیادہ پہننے والا از نصر یقال کسی الثوب فلانا کسوا جبکہ وہ کپڑے پہنائے ۲۸ بصلۃ بمعنے پیاز یہ واحد ہے ضرب المثل بالبصل لکثرۃ قشورھا وکون بعضھا فوق بعض یعنی بے انتہا کپڑے پہنے ہوئے ہے وفی القرآن المجید وعدسہا وبصلہا ۲۹ ستری ستر بمعنے پردہ ای باعطار فروتی ۳۰ وعلیک اراد بقولہ سکوتہ عن حالہ وکتمان سرہ حین قال لن یستر فی الامن طاب خیمہ لک میں لام نفع کے لئے ہے اور علیک میں علی ضرر کے لئے یعنی تیرے فائدہ اور نقصان کے پہنچنے کے خیال سے میں نے تیرے عیبوں پر پردہ ڈالا یا پوستین پہنا کر میں نے تیرے عیب کو چھپایا۔

بِاَنْ تَسْمَحَ لِیْ بِرَدِّ الْفَرْوَۃِ۔ اَوْ تُعَرِّفَنِیْ کَافَاتِ الشَّتْوَۃِ۔ فَنَظَرَ اِلَیَّ نَظَرَ الْمُتَعَجِّبِ۔ وَازْمَھَرَّ ازْمِھْرَارَ الْمُتَغَضِّبِ۔ ثُمَّ قَالَ اَمَّا رَدُّ الْفَرْوَۃِ فَاَبْعَدُ مِنْ رَدِّ اَمْسِ الدَّابِرِ۔ وَالْمَیِّتِ الْغَابِرِ۔ وَاَمَّا کَافَاتُ الشَّتْوَۃِ فَسُبْحَانَ مَنْ طَبَعَ عَلٰی ذِھْنِکَ۔ وَاَوْھٰی وِعَاءَ خَزْنِکَ۔ حَتّٰی اُنْسِیْتَ مَا اَنْشَدْتُکَ بِالدَّسْکَرَۃِ۔ لِابْنِ سُکَّرَۃَ ؎

جَاءَ الشِّتَاءُ وَعِنْدِیْ مِنْ حَوَائِجِہٖ ۔۔۔ سَبْعٌ اِذَا الْقَطْرُ عَنْ حَاجَاتِنَا حَبَسَا

کِنٌّ وَکِیْسٌ وَکَانُوْنٌ وَکَاسُ طِلًا ۔۔۔ بَعْدَ الْکَبَابِ وَکُسٌّ نَاعِمٌ وَکِسَا

ثُمَّ قَالَ لَجَوَابٌ یَشْفِیْ۔ خَیْرٌ مِّنْ جِلْبَابٍ یُدْفِیْ۔ فَاکْتَفِ بِمَا وَعَیْتَ۔ وَانْکَفِ مِنْ حَیْثُ اَتَیْتَ فَفَارَقْتُہٗ وَقَدْ ذَھَبَتْ فَرْوَتِیْ لِشِقْوَتِیْ۔ وَحَصَلْتُ عَلَی الرِّعْدَۃِ طُوْلَ شَتْوَتِیْ۔

الترجمۃ والمطالب اور تو از راہ ہمدردی مجھے پوستین واپس کردے۔ اور یا تو جاڑے کے کاف بتلادے پس اس نے مجھ کو تعجب کرنے والے کی طرح دیکھا اور غضب ناک کے غصہ کی طرح اس کا چہرہ سرخ ہوا اور کہنے لگا پوستین کی واپسی تو گذری ہوئی کل اور مرے مردے کی واپسی سے بھی زیادہ ناممکن ہے اور لیکن جاڑے کے کاف پس پاکی ہے اس ذات کی جس نے تیرے ذہن پر مہر لگائی اور تیرے حافظہ (یا تیرے جمع کے برتن) کو سست کیا کیا تجھے ابن سکرہ شاعر کے وہ شعر یاد نہیں رہے جو شہر دسکرہ میں (یا شراب کی بھٹی میں) میں نے تجھے سنائے تھے ؎

جاڑے کا موسم آیا۔ اور ہمارے پاس اس کی ضروریات میں سے جبکہ بارش ہمیں ضرورتوں سے روک دے یہ سات چیزیں ہیں۔ گھر تھیلی (رمال)، انگیٹھی اور شراب کا پیالہ اور کباب اور نازک شرمگاہ اور لباس (کمبل) پھر وہ کہنے لگا یہ جواب شافی ہے اور جو چادر گرمائی پہنچائے اس سے بھی بہتر ہے اور جو کچھ تو نے حاصل کرلیا ہے (دے لیا ہے) اس پر تو بس کر اور جس جگہ سے تو آیا ہے واپس چلا جا پس میں اس

سے جدا ہوا اس حالت کہ میری پوستین اپنی بدبختی کی وجہ سے جلی گئی اور تمام جاڑے میں کپکپاتا رہا۔

تشریح لغات

ــه مہرار مصدر غصہ کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہونا ۲ــه المتغضب اسم فاعل کا صیغہ تغضب مصدر از باب تفعل بمعنے غصہ کرنا والغضب ثوران دم القلب ارادۃ الانتقام واذا وصف اللہ تعالیٰ به فالمراد به الانتقام دون غیرہ وفی القرآن المجید غضب اللہ علیھم ومن یحلل علیه غضبی فباؤ بغضب من اللہ ۳ــه الدابر بمعنی گذشتہ یہ تاکید کے لئے مستعمل ہے ۴ــه الغابر ای الذاہب یعنی گذرا ہوا اور باقی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از نصر غبور مصدر بمعنی گذرنا والجمع غبر وغابرون ۵ــه طبع از فتح یقال طبع علیه جبکہ وہ مہر لگائے والمصدر طبع ۶ــه اوہی از افعال ایہاءٌ مصدر بمعنی کمزور کرنا اور سست کرنا و مجردہ از سمع وفی القرآن المجید وانشقت السماء فہی یومئذ واہیة ۷ــه خزنک الخزن حفظ الشیٔ فی الخزانة ثم یعبر بہ عن کل حفظ السر وفی القرآن المجید وان من شیٔ الا عندنا خزائنہ والخازن الحافظ والجمع خزنة ۸ــه بالدسکرة قریة معروفة بینھا وبین بغداد علی طریق خراسان ستة عشر فرسخا وقیل ھی بیت الخمار (شراب) کی بھٹی۔ ۹ــه لابن سکرہ ھو ابوالحسن محمد بن عبد اللہ بن محمد شاعر متسع الباع فی انواع الابداع اور اس کا دیوان بھی ہے ۱۰ــه القطر مصدر بمعنی بارش اور کسی بہنے والی چیز کا قطرہ والجمع قطارٌ از نصر ۱۱ــه کن بالکسر بیت یستر فیہ والجمع الکنان وفی القرآن المجید وجعل لکم من الجبال اکنانا ۱۲ــه کیس بمعنے تھیلی جس میں روپیہ پیسہ رکھے جاتے ہیں والجمع اکیاس وکیسة ۱۳ــه کانون بمعنی انگیٹھی والجمع کوانین ۱۴ــه کاس طلاای اناء الخمر (شراب کا پیالہ) والجمع کؤس واکوس وکاسات وکیاس وفی القرآن المجید وکاس من معین ۱۵ــه کباب یہ کب یکب سے ماخوذ ہے بمعنی کوٹنا اور ندھا کرنا از نصر اور اسی سے کباب ہے بفتح الکاف وبضم الکاف کے معنے بہت اونٹ بکری اور چیکنے والی مٹی اور تہ بتہ ریت ۱۶ــه کس اسم فرج المرأة (شرمگاہ) ولیس بعربی ۱۷ــه کسا الکساء والکسوة اللباس وفی التنزیل او کسوتھم ۱۸ــه جلباب الثوب الواسع والجمع جلابیب وفی القرآن المجید یدنین علیھن من جلابیبھن ۱۹ــه یدفی ای یسخن ویزیل البرد وفی القرآن المجید لکم فیھا دفءٌ یقال دفیٔ دفاءً ودفوءً ودفاءة من البرد ای تسخن ووجد الحرارة از سمع وکرم ۲۰ــه فاکتف یہ امر حاضر کا صیغہ ہے اکتفاء مصدر از افتعال بمعنی بس کرنا وکفایت کرنا ۲۱ــه انکفٔ ای وارجع وانصرف لذا از انفعال یقال انکفأ القوم جبکہ وہ متفرق ہوا اور واپس ہوا اور شکست کھائے وانکفأ الی کذا جبکہ وہ جھکے وانکفأ اللون جبکہ رنگ بدلے ویقال کفا کفأ ای انصرف از فتح ۲۲ــه لشقوتی ای لشقائی وسوء حظی واللام للعاقبة الشقوة ضد السعادة وفی التنزیل غلبت علینا شقوتنا وقری شقاوتنا ۲۳ــه الرعدة بفتح الراء وکسرہا بمعنے کپکپی ولرزہ اور یہ اسم ہے ارتعاد سے ۲۴ــه شتوتی ای مدة الشتاء (جاڑا)۔

اَلْمَقَامَةُ السَّادِسَةُ وَالْعِشْرُوْنَ وَتُعْرَفُ بِالرَّقْطَاءِ

حَدَّثَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ. قَالَ حَلَلْتُ سُوْقَ الْاَهْوَازِ. لَابِسًا حُلَّةَ الْاِعْوَازِ. فَلَبِثْتُ فِيْهَا مُدَّةً اُكَابِدُ شِدَّةً. وَاُزَجِّيْ اَيَّامًا مُسْوَدَّةً. اِلٰى اَنْ رَاَيْتُ تَمَادِيَ الْمَقَامِ. مِنْ عَوَادِي الْاِنْتِقَامِ. فَرَمَقْتُهَا بِعَيْنِ الْقَالِيْ. وَفَارَقْتُهَا مُفَارَقَةَ الطَّلَلِ الْبَالِيْ. فَظَعَنْتُ عَنْ دَسْتِهَا كَمِيْشَ الْاِزَارِ. وَاكِضًا اِلَى الْمِيَاهِ الْغِزَارِ. حَتّٰى اِذَا سِرْتُ مِنْهَا مَرْحَلَتَيْنِ. وَبَعُدَتْ سُرًى لَيْلَتَيْنِ.

تَرَاءَتْ لِي خَيْمَةٌ مَضْرُوبَةٌ. وَنَارٌ مَشْبُوبَةٌ.

(ای ظہرت ۱۲ — منصوبۃ ۱۲ — ای موقدۃ ۱۲)

الترجمة والمطالب

(یہ چھبیسویں مجلس ہے جو رقطاء کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں محتاجی کا لباس پہنے ہوئے شہر اہواز کے بازاروں میں اترا (مقیم ہوا) پس میں عرصہ دراز تک سختی برداشت کرتا رہا۔ اور ایام مصیبت گذارتا رہا یہاں تک کہ بدلہ لینے والے کے حملہ کرنے کا مجھے زیادہ ٹھہرنے کی وجہ سے کافی تجربہ ہو گیا۔ چنانچہ میں نے اس کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور وہاں سے ایسا جدا ہوا جیسے پرانے گھر کے نشانوں سے اور اس کے تھوڑے پانی سے اپنے ازار کو سمیٹ کر میں وہاں سے اپنے گھوڑے کو ایڑ لگا کر پانی کثیر کی طرف چل دیا میں ابھی دو ہی منزل چلا تھا۔ اور میں اس شہر سے دوراتوں کی مسافت کے بقدر دور ہوا تھا کہ مجھے قائم کیا ہوا ڈیرا (خیمہ) نظر پڑا اور اس کے پاس آگ بھڑکائی گئی تھی (آگ روشن تھی)۔

تشریح لغات

ؒ بالرقطاء وہی التی فیہا نقط سود فی بیاض (چتلا) قیل الرقطاء نعت مؤنث مذکرہٗ الارقط والارقط الدیک الذی علیہ خطوط سواد وبیاض وسمیت ھذہ المقامۃ بالرقطاء لان فیہا رسالۃ حرف منقوطۃ وحرف غیر منقوطۃ وھکذا من اول الرسالۃ الیٰ اٰخرھا ثم اعلم انھم یقولون فرس ابلق تیس اخرج کبش املح ثور اشبہ۔ غراب ابقع جبل ابرق۔ ابنوس ملمع۔ سحاب غرا فعوان ارقش وحاجۃ رقطاء ھذا تقسیم السواد والبیاض علےٰ ما یجتمعان فیہ ۲ؒ حللت ای نزلت واصل الحل حل العقدۃ وفی القراٰن المجید واحلل عقدۃ من لسانی وحللت ای نزلت اصلہ من حل الاحمال عند النزول ثم جرد استعمالہ للنزول کقولہ تعالیٰ او تحل قریبا من دارھم واحلوا قومھم دار البوار ۳ؒ سوق الاہواز (ہواز یہ فارس میں ایک مشہور شہر کا نام ہے اور سوق الاہواز اس لئے کہا کہ اس کے بیچ میں نہر ہے اور اس نہر کے دونوں کناروں پر بازار لگا رہتا ہے ۴ؒ الاعواز مصدر از افعال بمعنی محتاجی کا لباس یقال عوز الشیٔ عوزاً ای عزّ فلم یوجد وانت محتاج الیہ واعوز الرجل ای افتقر از سمع ۵ؒ مدۃ اس میں تنوین تعظیم کے لئے ہے ای مدۃ عظیمۃ اور مدت کی جمع مدد آتی ہے بمعنی زمانہ کا حصہ خواہ وہ قلیل ہو یا کثیر ۶ؒ اکابد از مفاعلہ مکابدۃ مصدر بمعنی مشقت وتکلیف برداشت کرنا ۷ؒ ازجی از تفعیل تزجیۃ مصدر بمعنی ہانکنا و آسانی سے دفع کرنا والتزجیۃ دفع الشیٔ لینساق وفی القراٰن المجید یزجی سحابا ویزجی لکم الفلک وازجیت ردی التمر فزجا از نصر ۸ؒ تمادی مصدر از تفاعل بمعنی دیر تک رہنا وسفر کا بڑھنا ۹ؒ عوادی یہ عادیۃٌ کی جمع ہے بمعنی ظلم وذلک مثل قولہم وعادت عوادٍ وبینا وخطوب ای شرور المنتقم والعدو ۱۰ؒ الانتقام اور نقمۃ یہ انتقام کا اسم ہے بمعنی سزا و بدلہ دیقال انتقم منہ جبکہ وہ سزا دے ۱۱ؒ فرمقتہا رمق مصدر از نصر بمعنی دیر تک دیکھنا وگھورنا ۱۲ؒ القالی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی بغض رکھنے والا یقال قلی الرجل وقلیہ یقلاہ قلاءً وقلی ومقلیۃ جبکہ وہ بغض رکھے ۱۳ؒ فارقتہا مفارقۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی جدا ہونا چھوڑنا ۱۴ؒ الطلل بمعنی پرانے گھر کے ابھرے ہوئے نشانات وھو الموضع الشاخص من الاثار والجمع اطلالٌ وطلول واصل الطل ھو اضعف المطر وھو ما لہ اثر قلیل ومنہ قیل لاثر الدار طلل ۱۵ؒ البالی ای الفانی یہ صفت کا صیغہ ہے از سمع یقال بلی الثوب بلی وبلاءً جبکہ کپڑا بوسیدہ ہو ۱۶ؒ نظعنت ظعن مصدر وظعن وظعون ومظعن مصدر از فتح بمعنی کوچ کرنا وفی القراٰن المجید یوم ظعنکم ویوم اقامتکم ۱۷ؒ وشلہا بمعنی تھوڑا پانی والجمع اوشال وہو کنایۃ عن قلۃ الخیر فیہا ۱۸ؒ کمیش بمعنی دامن سمیٹنے والا اور اٹھانے والا یقال کمش ثوبہ

اذا جمعه لیکون اعون علے سرعة ذهابه والکمش والکمیش والکمش من الرجال السریع العزوم ویقال کمش الرجال ای کان سریعًا از سمع وکمش الرجل ای شجع وکمشت المرأة ای کانت صغیرة الثدی مصدر هذین الکماشة والباب از کرم وکمش الناقة ای شد ضروعها بالصرار لئلا یرضعها ولدها وکمش فلانًا بالسیف ای قطع اطرافه [19] راکضًا ای مسرعا والرکض الضرب بالرجل وفی القرآن المجید ارکض برجلك وایضا رکض ای عدا وهرب مسرعًا وایضا رکض ای حرك رجلیه ورکض الطائر ای حرك جناحیه مسرعا از نصر [20] الغزار بمعنی کثیر اور ہر چیز کا بہت اور یہ غزیر کی جمع ہے وهو کنایة عن کثرة الخیر ویقال غزر الماء ای کثر وغزرت الناقة ای کثر درها والمصدر غزرٌ وغزارة از کرم [21] مرحلتین یہ مرحلة کا تثنیہ ہے مرحلة کی جمع مراحل آتی ہے اور مرحلہ بمعنی مسافر کے ایک دن کا سفر و پڑاؤ [22] سری بمعنی مسافۃ اور سری یہ مصدر ہے از ضرب یقولون عند الصباح یحمد القوم السری هو مثل یضربونه لاحتمال المشقة رجاء الراحة ومنه این السری ای المسافر لیلًا [23] تراءت از تفاعل بمعنی آپس میں ایک دوسرے کو دیکھنا اور اس کے معنے ظاہر ہونے اور دیکھنے کے بھی آتے ہیں [24] خیمہ بمعنی ڈیرہ اور ہر وہ مکان جو اینٹ پتھر مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو والجمع خیمٌ وخیامٌ وخیمات وخیم [25] مضروبة از ضرب اور یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے یعنی مضروب کا مؤنث ہے بمعنی قائم کیا گیا یقال ضرب الخیمة جبکہ وہ خیمہ قائم کرے [26] مشبوبة یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر یقال شبّ النّار شبًّا وشبوبًا جبکہ وہ آگ روشن کرے وشبت النار جبکہ آگ روشن ہو۔

فَقُلْتُ ائْتِهِمَا لَعَلِّیْ اَنْقَعُ صَدًی. اَوْاَجِدُ عَلَی النَّارِ هُدًی. فَلَمَّا انْتَهَیْتُ اِلٰی ظِلِّ الْخَیْمَةِ رَاَیْتُ غِلْمَةً رُوْقَةً وَشَارَةً مَرْمُوْقَةً. وَشَیْخًا عَلَیْهِ بِزَّةٌ سَنِیَّةٌ. وَلَدَیْهِ فَاکِهَةٌ جَنِیَّةٌ. فَحَیَّیْتُهٗ. تَحِیَّةً مُتَحَامِیَةً. فَضَحِكَ اِلَیَّ. وَاَحْسَنَ الرَّدَّ عَلَیَّ. وَقَالَ اَلَا تَجْلِسُ اِلٰی مَنْ تَرُوْقُ فَاکِهَتُهٗ. وَتَشُوْقُ مُفَاکَهَتُهٗ. فَجَلَسْتُ لِاغْتِنَامِ مُحَاضَرَتِهٖ لَا لِالْتِهَامِ مَا بِحَضْرَتِهٖ فَحِیْنَ سَفَرَ عَنْ اٰدَابِهٖ. وَکَشَرَ عَنْ اَنْیَابِهٖ. عَرَفْتُ اَنَّهٗ اَبُوْ زَیْدٍ بِحُسْنِ مُلَحِهٖ. وَقُبْحِ تَلَحِّیْهِ فَتَعَارَفْنَا حِیْنَئِذٍ. وَحَفَّتْ بِیْ فَرْحَتَانِ سَاعَتَئِذٍ.

الترجمۃ والمطالب

پس کہا میں نے مجھے اس جگہ (یعنی خیمہ اور آگ) کے پاس جانا چاہیے شاید کہ میں پیاس بجھا سکوں یا آگ کے پاس کسی رہنما سے ملاقات ہو جائے پس جبکہ میں خیمہ کے پاس پہنچا تو میں نے چند حسین لڑکوں کو دیکھا اور ان کی صورتیں اچھی تھیں اور ایک بوڑھے کو دیکھا جو قیمتی لباس پہنے ہوئے تھا۔ اور اس کے پاس تازہ میوے رکھے تھے میں نے اس کو سلام کیا اور پھر میں بیٹھ گیا، پس وہ میرے چہرے کو دیکھ کر ہنسا اور نہایت عمدگی سے سلام کا جواب دے کر کہنے لگا کیا تم ایسے شخص کے پاس نہ بیٹھو گے جس کے میوے اچھے ہوں اور اس کی باتیں مزاحیہ ہوں جس سے شوق پیدا ہو پس میں اس کی بات چیت کو غنیمت سمجھ کر نہ اس کے کھانے کو نگلنے کے لئے اس کے پاس جا بیٹھا جب اس نے اپنے علوم کو (فصاحت بلاغت سے) ظاہر کیا اور اس نے اپنے دانتوں کو کھولا تو میں نے پہچان لیا کہ تحقیق یہ ابو زید ہی ہیں بوجہ اچھے کلام (علمی کمالات) کے اور دانتوں کی زردی کی وجہ سے پھر ہم نے آپس میں ایک دوسرے کو پہچانا اس وقت مجھ پر دو خوشیاں گھر گئیں (یا جمع ہو گئیں) تھیں۔

تشریح لغات

[1] انقع از فتح نقع ونقوع مصدر بمعنی پیاس کو بجھانا یقال نقع الماء العطش جبکہ وہ پانی کی پیاس کو بجھائے

[1] صدی بمعنی سخت پیاس و آواز بازگشت و گونج و دماغ انسانی لاش و تعرض والجمع اصداء [2] او اجد علی النار الخ ای اجد علیہا من یرشدنی الی صراط مستقیم او بارکثیر النعمۃ [3] غلمۃ یہ غلام کی جمع ہے بمعنے نوجوانان و غلام [4] روقۃ خوبصورت و بہتر لوگ یہ رئیق کی جمع ہے اور یہ رائق کی جمع بھی بتائی جاتی ہے اور یہ ہی صحیح ہے بھوالذی یروق ویعجب من راٰہ لغایۃ حسنہ وملاحتہ یقال غلمان روقۃ یعنی خوب صورت لڑکے اور یہ ہی مذکر مونث واحد جمع کے لئے مستعمل ہے یقال غلامٌ روقۃ جاریۃ روقۃ وجوار روقۃٌ [5] شارۃ بمعنی ہیبت حسن وجمال وصورت لباس وزینت وگھر کا عمدہ سامان اور شارۃٌ اور شورۃ اور شوارٌ شوارٌ اور شوارًا اور شیارًان سب کے یہ ہی معنی آتے ہیں [6] مروقۃ اسم مفعول کا صیغہ اور یہ راق یروق سے ہے اور روق کے معنے دیکھنے کے ہیں [7] بزۃ بالکسر بمعنی خلعت و کپڑے و ہتھیار و ہیئت [8] سنیۃ از ضرب اور یہ وادی اور یائی دونوں طرح پر مستعمل ہے بمعنے بلند یعنی بہت قیمتی [9] لدیہ ای عندہ وبین یدیہ [10] جنیۃ بمعنی تازہ چنا ہوا پھل [11] تحییت از تفعیل تحیۃ مصدر بمعنے سلام کرنا از حیاک اللہ کہنا اشارۃ الی قولہ تعالیٰ واذا حییتم بتحیۃ فحیوا باحسن منہا الخ [12] تحامیۃ تحامی مصدر از تفاعل بمعنے بچنا و دور ہونا پرہیز کرنا یقال تحاماہ جبکہ وہ بچے [13] فاکہۃ یہ فاکہ کا مونث ہے بمعنی ہر قسم کا پھل جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے والجمع فواکہ [14] مفاکہۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی مذاق کرنا یقال فاکہ مفاکہۃ جبکہ وہ مذاق کرے [15] لاالتہام مصدر از افتعال بمعنی نگلنا ولقمہ بنانا یقال لہم الشئ ای ابتلعہ بمرۃ ولہم الماء ای جرعہ از سمع والمصدر لہم ولہمٌ [16] سفر از نصر یقال سفر الصبح جبکہ صبح روشن ہو سفرت المراۃ جبکہ عورت چہرہ کھولے اور یہاں اس کے معنے کھولنے اور روشن کرنے کے ہیں [17] آدابہ ای علومہ بانواع فصاحتہ وبلاغتہ [18] کشر ای کشف عن اسنادہ یقال کشر عن اسنانہ کشرًا ای کشف عنہا وابداہا از ضرب [19] انیاب یہ ناب کی جمع ہے بمعنے کچلی کے دانت اور یہ مؤنث ہے والجمع انیب ونیوب وانابیب واعلوان للانسان اربع ثنایا اربع رباعیات اربعۃ انیاب واربعۃ ضواحک و ثنتا عشر رحی فی کل شق ست واربع نواجذ وھی اقصاہا [20] لحم یہ لحمۃ کی جمع ہے بمعنی عمدہ مزیدارباب [21] قلح وہ زردی جو ادمنظ کے گھاس کھانے کی وجہ سے دانتوں میں ہو جائے اب اس کے معنے مطلق زردی کے آتے ہیں از سمع [22] تعارفنا تعارف مصدر از تفاعل معنی ایک دوسرے کو پہچاننا [23] حفت ای احاطت یعنی ڈھانپنا از نصر وفی القرآن المجید وحففناھما بنخل وتری الملائکۃ حافین من حول العرش [24] فرحتان یہ فرحۃ کا تثنیہ ہے بمعنے خوشی اور یہاں دو خوشیاں مراد ہیں۔ احدھما اسفارہ من دجنۃ اسفارہ والثانیۃ خصیب رحالہ وسیاتی معناھما والفرح انشراح الصدر بلذۃ عاجلۃ واکثر مایکون ذلک فی اللذات البدنیۃ فلھذا قال تعالیٰ ولا تفرحوا لما اٰتاکم از سمع [25] ساعتئذ ای فی ذلک الساعۃ۔

وَلَمْ اَدْرِ بِاَيِّهِمَا اَنَا اَصْفٰى فَرَحًا۔ وَاَوْفٰى مَرَحًا۔ اَبِاَسْفَارَةِ مِنْ دُجْنَةِ اَسْفَارِهٖ۔ اَمْ بِخَصْبِ رِحَالِهٖ۔ بَعْدَ اِمْحَالِهٖ۔ وَتَاقَتْ نَفْسِیْ اِلٰى اَنْ اَنْقُضَ خَتْمَ سِرِّهٖ۔ وَاَبْطُنَ دَاعِيَةَ يُسْرِهٖ۔ فَقُلْتُ لَهٗ مِنْ اَيْنَ اِيَابُكَ۔ وَاِلٰى اَيْنَ اِنْسِيَابُكَ۔ وَبِمَا امْتَلَاَتْ عِيَابُكَ۔ فَقَالَ اَمَّا الْمَقْدَمُ فَمِنْ طُوْسٍ وَاَمَّا الْمَقْصِدُ فَاِلَى السُّوْسِ۔ وَاَمَّا الْجِدَّةُ الَّتِیْ اَصَبْتُهَا۔ فَمِنْ رِسَالَةٍ اقْتَضَبْتُهَا۔ فَسَاَلْتُهٗ اَنْ يُفْرِشَنِیْ دِخْلَتَهٗ وَيُسْرِدَ عَلَیَّ رِسَالَتَهٗ۔ فَقَالَ دُوْنَ مَرَامِكَ حَرْبُ الْبَسُوْسِ۔ اَوْ تَصْحَبَنِیْ اِلَى السُّوْسِ۔ فَصَاحَبْتُهٗ اِلَيْهَا قَهْرًا۔ وَعَكَفْتُ عَلَيْهِ شَهْرًا۔

الترجمۃ والمطالب | اور سمجھ میں نہیں آتا کہ ان دونوں میں سے کون سی خوشی زیادہ صاف ہے اور کون سی خوشی زیادہ ہے۔ آیا۔

اس کے سفروں کی تاریکی پھٹ جانے (یعنی روشن اور ظاہر ہونے) سے یا مفلسی کے بعد سامان کی زیادتی سے اور مجھے شوق پیدا ہوا کہ اس کے بھید کی میں مہر توڑ دوں اور میں اس کے مال داری کے بھید کو معلوم کروں یہ سوچ کر میں نے اس سے دریافت کیا کہ تم کہاں سے آرہے ہو اور اب کہاں جانے کا ارادہ ہے اور تمہاری گٹھڑی کس طرح بھر گئی، پس اس نے جواب دیا میرا آنا شہر طوس سے ہے اور شہر سوس کی طرف جانے کا ارادہ ہے اور یہ مال داری جو میں نے حاصل کی ہے ایک رسالہ کی بدولت ہے جس کو میں نے فی البدیہ تصنیف کیا تھا تو میں نے اس سے حقیقت حال اور اس مضمون کو پڑھ کر سنانے کے متعلق کہا تو اس نے کہا ابھی تو اس تیرے ارادے کی طرف لبوس کی رکاوٹ ہے یہاں تک کہ تو میرے ہمراہ شہر سوس تک ہولیں میں بادل ناخواستہ اس کے ساتھ ہوگیا۔ اور میں ابوزید کے پاس اس شہر سوس میں ایک مہینہ تک مقیم رہا۔

تشریح لغات

ؔ اصفی بالصاد المهملة اسم تفضیل کا صیغہ ہے ای اکثر صفاءً والصفار الخلوص یعنی فرحًا خالصًا از نصر و ہکذا ؔ اوفی یہ بھی اسم تفضیل کا صیغہ وفار سے از ضرب بمعنی زیادہ پورا کرنا ؔ مرحا بمعنے خوشی والمرح شدة الفرح والتوسع فیہ قال تعالیٰ ولا تمش فی الارض مرحا از سمع ؔ باسفارہ اسفار مصدر از افعال بمعنی روشن ہونا اور یہ اسفر سے ماخوذ ہے بمعنی نور کما فی الحدیث اسفروا بالفجر والمراد ھھنا الظھور والقدوم من السفر ؔ دجنة بمعنے تاریکی وظلمت یقال دجن اللیل دجنا و دجونا ای اسودّ از نصر ؔ اسفار یہ سفر کی جمع ہے۔ اور دجنة الاسفار سے مراد بہت دور دراز سفر کرنا ہے ؔ بخصب بمعنے فراخی دوسعت یعنی وسعت حال اور زیادہ عیش وعشرت کرنا مراد ہے ؔ رحال یہ رحل کی جمع ہے بمعنی گھر کا سامان وسامان سفر و منزل وقیامگاہ وکجاوہ اور اس کی جمع ارحل بھی آتی ہے ؔ امحال مصدر از افعال بکسر الہمزة بمعنے قحط زدہ ہونا ؔ تاقت از نصر توق وتوقان و تیاقة مصدر از نصر بمعنی شائق ہونا یقال تاق الیہ جبکہ وہ شائق ہو وتاق الی الغایة جبکہ وہ جلدی کرے وتاق عینہ بالدموع جبکہ بہے وتاق منہ جبکہ ڈرے وتاق بنفسہ جبکہ جان دے ؔ ختم مصدر از ضرب بمعنے مہر یقال ختم الشئی وعلیہ ختمًا وختامًا جبکہ مہر لگائے اور ختم سرہ سے مراد اس کی پوشیدہ حالت ہے ؔ ابطن ای اعرف باطنہ اور یہ بطن سے ماخوذ ہے از نصر اذا عرف باطن الشئی وسرہٗ ؔ داعیة یہ داعی کا مؤنث ہے بمعنے سبب اور اس کی جمع داعیات اور دواع ہے ؔ لیسرہ بمعنے مال داری وآسانی ؔ ایاب مصدر بمعنی لوٹنا والادیب لا یقال الا فی الحیوان الذی لہ ارادة والرجوع یقال فیہ وفی غیرہ قال قال تعالیٰ ان الینا ایابھم ؔ انسیاب مصدر از انفعال بمعنے جانا ومنہ السائبة وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کے لئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے اس کے بچہ کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا۔ اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا۔ اور اس کو چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مرجاتی تھی ؔ عیاب یہ عیبة کی جمع ہے (بمعنی گٹھڑی وپٹارہ وھی ما یجعل فیہ الثیاب ویجمع علے عیب علے وزن عنب ایضًا ؔ طوس یہ مشہور شہر ہے ؔ السوس یہ ملک فارس میں ایک شہر کا نام ہے اس میں ریشمی کپڑے بنے جاتے تھے ؔ الجدة بالکسر مصدر بمعنی مال داری اور وسعت وقدرت ؔ اقتضبتہا اقتضاب مصدر از انتعال بمعنی فی البدیہ تصنیف کرنا یقال اقتضب الشعر والحدیث جبکہ وہ بغیر سوچے شعر یا کلام فی البدیہ کہے ؔ یفرشنی از نصر وضرب والمصدر فرش وفراش بمعنے بچھانا اور پھیلانا ؔ دخلة بکسر الدال المهملة وضمها حال باطنی وراز باطنی یقال فرشتہ دخلة امری یعنی میں نے اس کے سامنے اپنا راز ظاہر کردیا ؔ یسرد از نصر وضرب یقال سرد الحدیث جبکہ وہ اچھی طرح بیان کرے وسرد القراءة جبکہ وہ اچھی طرح پڑھے ؔ دون بمعنی مانع وحائل یقال حال القوم دون فلان یعنی قوم فلاں کے اور اس کے مطلوب کے درمیان حائل ہوگئی ؔ البسوس یہ مثل ہے ایسے وقت استعمال کی جاتی ہے جبکہ کوئی شئی

بعید کا طالب ہو، اور اس تک پہنچنا بہت ہی مشکل ہو۔ اور اسی معنی میں خرط القتاد اور اشام من البسوس ہے جیسے ہمارے اردو میں یہ مثل ہے یہ کوئی منہ کا نوالہ ہے یعنی مطلب برآری میں بہت ہی دقتوں کا سامنا ہے بسوس یہ ایک عورت کا نام ہے اس کی اونٹنی قوم عرب یعنی کلیب بن وائل تغلبی کے حوض پر بغیر ان کی اجازت کے پانی پینے چلی گئی انہوں نے اس کو مار دیا پس بکر اور تغلب میں چالیس سال سے زیادہ اسی کی بدولت لڑائی رہی اور اس میں کلیب مارا گیا اب یہ نحوست اور بدبختی میں ضرب المثل ہے یقال اشام من البسوس اور حرب البسوس میں اضافت مسبب کی سبب کی طرف ہے ای حرب صادرۃ لاجل البسوس ۲۷ او تصحبنی اس میں او معنے میں الا کے ہے اور اس کے بعد ان مقدر ہے ای الا ان یا یہ معنے میں الی ان کے ہے ۲۸ فصاحبتہ ای رافقتہ از مفاعلہ مصاحبۃ مصدر بمعنی ساتھ رہنا اس کے بعنی بعد الی نہیں آتا ہے یہاں ذاہبًا محذوف ہے ای فصاحبتہ ذاہبا الیہا ۱۲ ۲۹ عکفت ای اقمت از ضرب یقال عکف علیہ ای واظب واقام۔

وَهُوَ يَعُلُّنِيْ كَاسَاتِ التَّعْلِيْلِ. وَيُجَرِّئُنِيْ اَعِنَّةَ التَّامِيْلِ. حَتّٰى اِذَا حَرِجَ صَدْرِىْ. وَعِيْلَ صَبْرِىْ. قُلْتُ لَهٗ اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ لَكَ عِلَّةٌ. وَلَا لِيْ فِي الْمَقَامِ تَعِلَّةٌ. وَفِيْ غَدٍ اَزْجُرُ غُرَابَ الْبَيْنِ. وَاَرْحَلُ عَنْكَ بِخُفَّيْ حُنَيْنٍ. فَقَالَ حَاشَ لِلّٰهِ اَنْ اُخْلِفَكَ. اَوْ اُخَالِفَكَ. وَمَا اَرْجَاْتُ اَنْ اُحَدِّثَكَ اِلَّا لِاُلَبِّثَكَ. وَاِذْ كُنْتَ قَدِ اسْتَرَبْتَ بِعِدَتِيْ. وَاَغْرَاكَ ظَنُّ السُّوْءِ بِمُبَاعَدَتِيْ. فَاَصْخِ لِقَصَصِ سِيْرَتِي الْمُمْتَدَّةِ. وَاَضِفْهَا اِلٰى اَخْبَارِ الْفَرَجِ بَعْدَ الشِّدَّةِ. فَقُلْتُ لَهٗ يَا اَخَا التُّرَّهَاتِ فَمَا اَطْوَلَ طِيَلَكَ. وَاَهْوَلَ حِيَلَكَ. فَقَالَ اِعْلَمْ اَنَّ الدَّهْرَ الْعَبُوْسَ. اَلْقَانِيْ اِلٰى طُوْسَ.

الترجمۃ والمطالب، اور وہ مجھے بہانہ (یعنی معذرت) کے پیالے پلاتا تھا اور وہ مجھ سے امیدواری کی لگامیں کھنچواتا رہا یہاں تک کہ میرا سینہ (دل) تنگ ہوا (یعنی اکتا گیا) اور میرا صبر کھو گیا (یا مغلوب ہوا) تو میں نے اس سے یہ کہا کہ اب نہ آپ کے لئے کوئی بہانہ باقی ہے۔ اور نہ میرے ٹھیرنے میں خوشی ہے (یعنی بہلاؤ اور دلچسپی کے سامان نہیں) لہٰذا میں کل کو جدائی کے کوے سے فال لونگا اور حنین موچی کے دونوں موزے لیکر (یعنی محروم ہوکر) تیرے پاس سے کوچ کر دوں گا، پس اس نے جواب دیا اللہ کی پناہ کیا میں نے تجھ سے وعدہ خلافی کی ہے یا تیری مخالفت کی ہے میں تو اس مضمون کو سنانے میں صرف تیرے ٹھرانے کی وجہ سے دیر کر رہا تھا اور اب مجھے یہ معلوم ہوا کہ تو نے میرے وعدے میں شک کیا ہے اور تجھ کو بدگمانی نے مجھ سے دور ہوتے پر ابھار رکھا ہے تو میری لمبی داستان غور ادر کان لگا کے سن) اور اس کو ان واقعات میں شامل کرو جن میں تنگی کے بعد فراخی کا ذکر ہو (یا کتاب اخبار الفرج بعد الشدۃ میں اس کو بڑھالو) پس میں نے اس سے کہا اے جھوٹوں کے بھائی! تیری رسی کس قدر دراز و طویل ہے اور تیرے حیلے کس قدر خوفناک ہیں پس کہا اس نے تو جان۔ لے کہ ترش رو زمانہ نے مجھ کو شہر طوس کی طرف پھینک دیا (یا ڈالا)۔

تشریح لغات ۱ یعل از نصر و ضرب یقال عَلَّ عَلًّا وعَلَّلَهٗ وتَعِلَّةً جبکہ دوسری مرتبہ پے وعلہ دوسری مرتبہ پلانے ۲ التعلیل مصدر از تفعیل بمعنے بہانہ وحیلہ کرنا اور یہ مشتق ہے عللہ بالشئ اذا الہاہ بہ لما یعلل الصبی بشئ من الطعام وعلل الشئ جبکہ وہ علت بیان کرے ۳ یجرنی اجرا، مصدر از افعال بمعنی کھنچوانا اور یہ جر کا متعدی ہے ۴ اعنۃ یہ عنان کی جمع۔ ہے بمعنے لگام وھو ما تقادبہ الدابۃ استعارھا للتامیل وھو الوعد بما فیہ المرام ۵ التامیل مصدر از تفعیل بمعنے امیدوار کرنا ۶ حرج ای ضاق یقال حرج الشئ ای ضاق از سمع ۷ عیل ای غلب یقال عال وعیل صبرہ جبکہ صبر جاتا رہے ویقال عالنی الامر جبکہ وہ غالب ہوا از نصر ۸ علۃ بمعنی عذر و بہانہ وسبب والجمع علل وجمع الجمع اعلال ۹ التعلۃ بہلاوہ اور خوش کرنے والی باتیں ھی فی الاصل

مایعلل به الصبی وقت الطعام ای ولم یبق لی صبر علے التعلل والانتظار ۱۱ ازجر زجر مصدر بمعنی فال لینا از نصر یقال زجر الطیر جبکہ شگون لینے کے لئے پرندہ کو اڑائے اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا ۱۲ غراب البین جب اہل عرب ایک جگہ سے کوچ کرکے دوسری جگہ جاتے تو کوّے وہاں آکر ان کا بچا کھچا کھالیا کرتے تھے اور جب وہ خیمہ اپنا کھیڑتے توکوّا ان لوگوں کو دیکھ کر چیختا تھا تو وہ اس وقت یہ کہا کرتے تھے نعق غراب البین ۱۳ بخفے حنین ای آخذا بخفے حنین اور اس کا قصہ دسویں مقامہ میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے ۱۴ حاشا للہ ای معاذ اللہ حاشاك وحاشالك بمعنی دور باد ویقال حاشا للہ وحاش للہ ای معاذ اللہ والاصل بالالف وھی کلمۃ یستثنی بھا وقد تکون فعلاً نصبت بھا وقد تکون حرفا خفضت بھا وقال سیبویہ لاتکون حاشا الاحرف جرلانھا لوکانت فعلاً لجاز ان تکون صلۃ لما کما یجوز ذلك فی خلا فلا امتنع ان یقال جاءنی القوم ماحاشا زیداً دلّ علے انھا لیست بفعل وقال المبرد حاشا فعل لانہ یقال حاشا لزید فحرف الجر لایجوز دخولہ علے حرف الجر ولان الحذف یدخلھا کقولھم حاش لزید والحذف یقع فی الاسماء والافعال دون الحروف ویستدل ایضا بقول النابغۃ ع ۔

وما احاشی من الاقوام من احد ❊ فتصرفہ یدل علے انہ فعل

۱۵ اخلفک اخلاف مصدر از افعال وعدہ کو پورا نہ کرنا ۱۶ اخالفکم مخالفۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی مخالفت کرنا اور ناموافقت کرنا ۱۷ ارجات از افعال یقال ارجا الامر جبکہ وہ کام کو موخر کرے ای ما اخرت حدیثی عنک بذکر الرسالۃ ۱۸ لابثک از تفعیل تلبیث مصدر بمعنی ٹھیرانا و مقیم کرانا و مجردہ از سمع یقال لبث بالمکان لَبْثًا و لُبْثًا و لَبَثًا و لباثًا و لباثۃ ولبثانًا و لَبِثّیۃً جبکہ وہ ٹھرے اور اقامت کرے ۱۹ استربت استرابۃ مصدر از استفعال بمعنی شک میں پڑنا۔ اور یہ ریب سے ماخوذ ہے بمعنے شک کرنا ۲۰ بعدتی عدۃ مصدر از وعد یعد بمعنی وعدہ کرنا اور اس میں بار یہ جارہ ہے اور یہ مصدر مضاف الی الفاعل او الی المفعول بمعنی الموعود ۲۱ اغراک از افعال اغراء مصدر از افعال بمعنی بھڑکانا ۲۲ بمباعدتی مصدر از مفاعلہ بمعنی دور رہنا اور یہ مصدر مضاف الی المفعول ہے ۲۳ فاصخ ای اسمع از افعال یقال اصاخ لہ اصاخۃ ای اصغی لہ واستمع ویقال اصاخ عن کذا ای رجع عنہ واصاخ علے حق فلان ای اسکت علیہ ان یذھب بہ واما المجرد فیقال صاخ فی الارض بمعنے دخل فیھا از نصر والمصدر صوخ ویقال الصاخۃ للداھیۃ او اثر الصدمۃ فی العظم والجمع صاخ وصاخات ۲۴ اضفہا یہ امر کا صیغہ ہے اضافۃ مصدر از افعال بمعنی بڑھانا اور منسوب کرنا ۲۵ اخبار الفرج بعد الشدۃ یہ مشہور ایک کتاب کا نام ہے یحتوی علی لطائف لابن الجوزی وقیل للقاضی ابی علی التنوخی یعنی اضفت ہذہ الحکایۃ واجمعها الی کتاب اخبار الفرج بعد الشدۃ ۲۶ طیلك الطیل الحبل الذی یشد علے رجل الفرس لیرعیٰ بمقدارھا کیف یشاء وھذا مثل یضرب لمن لہ تصرف فی الامور کیف یشاء ۲۷ واھول اس کا عطف فما اطول پر ہے اور اھول یہ ہال یہول سے ماخوذ ہے ہول مصدر ہے از نصر بمعنی خوفناک ۲۸ حیلک یہ　کی جمع ہے بمعنے حیلہ وتدبیر وہوشیاری والجمع حول ایضاً ۲۹ العبوس بہت ترش رو ومنہ یوم عبوس یعنی سخت دن کنایۃ عن شدتہ وفی القرآن المجید ثم عبس وبسر و یوما عبوسا قمطریرا ۔

وَاَنَا یَوْمَئِذٍ نَقِیْرٌ وَقِیْرٌ ۔ لَافَتِیْلَ لِیْ وَلَا نَقِیْرٌ ۔ فَاَلْجَانِیْ صَفْرُ الْیَدَیْنِ ۔ اِلَی التَّطَوُّقِ بِالدَّیْنِ ۔ فَادَّنْتُ لِسُوْءِ الْاِتِّفَاقِ ۔ مِمَّنْ ھُوَ عَسِرُ الْاَخْلَاقِ ۔ وَتَوَھَّمْتُ تَسَنِّیَ النِّفَاقِ ۔ فَتَوَسَّعْتُ فِی الْاِنْفَاقِ ۔

فَمَا اَفَقْتُ حَتّٰى بَهَظَنِىْ دَيْنٌ لَزِمَنِىْ حَقُّهٗ ۔ وَلَازَمَنِىْ مُسْتَحِقُّهٗ ۔ فَحِرْتُ فِىْ اَمْرِىْ وَاَطْلَعْتُ غَرِيْمِىْ عَلٰى عُسْرِىْ ۔ فَلَمْ يُصَدِّقْ اِمْلَاقِىْ ۔ وَلَا نَزَعَ عَنْ اِرْهَاقِىْ ۔ بَلْ جَدَّ فِى التَّقَاضِىْ وَلَجَّ فِىْ اقْتِيَادِىْ اِلَى الْقَاضِىْ ۔ وَكُلَّمَا خَضَعْتُ لَهٗ فِى الْكَلَامِ ۔ وَاسْتَنْزَلْتُ مِنْهُ رِفْقَ الْكِرَامِ ۔

الترجمۃ والمطالب

اور حالانکہ اس وقت میں فقیر بوجھل تھا (یعنی قرضہ میں دبا ہوا) اور نہ میرے پاس کوئی بڑی شئی تھی اور نہ چھوٹی شئی پس تنگدستی اور میرے ہاتھوں کے خالی ہونے نے مجھے اس پر مجبور کیا کہ قرض کا طوق گردن میں ڈال لوں چنانچہ میں نے برے ہونے اتفاق کی وجہ سے قرض کا معاملہ کیا اور میں ایک بدخلق کو سخی سمجھ کر اُن بنا بیٹھا اس سے میں نے قرضہ لیا اور اس رواج کے پیشہ کو میں آسان سمجھ کر خوب خرچ کرنے لگا پس جب مجھے ہوش نہ آیا یہاں تک کہ وہ قرضہ جس کا ادا کرنا واجب تھا اس نے مجھے بوجھل کر دیا (دبا لیا) اور اس کا مستحق (جس سے میں نے قرضہ لیا تھا) وہ میرے پیچھے پڑ گیا تو مجھ کو اپنی حالت پر حیرانی ہوئی اور میں نے قرض خواہ کو اپنی تنگی سے باخبر کیا پس اس نے میری غریبی اور محتاجی کی تصدیق نہ کی (یعنی سچا نہ جانا) اور نہ مجھے تنگ کرنے سے وہ باز رہا بلکہ وہ قرضہ کے مانگنے پر اور سختی کرنے لگا۔ اور وہ اپنی انتہائی کوشش سے مجھے قاضی کے پاس کھینچ کر لے جانے لگا میں گفتگو میں نرمی اور عاجزی برتتا تھا اور اس سے میں نے یہ کہا کہ تو کریموں کی طرح مجھ پر نرمی کر (یا نرمی برت)۔

تشریح لغات

۱؎ وقیر ای الذی اوقرہ الدین ای اثقلہ ذلیل وخوار وقیل الوقیر تابع مہمل للفقیر یہ فعیل کے وزن پر ہے معنی میں مفعول کے بمعنے بوجھ و گراں بار ۲؎ فتیل الفتیل فی الاصل الحبل المفتول (بٹی ہوئی رسی) وسمی مایکون فی شق النواۃ فتیلاً لکونہ علےٰ ھیئتہ وفی القرآن المجید ولایظلمون فتیلا ویضرب بہ المثل فی الشئی الحقیر (یعنی کچھ بھی نہیں) ۳؎ نقیر ہی حفرۃ صغیرۃ فی ظہر النواۃ (کھجور کی گٹھلی کا گڑھا) وفی القرآن المجید ولایظلمون نقیراً (اس سے بھی مراد شئی حقیر ہے یعنی کچھ بھی نہیں) ۴؎ صفر الیدین یعنی دونوں ہاتھوں کا خالی ہونا اور اس سے کنایہ محتاجی کی طرف ہے اور اس میں الف لام مضاف الیہ کے بدلے میں ہے ۵؎ التطوق مصدر از تفعل بمعنی طوق پہننا ۶؎ ادنت از افعال ادیان مصدر بمعنی ادھار خریدنا یقال ادان الشئی جبکہ وہ ادھار خریدے ۷؎ لسوء الاتفاق میں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے ۸؎ عسر الاخلاق بمعنے بدخلق و کج خلق ۹؎ تسنی مصدر از تفعل بمعنی بلند ہونا ۱۰؎ النفاق یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے بمعنے رائج ہونا ای ان اھل ھذا البلد کرماء اذا انشات لھم قصیدۃ اجزلوا لی عطاء ۱۱؎ افقت افاقۃ مصدر از افعال بمعنی ہوش میں آنا ۱۲؎ بہظنی ای اثقلنی وعجزت عن حملہ یقال بہظہ الحمل اوالامر ای اثقلہ وسبب لہ مشقۃ از فتح وابہظ حوضہ ای ملأہ والباھظۃ کل ما یحدث مشقۃ اواذی وایضا الداھیۃ ۱۳؎ فحرت حار یحیر سے از ضرب بمعنی متحیر کرنا ۱۴؎ غریمی یہ اضداد میں سے ہے بمعنے قرض خواہ و قرض دار اور یہ ماخوذ غرم سے ہے بمعنے تاوان والجمع غرماء و غرام ۱۵؎ املاقی مصدر از افعال بمعنی محتاجی وفی القرآن المجید ولاتقتلوا اولادکم خشیۃ املاق ۱۶؎ نزع از فتح نزعٌ مصدر بمعنی باز رہنا از ضرب یقال نزع نزوعاً عن کذا جبکہ وہ روکے اور باز رہے۔ ۱۷؎ ارہاقی مصدر از افعال بمعنی تکلیف جو ناقابل برداشت ہو وفی القرآن المجید فلا ترھقنی من امری عسرا ۱۸؎ جد جدّ مصدر از نصر و ضرب بمعنی کوشش کرنا یقال جدّ جداً جبکہ وہ کوشش کرے ۱۹؎ التقاضی مصدر از تفاعل یقال تقاضیا الی الحاکم جبکہ وہ دونوں حاکم کے پاس فیصلہ کرنے جائیں ۲۰؎ لج لجج ولجاج ولجاجۃ مصدر از ضرب و سمع بمعنی سخت جھگڑا کرنا اور دشمنی میں مداومت کرنا لج فی الامر جبکہ وہ لازم ہو لج علٰے فلان فی المسالۃ جبکہ وہ اصرار کرے اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرے واللجاج التمادی والعناد فی تعاطی الفعل المزجور عنہ فی القرآن

المجید بل لجوفی عتوو نفور ؀۲۱ خضعت از فتح خضوع و خضع و خضعانٌ مصدر بمعنی عاجزی کرنا ؀۲۲ رفق الکرام ای رفقاء مثل رفق الکرام

وَرَغِبْتُهُ فِی اَنْ یَنْظُرَلِی بِمُیَاسَرَۃٍ. اَوْیُنْظِرَنِیْ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ. قَالَ لَاتَطْمَعْ فِی الْاِنْظَارِ. وَاحْتِجَانِ النُّضَارِ. فَوْحُقِّكَ مَا تَرٰی مَسَالِكَ الْخَلَاصِ. اَوْتُرِیَنِیْ سَبَائِكَ الْخَلَاصِ. فَلَمَّا رَأَیْتُ احْتِدَادَ لَدَدِہٖ. وَاَنْ لَامَنَاصَ لِیْ مِنْ یَدِہٖ. شَاغَبْتُهُ. ثُمَّ وَاثَبْتُهُ. لِیُرَافِعَنِیْ اِلٰی وَالِی الْجَرَائِمِ. لَا اِلَی الْحَاکِمِ فِی الْمَظَالِمِ. لِمَا کَانَ بَلَغَنِیْ مِنْ اِفْضَالِ الْوَالِیْ وَفَضْلِهٖ. وَتَشَدُّدِ الْقَاضِیْ وَبُخْلِهٖ. فَلَمَّا حَضَرْنَا بَابَ اَمِیْرِ طُوْسَ اٰنَسْتُ اَنْ لَابَاْسَ وَلَابُؤْسَ. فَاسْتَدْعَیْتُ دَوَاۃً وَبَیْضَاءَ. وَاَنْشَاْتُ رِسَالَۃً رَقْطَاءَ. وَهِیَ اَخْلَاقُ سَیِّدِنَا تُحَبُّ. وَبِعَقْوَتِهٖ یُلَبُّ.

(حواشی: ای الامہال ۱۲ — ای بعثی الی ذالان ۱۲ — ای حبیل المخاصمة ۱۲ — برائے نزد ۱۲ — ای لا ولو مخلص ۱۲ — ای متحم عبر ۱۲ — جنگ کردم ۱۲ — ای من ابواعہم ۱۲ — ای احسانہ ۱۲ — ای القرطاس ۱۲ — ای الکتبت ۱۲ — ای طلبت ۱۲ — ای الفرد ۱۲ — ای امیرنا ۱۲ — ساخت خانہ او ۱۲ — اقامت کردہ شود ۱۲)

الترجمة والمطالب

اور میں نے یہ خواہش کی کہ وہ میرے ساتھ آسانی سے دیکھے (یعنی وہ میرے اوپر رحم کرے) یا وہ مال دار ہونے تک کی مجھے مہلت دے پس وہ یہ جواب دیتا تھا کہ مہلت حاصل کرنے اور روپیہ مار رکھنے سے تو تم ہاتھ دھو بیٹھو (یعنی تم اس کی طرف خیال ہی چھوڑ) میں تمہیں قسم سے یقین دلاتا ہوں کہ سوائے اشرفیاں دکھانے (پرکھنے) کے اور کوئی چھٹکارے (رہائی) کا راستہ تمہارے لئے نہیں ہے پس جبکہ میں نے اس کے جھگڑے کی سختی کو دیکھا اور یہ کہ اس کے ہاتھ سے میرے لئے کوئی چھٹکارے (رہائی) کا راستہ نہیں ہے تو میں بھی اس سے لڑنے لگا۔ اور اس پر میں حملہ کر بیٹھا تاکہ وہ مجھے کوتوال کے پاس لے چلے نہ کہ جج کے پاس کیونکہ مجھے کوتوال کی بخشش اور اس کے احسانات اور جج کی سختی اور اس کے کنجوس ہونے کی خبر مل چکی تھی۔ چنانچہ ہم طوس کی کوتوالی میں پہونچے تو میں نے یہ محسوس کیا کہ اب کسی قسم کا کوئی خوف ہے نہ خطرہ وہاں پہنچ کر میں نے دوات اور سفید کاغذ منگوایا اور صنعت رقطاء میں ایک درخواست دیا ایک خط (بصورت رسالہ) میں نے لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔ ہمارے سردار (امیر) کے عادات تو بہت پسندیدہ جس کو سب دوست رکھتے ہیں) اور اس کے میدان میں اقامت کی جاتی ہے (یعنی لوگ وہاں پہنچ کر اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں)۔

تشریح لغات

؀۱ بمیاسرة یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے اور یہ یسر سے ماخوذ ہے بمعنی آسانی کرنا ؀۲ ینظرنی ای یؤخرنی و یمہلنی از نصر و سمع یقال نظر فلانًا الدین جبکہ وہ مہلت دے ؀۳ میسرة بکسر السین وفتحہا بمعنے آسانی و مالداری و فی القرآن المجید فنظرة الی میسرة ؀۴ الانظار مصدر از افعال بمعنی مہلت دینا یقال انظرہ الدین جبکہ وہ ادائیگی قرض کے لئے مہلت دے ؀۵ احتجان مصدر از افتعال بمعنے ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا یقال احتجن المال جبکہ وہ مال جمع کرے واحتجن علیہ جبکہ وہ روک دے مجردہ از نصر یقال حجن العود جبکہ لکڑی کو موڑے اور ٹیڑھا کرے ؀۶ النضار بالضم بمعنے خالص سونا اور ہر چیز کا خالص اور چاندی کے بھی معنے آتے ہیں مگر زیادہ تر یہ سونے کے لئے مستعمل ہوتا ہے ؀۷ فوحقک میں واو قسم کے لئے ہے ؀۸ مسالک یہ مسلک کی جمع ہے بمعنے راستہ ؀۹ سبائک یہ سبیکہ کی جمع ہے بمعنے پگھلے ہوئے سونے کے ٹکڑے ؀۱۰ الخلاص بالفتح مصدر بمعنے چھٹکارا و نجات پانا و بالکسر بمعنی خالص اور کھوٹ سے خالی کیا ہوا سونا چاندی وغیرہ ؀۱۱ احتداد مصدر از افتعال بمعنی سخت ہونا ؀۱۲ لددہ لدد کے معنی سخت جھگڑا و فی القرآن المجید الد الخصام ؀۱۳ مناص مصدر بمعنے بھاگنے اور رہائی پانے کی جگہ یقال مالک من مناص یعنی تمہارے لئے نجات کی جگہ نہیں ویقال ناص من قریہ نوصًا و مناصًا جبکہ وہ ڈرے اور بھاگے از نصر ؀۱۴ شاغبتہ مشاغبة مصدر از مفاعلہ بمعنے لڑائی جھگڑا کرنا یقال شاغبہ جبکہ وہ جھگڑا کرے، اور اس کا

مجرد فتح اور سمع سے آتا ہے۔ یقال شغب القوم وبھم وعلیھم وشغب شغبا وشغَبًا جبکہ وہ فساد برپا کرے۔ اور تباہی ڈالے ۱۵ے واثبتہ مواثبتہ مصدر از مفاعلہ بمعنے سبقت کرنا اور ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑنا ۱۶ے والی الجرائم یعنی کوتوال ۱۷ے الحاکم فی المظالم یعنی جج ۱۸ے افضال مصدر از افعال بمعنی احسان اور بھلائی کرنا اور مہربانی کرنا یقال افضل علیہ جبکہ وہ مہربانی اور احسان کرے وفضلہ مصدر بمعنے احسان وفضیلت والفضل مایزید بہ الرجل علی غیرہ من العلم والخصال الحمیدۃ از نصر وسمع ۱۹ے دواۃ بمعنی روشنائی کی دوات والجمع دویٌّ ودوی ودویٌّ ودویات ۲۰ے بیضاء ای ورقۃ بیضاء وقرطاسا لما یکتب فیہ شیئ ۲۱ے رقطاء یہ رقطۃ سے ماخوذ ہے بمعنے سیاہی جس میں سفیدی ملی ہو اس لئے کہ اس میں بعض حروف منقوط ہیں اور بعض غیر منقوط وقد قال العلماء فی الوان الضان والمعز وشیاتھا ما حاصلہ ان الشاۃ اذا کان فیھا سواد وبیاض فھی رقطاء وایضا یقال لھا بغثاء والمراء فان اسود راسھا فھی راساء فان ابیض راسھا من بین سائر جیدھا فھی رخماء فان اسودت ارنبتھا وذقنھا فھی دغماء فان ابیضت خاصرتاھا فھی خصفاء فان ابیضت شاکلتھا فھی شکلاء فان ابیضت رجلاھا مع الخاصرتین فھی خرجاء فان ابیضت احدی رجلیھا فھی رجلاء فان ابیضت اوظفتھا فھی حجلاء وخدماء فاذا کانت موشحۃ ببیاض فھی وشحاء فاذا کانت بیضاء ماحول العینین فھی عرماء فان کانت بیضاء الیدین فھی عصماء ۲۲ے اخلاق الھمزۃ واللام غیر منقوط والخاء والقاف منقوطتان ھکذا الی آخر الرسالۃ ۲۳ے سیدنا تحب ای اخلاق الامیر محمودۃ مرضیۃ یحبہ کل احد والسید بمعنی سردار اور تخفیفا اس میں سید بھی ایک لغت ہے والجمع اسیاد وسادۃ وسیائد ۲۴ے بعقوتہ بمعنے گھر کا گرداگرد میدان ومحلہ والجمع عقاء ۲۵ے یلب لب مصدر از نصر یقال لب بالمکان جبکہ وہ اقامت کرے۔

وَقُرْبُهُ تُحَفٌ . وَنَأْيُهُ تَلَفٌ . وَخُلَّتُهُ نَسَبٌ . وَقَطِيعَتُهُ نَصَبٌ . وَغَرْبُهُ ذَلِيقٌ . وَشُهُبُهُ تَأْتَلِقُ . وَظَلَفُهُ زَانَ . وَتَقْوِيمُ نَهْجِهِ بَانَ . وَذِهْنُهُ قُلَّبٌ وَجَرَّبٌ وَنَعْتُهُ شَرْقِيٌّ وَغَرْبِيٌّ ؎

سَيِّدٌ قُلَّبٌ سَبُوقٌ مُبِرٌّ فَطِنٌ مُغْرِبٌ عَزُوفٌ عَيُوفٌ

مُخْلِفٌ مُتْلِفٌ أَغَرُّ فَرِيدٌ نَابِهٌ بَاسِلٌ ذَكِيٌّ أَنُوفٌ

مُفْلِقٌ إِنْ أَبَانَ طِبٌّ إِذَا نَا بَ هِيَاجٌ وَحَلَّ خَطْبٌ مَخُوفٌ

الترجمۃ والمطالب

اور اس کی نزدیکی ہدیوں کی طرح پر ہے اور اس سے دوری ضائع ہونے کی طرح پر ہے (یعنی جو دور رہتا ہے وہ اس کی مدد نہیں کرتا) اور اس سے محبت ہونا نسب کی طرح پر ہے (یا بمنزلہ شرافت کے ہے اور اس سے قطع رحمی کرنا مشقت اور تکلیف میں پڑنا ہے اور اس کی تلوار کی دھار تیز ہے اور اس کے ستارے (اخلاق و مکارم) چمکتے ہیں اور اس کی پاکدامنی زینت ہے اور اس کا سیدھا راستہ ظاہر ہوگیا ہے (یا بڑھا گیا ہے) اور اس کی ذہن رسا طبیعت خوب الٹ پلٹ کر جانچ پڑتال کرلیتی ہے (یعنی وہ آزمودہ تجربہ کار ہے) اور اس کی تعریف شرق اور مغرب میں (تمام دنیا میں) پھیلی ہوئی ہے ؎ وہ سردار تجربہ کار ہے آگے بڑھنے والا ہے اور بھلائی کرنے والا ہے (یا وعدہ پورا کرنے والا ہے) وہ سمجھ دار ہے اور عجیب (وغریب) کام کرنے والا ہے اور وہ زاہد پاکدامن ہے اور وہ برے کام کو مکروہ سمجھنے والا ہے اور وہ عوض دینے والا ہے اور مال کو وہ تلف کرنے والا ہے اور وہ سخی (مشہور) درکیتا (بے مثال) ہے اور وہ بلند (شریف) ہے اور فاضل ہے

اور ذکاوت والا ہے اور برے کام سے بچنے والا ہے اور وہ فصیح عجیب البلاغت ہے اگر وہ اپنے کلام کو بیان کرے اور جب لڑائی چھڑ جائے یا کوئی امر دشوار و خوفناک پیش آئے تو وہ تجربہ کار اور ماہر ہے ۔

تشریح لغات

[1] تحف یہ تحفۃ کی جمع ہے بمعنے تحفہ و ہدیہ [2] نایہ مصدر بمعنی دور ہونا یقال نای ینای نایًا فلانًا و نای عن فلان جبکہ وہ دور ہوا ور اس کا صفت کا صیغہ ناءٍ آتا ہے [3] تلف مصدر از سمع بمعنے ضائع ہونا و برباد ہونا [4] خلۃ بالضم بمعنے دوستی و عادت و محبوبہ و دوست اور یہ واحد تثنیہ اور جمع مذکر اور مؤنث سب کے لئے ہے اور بالفتح بمعنے عادت و سوراخ و حاجت و محتاجی و تھوڑی سی کھٹی شراب یا سرکہ و بالکسر بمعنے دوستی و بھائی بندی و تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہو [5] نسب مصدر بمعنی قرابت و رشتہ داری والجمع انسابٌ [6] قطیعۃ مصدر بمعنی قطع رحمی کرنا و جدائی و وظیفہ و قطع تعلقات و ٹیکس و جاگیر والجمع قطائع [7] نصب مصدر از نصر و ضرب بمعنی مشقت میں پڑنا و از سمع بمعنے تھکنا یقال نصب نصبًا جبکہ وہ تھکے و نصب فی الامر جبکہ وہ کوشش کرے و فی القرآن المجید فاذا فرغت فانصب الخ [8] غرب مصدر بمعنی تلوار کی دھار اور ہر چیز کا اول و بمعنی مغرب و خوشی و تیزی [9] ذلق بمعنی زبان کی تیزی یا دھار کی تیزی وھو ذو حدۃ من الاسنۃ او الالسنۃ و بمعناہ الذلق والذلق والزلق یقال لسان ذَلِقٌ طَلِقٌ و ذُلُقٌ طُلُقٌ او ذُلَقٌ طُلَقٌ ای طلق ذو حدۃ والبلیغ الفصیح و ذلق اللسان ای کان ذلیقًا فصیحًا از کرم والمصدر ذلاقۃ و ذلق السیف ای کان حادًا از سمع و ذلق من العطش ای اشرف منہ علی الموت از نصر [10] شہب یہ شہاب کی جمع ہے بمعنے ستارے ای مناقبہ المشہورۃ کالنجوم والشہب [11] تألق ائتلاق مصدر از افتعال بمعنے چمکنا یقال ائتلق البرق جبکہ بجلی چمکنے و مجردہ از ضرب یقال الق البرق ای لمع [12] ظلف مصدر ای منع نفسہ عن الفواحش والخصال المذمومۃ و کفہ عن الھوی یعنی پارسائی و عفت و پاک دامنی یقال ظلفت عن الشئ ظلفًا ای کف از ضرب و سمع [13] زان زین مصدر از ضرب بمعنی زینت دینا یقال زان الشئ جبکہ خوب صورت بنائے اور آراستہ کرے [14] قویم من اضافۃ الصفۃ الی الموصوف ای نھجہ القویم بمعنے سیدھا و معتدل و اچھے قد و قامت والا والجمع قیامٌ [15] نہج مصدر از فتح بمعنے واضح راستہ یقال طریق نھج و طرق نھجۃ و نھجات و نھج و نھوج [16] بان ای ظھر و وضح و اشتھر بین الانام از ضرب یقال بان بیانًا و تبیانًا جبکہ ظاہر اور واضح ہو [17] قلب یہ ماضی کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنی لوٹنا پوٹنا و پلٹ دینا یعنی اوپر کا نیچے کر دینا و یقال قلب الامر ظہر البطن جبکہ وہ معاملہ کی آزمائش کرے [18] جرب از تفعیل بمعنے تجربہ کرنا و آزمانا [19] نعتہ مصدر بمعنی تعریف کرنا از فتح والنعت من الخیل یعنی گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں و یقال شئ نعتٌ یعنی عمدہ چیز [20] قلب بالضم پلٹنے والا اور بہت الٹنے پلٹنے والا اور معاملہ کے الٹ پھیر کا ماہر [21] سبوق یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بہت آگے بڑھنے والا والسبوق من الخیل سب میں آگے بڑھنے والا گھوڑا [22] مبر ابرار مصدر از افعال بمعنی بھلائی اور نیکی کرنے والا اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے [23] فطن ای ذو فطنۃ و ذکاء یعنی عقلمند سمجھدار والجمع فطنٌ و فطُنٌ [24] مغرب اسم فاعل کا صیغہ از افعال یقال اغرب فلانٌ اذا جاء بشئ غریب [25] عزوف بمعنی زاہد و پاکدامن یقال عزف عن الشئ عزفًا و عزوفًا ای زہد فیہ از نصر و ضرب [26] عیوف ای مبغض للرذائل اور یہ مشتق ہے عاف الطعام اذا کرہہ سے از سمع و ضرب والمصدر عیفٌ و عیافٌ و عیفان [27] مخلف اسم فاعل کا صیغہ از افعال بمعنی عوض دینے والا [28] متلف اسم فاعل کا صیغہ اتلاف مصدر بمعنی تلف کرنے والا یعنی اپنا مال اس کے مستحقین کو دے کر وہ تلف کرنے والا ہے [29] اغر بمعنے خوبصورت و فیاض و سردار شریف و اغر من الخیل پیشانی پر سفیدی والا گھوڑا والجمع غرٌّ و غرانٌ [30] فرید بمعنی یکتا و بے نظیر و بے مثال و ایک موتی نفیس والجمع فرائد [31] ناب اسم فاعل کا صیغہ اور یہ

نباہت سے ہے از نصر و سمع و کرم بمعنی سمجھدار شہرت والا (یعنی شریف) والجمع بنہاء ۳۲؎ انوف یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنے خود دار ہونا اور برے کام کو ناپسند کرنا ۳۳؎ مغلق الذی یاتی بالامر العجیب یعنی فصیح عجیب البلاغۃ ۳۴؎ طب بالکسر بمعنی طبیب و معالج وحاذق ماہر ۳۵؎ ناب از نصر ای نزل وحدث یقال ناب نیوب نوبًا و نوبۃ فلانا امر جبکہ پیش آئے ۳۶؎ ہیاج مصدر یہ یائی ہے بمعنے لڑائی وقتال از ضرب ۳۷؎ خطب بمعنی حادثہ وامر دشوار والجمع خطوب ۳۸؎ مخوف بمعنے خوفناک یقال طریق مخوف یعنی خوفناک راستہ۔

مَنَاظِمُ شَرَفِهٖ تَأْتَلِفُ۔ وَشَآبِيْبُ حِبَائِهٖ يَكِفُ۔ وَنَائِلُ يَدَيْهِ فَائِضٌ۔ وَشُحُّ قَلْبِهٖ غَائِضٌ۔ وَخِلْفُ سَخَائِهٖ يُحْتَلَبُ۔ وَذَهَبُ عِيَابِهٖ يُحْتَرَبُ۔ مَنْ لَفَّ لِفَّهٗ فَلَحَ وَغَلَبَ۔ وَتَاجِرُ بَابِهٖ جَلَبَ وَخَلَبَ۔ كَفَّ عَنْ هَضْمِ بَرِيٍّ۔ وَبَرِيَ مِنْ دَنَسِ غَوِيٍّ۔ وَقُرِنَ لَبَانُهٗ بِعِزٍّ۔ وَنَكَبَ عَنْ مَذْهَبِ كَزٍّ۔ لَيْسَ بِوَثَّابٍ عِنْدَ نُهْزَةِ شَرٍّ۔ بَلْ يَعِفُّ عِفَّةَ بَرٍّ۔

الترجمہ والمطالب

اور اس کی شرافت کے ہار (یعنی اس کے شریف صفات) پرو دیئے جاتے ہیں۔ اور اس کی عطاؤں کی بارش بہتی رہتی ہے اور اس کے دونوں ہاتھوں کے عطیے بہتے رہتے ہیں اور اس کا قلبی بخل معدوم ہو گیا ہے (یعنی چلا گیا ہے) اور اس کے بخشش کے پستان سے دودھ دوھا جاتا ہے اور اس کی گٹھڑیوں کا سونا لوٹا جاتا ہے اور جو اس کی جماعت میں شریک ہوا (یا مل گیا) وہ کامیاب اور غالب ہوا اور اس کے دروازے سے بیوپاری (تاجر) مال حاصل کرتا ہے۔ اور وہ اس کو دھوکہ دے جاتا ہے، اور وہ غیر ظالم پر ظلم کرنے سے باز رہتا ہے اور وہ اُن عیبوں سے جو کسی گمراہ میں ہوتے ہیں پاک اور بری ہے اور اس کی نرمی سختی سے ملی ہوئی ہے یعنی فقراء کے آگے وہ عاجزی سے پیش آتا ہے اور متکبرین کے سامنے وہ تکبر سے پیش آتا ہے اور وہ بخیل (یا کج راہ) کے طریقے سے بیزار ہے برائی کے موقع پر وہ کودنے والا نہیں بلکہ وہ نیکوں کی طرح پاک دامنی کرتا ہے (یعنی پارسا رہتا ہے)

تشریح لغات

۱؎ مناظم یہ منظم کی جمع ہے وھو فی الاصل مکان النظم والنظم ھو جمع اللؤلؤ و تالیفہ فی سلک واحد ونظم الشیئ الی الشیئ ای جمعہ وضمہ ونظم الامر ای اقامتہ باب الکل از ضرب ۲؎ تاتلف ایتلاف مصدر از افتعال وھو الاجتماع من الفہ اذا انس بہ واحبہ بابہ سمع ۳؎ شؤبوب الدفعۃ من المطر ویقال لشدۃ حر الشمس ولحد کل شیئ وایضا الشؤبوب اول مایظہر من الحسن والجمع شآبیب یقال ھو حسن شآبیب الوجہ ۴؎ حباءہ ای عطاؤہ یعنی عطیہ وعورت کا مہر ۵؎ یکف از وکف یکف (ضرب) وکف مصدر و وکیف و وکوف و وکفانا مصدر بمعنی بہنا یقال وکف الدمع جبکہ آنسو ٹپکے ۶؎ نائل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے عطیہ وبھلائی اور یہ مفعول کے معنے میں ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول فی عیشۃ راضیۃ ۷؎ فاض از ضرب وفیض وفیوض وفیضان وفیوضۃ وفیضوضۃ مصدر یقال فاضت عینہ یعنی اس کے آنسو بہ پڑے وفاض السیل جبکہ کثرت سے بہے ۸؎ شح بفتح الشین وکسرہا وضمہا مصدر بمعنی بخل کرنا یقال شح بالشیئ جبکہ وہ بخل کرے اور حرص کرے ۹؎ غاض یہ غاض الماء ای غار فی الارض سے ماخوذ ہے از ضرب ۱۰؎ خلف بکسر الخاء وسکون اللام الثدی والضرع اونٹنی کے تھن ۱۱؎ یحتلب احتلاب مصدر از افتعال بمعنی دودھ کا دوہنا ۱۲؎ سخائہ مصدر بمعنی سخاوت اور بخشش شبہ فی الفیض بالثدی فی الاحتلاب ۱۳؎ عیابہ یہ عیبۃ کی جمع ہے بمعنے گٹھڑی وھی وعاء الثیاب وقد یوضع فیہ المال ۱۴؎ یحترب ای یستلب احتراب مصدر از افتعال بمعنی لوٹنا ۱۵؎ لف از نصر یقال لف

الشئ لفّا جبکہ وہ لپیٹے اور ملائے اور جمع کرے و یقال لف الشئ بالشئ جبکہ وہ چیز کو چیز سے ملائے اور توڑے ١٦ لفہ اللف بمعنی گروہ یا پارٹی واکٹھی قوم جو ادھر ادھر سے جمع کی جائے و گنجان باغ والجمع الفاف و لفوف ١٧ فلج از فتح ای ظفر و فاز ١٨ تاجر اسم فاعل کا صیغہ بمعنے تجارت کرنے والا یقال تجر الرجل جبکہ وہ تجارت کرے از نصر والمصدر تجرٌ و تجارة ١٩ جلیب ای جمع المال من عندہ وجرّہ الی دارہ از نصر وضرب ویقال جلبہ ای ساقہ وجاء بہ وجلب القوم ای جمعہم وایضا جلب من قد سمع بمعنی اجتمع والمصدر جلب وایضا جلب علیہ من نصر ای جنی علیہ ٢٠ خلب ای تطفہ واماله لنفسہ وھو اصل فی خلب السبع الفریسۃ ای اخذھا بمخلبہ او غلبہ یظفرہ ای خدشہ وجرحہ از نصر وضرب ٢١ کف ای امتنع کف مصدر از نصر بمعنی روکنا ٢٢ ھضم والھضم فی الاصل ھو الکسر یقال ھضمہ ای کسرہ ومنہ ھضمہ بمعنی ظلمہ وغضبہ از ضرب ٢٣ بری بسکون الباء وتشدید ہا وہ شخص جس نے ظلم نہ کیا ہو و بمعنی خالص وخالی گناہ وتہمت سے پاک والجمع بریئون و براءٌ و براءٌ وابراءٌ وابریاءٌ ٢٤ بری از سمع یقال بری من العیب والدین برءًا وبراءً وبراءۃً جبکہ وہ خلاصی اور نجات پائے ٢٥ دنس از سمع یقال دنس دنسًا ودناسۃ جبکہ وہ عیب دار ہو میلا ہو ٢٦ غوی بمعنی گمراہ اور خواہشات کا غلام ٢٧ قرن از ضرب قرن مصدر بمعنی ملانا و باندھنا یقال قرن الشئ وبالشئ جبکہ وہ باندھے اور ملائے ٢٨ لیانہ فاللیان اسم من اللین وھو ضد خشن از ضرب والمصدر لینٌ ولیانٌ ولینۃٌ ٢٩ بغر وھو خلاف الذل یقال عزّ فلان ای صار عزیزا والمصدر عزٌّ وعزۃٌ وعزازۃٌ وایضا عز بمعنی قوی ضد ضعف از ضرب وایضا عزہ ای قواہ والمصدر عزا از نصر ٣٠ نکب از تفعیل ای عدل واعرض ومجردہ من نصر و سمع ٣١ مذہب مصدر بمعنی روش وطریقہ واعتقاد اصل والجمع مذاہب ٣٢ کز والکز والکزازۃ انقباض از نصر یقال کز الشئ ای ضیقہ وکزت خطاہ ای تقاربت والکز المنقبض والیابس یقال وجہ کزٌّ ای قبیح وفلان کز الیدین ای بخیل ٣٣ بوثاب بہت کودنے والا ومنہ فرس وثاب یعنی تیز رفتار گھوڑا ٣٤ نہزۃ بمعنے فرصت والجمع نہزٌ ٣٥ یعف از ضرب یقال عفّ عفًا وعفۃ و عفافًا و عفافۃ جبکہ وہ حرام یا غیر مستحسن سے رکے اور بمعنے پاک دامن ہونا اور اس کا صفت کا صیغہ عفیف اور عِفٌّ آتا ہے ٣٦ بر بالفتح بمعنے نیکوکار والجمع بررٌ اور بالکسر بمعنے عطیہ وطاعت وسچائی ونیکی ول ولومڑی کا بچہ وچوہا و بڑا چوہا و بالضم بمعنے گیہوں ۔

فَلِذَا يُجْتَبٰى وَيُسْتَحَقُّ عَفَافُهٗ	شَغَفًا بِهٖ فَلُبَابُهٗ خَلَّابٌ	اَخْلَاقُهٗ غُرٌّ تَرِفُّ وَفُوقُهٗ
نُوقٌ إِذَا نَاضَلْتَهٗ غَلَّابٌ	سُجُحٌ يَهِشُّ وَذُوْ تَلَافٍ اِنْ هَفَا	خِلٌّ فَلَيْسَ بِحَقِّهٖ يُرْتَابُ
لَا بَاخِلٌ بَلْ بَاذِلٌ خِرَقٌ إِذَا	يُعْتَرُّ بَزٌّ لَا يَلِيْهِ تَبَابٌ	اِنْ عَضَّ اَزْلٌ فَلَا غَرْبُ عِضَابِهٖ
	بِمَنَابِهٖ فَاُنْحِتَتْ مِنْهُ نَابٌ	

الترجمة والمطالب

پس وہ اس لئے دوست رکھا جاتا ہے اور اس کی پارسائی (پاکدامنی) قابل تعریف ہے اس کا جوہر یعنی خالص عقل لبھانے والی (دھوکہ دینے والی) ہے اس کی عادتیں مشہور ہیں اور چمکتی ہیں اور بوقت تیر اندازی اس کے تیر کا اگلا حصہ اور (یعنی اس کی نوک) ہمیشہ غالب رہتی ہے اور وہ نرم عادت والا ہے اور وہ (عطا کے وقت) خوش ہوتا ہے اور اگر کسی سے لغزش ہو جائے تو وہ اس کا تدارک کرتا ہے اور وہ ایسا دوست ہے جس کے حق میں شک نہیں کیا جا سکتا۔ اور وہ بخیل نہیں ہے بلکہ سخی ہے اور خرچ کرنے والا ہے اور وہ فصیح ہے جبکہ کوئی سائل پیش کیا جائے تو اس کے لئے دروازہ اور زبان

مانع اور حائل نہیں اگر کسی کو تنگی عیش کاٹتی ہے تو وہ اس کے دانتوں کی تیزی کو خود ایسا کند دکھٹا، کرتا ہے کہ سرے سے اس کے دانت جھڑ جاتے ہیں۔

تشریح لغات

[1] فلذا اس میں لام حرف جار ہے اور ذا اسم اشارہ [2] عفافه العفاف الکف والامتناع عما لایحل (یعنی افعال قبیحہ سے بچنا) ویقال عفّ عن کذا ای امتنع ازضرب [3] شغفا یقال شغف به ای اولع به و شغف حبه ای علق بالشغاف ای غلاف القلب از سمع والمصدر شغف [4] فلبابه اللباب الخالص من کل شئ یقال حسبٌ لبابٌ وعیش لباب ای الخالص ویقال فلان لباب القوم ای مختارهم وصفیهم یستوی فیه المذکر والمؤنث والواحد والجمع [5] خلاب یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنے بہت دھوکا دینے والا یقال خلبه خلبا وخلابًا وخلابةً جبکہ وہ نرم کلامی سے فریفتہ کرے از نصر [6] غر بمعنے مشہور یا اغر کی جمع ہے بمعنے خوبصورت وہر چیز کا مفید و فیاض و سردار و شریف اور اس کی جمع غُرّان بھی آتی ہے [7] ترف ای تزین وتلمع اور یہ رفّ النبات رفا سے ماخوذ ہے ای اهتزّ نضارةً ورفّ البرق ای لمع از ضرب [8] فوقه الفوق راس السهم حیث یقع الوتر (سوفار) والجمع افواق والمراد ههنا السهم [9] ناضلة مناضلة مصدر از مفاعلہ بمعنی تیر اندازی کرنا ای باریتہ [10] غلاب بہت غلاب ہونے والے والجمع غلابون از ضرب [11] سجح ای سهلٌ ولینٌ یقال رجلٌ سجحٌ ای لین الخلق وحسن الخصال وسجح خلقه ای لان وسهل یقال فی عقله رجاحة وفی خلقه سجاحة والسجح الوالی ای احسن العفو والسجح الرجل ای لطف کلامه یقولون اذا سالت فاسجح از سمع والمصدر سجح وسجاحة [12] یهش از سمع یقال هش هشاشةً وبشاشًا جبکہ وہ خوش ہو اور مسکرائے اور بسہولت نیکی کرے [13] تلاف مصدر از تفاعل اس میں یا ساقط ہوگئی ہے بمعنے تلف کرنا [14] هفا از نصر بمعنے پھسلنا والمصدر هفو وهفوان [15] خل بالکسر والضم بمعنے دوست والجمع اخلالٌ [16] یرتاب ارتیاب مصدر از افتعال بمعنی شک کرنا [17] باخل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے بخیل والجمع بخلٌ از سمع وکرم [18] باذل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے والمصدر بذل از نصر وضرب بمعنے دینا و سخاوت کرنا [19] خرق بمعنے کریم سخی والجمع اخراقٌ وخراق وخروق اور خوق اور خرق اور خوقة کے اصل معنے رائے کی کمزوری اور نادانی اور بیوقوفی اور سختی کے ہیں از سمع وکرم [20] یعترا اعترار مصدر از افتعال بمعنی سامنے آنا یعنی کوئی حاجت کے لئے اس کے پاس آئے وفی القرآن المجید واطعموا القانع والمعتر یقال عرّه ای اتاه معترا ای اتاه للمعروف من غیر ان یسأل از نصر [21] برز مصدر از نصر بمعنی ظاہر ہونا اور یہ بارز کے معنے میں ہے اور اس سے مراد سائل ہے [22] لایلیه ولی وولی یلی سے بمعنی متصل ہونا اور قریب ہونا اور یہ ضرب سے قلیل الاستعمال ہے [23] باب بمعنی دروازہ والجمع ابوابٌ وبیبان [24] عض عضٌّ وعضیض مصدر از سمع یقال عضه عضًّا جبکہ وہ دانت سے پکڑے اور کاٹے اور علے کے صلہ کے ساتھ عض بہ اور عض علیہ بھی بولا جاتا ہے [25] ازل بمعنی تنگی ای شدة وجدبٌ وضیق عیش یقال ازل ای وقع فی شدة وضیق فهو ازلٌ وازاله ای حبسه از ضرب والمصدر ازلٌ [26] فلّ ای کسر یعنی کند ہونا اور یہ مشتق ہے فل السیف سے ای ثلمه از نصر والمصدر فلٌّ [27] غرب بمعنی دھار و تیزی و ہر چیز کا اول [28] عضاض مصدر از مفاعلہ جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے [29] بمنابه یہ مصدر میمی ہے اور یہ نیابت سے ماخوذ ہے بمعنے قائم مقامی و کفایت کرنا [30] انحت از انفعال ای انکسر وسقط یقال حت الشجر ای اسقط ورقه وقشره وحت الشئ من الثواب ای حکه وازاله وحتهٗ عن الشئ ای ازاله از نصر [31] ناب بمعنی کچلی کے دانت والجمع انیب ونیوبٌ وانیابٌ ۔

وَجِدِیُرٌ بِمَنْ لَبَّ [1] وَفَطِنَ ۔ وَقَرُبَ وَشَطَنَ [2] ۔ اَنْ اَذْعَنَ [3] لِقَرِیْعِ [4] زَمَنٍ [5] ۔ وَجَابِرِ زَمِنٍ [6] ۔ مُدْ دَحَنَّعٍ [7]

(ای حقیق ۱۲) (ای فطنا ۱۲) (صار عاقلا ۱۲) (بعد ۱۲) (اصلاح کنندہ ۱۲) (دست و پا شکستہ ۱۲)

ثَدْيِ لِبَانِهِ ۔ خُصَّ بِإِفَاضَةِ تَهْتَانِهِ نَعْشٌ وَفَرَّجَ ۔ وَضَافَرَ فَابْهَجَ ۔ وَنَافَرَ فَأَزْعَجَ وَفَاءَ يَحُقُّ أَبْلَجَ ۔ أُتْعِبَ مَنْ سَيَلِي ۔ وَقُرِّظَ إِذْ هُزَّ وَبُلِيَ ۔ وَتَوَّجَ صِفَاتِهِ بِحُبِّ عُفَاتِهِ ۔

فَلَا خَلَا ذَا بَهْجَةٍ ... يَمْتَدُّ ظِلُّ خِصْبِهِ ... فَإِنَّهُ بَرٌّ بِمَنْ
آنَسَ ضَوْءَ شُهْبِهِ ... زَانَ مِنْزَايَا ظُرْفِهِ ... بِمَلْبَسٍ خَوْفِ رَبِّهِ

الترجمۃ والمطالب عقلمند نزدیک اور دور کے لئے یہ مناسب اور لائق ہے کہ زمانہ کے سردار اور حالت سدھارنے والے کی وہ اطاعت کریں جو پستانوں سے دودھ پیتے (بچپن سے) جو دو سخا کی بارش کے لئے چھانٹ لیا گیا ہے جس نے کمزوروں کو بلندی پر پہنچا دیا، اور ان کی حاجت روائی کی اور اس نے ایسی مدد کی کہ ان کو خوش کر دیا جب وہ فخر پر اترآتا ہے تو وہ فریق مخالف کو گھبرا دیتا ہے اور خود وہ فائز المرام ہو جاتا ہے یا روشن دلائل سے ثابت کر دیتا ہے اور اپنے بعد میں ہونے والے حاکم کو مصیبت میں ڈال رکھا ہے جب وہ بلایا جاتا ہے اور آزمایا جاتا ہے تو اس کی تعریف کی جاتی ہے اور اس نے اپنی صفات کا تاج پہن رکھا ہے اس لئے کہ وہ فقرا اور سائلین سے محبت کرتا ہے ۔

پس وہ ہمیشہ رونق والا رہے اور اس کے فیض و اکرام کا سایہ دراز ہو یقیناً وہ ہر اس شخص کا محسن ہے جو اس کے ستاروں کی روشنی دیکھے (یعنی اس پر آسرا رکھے) اور اس نے اپنے فضائل دانائی کو خوف الٰہی کے لباس سے سنوار رکھا ہے ۔

تشریح لغات ۱؎ لب یقال لب فلان ای صار لبیبا از سمع و فتح والمصدر لبیب ولبابۃ۔ فطن یقال فطن للامر و بہ والیہ ای ادرکہ و فہمہ و حذق فیہ از سمع و کرم و نصر ۲؎ شطن یقال شطنہ ای ابعدہ اور اس کے معنی دور کرنے اور رسی سے باندھنے کے بھی آتے ہیں و یقال شطن فی الارض جبکہ داخل ہو و شطن الدار شطونا جبکہ وہ دور ہو و شطن الرجل جبکہ وہ حق وغیرہ سے دور ہو فالمصدر شطن و شطون فالشطن متعد والشطون لازم ۳؎ اذعن اذعان مصدر از افعال بمعنی مطیع ہونا اور تابعدار ہونا ۴؎ لقریع بمعنے سید و سردار و رئیس یقال فلان قریع دہرہ یعنی فلان شخص زمانہ کا انتخاب ہے و ہو قریع الکتیبۃ یعنی وہ فوج کا سردار ہے اور اس کے معنے قرعہ اندازی کرنے والا اور قرعہ اندازی میں غالب اور قرعہ اندازی میں مغلوب اور جوان اونٹ کے بھی آتے ہیں ۵؎ زمن بفتحتین بمعنی زمانہ والجمع ازمان و ازمن ۶؎ جابر اسم فاعل کا صیغہ بمعنی اصلاح کرنے والا اور یہ جبر العظم سے ماخوذ ہے بمعنی اصلح از نصر ۷؎ زمن بفتح الاول وکسر الثانی بمعنی لنجا والجمع زمنون۔ از سمع یقال زمن زمنا و زمنۃ جبکہ وہ لنجا ہو واعلوان الانسان زمن ثم اذا زادت زمانتہ فہو ضمن فاذا اقعدتہ فہو مقعد فاذا لم یکن بہ ذالک فہو مغضوب ۸؎ رضع از ضرب و سمع و فتح مصدرہ رضع و رضاع و رضاعۃ بمعنے دودھ پینا یقال رضع الولد امہ جبکہ وہ ماں کا دودھ پئے ۹؎ ثدی بمعنی پستان مذکر و مؤنث والجمع ثدی و ثدی و اثد ۱۰؎ لبانۃ اللبان لبن المرأۃ خاصۃ و قیل اللبان کالرضاع فیقال ہو اخوہ بلبان امہ ولا یقال بلبن امہ ولا یقال بلبن امہ واللبان بفتح اللام الصدر او ما بین الثدیین و اکثر استعمالہ لجنس ذوات الحوافر کالفرس یقال لبن الرجل ای سقاہ اللبن از ضرب ۱۱؎ تہتانہ یہ فعلان کے وزن پر بمعنے بارش التہتان نحو من الدیمۃ واصلہ ہتت السماء ہتنا و ہتونا ای تتابع مطرہا والنصب از ضرب ۱۲؎ نعش از فتح یقال نعشہ اللہ ای رفعہ و اقامہ ۱۳؎ ضافر مضافرۃ مصدر از مفاعلہ بمعنی مدد کرنا یقال ضفر الحبل ای فتلہ و ضفر الشعر ای نسج بعضہ علی بعض عریضا و ضفر

الرجل ای وثب فی عدوه وضفر الدابة ای القی اللجام فی فیها بابه ضرب وضافره علی الامر ای عاونہ ؁ فابہج ازافعال یقال ابہج المکان جبکہ وہ سرسبز ہوا ابہجہ جبکہ وہ خوش کرے اور یہ اخیر معنے یہاں مراد ہیں ؁ نافر از مفاعلہ منافرۃ اور نفار مصدر بمعنے حسب و نسب میں فخر کرنا اور فیصلے کے لئے جانا اور یہ نفر سے ماخوذ ہے اور زمانہ جاہلیت میں عرب والے زیادہ آدمیوں کو نفر کہتے تھے اور یوں کہتے تھے اَیُّنَا اَعَزُّ نَفَرًا پس منافرۃ مفاخرۃ کے معنے میں مستعمل ہے اور مفاخرت میں بسا اوقات لڑائی تک نوبت پہنچ جاتی تھی اور اس کا مرافعہ ہوتا تھا، پھر ان میں سے افضل کو ترجیح دی جاتی تھی ؁ فازعج ازافعال ازعاج مصدر بمعنی گھبرا دینا اور بے چین کر دینا یقال زعجہ ای اقلقہ وقلعہ من مکانہ وطردہ وزعج الرجل ای صاح ازفتح والمصدر زعج وازعجہ الی المعصیۃ ای ساقہ الیہا ؁ ابلج یہ صفت کا صیغہ ہے از سمع یقال بلج الحق جبکہ واضح ہو اور ظاہر ہو و بلج الرجل جبکہ وہ ہنس مکھ اور کشادہ رو ہو اور ابلج کے معنے علیحدہ علیحدہ ابروؤں والے کے بھی آتے ہیں ؁ سیلی یہ ولی یلی ولایۃ بالفتح وبکسر الواو سے ہے بمعنے والی ہونا اور متصرف ہونا یقال ولی الشئ وعلی الشئ جبکہ والی ہو ؁ ترظ از تفعیل تقریظ مصدر وھو المدح اللحی بحق او باطل ویقال قرظ فلانٌ ای ساد بعد ھوانٍ یعنی ذلت کے بعد سردار ہونا از سمع والمصدر القرظ ؁ ہزہز مصدر از نصر بمعنی حرکت کرنا وہز الشئ وبالشئ جبکہ وہ ہلائے وہز من عطفت فلان جبکہ وہ کام کے لئے ابھارے وہزبہ السیر جبکہ وہ سیر کی وجہ سے جلدی چلے ؁ بلے از بلا الرجل بلواً وبلاء جبکہ وہ آزمائے اور تجربہ کرے اور امتحان لے از نصر ؁ تورج از تفعیل یقال توجہ جبکہ وہ تاج پہنائے و مجردہ از نصر یقال تاج تَوَجًا جبکہ تاج پہنے ؁ عفاۃ یہ عافٍ کی جمع ہے بمعنے سائل ومہمان و بخشش و رزق کا طالب ؁ یمتد امتداد مصدر از افتعال بمعنے بڑھنا ؁ خصبہ بکسر الخاء المعجمۃ بمعنے سبز گھاس کی کثرت و فراخی زندگانی والجمع اخصاب یقال بلدٌ خصیب واخصابٌ اور جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے ہے بمعنے سرسبز شہر ویقال ارض خصیب وارضون خصبٌ وارض خصبۃ وخصبۃ اور یہاں یہ کنایہ مال سے ہے ؁ آنس از مفاعلہ یقال آنس الشئ جبکہ وہ دیکھے ومنہ آنس من جانب الطور ناراً ؁ مزایا یہ مزیۃ کی جمع ہے بمعنے شرافت و بزرگی ؁ ظرفہ بمعنے دانائی و حذاقت و فوقیت و برتن یقال من الظرف جود المهدی بالظرف اس میں پہلا ظرف بمعنے دانائی ہے اور دوسرا بمعنے برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے ؁ رب مصدر بمعنی مالک و سردار و درست کرنیوالا پرورش کرنے والا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

فَلْيَهْنِ سَيِّدَنَا فَوْزُهُ بِمَفَاخِرَ تَأَثَّلَتْ وَجَلَّتْ. وَفَوْقُهُ بِصَنَائِعَ تَمَّتْ وَنَمَّتْ. وَيُمْنُ قُرْبِ حَضْرَتِهِ. غَوْثُ رِقِّهِ بِحَظٍّ مِنْ حُظْوَتِهِ. فَإِنَّهُ تَلِيدُهُ نَدِيٌّ. وَشَرِيفُهُ جَدِيٌّ. وَجَرِيحُ نُوَبٍ اَثَّرَتْ. وَنَاظِمُ قَلَائِدَ تَسَيَّرَتْ. إِذَا جَاشَ لِخُطْبَةٍ فَلَا يُوجَدُ قَائِلٌ. ثُمَّ قُسٌّ ثُمَّ بَاقِلٌ فَإِنْ حَبَّرَ قُلْتَ حِبَرٌ نُمْنِمَتْ. وَخِلْتَ رِيَاضًا قَدْ نُمْنِمَتْ. هٰذَا ثُمَّ شِرْبُهُ بَرْضٌ. وَقُوتُهُ قَرْضٌ. وَنَلْقُهُ غَسِيقٌ. وَجِلْبَابُهُ خَلَقٌ. وَقَدْ فَلَقَ لِتَوَعُّرِ غَرِيمٍ. غَاشِمٍ. يَسْتَحِثُّهُ بِحَقٍّ لَازِمٍ

الترجمۃ والمطالب

پس ہمارے سردار کو ان فخروں کی کامیابی جو اس پر مستحکم ہیں اور نیکیوں پر سبقت لے جانا جو بدرجۂ اتم موجود ہیں مبارک ہو اور اس کی درگاہ کے شایان شان اپنے غلام کو اپنے فیوض سے مدد کرتا ہے پس تحقیق کہ اولاد کریم سے ہے اور شریف ہے اور قحط زدہ ہے اور وہ ایسے مصائب کا زخمی کیا ہوا ہے جو کافی اس میں اثر کر گئے ہیں اور اس کے ہار کا

پرونا مشہور ہے (یعنی وہ شاعر اور مصنف رسالہ ہے) اور وہ فصیح ہے اور کلام کے آراستہ کرنے کا مالک ہے اور اس کے جوشِ تقریر کے وقت کوئی دم نہیں مار سکتا یہاں تک کہ قس بھی اس کے آگے باقل بن کر رہ جاتا ہے (یعنی گونگا ہو جاتا ہے) اگر وہ اپنے کلام کو آراستہ کرے تو تم یہ کہہ دو کہ یہ تو یمنی منقش چادر ہے اور ایسا معلوم ہوگا کہ باغوں کا حسن زیادہ ہو گیا یہ اس کی فصاحت کی حالت ہے پھر اس کا (یعنی میرا) مال سے حصہ تھوڑا ہے اور محض ادھار پر اس کی زندگی ہے اور اس کے صبح کی روشنی بھی تاریک ہے اور اس کی چادر پرانی ہے اور وہ ظالم قرض خواہ کی ناواجبی باتوں سے سخت مضطرب ہے جو قرض واجب کے وصول کرنے میں جلدی چاہتا ہے (یعنی جلدی طلب کرتا ہے)

تشریح لغات

لہ فلیہن ای فلیکن ھنیئاً لسیدنا و امیرنا والعرب یقول لیہنئک الولد ای لیَسُرّک ازضرب و فتح ونصر والمصدر ھَنْئٌ وھِنَاءٌ وھَنَاءٌ ۲ہ تاثلت ای تاصلت وتجمعت واستحکمت ازتفعل تاثل مصدر ھو التاھل فی الارض او الشرف واثل فی الارض او فی الشرف ای تاصّل بہ ازضرب وکرم ۳ہ فوقہ یہ مصدر ہے ای سبقہ علے اقرانہ یقال فاق زید لے سبق از نصر ۴ہ بصنائع یہ صنیعۃٌ کی جمع ہے بمعنے احسان اور اچھے کام اور صناعت و پیشہ اور وہ علم جو مزاولت عمل سے حاصل ہو اور وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو ۵ہ تمت تمام مصدر از ضرب ونصر بمعنی تمام ہونا اور پورا ہونا ۶ہ نمت قیل من النمو از نصر بتخفیف المیم نمعناہ علت وارتفعت وقیل من النمیمۃ (بتشدید المیم) بمعنے چغل خوری کرنا از نصر وضرب ۷ہ یلائم ای یوافق ویجتمع ملائمۃ مصدر از مفاعلہ یقال لائم الشئ ملایمۃ جبکہ وہ درست کرے اور جمع کرے ولائمہ الشئ جبکہ وہ موافقت کرے ولائم بین القوم جبکہ وہ صلح کرائے ۸ہ غوث مصدر بمعنے مدد کرنا یقال غاثہ یغوثہ غوثاً جبکہ وہ اعانت اور مدد کرے ۹ہ رقہ بالکسر ای عبدہ وھو ایضاً مصدر رق العبد ای صار اوبقی رقیقاً ازضرب ۱۰ہ بخط الحظ النصیب (حصہ) من الخیر والفضل وقد یطلق علے الغضب من الشر وایضاً الیسر والسعادۃ والجمع حظاظ وحظوظ واحظ وحَظَّ الرجل ای کان ذا حظٍّ فھو حظیٌّ وحظیظ وحظوظ از سمع ۱۱ہ حظوتہ بفتح الاول وکسرھا المکانۃ والمنزلۃ عند الناس وحظی بالرزق ای نال حظاً منہ واحتظی ای کان ذا منزلۃ ومکانۃ از سمع والمصدر الحظوۃ والحظوۃ والحظۃ ۱۲ہ تلید ای ولید (پیدا ہونا) التاء بدل من الواو کمافی دجاہ وتجاہ التلید من ولد معک یہ داوی اور یا تا ماصلی بمعنی سابقہ رہنا ۱۳ہ ندب السریع فی قضاء حوایج الناس وایضاً الندب السریع فی الفضائل والظریف النجیب والجمع ندوبٌ وندباء ۱۴ہ شرید یہ صفت کا صیغہ ہے یقال شرد ای نفر وشرد علی اللّٰہ ای خرج عن طاعتہ از نصر والمصدر شرُدٌ وشرادٌ وشرود ۱۵ہ جدب بمعنی قحط اور یہ صفت کا صیغہ ہے از نصر وضرب وکرم ۱۶ہ جریح بمعنے زخمی والجمع جرحیٰ از سمع اور یہ مجروح کے معنے میں ہے ۱۷ہ نوب یہ نوبۃٌ کی جمع ہے بمعنے حادثہ ومصیبت ۱۸ہ ناظم اسم فاعل کا صیغہ یہ نظم سے ماخوذ ہے بمعنے پرونا و آراستہ کرنا و موزوں کرنا از ضرب و ترتیب دینا اور کسی چیز سے جوڑنا والمراد ھہنا منشی الاشعار والرسائل ۱۹ہ قلائد یہ قلادۃ کی جمع ہے بمعنی ہار اور اس سے مراد عمدہ کلام منظوم اور منثور ہے۔ ۲۰ہ تسیرت ای سارت وانتشرت از تفعل تسیر مصدر بمعنی مشہور ہونا اور یہ سیر المثل سے ماخوذ ہے جبکہ لوگوں میں مشہور ہو ۲۱ہ جاش ای تھیأ واز نصر یقال جاش جوشا جبکہ وہ پوری رات چلے واز ضرب بمعنی ابلنا و جوش مارنا و آنسو بہانا و موج مارنا و بھاگنے کا ارادہ کرنا ۲۲ہ ثم بضم الثاء اور یہاں پر یہ ثم ترقی کے لئے ہے ۲۳ہ قس ہو قس بن ساعدۃ السقف یہ نہایت فصیح اور بلیغ شاعر اور خطیب تھا اور اس نے سب سے پہلے خطبہ میں اما بعد کہا اور اس کا خطبہ سوق عکاظ کا مشہور ومعروف ہے ۲۴ہ ثم بفتح الثاء یہ معنی میں ظرف کے ہے ای ہناک (اس جگہ) ۲۵ہ باقل یہ ایک بیوقوف آدمی کا نام ہے یہ ثعلبہ قبیلہ کا تھا اور اس کی کہاوت عرب میں لکنت اور بات چیت

کی قدرت نہ ہونے پر ہے اس کا واقعہ مشہور ہے کہ جب یہ ہرن خرید کر لایا اور ہرن کو یہ پکڑے ہوئے تھا تو اس سے لوگوں نے دریافت کیا کہ یہ ہرن تم نے کتنے میں خریدا ہے تو اس نے اپنے دونوں ہاتھ کھول دیئے اور اپنی زبان باہر نکال دی یعنی اس نے اس سے گیارہ کا اشارہ کیا وہ ہرن بھاگ گیا جب سے ان کی بیوقوفی ضرب المثل ہے ۲۶؎ حبّر از تفعیل بمعنی آراستہ کرے یقال حبّر الکلام او الخط او الشعر جبکہ وہ عمدہ بنائے ۲۷؎ حبرٌ یہ حبرۃٌ کی جمع ہے ایک قسم کی یمنی چادر اور اس کی جمع حبرات اور حبرات بھی آتی ہے ۲۸؎ نمنمت از بعثر نمنم نمنمۃ سے بمعنے نقش ونگار ہونا ۲۹؎ نمت یہ نمو سے مشتق ہے بمعنے بڑھنا از نصر ۳۰؎ ہذا ای ہذا لہ فی الفصاحۃ او خذ ہذا ۳۱؎ برض ھو القلیل والجمع براض وبروض وابراض یقال ھٰذا برض من عدا ای ھذا قلیل من کثیر والبراض والبراضۃ ایضًا القلیل وبرض الماء من العین ای خرج قلیلا فالعین بروض ای قلیلۃ الماء از نصر والمصدر بروض ۳۲؎ قوت خوراک اور گذارے کے لائق کھانا والجمع اقوات ۳۳؎ فلق الفلق الصبح یقال فلق اللہ الصبح ای کشف الظلام واظہر الصبح وفلق الشیئ ای شقّہ از ضرب ۳۴؎ غسق وھو ظلمۃ اول اللیل یقال غسق اللیل ای اشتدت ظلمتہ از ضرب والمصدر غسق وغسقان ۳۵؎ جلباب بالکسر بمعنی چادر یا قمیص والجمع جلابیب ۳۶؎ خلق مصدر بمعنی بوسیدہ (مذکر و مونث) یقال ثوبٌ خلقٌ وجبّۃٌ خلقٌ والجمع اخلاق وخلقان ۳۷؎ قلق ای اضطرب از سمع یقال قَلِقَ قَلَقًا جبکہ وہ مضطرب اور بے قرار ہو ۳۸؎ تتوغر مصدر از تفعل بمعنی غصہ سے بھڑکنا یقال غرّ صدرہ علے فلان ای توقد علیہ من الغیظ از سمع ۳۹؎ غریم بمعنی قرض خواہ وقرضدار ومخالف والجمع غرماء وغُرّامٌ ۴۰؎ غاشم اور غشوم اور غشام کے معنی ظالم اور غاصب کے آتے ہیں ۴۱؎ یستحثہ از استفعال استحثاث مصدر بمعنی برانگیختہ کرنا یقال استحث الرجل علے الامور جبکہ وہ برانگیختہ کرے اور اکسائے ۴۲؎ حق بمعنی واجب وسچائی وراستی ویقین وانصاف. ثابت شدہ. حصہ ومال والجمع حقوق ۔

فَإِنْ مَنَّ سَيِّدُنَا بِكَفِّهِ. بِهِبَاتِ كَفِّهِ. تَوَشَّحَ بِمَجْدٍ فَاقَ. وَبَاءَ بِأَجْرِ فَكِّي مِنْ وَثَاقٍ لَا خَلَتْ سَجَايَا خُلُقِهِ. تُرْفِدُ شَائِمَ بَرْقِهِ. بِمَنِّ رَبٍّ أَزَلِيٍّ. حَيٍّ أَبَدِيٍّ. (قَالَ) فَلَمَّا اسْتَشَفَّ الْأَمِيرُ لَآلِيَهَا. وَلَمَحَ السِّرَّ الْمُودَعَ فِيهَا. أَوْعَزَ فِي الْحَالِ بِقَضَاءِ دَيْنِي. وَفَصْلِ مَا بَيْنَ خَصْمِي وَبَيْنِي. ثُمَّ اسْتَخْلَصَنِي لِمُكَاشَرَتِهِ. وَاخْتَصَّنِي بِمُعَاشَرَتِهِ. فَلَبِثْتُ بِضْعَ سِنِينَ أَنْجَرُّ فِي ضِيَافَتِهِ. وَأَرْتَعُ فِي رِيفِ رَأْفَتِهِ. حَتَّى إِذَا غَمَرَتْنِي مَوَاهِبُهُ. وَأَطَالَ ذَيْلِي ذَهَبُهُ. تَلَطَّفْتُ فِي الْإِرْتِحَالِ. عَلَى مَا تَرَى مِنْ حُسْنِ الْحَالِ ۔

الترجمۃ والمطالب پس اگر ہمارے سردار اتنا احسان کریں کہ اپنے ہاتھ کی بخشش سے اس قرض خواہ کو روک دیں تو (اے خدا) میرا سردار فائق بزرگی سے آراستہ ہو اور اس کی قید سے میرے چھڑانے کا اس کو ثواب ملے اور ہمیشہ اس کی پیدائشی عادتیں امیدوار کرم کو بفضل خدا جس ذات کی کوئی ابتدا نہیں وہ زندہ ہے اور جس ذات کی کوئی انتہا نہیں فیض پہنچاتی رہیں۔ راوی کہتا ہے۔ جب امیر اس کے موتیوں پر مطلع ہوا اور جو اس میں اس نے بھید ودیعت رکھے تھے۔ اس سے بھی وہ آگاہ ہو (یعنی اس کے جامع الفاظ اور اس کا رسالہ رقطاء) تو اس نے فورًا میرے قرض کے ادا کرنے کی جلدی کی اور مدعی کے درمیان جھگڑا جو میرا تھا، اس کے چکانے کا حکم کیا اس کے بعد اس نے مجھے اپنے عادات اضافہ کے لئے منتخب کرلیا (یعنی اس نے مجھے اپنے پاس رکھ لیا۔

اور فخریہ یہ کہتا کہ ان جامع صفات کا ایک انسان میرے پاس ہے) اور اس نے مجھ کو اپنی فضیلت اور بخشش کے لئے خاص کر لیا، چنانچہ میں چند سال مقیم رہا اور میں اس کی مہمانی میں خوش رہتا تھا اور میں اس کی مہربانی کی سبزہ زار میں چرتا پھرتا یہاں تک کہ اس کی بخششوں نے مجھے ڈھانپ لیا اور اس کی نقدی (روپیہ پیسہ) نے میرا دامن کشادہ کر دیا پس میں نے اپنی اس حالت کی خوبی کے ساتھ بلطائف الحیل (پاکیزگی و خوبی کے ساتھ) وہاں سے کوچ کیا) ۔

تشریح لغات

ا؎ بکفہ کَفٌّ وکفافۃ مصدر از نصر یقال کف عن الامر جبکہ وہ باز رہے وکَفَّ عن الامر جب کہ باز رکھے ۲؎ ہبات یہ ہبۃ کی جمع ہے کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا دبمعنی عطیہ وہبہ کی ہوئی چیز ۳؎ کفہ مصدر بمعنے ہاتھ یا ہتھیلی مع انگلیوں کے اور یہ مونث ہے والجمع اکف وکفوفٌ وکُفٌّ ۴؎ توشح توشح مصدر تلوار گردن میں لٹکانا و توشح بثوبہ کپڑا پہننا اور اس کے معنی مزین ہونے کے ہیں ۵؎ فاق از نصر فوق اور فواقٌ مصدر بمعنی بڑھ جانا و سبقت لے جانا یقال فاق الشئی جبکہ بلند ہو وفاق اصحابہ بالفضل او العلم وہ بڑھ جائے ۶؎ بار ای رجع یقال بار علیہ ببور بوداً جبکہ لوٹے دبارہ وبار بہ جب لوٹائے وبار بالحق او بالذنب جبکہ وہ اقرار کرے از نصر ۷؎ فکی الفک ہو التخلیص (چھڑانا) از نصر والمصدر فک وفکوکٌ ۸؎ وثاق بفتح الواو وکسرہا مایشد بہ من قید وصل ونحوہا ۹؎ لاخلت ای لازالت ۱۰؎ سجایا یہ سجیۃ کی جمع ہے بمعنے طبیعت اور یہ دعا ہے یعنی رزقہ اللہ تعالیٰ علی الخلق والحسن والاعطاء ۱۱؎ ترفد ای تعطی یہ ضرب سے ہے بمعنے دینا والمصدر فدٌ ۱۲؎ شامٌ یہ شیم سے ماخوذ ہے یقال شام البرق جبکہ وہ بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھے اور یہاں مراد اُس کے کرم کا امیدوار ہونا ہے ۱۳؎ ازلی بمعنی قدیم اور دائم اور موجود جس کی ابتدا نہ ہو ۱۴؎ ابدی بمعنے باقی جس کی انتہا نہ ہو ۱۵؎ استشف استشفاف مصدر از استفعال بمعنی اچھی طرح سے دیکھنا ۱۶؎ لالیہا یہ لؤلؤ کی جمع ہے بمعنی موتی اور اس کا واحد لؤلؤۃ ہے اور اس سے مراد اس کے فصیح الفاظ اور نادر کلام جو موتی کی طرح ہیں ۱۷؎ اوغراز افعال یقال ادغر الیہ بکذا ای تقدم وامرلہ بہ اور صاحب اساس الحکمات نے یہ بیان کیا ہے کہ اس کا استعمال امور خیر میں ہوتا ہے ۱۸؎ استخلص استخلاص مصدر از استفعال بمعنی خالص کرنا ۱۹؎ لمکاثرتہ مصدر از مفاعلہ کثرت عدد (شمار) پر فخر کرنا ۲۰؎ بضع البقع مابین الثلث الی التسع اور یہ مذکر کے ساتھ مع التاء مستعمل ہوتا ہے جیسے بضعۃ عشر من الرجال اور یہ تین سے نو تک کی تعداد کے لئے ہے ۲۱؎ انعم متکلم کا صیغہ از فتح و نصر و سمع والمصدر نعمۃ و متعٌ بمعنے خوش حالی اور خوشی سے رہنا ۲۲؎ ارتع متکلم کا صیغہ از فتح یقال رتع رتعاً و رتوعاً و رتاعاً جبکہ وہ آسودہ زندگی بسر کرے ۲۳؎ ریف بالکسر بمعنی سبزہ زار اور پانی کے قریب کی زمین والجمع ارياف وريوفٌ اور اریف کے معنے کھانے پینے میں وسعت یقال مکان ریّفٌ یعنی سرسبز جگہ ۲۴؎ رأفتہ مصدر از فتح رأفۃٌ واز کرم مصدر رآفۃٌ واز سمع رأفٌ بمعنے بہت مہربانی کرنا ۲۵؎ مواہبہ یہ موہبۃٌ کی جمع ہے بمعنے ہبہ وعطیہ ۲۶؎ اطال ذیلی اس سے وسعت حال اور مالداری کی طرف اشارہ ہے۔

قَالَ فَقُلْتُ لَهُ شُكْرًا لِمَنْ اَتَاحَ لَكَ لُقْيَانَ السَّمْحِ الْكَرِيْمِ ـ وَاَنْقَذَكَ بِهِ مِنْ ضُغْطَةِ الْغَرِيْمِ ـ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى سَعَادَةِ الْجَدِّ ـ وَالْخُلُوْصِ مِنَ الْخَصْمِ الْاَلَدِّ ـ ثُمَّ قَالَ اَيُّمَا اَحَبُّ اِلَيْكَ اَنْ اُحْذِيَكَ مِنَ الْعَطَاءِ ـ اَمْ اُتْحِفَكَ بِالرِّسَالَةِ الرَّقْطَاءِ ـ فَقُلْتُ اِمْلَاءُ الرِّسَالَةِ اَحَبُّ اِلَيَّ ـ فَقَالَ وَهُوَ وَحَقِّكَ اَخَفُّ عَلَيَّ ـ فَاِنَّ نِحْلَةَ مَا يَلِجُ فِي الْاٰذَانِ ـ اَهْوَنُ مِنْ نِحْلَةِ مَا يَخْرُجُ مِنَ الْاَرْدَانِ ـ ثُمَّ كَاَنَّهُ اَنِفَ وَاسْتَحْيَا ـ فَجَمَعَ لِيْ بَيْنَ الرِّسَالَةِ وَالْحُذْيَا ـ فَفُزْتُ مِنْهُ بِسَهْمَيْنِ ـ وَفَصَلْتُ عَنْهُ بِغُنْمَيْنِ ـ وَاُبْتُ اِلٰى وَطَنِيْ قَرِيْرَ الْعَيْنِ ـ بِمَا حُزْتُ مِنَ الرِّسَالَةِ وَالْعَيْنِ ـ

الترجمۃ والمطالب

حارث بن ہمام کہتا ہے میں نے اس سے کہا شکر ہے اس ذات قدوس کا جس نے تیرے لئے سخی جوان مرد کی ملاقات مقدر کردی اور تجھے قرض خواہ کی سختی سے رہائی دی پس ابوزید نے کہا تمام تعریف اللہ ہی کیلئے زیبا ہے جس نے میرے نصیب کو نیک کیا اور سخت جھگڑالو سے اس نے بچایا، پھر وہ کہنے لگا کہ تجھے ان دو باتوں میں سے کون سی چیز زیادہ محبوب ہے کہ میں تجھے بخشش میں سے مال دوں یا تجھے رسالہ رقطار تحفہ میں دوں پس میں نے یہ جواب دیا کہ مجھے رسالہ رقطار کا لکھوانا زیادہ پسند ہے پس اس نے کہا تیرے حق کی قسم مجھے بھی اس عطا کے دینے سے لکھوانے میں زیادہ سہولت ہے، کیونکہ محض کانوں میں داخل ہونے والی چیز کو بخش دینا آستینوں کی نکلی ہوئی چیز کے عطا کرنے سے کہیں زیادہ آسان ہے پھر اس نے اپنی اس میں کچھ ذلت سمجھی اور وہ شرما گیا، چنانچہ اس نے رسالہ اور بخشش یہ دونوں چیزیں مجھے عطا کیں، پس میں نے اس سے دو حصول کی کامیابی حاصل کی (یعنی دوہرا حصہ مارا) اور میں اس سے دو مال غنیمت لے کر جدا ہوا اور میں اپنے وطن کو واپس گیا۔ ایسی صورت میں کہ میری آنکھوں میں ٹھنڈک تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ میں نے اس سے رسالہ اور نقدی وصول کیا تھا۔

تشریح لغات

[۱] لقیان مصدر از لقی یلقی (سمع) یقال لقی الرجل یلقی لقاءً ولقاءةً ولقايةً ولقاءة ولقیاناً ولقیاناً ولقیانةً ولُقِیًّا ولِقِیًّا ولَقْیَةً ولُقَیَّةً جبکہ ملاقات کرے پالے دیکھے استقبال کرے [۲] السمح صفت کا صیغہ بمعنی سخی وفیاض از کرم [۳] ضغطۃ بضم الضاد ای من شدۃ الغریم وزحمتہ وضیقہ یقال ضغطہ ای عصرہٗ وزحمہ وضیّق علیہ از فتح والمصدر ضغطٌ [۴] الجد بالفتح بمعنے نصیبہ وبزرگی وعظمت وروزی ومہر کا کنارہ [۵] الالد بمعنی سخت جھگڑالو از نصر والمصدر لدٌّ اور یہ لدٌّ کی جمع ہے [۶] احذیک از افعال الاحداء الاعطاء قسمًا من لغنیمۃ ویقال احذاہ طعنتہ ای طعنہ فالحذیا والحذایۃ قسم من الغنیمۃ والحذیا ایضا ھدیۃ لعطی للمشیر ویقولون حذاہ نعلاً ای البسہ ایاہ اعطاہ ایاھا وحذا النعل ای قطعھا علے مثال [۷] وحقک میں واو قسم کے لئے ہے [۸] نحلۃ بالکسر بمعنے عطیہ وہبہ وعورت کو مہر دینا ودعوی ومذہب والجمع نحلٌ [۹] یلج ولج یلج سے (از ضرب) ولوج ولجۃ مصدر بمعنے داخل ہونا [۱۰] الآذان یہ اذن کی جمع ہے بمعنے کان [۱۱] الاردان یہ ردن کی جمع ہے بمعنے آستین کی جڑ و آستین کا کشادہ کنارہ اور عرب اسی میں دراہم ودنانیر رکھا کرتے تھے اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا ثقل ردنہ یعنی وہ مال دار ہو گیا [۱۲] بسہمین یہ سہم کا تثنیہ ہے بمعنے حصہ اور اس سے مراد ایک تو رسالہ ہے اور دوسرے بخشش ہے [۱۳] بغنمین یہ غنم کا تثنیہ ہے بمعنے مال غنیمت [۱۴] قریر العین اور یہ قرت العین سے ماخوذ ہے ای بردت سرورا وجف دمعھا ورأت ما کانت متشوقۃ الیہ فھو قریر العین و منہ قریرۃ والمصدر قرۃ وقرورۃ از سمع وضرب [۱۵] حزت ای جمعت یقال حاز الشئ حوزًا وحیازۃً جبکہ وہ اکٹھا کرے از نصر العین بمعنی سونا اور چاندی۔

المقامة السابعة والعشرون الوبرية[1]

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ، قَالَ مِلْتُ فِي رَيِّقِ[2] زَمَانِي الَّذِي غَبَرَ[3]. اِلٰى مُجَاوَرَةِ اَهْلِ الْوَبَرِ[4]. فَخُذَا اَخْذَ[5] نُفُوْسِهِمُ الْاَبِيَّةِ[6]. وَاَلْسِنَتِهِمُ الْعَرَبِيَّةِ. فَشَمَّرْتُ تَشْمِيْرَ مَنْ لَّا يَأْلُوْا[7] جُهْدًا[8]. وَقُلْتُ اَضْرِبُ فِي الْاَرْضِ غَوْرًا[9] وَّنَجْدًا[10]. اِلٰى اَنِ اقْتَنَيْتُ[11] هَجْمَةً مِّنَ الرَّاغِيَةِ. وَثُلَّةً مِّنَ الثَّاغِيَةِ. ثُمَّ اَوَيْتُ اِلٰى عَرَبٍ اَرْدَافِ اَقْيَالٍ. وَاَبْنَاءِ اَقْوَالٍ. فَاَوْطَنُوْنِي اَمْنَعَ جَنَابٍ وَّفَلُّوْا عَنِّي حَدَّ كُلِّ نَابٍ. فَمَا تَاَوَّبَنِي عِنْدَهُمْ هَمٌّ. وَلَا قَرَعَ صَفَاتِي سَهْمٌ. اِلٰى اَنْ اَضْلَلْتُ فِي لَيْلَةٍ مُنِيْرَةِ الْبَدْرِ. لِقْحَةً غَزِيْرَةَ الدَّرِّ.

الترجمة والمطالب

(ستائیسویں مجلس جو دبریہ کے نام سے منسوب ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ مجھے شروع عمر میں جو زمانہ گذر چکا بدوی لوگوں کے ساتھ رہنے کا شوق ہوا تاکہ میں ان بزرگوں کی ذات شریف کی عادت اور ان کی عربی زبان جو فصیح ہے اس کو میں اختیار کروں چنانچہ میں بغیر کوتاہی کے اس کوشش میں مصروف ہوگیا اور میں نے پست اور بلند زمین کو طے کرنا شروع کیا یہاں تک کہ میں نے اونٹوں کا گلہ اور بکریوں کا اچھا خاصا ریوڑ اکٹھا کر لیا۔ اور میں نے ان اہل عرب کا ارادہ کیا جو بادشاہ کے نائب اور فصحاء تھے انہوں نے مجھے بزرگتر مقام میں رکھا اور مجھ سے ہر دانت کی تیزی کو توڑ ڈالا (یعنی ہر ظالم کا ظلم انہوں نے مجھ سے دور کر دیا اور مجھے ان کے پاس کوئی تکلیف اور غم نہ پہونچا اور نہ میرے پتھر پہ کوئی تیر لگا یہاں تک کہ ایک رات جبکہ چاندنی پھیلی ہوئی تھی میں ایک خوب دودھ دینے والی اونٹنی کو کھو بیٹھا۔

تشریح لغات

[1] الوبرية سميت هذه المقامة بالوبرية لاشتمالها على تذكرة اهل الوبر [2] ريق يعنى اوله ورائعه وقد يخفف فيقال ريق واعلم انهم قالوا فى تفصيل اوائل الاشياء الصدر والغرة من كل شئ لاوّله وهكذا فاتحة الكتاب وشرخ الشباب وريعانه وعنفوانه وميعة وعلواءه لاول الشباب وكذا ريق الشباب وريقة لاوله وريق المطر لاول شؤبوبه وحدثان الامر لاوله وقرن الشمس وعثنون الريح وغزالة الضحى اى اوائل هذه الاشياء وقالوا عروك الجارية اول بلوغها وتباشير الصبح اوائله [3] غبر اى مضى وتقدم يقال غبر الشئ غبورًا اذا بقى فهو من الاضداد وفى القرآن المجيد الا امراته كانت من الغابرين اى من الباقين۔ [4] اهل الوبر اى اهل البدو ويقال ما رأيت فى الوبر والمدر مثله اى فى البدو والقرى واهل الوبر معناه ارباب الجمال اى الابل من البدو وهو مجاز والوبر للجمال كالصوف للغنم [5] اخذ بكسر الهمزة المذهب والطريقة وبفتح الهمزة یہ مصدر میمی ہے [6] الابية یہ مؤنث اَلْاَبِيُّ کا ہے بمعنی ذلت سے انکار کرنے والا اور رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا [7] لا يالوا ز نصر يقال الايالوا والوّا والِيًّا فى الامر جبکہ وہ کوتاہی کرے اور سستی دکھلائے يقال لم يال جهدًا یعنی اس نے اپنی کوشش میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کی [8] جهدا بالفتح والضم الجهد وهو المبالغة فى السعى (یعنی طاقت واستطاعت) [9] غورا مصدر الموضع المنخفض (پست زمین) (نیچے اترا ہوا پانی) وگڑھا وغار [10] نجدا بلند زمین والجمع انجد ونجد ونجاد ونجود ونجاد وانجدة [11] اقتنيت

اقتناء مصدر از افتعال بمعنی اکٹھا کرنا یقال اقتنی المال ای اخذ لنفسه لا للتجارة ؎۱۲ هجمة نحو مائة من الابل وقال ابن فارس هو ما بین التسعین الی المائة فاذا بلغت المائة فهی هنیدة وقیل غیر ذلك ؎۱۳ الراغیة الابل من الرغاء وهو صوت الابل ؎۱۴ ثلة بالفتح هی جماعة الغنم الکثیرة وایضا الصوف وایضا الصوف والشعر والوبر اذا اجتمعت والثلة بالضم جماعة الناس یقال فلان لا یفرق بین الثلة والثلة ای جماعة الغنم وجماعة الناس والثلة بالکسر الهلکة والجمع ثلل ومنها ثلّ القوم ای اهلکهم وثل البیت ای هدمه ویقال ثل الله عرشهم ای هدم هلکهم والمصدر ثلٌّ وثلل از نصر ؎۱۵ الثاغیة من الثغاء وهو صوت الشاة یقال ماله ثاغیة ولا راغیةٌ ای لا ناقة له ولا شاة ؎۱۶ اویت ای لمت وانضممت از ضرب یقال اوی البیت والی البیت اویًا واواءً جبکہ ٹھکانا لے پناہ لے آرے ؎۱۷ ارداف یہ ردف بکسر الراء کی جمع ہے وہو الذی یرکب خلف احد علی دابة بمعنی پیچھے سوار ہونیوالا والردف ایضا بمعنے بادشاہ کا نائب یا خلیفہ۔ زمانہ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کے داہنی جانب بیٹھتا تھا اور وہ تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا، اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا ؎۱۸ اقیال یہ قیل کی جمع ہے بمعنے بادشاہ ؎۱۹ ابناء اقوال سے مراد فصحاء اور بلغاء ہیں یقال للمنطق ازابن اقوال ؎۲۰ فاوطنونی از افعال بمعنی آمادہ کرنا در انگیختہ کرنا ای احلونی وانزلونی ؎۲۱ امنع بمعنے زیادہ محفوظ و زیادہ بزرگ ؎۲۲ جناب بمعنی صحن وگوشہ دقوم کے محلہ سے جو قریب ہو والجمع اجنبة ؎۲۳ فلوا فلٌّ مصدر از نصر بمعنی تلوار کو دندانہ دار کرنا اور قوم کو شکست دینا واز ضرب بمعنی عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا اور یہاں مراد دفع کرنا ہے ؎۲۴ فما تاوبنی تاوب مصدر از تفعل یقال تاوّبهٗ ای اٰب الیه واصابه عندهم همٌّ ای غم ؎۲۵ قرع از فتح یقال قرع السهم الغایة جبکہ تیر نشانہ پر لگے یقال قرع صفاته یعنی اس نے اس کی منقصت کی اور عیب بیان کیا ؎۲۶ صفاتی بمعنی پتھر والجمع صفاء صفوات ؎۲۷ لقحة بکسر اللام وفتحها بمعنے بہت دودھ دینے والی اونٹنی والجمع لقحٌ ولقاح ؎۲۸ غزیرة بمعنے بہت دودھ دینے والی اونٹنی اور یہ غزیرۃ کا مؤنث ہے والجمع غزائر ؎۲۹ الدر بالفتح مصدر بمعنے دودھ۔ دودھ کی زیادتی دخون۔

فَلَمْ اَطِبْ نَفْسًا بِالْغَاءِ طَلَبِهَا۔ وَاِلْقَاءِ حَبْلِهَا عَلٰی غَارِبِهَا۔ فَتَدَثَّرْتُ فَرَسًا مِحْضَارًا۔ وَاعْتَقَلْتُ لَدْنًا خَطَّارًا۔ وَسَرَيْتُ لَيْلَتِيْ جَمْعَاءَ۔ اَجُوْبُ الْبَيْدَاءَ وَاَقْتَرِيْ كُلَّ شَجْرَاءَ وَمَرْدَاءَ۔ اِلٰی اَنْ نَشَرَ الصُّبْحُ رَايَاتِهٖ۔ وَحَيْعَلَ الدَّاعِيْ اِلٰی صَلَاتِهٖ۔ فَنَزَلْتُ عَنْ مَتْنِ الرَّكُوْبَةِ۔ لِاَدَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ۔ ثُمَّ حَلَلْتُ فِيْ صَهْوَتِهَا۔ وَفَرَرْتُ عَنْ شَحْوَتِهَا وَسِرْتُ لَا اَرٰی اَثَرًا اِلَّا تَقَوَّيْتُهٗ۔ وَلَا نَشَزًا اِلَّا عَلَوْتُهٗ۔ وَلَا وَادِيًا اِلَّا اجْتَزَعْتُهٗ۔ وَلَا رَاكِبًا اِلَّا اسْتَطْلَعْتُهٗ۔ وَجِدِّيْ مَعَ ذٰلِكَ يَذْهَبُ هَدَرًا۔ وَلَا يَجِدُ وِرْدُهٗ صَدَرًا۔ اِلٰی اَنْ حَانَتْ صَكَّةُ عُمَيٍّ۔ وَلَفَحَ هَجِيْرٌ يُذْهِلُ غَيْلَانَ عَنْ مَيٍّ۔ وَكَانَ يَوْمًا اَطْوَلَ مِنْ ظِلِّ الْقَنَاةِ۔ وَاَحَرَّ مِنْ دَمْعِ الْمِقْلَاةِ۔

الترجمة والمطالب پس میرے نفس سے یہ گوارا نہ ہوا کہ میں اس کی تلاش چھوڑ دوں اور اس کو آزاد پھرنے دوں، چنانچہ میں ایک تیز رو گھوڑے پر کود کر سوار ہو گیا اور عمدہ قسم کے لچک دار نیزہ کو میں نے رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھا۔ اور میں تمام

جنگلوں کو قطع کرتا تھا۔ اور ہر مقام کو خواہ وہ درختوں والا ہو یا چٹیل میدان چھانتا پھرا یہاں تک کہ صبح نے (چاروں طرف) اپنے جھنڈے ظاہر کر دیئے اور مؤذن نے حیّ علے الصلٰوۃ اور حیّ علی الفلاح کہا یعنی اذان دی تب میں فرض نماز کے ادا کرنے کے لئے گھوڑے کی پیٹھ سے اترا پھر میں اس گھوڑے کی پیٹھ پر کود کر بیٹھا اور گھوڑے کو میں نے تیز رفتار پر چلایا (بھگایا) اور میں ہر نشانی کو پیچھے چھوڑتا ہوا اور ہر بلند جگہ پر چڑھتا ہوا اور ہر جنگل کو قطع کرتا ہوا اور ہر سواری سے پوچھتا ہوا نہایت تیزی سے چلا جا رہا تھا باوجود ان امور کے میری کوشش بیکار ہو رہی تھی اور مجھے آنے کے بعد واپس ہونے کی کوئی ترکیب نظر نہیں آتی تھی (یعنی مجھے اونٹنی ملے تاکہ میں واپس لوٹ جاؤں) یہاں تک کہ دوپہر کا وقت گرمی کا آپہونچا اور ایسی سخت گرمی کہ ذوالرمہ عاشق کو میّہ معشوقہ سے غافل کر دیا اور دن بھی نیزہ کے سایہ سے زیادہ لانبا تھا۔ اور مقلات عورت (جس کے بچے نہ جیتے ہوں) کے آنسوؤں سے بھی زیادہ گرم تھا۔

تشریح لغات

۱ فلم اطب ازطاب یطیب طیبًا وطابًا وطیبۃً وتطیابًا از ضرب بمعنی اچھا اور عمدہ ہونا ۲ القار حبلہا الخ یہ مثل اہل عرب میں ہے جبکہ آزاد پھرے اور اس کو چھوڑ دے ۳ فتذرت مصدر از تفعل بمعنی کود کر گھوڑے پر سوار ہونا ویقال تذثر فرسہ ای وثب علیہ فرکبہ ۴ محضار المحضار والمحضیر من الخیل وغیرہا تیز دوڑنے والا والجمع محاضیر ۵ اعتقلت از افتعال نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا ویقال اعتقل البعیر جبکہ اونٹ کی ٹانگ ران ملا کر باندھے ۶ لدنا یہ لدونتہ سے ماخوذ ہے بمعنی لچک دار وزم نیزہ ۷ خطارا یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنے زیادہ ملنے والا لچک دار از ضرب ۸ جعار یہ اجمع کا مؤنث ہے یقال سرت نہاری اجمع ای جمیعہ ۹ البیدار بمعنے جنگل والجمع بید و بیدادات ۱۰ اتری اقترار مصدر از افتعال بمعنی تلاش کرنا اور چکر لگانا یقال اقری البلاد جبکہ وہ تلاش کرے اور چکر لگائے ۱۱ شجرا رای ارض ذات شجرۃ یہ شجر کی جمع ہے اور اس کی جمع اشجار بھی آتی ہے اور اس کا واحد شجرۃ ہے ۱۲ مرادا بے پتوں کا درخت دبجر ریگستان وبجز زمین والجمع مراد ۱۳ نشرای اظہر از نصر وضرب یقال نشر الخبر جبکہ وہ افشا کرے ۱۴ رایاتہ یہ رایۃ کی جمع ہے بمعنے جھنڈا ۱۵ حیعل از بعثر یعنی بہ قول المؤذن حی علے الصلٰوۃ حی علے الفلاح والمصدر منہ الحیعلۃ کالهیللہ حکایۃ بقول لاالٰہ الا اللہ والحسبلۃ حکایۃ بقول حسبی اللہ والسبحلۃ حکایۃ بقول سبحان اللہ والحولقۃ حکایۃ بقول لا حول ولا قوۃ الا باللہ ۱۶ متن مصدر پیٹھ (مذکر اور مؤنث) والجمع متانٌ ومتونٌ ۱۷ الرکوبۃ بمعنے المرکوبۃ یعنی سواری ۱۸ المکتوبۃ بمعنے المفروضۃ کما فی قولہ تعالیٰ کتب علیکم الصیام ای فرض ۱۹ جلت متکلم کا صیغہ از جال یجول (نصر) بمعنے گھومنا چکر لگانا اور یہاں کود کر بیٹھنا مراد ہے ۲۰ صہوتہا بمعنی گھوڑے کی پیٹھ والجمع صہائرٌ وصہواتٌ ۲۱ شحوتہا یہ اسم مرۃ ہے بمعنی قدام یقال فرسٌ بعید الشحوۃ جبکہ گھوڑا دور دور قدم رکھنے والا ہو ویقال شحا الرجل ای باعد بین خطاہ وشحا اللجام فم الفرس ای فتحہ وشحی الرجل ای فتح فاہ از نصر و فتح والمصدر شحو ۲۲ تقفوتہ ای مشیت خلفہ یقال قفی اثرہ جبکہ وہ پیروی کرے از نصر ۲۳ نشز بالفتح الشین وسکونہا الموضع المرتفع جمع المفتوح انشازٌ ونشازٌ وجمع السکون نشوزٌ والنشز من الرجال الشدید الضخم الغلیظ یقال نشز فی مکانہ ای ارتفع ونشزت نفسہ ای جاشت من الفزع از نصر وضرب والمصدر نشز واما النشوز بمعنی عصیان المرأۃ بعلہا وبغضہا ایاہا وجفاء الزوج واضرار امراتہ فہو ایضًا من نصر وضرب ۲۴ جزعتہ ای قطعتہ از فتح ویقولون جزع الوادی ای قطعہ عرضا وجزع لہ من مالہ جزعۃ ای قطع لہ قطعۃ والمصدر جزعٌ اما جزع منہ بمعنی لم یصبر فاظہر الحزن والکدر فہو من سمع والمصدر جزع وجزوعٌ ۲۵ جدی بالکسر مصدر ای مبالغتی فی الطلب مع السعی البلیغ (کوشش) ۲۶ بدرای باطلا

اور یہ بدرالدم سے ماخوذ ہے ای بطل او ابطلہ از ضرب ونصر ۲۷؎ ورد بالکسر الورد الاتیان الی الماء وغیرہ از ضرب ۲۸؎ صدر الرجوع عنہ از نصر ۲۹؎ حانت از ضرب یقال حان الشئ حیناً و حینونۃ وقت کا قریب ہونا ۳۰؎ صکۃ عمی یعنی بہ قائم الظہیرۃ ٹھیک دوپہر اور اس کی اصل میں اختلاف ہے بعض کا قول یہ ہے کہ عمی یہ نہایت زبردست لٹیرا تھا۔ ایک مرتبہ دوپہر کے وقت کسی قوم سے لڑائی لڑی اور انہیں بری طرح جھنجوڑا جب سے ہر اس شخص کے لئے جو ایسے وقت میں آئے یہ کہاوت ہوگئی اور بعض کا یہ قول ہے کہ عمی کے معنی محض گرمی کے ہیں اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اس سے ہرن مراد ہے اس لئے کہ وہ دوپہر میں حیران پھرتا ہے اور وہ اندھوں کی طرح ہر سامنے والی چیز سے ٹکریں لڑاتا پھرتا ہے پھر بطور تصغیر ترخیم کے عمی کہنے لگے جیسے کہ اسود اور ازہر کی تصغیر سویدا اور زہیر ہے۔ ۳۱؎ لفح لفحٌ ولفحان مصدر بمعنی جھلسنا وجلانا از فتح یقال لفح النار او السموم بحرہا فلاناً جبکہ وہ جھلس دے ۳۲؎ غیلان یہ ذوالرمۃ شاعر کا نام ہے اور مَیَّۃ مئ یہ قیس کی لڑکی تھی جو اس کی محبوبہ تھی مقصد یہ کہ اتنی سخت گرمی تھی کہ عاشق اپنے معشوق سے بھی ایسے وقت غافل ہوجاتا ہے ۳۳؎ وکان یوماً اطول الخ یوصف الیوم الطویل بظل القناۃ کما یوصف الیوم القصیر بابہام القطاۃ والعرب تزعم ان ظل الرمح اطول ظل ومنہ قول شبرمۃ بن الطفیل ؎ وَيَوْمٍ كَظِلِّ الرُّمْحِ قَصَّرَ طُولَهُ ؛ دَمُ الزِّقِّ عَنَّا وَاصْطِفَاقُ الْمَزَاهِرِ ۳۴؎ القناۃ نیزہ یا نیزہ کی لکڑی والجمع قناً وقنیٌ وقنوات وقنیات ۳۵؎ المقلاۃ ھی المرأۃ التی لا یعیش لہا ولد فدمعہا ابداً حارٌ لحزنہ لانہ لا یقال دمعۃ الحزن حارّۃ ودمعۃ السرور باردۃٌ والجمع مقالیت یا مقلاۃ وہ عورت جس کے ایک بچہ ہوا اور پھر وہ اس کے بعد حاملہ نہ ہو وکانت الجاہلیۃ ان المقلاۃ اذا وطئت علے قتیل شریف عاش ولدہا والی ھذا اشار بشر بن ابی حازم فی قولہ ؎ تَظَلُّ مَقَالِيتُ النِّسَاءِ يَطَأْنَهُ ؛ يَقُلْنَ اَلَا يُلْقٰى عَلَى الْمَرْءِ مِئْزَرٌ۔

فَاَيْقَنْتُ اَنِّيْ اِنْ لَمْ اَسْتَكِنَّ مِنَ الْوَقْدَةِ۔ وَاَسْتَجِمَّ بِالرَّقْدَةِ۔ اَدْنَفَتْنِي اللُّغُوبُ۔ وَعَلِقَتْ بِي شَعُوْبُ۔ فَعُجْتُ اِلٰى سَرْحَةٍ كَثِيْفَةِ الْاَغْصَانِ۔ وَرِيْقَةِ الْاَفْنَانِ۔ لِاُغَوِّرَ تَحْتَهَا اِلَى الْمُغَيْرِبَانِ فَوَاللّٰهِ مَا اسْتَرْوَحَ نَفَسِيْ۔ وَلَا اسْتَرَاحَ فَرَسِيْ۔ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلٰى سَائِحٍ۔ فِيْ هَيْئَةِ سَائِحٍ۔ وَهُوَ يَنْتَجِمُ نَجْعَتِيْ۔ وَيَشْتَدُّ اِلٰى بُقْعَتِيْ۔ فَكَرِهْتُ انْعِيَاجَهُ اِلٰى مَعَاجِيْ۔ فَاسْتَعَذْتُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مُفَاجِيْ۔ ثُمَّ تَرَجَّيْتُ اَنْ يَتَصَدّٰى مُنْشِدًا۔ اَوْ يَتَبَدّٰى مُرْشِدًا۔ فَلَمَّا اقْتَرَبَ مِنْ سَرْحَتِيْ۔ وَكَادَ يَحُلُّ بِسَاحَتِيْ۔ اَلْفَيْتُهٗ شَيْخَنَا السَّرُوْجِيَّ مُتَّشِحًا بِجِرَابِهٖ۔

الترجمۃ والمطالب پس میں نے یقین کیا تھا کہ اگر میں شدت گرما سے اپنی حفاظت نہ کروں اور سو کر میں آرام نہ کروں تو مجھ کو تھکان بیمار ڈال دے گی اور مجھے موت آجائے گی یہ سوچ کر میں ایک درخت جس کی ٹہنیاں گھنی اور پتوں سے لدی ہوئی تھیں کی طرف مائل ہوا تاکہ اس کے نیچے میں مغرب تک قیلولہ کروں، پس خدا کی قسم ابھی میرا سانس بھی ٹھیک نہ ہوا تھا۔ اور نہ گھوڑے ہی نے آرام لیا تھا کہ میں نے داہنی طرف سے ایک شخص کو مسافری کی حالت میں آتے ہوئے دیکھا جس کا مقصد وہی تھا جو میرا اور وہ میری ہی جگہ کی طرف دوڑتا چلا آرہا ہے میں نے اپنی قیام گاہ کی طرف اس کے متوجہ ہونے کو برا سمجھا اور ایسے ہر اچانک آنے والے کی برائی سے میں خدا تعالیٰ کی پناہ ڈھونڈھنے لگا، پھر میں امیدوار رہا کہ شاید یہ اونٹنی کو بتانے والا آیا ہے یا یہ رہنما کی حیثیت سے ظاہر ہوا ہے جب وہ میرے درخت کے قریب آیا اور میرے صحن میں ٹھیرنا ہی چاہتا تھا تو میں نے دیکھا کہ یہ تو ہمارے

شیخ ابوزید سروجی صاحب ہیں جو اپنے توشہ دان کو حمائل کی طرح ڈالے ہوئے ہیں۔

تشریح لغات

۱؎ لم استکن از استفعال یقال استکن جبکہ وہ چھپے اور گھر کی طرف لوٹے و مجردہ از نصر ۲؎ الوقدۃ یہ وقد کا اسم مرۃ ہے یعنی سخت گرمی کا زمانہ کردہ دس دن یا نصف مہینہ ہے ۳؎ استجم از استفعال ای استریح بالرقاد وہو النوم اور یہ جم القوم سے ماخوذ ہے ای اذا استراحوا از نصر و ضرب والمصدر جموم ۴؎ بالرقد بمعنی نیند ۵؎ و نفنی از افعال ای اہزلنی وجعلنی ضعیفاً ونحیفاً و مجردہ از سمع ۶؎ اللغوب مصدر از فتح و نصر و کرم بمعنی بہت تھکنا و از سمع لغب مصدر بمعنی بہت تھکنا ۷؎ شعوب من اسماء المنیۃ ولا تدخل ھذا الاسم اداۃ التعریف مثل عرفۃ و دجلۃ ۸؎ فعجت عاج یعوج سے از نصر بمعنی مائل ہونا اور جھکنا ۹؎ سرحۃ ہر لمبا درخت والجمع سروح ۱۰؎ وریقۃ الافنان ای کثیرۃ الاوراق یہ ورق کا مونث ہے یقال شجرۃ وارقۃ وورقۃ و وریقۃ جبکہ پتوں والا درخت ہو اور بہت پتوں والا ہو اور خوبصورت پتوں والا ۱۱؎ لاغور از تفعیل تغویر مصدر بمعنے قیلولہ کرنے کے لئے اترنا جیسا کہ تعریس آخر رات میں آرام کرنے کے لئے اترنا ۱۲؎ المغیربان یہ مغرب کی تصغیر ہے اور اس کی تصغیر مغیرب قیاس کے مطابق ہونا چاہیئے تھی مگر عرب والے اس کے آخر میں الف اور نون خلاف قاعدہ بڑھا لیا کرتے ہیں ۱۳؎ استروح از استفعال یقال استروح واستراح جبکہ وہ آرام پائے واستراح الیہ جبکہ وہ سکون پائے ۱۴؎ نفسی لحرکۃ مصدر بمعنے سانس وگنجائش ومہلت وچھونگا وکشادگی ۱۵؎ سانح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از فتح یقال سنح الطیر او الظبی سنوحاً و سانح سناحاً و مسانحۃً جبکہ پرندہ یا ہرن بائیں طرف سے داہنی طرف گذرے ۱۶؎ سائح یہ صفت کا صیغہ ہے یقال ساح سیحاً و سیحاناً و سیاحۃ و سیوحاً از ضرب جبکہ وہ زمین میں عبادت کے لئے پھرے اور شہروں میں پھرے اور یہاں اس لفظ سے مراد مسافر ہے ۱۷؎ ینتجع از افتعال انتجاع مصدر بمعنے چراگاہ کی تلاش میں جانا اور النجعۃ یہ تجوع کا اسم ہے بمعنی چراگاہ کی تلاش اور نجعۃ کی جمع نجع آتی ہے۔ ۱۸؎ یشتد از افتعال اشتدا د مصدر بمعنے تیز دوڑنا یقال اشتد فی السیر جبکہ وہ تیز دوڑے ۱۹؎ انعیاج مصدر از انفعال بمعنی مڑنا یقال انعاج علیہ انعیاجاً جبکہ وہ مڑے ۲۰؎ معاجی مصدر بمعنی ٹھہرنے کی جگہ یقال عاج بالمکان عوجاً و معاجاً جبکہ وہ اقامت کرے و عاج فلاناً بالمکان جبکہ وہ مقیم کرائے ۲۱؎ مفاجی مفاجاۃ مصدر از مفاعلہ اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے اچانک آنے والا و مجردہ از فتح وسمع ۲۲؎ یتصدی تصدی مصدر از تفعل ای یتعرض حال کونہ طالباً و متجسساً من تصدی لہ ای تعرض وتصدی للامر ای رفع راسہ الیہ وہو من صدی بمعنی عطش ومنہ یقال انا صدیان الی حدیثک ومجردہ من سمع۔ منشدا از افعال ای معرفاً ناقتی یقال نشد اذا طلب ضالۃ وانشدھا اذا عرفہا طالبہا ۲۴؎ تبدی از تفعل تبدی مصدر بمعنی ظاہر ہونا اور یہ ماخوذ ہے تبدی اذا ظہر سے ۲۵؎ بساحتی بمعنے گوشہ وکنارہ ومکانوں کے درمیان کا چوک والجمع ساح و ساحات وسوح ۲۶؎ متشحا اتشاح مصدر از افتعال حمیل (یعنی تلوار کے پرتلے) کی طرح پہننا (یعنی وہ توشہ دان کو تلوار کے پرتلے کی طرح گلے میں ڈالے ہوئے تھا) ۲۷؎ بجراب چمڑے کا برتن (توشہ دان) والجمع اَجْرِبَۃ وجُرُبٌ وجُرُبٌ۔

وَمُضْطَغِنًا اُھْبَۃَ تَجْوَابِہٖ۔ فَانْسَنِی اِذْ وَرَدَ۔ وَاَنْسَانِیْ مَا شَرَدَ۔ ثُمَّ اسْتَوْضَحْتُہٗ مِنْ اَیْنَ اُشْرَۃٗ۔ وَکَیْفَ عُجْرُہٗ وَبُجْرُہٗ۔ فَاَنْشَدَ بَدِیْھًا۔ وَلَمْ یَقُلْ اِیْھًا ؎

قُلْ لِمُسْتَطْلِعٍ دَخِیْلَۃَ اَمْرِیْ لَکَ عِنْدِیْ کَرَامَۃٌ وَعَزَازَۃٌ

اَنَا مَا بَیْنَ جَوْبِ اَرْضٍ فَاَرْضٍ

(حواشی: داخل کردن خواستم ۱۲ — تربیت ۱۲ — قطعہ الارض ۱۲ — پس آرام داد ۱۲ — فراموش گردانید ۱۲ — ای بازایست ۱۲ — دیافت کنندہ و خواہندہ اطلاع ۱۲ — ای باطن حال ۱۲ — بزرگی ۱۲ — ای عزت ۱۲ — قطع ۱۲)

وَسُرَيَّ فِي مَفَازَةٍ فَمَفَازَهْ زَادِيَ الصَّيْدُ وَالْمَطِيَّةُ نَعْلِي وَجِهَازِي الْجِرَابُ وَالْعُكَّازَهْ
فَإِذَا مَاهَبَطْتُ مِصْرًا فَبَيْتِي غُرْفَةُ الْخَانِ وَالنَّدِيمُ جُزَازَهْ
لَيْسَ لِي مَا آسَاءُ إِنْ فَاتَ أَوْ أَحْزَنُ إِنْ حَاوَلَ الزَّمَانُ ابْتِزَازَهْ
غَيْرَ أَنِّي أَبِيتُ خِلْوًا مِنَ الْهَمِّ وَنَفْسِي عَنِ الْأَسَى مُنْحَازَهْ

الترجمۃ والمطالب

اوراس کی گود میں سامان سفر موجود ہے پس اس کے آنے سے میری گھبراہٹ (یا بے چینی) جاتی رہی یہاں تک کہ بدکی ہوئی گمشدہ اونٹنی کو اس نے بھلادیا۔ پھر میں نے اس سے وضاحت سے پوچھا کہ تمہارا کہاں سے آنا ہے اور ظاہری اور باطنی حال تمہارا کس طرح ہے چنانچہ اس نے فی البدیہ یہ اشعار پڑھے۔ اور اس نے یہ بھی نہ کہا کہ تم مجھے دم لینے دو ؎

میری باطنی حالت پوچھنے والے سے تم یہ کہہ دو تو میرے نزدیک معزز اور مکرم ہے دالے میرے معزز محترم) کہ میں زمین در زمین سفر کرتا پھرتا ہوں۔ اور جنگلی در جنگل راتوں مارا مارا پھرتا ہوں میرا توشہ شکار ہے اور سواری میرا جوتا ہے۔ اور میرا سامان توشہ دان اور چھڑی (یالاٹھی) ہے اور جب میں کسی شہر میں اترتا ہوں تو میرا گھر مسافر خانہ کی کوٹھڑی (یا شراب خانہ) ہے اور میرا مونس و غم خوار کاغذ کا ٹکڑا ہے (یعنی روٹی کے سوکھے ٹکڑے ہیں) اور میرے پاس کوئی چیز ایسی نہیں (یعنی مال یا اولاد) جس کے چلے جانے سے مجھے غم ہو یا اگر اس کو زمانہ زبردستی چھیننے میں حیلہ سے کام لے تو میں غمگین ہو جاؤں میں تو غم سے خالی ہو کر رات گذارتا ہوں اور میرا نفس غموں سے بہت دور ہے۔

تشریح لغات

[1] مضطعناً ای اخذا و حاملاً تحت حضنه از افتعال ۔الاضطعان ان یحمل الشئ تحت حضنه والاضطبان ان یجعله تحت ضبنه ۔والضبن ما بین الابط والکشح وکلاهما متقاربان واول مراتب الحمل الابط ثم الضبن وهو اسفل الابط ثم الحضن وهو عند الجنب [2] تجوابه مصدر جاب وجمیع هذه المصادر التی جاءت علی تفعال هی بفتح التاء الا قولهم تلقاء وتبیان وزاد بعضهم تنضال لاغیر بمعنی سیره وقطعه الارض از نصر [3] انسی ای اعطانی الانس ضد او حشنی از افعال ایناس مصدر بمعنی مانوس کرنا [4] انسانی یقال انسی الرجل الشئ جبکہ وہ فراموش کرائے [5] شرد از نصر یقال شرد شردا وشرودا وشرادا جبکہ وہ بدک کر بھاگے از نصر [6] اثره ای مجیئه [7] عجره بمعنی گرہ دھاگے یا لاٹھی یا بدن کے رگوں کی) یقال ذکر عجره وبجره یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کے ظاہر اور پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں [8] ایها ایہہ بمعنی کچھ اور کہو یادم لو یا سناؤ اور یہ اسم امر ہے یقال للمستزادایه وللمستکف ایها ای لم یا مرنی بالکف [9] لمستطلع استطلاع مصدر از استفعال بمعنی دریافت کرنے والا [10] دخیلة الدخیلة من الشئ چیز کا اندرونی حصہ و دخیلة المرء بمعنی نیت و اندرونی خیال [11] انا ما بین الخ ای انا مشغول ابدا بالمسافرة [12] سری یہ مصدر ہے بمعنی رات کا چلنا و رات کا سفر از ضرب [13] المطیة بمعنی سواری یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے ہے یعنی بعیر اور ناقہ دونوں کو کہتے ہیں والجمع مطایا ومطی [14] نعلی نعل یہ مصدر ہے بمعنی جوتا اور ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے والجمع نعال وانعل اور تصغیر نعیلہ ہے [15] جہازی بفتح الجیم وکسرها بمعنی ضروری سامان والجمع اجهزة واجهزات [16] الجراب بمعنی توشہ دان و چمڑے کا برتن والجمع اجربة وجرب وجرب [17] العکازه

لاٹھی یا ڈنڈا جس میں پھل لگا ہوا ہو والجمع عکاکیز وعکازات ۵۱ غرفة بمعنے بالاخانہ اور کوٹھڑی کے اندر کوٹھڑی والجمع غرف وغرفات وغرفات ۱۹ الخان بمعنی دکان۔سرائے والجمع خانات ۲۰ الندیم بمعنی رفیق وساتھی ومجلس شراب کا ساتھی والجمع ندام وندماء وندمان ۲۱ جزازة اون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے اور یہاں اس سے مراد کاغذ کا پرچہ یا ردی کا ٹکڑا ہے ۲۲ ابتزازہ مصدر از افتعال ای استلابہ یقال ابتز منہ الشئی ای استلبہ قہرا وبز الشئی منہ ای اخذہ بجفاء وقہر وبزہ ای سلبہ وغلبہ والمصدر بز وبزیزی واز نصر ۲۳ منحازة ای بعیدة ومنعزلة یقال انحاز عنہ ای عدل واعرض وانحاز الیہ ای مال وانحاز القوم ای ترکوا مراکزھم ای انھزموا وحاز الشئی ای جمعہ از نصر

اَرْقُدُ اللَّيْلَ مِلْءَ جَفْنِيْ وَقَلْبِيْ   بَارِدٌ مِنْ حَرَارَةٍ وَحَزَازَةْ   وَلَا اُبَالِيْ مِنْ اَيِّ كَاسٍ تَفَوَّقْتُ

وَلَا مَا حَلَاوَةٌ مِنْ مَزَازَةْ   وَلَا اَسْتَجِيْزُ اَنْ اَجْعَلَ الذُّلَّ   مَجَازًا اِلٰى تَسَنِّيْ اِجَازَةْ

وَاِذَا مَطْلَبٌ كَسَا حُلَّةَ الْعَارِ فَبُعْدًا لِمَنْ يَرُوْمُ نَجَازَةْ   وَمَتٰى اهْتَزَّ لِلدَّنَاءَةِ نِكْسٌ

عَافَ طَبْعِيْ طِبَاعَهُ وَاهْتِزَازَهْ   فَالْمَنَايَا وَلَا الدَّنَايَا وَخَيْرٌ   مِنْ رُكُوْبِ الْخَنٰى رُكُوْبُ الْجِنَازَةْ

ثُمَّ رَنَّعَ اِلَيَّ طَرْفَهُ. وَقَالَ لِاَمْرٍ مَا جَدَعَ قَصِيْرٌ اَنْفَهُ. فَاَخْبَرْتُهُ خَبَرَ نَاقَتِيَ السَّارِحَةِ

وَمَا عَانَيْتُهُ فِيْ يَوْمِيْ وَالْبَارِحَةِ. فَقَالَ دَعِ الْاِلْتِفَاتَ اِلٰى مَا فَاتَ. وَالطِّمَاحَ اِلٰى مَا طَاحَ.

الترجمۃ والمطالب میں رات کو خوب چین سے نیند بھر کر سوتا ہوں اور میرا دل سوزش اور گرمی سے ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اور مجھے پرواہ نہیں کہ میں کون سے پیالے میں دودھ پی رہا ہوں اور نہ میں شیریں اور کھٹے مزے کو جانتا ہوں اور میں مطلق پرواہ نہیں کرتا اور نہ میں یہ پسند کرتا ہوں کہ ذلت کو بخشش حاصل کرنے کے لئے راستہ بناؤں اور جب مقصد اور مطلب نے ذلت اور عیب کا لباس پہن لیا تو ایسے شخص کے لئے جو اس کے پورا کرنے کا فوری ارادہ رکھے اس کے لئے موت ہی بہتر ہے۔ اور جب کوئی کمینہ کمینگی پر اتر آتا ہے تو میری عادت اور سرشت میں ہے کہ اس کی عادت اور اس کی طرف مائل ہونے سے میں متنفر ہو جاتا ہوں میں موت کو بہتر سمجھتا ہوں اور میں کمینہ باتوں کو اچھا نہیں سمجھتا اور بیہودہ باتیں اختیار کرنے سے میں جنازے کی سواری کو اچھا سمجھتا ہوں پھر وہ میری طرف نگاہ اٹھا کر دیکھنے لگا کہ کسی بڑے کام کے لئے ہی قصیر شخص نے اپنی ناک کاٹی ہوگی میں نے اپنی چلی جانے والی اونٹنی کا اس کو قصہ سنایا اور میں نے اپنی وہ تکالیف بیان کیں جو اس دن اور گذشتہ رات میں نے اٹھائی تھیں، پس اس نے کہا تو فوت شدہ چیز کے التفات کو چھوڑ دے اور ہلاک شدہ چیز کی طرف تجھے آنکھ اٹھانا نہ چاہیئے۔

تشریح لغات ۱ ارقد از نصر رقد ورقود ورقادٌ مصدر بمعنی سونا ۲ حزازة وجمع یعتری القلب من الھم والحزن واصل الحز القطع والتحدید یقال حز العود ای قطعہ وحززا سنانہ ای حدّدہ از نصر والمصدر حزٌّ ۳ تفوقت از تفعل اس کا مصدر تفوق ہے بمعنی تھوڑا تھوڑا اور گھونٹ گھونٹ پینا یقال تفوق الفصیل اللبن ای شربہ فواقا والفواق مابین الحلبتین من الوقت ۴ مزازة وھی الطعام بین الحلو والحامض یقال مز الطعام ای صار مزا و المصدر مزازة ومزوزة از سمع وایضا یقال مز الرجل ای صار مزیزا ای فاضلا ومز الشئی ای کثر فھو مزیزٌ

واعلم ان هناك تفصيلا في الطعوم فاحفظ ان اصول الطعوم هي اربعة. الحلاوة والمرارة والحموضة والملوحة ثم اذا
كان في طعم الشئ مرارة وكراهة وحفوف (وهو اليبس) كطعم الاهليلج وما اشبه فهو بشع فاذا كان فيه بشاعة و
قبض كراهة كطعم العفص وهو شجر من شجر البلوط فهو عفص فاذا لم تكن حلاوة محضة ولا حموضة ولا مرارة
صادقة فهو تفه فاذا كان كطعم الفلفل فهو حامز فاذا لم يكن له طعم فهو مسخ وسخ رنقه و منجد ۱؎ لا اي لا ابالي
بما تقدم ذكره ۲؎ لا استجیز از استفعال استجازۃ مصدر بمعنی اجازت طلب کرنا یقال استجاز الامر جبکہ وہ جائز سمجھے ۳؎ مجاز بمعنے راستہ گذرگاہ
۴؎ تسنی مصدر از تفعل بمعنی آسان ہونا یقال تسنی الرجل جبکہ وہ آسانی اور نرمی کرے ۵؎ اجازہ یہاں پر عطیہ دینے کے معنے میں مستعمل ہے ۶؎
کسا یہ فعل ماضی کا صیغہ ہے یقال کسا یکسو کسوًا از نصر بمعنی کپڑے پہنانا یقال کسوتہ ثوبًا یہ دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے اور یہاں کسا فعل
کا مفعول اول محذوف ہے ای واذا کسا مطلب طالبیہ محلۃ العار ۷؎ فبعدا ای ابعدک اللہ عن الخیر ۸؎ نجازہ بمعنے فی الفور اس کا ہونا اور
پورا کرنا ۹؎ اہتزاز انفعال اہتزاز مصدر بمعنے ہلنا وجھومنا اور یہ غم اور خوشی دونوں میں مستعمل ہوتا ہے مگر خوشی میں زیادہ اور یہاں یہ معنی میں قصد
کرنے کے ہے ۱۰؎ للدنارۃ مصدر بمعنے خساستہ وکمینہ پن از فتح وکرم ۱۱؎ نکس بکسر النون بمعنے مرد خسیس و نالائق وکمزور و ہیچ و بے برکت مرد
وپستہ قد وکرم وسخاوت میں کوتاہی کرنے والا والجمع انکاس ۱۲؎ عاف یہ عاف یعاف عیفًا عیافًا وعیفانًا سے ماخوذ ہے بمعنے کراہت
کرنا اور نفرت کرنا یقال عاف الطعام جبکہ وہ کراہت کی وجہ سے چھوڑ دے ۱۳؎ المنایا یہ منیۃ کی جمع ہے بمعنے موت ای انا اختار
الموت ۱۴؎ الدنایا ای النقائص والرذائل یعنی کمینی باتیں ۱۵؎ الخنی بمعنی الفحش فی الکلام وخنی الدھر ای نوائبہ و
الوحدۃ خناہ وخنی علیہ فی الکلام ای افحش از سمع ونصر ۱۶؎ الجنازۃ بالکسر النعش یحمل علیہ المیت و
بالفتح المیت نفسہ ۱۷؎ لامر ما یعنی کسی بڑے کام کے لئے ۱۸؎ جدع از فتح والمصدر جدع بمعنے ناک کاٹنا یقال جدع انفہ جبکہ
وہ ناک کاٹے ویقال لامر ما جدع قصیر انفہ یعنی کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی اس کے قصہ کی تفسیر جو اس مقامہ
کے اخیر میں ہے وہاں پر موجود ہے ۱۹؎ عانیتہ از مفاعلہ معاناۃ مصدر بمعنی تکلیفیں برداشت کرنا اور جھیلنا ۲۰؎ البارحۃ گذشتہ
رات اور البارحۃ الاولی گذشتہ رات سے پہلی رات ۲۱؎ الطماح مصدر از فتح یقال طمح بصرہ الیہ طمحًا وطماحًا وطموحًا جبکہ وہ نگاہ اٹھاکر
دیکھے وطمح ببصرہ الیہ جبکہ وہ بلندی کی طرف دیکھے وطمح بانفہ جبکہ وہ مغرور ہو اور ناک چڑھائے وطمح بہ جبکہ وہ لے جائے وطمح فی الطلب
جبکہ وہ کوشش کرے ۲۲؎ طاح یہ طاح یطوح سے مشتق ہے از نصر طوح بمعنے ہلاکت کے قریب ہونا و حیران ہونا۔

وَلَا تَأْسَ عَلٰی مَا ذَهَبَ. وَلَوْ اَنَّهٗ وَادٍ مِنْ ذَهَبٍ. وَلَا تَسْتَمِلْ مَنْ مَالَ عَنْ رِیْحِكَ. وَاَضْرِمْ نَارَ
تَبَارِیْحِكَ. وَلَوْ كَانَ ابْنَ بُوْحِكَ. اَوْ شَقِیْقَ رُوْحِكَ. ثُمَّ قَالَ هَلْ لَكَ فِیْ اَنْ نَقِیْلَ. وَ
نَتَحَامَی الْقَالَ وَالْقِیْلَ. فَاِنَّ الْاَبْدَانَ اَنْضَاءُ تَعَبٍ. وَالْهَاجِرَةَ ذَاتُ لَهَبٍ. وَلٰكِنْ یَصْقُلُ الْخَاطِرَ
وَیُنَشِّطُ الْفَاتِرَ. كَقَائِلَةِ الْهَوَاجِرِ. وَخُصُوْصًا فِیْ شَهْرَیْ نَاجِرٍ. فَقُلْتُ ذَاكَ اِلَیْكَ. وَمَا
اُرِیْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَیْكَ. فَافْتَرَشَ التُّرْبَ وَاضْطَجَعَ. وَاَظْهَرَ اَنَّهٗ قَدْ هَجَعَ. وَارْتَفَقْتُ
عَلٰی اَنْ اَحْرُسَ. وَلَا اَنْعَسَ. فَاَخَذَتْنِی السِّنَةُ. اِذْ نَامَتِ الْاَلْسِنَةُ. فَلَمْ اُفِقْ اِلَّا وَ
اللَّیْلُ قَدْ تَوَلَّجَ. وَالنَّجْمُ قَدْ تَبَلَّجَ. وَلَا السَّرُوْجِیُّ وَلَا الْمُسْرَجُ.

الترجمة والمطالب

اور جو چیز جاتی رہی اس پر تو غم نہ کر اگرچہ وہ سونے کی وادی (ندی) ہی کیوں نہ ہو اور تو ہرگز مائل نہ ہو جو تیری خوشبو سے اعراض کرے اور تیری مصیبتوں کی آگ کو بھڑکائے اگرچہ وہ تیرا حقیقی بیٹا اور جان کا جزو ہی کیوں نہ ہو پھر وہ بولا کیا تمہاری خواہش ہے کہ ہم قیلولہ کریں اور گفتگو کرنے سے بچ جائیں، کیونکہ بدن بے انتہا چور چور (تھکا ہوا) ہے اور دوپہر کی گرمی بہت تیز ہے اور دل کے زنگ کو دور کرنے کے لئے اور تھکان کے خوش کرنے کے لئے سوائے قیلولہ کے اور کوئی چیز فائدہ مند نہیں خاص کر جون جولائی کے مہینوں میں. میں نے جواب دیا جیسے آپ مناسب سمجھیں۔ اور میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ کو میں تکلیف دوں یہ سن کر وہ مٹی پھیلا کر لیٹ گیا اور ایسا اپنے آپ کو ظاہر کیا جیسے وہ سو رہا ہے اور میں کہنی کے سہارے ٹک گیا تاکہ میں حفاظت اور چوکسی کرتا رہوں اور میں نہ سو جاؤں لیکن مجھے جھپک آہی گئی (یعنی میں سو گیا) کیونکہ زبان تو بندی ہوئی تھی جب میں ہوش میں آیا تو رات ہو گئی تھی۔ اور ستارے چمک رہے تھے۔ اس وقت نہ تو میں نے ابوزید سروجی کو پایا اور نہ زین کسے ہوئے گھوڑے کو۔

تشریح لغات

[1] وادیہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی پہاڑوں یا ٹیلوں کے درمیان کی کشادگی جو سیلاب کے لئے گذرگاہ ہو والجمع اودیۃٌ واوادیۃٌ واوداء واوداہ اور اس کے معنی طریقہ اور مذہب کے بھی آتے ہیں [2] لاتستمل از استفعال استمالۃٌ مصدر بمعنی مائل ہونا اور جھکنا [3] مال از ضرب بمعنی مائل ہونا والمصدر میلٌ وتمیالٌ ومیلانٌ ومیلولۃٌ وممالٌ ومَمیلٌ یقال مال الی المکان جبکہ وہ لوٹے ومال الی الشئی جبکہ وہ رغبت کرے ومال عن الطریق جبکہ وہ تجاوز کرے اور چھوڑ دے اور یہاں یہ چھوڑنے اور بھاگنے کے معنے میں ہے [4] ریحک بمعنی ہوا اور یہ مؤنث ہے اور اس کی جمع اریاح اور ارواح اور ریاح اور ریَحٌ آتی ہے اور یہاں اس سے مراد دولت ہے [5] تباریحک یہ تبریح کی جمع ہے بمعنے شدت اور پریشانی یقال برح بہ الشوق ای کشف ما عندہ من الشدۃ وقیل التباریح کلف المعیشہ فی مشقۃ [6] ابن بوحک یہ ضرب المثل ہے ابنک ابن بوحک یشرب من صبوحک ومعناہ ان ابنک من ولد تہ لا من تبنیتہ وقیل البوح اسم من باح بالشئی ای اظہرہ وذلک ان بعض العرب کانوا یاتون النساء فاذا ولد لاحدھم الحقتہ المرأۃ بمن شاءت فربما ادعاہ وربما انکرہ لا نہا کانت لا تمتنع ممن یتنابھا فالمعنی ان ابنک من بحت بہ انت وباحت بہ امہ بموافقتک [7] شقیق ای کل شئی شققتہ بنصفین کل نصف شقیق الاخر یعنی وان کان بعض روحک۔ یعنی دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ وحقیقی بھائی نظیر [8] ہل لک ای ہل لک رغبۃ [9] نقیل یہ قیلولہ سے مشتق ہے یعنی دوپہر میں سونا از ضرب یقال قال یقیل قیلا وقائلۃً وقیلولۃ ومقالا ومقیلاً [10] نتحامی تحامی مصدر از تفاعل بمعنی بچنا و پرہیز کرنا [11] انضاء یہ نضوٌ کی جمع ہے بمعنی لاغر وجوان تھکے ہوئے [12] الہاجرۃ یہ الہاجر کا مؤنث ہے بمعنے گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت وسخت گرمی والجمع ہاجرات وہواجر [13] لبسب مصدر بے دھوئیں کا شعلہ وبلند غبار [14] یصقل از نصر یقال صقل الشئی صقلاً وصقالاً جبکہ صاف کرے اور چکنا کرے اور زنگ دور کرے [15] ینشط تنشیط مصدر از تفعیل اور یہ نشاط سے ماخوذ ہے بمعنی خوش کرنا [16] الفاتر ای الضعیف المنقطع یقال فتر جسمہ فتوراً جبکہ وہ کمزور اور نرم جوڑوں والا ہو از نصر وضرب [17] کقائلۃ میں کاف مثل کے معنی میں ہے اور یہ فاعل لن یصقل کا ہے [18] ناجر یہ گرمی کے دو مہینے بعض کے نزدیک تموز اور حزیران ہیں یعنی ماہ جون اور جولائی ہیں، اور لیکن ابو بکر بن درید نے اس قول کو غلط قرار دیا ہے اور کہا یہ دو ستارے ہیں جن کے طلوع کو کہا جاتا ہے. تموز یہ رومی مہینے کے مطابق

ماہ جولائی ہے اور حزیران یہ جون کا مہینہ ہے [19] الیک اسی ہو مفوض الیک [20] افترش افتراش مصدر از انفعال بمعنی مٹی پھیلانا [21] ہجع از فتح ہجوع و تہجاع مصدر بمعنی رات میں سونا [22] ارتفقت ارتفاق مصدر از افتعال بمعنی کہنی کے سہارے ٹکنا یا تکیہ سے ٹیک لگانا [23] احرص از نصر و ضرب حرص مصدر بمعنی حفاظت کرنا [24] انعس نعس مصدر از فتح و نصر بمعنی اونگھنا [25] السنۃ بمعنی النوم الخفیف [26] زمت زم مصدر از نصر بمعنی باندھنا اور یہ مشتق ہے زم البعیر اذا جعل فی برتہ زمام [27] تولج از تفعل تولج مصدر بمعنی داخل ہونا [28] تبلج از تفعل تبلج مصدر بمعنی ظاہر ہونا اور روشن ہونا یقال تبلج الیہ جبکہ وہ ہنسے اور خوش ہو [29] المسرج زین کسا ہوا گھوڑا یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از افعال یقال سرج الفرس جبکہ وہ گھوڑے پر زین کسے۔

فَبِتُّ بِلَيْلَةٍ نَابِغِيَّةٍ۔ وَاَحْزَانٍ يَعْقُوبِيَّةٍ۔ اُسَاوِرُ الْوُجُومَ۔ وَاُسَاهِرُ النُّجُومَ۔ اُفَكِّرُ تَارَةً فِىْ رِحْلَتِىْ وَاُخْرٰى فِىْ رَجْعَتِىْ۔ اِلٰى اَنْ وَضَحَ لِىْ عِنْدَ افْتِرَارِ ثَغْرِ الضَّوْءِ فِىْ وَجْهِ الْجَوِّ۔ رَاكِبٌ يَخِدُّ فِى الدَّوِّ۔ فَاَلْمَعْتُ اِلَيْهِ بِثَوْبِىْ۔ وَرَجَوْتُ اِلٰى اَنْ يُعَرِّجَ اِلٰى صَوْبِىْ۔ فَلَمْ يَعْبَاْ بِالْمَاعِىْ۔ وَلَا اَوٰى لِالْتِيَاعِىْ۔ بَلْ سَارَ عَلٰى هِيْنَتِهٖ۔ وَاَصْمَانِىْ بِسِهَامِ اِهَانَتِهٖ۔ فَاَوْفَضْتُ اِلَيْهِ لِاَسْتَرْدِفَهٗ۔ وَاَحْتَمِلَ تَغَطْرُفَهٗ۔ فَلَمَّا اَدْرَكْتُهٗ بَعْدَ الْاَيْنِ۔ وَاَجَلْتُ فِيْهِ مُسَرَّحَ الْعَيْنِ۔ وَجَدْتُ نَاقَتِىْ مَطِيَّتَهٗ۔ وَضَالَّتِىْ لُقَطَتَهٗ۔ فَمَا كَذَّبْتُ اَنْ اَذْرَيْتُهٗ عَنْ سَنَامِهَا۔ وَجَاذَبْتُهٗ طَرَفَ زِمَامِهَا۔

الترجمۃ والمطالب وہ رات میں نے نابغہ کی طرح گذاری اور حضرت یعقوب علیہ السلام جیسے غموں کے ساتھ بسر کی اور میں غم و غصہ کی حالت میں چپکا پڑا تھا۔ اور میں ستاروں کے ساتھ ساتھ جاگ رہا تھا۔ اور میں کبھی لپنے یا پیادہ ہوجانے کے متعلق سوچتا تھا۔ اور کبھی اپنے لوٹنے کے متعلق یہاں تک کہ جب فضائے آسمانی میں روشنی کے دانت ظاہر ہوئے (یعنی صبح ہوئی) تو مجھے ایک سوار نظر آیا جو جنگل میں بہت تیز چلا جارہا تھا میں نے اس کی طرف اس امید پر کپڑا ہلا کر اشارہ کیا کہ وہ میری طرف لوٹ آئے گا لیکن اس نے میرے اشارے کی کوئی پرواہ نہ کی اور نہ اس نے میری سوزش باطنی پر رحم کیا بلکہ نہایت اطمینان سے مجھے ذلت کے تیر کا نشانہ بناتے ہوئے چلتا رہا، پس میں اس کی طرف دوڑا تاکہ اس کے تکبر کو برداشت کرتے ہوئے اس سے میں ردیف بننے کی درخواست کروں چنانچہ جب میں نے تکلیف اٹھاتے ہوئے اس کو پکڑا اور میں نے گردش کی جگہ (یعنی آنکھ) کو پھیر کر دیکھا تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ میری اونٹنی اس کی سواری میں ہے اور میرا گمشدہ مال اس کے قبضہ میں ہے یہ دیکھ کر میں نے بغیر دیر اور توقف کے اس کو ہان سے گرا دیا اور اونٹنی کی مہار اس سے چھڑا کر میں کھینے لگا۔

تشریح لغات [1] بلیلۃ نابغیۃ یہ عرب کے امثال میں سے ہے امام اصمعی سے روایت ہے کہ میں ایک رات ہارون رشید کے پاس سے لوٹا اور مجھے اپنے مرض کی شکایت تھی جب میں صبح کو ان کے پاس گیا تو ہارون رشید نے کہا کہ تم نے اپنی گذشتہ رات کس طرح کاٹی تو میں نے کہا اے امیر المؤمنین میں نے اپنی رات نابغہ کی طرح کاٹی تو اس پہ ہارون رشید نے کہا انا للہ اصمعی کا مقصد نابغہ کے اس قول کی طرف اشارہ کرنا ہے جیسا کہ شعر میں بیان کیا ہے ؎ اس کا ترجمہ یہ ہے میں نے اس طرح رات

گذاری گویا مجھ پر پہاڑی کے سانپوں میں سے کسی موذی باریک سانپ نے جس کے دانتوں میں زہر قاتل تھا اس نے حملہ کیا ہے ۱؎ احزان یعقوبیۃ یہ حزن کی جمع ہے بمعنی غم اور یعقوبیۃ یہ منسوب ہے حضرت یعقوب علیہ السلام کی طرف اور اسی سے اس آیت کی طرف اشارہ ہے إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللهِ (ترجمہ) حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا اے میرے بیٹو! میں تو اپنے رنج اور غم کی صرف اللہ سے شکایت کرتا ہوں نہ تم سے نہ کسی اور سے اس واسطے کہ وہ ہی بے کسوں کا کام بنانے والا ہے ۲؎ اساور مساورۃ وسوارا مصدر از مفاعلہ دو دشمنوں کا لڑائی میں ایک دوسرے پر کودنا اور حملہ کرنا اور یہ مشتق ہے سار الیہ سے جبکہ وہ کودے از نصر والمصدر سوز وسوور ۳؎ الوجوم مصدر از ضرب یقال وجم یجم وجوما ای اشتد حزنہ حتی امسک عن الکلام یعنی یثب الغم علیّ واثب علیہ وقال السریشی الوجوم السکوت علے غلیظ ۴؎ اساہر مساہرۃ مصدر بمعنی اکٹھا جاگنا یقال ساہرہ جبکہ وہ اکٹھا جاگے ۵؎ رجلتی بالضم بمعنے چلنے کی قوت ومردانگی یعنی پیادہ پا چلنا وبکسر ارار بمعنی خرفہ کا ساگ ۶؎ افترار مصدر از افتعال بمعنی ظاہر ہونا اور کھلنا ۷؎ ثغر الضوء سے مراد صبح کا ظاہر ہونا ہے ۸؎ الجو آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ وکشادہ وادی وکشادہ میدان ۹؎ یخذ از ضرب وخذ مصدر اور یہ تیز رفتار کی ایک قسم کا نام ہے یقال وخد البعیر جبکہ اونٹ تیز دوڑے اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالے ۱۰؎ الدو بمعنی جنگل یقال دوّا ای مشی فی المعۃ (ای فی الفلاۃ) ۱۱؎ فالمعت از افعال الماع مصدر بمعنے اشارہ کرنا یقال المع بثوبہ ای اشار بہ وھوان یرفعہ حتی یبدو للمشار الیہ لمعانہ ۱۲؎ یعرج از تفعیل یقال عرّج ای وقف ولبث ومال من جانب الی جانب وعرّج عن الشئ ای ترکہ وعدل عنہ وفلان لا یعرج علے قولہ ای لا یعتمد علیہ ۱۳؎ صوبی بمعنی طرف وجانب یقال فلان مستقیم الصوب جبکہ وہ اپنے ارادے سے دائیں بائیں مائل نہ ہو ۱۴؎ فلم یعبا از فتح عبا وتعبیۃ مصدر بمعنی متوجہ ہونا یقال عبا الی فلان ولہ جبکہ وہ قصد کرے ویقال لا اعبا بہ یعنی مجھے اس کی پرواہ نہیں ۱۵؎ ادی از ضرب یقال اوی لہ اویۃ وایۃ ومادیۃ ومادۃ جبکہ وہ رحم کھائے اور نرم دل ہو اور ترس کھائے ۱۶؎ التیاعی مصدر از افتعال یقال التاع قلبہ التیاعا جبکہ دل کا غم عشق سے جل اٹھے واللوعۃ حرقۃ الحزن والهوی والوجد ۱۷؎ بنیۃ فعلۃ للنوع اور یہ ہون سے مشتق ہے بمعنی سکون ووقار یقال امش علے ہونک وہینتک یعنی تم اپنی روش پر چلو ۱۸؎ اصمانی از افعال اصماء مصدر یقال اصمی الصید جبکہ وہ تیر مارے اور شکار سامنے ہی ٹھنڈا ہو جائے ومجردہ از ضرب ۱۹؎ ارفضت از افعال ایفاض مصدر بمعنی تیز چلنا اور دوڑانا ومجردہ از ضرب ۲۰؎ لا استردفہ استرداف مصدر از استفعال بمعنی ردیف بنانا یقال استردفہ اذا سالہ ان یردفہ ای ان یحملہ خلفہ ۲۱؎ احتمل احتمال مصدر از افتعال بمعنی برداشت کرنا ۲۲؎ تغطرفہ مصدر بمعنی تکبر کرنا یقال تغطرف جبکہ وہ ناز وانداز سے چلے اور تکبر کرے اور غطرفت کے معنے بھی تکبر کے آتے ہیں ۲۳؎ اجلت از افعال اجالۃ مصدر بمعنی گھمانا ۲۴؎ الاین بمعنی تھکن وماندگی ومشقت ۲۵؎ مسرح العین سے مراد وہ جگہ جس کو دیکھتے ہی آنکھ پھر جائے اور مسرح کے معنے چراگاہ کے ہیں والجمع مسارح ۲۶؎ مطیۃ بمعنے سواری یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے ہے یعنی بعیر اور ناقہ دونوں کو کہتے ہیں والجمع مطایا ومطیٌّ ۲۷؎ لقطۃ بضم الاول وسکون القاف وفتحہا گری پڑی چیز جو اٹھائی جائے یا وہ شئ متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو ۲۸؎ فما کذبت. تخفیف الذال ای فما لبثت ۲۹؎ اذریۃ اذرار مصدر از افعال بمعنی ڈال دینا یقال اذریت الحب فی الارض اذا القیت ومجردہ از نصر وضرب ۳۰؎ سنامہا بمعنی کوہان والجمع اسنمۃ ۳۱؎ زمامہا بالکسر جس سے کوئی چیز باندھی جائے ومہار. باگ. نکیل. لگام والجمع ازمۃ۔

وَقُلْتُ أَنَا صَاحِبُهَا وَمُضِلُّهَا ۔ وَلِي رِسْلُهَا وَنَسْلُهَا ۔ فَلَا تَكُنْ كَأَشْعَبَ ۔ فَتُتْعِبَ وَتَتْعَبَ ۔ فَأَخَذَ يَلْدَغُ وَيَصِئُ ۔ وَيَتَقَحَّمُ وَلَا يَسْتَحِي ۔ وَبَيْنَنَا هُوَ يَئِزُّ وَيَلِينُ ۔ وَيَسْتَأْسِدُ وَيَسْتَكِينُ

اِذْ غَشِيَنَا اَبُوْ زَيْدٍ لَابِسًا جِلْدَ النَّمِرِ. وَهَاجِمًا هُجُوْمَ السَّيْلِ الْمُنْهَمِرِ. فَخِفْتُ وَاللّٰهِ اَنْ يَكُوْنَ يَوْمُهُ كَاَمْسِهٖ. وَبَدْرُهُ مِثْلَ شَمْسِهٖ. فَاُلْحَقَ بِالْقَارِظَيْنِ. وَاُصِيْرَ خَبَرًا بَعْدَ عَيْنٍ. فَلَمْ اَرَ اِلَّا اَنْ اُذَكِّرَهُ الْعُهُوْدَ الْمَنْسِيَّةَ. وَالْفَعْلَةَ الْاَمْسِيَّةَ. وَنَاشَدْتُهُ اللّٰهَ اَوَافٰى لِلتَّلَافِيْ. اَمْ لِمَا فِيْهِ اِتْلَافِيْ.

الترجمة والمطالب

اور میں نے اس سے کہا کہ میں اس کا مالک ہوں اور اس کا گم کرنے والا ہوں اور اس کے دودھ اور بچوں کا بھی مالک ہوں لہٰذا تو اشعب کی طرح مت ہو پس تو مجھے تکلیف دے اور خود تکلیف اٹھائے پس وہ کاٹنے لگا اور شور مچاتا تھا اور بے شرمی کی باتیں کرنا شروع کیں اور وہ بالکل شرماتا نہ تھا اور میں اسی طرح تھا کبھی تو وہ کودتا تھا اور کبھی نرم ہو جاتا تھا اور کبھی وہ شیر کی طرح ڈکارتا تھا اور کبھی وہ مسکین بن جاتا تھا یہ بنی ہو رہا تھا کہ یکایک ابوزید چیتے کی کھال پہنے ہوئے ایسی جلدی سے آموجود ہوا جیسے تیز پانی کا سیلاب دبا دے، پس میں خدا کی قسم ڈر گیا کہ کہیں آج کا دن بھی کل جیسا نہ گذرے اور اس کا پورا چاند پھر سورج جیسا ثابت ہو کہیں ایسا نہ ہو میری حالت کیکر کی طرح پتے بیننے (چننے) والوں جیسی ہو جائے اور میری ذات کے بجائے صرف نام ہی نام باقی رہ جائے چنانچہ میں نے اس کے سوا اور طریقہ نہ دیکھا کہ اس کو فراموش شدہ معاہدے یاد دلانا شروع کر دیئے اور اس کی کل کی حرکت کو اور میں نے اسے قسم دیکر پوچھا کہ تو آج میری مدد کے لئے آیا ہے یا مجھے ہلاک کرنے کے لئے (یعنی مجھے برباد کرنے کیلئے)

تشریح لغات

[۱] مضلہا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال اضلال مصدر بمعنی گم کرنا [۲] رِسلہا بالکسر بمعنی فراخی وارزانی و دودھ والجمع رِسال [۳] کاشعب یہ بہت بڑا لالچی تھا۔ اور اس کی عرب میں ضرب المثل ہے ایک دن ان کو لڑکے دق کر رہے تھے اور بہت خوش مزاج اور ہنس مکھ آدمی تھے انہوں نے لڑکوں سے یہ کہا کہ فلاں شخص کے یہاں دعوت ولیمہ ہے تم سب وہاں چلو بچے سب چلے گئے آپ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ کہیں واقعی ایسا نہ ہو چنانچہ آپ سے نہ رہا گیا وہاں پہنچ گئے پھر تو بچوں نے خوب ہی ان کو دق اور پریشان کیا [۴] فتتعب اتعاب مصدر از افعال بمعنی تھکانا مصیبت میں ڈالنا [۵] متعب از سمع تعب مصدر بمعنی مشقت میں پڑنا اور تھکنا [۶] یلدغ از فتح ای یوذی بلسانہ یقال لدغہ بکلمة ای نخسہ بہا وطعنہ فیہ والمصدر لدغٌ وتلداغ [۷] یصئ یقال صاءت العقرب تصئ صَئِیًا وصئیًا بفتح الصاد وکسرہا اذا صوّتت از ضرب یعنی جبکہ چیخے اور پکارے یلدغ ویصئ یہ بھی ضرب المثل ہے جبکہ وہ خود ظلم کرے اور پھر خود ہی شکایت فریاد اور واویلا کرے۔ [۸] یتقح از افتعال اتقاح مصدر بمعنی بے شرمی کرنا اور یہ وقاحة سے ماخوذ ہے [۹] نیزو ای یشتد ویثب یقال نزا ای وثب ونزا علیہ ای وقع علیہ ووطئہ ونزا الذکر علی الانثی جبکہ وہ جفتی کرے اور اس کا استعمال چوپاؤں کے لئے ہے ونزا بہ قلبہ الی کذا جبکہ وہ شیفتہ اور فریفتہ ہو ونزت الحمر جبکہ گدھے اچھلیں اور کودیں ونزا الطعام جبکہ غلہ گراں ہو از نصر والمصدر نزوٌ ونُزُوٌّ ونزوانٌ ینزو ویلین وضرب المثل اس شخص کے لئے ہے جو عزت والا ہو اس کے بعد وہ ذلیل ہو جائے [۱۰] یستاسد از استفعال ای یصیر کالاسد فی الغضب ورفع الصوت والسطوة علیّ [۱۱] یستکین استکانت مصدر از استفعال بمعنی عاجز ہونا اور ذلیل ہونا اور یا یہ سکونت سے ماخوذ ہے بمعنے مسکین ہونا اور یہی معنی یہاں مناسب ہیں از کرم [۱۲] جلد النمر جلد بمعنی کھال والجمع اجلادٌ وجلودٌ اور نمر بمعنے چیتا اور یہ مثال اس شخص پر موزوں ہے جو بے حیا ہو اور دلیر بھی کیونکہ چیتا سب درندوں میں زیادہ بہادر ہے اور تکلیف برداشت

کرنے میں سب سے کمزور ہے اور تنمر کا یہی ماخذ ہے یعنی وہ چیتا جیسا ہو گیا ۱۳ ہاجما یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے ہجوم مصدر از نصر بمعنی غفلت کی حالت میں اچانک آنا یا بغیر اجازت کے آنا ۱۴ المنہمر انہمار مصدر از انفعال بمعنی پانی بہنا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال انہمر الماء جبکہ پانی بہے و مجردہ از نصر بمعنی پانی گرنا و بہنا ۱۵ کا مسء ای اخذ فرسی امس مخففت ان یا خذ الیوم ناقتی من الرجل لنفسہ ۱۶ بالقارظین یہ قارظ کا تثنیہ ہے اور قارظ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از ضرب یقال قرظ القرظ قرظاً درخت سلم جو کیکر کی طرح ہوتا ہے وہ اس کو چننے اور اس کے پتوں سے چمڑے کو عرب والے دباغت دیا کرتے تھے اور قارظان یہ دو شخص تھے ایک تو عنزہ قبیلہ میں سے تھا اور دوسرا نمر بن قاسط کی اولاد سے یہ دونوں قرظ کے پتے جمع کرنے کے لئے گئے لیکن ان میں سے کوئی نہ آیا اور نہ ان کا کچھ حال معلوم ہوا چنانچہ اس کہاوت کا اطلاق ایسے گمشدہ پر ہوتا ہے جس کی واپسی کی امید منقطع ہو جائے ۱۷ بعد عین کیا ابوزید آج میرے ساتھ وہ کرے گا جو اس نے کل کیا تھا، پس میں بالکل ہی ہلاک ہو جاؤں پس میرا نام باقی رہ جائے ۱۸ المنسیۃ یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نسی ینسٰی (س ع) بمعنے بھولی ہوئی چیز ۱۹ الفعلۃ بالفتح یہ فعل کا اسم مرت ہے ای ما فعل امس از فتح ۲۰ الامسیۃ یہ امس کی طرف خلاف قیاس منسوب ہے بمعنی گذشتہ ایام میں سے کوئی دن والجمع آمسٌ و آموسٌ و آماسٌ ۲۱ ناشدہ از مفاعلہ مناشدۃ ونشاد مصدر بمعنی قسم کھلانا ۲۲ اوانی اس میں ہمزہ استفہام کے لئے ہے اور وانی یہ ماضی کا صیغہ ہے از موافاۃ (مفاعلۃ) بمعنی آنا یقال وافی الرجل جبکہ آئے اور اچانک آئے۔ ۲۳ للتلافی مصدر از تفاعل بمعنی تدارک کرنا یقال تلافی الامر جبکہ وہ تدارک کرے اور یہاں اس سے مدد کرنا مراد ہے اور تلافی کے معنے خون کے بدلہ حاصل کرنے کے بھی آتے ہیں ۲۴ اتلافی مصدر از افعال بمعنی ہلاک کرنا و برباد کرنا و فنا کرنا اور یہاں اس سے مراد تکلیف دینا اور نقصان پہنچانا ہے

فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ اُجْهِزَ عَلٰى مَكْلُوْمِيْ۔ اَوْ اُصِلَ حَرُوْرِيْ بِسَمُوْمِيْ۔ بَلْ وَافَيْتُكَ لِاُخْبِرَكَ كُنْهَ حَالِكَ وَاَكُوْنَ يَمِيْنًا لِشِمَالِكَ۔ فَسَكَنَ عِنْدَ ذٰلِكَ جَاشِيْ۔ وَانْجَابَ اسْتِيْحَاشِيْ۔ وَاَطْلَعْتُهٗ طِلْعَ اللِّقْحَةِ وَتَبَرْقُعَ صَاحِبِيْ بِالْقِحَةِ۔ فَنَظَرَ اِلَيْهِ نَظَرَ لَيْثِ الْعِرِّيْسَةِ اِلَى الْفَرِيْسَةِ۔ ثُمَّ اَشْرَعَ قِبَلَهُ الرُّمْحَ وَاَقْسَمَ بِمَنْ اَنَارَ الصُّبْحَ۔ لَئِنْ لَمْ يَنْجُ مَنْجَا الذُّبَابِ۔ وَيَرْضَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ بِالْاِيَابِ۔ لَيُوْرِدَنَّ سِنَانَهٗ وَرِيْدَهٗ۔ وَلَيُضْجِعَنَّ بِهٖ وَلِيْدَهٗ وَوَدِيْدَهٗ۔ فَنَبَذَ زِمَامَ النَّاقَةِ وَحَاصَ۔ وَاَفْلَتَ وَلَهٗ حُصَاصٌ۔ فَقَالَ لِيْ اَبُوْ زَيْدٍ تَسَلَّمْهَا۔ وَتَسَنَّمْهَا۔ فَاِنَّهَا اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ۔ وَوَيْلٌ اَهْوَنُ مِنْ وَيْلَيْنِ۔

الترجمۃ والمطالب

پس اُس نے کہا میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں کیا میں اپنے زخمی کو بالکل ہی ہلاک کر ڈالوں گا یا اپنی رات کی گرم لُو کو اپنے دن کی گرم لُو پر چلاؤں گا (یعنی جو تجھے تکلیف دی ہے اس پر میں زیادتی نہیں کروں گا) بلکہ میں تیرے پاس اس لئے آیا ہوں کہ تیری حقیقت حال کو دریافت کروں اور تیرے بائیں ہاتھ کے لئے داہنا ہاتھ بنوں (مدد کروں) یہ سن کر میرے دم میں دم آیا اور ہراس دور ہوا پھر میں نے اس کو اپنی دودھ دینے والی اونٹنی کا حال سنایا نیز اپنے فریق کا بے شرمی کا برقعہ پہننا اس پر پہلے تو ابوزید نے اس کو ایسے گھورا جیسے جھاڑی کا شیر شکار کو گھورتا ہے پھر وہ اس کی طرف نیزہ سیدھا کر کے بولا اور اس خدا کی قسم کھا کر کہا جس نے صبح کو روشن کیا کہ اگر تو مکھی کی طرح الگ نہ ہٹ جائے گا اور مال غنیمت چھوڑ کر (خالی ہاتھ) لوٹنے پر رضامند نہ ہوگا تو میں (دیکھتے دیکھتے) اپنے نیزہ کی نوک تیری شہ رگ میں اتار دوں گا۔ اور تیرے بال بچے اور تیرے دوست تڑپ جائیں

گئے پس کر اس نے اونٹنی کی مہار پھینک دی، اور وہ بھاگنے کی طرف مائل ہوا اور گوز مارتا ہوا چل دیا، پس ابوزید نے مجھ سے کہا کہ تم اونٹنی پر قبضہ کرو، اور سوار ہو جاؤ یہ منجملہ دو کے ایک بھلائی ہے اور ایک ہلاکت دو بربادیوں سے زیادہ آسان ہے۔

تشریح لغات

وَإِرْدَاءُ الْمُسْمِعِ وَالسَّامِعِ. عَمَّ حُكْمُهُ الْمُلُوكَ وَالرَّعَاعَ. وَالْمَسُودَ وَالْمُطَاعَ. وَالْمَحْسُودَ وَالْحُسَّادَ. وَالْأَسَاوِدَ وَالْآسَادَ. مَا مَوَّلَ إِلَّا وَأَمَالَ. وَعَكَسَ الْآمَالَ. وَمَا وَصَلَ إِلَّا وَصَالَ. وَكَلَمَ الْأَوْصَالَ. وَلَا سَرَّ إِلَّا وَسَاءَ. وَلَؤُمَ وَأَسَاءَ. وَلَا أَصَحَّ إِلَّا وَأَكَّدَ الْإِيدَاءَ. وَرَوَّعَ الْأَوِدَّاءَ. اللّٰهَ اللّٰهَ رَعَاكُمُ اللّٰهُ. إِلَامَ مُدَاوَمَةُ اللَّهْوِ وَمُوَاصَلَةُ السَّهْوِ. وَطُولُ الْإِصْرَارِ. وَحَمْلُ الْآصَارِ. وَاطِّرَاحُ كَلَامِ الْحُكَمَاءِ. وَمُعَاصَاةُ إِلٰهِ السَّمَاءِ. أَمَا الْهَرَمُ حَصَادُكُمْ. وَالْمَدَرُ مِهَادُكُمْ. أَمَا الْحِمَامُ مُدْرِكُكُمْ. وَالصِّرَاطُ مَسْلَكُكُمْ. أَمَا السَّاعَةُ مَوْعِدُكُمْ. وَالسَّاهِرَةُ مَوْرِدُكُمْ. أَمَا أَهْوَالُ الطَّامَّةِ لَكُمْ مُرْصَدَةٌ.

الترجمۃ والمطالب

اور سننے اور سنانے والے کو برباد اور ہلاک کرنے پر رہی ہے اور اس کا حکم عام ہے خواہ وہ بادشاہ ہوں یا عوام آدمی (کمینے لوگ) اور خواہ وہ سردار ہوں یا مطاع (دوسرے لوگ اس کے کہنے کو مانیں) یا وہ محسود ہوں یا حاسد یا کالے سانپ ہوں (کمینے) یا شیر ہوں (شریف) اور زمانہ نے کسی کو مالدار کیا پھر وہ زمانہ اس سے پھر جاتا ہے (یعنی اس کو ہلاک کر دیتا ہے) اور اس کی امیدوں کو بالکل پلٹ دیتا ہے (یعنی اگر وہ عزت و مال داری چاہتا ہے تو اس کی ذلت اور محتاج کر دیتا ہے) اور نہیں شفقت کرتا ہے، مگر وہ حملہ کر بیٹھتا ہے (یعنی یا پھر اُس سے لے لیا) اور وہ جوڑ جوڑ کو زخمی کر دیتا ہے اور ایسا کبھی نہ ہوا اس نے کسی کو خوش کیا ہو اور رنج نہ پہنچایا ہو اور کمینہ پن نہ کیا ہو اور برائی نہ کی ہو اور زمانہ نے کسی تندرست کو نہ اچھا رکھا۔ مگر بیماری کر دیا۔ اور وہ دوستوں کو ڈراتا ہے۔ تم اللہ سے ڈرو، خدا تمہیں محفوظ رکھے۔ اور تم کب تک کھیل کود میں مصروف رہو گے۔ اور غفلت کا ساتھ دو گے۔ اور گناہوں پر جمے رہو گے۔ اور گناہوں کے بوجھ اٹھاتے رہو گے۔ اور عقلمندوں کی بات کو بے وقعت سمجھو گے۔ اور آسمان کے معبود کی تم نافرمانی کیا کرو گے کیا بڑھاپا تمہاری عمروں کو ختم نہ کر دے گا۔ اور کیا مٹی تمہارا بچھونا نہیں ہے۔ اور کیا موت تم کو نہ پکڑے گی۔ اور کیا تم کو پل صراط پر گذرنا نہیں ہے، اور کیا قیامت وعدہ کی جگہ نہیں ہے اور کیا میدان قیامت تمہارے اترنے کی جگہ نہیں ہے اور کیا خوفناک (مناظر) قیامت کے تمہارے پیش نظر نہیں ہیں۔

تشریح لغات

۱ ارداء مصدر از افعال بمعنی ہلاک کرنا یقال اردا، جبکہ بُرا کام کرے اور بری چیز پر پہنچے وارداہ جبکہ بگاڑے اور خراب کرے ۲ الرعاع بمعنے سفلہ از مردم یعنی کمین آدمی منہ یقال رعاع الناس ۳ المسود یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از باب یسود سیادۃ و سیددۃ جبکہ وہ شریف ہو اور بزرگ ہو ویقال سادقومہ جبکہ وہ سردار ہو وسادہ جبکہ وہ بزرگی

کے فخر کرنے پر غالب ہو کہ المحسود یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر و ضرب ای الغنی الذی تیمنی الناس ان یکونوا مثلہ فی الغنی والعزة وغیر ذلك۔ حسد زوال نعمت کی خواہش یا یہ دوسرے سے چلی جائے اور اپنے پاس آجائے ۵ہ الحساد یہ حاسد کی جمع ہے بمعنے بہت حسد کرنے والا ۶ہ الاساود یہ سود کی جمع ہے بمعنے کالا سانپ اس سے مراد کمین آدمی ہیں ۷ہ آلاساد یہ اسد کی جمع ہے بمعنے شیر اور اس سے مراد افضل اور شریف ہیں ۸ہ مول از تفعیل تمویل مصدر بمعنی مال دار ہونا یقال مولہ جبکہ مال دار بنائے ۹ہ مال از ضرب یقال مال علیہ ای اھلکہ ای ما اعطی الدھر احداً مالاً الا اھلکہ ۱۰ہ عکس از ضرب یقال عکس الکلام جبکہ وہ کلام کو الٹ دے اور یہاں مراد اس سے خلاف کرنا ہے ۱۱ہ وصل از ضرب یقال وصل یصل صلةً جبکہ وہ جوڑے ویقال وصلہ بالف دینار جبکہ وہ احسان کرے اور یہاں پر دینار مراد ہے ۱۲ہ صال اس کا مصدر صول اور صولة ہے از نصر بمعنے حملہ کرنا یقال صال علیہ جبکہ وہ حملہ کرے اور زبردستی کرے ۱۳ہ کلم از نصر و ضرب و المصدر کلم بمعنے زخمی کرنا ۱۴ہ الاوصال یہ وصل (بفتح الواو وضمہا) کی جمع ہے بمعنے ہر عضو علیحدہ علیحدہ ۱۵ہ ولد از تفعیل تولید مصدر بمعنی پیدا کرنا یقال ولد الشئ من الشئ جبکہ وہ پیدا کرے اور نکالے ۱۶ہ روع از تفعیل ترویع مصدر بمعنی ڈرانا ۱۷ہ الاوداء یہ ودید کی جمع ہے بمعنی محبت کرنے والا ۱۸ہ اللہ اللہ یہ تحذیر کی وجہ سے منصوب ہے ای اتقوا اللہ ۱۹ہ الام ای الی متی او الی ای وقت ۲۰ہ طول الاصرار ای الملاومة علے المعاصی ۲۱ہ الآصار یہ اصر کی جمع ہے بمعنی بوجھ اور اس سے مراد گناہوں کا بوجھ ہے وفی القرآن المجید واخذتم علے ذلکم اصری ۲۲ہ اما الہرم میں ہمزہ استفہام کے لئے ہے اور اس میں ما یہ نفی کا ہے ہرم مصدر بمعنی انتہائی بڑھاپہ ۲۳ہ حصادکم مصدر از نصر و ضرب یقال حصد الزرع حصداً وحصاداً جبکہ وہ درانتی سے کھیتی کو کاٹے اور یہاں اس سے مراد عمروں کا ختم ہونا ہے ۲۴ہ المدر بمعنی مٹی کا ڈھیلا اور بغیر ریت کا کیچڑ اور یہاں اس سے مراد مٹی ہے ۲۵ہ مہادکم بکسر المیم بمعنے بچھونا دپست زمین والجمع مہدٌ ومہدٌ وامہدةٌ ۲۶ہ مدرککم مدرک یا فعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے ادراک مصدر بمعنی اپنے وقت پر پہنچنا اور یہاں اس کے معنی ملنے والے کے ہیں ۲۷ہ مسلککم بمعنے راستہ والجمع مسالک ۲۸ہ الساہرة یہاں اس سے میدان قیامت مراد ہے اور یہ الساہر کا مؤنث ہے بمعنے زمین اور بقول بعضے سطح زمین اور ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ وفی التنزیل فاذاہم بالساہرة ۲۹ہ موردکم بمعنے گھاٹ اور پانی کی طرف کا راستہ والجمع موارد ۳۰ہ الطامة بمعنے بڑی مصیبت اور یہ مشتق ہے طم الامر سے ای عظم وتفاقم از نصر والمصدر طمٌّ وطموم اور یہاں مراد اس سے قیامت ہے یا نفخہ ثانیہ کما فی التنزیل فاذا جاءت الطامة الکبریٰ ۳۱ہ مرصدة یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے اور یہ مرصد کا مؤنث ہے ارصاد مصدر از افعال بمعنی تیار کرنا ومہیا کرنا یقال ارصد الرقیب جبکہ وہ گھات میں راستہ پر کھڑا کرے ویقال ارصد لہ شیئاً جبکہ وہ تیار کرے وارصد الحساب جبکہ وہ ظاہر کرے اور پیش کرے اور شمار کرے۔

اَمَّا دَارُ الْعُصَاةِ - اَلْحُطَمَةُ الْمُوْصَدَةُ - حَارِسُهُمْ مَالِكٌ - وَرُوَاؤُهُمْ حَالِكٌ وَطَعَامُهُمُ السُّمُوْمُ - وَهَوَاؤُهُمُ السُّمُوْمُ - لَا مَالَ اَسْعَدَهُمْ وَلَا وَلَدٌ - وَلَا عَدَدٌ حَمَاهُمْ وَلَا عُدَدٌ - اَلَا رَحِمَ اللهُ اِمْرَأً مَلَكَ هَوَاهُ - وَاَمَّ مَسَالِكَ هُدَاهُ - وَاَحْكَمَ طَاعَةَ مَوْلَاهُ - وَكَدَّ وَكَدَحَ لِرَوْحِ مَاوَاهُ - وَعَمِلَ مَادَامَ الْعُمْرُ مُطَاوِعًا - وَالدَّهْرُ مُوَادِعًا - وَالصِّحَّةُ كَامِلَةٌ وَالسَّلَامَةُ حَاصِلَةٌ - وَاِلَّا دَهِمَتْهُ عَدَمُ الْمَرَامِ - وَحَصَرُ الْكَلَامِ - وَاِلْمَامُ الْاٰلَامِ - وَحُتُوْمُ الْحِمَامِ - وَهُدُوُّ الْحَوَاسِّ وَمِرَاسُ الْاَرْمَاسِ - فَيَا لَهَا حَسْرَةً - اَلَمُهَا مُؤَكَّدٌ - وَاَمَدُهَا سَرْمَدٌ - وَمُمَارِسُهَا مُكْمَدٌ - مَا لَهُ حَاسِمٌ - وَلَا لِشِدَّتِهِ رَاحِمٌ - وَلَا لَهُ مِمَّا عَرَاهُ عَاصِمٌ - اَلْهَمَكُمُ اللهُ اَحْمَدَ الْاِلْهَامِ -

---

الترجمہ والمطالب | اور کیا دوزخ کی تیز آگ جس کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے گنہگاروں کا گھر نہیں ہے جس کے داروغہ کا نام مالک

ہے اور دوزخیوں کا منظر بہت ہی سیاہ (بھیانک) ہے اور ان کے کھانے زہر ہیں۔ اور ان کی ہوا گرم ہوا ہے نہ تو مال ان کی مدد کرے گا۔ اور نہ اولاد نہ لشکر ان کو بچائے گا۔ اور نہ ان کا جمع کیا ہوا مال۔ خبردار ہو اس پر خدا رحم فرمائے جس کی خواہشیں اس کے قبضہ میں ہوں یعنی وہ اس پر غالب ہوں اور اس نے ہدایت کے راستہ کا قصد کیا ہو۔ اور اپنے مولا کی فرمانبرداری (یعنی اس کی اطاعت) کو مضبوط پکڑا ہو اور اس نے اچھی جگہ کے آسائش و آرام کے لئے رنج اور تکلیف اٹھائی ہو (یعنی تاکہ مجھے جنت ملے) اور جب تک وہ زندہ رہا عمل نیک کرتا رہا ہو (یعنی جب تک اس کی عمر رہی وہ فرمانبرداری کرتا رہا) اور اس سے زمانہ بھی صلح کرنے والا رہا اور اس کو کامل صحت رہی اور سلامتی بھی حاصل رہی ورنہ (اگر ان اوقات میں بھی عمل صالح نہ کئے) تو اچانک تیرا مقصود فوت ہو جائے گا۔ اور زبان بند ہو جائے گی، اور غموں کا ہجوم ہو گا۔ اور موت آجائے گی اور ہوش حواس بھی (موت آنے کی وجہ سے) بیکار ہو جائیں گے۔ اور قبروں میں تکلیف سہے گا۔ ہائے افسوس یہ دکھ تو بہت ہی سخت ہو گا۔ اور اس کی غایت و مدت ہمیشہ ہو گی۔ اور اپنے کاموں کی وجہ سے اس کا تکلیف اٹھانے والا غمگین ہو گا نہ تو کوئی اس کی حیرانی کو دور کر سکے گا۔ اور نہ اس کے غم کی ندامت پر کوئی رحم کھانے والا ہو گا۔ اور نہ پیش آنے والی باتوں سے اس کو کوئی بچانے والا ہو گا۔ خدا تعالیٰ تمہارے (دلوں) میں اچھے خیالات ڈالے۔

تشریح لغات

لـه امادار الخ اس میں ہمزہ استفہام کے لئے ہے اور اس میں ما رنافیہ ہے بمعنی الیس ٢ـه العصاة یہ عاصی کی جمع ہے بمعنی گنہ گار ٣ـه الحطمة من اسماء الجہنم اور یہ حطم سے ماخوذ ہے لانہا تحطم من دخلہا ای تکسرہ از ضرب و فی التنزیل کلا لینبذن فی الحطمة یعنی بہت دہکتی ہوئی تیز آگ یعنی دوزخ ٤ـه المؤصدة یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے جس کے دروازے اس کے اہل پر بند کر دیئے جائیں یقال اوصد علی فلان ای ضیق علیہ وارھقه واوصد الباب ای اغلقه و یقال وصد ای ثبت ووصد بالمکان ای اقام ووصد الثوب ای نسجه از ضرب والمصدر وَصدٌ ٥ـه حارسہم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کا مصدر حرس ہے بمعنے حفاظت کرنا یقال حرس جبکہ وہ حفاظت کرے از نصر و ضرب اس سے یہاں مراد حفاظت کرنے والا یعنی داروغہ ہے ٦ـه مالک یہ دوزخ کے داروغہ کا نام ہے ٧ـه رواؤہم بالضم بمعنی خوشنمائی و چہرہ کی رونق اور یہاں اس سے مراد منظر ہے ٨ـه حالک یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی سخت سیاہ از سمع یقال حلک حلوکة وحلکا وحلوکا جبکہ سخت سیاہ ہو ٩ـه السموم بضم السین یہ سم کی جمع ہے بمعنی زہر ١٠ـه السموم بفتح السین بمعنی گرم ہوا (یعنی لو) ١١ـه اسعدہم اسعد از افعال اسعاد مصدر بمعنی مدد کرنا یقال اسعدہ علی الامر جبکہ وہ مدد کرے واسعدہ اللہ جبکہ نیک بخت بنائے ١٢ـه ولد بمعنی بچہ واولاد اور یہ مذکر مؤنث تثنیہ جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے اور یہ لفظ مذکر ہے اور کبھی اولاد اور ولدةٌ اور الدةٌ اور ولدٌ کے اوزان پر جمع لاتے ہیں ١٣ـه عدد بالفتح بمعنے شمار و گنتی کیا ہوا والجمع اعداد اور اس سے یہاں مراد لشکر ہے ١٤ـه حماہم از ضرب یقال حمی الشئی من الناس حمیًا وحمیة وحمایة ومَحْمِیَةً جبکہ روکے اور بچانے ١٥ـه عدد بالضم یہ عدة کی جمع ہے بمعنی جمع کیا ہوا سامان ١٦ـه ام از نصر والمصدر ام بمعنے قصد کرنا ١٧ـه کد از نصر والمصدر کدٌّ یقال کدکدًّا جبکہ وہ کام میں محنت کرے وکد الرجل جبکہ وہ تھکائے ١٨ـه کدح از فتح والمصدر کدح بمعنے محنت کرنا اور مشقت اٹھانا یقال کدح فی العمل کدحًا جبکہ وہ مشقت اٹھائے ١٩ـه ماداہ بمعنے ٹھکانہ و جائے پناہ ٢٠ـه موادعا از مفاعلت یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے والمصدر موادعةٌ ووداعٌ بمعنے صلح کرنا ٢١ـه والصحة وفی الحدیث اغتنم خمسا قبل خمس شبابك قبل هرمك و صحتك قبل سقمك وفراغك قبل شغلك وغناك قبل فقرك وحياتك قبل موتك ٢٢ـه والا ای وان یعمل

عملا صالحا فی زمن الصحة والفراغ ۲۳؎ دہمہ ای اصابہ یقال دہمہ الامر ای غشیہ از سمع وفتح والمصدر دہم ۲۴؎ عدم المرام ای عدم المقصد یعنی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہونا ۲۵؎ المام مصدر از افعال بمعنی اترنا یقال الم بالقوم وعلی القوم جبکہ وہ آکر اتر پڑے ۲۶؎ آلالام یہ الم کی جمع ہے بمعنے دکھ و مصیبت والمراد بہا امراض الکبر والہرم والموت ۲۷؎ حموم مصدر بمعنی آنا یقال حُمَّ الامر ای قضی و حم اللہ لہ کذا ای قدرہ مقضاہ لہ وحم الامر فلانا ای اہمہ از نصر ۲۸؎ الحمام بالکسر بمعنی موت ۲۹؎ بدو مصدر از فتح بمعنے ظہر نا یعنی حرکت اور آواز وغیرہ نہ ہونا ۳۰؎ مرس بمعنی سختی وطاقت واصلا من مرست الدواء جبکہ پانی میں بھگوئے اور ملے ویقال ایضا مرس یدہ بالمندیل جبکہ رومال سے پونچھے ومرس الصبی اصبعہ جبکہ بچہ انگلی کو منہ میں ڈال کر چوسے از نصر اور یہاں اس سے مراد تکلیف اٹھانا ہے ۳۱؎ الارماس یہ رمس کی جمع ہے بمعنی قبر ۳۲؎ آہا یہ حسرت کا کلمہ ہے لہا حسرۃ بیان للضمر فی لہا ای اتوجع من حسرۃ یوم القیامۃ ۳۳؎ موکد اسم مفعول کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنی محکم وشدید ۳۴؎ امدہا بمعنی غایت اُخری حد والجمع آماد ۳۵؎ سرمد بمعنی ہمیشہ یقال لیل سرمد یعنی لمبی رات ۳۶؎ ممارسہا ممارسہ مصدر از مفاعلت یا اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے تکلیف اٹھانا ومحنت کرنا ۳۷؎ کمدیہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از افعال اکما دمصدر بمعنی غمگین اداس کرنا اور دل کو بیمار کرنا ۳۸؎ مالولہ ما بمعنی لیس الولہ مصدر بمعنی غم کی وجہ سے حیرانی اور غم کی زیادتی سے عقل کا چلا جانا از ضرب وسمع ۳۹؎ حاسم اسم فاعل کا صیغہ والمصدر حسمٌ بمعنے جڑ سے کاٹنا وروکنا ومنع کرنا از ضرب یقال حسم الداء جبکہ وہ مرض کو دوا سے دور کرے وحسمہ الشئی جبکہ وہ رد کرے اور منع کرے ۴۰؎ لسدما لسّدم مصدر وہو الغم والہم مع الندم از سمع یقال سدم سدمًا جبکہ وہ ندامت کے ساتھ غمگین ہو ۴۱؎ عراہ از نصر یقال عرا یعرو عروًا فلانًا جبکہ پیش آئے ۴۲؎ عاصم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از ضرب یقال عصم اللہ فلانا من المکروہ جبکہ محفوظ رکھے اور بچائے وفی التنزیل لا عاصم الیوم من امر اللہ الا من رحم ۴۳؎ الالہام یہ مصدر ہے از افعال یقال الہم اللہ فلانا خیرًا وحی کرنا سکھانا توفیق دینا دل میں ڈالنا اور الہام اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

وَيُرَدِّيَكُمْ رِدَاءَ الْاِكْرَامِ۔ وَاُحِلَّكُمْ دَارَ السَّلَامِ۔ وَاَسْاَلُهُ الرَّحْمَةَ لَكُمْ وَلِاَهْلِ مِلَّةِ الْاِسْلَامِ۔ وَهُوَ اَسْمَحُ الْكِرَامِ۔ وَالْمُسَلِّمُ وَالسَّلَامُ۔ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ فَلَمَّا رَاَيْتُ الْخُطْبَةَ نُخْبَةً بِلَا سَقَطٍ۔ وَعَرُوسًا بِغَيْرِ نُقَطٍ۔ دَعَانِي الْاِعْجَابُ بِنَمَطِهَا الْعَجِيْبِ۔ اِلَى اسْتِجْلَاءِ وَجْهِ الْخَطِيْبِ فَاَخَذْتُ اَتَوَسَّمُهُ جِدًّا وَاُقَلِّبُ الطَّرْفَ فِيْهِ مُجِدًّا۔ اِلٰى اَنْ وَضَحَ لِيْ بِصِدْقِ الْعَلَامَاتِ۔ اَنَّهُ شَيْخُنَا اَبُوْ زَيْدٍ صَاحِبُ الْمَقَامَاتِ۔ وَلَمْ يَكُنْ بُدٌّ مِنَ الصَّمْتِ۔ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ۔ فَاَمْسَكْتُ حَتّٰى تَحَلَّلَ مِنَ الْفَرْضِ وَحَلَّ الْاِنْتِشَارُ فِي الْاَرْضِ۔ ثُمَّ وَاجَهْتُ تِلْقَاءَهُ۔ وَابْتَدَرْتُ لِقَاءَهُ۔ فَلَمَّا لَحَظَنِيْ خَفَّ فِي الْقِيَامِ۔ وَاَحْفٰى فِي الْاِكْرَامِ۔ ثُمَّ اسْتَصْحَبَنِيْ اِلٰى دَارِهٖ۔ وَاَوْدَعَنِيْ خَصَائِصَ اَسْرَارِهٖ۔ وَحِيْنَ انْتَشَرَ جَنَاحُ الظَّلَامِ۔ وَحَانَ مِيْقَاتُ الْمَنَامِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور تم کو بڑائی کی چادر اڑھائے (پہنائے) اور تمہیں جنت میں اتارے اور میں تمہارے اور تمام اہل اسلام کے لئے دعائے رحمت کرتا ہوں۔ وہ خدا تعالیٰ سخیوں کا سخی ہے اور جو تم کو سلامتی بخشنے والا ہے اور خود سلامت والا ہے۔ حارث بن ہمام کہتا ہے جب میں نے اس کے خطبہ کو عمدہ منتخب (چنا ہوا) بغیر عیب کے پایا اور بغیر نقطوں کے عروس پایا (یعنی بے نقط اس کا خطبہ تھا) تو مجھے اس نادر وعجیب طرز نے خطیب کے چہرے کے دیکھنے کی طرف بلایا چنانچہ میں خطیب کو گھورنے اور بار بار

نہایت غور سے دیکھنے لگا یہاں تک کہ مجھے سچی علامات سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ ہمارے سردار ابو زید صاحب مقامات ہیں. لیکن اس وقت سوائے چپ رہنے کے اور کوئی چارہ کار نہ تھا لہٰذا میں خاموش رہا یہاں تک کہ وہ فرض سے فارغ ہوئے اور زمین پر چلنا پھرنا جائز ہو گیا تو میں اس کے بالمقابل جا کھڑا ہو گیا۔ اور اس کی طرف بڑھنے کے لیے جلدی کرنے لگا. وہ مجھے دیکھ کر فوراً ہی کھڑا ہو گیا۔ اور اس نے بہت زیادہ عزت کی، پھر وہ مجھے اپنے خاص بھیدوں سے واقف کرتا ہوا اپنے گھر کی طرف لے چلا جبکہ تاریکی کا بازو پھیل گیا۔ (یعنی رات شروع ہو گئی تھی)، اور سونے کا وقت قریب آ گیا تھا۔)

تشریح لغات

۱؎ ردا کم از تفعیل ای البسکو رداء الکرام یقال ردّا ہ تردیتہ ای البسہ رداءً ۲؎ احلکم از افعال یقال احلہ بالمکان ردا لمکان جبکہ وہ اتارے ۳؎ دارالسلام یہ جنت کا نام ہے اس لئے کہ جو اس میں داخل ہوتا ہے وہ عذاب سے محفوظ رہتا ہے ۴؎ اسمح از کرم یا اسم تفضیل کا صیغہ ہے یقال سمح سماحًا وسموحۃً وسموحًا وسماحۃ وسماحًا وسمحًا جبکہ وہ فیاض اور سخی ہو ۵؎ مسلم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفعیل یقال سلمہ من الآفۃ جبکہ وہ محفوظ رکھے اور یہاں اس کے معنی سلامتی دینے والے کے ہیں ۶؎ والسلام یہ خدا تعالیٰ کا نام ہے کیونکہ وہ معائب اور نقائص سے پاک ہے یا وہ ذات ہے جو تم کو عذاب سے محفوظ رکھے اور یا یہ ایسا ہے جیسے کہ خطبہ کے اختتام پر والسلام لکھ دیا ہے تفاؤلاً ۷؎ نخبۃ بمعنی چنا ہوا والجمع نخبٌ ۸؎ سقط محرکۃ بمعنی عیب دنا کارہ و بے برکت چیز وردی سامان ورسوائی و غلطی حساب یا تحریر کی والجمع اسقاط ۹؎ العروس دولہا دلہن والجمع عرائس ۱۰؎ اتوسمہ توسم مصدر از تفعل بمعنی فراست سے معلوم کرنا اور علامت طلب کرنا اور پہچاننا ۱۱؎ الطرف بمعنی آنکھ وکسی چیز کا کنارہ وہر شئی کا منتہی والجمع اطراف ۱۲؎ مجدا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے. از افعال یقال اجدّ الامر جبکہ وہ اچھی طرح تحقیق کرے واجدّ فی الامر جبکہ وہ کوشش کرے ۱۳؎ الصمت. الصمت والصموت والصمات مصدر از نصر بمعنی خاموش رہنا یعنی خطبہ کے وقت خاموش رہنا واجب ہے ۱۴؎ تحلل تحلل مصدر از تفعل بمعنی حلال ہونا (یعنی نماز سے باہر ہونا) کما فی الحدیث تحلیلہا التسلیم ۱۵؎ الانتشار مصدر از افتعال بمعنی پھیلنا و متفرق ہونا اشارۃ الی قولہ تعالیٰ فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض ۱۶؎ لحظنی ای ابصرنی والمصدر لحظٌ ولحظانٌ از فتح بمعنی گوشۂ چشم سے دیکھنا و انتظار کرنا ۱۷؎ خف از ضرب یقال خف الی العدو خفا وخفۃً وخفوفًا جبکہ وہ جلدی کرے ۱۸؎ احفی از افعال والمصدر احفاء بمعنی مبالغہ کرنا یقال احفاہ جبکہ وہ اصرار کرے، واحفی السؤال جبکہ وہ بار بار دہرائے ۱۹؎ اسرارہ یہ سر کی جمع ہے بمعنی بھید ۲۰؎ جناح بالفتح بمعنی پرندہ کا بازو والجناح من الانسان ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو و بمعنی پناہ وکنارہ وہر چیز کا ایک حصہ والجمع اجنحٌ واجنحۃٌ ۲۱؎ حان از ضرب یقال حان الشئی حینًا وحینونۃً جبکہ وقت قریب ہو ۲۲؎ میقات بمعنی وقت اور وعدہ جس کے لئے وقت مقررہ کیا گیا ہو۔ اور یہ کبھی اس مقام کے لیے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو والجمع مواقیت۔

اَحْضَرَ اَبَارِیْقَ الْمُدَامِ۔ مَعْکُوْمَۃً بِالْفِدَامِ۔ فَقُلْتُ اَتَحْتَسِیْھَا اَمَامَ النَّوْمِ۔ وَاَنْتَ اِمَامُ الْقَوْمِ فَقَالَ مَہ اَنَا بِالنَّھَارِ خَطِیْبٌ. وَبِاللَّیْلِ اُطِیْبُ. فَقُلْتُ وَاللّٰہِ مَا اَدْرِیْ اَاَعْجَبُ مِنْ تَسَلِّیْکَ عَنْ اُنَاسِکَ. وَمَسْقَطِ رَاْسِکَ۔ اَمْ مِنْ خِطَابَتِکَ مَعَ اَدْنَاسِکَ۔ وَمَدَارِ کَاْسِکَ۔ فَاَشَاحَ بِوَجْھِہٖ عَنِّیْ. ثُمَّ قَالَ اِسْمَعْ مِنِّیْ ؎

لَا تَبْکِ اِلْفًا نَاْیٰ وَلَا دَارًا　　وَدُرْ مَعَ الدَّھْرِ کَیْفَمَا دَارَا

وَاتَّخِذِ النَّاسَ کُلَّھُمْ سَکَنًا　　وَمَثِّلِ الْاَرْضَ کُلَّھَا دَارًا

وَاصْبِرْ عَلٰی خُلْقِ مَنْ تُعَاشِرُہٗ　　وَدَارِہٖ فَاللَّبِیْبُ مَنْ دَارٰی

ولا تضع فرصة السرور فما تدري ايوما تعيش ام دارا

(فرصة: غنیمت، السرور: شادی، یوما: روز، دارا: دہر)

الترجمة والمطالب

شراب سے بھرے ہوئے کوزے سرپوش سے ڈھکے ہوئے اس نے حاضر کئے تو میں نے کہا کیا تم سونے سے پہلے پیوگے حالانکہ تم قوم کے پیشوا ہو پس اس نے کہا چپ ہو جاؤ میں دن میں تو واعظ ہوں اور رات کو میں عیش و سرور میں گذارتا ہوں۔ پس میں نے اس سے کہا خدا کی قسم میں نہیں جانتا ہوں کیا میں اس بات پر تعجب کروں کہ تو اپنے عزیزوں اور اپنے وطن سے بے نیاز اور بے غم ہے یا تیرا یہ فصاحت و بلاغت سے خطبہ پڑھنا اور یہ تیری ناشائستہ حرکتیں اور شراب کے پیالوں کا دور اس نے یہ سُن کر مجھ سے منہ پھیر لیا۔ اور پھر اس نے کہا جو کچھ میں کہتا ہوں اس کو تو سُن۔ نہ تو دوست اور گھر کے چھوٹنے پر رو۔ اور تو زمانہ کے ساتھ ساتھ گھومتا رہ اور ہر انسان سے تو دوستی کرے۔ اور روئے زمین کو تو اپنا گھر سمجھ اور تو اپنے ساقی کی عادت پر صبر کر اور اس کی خاطر تواضع کر۔ کیونکہ عقل مند وہی شخص ہے جو اچھا سلوک کرے۔ اور تو عیش کی فرصت کو ضائع مت کر۔ اور تجھے کیا معلوم کہ تو ایک دن جیئے گا یا ایک عرصہ تک (یعنی زمانہ دراز تک)۔

تشریح لغات

[۱] اباریق یہ ابریق کی جمع ہے اور یہ آبریز کا معرب ہے بمعنی لوٹا و کوزہ [۲] المدام بمعنی شراب [۳] معکومة یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از ضرب یقال عکم المتاع جبکہ وہ سامان کی گٹھڑی باندھے والمصدر عکمٌ [۴] بالفدام چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے و سرپوش والجمع فُدُم [۵] اتحسوها الہمزة للاستفہام والمصدر حسوٌ از نصر یقال حسا المرق جبکہ وہ تھوڑا تھوڑا پیئے وحسا الطائر الماء جبکہ وہ چونچ سے پانی پیئے والضمیر للمدام [۶] امام مذکر و مؤنث دونوں کے لئے بمعنے پیش امام اور جس کی اقتدا کی جائے (پیشوا) و ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں و نمونہ و واضح راستہ و قرآن و خلیفہ و امیر لشکر و مصلح اور منتظم [۷] مہ یہ اسم فعل ہے بمعنی اکفف عن ہذا [۸] اطیب یہ مضارع متکلم کا صیغہ ہے از طاب یطیب بمعنے خوش ہونا اور شراب پیکر مست ہونا از ضرب [۹] تسلی مصدر از تفعل بمعنی بے غم اور بے نیاز ہونا والتسلی [۱۰] اناسک یہ انس کی جمع ہے بمعنی آدمی اور اس سے مراد اس کے عزیز ہیں [۱۱] مسقط راسک ای الموضع الذی سقط فیہ راس الولد عند الولادة والمراد بہ البلد الذی ولد بہا [۱۲] ادناسک یہ دنس کی جمع ہے بمعنے میل کچیل ای مع خصالک الدنسة الردیة [۱۳] فاشاح از افعال یقال اشاح وجہہ وبوجہہ واشاح عنہ وجہہ ای اعرض مستکرہا والشیاح الجد۔ الحذر والقحط ۔ یقال شاح علی حاجتہ ای جد وایضا حذر از ضرب والمصدر شیحٌ [۱۴] الغابا لکسر بمعنی دوست [۱۵] دار بمعنی گھر اور اس کا عطف الغاپر ہے اور یہاں دار آٹھ جگہ ہے اور ہر ایک کے علیحدہ معنی ہیں پس یہ جناس تام مستوفی ہے اگر دونوں نوع مختلف ہوں ورنہ جناس مماثل ہے والجمع دورٌ ودیارٌ وادؤرٌ وادورٌ وادؤرٌ وادورة ودیارة وادوارٌ ودارات ودیارات ودوران ودیرانٌ [۱۶] در یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از دار یدور دوراً ودوراناً مصدر بمعنی گھومنا از نصر [۱۷] دار ایہ دوران سے ماخوذ ہے از نصر بمعنی گھومنا وچکر کھانا اور یہ ماضی کا صیغہ ہے [۱۸] السکن ماتسکن الیہ من الوطن وغیرہ (یعنی گھر اور گھر والے جس زمین میں آرام سے رہیں) [۱۹] کلہادارا یہ دار مکان کے معنی میں ہے [۲۰] دارہ یہ امر حاضر کا صیغہ ہے مدارات سے بمعنی خاطر تواضع کرنا اور مہربانی کرنا [۲۱] اللبیب بمعنی عقل مند والجمع الباء [۲۲] داری یہ ماضی کا صیغہ ہے از مداراة بمعنی مہربانی کرنا [۲۳] دارا بمعنی دہر اس میں یا کو ہمزہ سے بدل لیا ہے۔ وانما سمی الحول دارا لانہ یدور کلما مضی اثنا عشر شہرا۔

وَاعْلَمْ بِأَنَّ الْمَنُوْنَ جَائِلَةٌ　　وَقَدْ أَدَارَتْ عَلَى الْوَرٰى دَارَا
وَأَقْسَمَتْ لَا تَزَالُ قَانِصَةً　　مَا كَرَّ عَصْرُ الْمَحْيَا وَمَا دَارَا
فَكَيْفَ تَرْجُو النَّجَاةَ مِنْ شَرَكٍ　　لَمْ يَنْجُ مِنْهُ كِسْرٰى وَلَا دَارَا

قَالَ فَلَمَّا اعْتَوَرَتْنَا الْكُؤُوْسُ - وَطَرِبَتِ النُّفُوْسُ - جَرَّعَنِيَ الْيَمِيْنَ الْغَمُوْسَ - عَلٰى أَنْ أَحْفَظَ عَلَيْهِ النَّامُوْسَ - فَاتَّبَعْتُ مَرَامَهُ - وَرَعَيْتُ ذِمَامَهُ - وَنَزَّلْتُهُ بَيْنَ الْمَلَاءِ - مَنْزِلَةَ الْفُضَيْلِ - وَسَدَلْتُ الذَّيْلَ عَلٰى مَخَازِي اللَّيْلِ - وَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَأْبَهُ وَدَأْبِيْ - إِلٰى أَنْ تَهَيَّأَ إِيَابِيْ - فَوَدَّعْتُهُ وَهُوَ مُصِرٌّ عَلَى التَّدْلِيْسِ - وَمُسِرٌّ حَسْوَ الْخَنْدَرِيْسِ -

الترجمہ والمطالب

اور جان لے تو تحقیق کہ موت چکر لگا رہی ہے اور خلقت پر بشکل دائرہ گھومتی پھر رہی ہے اور موت نے قسم کھائی ہے ہے کہ وہ ہمیشہ شکار کرنے والی رہے گی جب تک کہ زمانہ زندگی لوٹتا اور گھومتا رہے گا۔ اور موت کے جال سے تو کس طرح چھٹکارے کی امید کئے ہوئے ہے بالآخر کسری بادشاہ اور دارا بادشاہ بھی موت سے نہ بچ سکے۔ راوی کہتا ہے۔ جب شراب کے پیالے گھومے اور نفوس بھی خوش ہوئے تو اس نے مجھے سخت قسم کھلائی کہ میں اس کے بھید کو چھپاؤں گا، چنانچہ میں نے اس کے مقصد کو پورا کیا اور اس کے عہد کی میں نے حفاظت کی اور میں نے اس کو لوگوں میں فضیل بن عیاض کے مرتبہ پر اتار دیا (پہنچا دیا)، اور میں نے رات کی رسوائیوں پر پردہ نسیان کا ڈال دیا۔ اور میری واپسی تک میرا اور اس کا یہ ہی طرز عمل رہا پس میں نے اس کو رخصت کیا اس حال میں کہ وہ سیاہ کاری (عیب) پر اصرار کرنے والا تھا اور چھپ کر وہ شراب پینے والا تھا۔

تشریح لغات

لہ المنون موت مؤنث ہے اور یہ کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے اور اس کے معنی زمانہ کے بھی آتے ہیں۔ یقال ریب المنون بمعنی حوادث زمانہ ؎ ادارت از افعال ای احاطت یقال ادار الامر جبکہ وہ احاطہ کرے ؎ ادارا یہ دارۃٌ کی جمع ہے بمعنے چاند کا ہالہ وحلقہ والجمع دارات ودور وقیل ان الدار الداہیۃ (مصیبت) ؎ قانصۃ یہ قَانِصٌ کا مؤنث ہے از ضرب یقال قنص الطیر قنصًا جبکہ وہ شکار کرے ؎ ماکر یہ ماضی کا صیغہ ہے از نصر یقال انہزم عنہ ثم کر علیہ یعنی اس نے شکست دی، والمصدر کرورٌ بمعنی لوٹنا ومڑنا اور ما معنے میں مادام کے ہے اور اسی طرح مادار میں ؎ عصر المحیا بمعنی زندگی کا زمانہ اور اس سے مراد صبح اور شام ہیں اور بعض یہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد رات اور دن ہیں ؎ دارا یہ ماخوذ ہے دار الدَّوْرُ سے بمعنی حرکت وگھوم وچکر والجمع ادوار۔ اور دارا کی ضمیر عصرین کی طرف راجع ہے ؎ شرک محرکۃ بمعنی جال وپھندا والجمع شرکٌ واشراکٌ اور یہ ماخوذ ہے حبالۃ الصائد سے اور یہاں اس سے مراد موت کا جال اور پھندا ہے جس سے کوئی نہیں بچتا ہے ؎ کسری بفتح الکاف وکسرہا یہ نوشیرواں بن قباد بن فیروز بن یزدجرد بن بہرام ہے جو نہایت عادل بادشاہ گذرا ہے اور کسری عام طور سے شاہان فارس کا لقب ہے والجمع اکاسرۃ واکاسر وکساسرۃ وکسورٌ ؎ دارا ہو دارا بن بہمن بن اسفندیار یہ بھی نہایت شان وشوکت کا بادشاہ تھا۔ اور یہ بادشاہ فارس کا نام ہے جس سے سکندر لڑا تھا ؎ اعتورتنا از افتعال بمعنی گھومنا ؎ جرعنی تجریع مصدر از تفعیل بمعنے تکلیف سے پلانا اور اس یہاں مراد قسم دلانا ہے ؎ الیمین الغموس بالارادہ جھوٹی قسم کیونکہ وہ گناہ ہے یا آگ میں ڈبو دیتی ہے ؎ الناموس (راز) ھو صاحب السر المطلع علی باطنک وایضا الناموس الوحی الشریعۃ والناموس الوحی الشریعۃ والناموس الاکبر جبرئیل علیہ السلام والناموس ایضا بیت الراھب یقال نمس السر ای کتمہ ونمس الرجل ای سارہ از ضرب والمصدر (نمسٌ) ؎ رعیت ای حفظت یقال رعی الامر جبکہ وہ حفاظت کرے ؎ ذمام بالکسر :

بمعنی حق عزت حرمت والجمع اذمۃ ۱۷؎ الملا بمعنی قوم کی جماعت واشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو ۱۸؎ فضیل سے مراد فضیل بن عیاض ہیں جو زہد اور تقویٰ اور عبادت میں مشہور تھے اور یہ ہارون رشید کے زمانہ میں تھے ۱۹؎ سدلت سدلٌ مصدر بمعنی لٹکانا از نصر وضرب یقال سدل الثوب اوالشعر جبکہ کپڑا یا بال لٹکائے اور یہاں اس سے مراد چھپانا ڈھانپنا ہے ۲۰؎ مخازی یہ مخزی کی جمع ہے بمعنے رسوائی اور فضیحت ۲۱؎ دابہ مصدر بمعنی حالت وعادت ۲۲؎ مصر ازافعال یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنے اصرار کرنے والا یقال اصَرّ علے الامر جبکہ وہ پختہ ارادہ کرے اور ثابت قدم رہے اور یہ اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۲۳؎ التدلیس یہ باب تفعیل سے مصدر ہے بمعنے دھوکا دینا یقال دلس البائع جبکہ وہ سامان کے عیب کو چھپائے ۲۴؎ مسرٌّ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے ازافعال یقال اسرالستر جبکہ وہ بھید چھپائے اور ظاہر کرے اور یہ دونوں معنی میں مستعمل اور یہاں معنے چھپانے کے ہیں ۲۵؎ الخندریس بمعنی پرانی شراب ۔

اَلْمَقَامَةُ التَّاسِعَةُ وَالْعِشْرُوْنَ الْوَاسِطِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ. قَالَ اَلْجَأَنِيْ حُكْمُ دَهْرٍ قَاسِطٍ. اِلَى اَنْ اَنْتَجِعَ اَرْضَ وَاسِطٍ. فَقَصَدْتُهَا وَاَنَا لَا اَعْرِفُ بِهَا سَكَنًا. وَلَا اَمْلِكُ فِيْهَا مَسْكَنًا. وَلَمَّا حَلَلْتُهَا حُلُوْلَ الْحُوْتِ بِالْبَيْدَاءِ. وَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِى اللِّمَّةِ السَّوْدَاءِ. قَادَنِى الْحَظُّ النَّاقِصُ. وَالْجَدُّ النَّاكِصُ. اِلٰى خَانٍ يَنْزِلُهُ شُذَّاذُ الْاٰفَاقِ وَاَخْلَاطُ الرِّفَاقِ. وَهُوَ لِنَظَافَةِ مَكَانِهٖ. وَظَرَافَةِ سُكَّانِهٖ يُرَغِّبُ الْغَرِيْبَ فِىْ اِيْطَانِهٖ. وَيُنْسِيْهِ هَوٰى اَوْطَانِهٖ. فَاسْتَفْرَدْتُ مِنْهُ بِحُجْرَةٍ. وَلَمْ اُنَافِسْ فِىْ اُجْرَةٍ. فَمَا كَانَ اِلَّا كَلَمْحٍ طَرْفٍ. اَوْ خَطِّ حَرْفٍ. حَتّٰى سَمِعْتُ جَارِىْ بَيْتَ بَيْتَ. يَقُوْلُ لِنَزِيْلِهٖ فِى الْبَيْتِ قُمْ يَا بُنَىَّ لَا قَعَدَ جَدُّكَ. وَلَا قَامَ ضِدُّكَ.

الترجمۃ والمطالب

(انتیسویں مجلس جو واسطیہ کے نام سے مشہور ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ ظالم زمانہ کے فیصلہ سے تنگ آکر میں نے معاش کے سلسلہ میں شہر واسط کا قصد کیا لیکن وہاں نہ تو کوئی میرا واقف کار تھا اور نہ کوئی مکان میری ملکیت میں تھا۔ لیکن جب میں وہاں میدان (خشکی) کی مچھلی یا سیاہ گیسوؤں کے سفید بال کی طرح جا اترا تو مجھے کم نصیبی اور نصیبہ منحوس نے ایک سرائے میں جا اتارا جہاں اطراف سے مسافر اور مختلف قسم کے لوگ ٹھہرا کرتے تھے۔ اور اس جگہ کی پاکیزگی اور رہنے والوں کی خوش طرافت مسافر کو ترغیب (خواہش) دلاتی تھی کہ وہ اپنا وطن یہیں بنائے اور وہ اپنے وطن مالوف کو بھول جائے۔ پس میں نے ایک تنہا کمرہ (حجرہ) لے لیا۔ اور میں نے اس کے کرایہ میں بخل سے کام نہ لیا (جو اس نے اس کا کرایہ بتایا میں نے اس کو منظور کر لیا) ابھی پلک جھپکنے یا ایک حرف لکھنے کے برابر ہی وقفہ گذرا تھا کہ میں نے اپنے برابر کے پڑوسی کو جو اس کے گھر میں اترنے والا تھا یہ کہتے ہوئے سنا کہ اے میرے پیارے بیٹے تو اٹھ بیٹھ تیرا نصیبہ پست نہ ہو (کم نہ ہو) اور خدا تیرے دشمن کو عزت نہ دے یا تجھ سے پہلے تیرا دشمن نہ اٹھے)۔

تشریح لغات

۱؎ الجأنی ای اضطرنی واحوجنی الجاء مصدر ازافعال بمعنی مجبور کرنا یقال الجاء فلان جبکہ وہ مضطر کرے اور مجبور کرے

۲؎ قاسط یہ قسط بالفتح سے ماخوذ ہے والمصدر قسط وقسوطٌ از ضرب بمعنی ظلم کرنا اور حق سے ہٹ جانا اور یہ صفت کا صیغہ ہے وفی التنزیل واما القاسطون فکانوا لجہنم حطبا اور قسط بالکسر کے معنی انصاف کرتے کے ہیں۔ اور یہ نصر اور ضرب سے آتا ہے وفی التنزیل ان اللہ یحب المقسطین ای العادلین ۳؎ انتجع انتجاع مصدر از افتعال بمعنے چراگاہ کی تلاش میں جانا یا بخشش طلب کرنے کے لئے کسی کے پاس آنا ۴؎ واسط مدینۃ معروفۃ بین بغداد والبصرۃ ۵؎ سکنا یعنی وہ دوست جس کے پاس آرام اور انس حاصل ہو اس کے پاس ٹھیرنا اور ہر وہ چیز جس سے انس حاصل کیا جائے ۶؎ الحوت بالضم بمعنے مچھلی اور اس کا عام طور سے بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے والجمع حیتان واحوات وحوتۃ اور آسمان کے ایک برج کا بھی نام ہے ۷؎ البیداء بمعنی جنگل وبیابان والجمع بید وبیداوات ۸؎ الشعرۃ بالکسر بمعنی بال کا ایک ٹکڑا اور شعرۃ بالفتح بمعنے بال اور یہ واحد ہے والجمع شعرات ۹؎ اللمۃ بالکسر بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو اور پراگندہ بال والجمع لممٌ ولمامٌ ۱۰؎ قادنی از نصر والمصدر قودٌ وقیادۃ وقیادٌ ومقادۃ بمعنے کھینچنا یقال قاد الدابۃ جبکہ وہ چوپائے کو آگے سے کھینچے ۱۱؎ الحظ بمعنے نصیب وحصہ ودولت مندی ونیک بختی والجمع حظاظٌ وحظوظ واحظ ۱۲؎ الجد بمعنی نصیبہ وبزرگی وروزی ونہر کا کنارہ ۱۳؎ الناکص وھو فی الاصل الاحجام والرجوع یقال نکص عن الامر ای احجم عنہ ونکص علی عقبیہ ای رجع عما کان علیہ از نصر وضرب والمصدر نکص ونکوص ومنکصٌ اور اس کا استعمال عام طور سے خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر اور یہاں یہ معنی میں برگشتہ کے ہے وبین الناقص والناکص جناس مضارع وقد مر بیانہ ۱۴؎ خان بمعنے دکان سرائے والجمع خانات ۱۵؎ شذاذ بتشدید الذال الاولی یہ شاذ کی جمع ہے بمعنے نادر یکتا والشذاذ من الناس یعنی تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے جاؤا شذاذاً یعنی تھوڑے لوگ آئے وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلہ سے نہ ہوں ویقال شذاذ الآفاق یعنی مسافر لوگ از نصر ۱۶؎ ایطانہ مصدر بمعنے وطن بنانا یقال اوطن بالمکان ایطانا جبکہ وہ اقامت کرے ۱۷؎ استفردت از استفعال استفراد مصدر بمعنے اکیلے رہنا یعنی ساتھیوں سے اپنے آپ کو نکالنا ۱۸؎ اجرۃ بمعنی مزدوری وکرایہ والجمع اجرٌ ۱۹؎ بیت بیت یہ دونوں مبنی علی الفتح ہیں جیسے خمسۃ عشر اور اس سے یہ مراد ہے کہ پڑوسی کا مکان میرے مکان سے ملا ہوا تھا یقال ہو جاری بیتَ بیتَ ای ملاصقا واصلہ جاری بیتٌ الی بیت او بیت لبیت ۲۰؎ لاتعد جدک یہ کلمہ دعائیہ ہے یعنی تیرا نصیبہ کم نہ ہو ۲۱؎ ولااقام جدک یعنی اللہ تیرے دشمن کو عزت نہ دے یعنی تیرا دشمن قوی اور زبردست نہ ہو۔؟

فَاسْتَصْحِبْ ذَا الْوَجْهِ الْبَدْرِيِّ۔ وَاللَّوْنِ الدُّرِّيِّ۔ وَالْاَصْلِ النَّقِيِّ۔ وَالْجِسْمِ الشَّقِيِّ۔ اَلَّذِيْ قُبِضَ۔ وَنُشِرَ۔ وَسُجِنَ وَشُهِرَ۔ وَسُقِيَ وَفُطِمَ۔ وَاُدْخِلَ النَّارَ بَعْدَ مَا لُطِمَ۔ ثُمَّ ارْكُضْ بِهٖ اِلَى السُّوْقِ۔ رَكْضَ الْمَشُوْقِ۔ فَقَايِضْ بِهِ اللَّائِحَ الْمُلْقِحَ۔ اَلْمُفْسِدَ الْمُصْلِحَ۔ اَلْمُكْمِدَ الْمُفْرِحَ۔ اَلْمُعْتِيَ الْمُرَوِّحَ۔ ذَا الزَّفِيْرِ الْمُحْرِقِ۔ وَالْجَنِيْنِ الْمُشْرِقِ۔ وَاللَّفْظِ الْمُقْنِعِ۔ وَالنَّيْلِ الْمُمْتِعِ۔ اَلَّذِيْ اِذَا طَرَقَ۔ رَعَدَ وَبَرَقَ۔ وَبَاحَ بِالْحُرَقِ۔ وَنَفَثَ فِي الْخِرَقِ۔ قَالَ فَلَمَّا قَرَّتْ شِقْشِقَةُ الْهَادِرِ۔ وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا صَدَرُ الصَّادِرِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور تو اپنے ساتھ لے چاند جیسے مکھڑے والے موتی جیسے رنگ کی روٹی کو جس کی ذات پاک ہے اور جسم اس کا بدبخت ہے اور جس کو باندھا گیا مٹھی میں اور پھر اس کو پھیلایا گیا اور اس کو قید کیا گیا۔ اور اس کی شہرت دی گئی۔ اور پانی سے وہ سیراب کی گئی۔ پھر وہ پانی سے الگ کی گئی اور تھپیڑ مارنے کے بعد آگ میں، وہ داخل کی گئی اور دوڑتے ہوئے اس کو جلدی سے بازار کی طرف تم لے جاؤ جیسے عاشق معشوق کی طرف، دوڑتا ہے پس اس کے بدلے میں لا تو حاملہ کرنے والے فاسد کرنے والے اصلاح کرنے والے غمگین کرنے والے خوش کرنے

والے رنج پہنچانے والے آرام دینے والے اور دم جلا ہوا کھینچنے والے اور چمکدار پیسے والے (یعنی پتھر سے جو چنگاری نکلتی ہے وہ بچہ ہے) اور چقماق کی آواز کے وقت جو چنگاری نکلتی ہے وہ ہی کافی ہے۔ اور فائدہ پہنچانے والے (اس چقماق کو تم لے آؤ) جو ایسا ہو جب مارا جائے تو آواز کرے چمکے اور وہ گرمی کو ظاہر کرے (یعنی آگ پیدا ہو) اور کپڑے کے چیتھڑے میں وہ آگ پھونک دے۔ راوی کہتا ہے جب آواز کرنے والے کی آواز ٹھیر گئی (رک گئی) اور صرف نکلنے والے کا نکلنا ہی اس تعمیل حکم کے لئے باقی رہ گیا۔

تشریح لغات

لہ فاستصحب استصحاب مصدر از استفعال بمعنی ساتھی بنانا و ساتھی بننا ٢ہ الوجہ البدری یعنی وہ چیز جس کا چودہویں رات جیسا چاند روشن ہو اور یہاں اس سے مراد روٹی اور چپاتی ہے جو ماہ کامل جیسی گول اور صاف ہو ٣ہ اللون اللدی یعنی رنگ اور آب و تاب میں موتی جیسی ہے ٤ہ الاصل النقے یعنی نہایت عمدہ قسم کے گیہوں کی ہو۔ ٥ہ والجسم الشقی اور اس کا جسم بدبخت ہے اس واسطے کہ روٹی آگ پر پکائی جاتی ہے اور یہ اس کی بدبختی کی علامت ہے ٦ہ قبض قبض مصدر از ضرب بمعنی مٹھی بھر لینا کیونکہ روٹی پکاتے وقت اس کا پیڑا مٹھی میں بناتے ہیں ٧ہ نشر از ضرب ونصر یقال نشر الثوب جبکہ وہ پھیلائے والمصدر نشرا اور یہاں اس سے مراد روٹی کا پھیلانا اور بڑھانا ہے ٨ہ بحن بحن مصدر از نصر بمعنی قید کرنا اور یہاں اس سے مراد دسترخوان میں ڈھک کر رکھنا ہے ٩ہ شہر از فتح والمصدر شہر یقال شہرہ بکذا جبکہ مشہور کرے و شہر السیف جبکہ تلوار کو سونت کر بلند کرے اور یہاں اس سے مراد بازار میں فروخت کرنے کے لئے لے جانا یہ اس کی شہرت ہے ١٠ہ سقی سقی مصدر از ضرب یقال سقی الرجل جبکہ وہ پلائے یعنی آٹا گوندھتے وقت اس کو پانی سے گوندھا جاتا ہے۔ ١١ہ فطم فطم مصدر از ضرب بمعنی دودھ چھڑانا اور یہاں اس سے مراد پانی نہ دینا ہے اس لئے کہ خمیر کے وقت پانی دیتے ہیں اور خمیر کے بعد پانی نہیں دیتے یہ فطام ہے ١٢ہ لطم از ضرب لطم مصدر بمعنی تھپیڑ مارنا جب روٹی بڑھائی جاتی ہے تو ایسا ہے گویا اس پر چانٹے اور تھپیڑ پڑ رہے ہیں۔ ١٣ہ ارکض یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از نصر والمصدر رکض بمعنی دوڑنا اور جلدی چلنا ١٤ہ الشوق یہ مفعول کا صیغہ ہے از نصر والمصدر شوق و تشواق بمعنے عاشق یقال شاق الحبیب الیہ جبکہ شوق دلائے ١٥ہ فقایض یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از مفاعلت والمصدر قیاس و مقایضۃ بمعنے تبادلہ کرنا یقال قایض فلانا بکذا جبکہ وہ تبادلہ کرے ١٦ہ الملاقح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے وہ اونٹنی جو حاملہ ہو سکے اور ملقح وہ نر اونٹ جو اس سے جفتی کرے اور یہاں لاقح سے مراد چقماق ہے جس میں آگ پوشیدہ ہوتی ہے اور ملقح سے مراد وہ دوسرا پتھر ہے جو اس پر ماریں جس سے آگ نکلے یعنی آگ کا پیدا کرنے والا ١٧ہ المفسد یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال افساد مصدر بمعنی فساد کرنے والی کیونکہ اس سے جو آگ نکلتی ہے وہ جلا ڈالتی ہے ١٨ہ المصلح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی اصلاح کرنے والی یعنی اس آگ سے نفع حاصل کیا جاتا ہے ١٩ہ المکمد اکماد مصدر از افعال بمعنے غمگین کرنے والی یعنی آگ نفع بھی پہنچاتی ہے اور نقصان بھی ٢٠ہ المفرح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنے خوش کرنے والی ٢١ہ المعنی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنے تکلیف اور رنج پہنچانے والا ٢٢ہ المروح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنی راحت دینے والا ٢٣ہ الزفیر مصدر از ضرب یقال زفرت النار جبکہ آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلے والمصدر از فر ایضاً ٢٤ہ الجنین کنایۃ عما یتولد منہ بمعنی چنگاری اور شعلہ اس سے مراد ہیں۔ ٢٥ہ اللفظ اس لفظ سے وہ آواز مراد ہے جو چقماق سے آگ نکالتے وقت پیدا ہوتی ہے ٢٦ہ المقنع یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی قناعت کرنے والا۔ اور بس کرنے والا ای الذی یکفی ای یخرج النار ٢٧ہ النیل یہ مصدر ہے بمعنی جو حاصل کیا جائے ای العطا راز ضرب ٢٨ہ الممتع یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی فائدہ اور نفع اٹھانے والا ٢٩ہ طرق طرق مصدر از نصر یقال طرقہ طرقاً جبکہ وہ ہتھوڑا مارے ٣٠ہ رعد از فتح ونصر یقال رعد السحاب رعداً و رعوداً جبکہ بادل گڑگڑائے اور گرجے اور یہاں اس سے مراد آواز کرنا ہے ٣١ہ برق از نصر یقال برق البرق برقاً و برقاً و برقاناً و بریقاً جبکہ وہ ظاہر ہو و برق الشئی جبکہ وہ چمکے اور روشن ہو ٣٢ہ بالحرق یہ حرقہ کی جمع ہے بمعنے گرمی ٣٣ہ الخرق یہ خرقہ کی جمع ہے۔

(بمعنے چیتھڑا ای القطعۃ من الثوب) ۱۳ قرت از سمع وضرب یقال قر فی المکان او علی الامر قرارًا وقرورًا جبکہ قرار پکڑے اور ثابت رہے اور ٹھیرے ۱۵ شقشقۃ بالکسر بمعنی آواز اور اس کے اصل معنی یہ ہیں مستی کے وقت اونٹ کے منہ سے جو جھاگ نکلے والجمع شقاشق ۱۶ الھادر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال ہدر الحمام ہدرًا وتہدارًا جبکہ کبوتر کوکو کرے اور گٹکری کرے اور یہاں محض آواز کرنے والا یعنی متکلم مراد ہے ای لما سکت المتکلم ۱۷ الصادر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از نصر وضرب والمصدر صدر ومصدر یقال صدر عن المکان وعن الماء جبکہ وہ واپس ہو وصدر الی المکان جبکہ وہ متوجہ ہو وصدر الرجل عن کذا جبکہ وہ واپس کرے وصدر صدورًا جبکہ پیدا حاصل اور واقع ہو یعنی اس نے فہرست گنوادی صرف تعمیل کرنے والے کا اب کام باقی رہ گیا ہے جو وہ اس کی تکمیل کرے۔

بَرَزَ فَتًى يَمِيسُ[۱]. وَمَا مَعَهُ اَنِيسٌ. فَرَاَيْتُهَا عُضْلَةً[۲] تَلْعَبُ بِالْعُقُوْلِ. وَتُغْرِيْ[۳] بِالدُّخُوْلِ فِي الْفُضُوْلِ[۴]. فَانْطَلَقْتُ فِيْ اِثْرِ الْغُلَامِ. لِاَخْبُرَ فَحْوٰى[۵] الْكَلَامِ. فَلَمْ يَزَلْ يَسْعٰى سَعْيَ الْعَفَارِيْتِ[۶]. وَيَتَفَقَّدُ نَضَائِدَ[۷] الْحَوَانِيْتِ. حَتّٰى انْتَهٰى عِنْدَ التَّرَوَاحِ. اِلٰى حِجَارَةِ الْقَدَّاحِ. فَنَاوَلَ بَائِعَهَا رَغِيْفًا وَتَنَاوَلَ مِنْهُ حَجَرًا لَطِيْفًا. فَعَجِبْتُ مِنْ فَطَانَةِ الْمُرْسِلِ وَالْمُرْسَلِ. وَعَلِمْتُ اَنَّهَا سَرُوْجِيَّةٌ وَاِنْ لَمْ اَسْاَلْ. وَمَا كَذَّبْتُ اَنْ بَادَرْتُ اِلَى الْخَانِ. مُنْطَلِقَ الْعِنَانِ. لِاَنْظُرَ كُنْهَ فَهْمِيْ. وَهَلْ قَرْطَسَ فِي التَّكَهُّنِ سَهْمِيْ. فَاِذَا اَنَا فِي الْفِرَاسَةِ فَارِسٌ. وَاَبُوْ زَيْدٍ بِوَصِيْدِ الْخَانِ جَالِسٌ. فَتَهَادَيْنَا بُشْرَى الْاِلْتِقَاءِ. وَتَقَارَضْنَا تَحِيَّةَ الْاَصْدِقَاءِ. ثُمَّ قَالَ مَا الَّذِيْ نَابَكَ. حَتّٰى زَايَلْتَ جَنَابَكَ.

الترجمۃ والمطالب

تو ایک جوان اتراتا ہوا اور ناز سے چلتا ہوا باہر آیا جس کے ساتھ کوئی ساتھی نہ تھا مجھے یقین تھا کہ یہ امر دشوار گذار عقلوں کے ساتھ کھیل کرے گا اور بیکار باتوں میں پڑنے کی ترغیب دے گا یہ سوچ کر کہ مقصد کلام کا پتہ لگانا چاہیئے میں بھی اس لڑکے کے پیچھے روانہ ہو گیا وہ لڑکا شیطانوں کی طرح برابر دوڑتا اور دکانوں کے سامانوں کو دیکھتا ہوا، پھرتا یہاں تک کہ شام کے وقت آگ نکالنے والے پتھر پر وہ پہنچا اور چقماق فروش کو چپاتی دے کر ایک عمدہ صاف پتھر اس نے خریدا میں بھیجنے والے اور قاصد دونوں کی سمجھ اور دانائی پر میں نے تعجب کیا۔ اور میں نے جان لیا کہ یہ واقعہ تو ابو زید سروجی کا ہے۔ اگرچہ میں نے کسی سے نہ پوچھا اور میں بلا توقف جلدی سے سرائے کی طرف جس طرح میں نے چاہا چل دیا تاکہ میں اپنی عقل کی گہرائی اور سمجھ کی حقیقت معلوم کروں، اور میرا پیشین گوئی کا تیر نشانہ پر بیٹھا دیا نہیں، پس ثابت ہو گیا کہ میں زیرکی کے میدان کا سوار ہوں اور ابو زید سرائے کی چوکھٹ پر بیٹھا ہوا ہے۔ پس ہم نے آپس میں ایک دوسرے کو ملاقات کی خوشی کا ہدیہ دیا۔ اور آپس میں ایک دوسرے کو سلام کیا۔ پھر ابو زید نے کہا کہ تمہیں کونسی چیز پیش آئی جو تم نے اپنے وطن کو چھوڑا۔

تشریح لغات

۱ یمیس از ضرب والمصدر میسٌ بمعنی ناز سے چلنا واتراکر چلنا ۲ عضلۃ بمعنی دشوار امر ومصیبت اور یہ عضل سے مشتق ہے بمعنی منع کرنا وتنگی کرنا از نصر والجمع عضلٌ وعضلٌ ۳ تغری از افعال بمعنی آمادہ کرنا وبھڑکانا والمصدر اغراءٌ ۴ الفضول بے کار بات اور لایعنی بات ۵ فحوی الفحوی والفحواء والفحواء من الکلام یعنی مضمون کلام والجمع فحاو ۶ العفاریت یہ عفریت کی جمع ہے بمعنے سخت خبیث وچالاک اور یہ انسان جنات اور شیاطین سب میں سے ہوتا ہے ۷ نضائد یہ نضیدۃ کی جمع ہے یعنے بھری ہوئی چیز

دیکھیے اور یہاں اس سے سامان مراد ہے ۵ الحوانیت یہ حانوت کی جمع ہے بمعنے دکان وشراب بیچنے والی کی دکان اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں میں مستعمل ہے ۹ الرواح یہ مصدر ہے شام یا زوال آفتاب سے رات تک اور اس کے مقابلہ میں صباح آتا ہے ۱۰ حجارة القداح چقماق کا پتھر جس سے آگ نکالی جاتے ۱۱ رغیفا گندھے ہوئے آٹے کا بڑا اور چپاتی روٹی والجمع ارغفة ورغف ورغفان ورُغیف ۱۲ قرطس از بعثہ جبکہ کاغذ پر نشانہ کا تیر لگے یقال قرطس جبکہ تیر کا نشانہ لگے اور یہ بعض آدمیوں کی عادت ہے کہ کاغذ پر نشانہ صحیح بٹھانے کی مشق کرتے ہیں اس لئے کاغذ کو نشانہ لگنے سے یہاں کنایہ کیا ہے ۱۳ التکہن مصدر از تفعل بمعنی کہانت وغیب کی باتیں بتلانا ۱۴ الفراسة مصدر از ضرب یقال فرس بالعین فراسةً جبکہ وہ ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرے ۱۵ فارس یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی گھوڑا سوار اور گھوڑے والا والجمع فرسان وفوارس ۱۶ بوصید بمعنی چوکھٹ اور گھر کے سامنے کا صحن اور غار اور پہاڑ والجمع وصد ۱۷ تہادیا تہادی مصدر از تفاعل آپس میں ایک دوسرے کو ہدیہ دینا ۱۸ تقارضا تقارض مصدر از تفاعل آپس میں ایک دوسرے کو قرض دینا یقال ہما متقارضان فی الثناء جبکہ ہر ایک اپنے ساتھی کی تعریف کرے ۱۹ نابک یہ ناب ینوب سے ہے از نصر والمصدر نوبٌ ونوبةٌ یقال ناب فلانا امرٌ جبکہ پیش آئے ۲۰ جنابک جناب کے معنی بارگاہ کے ہیں اور یہاں اس سے مراد شہر اور وطن ہے ۔

فَقُلْتُ دَهْرُهَا هَاضٍ ـ وَجَوْرُ فَاضٍ ـ فَقَالَ وَالَّذِیْ اَنْزَلَ الْمَطَرَ مِنَ الْغَمَامِ ـ وَاَخْرَجَ الثَّمَرَ مِنَ الْاَکْمَامِ لَقَدْ فَسَدَ الزَّمَانُ ـ وَعَمَّ الْعُدْوَانُ ـ وَعُدِمَ الْمِعْوَانُ ـ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ ـ فَکَیْفَ اَفْلَتَّ ـ وَعَلٰی اَیِّ وَصْفَیْکَ اَجْفَلْتَ ـ فَقُلْتُ اتَّخَذْتُ اللَّیْلَ قَمِیْصًا ـ وَاَدْلَجْتُ فِیْهِ خَمِیْصًا ـ فَاَطْرَقَ یَنْکُتُ فِی الْاَرْضِ ـ وَیُفَکِّرُ فِی ارْتِیَادِ الْقَرْضِ وَالْفَرْضِ ـ ثُمَّ اهْتَزَّ هِزَّةَ مَنْ اَکْثَبَهٗ قَنَصٌ ـ اَوْ بَدَتْ لَهٗ فُرَصٌ وَقَالَ قَدْ عَلِقَ بِقَلْبِیْ اَنْ تُصَاهِرَ مَنْ یَاْسُوْ جِرَاحَکَ ـ وَیَرِیْشُ جَنَاحَکَ ـ فَقُلْتُ وَکَیْفَ اَجْمَعُ بَیْنَ غُلٍّ وَقُلٍّ ـ

الترجمة والمطالب

پس میں نے کہا زمانہ نے شکستہ کر رکھا ہے اور مصائب بہت نازل ہو رہے ہیں پس اس نے کہا کہ بادلوں سے مینہ برسانے والے اور شگوفوں سے پھل نکالنے والے کی قسم بیشک زمانہ بگڑ گیا ہے اور زمانہ کا ظلم بڑھ گیا ہے اور مددگار معدوم ہو گئے اور اب صرف اللہ ہی مددگار رہ گیا ہے پس تو کس طرح اپنے وطن سے نکلا اور تم اپنی کن دو حالتوں درویشی یا مالداری یا اچھے اور برے یا رات اور دن یا سکون اور سرعت (میں جلدی سفر کئے چلے آرہے ہو تو میں نے جواب دیا کہ میں رات کا کرتہ پہن کر بھوکا چلا ہوں یہ سن کر سر جھکائے ہوئے زمین کریدتے ہوئے قرض اور عطیہ کی فکر کرنے لگا۔ پھر وہ یکایک ایسی خوشی میں جھومنے لگا جیسے شکار اس کے پاس نزدیک آگیا ہو یا اموال (غنیمت اس کے پاس آگئے ہوں اور بولا میرے دل میں یہ خطرہ پیدا ہوا ہے کہ تم ایسے کے داماد بنو جو تمہارے زخموں کی دوا کرے۔ اور تمہاری وہ مدد کرے (یعنی وہ تمہاری حالت ٹھیک کر دے) میں نے کہا طوق اور فقیری کو میں کس طرح جمع کروں۔

تشریح لغات

۱ ہاض ای کسر از ضرب والمصدر ہیض یقال ہاض فلان العظم جبکہ وہ جوڑنے کے بعد توڑے ۲ فاض از ضرب والمصدر فیض بمعنی عام ہونا اور کثرت سے بہنا اور جاری ہونا ۳ الاکمام یہ کم کی جمع ہے بمعنے غلاف شگوفہ والجمع اکمة وکمام واکامیم ایضا ۴ العدوان بمعنی خالص ظلم اور یہاں اس سے مصائب مراد ہے ۵ المعوان بکسر المیم بمعنے بہتر مددگار اور بہت مددگار والجمع معاوین ۶ افلت از افعال افلات مصدر بمعنی رہا ہونا چھوٹنا اور رہا کرنا وچھوڑنا ومجردہ از ضرب ۷ اجفلت از افعال

یقال اجفل البعیر جبکہ اونٹ بدکے اور بھاگے ومجردہ از نصر وضرب ۷ اتخذت اللیل قمیصا ای سرت فی اللیل وجعلت اللیل ساترًا مثل القمیص کیلا یرانی احد من اہل بلدی ۸ ادلجت ادلاج مصدر از افعال یقال ادلج القوم جبکہ پوری رات یا آخری حصہ میں چلے ۹ خمیصا بمعنے دبلے پیٹ ہونا یعنی پیٹ کا خالی ہونا از سمع وکرم ۱۰ ینکت از نصر والمصدر نکت یقال نکت الارض بقضیب او باصبع جبکہ وہ سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے کریدے اور یہ عرب کی عادت ہے جبکہ کوئی مہم پیش آجاتی ہے تو اس کی سوچ اور فکر میں زمین کو کریدنے لگتے ہیں ۱۱ القرض جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت مقررہ پر تم کو واپس کردے والجمع قروض ۔ القرض یعنی کوئی چیز دینا بغیر عوض کے والجمع قروض وقراض ۱۲ اکثبہ از افعال یقال اکثب ای دنا ویقال اکثب الرجل والیہ ومنہ ولہ ای دنا منہ وکثب الشئی ای جمعہ وایضا اجتمع یتعدی ویلزم وکثب القوم ای اجتمعوا از نصر وضرب والمصدر کثب ۱۳ قنص محرکۃ بمعنے شکار والقناص بمعنے شکاری ۱۴ فرص یہ فرصۃ کی جمع ہے بمعنی باری اور یہ اسم ہے یقال جاءت فرصتک من السقی یعنی تمہاری باری آئی اور بمعنی وقت مناسب اور یہاں اس سے مراد غنیمت ہے ۱۵ تصاہر مصاہرت مصدر از مفاعلت یقال صاہرہم والیہم وفیہم جبکہ داماد بنے سسر بنے ۱۶ یاسو از نصر یقال اسا الجرح اسًا جبکہ وہ علاج کرے ۱۷ جراحک یہ جراحت کی جمع ہے بمعنی زخم اور اس کی جمع جراحات بھی آتی ہے ۱۸ یریش از ضرب یقال راش یریش ریشًا جبکہ وہ مال ومتاع جمع کرے ویقال راشہ جبکہ کھلائے پہنائے اور مدد کرے اور غنی بنائے وراشہ مالا جبکہ دے وراش من حالہ جبکہ درست کرے ۱۹ غل بضم الغین بمعنی ہتھکڑی یا طوق والجمع اغلال وغلول اور اس سے یہاں مراد بیوی ہے اس واسطے کہ وہ بھی مرد کے لئے ہتھکڑی اور اس کی گردن میں وہ طوق ہے اس لئے کہ وہ بیوی کو نہیں چھوڑ سکتا ہے ۲۰ قل بالضم بمعنے قلت مال وکم چیز اس سے مراد فقیری ہے اور جو فقیر ہو وہ کس طرح نکاح کرسکتا ہے ۔

وَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَرْغَبُ فِیْ صُلِّ ابْنِ صُلٍّ. فَقَالَ اَنَا الْمُشِیْرُ بِکَ وَاِلَیْکَ. وَالْوَکِیْلُ لَکَ وَعَلَیْکَ. مَعَ اَنَّ دِیْنَ الْقَوْمِ جَبْرُ الْکَسِیْرِ. وَفَکُّ الْاَسِیْرِ. وَاحْتِرَامُ الْعَشِیْرِ. وَاسْتِنْصَاحُ الْمُشِیْرِ. اِلَّا اَنَّهُمْ لَوْ خَطَبَ اِلَیْهِمْ اِبْرَاهِیْمُ ابْنُ اَدْهَمَ. اَوْ جَبَلَةُ بْنُ الْاَیْهَمِ. لَمَا زَوَّجُوْهُ اِلَّا عَلٰی خَمْسِ مِائَةِ دِرْهَمٍ. اِقْتِدَاءً بِمَا مَهَرَ الرَّسُوْلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَوْجَاتِهٖ. وَعَقَدَ بِهٖ اَنْکِحَةَ بَنَاتِهٖ. عَلٰی اَنَّکَ لَنْ تُطَالَبَ بِصَدَاقٍ. وَلَا تُلْجَاُ اِلٰی طَلَاقٍ. ثُمَّ اِنِّیْ سَاَخْطُبُ فِیْ مَوْقِفِ عَقْدِکَ. وَمَجْمَعِ حَشْدِکَ. خُطْبَةً لَمْ تَفْتُقْ رَتْقَ سَمْعٍ. وَلَا خُطِبَ بِمِثْلِهَا فِیْ جَمْعٍ. (قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ) فَاَزْدَهَانِیْ بِوَصْفِ الْخُطْبَةِ الْمَتْلُوَّةِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور کون شخص ہے جو گمنام ابن گمنام کی خواہش کرے گا پس اس نے کہا میں تجھے اونچے درجے پر پہنچاؤں گا اور تجھے میں بھیجواؤں گا اور تیرا وکیل بنوں گا (تاکہ تجھ کو بیوی ملے اور تیرے اوپر میں وکیل ہونگا تاکہ تو میرے حکم کو مانے) باوجودیکہ ان لوگوں کی عادت ٹوٹے ہوئے کو جوڑنا ہے۔ (یعنی محتاجوں کی اصلاح کرنا ہے) اور قیدی کو رہا کرنا ہے اور شوہر کو بزرگ رکھنا ہے اور مشیر کو بھی خیر خواہ سمجھنا ہے تاہم اگر ان سے ابراہیم بن ادہم یا جبلہ بن الایہم بھی منگنی کریں تو ان مہروں کی پیروی کرتے ہوئے جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کے مقرر فرمائے تھے اور جن مہروں پر صاحبزادیوں کے نکاح منعقد ہوئے تھے وہ کبھی

عہ مواہب لدنیہ کی پہلی اور تیسری جلد میں دلائل وغیرہ سے روایت ہے کہ ہمارے حضورؐ نے حضرت خدیجہؓ کو ساڑھے بارہ اوقیے سونے کے مہر میں دیئے اور مواہب میں یہ بھی بتایا ہے کہ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے تو ساڑھے بارہ اوقیے کے پانچ سو درہم ہوئے اور ایک درہم تخمیناً سوا چار آنہ کا اور ایک دینار دس درہم کا ہوتا ہے اور زرقانی نے ان سب روایات کی یوں تطبیق دی کہ اصل مہر جو ابوطالب نے باندھا تھا ممکن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے اور زیادہ کردیا ہو اور یہ مؤید ہے اس حدیث کے جو صحیح مسلم کتاب النکاح میں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے الخ۔

بغیر پانچ سو درہم کے شادی نہ کریں گے لیکن تم سے نہ مہر مانگے جائیں گے۔ اور نہ تم طلاق دینے پر مجبور کئے جاؤ گے، پھر میں نکاح کی جگہ اور لوگوں کے مجمع میں ایسی تقریر کروں گا کہ کبھی اس جیسی تقریر نے کانوں کی گرہ نہ کھولی ہوگی۔ اور نہ کبھی ایسی تقریر مجمع میں کی گئی ہوگی۔ حارث بن ہمام کہتا ہے مجھے اس نے اپنی ہونے والی تقریر کی خوبی سے تعجب میں ڈال دیا (یا) ابھار دیا۔

تشریح لغات

[1] ضل بن ضل گمنام ابن گمنام جو گمراہی میں بھٹکتا پھرے ہذا مثل یضرب لمن لایعرف ہو ولا ابوہ [2] المشیر اشارہ مصدر پر اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی پہنچوانا یقال اشار اجبکہ وہ پہنچوائے از افعال ای اذکرک واعرفہم حتی یرغبوا الیک فی تزویج بناتہم [3] والوکیل لک ای اکون وکیلا من جہتک ومن جہۃ من یزوجک [4] جبر مصدر بمعنی ٹوٹے ہوئے کی درستی از نصر [5] الکسیر بمعنی ٹوٹا ہوا والجمع کسرٰی وکساریٰ اس سے مراد محتاج ہے [6] الاسیر بمعنے قیدی والجمع اسرٰی واسراء واساریٰ واساریٰ [7] العشیر بمعنے قبیلہ وقریب و دوست وزوج وزوجۃ والجمع عشراء [8] استنصاح مصدر از استفعال بمعنی خیر خواہ سمجھنا [9] خطب از نصر والمصدر خطبٌ وخطبۃ یقال خطب الفتاۃ جبکہ وہ منگنی کرے [10] ابراہیم ابواسحق ابراہیم بن ادہم بن اسحاق بلخی یہ ولیوں میں قطب گذرے ہیں جنہوں نے بادشاہی پر لات ماردی اور خدا کی عبادت میں اپنی بقیہ عمر گذاری [11] جبلۃ بن الایہم یہ شاہان غسان کے آخری بادشاہ تھے [12] مہر از فتح ونصر والمصدر مہر یقال مہر المراۃ جبکہ مہر دے یا مہر مقرر کرے ویقال امہرہا یعنی مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرے [13] زوجاتہ ہذا اشارۃ الی ماروی ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم لم یصدق امراۃ من نسائہ اکثر من اثنتی عشر اوقیۃ ونش وھذہ خمسمائۃ لان الاوقیۃ اربعون درہما والنش عشرون [14] بصداق بالفتح بمعنے مہر والجمع اصدقۃ وصدق [15] ولاتلجا الی طلاق یعنی طلاق دینے کی ضرورت نہ ہوگی اس لئے کہ عورت کو یا تو اس کی بداخلاقی یا اس کے عزیز و اقربا کی بداخلاقی کی وجہ سے یا نان نفقہ نہ دینے کی وجہ سے طلاق دی جاتی ہے اور یہاں یہ صورتیں نہیں ہیں [16] حشدک بمعنی جماعت والجمع حشودٌ یقال حشد الشیٔ جبکہ وہ جمع کرے از نصر وضرب [17] لم تفتق از نصر وضرب یقال فتق الشیٔ جبکہ وہ پھاڑے وفتق الثوب جبکہ کپڑے کی سیون توڑے وادھیڑے [18] رتق از نصر یقال رتق الثوب جبکہ جوڑے ورتق الفتق جبکہ وہ درست کرے والراتق بمعنے اصلاح کرنے والا ورتق بینہم جبکہ وہ درمیان میں صلح کرا دے ورتق الشیٔ جبکہ وہ بند کرے [19] سمع مصدر بمعنے سننے کا حاسہ۔ کان وسنی ہوئی بات وسنا ہوا ذکر والجمع اسماع واسمع [20] فازدہانی ای حرکنی وخرجنی یعنی مجھے تعجب میں ڈالا از افعال [21] الخطبۃ بالضم مصدر از نصر بمعنی وعظ کہنا تقریر کرنا لیکچر دینا وحاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔

دُوْنَ الْخِطْبَةِ الْمَجْلُوَّةِ۔ حَتّٰی قُلْتُ قَدْ وَكَلْتُ اِلَيْكَ هٰذَا الْخَطْبَ۔ فَدَبِّرْهُ تَدْبِيْرَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ فَنَهَضَ مُهَرْوِلًا۔ ثُمَّ عَادَ مُتَهَلِّلًا۔ وَقَالَ اَبْشِرْ بِاِعْتِبَابِ الدَّهْرِ۔ وَاخْتِلَابِ الدَّرِّ۔ فَقَدْ وُلِّيْتُ الْعَقْدَ وَالْفَلْتُ النَّقْدَ۔ وَكَانْ قَدْ۔ ثُمَّ اَخَذَنِیْ بِمُوَاعَدَةِ اَهْلِ الْخَانِ۔ وَاِعْدَادِ حَلْوَاءِ الْخِوَانِ۔ فَلَمَّا مَدَّ اللَّيْلُ اَطْنَابَهُ۔ وَاَغْلَقَ كُلُّ ذِیْ بَابٍ بَابَهُ۔ اَذَّنَ فِی الْجَمَاعَةِ۔ اَلَا احْضُرُوْا فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ۔ فَلَمْ يَبْقَ فِيْهِمْ اِلَّا مَنْ لَبّٰى صَوْتَهُ۔ وَحَضَرَ بَيْتَهُ۔ فَلَمَّا اصْطَفُّوْا لَدَيْهِ۔ وَاجْتَمَعَ الشَّاهِدُ وَالْمَشْهُوْدُ عَلَيْهِ۔ جَعَلَ يَرْفَعُ الْاَصْطُرْلَابَ وَيَضَعُهُ وَيَلْحَظُ التَّقْوِيْمَ وَيَدَعُهُ اِلٰی اَنْ نَعَسَ الْقَوْمُ۔ وَغَشِيَ النَّوْمُ۔

الترجمۃ والمطالب

عورت کے بناؤ سنگھار کی زینت نے یہاں تک کہ میں نے اس سے کہہ دیا کہ یہ مہم میں نے تمہارے سپرد کر دی تم اس کو اس خوبی سے سرانجام دو جیسے کہ سمجھدار اپنے کسی دوست کے لئے انجام دیتا ہے۔ پس وہ کھڑا ہوا اس

حال میں کہ وہ جلدی کرنے والا تھا۔ پھر وہ لوٹا اس حال میں کہ اس کا چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا اور اس نے کہا تجھے زمانہ کی خوشی اور دودھ دینا مبارک ہو (یعنی تمہاری حاجت برآئی) اور عقد نکاح میرے متعلق ہوگیا ہے اور مہر معجل کا بھی مجھے کفیل اور ضامن بنادیا گیا ہے خلاصہ یہ کہ معاملہ بالکل طے پاگیا ہے پھر وہ سرائے والوں سے وعدہ لینے اور حلوا یعنی وہ جو دسترخوان پر رکھا جائے وہ اس کی تیاری میں مصروف ہوگیا پس جبکہ رات نے اپنی طنابیں دڈوریاں) کھینچ لیں (یعنی رات کا وقت آگیا) اور ہر دروازے والے نے اپنا دروازہ بند کرلیا تو لوگوں میں اطلاع دی کہ آپ سب یہاں آکر موجود ہوں۔ چنانچہ کوئی نہ رہا جس نے دعوت کو نہ قبول کیا ہو (یعنی سب آنے کے لئے رضامند ہوگئے) اور اس کے گھر میں نہ آیا ہو جب سب لوگ اس کے پاس صف بستہ آموجود ہوئے اور گواہ (حاضرین کی جماعت) اور دولھا اور ولی بھی جمع ہوگئے تو اس نے یہ شروع کیا کہ کبھی تو وہ اضطرلاب اٹھاتا تھا۔ اور کبھی اس کو رکھ دیتا تھا۔ اور زائچہ دیکھتا تھا اور چھوڑ دیتا تھا یہاں تک کہ لوگ اونگھنے لگے اور بالآخر کو نیند آہی گئی۔

تشریح لغات

۱ المجلوۃ یہ اسم مفعول کا صیغہ از نصر یقال جلا العروس علے زوجہا جلوۃ بتثلیث الجیم وجلاءً جبکہ وہ بناؤ سنگار کر کے پیش کرے ۲ الخطب مصدر بمعنی معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے والجمع خطوب ۳ تدبیر من الخ ہذا مثل یضرب لطلب احتمال التعب فی الحاجۃ ۴ طب یقال طبہ ای داواہ وطب الرجل ای تأنی للامور وتلطف ومنہ المثل من احب طب ویقال اصنعہ صنعۃ من طب لمن حب او صنعۃ حاذق للانسان یحبہ از نصر وضرب والمصدر طب ۵ مہرولا اسم فاعل کا صیغہ از بعثر یقال ہرول جبکہ وہ تیز چلے دوڑے ۶ متہللا تہلل مصدر از تفعل یقال تہلل الوجہ او السحاب جبکہ چمک اٹھے ویقال تہلل فلان جبکہ وہ خوشی سے دمکتے ہوئے چہرے والا ہو ۷ باعتاب مصدر از افعال یقال اعتبہ جبکہ وہ ناراضی اور ملامت کو دور کرے و رضامند کرے یقال واعتب عنہ جبکہ وہ پھرے ۸ احتلاب مصدر از افتعال بمعنے دودھ دوہنا و نکالنا ۹ الدر مصدر بالفتح بمعنے دودھ و دودھ کی زیادتی وخوں و بالضم بمعنی بڑموتی اور احتلاب الدر سے مراد حاجت کا پوری ہونا ہے یعنی عقد نکاح ۱۰ النقد مصدر قیمت جو فوراً ادا کی جائے اور یہاں اس سے مراد مہر حاضر (یعنی معجل) ہے ۱۱ وکان قد ای وکان قد صلح الامر الذی ولیتہ و احضر المال وتیسر النکاح وتم الامر ای حصل المراد وھذا یقال عند تحقیق الامر والعلم بوقوعہ فحذف للدلالۃ الحال ۱۲ الحلواء والحلوی حلوا ومیٹھا میوہ والجمع حلاوی ۱۲ ۱۳ الخوان بکسر الخاء المعجمۃ وضمہا ای الطبق الذی یوضع علیہ الطعام (دسترخوان) والجمع اخونۃ وخون ۱۴ اطناب یہ طنب کی جمع ہے بمعنے خیمہ کی رسی اور یہاں اس سے مراد رات کا داخل ہونا ہے ۱۵ لبی از تفعیل تلبیۃ مصدر بمعنی جواب دینا لبیک کہنا ۱۶ اصطفوا اصطفاف مصدر از افتعال بمعنے صفوں میں کھڑا ہونا ۱۷ الشاہد سے مراد حاضرین کی جماعت ہے اور مشہود علیہ سے مراد زوج اور اس کا ولی ہے ۱۸ اصطرلاب ہو مقیاس النجوم والشمس ویعرف سیر الکواکب واول من صنع ھذا الشئ ہو لاب بن ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام فلما صنع ھذا الشکل وجئی بہ الی ادریس علیہ السلام فقال من سطر ھذا الاسطر فقیل لہ لاب فاضیف الی لاب ۱۹ التقویم جنتری جس میں سعد ونحس ساعتیں بتائی جائیں وجنم پترا و زائچہ والجمع تقادیم ۲۰ نعس از فتح ونصر یقال نعس الرجل جبکہ وہ اونگھے۔؟

فَقُلْتُ لَهُ يَا هٰذَا اَضِعِ الْفَاسَ فِي الرَّاسِ۔ وَخَلِّصِ النَّاسَ مِنَ النُّعَاسِ۔ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ثُمَّ انْتَشَطَ مِنْ عُقْلَةِ الْوُجُوْمِ۔ وَاَقْسَمَ بِالطُّوْرِ۔ وَالْكِتَابِ الْمَسْطُوْرِ۔ لَيَنْكَشِفَنَّ سِرُّ هٰذَا الْاَمْرِ الْمَسْتُوْرِ

بازکشادہ ۱۲ گرہ ۱۲ خاموشی ۱۲ ای کوہ طور ۱۲ لوح محفوظ ۱۲ آشکار میشود ۱۲ کار نہفتہ ۱۲

وَيَنْتَشِرَنَّ ذِكْرُهُ اِلٰى يَوْمِ النُّشُوْرِ۔ ثُمَّ اَنَّهُ جَثَا عَلٰى رُكْبَتِهِ۔ وَاسْتَرْعَى الْاَسْمَاعَ لِخُطْبَتِهِ۔ وَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَلِكِ الْمَحْمُوْدِ۔ الْمَالِكِ الْوَدُوْدِ۔ مُصَوِّرِ كُلِّ مَوْلُوْدٍ۔ وَمَاٰلِ كُلِّ مَطْرُوْدٍ۔ سَاطِحِ الْمِهَادِ۔ وَمُوَطِّدِ الْاَوْطَادِ۔ وَمُرْسِلِ الْاَمْطَارِ وَمُسَهِّلِ الْاَوْطَارِ۔ عَالِمِ الْاَسْرَارِ وَمُدْرِكِهَا۔ وَمُدَمِّرِ الْاَمْلَاكِ وَمُهْلِكِهَا وَمُكَوِّرِ الدُّهُوْرِ وَمُكَرِّرِهَا۔

الترجمۃ والمطالب

بس اس سے میں نے کہا اے شخص تو اپنے سر میں کلہاڑی مارے اور لوگوں کو سونے سے نجات دیے پس کر اس نے ستاروں پر نظر ڈالی پھر وہ کھلا غم کی خاموشی کی گرہ سے اور کوہ طور اور قرآن یا لوح محفوظ کی قسم کھا کر کہنے لگا اس کام چھپے ہوئے کا بھید ضرور ظاہر ہوگا۔ اور اس کا قیامت تک تذکرہ زبان پر رہے گا اس کے بعد گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اس نے اپنی تقریر کو چپ چاپ سننے کی درخواست کی اور کہنے لگا تمام تعریف صرف اللہ ہی کے لئے ہے جو بادشاہ ہے اور وہ ہی تعریف کے قابل ہے اور وہ مالک ہے اور درست رکھنے والا ہے اور ہر بچہ کی وہی صورت بنانے والا ہے اور ہر وہ شخص جس کو دھتکارا جائے یا علیحدہ کیا جائے اسی کی طرف لوٹنے کی جگہ ہے اور وہ ہی زمین کو بچھانے والا ہے اور پہاڑوں کو مضبوط کرنے والا ہے اور بارش بھیجنے والا ہے اور حاجتوں کو آسان کرنے والا ہے (یعنی امید کو پوری کرنے والا ہے) اور بھیدوں کو وہ جاننے والا ہے اور احاطہ کرنے والا ہے دریا پانے والا ہے، اور بادشاہوں کو ہلاک اور برباد کرنے والا ہے اور زمانوں کو لپیٹنے والا (یعنی جمع کرنے والا) اور لوٹانے والا ہے۔

تشریح لغات

۱؎ ضع الفاس الخ یہ عام کہاوت ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ تم اس بات کو قبول کر لو۔ اور بعض اس کا مطلب یہ کہتے ہیں فی الراس سے راس الخشبۃ مراد ہے جو شخص لکڑی پھاڑتا ہے وہ کلہاڑی کو سر پر اٹھا کر لکڑی پر نشان کر کے پھاڑتا ہے تو اس سے یہ مطلب نکلا کہ تو لوگوں کو انتظار میں مت رکھ۔ اور ان کو تکلیف مت دے جو تو اس کام کو کرنا چاہتا ہے اس کو تو کرلے اگرچہ وہ سخت کام ہو ۲؎ فنظر نظرۃ الخ عرب والے یہ جملہ اس وقت استعمال کرتے ہیں جبکہ انسان اس کام کے کرنے میں متفکر ہو۔ اور اس کام کے کرنے کی تدبیر سوچے جیسے کہ قرآن پاک میں ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں فنظر نظرۃ فی النجوم ۳؎ انتشط انتشاط مصدر از انفعال بمعنی کھولنا یقال انتشط الحبل جبکہ وہ رسی کو کھولنے کے لئے کھینچے وانتشط الحبل رسی کا کھولنا ۴؎ عقلۃ بالضم جس سے باندھا جائے والجمع عقلٌ ۵؎ الوجوم مصدر از ضرب بمعنی خاموشی ۶؎ بالطور وہ پہاڑ جس کی طرف حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو آگ نظر آئی تھی۔ اور خدا کی جھلک نظر آئی ۷؎ الکتاب المسطور سے مراد قرآن ہے یا لوح محفوظ یا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تختیاں مراد ہیں کہ ان پر لکھتے وقت قلم کی آواز سنتے تھے یا وہ کتاب ہے جس میں اعمال لکھے جاتے ہیں یا توریت ہے یا وہ کتاب مقصود ہے جو خدا تعالیٰ نے فرشتوں کے واسطے لکھی ہے ۸؎ الامر المستور بمعنی پوشیدہ راز اور اس سے یہ مراد ہے کہ ان کو حلوا یا شیرینی اس لئے کھلانا ہے تاکہ وہ بے ہوش ہو جائیں اور یہ مال کو ان سے لیکر چپت بنے ۹؎ ینتشرن انتشار مصدر از انفعال بمعنی پھیلنا ۱۰؎ یوم النشور سے مراد قیامت کا دن ہے ۱۱؎ جثا ای برک کالبعیر از نصر وضرب زانو پر بیٹھنا والمصدر جثو وجثیٌ ۱۲؎ استرعی از استفعال استرعاءٌ مصدر یقال استرعاہ السمع جبکہ وہ توجہ کرنے کو کہے واسترعاہ الشیٔ کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لئے کہنا ۱۳؎ الملک بمعنے بادشاہ والجمع ملوکٌ واملاک ۱۴؎ الودود بہت محبت کرنے والا (یعنی دوست رکھنے والا) ۱۵؎ مولود مفعول کا صیغہ ہے بمعنی چھوٹا بچہ والجمع موالید ۱۶؎ مآل بمعنے لوٹنے کی جگہ نتیجہ وانجام ۱۷؎ مطرود اسم مفعول کا صیغہ از نصر یقال طردہ طرداً وطرداً جبکہ دور کرے علیحدہ کرے اور دھتکارے وطردہ من بلاد وہ جبکہ وہ جلاوطن کرے وطرد الابل جبکہ وہ ادھر ادھر سے

جمع کرکے ہانکے ١٨ ساطح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از فتح یقال سطح جبکہ بچھائے ١٩ المہاد بچھونا دلیست زمین دالجمع مہدٌ ومُهُدٌ وامهدۃٌ وفی التنزیل الم نجعل الارض مہادًا والی الارض کیف سطحت ٢٠ موطد یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از تفعیل یقال وطدہ فتوطد اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہوگیا ٢١ الاطواد یہ طودٌ کی جمع ہے بمعنے پہاڑ وفی التنزیل کالطود العظیم ٢٢ الامطار یہ مطر کی جمع ہے بمعنے بارش ٢٣ الاوطار یہ وطر کی جمع ہے بمعنی حاجت ولا یبنی منہ فعل قال تعالیٰ فلما قضی زید منہا وطرا - ویقال تقضّی منہ وطرہ اداوطارہ ای نال منہ بغیتہ ٢٤ مدرکہا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنے پانے والا اور احاطہ کرنے والا ٢٥ مدمر از تفعیل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی لپیٹنے والا یقال کوّر العمامۃ جبکہ وہ سر پہ پگڑی باندھے وکوّر اللّٰہ اللَّیْلَ عَلَی النَّہَارِ جبکہ وہ ایک کو دوسرے میں داخل کرے ۔ زمانہ کے لپیٹنے سے مراد ایک کو دوسرے میں داخل کرنا ہے یا دن کی روشنی کا چلا جانا ہے یا زیادہ کرنا ہے واللہ اعلم ۔

وَمُوْرِدِ الْاُمُوْرِ وَمُصْدِرِهَا ۔ عَمَّ سَمَاحُهٗ وَكَمَلَ ۔ وَهَطَلَ رُكَامُهٗ وَهَمَلَ ۔ وَطَاوَعَ السُّؤْلَ وَالْاَمَلَ ۔ وَاَوْسَعَ الْمُرْمِلَ وَالْاَرْمَلَ ۔ اَحْمَدُهٗ حَمْدًا مَمْدُوْدًا مَدَاهُ ۔ وَاُوَحِّدُهٗ كَمَا وَحَّدَهُ الْاَوَّاهُ ۔ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ لِلْاُمَمِ سِوَاهُ ۔ وَلَا صَادِعَ لِمَا عَدَّلَهٗ وَسَوَّاهُ ۔ اَرْسَلَ مُحَمَّدًا عَلَمًا لِلْاِسْلَامِ ۔ وَاِمَامًا لِلْحُكَّامِ ۔ وَمُسَدِّدًا لِلرَّعَاعِ ۔ وَمُعَطِّلًا اَحْكَامَ وَدٍّ وَسُوَاعٍ ۔ اَعْلَمَ وَعَلَّمَ ۔ وَحَكَمَ وَاَحْكَمَ ۔ وَاَصَّلَ الْاُصُوْلَ وَمَهَّدَ ۔ وَاَكَّدَ الْوُعُوْدَ وَاَوْعَدَ ۔ وَاَصَلَ اللّٰهُ لَهُ الْاِكْرَامَ ۔ وَاَوْدَعَ رُوْحَهٗ دَارَ السَّلَامِ ۔ وَرَحِمَ اٰلَهٗ وَاَهْلَهُ الْكِرَامَ ۔ مَا لَمَعَ اٰلٌ ۔ وَمَلَعَ رَالٌ ۔

الترجمۃ والمطالب

اور چیزوں کو وہ لانے والا ہے اور لوٹانے والا ہے اس کی بخشش عام اور کامل ہے اور اس کا بادل (یعنی بخشش) پے درپے بہنے والا ہے اور بہتا ہے اور حاجت اور امید کو وہ برلاتا ہے اور مسکین اور بیوہ کو وہ مالدار بناتا ہے اور میں اس کی طویل اور بے انتہا حمد کرتا ہوں اور میں اس کو ایک ہی سمجھتا ہوں جیسے کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اس کو ایک ہی سمجھا اور وہی ایک خدا ہے اور مخلوق کے لئے اس کے سوا کوئی اور معبود برحق نہیں اور اس کے مہیا کئے ہوئے اور درست کئے ہوئے کے لئے کوئی تغیر کرنے والا نہیں اور جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسلام کا پہاڑ (یا پیشوا یا نشان) اور حاکموں کا امام اور برے آدمیوں کے لئے اصلاح کرنے والا اور ود اور سواع (بتوں کے) احکام کو مٹانے والا بنا کر بھیجا ۔ اور آپ نے ان کو احکام شریعت بتلائے اور سکھلائے اور گناہوں سے روکا ۔ اور شریعت کے اصولوں کو مضبوط کیا ۔ اور اس کے اصول بیان کئے اور ان کو پھیلایا ۔ اور وعدوں کو مضبوط کیا ۔ اور آپ نے لوگوں کو خدا کے عذاب سے ڈرایا ۔ اور خدا تعالیٰ آپ کی بزرگی کو ہمیشہ قائم رکھے ۔ اور آپ کی روح مبارک کو جنت میں داخل کرے ۔ اور آپ کے آل اور عزیزوں بزرگوں پر رحمت نازل فرمائے جب تک کہ ریت چمکتا رہے اور شتر مرغ کا بچہ کودتا پھرے (قیامت تک) ۔

تشریح لغات

۱ مورد یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی لانے والا یعنی شروع کرنے والا ۲ مصدر یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی لوٹانے والا یقال اصدرہ عن کذا جبکہ واپس کرے ۳ ہطل از ضرب یقال ہطل المطر ہطلاً وہطلانًا وتہطالًا جبکہ متفرق طریقوں سے بڑی بڑی بوندوں والی لگاتار بارش ہو ۴ رکام بالضم تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ کا ڈھیر وفی التنزیل ثم یؤلف بینہ ثم یجعلہ رکاما ۵ ہمل از نصر وضرب ای دام قطرہا ومطرہا یقال ہملت السماء ای دام مطرہا

فی سکون و هملت عینه ای فاضت دسوعًا والمصدر همل وهمول وهملان و یقال هملت الابل ای ترکت سدی ای مسیبة لا تعمل ولا تستعمل لیلاً و نهارًا ومنه اهمله ای ترکه ولم یستعمل عمدًا او نسیانا واهمل امره ای لم یحکموا از سمع ۷؎ طاوع از مفاعلت مطاوعة مصدر یقال طاوع ای وافق ۸؎ السؤل السؤال والسول والسؤلة مایسئل والسّئال والسُؤلة والسُؤل کثیرا لسوال ۸؎ ادسع از افعال یقال ادسع جبکہ مال دار ہو ۹؎ المرمل اسم فاعل کا صیغہ از افعال یقال ارمل القوم جبکہ توشہ ختم ہو اور محتاج ہو ۱۰؎ الارمل مسکین اور وہ مرد جس کی بیوی نہ ہو اور مرد جس کی بیوی مرگئی ہو در نڈوا والجمع ارامل وارا ملةٌ ۱۱؎ ممدودا یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر والمصدر مدٌّ یقال مدالشیٔ وبالشیٔ جبکہ پھیلائے اور کھینچے ومداللہ عمرہ جبکہ طویل کرے اور یہاں اس سے مراد بے انتہا ہے ۱۲؎ الاداہ بہت آہ کرنے والا یقال اوہ وتاوّہ جبکہ وہ دردمند ہو اور اس سے مراد حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام ہیں کما فی القرآن المجید ان ابراہیم لاواہ حلیم ۱۳؎ صادع یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از فتح یقال صدع الشیٔ جبکہ وہ اس طرح پھاڑے کہ جدا نہ ہوا در متفرق کر دینا اور یہاں اس سے مراد بدلتے والا ہے ۱۴؎ عدلہ تعدیل مصدر از تفعیل بمعنی برابر کرنا عدلہ اور سواہ ان دونوں کے معنے ایک ہیں کقولہ تعالیٰ یا ایہا الانسان ما غرك بربك الکریم الذی خلقك فسوّاك فعدلك یعنی لاراد لحکمه وقضائه ۱۵؎ علما بمعنے جھنڈا وقوم کا سردار و کپڑے کا نقش والجمع اعلام وراستہ کا نشان واونچا پہاڑ وعلامت ونشان ومنارہ والجمع اعلام وعلام ۱۶؎ للرعاع بمعنے سفلہ از مردم یعنی کمین آدمی ومنہ یقال رعاع الناس بمعنی کمین آدمی ۱۷؎ معطلا از تفعیل یقال عطل الشیٔ جبکہ وہ بے کار چھوڑ دے۔ اور یہاں اس سے مراد مٹانے والے کے ہیں ۱۸؎ ودّ وسواع یہ دو بتوں کے نام ہیں جو حضرت نوح علیہ السلام کی قوم میں تھے اور ان دونوں کو معبود بنا رکھا تھا۔ ودکو معبود قبیلہ کلب نے بصورت مرد بنا رکھا تھا۔ اور سواع کو قبیلہ ہمدان نے بصورت عورت بنا رکھا تھا ۱۹؎ اعلم از افعال اعلام مصدر بمعنی بتلانا ای اخبرالناس لبشرائع الاعلام ۲۰؎ وعلم از تفعیل تعلیم مصدر بمعنی سکھانا و بتلانا ای علمهم احکام الشریعة ۲۱؎ حکم از نصر یقال حکمه عن کذا جبکہ منع کرے اور باز رکھے ای منع الناس عن المعاصی ۲۲؎ احکم از افعال احکام مصدر بمعنے مضبوط کرنا ای اتقن اصول الشریعة وفروعها۔ ۲۳؎ اصل از تفعیل یقال اصل جبکہ اصل بیان کرے ۲۴؎ مهد از تفعیل یقال مهد الفرش جبکہ وہ بچھائے اور یہاں اس سے پھیلانا مراد ہے ۲۵؎ ادعد از افعال ایعاد مصدر بمعنی وعدہ کرنا دھمکی دینا منہ یقال اوعدہ جبکہ دعدہ کرے۔ اور دھمکی دے ای خوف الناس من عذاب اللہ ۲۶؎ واصل مواصلة مصدر از مفاعلت بمعنے ہمیشگی کرنا ولگاتار کرنا وتعلق رکھنا واصل الشیٔ وفی الشیٔ جبکہ ہمیشہ کرے اور لگاتار کرے ۲۷؎ مالمع اس میں ما معنے میں مادام کے ہے اور لمع از فتح یقال لمع البرق لمعا ولمعانًا ولموعًا ولمیعًا وتلمعاعًا جبکہ بجلی چمکے اور روشن ہو ۲۸؎ آل بمعنی ریت یا وہ سرابی کیفیت جو چلچلاتی دھوپ میں زوال سے پہلے محسوس ہوتی ہے ۲۹؎ لمع از فتح ای اسرع دعدا وثب یقال ملعت الناقة ای اسرعت وخفت وایضا ملع الفصیل امه ای رضعها وملع الشاة ای سلخها والمراد ههنا المعنی الاول والمصدر ملعٌ ۳۰؎ رال یہ رالۃٌ کا مونث ہے بمعنی شترمرغ کا بچہ والجمع رئال وارؤلٌ وریلانٌ ورئالةٌ

وَطَلَعَ هِلَالٌ۔ وَسُمِعَ اِهْلَالٌ۔ اِعْمَلُوْا رَعَاكُمُ اللّٰهُ اَصْلَحَ الْاَعْمَالِ۔ وَاسْلُكُوْا مَسَالِكَ الْحَلَالِ وَاطَّرِحُوا الْحَرَامَ وَدَعُوْهُ۔ وَاسْمَعُوْا اَمْرَ اللّٰهِ وَعُوْهُ۔ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَرَاعُوْهَا۔ وَعَاصُوا الْاَهْوَاءَ وَارْدَعُوْهَا وَصَاهِرُوْا لُحَمَ الصَّلَاحِ وَالْوَرَعِ۔ وَصَارِمُوْا رَهْطَ اللَّهْوِ وَالطَّمَعِ۔ وَمُصَاهِرُكُمْ اَطْهَرُ الْاَحْرَارِ مَوْلِدًا۔ وَاَسْرَاهُمْ سُؤْدَدًا۔ وَاَحْلَاهُمْ مَوْرِدًا۔ وَاَصَحُّهُمْ مَوْعِدًا۔ وَهَا هُوَ اَمَّكُمْ وَحَلَّ حَرَمَكُمْ۔ مُمْلِكًا عَرُوْسَكُمُ الْمُكَرَّمَةَ۔ وَمَاهِرًا لَهَا كَمَا مَهَرَ الرَّسُوْلُ اُمَّ سَلَمَةَ۔ وَهُوَ اَكْرَمُ صِهْرٍ اُوْدِعَ الْاَوْلَادَ۔ وَمُلِّكَ مَا اَرَادَ۔ وَمَا سَهَا مُمَلِّكُهٗ وَلَا وَهَمَ۔ وَلَا

وَكِسٌ مُلَاحِمُهٗ وَلَا وُصِمَ۔
ای ناقص ۱۲ ای لا عیب ۱۲

الترجمۃ والمطالب

اور جب تک کہ چاند نکلتا رہے اور جب تک کہ تلبیہ کی آواز یا مطلق آواز سنی جائیں تم اچھے اعمال کرو، خدا تمہاری حفاظت کرے۔ اور چلو تم حلال کے راستوں پر اور حرام کو ڈال دو، اور چھوڑ دو (یعنی فعل حرام اور برے راستوں کو تم اختیار نہ کرو) اور تم خدا کا حکم سنو اور اس کو محفوظ رکھو، اور تم صلہ رحمی کرو اور اس کی حفاظت کرو اور خواہشات نفسانی کی تم نافرمانی کرو، اور ان سے تم باز رہو اور نیک اور پرہیزگاروں کو تم داماد بناؤ (یعنی ان سے اپنی لڑکیوں کا نکاح کرو۔ اور لہو ولعب اور طمع والوں سے تم قطع تعلق کرو چنانچہ تمہارا داماد پیدائشی طور پر شریفوں کا شریف ہے اور سرداری کے اعتبار سے وہ بزرگتر ہے اور اخلاق کے اعتبار سے وہ بہت ہی اچھا ہے (یعنی عمدہ کلام والا ہے) اور اس کے وعدے زیادہ سچے ہیں اور تم کو یہ معلوم ہونا چاہئے اس نے تمہارا ارادہ کیا ہے اور وہ تمہارے گھر میں اترا ہے اس حال میں کہ وہ نکاح کی وجہ سے اپنی دلہن کو جو بزرگ و برتر ہے لینے والا ہے اور وہ مہر مقرر کرنے والا ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین حضرت سلمہؓ کا مقرر کیا تھا۔ اور وہ بہترین داماد ہے اور جس کی صلب میں اولاد ودیعت رکھی گئی ہے اور وہ جو چیز چاہتا ہے اس کا وہ مالک ہے نہ تو اس سے لڑکی بیاہنے والے سے چوک ہوئی اور نہ غلطی اور نہ دھوکا دیا گیا ہے داماد بنانے والا اور نہ وہ عیب لگایا گیا ہے۔

تشریح لغات

۱ه اہلال چاند دیکھتے وقت آواز کو بلند کرنا یا احرام کے وقت تلبیہ سے آواز کو بلند کرنا اور مقصد یہ ہے کہ دنیا میں جب تک آواز سنی جائے ۲ه اطرحوا اطراح مصدر از افتعال بمعنی ڈالنا و پھینکنا ۳ه دعوہ از ودع یدع یہ امر حاضر کا صیغہ ہے بمعنی تم چھوڑ دو و فی التنزیل ما ودعک ربک بالتخفیف ای ما ترک ۴ه دعوہ اس میں واؤ عطف کا ہے اور یہ دُعیٰ سے امر ہے بمعنے یاد کرنا ۵ه راعوہا از مفاعلت مراعاۃ مصدر بمعنی حفاظت کرنا اور کسی کے حق کو محفوظ رکھنا ۶ه اردعوہا از فتح یقال ردعہ عن کذا ردعًا جبکہ روکے اور ہٹائے ۷ه صاہروا مصاہرت مصدر از مفاعلت بمعنی داماد بننا اور سسرا بننا یقال صاہو القوم و فی القوم وما ہو بہم القوم بہم والیہم و فیہم جبکہ داماد بنے ۸ه لحم یہ لحمۃ بضم اللام کی جمع ہے بمعنی رشتہ داری یعنی اطلبوا المزوجۃ اذا تزوجتم من قوم صالحین ۹ه صارموا مصارمت مصدر از مفاعلت بمعنی قطع تعلق کرنا ۱۰ه رہط بسکون الہاء و فتحہا بمعنی آدمی کی قوم اور قبیلہ اور تین سے دس تک کا گروہ اور جس میں کوئی عورت نہ ہو والجمع ارہط وارہاط ۱۱ه مصاہرکم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی داماد ای الذی یستزوج منکم و ہو الحارث بن ہمام ۱۲ه اطہر الاحرار یعنی وہ خالص ہے اصل اور نسب میں ۱۳ه اسراہم ای اشرفہم و افضلہم اور یہ ماخوذ ہے سرا یسرو سے جبکہ وہ سردار ہو ۱۴ه سودداً بمعنے سرداری و شرافت و بلند مرتبہ ۱۵ه موردًا بمعنی خلق ۱۶ه امکم از نصر یہ فعل ماضی کا صیغہ ہے ام مصدر بمعنے قصد کرنا ۱۷ه حرمکم مصدر ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ اور بمعنی مقدس اور یہاں اس سے مراد گھر ہے ۱۸ه مملکا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے املاک مصدر از افعال بمعنی نکاح کرنے والا یقال ملکہ المرأۃ جبکہ وہ نکاح کر لے ۱۹ه عروس بمعنی دولہا دلہن والجمع عرائس ۲۰ه المکرم اسم مفعول کا صیغہ از تفعیل بمعنی بزرگ تر اور وہ چیز کہ عورت کے پاس نکاح سے پہلے بھیجی جائے ۲۱ه ماہرا یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال مہر المرأۃ ای اعطاہا المہر وامہرہا ای سمی

عه حضرت ام سلمہؓ کا مہر کوئی برتنے کی چیز تھی جو دس درہم کی تھی۔

لها المهر وعن ابی زید مهر المرأة وامهرها بمعنی والقیاس علی الاول ان یقال قرأ الها الا ان المراد ههنا تسمیة المهر لا اعطاؤها ۲۲؎ ام سلمۃ یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے ہیں ۲۳؎ اودع از افعال یقال اودعہ الشئ جبکہ وہ کسی کے پاس امانت رکھے اودع الاولاد سے مطلب ہے کہ اچھے شوہر وہ ہیں کہ ان سے اولاد ہو ۲۴؎ ملک یہ ماضی مجہول کا صیغہ ہے از تفعیل یقال ملک الشئ جبکہ وہ مالک بنالے ۲۵؎ وما سہا اس میں ما کلمہ نافیہ ہے اور سہا یہ سہو سے ماخوذ ہے بمعنی غافل ہونا یقال سہا فی الامر وعن الامر جبکہ وہ غافل ہو از نصر ۲۶؎ مملکہ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی لڑکی بیاہنے والا از افعال ۲۷؎ لا دہم ای ماغلط فی تزویج بنتہ من ہذا الرجل از ضرب یقال دہم یہم فی الشئ وہما ایسی چیز کی طرف جانا جس کا ارادہ نہ ہو ووہم الشئ جبکہ خیال کرے اور تصور کرے ۲۸؎ وکس ای نقص وکس مصدر از ضرب بمعنے گھٹنا وکم ہونا وکس الشئ جبکہ وہ گھٹ لے ۲۹؎ ملا حمہ ای مصاہرہ نا ذا تزوجت بنت احد فانت ملاحمہ وہو ملاحمک ویقال لاحم بین الشیئین جبکہ وہ ایک دوسرے کو چپکائے ۳۰؎ وصم وصم مصدر از ضرب بمعنی عیب لگانا یقال وصم الشئ جبکہ وہ عیب لگائے۔

اَسْاَلُ اللّٰہَ لَکُمْ اِحْمَادَ وِصَالِہٖ۔ وَدَوَامَ اِسْعَادِہٖ۔ وَاَلْہَمَ کُلًّا اِصْلَاحَ حَالِہٖ۔ وَالْاِعْدَادَ لِمَعَادِہٖ۔ وَلَہُ الْحَمْدُ السَّرْمَدُ۔ وَالْمَدْحُ لِرَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ۔ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ خُطْبَتِہِ الْبَدِیْعَۃِ النِّظَامِ۔ الْعَرِیَّۃِ مِنَ الْاِعْجَامِ۔ عَقَدَ الْعَقْدَ عَلَی الْخَمْسِ الْمِئِیْنَ۔ وَقَالَ لِیْ بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِیْنَ۔ ثُمَّ اَحْضَرَ الْحَلْوَاءَ الَّتِیْ کَانَ اَعَدَّہَا وَاَبْدَی الْاٰبِدَۃَ عِنْدَہَا۔ فَاَقْبَلَتْ اِقْبَالَ الْجَمَاعَۃِ عَلَیْہَا۔ وَکِدْتُ اَہْوِیْ بِیَدِیْ اِلَیْہَا۔ فَزَجَرَنِیْ عَنِ الْمُؤَاکَلَۃِ۔ وَاَنْہَضَنِیْ لِلْمُنَاوَلَۃِ۔ فَوَاللّٰہِ مَا کَانَ بِاَسْرَعَ مِنْ تَصَافُحِ الْاَجْفَانِ حَتّٰی خَرَّ الْقَوْمُ لِلْاَذْقَانِ۔ فَلَمَّا رَاَیْتُہُمْ کَاَعْجَازِ نَخْلٍ خَاوِیَۃٍ۔ اَوْکَصَرْعٰی بِنْتِ خَابِیَۃٍ۔ عَلِمْتُ اَنَّہَا اِحْدَی الْکُبَرِ۔ وَاُمُّ الْعِبَرِ۔ فَقُلْتُ لَہٗ یَا عُدَیَّ نَفْسِہٖ۔ وَعُبَیْدَ فَلْسِہٖ۔ اَاَعْدَدْتَ لِلْقَوْمِ حَلْوًا۔ اَمْ بَلْوٰی۔

الترجمۃ والمطالب

اور میں خدا سے تمہارے لئے دعا کرتا ہوں کہ یہ تمہارا ملنا قابل تعریف اور مبارک ہو اور ہمیشہ نیک بختی رہے اور ہر ایک شخص کو اپنی اصلاح حالت اور آخرت کی تیاری کی توفیق عطا فرمائے اور خدا ہی کے لئے ہمیشہ کی حمد ہے اور اس کی پیغمبر کی تعریف جن کا نام گرامی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہے پس جبکہ وہ اپنے اس بے نقط خطبہ سے جس کی نادر ترتیب تھی فارغ ہوا تو اس نے پانچسو درہم پر نکاح اپنا کیا۔ اور اس نے مجھے رفاء اور بنین کی دعا دی پھر وہ تیار کیا ہوا حلوا لایا اور اس نے اس وقت عجیب قسم کی حرکت کی جماعت کے ساتھ میں بھی حلوے پر ہاتھ ڈالنے ہی والا تھا۔ پس اس نے مجھے روک دیا۔ اور اس نے مجھ کو حلوا دینے کے لئے اٹھالیا پس خدا کی قسم پلک جھپکتے ہی جھپکتے لوگ ٹھوڑیوں کے بل گرے جب میں نے یہ دیکھا کہ یہ سب کھجور کے درخت کی کھوکلی جڑ یا شرابیوں کی طرح بچھڑے ہوئے پڑے ہیں تو میں نے سمجھا کہ یہ کوئی بڑی مصیبت اور عبرتوں کی اصل (یا جڑ) ہے پس میں نے اس سے کہا اے اپنے نفس کے دشمن اور اپنے پیسہ کے غلام (لالچی) کیا تو نے قوم کے لئے حلوا تیار کیا ہے یا کوئی مصیبت۔

تشریح لغات

۱؎ احماد وصالہ اس ملنے کو اچھا اور مبارک کرے ۲؎ اصلاح حالہ ای بالتوبۃ والاستغفار ۳؎ الاعداد مصدر از افعال بمعنی تیاری یقال اعدہ للامر جبکہ وہ تیار کرے ۴؎ لمعادہ ای لاخرتہ یہ مصدر بمعنے لوٹنے کی جگہ ۵؎ السرمد الدائم یقال لیل سرمد ای لیل طویل والسرمدی الذی لا اول لہ ولا آخر ۶؎ الاعجام مصدر از افعال یقال اعجم الکتاب جبکہ وہ نقطے اور اعراب

لگائے ۵؎ بالرفاء ای بالموافقۃ والاجتماع والائتلاف اور یہ مشتق ہے رفات الثوب سے اذا صممت بعضہ الی بعض ولائمت بینهما بنساجۃ از نصر یقال هذا للمعرّس (جس کی شادی ہو) والباء متعلقۃ بفعل مضمر تقدیرہ لتکن اتواصلۃ بینهما بالرفاء والبنین اولیکن هذا العقد مقرونا بالرفاء والبنین ای بالاجتماع والائتلاف وکثرۃ البنین اور یہ جاہلیت میں نکاح کرنے والے کو دعا دیتے تھے تو ہمارے حضورؐ نے فرمایا اس کے بجائے یوں کہو خیر و برکت کے لئے بارک اللہ لک وبارک علیک ۸؎ الآبدہ عجیب و غریب معاملہ جس سے عقل حیران رہ جائے اور آدمی گھبرا جائے اور آبدہ کے معنے وحشی کے بھی آتے ہیں جیسا کہ وحشی غریب ہوتا ہے اسی طرح یہ خصلت بھی عجیب و غریب ہے اور اس کے یہ بھی معنی آتے ہیں وہ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ (قیامت تک) رہے و بمعنی عجیب و نادر چیز والجمع اوابد ۹؎ اهوی از ضرب یقال هوی الشیٔ هویًا وهویًا وهویانًا جبکہ اوپر سے نیچے گرے اور یہاں اس سے مراد ڈالنا ہے ۱۰؎ المؤاکلۃ مصدر از مفاعلت بمعنے کھانا ۱۱؎ للمناولۃ مصدر از مفاعلت بمعنے دینا یعنی لوگوں کو حلوا دینا ۱۲؎ تصافح مصدر از تفاعل بمعنی پلک لگ جانا یقال تصافحت الاجفان جبکہ پلک جھپک جائے ۱۳؎ خر از نصر و ضرب یقال خرّ خرًّا وخرورًا جبکہ اوپر سے نیچے گرے وخرّ للہ ساجدًا جبکہ وہ سجدے میں گر پڑے وخرّ علیہ جبکہ غیر معلوم جگہ سے اچانک آپڑے ۱۴؎ للاذقان یہ ذقن کی جمع ہے، بمعنی ٹھوڑی ۱۵؎ اعجاز بمعنی جڑ یقال اعجاز النخل یعنی درخت خرما کی جڑیں ۱۶؎ خاویۃ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال خوی البیت ای سقط وتهدم از ضرب والمصدر خواءً ۱۷؎ کصرعی یہ صریع کی جمع ہے صریع وہ شخص جس کو کوئی پچھاڑے اور وہ زمین پر گر جائے ۱۸؎ بنت خابیۃ الخابیۃ اور الخابیۃ کے معنے شراب کے مٹکے کے آتے ہیں والجمع الخوابی والخوابی اور بنت خابیۃ کے معنے شراب کے ہیں ۱۹؎ الکبر یہ کبریٰ کی جمع ہے اور یہ اکبر کا مونث ہے بمعنے بڑی مصیبت ۲۰؎ ام بمعنے کسی چیز کی اصل اور ماں والجمع امہات وامات ۲۱؎ یاعدی یہ عدو کی تصغیر بمعنی دشمن ۲۲؎ عبید یہ عبد کی تصغیر ہے بمعنے غلام ۲۳؎ بلوی بمعنی مصیبت و آزمائش والجمع بلایا۔

فَقَالَ لَمْ اَعُدُ اِلَّا خَبِيصَ الْبَنْجِ۔ فِيْ صِحَافِ الْخَلَنْجِ۔ فَقُلْتُ اُقْسِمُ بِمَنْ اَطْلَعَهَا زُهْرًا۔ وَهَدٰى بِهَا السَّارِيْنَ طُرًّا۔ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا۔ وَاَبْقَيْتَ لَكَ فِي الْمُخْزِيَاتِ ذِكْرًا۔ ثُمَّ حِرْتُ فِكْرَةً فِيْ صَيُّوْرِ اَمْرِهٖ۔ وَخِيْفَةً مِنْ عَدْوٰى عُرِّهٖ۔ حَتّٰى طَارَتْ نَفْسِيْ شَعَاعًا۔ وَاُرْعِدَتْ فَرَائِصِيْ اِرْتِيَاعًا۔ فَلَمَّا رَاٰى اسْتِطَارَةَ فَرَقِيْ۔ وَاسْتِشَاطَةَ قَلَقِيْ۔ قَالَ مَا هٰذَا الْفِكْرُ الْمُرْمِضُ۔ وَالرَّوْعُ الْمُوْمِضُ۔ فَاِنْ يَكُنْ فِكْرُكَ فِيْ اَجَلِيْ مِنْ اَجْلِيْ۔ فَاَنَا الْاٰنَ اَرْتَعُ وَاَطْفِرُ۔ وَاَقْوٰى هٰذِهِ الْبُقْعَةُ مِنِّيْ وَاَقْفَرُ۔ وَكَمْ مِثْلِهَا فَارَقْتُهَا وَهِيَ تَصْفِرُ۔

الترجمۃ والمطالب پس اس نے کہا میں نے تو صرف بھنگ کا حلوا درخت خدنگ کے پیالوں میں تیار کیا ہے پس میں نے کہا اس ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس نے ستاروں کو چمکا کر رات میں چلنے والی جماعت کو راستہ دکھایا اور البتہ تحقیق کہ تم نے یہ نہایت نامناسب (خراب) حرکت کی ہے اور تم رسوائیوں میں یاد کر چھوڑ چلے ہو۔ پھر میری یہ حالت تھی کہ اس کام کے انجام کے سوچ میں میں حیران تھا۔ اور اس بڑھے ہوئے نقصان پہنچانے والے فعل سے میں ڈر رہا تھا۔ اور میرا نفس غم کی وجہ سے پراگندہ اور پریشان تھا، اور ڈر کی وجہ سے میرے کاندھوں کا گوشت کانپ رہا تھا۔ جب اس نے میرے خوف کی پریشانی اور میری بہت زیادہ بیقراری کو دیکھا تو کہنے لگا کہ یہ تکلیف دینے والی فکر اور حیران کرنے والا خوف جو ظاہر ہو رہا ہے وہ کیوں ہے اگر تجھے میرے قصور اور میری

برائی پر فکر ہے تو میں ابھی کود تا ہوں۔ اور اس جگہ کو خالی کئے۔ اور چھوڑے جاتا ہوں۔ اور میں تو ایسی کتنی جگہوں پر چیختا چلاتا ہوا چھوڑ کر چلا گیا ہوں۔

تشریح لغات

لہ خبیص یہ ایک قسم کے حلوے کا نام ہے جس میں گھی و آٹا و شہد ملا کر پکایا جاتا ہے لہ البنج یہ بھنگ کا معرب ہے یہ منشیات میں سے ہے سلہ صحاف بالکسر یہ صحفۃ کی جمع ہے بمعنے کھانے کا پیالہ کلہ الخلنج یہ خدنگ کا معرب ہے یہ ایک درخت کا نام ہے جس سے پیالے بنائے جاتے ہیں ۵ہ اطلعہا الضمیر مبہم یفسرہ زہرا لہ زہرا بمعنے ستارے چمکنے والے از فتح شہ طرا بالضم بمعنی سب یقال جاؤ اطراً یعنی سب آئے ۵ہ نکرا بالضم مصدر بمعنی چالاکی و تیز فہمی و برا کام و بہت برا کام ۹ہ المخزیات یہ مخزیۃ کی جمع ہے از افعال یقال اخزاہ جبکہ شرمندگی میں ڈالے اور ذلیل کرے نلہ ذکرا مصدر بمعنی شہرت و یادگار و ذکر الیت اور مرنے کے بعد لوگوں کی زبان پر نام باقی رہنا اور یہاں اس سے مراد ذلت کے ساتھ اس کا نام مشہور ہوتا ہے للہ صیور بمعنی عقل رائے اور صیورۃ کے معنی انجام کار کے ہیں کلہ عدوی، بیمار کا اپنے ساتھ پڑوسی میں چلا جانا سلہ عرۃ مصدر از نصر و ضرب بمعنی خارش و کھجلی کلہ شعاعا بالفتح ای متفرقا غما و ہما (ہر بکھری ہوئی چیز) یقال ضربت بالعصا علی الحائط فتطایرت شعاعًا یعنی میں نے لاٹھی کو دیوار پر دے مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چیتھڑے اڑ گئے و ذہب القوم شعاعًا یعنی قوم بکھر گئی و طار قلبہ شعاعًا یعنی اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا ۵لہ ارعدت ارعاد مصدر از افعال بمعنی کانپنا و اعلم ان الرعدۃ للخائف والرعشۃ للشیخ الکبیر ومد من الخمر والقفقفۃ من یجد البرد الشدید والعلز للمریض والمریض علی شئی یریدہ والزمع للمدھوش والمخاطر للہ فرائص یہ فریصۃ کی جمع ہے وہی لحم تحت الکتف یتحرک ہذا اللحم اذا خاف الرجل کلہ ارتیاعا مصدر از افتعال بمعنے ڈر و گھبراہٹ شلہ استطارۃ فرقی ای انتشار خوفی فرق یہ مصدر ہے بمعنی گھبراہٹ اور استطارۃ مصدر از استفعال بمعنی پراگندگی واڑنا ۹لہ استشاطۃ مصدر از استفعال بمعنی سخت اور زیادتی نلہ المرمض یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال ای المحرق اور یہ رمض سے مشتق ہے۔ ای اذا احرق ویقال رمض النہار ای اشتد حرہ و رمض للامر ای احترق لہ غیظا از سمع والمصدر رمض والرمضاء الشدید الحر و منہ الرمضان للہ الموبص یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال اور یہ مشتق ہے اومض سے ای اذا اشار بالعین یعنی الخوف الذی یظہر اثرہ فی الوجہ والعین کلہ فی اجلی ای فی شری و جنا یتی یقال اجل علیہ اجلاً بالسکون اذا جرّ علیہ جریرۃ از نصر والمصدر اجل وایضًا اجل من سمع معناہ تاخر ۲۳لہ من اجلی ای لاجلی ای من خوف ان یصیبنی ضر یقال فعلت ہذا من اجلک ای خوفًا من طوق ضرر علیک ۲۴لہ ارتع از فتح یقال رتعت الماشیۃ اذا خرجت الی المرعی واکلت ماشاءت ۲۵لہ اطفر ای اثب واقفز یقال طفر ای وثب فی ارتفاع کما یثب الانسان علی الحائط ماوراءہ از ضرب والمصدر طفر و طفور ۲۶لہ اقوی از افعال یقال اقوی البقعۃ جبکہ وہ خالی کرنا ہے ۲۷لہ اقفر از افعال یقال اقفر العظم جبکہ وہ ہڈی بچوڑ کے صاف کر دے۔ اور یہاں اس سے مراد اپنے آپ کو اس شہر سے خالی کرنا ہے۔ ۲۸لہ وکم مثلہا فارقتہا الخ یہ بیت کا مصرعہ ہے اور جس کا اول یہ ہے۔ فابت الی فہم ولم اک آئبا۔ وکم مثلہا فارقتہا وھی تصفر۔ ھذا البیت من قصیدۃ قالہا تابط شرًا اور اس کا قصہ یہ ہے تابط شرا پہاڑ پر شہد کی تلاش میں گیا۔ اس کے دشمن پہاڑ کے نیچے آموجود ہوئے تاکہ راستہ میں اس کا صفایا کر دیں یعنی مار ڈالیں اس نے ان کو دیکھ لیا تو یہ حیران رہ گیا اس نے اپنی مشک کو بغل میں رکھا تاکہ پیٹ پر کوئی خراش نہ ہو اور یہ پہلو کے بل پیٹ پر لیٹ گیا۔ اور پہاڑ پر سے یہ لڑھکتا ہوا زمین کے نیچے پہنچ گیا جب یہ اپنے گھر میں پہنچا تو اس نے یہ کہا فابت الی فہم الخ یعنی میں اپنے قبیلہ فہم میں اپنے دشمنوں سے بچ کر چلا آیا اور مجھے صحیح و سالم آنے کی کوئی امید ہی نہ تھی ۲۹لہ تصفر از ضرب المصدر صفیر بمعنے ہونٹوں سے سیٹی بجانا اور یہاں اس سے مراد چیخنا اور چلانا ہے۔

وَاِنْ يَكُنْ نَظَرًا لِنَفْسِكَ. وَحَذَرًا مِنْ حَبْسِكَ. فَتَنَاوَلْ فُضَالَةَ الْخَبِيْصِ. وَطِبْ نَفْسًا عَنِ الْقَمِيْصِ. حَتّٰى تَأْمَنَ الْمُسْتَعْدِيْ. وَالْمُعْدِيْ. وَيَتَمَهَّدَ لَكَ الْمُقَامُ بَعْدِيْ. وَاِلَّا فَالْمَفَرَّ الْمَفَرَّ. قَبْلَ اَنْ تُسْحَبَ وَتُجَرَّ. ثُمَّ عَمِيْدَ لِاسْتِخْرَاجِ مَا فِي الْبُيُوْتِ. مِنَ الْاَكْيَاسِ وَالتُّخُوْتِ. وَجَعَلَ يَسْتَخْلِصُ خَالِصَةَ كُلِّ مَخْزُوْنٍ. وَنُخْبَةَ كُلِّ مَذْرُوْعٍ وَمَوْزُوْنٍ. حَتّٰى غَادَرَ مَا اَلْغَاهُ فَخَّةً كَعَظْمٍ اُسْتُخْرِجَ مُخُّهُ. فَلَمَّا هَمَّنَ مَا اصْطَفَاهُ وَزَرَّمَ. وَشَمَّرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ وَتَحَزَّمَ. اَقْبَلَ عَلٰى اِقْبَالَ مَنْ لَبِسَ الصَّفَاقَةَ. وَخَلَعَ الصَّدَاقَةَ. وَقَالَ هَلْ لَكَ فِي الْمُصَاحَبَةِ اِلَى الْبَطِيْحَةِ لِاُزَوِّجَكَ بِاُخْرٰى مَلِيْحَةٍ.

الترجمۃ والمطالب

اور اگر تمہیں اپنی جان کا خوف ہے اور اپنے قید ہونے کا ڈر ہے تو حلوے میں سے بچا کھچا کھالو، اور تم اپنے جی میں خوش ہولو اور اپنے کرتے سے ہاتھ دھولو تاکہ حاکم اور مستغیث سے بے خوف رہو۔ اور میرے بعد تمہارے لئے یہاں ٹھہرنا آسان ہو جائے ورنہ اس سے پہلے کہ تم کھینچے جاؤ اور گھسیٹے جاؤ چلتے بنو پھر ابوزید نے اپنی کوٹھڑیوں میں رکھی ہوئی تھیلیوں اور صندوقوں کا ارادہ کیا یعنی ہر پوشیدہ چیزوں میں سے بہتر اور ہر ناپ اور تول والی چیزوں میں سے نفیس عمدہ چھانٹ کر اپنے جال سے بچی ہوئی چیز کو اس نے اس ہڈی جیسا بنا کر چھوڑ دیا جس سے گودا نکال لیا گیا ہو۔ جب وہ منتخب مال کو ہمیانی میں جمع کر چکا اور آستین چڑھا کر اپنی گٹھڑی باندھ چکا اور اپنی کمر کس کر وہ میری طرف بے حیائی سے اور سچائی کو نکال کر متوجہ ہوا اور یہ کہنے لگا کہ تم شہر بطیحہ تک میرے ساتھ چلو میں کسی اور خوبصورت نمکین سے تمہیں ملانے کی ترکیب کروں۔

تشریح لغات

1 فتناول یہ امر حاضر کا صیغہ ہے از تفاعل مناولہ مصدر بمعنی لینا اور یہاں اس سے مراد کھانا ہے۔ 2 طب یہ امر حاضر کا صیغہ ہے طاب یطیب سے بمعنے خوش ہونا اچھا ہونا، اور عمدہ ہونا از ضرب 3 المستعدی وہو الذی یستغیث بالعدوان علے من ظلمہ یعنی المظلوم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از استفعال یقال استعدیت الحاکم فاعدانی ای استغثتہ فاغاثنی 4 المعدی یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال اور یہ عدوان سے ماخوذ ہے یعنی ظالم یقال اعدی علیہ جبکہ ظلم کرے 5 یتمہد تمہد مصدر از تفعل یقال تمہد الفراش جبکہ وہ بستر بچھائے وتمہد لہ الامر جبکہ وہ آسان ہوں وتمہید ارجل جبکہ وہ قادر ہو 6 المقام بضم المیم بمعنی کھڑا ہونا اور کھڑے ہونے کی جگہ اور کھڑے ہونے کا زمانہ وبفتح المیم بمعنے کھڑے ہونے کی جگہ ومرتبہ 7 المفر بمعنے بھاگنے کی جگہ از ضرب ای وان لم یوافقہم فاقصد الفرار 8 تسحب سحب مصدر از فتح بمعنے زمین پر گھسیٹنا و کھینچے جانا 9 الاکیاس یہ کیس کی جمع ہے بمعنے تھیلی اور اس کی جمع کیسۃٌ بھی آتی ہے 10 التخوت یہ تخت کی جمع ہے بمعنی جامہ دان گٹھڑی، وبمعنے تخت اور اس سے مراد صندوق ہے 11 مخزون یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر یقال خزن المال خزنًا جبکہ وہ ذخیرہ کرے اور جمع کرے اور یہاں اس سے عمدہ چیزیں مراد ہیں 12 نخبۃ بسکون الخاء وفتحہا بمعنے چنا ہوا والجمع نخبٌ ای المختار الخالص 13 مذروع یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے ذرع مصدر یقال ذرع الثوب جبکہ وہ ذراع سے ناپے از فتح 14 موزون یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از وزن یزن (ضرب) یقال وزن الشئ جبکہ وہ تولے 15 غادر یہ مفاعلت سے ہے مغادرۃ مصدر بمعنی چھوڑنا 16 فخہ بفتح الفاء بمعنے جال والجمع فخاخٌ وفخوخٌ 17 عظم بمعنی ہڈی والجمع اعظم وعظامٌ وعظامۃ 18 مخہ ہڈی کا گودا وبھیجا والجمع مخاخٌ ومخۃٌ 19 ہمن از تفعل یقال ہمن الشئ اے جعلہ فی الہمیان یعنی ہمیانی میں باندھا 20 اصطفٰے از افتعال اصطفاءٌ

مصدر یقال اصطفے المال جبکہ وہ چنے اور پسند کرے ۱۸ رزم از تفعیل یقال رزم الثیاب ترزیما اذا جمع الثیاب و شد بعضھا علی بعض حتی صار قد ررزمۃ (گٹھڑی) یعنی کپڑوں کی گٹھڑی بنالے و رزم الشیٔ ای جمعہ و شدہ و رزم بالشیٔ ای اخذ بہ درزم علی عدوہ ای غلبہ از نصر والمصدر رزم ۲۳ شمر از تفعیل یقال شمر الشیٔ جبکہ وہ سمیٹے و شمر عن ساقیہ جبکہ وہ اٹھائے و شمر للامر جبکہ وہ رسی وغیرہ سے کس کسے ۲۴ الصفاقۃ بمعنی بے حیائی اور بے شرمی یقال رجل صفیق الوجہ ای عدیم الحیاء و یقال صفق الرجل ای کان وقیحا والیضا صفق الثوب جبکہ کپڑا گف ہو از کرم والمصدر الصفاقۃ ۲۵ خلع از فتح والمصدر خلع یقال خلع الشیٔ جبکہ وہ اتارے اور نکالے ۲۶ الصداقۃ بمعنی سچی دوستی ۲۷ ہل لک ای ہل لک رغبتہ فی ان تصاحبنی الے بلد بطیحۃ ۲۸ البطیحۃ یہ ایک شہر کا نام ہے جو واسط کے اطراف میں ہے ۲۹ باخری ای بامرأۃ اخری ۳۰ ملیحہ یہ ملیح کا مؤنث ہے بمعنی خوبصورت والجمع ملاحٌ و املاحٌ ۔

فَاَقْسَمْتُ لَہٗ بِالَّذِیْ جَعَلَہٗ مُبَارَکًا اَیْنَمَا کَانَ ۔ وَلَمْ یَجْعَلْہُ مِمَّنْ مَانَ فِیْ خَانٍ ۔ اِنَّہٗ لَا قِبَلَ لِیْ بِنِکَاحِ حُرَّتَیْنِ ۔ وَمُعَاشَرَۃِ ضَرَّتَیْنِ ۔ ثُمَّ قُلْتُ لَہٗ قَوْلَ الْمُتَطَبِّعِ بِطِبَاعِہٖ ۔ اَلْکَائِلِ لَہٗ بِصَاعِہٖ ۔ قَدْ کَفَتْنِیَ الْاُوْلٰی فَخْرًا فَاطْلُبْ اٰخَرَ لِلْاُخْرٰی ۔ فَتَبَسَّمَ مِنْ کَلَامِیْ ۔ وَدَلَفَ اِلٰی لِتِزَامِیْ ۔ فَلَوَیْتُ عَنْہُ عِذَارِیْ ۔ وَاَبْدَیْتُ لَہُ اِزْوِرَارِیْ ۔ فَلَمَّا اَبْصَرَ بِانْقِبَاضِیْ وَتَجَلّٰی لَہٗ اِعْرَاضِیْ ۔ اَنْشَدَ ؎

یَا صَارِمًا عَنِّیَ الْمَوَدَّۃَ وَالزَّمَانُ لَہٗ صُرُوْفٌ
وَمُعَنِّفِیْ فِیْ فَضْحِ مَنْ جَاوَزْتُ تَعْنِیْفَ الْعَسُوْفِ
لَا تَلْحَنِیْ فِیْمَا اَتَیْتُ فَاِنَّنِیْ بِھِمْ عَرُوْفٌ

الترجمۃ والمطالب

پس میں نے کہا اس ذات کی قسم کھاتا ہوں جس نے جناب سیدنا عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بابرکت بنایا جہاں کہیں بھی وہ ہوں اور آپ کو ان لوگوں میں جو سرائے میں ہوں خیانت کرنے والا نہیں بنایا جیسا کہ تو خائن اور دغاباز ہے اور مجھ میں دو عورتوں سے نکاح اور دو سوتنوں کے ساتھ رکھنے کی طاقت نہیں ہے پھر میں اس کی عادت سے اپنی عادت کو اس جیسی بنا کر اور اس کو اسی پیمانے سے ناپتے ہوئے (یعنی مذاق کا جواب مذاق سے دیتے ہوئے) کہنے لگا مجھے فخر کے لئے پہلی ہی عورت کافی ہے اب کسی دوسرے مرد کو دوسری عورت کے لئے ڈھونڈ لو۔ میرے اس کلام کو سن کر وہ مسکرایا اور مجھ سے وہ چپٹنے اور معانقہ کے لئے آگے بڑھا، پس میں نے اپنا چہرہ پھیر لیا۔ اور میں نے اعراض ظاہر کیا جب اس نے میری حالت بدلی ہوئی دیکھی اور میرا منہ پھیرنا (اعراض کرنا) اس پر ظاہر ہوا تو وہ یہ اشعار پڑھنے لگا ؎

اے وہ شخص جس نے مجھ سے محبت کو قطع کیا۔ اور حالانکہ زمانہ کے لئے بھی خود حوادثات ہیں (یعنی یہ تیرا منہ پھیرنا یہ بھی زمانہ کے انقلابات میں سے ہے) اور میں نے تو اپنے پڑوسیوں کو رسوا کیا ہے نہ کہ تم کو مگر تم مجھے نہایت ظالم کی طرح ملامت کر رہے ہو۔ اور مجھے اس فعل پر تم ملامت نہ کرو، کیونکہ میں ان لوگوں سے خوب واقف ہوں (وہ تو اسی لائق تھے)۔

تشریح لغات

۱ فاقسمت لہ ای لابی زید ۲ جعلہ مبارکا اس سے مراد حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اور قرآن پاک میں ہے وجعلنی مبارکا اینما کنت (ترجمہ) اور بنایا مجھ کو برکت والا جس جگہ میں ہوں۔ اور آپ آسمان پر اٹھالئے

گئے۔ اور آپ کا نکاح نہیں ہوا، پس حارث بن ہمام نے اسی وجہ سے قسم کھائی ہے ۵۳ ایما کان ای فی الارض و فی السماء ۵۴ ممن خان یہ ماضی کا صیغہ ہے خیانت سے از نصر یقال خانہ فی کذا خونًا و خیانۃ و مخانۃ جبکہ وہ امانت میں خیانت کرے ۵۵ خان بمعنی دکان و سرائے والجمع خانات یعنی حضرت عیسٰی علیہ السلام کو خدا تعالیٰ نے خائن نہیں بنایا جیسا کہ اے ابوزید تو خائن ہے اور تو نے مسافروں اور پڑوسیوں کے مال کو لوٹ کر سب کو ننگا اور خالی کر دیا ۵۶ لاقبل بکسر قاف و بفتح بائے موحدہ بمعنی طاقت و قدرت و فی التنزیل لاقبل لہم ای لا طاقۃ ۵۷ ضرتین یہ ضرۃ کا تثنیہ ہے یقال ضرۃ المرأۃ یعنی سوکن و سوتھن (یعنی ایک مرد کی دو بیویاں اس واسطے کہ ایک دوسرے کے نقصان پہنچانے میں لگی رہتی ہے ۵۸ المتطبع یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بتکلف اس جیسی عادت والا ہونا یقال تطبع اذا اخذ طبعا و اظہر ھذا طبعہ و لم یکن ذلک طبعہ و تطبع اذا فعل احد مثل فعل صاحبہ لیوافق طبعہ ۵۹ الکائل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے کیل سے یقال کال یکیل کیلًا و مکیلًا و مکالًا جبکہ وہ ناپے از ضرب ۶۰ بصاعہ یہ ایک قسم کا پیمانہ ہے جو اسّی روپیہ کے سیر سے ساڑھے تین سیر کے مساوی ہے والجمع اصوعٌ واَصْوُعٌ واصوُعٌ و صوعٌ و صیعانٌ الکائل بصاعہ سے مراد ای العامل لہ بمعاملۃ ہے ۶۱ الاولی یہ اول کا مونث ہے ای الزوجۃ الاولٰی ۶۲ ولف از ضرب یقال ولف الرجل ولفًا جبکہ وہ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلے ۶۳ لالتزامی مصدر از افتعال بمعنی چمٹنا و معانقہ کرنا ۶۴ فلویت لوی (دادیۃ العین یائیۃ اللام) یلوی لیًا ولوًا و لُوِیًا جبکہ وہ رسی بٹے اور موڑے یقال لوی علیہ جبکہ وہ مڑے و لوی راسہ او برأسہ جبکہ پھیرے یا اعراض کرے ۶۵ غداری بمعنی خسارہ و رخسارے پر کان کے مقابل بال و حیا ۶۶ ازوراری مصدر از افعلال بمعنی منحرف ہوا اور اعراض کرنا یقال ازورّ عنہ جبکہ وہ انحراف کرے ۶۷ بصر از کرم و از سمع یقال بصرہ و بہ بصرًا و بصارۃ جبکہ وہ جانے اور دیکھے ۶۸ صروف بمعنی حوادثات و گردش یعنی تیرا اعراض کرنا یہ بھی زمانہ کی ایک گردش ہے ۶۹ معنف از تفعیل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال عنفہ جبکہ وہ سختی سے معاملہ کرے و عنفہ جبکہ وہ سختی سے جھڑکے اور عتاب کرے اور معنی میں یا لائمی کے ہے ۷۰ العسوف بمعنی بہت ظالم ای الظالم المائل الی غیر الطریق والمراد ھھنا المائل عن طریق المودۃ والمعرفۃ یقال عسف السلطان ای ظلم و جار و عسف الشیٔ ای اخذہ بقوۃ و عسف فی امر ای فعلہ من غیر تدبیر و عسف عن الطریق ای عدل منہ از ضرب والمصدر عسفٌ ۷۱ لاتلحنی ای لا تلمنی از لحی یلحی لحیًا یقال لحی فلانًا جبکہ وہ ملامت کرے، اور گالی دے، اور عیب نکالے۔ اور اس کا فاعل لاح آتا ہے ۷۲ عروف یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنے بہت پہچاننے والا۔

وَلَقَدْ نَزَلْتُ بِهِمْ فَلَمْ ... اَرَاهُمْ يُرَاعُوْنَ الضُّيُوْفَ

وَبَلَوْتُهُمْ فَوَجَدْتُهُمْ ... لَمَّا سَبَكْتُهُمْ زُيُوْفَ

مَا فِيْهِمْ اِلَّا مُخِيْفٌ اِنْ تَمَكَّنَ اَوْ مَخُوْفُ

لَا بِالصَّفِيِّ وَلَا الْوَفِيِّ ... وَلَا الْحَفِيِّ وَلَا الْعَطُوْفِ

فَوَثَبْتُ فِيْهِمْ وَثْبَةَ الذِّئْبِ الضَّرِيِّ عَلَى الْخَرُوْفِ

وَتَرَكْتُهُمْ صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ سُقُوْا كَاْسَ الْحُتُوْفِ

وَتَحَكَّمَتْ فِيْمَا اقْتَنَوْهُ ... يَدِيْ رَغْمُ الْاُنُوْفِ

ثُمَّ انْثَنَيْتُ بِمَغْنَمٍ ... حُلْوِ الْمَجَانِيْ وَالْقُطُوْفِ

وَلَطَالَمَا خَلَّفْتُ مَكْلُوْمَ الْحَشَا خَلْفِيْ يَطُوْفُ

وَوَتَرْتُ اَرْبَابَ الْاَرَا	ئِكِ وَالدَّرَانِكِ وَالسُّجُوْفِ
وَلَكَمْ بَلَغْتُ بِحِيْلَتِيْ	مَا لَيْسَ يُبْلَغُ بِالسُّيُوْفِ
وَوَقَفْتُ فِيْ هَوْلٍ تُرَا	عُ الْاُسْدُ فِيْهِ مِنَ الْوُقُوْفِ

الترجمة والمطالب اور البتہ تحقیق کہ میں اتر ان میں (مقیم ہوا) لیکن میں نے یہ کبھی نہ دیکھا کہ انہوں نے مہمانوں کے حقوق کی حفاظت کی ہو اور میں نے ان کی آزمائش کی جب میں نے ان کو گلا یا تو کھوٹا پایا (یعنی اُن کو کمین پایا) اور نہیں ہے ان میں مگر ظالم جو لوگوں کو ڈرانے والا ہے یا ان میں خوف زدہ ہے (یعنی نامرد ہے) اور نہ تو ان میں کوئی خالص دوست ہے اور نہ دوستی کے عہد کو پورا کرنے والا اور نہ کرم اور مہربانی کرنے والا پس میں نے ان پر حملہ کیا جیسا کہ لاگو بھیڑیا بکری کے چھوٹے بچہ پر حملہ کرتا ہے اور میں نے ان کو پچھاڑ کر چھوڑ دیا گویا وہ موت کے پیالے پلائے گئے ہیں۔ اور میرا ہاتھ ان کے کسب کردہ مال میں حاکم ہوگیا ہے اور یہ ذلیل وخوار پڑے ہیں اور میں چیدہ چیدہ شیریں میوؤں اور انگور کے خوشوں کی لوٹ مار کر کے واپس ہو رہا ہوں اور بہت دفعہ زخمی دلوں کو اپنے پیچھے گھومتا ہوا چھوڑ آیا ہوں (جو وہ مجھ سے بدلہ نہ لے سکے) اور کتنے مسہری والوں مسند والوں اور پردے والوں پر ظلم ڈھا چکا ہوں (یعنی میں نے ان سے بدلہ لیا ہے) اور میں نے بہت دفعہ حیلہ بازی سے وہ حاصل کیا ہے جو تلواریں بھی حاصل نہیں کر سکتیں، اور بہت دفعہ ایسے دہشت کے مقاموں میں ثابت قدم رہا ہوں جہاں پر شیر بھی ٹھیرنے سے گھبرا جاتے ہیں۔

تشریح لغات ۱؎ نزلت یعنی مہمان بن کر اترنا نزول مصدر از ضرب یقال نزل القوم وبالقوم وعلی القوم جبکہ قوم کے پاس اترے ۲؎ الضیوف یہ ضیف کی جمع ہے بمعنی مہمان والجمع اضیافٌ وضیوفٌ وضیافٌ وضیفانٌ واضائف ۳؎ زیوف یہ زیف کی جمع ہے بمعنے کھوٹا درہم اور اس سے مراد نالائق اور کمین مراد ہیں ۴؎ ما فیہم ای لیس فیہم ۵؎ مخیف ای ظالم یخوف ناس دیوذیہم یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال یقال اخافہ جبکہ ڈرائے ۶؎ مخوف یہ اسم مفعول کا صیغہ از خاف یخاف بمعنی خوفزدہ وخوفناک ۷؎ الصفی مخلص دوست والجمع اصفیاء ۸؎ الوفی بمعنے بہت وفا کرنے والا وحق دینے والا وحق لینے والا والجمع اوفیاء ۹؎ الحفی عزت واکرام واظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا اور کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا اور سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا والجمع حفواء ۱۰؎ العطوف بمعنے مہربان ومحسن والجمع عُطفٌ ۱۱؎ فوثبت وثبٌ ووثوبٌ ووثبان ووثابٌ ووثیبٌ ووثبة مصدر از ضرب بمعنی کودنا واٹھنا اور یہاں اس سے مراد حملہ کرنا ہے ۱۲؎ الذئب الضری وہ بھیڑیا جو شکار کا عادی ہو اور حریص اور شکار کا لاگو گوشت اور خون پینے والا ۱۳؎ الخروف بکری کا بچہ جبکہ وہ چار مہینے کا ہو والجمع خرافٌ واخرفةٌ وخرفان ۱۴؎ الحتوف یہ حتف کی جمع ہے بمعنی موت ۱۵؎ اقتنوہ اقتناء مصدر از افتعال بمعنی کسب کرنا اور مال جمع کرنا یقال اقتنی المال جبکہ وہ جمع کرے اور اپنے لئے حاصل کرے ۱۶؎ رغم الانوف رغم یہ ارغم کی جمع ہے بمعنے ذلیل وخوار جس کی ناک گرد آلود ہو اور رغم سمع سے آتا ہے اور یہ راغم الانف کی جمع رغم الانوف ہے ۱۷؎ بمغنم بمعنے غنیمت (وہ مال جو جنگ میں حاصل ہو) ۱۸؎ المجانی یہ مجنی مصدر میمی کی جمع ہے بمعنے چننا و چننے کی جگہ یعنی درخت جس سے پھل چنا جائے ۱۹؎ القطوف یہ قطف کی جمع ہے بمعنے توڑا ہوا پھل وانگوروں کا خوشہ اور اس کی جمع اقطاف بھی آتی ہے ۲۰؎ مکلوم الحشا یعنی زخمی دل ای مجروح القلب ۲۱؎ وترت از ضرب والمصدر وترٌ وترة یقال وتر فلانًا جبکہ وہ گھبرا دے اور ستائے اور تکلیف پہنچائے اور یہاں اس سے بدلہ لینا مراد ہے ۲۲؎ الارائک یہ اریکة کی جمع بمعنی آراستہ ومزین تخت ۲۳؎ الدرانک یہ درنوک

کی جمع ہے بمعنی غالیچہ اور قالین اور درنیک کے بھی یہی معنی آتے ہیں [۲۴] السجوف یہ سجف بالفتح وکسر ا کی جمع ہے بمعنی دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو اور اس کے معنی پردے کے بھی آتے ہیں [۲۵] ہول مصدر بمعنی خوف وڈر والجمع اہوال و ہول [۲۶] الاسد یہ اسد کی جمع ہے بمعنے شیر اور یہ نر اور مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے والجمع اسد وأسود وأسُد وآساد ایضاً۔

وَكَمْ سَفَكْتُ وَكَمْ فَتَكْتُ وَكَمْ هَتَكْتُ حِمَى أَنُوفٍ

وَكَمْ ارْتَكَضْتُ مُوبِقٍ لِيْ فِي الذُّنُوبِ وَكَمْ خُفُوفٍ

لٰكِنَّنِيْ أَعْدَدْتُ حُسْنَ الظَّنِّ بِالْمَوْلَى الرَّؤُوفِ

قَالَ فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى هٰذَا الْبَيْتِ لَجَّ فِي الْاِسْتِعْبَارِ، وَأَلَظَّ بِالْاِسْتِغْفَارِ۔ حَتَّى اسْتَمَالَ هَوَى قَلْبِي الْمُنْحَرِفِ۔ وَرَجَوْتُ لَهُ مَا يُرْجَى لِلْمُقْتَرِفِ۔ ثُمَّ إِنَّهُ غَيَّضَ دَمْعَهُ الْمُنْهَلَّ وَتَأَبَّطَ جِرَابَهُ وَالسَّلَّ۔ وَقَالَ لِابْنِهِ احْتَمِلِ الْبَاقِيَ۔ وَاللّٰهُ الْوَاقِيْ۔ (قَالَ الْمُخْبِرُ بِهٰذِهِ الْحِكَايَةِ) فَلَمَّا رَأَيْتُ انْسِيَابَ الْحَيَّةِ وَالْحُيَيَّةِ۔ وَانْتِهَاءَ الدَّاءِ إِلَى الْكَيَّةِ۔ عَلِمْتُ أَنَّ تَرَبُّثِيْ بِالْخَانِ۔ مَجْلَبَةٌ لِلْهَوَانِ۔ فَضَمَمْتُ رُحَيْلِيْ۔ وَجَمَعْتُ لِلرِّحْلَةِ ذَيْلِيْ۔ وَبِتُّ لَيْلَتِيْ أَسْرِيْ إِلَى الطَّيِّبِ۔ وَأَحْتَسِبُ اللّٰهَ عَلَى الْخَطِيْبِ

الترجمة والمطالب

اور میں نے بہت خون بہائے ہیں اور میں نے بہت اچانک طور پر قتل کئے ہیں اور میں بڑے بڑے لوگوں کی چار دیواری میں جا گھسا ہوں اور میں گناہوں کی بہت سی ہلاک کرنے والی دوڑیں دوڑ چکا ہوں۔ اور بہت ہی دوڑا ہوں مگر میں نے ہمیشہ خدا کے ساتھ اپنا اچھا یقین رکھا ہے جو وہ بہت ہی بڑا مہربان ہے۔ راوی کہتا ہے۔ جب وہ اس شعر پر پہنچا تو وہ بہت آنسو گرانے لگا۔ اور لگاتار وہ گناہوں کی معافی مانگنے لگا یہاں تک کہ میرے دل کی خواہش کو اس نے اپنی طرف مائل کر لیا اور میں نے اس سے رحمت کی امید کی جیسا کہ گنہگار اقرار کرنے والا امید رکھتا ہے۔ پھر اس نے لپنے بہتے ہوئے آنسوؤں کو روکا اور وہ گٹھڑی اپنی بغل میں دبا کر چلا گیا۔ اور لپنے لڑکے سے کہتا چلا گیا کہ بقیہ (جو باقی رہ گیا ہے) تم اٹھالو اور خدا تعالے محافظ نگہبان ہے۔ راوی کہتا ہے جب میں نے سانپ (ابوزید) اور سنپولئے (اس کا بیٹا) کو جاتے ہوئے دیکھا۔ اور بیماری کو داغنے کی حد تک پہنچا ہوا دیکھا تو مجھے یقین ہو گیا کہ میرا سرائے میں ٹھیرنا ذلت کا اٹھانا ہے۔ چنانچہ اپنے مختصر سامان کو جمع کر کے میں نے کوچ کی تیاری کی اور تمام رات شہر طیب کی طرف میں چلتا رہا اور میں اللہ ہی کو کافی سمجھتا ہوں (جو وہ بدلہ لینے والا ہے) اور وہ اس خطیب کے برے کام کا حساب لینے والا ہے۔

تشریح لغات

[۱] سفکت از ضرب والمصدر سفک یقال سفک الماء والدم جبکہ پانی یا خون بہائے [۲] فتکت از نصر و ضرب والمصدر فتک بمعنی غفلت میں پکڑنا اور قتل کرنا [۳] حمی چراگاہ جس میں دوسرے کے جانوروں کے چرانے کی ممانعت ہو (چار دیواری اور ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے [۴] انوف یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی خود دار اور بہت متکبر ناک بھوں سیکڑنے والا [۵] ارتکاض مصدر از افتعال بمعنی دوڑ و چلنا یقال ارتکض خیلہم الیہ جبکہ وہ دوڑائے وارتکض القوم فی المیدان جبکہ

وہ دوڑنے میں مقابلہ کرے ۶ موبق یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال بمعنی ہلاک کرنے والی اور یہ وبق سے مشتق ہے یقال ای ہلک از ضرب وحسب وسمع ۷ خفوف یہ مصدر ہے از ضرب یقال خف خفًا وخفۃً وخفوفًا الی العدو جبکہ وہ جلدی کرے وخف القوم جبکہ جلدی کوچ کرکے کم ہو ۸ الرؤف یہ صفت کا صیغہ ہے بمعنی بہت مہربانی کرنے والا ۹ لج از ضرب وسمع یقال لج فی الامر جبکہ لازم ہو اور باز رہنے سے انکار کرے ولج بہ الہم جبکہ لازم رہے ولج علٰے فلان فی المسألۃ جبکہ اصرار کرنے اور جلدی فیصلہ کرنے کی خواہش کرے والمصدر لج ولجاج ولجاجۃ اور یہاں زیادہ کرنے اور بہانے کے ہیں ۱۰ الاستعبار مصدر از استفعال بمعنی آنسو بہانا یقال استعبر جبکہ آنسو بہائے اور غمگین ہو ۱۱ الظ ای الخ واَمَرَّ ولازم یقال لظہ ای لزمہ والمصدر لظ ولظیظ از نصر اور یہ باب افعال سے ہے یقال الظ بالشئی جبکہ وہ چمٹ جائے اور نہ چھوڑے ۱۲ استمال از استفعال استمالۃ مصدر بمعنی مائل کرنا ۱۳ المقترف اقتراف مصدر از افتعال بمعنے اقرار کرنے والا ای فمن اکتسب ذنبا ثم اعترف بہ وندم علیہ یرجی لہ ان یغفرلہ ربہ بفضلہ ۱۴ غیض از تفعیل یقال غیض الماء جبکہ پانی کم ہو وغیض دمعہ جبکہ وہ اپنے آنسو روکے ۱۵ المنہل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے انہلال مصدر بمعنی بہنا یقال انہل المطر جبکہ زور سے آواز کے ساتھ بارش ہو وانہلت العین جبکہ آنسو بہیں ۱۶ تابط از تفعیل یقال تابط الشئی جبکہ وہ بغل میں لے ۱۷ جراب بالفتح بمعنے چمڑے کی تھیلی وتوشہ دان اور یہاں اس سے مراد گٹھڑی ہے ۱۸ الحیۃ بمعنی سانپ اور یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے والجمع حیات وحیوات اور اس سے مراد ابو زید ہے ۱۹ الحیبۃ یہ حیۃ کی تصغیر ہے اور اس سے مراد اس کا بیٹا ہے ۲۰ الی الکیۃ بمعنی داغ لگانے کی جگہ اور یہ کوی کا اسم مرۃ ہے اور یہ مثل اس طرح ہے آخر الطب الکی یعنی آخر علاج داغ دینا ہے جب مرض لاعلاج ہو جائے تو اس کا اخیر علاج صرف داغ دینا ہے۔ اور یہ جملہ نعمان بن عاد نے کہا تھا یہاں یہ استعارہ ہے کہ میرا ابھی اب ٹھہرنا سرائے میں ٹھیک نہیں ہے ۲۱ تربثی مصدر از تفعل بمعنی ٹھہرنا و دیر کرنا ویقال ربثہ ای حبسہ وربثہ عن کذا ای منعہ از نصر والمصدر ربث رحیلی یہ رحل کی تصغیر ہے اور یہاں اس سے مراد تھوڑا سامان ہے ۲۲ جمعت الخ یہ سفر سے کنایہ ہے ۲۳ بت والمصدر بیات وبیتوتۃ ومبیت ومبات از ضرب وسمع یقال بات فی المکان جبکہ رات گذارے ۲۴ الطیب یہ ایک شہر کا نام ہے جو واسطہ کے قریب ہے ۲۵ احتسب احتساب مصدر از افتعال بمعنی گمان کرنا وشمار کرنا اور برے کام سے روکنا اور حساب لینا اور یہاں یہ بددعا ہے گویا وہ یوں کہتا ہے اللہ حسبہ او مجازیہ علٰے قبائح اعمالہ وفضائح افعالہ گویا ابو زید کو عذاب الٰہی سے ڈراتا اور دھمکاتا ہے کہ اللہ تجھ سے ضرور بدلہ لے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دعا ہے کہ اللہ تیرے لئے کافی ہے اور بددعا ہی کے معنی یہاں زیادہ مناسب ہیں۔

اَلْمَقَامَةُ الثَّلَاثُوْنَ الصُّوْرِيَّةُ

حَكَى الْحٰرِثُ ابْنُ هَمَّامٍ قَالَ ارْتَحَلْتُ مِنْ مَدِيْنَةِ الْمَنْصُوْرِ. اِلٰى بَلْدَةِ صُوْرٍ. فَلَمَّا حَصَلْتُ بِهَا ذَا رِفْعَةٍ وَخَفْضٍ. وَمَالِكَ رَفْعٍ وَخَفْضٍ. تُقْتُ اِلٰى مِصْرَ تَوْقَانَ السَّقِيْمِ اِلَى الْاُسَاةِ. وَالْكَرِيْمِ اِلَى الْمُوَاسَاةِ. فَرَفَضْتُ عَلَائِقَ الْاِسْتِقَامَةِ. وَنَفَضْتُ عَوَائِقَ الْاِقَامَةِ. وَاعْرَوْرَيْتُ ظَهْرَ ابْنِ النَّعَامَةِ. وَاَجْفَلْتُ نَحْوَهَا اِجْفَالَ النَّعَامَةِ. فَلَمَّا دَخَلْتُهَا بَعْدَ مُعَانَاةِ الْاَيْنِ. وَمُدَانَاةِ الْحَيْنِ. كَلِفْتُ بِهَا كَلَفَ النَّشْوَانِ بِالْاِصْطِبَاحِ. وَالْحَيْرَانِ بِتَنَفُّسِ الصَّبَاحِ. فَبَيْنَمَا اَنَا يَوْمًا اَطُوْفُ. وَتَحْتِيْ فَرَسٌ قَطُوْفٌ. اِذْ رَاَيْتُ عَلٰى جُرْدٍ مِنَ الْخَيْلِ. عُصْبَةً كَمَصَابِيْحِ اللَّيْلِ.

44/1

الترجمۃ والمطالب

(تیسویں مجلس جو صوریہ کے نام سے مشہور ہے)

حارث بن ہمام نے بیان کیا کہ میں نے بغداد سے شہر صور کی طرف کوچ کیا پس جب میں وہاں اُترا اس حال میں کہ میں فراخی وعیش کی حالت میں تھا۔ اور بلندی وپستی کا مالک تھا (اپنے ملنے والوں کو اعلیٰ درجہ پر پہنچانے کی تمنا رکھتا تھا اور جو دشمن تھے ان کو کم درجہ رکھنے کی خواہش تھی) پس میں نے شہر مصر کی طرف خواہش کی جیسے کہ بیمار کو طبیبوں کی اور سخی آدمی کو غم خواری کی چنانچہ میں نے قیام کے تعلقات کو اور اقامت کے اشغال (کاموں) کو چھوڑا اور پشت راہ پر سوار ہو کر شتر مرغ کی طرح دوڑتا ہوا مصر کی طرف میں چل کھڑا ہوا بالاخر میں تکلیف اٹھا کر اور ہلاکت (موت) کے قریب ہو کر میں وہاں جا پہنچا۔ اور میں اس پر ایسا عاشق ہوا جیسے مست صبح کی شراب پر عاشق ہو اور بھٹکتا ہوا صبح کے نکلنے پر عاشق ہوتا ہے ایک دن میں مصر میں گھوڑے سست رفتار پر گھوم رہا تھا۔ یکایک میں نے ایک جماعت کو عربی گھوڑے پر (جس کے چھوٹے چھوٹے بال تھے) سوار دیکھا اور وہ رات کے چراغوں کی طرح (یعنی تاروں کی طرح) جگمگا رہے تھے۔

تشریح لغات

[1] مدینۃ المنصور سے بغداد مراد ہے اس لئے کہ ابو جعفر منصور نے اس کی بنیاد رکھی [2] صور۔ صور شہر شام میں ہے جو فلسطین کے کنارے پر واقع ہے [3] حصلت از نصر ای نزلت بہا [4] رفعۃ ای ذا عزہ وعلو قدر [5] خفض مصدر بمعنی آسودگی وفراخی کی زندگی از کرم [6] رفع وخفض بلندی وپستی [7] تقت من تاق الیہ ای اشتاق والمصدر توق وتوق وتوقان وتیاقۃ از نصر [8] الاساۃ یہ آسی کی جمع ہے بمعنی معالج وطبیب اور اس جمع اساۃ بھی آتی ہے [9] المواساۃ مصدر از مفاعلت بمعنے غمخواری [10] فرفضت رفض ورفض مصدر از نصر وضرب بمعنی چھوڑنا وپھینکنا یقال رفض الشئ جبکہ وہ چھوڑے [11] علائق یہ علاقہ کی جمع ہے بمعنے ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز [12] الاستقامہ مصدر از استفعال ھی ما یتعلق بالانسان من المال والزوجۃ والد والصاحب والحبیب والمراد اسباب السکون والقرار [13] نفضت ای ترکت اور یہ مشتق ہے نفض القوم ای ذھب زادھم ومالھم وفنی ویقال ایضا نفض الثوب ای حرکہ لیزول عنہ الغبار از نصر والمصدر نفضٌ [14] عوائق یقال عوائق الرجل ای اشغالہ التی تمنعہ عن الخروج والدخول [15] الاقامۃ مصدر ضد المسافرۃ بمعنے ٹھہرنا [16] اعروریت یقال اعروریت الدابۃ ای رکبتہا عریۃ [17] ابن النعامۃ عظم الساق او القدم او باطنہا وقیل عرق فی القدم وقیل القوس وقیل الطریق ای قصدت الطریق ورکبت الفرس وسرت راجلا وماشیا [18] اجفلت از افعال بمعنی جلدی کرنا [19] النعامۃ بمعنے شتر مرغ یہ مذکر ومؤنث دونوں طرح پر مستعمل ہے والجمع نعام ونعامات ونعائم اور مذکر کو ظلیم کہتے ہیں اور شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں والنعامۃ حیوان یقال فیہ انہ مرکب من خلقۃ الجمل اخذ من الجمل العنق والوظیف ومن الطیر الجناح والمنقار والریش [20] معاناۃ مصدر از مفاعلت بمعنی مشقت اٹھانا اور تکلیف سہنا [21] الاین بمعنی تھکن وماندگی [22] مداناۃ مصدر از مفاعلت بمعنی قریب ہونا [23] الحین بفتح الحاء المہملۃ بمعنی ہلاکت ورنج ومحنت [24] کلفت از سمع والمصدر کلف بمعنی عاشق زار ہونا [25] النشوان بمعنی مست اور اس کا مؤنث نشویٰ آتا ہے والجمع نشاویٰ [26] بالاصطباح صبح کے وقت شراب پینا [27] تنفس الصباح صبح کا سانس لینا یعنی صبح کا ظاہر ہونا ہے [28] قطوف من الدواب التی تسیٔ السیر وتبطئ والجمع قطف یقال قطف الفرس ای ضاق مشیہ وابطاء از نصر وضرب [29] جرد یہ اجرد کی جمع ہے وہ گھوڑا جس کے بال کم ہوں اور یہاں اس سے مراد عربی گھوڑا ہے [30] عصبۃ العصبۃ من الرجال والخیل والطیر یعنی مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت والجمع عصبٌ [31] المصابیح یہ مصباح کی جمع ہے بمعنی چراغ۔

فَسَأَلْتُ لِانْتِجَاعِ النُّزْهَةِ عَنِ الْعُصْبَةِ وَالْوِجْهَةِ ـ فَقِيْلَ اَمَّا الْقَوْمُ فَشُهُوْدٌ ـ وَاَمَّا الْمَقْصِدُ فَاِمْلَاكٌ مَشْهُوْدٌ تَحْدُوْنِيْ مَيْعَةُ النَّشَاطِ ـ عَلٰى اَنْ سِرْتُ مَعَ الْفُرَّاطِ ـ لِاَفُوْزَ بِحَلَاوَةِ اللِّقَاطِ وَاَحُوْزَ حَلْوَاءَ السِّمَاطِ ـ فَاَفْضَيْنَا بَعْدَ مُكَابَدَةِ الْعَنَاءِ اِلٰى دَارٍ رَفِيْعَةِ الْبِنَاءِ ـ وَسِيْعَةِ الْفِنَاءِ ـ تَشْهَدُ لِبَانِيْهَا بِالثَّرَاءِ وَالسَّنَاءِ ـ فَلَمَّا نَزَلْنَا عَنْ صَهَوَاتِ الْخُيُوْلِ ـ وَقَدَّمْنَا الْاَقْدَامَ لِلدُّخُوْلِ ـ رَاَيْتُ دِهْلِيْزَهَا مُجَلَّلًا بِاَطْمَارٍ مُخَرَّقَةٍ ـ وَمُكَلَّلًا بِمَخَارِفَ مُعَلَّقَةٍ ـ وَهُنَاكَ شَخْصٌ عَلٰى قَطِيْفَةٍ فَوْقَ دَكَّةٍ لَطِيْفَةٍ ـ فَرَابَنِيْ عُنْوَانُ الصَّحِيْفَةِ ـ وَمَرْاٰى هٰذِهِ الطَّرِيْفَةِ ـ وَدَعَانِي التَّطَيُّرُ بِتِلْكَ الْمَنَاحِسِ ـ اِلٰى اَنْ عَمَدْتُ لِذٰلِكَ الْجَالِسِ ـ فَعَزَمْتُ عَلَيْهِ بِمُصَرِّفِ الْاَقْدَارِ ـ لِيُعَرِّفَنِيْ مَنْ رَبُّ هٰذِهِ الدَّارِ ـ فَقَالَ لَهَا لَيْسَ لَهَا مَالِكٌ مُعَيَّنٌ ـ وَلَا صَاحِبٌ مُبَيَّنٌ ـ

الترجمۃ والمطالب

پس میں ان کے ساتھ سیر کرنے کے لئے (تاکہ میری پریشانی دور ہو جائے) ان سے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں اور کہاں کا ارادہ ہے پس مجھے بتایا گیا کہ یہ گواہوں کا گروہ ہے اور لیکن مقصد نکاح میں حاضر ہونا ہے، پس مجھے بھی اول ہی اس خوشی نے آگے چلنے والوں کے ساتھ چلنے پر آمادہ کیا تاکہ میں شیرینی کے نچھاور سے فائدہ اٹھاؤں اور حلوا دستر خوان کا حاصل کر سکوں، چنانچہ ہم تکلیف اٹھانے کے بعد ایک ایسے گھر پر جا پہنچے جس کی عمارت کی بلندی اور صحن کا کشادہ ہونا اس کے بنانے والے کی دولت اور اس کے بلندی مرتبہ ہونے پر گواہی دے رہی تھی جب ہم نے گھوڑوں کی پیٹھوں پر سے اتر کر اندر جانے کے لئے قدم بڑھائے تو میں نے دیکھا کہ دہلیز (چوکھٹ) پرانے کپڑوں سے ڈھکی ہوئی ہے اور چھوٹی چھوٹی ٹوکریاں (یعنی زنبیلیں) گویا تاج کی طرح لٹکی ہوئی ہیں، اور ایک خوشنما چبوترے پر مکلف فرش بچھا ہوا ہے جس پر ایک صاحب بیٹھے ہیں پس مجھے اس طرح شروع آتے ہی ان چیزوں کے دیکھنے اور اس نادر چیزوں کے دیکھنے نے (جس طرح کہ خط کے پتہ کو دیکھ کر معلوم کر لیتے ہیں) تشک میں ڈال دیا، اور ان منحوس چیزوں کی بدفالی نے ان بیٹھے ہوئے شخص کی طرف متوجہ کیا میں نے ان سے بواسطہ خدا کے مالک مکان کا پتہ معلوم کیا تو جو یہ جواب ملا کہ اس کا کوئی معین اور مقرر مالک نہیں ہے اور نہ کوئی ایسے صاحب ہیں جن کو ظاہر کیا جائے (بتایا جائے)۔

تشریح لغات

لہ لانتجاع مصدر از افتعال بمعنی بخشش طلب کرنے کیلئے کسی کے پاس آنا اور یہاں یہ طلب اور حاصل کرنے کے معنی میں ہے ٢ہ النزہۃ یہ اسم ہے تنزہ سے بمعنی سیر و تفریح والجمع نزہ اور یہاں سیر سے اپنی افسردگی کو دور کرنا مراد ہے ٣ہ الوجہۃ بکسر الواو وضمہا بمعنے ارادہ و مقصد اور جس کی طرف تم توجہ کرو جانب و گوشہ ٤ہ فشہود یہ شاہد کی جمع ہے بمعنی گواہ ٥ہ فاملاک مصدر از افعال بمعنی نکاح کرانا یقال املکہ المرأۃ اس کا نکاح کرائے ٦ہ مشہود یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از سمع یقال شہد المجلس جبکہ وہ حاضر ہو اور یہاں مراد لوگوں کا نکاح میں حاضر ہونا ہے ٧ہ تحدوتنی از نصر یقال حدا الریح السحاب جبکہ ہانکے اور چلائے وحداہ علے کذا جبکہ برانگیختہ کرے ٨ہ میعۃ یقال میعۃ الشئ اوّلہ واصلہ یقال میعۃ الشباب اولہ ومیعۃ الفرس اول جریہ۔ والمیعۃ ایضا سیلان الشئ المذوب یقال ماع الشئ ای سال علے وجہ الارض منبسطا والمانع السائل از ضرب والمصدر مَیْعٌ ٩ہ الفراط یہ فارط کی جمع ہے وہ شخص جو گھاس اور پانی کی تلاش میں قوم سے آگے جائے ١٠ہ اللقاط جو چیزیں نکاح کے وقت چنی جائیں جیسے چھوارے اور چھواروں کو نکاح کے وقت لوگوں پر پھینک دیا جاتا ہے تاکہ لوگ چنیں اور اٹھائیں اور عرب میں عروسی پر چھوارے نثار کئے جاتے تھے ١١ہ السماط سماط وہ ہے جو نانبائی کی دکان یا ہوٹل میں دو صف مردوں کی مقابل کھاتے وقت جو بیٹھے اور طعام سماط وہ ہے جو دستر خوان

کو دوسرے دستر خوان سے ملاکر بچھایا جائے اور کھانوں سے دستر خوان کو سجایا جائے اور دونوں طرف اس کے بالمقابل بیٹھیں اور لشکر کے صف باندھنے کے بھی اس کے معنی آتے ہیں وایضا الشئی المتصف وسماط القوم ای صفھم ویقال ھم علی سماط واحد ای علی نظم واحد ۱۲؎ مکابدۃ مصدر از مفاعلت بمعنی تکلیف اٹھانا ۱۳؎ العناء بمعنی مشقت وتکلیف وتھکن ۱۴؎ الفناء گھر کے سامنے کا میدان والجمع افنیۃ وفنی ۱۵؎ بالثراء بمعنی مالداری و مال یا قوم کی کثرت ۱۶؎ السناء بمعنی بلندی ومرتبہ ۱۷؎ صھوات یہ صھوۃ کی جمع ہے گھوڑے کی پیٹھ (یعنی وہ حصہ جس پر زین کسی جائے اور کوہان کا پچھلا حصہ) اور اس کی جمع صہاءٌ بھی آتی ہے ۱۸؎ الخیول یہ خیل کی جمع ہے بمعنی گھوڑے ۱۹؎ دہلیز ما بین الباب والدار یعنی ڈیوڑھی ولمبا تنگ راستہ والجمع دہالیز ۲۰؎ مجللا اسم مفعول کا صیغہ از تفعیل یقال جَلَّل الشئی جبکہ وہ ڈھکے اور ڈھانپ لے یقال جلل المطر الارض جبکہ بارش زمین کو ڈھانپ لے ۲۱؎ باطمار یہ طمر بالکسر کی جمع ہے بمعنی پھٹے پرانے کپڑے ۲۲؎ مخرقۃ اسم مفعول کا صیغہ ہے از تفعیل یقال خرقہ جبکہ وہ پھاڑے ۲۳؎ مکللا تکلیل مصدر از تفعیل بمعنی تاج پہنانا ۲۴؎ بمخارف یہ مخرف کی جمع ہے بمعنی چھوٹی ٹوکری جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں ۲۵؎ قطیفۃ چھوردار و مخملی چادر والجمع قطف وقطائف ۲۶؎ دکۃ بالفتح بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لئے چبوترہ والجمع دکاک ۲۷؎ فرابنی ریب مصدر بمعنی شک میں ڈالنا ۲۸؎ عنوان الصحیفۃ اس سے مراد شروع یعنی دہلیز کی حالت اور صورت اور ٹوکری کا لٹکا ہوا ہونا اور پھٹے کپڑے سے چوکھٹ کا ڈھکا ہوا ہونا مراد ہے ۲۹؎ مرای ہو ما یقع علیہ البصر من کل شئی وینظر الیہ (دیکھنے کی جگہ) ۳۰؎ الطریفۃ بمعنی عجیب و نادر چیز والجمع طرف وطرائف ۳۱؎ التطیر مصدر از تفعل بمعنی فال بدلینا یقال تطیر بالشئی ومنہ جبکہ وہ بدفالی لے ۳۲؎ المناحس یہ منحوس کی جمع ہے یعنی نحوست کی چیزیں ۳۳؎ نعزمیتہ عزم مصدر از ضرب یقال عزم الیہ جبکہ قسم دے ۳۴؎ بمصرف الاقدار۔ اقدار یہ قدر کی جمع ہے بمعنی تقدیر الٰہی (یعنی خدا تعالیٰ کی قسم) جو وہی تقدیروں کو پھیرنے اور پلٹنے والا ہے ۳۵؎ مبین یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از تفعیل بمعنی بیان کیا جائے یعنی ظاہر کیا جائے۔ اور بتایا جائے۔

إِنَّمَا هِيَ مَصْطَبَةُ الْمُقِيفِينَ وَالْمَدْرُوزِينَ۔ وَوَلِيجَةُ الْمُشَقْشِقِينَ وَالْمُجَلْوِزِينَ۔ فَقُلْتُ فِي نَفْسِي إِنَّا لِلّٰهِ عَلَىٰ ضَلَّةِ الْمَسْعَىٰ۔ وَإِمْحَالِ الْمَرْعَىٰ۔ وَهَمَمْتُ فِي الْحَالِ بِالرُّجْعَىٰ۔ لٰكِنَّنِي اسْتَهْجَنْتُ الْعَوْدَ مِنْ فَوْرِي۔ وَالْقَهْقَرَةَ دُونَ غَيْرِي۔ فَوَلَجْتُ الدَّارَ مُتَجَرِّعًا الْغُصَصَ۔ كَمَا يَلِجُ الْعُصْفُورُ الْقَفَصَ۔ فَإِذَا فِيهَا أَرَائِكُ مَنْقُوشَةٌ۔ وَطَنَافِسُ مَفْرُوشَةٌ۔ وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ۔ وَسُجُوفٌ مَرْصُوفَةٌ۔ وَقَدْ أَقْبَلَ الْمَلِكُ يَمِيسُ فِي بُرْدَتِهِ۔ وَيَتَبَهْنَسُ بَيْنَ حَفَدَتِهِ۔ فَحِينَ جَلَسَ كَأَنَّهُ ابْنُ مَاءِ السَّمَاءِ۔ نَادَىٰ مُنَادٍ مِنْ قِبَلِ الْأَحْمَاءِ۔

الترجمۃ والمطالب

پس یہ تو سرائے محتاجوں اور فقیروں کی ہے اور سائلوں آواز کرنے والوں اور فقیروں اشعار پڑھنے والوں کے آنے کی جگہ ہے، پس میں نے اپنے دل میں انا للہ کہا یہ تو ہماری کوششوں کی ناکامی اور خشک چراگاہ ہے اور میں نے اسی وقت لوٹنے کا ارادہ کر لیا، لیکن اپنی فوراً واپسی اور اپنے الٹے پاؤں کو اچھا نہ جان کر غم اور غصہ کے گھونٹ نگلتا ہوا اندر جا ہی پہنچا جیسے چڑیا اپنے پنجرے میں آئے پس میں نے وہاں جاکر دیکھا کہ منقش اور مزین تخت ہیں۔ اور اس پر قالین بچھے ہوئے ہیں اور صف بصف تکئے رکھے ہوئے ہیں۔ اور دوسرے پردے پڑے ہوئے ہیں اور دولہا اپنی چادر (سیاہ) میں ناز سے چلتے ہوئے نوکروں کے درمیان اکڑتے ہوئے آرہے ہیں، پس جس وقت وہ عظمت وشان اور جمال کے ساتھ بیٹھے تو براتوں میں سے ایک صاحب نے پکار کے کہا۔

تشریح لغات

۱؎ مصطبۃ بمعنی غریبوں اور مسکینوں کا مکان ۲؎ المقیفین از تفعیل یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے یقال تقیف اثرہ اتتبعہ فالمقیف السائل الذی یتبع اثار الناس طالباً لحاجتہ ۳؎ المدروزین ای الذی یلدر علے الباب واصلہ من قولھم درز الرجل ای جلس علے الباب (دروازہ) اور یہ معرب ہے ۴؎ ولیجۃ ای الموضع الذی یلج الناس ای یدخل ۵؎ المشقشقین وہ نقراء جو بلند آواز سے اشعار پڑھ کر بھیک مانگیں ۶؎ المجلوزین وہ نقراء جو اشعار پڑھیں اور سوال کریں اور مکانوں کے دروازوں پر کھڑے رہیں اور پھر اشعار پڑھیں۔ اور پھر مانگیں یقال فلان مجلوز العمل یعنی وہ اپنے کام میں مشاق ہے ۷؎ ضلۃ المسعے یہ اس وقت عرب میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ مصیبت لاحق ہو یعنی ہماری کوشش رائگاں گئی اور ہمیں اس ضیافت میں کھانے تک کو نہ ملا کیونکہ اس کے اہل نقراء اور تنگ دست ہیں ۸؎ امحال صیرورۃ کرنا الموضع ذا محل (ای قحط) یعنی قحط زدہ ہونا اور یہ کنایہ ہے اپنی غرض میں کامیاب نہ ہونا ۹؎ ہمت ہمٌ مصدر از نصر بمعنی ارادہ کرنا یقال ہم بالشئی جبکہ وہ ارادہ کرے ۱۰؎ استہجنت از استفعال استہجان مصدر بمعنی قبیح اور برا سمجھنا ۱۱؎ القہقرۃ مصدر پچھلے پاؤں لوٹنا یقال رجع القہقری جبکہ وہ پچھلے پاؤں لوٹے از بعثر ۱۲؎ متجرعا تجرع مصدر از تفعل اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی گھونٹ گھونٹ یعنی تھوڑا تھوڑا پینے والا ویقال تجرع الغیظ جبکہ وہ غصہ پی جائے ۱۳؎ الغصص یہ غصۃ کی جمع ہے جس کا پھندا لگے و بمعنے غم واندوہ ۱۴؎ العصفور چڑیا اور کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ والجمع عصافیر اور اس کا مؤنث عصفورۃ ہے ۱۵؎ القفص پنجرا والجمع اقفاص ۱۶؎ ارائک یہ اریکۃ کی جمع ہے بمعنے آراستہ ومزین تخت اور اس کی جمع اریک بھی آتی ہے ۱۷؎ طنافس یہ طنفسۃ بفتح الطاء وبضم الطاء وکسرہا کی جمع ہے بمعنی فرش چٹائی وکپڑا ۱۸؎ نمارق یہ نمرقۃ کی جمع ہے بمعنی چھوٹا تکیہ وگاؤ تکیہ تفصیل ضروب من الثیاب السجل من القطن والحریر من الابریشم والخنیف ما غلظ من الکتان والشرب مارق منہ والردن ما غلظ من الخز والسکب مارق منہ والبادۃ من اللبود والزرما نقۃ من الصوف وفی الحدیث ان موسیٰ علیہ السلام کانت علیہ زرما نقۃ لما قال لہ ربہ تعالیٰ ادخل یدک فی جیبک تخرج بیضاء من غیر سوء ۱۹؎ سجوف یہ سجف کی جمع ہے وہ دو پردے جو دروازوں پر لٹکائے جائیں اور درمیان سے جدا ہوں ۲۰؎ مرصوفۃ یہ اسم مفعول کا صیغہ اور یہ مرصوف کا مؤنث ہے آپس میں ملے ہوئے ای مرتبۃ مضمومۃ بعضھا الی بعض یقال رصفت الحجارۃ ای ضم بعضھا الی بعض از نصر والمصدر رصفٌ ۲۱؎ الملک بمعنی دولہا اور سسر کے بھی اس کے معنے آتے ہیں ۲۲؎ یمیس از ضرب والمصدر میسٌ بمعنے اکڑ کے اور اتراتے ہوئے چلنا ۲۳؎ یتبہنس یقال تبہنس جبکہ وہ ناز سے اکڑتا ہوا چلے ۲۴؎ حفدۃ یہ حافد کی جمع ہے بمعنے خادم تابع مددگار اور اس کی جمع حفدٌ بھی آتی ہے ۲۵؎ ابن ماء السماء یہ نعمان بن المنذر کا نام ہے جو عرب کا بادشاہ تھا، اور اس کی ماں کا نام ماء السماء تھا اس لئے کہ اس کا دودھ صاف تھا یا یہ خوبصورت تھی اب عرب والے ماء السماء نام رکھنے لگے اس لئے کہ ان کی زندگی کا دار ومدار آسمان کی بارش سے تھا۔ اور یہاں اس سے مراد اس کی عظمت شان اور اس کا جمال ہے وقال الجوھری ماء السماء لقب عامر بن حارثۃ الازدی وھو ابو عمرو بن مرا الذی خرج من الیمن لما احس السبیل العرم وسمی ماء السماء لانہ کان اذا اجذب الناس کفی مؤنتھم حتی یأتیھم الخصب فقالوا ھو ماء السماء ای خلف منہ وقیل لولدہ بنو ماء السماء وھم ملوک الشام واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۲۶؎ الاحماء یہ حموٌ کی جمع ہے بمعنی خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار اور اصہار زوجہ کی جانب سے خاوند کا قریبی رشتہ دار۔

وَحُرْمَةِ سَاسَانَ اُسْتَاذِ الْاُسْتَاذِيْنَ ۔ وَقُدْوَةِ الشَّحَاذِيْنَ ۔ لَاعَقَدْتُ هٰذَا الْعَقْدَ الْمُبَجَّلَ ۔ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ الْاَغَرِّ الْمُحَجَّلِ ۔ اِلَّا الَّذِيْ جَالَ وَجَابَ ۔ وَشَبَّ فِي الْكُدْيَةِ وَشَابَ ۔ فَاَعْجَبَ رَهْطَ الصِّهْرِ مَا اَشَارُوْا اِلَيْهِ ۔

وَاذِنُوا فِي إِحْضَارِ الْمَنْصُوصِ عَلَيْهِ. فَبَرَزَ شَيْخٌ قَدْ أَمَالَ الْمَلَوَانِ قَامَتَهُ. وَنَوَّرَ الْفَتَيَانِ ثَغَامَتَهُ. فَتَبَاشَرَتِ الْجَمَاعَةُ بِإِقْبَالِهِ. وَتَبَادَرَتْ إِلَى اسْتِقْبَالِهِ. فَلَمَّا جَلَسَ عَلَى زُرْبِيَّتِهِ. وَسَكَنَتِ الضَّوْضَاءُ لِهَيْبَتِهِ. ازْدَلَفَ إِلَى مِسْنَدِهِ. وَمَسَحَ سَبَلَتَهُ بِيَدِهِ. ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُبْتَدِئِ بِالْإِفْضَالِ. الْمُبْتَدِعِ لِلنَّوَالِ. الْمُتَقَرَّبِ إِلَيْهِ بِالسُّؤَالِ.

ن اقباله

الترجمة والمطالب

اور قسم ہے فقیروں کے مکھیا اور سردار کی جو وہ استاذوں کا استاذ ہے (یعنی بہت ہی ہوشیار اور چالاک ہے) اور بھکاریوں (فقیروں) کا پیشوا ہے اس معظم بزرگ عقد کو آج کے روشن اور مبارک دن میں صرف وہی شخص منعقد کرسکتا ہے جو مانگنے میں جولانی دکھاتا ہو اور اس نے اسی کے لئے سفر کئے ہوں اور اسی میں وہ جوان ہوا ہو اور پھر بوڑھا ہوگیا ہو اس کے اس اشارہ کرنے نے سدھیوں کو تعجب میں ڈال دیا، لیکن منصوص علیہ جس میں یہ صفات موجود ہوں یعنی الذی جال وجاب الخ کے حاضر لانے کی انہوں نے اجازت دے دی، چنانچہ ایک بوڑھا جس کے قد کو (حوادثات زمانہ) رات اور دن نے جھکا دیا تھا، اور اس کے سر اور داڑھی کے بالوں کو صبح اور شام نے سفید کردیا تھا ظاہر ہوا پس اس کے آنے پر لوگوں نے ایک دوسرے کو مبارک باد دی اور اس کے استقبال کی طرف جھپٹ پڑے جب وہ اپنی ریشمیں گدی پر بیٹھا اور اس کی ہیبت کی وجہ سے شور موقوف ہوا تب وہ اپنے مسند (بڑے تکیہ) کے قریب ہوا۔ اور داڑھی پر ہاتھ پھیر کر یا وہ مونچھوں کو تاؤ دے کر کہنے لگا کہ تمام تعریفیں خداوند تعالیٰ کے ہی لئے ہیں جو بھلائیوں کی ابتدا کرنے والا ہے (یعنی بندوں کو بغیر مانگنے اور بغیر استحقاق کے روزی دینے والا ہے) اور بخشش کرنے والا ہے جس کی نزدیکی مانگنے ہی میں ہے۔

تشریح لغات

۱ وحرمۃ میں واو قسم کے لئے ہے ۲ ساسان بھکاریوں یعنی بھیک مانگنے والوں کا سردار اور چودھری مکھیا۔ ۳ الشحاذین یہ شحاذ کی جمع ہے بھکاریوں کا امام اور یہ مشتق ہے شحذت السکین سے جبکہ چھری کو تیز کیا جائے ۴ المبجل یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از تفعیل یقال بجّلہٗ ای عظمہ یقال بجل فلان ای عظم فھو بجیل والمصدر بجولٌ و بجالۃٌ از کرم ۵ الاغر بمعنی خوبصورت اور ہر چیز کا سفید اور بمعنی فیاض اور سردار اور شریف ۶ المحجل المحجل من الخیل ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا ومنہ یوم محجل یعنی خوشی کا دن ویقال امر اغر محجل یعنی بہت مشہور معاملہ ۷ جاب از نصر والمصدر جوبٌ وتجوابٌ یقال جاب البلاد جبکہ طے کرے وجاب الثوب جوبا جبکہ کاٹے وجاب الصخرۃ جبکہ چٹان کو تراشے ۸ شب ای صار شابا از ضرب یقال شب الغلام شبابا وشبیبۃً جبکہ جوان ہو ۹ الکدیۃ بالضم سخت ٹھوس زمین بڑی سخت چٹان والجمع کدی اور کدیۃ کے معنی طلب عطا اور باصرار مانگنے کا پیشہ اور زمانہ کی سختی کے بھی آتے ہیں اور یہاں زمانہ کی سختی کے ہیں ۱۰ شاب از ضرب والمصدر شیب و شیبۃٌ ومشیب یقال شاب زید جبکہ وہ سفید بالوں والا ہو یعنی بوڑھا ہو ۱۱ الصھر بالکسر بمعنی قرابت و داماد یا بہنوئی والجمع اصھار ۱۲ المنصوص یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از نصر والمصدر نصٌّ یقال نصّ الشئ جبکہ بلند کرے ونص الرجل جبکہ پوری طرح سے دریافت کرے ونص العروس جبکہ دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھائے ونص الشئ جبکہ ظاہر ہو اور المنصوص علیہ سے وہ شخص مراد ہے جو یہ صفات اس میں موجود ہوں یعنی الذی جال وجاب وشب فی الکدیۃ وشاب الخ ہے ۱۳ الملوان ملوان سے مراد رات اور دن ہیں اور حمزہ یہ کہتے ہیں کہ ملوان اور فتیان اور جدیدان اور عصران اور متباریان یہ دن اور رات کے نام ہیں اور سیرانی کہتے ہیں صبح اور رات یعنی ما بین مغرب اور عشاء کے وقت کو کہتے ہیں واللہ اعلم

۱۴ الفتیان یعنی صبح اور شام اور یا رات اور دن ۱۵ ثغامتہ یہ ایک قسم کا پھولوں والا درخت ہے اور اس سے یہاں مراد بال اور سر کا سفید ہونا ہے ۱۶ فتباشرت از تفاعل والمصدر تباشر یقال تباشر بالامر جبکہ وہ ایک دوسرے کو خوشخبری دے ۱۷ تبادرت تبادر مصدر از تفاعل بمعنی سبقت کرنا اور آگے بڑھنا ۱۸ زربیتہ یہ ایک قسم کا بچھونا ہے یعنی مسند ۱۹ الضوضاء لڑائی یا مجمع کی آوازیں یقال ضوضا ای احدث الضوضاء والضوضاء والضوضی والضیضاء الجلبۃ واصوات الناس فی الجواب او فی الازدحام والمصدر ضوضاۃ و ضیضاء ۲۰ ازدلف از افتعال ازدلاف مصدر بمعنی آگے ہونا و قریب ہونا ۲۱ سبلۃ مونچھ کے بال اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ و داڑھی کا اگلا حصہ والجمع سبال ۲۲ بالافضال مصدر از افعال بمعنی بھلائی کرنا اور مہربانی کرنا یعنی بغیر مانگے اور بغیر استحقاق کے وہ روزی دینے والا ہے ۲۳ المبتدع ابتداع مصدر از افتعال بمعنی ایجاد کرنا اور یہاں اس سے مراد شروع کرنا یعنی دینا ہے ۲۴ للنوال بمعنی داد و دہش و حصہ و درستی ۲۵ المتقرب اشارہ الی قولہ تعالیٰ فاذا سألك عبادی عنی فانی قریب فمن سالہ تعالیٰ تقرب منہ ومن لم یسال یغضب اللہ علیہ لان ترك السوال منہ تعالیٰ استکبار یبعدُ العبد من حضرتہ تعالیٰ ۔

اَلْمُؤَمَّلِ لِتَحْقِيقِ الْاٰمَالِ۔ اَلَّذِیْ شَرَعَ الزَّكٰوةَ فِی الْاَمْوَالِ۔ وَزَجَرَ عَنْ نَهْرِ السُّوَّالِ۔ وَنَدَبَ اِلٰى مُوَاسَاةِ الْمُضْطَرِّ وَاَمَرَ بِاِطْعَامِ الْقَانِعِ وَالْمُعْتَرِّ۔ وَوَصَفَ عِبَادَهُ الْمُقَرَّبِيْنَ۔ فِیْ كِتَابِهِ الْمُبِيْنِ۔ فَقَالَ وَهُوَ اَصْدَقُ الْقَائِلِيْنَ وَالَّذِيْنَ فِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ۔ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ۔ اَحْمَدُهٗ عَلٰى مَا رَزَقَ مِنْ طُعْمَةٍ هَنِيَّةٍ۔ وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ اسْتِمَاعِ دَعْوَةٍ بِلَا نِيَّةٍ۔ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا يَجْزِی الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ۔ وَيَمْحَقُ الرِّبٰوا وَيُرْبِی الصَّدَقَاتِ۔ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الرَّحِيْمُ۔ وَرَسُوْلُهُ الْكَرِيْمُ۔ اِبْتَعَثَهٗ لِيَنْسَخَ الظُّلْمَةَ بِالضِّيَآءِ۔ وَيَنْتَصِفَ لِلْفُقَرَآءِ مِنَ الْاَغْنِيَآءِ۔

الترجمۃ والمطالب اور اسی سے امیدوں کے پوری کی جانے کی امید ہے اور وہ ایسا خدا ہے جس نے مالوں میں زکوۃ کو فرض کیا اور مانگنے والوں کو جھڑکنے سے روکا اور محتاج لوگوں کے ساتھ احسان کرنے کو آپ نے توجہ دلائی اور سائل اور وہ سائل (جو اپنی حاجت ظاہر کرے مگر مانگے نہیں) اس کو کھانا کھلانے کا حکم فرمایا اور جس نے اپنے مقرب بندوں کی قرآن پاک میں اس طرح تعریف کی ہے اور وہ سب سے زیادہ سچا ہے اور وہ لوگ ہیں جن کے مالوں میں سائل اور محروم کے لئے مقرر حصہ (زکوۃ کا) ہے میں خوشگوار کھانے پر (جو مجھے بغیر تکلیف کے مل جائیں جو اس نے دیئے) اس کی تعریف کرتا ہوں اور میں بغیر ارادہ کے دعا سننے سے پناہ مانگتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں صدقہ کرنے والے اور صدقہ کرنے والی کو اچھی جزا دینے والا وہی معبود ہے اور سود کے مال کو بے برکت یعنی گھٹاتا ہے۔ یعنی اللہ سود کے مال کو کتنا ہی وہ زیادہ ہو اس کا انجام خسران کی طرف کھینچتا ہے اور اللہ صدقوں کو زیادہ کرتا ہے۔ یعنی صدقے کتنے ہی کم ہوں اس کا ثواب زیادہ ہی ہے) اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس کے رحیم بندے (یعنی رحم کرنے والے ہیں) اور اس کے رسول کریم ہیں (یعنی بخشش کرنے والے ہیں) اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو پیغمبر بنا کر بھیجا تاکہ کفر کی تاریکی کو ایمان واسلام کی روشنی سے دور کر دیں۔ اور محتاجوں کو مالداروں سے حق دلوائیں۔

⁂ ⁂ ⁂

تشریح لغات

[1] المؤمل یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے از باب تفعیل بمعنی امید کیا گیا [2] الامال یہ امل کی جمع ہے بمعنے امید یعنی خدا ہی سے امید کی جاتی ہے وہ انسان کی حاجتوں کو پورا کرتا ہے [3] نہر مصدر از فتح یقال نہر السائل جبکہ وہ سائل کو ڈانٹے اور اس سے اشارہ واما السائل فلا تنہر کی طرف ہے [4] السوال یہ سائل کی جمع بمعنے فقیر اور سوال کرنے والا اور اس کی جمع سائلون اور سؤل اور سالۃ بھی آتی ہے [5] ندب از نصر یقال ندب فلانا لے الامر او للامر جبکہ بلائے اور برانگیختہ کرے [6] القانع یہ قنوع بالضم سے ماخوذ ہے بمعنے عاجزی سے سوال کرنے والا اور یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے وقوم کا خادم والجمع قانعون وقنع [7] المعتر فقیر بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا [8] حق معلوم سے مراد زکوٰۃ ہے اور بعض صدقہ اور مہمانی کہتے ہیں [9] للسائل والمحروم اس کے معنی میں اختلاف ہے سائل تو وہ جو سوال کرے اور محروم وہ جو سوال نہ کرے کانہ احرم من الرزق بترک السوال اور بعض یہ کہتے ہیں سائل وہ جو فقیر اور محتاج ہو خواہ وہ سوال کرے یا نہ کرے اور محروم وہ جو مال دار معلوم ہو پس وہ صدقہ سے محروم ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ محروم وہ جو سوال نہ کرے اور بولنے پر قادر نہ ہو جیسے کتا بلی وغیرہ [10] طعمۃ خوراک ورزق کسب وکمائی کا ذریعہ [11] ہنیئۃ بمعنی خوشگوار اور بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز اور یہ اصل میں ہنیئۃ ہے اس میں ابدال اور ادغام کرکے ہنیّۃ کر لیا جاتا ہے یقال ہذا امر اماک ہنیا یعنی یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی۔ [12] دعوۃ دعوۃ سے بمعنی دعا ہے یقال ولہم الدعوۃ علے غیرہم یعنی دعا میں ان سے ابتدا ہے وارادبہذا الدعاء قول المسؤل منہ للسائل اذا لم یرد ان یعطیہ شیئا عافاک اللہ ورزقک اللہ وبورک فیک ویقصدون بذلک ردّہ لا دعاء لہ عرب والے ایسے موقع پر زیادہ تر یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں اور ان الفاظوں کو اسمٗ للرد کہا جاتا ہے [13] یمحق از فتح محق مصدر بمعنے مٹانا و باطل کرنا [14] الربوا بمعنے زیادتی۔ سود بیاج [15] یربی از افعال یقال اربی الشیٔ جبکہ وہ بڑھائے ای یزید فی ثوابہا من عشر امثالہا الی سبعمائۃ والی ماشاء اللہ تعالیٰ [16] ابتعثہ ابتعاث مصدر از افتعال بمعنی بھیجنا یقال ابتعثہ ای ارسلہ [17] ینسخ نسخ مصدر از فتح یقال نسخ الشیٔ جبکہ زائل کرے۔ اور باطل کرے اور مٹائے [18] الظلمۃ ظلمۃ سے مراد گمراہی ہے یعنی کفر کی تاریکی [19] بالضیاء ضیاء سے مراد ہدایت کرنا ہے یعنی اسلام کی روشنی [20] ینتصف انتصاف مصدر از انتعال یقال انتصفت من فلان جب وہ انصاف چاہے اور حق لے اور بدلہ لے۔

فَرَفَقَ[1] صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمِسْكِيْنِ. وَخَفَضَ[2] جَنَاحَهٗ لِلْمُسْتَكِيْنِ[3]. وَفَرَضَ الْحُقُوْقَ فِيْ اَمْوَالِ الْمُثْرِيْنَ[4]. وَبَيَّنَ مَا يَجِبُ لِلْمُقِلِّيْنَ[5] عَلَى الْمُكْثِرِيْنَ[6]. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ صَلَاةً تُحْظِيْهِ بِالزُّلْفَةِ. وَعَلٰى اَصْفِيَائِهٖ اَهْلِ الصُّفَّةِ. اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى شَرَعَ النِّكَاحَ لِتَتَعَفَّفُوْا. وَسَنَّ التَّنَاسُلَ لِكَيْ تَتَضَاعَفُوْا. فَقَالَ سُبْحَانَهٗ لِتَعْرِفُوْا. يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا. وَهٰذَا اَبُو الدَّرَّاجِ.

الترجمۃ والمطالب

پس حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکین پر مہربانی فرمائی اور عاجز کے لئے اپنے بازو کو بچھایا (اس پر شفقت فرمائی) اور مالداروں کے مالوں میں حقوق واجب کئے اور جو کچھ کہ فقیروں کا مال داروں پر حق ہے اس کو ظاہر فرمایا اور آپ پر ایسی رحمت فرمائے جو اللہ سے قرب حاصل ہو اور آپ کے احباب یعنی اہل صفہ پر حمد وصلوٰۃ کے بعد یہ کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نکاح کو مشروع کیا تاکہ تم پارسا بنو (یعنی تم برے کاموں سے بچو) اور آپس میں نسل کے طریقہ کو رواج دیا تاکہ تم بڑھو چنانچہ خداوند تعالیٰ کا ارشاد ہے تاکہ تم پہچانو ہم نے تم کو مذکر اور مؤنث (یعنی حضرت آدم وحوا) سے پیدا کیا ہے اور تمہیں بڑے اور چھوٹے قبیلوں اور خاندانوں پر ہم نے بانٹ دیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو، اور یہ ابوالدراج (شوہر دولہا)۔

تشریح لغات

لہ فرفق ای تلطف از نصر و کرم و سمع یقال رفق رفقاً و مرفقاً و مرفقاً و مرفقاً بہ ولہ و علیہ جبکہ وہ مہربانی کا برتاؤ کرے ٢ خفض از ضرب والمصدر خفض بمعنے پست کرنا و پروں کو بچھانا یعنی شفقت کرنا اس سے مراد ہے ٣ للستکین بمعنی خاضع و عاجز کما فی قولہ تعالیٰ واخفض جناحک الخ اور یہ باب استفعال سے ہے یقال استکان لفلان جبکہ عاجزی کرے یا عاجزی ظاہر کرے ٤ المثرین یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے از افعال اثراءً مصدر بمعنی بہت مالدار ہونا ٥ للمقلین المقل بمعنی فقیر و محتاج اور وہ فقیر جس کے پاس کچھ ہو ٦ المکثرین مکثر وہ شخص جس کے پاس مال بہت ہو ٧ تخطئہ ای تعطیہ از افعال یقال اخطاہ جب صاحب رتبہ بنائے واحظاہ بالمال جبکہ مال کا حصہ دے واحظاہ علی فلان جبکہ فضیلت دے ٨ بازلفۃ ای بالقربۃ یعنی نزدیکی و درجہ و مرتبہ درات کا ایک حصہ والجمع زلف و زلفات و زلفات ٩ اصفیائہ یہ صفیٌ کی جمع ہے بمعنی مخلص دوست ١٠ اہل الصفہ یہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحابؓ فقراء کی جماعت تھی جو مسجد کے کونے میں کھجوروں کے پٹھوں کی چھت کے زیر سایہ اپنی زندگی بسر کیا کرتے تھے اور وہیں سوتے تھے اس لئے ان کو اصحاب صفہ کہتے ہیں اور یہ اسلام کے مہمان تھے اور ان کے یہ نام ہیں حضرت ابو ذر غفاری حضرت عمار بن یاسر حضرت سلمان فارسی حضرت صہیب حضرت بلال حضرت ابوہریرہ حضرت خباب حضرت حذیفہ حضرت ابو سعید خدری حضرت بشر بن الخصاصیہ اور ابو مویہ یہ آزاد کردہ غلام تھے رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ١١ لتعففوا از تفعل یقال تعفف جبکہ حرام یا غیر مستحسن سے رکے اور پاکدامن ہونا ١٢ سن از نصر والمصدر سن یقال سن الطریقۃ یعنی طریقہ اختیار کرنا اور یہاں پر اس کے معنے نکاح کی سنت جاری کرنے کے ہیں اس لئے کہ یہ نسل کا سبب ہے اور اس سے اولاد بڑھے گی۔ اور ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو تمہاری اولاد بڑھے گی اس پر میں قیامت کے روز فخر کروں گا۔ فلذا اقول ان علے المسلمین من اہل الہندان یکثر التزوج ولکن مع مراعاۃ حقوق الازواج ثم علیہم التادیب والتہذیب ویتبدل قلتہم بالکثرۃ ١٣ تضاعفوا تضاعف مصدر از تفاعل بمعنی بڑھنا و دوچند ہونا ١٤ شعوبا یہ شعب کی جمع ہے صاحب کشاف نے بیان کیا ہے کہ عرب میں یہ چھ طبقات تھے شعبہ۔ قبیلہ۔ عمارۃ۔ بطن۔ فخذ۔ فصیلۃ۔ اور شعبہ یہ سب سے عام ہے جس کے ماتحت قبائل ہوتے ہیں۔ اور قبائل کے ماتحت عمائر اور عمائر کے ماتحت بطون اور بطون کے ماتحت افخاذ اور افخاذ کے ماتحت فصائل ہوتے ہیں لہذا خزیمہ کو شعبہ اور کنانہ کو قبیلہ اور قریش کو عمارہ اور قصی کو بطن اور ہاشم کو فخذ اور عباس کو فصیلہ کہیں گے اور شعوب اس لئے کہا گیا کہ اس سے اور قبیلے نکلتے ہیں ١٥ ابوالدراج یہ زوج کی کنیت ہے ہذا کنایۃ عن کثرۃ درجہ وسعیہ فی الطلب اور دراج کے لفظی معنے بہت پھرنے والے اور چغل خور کے آتے ہیں۔

وَلَاجٌ بْنُ خَرَّاجٍ۔ ذُوالْوَجْهِ الْوَقَاحِ۔ وَالْإِفْكِ الصُّرَاحِ۔ وَالْهَرِيْرِ وَالصِّيَاحِ۔ وَالْإِبْرَامِ وَالْإِلْحَاحِ۔ يَخْطُبُ سَلِيْطَةً أَهْلِهَا۔ وَشَرِيْطَةَ بَعْلِهَا۔ قَنْبَسُ۔ بِنْتِ أَبِي الْعَنْبَسِ۔ بِمَا بَلَغَهُ مِنَ الْتِحَافِهَا بِالْحَافِهَا وَإِسْرَافِهَا فِي إِسْفَافِهَا۔

الترجمۃ والمطالب

بہت گھسنے والا ہے لوگوں میں اور بہت تیزی سے نکلنے والا ہے (یعنی بھیک مانگنے میں اس کو پوری مہارت ہے) اور لیکن بے شرم چہرہ والا ہے اور خالص جھوٹ بولنے والا ہے اور بہت چیخ کر مانگتا ہے اور آواز سے مانگتا ہے (کہ لوگ اس سے تنگ ہو جاتے ہیں) اور اس طرح وہ مانگتا ہے کہ لوگوں کو پریشان کر دیتا ہے اور وہ مانگنے میں اصرار اور ضد کرتا ہے اور وہ ایسی عورت چاہتا ہے جو اپنے اہل میں زیادہ زبان دراز ہو اور وہ شوہر کی شرط کے مطابق ہو۔ اس کا نام قنبس ہے جو ابی العنبس

کی لڑکی ہے یا تو یہ فرضی نام ہیں یا یہ نام اس مناسبت سے رکھے ہیں یعنی وہ بہت تیز زبان ہے اور کج خلق ہے کیونکہ اس کو خبر ملی ہے کہ وہ عورت سوال کرنے میں اپنی کسر نہیں چھوڑتی یعنی سوال کرنے میں اس کو پورا ملکہ ہے) اور کمینہ پن میں وہ حد سے بڑھی ہوئی ہے۔

تشریح لغات

لہ دلاج بن خراج یعنی بھیک مانگنے میں اس کو پوری مہارت ہے لہ ذوالوجہ الوقاح یعنی مانگنے میں بے شرم ہے وہ کسی کے آگے جھینپتا نہیں لہ والافک الصراح اور وہ بیباکی سے خالص جھوٹ بولنے سے اپنا کام نکال لیتا ہے لکہ الہریر کتے کی آواز جو نباح سے کم ہو اور یعنی ایسی آواز سے جھینپتا اور مانگتا ہے کہ آدمی اس سے تنگ اور پریشان ہوجاتے ہیں اور اس کا اطلاق بدخلق پر ہوتا ہے شہ الابرام مصدر از افعال یقال ابرم علیہ فی الجدال جبکہ وہ خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جائے یعنی وہ اس طرح سے مانگتا ہے کہ لوگوں کو تنگ کر دیتا ہے لہ الالحاح ہو المبالغۃ فی السوال یعنی بغیر لئے وہ ٹلتا نہیں شہ سلیطۃ زبان دراز عورت جو بک بک کئے جائے شہ شریطۃ بعلہا وہ عورت جو اپنے خاوند کی شرط کے مطابق ہو یعنی وہ بھی مانگنے اور کمانے میں ماہر ہو تاکہ دونوں کی خوب گذرے شہ تنبس یہ نام ہے اور یہ قبس سے ماخوذ ہے جس کے معنے شعلے کے ہیں یعنی وہ کلام کی تیزی میں شعلہ جیسی ہو جیسے شعلہ کا کام جلانے کا ہے اسی طرح وہ دوسروں کو اپنے کلام سے جلادے نلہ العنبس یہ شیر کا نام ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ عبوس سے مشتق ہے جس کے معنے ترشروئی کے ہیں یعنی جو ترش روئی اور کج خلقی سے بات کرے للہ التحافہا ای اشتمالہا یہ مصدر افتعال سے ہے یقال التحف جبکہ وہ اپنے لئے لحاف بنائے والتحف باللحاف جبکہ وہ لحاف سے ڈھانپے یعنی اس کے خاوند نے اس سے اس لئے شادی کی ہے کہ وہ بھی اپنے اس فن میں ماہر ہے للہ بالحافہا یہ مصدر باب افعال سے ہے یقال الحف السائل جبکہ وہ اصرار سے مانگے یعنی وہ مانگنے میں خوب گریہ وزاری کرتی ہے للہ اسرافہا یہ مصدر ہے از افعال بمعنے زیادتی کرنا حد سے تجاوز کرنا للہ اسفافہا یہ مصدر ہے افعال سے یقال اسف الرجل جبکہ وہ اپنے ادنیٰ کاموں کے پیچھے پڑے ویقال اسف الی الامور الدنیۃ یعنی وہ ادنیٰ کاموں کے قریب ہوا واسف الطائر او السحاب جبکہ زمین سے قریب ہو کر اڑے یا گذرے واسف النظر جبکہ وہ تیز نظر سے دیکھے یعنی جیسا وہ وقت دیکھتی ہے اس کے مطابق وہ گذرتی ہے

وَاِنْكِمَاشِهَا عَلٰى مَعَاشِهَا۔ وَانْتِعَاشِهَا عِنْدَهِرَاشِهَا۔ وَقَدْ بَذَلَ لَهَا مِنَ الصَّدَاقِ۔ شِلَاقًا وَعُكَّازًا وَصِقَاعًا وَكُرَّازًا۔ فَانْكِحُوهُ اِنْكَاحَ مِثْلِهٖ۔ وَصِلُوا حَبْلَكُمْ بِحَبْلِهٖ۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ۔ اَقُولُ قَوْلِي هٰذَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ لِي وَلَكُمْ۔ وَاَسْاَلُهٗ اَنْ يُكْثِرَ فِي الْمَصَالِطِ نَسْلَكُمْ وَيَحْرُسَ مِنَ الْمَعَاطِبِ شَمْلَكُمْ۔ فَلَمَّا فَرَغَ الشَّيْخُ مِنْ خُطْبَتِهٖ۔ وَاَبْرَمَ لِلْخَتَنِ عَقْدَ خِطْبَتِهٖ۔ تَسَاقَطَ مِنَ النِّثَارِ۔ مَا اسْتَغْرَقَ حَدَّ الْاِكْثَارِ۔ وَاَغْرَى الشَّحِيحَ بِالْاِيثَارِ۔ ثُمَّ نَهَضَ الشَّيْخُ يَسْحَبُ وَلَا ذِلَهٗ۔ وَيَقْدُمُ اَرَاذِلَهٗ۔ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ هَمَّامٍ فَتَبِعْتُهٗ لِاَنْظُرَ عُرْجَةَ الْقَوْمِ۔ وَاُكْمِلَ بَهْجَةَ الْيَوْمِ۔

الترجمۃ والمطالب

اور رزق کے طلب کرنے میں وہ جلدی کرتی ہے اور لڑنے جھگڑنے میں وہ بہت ہوشیار و چالاک ہے اور اس نے فقیری کا جھولا اور ڈنڈا اور چادر اور چھوٹے منہ کا لوٹا ان چیزوں کو بطور مہر کے ادا کیا ہے لہٰذا تم بھی اس جیسا نکاح کرو اور اپنی رسی کو اس کی رسی کے ساتھ بٹ دو اگر تم فقیری سے ڈرتے ہو تو تم کو عنقریب خدا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مالدار کردے گا مجھے یہی کہنا ہے اور میں خدائے بزرگ سے اپنے اور تمہارے سب کے لئے مغفرت کا طالب ہوں، اور اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست ہے کہ تمہارے

گھروں میں بچے زیادہ ہوں اور بربادی سے تمہاری جماعت محفوظ رہے جب بوڑھے بزرگ صاحب اپنے خطبہ سے فارغ ہوئے اور داماد یعنی دولہا کے لئے عورت مخطوبہ سے نکاح مضبوط کر چکے تو بے انتہا نکاح کے وقت نچھاور ہوئی یہاں تک کہ کنجوس کو بھی بخشش کرنے پر اکسا دیا اس کے بعد بوڑھے صاحب اپنے دامنوں کو کھینچتے ہوئے نوکروں کے آگے چل کھڑے ہوئے حارث بن ہمام کہتا ہے میں بھی قوم کا ارادہ معلوم کرنے اور آج کے دن کی خوبی کو پورا کرنے کے لئے اس کے پیچھے پیچھے چل دیا۔

تشریح لغات

۱؎ انکماشہا ای سرعتہا یقال کمش الرجل کان سریعًا والانکماش مصدر از انفعال بمعنی جلدی ۲؎ معاشہا رزق کا طلب کرنا اور کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے اور زندگی کا ذریعہ والجمع معائش ۳؎ انتہاشہا مصدر از افتعال بمعنی اٹھنا ۴؎ ہراشہا یہ مفاعلت کا مصدر ہے یقال ہارش مہارشۃً وہراشًا بعض الکلاب علی بعضہا جبکہ بعض کو بعض پر بھڑکائے وہارش فلان فلانًا جبکہ ایک دوسرے پر حملہ کرے اور ایک دوسرے سے جھگڑا کرے ہراش کے معنی مقاتلہ اور جھگڑا کرنے کے ہیں ۵؎ الصداق بفتح الصاد المہملۃ بمعنی مہر والجمع اصدقۃٌ وصدق ۶؎ مثلاقا فقیروں کا تھیلا (جھولا) ۷؎ عکازہ ڈنڈا یا سوٹا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو والجمع عکاکیز وعکازات ۸؎ مقاعًا بالکسر برقع اور داڑھی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا اور وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں اور اونٹ کی گدی پر داغ اور یہاں اس کے معنے فقیری کی چادر اور رومال کے ہیں جو فقرا سر پر باندھتے ہیں ۹؎ کراز بالضم الکاف بمعنے شیشی و تنگ سر کا کوزہ (جس کی گردن تنگ ہو) ۱۰؎ عیلۃ مصدر بمعنی محتاجی یقال عال یعیل عیلًا وعیلۃ وعیولًا ومعیلًا جبکہ وہ محتاج ہو ۱۱؎ المصاطب غریبوں اور مسکینوں کی جگہ کو کہتے ہیں ۱۲؎ یحرس ای یحفظ از نصر وضرب یقال حرسہ حرسًا جبکہ وہ حفاظت کرے ۱۳؎ المعاطب یہ معطب کی جمع ہے بمعنے ہلاکت کی جگہ ۱۴؎ شملکم شمل بمعنے امر مجتمع وامر متفرق یہ دونوں معنے میں مستعمل ہے یقال جمع اللہ شملہم یعنی اللہ ان کے امور متفرق کو جمع کرے وفرق اللہ شملہم یعنی اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے ۱۵؎ ابرم از افعال ابرام مصدر بمعنے مضبوط اور مستحکم کرنا ۱۶؎ للختن عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالا۔ داماد والجمع اختان ۱۷؎ خطبۃ بالکسر مصدر منگنی کرنا اور وہ عورت جس سے منگنی کی جائے ۱۸؎ تساقط تساقط مصدر از تفاعل بمعنی گرنا ۱۹؎ انتثار ہوا یا نثر وقت النکاح کالتمر واللوز وغیرہ ذلک یعنی نکاح کے بعد چھوارے وغیرہ بکھیرنا لٹانا ۲۰؎ اغری از افعال اغراء مصدر بمعنی برانگیختہ کرنا ابھارنا آمادہ کرنا ۲۱؎ الشحیح بمعنے بخیل و حریص والجمع شحاح واشحۃٌ واشحاءُ ۲۲؎ بالایثار مصدر بمعنی بخشش کرنا یقال آثرہ ایثارًا جبکہ اکرام کرے اور فضیلت دے ۲۳؎ ذلاذلہ یہ ذلذل کی جمع ہے بضم الذالین وکسرہما کپڑے کا دامن یقال شمر ذلاذک لہذا الامر یعنی اس کام کے لئے تم اپنے دامن کو سمیٹ لو وذلاذل الناس یعنی سب سے آخری لوگ ۲۴؎ الاذلہ یہ ازول کی جمع ہے بمعنے گھٹیا وردی اس سے مراد خادم اور نوکر ہیں اور اس کی جمع ارذلون بھی آتی ہے ۲۵؎ عرجۃ بفتح العین وضمہا جس پر توقف کیا جائے اور یہاں اس کے معنی مقصد اور مراد کے ہیں ۲۶؎ بہجہ بالفتح بمعنے خوبصورتی و تر و تازگی و خوشی یا ظہور خوشی۔

فَعَاجَ بِهِمْ اِلٰى سِمَاطٍ زَيَّنَتْهُ طُهَاتُهٗ۔ وَتَنَاصَفَتْ فِى الْحُسْنِ جِهَاتُهٗ۔ فَحِيْنَ رَبَعَ كُلُّ شَخْصٍ فِىْ رِبْضَتِهٖ۔ وَطَفِقَ يَرْتَعُ فِىْ رَوْضَتِهٖ۔ اِنْسَلَلْتُ مِنَ الصَّفِّ۔ وَفَرَرْتُ مِنَ الزَّحْفِ۔ فَحَانَتْ مِنَ الشَّيْخِ لَفْتَةٌ اِلَىَّ۔ وَنَظْرَةٌ هَجَمَ بِهَا طَرْفُهٗ عَلَىَّ۔ فَقَالَ اِلٰى اَيْنَ يَا بَرَمُ۔ هَلَّا عَاشَرْتَ مُعَاشَرَةَ مَنْ فِيْهِ كَرَمٌ۔ فَقُلْتُ وَالَّذِىْ خَلَقَهَا طِبَاقًا۔ وَطَبَّقَهَا اِشْرَاقًا۔ لَا ذُقْتُ لَمَاقًا۔ وَلَا لُكْتُ رُقَاقًا۔ اَوْ تُخْبِرَنِىْ اَيْنَ مَدَبُّ صِبَاكَ۔ وَمِنْ اَيْنَ مَهَبُّ صَبَاكَ۔ فَتَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ مِرَارًا۔

وَاَرْسَلَ الْبُكَاءَ مِدْرَارًا حَتّٰى اِذَا اسْتَنْزَفَ الدَّمْعَ وَاسْتَنْصَتَ الْجَمْعَ وَقَالَ لِيَ ارْعِنِي السَّمْعَ ۔

(سیلاب در پے ۱۲ — خشک کردہ ۱۲ — خاموشی خواست ۱۲ — از گروہ ۱۲ — ای بشنو سخن من ۱۲)

الترجمۃ والمطالب

پس وہاں کو دسترخوان کی طرف چلا جس کو پکانے والوں نے زینت دی تھی (آراستہ کیا تھا) اور جس کی تمام جانبیں رونق میں برابر تھیں جب ہر ایک شخص اپنی اپنی جگہ بیٹھ کر اپنے اپنے باغ میں چلنے لگا (یعنی کھانے لگا) تو میں لوگوں کی جماعت سے کھسک گیا اور مجمع سے بھاگ گیا۔ لیکن اس بڑھے نے مجھے دیکھ لیا، اور اس کے دیکھنے نے مجھے اچانک گھیر لیا، چنانچہ وہ مجھ سے کہنے لگا اے کنجوس تو بخشش والوں کے ساتھ کیوں شریک نہیں ہوتا تو میں نے جواب دیا اس ذات کی قسم جس نے آسمانوں کو تہ بتہ پیدا کیا اور ان آسمانوں کو روشنی سے پُر کیا میں تو کوئی چیز نہ چکھوں گا اور نہ چپاتی کھاؤں گا جب تک تو مجھے یہ نہ بتلائے کہ تمہارا بچپن کہاں گذرا ہے یعنی تم کہاں کے رہنے والے ہو، اور تمہاری ہوا کہاں سے آئی ہے (یعنی تم کہاں سے آئے ہو) یہ سن کر اس نے چند مرتبہ ٹھنڈے سانس بھرے اور اس نے آنسوؤں کی جھڑی لگا دی (یعنی وہ بہت رونے لگا) یہاں تک کہ اس نے آنسو روکے اور جماعت کو خاموش کر کے مجھ سے وہ کہنے لگا کہ تم غور سے میری بات سنو ۔

تشریح لغات

۱؎ فعاج از ہبم اور یہ عاج یعوج عوجاً سے ماخوذ ہے ای ذہب از نصر ۲؎ سماط بالکسر بمعنی صف بستہ چیز و دسترخوان ۳؎ طہاۃ یہ طاہ کی جمع ہے بمعنی پکانے والا (نانبائی باورچی) ۴؎ تناصفت ای تعادلت تناصف مصدر از تفاعل ایک دوسرے سے انصاف کرنا اور برابری کرنا ۵؎ جہاتہ یہ جہت کی جمع ہے بمعنی جوانب و اطراف ۶؎ ربع از فتح یقال ربع بالمکان جبکہ وہ اقامت کرے و ربع علیہ جبکہ وہ مہربانی کرے ویقال ربع علیک او علی نفسک او علی ظلعک جبکہ وہ توقف کرے و ربع عنہ جبکہ رُکے ۷؎ ربضۃ بالکسر لاشوں کے ڈھیر کی جگہ و بکریوں کا گلہ و آدمیوں کا گروہ و بکری کے بیٹھنے کی ہیئت اور یہاں یہ جگہ کے معنی میں ہے ۸؎ برتع از فتح والمصدر رتع و رتوع و رتاع یقال رتع جبکہ وہ آسودہ زندگی بسر کرے و رتع فی المکان جبکہ وہ اقامت کرے اور فراخی کے ساتھ کھائے پیئے ۹؎ روضۃ باغ والجمع روض و ریاض و روضات و ریضان ۱۰؎ انسللت انسلال مصدر از انفعال یقال انسل من الزحام جبکہ وہ بھیڑ میں چپکے سے کھسک جائے ای خرجت منسلا برفق لئلا یطردونی حین عرفونی طفیلیا ۱۲ ۱۱؎ از حف بہت بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے والجمع زحوف ۱۲؎ فحانت از ضرب یقال حان الشئ حینا و حینونۃ جبکہ وقت قریب ہو ۱۳؎ لفتۃ مصدر متوجہ ہونا یقال لفت الیہ لفتۃ ای التفت الیہ از ضرب ۱۴؎ بابرم بخیل ولئیم اور وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو والجمع ابرام ۱۵؎ طباقا مصدر از مفاعلت یقال طابقہ طباقا و مطابقۃ بمعنی موافقت کرنا وطابق بین قمیصین جبکہ وہ ایک کے اوپر ایک پہنے اور یہاں اس سے تہ بتہ مراد ہے ۱۶؎ طبقہا از تفعیل یقال طبق السحاب الجو جبکہ بادل فضا کو گھیرے وطبق الشئ بمعنی عام ہونا ای جعلہا وملاہا ۱۷؎ لاذقت ای ماذقت ۱۸؎ لماقا بفتح اللام چکھنے کی تھوڑی چیز یقال ماذقت لماقا یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا وما بالارض لماق یعنی زمین میں چراگاہ نہیں ۱۹؎ ولا لست ای لاذقت یقال لاس الشئ لوسا اذا ذاقہ ولاس الشئ فی فمہ ای ادارہ بلسانہ ویقال ماذقت لوسا ولواسا ای ماذقت شیئا واللواسۃ اللقمۃ از نصر ۲۰؎ رقاقا بضم الراء المہملۃ بمعنی پتلی روٹی اور اس کا واحد رقاقۃ ہے ۲۱؎ او تخبرنی او بمعنی الی ان ۲۲؎ مدب بمعنی بہنے کی جگہ یقال مدب السیل اور چیونٹی کے چلنے کی قطار یقال مدب النمل اور یہاں اس سے پیدا ہونے کی جگہ مراد ہے ۲۳؎ صباک بالکسر بمعنی بچپن یقال رأیتہ فی صباہ ای فی صباہ جبکہ اس کو بچپنے میں دیکھا ہو ۲۴؎ مہب ہوا چلنے کی جگہ والجمع مہاب یرید من این مجیئک ۲۵؎ صباک بالفتح یہ صبا پروائی ہوا کے معنی میں ہے اور یہ مؤنث ہے اور اس کے

مقابل ہوا کا نام دبور ہے والجمع صبوات واصباءٌ ۲۶ الصعداء غم یا تھکن کی وجہ سے لمبا سانس ۲۷ مرارا یہ مرّۃ کی جمع ہے بمعنی کئی مرتبہ اور اس کی جمع مرٌّ اور مریرٌ اور مروٌر اور مرّات بھی آتی ہے ۲۸ مدرارا بکسر المیم بمعنی بہت بہنے والا یقال سماء مدرارٌ یعنی موسلا دھار برسنے والا بادل وعین مدرارٌ یعنی بہت آنسو بہانے والی آنکھ ۲۹ استنزف از استفعال استنزاف مصدر بمعنے سب نکالنا یقال استنزف الدمع او الماء جبکہ سب نکالے یہاں آنسو کا رکنا اور بند ہونا مراد ہے ۳۰ استنصت استنصات مصدر از استفعال بمعنے خاموش کھڑا ہونا یقال استنصتہ جبکہ وہ خاموش رہنے کی درخواست کرے ای قال انصتوا ۳۱ ارعنی السمع ای الق الی سمعک یعنی تو غور سے سن اور بعض نسخوں میں ہے اسمع یقال رعی الامر جبکہ وہ حفاظت کرے درعی علیہ حرمتہ جبکہ پاس عزت کرے۔

مَسْقَطُ الرَّاسِ سَرُوْجُ　　وَبِهَا كُنْتُ اَمُوْجُ
بَلْدَةٌ يُوْجَدُ فِيْهَا　　كُلُّ شَيْءٍ وَيَرُوْجُ
وِرْدُهَا مِنْ سَلْسَبِيْلٍ　　وَصَحَارِيْهَا مُرُوْجُ
وَبَنُوْهَا وَمَغَانِيْهِمْ نُجُوْمٌ وَبُرُوْجُ
حَبَّذَا نَفْحَةُ رَيَّاهَا　　وَاَزَاهِيْرُ رُبَاهَا
وَمَرْاٰهَا الْبَهِيْجُ　　حِيْنَ تَنْجَابُ الثُّلُوْجُ
مَنْ رَاٰهَا قَالَ مَرْسًى　　جَنَّةُ الدُّنْيَا سَرُوْجُ
وَلِمَنْ يَنْزَاحُ عَنْهَا　　زَفَرَاتٌ وَنَشِيْجُ
مِثْلَ مَا لَاقَيْتُ مُذْ اَخْرَجَنِيْ عَنْهَا الْعُلُوْجُ
عَبْرَةٌ تَهْمِيْ وَشَجْوٌ　　كُلَّمَا قَرَّ يَهِيْجُ
وَهُمُوْمٌ كُلَّ يَوْمٍ　　خَطْبُهَا خَطْبٌ مَرِيْجُ
وَمَسَاعٍ فِي التَّرَجِّيْ　　قَاصِرَاتُ الْخَطْوِ عُوْجُ

الترجمۃ والمطالب

میرے پیدا ہونے کی جگہ سروج ہے اور میں وہیں موج کرتا ہوں اور وہ ایسا شہر ہے جہاں ہر چیز یں موجود ہیں اور وہاں کا پانی سلسبیل (جنت کے پانی) کی طرح ہے اور وہاں کے جنگل سرسبز وشاداب ہیں وہاں کے لوگ ستارے ہیں اور ان کے گھر آسمان کے برج کی طرح ہیں اور وہاں کی خوشگوار ہوا کی خوشبو بہت ہی اچھی ہے، اور وہاں کا منظر بہت ہی اچھا ہے اور برف پگھلنے کے بعد وہاں کے ٹیلوں کی کلیاں بہت ہی اچھی اور خوشنما ہیں اور جس نے اسے دیکھا پکار اٹھا کہ میں یہیں ٹھہروں گا۔ اور دنیا کی جنت سروج ہے اور جو وہاں سے دور ہوتا ہے تو اس کے لیے سانس گرم ہوتے ہیں اور بہت ہی روتا ہے جیسا کہ میں مبتلا ہوں جب سے کہ شہر روم کے کافروں نے مجھے نکال دیا ہے میرے آنسو بہتے رہتے ہیں اور غم اگر چلا جاتا ہے تو وہ پھر بھڑک اٹھتا ہے اور ہر روز نئے غموں سے مجھے واسطہ پڑتا ہے اور شہر کا حال تباہ وبرباد ہے اور امید کرنے میں کوشش جن کے قدم چھوٹے اور ٹیڑھے ہیں یعنی وہ درست نہیں ہیں (یعنی میری کوشش کرنا بے سود ہے اور مجھے اپنے مقصد میں کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔

تشریح لغات

۱ مسقط وہ جگہ جہاں پر پیدائش کے وقت سر گرے یعنی پیدائش کی جگہ ۲ اموج از نصر والمصدر موج یقال ماج البحر جبکہ سمندر موج مارے وماج القوم جبکہ مضطرب ہو وماج عن القوم جبکہ وہ حق سے تجاوز

کرے ای اثر درواشی متبختراً ۳ یروج از نصر والمصدر رَوج درواجٌ یقال راج الامر جبکہ جلدی دراج السلعۃ جبکہ رائج ہو دراج الدراہم جبکہ رواج پکڑے دراج الطعام جبکہ کھانا تیار ہو اور یہاں مراد بہت زیادہ ہونا ہے ۴ دردہا پانی پر بہونچنا دپانی کا حصہ اور یہاں اس سے مراد پانی ہے ۵ سلسبیل یہ جنت کے چشمہ کا نام ہے اور اس کے معنے نرم اور خوشگوار آسانی سے اترنے والے پانی کے بھی آتے ہیں اور یہاں اس کے معنی شیریں اور خوش گوار پانی کے ہیں ۶ صحاری یہ صحرا کی جمع ہے بمعنی وہ جنگل جس میں نباتات نہ ہوں اور اس کی جمع صحاریٰ اور صحارا اور صحراوات بھی آتی ہے ۷ مروج یہ مرج کی جمع ہے بمعنی چراگاہ اور اس سے مراد سرسبز جگہ اور باغات ہیں یقال مرج الدابۃ ای ارسلہا ترعی فی المرج ویقال از نصر ۸ بنوہا ای من ولد فیہا بنوہا یہ مبتدا ہے اور مغانیہم یہ مبتدا ثانی ہے اور نجوم یہ خبر اول ہے اور بروج یہ خبر ثانی ہے ای بنوہا نجوم ومغانیہم بروج ۹ مغانی یہ مغنی کی جمع ہے بمعنے گھر یقال ضربت مبانیہم وغلت مغانیہم یعنی اس کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے ۱۰ نجوم یہ نجم کی جمع ہے بمعنی بیل بغیر تنہ کے نباتات ۱۱ بروج یہ برج کی جمع ہے بمعنی ستون قلعہ ومحل و منارہ و گنبد اور اس کی جمع ابراجٌ اور ابرجۃٌ بھی آتی ہے اور برج آسمانی برجوں میں ایک برج ہے اور آسمانی برج بارہ ہیں ۱۲ نفحۃ یہ نفح کا اسم مرہ ہے یقال نفحۃ الدم یعنی خون کا فوارہ ونفحۃ الریح ہوا کا جھونکا ونفحۃ الطیب خوشبو کی بھڑک ونفحۃ من الالبان بمعنے خالص دودھ اور نفحہ کے معنے عطیہ کے بھی آتے ہیں والجمع نفحات اور یہاں اس سے مراد خوشبو ہے ۱۳ ریاہا بمعنے عمدہ خوشبو ۱۴ مراٰہا بمعنے منظر ۱۵ البہیج یہ صفت کا صیغہ ہے از کرم یقال بہج بہاجۃ وبہاجاً جبکہ خوبصورت ہو والبہیج ای الحسن الذی یعجب من یراہ ویسُرّہ ۱۶ ازاہیر یہ ازہار کی جمع ہے اور ازہار یہ زہر کی جمع ہے یہ جمع الجمع ہے بمعنی کلی وشگوفہ اور اس کا واحد زہرۃٌ ہے۔ ۱۷ رباہا یہ ربوۃٌ بفتح الباء وضمہا کی جمع ہے بمعنے ٹیلہ اور اس کی جمع ربیٰ بھی آتی ہے ۱۸ تجاب از انفعال یقال انجاب الثوب جبکہ کھل جائے اور یہاں مراد دور ہونا اور جانا ہے ۱۹ الثلوج یہ ثلج کی جمع ہے بمعنی برف اور اس کا واحد ثلجۃٌ ہے ۲۰ مرسی بمعنی بندرگاہ والجمع مراس ای ہذا موضع الاقامۃ والنزول ۲۱ نیزاح انزیاح مصدر از انفعال بمعنی زائل ہونا ومجردہ از نصر یقال زاح عن المکان یزوح زوحاً وزواحاً جبکہ وہ دور ہو وزاح العلۃ جبکہ زائل ہو ۲۲ زفرات یہ زفرۃٌ کی جمع ہے بمعنی لمبے لمبے سانس وگرم سانس ۲۳ نشیج مصدر بمعنی رونے کی آواز یقال نشج الباکی جبکہ روتے روتے ہچکی لگے ونشجت القدر جبکہ ہانڈی کھد کھد لائے از ضرب وعبرۃ نشیج آنسو جبکہ آواز بھی ہو ۲۴ زحزح از بعثر یقال زحزحہ عن مکانہ جبکہ دور کرے اور ہٹائے ۲۵ العلوج یہ علج کی جمع ہے بمعنی موٹا قوی وعجمی کافر اور بعض مطلقاً اس کا کافر پر اطلاق کرتے ہیں اور اس کی جمع اعلاجٌ اور علجۃٌ بھی آتی ہے اور یہاں اس سے مراد شہر روم کے کافر ہیں یعنی لشکر روم نے میرے شہر پر حملہ کرکے مجھے نکال دیا ہے ۲۶ عبرۃ بمعنی آنسو والجمع عبرات وعبرۃٌ وعِبَرٌ اور عِبرٌ کا اسم عبرت ہے ۲۷ شجوٌ مصدر بمعنی غم واندوہ وحاجت ۲۸ ہیج از ضرب والمصدر ہیج وہیاج وہیجانٌ بمعنی بھڑکنا وبرانگیختہ ہونا ۲۹ ہموم یہ ہم کی جمع ہے بمعنی غم وارادہ ۳۰ خطب مصدر بمعنی حالت ومعاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا والجمع خطوب ۳۱ مریج یقال امر مریجٌ یعنی بے ترتیب اور گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ اور یہاں اس سے مراد تباہ وخراب ہے اور یہ مشتق ہے مرج الخاتم فی اصبعہ جس وقت کہ اس کو بے آرام کرے ۳۲ مساع یہ مسعٰی کی جمع ہے بمعنی کوشش ومسلک وتصرف ۳۳ الخطو بمعنی قدم یقال خطا خطوا جبکہ قدموں کے درمیان کشادہ کرکے چلے از نصر اور خطوۃٌ کے معنے دو قدموں کے درمیان کے فاصلہ کے آتے ہیں ۳۴ عوج یہ اعوج کی جمع ہے بمعنے ٹیڑھا ہونا یعنی میرے کام پورے نہیں ہوتے اور میں اس میں ناکام رہتا ہوں۔

لَیْتَ یَوْمِیْ حُتِّمَ لَمَّا　　　حُتِّمَ لِیْ مِنْہَا الْخُرُوْجُ

ای قضی لی بالموت ۱۲　　　ای قدر لی ۱۲　　　بیرون آمدن ۱۲

قَالَ فَلَمَّا بَيَّنَ بَلْدَةَ . وَوَعَيْتُ مَا أَنْشَدَهُ . أَيْقَنْتُ أَنَّهُ عَلَّامَتُنَا أَبُوْ زَيْدٍ . وَإِنْ كَانَ الْهَرَمُ قَدْ أَوْثَقَهُ بِقَيْدٍ . فَبَادَرْتُ إِلَى مُصَافَحَتِهِ . وَاغْتَنَمْتُ مُوَاكَلَتَهُ مِنْ صَحْفَتِهِ . وَظَلْتُ مُدَّةَ مُقَامِيْ بِمِصْرَ أَعْشُوْ إِلَى شُوَاظِهِ . وَأَحْشُوْ صَدَفَتَيَّ مِنْ دُرَرِ أَلْفَاظِهِ . إِلَى أَنْ نَعَبَ بَيْنَنَا غُرَابُ الْبَيْنِ . فَفَارَقْتُهُ مُفَارَقَةَ الْجَفْنِ لِلْعَيْنِ .

الترجمة والمطالب

کیا اچھا ہوتا اس دن تو مجھے موت آجاتی جس دن میرے مقدر میں وہاں سے نکلنا لکھا تھا راوی کہتا ہے، پس جب اُس نے اپنا شہر بتلایا اور جو اس نے اشعار پڑھے تھے وہ میں نے یاد کرلئے تو مجھے یقین ہوگیا کہ یہ تو ہمارے بزرگ علامہ ابوزید ہی ہیں اگرچہ بڑھاپے نے اس کو اپنی رسیوں میں جکڑ رکھا ہے چنانچہ میں نے جلدی سے مصافحہ کیا۔ اور اس کا ہم پیالہ ہو کر اس کے ساتھ کھانا کھایا میں نے غنیمت سمجھا اور مصر کے قیام تک یہ میرا طریقہ رہا کہ میں ابوزید کے شعلوں کی طرف (اُس سے روشنی حاصل کرنے کے لئے جاتا تھا اور میں اپنے دونوں سیپوں (یعنی اپنے دونوں کانوں) کو اس کے الفاظ کے موتی (یعنی فصیح کلام) سے بھر لاتا یہاں تک کہ ہم کو جدائی کے کوے نے پکارا، پس میں تو اس سے جدا ہوگیا جس طرح پلک آنکھ سے جدا ہو (یعنی بہت ہی جلد) جیسے کہ آنکھ کھلے۔

تشریح لغات

۱؎ حم از نصر یقال حم الامر جبکہ فیصلہ کیا جائے وحم الشئ قریب ہونا وحم لہ کذا جبکہ مقدر کیا جائے حم یہاں مقدر کئے جانے کے معنی میں ہے ای قضی لی بالموت ۲؎ حم لی اور یہ بھی مقدر کئے جانے کے معنی میں ہے ای قدر لی الخروج من بلدۃ سروج ۳؎ بلدہ بلد بمعنی شہر ہر ایک جگہ آباد ہو یا غیر آباد والجمع بلاد و بلدان ۴؎ علامتنا یہ مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنی بہت جاننے والا ۵؎ الہرم مصدر بمعنی انتہائی بڑھاپا از سمع یقال ہرم ہرماً ومہرمۃً ومہرماً جبکہ وہ کمزور ہو اور بہت بوڑھا ہو ۶؎ اوثقہ از افعال یقال اوثقہ ایثاقاً جبکہ وہ رسی سے باندھے ۷؎ بقید بمعنی جانور کے پاؤں باندھنے کی رسی والجمع قیود واقیاد والمراد ہہنا بقید الضعف ۸؎ الی المصافحۃ کما جاء فی الحدیث من صافح اخاہ ولیس فی صدر احد منہما علی اخیہ احنۃ فینتہ الم یفترقا ایدیہما حتی یغفر لہما ما مضی من ذنوبہما ۹؎ مواکلۃ مصدر از مفاعلت بمعنی اس کے ساتھ کھانا ۱۰؎ صحفۃ بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں والجمع صحاف ۱۱؎ ظلت یہ اصل میں ظللت تھا اس میں لام تخفیف کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے ای طفقت ۱۲؎ اعشوا ای اقصد یقال الرجل ای قصدہ لیلاً وعشاہ وعشا الیہ ای قصدہ وطلب فضلہ وعشا عنہ ای اعرض از نصر ۱۳؎ شواظ بالضم والکسر بغیر دھوئیں کا شعلہ اور آگ دھوپ کی گرمی اور پیاس کی شدت وچیخ وپکار وگالی گلوچ اور اس سے مراد اس سے روشنی حاصل کرنا ہے ۱۴؎ احشوا از نصر والمصدر حشو بمعنے بھرنا یقال حشا الوسادۃ بالقطن جبکہ وہ تکیہ میں روئی بھرے ۱۵؎ صدفتی صدفۃ کے معنی ایک سیپی کے ہیں والجمع اصداف اور اس سے مراد دونوں کان ہیں اور یہ اصل میں صدفتین تھا، اور اس کو یائے متکلم کی طرف مضاف کیا تو نون اضافت کی وجہ سے گر گیا ۱۶؎ درر یہ درۃ کی جمع ہے بمعنی بڑا موتی اور اس کا واحد درۃ ہے اور اس کی جمع درات بھی آتی ہے ۱۷؎ نعب از فتح وضرب یقال نعب الغرابُ نعباً ونعاباً ونعیباً ونعباناً وتنعاباً جبکہ کوا کائیں کرے اور جدائی کا خوف دلائے اور یہ بد فالی کے وقت اہل عرب استعمال کرتے ہیں ۱۸؎ الجفن للعین یعنی جھپکا کے اور جلدی سے۔ اور آنکھ کے بند کرنے میں بہت سے فائدے ہیں، ایک تو آنکھ کو کوئی تکلیف لاحق نہیں ہوتی، اور دھوپ

کی تیزی بھی نہیں پہنچتی اسی طرح پہلے آنکھ بند کر کے کھولی جائے اسی طرح وہ بہت جلد ہی چل دیا۔ ھذا اٰخر ما تیسّر لھذا الاحقر المدعو بمحمد افتخار علی غفرله ولوالدیه ولمشائخه ولاساتذته اجمعین۔ من الالتقاط من کلام الائمة والاکابر والمرجو من اولی الفضل والاحترام ذی المجد والافتخار ان لاینسوا الاحقر واساتذته واقاربه واحباءه فی دعواتهم الصالحات ویغمضوا عن العثرات والزلات وھذا ھو المامول والمامول عند کرام الناس مفعول رب ھب لی حکما والحقنی بالصالحین واجعل لی لسان صدق فی الاٰخرین واجعلنی من ورثة جنة النعیم ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم اٰمین برحمتك یا ارحم الراحمین۔